معارف القرآن

جلد ہفتم

سورۃ لقمان تا سورۃ احقاف

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ

مفتی اعظم پاکستان

ادارۃ المعارف

کراچی ۱۴ پاکستان

معارف القرآن

جلد ۷

لقمان، الم سجدہ، احزاب، سبا، فاطر، یٰسٓ، صٰفّٰت، ص، زمر
مومن، حٰمٓ سجدہ، شوریٰ، زخرف، دخان، جاثیہ، احقاف
پارہ ۲۱ رکوع ۱۰ تا پارہ ۲۶ رکوع ۴

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ
مفتی اعظم پاکستان

ادارۃ المعارف کراچی ۱۴

فہرست مضامین "معارف القرآن" جلد ہفتم

مضمون	صفحہ
سُورَۂ لُقمان پ ۲۱	۱۷
آیات ۱ تا ۹	۱۷
وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ	۱۹
لہو ولعب اور اس کے سامان کے شرعی احکام	۲۱
فحش ناول اور اشعار اور اہلِ باطل کی کتابیں دیکھنا جائز نہیں	۲۳
کھیلوں کے سامان کی خرید و فروخت	〃
مباح اور جائز کھیل	〃
ممنوع و ناجائز کھیل	۲۴
غناء و مزامیر کے احکام	۲۵
ضروری تنبیہ	۲۶
بغیر مزامیر کے خوش آوازی سے مفید اشعار پڑھنا ممنوع نہیں	۲۷
آیات ۱۰ و ۱۱	۲۷
وَلَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ	۳۴
حضرت لقمان نبی نہیں ولی تھے	〃
وہ حکمت جو حضرت لقمان کو دی گئی	۳۵
والدین کی اطاعت فرض ہے مگر خلافِ شرع امور میں کسی کی اطاعت جائز نہیں	۳۶
اسلام کا بے نظیر قانون عدل	۳۷
لقمان کی دوسری وصیت متعلقہ عقائد	۳۸
تیسری وصیت متعلقہ اصلاح عمل	〃
چوتھی وصیت متعلقہ اصلاح خلق	〃
پانچویں وصیت متعلقہ آداب معاشرت	〃
آیات ۲۰ تا ۳۲	۴۰
آیات ۳۳ و ۳۴	۴۹
اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ	۵۲
پانچ چیزوں کا علم اللہ کے سوا کسی کو نہیں	〃
مسئلۂ علمِ غیب	〃
ایک شبہ اور جواب	۵۳
مسئلہ علم غیب کے متعلق اہم فائدہ	۵۴
فوائد متعلقہ الفاظ آیت	۵۵
سُورَۂ الٓمّٓ سجدہ پ ۲۱	۵۷
آیات ۱ تا ۳	۵۷
آیات ۴ تا ۹	۵۹
روز قیامت ایک ہزار سال کا	۶۱
دنیا کی ہر چیز اپنی ذات میں اچھی ہے، برائی اس کے غلط استعمال سے آتی ہے۔	〃
تخلیقِ انسانی تمام مخلوقات میں حسین تر ہے۔	۶۲
آیات ۱۰ تا ۲۲	〃
قبض روح اور ملک الموت کے متعلق کچھ تفصیلات	۶۷
کیا جانوروں کی روح بھی ملک الموت قبض کرتے ہیں	〃

مضمون	صفحہ
نماز تہجد	۶۹
دنیا کے مصائب بھی اللہ کی طرف رجوع ہونے والوں کے لئے رحمت ہیں۔	۷۰
بعض جرائم کی سزا دنیا میں بھی ملتی ہے اور آخرت کی سزا اس کے علاوہ ہے۔	۷۱
آیات ۲۳ تا ۳۰	″
کسی قوم کا مقتدار بننے کے لئے دو شرطیں	۷۴
زمین کی آبپاشی کا قدرتی نظام عجیب	۷۵
سُوْرَۃُ الْاَحْزَاب پ ۲۱	۷۷
آیات ۱ تا ۳	″
شانِ نزول	۷۸
آنحضرتؐ کو کفار کے مشوروں پر عمل سے ممانعت	۷۹
آیات ۴ و ۵	۸۲
زمانۂ جاہلیت کی تین رسوم کی تردید	۸۳
آیت ۶	۸۵
اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ کی تفسیر	۸۷
وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰی بِبَعْضٍ کی تفسیر	۸۸
آیات ۷ و ۸	۸۹
میثاقِ انبیاء	۹۰
آیات ۹ تا ۲۷	″
غزوۂ احزاب کا واقعہ	۱۰۰
سیاست کے اکھاڑے میں جھوٹ	۱۰۱
اللہ کے حلم و کرم کا اعجوبہ	″
مدینہ منورہ پر سب سے بڑا حملہ	۱۰۲
مسلمانوں کی جنگی تیاری کے تین رکن : ۱۔ اللہ پر توکل،	
باہمی مشورہ، مادی وسائل بقدر وسعت	″
خندق کی کھدائی	″
اسلامی لشکر کی تعداد	۱۰۳
پندرہ برس کی عمر میں لڑکا بالغ سمجھا جائے گا	″
انتظامی امتیازات وحدت اسلامی کے منافی نہیں	″

مضمون	صفحہ
خندق کی کھدائی کی تقسیم پوری فوج پر	۱۰۳
صلاحیت کار میں مقامی اور غیر مقامی کا امتیاز	۱۰۴
ایک عظیم معجزہ	″
قدرت کی تنبیہات	″
منافقین کی طعنہ زنی اور مسلمانوں کا یقین ایمانی	۱۰۵
بڑوں کو چھوٹوں کی تکلیف و مصیبت میں شامل رہنے کی ہدایت	۱۰۶
مشکلات سے رہائی کا نسخہ	″
صحابۂ کرام کا ایثار	″
ساڑھے تین میل لمبی خندق کی کھدائی چھ روز میں	۱۰۷
حضرت جابرؓ کی دعوت اور ایک کھلا ہوا معجزہ	″
یہود بنی قریظہ کی عہد شکنی	۱۰۸
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک جنگی تدبیر	۱۰۹
حضرت سعدؓ کی غیرت ایمانی	۱۱۰
ان کا زخمی ہونا اور دعاءِ مقبول	″
غزوۂ احزاب میں چار نمازوں کی قضا	۱۱۲
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاء	″
فتح کے اسباب کا آغاز	″
نعیم بن مسعودؓ کی جنگی تدبیر	″
حضرت حذیفہؓ کا دشمن کے لشکر میں ایک عجیب واقعہ	۱۱۴
آئندہ کفار کے حوصلے پست ہو جائیں گے	۱۱۶
تنبیہ	″
غزوۂ بنو قریظہ	″
اجتہادی اختلاف میں کوئی جانب گناہ نہیں ہوتی	۱۱۷
کعب رئیس بنو قریظہ کی ایک تقریر	″
حضرت سعدؓ کا زخم اور وفات	۱۱۸
احسان کے بدلے اور غیرت قومی کے دو عجیب نمونے	۱۱۹

مضمون	صفحہ
تنبیہ	۱۲۰
آیات ۲۸ تا ۳۴ پ ۲۲	۱۲۱
ازواجِ مطہرات کو چند ہدایات	۱۲۶
طلاق کے متعلق چند مسائل (فائدہ)	۱۲۸
ازواجِ مطہرات کی خصوصیت، ہر عمل کا دوہرا ثواب فائدہ	״ ۱۲۹
عالم کو جس طرح نیک عمل کا ثواب زیادہ ملتا ہے گناہ پر عذاب بھی زیادہ ہوتا ہے،	۱۳۰
ازواج مطہراتؓ کو خاص ہدایات	״
کیا ازواجِ مطہراتؓ سارے عالم کی عورتوں سے افضل ہیں؟	۱۳۱
عورت کی آواز ستر میں داخل نہیں	۱۳۲
عورتوں کو مکمل پردہ کرنے کی ہدایت	״
پردہ سے استثنائی صورتیں	۱۳۳
حضرت عائشہؓ کا سفرِ بصرہ اور جنگِ جمل پر روافض کے ہفوات کا جواب	۱۳۵
ازواجِ مطہرات کو ہدایات کا سلسلہ۔ پانچوں ہدایات سب مسلمانوں کو عام ہیں۔	۱۳۸
لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ	۱۳۹
اہلِ بیت میں کون لوگ داخل ہیں؟	״
صحابہ پر احادیثِ رسولؐ کی تبلیغ واجب ہے	۱۴۱
حدیثِ رسولؐ کی حفاظت قرآن کی طرح	״
آیت ۳۵	۱۴۲
قرآن کے عام خطابات مردوں کو ہیں عورتیں ان میں ضمناً شامل ہیں، اس کی حکمت	۱۴۳
ذکر اللہ کی کثرت کا حکم اور اس کی حکمت	۱۴۴
آیات ۳۶ تا ۳۹	۱۴۵
واقعہ نزول آیات	۱۴۸
ایک لطیفہ	״

مضمون	صفحہ
نکاح میں نسبی کفارت کا درجہ	۱۵۰
مسئلہ کفارت	۱۵۱
نزول آیات کا ایک اور واقعہ، تُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ کی تفسیر	۱۵۲
لوگوں کی طعن تشنیع سے بچنے کا اہتمام اس حد تک کہ کسی حکمِ شرعی کے خلاف نہ ہو	۱۵۵
مخالفین کے شبہات کا جواب	۱۵۶
انبیاء کے لئے تعدد ازواج کی ایک حکمت ایک اشکال اور جواب	۱۵۷ ״
آیت ۴۰	۱۵۸
آیت خاتم النبیین کی تفسیر	۱۶۰
مسئلہ ختم نبوت	۱۶۳
ختمِ نبوّت نزولِ عیسیٰؑ کے منافی نہیں	۱۶۴
نبوّت میں ظلّی بروزی کی ایجاد تحریف ہے	۱۶۵
آنحضرتؐ کے بعد دعوی نبوّت کفر ہے	۱۶۸
آیات ۴۱ تا ۴۸	۱۷۰
ذکر اللہ ایسی عبادت ہے جس کے لئے کوئی شرط نہیں، اسی لئے بکثرت کرنے کا حکم ہے	۱۷۳
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خاص صفات شاہد، داعی، مبشر، نذیر اور ان کی تحقیق	۱۷۶
آیت ۴۹	۱۷۹
طلاق کے بعض مسائل	۱۸۰
طلاق کے وقت متعہ یعنی لباس کی تفصیل	۱۸۱
حسنِ معاشرت کی بے نظیر تعلیم	״
آیات ۵۰ تا ۵۲	۱۸۲
آنحضرتؐ کی بعض خصوصیات متعلقہ نکاح و ازواج	۱۸۶
آنحضرتؐ کا تعددِ ازدواج	۱۹۳
آیات ۵۳ تا ۵۵	۱۹۶

مضمون	صفحہ
بعض آداب معاشرت	۱۹۸
دعوت طعام اور مہمانی کے بعض آداب	〃
مہمان کے لئے ادب	۱۹۹
مہمان کا اکرام	〃
عورتوں کو پردہ کا حکم	۲۰۰
پردۂ نسواں کی خاص اہمیت	〃
آیاتِ پردہ اور ان کا شانِ نزول	〃
ازواج مطہراتؓ آپؐ کے بعد کسی سے نکاح نہیں کر سکتیں	۲۰۲
احکامِ حجاب اور انسدادِ فواحش کا اسلامی نظام	۲۰۴
انسدادِ جرائم کے لئے اسبابِ جرائم پر پابندی	۲۰۵
تنبیہ ضروری	۲۰۷
نزولِ حجاب کی تاریخ	۲۰۹
حجاب اور سترِ عورت میں فرق	۲۱۱
پردۂ شرعی کے درجات اور احکام	۲۱۳
پہلا درجہ گھروں کے اندر مستور رہنا	۲۱۴
ازواجِ مطہراتؓ کے قلوب میں آپؐ کی عظمت اور عقیدت	۲۱۵
پردہ کا دوسرا درجہ (برقعہ)	۲۱۷
تیسرا درجہ چہرہ اور قدمین کا استثناء، اور اس میں اختلافِ فقہاء	〃
آیت اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ کی تفسیر	۲۲۰
صلوٰۃ وسلام کے معنی	۲۲۱
ایک شبہ کا جواب	۲۲۲
صلوٰۃ وسلام کا طریقہ	۲۲۳
مذکورہ طریقہ صلوٰۃ وسلام کی حکمت	۲۲۴
صلوٰۃ وسلام کے احکامِ شرعیہ	〃
آیات ۵۷ تا ۵۸	۲۲۶
ایذاءِ رسول کفر ہے اس سے بچنے کی ہدایت	۲۲۹
کسی مسلمان کو بغیر وجہ شرعی دکھ پہونچانا حرام ہے	〃
آیات ۵۹ تا ۶۲	۲۲۹
منافقین کی طرف سے ایذاءِ رسول اور اس کے انسداد کا حکم	۲۳۲
تنبیہ ضروری	۲۳۴
مرتد کی سزا اسلام میں قتل ہے	〃
آیات ۶۳ تا ۷۱	۲۳۵
انبیاء ایسے جسمانی عیوب میں بھی مبتلا نہیں ہوتے جو باعثِ نفرت ہوں	۲۴۰
زبان کی اصلاح دوسرے تمام اعضاء کی اصلاح کا مؤثر ذریعہ ہے۔	۲۴۱
قرآنی احکام میں سہولت کا خاص اہتمام	〃
آیت ۷۲ و ۷۳	۲۴۲
اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَۃَ عَلَی السَّمٰوٰتِ کی تفسیر	۲۴۲
امانت کی تعریف	۲۴۴
آسمان وزمین پر امانت پیش کرنے کا مطلب	۲۴۵
عرضِ امانت اختیاری تھا جبری نہیں	۲۴۶
عرضِ امانت کا واقعہ کب ہوا	۲۴۷
خلافت ارضی کیلئے بارِ امانت اٹھانے کی صلاحیت ضروری تھی	۲۴۸
سُوْرَۃُ سَبَا پ۲۲	
آیت ۱ و ۲	۲۵۰
آیات ۳ تا ۹	۲۵۱
آیات ۱۰ تا ۱۴	۲۵۶
حضرت داؤد علیہ السلام کے ساتھ پہاڑوں کی تسبیح حقیقی تھی آواز کی بازگشت نہ تھی۔	۲۶۰

مضمون	صفحہ
حضرت داؤد علیہ السلام کو زرہ سازی کی صنعت کی تعلیم اور لوہے کو نرم کرنے کا معجزہ	۲۶۱
صنعت وحرفت کی فضیلت	۲۶۲
صنعت پیشہ لوگوں کو حقیر سمجھنا گناہ ہے	〃
حضرت داؤد علیہ السلام کو صنعت زرہ سازی سکھانے کی حکمت	〃
خلیفۂ وقت اور دینی خدمات کرنیوالے علماء اور مجاہدین کو بیت المال سے اپنا گذارہ لینا جائز ہے۔	۲۶۳
لوگوں سے اپنے عیوب کی تحقیق کرنا	۲۶۴
حضرت سلیمان علیہ السلام کا ہوائی سفر	〃
تسخیرِ جنات کا مسئلہ	۲۶۵
سلیمان علیہ السلام کے لئے جنات کے اعمال عجیبہ	۲۶۷
مساجد میں محراب کی جگہ کو مستقل کمرہ بنانیکا حکم	۲۶۸
شریعتِ اسلام میں جاندار کی تصویر بنانا حرام ہے	۲۶۹
حرمتِ تصویر پر ایک عام شبہ اور اس کا جواب	〃
فوٹو کی تصویر بھی تصویر ہی ہے	۲۷۱
شکر کی حقیقت اور اس کے احکام	۲۷۲
حضرت سلیمان علیہ السلام کی موت کا عجیب واقعہ	۲۷۳
تعمیر بیت المقدس کا واقعہ	۲۷۵
قومِ سبا اور ان پر اللہ کے خاص انعامات	۲۷۹
سیلِ عرم اور سدِّ مآرب کا واقعہ	۲۸۱
قومِ سبا۔ کا زمانہ	۲۸۴
اصل عذابِ آخرت کافروں ہی کے لئے ہے	۲۸۵
قومِ سبا۔ کی بربادی	۲۸۶
بحث ومناظرہ میں مخاطب کی رعایت	۲۹۲
اشتعال انگیزی سے پرہیز	۲۹۲
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت تمام دنیا کے لئے عام ہے	۲۹۳
دنیا کی دولت وعزت کو عند اللہ فضیلت سمجھنا قدیم شیطانی فریب ہے	۲۹۸
مال واولاد کی کثرت اللہ کے نزدیک مقبولیت کی علامت نہیں بلکہ بعض اوقات یہی عذاب ہوتا ہے۔	۳۰۰
انسان اپنا مال اور قوت وطاقت جو کچھ خرچ کرتا ہے اللہ تعالیٰ غیب سے اس کا بدل دیدیتے ہیں	۳۰۲
جو خرچ خلافِ شرع ہو اس کے بدل کا وعدہ نہیں	۳۰۳
جس چیز کا دنیا میں خرچ کم ہو جاتا ہے اس کی پیداوار بھی کم ہو جاتی ہے	〃
کفارِ مکہ کو دعوتِ حق کا ایک خاص انداز	۳۱۰
وَاُخذوا مِن مَّكَانٍ قَرِيبٍ کا مطلب	۳۱۳
ختم سورۂ سبا	۳۱۴
سُوْرَةُ فَاطِر پ۲۲	۳۱۵
اُولِيْٓ اَجْنِحَةٍ مَّثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ	۳۱۷
يَزِيْدُ فِي الْخَلْقِ مَا يَشَآءُ میں زیادت سے کیا مراد ہے	〃
مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ کی تفسیر	〃
اللہ پر توکل سب مصائب سے نجات ہے	۳۱۸
کلمات طیبہ کا اللہ کی طرف صعود اور اس کے اسباب وشرائط	۳۲۶
انسان کی عمر میں کمی یا زیادتی کا مطلب	۳۲۷

مضمون	صفحہ
قیامت کے روز کوئی کسی کا بوجھ نہ اٹھائے گا	۳۳۳
ربطِ آیات	۳۳۵
اختلافِ الوان میں کمالِ قدرت	۳۳۶
اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا	״
اصطلاحِ قرآن میں عالم کی تعریف اور یہ کہ حروف وکلمات کے معنی جاننے والا عالم نہیں کہلاتا	۳۳۷
علماء کی چند علامات وصفات	۳۴۲
اعمالِ صالحہ کی مثال تجارت سے	۳۴۳
قرآن کے وارث اللہ کے مقبول بندے	۳۴۴
اُمّتِ محمدیہ خصوصاً اس کے علماء کی خاص فضیلت	۳۴۵
اُمّتِ محمدیہ کی تین قسمیں	״
ایک شبہ اور اس کا جواب	۳۴۶
نیک صحبت کی تلاش وتمنا	״
علماءِ امّتِ محمدیہ کی عظیم فضیلت	۳۴۷
مَردوں کے لئے سونے کا زیور اور ریشمی کپڑا جنّت میں حلال دنیا میں حرام	۳۴۹
دنیا غموں فکروں کا گھر ہے اُن سے نجات جنّت ہی میں ہوگی۔	۳۵۰
جنّت کی چند خصوصیات	״
اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ	۳۵۱
وہ کونسی عمر ہے جو انسان پر اللہ کی حجت تمام کردیتی ہے؟	״
هُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ فِي الْاَرْضِ	۳۵۴
عبرت ونصیحت	״
لَا يَحِيْقُ الْمَكْرُ السَّيِّئُ اِلَّا بِاَهْلِهٖ	۳۵۷
بُری تدبیر اپنے ہی گلے کا ہار بنتی ہے۔	״

مضمون	صفحہ
سُوْرَۃُ یٰسٓ پ۲۲	۳۵۹
سورۂ یٰسٓ کے فضائل	۳۶۲
مسئلہ: کسی شخص کا نام یٰسٓ رکھنا	۳۶۳
جس طرح نیک وبد اعمال لکھے جاتے ہیں اسی طرح اعمال کے اثرات ونتائج بھی۔	۳۶۵
وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ بستی کونسی ہے۔	۳۷۲
اِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ میں اصطلاحی رسول مراد ہیں یا عام قاصد	״
رَجُلٌ يَّسْعٰى کی تحقیق اور اس کا قصہ	۳۷۳
حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر آپؐ کی بعثت سے پہلے ایمان لانیوالے تین حضرات کا ذکر	۳۷۴
مبلّغینِ اسلام کے لئے اہم ہدایت	۳۷۵
آیات ۳۳ تا ۴۴	۳۷۷
نباتات کی پیداوار میں انسان کے عمل کو دخل نہیں	۳۷۹
انسانی غذا اور حیوانات کی غذا میں خاص فرق	۳۸۳
خَلَقَ الْاَزْوَاجَ کی تفسیر	״
وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا کی مفصل تحقیق	۳۸۴
آفتاب کے زیرِ عرش سجدہ کرنے کی تحقیق	۳۸۵
فائدہ: شمس وقمر متحرک ہیں	۳۸۷
منازلِ قمر	۳۹۳
قرآن میں ہوائی جہاز کا ذکر	״
آیات ۴۵ تا ۴۷	۳۹۴
اللہ کا رزق بعض کو بالواسطہ ملنے کی حکمت	״
آیات ۴۸ تا ۶۸	۳۹۶
قیامت میں اعضاء کے بولنے کی تحقیق	۳۹۷
	۴۰۴

مضمون	صفحہ
وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ کی تفسیر	۴۰۴
آیات ۶۹ تا ۷۵	۴۰۶
حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے شعر و شاعری کی نفی کا مطلب	۴۰۷
اشیاء پر ملکیت کی اصلی علت سرمایہ و محنت نہیں، بلکہ عطائے خداوندی ہے۔	۴۰۹
آیات ۷۶ تا ۸۳	۴۱۰
جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا پر بحث	۴۱۲
ختم سورۂ یٰسٓ	۴۱۳
سُوْرَةُ الصّٰفّٰتِ پ ۲۳	
آیات ۱ تا ۱۰	۴۱۴
مضامینِ سورت	۴۱۵
پہلا مضمون توحید	۴۱۶
نظم و ضبط دین میں مطلوب ہے	۴۱۷
نماز میں صف بندی اور اس کی اہمیت	〃
فرشتوں کی قسم کھانے کی حکمت	۴۱۸
حق تعالیٰ کا قسم کھانا اور اس کے احکام وغیرہ	〃
"شہاب ثاقب" پر اجمالی کلام	۴۲۱
مقصد اصلی	۴۲۲
آیات ۱۱ تا ۱۸	۴۲۳
حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات کا ثبوت	۴۲۶
آیات ۱۹ تا ۲۶	۴۲۷
آیات ۲۷ تا ۴۰	۴۳۰
آیات ۴۱ تا ۶۱	۴۳۲
ایک جنتی اور اس کا کافر سے ملاقاتی	۴۳۷

مضمون	صفحہ
بُری صحبت سے بچنے کی تعلیم	۴۳۸
موت کے خاتمہ پر تعجب	۴۳۹
آیات ۶۲ تا ۷۴	〃
زقوم کی حقیقت	۴۴۱
كَاَنَّهٗ رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ کا مطلب	۴۴۲
آیات ۷۵ تا ۸۲	〃
وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِيْنَ	۴۴۴
آیات ۸۳ تا ۹۸	۴۴۵
ستاروں پر نگاہ ڈالنے کا مقصد	۴۴۸
علمِ نجوم کی شرعی حیثیت	۴۴۹
حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بیماری کا مطلب	۴۵۲
توریہ کا شرعی حکم	۴۵۴
آیات ۹۹ تا ۱۱۳	〃
بیٹے کی قربانی کا واقعہ	۴۵۷
وحیِ غیر متلو کا ثبوت	۴۵۹
ذبیح حضرت اسمٰعیلؑ تھے یا حضرت اسحٰقؑ	۴۶۲
آیات ۱۱۴ تا ۱۲۲	۴۶۷
آیات ۱۲۳ تا ۱۳۲	۴۶۸
حضرت الیاسؑ کون تھے	۴۶۹
بعثت کا زمانہ اور مقام	۴۷۰
قوم کے ساتھ کشمکش	〃
حیاتِ الیاس علیہ السلام کی تحقیق	۴۷۲
غیر اللہ کی طرف تخلیق کی صفت منسوب کرنا جائز نہیں	۴۷۴
آیات ۱۳۳ تا ۱۳۸	۴۷۵
آیات ۱۳۹ تا ۱۴۸	۴۷۶

مضمون	صفحہ
قرعہ اندازی کا حکم	۴۷۸
تسبیح و استغفار سے مصائب دور ہوتے ہیں	۴۷۹
مرزا قادیانی کی تلبیس کا جواب	۴۸۰
آیات ۱۴۹ تا ۱۶۶	۴۸۱
تفسیر آیات	۴۸۳
ہٹ دھرمی کے وقت الزامی جواب	۴۸۴
آیات ۱۶۷ تا ۱۷۹	۴۸۵
اللہ والوں کے غلبہ کا مطلب	۴۸۷
آیات ۱۸۰ تا ۱۸۲	۴۸۸
ختم سورت	۴۸۹
سُوْرَۃُ صٓ پ ۲۳	
آیات ۱ تا ۱۶	۴۹۰
واقعۂ شانِ نزول	۴۹۳
آیات ۱۷ تا ۲۰	۴۹۵
داؤد علیہ السلام کے لئے تسخیر جبال	۴۹۶
نمازِ ضحیٰ (اشراق، چاشت)	۴۹۷
زورِ بیان اور قوتِ خطابت بھی ایک نعمت ہے	〃
آیات ۲۱ تا ۲۵	۴۹۸
حضرت داؤد علیہ السلام کا ایک امتحان	۴۹۹
واقعۂ امتحان میں مفسرین کے دو طریقے	〃
واقعۂ امتحان میں یہودیوں کی خرافات اور اس کی تردید	۵۰۰
طبعی خوف نبوت یا ولایت کے منافی نہیں	۵۰۳
لوگوں کی بے قاعدگی پر حقیقتِ حال کے منکشف ہونے تک صبر کرنا چاہیے۔	〃

مضمون	صفحہ
بڑے لوگوں کو اہلِ حاجت کی غلطیوں پر صبر کرنے کی تلقین	۵۰۴
کسی قسم کے دباؤ سے ہدیہ یا چندہ طلب کرنا غصب کے حکم میں ہے	۵۰۴
شرکت کے معاملات میں احتیاط کی ہدایت	۵۰۵
سجدۂ تلاوت نماز میں رکوع سے بھی ادا ہو جاتا ہے	۵۰۶
سجدۂ تلاوت کے متعلق مسائل	〃
کسی کو غلطی پر متنبہ کرنے کے لئے طریقۂ حکمت	〃
آیت ۲۶	۵۰۷
حضرت داؤد علیہ السلام کو حکومت و سیاست کے لئے چند بنیادی اصول کی ہدایت	〃
اسلامی ریاست کا بنیادی کام اقامتِ حق ہے	۵۰۸
عدلیہ اور انتظامیہ کا رشتہ	〃
ذمہ داری کا عہدہ سپرد کرنے کے لئے سب سے پہلے قابلِ نظر انسان کا کردار ہے۔	۵۰۹
آیات ۲۷ تا ۲۹	〃
آیات کی لطیف ترتیب	۵۱۰
آیات ۳۰ تا ۳۳	۵۱۱
حضرت سلیمان علیہ السلام کا واقعہ، گھوڑوں کا معائنہ اور اس کی تشریح میں دو قول	۵۱۲
سورج کی واپسی کا قصہ ثابت نہیں	۵۱۴
خدا کی یاد میں غفلت پر اپنے نفس کو سزا	〃
ریاست کے کاموں کی نگرانی امیر کو خود کرنا چاہئے	〃
ایک عبادت کے معین وقت میں دوسری عبادت میں اشتغال غلطی ہے۔	۵۱۵
حضرت سلیمان ؑ کی ایک اور آزمائش	〃

مضمون	صفحہ
آزمائش کا قصہ قرآن نے مجمل رکھا ہے اسے مجمل ہی رہنا چاہیے۔	۵۱۵
اسرائیلی غلط روایات کی تردید	۵۱۶
آیات ۳۵ تا ۴۰	۵۱۷
مُلْكًا لَّا يَنۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ کی تفسیر	۵۱۸
حکومت واقتدار کی دعاء	۵۱۹
آیات ۴۱ تا ۴۴ واقعہ ایوب علیہ السلام	〃
حضرت ایوبؑ کے مرض کی نوعیت	۵۲۲
شرعی حیلہ کی حیثیت اور درجہ	〃
کسی نامناسب کام کی قسم کھالے تو قسم توڑدے اور کفارہ قسم ادا کرے۔	۵۲۳
آیات ۴۵ تا ۶۴	〃
فکرِ آخرت انبیاء کا امتیازی وصف ہے	۵۲۶
حضرت الیسع علیہ السلام	〃
زوجین کی عمروں میں تناسب کی رعایت بہتر ہے	۵۲۷
آیات ۶۵ تا ۸۸	〃
تکلف اور تصنع مذموم ہے۔	۵۳۲
سُوْرَۃُ الزُّمَر پ ۲۳	
آیات ۱ تا ۶	۵۳۳
اعمال کی مقبولیت بمقدار اخلاص ہے	۵۳۶
پہلے زمانہ کے کفار بھی آج کے کفار سے بہتر تھے	۵۳۷
چاند سورج دونوں حرکت کرتے ہیں	۵۳۸
تخلیقِ انسانی میں حکمتِ تدریج	〃
آیات ۷ تا ۱۰	۵۳۹
کوئی اچھی یا بری چیز اللہ کے ارادے کے بغیر وجود میں نہیں آتی مگر رضائے الٰہی کا تعلق صرف اچھی چیزوں سے ہے۔	۵۴۲

مضمون	صفحہ
صبر کا ثواب بے حساب ملے گا۔	۵۴۳
آیات ۱۱ تا ۲۰	۵۴۴
فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ، اتباعِ احسن کی تشریح	۵۴۶
آیات ۲۱ تا ۲۳	۵۴۸
پانی کی حفاظت اور آب رسانی کا عجیب نظامِ قدرت	۵۴۹
شرح صدر کی علامت	۵۵۰
آیات ۲۴ تا ۲۸	۵۵۲
آیات ۲۹ تا ۳۵	۵۵۳
محشر کی عدالت میں مظلوم کا حق ظالم سے وصول کرنے کی صورت	۵۵۶
ظالم کے سارے اعمال اصحابِ حقوق کو دیدیئے جاویں گے مگر ایمان نہیں دیا جائے گا۔	۵۵۷
آیات ۳۶ تا ۴۱	〃
ایک اہم عبرت ونصیحت	۵۶۰
آیات ۴۲ تا ۴۵	〃
موت اور نیند دونوں میں قبضِ روح اور دونوں میں فرق۔	۵۶۲
آیات ۴۶ تا ۵۲	۵۶۳
قبولیتِ دعاء کے لئے ایک عمل مجرب	۵۶۶
مشاجراتِ صحابہ	〃
آیات ۵۳ تا ۶۱	۵۶۷
آیات ۶۲ تا ۶۷	۵۷۱
آسمان وزمین کے خزانوں کی کنجیاں	۵۷۲
آیات ۶۸ تا ۷۵	۵۷۳

مضمون	صفحہ
سُوْرَۃُ مُؤْمِن پ ۲۴	
آیات ۱ تا ۹	۵۷۸
سورۂ مؤمن کی خصوصیات و فضائل	۵۸۱
ہر بلا سے حفاظت	〃
دشمن سے حفاظت	〃
ایک عجیب واقعہ	۵۸۲
ان آیات کی تاثیر اصلاحِ خلق میں	〃
فاروق اعظم رضؓ کی نصیحت مصلحین کے لئے	〃
تنبیہ	۵۸۳
مسلمانوں کے سب سے زیادہ خیر خواہ فرشتے ہیں	۵۸۴
آیات ۱۰ تا ۲۲	۵۸۵
آیات ۲۳ تا ۴۶	۵۹۱
مؤمن آلِ فرعون میں کون تھا	۵۹۹
قیامت کو یوم التناد کہنے کی وجہ	۶۰۰
آیتِ قرآن سے عذابِ قبر کا ثبوت	۶۰۳
آیات ۴۷ تا ۶۰	۶۰۴
دعاء کی حقیقت اور شرطِ قبولیت	۶۱۰
فضائلِ دعاء	۶۱۱
قبولیتِ دعاء کا وعدہ	۶۱۲
قبولیتِ دعاء کی شرائط	〃
آیات ۶۱ تا ۶۸	۶۱۳
آیات ۶۹ تا ۷۸	۶۱۶
آیات ۷۹ تا ۸۵	۶۲۰
سُوْرَۃُ حٰمٓ سَجْدَہ پ ۲۴	
آیات ۱ تا ۸	۶۲۴
آنحضرت ﷺ کیسامنے کفار مکہ کیطرف سے پیشکش، آپؐ کا جواب	۶۲۷

مضمون	صفحہ
منکرین کے انکار کا پیغمبرانہ جواب	۶۳۰
کفار فروعِ اعمال کے مکلف ہیں یا نہیں ؟	۶۳۱
اس میں اختلافِ فقہاء	
آیات ۹ تا ۱۲	۶۳۲
آسمان وزمین کی تخلیق میں ترتیب اور ایامِ تخلیق کی تعیین	۶۳۴
آیات ۱۳ تا ۲۵	۶۳۹
انسان کے اعضاء وجوارح کی محشر میں گواہی	۶۴۵
آیات ۲۶ تا ۲۹	۶۴۶
تلاوتِ قرآن کے وقت خاموش ہو کر سننا واجب ہے	۶۴۷
آیات ۳۰ تا ۳۶	۶۴۸
استقامت کے معنی	۶۵۰
جنت کی نعمتیں ـــــ احادیث	۶۵۲
آیات ۳۷ تا ۳۹	۶۵۳
اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو سجدہ کرنا جائز نہیں	۶۵۴
آیات ۴۰ تا ۴۶	۶۵۵
کفر کی ایک خاص قسم الحاد، تعریف اور احکام	۶۵۸
"متأول کو کافر نہیں کہنا چاہیئے" اس کے بارے میں ایک مغالطہ کا ازالہ	۶۵۹
اس زمانہ میں کفر والحاد کی گرم بازاری	۶۶۰
کتاب اللہ کی حفاظت اللہ کی طرف سے	۶۶۱
آیات ۴۷ تا ۵۴	۶۶۳
سُوْرَۃُ الشُّوْرٰی پ ۲۵	
آیات ۱ تا ۱۲	۶۶۹

مضمون	صفحہ
آیات ۱۳ تا ۱۵	۶۷۴
حضرت نوح علیہ السلام سے پہلے کفر و شرک نہیں تھا	۶۷۷
اقامتِ دین فرض اور اس میں تفرق حرام ہے	۶۷۸
ائمہ مجتہدین کے فروعی اختلافات تفرق ممنوع میں داخل نہیں	۶۷۹
آیت کے دس احکام	۶۸۰
آیات ۱۶ تا ۲۰	۶۸۲
شکرِ نعمت (حاشیہ) قلب پر مرض کا حملہ اور اس سے افاقہ	۶۸۵
رزق کی تنگی سے حفاظت کے لئے ایک مجرب عمل	۶۸۷
آیات ۲۱ تا ۲۳	″
آلِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم و محبت کا مسئلہ	۶۹۱
آیات ۲۴ تا ۲۶	۶۹۲
توبہ کی حقیقت	۶۹۵
آیات ۲۷ تا ۳۵	″
شانِ نزول اور ربط	۶۹۸
دنیا میں دولت کی فراوانی فساد کا سبب ہے	″
جنت اور دنیا کا فرق	۷۰۰
فائدہ	۷۰۱
آیات ۳۶ تا ۴۳	۷۰۲
نعمِ آخرت کے حصول کے لئے شرائط	۷۰۴
مشورہ کی اہمیت اور اس کا طریقہ	۷۰۶
عفو و انتقام میں معتدل فیصلہ	۷۰۷
آیات ۴۴ تا ۵۰	۷۰۸
آیات ۵۱ تا ۵۳	۷۱۲
بشر سے اللہ تعالیٰ کے کلام کرنے کی تین صورتیں	۷۱۴
سُوْرَۃُ الزُّخْرُف پ ۲۵	
آیات ۱ تا ۲۵	۷۱۶
سفر کی دعائیں	۷۲۳
آیات ۲۶ تا ۳۰	۷۲۴
ظنِ سوء سے بچنے کے لئے اظہارِ برأت	۷۲۵
آیات ۳۱ تا ۳۲	۷۲۶
شانِ نزول	۷۲۷
تقسیمِ معیشت کا قدرتی نظام	۷۲۸
معاشی مساوات کی حقیقت	۷۲۹
اسلامی مساوات کا مطلب	۷۳۲
آیات ۳۳ تا ۳۵	۷۳۳
مال و دولت کی زیادتی فضیلت کا سبب نہیں ہے	۷۳۴
آیات ۳۶ تا ۴۵	۷۳۵
یادِ خدا سے اعراض بُری صحبت کا اثر ہے	۷۳۷
نیک شہرت بھی دین میں پسندیدہ ہے	۷۳۸
انبیاء کے صحیفوں میں توحید کی تعلیم	۷۳۹
آیات ۴۶ تا ۶۵	″
وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا کی شانِ نزول میں متعدد روایات	۷۴۵
آیات ۶۶ تا ۷۷	۷۴۷
دوستی درحقیقت وہی ہے جو اللہ کے لئے ہو	۷۴۹
آیات ۷۸ تا ۸۹	۷۵۰
وَقُلْ سَلَامٌ	۷۵۴

مضمون	صفحہ
سُوْرَۃُ الدُّخَان پ۲۵	
آیات ۱ تا ۹	۷۵۵
فضیلت سورۂ دخان	۷۵۶
آیات ۱۰ تا ۱۶	۷۵۸
دخان سے کیا مراد ہے	۷۶۰
آیات ۱۷ تا ۳۳	۷۶۴
زمین و آسمان کا رونا	۷۶۷
آیات ۳۴ تا ۴۲	۷۶۸
قوم تُبّع کا واقعہ	۷۷۰
آیات ۴۳ تا ۵۹	۷۷۱
سُوْرَۃُ الجَاثِیَۃ پ۲۵	
آیات ۱ تا ۱۵	۷۷۵
شانِ نزول	۷۸۰
آیات ۱۶ تا ۲۰	۷۸۱
پچھلی اُمتوں کی شریعتوں کا حکم ہمارے لئے	۷۸۳
آیات ۲۱ تا ۲۲	〃
عالمِ آخرت اور اس میں جزاء و سزاء عقلاً ضروری ہے	۷۸۴

مضمون	صفحہ
آیات ۲۳ تا ۲۶	۷۸۵
دہر یا زمانہ کو بُرا کہنے کی ممانعت	۷۸۸
آیات ۲۷ تا ۳۷	〃
سُوْرَۃُ الاَحقَاف پ۲۶	
آیات ۱ تا ۱۰	۷۹۱
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علمِ غیب کے متعلق تقاضائے ادب	۷۹۶
آیات ۱۱ تا ۲۰	۷۹۷
ماں کا حق باپ سے زیادہ ہے	۸۰۴
اکثر مدّتِ حمل اور اکثر مدتِ رضاع میں فقہاءِ اُمّت کا اختلاف۔	۸۰۵
لذائذِ دنیا اور تنعّم سے پرہیز کی ترغیب	۸۰۹
آیات ۲۱ تا ۳۲	〃
وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَیْکَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ میں جِنّات کے ایمان لانے کا واقعہ	۸۱۴
آیات ۳۳ تا ۳۵	۸۱۵
اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ	۸۱۶
تَمَّتْ	

سُورَةُ لُقمٰن

سُوْرَةُ لُقْمٰنَ

سُوْرَةُ لُقْمٰنَ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ اَرْبَعٌ وَّثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَّاَرْبَعُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ لقمٰن مکّہ میں نازل ہوئی اس کی چونتیس آیتیں ہیں اور چار رکوع

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓمّٓ ۝١ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۝٢ هُدًى وَّرَحْمَةً

یہ آیتیں ہیں پکی کتاب کی ، ہدایت ہے اور مہربانی

لِّلْمُحْسِنِيْنَ ۝٣ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ

نیکی کرنے والوں کیلئے ، جو کہ قائم رکھتے ہیں نماز اور دیتے ہیں زکوٰۃ

وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝٤ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ

اور وہ ہیں جو آخرت پر اُن کو یقین ہے ۔ انھوں نے پائی ہی راہ اپنے رب کی

رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝٥ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ

طرف سے اور وہی مراد کو پہنچے ، اور ایک وہ لوگ ہیں کہ

يَّشْتَرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۖ

خریدار ہیں کھیل کی باتوں کے تاکہ بچلائیں اللہ کی راہ سے بن سمجھے ،

وَّيَتَّخِذَهَا هُزُوًا ۭ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝٦ وَاِذَا

اور ٹھہرائیں اس کو ہنسی وہ جو ہیں ان کو ذلّت کا عذاب ہے ، اور جب

تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْٓ

سُنائے اس کو ہماری آیتیں پیٹھ دے جائے غرور سے گویا ان کو سُنا ہی نہیں گویا اس کے دونوں

اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝۷ اِنَّ الَّذِيْنَ

کان بہرے ہیں سو خوش خبری دے اس کو دردناک عذاب کی۔ جو لوگ یقین

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتُ النَّعِيْمِ ۝۸ خٰلِدِيْنَ

لائے اور کئے بھلے کام اُن کے واسطے ہیں نعمت کے باغ ہمیشہ رہا کریں

فِيْهَا ۭ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۹

ان میں وعدہ ہو چکا اللہ کا سچا، اور وہ زبردست ہے حکمتوں والا

خُلاصۂ تفسیر

الٓمّٓ (اس کے معنی اللہ ہی کو معلوم ہیں) یہ (جو اس سورۃ یا قرآن میں مذکور ہیں) آیتیں ہیں ایک پُرحکمت کتاب (یعنی قرآن) کی جو کہ ہدایت اور رحمت (کا سبب) ہے، نیک کاروں کے لئے جو نماز کی پابندی کرتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور وہ لوگ آخرت کا پورا یقین رکھتے ہیں (سو) یہ لوگ (اس قرآن کے اعتقاد اور عمل کی بدولت) اپنے رب کے سیدھے رستہ پر ہیں اور یہی لوگ (اس ہدایت کی بدولت) فلاح پانے والے ہیں (پس قرآن اس طرح اُن کے لئے ہدایت اور رحمت کا جس کا اثر فلاح ہی سبب ہو گیا، پس بعضے آدمی تو ایسے ہیں جیسا بیان کیا گیا) اور (برخلاف ان کے) بعضا آدمی ایسا (بھی) ہے جو (قرآن سے اعراض کر کے) ان باتوں کا خریدار بنتا ہے (یعنی ایسی باتیں اختیار کرتا ہے) جو (اللہ سے) غافل کرنے والی ہیں (سو اوّل تو لہو کا اختیار کرنا جب کہ اس کے ساتھ آیاتِ الٰہیہ سے اعراض بھی ہو خود ہی کفر اور ضلال ہے، پھر خاص کر جب کہ اس کو اس غرض سے اختیار کیا جائے) تاکہ (اس کے ذریعہ سے دوسروں کو بھی) اللہ کی راہ (یعنی دینِ حق سے) بے سمجھے بوجھے گمراہ کرے اور (اسی گمراہ کرنے کے ساتھ) اس (راہِ حق) کی ہنسی اڑاوے (تاکہ دوسروں کے دل سے بالکل اس کی وقعت اور تاثیر نکل جاوے، تب تو کفر پر کفر اور ضلال کے ساتھ اضلال بھی ہے اور) ایسے لوگوں کیلئے (آخرت میں) ذلت کا عذاب (ہونے والا) ہے (جیسا کہ ان کے اضداد کے لئے فلاح کا

ہونا معلوم ہوا) اور (اس شخص مذکور کے اعراض کی یہ حالت ہے کہ) جب اس کے سامنے ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو وہ شخص تکبّر کرتا ہوا (ایسی بے التفاتی سے) مُنہ موڑ لیتا ہے جیسے اس نے سُنا ہی نہیں، جیسے اس کے کانوں میں ثقل ہے (یعنی جیسے بہرا ہے) سو اس (شخص) کو ایک دردناک عذاب کی خبر سُنا دیجئے (یہ تو اعراض کرنے والے کی سزا کا بیان ہوا، آگے اہلِ ہُدٰی کی جزا کا بیان ہے جو کہ فلاح موعود کی تفصیل ہے، یعنی) البتہ جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کئے ان کے لئے عیش کی جنّتیں ہیں جنمیں وہ ہمیشہ رہیں گے یہ اللہ نے سچا وعدہ فرمایا ہے اور وہ زبردست حکمت والا ہے (پس کمالِ قدرت سے وعدہ اور وعید کو واقع کر سکتا ہے اور حکمت سے اس کو حسبِ وعدہ واقع کرے گا)۔

معارف و مسائل

یُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ، اس آیت میں زکوٰۃ کا حکم ہے، حالانکہ آیت مکّی ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ اصل زکوٰۃ کا حکم مکہ معظمہ ہی میں ہجرت سے پہلے آچکا تھا۔ اور یہ جو مشہور ہے کہ زکوٰۃ کا حکم ہجرت کے دوسرے سال میں نافذ ہوا اس سے مراد نصابوں کا تقرر اور مقدار واجب کی تفصیلات اور حکومتِ اسلامیہ کی طرف سے اس کی وصول یابی اور مصرف پر خرچ کرنے کا انتظام ہے، یہ ہجرت کے دوسرے سال میں ہوا ہے۔

ابن کثیر نے سورۂ مزمّل کی آیت اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ کے تحت میں یہی تحقیق فرمائی ہے، کیونکہ سورۂ مزمّل تو مکّی سورتوں میں بالکل ابتداءِ نزولِ قرآن کے زمانے میں نازل ہوئی ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جس طرح قرآن کریم کی آیات میں اکثر صلوٰۃ اور زکوٰۃ کو ساتھ ساتھ بیان فرمایا ہے، اس کی فرضیت بھی ساتھ ساتھ ہی ہوئی ہے۔ واللہ اعلم۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ لفظ اشتراء کے لغوی معنی خریدنے کے ہیں، اور بعض اوقات ایک کام کے بدلے دوسرے کام کو اختیار کرنے کے لئے بھی لفظ اشتراء استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے اَلَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى وغیرہ آیاتِ قرآن میں یہی معنی اشتراء کے مراد ہیں۔

اس آیت کا شانِ نزول ایک خاص واقعہ ہے کہ نضر بن حارث مشرکینِ مکہ میں سے ایک بڑا تاجر تھا، اور تجارت کے لئے مختلف ملکوں کا سفر کرتا تھا۔ وہ ملکِ فارس سے شاہانِ عجم کسریٰ وغیرہ کے تاریخی قصّے خرید کر لایا اور مکہ کے مشرکین سے کہا کہ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تم کو قوم عاد و ثمود وغیرہ کے واقعات سناتے ہیں، میں تمھیں ان سے بہتر رستم اور اسفندیار اور دوسرے شاہانِ فارس کے قصّے سُناتا ہوں۔ یہ لوگ اس کے قصہ کو شوق و رغبت سے سننے لگے۔ کیونکہ ان میں کوئی تعلیم تو تھی نہیں جس پر عمل کرنے کی محنت اٹھانی پڑے صرف لذیذ قسم کی کہانیاں تھیں۔ ان کی وجہ سے بہت سے مشرکین جو اس سے پہلے کلامِ الٰہی کے اعجاز اور یکتائی کی وجہ سے اس کو سننے کی رغبت رکھتے اور چوری چوری سنا بھی کرتے تھے، ان لوگوں کو قرآن سے اعراض کا بہانہ ہاتھ آ گیا۔ (ذکرہ فی الروح عن اسباب النزول للواحدی ومقاتل وذکر نحوہ فی الدر المنثور بروایۃ البیہقی)

اور در منثور میں حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ مذکور الصدر تاجر باہر سے ایک گانے والی کنیز (لونڈی) خرید کر لایا تھا اور اس کے ذریعہ اس نے لوگوں کو قرآن سننے سے روکنے کی یہ صورت نکالی کہ جو لوگ قرآن سننے کا ارادہ کریں اپنی اس کنیز سے ان کو گانا سنواتا تھا اور کہتا تھا کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تم کو قرآن سنا کر کہتے ہیں کہ نماز پڑھو روزہ رکھو اور اپنی جان و جیب میں تکلیف ہی تکلیف ہے، آؤ تم یہ گانا سنو اور جشنِ طرب مناؤ۔

قرآن کریم کی مذکورہ آیت اسی واقعہ پر نازل ہوئی، اور اس میں اِشْتِرَاءِ لَهْوَ الْحَدِيْثِ سے ــــ وہ قصّے کہانیاں شاہانِ عجم کی یا یہ لونڈی گانے والی مراد ہے۔ واقعہ نزول کے اعتبار سے لفظ اشتراء اپنے حقیقی معنی میں خریدنے کے لئے استعمال ہوا ہے۔

اور لَهْوَ الْحَدِيْثِ کے جو عام معنی آگے بیان ہو رہے ہیں ان کے اعتبار سے لفظ اشتراء بھی اس جگہ عام ہے۔ یعنی ایک کام کے بدلے میں دوسرے کو اختیار کرنا، اس میں سامانِ لہو کی خریداری بھی داخل ہے۔

اور لَهْوَ الْحَدِيْثِ میں لفظ "حدیث" تو باتوں اور قصّے کہانیوں کے معنی میں ہی اور لہو کے لفظی معنی غفلت ــــ میں پڑنے کے ہیں۔ جو چیزیں انسان کو ضروری کاموں سے غفلت میں ڈالیں وہ لہو کہلاتی ہیں، اور بعض اوقات ایسے کاموں کو بھی لہو کہا جاتا ہے جن کا کوئی معتدبہ فائدہ نہ ہو، محض وقت گذاری کا مشغلہ یا دل بہلانے کا سامان ہو۔

آیت مذکورہ میں لَهْوَ الْحَدِيْثِ کے معنے اور تفسیر میں مفسرین کے اقوال مختلف ہیں۔ حضرت ابن مسعودؓ، ابن عباسؓ و جابر رضی اللہ عنہم کی ایک روایت میں اس کی تفسیر گانے بجانے سے کی گئی ہے (رواہ الحاکم وصححہ والبیہقی فی الشعب وغیرہ)

اور جمہور صحابہ و تابعین اور عامہ مفسرین کے نزدیک لَهْوَ الْحَدِيْثِ عام ہے تمام

ان چیزوں کے لئے جو انسان کو اللہ کی عبادت اور یاد سے غفلت میں ڈالے، اس میں غناء، مزامیر بھی داخل ہے اور بیہودہ قصے کہانیاں بھی۔ امام بخاریؒ نے اپنی کتاب الادب المفرد میں اور بیہقی نے اپنی سنن میں لَهْوَ الْحَدِيْث کی یہی تفسیر اختیار کی ہے۔ اس میں فرمایا ہے کہ لَهْوَ الْحَدِيْثِ هُوَ الْغِنَاءُ وَاَشْبَاهُهٗ، یعنی لَهْوَ الْحَدِيْث سے مراد گانا اور اس کے مشابہ دوسری چیزیں ہیں (یعنی جو اللہ کی عبادت سے غافل کردیں) اور سنن بیہقی میں ہے کہ اشتراء لہو الحدیث سے مراد گانے بجانے والے مرد یا عورت کو خریدنا یا اس کے امثال ایسی بیہودہ چیزوں کو خریدنا ہے جو اللہ کی یاد سے غافل کریں۔ ابن جریر نے بھی اسی عام معنی کو اختیار فرمایا ہے (روح ملخصاً) اور ترمذی کی ایک روایت سے بھی یہی عموم ثابت ہوتا ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد ہے کہ گانے والی لونڈیوں کی تجارت نہ کرو، اور پھر فرمایا وفی مثل ھذا انزلت ھذہ الآیۃ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ الخ

لہو ولعب اور اس کے سامان کے شرعی احکام

ان احکام کی پوری تفصیل قرآن وسنت کے دلائل کے ساتھ احقر کے مستقل رسالہ "السعی الحثیث فی تفسیر لہو الحدیث" میں مذکور ہے۔ جس میں غناء ومزامیر پر بھی مفصل کلام قرآن وحدیث سے پھر فقہاءِ امت اور صوفیائے کرام کے اقوال سے مذکور ہے، یہ رسالہ بزبانِ عربی احکام القرآن حزب خامس میں شائع ہوچکا ہے۔ اہلِ علم اس کا مطالعہ کرسکتے ہیں، عوام کے لئے اس کا خلاصہ یہاں نقل کیا جاتا ہے:۔

پہلی بات قابلِ نظر یہ ہے کہ قرآن کریم نے جتنے مواقع میں لَهْوٌ یا لعب کا ذکر کیا ہے وہ مذمت اور برائی ہی کے مواقع ہیں، جس کا ادنیٰ درجہ کراہت ہی (روح المعانی وکشاف) اور آیت مذکورہ لہو کی مذمت میں بالکل واضح اور صریح ہے۔

اور مستدرک حاکم کتاب الجہاد میں حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

كُلُّ شَيْءٍ مِّمَّا يَلْهُوْ الدُّنْيَا بَاطِلٌ اِلَّا ثَلٰثَةً اِنْتِضَالُكَ بِقَوْسِكَ وَتَاْدِيْبُكَ لِفَرَسِكَ ـــــ وَمُلَاعَبَتُكَ لِاَهْلِكَ فَاِنَّهُنَّ مِنَ الْحَقِّ

"یعنی دنیا کا ہر لہو (کھیل) باطل ہی مگر تین چیزیں ایک یہ کہ تم تیر کمان سے کھیلو دوسرے اپنے گھوڑے کو سدھانے کے لئے کھیلو، تیسرے اپنی بی بی کے ساتھ کھیل کرو۔"

(حاکم نے اس حدیث کو صحیح علیٰ شرط مسلم کہا ہے، مگر ذہبی وغیرہ نے اس کی سند کے متصل

السند ہونے کو تسلیم نہیں کیا بلکہ حدیث مرسل کہا ہے، مگر جمہور محدثین کے نزدیک حدیث مرسل بھی حجت ہے)۔

اس حدیث میں ہر لہو کو باطل قرار دیا ہے اور جن تین چیزوں کو مستثنیٰ قرار دیا ہے درحقیقت وہ لہو میں داخل ہی نہیں، کیونکہ لہو تو اُس کام کو کہا جاتا ہے جس میں کوئی دینی و دنیوی فائدہ معتد بہا نہ ہو۔ اور یہ تینوں چیزیں مفید کام ہیں جن سے بہت سے دینی اور دنیوی فوائد وابستہ ہیں۔ تیراندازی اور گھوڑے کو سدھانا تو جہاد کی تیاری میں داخل ہیں، اور بیوی کے ساتھ ملاعبت توالد و تناسل کے مقصد کی تکمیل ہے۔ ان کو صرف صورت اور ظاہر کے اعتبار سے لہو کہہ دیا گیا ہے وہ حقیقت کے اعتبار سے لہو میں داخل ہی نہیں۔ اسی طرح ان تین چیزوں کے علاوہ اور بھی بہت سے ایسے کام ہیں جن سے دینی یا دنیوی فوائد متعلق ہیں اور صورت کے اعتبار سے وہ لہو (کھیل) سمجھے جاتے ہیں ان کو بھی دوسری روایاتِ حدیث میں جائز بلکہ بعض کو مستحسن قرار دیا گیا ہے جس کی تفصیل آگے آجائیگی۔

خلاصہ یہ ہے کہ جو کام حقیقۃً لہو ہوں، یعنی جن میں نہ کوئی دینی فائدہ ہو نہ دنیوی، وہ سب کے سب مذموم اور مکروہ تو ضرور ہی ہیں، پھر ان میں تفصیل ہے۔ بعض تو کفر کی حد تک پہونچ جاتے ہیں، بعض حرام صریح ہیں اور کم سے کم درجہ مکروہ تنزیہی، یعنی خلاف اَولیٰ ہونے کا ہے، جس سے کوئی لہو جو درحقیقت لہو ہو مستثنیٰ نہیں۔ اور جن کھیلوں کو احادیث میں مستثنیٰ کیا گیا ہے وہ حقیقۃً لہو میں داخل ہی نہیں، جیسا کہ ایک حدیث میں خود اس کی تصریح موجود ہے۔ ابوداؤد، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ میں حضرت عقبہ بن عامرؓ کی روایت کتاب الجہاد میں ہے، جس کے الفاظ یہ ہیں لَيْسَ مِنَ اللَّهْوِ ثَلَاثٌ تَأْدِيبُ الرَّجُلِ فَرَسَهُ وَمُلَاعَبَتُهُ أَهْلَهُ وَرَمْيُهُ بِقَوْسِهِ وَنَبْلِهِ الحدیث، (نصب الرایہ ص ۲۷۳، ج ۴) اس حدیث نے خود یہ تصریح کر دی کہ یہ تین چیزیں جو مستثنیٰ کی گئی ہیں درحقیقت وہ لہو میں داخل ہی نہیں، اور جو حقیقۃً لہو ہے وہ باطل اور مذموم ہے، آگے اس کے مذموم ہونے کے مختلف درجات ہیں۔

۱۔ جو کھیل دین سے گمراہ ہونے یا دوسروں کو گمراہ کرنے کا ذریعہ بنے وہ کفر ہے۔ جیسا کہ آیت مذکور الصدر وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ میں اس کا کفر وضلال ہونا بیان فرمایا گیا، اور اس کی سزا عذاب مہین قرار دی ہے، جو کفار کی سزا ہی کیونکہ یہ آیت نضر بن حارث کے جس واقعہ پر نازل ہوئی ہے اس میں اس لہو کو اس نے اسلام کے خلاف لوگوں کو گمراہ کرنے کے لئے استعمال کیا تھا۔ اس لئے یہ لہو حرام

ہونے کے ساتھ کفر تک پہونچ گیا۔

۲۔ دوسری صورت یہ ہے کہ کوئی لہو لوگوں کو اسلامی عقائد سے تو گمراہ نہیں کرتا مگر ان کو کسی حرام اور معصیت میں مبتلا کرتا ہے۔ وہ کفر تو نہیں مگر حرام اور سخت گناہ ہی جیسی وہ تمام کھیل جن میں قمار اور جُوا ہو یعنی ہار جیت پر مال کا لین دین ہو، یا جو انسان کو ادائِ فرائض نماز روزہ وغیرہ سے مانع ہوں۔

فحش اور فضول ناول یا فحش اشعار اور اہلِ باطل کی کتابیں بھی دیکھنا ناجائز ہیں

اس زمانے میں بیشتر نوجوان فحش ناول یا جرائم پیشہ لوگوں کے حالات پر مشتمل قصّے یا فحش اشعار دیکھنے کے عادی ہیں۔ یہ سب چیزیں اسی قسم لہو حرام میں داخل ہیں۔ اسی طرح گمراہ اہلِ باطل کے خیالات کا مطالعہ بھی عوام کے لئے گمراہی کا سبب ہونے کی وجہ سے ناجائز ہے، راسخ العلم علماء ان کے جواب کے لئے دیکھیں تو کوئی مضائقہ نہیں۔

۳۔ اور جن کھیلوں میں نہ کفر ہے نہ کوئی کھلی ہوئی معصیت، وہ مکروہ ہیں کہ ایک بے فائدہ کام میں اپنی توانائی اور وقت کو ضائع کرنا ہے۔

کھیلوں کے سامان کی خرید و فروخت

مذکورہ تفصیل سے کھیلوں کے سامان کی خرید و فروخت کا حکم بھی معلوم ہو گیا کہ جو سامان کفر و ضلال یا حرام و معصیت ہی کے کھیلوں میں استعمال ہوتا ہے اس کی تجارت اور خرید و فروخت بھی حرام ہے۔ اور جو لہو مکروہ میں استعمال ہوتا ہے اس کی تجارت بھی مکروہ ہے۔ اور جو سامان جائز اور مستثنیٰ کھیلوں میں استعمال ہوتا ہے اس کی تجارت بھی جائز ہے۔ اور جس سامان کو جائز اور ناجائز دونوں طرح کے کاموں میں استعمال کیا جاتا ہے اس کی تجارت جائز ہے۔

مباح اور جائز کھیل

ادھر یہ بات تفصیل سے آچکی ہے کہ مذموم اور ممنوع وہ لہو اور کھیل ہے جس میں کوئی دینی دنیوی فائدہ نہیں۔ جو کھیل بدن کی ورزش، صحت اور تندرستی باقی رکھنے کے لئے یا کسی دوسری دینی و دنیوی ضرورت کے لئے یا کم از کم طبیعت کا تکان دور کرنے کے لئے ہوں اور ان میں غلو نہ کیا جائے کہ انہی کو مشغلہ بنا لیا جائے اور ضروری کاموں میں ان سے حرج پڑنے لگے تو ایسے کھیل شرعاً مباح اور دینی ضرورت کی نیت سے ہوں تو ثواب بھی ہیں۔

مذکورہ حدیث میں تین کھیلوں کو ممانعت سے مستثنیٰ کرنا اوپر گذر چکا ہے۔ تیر اندازی، گھوڑے کی سواری، اپنے اہل کے ساتھ ملاعبت۔ اور حضرت ابن عباسؓ سے ایک مرفوع حدیث میں ہے: خیر لہو المؤمن السباحۃ وخیر لہو المرأۃ

المغزل (جامع صغیر برمز ابن عدی باسناد ضعیف) "یعنی مؤمن کا اچھا کھیل تیراکی ہے اور عورت کا اچھا کھیل چرخہ ہے"

صحیح مسلم اور مسند احمد میں حضرت سلمہ ابن اکوع رضؓ کی روایت ہے کہ انصارِ مدینہ میں ایک صاحب دوڑ میں بڑے ماہر تھے، کوئی ان سے سبقت نہ لے جاسکتا تھا، انھوں نے ایک روز اعلان کیا کہ کوئی ہے جو میرے ساتھ دوڑ میں مقابلہ کرے؟ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت چاہی کہ میں مقابلہ کروں، آپؐ نے اجازت دیدی تو میں مقابلہ میں آگے بڑھ گیا، اس سے معلوم ہوا کہ پیادہ دوڑ کی مشق کرنا بھی جائز ہے۔

ایک مشہور پہلوان رکانہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کشتی ٹھہرائی تو آپؐ نے اس کو کشتی میں پچھاڑ دیا (ابوداؤد فی المراسیل)

حبشہ کے کچھ نوجوان مدینہ طیبہ میں فنِ سپہ گری کی مشق کرنے کے لئے نیزوں وغیرہ سے کھیلتے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا کھیل حضرت عائشہ رضؓ کو اپنی پشت کے پیچھے کھڑا کر کے دکھلایا اور ان لوگوں کو فرمایا کہ اِلْهُوْا وَالْعَبُوْا "یعنی کھیل کود کرتے رہو" (رواہ البیہقی فی الشعب کذا فی الکنز من باب اللہو) اور بعض روایات میں اس کے ساتھ یہ الفاظ بھی آئے ہیں فَاِنِّیْ اَکْرَہُ اَنْ یُّرٰی فِیْ دِیْنِکُمْ غِلْظَۃٌ "یعنی میں اس کو پسند نہیں کرتا کہ تمہارے دین میں خشکی اور شدّت دیکھی جائے"

اسی طرح بعض صحابۂ کرام سے منقول ہے کہ جب وہ قرآن وحدیث کے مشاغل میں تھک جاتے تو بعض اوقات عرب کے اشعار یا تاریخی واقعات سے دل بہلاتے تھے (ذکرہ عن ابن عباس رضؓ فی کف الرعاع)

ایک حدیث میں ارشاد ہے: رَوِّحُوا الْقُلُوْبَ سَاعَۃً فَسَاعَۃً اخرجہ ابوداؤد فی مراسیلہ عن ابن شہاب ھر سَلًا، "یعنی تم اپنے قلوب کو کبھی کبھی آرام دیا کرو" جس سے قلب و دماغ کی تفریح اور اس کے لئے کچھ وقت نکالنے کا جواز ثابت ہوا۔

شرط ان سب چیزوں میں یہ ہے کہ نیت اُن مقاصد صحیحہ کی ہو جو ان کھیلوں میں پائے جاتے ہیں، کھیل برائے کھیل مقصد نہ ہو اور وہ بھی بقدر ضرورت ہو، اس میں توسّع اور غلو نہ ہو۔ اور وجہ ان سب کھیلوں کے جواز کی وہی ہے کہ درحقیقت یہ جب اپنی حد کے اندر ہوں تو لَہْو کی تعریف میں داخل ہی نہیں۔

بعض کھیل جو صراحۃً ممنوع کئے گئے

اس کے ساتھ بعض کھیل ایسے بھی ہیں جن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خاص طور پر منع فرما دیا ہے، اگرچہ ان میں کچھ فوائد

بھی بتلائے جاویں مثلاً، شطرنج، چوسر وغیرہ اگران کے ساتھ ہار جیت اور مال کا لین دین ہو تو یہ جُوا ... اور قطعی حرام ہیں اور یہ نہ ہو محض دل بہلانے کے لئے کھیلے جائیں، تب بھی حدیث میں ان کو منع فرمایا ہے۔ صحیح مسلم میں حضرت بُریدہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص نرد شیر یعنی چوسر کھیلتا ہے وہ ایسا ہے جیسے اس نے اپنے ہاتھ خنزیر کے خون میں رنگے ہوں۔ اسی طرح ایک روایت میں شطرنج کھیلنے والے پر لعنت کے الفاظ آئے ہیں (عقیلی فی الضعفاء عن ابی ہریرۃ کذا فی نصب الرایہ)

اسی طرح کبوتر بازی کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ناجائز قرار دیا (ابوداؤد فی المراسیل عن شریح کذا فی الکنز) ان کی ممانعت کی ظاہری وجہ یہ ہے کہ عموماً ان میں مشغولیت ایسی ہوتی ہے کہ آدمی کو ضروری کام یہاں تک کہ نماز اور دوسری عبادت سے بھی غافل کر دیتی ہے۔

غناء و مزامیر کے احکام آیت مذکورہ میں چند صحابہ کرام نے تو لَہْوَ الْحَدِیْث کی تفسیر گانے بجانے سے کی ہے۔ اور دوسرے حضرات نے اگرچہ تفسیر عام قرار دی ہے، ہر ایسے کھیل کو جو اللہ سے غافل کرے لَہْوَ الْحَدِیْث فرمایا ہے، مگر ان کے نزدیک بھی گانا بجانا اس میں داخل ہے۔

اور قرآن کریم کی ایک دوسری آیت لَا یَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ میں امام ابوحنیفہ اور مجاہد اور محمد بن الحنفیہ وغیرہ نے زُوْر کی تفسیر غناء (گانے بجانے) سے کی ہے۔

اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے سنن میں اور ابن حبان نے اپنی کتاب صحیح میں حضرت ابو مالک اشعریؓ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

لَیَشْرَبَنَّ نَاسٌ مِّنْ اُمَّتِی الْخَمْرَ یُسَمُّوْنَهَا بِغَیْرِ اسْمِهَا یُعْزَفُ عَلٰی رُءُوْسِهِمْ بِالْمَعَازِفِ وَالْمُغَنِّیَاتِ، یَخْسِفُ اللّٰهُ بِهِمُ الْاَرْضَ وَیَجْعَلُ اللّٰهُ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِیْرَ

"میری امت کے کچھ لوگ شراب کو اس کا نام بدل کر پئیں گے ان کے سامنے معازف و مزامیر کے ساتھ عورتوں کا گانا ہوگا اللہ تعالیٰ ان کو زمین میں خسف کر دے گا، اور بعض کی صورتیں مسخ کر کے بندر اور سُور بنا دے گا"

اور حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے شراب اور جُوے اور طبلہ و سارنگی کو حرام کیا ہے، اور فرمایا کہ ہر نشہ لانے والی چیز حرام ہے۔ (رواہ الامام احمد و ابوداؤد و ابن حبان)

روی عن ابی ھریرۃؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم اذا اتخذ الفیٔ دولاً والامانۃ مغنماً والزکوٰۃ مغرماً وتعلم لغیر الدین واطاع الرجل امرأتہ وعقّ أمّہ وادنی صدیقہ واقصی اباہ وظھرت الاصوات فی المساجد وساد القبیلۃ فاسقھم وکان زعیم القوم ارذلھم واُکرِمَ الرّجل مخافۃ شرّہ وظھرت القیان والمعازف وشربت الخمور ولعن اٰخر ھٰذہ الامّۃ اوّلھا فلیرتقبوا عند ذٰلک ریحا حمراء وزلزلۃ وخسفاً ومسخاً وقذفاً وآیات تتابع کنظام بال قطع سلکہ فتتابع بعضہ بعضا رواہ الترمذی وقال ھٰذا حدیث حسن غریب)

"حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب مالِ غنیمت کو شخصی دولت بنالیا جائے اور جب لوگوں کی امانت کو مالِ غنیمت سمجھ لیا جائے اور جب زکوٰۃ کو ایک تاوان سمجھا جانے لگے اور جب علم دین کو دنیا طلبی کے لئے سیکھا جانے لگے اور جب مرد اپنی بیوی کی اطاعت اور ماں کی نافرمانی کرنے لگے، اور دوست کو اپنے قریب کرے اور باپ کو دور رکھے، اور مسجدوں میں شور وغل ہونے لگے اور قبیلہ کا سرداران کا فاسق بدکار بن جائے اور جب قوم کا سرداران میں ارذل بدترین آدمی ہوجائے، اور جب شریر آدمیوں کی عزت ان کے شر کے خوف سے کی جانے لگے، اور جب گانے والی عورتوں اور باجوں گاجوں کا رواج عام ہوجائے، اور جب شرابیں پی جانے لگیں اور اس امت کے آخری لوگ پہلے لوگوں پر لعنت کرنے لگیں، تو اس وقت تم انتظار کرو ایک سُرخ آندھی کا اور زلزلہ کا اور زمین خسف ہوجانے اور صورتیں مسخ ہوجانے کا اور قیامت کی ایسی نشانیوں کا جو یکے بعد دیگرے اس طرح آئیں گی جیسے کسی ہار کی لڑی ٹوٹ جائے اور اس کے دانے بیک وقت بکھر جاتے ہیں۔"

تنبیہِ ضروری اس حدیث کے الفاظ کو بار بار پڑھئے اور دیکھئے کہ اس وقت کی دنیا کا پورا پورا نقشہ ہے، اور وہ گناہ جو مسلمانوں میں عام ہوچکے ہیں اور بڑھتے جارہے ہیں، ان کی خبر چودہ سو برس پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دے دی ہے۔ مسلمانوں کو اس پر متنبہ کیا ہے کہ ایسے حالات سے باخبر رہیں، اور گناہوں سے بچنے بچانے کا پورا اہتمام کریں۔ ورنہ جب یہ گناہ عام ہوجائیں گے تو ایسے گناہ کرنے والوں پر آسمانی عذاب نازل ہوں گے، اور پھر قیامت کی آخری علامات سامنے آجائیں گی۔ ان گناہوں میں سے عورتوں کا گانا اور گانے بجانے کے آلات

طبلہ سارنگی وغیرہ بھی ہیں، اس جگہ اس روایت کو اسی مناسبت سے نقل کیا گیا ہے۔

اس کے علاوہ اور بہت سی مستند احادیث ہیں جن میں گانے بجانے کو حرام و ناجائز فرمایا ہے اور اس پر وعید شدید ہے۔ ان تمام روایات کو احقر نے اپنے رسالہ کشف الغَنَاء عن وصف الغِنَا میں لکھ دیا ہے۔ یہ رسالہ بھی بزبانِ عربی احکام القرآن حزب خامس میں شائع ہو چکا ہے، یہاں ان میں سے چند نقل کی گئی ہیں۔

خوش آوازی کے ساتھ بغیر مزامیر کے مفید اشعار کا پڑھنا ممنوع نہیں

اس کے مقابل بعض روایات سے غنا یعنی گانے کا جواز بھی معلوم ہوتا ہے، یہ روایات بھی رسالۂ مذکورہ میں جمع کر دی گئی ہیں۔ تطبیق ان دونوں میں اس طرح ہے کہ جو گانا اجنبی عورت کا ہو یا اس کے ساتھ طبلہ سارنگی وغیرہ مزامیر ہوں وہ حرام ہے۔ جیسا کہ مذکور الصدر آیاتِ قرآن اور احادیثِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہوا۔ اور اگر محض خوش آوازی کے ساتھ کچھ اشعار پڑھے جائیں اور پڑھنے والی عورت یا اَمرَد نہ ہوں، اور اشعار کے مضامین بھی فحش یا کسی دوسرے گناہ پر مشتمل نہ ہوں تو جائز ہے۔

بعض صوفیائے کرام سے جو سماعِ غنا منقول ہے وہ اسی قسم کے جائز غنا پر محمول ہے۔ کیونکہ ان کا اتباعِ شریعت اور اطاعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم آفتاب کی طرح یقینی ہے، ان سے ایسے گناہ کے ارتکاب کا گمان نہیں کیا جا سکتا۔ محققین صوفیائے کرام نے خود اس کی تصریح فرمائی ہے۔ اس معاملہ میں مذاہب اربعہ کے فقہاء اور صوفیائے کرام کے اقوال مذکور الصدر رسالہ میں تفصیل سے جمع کر دیئے گئے ہیں، یہاں اسی اختصار پر اکتفاء کیا گیا۔ واللہ المستعان

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ

بنائے آسمان بغیر ستونوں کے تم اس کو دیکھتے ہو اور رکھ دیئے زمین پر

رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ۭ وَاَنْزَلْنَا

پہاڑ کہ تم کو لے کر جھک نہ پڑے اور بکھیر دیئے اس میں سب طرح کے جانور اور اُتارا ہم نے

مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ ۝۱۰

آسمان سے پانی پھر اُگائے زمین میں ہر قسم کے جوڑے خاصے،

هٰذَا خَلْقُ اللّٰهِ فَاَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ

یہ سب کچھ بنایا ہوا ہے اللہ کا اب دکھلاؤ مجھ کو کیا بنایا ہے اوروں نے جو اس کے سوا ہیں

بَلِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۱﴾ ع ۱۱ ۱۰

کچھ نہیں پر بے انصاف صریح بھٹک رہے ہیں۔

خُلاصۂ تفسیر

اللہ تعالیٰ نے آسمانوں کو بلا ستون بنایا (چنانچہ) تم ان کو دیکھ رہے ہو اور زمین میں (بھاری بھاری) پہاڑ ڈال رکھے ہیں کہ وہ تم کو لے کر ڈانوا ڈول نہ ہونے لگے اور اس (زمین) میں ہر قسم کے جانور پھیلا رکھے ہیں اور ہم نے آسمان سے پانی برسایا پھر اس زمین میں ہر طرح کے عمدہ اقسام (نباتات کے) اگائے (اور ان لوگوں سے جو کہ شرک کرتے ہیں کہئے کہ) یہ تو اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی چیزیں ہیں (سو اگر تم دوسروں کو شریک الوہیت قرار دیتے ہو تو) اب تم لوگ مجھ کو دکھاؤ کہ اس کے سوا جو (معبود تم نے بنا رکھے) ہیں انھوں نے کیا کیا چیزیں پیدا کی ہیں (تاکہ ان کا استحقاقِ الوہیت ثابت ہو، اور اس دلیل کا مقتضیٰ یہ تھا کہ وہ لوگ ہدایت پر آجاتے، مگر انھوں نے ہدایت کو قبول نہیں کیا) بلکہ یہ ظالم لوگ (بدستور) صریح گمراہی میں (مبتلا) ہیں۔

معارف و مسائل

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا، اسی مضمون کی ایک آیت سورۂ رعد کے شروع میں گذر چکی ہے، اَللّٰهُ الَّذِيْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا، ترکیب نحوی کے اعتبار سے اس عبارت کے دو مفہوم ہو سکتے ہیں:۔

ایک یہ کہ تَرَوْنَهَا کو عَمَدٍ کی صفت قرار دیا جائے اور اس کی ضمیر عَمَدٍ کی طرف راجع کی جائے تو معنے یہ ہوں گے کہ اللہ تعالیٰ نے آسمانوں کو پیدا کیا بغیر ستونوں کے جن کو تم دیکھتے ہو، یعنی اگر ستون ہوتے تم ان کو دیکھتے، جب ستون نظر نہیں آتے تو معلوم ہوا کہ یہ آسمان کی عظیم الشان چھت بغیر ستونوں کے بنائی گئی ہے، یہ تفسیر حضرت حسنؒ اور قتادہ سے منقول ہے۔ (ابن کثیر)

دوسری صورت یہ ہے کہ تَرَوْنَهَا کی ضمیر سمٰوٰت کی طرف راجع ہو، اور یہ جملہ

مستقل قرار دیا جائے۔ معنی یہ ہوں گے کہ اللہ تعالیٰ نے آسمانوں کو بغیر ستون کے پیدا کیا، جیسا کہ تم دیکھ رہے ہو۔ اور پہلی ترکیب کی صورت میں ایک معنی یہ بھی کئے جا سکتے ہیں کہ آسمان ستونوں پر قائم ہیں ان کو تم دیکھ نہیں سکتے وہ غیر مرئی ہیں۔ یہ تفسیر حضرت ابنِ عباسؓ اور عکرمہؓ اور مجاہدؒ سے منقول ہے (ابن کثیر)

بہرصورت اس آیت نے حق تعالیٰ کی قدرت کاملہ کی یہ نشانی بتلائی کہ آسمان کی اتنی وسیع و عریض اور اتنی بلند عظیم الشان چھت کو ایسا بنایا ہے کہ اس میں کوئی عمود اور ستون نہیں دیکھا جاتا ہے۔

ایک سوال و جواب

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ آسمان جیسا کہ فلاسفہ کہتے ہیں، اور عام طور پر مشہور ہے کہ ایک کرہ یعنی گول چیز ہے، اور ایسے گول کرہ میں وہ جہاں بھی ہو عادۃً عمود اور ستون نہیں ہوتے، تو آسمان کی کیا خصوصیت ہے؟

اس کا جواب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ جس طرح قرآن کریم نے اکثر مواقع میں زمین کو فراش فرمایا، جو گول اور کرہ ہونے کے بظاہر منافی ہے۔ مگر اس کی وسعت کی وجہ سے وہ عام نظروں میں ایک سطح کی طرح دیکھی جاتی ہے، اسی عوامی تخیّل کی بناء پر قرآن کریم نے اس کو فراش فرمایا، اسی طرح آسمان ایک چھت کی طرح نظر آتا ہے جس کے لئے عادۃً ستونوں اور عماد کی ضرورت ہوتی ہے، اس عام خیال کے مناسب اس کا بلا ستون ہونا بیان فرمایا گیا ہے۔ اور درحقیقت قدرتِ کاملہ کے ثبوت کے لئے اتنے بڑے عظیم الشان کرہ کی تخلیق ہی کافی ہے۔ اور بعض مفسرین ابن کثیر وغیرہ کی تحقیق یہ ہے کہ آسمان اور زمین کا مکمل کُرَہ ہونا قرآن و سنت کی رُو سے ثابت نہیں، بلکہ بعض آیات و روایات سے اس کا ایک قبّہ کی شکل میں ہونا معلوم ہوتا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ایک صحیح حدیث میں جو ہر روز آفتاب کا تحت العرش پہونچ کر سجدہ کرنا مذکور ہے وہ اسی صورت پر ہو سکتا ہے کہ آسمان مکمّل کرہ نہ ہو، اسی صورت میں اس میں فوق و تحت یعنی اوپر نیچے کی جہت متعیّن ہو سکتی ہے، مکمل کرہ میں کسی جہت و سمت کو اوپر یا نیچے نہیں کہہ سکتے۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ ؕ وَمَنْ يَّشْكُرْ

اور ہم نے دی لقمان کو عقلمندی کہ حق مان اللہ کا، اور جو کوئی حق مانے اللہ کا

فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿۱۲﴾

تو مانے گا اپنے بھلے کو اور جو کوئی منکر ہوگا تو اللہ بے پرواہ ہے سب تعریفوں والا

وَاِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ وَهُوَ يَعِظُهٗ يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ؕ

اور جب کہا لقمان نے اپنے بیٹے کو جب اس کو سمجھانے لگا اے بیٹے شریک نہ ٹھہرائیو اللہ کا،

اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۳﴾ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ ۚ

بیشک شریک بنانا بھاری بے انصافی ہے، اور ہم نے تاکید کر دی انسان کو اسکے ماں باپ کے واسطے

حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا عَلٰى وَهْنٍ وَّفِصٰلُهٗ فِيْ عَامَيْنِ اَنِ

پیٹ میں رکھا اس کو اس کی ماں نے تھک تھک کر اور دودھ چھڑانا ہے اس کا دو برس میں کہ

اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ ؕ اِلَيَّ الْمَصِيْرُ ﴿۱۴﴾ وَاِنْ جَاهَدٰكَ

حق مان میرا اور اپنے ماں باپ کا آخر مجھی تک آنا ہے ، اور اگر وہ دونوں تجھ سے

عَلٰٓى اَنْ تُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا وَ

اڑیں اس بات پر کہ شریک مان میرا اس چیز کو جو تجھ کو معلوم نہیں تو ان کا کہنا مت مان اور

صَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا ۖ وَّاتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ

ساتھ دے ان کا دنیا میں دستور کے موافق اور راہ چل اس کی جو رجوع ہوا میری

اِلَيَّ ۚ ثُمَّ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵﴾

طرف ، پھر میری طرف ہے تم کو پھر آنا پھر میں جتلا دوں گا تم کو جو کچھ تم کرتے تھے ،

يٰبُنَيَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ

اے بیٹے اگر کوئی چیز ہو برابر رائی کے دانہ کی پھر وہ ہو کسی پتھر میں ،

اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ فِي الْاَرْضِ يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ

یا آسمانوں میں یا زمین میں لا حاضر کرے اس کو اللہ بیشک اللہ جانتا ہے چھپی ہوئی

خَبِيْرٌ ﴿۱۶﴾ يٰبُنَيَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ

چیزوں کو، خبردار ہے۔ اے بیٹے قائم رکھ نماز کو اور سکھلا بھلی بات اور منع کر

عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَآ اَصَابَكَ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ۚ﴿۱۷﴾

بُرائی سے اور تحمل کر جو تجھ پر پڑے بے شک یہ ہیں ہمّت کے کام۔

وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِى الْاَرْضِ مَرَحًا ؕ اِنَّ

اور اپنے گال مت پھُلا لوگوں کی طرف اور مت چل زمین پر اِتراتا بے شک

اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ﴿۱۸﴾ ۚ وَاقْصِدْ فِىْ مَشْيِكَ وَاغْضُضْ

اللہ کو نہیں بھاتا کوئی اِتراتا بڑائیاں کرنے والا۔ اور چل بیچ کی چال اور نیچی کر

مِنْ صَوْتِكَ ؕ اِنَّ اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيْرِ ﴿۱۹﴾ ع ۲ ۸ ۱۱

آواز اپنی ، بے شک بُری سے بُری آواز گدھے کی آواز ہے۔

خُلاصۂ تفسیر

اور ہم نے لقمان کو دانشمندی (جس کی حقیقت علم مع العمل ہے) عطا فرمائی (اور ساتھ ہی یہ حکم دیا) کہ (سب نعمتوں پر عموماً اور اس نعمتِ حکمت پر کہ افضل النعم ہے خصوصاً) اللہ تعالیٰ کا شکر کرتے رہو اور جو شخص شکر کرے گا وہ اپنے ذاتی نفع کے لئے شکر کرتا ہے (یعنی اسی کا نفع ہے کہ اس سے نعمت میں ترقی ہوتی ہے کما قال تعم لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ، دینی نعمت میں تو ترقی دنیا میں بھی ہوتی ہے اور آخرت میں بھی، دنیا میں تو شکرِ نعمت سے علم بڑھتا ہے اور توفیق عمل میں اضافہ ہوتا ہے اور آخرت میں ثواب عظیم ملتا ہے، اور دنیوی میں آخرت کی ترقی یعنی ثواب میں اضافہ تو یقینی ہے اور کبھی دنیا میں شکر کرنے سے نعمت بڑھ جاتی ہے) اور جو ناشکری کرے گا تو (اپنا ہی نقصان کرے گا، کیونکہ) اللہ تعالیٰ (تو) بے نیاز (اور سب) خوبیوں والا ہے (یعنی چونکہ وہ اپنی ذات میں کامل ہے جو مدلول ہے حَمِيْدٌ کا اس لئے وہ غنی ہے، اس کو کسی کے شکر و ثناء کی احتیاج نہیں، کہ اس میں استکمال بالغیر لازم آتا ہے اور چونکہ لقمان موصوف ہیں حکمت یعنی علم و عمل کے ساتھ، اس سے مفہوم ہوا کہ انھوں نے تعلیمِ شکر پر بھی شکر کیا ہوگا پس وہ شاکر بھی تھے اور شاکر ہونے سے ان کی حکمت میں ترقی بھی ہوئی ہوگی، پس وہ اعلیٰ درجہ کے حکیم ہوئے) اور (ایسے حکیم کی تعلیم ضرور قابلِ عمل ہونا چاہئے سو ان کی تعلیمات ان لوگوں کے سامنے ذکر کیجئے) جب لقمان نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے

کہا کہ بیٹا خدا کے ساتھ کسی کو شریک مت ٹھہرانا، بیشک شرک کرنا بڑا بھاری ظلم ہے (ظلم کی حقیقت علماء نے یہ بیان کی ہے کہ کسی چیز کو بے محل استعمال کیا جائے، اور یہ بات شرک میں سب سے زیادہ واضح ہے کہ پیدا کرنے والے کی جگہ بتوں کی پرستش کی جائے) اور (درمیان قصہ کے امر توحید کی تاکید کے لئے حق تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ) ہم نے انسان کو اس کے ماں باپ کے متعلق تاکید کی ہے (کہ ان کی اطاعت اور خدمت کرے، کیونکہ انھوں نے اس کے لئے بڑی مشقتیں جھیلی ہیں بالخصوص ماں نے چنانچہ) اُس کی ماں نے ضعف پر ضعف اٹھا کر اس کو پیٹ میں رکھا، (کیونکہ جوں جوں حمل بڑھتا جاتا ہے حاملہ کا ضعف بڑھتا جاتا ہے) اور (پھر) دو برس میں اس کا دُودھ چھوٹتا ہے (ان دنوں میں بھی وہ ہر طرح کی خدمت کرتی ہے، اسی طرح اپنی حالت کے موافق باپ بھی مشقت اٹھاتا ہے، اس لئے ہم نے اپنے حقوق کے ساتھ ماں باپ کے حقوق ادا کرنے کا حکم فرمایا، چنانچہ یہ ارشاد کیا) کہ تو میری اور اپنے ماں باپ کی شکر گذاری کیا کر (حق تعالیٰ کی شکر گذاری تو عبادت و اطاعت حقیقیہ کے ساتھ اور ماں باپ کی خدمت و ادائے حقوق شرعیہ کے ساتھ کیونکہ) میری ہی طرف (سب کو) لوٹ کر آنا ہے (اس وقت میں اعمال کی جزاء و سزا دوں گا، اس لئے احکام کی بجاآوری ضروری ہے) اور (باوجودیکہ ماں باپ کا اتنا بڑا حق ہے جیسا ابھی معلوم ہوا، لیکن امر توحید ایسا عظیم الشان ہے کہ) اگر تجھ پر وہ دونوں (بھی) اس بات کا زور ڈالیں کہ تو میرے ساتھ ایسی چیز کو شریک ٹھہرائے جس (کے شریک الوہیت ہونے) کی تیرے پاس کوئی دلیل (اور سند) نہ ہو (اور ظاہر ہے کہ کوئی چیز بھی ایسی نہیں کہ جس کے استحقاقِ شرکت پر کوئی دلیل قائم ہو بلکہ عدم استحقاق پر بہت سی دلیلیں قائم ہیں، پس مراد یہ ہوئی کہ اگر وہ کسی چیز کو بھی شریکِ الوہیت ٹھہرانے کا تجھ پر زور دیں) تو تُو ان کا کہنا نہ ماننا اور (ہاں یہ ضرور ہے کہ) دنیا (کے حوائج و معاملات) میں (جیسے ان کے ضروری اخراجات اور خدمت وغیرہ) ان کے ساتھ خوبی کے ساتھ بسر کرنا اور (دین کے بارے میں صرف) اس (ہی) شخص کی راہ پر چلنا جو میری طرف رجوع ہو (یعنی میرے احکام کا معتقد اور عامل ہو) پھر تم سب کو میرے پاس آنا ہے پھر (آنے کے وقت میں) تم کو جتلا دوں گا جو جو کچھ تم کرتے تھے (اس لئے کسی امر میں میرے حکم کے خلاف مت کرو... آگے پھر تکمیل ہے نصائح لقمانیہ کی کہ انھوں نے اپنے بیٹے کو اور نصیحتیں بھی کیں چنانچہ توحید و عقائد کے بارے میں یہ بھی نصیحت کی کہ) بیٹا (حق تعالیٰ کا علم اور قدرت اس درجہ ہے کہ) اگر (کسی کا) کوئی عمل (کیسا ہی مخفی ہو، مثلاً فرض کرو کہ وہ) رائی کے دانہ کے

برابر (مقدار میں) ہو (اور) پھر (فرض کرو کہ) وہ کسی پتھر کے اندر (چھپا رکھا) ہو (جو کہ ایسا حجاب ہے کہ اس کا رفع ہونا دشوار ہے اور بدون رفع کسی کو اس کے اندر کا علم نہیں ہوتا) یا وہ آسمانوں کے اندر ہو (جو کہ عام خلائق سے مکاناً بہت بعید ہے) یا وہ زمین کے اندر ہو (جہاں خوب ظلمت رہتی ہے، اور یہی اسباب ہیں عام مخلوق کی نظروں سے پوشیدہ رہنے کے، کیونکہ کبھی کوئی چیز چھوٹی اور باریک ہوتی ہے کہ نظر میں نہیں آتی اور کبھی کوئی شدید حجاب حائل ہونے سے کبھی مکان کے بعید ہونے سے کبھی ظلمت سے، لیکن حق تعالیٰ کی ایسی شان ہے کہ اگر یہ اسباب بھی چھپنے کے مجتمع ہوں) تب بھی (قیامت کے روز حساب کے وقت) اس کو اللہ تعالیٰ حاضر کر دے گا (جس سے علم اور قدرت دونوں ثابت ہوئے) بیشک اللہ تعالیٰ بڑا باریک بیں (اور) باخبر ہے (اور اعمال کے باب میں یہ نصیحت کی کہ) بیٹا نماز پڑھا کرو (کہ بعد تصحیح عقائد کے اعلیٰ درجہ کا عمل ہے) اور (جیسا تصحیح عقائد و اعمال سے اپنی تکمیل کی ہے اسی طرح دوسروں کی تکمیل کی بھی کوشش کرنا چاہئے، پس لوگوں کو) اچھے کاموں کی نصیحت کیا کر اور برے کاموں سے منع کیا کر اور (اس امر بالمعروف اور نہی عن المنکر میں بالخصوص اور ہر حالت میں بالعموم) تجھ پر جو مصیبت واقع ہو اس پر صبر کیا کر یہ (صبر کرنا) ہمت کے کاموں سے ہے اور (اخلاق و عادات کے باب میں یہ نصیحت کی کہ بیٹا) لوگوں سے اپنا رُخ مت پھیر اور زمین پر اترا کر مت چل، بیشک اللہ تعالیٰ کسی تکبّر کرنے والے فخر کرنے والے کو پسند نہیں کرتے اور اپنی رفتار میں اعتدال اختیار کر (نہ بہت دوڑ کر چل کہ وقار کے خلاف ہے، نیز گر جانے کا بھی احتمال ہے، اور نہ بہت گِن گِن کر قدم رکھ کہ وضع متکبرین کی ہے، بلکہ بے تکلف اور متوسّط رفتار تواضع و سادگی کی چال اختیار کر، جس کو دوسری آیت میں اس عنوان سے ذکر کیا ہے یَمْشُوْنَ عَلَی الْاَرْضِ هَوْنًا) اور (بولنے میں) اپنی آواز کو پست کر (یعنی بہت غل مت مچا، اور یہ مطلب نہیں کہ اتنی پستی کر کہ دوسرا سنے بھی نہیں آگے غل مچانے سے نفرت دلاتے ہیں کہ) بیشک آوازوں میں سے سب سے بُری آواز گدھوں کی آواز (ہوتی) ہے (تو آدمی ہو کر گدھوں کی طرح چیخنا اور چلّانا کیا مناسب ہے، نیز چیخ چلّاؤ سے بعض اوقات دوسروں کو وحشت و اذیت بھی ہوتی ہے) ؎

معارف ومسائل

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ ، حضرت لقمان علیہ السلام، وہب بن مُنبّہؒ کی روایت کے مطابق حضرت ایوب علیہ السلام کے بھانجے تھے، اور مقاتلؒ نے ان کا خالہ زاد بھائی بتلایا ہے۔ اور تفسیر بیضاوی وغیرہ میں ہے کہ ان کی عمر دراز ہوئی، یہاں تک کہ حضرت داؤد علیہ السلام کا زمانہ پایا۔ یہ بات دوسری روایات سے بھی ثابت ہے کہ لقمان علیہ السلام حضرت داؤد علیہ السلام کے زمانے میں ہوئے ہیں۔

اور تفسیر درمنثور میں حضرت ابن عباسؓ کی روایت ہے کہ لقمان ایک حبشی غلام تھے، نجّاری کا کام کرتے تھے (اخرجہ ابن ابی شیبہ واحمد فی الزہد وابن جریر وابن المنذر وغیرہ) اور حضرت جابر بن عبداللہؓ سے ان کے حالات دریافت کئے گئے تو فرمایا کہ پست قد پست ناک کے حبشی تھے، اور مجاہدؒ نے فرمایا کہ حبشی غلام موٹے ہونٹ والے پھٹے ہوئے قدموں والے تھے (ابن کثیر)

ایک سیاہ رنگ حبشی حضرت سعید بن مسیّبؒ کے پاس کوئی مسئلہ دریافت کرنے کے لئے حاضر ہوا تو حضرت سعیدؒ نے اس کی تسلّی کے لئے فرمایا کہ تم اپنے کالے ہونے پر غم نہ کرو، کیونکہ کالے لوگوں میں تین بزرگ ایسے ہیں جو لوگوں میں سب سے بہتر تھے۔ حضرت بلال حبشیؓ، اور مِہْجَعؓ حضرت عمر بن خطابؓ کے آزاد کردہ غلام اور حضرت لقمان علیہ السلام۔

لقمان علیہ السلام جمہور سلف کے نزدیک نبی نہیں بلکہ ولی اور حکیم تھے

ابن کثیر نے فرمایا کہ جمہور سلف کا اس پر اتفاق ہے کہ وہ نبی نہیں تھے، صرف حضرت عکرمہؓ سے ان کا نبی ہونا نقل کیا جاتا ہے، مگر اس کی سند ضعیف ہے۔ اور امام بغویؒ نے فرمایا کہ اس پر اتفاق ہے کہ وہ فقیہ اور حکیم تھے نبی نہیں تھے۔ (مظہری)

ابن کثیر نے فرمایا کہ حضرت قتادہؓ سے ان کے بارے میں ایک عجیب روایت یہ منقول ہے کہ حق تعالیٰ نے حضرت لقمان کو اختیار دیا تھا کہ نبوّت لے لو یا حکمت، انھوں نے حکمت کو اختیار کر لیا۔ اور بعض روایات میں ہے کہ ان کو نبوّت کا اختیار دیا گیا تھا، انھوں نے عرض کیا کہ اگر اس کے قبول کرنے کا حکم ہے تو میرے سر آنکھوں پر ورنہ مجھے معاف فرمایا جائے۔

اور حضرت قتادہؓ ہی سے یہ بھی منقول ہے کہ لقمان علیہ السلام سے کسی نے

پوچھا کہ آپ نے حکمت کو نبوت پر کیوں ترجیح دی، جبکہ آپ کو دونوں کا اختیار دیا گیا تھا؟ آپ نے فرمایا کہ نبوّت بڑی ذمہ داری کا منصب ہے، اگر وہ مجھے بغیر میرے اختیار کے دے دیا جاتا تو حق تعالیٰ خود اس کی کفالت فرماتے کہ میں اس کے فرائض ادا کر سکوں اور اگر میں اپنے اختیار سے اس کو طلب کرتا تو ذمہ داری مجھ پر ہوتی (ابن کثیرؒ)

اور جبکہ لقمان علیہ السلام کا نبی نہ ہونا جمہور کے نزدیک مسلّم ہے، تو پھر ان کو وہ حکم جو قرآن میں مذکور ہے اَنِ اشْكُرْ لِيْ یہ بذریعہ الہام ہو سکتا ہے جو اولیاء اللہ کو حاصل ہوتا ہے۔

حضرت لقمان علیہ السلام حضرت داؤد علیہ السلام سے پہلے شرعی مسائل میں لوگوں کو فتویٰ دیا کرتے تھے، جب داؤد علیہ السلام کو نبوّت عطا ہوئی تو فتویٰ دینا چھوڑ دیا کہ اب میری ضرورت نہیں رہی۔ بعض روایات میں ہے کہ بنی اسرائیل کے قاضی تھے۔ حضرت لقمان علیہ السلام سے کلماتِ حکمت بہت منقول ہیں۔ وہب بن منبہؒ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت لقمان علیہ السلام کی حکمت کے دس ہزار سے زیادہ ابواب پڑھے ہیں۔ (قرطبی)

حضرت لقمان ایک روز ایک بڑی مجلس میں لوگوں کو حکمت کی باتیں سُنا رہے تھے، ایک شخص آیا اور اس نے سوال کیا کہ کیا تم وہی نہیں جو میرے ساتھ فلاں جنگل میں بکریاں چرایا کرتے تھے؟ لقمان علیہ السلام نے فرمایا کہ ہاں میں وہی ہوں، اس شخص نے پوچھا کہ پھر آپ کو یہ مقام کیسے حاصل ہوا کہ خلقِ خدا آپ کی تعظیم کرتی ہے اور آپ کے کلمات سننے کے لئے دُور دور سے جمع ہوتی ہے۔ لقمان علیہ السلام نے فرمایا کہ اس کا سبب میرے دو کام ہیں ایک ہمیشہ سچ بولنا، دوسرے فضول باتوں سے اجتناب کرنا۔ اور ایک روایت میں یہ ہے کہ حضرت لقمان نے فرمایا کہ چند کام ایسے ہیں جنھوں نے مجھے اس درجہ پر پہنچایا، اگر تم اختیار کر لو تو تمھیں بھی یہی درجہ اور مقام حاصل ہو جائے گا۔ وہ کام یہ ہیں: اپنی نگاہ کو پست رکھنا اور زبان کو بند رکھنا، حلال روزی پر قناعت کرنا، اپنی شرمگاہ کی حفاظت کرنا، بات میں سچائی پر قائم رہنا، عہد کو پورا کرنا، مہمان کا اکرام کرنا، پڑوسی کی حفاظت کرنا، اور فضول کام اور کلام کو چھوڑ دینا۔ (ابن کثیرؒ)

حکمت جو لقمان علیہ السلام کو دی گئی اس سے کیا مراد ہے؟

لفظ حکمت قرآن کریم میں متعدد معانی کے لئے استعمال ہوا ہے۔ علم، عقل، حِلم و بردباری، نبوّت، اصابت رائے۔

ابو حیان نے فرمایا کہ حکمت سے مراد وہ کلام ہے جس سے لوگ نصیحت حاصل کریں اور ان کے دلوں میں مؤثر ہو اور جس کو لوگ محفوظ کر کے دوسروں تک پہونچائیں۔ اور ابن عباسؓ نے فرمایا کہ حکمت سے مراد عقل و فہم اور ذہانت ہے۔ اور بعض حضرات

نے فرمایا کہ علم کے مطابق عمل کرنا حکمت ہے، اور درحقیقت ان میں کوئی تضاد نہیں، یہ سبھی چیزیں حکمت میں داخل ہیں۔ اوپر خلاصۂ تفسیر میں حکمت کا ترجمہ دانشمندی سے اور اس کی تفسیر علم باعمل سے کی گئی ہے یہ بہت جامع اور واضح ہے۔

آیت مذکورہ میں حضرت لقمان علیہ السلام کو حکمت عطا کرنے کا ذکر فرما کر آگے فرمایا ہے اَنِ اشْكُرْ لِيْ، اس میں ایک احتمال تو یہ ہے کہ یہاں قُلْنَا محذوف مانا جائے۔ مطلب یہ ہوگا کہ ہم نے لقمان کو حکمت دی اور یہ حکم دیا کہ میرا شکر ادا کیا کرو، اور بعض حضرات نے یہ بھی فرمایا ہے کہ اَنِ اشْكُرْ لِيْ خود حکمت کی تفسیر ہے، یعنی وہ حکمت جو لقمان کو دی گئی یہ تھی کہ ہم نے اس کو شکر کا حکم دیا انھوں نے تعمیل کی۔ اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر گذار ہونا سب سے بڑی حکمت ہے۔ اس کے بعد یہ جتلا دیا کہ یہ شکر گذاری کا حکم ہم نے کچھ اپنے فائدہ کے لئے نہیں دیا ہمیں کسی کے شکر کی حاجت نہیں، بلکہ یہ خود انہی کے فائدے کے لئے دیا ہے۔ کیونکہ ہمارا اضابطہ یہ ہے کہ جو شخص ہماری نعمت کا شکر ادا کرتا ہے ہم اس کی نعمت میں اور زیادتی کر دیتے ہیں۔

اس کے بعد لقمان علیہ السلام کے کچھ کلماتِ حکمت کا ذکر فرمایا ہے جو انھوں نے اپنے بیٹے کو مخاطب کر کے ارشاد فرمائے تھے، وہ کلماتِ حکمت قرآن کریم نے اس لئے نقل فرمائے کہ دوسرے لوگ بھی ان سے فائدہ اٹھائیں۔

ان کلماتِ حکمت میں سب سے اوّل تو عقائد کی درستی ہے، اور ان میں سب سے پہلی بات یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کو سارے عالم کا خالق و مالک بلاشرکت غیرے یقین کرے، اس کے ساتھ کسی غیر اللہ کو شریکِ عبادت نہ کرے کہ اس دنیا میں اس سے بڑا بھاری ظلم کوئی نہیں ہو سکتا کہ خدا تعالیٰ کی کسی مخلوق کو خالق کے برابر ٹھہرائے، اس لئے فرمایا يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ، آگے حضرت لقمان کی دوسری نصائح اور کلماتِ حکمت آئے ہیں، جو اپنے بیٹے کو مخاطب کر کے فرمائے تھے۔ درمیان میں حق تعالیٰ نے شرک کے ظلم عظیم ہونے اور کسی حال اس کے پاس نہ جانے کی ہدایات کے لئے ایک اور حکم ارشاد فرمایا:

والدین کی شکر گذاری اور اطاعت فرض ہے، مگر حکمِ الٰہی کے خلاف کسی کی اطاعت جائز نہیں

کہ اگرچہ ہم نے اولاد کو اپنے ماں باپ کی اطاعت اور شکر گذاری کی بڑی تاکید کی ہے، اور اپنی شکر گذاری و اطاعت کے ساتھ ساتھ والدین کی شکر گذاری اور اطاعت کا حکم دیا ہے، لیکن شرک ایسا ظلم عظیم اور سنگین جرم ہے کہ وہ ماں باپ کے کہنے سے اور مجبور کرنے سے بھی کسی کے لئے جائز نہیں ہوتا، اگر کسی کو اس کے والدین اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو

شریک قرار دینے پر مجبور کرنے لگیں تو اس معاملہ میں والدین کا کہنا بھی ماننا جائز نہیں۔

اور یہاں جبکہ والدین کے حقوق اور ان کی شکرگذاری کا حکم دیا گیا تو اس کی حکمت یہ بتلادی کہ اس کی ماں نے اس کے وجود و بقاء میں بڑی محنت برداشت کی ہے، کہ نو مہینے تو اس کو اپنے شکم میں رکھ کر اس کی حفاظت کی اور اس کی وجہ سے جو روز بروز اس کو ضعف پر ضعف اور تکلیف پر تکلیف بڑھتی گئی... اس کو برداشت کیا، پھر اس کے پیدا ہونے کے بعد بھی دو سال تک اس کو دودھ پلانے کی زحمت برداشت کی، جس میں ماں کو خاصی محنت بھی شب و روز اٹھانی پڑتی ہے، اور اس کا ضعف بھی اس سے بڑھتا ہے، اور چونکہ بچے کی پرورش میں محنت و مشقت زیادہ ماں اٹھاتی ہے، اس لئے شریعت میں ماں کا حق باپ سے بھی مقدم رکھا گیا ہے، وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا عَلٰى وَهْنٍ وَّفِصٰلُهٗ فِيْ عَامَيْنِ کا یہی مطلب ہے اور اس کے بعد وَاِنْ جَاهَدٰكَ میں یہ بتلایا ہے کہ غیر اللہ کو اللہ کے ساتھ شریک کرنے کے معاملہ میں والدین کی اطاعت بھی حرام ہے۔

اسلام کا بے نظیر قانونِ عدل اور ایسی صورت میں کہ ماں باپ اس کو شرک و کفر پر مجبور کریں اور اللہ تعالیٰ کا حکم یہ ہو کہ ان کی بات نہ مانو، تو طبعی طور پر انسان حد پر قائم نہیں رہتا۔ اس پر عمل کرنے میں اس کا امکان تھا کہ بیٹا والدین کے ساتھ بدکلامی یا بدخوئی سے پیش آئے ان کی توہین کرے۔ اسلام ایک قانونِ عدل ہے، ہر چیز کی ایک حد ہے، اس لئے شرک میں والدین کی اطاعت نہ کرنے کے حکم کے ساتھ ہی یہ حکم بھی دیدیا کہ:

صَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا، یعنی دین میں تو تم ان کا کہنا نہ مانو، مگر دنیا کے کاموں میں مثلاً ان کی جسمانی خدمت یا مالی اخراجات وغیرہ اس میں کمی نہ ہونے دو، بلکہ دنیوی معاملات میں اس کے عام دستور کے مطابق معاملہ کرو ان کی بے ادبی نہ کرو، انکی بات کا جواب ایسا نہ دو جس سے بلاضرورت دلآزاری ہو۔ مطلب یہ ہے کہ ان کے شرک و کفر کے معاملہ میں نہ ماننے سے جو اُن کی دل آزاری ہوگی وہ تو مجبوری کے لئے برداشت کرو، مگر ضرورت کو ضرورت کی حد میں رکھو، دوسرے معاملات میں ان کی دل آزاری سے پرہیز کرتے رہو۔

فائدہ :۔ اس آیت میں جو بچے کے دودھ چھڑانے کی مدت دو سال بتلائی گئی ہے، یہ عام عادت کے مطابق ہے۔ اس میں اس کی کوئی تشریح و تصریح نہیں کہ اس سے زیادہ مدت تک دودھ پلایا جائے تو اس کا کیا حکم ہے۔ اس مسئلہ کی تشریح سورۂ احقاف کی آیت وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا کے تحت میں انشاء اللہ تعالیٰ آئے گی۔

دوسری وصیتِ لقمانی متعلقہ عقائد

یہ ہے کہ اس کا اعتقاد جازم رکھا جائے کہ آسمان وزمین اور ان کے اندر جو کچھ ہے اس کے ایک ایک ذرّہ پر اللہ تعالیٰ کا علم بھی محیط اور وسیع ہے اور سب پر اس کی قدرت بھی کامل ہے۔ کوئی چیز کتنی ہی چھوٹی سے چھوٹی ہو جو عام نظروں میں نہ آسکتی ہو اسی طرح کوئی چیز کتنی ہی دور دراز پر ہو اسی طرح کوئی چیز کتنے ہی اندھیروں اور پردوں میں ہو اللہ تعالیٰ کے علم ونظر سے نہیں چھپ سکتی، اور وہ جس کو جب چاہیں جہاں چاہیں حاضر کر سکتے ہیں۔ یٰبُنَیَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ الآیۃ کا یہی مطلب ہے۔ اور حق تعالیٰ کے علم وقدرت کا ہر چیز پر محیط ہونا خود بھی اسلام کا بنیادی عقیدہ ہے، اور عقیدۂ توحید کی بہت بڑی دلیل ہے۔

تیسری وصیتِ لقمانی متعلقہ اصلاحِ عمل

اعمالِ واجبہ تو بہت ہیں مگر ان سب میں سب سے بڑا اور اہم عمل نماز ہے، اور خود اہم ہونے کے ساتھ وہ دوسرے اعمال کی درستی کا ذریعہ بھی ہے۔ جیسا کہ نماز کے بارے میں ارشاد ربانی ہے اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ، اس لئے اعمالِ صالحہ واجبہ میں سے نماز کے ذکر پر اکتفاء فرمایا یٰبُنَیَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ "یعنی اے میرے بیٹے نماز کو قائم کرو۔ اور جیسا کہ پہلے گذر چکا ہے کہ اقامتِ صلوٰۃ کا مفہوم صرف نماز پڑھ لینا نہیں بلکہ اس کے تمام ارکان وآداب کو پوری طرح بجالانا، اس کے اوقات کی پابندی کرنا اور اس پر مداومت کرنا سب اقامتِ صلوٰۃ کے مفہوم میں داخل ہیں۔

چوتھی وصیتِ لقمانی متعلقہ اصلاحِ خلق

اسلام ایک اجتماعی دین ہے، فرد کی اصلاح کے ساتھ جماعت کی اصلاح اس کے نظام کا اہم جزو ہے اس لئے نماز جیسے اہم فریضہ کے ساتھ امر بالمعروف ونہی عن المنکر کا فریضہ ذکر فرمایا گیا کہ لوگوں کو نیک کاموں کی دعوت دو اور برے کاموں سے روکو وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ یہ دو فریضے ہیں ایک اپنی اصلاح اور دوسرا عام مخلوق کی اصلاح۔ دونوں ایسے ہیں کہ دونوں کی پابندی میں خاصی مشقت ومحنت برداشت کرنا پڑتی ہے۔ اس پر ثابت قدم رہنا آسان نہیں، خصوصاً اصلاحِ خلق کے لئے امر بالمعروف کی خدمت کا صلہ دنیا میں ہمیشہ عداوتوں اور مخالفتوں سے ملا کرتا ہے۔ اس لئے اس وصیت کے ساتھ ہی یہ وصیت بھی فرمائی کہ وَاصْبِرْ عَلٰى مَآ اَصَابَكَ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ، یعنی ان کاموں میں تمہیں جو کچھ تکلیف پیش آئے اس پر صبر وثبات سے کام لو۔

پانچویں وصیتِ لقمانی متعلقہ آدابِ معاشرت

وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ، لَا تُصَعِّرْ، صَعَرٌ سے مشتق ہے جو اونٹ کی ایک بیماری ہے جس سے اس کی گردن مڑ جاتی ہے، جیسے

انسانوں میں لقوہ معروف بیماری ہے جس سے چہرہ ٹیڑھا ہوجاتا ہے، مراد اس سے رُخ پھیر لینا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ لوگوں کی ملاقات اور گفتگو میں ان سے منہ پھیر کر گفتگو نہ کرو جو اُن سے اعراض کرنے اور تکبّر کرنے کی علامت ہو اور اخلاقِ شریفانہ کے خلاف ہے۔

وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا، مَرَحَ اکڑ کر، اِترا کر چلنا ہے۔ معنی یہ ہیں کہ زمین کو اللہ تعالیٰ نے سارے عناصر سے پست افتادہ بنایا ہے تم اسی سے پیدا ہوئے اسی پر چلتے پھرتے ہو اپنی حقیقت کو پہچانو اترا کر نہ چلو جو متکبرین کا طریقہ ہے۔ اسی لئے اس کے بعد فرمایا اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ، "یعنی اللہ نہیں پسند کرتا کسی متکبر فخر کرنے والے کو۔

وَاقْصِدْ فِي مَشْيِكَ، یعنی اپنی چال میں میانہ روی اختیار کرو، نہ بہت دوڑ بھاگ کر چلو، کہ وہ وقار کے خلاف ہے۔ حدیث میں ہے کہ چلنے میں بہت جلدی کرنا مومن کی رونق ضائع کر دیتا ہے۔ (جامع صغیر عن ابی ہریرہؓ) اور اس طرح چلنے میں خود اپنے آپ کو یا کسی دوسرے کو تکلیف بھی پہونچنے کا خطرہ رہتا ہے۔ اور نہ بہت آہستہ چلو، جو یا تو اُن متکبّر اور تصنّع کرنے والوں کی عادت ہے جو لوگوں پر اپنا امتیاز جتانا چاہتے ہیں، یا عورتوں کی عادت ہے جو شرم وحیاء کی وجہ سے تیز نہیں چلتیں، یا پھر بیماروں کی عادت ہے جو اس پر مجبور ہیں۔ پہلی صورت حرام اور دوسری بھی اگر عورتوں کی مشابہت پیدا کرنے کے قصد سے ہو تو ناجائز ہے اور یہ قصد نہ ہو تو پھر مَردوں کے لئے ایک عیب ہے۔ اور تیسری صورت میں اللہ کی ناشکری ہے، کہ تندرستی کے باوجود بیماروں کی ہیئت بنائے۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا کہ صحابۂ کرام کو یہود کی طرح دوڑنے سے بھی منع کیا جاتا تھا، اور نصاریٰ کی طرح بہت آہستہ چلنے سے بھی۔ اور حکم یہ تھا کہ ان دونوں چالوں کی درمیانی چال اختیار کرو۔

حضرت عائشہؓ نے کسی شخص کو بہت آہستہ چلتے دیکھا جیسے ابھی مرجائے گا تو لوگوں سے پوچھا کہ یہ ایسے کیوں چلتا ہے؟ لوگوں نے بتلایا کہ یہ قُرّاء میں سے ہے۔ قُرّاء، قاری کی جمع ہے، اس زمانے میں قاری اس کو بھی کہا جاتا تھا جو تلاوتِ قرآن کی صحّت و آداب کے ساتھ قرآن کا عالم بھی ہو۔ مطلب یہ تھا کہ یہ کوئی بڑا قاری عالم ہے، اس لئے ایسا چلتا ہے۔ اس پر حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ عمر بن خطابؓ اس سے زیادہ قاری تھے، مگر ان کی عادت یہ تھی کہ جب چلتے تو تیز چلتے تھے (مراد وہ تیزی نہیں جس کی ممانعت کی گئی ہے بلکہ اس کے بالمقابل تیزی ہے) اور جب وہ کلام کرتے تھے تو اس طرح کہ لوگ اچھی طرح سُن لیں (ایسی پست آواز نہ ہوتی تھی کہ سننے والوں کو پوچھنا پڑے کہ کیا فرمایا)۔

وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ ، "یعنی آواز کو پست کرو" مراد پست کرنے سے یہ ہے کہ ضرورت سے زیادہ بلند آواز نہ نکالو، اور شور نہ کرو۔ جیسا کہ ابھی حضرت فاروقِ اعظمؓ کے متعلق گذرا کہ کلام ایسا کرتے تھے کہ حاضرین سُن لیں، انھیں سننے میں تکلیف نہ ہو۔ اس کے بعد فرمایا اِنَّ اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيْرِ "یعنی چوپاؤں میں سب سے زیادہ مکروہ آواز گدھے کی ہے جو بہت شور کرتا ہے"۔

یہاں آدابِ معاشرت میں چار چیزیں ذکر کی گئی ہیں: اوّل لوگوں سے گفتگو اور ملاقات میں متکبرانہ انداز سے رُخ پھیر کر بات کرنے کی ممانعت، دوسرے زمین پر اترا کر چلنے کی ممانعت تیسرے درمیانی چال چلنے کی ہدایت، چوتھے بہت زور سے شور مچا کر بولنے کی ممانعت۔

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عادات و شمائل میں یہ سب چیزیں جمع تھیں۔ شمائلِ ترمذی میں حضرت حسینؓ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد علی مرتضیٰؓ سے دریافت کیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب لوگوں کے ساتھ بیٹھتے تھے تو آپس میں آپ کا کیا طرز ہوتا تھا؟ انھوں نے فرمایا:

كان دائم البشر سهل الخلق لين الجانب ليس بفظٍّ ولا غليظ ولا صخاب في الاسواق ولا فحّاش ولا عيّاب ولا مُشاحٍ يتغافل عمّا لا يشتهي ولا يؤيس منه ولا يجيب فيه قد ترك نفسه من ثلاث المراء والاكبار وما لا يعنيه،

"کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ خوش و خرّم معلوم ہوتے تھے آپؐ کے اخلاق میں نرمی اور برتاؤ میں سہولت مندی تھی، آپؐ کی طبیعت سخت نہ تھی، بات بھی درشت نہ تھی، آپؐ نہ شور مچانے والے تھے نہ فحش گو تھے، نہ کسی کو عیب لگاتے تھے، نہ بخل کرتے تھے، جو چیز دل کو نہ بھاتی اس کی جانب سے غفلت برتتے تھے (مگر) دوسرے کو اس کی طرف سے ناامید بھی نہ کرتے تھے، (اگر حلال ہو اور اس کی رغبت ہو) اور جو چیز اپنی مرغوب نہ ہو دوسرے کے حق میں اس کی کاٹ نہ کرتے تھے، (بلکہ خاموشی اختیار فرماتے تھے) تین چیزیں آپؐ نے بالکل چھوڑ رکھی تھیں، (۱) جھگڑنا (۲) تکبّر کرنا (۳) جو چیز کام کی نہ ہو اس میں مشغول ہونا"۔

اَلَمْ تَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ

کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے کام میں لگا رکھے تمہارے جو کچھ ہے آسمان اور زمین میں

وَاَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً ؕ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ

اور پوری کر دیں تم پر اپنی نعمتیں کھلی اور چھپی ، اور لوگوں میں ایسے بھی ہیں

يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ﴿۲۰﴾ وَاِذَا

جو جھگڑتے ہیں اللہ کی بات میں نہ سمجھ رکھیں نہ سوجھ اور نہ روشن کتاب - اور جب

قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ

ان کو کہیے چلو اس حکم پر جو اتارا اللہ نے کہیں نہیں ہم تو چلیں گے اس پر جس پر پایا ہم نے

اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطٰنُ يَدْعُوْهُمْ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ﴿۲۱﴾

اپنے باپ دادوں کو بھلا اور جو شیطان بلاتا ہو ان کو دوزخ کی طرف تو بھی ؟

وَمَنْ يُّسْلِمْ وَجْهَهٗٓ اِلَى اللّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ

اور جو کوئی تابع کرے اپنا منہ اللہ کی طرف اور وہ ہو نیکی پر سو اس نے پکڑ لیا

بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ؕ وَاِلَى اللّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ﴿۲۲﴾ وَمَنْ كَفَرَ

مضبوط کڑا اور اللہ کی طرف ہے آخر ہر کام کا - اور جو کوئی منکر ہوا

فَلَا يَحْزُنْكَ كُفْرُهٗ ؕ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ فَنُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ

تو تو غم نہ کھا اس کے انکار سے ہماری طرف پھر آنا ہے ان کو پھر ہم جتلا دیں گے انکو جو انھوں نے کیا ہے

اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۲۳﴾ نُمَتِّعُهُمْ قَلِيْلًا ثُمَّ

البتہ اللہ جانتا ہے جو بات ہے دلوں میں - کام چلا دیں گے ہم ان کا تھوڑے دنوں پھر

نَضْطَرُّهُمْ اِلٰى عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿۲۴﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ

پکڑ بلائیں گے ان کو گاڑھے عذاب میں - اور اگر تو پوچھے ان سے کس نے بنائے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ

آسمان اور زمین تو کہیں اللہ تعالیٰ نے ، تو کہہ سب خوبی اللہ کو ہے پر وہ بہت

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۵﴾ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ

لوگ سمجھ نہیں رکھتے - اللہ کا ہے جو کچھ ہے آسمان اور زمین میں بیشک اللہ وہی ہے

الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۲۶﴾ وَلَوْ اَنَّ مَا فِي الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ

بے پروا سب خوبیوں والا۔ اور اگر جتنے درخت ہیں زمین میں قلم ہوں

وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ ؕ

اور سمندر ہو اس کی سیاہی اس کے پیچھے سات سمندر نہ تمام ہوں باتیں اللہ کی

اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۷﴾ مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ اِلَّا كَنَفْسٍ

بے شک اللہ زبردست ہے حکمتوں والا۔ تم سب کا بنانا اور مرے پیچھے جلانا ایسا ہی ہے جیسا

وَّاحِدَةٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿۲۸﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ

ایک جی کا، بیشک اللہ سب کچھ سنتا دیکھتا ہے۔ تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ داخل کرتا ہے

الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۚ

رات کو دن میں اور داخل کرتا ہے دن کو رات میں اور کام میں لگا دیا ہے سورج اور چاند کو

كُلٌّ يَّجْرِيْٓ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّاَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۲۹﴾

ہر ایک چلتا ہے ایک مقرر وقت تک اور یہ کہ اللہ خبر رکھتا ہے اس کی جو تم کرتے ہو۔

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الْبَاطِلُ ۙ

یہ اس لئے (کہا) کہ اللہ وہی ہے ٹھیک اور جس کسی کو پکارتے ہیں سوائے اس کے سو وہی جھوٹ ہے،

وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿۳۰﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِيْ ع ۳ ۱۱ ۱۲

اور اللہ وہی ہے سب سے اوپر بڑا۔ تو نے نہ دیکھا کہ جہاز چلتے ہیں سمندر

فِي الْبَحْرِ بِنِعْمَتِ اللّٰهِ لِيُرِيَكُمْ مِّنْ اٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

میں اللہ کی نعمت لے کر تاکہ دکھلائے تم کو کچھ اپنی قدرتیں البتہ اس میں نشانیاں

لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۳۱﴾ وَاِذَا غَشِيَهُمْ مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا

ہیں ہر ایک تحمل کرنیوالے احسان ماننے والے کے واسطے، اور جب سر پر آئے ان کے موج جیسے بادل

اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُمْ

پکارنے لگیں اللہ کو خالص کر کر اسی کے لئے بندگی، پھر جب بچا دیا ان کو جنگل کی طرف تو کوئی ہوتا ہے انمیں

مُّقْتَصِدٌ ۭ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُوْرٍ ﴿۳۲﴾

بیچ کی چال پر، اور منکر وہی ہوتے ہیں ہماری قدرتوں سے جو قول کے جھوٹے ہیں حق نہ ماننے والے۔

خُلاصۂ تفسیر

کیا تم لوگوں کو (مشاہدہ و دلائل سے) یہ بات معلوم نہیں ہوئی کہ اللہ تعالیٰ نے تمام چیزوں کو (بواسطہ یا بلاواسطہ) تمھارے کام میں لگا رکھا ہے جو کچھ آسمانوں میں (موجود) ہیں اور جو کچھ زمین میں (موجود) ہیں اور اس نے تم پر اپنی نعمتیں ظاہری اور باطنی پوری کر رکھی ہیں (ظاہری وہ کہ آنکھ کان وغیرہ سے معلوم ہوں اور باطنی وہ جو کہ عقل سے سمجھی جائیں، اور مراد نعمتوں سے وہ نعمتیں ہیں جو تسخیر سمٰوٰت و ارض پر مرتب ہوتی ہیں پس اس سے سب مخاطبین کا مشرف باسلام ہونا لازم نہیں آتا) اور باوجودیکہ (اس دلیل سے توحید ثابت ہوتی ہے مگر) بعضے آدمی ایسے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں (یعنی اس کی توحید میں) بدون واقفیت (یعنی علم ضروری) اور بدون دلیل (یعنی علم استدلال عقلی) اور بدون کسی روشن کتاب (یعنی علم استدلال نقلی) کے جھگڑا کرتے ہیں اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ اس چیز کا اتباع کرو جو اللہ تعالیٰ نے نازل فرمائی ہے (یعنی حق کو ثابت کرنے والے دلائل میں غور کر کے ان کا اتباع کرو) تو (جواب میں) کہتے ہیں کہ (ہم اس کا اتباع) نہیں (کرتے) ہم (تو) اسی کا اتباع کریں گے جس پر ہم نے اپنے بڑوں کو پایا ہے، (آگے ان پر رد ہے کہ) کیا اگر شیطان ان کے بڑوں کو عذاب دوزخ کی طرف (یعنی گمراہی کی طرف جو کہ سبب ہے عذابِ دوزخ کا) بلاتا رہا ہو تب بھی (انہی کا اتباع کریں گے، مطلب یہ کہ ایسے معاند ہیں کہ باوجود اس کے کہ ان کو دلیل کی طرف بلایا جاتا ہے مگر پھر بھی بلا دلیل بلکہ خلاف دلیل محض گمراہ باپ دادا کی راہ پر چلتے ہیں یہ حالت تو اہلِ ضلالت کی ہوئی) اور جو شخص (حق کا اتباع کر کے) اپنا رُخ اللہ کی طرف جھکا دے (یعنی فرمانبرداری اختیار کرے عقائد میں بھی اعمال میں بھی، مراد اسلام و توحید ہے) اور (اس کے ساتھ) وہ مخلص بھی ہو (یعنی محض ظاہری اسلام نہ ہو) تو اس نے بڑا مضبوط حلقہ تھام لیا (یعنی وہ اس شخص کے مشابہ ہو گیا جو کسی مضبوط رسّی کا حلقہ ہاتھ میں تھام کر گرنے سے مامون رہتا ہے، اسی طرح یہ شخص ہلاکت و خسران سے محفوظ ہو گیا) اور آخر سب کاموں کا انجام اللہ ہی کی طرف پہونچے گا (پس یہ اعمال یعنی اتباعِ باطل و اتباعِ حق بھی اسی کے حضور میں پیش

ہوں گے، پس وہ ہر ایک کو مناسب جزاء وسزا دے گا) اور جو شخص (حق کو ثابت کرنے والے دلائل کے باوجود) کفر کرے سو آپؐ کے لئے اس کا کفر باعثِ غم نہ ہونا چاہئے، (یعنی آپؐ غم نہ کریں) ان سب کو ہمارے ہی پاس لوٹنا ہے سو ہم ان سب کو جتلا دیں گے جو جو کچھ وہ (دنیا میں) کیا کرتے تھے (کیونکہ) اللہ تعالیٰ کو (تو) دلوں کی باتیں (تک) خوب معلوم ہیں (تو ظاہری اعمال کا معاملہ ظاہر ہے، پس ہم سے کوئی امر مخفی نہیں سب جتلا دیں گے اور مناسب سزا دیں گے، اس لئے آپ کچھ غم نہ کریں اور یہ لوگ اگر محض چند روزہ عیش پر پھول رہے ہیں تو ان کی بڑی غلطی ہے، کیونکہ یہ دائمی نہیں بلکہ) ہم ان کو چند روزہ عیش دیئے ہوئے ہیں پھر ان کو کشاں کشاں ایک سخت عذاب کی طرف لے آویں گے (پس اس پر ناز کرنا جہالت ہے) اور (ہم جس توحید کی طرف ان کو بلا رہے ہیں اس کے مقدمات کو خود یہ لوگ بھی تسلیم کرتے ہیں، مگر اس سے صحیح نتیجہ تک پہونچنے کا کام نہیں لیتے چنانچہ) اگر آپؐ ان سے پوچھیں کہ آسمان وزمین کو کس نے پیدا کیا ہے تو ضرور یہی جواب دیں گے کہ اللہ نے (اس پر) آپ کہئے کہ الحمد للہ (جو مقدمہ مہتم بالشان تھا وہ تو تمہارے اعتراف سے ثابت ہوا اور دوسرا مقدمہ نہایت ہی ظاہر ہے کہ جو خود مخلوق ومصنوع ہو وہ مستحق عبادت نہیں پس مطلوب ثابت ہو گیا، مگر یہ لوگ مطلوب کو نہیں مانتے) بلکہ ان میں اکثر (تو مجموعۂ مقدمات کو بھی) نہیں جانتے (چنانچہ دوسرے مقدمہ جلیّہ کی طرف بھی توجہ نہیں کرتے کہ معبود ہونا صرف خالق کا حق ہے اور اللہ کی وہ شان ہے کہ) جو کچھ آسمان وزمین میں موجود ہے سب اللہ ہی کا (مملوک) ہے (پس سلطنت تو ان کی ایسی) اور بیشک اللہ تعالیٰ (خود اپنی ذات میں بھی) بے نیاز (اور) سب خوبیوں والا ہے (پس سزاوارِ الوہیّت وہی ہے) اور (اس کی خوبیاں اس کثرت سے ہیں کہ) جتنے درخت زمین بھر میں ہیں اگر وہ سب قلم بن جائیں (یعنی متعارف قلم کے برابر ان کے اجزاء کے قلم بنا لئے جائیں اور ظاہر ہے کہ اس طرح ایک ایک درخت میں ہزاروں قلم تیار ہوں) اور یہ جو سمندر ہے اس کے علاوہ سات سمندر (روشنائی کی جگہ) اس میں اور شامل ہو جائیں (اور پھر ان قلموں اور اس روشنائی سے حق تعالیٰ کے کمالات لکھنا شروع کریں) تو (سب قلم روشنائی ختم ہو جائیں اور) اللہ کی باتیں (یعنی وہ کلمات جن سے اللہ تعالیٰ کے کمالات کی حکایت ہوتی ہو) ختم نہ ہوں، بیشک خدا تعالیٰ زبردست حکمت والا ہے (کہ وہ قدرت میں بھی کامل ہے اور علم میں بھی، اور یہ دونوں صفتیں چونکہ تمام صفات وافعال سے تعلق رکھتی ہیں، شاید اس لئے بعد عموم کے ان کو خصوصاً بیان فرما دیا، اور اس کمالِ صفتِ قدرت کی ایک فرع عالمِ

آخرت بھی ہے، جس کو بدفہم دشوار سمجھ رہے ہیں، حالانکہ وہ ایسا قادر ہے کہ) تم سب کا (پہلی بار) پیدا کرنا اور (دوسری بار) زندہ کرنا (اس کے نزدیک) بس ایسا ہی ہے جیسا ایک شخص کا (پیدا کرنا اور زندہ کرنا۔ گو یہاں مقصود قرینۂ مقام سے بعث کا ذکر فرمانا ہے، لیکن ذکر خلق سے استدلال اور قوی ہو گیا ہے) بیشک اللہ تعالیٰ سب کچھ سنتا اور سب کچھ دیکھتا ہے، (پس جو لوگ باوجود ان دلائل کے قیامت کا انکار کر رہے ہیں اور اس جرأت پر فسق و فجور کرتے ہیں ان سب کو سن رہا ہے دیکھ رہا ہے ان کو سزا دے گا، آگے پھر توحید کا بیان ہے، کہ) اے مخاطب کیا تجھ کو یہ معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ رات (کے اجزاء) کو دن میں اور دن (کے اجزاء) کو رات میں داخل کر دیتا ہے، اور اس نے سورج اور چاند کو کام میں لگا رکھا ہے کہ ہر ایک مقررہ وقت تک (یعنی قیامت تک) چلتا رہے گا اور (کیا تجھ کو) یہ (معلوم نہیں) کہ اللہ تعالیٰ تمھارے سب عملوں کی پوری خبر رکھتا ہے (پس اس کمال علمی و عقلی کا مقتضیٰ یہ ہے کہ شرک چھوڑ دیا جائے، اور اوپر جو ان افعالِ مذکورہ کا اختصاص حق تعالیٰ کے ساتھ بیان کیا گیا ہے) یہ (اختصاص) اس سبب سے ہے کہ اللہ ہی ہستی میں کامل (اور واجب الوجود) ہے اور جن چیزوں کی اللہ کے سوا یہ لوگ عبادت کر رہے ہیں بالکل ہی لچر ہیں اور اللہ ہی عالی شان اور (سب سے) بڑا ہے (اس لئے یہ سب تصرّفات اسی کے لئے مختص ہیں، البتہ اگر دوسرے موجودات باطل اور فانی اور ممکن نہ ہوتے، بلکہ نعوذ باللہ کوئی اور بھی واجب الوجود ہوتا تو پھر یہ تصرفات حق تعالیٰ کے ساتھ مختص نہ ہوتے، چنانچہ ظاہر ہے)۔

اے مخاطب کیا تجھ کو (توحید کی) یہ (دلیل) معلوم نہیں کہ اللہ ہی کے فضل سے کشتی دریا میں چلتی ہے، تاکہ تم کو اپنی (قدرت کی) نشانیاں دکھلا دے (چنانچہ ہر ممکن کا وجود اپنے پیدا کرنے والے کے وجود کی دلیل ہے، اسی طور پر) اس میں (بھی قدرت کی) نشانیاں ہیں ہر ایسے شخص کے لئے جو صابر و شاکر ہو (مراد اس سے مؤمن ہے کہ صبر و شکر میں کامل ہونا اسی کی صفت ہے، نیز صبر و شکر محرک ہے تذکّر و تدبّرِ عالم کو اور استدلال کے لئے تذکّر و تفکّر ضروری ہے، اسی لئے یہ دونوں وصف یہاں مناسب ہوئے بالخصوص کشتی کی حالت کے اعتبار سے کہ موجوں کا اُٹھنا محلِ صبر ہے، اور بسلامت کنارہ پر جا لگنا محلِ شکر ہے، پس جو لوگ ان سب واقعات میں فکر کرتے رہتے ہیں استدلال کی توفیق انہی کو ہوتی ہے) اور (جیسا اوپر آیت وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ میں مقدماتِ دلیل کا اعتراف ان کفار کی طرف سے ثابت ہے، بعض اوقات خود نتیجۂ دلیل یعنی توحید کا بھی

اعتراف کرتے ہیں جس سے توحید خوب ہی واضح ہو گئی، چنانچہ) جب ان لوگوں کو موجیں سائبانوں (یعنی بادلوں) کی طرح (محیط ہو کر) گھیر لیتی ہیں تو وہ خالص اعتقاد کر کے اللہ ہی کو پکارنے لگتے ہیں، پھر جب ان کو نجات دے کر خشکی کی طرف لے آتا ہے، سو بعضے تو ان میں اعتدال پر رہتے ہیں (یعنی کجی شرک کو چھوڑ کر توحید کو جو کہ اعدل الطرق ہے اختیار کر لیتے ہیں) اور (بعضے پھر ہماری آیتوں کے منکر ہو جاتے ہیں اور) ہماری آیتوں کے بس وہی لوگ منکر ہوتے ہیں جو بدعہد اور ناشکرے ہیں (کہ کشتی میں جو عہد توحید کا کیا تھا اس کو توڑ دیا اور خشکی میں آنے کا مقتضی تھا شکر کرنا اس کو چھوڑ دیا)۔

معارف و مسائل

شروع سورۃ میں کفار و مشرکین کو اس پر تنبیہ تھی کہ اللہ تعالیٰ کے علم محیط اور قدرتِ مطلقہ کے مظاہر دیکھنے کے باوجود یہ لوگ اپنے کفر و شرک پر مصر ہیں، اور ان کے بالمقابل اطاعت شعار مؤمنین کی مدح اور ان کے انجامِ خیر کا ذکر تھا۔ درمیان میں حضرت لقمان علیہ السلام کی وصایا کا ذکر بھی ایک حیثیت سے انہی مضامین کی تکمیل تھی۔ آیات مذکورہ میں حق تعالیٰ کے علم و قدرت کے محیط ہونے اور مخلوق پر اس کے انعامات و احسانات کا ذکر کر کے پھر توحید کی طرف دعوت ہے۔

سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ، یعنی مسخر کر دیا اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے ان تمام چیزوں کو جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں۔ مسخر کرنے کے مشہور معنی کسی چیز کو کسی کے تابعِ فرمان بنا دینے کے ہیں۔ یہاں اس پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اوّل تو زمین کی سب چیزیں بھی انسان کے تابعِ فرمان نہیں۔ بلکہ بہت سی چیزیں اس کے مزاج کے خلاف کام کرتی ہیں۔ خصوصاً جو چیزیں آسمانوں میں ہیں ان میں تو انسان کے تابعِ فرمان ہونے کا کوئی احتمال ہی نہیں۔ جواب یہ ہے کہ دراصل تسخیر کے معنی کسی چیز کو زبردستی کسی خاص کام میں لگا دینا اور اس پر مجبور کر دینا ہے آسمان و زمین کی سب مخلوقات کو انسان کے لئے مسخر کرنے کا مطلب یہ ہے کہ ان تمام مخلوقات کو انسان کی خدمت اور نفع رسانی میں لگا دیا۔ ان میں بہت سی چیزوں کو تو اس طرح خدمت میں لگایا کہ ان کو انسان کا تابعِ فرمان بھی بنا دیا وہ جس وقت جس طرح چاہے ان کو استعمال کرتا ہے۔ بہت سی چیزیں ایسی ہیں کہ ان کو انسان کے کام میں تو لگا دیا گیا ہے کہ وہ انسان کی خدمت میں لگی ہوئی ہیں، مگر

بتقاضائے حکمتِ ربانی ان کو انسان کے تابع نہیں بنایا گیا، جیسا کہ آسمانی مخلوق اور سیارات اور برق و باراں وغیرہ کہ ان کو انسان کے حکم کا تابع بنا دیا جاتا تو انسانوں کی طبائع اور مزاجوں اور حالات کے اختلافات کا ان پر اثر پڑتا۔ ایک انسان چاہتا کہ آفتاب جلدی طلوع ہو جائے دوسرے کی ضرورت اس پر موقوف ہوتی کہ اس میں دیر لگے، ایک شخص بارش مانگتا دوسرا سفر میں ہے کھلے میدان میں ہے وہ چاہتا ــــ کہ بارش نہ ہو۔ تو یہ متضاد تقاضے آسمانی کائنات کے عمل میں تضاد اور خلل پیدا کرتے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے ان سب چیزوں کو انسان کی خدمت میں لگا دیا مگر اس کا تابعِ حکم نہیں بنایا، یہ بھی ایک قسم کی تسخیر ہی ہے۔ واللہ اعلم

وَاَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً، اسباغ کے معنی مکمل کرنے کے ہیں معنی یہ ہیں کہ مکمل کر دیا اللہ تعالیٰ نے تم پر اپنی ظاہری نعمتوں کو اور باطنی نعمتوں کو۔ ظاہری نعمتوں سے مراد وہ نعمتیں ہیں جو انسان اپنے حواسِ خمسہ سے محسوس اور معلوم کر لیتا ہے، مثلاً حسنِ صورت، اعضائے انسانی کا اعتدال اور ہر عضو کو ایسے تناسب سے بنانا جو انسان کے عمل میں زیادہ سے زیادہ معین بھی ہو اور اس کی شکل و صورت کو بھی نہ بگاڑے۔ اسی طرح رزق مال و دولت، اسبابِ معیشت، تندرستی اور عافیت یہ سب ظاہری نعمتیں اور محسوس نعمتیں ہیں۔ اسی طرح دینِ اسلام کو سہل کر دینا اور اللہ و رسولؐ کی اطاعت کی توفیق ہونا اور اسلام کا دوسرے ادیان پر غالب آنا اور دشمنوں کے مقابلہ میں مسلمانوں کی مدد ہونا بھی انہی نعمائے ظاہرہ میں داخل ہیں۔ اور باطنی نعمتیں وہ ہیں جو انسان کے قلب سے متعلق ہوں، جیسے ایمان اور اللہ تعالیٰ کی معرفت اور علم و عقل، حسنِ اخلاق، گناہوں کی پردہ پوشی، اور جرائم پر فوری سزا نہ ملنا وغیرہ ہیں۔

وَلَوْ اَنَّ مَا فِي الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ، اس آیت میں حق تعالیٰ نے اپنی معلومات اور اپنی قدرت کے تصرّفات اور اپنی نعمتوں کی ایک مثال دی ہے کہ وہ غیر متناہی ہیں۔ نہ کسی زبان سے وہ سب ادا ہو سکتے ہیں نہ کسی قلم سے سب کو لکھا جا سکتا ہے۔ مثال یہ فرمائی کہ ساری زمین میں جتنے درخت ہیں اگر ان کی سب شاخوں کے قلم بنا لئے جائیں اور ان کے لکھنے کے لئے سمندر کو روشنائی بنا دیا جائے اور یہ سب قلم حق تعالیٰ کی معلومات اور تصرّفاتِ قدرت کو لکھنا شروع کریں تو سمندر ختم ہو جائے گا اور معلومات و تصرّفات ختم نہ ہوں گے۔ اور ایک سمندر نہیں اس جیسے سات سمندر اور بھی شامل کر دیئے جائیں، جب بھی سب سمندر ختم ہو جائیں گے لیکن اللہ تعالیٰ کے کلمات ختم نہ ہوں گے۔ کلمات اللہ سے مراد اس کے علم و حکمت کے کلمات ہیں (روح و مظہری) اور شیونِ قدرت اور

نعمائے الٰہیہ بھی اس میں داخل ہیں۔ اور سات سمندر سے مطلب یہ نہیں کہ کہیں سات سمندر موجود ہیں، بلکہ مراد یہ ہے کہ ایک سمندر کے ساتھ فرض کرلو اور سات سمندر مل جائیں جب بھی ان سب سے سب کلمات اللہ کو ضبطِ تحریر میں نہیں لایا جاسکتا۔ اور سات کا عدد بھی بطور مثال ہے، حصر مقصود نہیں۔ اور دلیل اس کی دوسری آیت قرآن ہے جس میں فرمایا ہے

قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا، یعنی اگر سمندر کو کلمات اللہ کو لکھنے کے لئے روشنائی بنالیا جائے تو سمندر ختم ہو جائے گا اور کلمات اللہ ختم نہ ہوں گے، اور صرف یہی سمندر نہیں اسی جیسے اور سمندر کو بھی شامل کردیں تب بھی بات یہی رہے گی۔ اس آیت میں بِمِثْلِهٖ فرما کر اشارہ کردیا کہ یہ سلسلہ دور تک چلا یا جائے کہ اس سمندر کے مثل دوسرا سمندر مل گیا پھر اس کی مثل تیسرا چوتھا، غرض سمندروں کی کتنی ہی مقدار فرض کرلو... ان کی روشنائی کلمات اللہ کا احاطہ نہیں کرسکتی۔ عقلی طور پر وجہ ظاہر ہے کہ سمندر سات نہیں سات ہزار بھی ہوں وہ بہرحال محدود اور متناہی ہیں اور کلمات اللہ یعنی معلومات اللہ غیر متناہی ہیں، کوئی متناہی چیز غیر متناہی کا احاطہ کیسے کرسکتی ہے۔

بعض روایات میں ہے کہ یہ آیت احبار یہود کے ایک سوال کے جواب میں نازل ہوئی وجہ یہ تھی کہ قرآن کی آیت ہے وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا، یعنی تمھیں نہیں دیا گیا مگر تھوڑا سا علم، جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ طیبہ میں تشریف لائے تو چند احبار یہود حاضر ہوئے اور اس آیت کے بارے میں معارضہ کیا کہ آپ جو کہتے ہیں کہ تمھیں تھوڑا علم دیا گیا، یہ آپ نے اپنی قوم کا حال ذکر کیا ہے، یا اس میں آپ نے ہمیں بھی داخل کیا ہے؟ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری مراد سب ہیں، یعنی ہماری قوم بھی اور یہود و نصاریٰ بھی تو انھوں نے یہ معارضہ کیا کہ ہمیں تو اللہ تعالیٰ نے تورات عطا فرمائی ہے، جس کی شان تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ، یعنی ہر چیز کا بیان ہے۔ آپ نے فرمایا کہ وہ بھی علمِ الٰہی کے مقابلہ میں قلیل ہی ہے۔ پھر تورات میں جتنا علم ہے اس کا بھی تمھیں پورا علم نہیں، بقدر کفایت ہی ہے۔ اس لئے علمِ الٰہی کے مقابلہ میں ساری آسمانی کتابوں اور سب انبیاء کے علوم کا مجموعہ بھی قلیل ہی ہے۔ اسی کلام کی تائید کے لئے یہ آیت نازل ہوئی۔ وَلَوْ اَنَّ مَا فِي الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ، الآیۃ (ابن کثیر)

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا يَوْمًا لَّا يَجْزِيْ وَالِدٌ عَنْ

اے لوگو! بچتے رہو اپنے رب سے اور ڈرو اس دن سے کہ کام نہ آئے کوئی باپ اپنے

وَّلَدِهٖ وَلَا مَوْلُوْدٌ هُوَ جَازٍ عَنْ وَّالِدِهٖ شَيْـًٔا ۭ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ

بیٹے کے بدلے اور نہ کوئی بیٹا ہو جو کام آئے اپنے باپ کی جگہ کچھ بھی، بیشک اللہ کا وعدہ

حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۪ وقف وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ

سچا ہے، سو تم کو نہ بہکائے دنیا کی زندگانی اور نہ دھوکا دے تم کو اللہ کے نام

الْغَرُوْرُ ۝۳۳ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ ۚ

سے وہ دغاباز۔ بیشک اللہ کے پاس ہے قیامت کی خبر اور اتارتا ہے مینہ

وَيَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِ ۭ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ۭ

اور جانتا ہے جو کچھ ہے ماں کے پیٹ میں، اور کسی جی کو معلوم نہیں کہ کل کو کیا کرے گا،

ع ۴ ۱۳ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌۢ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ۝۳۴

اور کسی جی کو خبر نہیں کہ کس زمین میں مرے گا، تحقیق اللہ سب کچھ جاننے والا خبردار ہے۔

خُلاصۂ تفسیر

اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو (اور کفر و شرک چھوڑ دو) اور اس دن سے ڈرو جس میں نہ کوئی باپ اپنے بیٹے کی طرف سے کچھ مطالبہ ادا کر سکے گا اور نہ کوئی بیٹا ہی ہو کہ وہ اپنے باپ کی طرف سے ذرا بھی مطالبہ ادا کر دے (اور یہ دن آنے والا ضرور ہے، کیونکہ اس کی نسبت اللہ کا وعدہ ہے اور) یقیناً اللہ کا وعدہ سچا (ہوتا) ہے سو تم کو دنیاوی زندگانی دھوکہ میں نہ ڈالے (کہ اس میں منہمک ہو کر اس دن سے غافل رہو) اور نہ تم کو وہ دھوکہ باز (یعنی شیطان) اللہ سے دھوکہ میں ڈالے (کہ تم اس کے اس بہکانے میں آجاؤ کہ اللہ تم کو عذاب نہ دے گا جیسا کہا کرتے تھے وَلَئِنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى) بیشک اللہ ہی کو قیامت کی خبر ہے اور وہی (اپنے علم کے موافق) مینھ برساتا ہے (پس اس کا علم اور قدرت بھی اسی کے ساتھ خاص ہے) اور وہی جانتا ہے جو کچھ (لڑکا لڑکی حاملہ کے) رحم میں ہے اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ وہ کل کیا عمل کریگا (اس کی بھی اسی کو خبر ہے)۔

اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ وہ کس زمین میں مرے گا (اس کی بھی اسی کو خبر ہے اور انہی چیزوں کی کیا تخصیص ہے جتنے غیوب ہیں) بیشک اللہ (ہی ان) سب باتوں کا جاننے والا (اور ان سے) باخبر ہے (کوئی دوسرا اس میں شریک نہیں)۔

معارف و مسائل

مذکور الصدر دو آیتوں میں سے پہلی آیت میں مؤمن و کافر عام لوگوں کو خطاب فرما کر اللہ تعالیٰ اور قیامت کے حساب و کتاب سے ڈر اکر اس کے لئے تیاری کی ..... ہدایت کی گئی ہے یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ یعنی اے لوگو! ڈرو اپنے پروردگار سے۔ اس جگہ اللہ تعالیٰ کے نام یا کسی دوسری صفت کے بجائے صفتِ ربّ کے انتخاب کرنے میں اشارہ اس طرف ہے کہ اللہ تعالیٰ سے خوف کا جو حکم ہے یہ وہ خوف نہیں جو کسی درندہ یا دشمن سے عادۃً ہوا کرتا ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ تو تمہارا ربّ اور پالنے والا ہے، اس سے اس طرح کا کوئی خطرہ نہیں ہونا چاہیئے۔ بلکہ خوف سے مراد اس جگہ وہ خوف ہے جو اپنے بڑوں اور بزرگوں کی عظمت و ہیبت کی وجہ سے ہونا لازم ہے، جیسے بیٹا اپنے باپ سے، شاگرد استاد سے ڈرتا ہے۔ وہ کوئی اس کے دشمن یا ضرر پہونچانے والے نہیں، مگر ان کی عظمت و ہیبت دلوں میں ہوتی ہے، وہی ان کو باپ اور استاذ کی اطاعت پر مجبور کرتی ہے۔ یہاں بھی یہی مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ کی عظمت و ہیبت تمہارے قلوب پر حاوی ہونا چاہیئے تاکہ تم اس کی مکمل اطاعت آسانی سے کر سکو۔

وَاخْشَوْا يَوْمًا لَّا يَجْزِيْ وَالِدٌ عَنْ وَّلَدِهٖ وَلَا مَوْلُوْدٌ هُوَ جَازٍ عَنْ وَّالِدِهٖ شَيْـًٔا، یعنی اس روز سے ڈرو جس میں نہ کوئی باپ اپنے بیٹے کو کوئی نفع پہونچا سکے گا، اور نہ بیٹا باپ کو نفع پہنچانے والا ہوگا،

مراد اس سے وہ باپ اور بیٹے ہیں جن میں ایک مؤمن ہو دوسرا کافر۔ کیونکہ مؤمن باپ نہ اپنے کافر بیٹے کے عذاب میں کوئی کمی کر سکے گا نہ اس کو کوئی نفع پہنچا سکے گا اسی طرح مؤمن بیٹا اپنے کافر باپ کے کچھ کام نہ آسکے گا۔

وجہ اس تخصیص کی قرآن کریم کی ـــــ دوسری آیات اور روایات حدیث ہیں جن میں اس کی تصریح ہے کہ قیامت کے روز ماں باپ اولاد کی اور اولاد ماں باپ کی شفاعت کریں گے، اور اس شفاعت کی وجہ سے ان کو کامیابی بھی ہوگی۔ قرآن کریم میں ہے وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ

"یعنی جو لوگ ایمان لائے اور ان کی اولاد بھی ایمان میں ان کے تابع ہوئی، یعنی وہ بھی مؤمن ہوگئے تو ہم ان کی اولاد کو بھی ان کے ماں باپ صالحین کے درجہ میں پہونچادیں گے"، اگرچہ ان کے اپنے اعمال اس درجہ کے قابل نہ ہوں مگر صالح والدین کی برکت سے قیامت میں بھی ان کو یہ نفع پہونچے گا کہ والدین کے مقام پر پہونچا دیا جائے گا، مگر اس میں شرط یہی ہے کہ اولاد مؤمن ہو، اگرچہ عمل میں کچھ کوتاہی ہوئی ہو۔

اسی طرح ایک دوسری آیت میں ہے جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ، یعنی ہمیشہ رہنے کی جنتوں میں داخل ہوں گے اور ان کے ساتھ وہ لوگ بھی داخل ہوں گے جو ان کے ماں باپ بیویوں اور اولاد میں سے اس قابل ہوں گے، مراد قابل ہونے سے مؤمن ہونا ہے۔

ان دونوں آیتوں سے ثابت ہوا کہ ماں باپ اور اولاد، اسی طرح شوہر اور بیوی اگر مؤمن ہونے میں مشترک ہوں تو پھر ایک سے دوسرے کو محشر میں بھی فائدہ پہونچیگا۔ اسیطرح متعدد روایاتِ حدیث میں اولاد کا ماں باپ کی شفاعت کرنا منقول ہے۔ اس لئے آیتِ مذکورہ کا یہ ضابطہ کہ کوئی باپ بیٹے کو اور بیٹا باپ کو محشر میں کوئی فائدہ نہ پہونچا سکے گا، یہ اسی صورت میں ہے کہ ان میں سے ایک مؤمن ہو دوسرا کافر (مظہری)

فائدہ : یہاں یہ بات قابلِ غور ہے کہ اس آیت میں باپ، بیٹے کو نفع نہ پہنچا سکے گا یہاں تو جملۂ فعلیہ کی صورت میں لَا يَجْزِيْ وَالِدٌ عَنْ وَّلَدِهٖ کے الفاظ سے ذکر فرمایا اور دوسری جانب میں دو تغیر کئے گئے، ایک یہ کہ اس کو جملہ اسمیہ کی صورت میں بیان فرمایا، دوسرے اس میں وَلَد کے بجائے لفظ مَوْلُوْد اختیار فرمایا۔ حکمت اس میں یہ ہے کہ جملہ اسمیہ بہ نسبت فعلیہ کے زیادہ مؤکد ہوتا ہے۔ اس تغیر جملہ میں اس فرق کی طرف اشارہ کردیا جو باپ اور اولاد میں ہے کہ باپ کی محبّت اولاد کے ساتھ اشدّ ہے، اس کے برعکس اولاد کی محبت کا یہ درجہ دنیا میں بھی نہیں ہوتا محشر میں نفع رسانی کی نفی تو دونوں سے کردی گئی، مگر اولاد کی عدم نفع رسانی کو مؤکد کرکے بیان فرمایا۔ اور لفظ وَلَد کے بجائے مَوْلُوْد اختیار کرنے میں یہ حکمت ہے کہ مولود صرف اولاد کو کہا جاتا ہے اور لفظ وَلَد عام ہے اولاد کی اولاد کو بھی شامل ہے۔ اس میں دوسرے رُخ سے اسی مضمون کی تائید اس طرح ہوگئی کہ خود صلبی بیٹا بھی باپ کے کام نہ آئے گا، تو پوتے پڑپوتے کا حال معلوم ہے۔

اور دوسری آیت میں پانچ چیزوں کے علم کا بالخصوص حق تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہونا، اس کے سوا کسی مخلوق کو ان کا علم نہ ہونا بیان فرمایا ہے، اور اسی پر سورۂ لقمٰن ختم

کی گئی ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌۢ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ، "یعنی اللہ ہی کے پاس ہے علم قیامت کا (کہ کس سال کس تاریخ میں آئے گی) اور وہی بارش کو اتارتا ہے اور وہی جانتا ہے جو شکمِ مادر میں ہے (کہ لڑکی ہے یا لڑکا اور کس شکل وصورت کا ہے) اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ وہ کل کو کیا کمائے گا (یعنی خیر وشر میں سے کیا حاصل کرے گا) اور کوئی نہیں جانتا کہ وہ کس زمین میں مرے گا۔

پہلی تین چیزوں میں اگرچہ یہ تصریح نہیں کی گئی کہ ان کا علم اللہ کے سوا کسی کو نہیں ہے، مگر کلام ایسے عنوان سے ذکر کیا گیا ہے جس سے اُن چیزوں کے علم کا انحصار علمِ الٰہی میں معلوم ہوتا ہے، اور باقی دو چیزوں میں اس کی تصریح موجود ہے کہ ان کا علم اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو نہیں۔ انہی پانچ چیزوں کو سورۂ انعام کی آیت میں مفاتح الغیب فرمایا گیا ہے وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ، "یعنی صرف اللہ ہی کے پاس ہے علم مفاتح غیب کا، کوئی نہیں جانتا ان کو بجز اللہ تعالیٰ کے"۔ حدیث میں اس کو مفاتیح الغیب فرمایا گیا ہے مَفَاتِحُ اور مَفَاتِيْحُ مِفْتَاحٌ کی جمع ہے، کنجی یا چابی کو کہتے ہیں، جس سے قفل کھلتے ہیں.... مراد اس سے اصول الغیب ہیں، جن سے معلوماتِ غیب کھلتے ہیں۔

مسئلۂ علمِ غیب اس مسئلہ کی تفصیل بقدر ضرورت سورۂ نمل کی آیت قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ، کے تحت میں گذر چکی ہے۔ اس آیت میں مطلقاً علمِ غیب کا حق تعالیٰ کے لئے مخصوص ہونا صراحۃً بیان فرمایا گیا ہے اور یہی پوری اُمت کا عقیدہ سلفاً وخلفاً رہا ہے۔ آیت زیر بحث میں جو صرف پانچ چیزوں کو خصوصیت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے کہ ان کا علم کسی مخلوق کو نہیں، صرف اللہ تعالیٰ ہی ان کو جانتا ہے، یہ کوئی تخصیص کے لئے نہیں، ورنہ سورۂ نمل کی آیت سے تضاد ہو جائیگا بلکہ ان پانچ چیزوں کا خاص اہتمام بتلانے کے لئے یہاں ان کا ذکر فرمایا ہے۔

اور وجہ تخصیص واہتمام کی یہ ہے کہ عام طور پر جن غیب کی چیزوں کو انسان معلوم کرنے کا شائق ہوتا ہے وہ یہی پانچ چیزیں ہیں، نیز علمِ غیب کا دعویٰ کرنے والے نجومی وغیرہ جن چیزوں کی خبریں لوگوں کو بتا کر اپنا عالم الغیب ہونا ثابت کرتے ہیں وہ یہی پانچ چیزیں ہیں۔ اور بعض روایات میں ہے کہ کسی شخص نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے انہی پانچ چیزوں کے متعلق دریافت کیا تھا اس پر یہ آیت نازل ہوئی، جن میں ان پانچوں کے علم کا اللہ تعالیٰ

کے ساتھ مخصوص ہونا بیان فرمایا گیا ہے۔ (روح)

اور حدیث میں جو بروایت ابن عمرؓ و ابن مسعودؓ یہ ارشاد آیا ہے کہ اُوْتِیْتُ مَفَاتِحَ کُلِّ شَیْءٍ اِلَّا الْخَمْسَ (اخرجہ الامام احمد، ابن کثیر) اس میں لفظ اُوْتِیْتُ نے خود یہ بات واضح کر دی کہ ان پانچ چیزوں کے علاوہ جن غائبات کا علم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہوا وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بطور وحی دیا گیا تھا، اس لئے وہ علمِ غیب کی تعریف میں شامل نہیں۔ کیونکہ انبیاء علیہم السلام کو بذریعہ وحی ـــــ اور اولیاء کو بذریعہ الہام جو غیب کی چیزوں کی خبریں اللہ تعالیٰ کی طرف سے دیدی جاتی ہیں وہ حقیقت کے اعتبار سے علمِ غیب نہیں، جس کی بناء پر ان کو عالم الغیب کہا جاسکے بلکہ وہ اَنْبَاءُ الْغَیْبِ یعنی غیب کی خبریں ہیں۔ اللہ تعالیٰ جب چاہتا ہے اور جتنا چاہتا ہے اپنے فرشتوں اور رسولوں اور مقبول بندوں کو عطا فرما دیتا ہے۔ قرآن کریم میں ان کو اَنْبَآءُ الْغَیْبِ فرمایا گیا ہے مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ نُوْحِیْهَاۤ اِلَیْكَ۔

اس لئے مطلب حدیث کا یہ ہے کہ ان پانچ چیزوں کو تو اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات کے ساتھ ایسا مخصوص فرمایا ہے کہ بطور انباء غیب کے بھی فرشتے اور رسول کو اس کا علم نہیں دیا گیا۔ اس کے علاوہ دوسری مغیبات کا علم بہت کچھ انبیاء علیہم السلام کو بذریعہ وحی دیدیا جاتا ہے۔

اس تقریر سے بھی ایک اور وجہ ان پانچ چیزوں کے خصوصی ذکر کی معلوم ہو گئی۔

ایک شبہ اور جواب مذکورہ آیت سے یہ ثابت ہوا کہ مطلق علم غیب جو حق تعالیٰ کی خصوصیت ہے اس میں بھی خاص طور سے پانچ مذکورہ چیزیں ایسی ہیں کہ ان کا علم کسی پیغمبر کو بذریعہ وحی بھی نہیں دیا جاتا۔ اس کا تقاضا یہ ہے کہ یہ چیزیں کسی کو کبھی معلوم نہ ہوں، حالانکہ امت کے بہت سے اولیاء اللہ سے ایسے بے شمار واقعات منقول ہیں کہ انھوں نے کہیں بارش کی خبر دی یا کسی حمل کے متعلق کوئی خبر دی، کسی کے متعلق آئندہ کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے کی خبر دی، کسی کے مرنے کی جگہ متعین کر کے بتلا دی، اور پھر یہ پیشینگوئی مشاہدہ سے صحیح بھی ثابت ہوئی۔

اسی طرح بعض نجومی یا جفر و رمل وغیرہ کا فن جاننے والے ان چیزوں کے متعلق بعض خبریں دیدیتے ہیں، اور بعض اوقات وہ صحیح بھی ہو جاتی ہیں، تو پھر ان پانچ چیزوں کی خصوصیت علمِ الٰہی کے ساتھ کس طرح رہی۔

اس کا ایک جواب تو وہی ہے جو سورۂ نمل میں تفصیل سے آچکا ہے، اور اختصاراً

کے ساتھ اوپر مذکور ہوا ہے کہ علمِ غیب درحقیقت اس علم کو کہا جاتا ہے جو سبب طبعی کے واسطہ سے نہ ہو، بلا واسطہ خود بخود ہو۔ یہ چیزیں انبیاء علیہم السلام کو بذریعہ وحی اور اولیاء کو بذریعہ الہام اور نجومیوں وغیرہ کو اپنے حسابات واسباب طبیعیہ کے ذریعہ حاصل ہو جائیں تو وہ علمِ غیب نہیں بلکہ انباء الغیب ہیں، جو کسی جزئی وشخصی معاملہ میں کسی مخلوق کو حاصل ہو جانا آیتِ مذکورہ کے منافی نہیں۔ کیونکہ اس آیت کا حاصل یہ ہے کہ ان پانچ چیزوں کا کلی علم جو تمام مخلوقات اور تمام حالات پر حاوی ہو وہ اللہ تعالیٰ نے کسی کو بذریعہ وحی یا الہام نہیں دیا، کسی ایک آدھ واقعہ میں کوئی جزئی علم بذریعہ الہام حاصل ہو جانا اس کے منافی نہیں۔

اس کے علاوہ علم سے مراد علم قطعی ہے وہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو نہیں، الہام کے ذریعہ جو علم کسی ولی کو حاصل ہوتا ہے وہ قطعی نہیں ہوتا، اس میں مغالطوں کے بہت احتمالات رہتے ہیں، اور نجومیوں وغیرہ کی خبروں میں تو روزمرہ مشاہدہ کیا جاتا ہے کہ دس جھوٹ میں ایک صحیح کا بھی تناسب نہیں ہوتا، اس کو علم قطعی کیسے کہہ سکتے ہیں۔

مسئلہ علمِ غیب کے متعلق ایک فائدہ مہمہ

استاذ محترم شیخ الاسلام حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی رح نے اپنے فوائد تفسیر میں ایک مختصر جامع بات فرمائی ہے، جس سے مذکورہ قسم کے سب اشکالات ختم ہو جاتے ہیں۔ وہ یہ ہے کہ غیب کی دو قسمیں ہیں، ایک احکام غیبیہ ہیں جیسے احکامِ شرائع جن میں اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کا علم بھی داخل ہے جس کو علمِ عقائد کہا جاتا ہے، اور وہ تمام احکامِ شرعیہ بھی جن سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو کون سے کام پسند ہیں کون سے ناپسند، یہ سب چیزیں غیب ہی کی ہیں۔

دوسری قسم اکوانِ غیبیہ یعنی دنیا میں پیش آنے والے واقعات کا علم۔ پہلی قسم کے غائبات کا علم حق تعالیٰ نے اپنے انبیاء ورسل کو عطا فرمایا ہے جس کا ذکر قرآن کریم میں اس طرح آیا ہے فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ، یعنی اللہ تعالیٰ اپنے غیب پر کسی کو مطلع نہیں کرتے بجز اس رسول کے جس کو اللہ تعالیٰ اس کام کے لئے پسند فرمالیں۔

اور دوسری قسم یعنی اکوانِ غیبیہ، ان کا علم کلی تو حق تعالیٰ کسی کو عطا نہیں فرماتے وہ بالکل ذاتِ حق کے ساتھ مخصوص ہے، مگر علم جزئی خاص خاص واقعات کا جب چاہتا ہے جس قدر چاہتا ہے عطا فرما دیتا ہے۔ اس طرح اصل علم غیب تو سب کا سب حق تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہے، پھر وہ اپنے علم غیب میں سے احکامِ غیب کا علم تو عامۃً انبیاء علیہم السلام کو بذریعۂ وحی بتلاتے ہی ہیں، اور یہی علم ان کی بعثت کا مقصد ہے۔

اکوانِ غیب کا علمِ جزئی بھی انبیاء واولیاء کو بذریعہ وحی یا الہام جس قدر اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا ہے عطا فرما دیتا ہے، جو منجانب اللہ عطا کیا ہوا علم ہے۔ اس کو حقیقی معنی کے اعتبار سے علم الغیب نہیں کہا جا سکتا، بلکہ غیب کی خبریں (انباء الغیب) کہا جاتا ہے۔

فوائد متعلقہ الفاظِ آیت اس آیت میں پانچ چیزوں کے علم کا حق تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہونا ایک خاص اہتمام کے ساتھ بیان کرنا مقصود ہے، جس کا ظاہری تقاضا یہ تھا کہ ایک ہی عنوان سے پانچ چیزوں کو شمار کرا کر کہدیا جاتا کہ ان کا علم اللہ تعالیٰ کی ذات کے ساتھ مخصوص ہے کسی مخلوق کو ان کا علم نہیں دیا گیا۔ مگر آیت مذکورہ میں ایسا نہیں کیا گیا، بلکہ ابتدائی تین چیزوں کے علم کو تو مثبت طور پر اللہ کے لئے خاص ہونے کا ذکر فرمایا اور دو چیزوں میں غیر اللہ سے علم کی نفی فرمائی۔ اور پہلی تین چیزوں میں بھی علم ساعت یعنی قیامت کا ذکر تو اس طرح فرمایا کہ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ، یعنی اللہ ہی کے پاس ہے علم قیامت کا۔ اور دوسری چیز کا ذکر عنوان بدل کر جملہ فعلیہ میں اس طرح ذکر فرمایا یُنَزِّلُ الْغَيْثَ، یعنی اللہ تعالیٰ اتارتا ہے بارش، اس میں بارش کے علم کا ذکر ہی نہیں، بلکہ اس میں اتارنے کا ذکر ہے تیسری چیز کا ذکر پھر عنوان بدل کر اس طرح فرمایا کہ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِ، اس تغیرِ عنوان کو بلاغتِ کلام کا ایک تفنن بھی کہا جا سکتا ہے اور غور کرنے سے اس میں کچھ اور حکمتیں بھی معلوم ہوتی ہیں، جو بیان القرآن میں حضرتؒ نے بیان فرمائی ہیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ آخری دو چیزیں یعنی آئندہ کل میں انسان کیا کمائے گا، اور یہ کہ وہ کس زمین میں مریگا خود انسان کی ذات کے متعلق حالات ہیں ان میں احتمال ہو سکتا تھا کہ انسان ان کا علم حاصل کرلے اس لئے ان دونوں میں خصوصیت سے غیر اللہ کے علم کو منفی کر کے بیان فرمایا گیا، جس سے پہلی تین چیزوں کا علم غیر اللہ کے لئے نہ ہونا بدرجۂ اَولیٰ ثابت ہو گیا کہ جب انسان خود اپنے اعمال و مکاسب کو اور ان کی انتہا یعنی موت اور اس کی جگہ نہیں جانتا تو آسمان اور نزولِ مطر اور شکم مادر کی اندھیریوں میں مخفی چیز کو کیا جانے گا؟ اور آخری چیز میں صرف مکانِ موت کا علم انسان کو نہ ہونا بیان فرمایا ہے، حالانکہ مکانِ موت کی طرح زمانِ موت بھی انسان کے علم میں نہیں ہوتا۔ وجہ یہ ہے کہ مکانِ موت اگرچہ متعین طور پر معلوم نہ ہو مگر ظاہری حالات کے اعتبار سے انسان کچھ سمجھ سکتا ہے، کہ جہاں رہتا سہتا ہے وہیں مرے گا اور کم از کم وہ مکان جس میں اس کو مرنا ہے دنیا میں موجود تو ہے، بخلاف زمانِ موت کے جو زمانۂ مستقبل ہے ابھی وجود میں بھی نہیں آیا، تو جو شخص مکانِ موت کو موجود بالفعل ہونے کے باوجود نہیں جان سکتا، اس کے متعلق

یہ تصوّر کیسے کیا جائے کہ زمانِ موت جس کا اس وقت وجود ہی نہیں اس کو جان لے۔

خلاصہ یہ ہے کہ یہاں ایک چیز کی نفی سے خود بخود دوسری چیزوں کی نفی بدرجۂ اولیٰ معلوم ہو جاتی ہے۔ اس لئے ان دونوں کو منفی عنوان سے بیان فرمایا۔ اور پہلی تین چیزیں تو انسانی دسترس سے ظاہر حالات میں خود ہی خارج ہیں، ان میں انسان کے علم کا دخل نہ ہونا واضح ہے۔ اس لئے ان میں مثبت عنوان اختیار کر کے ان کا اختصاص حق تعالیٰ کے ساتھ بیان کر دیا گیا۔

اور ان میں سے پہلے جملے کو جملۂ اسمیہ سے اور بعد کے دونوں جملوں کو فعلیہ کے عنوان سے ذکر کرنے میں شاید یہ حکمت ہے کہ قیامت تو ایک امرِ متعیّن ہے اس میں تجدّد نہیں بخلاف نزولِ مطر اور حمل کے کہ ان کے حالات میں تجدّد ہوتا رہتا ہے، اور جملۂ فعلیہ تجدّد پر دلالت کرتا ہے۔ اس لئے ان دونوں میں وہ استعمال کیا گیا، اور ان دونوں میں بھی حمل کے حالات میں تو علمِ الٰہی کا ذکر فرمایا وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ، اور نزولِ بارش میں علم کا ذکر ہی نہیں۔ وجہ یہ ہے کہ یہاں بارش نازل کرنے کا ذکر کر کے ضمناً یہ بھی بتلا دیا کہ بارش جس سے انسان کے ہزاروں منافع وابستہ ہیں وہ اللہ ہی کے کرنے سے آتی ہے، اور کسی کے تصرّف میں نہیں، اور اس کا علمی اختصاص تو سیاقِ کلام ہی سے ثابت ہو جاتا ہے۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

تمّت

سورۃ لقمٰن بحمدِ اللہ وسبحانہ
فی ۵ ذی الحجّۃ سنہ ۱۳۹۱ھ یوم الاثنین

سُوْرَةُ السَّجْدَة

سُوْرَةُ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ سجدہ مکہ میں نازل ہوئی اس کی تیس آیتیں ہیں اور تین رکوع ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے ۔

الٓمّٓ ① تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ②

اُتارنا کتاب کا اس میں کچھ دھوکا نہیں پروردگارِ عالم کی طرف سے ہے

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا

کیا کہتے ہیں کہ یہ جھوٹ باندھ لایا ہے کوئی نہیں وہ ٹھیک ہے تیرے رب کی طرف سے تاکہ تو ڈر سناوے ان لوگوں

مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ③

کو جن کے پاس نہیں آیا کوئی ڈرانے والا تجھ سے پہلے تاکہ وہ راہ پر آئیں ۔

خُلاصۂ تفسیر

الٓمّٓ (اس کے معنی اللہ کو معلوم ہیں) یہ نازل کی ہوئی کتاب ہے، (اور) اس میں کچھ شبہ نہیں (اور) یہ رب العالمین کی طرف سے ہے (جیسا کہ اس کتاب کا اعجاز خود اس کی دلیل ہے) کیا یہ (منکر) لوگ یوں کہتے ہیں کہ پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) نے یہ اپنے دل سے بنا لیا ہے (یعنی یہ کہنا محض لغو اور جھوٹ ہے یہ بنایا ہوا نہیں) بلکہ یہ سچی کتاب ہے آپ کے رب کی طرف سے (آئی ہے) تاکہ آپ (اس کے ذریعہ سے) ایسے لوگوں کو (عذابِ الٰہی سے) ڈرائیں جن کے پاس آپ سے پہلے کوئی ڈرانیوالا نہیں آیا تھا تاکہ وہ لوگ راہ پر آجائیں۔

معارف و مسائل

مَآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ، نذیر سے مراد اس جگہ رسول ہے۔ مطلب یہ ہے کہ قریش مکہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے کوئی رسول نہیں آیا تھا، اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ انبیاء کی دعوت بھی ان کو اب تک نہ پہونچی تھی۔ کیونکہ دوسری آیت قرآن میں واضح طور پر ارشاد ہے وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ، یعنی کوئی امت اور جماعت دنیا میں ایسی نہیں جس میں کوئی اللہ سے ڈرانے والا اور اس کی طرف دعوت دینے والا نہ آیا ہو۔

اس آیت میں لفظ نذیر اپنے عام لغوی معنی میں ہے۔ یعنی اللہ کی طرف دعوت دینے والا وہ خواہ رسول اور پیغمبر ہو یا ان کا کوئی نائب، خلیفہ، یا عالم دین۔ تو اس آیت سے تمام امتوں اور جماعتوں تک توحید کی دعوت پہونچ جانا معلوم ہوتا ہے، وہ اپنی جگہ صحیح و درست اور حق تعالیٰ کی رحمتِ عامّہ کا مقتضا ہے، جیسا کہ ابو حیّان نے فرمایا کہ توحید اور ایمان کی دعوت کسی زمانے اور کسی مکان اور کسی قوم میں کبھی منقطع نہیں ہوئی، اور جب کہیں نبوّت پر زمانہ دراز تک گذر جانے کے بعد اس نبوّت کا علم رکھنے والے علماء بہت کم رہ گئے تو کوئی دوسرا نبی و رسول مبعوث ہو گیا۔ اس کا مقتضیٰ یہ ہے کہ اقوامِ عرب میں بھی بقدر ضرورت توحید کی دعوت پہلے سے ضرور پہونچی ہوگی، مگر اس کے لئے یہ ضروری نہیں کہ یہ دعوت خود کوئی نبی و رسول لے کر آیا ہو، ہو سکتا ہے کہ ان کے نائبین علماء کے ذریعہ پہونچ گئی ہو۔ اس لئے اس سورة اور سورہ یٰسین وغیرہ کی وہ آیتیں جن سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ قریشِ عرب میں آپ سے پہلے کوئی نذیر نہیں آیا تھا، ضروری ہے کہ اس میں نذیر سے مراد اصطلاحی معنی کے اعتبار سے رسول و نبی ہو۔ اور مراد یہ ہو کہ اس قوم کے اندر آپ سے پہلے کوئی نبی و رسول نہیں آیا تھا، اگرچہ دعوتِ ایمان و توحید دوسرے ذرائع سے یہاں بھی پہونچ چکی ہو۔

زمانۂ فترت یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے بہت سے حضرات کے متعلق یہ ثابت ہوا ہے کہ وہ دینِ ابراہیم و اسمٰعیل علیہما السلام پر قائم تھے، توحید پر ان کا ایمان تھا، بت پرستی اور بتوں کے لئے قربانی دینے سے متنفر تھے۔

روح المعانی میں موسیٰ بن عقبہ کی مغازی سے یہ روایت نقل کی ہے کہ زید بن عمرو بن نُفَیل جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت اور نبوّت سے پہلے آپ سے ملے بھی تھے، مگر نبوّت سے پہلے ان کا انتقال اس سال میں ہو گیا، جس میں قریش نے بیت اللہ کی تعمیر کی تھی اور یہ واقعہ آپ کی نبوّت سے پانچ سال پہلے کا ہے، ان کا حال موسیٰ بن عقبہ نے یہ نقل کیا ہے

کہ قریش کو بت پرستی سے روکتے تھے، اور بتوں کے نام پر قربانی دینے کو بہت بُرا کہتے تھے، اور مشرکین کے ذبائح کا گوشت نہ کھاتے تھے۔

اور ابو داؤد طیالسی نے زید بن عمرو بن نُفَیل کے صاحبزادے حضرت سعید رضؓ بن زید بن عمرو سے جو صحابہ میں عشرۂ مبشرہ میں داخل ہیں یہ روایت کیا ہے کہ انھوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ میرے والد کا جو کچھ حال تھا وہ آپ کو معلوم ہے کہ توحید پر قائم، بت پرستی کے منکر تھے، تو کیا میں ان کے لئے دُعائے مغفرت کر سکتا ہوں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہاں ان کے لئے دعاءِ مغفرت جائز ہے، وہ قیامت کے روز ایک مستقل امت ہو کر اٹھیں گے (روح)

اسی طرح ورقہ بن نوفل جو آپؐ کے زمانۂ نبوت شروع ہونے اور نزولِ قرآن کی ابتداء کے وقت موجود تھے توحید پر قائم تھے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مدد کرنے کا اپنا عزم ظاہر کیا تھا، مگر فوراً بعد ہی ان کی وفات ہو گئی۔ یہ واقعات ثابت کرتے ہیں کہ اقوامِ عرب بھی دعوتِ الٰہیہ اور دعوتِ ایمان و توحید سے محروم تو نہیں تھیں، مگر خود ان کے اندر کوئی نبی نہیں آیا تھا۔ واللہ اعلم

ان تینوں آیتوں میں قرآن کی حقانیت اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے رسولِ برحق ہونے کا اثبات ہے۔

اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَهُمَا فِیْ سِتَّةِ

اللہ ہے جس نے بنائے آسمان اور زمین اور جو کچھ ان کے بیچ میں ہے چھ دن کے

اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ ؕ مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِیٍّ

اندر پھر قائم ہوا عرش پر، کوئی نہیں تمھارا اس کے سوائے حمایتی

وَّلَا شَفِیْعٍ ؕ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴﴾ یُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَآءِ اِلَی

اور نہ سفارشی پھر کیا تم دھیان نہیں کرتے۔ تدبیر سے اتارتا ہے کام آسمان سے زمین

الْاَرْضِ ثُمَّ یَعْرُجُ اِلَیْهِ فِیْ یَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗۤ اَلْفَ سَنَةٍ

تک پھر چڑھتا ہے وہ کام اس کی طرف ایک دن میں جس کا پیمانہ ہزار برس کا ہے

مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ﴿۵﴾ ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِیْزُ

تمھاری گنتی میں۔ یہ ہے جاننے والا چھپے اور کھلے کا زبردست

الرَّحِيْمُ ۙ﴿۶﴾ الَّذِيْٓ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ

رحم والا - جس نے خوب بنائی جو چیز بنائی اور شروع کی انسان کی پیدائش

مِنْ طِيْنٍ ﴿۷﴾ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ﴿۸﴾

ایک گارے سے - پھر بنائی اس کی اولاد نچڑے ہوئے بے قدر پانی سے -

ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَ

پھر اس کو برابر کیا اور پھونکی اس میں اپنی ایک جان اور بنا دیئے تمہارے لئے کان اور

الْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۹﴾

آنکھیں اور دل تم بہت تھوڑا شکر کرتے ہو

خلاصۂ تفسیر

اللہ ہی ہے جس نے آسمان اور زمین کو اور اس مخلوق کو جو ان دونوں کے درمیان میں (موجود) ہے چھ روز (کی مقدار) میں پیدا کیا پھر عرش پر (جو مشابہ ہے تخت سلطنت کے اس طرح) قائم (اور جلوہ فرما) ہوا (جو کہ اس کی شان کے لائق ہے وہ ایسا عظیم ہے کہ) بدون اس (کی رضا و اذن) کے نہ تمہارا کوئی مددگار ہے اور نہ سفارش کرنے والا (البتہ اذن سے شفاعت ہو جائے گی اور نصرت کے ساتھ اذن ہی متعلق نہ ہوگا) سو کیا تم سمجھتے نہیں ہو (کہ ایسی ذات کا کوئی شریک نہیں ہو سکتا اور) وہ (ایسا ہے کہ) آسمان سے لیکر زمین تک (جتنے امور ہیں) ہر امر کی (وہی) تدبیر (اور انتظام) کرتا ہے، پھر ہر امر اسی کے حضور میں پہونچ جائے گا ایک ایسے دن میں جس کی مقدار تمہاری شمار کے موافق ایک ہزار برس کی ہوگی (یعنی قیامت میں سب امور اور ان کے متعلقات اس کے حضور میں پیش ہوں گے کقولہ تعالیٰ وَاِلَيْهِ يُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ) وہی ہے جاننے والا پوشیدہ اور ظاہر چیزوں کا زبردست رحمت والا جس نے جو چیز بنائی خوب بنائی (یعنی جس مصلحت کے لئے اس کو بنایا اس کے مناسب بنایا) اور انسان (یعنی آدم علیہ السلام) کی پیدائش مٹی سے شروع کی، پھر اُس (انسان یعنی آدم) کی نسل کو خلاصۃ اخلاط یعنی ایک بے قدر پانی سے (یعنی نطفہ سے جو فضلہ ہی ہضم رابع غذا کا جس میں چار خلط خون، بلغم، سودا، صفرا بنتے ہیں) بنایا پھر (ماں کے رحم میں) اس کے اعضاء درست کئے اور اس میں اپنی (طرف سے) روح پھونکی

اور (بعد تولّد) تم کو کان اور آنکھیں اور دل (یعنی ادراکات ظاہرہ و باطنہ) دیئے (اور ان سب باتوں کا جو کہ دال علی القدرۃ والانعام ہیں مقتضا یہ تھا کہ خدا کا شکر کرتے جس کی فرد اعظم توحید ہے مگر) تم لوگ بہت کم شکر کرتے ہو (یعنی نہیں کرتے)۔

معارف و مسائل

روزِ قیامت کا طول

فِیْ یَوْمٍ کَانَ مِقْدَارُہٗٓ اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ، یعنی اس دن کی مقدار تمہاری گنتی کے اعتبار سے ایک ہزار سال کی ہوگی" اور سورۂ معارج کی آیت میں ہے فِیْ یَوْمٍ کَانَ مِقْدَارُہٗ خَمْسِیْنَ اَلْفَ سَنَةٍ، یعنی اس دن کی مقدار پچاس ہزار سال کی ہوگی"

اس کا ایک سیدھا سا جواب تو وہ ہے جو بیان القرآن میں اختیار کیا گیا ہے کہ اس دن کے ہولناک ہونے کے سبب یہ ان لوگوں کو بہت دراز محسوس ہوگا۔ اور یہ درازی بمقدار اپنے ایمان و اعمال کے ہوگی۔ جو بڑے مجرم ہیں ان کو زیادہ جو کم ہیں ان کو کم محسوس ہوگی، یہاں تک کہ جو دن بعض کو ایک ہزار سال کا معلوم ہوگا وہ دوسروں کے نزدیک پچاس ہزار سال کا ہوگا۔

تفسیر روح المعانی میں اور بھی متعدد توجیہات علماء اور صوفیاءِ کرام سے نقل کی گئی ہیں، مگر وہ سب کے سب قیاسات ہی ہیں۔ ایسی چیز جس کو قرآن کا مدلول کہا جاسکے یا جس پر یقین کیا جاسکے کوئی نہیں۔ اس لئے اسلم وہی طریقہ ہے جو سلفِ صالحین صحابہ و تابعین نے اختیار کیا، کہ اس ایک پچاس کے فرق کو علمِ الٰہی کے حوالہ کیا اور خود اتنا کہنے پر اکتفاء کیا کہ ہمیں معلوم نہیں۔

حضرت ابن عباسؓ نے اس کے متعلق فرمایا ھُمَا یَوْمَانِ ذَکَرَھُمَا اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْ کِتَابِہٖ اَللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ بِھِمَا وَاَکْرَہُ اَنْ اَقُوْلَ فِیْ کِتَابِ اللّٰہِ مَالَا اَعْلَمُ (اخرجہ عبد الرزاق والحاکم وصححہ) "یعنی یہ دو دن ہیں جن کا ذکر اللہ نے اپنی کتاب میں کیا ہے اور اللہ ہی اُن کی حقیقت کو جانتا ہے، اور میں اس کو بُرا سمجھتا ہوں کہ قرآن میں وہ بات کہوں جس کا مجھے علم نہیں۔

دنیا کی ہر چیز اپنی ذات میں حَسَن اور اچھی ہے بُرائی اس کے غلط استعمال سے آتی ہے

اَلَّذِیْٓ اَحْسَنَ کُلَّ شَیْءٍ خَلَقَہٗ، یعنی اللہ وہ ذات ہے جس نے ہر چیز کی خِلقت کو حَسین اور بہتر بنایا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ اس عالم میں اللہ تعالیٰ نے جو کچھ پیدا فرمایا وہ حکمت اور مصالحِ عالم کے اقتضاء سے بنایا ہے۔ اس لئے ہر چیز اپنی ذات کے اعتبار سے ایک حُسن رکھتی ہے۔

اور ان سب سے زیادہ حسین اور بہتر انسان کو بنایا ہے، جیسا کہ ارشاد فرمایا :- لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ "یعنی ہم نے انسان کو سب سے زیادہ حسین تقویم اور بہتر شکل وصورت میں پیدا کیا ہے"

اور دوسری مخلوقات خواہ وہ ظاہر میں کتنی ہی قبیح اور بُری سمجھی جاتی ہوں، کُتّا، خنزیر، سانپ، بچھّو، شیر اور بھیڑیا یہ سب زہریلے اور درندے جانور عام نظروں میں بُرے سمجھے جاتے ہیں، مگر مجموعۂ عالم کے مصالح کے اعتبار سے ان میں سے کوئی بُرا نہیں۔ کسی نے خوب کہا ہے ؎

نہیں ہی چیز نکمّی کوئی زمانے میں ؎ کوئی بُرا نہیں قدرت کے کارخانے میں

حضرت حکیم الامّۃ رح نے فرمایا کہ کُلُّ شَیْءٍ میں تمام جواہر اور اعراض داخل ہیں یعنی وہ چیزیں بھی جو وجود جوہری رکھتی ہیں جیسے حیوانات، نباتات، جمادات وغیرہ اور اعراض بھی جن میں اخلاق واعمال بھی داخل ہیں۔ یہاں تک کہ جو اخلاق بُرے بتلائے جاتے ہیں جیسے غصہ، حرص، شہوت وغیرہ یہ بھی اپنی ذات میں بُرے نہیں، ان کی بُرائی غیر محل میں صرف کرنے اور بے محل استعمال کرنے سے ہوتی ہے۔ اپنے محل میں رہیں تو ان میں کوئی چیز بُری نہیں۔ لیکن مراد اس سے ان اشیاء کی جہت تخلیق وتکوین ہے، کہ وہ خیر ہی خیر اور حَسَن ہی حَسَن ہے۔ اور اعمال کی دوسری جہت انسان کا کسب واکتساب ہے، یعنی اپنے اختیار کو کسی کام کے کرنے میں صرف کرنا۔ تو اس حیثیت سے سب حَسَن نہیں، بلکہ ان میں تفصیل ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جن کی اجازت نہیں دی وہ حَسَن نہیں، قبیح ہیں۔ واللہ اعلم

وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ، اس سے پہلے یہ بتلایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے عالم کی ہر چیز کو حَسَن بنایا ہے، اس کے بعد انسان کا ذکر فرمایا جو ان سب میں زیادہ حسین ہے۔ اس کے ساتھ کمالِ قدرت کے اظہار کے لئے یہ بھی بتلا دیا کہ جس انسان کو ہم نے سب مخلوق سے زیادہ بہتر بنایا ہے وہ یہ نہیں کہ اس کا مادّۂ تخلیق کچھ سب سے زیادہ اشرف واعلیٰ اور بہتر لیا گیا، اس لئے سب سے بہتر ہو گیا۔ بلکہ مادۂ تخلیق تو اس کا سب سے کمتر چیز یعنی منی کو بنایا گیا، پھر قدرت کاملہ اور حکمتِ بالغہ نے اس کمترین چیز کو کہاں سے کہاں پہونچایا کہ اشرف المخلوقات قرار دیا گیا۔

وَقَالُوْٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِي الْاَرْضِ ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۭ بَلْ

اور کہتے ہیں کہ جب ہم رُل گئے زمین میں کیا ہم کو نیا بننا ہے ؟ کچھ نہیں

هُمْ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۰﴾ قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ

وہ اپنے رب کی ملاقات سے منکر ہیں ۔ تو کہہ قبض کر لیتا ہی تم کو فرشتہ موت کا جو

وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱﴾ ع وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ ع ۱۱ ۱۴

تم پر مقرر ہی پھر اپنے رب کی طرف پھر جاؤ گے ۔ اور کبھی تو دیکھے جس وقت کہ منکر

نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ

سر ڈالے ہوئے ہوں گے اپنے رب کے سامنے ای رب ہمارے ہم نے دیکھ لیا اور سن لیا اب ہمکو بھیجدی کہ ہم

صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا

کریں بھلے کام ہم کو یقین آ گیا ۔ اور اگر ہم چاہتے تو سجھا دیتے ہر جی کو اس کی راہ

وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّيْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ

لیکن ٹھیک پڑ چکی میری کہی بات کہ مجھ کو بھرنی ہی دوزخ جنوں سے اور آدمیوں سے

اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۳﴾ فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۚ اِنَّا

اکٹھے ۔ سو اب چکھو مزہ جیسے تم نے بھلا دیا تھا اس اپنے دن کے ملنے کو ہم نے بھی

نَسِيْنٰكُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾

بھلا دیا تم کو اور چکھو عذاب سدا کا عوض اپنے کئے کا ۔

اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا

ہماری باتوں کو وہی مانتے ہیں کہ جب ان کو سمجھائے ان سے گر پڑیں سجدہ کر کر ،

وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۱۵﴾ السجدة تَتَجَافٰى السجدة

اور پاک ذات کو یاد کریں اپنی رب کی خوبیوں کے ساتھ اور وہ بڑائی نہیں کرتے ۔ جدا رہتی ہیں

جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا ز وَّ

ان کی کروٹیں اپنے سونے کی جگہ سے پکارتے ہیں اپنے رب کو ڈر سے اور لالچ سے اور ہمارا

مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۱۶﴾ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ

دیا ہوا کچھ خرچ کرتے ہیں ۔ سو کسی جی کو معلوم نہیں جو چھپا دھری ہی انکے واسطے

مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۷﴾ اَفَمَنْ كَانَ

آنکھوں کی ٹھنڈک ، بدلہ اس کا جو کرتے تھے ۔ بھلا ایک جو ہے

مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا ؕ لَا يَسْتَوٗنَ ﴿۱۸﴾ اَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

ایمان پر کیا برابر ہے اس کے جو نافرمان ہے؟ نہیں برابر ہوتے ، سو وہ لوگ جو یقین لائے اور کئے

الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ جَنّٰتُ الْمَاْوٰى ۭ نُزُلًۢا بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾

کام بھلے تو ان کے لئے باغ ہیں رہنے کے ، مہمانی ان کاموں کی وجہ سے جو کرتے تھے

وَاَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوْا فَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ؕ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ

اور وہ لوگ جو نافرمان ہوئے سو ان کا گھر ہے آگ ، جب چاہیں کہ نکل پڑیں اس

يَّخْرُجُوْا مِنْهَآ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَقِيْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ

میں سے الٹا دیئے جائیں پھر اسی میں اور کہیں ان کو چکھو آگ کا عذاب

الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنَ الْعَذَابِ

جسکو تم جھٹلایا کرتے تھے ۔ اور البتہ چکھائیں گے ہم ان کو تھوڑا

الْاَدْنٰى دُوْنَ الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۱﴾

عذاب ورے اس بڑے عذاب کے تاکہ وہ پھر آئیں ۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ثُمَّ اَعْرَضَ عَنْهَا ؕ اِنَّا

اور کون بے انصاف زیادہ اس سے جو سمجھایا گیا اس کے رب کی باتوں سے پھر ان سے منہ موڑ گیا ہم قرر

مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ مُنْتَقِمُوْنَ ﴿۲۲﴾ ع

ہم کو ان گنہگاروں سے بدلہ لینا ہے

خُلاصۂ تفسیر

اور یہ (کافر) لوگ کہتے ہیں کہ ہم جب زمین میں (مل جل کر) نیست و نابود ہو گئے، تو کیا ہم پھر (قیامت میں) نئے جنم میں آویں گے (اور یہ لوگ اس بعث و نشر پر صرف متعجب ہی نہیں ہیں جیسا کہ ظاہرا ان کے عنوان سے معلوم ہوتا ہے) بلکہ (درحقیقت) وہ لوگ اپنے

رب سے ملنے کے منکر ہی ہیں (اور یہ استفہام ان کا انکاری ہے) آپ (جواب میں) فرمادیجئے کہ تمہاری جان موت کا فرشتہ قبض کرتا ہے جو تم پر (اللہ کی طرف سے) متعین ہے، پھر تم اپنے رب کی طرف لوٹا کر لائے جاؤ گے (جواب میں اصل مقصود تو یہی تُرْجَعُوْنَ ہے، اور یَتَوَفّٰکُمْ بیچ میں بڑھا دینا تخویف کے لئے ہے کہ موت بھی فرشتہ کے ذریعہ سے آئے گی جو جان نکلنے کے وقت تم کو ملے دھاڑے گا بھی جیسا دوسری آیت میں ہے وَلَوْ تَرٰٓی اِذْ یَتَوَفَّی الَّذِیْنَ کَفَرُوا الْمَلٰٓئِکَۃُ یَضْرِبُوْنَ وُجُوْھَھُمْ وَاَدْبَارَھُمْ الخ پس مرجانے کا انجام صرف خاک ہی میں مل جانا نہ ہوگا، جیسا تمہارا قول ءَاِذَا ضَلَلْنَا الخ سے معلوم ہوتا ہے) اور (اس رجوع کے وقت جس پر تُرْجَعُوْنَ دال ہے) اگر آپ (ان لوگوں کا حال) دیکھیں تو عجب حال دیکھیں جبکہ یہ مجرم لوگ (غایت شرمندگی سے) اپنے رب کے سامنے سر جھکائے (کھڑے) ہوں گے (اور کہتے ہوں گے) کہ اے ہمارے پروردگار بس (اب) ہماری آنکھیں اور کان کھل گئے (اور معلوم ہوگیا کہ پیغمبروں نے جو کچھ کہا سب حق تھا) سو ہم کو (دنیا میں) پھر بھیج دیجئے ہم (اب کے جاکر خوب) نیک کام کیا کریں گے (اب) ہم کو پورا یقین آگیا اور (یہ کہنا ان کا بے کار محض ہوگا اس لئے کہ) اگر ہم کو (یہ) منظور ہوتا (کہ ضرور ہی یہ راہ پر آئیں)، تو ہم ہر اس شخص کو اس (کی نجات) کا راستہ (مقصود تک پہنچا دینے کے درجہ میں ضرور) عطاء فرماتے (جیسا کہ ہدایت بمعنی مطلوب کا راستہ دکھانا ان کو عطاء فرمائی ہے) ولیکن میری (تو) یہ (ازلی تقدیری) بات (بہت سی حکمتوں سے) محقق ہوچکی ہے کہ میں جہنم کو جنات وانسان دونوں (میں جو کافر ہوں گے ان) سے ضرور بھروں گا (اور بیان بعض حکمتوں کا سورۂ ہود کے اخیر میں ایسی ہی آیت کی تفسیر میں گذرا ہے) تو (ان سے کہا جائے گا کہ) اب اس کا مزہ چکھو کہ تم اپنے اس دن کے آنے کو بھولے رہے ہم نے تم کو بھلا دیا (یعنی رحمت سے محروم کر دیا جسکو بھلانا مجازاً کہہ دیا) اور (ہم جو کہتے ہیں کہ مزہ چکھو، تو ایک دو روز کا نہیں بلکہ اس کی حقیقت یہ ہے کہ) اپنے اعمال (بد) کی بدولت ابدی عذاب کا مزہ چکھو (یہ تو کفار کا حال اور ان کا مآل ہوا۔ آگے مؤمنین کا حال اور مآل مذکور ہے، یعنی) بس ہماری آیتوں پر تو وہ لوگ ایمان لاتے ہیں کہ جب ان کو وہ آیتیں یاد دلائی جاتی ہیں تو وہ سجدہ میں گر پڑتے ہیں (جس کی تحقیق سورۂ مریم کے رکوع چہارم میں ہوئی ہے) اور اپنے رب کی تسبیح وتحمید کرنے لگتے ہیں اور وہ لوگ (ایمان سے) تکبر نہیں کرتے (جیسا کافر کا حال آیا ہے وَلّٰی مُسْتَکْبِرًا، یہ تو اُن کی تصدیق و اقرار واخلاق کا حال تھا اور اعمال کا حال یہ ہے کہ شب کو) ان کے پہلو خوابگاہوں سے

علم اللہ کے۔ اکسی کو نہیں، اس نئی تحقیق و ریسرچ اور نئے نئے آلات اور سائنس کی انتہائی ترقی کے باوجود اب سے چند سال پہلے زمین کو بر ما کر ایک طرف سے دوسری طرف نکل جانے کی کوشش مدتوں تک جاری رہی۔ ان سب تحقیقات اور انتھک کوششوں کا نتیجہ اخبارات میں سب کے سامنے آچکا ہے کہ صرف چھ میل کی گہرائی تک یہ آلاتِ جدیدہ کام کر سکے، آگے ایک ایسا غلاف حجری ثابت ہوا جہاں کھودنے کے سارے آلات اور سائنس جدید کے سب افکار عاجز ہو گئے یہ صرف چھ میل تک کا علم انسان حاصل کر سکا ہے جبکہ زمین کا قطر ہزاروں میل کا ہے اس لئے اس اقرار کے سوا چارہ نہیں کہ ماتحت الثریٰ کا علم حق تعالےٰ ہی کی مخصوص صفت ہے

یَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفَی، سرّ سے مُراد وہ چیز ہے جو انسان نے اپنے دل میں چھپائی ہوئی ہے کسی پر ظاہر نہیں اور اخفیٰ سے مراد وہ بات ہے جو ابھی تک تمہارے دل میں بھی نہیں آئی آئندہ کسی وقت دل میں آوے گی حق تعالیٰ ان سب چیزوں سے واقف و باخبر ہیں کہ اسوقت کسی انسان کے دل میں کیا ہے اور کل کو کیا ہوگا۔ کل کا معاملہ ایسا ہے کہ خود اس شخص کو بھی آج اسکی خبر نہیں کہ کل کو میرے دل میں کیا بات آوے گی۔ (قرطبی)

وَهَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ۝۹ اِذْ رَاٰ نَارًا فَقَالَ لِاَهْلِهِ

اور پہنچی ہے تجھ کو بات موسیٰ کی جب اُس نے دیکھی ایک آگ تو کہا اپنے

اُمْكُثُوْٓا اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّيْٓ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِقَبَسٍ اَوْ

گھر والوں کو ٹھہرو میں نے دیکھی ہے ایک آگ شاید لے آؤں تمہارے پاس اسمیں سے سُلگا کر، یا

اَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى ۝۱۰ فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِيَ يٰمُوْسٰٓى ۝۱۱

پاؤں آگ پر پہنچ کر رستہ کا پتہ پھر جب پہنچا آواز آئی اے موسیٰ

اِنِّيْٓ اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ ۚ اِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ

میں ہوں تیرا رب، سو اُتار ڈال اپنی جوتیاں تو ہے پاک میدان طوٰی

طُوًى ۝۱۲ وَاَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوْحٰٓى ۝۱۳ اِنَّنِيْٓ اَنَا

میں اور میں نے تجھ کو پسند کیا ہے سو تو سُنتا رہ جو حکم ہو میں جو ہوں اللہ

اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ ۙ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ ۝۱۴

ہوں کسی کی بندگی نہیں سوا میرے سو میری بندگی کر، اور نماز قائم رکھ میری یادگاری کو

معارف و مسائل

قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ وُكِّلَ بِكُمْ ، اس سے پہلی آیت میں منکرین قیامت کو تنبیہ اور ان کے اس استعجاب کا جواب تھا کہ مرنے اور مٹی ہو جانے کے بعد دوبارہ کیسے زندہ ہوں گے، اس آیت میں اس کا بیان ہے کہ اپنی موت پر دھیان دو اور غور کرو تو وہ خود حق تعالیٰ کی قدرت کاملہ کا ایک بڑا مظہر ہے، تم اپنی غفلت و جہل سے سمجھتے ہو کہ انسان کی موت خود بخود آجاتی ہے، بات یہ نہیں بلکہ اللہ کے نزدیک تمہاری موت کا ایک وقت مقرر ہے۔ اور اس کے لئے فرشتوں کا ایک خاص نظام ہے۔ جن میں بڑے عزرائیل علیہ السلام ہیں کہ ساری دنیا کی موت ان کے انتظام میں دی گئی ہے۔ جس شخص کی جس وقت، جس جگہ موت مقدر ہے ٹھیک اسی وقت وہ اس کی رُوح قبض کرتے ہیں۔ آیتِ مذکورہ میں اسی کا بیان ہے۔ اور اس میں ملک الموت بلفظ مفرد ذکر کیا گیا ہے، اس سے مراد عزرائیل علیہ السلام ہیں۔ اور ایک دوسری آیت میں فرمایا ہے اَلَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اس میں ملائکہ بلفظ جمع لایا گیا ہے، اس میں اشارہ ہے کہ عزرائیل علیہ السلام تنہا یہ کام انجام نہیں دیتے، ان کے ماتحت بہت سے فرشتے اس میں شریک ہوتے ہیں۔

قبضِ رُوح اور ملک الموت کے متعلق بعض تفصیلات

امام تفسیر مجاہد نے فرمایا کہ ساری دنیا ملک الموت کے سامنے ایسی ہے جیسے کسی انسان کے سامنے ایک کھلے طشت میں دانے پڑے ہوں، وہ جس کو چاہے اٹھا لے۔ یہ مضمون ایک مرفوع حدیث میں بھی آیا ہے (ذکرہ القرطبی فی التذکرہ)

اور ایک حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ ایک انصاری صحابی کے سرھانے ملک الموت کو دیکھا تو فرمایا کہ میرے صحابی کے ساتھ نرمی کا معاملہ کرو۔ ملک الموت نے جواب دیا کہ آپ مطمئن رہیں، میں ہر مؤمن کے ساتھ نرمی کا معاملہ کرتا ہوں اور فرمایا کہ جتنے آدمی شہروں میں یا دیہات اور جنگلوں پہاڑوں میں یا دریا میں آباد ہیں، میں ان میں سے ہر ایک کو دن میں پانچ مرتبہ دیکھتا ہوں۔ اس لئے میں ان کے ہر چھوٹے بڑے سے بلا واسطہ واقف ہوں۔ پھر فرمایا کہ اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ جو کچھ ہے اللہ کے حکم سے ہے ورنہ میں اگر ایک مچھر کی رُوح بھی قبض کرنا چاہوں تو مجھے اس پر قدرت نہیں، جب تک اللہ تعالیٰ ہی کا امر اس کے لئے نہ آجائے۔

کیا جانوروں کی رُوح بھی ملک الموت قبض کرتے ہیں؟

مذکورہ روایتِ حدیث سے معلوم ہوتا ہے

کہ مچھر کی رُوح بھی باذنِ خداوندی ملک الموت ہی قبض کرتے ہیں۔ حضرت امام مالکؒ نے ایک سوال کے جواب میں یہی فرمایا ہے، مگر بعض دوسری روایات سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ فرشتے کے ذریعہ قبضِ روح انسان کے لئے مخصوص ہے، اس کی شرافت وکرامت کے لئے، باقی جانور باذن خداوندی بغیر واسطہ فرشتے کے مرجائیں گے (ذکرہ ابن عطیہ از قرطبی)

یہی مضمون ابوالشیخ، عقیلی، دیلمی وغیرہ نے حضرت انسؓ کی روایت سے مرفوعاً نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بہائم اور حشرات الارض سب کے سب اللہ کی تسبیح میں مشغول رہتے ہیں (یہی ان کی زندگی ہے) جب اُن کی تسبیح ختم ہو جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ ان کی رُوح قبض فرمالیتا ہے، جانوروں کی موت ملک الموت کے سپرد نہیں۔

اسی مضمون کی ایک حدیث حضرت ابن عمرؓ سے بھی روایت کی گئی ہے۔ (مظہری)

اور ایک روایت میں ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے عزرائیل علیہ السلام کے سپرد ساری دنیا کی موت کا معاملہ کیا تو انھوں نے عرض کیا اے میرے پروردگار! آپ نے مجھے ایسی خدمت سپرد کی کہ ساری دنیا اور سب بنی آدم مجھے بُرا کہیں گے، اور جب میرا ذکر آئے گا بُرائی سے کریں گے۔ حق تعالیٰ نے فرمایا کہ ہم نے اس کا تدارک اس طرح کر دیا ہے کہ دنیا میں موت کے کچھ ظاہری اسباب اور امراض رکھ دیئے ہیں جن کے سبب لوگ موت کو ان اسباب وامراض کی طرف منسوب کریں گے آپ ان کی بدگوئی سے محفوظ رہیں گے۔ (قرطبی فی التفسیر والتذکرہ)

اور امام بغویؒ نے حضرت ابن عباسؓ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جتنے امراض اور درد اور زخم وغیرہ ہیں وہ سب موت کے قاصد ہیں، انسان کو اس کی موت یاد دلاتے ہیں، پھر جب موت کا وقت آجاتا ہے تو ملک الموت مرنے والے کو مخاطب کر کے کہتا ہے کہ اے بندۂ خدا میں نے اپنے آنے سے پہلے کتنی خبریں، کتنے قاصد یکے بعد دیگرے تجھے خبردار کرنے اور موت کی تیاری کرنے کے لئے بصورتِ امراض وحوادث بھیجے ہیں، اب میں آپہونچا۔ جس کے بعد کوئی اور خبر دینے والا یا کوئی قاصد نہیں آئے گا اب تم اپنے رب کے حکم کو لامحالہ مانو گے خواہ خوشی سے یا مجبوری سے (مظہری)

مسئلہ:۔ ملک الموت کسی کی موت کا وقت پہلے سے نہیں جانتا، جب تک کہ اس کو حکم نہ دیا جائے کہ فلاں کی روح قبض کرلو (اخرجہ احمد وابن ابی الدنیا عن معمر، مظہری)

تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا، سابقہ آیات میں کفار ومشرکین ومنکرینِ قیامت کو تنبیہات تھیں۔ اس کے بعد (اِنَّمَا يُؤْمِنُ

بِاٰیٰتِنَا) سے مؤمنین مخلصین کی خاص صفات اور ان کے لئے درجات عظیمہ کا ذکر ہے۔ ان مؤمنین کی ایک صفت آیت مذکورہ میں یہ بتلائی گئی ہے کہ ان کے پہلو اپنے بستروں سے الگ ہو جاتے ہیں، اور بستروں سے اُٹھ کر اللہ کے ذکر اور دعاء میں مشغول ہو جاتے ہیں۔ کیونکہ یہ لوگ اللہ کی ناراضی اور عذاب سے ڈرتے ہیں، اور اس کی رحمت اور ثواب کے امید وار رہتے ہیں۔ یہی امید و بیم کی ملی جلی حالت ان کو ذکر و دعاء کیلئے مضطرب رکھتی ہے۔

نمازِ تہجّد

بستروں سے اُٹھ کر ذکر و دعاء میں مشغول ہو جانے سے مراد جمہور مفسرین کے نزدیک نماز تہجّد اور نوافل ہیں جو سو کر اُٹھنے کے بعد پڑھی جاتی ہیں (ہو قول الحسن و مجاہد و مالک والاوزاعی) اور روایاتِ حدیث سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے۔

مسند احمد، ترمذی، نسائی وغیرہ میں حضرت معاذ بن جبلؓ سے روایت ہے کہ میں ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں تھا۔ ایک روز میں دورانِ سفر میں صبح کے وقت آپ کے قریب ہوا تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ مجھے کوئی ایسا عمل بتلا دیجئے جو مجھے جنّت میں داخل کرے، اور جہنّم سے دور کر دے۔ آپؐ نے فرمایا کہ تم نے ایک بڑی چیز کا سوال کیا، مگر جس کے لئے اللہ تعالیٰ آسان کر دے اس کو وہ آسان ہو جاتی ہے۔ اور فرمایا کہ وہ عمل یہ ہے کہ اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو، اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو اور رمضان کے روزے رکھو، اور بیت اللہ کا حج کرو۔ اور پھر فرمایا کہ لو اب میں تمہیں خیر یعنی نیکی کے ابواب بتلا دیتا ہوں (وہ یہ ہیں کہ) روزہ ڈھال ہے (جو عذاب سے بچاتا ہے) اور صدقہ آدمی کے گناہوں کی آگ بجھا دیتا ہے، اسی طرح آدمی کی نماز درمیان شب میں۔ اور یہ فرما کر قرآن مجید کی آیت مذکورہ تلاوت فرمائی تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ

حضرت ابو الدرداءؓ اور قتادہؓ اور ضحاکؒ نے فرمایا ہے کہ پہلوؤں کے بستروں سے الگ ہو جانے کی یہ صفت اُن لوگوں پر بھی صادق ہے جو عشاء کی نماز جماعت سے ادا کریں پھر صبح کی نماز جماعت کے ساتھ پڑھیں۔ اور ترمذی میں بسند صحیح حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ یہ تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عشاء کی نماز سے پہلے نہ سونے اور جماعتِ عشاء کا انتظار کرنے والوں کے بارے میں نازل ہوئی۔

اور بعض روایات میں ہے کہ یہ آیت ان لوگوں سے متعلق ہے جو مغرب اور عشاء کے درمیان نوافل پڑھتے ہیں۔ (رواہ محمد بن نصر) اور حضرت ابن عباسؓ نے اس آیت کے متعلق فرمایا کہ جو لوگ جب آنکھ کھلے اللہ کا ذکر کریں لیٹے، بیٹھے اور کروٹ پر وہ بھی اس میں داخل ہیں۔

ابن کثیر اور دوسرے ائمہ تفسیر نے فرمایا کہ ان سب اقوال میں کوئی تضاد نہیں، صحیح بات یہ ہے کہ یہ آیت ان سب کو شامل ہے۔ اور آخر شب کی نماز ان سب میں اعلیٰ و افضل ہے بیان القرآن میں بھی اسی کو اختیار کیا گیا ہے۔

اور حضرت اسماء بنتِ یزیدؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ اوّلین و آخرین کو قیامت کے روز جمع فرمائیں گے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک مُنادی کھڑا ہوگا جس کی آواز تمام مخلوقات سنیں گی وہ ندا دے گا کہ اہلِ محشر آج جان لیں گے کہ اللہ کے نزدیک کون لوگ عزت و اکرام کے مستحق ہیں۔ پھر وہ فرشتہ ندا دے گا کہ اہلِ محشر میں سے وہ لوگ کھڑے ہوں جن کی صفت یہ تھی تَتَجَافٰی جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ یعنی ان کے پہلو بستروں سے الگ ہو جاتے ہیں، اس آواز پر یہ لوگ کھڑے ہوں گے جن کی تعداد قلیل ہوگی (ابن کثیر) اور اسی روایت کے بعض الفاظ میں ہے کہ یہ لوگ بغیر حساب کے جنّت میں بھیج دیئے جائیں گے۔ اس کے بعد اور تمام لوگ کھڑے ہوں گے، ان سے حساب لیا جائے گا (مظہری)

وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنَ الْعَذَابِ الْاَدْنٰى دُوْنَ الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ، ادنیٰ بمعنی اقرب ہے، اور عذاب ادنیٰ سے مراد دنیا کے مصائب و آفات، اور امراض وغیرہ ہیں، اور عذابِ اکبر سے مراد آخرت کا عذاب ہے۔

دنیا کے مصائب اُن لوگوں کے لئے رحمت ہیں جو اللہ کی طرف رجوع کریں؛؛؛؛؛

مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ بہت سے لوگوں کو ان کے گناہوں پر متنبہ کرنے کے لئے دنیا میں اُن پر امراض اور مصائب و آفات مسلّط کر دیتے ہیں، تاکہ یہ متنبّہ ہو کر اپنے گناہوں سے باز آجائیں، اور آخرت کے عذاب اکبر سے نجات پائیں۔

اس آیت سے معلوم ہوا کہ گنہگاروں کے لئے دنیا کے مصائب و آفات اور امراض و تکالیف بھی ایک قسم کی رحمت ہی ہیں کہ غفلت سے باز آ کر عذابِ آخرت سے بچ جائیں۔ البتہ جو لوگ آفات پر بھی اللہ کی طرف رجوع نہ ہوں ان کے لئے یہ دوہرا عذاب ہو جاتا ہے، ایک اسی دنیا میں نقد اور دوسرا آخرت کا عذاب اکبر۔ اور انبیاء و اولیاء اللہ پر جو آفات و مصائب آتے ہیں ان کا معاملہ ان سب سے الگ ہے، وہ ان کے امتحان اور امتحان کے ذریعہ رفع درجات کے لئے ہوتے ہیں، اور پہچان اس کی یہ ہے کہ ان لوگوں کو امراض و آفات کے وقت بھی ایک قسم کا قلبی سکون و اطمینان اللہ تعالیٰ پر ہوتا ہے۔ واللہ اعلم

بعض جرائم کی سزا آخرت سے پہلے دنیا میں بھی ملتی ہے

اِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ مُنْتَقِمُوْنَ ، بظاہر لفظ مجرمین میں ہر قسم کے مجرم شامل ہیں، اور انتقام بھی عام ہے خواہ دنیا میں یا آخرت میں یا دونوں میں۔ مگر بعض روایاتِ حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ تین گناہ ایسے ہیں کہ ان کی سزا آخرت سے پہلے دنیا میں بھی ملتی ہے، ایک حق کے خلاف جھنڈوں اور نعروں کے ساتھ اعلاناً کوشش کرنا، دوسرے والدین کی نافرمانی، تیسرے ظالم کی امداد۔ (رواہ ابن جریر عن معاذ بن جبلؓ)

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَلَا تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآئِهٖ وَ

اور ہم نے دی ہے موسیٰ کو کتاب سو تو مت رہ دھوکے میں اس کے ملنے سے اور

جَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۚ﴿۲۳﴾ وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ اَئِمَّةً

کیا ہم نے اس کو ہدایت بنی اسرائیل کے واسطے۔ اور کئے ہم نے ان میں پیشوا جو

يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا ۗ وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يُوْقِنُوْنَ ﴿۲۴﴾

راہ چلاتے تھے ہمارے حکم سے جب وہ صبر کرتے رہے اور رہے ہماری باتوں پر یقین کرتے۔

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ

تیرا رب جو ہے وہی فیصلہ کرے گا ان میں دن قیامت کے جس بات میں کہ وہ اختلاف

يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۲۵﴾ اَوَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ

کرتے تھے۔ کیا ان کو راہ نہ سوجھی اس بات سے کہ کتنی غارت کر ڈالیں ہم نے ان سے

الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ ۭ اَفَلَا

پہلے جماعتیں کہ پھرتے ہیں یہ اُن کے گھروں میں، اس میں بہت نشانیاں ہیں، کیا وہ

يَسْمَعُوْنَ ﴿۲۶﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَسُوْقُ الْمَآءَ اِلَى الْاَرْضِ الْجُرُزِ

سنتے نہیں؟ کیا دیکھا نہیں انھوں نے کہ ہم ہانک دیتے ہیں پانی کو ایک زمین چٹیل کی طرف

فَنُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا تَاْكُلُ مِنْهُ اَنْعَامُهُمْ وَاَنْفُسُهُمْ ۭ اَفَلَا يُبْصِرُوْنَ ﴿۲۷﴾

پھر ہم نکالتے ہیں اس سے کھیتی کہ کھاتے ہیں اُن میں سے ان کے چوپائے اور خود وہ بھی، پھر کیا دیکھتے نہیں؟

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْفَتْحُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۸﴾ قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ		
اور کہتے ہیں کب ہوگا یہ فیصلہ اگر تم سچے ہو ۔ تو کہہ کہ فیصلہ کے دن		
لَا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِيْمَانُهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۲۹﴾ فَاَعْرِضْ		
کام نہ آئے گا منکروں کو ان کا ایمان لانا اور نہ اُن کو ڈھیل ملے گی ۔ سو تو خیال چھوڑ		
عَنْهُمْ وَانْتَظِرْ اِنَّهُمْ مُّنْتَظِرُوْنَ ﴿۳۰﴾ ع		
ان کا اور منتظر رہ وہ بھی منتظر ہیں ۔		

ع ۸ ۱۶

خُلاصۂ تفسیر

اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو (آپ ہی کی طرح) کتاب دی تھی (جس کی اشاعت میں ان کو تکلیفیں برداشت کرنا پڑیں، اسی طرح آپ کو بھی برداشت کرنا چاہیے، ایک تسلی تو یہ ہوئی، پھر اسی طرح آپ کو بھی کتاب دی) سو آپ (اپنی) اس (کتاب) کے ملنے میں کچھ شک نہ کیجئے (کقولہ تعالیٰ وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ، مطلب یہ کہ آپ صاحب کتاب صاحب خطاب ہیں پس جب آپ اللہ کے نزدیک ایسے مقبول ہیں تو اگر مشتے چند احمق آپ کو قبول نہ کریں تو کوئی غم کی بات نہیں، ایک تسلی کی بات یہ ہوئی) اور ہم نے اس (کتاب موسیٰ) کو بنی اسرائیل کے لئے موجب ہدایت بنایا تھا (اسی طرح آپ کی کتاب سے بہتوں کو ہدایت ہوگی، آپ خوش رہئے، ایک تسلی یہ ہوئی) اور ہم نے ان (بنی اسرائیل) میں بہت سے (دین کے) پیشوا بنا دیئے تھے جو ہمارے حکم سے ہدایت کرتے تھے، جبکہ وہ لوگ (تکلیف پر) صبر کئے رہے، اور ہماری آیتوں کا یقین رکھتے تھے (اس لئے ان کی اشاعت اور خلق کی ہدایت میں مشقت گوارا کرتے تھے، یہ تسلی ہے مؤمنین کو کہ تم لوگ صبر کرو، اور جب تم صاحب یقین ہو اور یقین کا مقتضا صبر کرنا ہے تو تم کو صبر ضروری ہے، اس وقت ہم تم کو بھی ائمۂ دین بنا دیں گے یہ تو تسلی دنیا کے اعتبار سے ہے، اور ایک تسلی آخرت کے اعتبار سے تم کو رکھنا چاہیے اور وہ امر موجب تسلی یہ ہے کہ) آپ کا رب قیامت کے روز ان سب کے آپس میں (عملی) فیصلہ ان امور میں کر دے گا جن میں یہ باہم اختلاف کرتے تھے (یعنی مؤمن کو جنت میں اور کفار کو دوزخ میں ڈال دیگا اور قیامت بھی کچھ دور نہیں، اس سے بھی تسلی حاصل کرنا چاہیے، اور اس مضمون کو سن کر کفار دو شبہے کر سکتے تھے، ایک یہ کہ ہم اسی کو نہیں مانتے کہ اللہ تعالیٰ کو ہمارا

کفر ناپسند ہے جیسا یَفْصِلُ سے مفہوم ہوتا ہے، دوسرا یہ کہ ہم قیامت ہی کو ناممکن سمجھتے ہیں، آگے دونوں کے دفع کے لئے دو مضمون ہیں، اوّل یہ کہ ان کو جو کفر کے مبغوض ہونے میں شبہ ہے تو) کیا ان کو یہ امر موجبِ رہنمائی نہیں ہوا کہ ہم ان سے پہلے (ان کے کفر و شرک ہی کے سبب) کتنی امتیں ہلاک کر چکے ہیں (کہ ان کے طریقِ ہلاکت سے و نیز نبی کی پیشینگوئی کے بعد بطورِ خرقِ عادت کے واقع ہونے سے خدا کا غضب ٹپکتا تھا جس سے مبغوض ہونا کفر کا صاف واضح ہوتا ہے) جن کے رہنے کے مقامات میں یہ لوگ (اثنائے سفرِ شام میں) آتے جاتے (گذرتے) ہیں اس (امر) میں (تو) صاف نشانیاں (مبغوضیتِ کفر کی موجود) ہیں کیا یہ لوگ (ان گذشتہ امم کے قصص) سنتے نہیں ہیں (کہ مشہور ہیں اور زبانوں پر مذکور ہیں دوسرا مضمون یہ کہ ان کو جو قیامت میں شبہ عدمِ امکان کا ہے تو) کیا انھوں نے اس بات پر نظر نہیں کی کہ ہم (بادلوں یا نہروں وغیرہ کے ذریعہ سے) خشک زمین کی طرف پانی پہونچاتے ہیں پھر اس کے ذریعہ سے کھیتی پیدا کرتے ہیں جس سے ان کے مواشی اور وہ خود بھی کھاتے ہیں تو کیا (اس بات کو شب و روز) دیکھتے نہیں ہیں (یہ صاف نمونہ ہے مرکر زندہ ہونے کا، جیسا کئی جگہ اس کی تقریر گذری ہے، پس دونوں شبہے دفع ہو گئے) اور یہ لوگ (قیامت اور فیصلہ کا ذکر سن کر بطورِ استعجال و استہزاء کے یوں) کہتے ہیں کہ اگر تم (اس بات میں) سچے ہو تو (بتلاؤ) یہ فیصلہ کب ہوگا، آپ فرما دیجئے کہ (تم عبث اس کا تقاضا کرتے ہو تمہارے لئے تو وہ پوری مصیبت کا دن ہے، کیونکہ) اس فیصلہ کے دن کافروں کو ان کا ایمان لانا (بالکل) نفع نہ دے گا (اور یہی ایک صورت ان کے بچاؤ کی تھی اور وہی مفقود ہے) اور (نفع نجات تو کیا ہوتا) ان کو مہلت بھی (تو) نہ ملے گی سو (اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم) ان کی باتوں کا خیال نہ کیجئے (جن کے خیال سے غم ہوتا ہے) اور آپ (فیصلہ موعود کے) منتظر رہئے یہ بھی (اپنے زعم میں آپ کے ضرر کے) منتظر ہیں (کقولہم نَتَرَبَّصُ بِهٖ رَيْبَ الْمَنُوْنِ، مگر معلوم ہو جائے گا کس کا انتظار مطابق واقع کے ہے اور کس کا نہیں، کقولہ تعالیٰ فی جوابہم قُلْ تَرَبَّصُوْا فَاِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُتَرَبِّصِيْنَ)۔

معارف و مسائل

فَلَا تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآئِهٖ، لقاء کے معنی ملاقات کے ہیں، اس آیت میں کس کی ملاقات کس سے مراد ہے؟ اس میں اہلِ تفسیر کے اقوال مختلف ہیں۔ ان میں ایک وہ ہے جس کو خلاصۂ تفسیر میں اختیار کیا گیا ہے، کہ لِقَائِہٖ کی ضمیر کتاب یعنی قرآن کی طرف راجع

قرار دے کر مطلب یہ لیا گیا کہ جس طرح موسیٰ علیہ السلام کو اللہ نے کتاب دی آپؐ بھی اپنی کتاب کے آنے میں کوئی شک نہ کریں، جیسا کہ ایک دوسری آیت میں قرآن کے متعلق ایسے الفاظ آئے ہیں وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ

اور حضرت ابن عباسؓ اور قتادہؓ سے اس کی تفسیر اس طرح منقول ہے کہ لِقَآئِہٖ کی ضمیر حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف راجع ہے، اور اس آیت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ ہونے کی خبر دی گئی ہے۔ اور فرمایا ہے کہ آپ اس میں شک نہ کریں کہ آپؐ کی ملاقات موسیٰ علیہ السلام سے ہوگی۔ چنانچہ ایک ملاقات شبِ معراج میں ہونا احادیث صحیحہ سے ثابت ہے، پھر قیامت میں ملاقات ہونا بھی ثابت ہے۔

اور حضرت حسن بصریؒ نے اس کی یہ تفسیر فرمائی ہے کہ جس طرح موسیٰ علیہ السلام کو ایک کتاب دی گئی اور لوگوں نے ان کی تکذیب کی اور ان کو ستایا۔ آپؐ بھی یقین رکھیں کہ یہ سب چیزیں آپ کو بھی پیش آئیں گی۔ اس لئے آپ کفار کی ایذاؤں سے دلگیر نہ ہوں، بلکہ اس کو سنتِ انبیاء سمجھ کر برداشت کریں۔

کسی قوم کا مقتدا و امام بننے کے لئے دو شرطیں

وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يُوْقِنُوْنَ، "یعنی ہم نے بنی اسرائیل میں سے کچھ لوگوں کو امام اور پیشوا و مقتدا بنا دیا جو اپنے پیغمبر کے نائب ہونے کی حیثیت سے باذنِ ربانی لوگوں کو ہدایت کیا کرتے تھے، جبکہ انھوں نے صبر کیا، اور جبکہ وہ ہماری آیتوں پر یقین رکھتے ہیں"

اس آیت میں علماء بنی اسرائیل میں سے بعض کو امامت و پیشوائی کا درجہ عطا فرمانے کے دو سبب ذکر فرمائے ہیں، اوّل صبر کرنا، دوسرے آیاتِ الٰہیہ پر یقین کرنا۔ صبر کرنے کا مفہوم عربی زبان کے اعتبار سے بہت وسیع اور عام ہے۔ اس کے لفظی معنی باندھنے اور ثابت رہنے کے ہیں۔ اس جگہ صبر سے مراد احکامِ الٰہیہ کی پابندی پر ثابت قدم رہنا اور جن چیزوں کو اللہ تعالیٰ نے حرام یا مکروہ قرار دیا ہے ان سے اپنے نفس کو روکنا ہے۔ جس میں تمام احکامِ شریعت کی پابندی آجاتی ہے، اور یہ بہت بڑا عملی کمال ہے۔ دوسرا سبب ان کا آیاتِ الٰہیہ پر یقین رکھنا ہے۔ اس میں آیات کے مفہوم کو سمجھنا پھر سمجھ کر اس پر یقین کرنا دونوں داخل ہیں، یہ بہت بڑا کمال علمی ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ امامت و پیشوائی کے لائق اللہ تعالیٰ کے نزدیک صرف وہ لوگ ہیں جو عمل میں بھی کامل ہوں اور علم میں بھی، اور یہاں عملی کمال کو علمی کمال سے مقدم بیان فرمایا ہے

کہ ترتیب طبعی میں علم عمل سے مقدم ہوتا ہے، اس میں اشارہ اس طرف ہے کہ اللہ کے نزدیک وہ علم قابلِ اعتبار ہی نہیں جس کے ساتھ عمل نہ ہو۔

ابن کثیر نے بعض علماء کا قول اس آیت کی تفسیر میں نقل کیا ہے کہ بِالصَّبْرِ وَالْيَقِيْنِ تُنَالُ الْاِمَامَةُ فِي الدِّيْنِ، "یعنی صبر اور یقین ہی کے ذریعہ دین میں کسی کو امامت کا درجہ مل سکتا ہے"

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَسُوْقُ الْمَآءَ اِلَى الْاَرْضِ الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا، "یعنی کیا یہ لوگ نہیں دیکھتے کہ ہم خشک زمین کی طرف پانی کو (بعض مواقع میں) زمین پر چلا کر لے جاتے ہیں، جس سے اُن کی کھیتیاں اُگتی ہیں"، جُرُزٌ خشک زمین کو کہتے ہیں جس میں درخت نہیں اُگتے۔

زمین کی آبپاشی کا ایک خاص حکیمانہ نظام

خشک زمین کو سیراب کرنے اور اس میں نباتات اُگانے کا ذکر قرآن کریم میں جابجا اس طرح آیا ہے کہ اس زمین پر بارش برستی ہے، اس سے زمین تر و تازہ ہو کر اُگانے کے قابل ہو جاتی ہے۔ مگر اس آیت میں بارش کے بجائے پانی کو زمین پر چلا کر خشک زمین کی طرف لے جانے اور اس سے درخت اُگانے کا ذکر فرمایا ہے۔ یعنی بارش کسی دوسری زمین پر نازل کی جاتی ہے وہاں سے ندی نالوں کے ذریعہ زمین پر چلا کر پانی کو خشک زمین کی طرف لیجایا جاتا ہے جہاں بارش نہیں ہوتی۔

اس میں اشارہ اس طرف ہے کہ بعض زمینیں ایسی خام اور نرم ہوتی ہیں جو بارش کی متحمل نہیں ہوتیں، اگر وہاں پوری بارش برسائی جائے تو عمارتیں منہدم ہو جائیں، درخت اُکھڑ جائیں۔ اس لئے قدرت نے ایسی زمینوں کے لئے یہ نظام بنایا ہے کہ بارش تو اس زمین پر نازل کی جاتی ہے جو اس کی متحمل ہے، پھر یہاں سے پانی بہا کر ایسی زمینوں کی طرف لے جایا جاتا ہے جو بارش کی متحمل نہیں، جیسے مصر کی زمین ہے۔ اور بعض مفسرین نے یمن اور شام کی بعض زمینوں کو اس کا مصداق قرار دیا ہے (کمارواہ عن ابن عباس والحسن) اور صحیح یہ ہے کہ یہ مضمون ایسی تمام زمینوں کو شامل ہے اور مصر کی زمین خصوصیت سے اس میں شامل ہے، جہاں بارش بہت کم ہوتی ہے۔ مگر بلادِ حبشہ افریقہ کی بارشوں کا پانی دریائے نیل کے ذریعہ مصر میں آتا ہے، اور وہاں کی سُرخ مٹی ساتھ لاتا ہے، جس میں انبات کا مادّہ زیادہ ہے۔ اس لئے مصر کے لوگ اپنے ملک میں بارش نہ ہونے کے باوجود ہر سال نئے پانی اور نئی مٹی سے فائدہ اُٹھاتے ہیں۔ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْفَتْحُ "یعنی کفار یہ کہتے ہیں کہ وہ فتح کب ہوگی"، جس کا آپ ذکر کرتے ہیں کہ مؤمنین کو کفار پر غلبہ ہوگا، ہمیں تو کہیں اس کے آثار نظر نہیں آتے،

ہم تو یہ دیکھتے ہیں کہ مسلمان خائف ہیں، چھپتے پھرتے ہیں۔

اس کے جواب میں حق تعالیٰ نے فرمایا: قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِيْمَانُهُمْ، "یعنی آپؐ ان کے جواب میں یہ کہہ دیجئے کہ تم ہماری فتح کا دن ہم سے کیا پوچھتے ہو وہ دن تو تمھاری مصیبت کا ہوگا۔ کیونکہ جس وقت ہماری فتح ہوگی تو اس وقت تم عذاب میں گرفتار ہو چکے ہوگے، خواہ دنیا میں جیسے غزوۂ بدر میں ہوا یا آخرت میں۔ اور جب اللہ کا عذاب کسی کو پکڑ لیتا ہے پھر اس کا ایمان قبول نہیں ہوتا۔ کذا ذکرہ ابن کثیر

اور بعض حضرات نے اس جگہ مَتٰى هٰذَا الْفَتْحُ کے معنی روز قیامت کے کئے ہیں۔ اوپر خلاصۂ تفسیر میں اسی کو اختیار کیا گیا۔ واللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اعلم ؛

تَمَّتْ

سُوْرَةُ السَّجْدَةِ بِحَمْدِ اللّٰهِ سُبْحَانَه
فِيْ لَيْلَةِ عَرَفَةَ مِنْ ذِي الْحِجَّه سنہ ۱۳۹۱ھ

سُوْرَةُ الْاَحْزَاب

سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثٌ وَّسَبْعُوْنَ اٰيَةً وَّتِسْعُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ احزاب مدینہ میں نازل ہوئی اور اس کی تہتر آیتیں ہیں اور نو رکوع

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے ۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

اے نبی ڈر اللہ سے اور کہا نہ مان منکروں کا اور دغابازوں کا مقرر اللہ ہے

كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۙ (۱) وَّاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۭ اِنَّ

سب کچھ جانتا والا حکمتوں والا ۔ اور چل اسی پر جو حکم آتا ہے تجھ کو تیرے رب کی طرف سے ، بیشک

اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۙ (۲) وَّتَوَكَّلْ عَلَي اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى

اللہ تمہارے کام کی خبر رکھتا ہے ۔ اور بھروسہ رکھ اللہ پر اور اللہ

بِاللّٰهِ وَكِيْلًا (۳)

کافی ہے کام بنانے والا

خُلاصۂ تفسیر

اے نبی اللہ سے ڈرتے رہیے (اور کسی سے نہ ڈریئے اور ان کی دھمکیوں کی ذرا پروا نہ کیجیے) اور کافروں کا (جو کھلم کھلا دین کے خلاف مشورے دیتے ہیں) اور منافقوں کا (جو در پردہ ان کے ساتھ متفق ہیں) کہنا نہ مانیے (بلکہ اللہ ہی کا کہنا کیجیے) بیشک اللہ تعالیٰ بڑا علم والا

بڑی حکمت والا ہے (اس کا ہر حکم فوائد اور مصالح پر مشتمل ہوتا ہے) اور (اللہ کا کہنا ماننا یہ ہے کہ) آپ کے پروردگار کی طرف سے جو حکم آپ پر وحی کیا جاتا ہے اس پر چلئے (اور اے لوگو) بیشک تم لوگوں کے سب اعمال کی اللہ تعالیٰ — پوری خبر رکھتا ہے (تم میں سے جو ہمارے پیغمبر کی مخالفت اور مزاحمت کر رہے ہیں ہم سب کو سمجھیں گے) اور (اے نبیؐ) آپ (ان لوگوں کی دھمکیوں کے معاملہ میں) اللہ پر بھروسہ رکھئے اور اللہ کافی کارساز ہے (اس کے مقابلہ میں ان لوگوں کی کوئی تدبیر نہیں چل سکتی، اس لئے کچھ فکر نہ کیجئے، البتہ اگر اللہ تعالیٰ کی حکمت کسی ابتلاء کو مقتضی ہو اور اس کی وجہ سے کوئی عارضی تکلیف پہونچ جائے تو وہ ضرر نہیں بلکہ عین منفعت ہی) ؛

معارف و مسائل

یہ مدنی سورۃ ہے اس کے بیشتر مضامین رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبوبیت اور خصوصیت عند اللہ پر مشتمل ہیں، جس میں آپ کی تعظیم کا واجب ہونا اور آپکی ایذا رسانی کا حرام ہونا مختلف عنوانات سے بیان ہوا ہے۔ اور باقی مضامینِ سورۃ بھی انہی کی تکمیل و اتمام سے مناسبت رکھتے ہیں۔

شانِ نزول

اس سورۃ کے سبب نزول میں چند روایات منقول ہیں۔ ایک یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب ہجرت کر کے مدینہ طیبہ میں تشریف فرما ہوئے، تو مدینہ کے آس پاس یہود کے قبائل، بنو قریظہ، بنو نضیر، بنو قینقاع وغیرہ آباد تھے۔ رحمۃ للعالمین کی خواہش اور کوشش یہ تھی کہ کسی طرح یہ لوگ مسلمان ہو جائیں۔ اتفاقاً ان یہودیوں میں سے چند آدمی آپ کی خدمت میں آنے لگے، اور منافقانہ طور پر اپنے آپ کو مسلمان کہنے لگے، دلوں میں ایمان نہیں تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو غنیمت سمجھا، کہ کچھ لوگ مسلمان ہو جائیں تو دوسروں کو دعوت دینا آسان ہو جائے گا۔ اس لئے آپ ان لوگوں کے ساتھ خاص مدارات کا معاملہ فرماتے، اور ان کے چھوٹے بڑے آنے والوں کا اکرام کرتے تھے، اور کوئی بُری بات بھی ان سے صادر ہوتی تو دینی مصلحت سمجھ کر اس سے چشم پوشی فرماتے تھے۔ اس واقعہ پر سورۂ احزاب کی ابتدائی آیات نازل ہوئیں۔ (قرطبی)

ایک دوسرا واقعہ ابن جریرؒ نے حضرت ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے کہ ہجرت کے بعد کفارِ مکہ میں سے ولید بن مغیرہ اور شیبہ ابن ربیعہ مدینہ طیبہ آئے، اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے یہ پیشکش کی کہ ہم سب قریش مکہ کے آدھے اموال آپ کو دیدیں گے اگر آپ اپنے دعوے کو چھوڑ دیں۔ اور مدینہ طیبہ کے منافقین اور یہود نے آپ کو یہ

دھمکی دی کہ اگر آپ نے اپنا دعوٰی اور دعوت سے رجوع نہ کیا تو ہم آپ کو قتل کر دیں گے۔ اس پر یہ آیتیں نازل ہوئیں (روح)

تیسرا ایک واقعہ ثعلبی اور واحدی نے بغیر سند یہ نقل کیا ہے کہ ابو سفیان اور عکرمہ ابن ابی جہل اور ابو الاعور سلمی اس زمانے میں جب واقعۂ حدیبیہ میں کفار مکّہ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مابین ترکِ جنگ پر معاہدہ ہو گیا تھا تو یہ لوگ مدینہ طیبہ آئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ آپ ہمارے معبودوں کا برائی سے ذکر کرنا چھوڑ دیں، صرف اتنا کہہ دیں کہ یہ بھی شفاعت کریں گے اور نفع پہنچائیں گے۔ آپ اتنا کر لیں تو ہم آپ کو اور آپ کے رب کو چھوڑ دیں گے، جھگڑا ختم ہو جائے گا۔

ان کی بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور سب مسلمانوں کو سخت ناگوار ہوئی، مسلمانوں نے ان کے قتل کا ارادہ کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں ان سے معاہدۂ صلح کر چکا ہوں اس لئے ایسا نہیں ہو سکتا۔ اس پر یہ آیتیں نازل ہوئیں (روح) یہ روایات اگرچہ مختلف ہیں مگر درحقیقت ان میں کوئی تضاد نہیں، یہ واقعات بھی آیاتِ مذکورہ کے نزول کا سبب ہو سکتے ہیں۔

ان آیتوں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دو حکم دیئے گئے: پہلا اِتَّقِ اللّٰہَ یعنی اللہ سے ڈرو، دوسرا لَا تُطِعِ الْکٰفِرِیْنَ یعنی کافروں کا کہنا نہ مانو۔ اللہ سے ڈرنے کا حکم اس لئے دیا گیا کہ ان لوگوں کو قتل کرنا عہد شکنی ہے جو حرام ہے۔ اور کفار کی بات نہ ماننے کا حکم اس لئے کہ ان تمام واقعات میں کفار کی جو فرمائشیں ہیں وہ ماننے کے قابل نہیں۔ اس کی تفصیل آگے آتی ہے۔

یٰٓاَیُّھَا النَّبِیُّ اتَّقِ اللّٰہَ، یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خاص اعزاز و اکرام ہے کہ پورے قرآن میں کہیں آپ کو نام لے کر خطاب نہیں کیا گیا، جیسا کہ دوسرے انبیاء کے خطابات میں یٰٓاٰدَمُ، یٰنُوْحُ، یٰٓاِبْرٰھِیْمُ، یٰمُوْسٰی وغیرہ بار بار آیا ہے، بلکہ خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کو پورے قرآن میں جہاں خطاب کیا گیا وہ کسی لقب نبی یا رسول وغیرہ سے خطاب کیا گیا۔ صرف چار مواقع جن میں یہی بتلانا منظور تھا کہ آپؐ اللہ کے رسول ہیں، ان میں آپؐ کا نام ذکر کیا گیا ہے جو ضروری تھا۔

اس خطاب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دو حکم دیئے گئے۔ ایک خدا تعالےٰ سے ڈرنے کا، کہ مشرکینِ مکّہ سے جو معاہدہ ہو چکا ہے اس کی خلاف ورزی نہ ہونی چاہیے، دوسرے مشرکین اور منافقین و یہود کی بات نہ ماننے کا۔ یہاں جو یہ سوال پیدا ہوتا ہے

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تو ہر گناہ سے معصوم ہیں، عہد شکنی بھی گناہ کبیرہ ہے، اور کفار و مشرکین کی وہ باتیں جو شانِ نزول میں اوپر بیان کی گئیں، ان کا ماننا بھی گناہ عظیم ہے تو آپ خود ہی اس سے محفوظ تھے۔ پھر اس حکم کی ضرورت کیا پیش آئی؟ روح المعانی میں ہے کہ مراد ان احکام سے آئندہ بھی ان پر قائم رہنے کی ہدایت ہے جیسا کہ اس واقعہ میں آپ اُن پر قائم رہے اور اتق اللہ کے حکم کو اس لئے مقدم کیا کہ مسلمانوں نے ان مشرکینِ مکہ کو قتل کرنے کا ارادہ کیا تھا جن سے معاہدہ صلح ہو چکا تھا۔ اس لئے عہد شکنی سے بچنے کی ہدایت لفظ اِتَّقِ اللہ کے ذریعہ مقدم کی گئی۔ بخلاف اطاعتِ کفار و مشرکین کے کہ اس کا کسی نے ارادہ بھی نہ کیا تھا اس لئے اس کو مؤخر کیا گیا۔

اور بعض حضرات مفسرین نے فرمایا کہ اس آیت میں اگرچہ خطاب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہے مگر مراد امت کو سنانا ہے، آپ تو معصوم تھے، احکامِ الٰہیہ کی خلاف ورزی کا آپ سے کوئی احتمال نہ تھا۔ مگر قانون پوری اُمت کے لئے ہے، ان کو سنانے کا عنوان یہ اختیار کیا گیا کہ خطاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرمایا جس سے حکم کی اہمیت بہت بڑھ گئی، کہ جب اللہ کے رسول بھی اس کے مخاطب ہیں تو امت کا کوئی فرد اس سے کیسے مستثنیٰ ہو سکتا ہے۔

اور ابن کثیر نے فرمایا کہ اس آیت میں کفار و مشرکین کی اطاعت سے منع کرنے کا اصل مقصد یہ ہے کہ آپ ان سے مشورے نہ کریں، ان کو زیادہ مجالست کا موقع نہ دیں۔ کیونکہ ایسے مشورے اور باہمی روابط بسا اوقات اس کا سبب بن جایا کرتے ہیں کہ ان کی بات مان لیجائے تو اگرچہ ان کی بات مان لینے کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی احتمال نہ تھا، مگر ان کے ساتھ ایسے روابط رکھنے اور ان کو اپنے مشوروں میں شریک کرنے سے بھی آپ کو روک دیا گیا، اور اس کو اطاعت کے لفظ سے اس لئے تعبیر کر دیا کہ ایسے مشورے اور باہمی روابط عادۃً مانے کا سبب بن جایا کرتے ہیں۔ تو یہاں درحقیقت آپ کو اسبابِ اطاعت سے منع کیا گیا ہے، نفسِ اطاعت کا تو آپ سے احتمال ہی نہ تھا۔

رہا یہ سوال کہ آیتِ مذکورہ میں کافروں کی طرف سے خلافِ شرع اور خلافِ حق باتوں کا اظہار تو کوئی بعید نہیں، ان کی اطاعت سے منع کرنا بھی ظاہر ہے۔ مگر منافقین نے اگر اسلام کے خلاف کوئی بات آپ سے کہی تو پھر وہ منافقین نہ رہے، کھلے کافر ہو گئے ان کو الگ ذکر کرنے کی کیا ضرورت ہوتی؟ جواب یہ ہے کہ ہو سکتا ہے کہ منافقین نے بالکل کھول کر تو کوئی بات خلاف اسلام نہ کہی ہو، مگر دوسرے کفار کی تائید اور حمایت میں کوئی کلمہ کہا ہو۔

اور منافقین کا جو واقعہ شانِ نزول میں اوپر بیان ہوا ہے، اگر اس کو سببِ نزول قرار دیا جائے تو اس میں اشکال ہی نہیں۔ کیونکہ اس واقعہ کے اعتبار سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سے روکا گیا ہے کہ ان اپنے آپ کو مسلمان کہنے والے یہود سے آپ زیادہ مدارات کا معاملہ نہ کریں۔

اس آیت کے آخر میں اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا، فرما کر اس حکم کی حکمت بیان کر دی گئی۔ جو اوپر دیا گیا ہے کہ اللہ سے ڈریں، اور کفار و منافقین کا کہنا نہ مانیں۔ کیونکہ عواقبِ امور اور نتائج کا جاننے والا اللہ تعالیٰ بڑا حکیم ہے، وہی مصالحِ عباد کو جانتا ہے۔ یہ اس لئے فرمایا کہ کفار یا منافقین کی بعض باتیں ایسی بھی تھیں جن سے شر و فساد کم ہونے اور باہمی رواداری کی فضا قائم ہونے وغیرہ کے فوائد حاصل ہو سکتے تھے۔ مگر حق تعالیٰ نے اس سے منع فرمایا کہ ان لوگوں کے ساتھ یہ رواداری بھی مصلحت کے خلاف ہے، اس کا انجام اچھا نہیں۔

وَاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا، یہ پہلے ہی حکم کا تکملہ ہے کہ آپ کفار و منافقین کی باتوں میں نہ آئیں، اُن کی بات نہ مانیں بلکہ جو کچھ اللہ کی طرف سے آپ کو بذریعہ وحی بتلایا گیا ہے بس آپ اور صحابہ اسی کا اتباع کریں۔ چونکہ اس خطاب میں صحابۂ کرام اور عام مسلمان بھی شامل ہیں، اس لئے آخر میں بصیغہ جمع بِمَا تَعْمَلُوْنَ فرما کر تنبیہ کر دی گئی۔

وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا، یہ بھی اسی حکم کی تکمیل ہے۔ اس میں ارشاد ہے کہ آپ ان لوگوں کی باتوں پر کان نہ دھریں، اور اپنے مقصد کی کامیابی میں صرف اللہ پر بھروسہ کریں کہ وہی ہی کافی کارساز ہے۔ اس کے ہوتے ہوئے آپ کسی کی رواداری کی ضرورت نہیں۔

مسئلہ: آیات مذکورہ سے ثابت ہوا کہ امورِ دین میں کفار سے مشورہ لینا بھی جائز نہیں۔ دوسرے امور جن کا تعلق تجربہ وغیرہ سے ہو ان میں مشورہ لینے میں مضائقہ نہیں۔ واللہ اعلم

مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ ۚ وَمَا جَعَلَ

اللہ نے رکھے نہیں کسی مرد کے دو دل اس کے اندر اور نہیں کیا تمہاری

اَزْوَاجَكُمُ الّٰٓـِٔيْ تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ وَمَا جَعَلَ اَدْعِيَآءَكُمْ

جورؤں کو جن کو ماں کہہ بیٹھے ہو (سچی) مائیں تمہاری، اور نہیں کیا تمہارے لے پالکوں کو تمہارے

اَبْنَآءَكُمْ ۭ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِاَفْوَاهِكُمْ ۚ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَهُوَ

بیٹے ، یہ تمھاری بات ہی اپنے مُنہ کی ، اور اللہ کہتا ہے ٹھیک بات اور

يَهْدِي السَّبِيْلَ ۝۴ اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَاۗىِٕهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ

وہی سمجھاتا ہے راہ ۔ پکارو لے پالکوں کو ان کے باپ کی طرف نسبت کر کے یہی پورا انصاف ہے اللہ کے یہاں

فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَاۗءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ وَمَوَالِيْكُمْ ۭ

پھر اگر نہ جانتے ہو اُن کے باپ کو تو تمھارے بھائی ہیں دین میں اور رفیق ہیں ،

وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيْمَآ اَخْطَاْتُمْ بِهٖ وَلٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ

اور گناہ نہیں تم پر جس چیز میں چُوک جاؤ ، پر وہ جو دل سے ارادہ

قُلُوْبُكُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝۵

کرو ، اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان ۔

خُلاصۂ تفسیر

اللہ تعالیٰ نے کسی شخص کے سینے میں دو دل نہیں بنائے اور (اسی طرح) تمھاری اُن بیبیوں کو جن سے تم ظہار کر لیتے ہو تمھاری ماں نہیں بنایا اور (اسی طرح سمجھ لو کہ) تمھارے مُنھ بولے بیٹوں کو تمھارا (سچ مچ کا) بیٹا (بھی) نہیں بنا دیا یہ صرف تمھارے مُنھ سے کہنے کی بات ہے (جو غلط ہے واقع کے مطابق نہیں) اور اللہ تعالیٰ حق بات فرماتا ہے اور وہی سیدھا راستہ بتلاتا ہے (اور جب مُنھ بولے بیٹے واقع میں تمھارے بیٹے نہیں تو) تم اُن کو (متبنّیٰ بنانے والوں کا بیٹا مت کہو، بلکہ) ان کے (حقیقی) باپوں کی طرف منسوب کیا کرو، یہ اللہ کے نزدیک راستی کی بات ہے، اور اگر تم ان کے باپوں کو نہ جانتے ہو تو (اُن کو اپنا بھائی یا اپنا دوست کہہ کر پکارو کیونکہ آخر) وہ تمھارے دین کے بھائی ہیں اور تمھارے دوست ہیں، اور تم کو اس میں جو بھول چُوک ہو جائے تو اس سے تم پر کوئی گناہ نہیں ہوگا لیکن ہاں جو دل سے ارادہ کر کے کہو (تو اس سے گناہ ہوگا) اور (اس سے بھی معافی مانگو تو معاف ہو جائے گا، کیونکہ) اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے ؂

معارف و مسائل

سابقہ آیات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کفار و منافقین کے مشوروں پر عمل نہ کرنے اور ان کی بات نہ ماننے کی ہدایت ہے۔ آیات مذکورہ میں کفار میں چلی ہوئی تین رسموں اور باطل خیالات کی تردید ہے۔ پہلی بات یہ ہے کہ جاہلیت کے زمانے میں عرب لوگ ایسے شخص کو جو زیادہ ذہین ہو یہ کہا کرتے تھے کہ اس کے سینے میں دو دل ہیں۔ دوسرے یہ کہ ان میں اپنی ازواج کے متعلق ایک رسم تھی کہ جس شخص نے اپنی بیوی کو اپنی ماں کی پیٹھ یا اور کسی عضو سے تشبیہ دی اور کہہ دیا کہ تو میرے لئے ایسی ہے جیسے میری ماں کی پیٹھ، اس کو ان کے محاورہ میں ظہار کہا جاتا تھا، جو ظہر سے مشتق ہے، ظہر کے معنے ہیں پیٹھ۔ اور ان کا خیال یہ تھا کہ جس شخص نے اپنی بیوی سے ظہار کر لیا وہ ہمیشہ کے لئے اس پر حرام ہو گئی۔

تیسرے یہ کہ ان میں ایک رسم یہ تھی کہ ایک آدمی کسی دوسرے کے بیٹے کو اپنا متبنّیٰ (منھ بولا بیٹا) بنا لیتا تھا اور جو اس طرح بیٹا بناتا یہ لڑکا اسی کا بیٹا مشہور ہو جاتا، اور اسی کا بیٹا کہہ کر پکارا جاتا تھا۔ اور ان کے نزدیک یہ منھ بولا بیٹا تمام احکام میں اصلی بیٹے کی طرح مانا جاتا تھا۔ مثلاً میراث میں بھی اس کی اولاد کے ساتھ مثل حقیقی اولاد کے شریک ہوتا تھا اور نسبی رشتہ سے جن عورتوں کے ساتھ نکاح حرام ہوتا ہے، یہ منھ بولے بیٹے کے رشتہ کو بھی ایسا ہی قرار دیتے۔ مثلاً جیسے اپنے حقیقی بیٹے کی بیوی سے اس کے طلاق دینے کے بعد بھی نکاح حرام رہتا ہے یہ منھ بولے بیٹے کی بیوی کو بھی بعد طلاق اس شخص کے لئے حرام سمجھتے تھے۔

زمانۂ جاہلیت کے یہ تین باطل خیالات و رسوم تھے۔ جن میں سے پہلی بات اگرچہ مذہبی عقیدے یا عمل سے متعلق نہیں تھی۔ اس لئے شریعتِ اسلام کو اس کی تردید کی ضرورت نہیں تھی۔ یہ محض فنِ تشریح وطب کا معاملہ تھا کہ انسان کے سینے میں ایک ہی دل ہوتا ہے یا دو بھی ہوتے ہیں، اس کا ظاہر البطلان ہونا سبھی کو معلوم تھا۔ اس لئے شاید اس کے بطلان کے ذکر کو بھی باقی دو مسئلوں کی تائید و تمہید کے طور پر بیان کر دیا گیا۔ کہ جس طرح اہلِ جاہلیت کا یہ کہنا باطل ہے کہ کسی ایک انسان کے سینہ میں دو دل ہو سکتے ہیں۔ اور اس کے بطلان کو عام و خاص سبھی جانتے ہیں اسی طرح ظہار اور متبنّیٰ کے مسائل میں بھی ان کے خیالات باطل ہیں۔

باقی دو مسئلے ایک ظہار دوسرے متبنّیٰ بیٹے کے احکام یہ اُن معاشرتی اور عائلی

مسائل میں سے ہیں جن کی اسلام میں خاص اہمیت ہے۔ یہاں تک کہ ان کی جزئیات اور تفصیلات بھی حق تعالیٰ نے قرآن میں خود ہی بیان فرمائی ہیں۔ دوسرے معاملات کی طرح صرف اصول بیان کر کے تفصیلی بیان کو پیغمبر کے حوالہ نہیں فرمایا۔ ان دونوں مسئلوں میں اہلِ جاہلیت نے اپنی بے بنیاد خواہشات سے حلال و حرام اور جائز و ناجائز کے خود ساختہ قوانین بنا رکھے تھے۔ دینِ حق کا فرض تھا کہ وہ ان باطل رسوم و خیالات کا ابطال کر کے حق بات واضح کرے۔ اس لئے بیان فرمایا وَمَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ الّٰٓـِٔيْ تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ اُمَّهٰتِكُمْ، یعنی تمہارا یہ خیال غلط ہے کہ اگر کسی نے بیوی کو ماں کی برابر یا مثل کہہ دیا تو وہ حقیقی ماں کی طرح، ہمیشہ کے لئے اس پر حرام ہو گئی، تمہارے کہنے سے بیوی حقیقۃً ماں نہیں ہو جاتی، تمہاری ماں تو وہی ہے جس سے تم پیدا ہوئے، ہو۔ اس آیت نے اہل جاہلیت کے اس خیال کو تو باطل کر دیا کہ ظہار کرنے سے حرمت مؤبّدہ نہیں ہوتی۔ آگے یہ بات کہ ایسا کہنے پر کوئی شرعی اثر مرتب ہوتا ہے یا نہیں؟ اس کا حکم مستقلاً سورۂ مجادلہ میں بتلایا گیا ہے کہ ایسا کہنا گناہ ہے، اس سے پرہیز واجب ہے، اور ایسا کہنے والا اگر کفارۂ ظہار ادا کر دے تو بیوی اس کے لئے حلال ہو جاتی ہے۔ کفارۂ ظہار کی تفصیل سورۂ مجادلہ میں آئے گی۔

دوسرا مسئلہ متبنّیٰ بیٹے کا تھا۔ اس کے متعلق فرمایا وَمَا جَعَلَ اَدْعِيَآءَكُمْ اَبْنَآءَكُمْ، اَدْعِیَاء، دَعِیٌّ کی جمع ہے۔ دَعِیٌّ وہ لڑکا ہے جس کو مُنہ بولا بیٹا کہا جاتا ہے، مطلب یہ ہے کہ جس طرح ایک انسان کے پہلو میں دو دل نہیں ہوتے، اور جس طرح بیوی کو ماں کے مثل کہنے سے بیوی ماں نہیں بن جاتی، اسی طرح مُنہ بولا بیٹا تمہارا بیٹا نہیں بن جاتا۔ یعنی دوسرے بیٹوں کے ساتھ نہ وہ میراث میں شریک ہوگا اور نہ حرمتِ نکاح کے مسائل اس پر عائد ہوں گے کہ بیٹے کی مطلّقہ بیوی باپ پر ہمیشہ کے لئے حرام ہے تو متبنّیٰ کی بیوی بھی حرام ہو۔

اور چونکہ اس آخری معاملے کا اثر بہت سے معاملات پر پڑتا ہے۔ اس لئے یہ حکم نافذ کر دیا گیا کہ متبنّیٰ بیٹے کو جب پکار و یا اس کا ذکر کرو تو اس کے اصلی باپ کی طرف منسوب کر کے ذکر کرو۔ جس نے بیٹا بنا لیا ہے اس کا بیٹا کہہ کر خطاب نہ کرو۔ کیونکہ اس سے بہت سے معاملات میں اشتباہ اور التباس پیدا ہو جانے کا خطرہ ہے۔

صحیح بخاری و مسلم وغیرہ میں حضرت ابن عمرؓ کی حدیث ہے کہ اس آیت کے نازل ہونے سے پہلے ہم زید بن حارثہ کو زید بن محمدؐ کہا کرتے تھے (کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم)

نے ان کو متبنّٰی بنالیا تھا) اس آیت کے نزول کے بعد ہم نے یہ عادت چھوڑ دی۔

مسئلہ: اس سے معلوم ہوا کہ اکثر آدمی جو دوسروں کے بچّوں کو بیٹا کہہ کر پکارتے ہیں جب کہ محض شفقت کی وجہ سے ہو متبنّٰی قرار دینے کی وجہ سے نہ ہو تو یہ اگرچہ جائز ہے مگر پھر بھی بہتر نہیں کہ صورۃً ممانعت میں داخل ہے (کذا فی الروح عن الخفاجی علی البیضاوی)

اور یہی وہ معاملہ ہے جس نے قریشِ عرب کو مغالطہ میں ڈال کر ایک بہت بڑے گناہ عظیم کا مرتکب بنا دیا کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ الزام لگانے لگے کہ آپ نے اپنے بیٹے کی مطلّقہ بیوی سے نکاح کرلیا۔ حالانکہ وہ آپؐ کے بیٹے نہ تھے بلکہ متبنّٰی تھے، جس کا ذکر اسی سورۃ میں آگے آنے والا ہے۔

اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَاَزْوَاجُهٗۤ اُمَّهٰتُهُمْ ؕ

نبی سے لگاؤ ہے ایمان والوں کو زیادہ اپنی جان سے اور اس کی عورتیں اُن کی مائیں ہیں،

وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ مِنَ

اور قرابت والے ایک دوسرے سے لگاؤ رکھتے ہیں اللہ کے حکم میں

الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ اِلَّاۤ اَنْ تَفْعَلُوْۤا اِلٰۤى اَوْلِيٰٓئِكُمْ

زیادہ سب ایمان والوں اور ہجرت کرنے والوں سے مگر یہ کہ کرنا چاہو اپنے رفیقوں سے

مَّعْرُوْفًا ؕ كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ۝۶

احسان، یہ ہے کتاب میں لکھا ہوا۔

خُلاصۂ تفسیر

نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) مؤمنین کے ساتھ تو ان کے نفس (اور ذات) سے بھی زیادہ تعلق رکھتے ہیں (کیونکہ انسان کا نفس تو کبھی اس کو نفع پہونچاتا ہے کبھی نقصان، کیونکہ اگر نفس اچھا ہے اچھے کاموں کی طرف چلتا ہے تو نفع ہے اور بُرے کاموں کی طرف چلنے لگے تو خود اپنا نفس ہی اپنے لئے مصیبت بن جاتا ہے، بخلاف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ آپؐ کی تعلیم نفع ہی نفع اور خیر ہی خیر ہے۔ اور اپنا نفس اگر اچھا بھی ہو اور نیکی ہی کی

کی طرف چلتا ہو پھر بھی اس کا نفع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نفع کی برابر نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ اپنے نفس کو تو خیر و شر اور مصلحت و مضرت میں مغالطہ بھی ہو سکتا ہے، اور اس کو مصالح و مضار کا پورا علم بھی نہیں، بخلاف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ آپؐ کی تعلیمات میں کسی مغالطہ کا خطرہ نہیں۔ اور جب نفع رسانی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہماری جان اور ہمارے نفس سے بھی زیادہ ہیں تو ان کا حق ہم پر ہماری جان سے زیادہ ہے، اور وہ حق یہی ہے کہ آپؐ کی ہر کام میں اطاعت کریں اور آپؐ کی تعظیم و تکریم تمام مخلوقات سے زیادہ کریں) اور آپ کی بیبیاں اُن (مؤمنین) کی مائیں ہیں (یعنی مذکورہ تقریر سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مؤمنین کے لئے رُوحانی باپ ہیں جو اُن کی اپنی ذات سے بھی زیادہ اُن پر شفیق و مہربان ہیں، اسی مناسبت سے آپؐ کی ازواج مطہراتؓ امت کی مائیں ہو گئیں یعنی تعظیم و تکریم میں ان کا حق ماؤں کی طرح ہے۔

اس آیت نے ازواجِ مطہراتؓ کو صراحۃً امّت کی مائیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اشارۃً اُمت کے رُوحانی باپ قرار دیدیا، تو اس سے بھی اسی طرح کا ایک التباس اور اشتباہ ہو سکتا تھا جس طرح کا اشتباہ متبنّیٰ کو اس کے غیر حقیقی باپ کی طرف منسوب کرنے میں ہوتا تھا، جس سے یہ نتیجہ نکالا جا سکتا تھا کہ اُمت کے مسلمان سب آپس میں حقیقی بھائی بہن ہو جائیں تو ان کے آپس میں نکاح کا تعلق حرام ہو جائے، اور میراث کے احکام میں بھی ہر مسلمان دوسرے کا وارث قرار دیا جائے، اس التباس کو دور کرنے کے لئے آخر آیت میں فرمادیا وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ الآیۃ یعنی) رشتہ دار کتاب اللہ (یعنی حکم شرعی) میں ایک دوسرے سے (میراث کا) زیادہ تعلق رکھتے ہیں، بہ نسبت دوسرے مؤمنین اور مہاجرین کے مگر یہ کہ تم اپنے (ان) دوستوں سے (بطور وصیت کے) کچھ سلوک کرنا چاہو تو وہ جائز ہے، یہ بات لوح محفوظ میں لکھی جا چکی ہے، (کہ ابتداءِ ہجرت میں ایمانی اخوت کی بناء پر مہاجرین کو انصار کی میراث کا حق دار بنا دیا گیا تھا مگر بالآخر تقسیمِ میراث رشتہ داری اور ارحام کی بنیاد پر رہے گی) ؛

معارف و مسائل

جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے سورۂ احزاب میں بیشتر مضامین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم اور آپؐ کی ایذاء رسانی کے حرام ہونے سے متعلق ہیں۔ شروع سورۃ میں مشرکین و منافقین کی ایذاؤں کا ذکر کر کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہدایات دیگئی

تھیں۔ اس کے بعد جاہلیت کی تین رسموں کا ابطال کیا گیا، جن میں آخری رسم کا تعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایذاء سے تھا۔ کیونکہ کفار نے حضرت زیدؓ کی مطلقہ بی بی زینبؓ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نکاح کے وقت اسی اپنی جاہلانہ رسم متبنّیٰ کی بناء پر آپؐ پر یہ الزام لگایا کہ آپؐ نے اپنے بیٹے کی مطلقہ بیوی سے نکاح کر لیا۔ اس طرح شروع سورۃ سے یہاں تک ایذاء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے متعلق مضمون تھا، اس آیتِ مذکورہ میں آپؐ کی تعظیم و اطاعت تمام مخلوق سے زیادہ واجب ہونا بیان کیا گیا ہے۔

اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ ، اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ کا جو مطلب خلاصۂ تفسیر میں بیان کیا گیا ہے وہ ابن عطیہ وغیرہ کا قول ہے جس کو قرطبی اور اکثر مفسّرین نے اختیار کیا ہے۔ اس کا حاصل یہ ہے کہ آپؐ کا حکم ہر مسلمان کے لئے اپنے ماں باپ سے بھی زیادہ واجب التعمیل ہے۔ اگر ماں باپ آپؐ کے کسی حکم کے خلاف کہیں ان کا کہنا ماننا جائز نہیں، اسی طرح خود اپنے نفس کی تمام خواہشات پر بھی آپ کے حکم کی تعمیل مقدم ہے۔

صحیح بخاری وغیرہ میں حضرت ابوہریرہؓ کی حدیث ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

مَامِنْ مُّؤْمِنٍ اِلَّا وَاَنَا اَوْلٰی النَّاسِ بِہٖ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اِقْرَءُوْا اِنْ شِئْتُمْ اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِہِمْ،
"یعنی کوئی مومن ایسا نہیں جس کیلئے میں دنیا و آخرت میں سارے انسانوں سے زیادہ اَولیٰ اور اَقرب نہ ہوں، اگر تمہارا دل چاہے تو اس کی تصدیق

کے لئے قرآن کی یہ آیت پڑھ لو، اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ"

جس کا حاصل یہ ہے کہ میں ہر مومن مسلمان پر ساری دنیا سے زیادہ شفیق و مہربان ہوں اور یہ ظاہر ہے کہ اس کا لازمی اثر یہ ہونا چاہئے کہ ہر مومن کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت سب سے زیادہ ہو۔ جیسا کہ حدیث میں یہ بھی ارشاد ہے:

لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْہِ مِنْ وَّالِدِہٖ وَوَلَدِہٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ (بخاری و مسلم، مظہری)
"یعنی تم میں سے کوئی اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک اس کے دل میں میری محبت اپنے باپ، بیٹے اور سب انسانوں سے زیادہ نہ ہو جائے"

وَاَزْوَاجُہٗٓ اُمَّہٰتُہُمْ، ازواج مطہرات کو اُمّت کی مائیں فرمانے سے مراد تعظیم و تکریم کے اعتبار سے مائیں ہونا ہے۔ ماں اور اولاد کے دوسرے احکام حرمتِ

نکاح اور محرم ہونے کی وجہ سے باہم پردہ نہ ہونا اور میراث میں حصہ دار ہونا وغیرہ یہ احکام اس سے متعلق نہیں، جیسا کہ آخر آیت میں اس کو کھول دیا گیا ہے۔ اور ازواجِ مطہراتؓ سے کسی امتی کا نکاح حرام ہونا وہ ایک مستقل آیت میں علٰحدہ فرمایا گیا ہے۔ اس لئے یہ ضروری نہیں کہ یہ حرمتِ نکاح بھی مائیں ہونے کی وجہ سے ہو۔

مسئلہ: آیتِ مذکورہ سے ثابت ہوا کہ ازواج مطہراتؓ میں سے کسی کی شان میں کوئی ادنیٰ بے ادبی اس لئے بھی حرام ہے کہ وہ اُمّت کی مائیں ہیں، اور اس لئے بھی کہ ان کی ایذاء سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذاء پہونچے گی جو اشد درجہ کا حرام ہے۔

وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ، اُولُوا الْاَرْحَامِ کے لفظی معنی سب رشتہ داروں اور قرابت داروں کو شامل ہیں، خواہ وہ لوگ ہوں جن کو فقہاء عصبات کے نام سے تعبیر کرتے ہیں، یا وہ جن کو خاص اصطلاح کے اعتبار سے عصبات کے بالمقابل اولوالارحام کہتے ہیں۔ قرآن کریم میں یہ فقہی اصطلاح جو بعد میں اختیار کی گئی ہے مراد نہیں۔

مطلب یہ ہے کہ رسولؐ اور ان کی ازواج کا تعلق مؤمنینِ امّت سے ــــ اگرچہ اس درجہ ہے کہ ماں باپ سے بھی مقدم ہے، مگر میراث کے احکام میں اس کا کوئی دخل نہیں بلکہ میراث نسبی اور قرابتی رشتوں کی بنیاد پر ہی تقسیم کی جائے گی۔

میراث کی حصہ داری شروع اسلام میں ایمانی اور روحانی رشتہ کی بنیاد پر تھی، بعد میں اس کو منسوخ کر کے قرابتی رشتوں کی بنیاد پر کر دی گئی۔ جس کی تفصیل قرآن کریم نے خود بتلادی ہے۔ یہ پوری تفصیل ناسخ اور منسوخ آیتوں کی سورۂ انفال میں گذر چکی ہے۔ اور مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ کے بعد وَالْمُهٰجِرِيْنَ کا ذکر اس صورت میں ان کا اختصاص و امتیاز بتلانے کے لئے ہے۔

اور بعض حضرات نے فرمایا کہ یہاں مؤمنین سے مراد انصار اور مہاجرین سے مراد قریش ہیں۔ مہاجرین کے تقابل سے مؤمنین کا لفظ انصار کے لئے ہونا معلوم ہو گیا۔ اس صورت میں یہ آیت توارث بالہجرۃ کے لئے ناسخ ہو گی۔ کیونکہ ابتداءِ ہجرت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مہاجرین و انصار کے درمیان مواخات کرا کر ان کے باہم وراثت جاری ہونے کا بھی حکم دیا تھا، اس آیت نے اس توارث بالہجرۃ کو بھی منسوخ کر دیا (قرطبی)

اِلَّآ اَنْ تَفْعَلُوْٓا اِلٰٓى اَوْلِيٰٓئِكُمْ مَّعْرُوْفًا، یعنی وراثت تو صرف رشتہ داری کے تعلق سے ملے گی، غیر رشتہ دار وارث نہیں ہو گا۔ مگر ایمانی اخوّت کی بنا پر جن لوگوں سے

تعلق ہو ان کو کچھ دینا چاہو تو اس کا بہرحال اختیار ہے۔ اپنی زندگی میں بھی بطور ہدیہ تحفہ ان کو دے سکتے ہو اور موت کے بعد ان کے لئے وصیت بھی کر سکتے ہیں۔

وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِيْمَ

اور جب لیا ہم نے نبیوں سے ان کا اقرار اور تجھ سے اور نوح سے اور ابراہیم سے

وَمُوْسٰى وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ۠ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ۙ﴿۷﴾ لِّيَسْـَٔلَ

اور موسیٰ سے اور عیسیٰ سے جو بیٹا مریم کا اور لیا ہم نے ان سے گاڑھا قرار، تاکہ پوچھے

الصّٰدِقِيْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۸﴾ ع ۱ ۱۷

اللہ سچوں سے ان کا سچ اور تیار کر رکھا ہے منکروں کے لئے دردناک عذاب۔

خلاصۂ تفسیر

اور (وہ وقت قابلِ ذکر ہے) جب کہ ہم نے تمام پیغمبروں سے ان کا اقرار لیا (کہ احکام الٰہیہ کا اتباع کریں، جن میں خلق اللہ کو تبلیغ و دعوت اور باہمی تعاون و تناصر بھی داخل ہے) اور (ان پیغمبروں میں) آپؐ سے بھی (اقرار لیا) اور نوح اور ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ بن مریم (علیہم السلام) سے بھی اور (یہ کوئی معمولی عہد و اقرار نہیں تھا بلکہ) ہم نے ان سب سے خوب پختہ عہد لیا تاکہ (قیامت کے روز) ان سچے لوگوں سے (یعنی انبیاء علیہم السلام سے) ان کے سچ کی تحقیقات کرے (تاکہ اُن کا شرف و اعزاز اور نہ ماننے والوں پر حجت مکمل ہو جائے، اس عہد اور اس کی تحقیقات سے دو باتوں کا وجوب ثابت ہو گیا، کہ صاحبِ وحی پر اپنی وحی کا اتباع واجب ہے، اور جو عام لوگ صاحبِ وحی نہیں اُن پر اپنے صاحبِ وحی پیغمبر کے اتباع کا وجوب) اور کافروں کے لئے (جو صاحبِ وحی کے اتباع سے منحرف ہیں) اللہ تعالیٰ نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

معارف و مسائل

شروع سورۃ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی وحی کے اتباع کا حکم دیا گیا ہے وَاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ اور گذشتہ آیت اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ میں مومنین پر صاحبِ وحی کے احکام کی تعمیل واجب کی گئی ہے۔ انہی دونوں باتوں کے مزید اثبات و اظہار کے لئے

مذکورہ دونوں آیتوں میں بھی دو مضمون بیان ہوئے ہیں، یعنی صاحبِ وحی کو اپنی وحی کا اتباع اور غیر صاحبِ وحی کو صاحبِ وحی کا اتباع کرنا واجب ہے۔

میثاقِ انبیاء

آیت مذکورہ میں جو انبیاء علیہم السلام سے عہد و اقرار لینے کا ذکر ہے وہ اس اقرارِ عام کے علاوہ ہے جو ساری مخلوق سے لیا گیا ہے۔ جیسا کہ مشکوٰۃ میں بروایت امام احمد مرفوعاً آیا ہے کہ: خُصُّوا بِمِیْثَاقِ النِّبِیِّ مَالَۃِ وَالنُّبُوَّۃِ وَھُوَ قَوْلُہٗ تَعَالٰی وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِیّٖنَ مِیْثَاقَھُمْ الآیۃ

یہ عہد انبیاء علیہم السلام سے نبوّت و رسالت کے فرائض ادا کرنے اور باہم ایک دوسرے کی تصدیق اور مدد کرنے کا عہد تھا۔ جیسا کہ ابن جریرؒ ابن ابی حاتم وغیرہ نے حضرت قتادہ سے روایت کیا ہے۔ اور ایک روایت میں اس عہدِ انبیاء میں یہ بھی شامل تھا کہ وہ سب اس کا بھی اعلان کریں کہ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ لَا نَبِیَّ بَعْدَہٗ یعنی محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں اور خاتم النبیین ہیں، آپؐ کے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا۔"

اور یہ میثاقِ انبیاء بھی ازل میں اسی وقت لیا گیا جبکہ عام مخلوق سے اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ کا عہد لیا گیا تھا (روح و مظہری)

وَمِنْکَ وَمِنْ نُّوْحٍ الآیۃ انبیاء علیہم السلام کا عام ذکر کرنے کے بعد ان میں سے پانچ انبیاء کا خصوصی ذکر ان کے اس خاص امتیاز و شرف کی بناء پر کیا گیا، جو ان کو زمرۂ انبیاء میں حاصل ہے۔ اور ان میں بھی لفظ مِنْکَ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر کو اور وں سے مقدم کیا گیا، اگرچہ آپؐ کی بعثت سب کے بعد ہے، وجہ اس کی خود حدیث میں یہ بیان فرمائی ہے:

کُنْتُ اَوَّلَ النَّاسِ فِی الْخَلْقِ وَاٰخِرَھُمْ فِی الْبَعْثِ، (رواہ ابن سعد و ابو نعیم فی الحلیۃ عن میسرۃ الفجر و الطبرانی فی الکبیر عن ابن عباسؓ،	"یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں تخلیق و تکوین میں سارے انسانوں سے پہلا ہوں اور بعثت و نبوّت میں سب سے آخر۔"

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَآءَتْكُمْ

اے ایمان والو یاد کرو احسان اللہ کا اپنے اوپر جب چڑھ آئیں تم پر

جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ؕ وَكَانَ

فوجیں پھر ہم نے بھیج دی اُن پر ہوا اور وہ فوجیں جو تم نے نہیں دیکھیں، اور ہے

اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ۝٩ اِذْ جَآءُوْكُمْ مِّنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ

اللہ جو کچھ کرتے ہو دیکھنے والا ۔ جب چڑھ آئے تم پر اوپر کی طرف سے اور

اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوْبُ

نیچے سے اور جب بدلنے لگیں آنکھیں اور پہنچے دل گلوں

الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا ۝١٠ هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ

تک اور اٹکل کرنے لگے تم اللہ پر طرح طرح کی اٹکلیں، وہاں جانچے گئے ایمان والے

وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا ۝١١ وَاِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ

اور جھڑجھڑائے گئے زور کا جھڑجھڑانا ، اور جب کہنے لگے منافق اور جن کے

فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اِلَّا غُرُوْرًا ۝١٢

دلوں میں روگ ہے جو وعدہ کیا تھا ہم سے اللہ نے اور اس کے رسول نے سب فریب تھا۔

وَاِذْ قَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ يٰٓاَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ

اور جب کہنے لگی ایک جماعت ان میں اے یثرب والو! تمہارے لئے ٹھکانہ نہیں

فَارْجِعُوْا ۚ وَيَسْتَاْذِنُ فَرِيْقٌ مِّنْهُمُ النَّبِيَّ يَقُوْلُوْنَ اِنَّ

سو پھر چلو، اور رخصت مانگنے لگا ایک فرقہ ان میں نبی سے کہنے لگے ہمارے گھر

بُيُوْتَنَا عَوْرَةٌ ۛ وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ ۚ اِنْ يُّرِيْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا ۝١٣

کھلے پڑے ہیں ، اور وہ کھلے نہیں پڑے ان کی کوئی غرض نہیں مگر بھاگ جانا۔

وَلَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِمْ مِّنْ اَقْطَارِهَا ثُمَّ سُئِلُوا الْفِتْنَةَ لَاٰتَوْهَا

اور اگر شہر میں کوئی گھس آئے ان پر اس کے کناروں سے پھر ان سے چاہو دین سے بچلنا تو مان لیں

وَمَا تَلَبَّثُوْا بِهَآ اِلَّا يَسِيْرًا ۝١٤ وَلَقَدْ كَانُوْا عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ

اور دیر نہ کریں اس میں مگر تھوڑی۔ اور اقرار کر چکے تھے اللہ سے

قَبْلُ لَا يُوَلُّوْنَ الْاَدْبَارَ ۭ وَكَانَ عَهْدُ اللّٰهِ مَسْـُٔوْلًا ۝١٥ قُلْ

پہلے کہ نہ پھیریں گے پیٹھ ، اور اللہ کے قرار کی پوچھ ہوتی ہے ۔ تو کہہ

لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَاِذًا لَّا

کچھ کام نہ آئے گا تمھارے یہ بھاگنا اگر بھاگو گے مرنے سے یا مارے جانے سے اور پھر بھی

تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۶﴾ قُلْ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَعْصِمُكُمْ مِّنَ اللّٰهِ

پھل نہ پاؤ گے مگر تھوڑے دنوں۔ تو کہہ کون ہے کہ تم کو بچائے اللہ سے

اِنْ اَرَادَ بِكُمْ سُوْٓءًا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً ؕ وَلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ

اگر چاہے تم پر بُرائی یا چاہے تم پر مہربانی، اور نہ پائیں گے اپنے واسطے

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۷﴾ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ

اللہ کے سوائے کوئی حمایتی اور نہ مددگار۔ اللہ کو خوب معلوم ہیں جو اٹکانے والے ہیں

مِنْكُمْ وَالْقَآئِلِيْنَ لِاِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ اِلَيْنَا ۚ وَلَا يَاْتُوْنَ الْبَاْسَ

تم میں اور کہتے ہیں اپنے بھائیوں کو چلے آؤ ہمارے پاس، اور لڑائی میں نہیں آتے

اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۸﴾ اَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ۚ فَاِذَا جَآءَ الْخَوْفُ رَاَيْتَهُمْ

مگر کبھی۔ دریغ رکھتے ہیں تم سے پھر جب آئے ڈر کا وقت تو تُو دیکھے اُن کو

يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ تَدُوْرُ اَعْيُنُهُمْ كَالَّذِيْ يُغْشٰى عَلَيْهِ مِنَ

کہ تکتے ہیں تیری طرف پھرتی ہیں آنکھیں اُن کی جیسے کسی پر آئے بے ہوشی

الْمَوْتِ ۚ فَاِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوْكُمْ بِاَلْسِنَةٍ حِدَادٍ اَشِحَّةً

موت کی، پھر جب جاتا رہے ڈر کا وقت چڑھ چڑھ بولیں تم پر تیز تیز زبانوں سے ڈھلے

عَلَى الْخَيْرِ ؕ اُولٰٓئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوْا فَاَحْبَطَ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ ؕ وَكَانَ

پڑتے ہیں مال پر وہ لوگ یقین نہیں لائے پھر اکارت کر ڈالے اللہ نے ان کے کام، اور یہ ہے

ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿۱۹﴾ يَحْسَبُوْنَ الْاَحْزَابَ لَمْ يَذْهَبُوْا ۚ وَ

اللہ پر آسان۔ سمجھتے ہیں کہ فوجیں کفار کی نہیں پھر گئیں، اور

اِنْ يَّاْتِ الْاَحْزَابُ يَوَدُّوْا لَوْ اَنَّهُمْ بَادُوْنَ فِي الْاَعْرَابِ

اگر آجائیں وہ فوجیں تو آرزو کریں کسی طرح ہم باہر نکلے ہوتے ہوں گاؤں میں

يَسْـَٔلُوْنَ عَنْ اَنْۢبَآئِكُمْ ؕ وَلَوْ كَانُوْا فِيْكُمْ مَّا قٰتَلُوْٓا اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۲۰﴾ ع ۱۲ ۱۸

پوچھ لیا کریں تمہاری خبریں ، اور اگر ہوں تم میں لڑائی نہ کریں مگر بہت تھوڑی ۔

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ

تمہارے لئے بھلی تھی سیکھنی رسول اللہ کی چال اس کے لئے جو کوئی امید

يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيْرًا ﴿۲۱﴾ ؕ وَلَمَّا رَاَ

رکھتا ہو اللہ کی اور پچھلے دن کی اور یاد کرتا ہو اللہ کو بہت سا ۔ اور جب دیکھی

الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ ۙ قَالُوْا هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ

مسلمانوں نے فوجیں ، بولے یہ وہی ہے جو وعدہ دیا تھا ہم کو اللہ نے اور اس کے رسول نے

وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۫ وَمَا زَادَهُمْ اِلَّاۤ اِيْمَانًا وَّتَسْلِيْمًا ﴿۲۲﴾ ؕ

اور سچ کہا اللہ نے اور اس کے رسول نے اور ان کو اور بڑھ گیا یقین اور اطاعت کرنا ۔

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ۚ

ایمان والوں میں کتنے مرد ہیں کہ سچ کر دکھلایا جس بات کا عہد کیا تھا اللہ سے

فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ ۖ وَمَا بَدَّلُوْا

پھر کوئی تو ان میں پورا کر چکا اپنا ذمہ اور کوئی ہے ان میں راہ دیکھ رہا ، اور بدلا نہیں

تَبْدِيْلًا ﴿۲۳﴾ ۙ لِيَجْزِيَ اللّٰهُ الصّٰدِقِيْنَ بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ

ایک ذرہ ۔ تاکہ بدلہ دے اللہ سچوں کو ان کے سچ کا اور عذاب کرے

الْمُنٰفِقِيْنَ اِنْ شَآءَ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ

منافقوں پر اگر چاہے یا توبہ ڈالے ان کے دل پر بیشک اللہ ہے

غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۲۴﴾ ۚ وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِغَيْظِهِمْ

بخشنے والا مہربان ۔ اور پھیر دیا اللہ نے منکروں کو اپنے غصہ میں بھرے ہوئے

لَمْ يَنَالُوْا خَيْرًا ؕ وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

ہاتھ نہ لگی کچھ بھلائی ، اور اپنے اوپر لے لی اللہ نے مسلمانوں کی لڑائی ، اور ہے اللہ

قَوِيًّا عَزِيْزًا ﴿۲۵﴾ وَاَنْزَلَ الَّذِيْنَ ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ

زور آور زبردست ، اور اتار دیا ان کو جو ان کے پشت پناہ ہوئے تھے اہل کتاب سے

مِنْ صَيَاصِيْهِمْ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ

ان کے قلعوں سے اور ڈال دی ان کے دلوں میں دھاک کتنوں کو تم جان سے مارنے لگے ،

وَتَاْسِرُوْنَ فَرِيْقًا ﴿۲۶﴾ وَاَوْرَثَكُمْ اَرْضَهُمْ وَدِيَارَهُمْ وَ

اور کتنوں کو قید کر لیا ۔ اور تم کو دلائی ان کی زمین اور ان کے گھر اور

اَمْوَالَهُمْ وَاَرْضًا لَّمْ تَطَئُوْهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ﴿۲۷﴾ ع ۳ ۱۹

ان کے مال اور ایک زمین کہ جس پر نہیں پھیری تم نے اپنی قدم اور ہے اللہ سب کچھ کر سکتا ۔

خلاصۂ تفسیر

اے ایمان والو ! اللہ کا انعام اپنے اوپر یاد کرو ، جب تم پر بہت سے لشکر چڑھ آئے (یعنی عُیَیْنَہ کا لشکر اور ابوسفیان کا لشکر اور یہود بنی قُرَیْظَہ) پھر ہم نے اُن پر ایک آندھی بھیجی (جس نے ان کو پریشان کر دیا اور ان کے خیمے اُکھاڑ پھینکے) اور (فرشتوں کی) ایسی فوج بھیجی جو تم کو (عام طور پر) دکھائی نہ دیتی تھی (گو بعض صحابہؓ مثلاً حضرت حذیفہؓ نے بعض ملائکہ کو بشکل انسان دیکھا بھی اور کفار کے لشکر میں یہ جاسوسی کے لئے گئے تھے وہاں یہ آواز بھی سُنی کہ بھاگو بھاگو ۔ اور اس واقعہ میں ملائکہ نے قتال نہیں کیا ، صرف کفار کے دلوں میں رعب ڈالنے کے لئے بھیجے گئے تھے) اور اللہ تعالیٰ تمھارے (اس وقت کے) اعمال کو دیکھتے تھے ، (کہ تم نے ایک طویل و عریض اور گہری خندق کھودنے میں بڑی محنت اٹھائی ، پھر کفار کے مقابلہ کے لئے بڑے استقلال کے ساتھ ثابت قدم رہے اور اس پر خوش ہو کر تمھاری امداد فرما رہے تھے ۔ یہ واقعہ اس وقت ہوا تھا) جبکہ وہ (دشمن) لوگ تم پر (ہر طرف سے نرغہ کر کے) آ چڑھے تھے اوپر کی طرف سے اور نیچے کی طرف سے بھی (یعنی کوئی قبیلہ مدینہ کے نشیب کی طرف سے اور کوئی قبیلہ اس کی بلندی کی طرف سے) اور جب کہ آنکھیں (مارے دہشت کے) کھلی کی کھلی رہ گئی تھیں ، اور کلیجے مُنہ کو آنے لگے تھے اور تم لوگ اللہ کے ساتھ طرح طرح کے گمان کر رہے تھے (جیسا مواقعِ شدّت میں طبعی طور پر مختلف وسوسے آیا کرتے ہیں ، اور یہ غیر اختیاری ہونے کی وجہ سے کوئی گناہ نہیں ، اور نہ اس قول کے منافی ہے

جو آگے اہلِ ایمان کا آئے گا هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ، کیونکہ اس میں لفظ ہٰذَا کا اشارہ احزاب کے چڑھ آنے کی طرف ہے، چونکہ اس کی خبر اللہ تعالیٰ کی طرف سے دیدی گئی تھی، اس لئے یہ تو متیقن تھا لیکن انجام اس واقعہ کا نہیں بتلایا گیا تھا اس لئے اس میں احتمالات مختلفہ غالب آنے اور مغلوب ہونے کے پیدا ہوتے تھے) اس موقع پر مسلمانوں کا (پورا) پورا امتحان کیا گیا (جس میں وہ پورے اترے) اور (سخت) زلزلہ میں ڈالے گئے اور (یہ واقعہ اس وقت ہوا تھا) جب کہ منافقین اور وہ (وہ) لوگ جن کے دلوں میں (نفاق اور شک کا) مرض ہے یوں کہہ رہے تھے کہ ہم سے تو اللہ نے اور اس کے رسول نے محض دھوکہ ہی کا وعدہ کر رکھا ہے (جیسا معتب بن قشیر اور اس کے ہمراہیوں نے یہ قول اس وقت کہا تھا کہ خندق کھودتے وقت کدال لگنے سے کئی بار آگ کا شرارہ نکلا، اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر بار ارشاد فرمایا کہ مجھ کو فارس اور روم اور شام کے محل اس کی روشنی میں نظر آئے اور اللہ تعالیٰ نے ان کی فتح کا وعدہ فرمایا ہے۔ جب احزاب کے اجتماع کے وقت پریشانی ہوئی تو یہ لوگ کہنے لگے کہ یہ تو حالت ہے اور اس پر فتحِ روم و فارس کی بشارتیں سنا رہے ہیں، یہ محض دھوکہ ہے اور گو وہ اس کو اللہ کا وعدہ نہ سمجھتے تھے نہ آپ کو رسول جانتے تھے، پھر یہ کہنا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ یا تو صرف حکایت کے درجہ میں ہے اور یا بطور فرض و استہزاء ہے) اور (یہ واقعہ اس وقت کا تھا) جبکہ ان (منافقین) میں سے بعض لوگوں نے (دوسرے حاضرینِ معرکہ سے) کہا کہ یثرب (یعنی مدینہ) کے لوگو! (یہاں) ٹھہرنے کا موقع نہیں (کیونکہ یہاں رہنا موت کے مُنہ میں جانا ہے) سو (اپنے گھروں کو) لوٹ چلو (یہ قول اَوس بن قیظی نے کہا تھا اور بھی کچھ لوگ اس میں شریک تھے) اور بعضے لوگ ان (منافقوں میں) نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) سے (اپنے گھر واپس جانے کی) اجازت مانگتے تھے کہتے تھے کہ ہمارے گھر غیر محفوظ ہیں (یعنی صرف عورتیں بچے رہ گئے ہیں، دیواریں قابلِ اطمینان نہیں کبھی چور نہ آگھسیں، یہ قول ابو عرابہ اور دوسرے بعض بنی حارثہ کا تھا) حالانکہ وہ (ان کے خیال میں) غیر محفوظ نہیں ہیں (یعنی ان کو اندیشہ چوری وغیرہ کا ہرگز نہیں اور نہ واپس جانے سے یہ نیت ہے کہ ان کا انتظام قابلِ اطمینان کر کے چلے آویں گے) یہ محض بھاگنا ہی چاہتے ہیں، اور (ان کی یہ حالت ہے کہ) اگر مدینہ میں اس کے (سب) اطراف سے ان پر (جب یہ اپنے گھروں میں ہوں) کوئی (لشکر کفار کا) آگھسے پھر ان سے فساد (یعنی مسلمانوں سے لڑنے) کی درخواست کی جاوے تو یہ (فوراً) اس (فساد) کو منظور کر لیں اور ان گھروں میں بہت ہی کم ٹھہریں (یعنی اتنا توقف ہو

کہ کوئی ان سے درخواست کرے اور یہ منظور کریں اور اس کے بعد وہ فوراً ہی تیار ہو جائیں اور مسلمانوں کے مقابلہ میں جا پہونچیں، اور کچھ بھی گھروں کا خیال نہ کریں کہ ہم تو دوسروں کو لوٹ مار کرنے جاتے ہیں، کبھی کوئی ہمارے گھر کو لوٹ لے. تو اگر ان کا قصد واقعی حفاظت کا ہے تو اب گھروں میں کیوں نہیں رہے، اس سے صاف معلوم ہوا کہ اصل میں ان کو مسلمانوں سے عداوت اور کفار سے محبت ہے، اس لئے تکثیر سواد سے بھی مسلمانوں کی نصرت پسند نہیں کرتے۔ باقی گھروں کا تو بہانہ ہے) حالانکہ یہ لوگ (اس سے) پہلے خدا سے عہد کر چکے تھے کہ (دشمن کے مقابلہ میں) پیٹھ نہ پھیریں گے (یہ عہد اس وقت کیا تھا جبکہ بدر میں بعض شرکت سے رہ گئے تھے تو بعض منافقین بھی مفت کرم داشتن کے طور پر کہنے لگے کہ افسوس! ہم شریک نہ ہوئے، ایسا کرتے ویسا کرتے، جب وقت آیا ساری قلعی کھل گئی) اور اللہ سے جو (اس قسم کا) عہد کیا جاتا ہے اس کی باز پرس ہو گی، آپ (ان سے) فرما دیجئے کہ (تم جو بھاگے بھاگے پھرتے ہو کما قال تعالیٰ اِنْ یُّرِیْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا تو) تم کو بھاگنا کچھ نافع نہیں ہو سکتا اگر تم موت سے یا قتل سے بھاگتے ہو اور اس (بھاگنے کی) حالت میں بجز تھوڑے دنوں کے (کہ وہ بقیہ عمر مقدر ہے) اور زیادہ (حیات سے) متمتع نہیں ہو سکتے (یعنی بھاگ کر عمر نہیں بڑھ سکتی، کیونکہ اس کا وقت مقدر ہے، اور جب مقدر ہے تو اگر نہ بھاگتے تو بھی وقت سے پہلے مر نہیں سکتے۔ پس نہ قرار بالقاف سے کوئی ضرر اور نہ فرار بالفاء سے کوئی نفع، پھر بھاگنا محض بے عقلی اور اس مسئلۂ قدر کی تحقیق کے لئے ان سے) یہ بھی فرما دیجئے کہ وہ کون ہے جو تم کو خدا سے بچا سکے اگر وہ تمہارے ساتھ برائی کرنا چاہے (مثلاً تم کو ہلاک کرنا چاہے تو کیا تم کو کوئی بچا سکتا ہے جیسا تم فرار کو نافع خیال کرتے ہو) یا وہ کون ہے جو خدا کے فضل کو تم سے روک سکے اگر وہ تم پر فضل کرنا چاہے (مثلاً وہ زندہ رکھنا چاہے جو کہ رحمتِ دنیویہ ہے تو کوئی اس کا مانع ہو سکتا ہے؟ جیسا تمہارا خیال ہے کہ ثبات فی المعرکہ کو قاطعِ حیات سمجھتے ہو) اور (وہ لوگ سن رکھیں کہ) خدا کے سوا نہ کوئی اپنا حمایتی پائیں گے (جو نفع پہونچائے) اور نہ کوئی مددگار (جو ضرر سے بچائے اب مسئلہ تقدیر کے بعد پھر تشنیعِ منافقین کا سلسلہ ہے، یعنی) اللہ تعالیٰ تم میں سے ان لوگوں کو (خوب) جانتا ہے جو (دوسروں کو لڑائی میں جانے سے) مانع ہوتے ہیں اور جو اپنے (نسبی یا وطنی) بھائیوں سے کہتے ہیں کہ ہمارے پاس آجاؤ (وہاں اپنی جان کیوں دیتے ہو، یہ بات ایک شخص نے اپنے حقیقی بھائی سے کہی تھی۔ اور اس وقت یہ کہنے والا گوشت بریاں اور روٹی کھا رہا تھا۔ مسلمان بھائی نے کہا افسوس! تو اس چین میں ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم

ایسی تکلیف میں، وہ بولا میاں تم بھی یہاں ہی چلے آؤ) اور (ان کی بزدلی اور حرص و بخل کی یہ کیفیت ہے کہ) لڑائی میں بہت ہی کم آتے ہیں (جس میں ذرا نام ہو جائے یہ تو ان کی بزدلی ہے اور آتے بھی ہیں تو) تمھارے حق میں بخیلی لئے ہوئے (یعنی آنے میں بڑی نیت یہ ہوتی ہے کہ سب غنیمت مسلمانوں کو نہ مل جائے برائے نام شریک ہونے سے استحقاقِ غنیمت کا دعویٰ تو کسی درجہ میں کر سکیں گے) سو (جب اُن کا جُبن اور بخل دونوں امر ثابت ہو گئے ہیں تو اس مجموعہ کا اثر یہ ہے کہ) جب (کوئی) خوف (کا موقع) پیش آتا ہے تو اُن کو دیکھتے ہو کہ وہ آپ کی طرف اس طرح دیکھنے لگتے ہیں کہ ان کی آنکھیں چکرائی جاتی ہیں جیسے کسی پر موت کی بے ہوشی طاری ہو (یہ تو بزدلی کا اثر ہوا) پھر جب وہ خوف دُور ہو جاتا ہے تو تم کو تیز تیز زبانوں سے طعنے دیتے ہیں مال (غنیمت) پر حرص لئے ہوئے، (یعنی مالِ غنیمت لینے کے لئے دل خراش باتیں کرتے ہیں کہ کیوں ہم شریک نہ تھے، ہماری ہی مدد سے تم کو یہ فتح میسّر نہیں ہوئی، یہ اثر بخل اور حرص کا ہے۔ یہ معاملہ ان کا تم سے ہے اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ ان کا معاملہ یہ ہے کہ) یہ لوگ (پہلے ہی سے) ایمان نہیں لائے تو اللہ تعالیٰ نے ان کے تمام اعمال (نیک پہلے ہی سے) بے کار کر رکھے ہیں (آخرت میں کچھ ثواب نہ ملے گا) اور یہ بات اللہ کے نزدیک بالکل آسان ہے (کوئی اس سے مزاحمت نہیں کر سکتا کہ ہم ان اعمال کا صلہ دیں گے اور یہ حالت تو ان کی اجتماعِ احزاب کے وقت تھی مگر ان کا جُبن یہاں تک بڑھا ہوا ہے کہ احزاب کے چلے جانے کے بعد بھی) ان لوگوں کا یہ خیال ہے کہ (ابھی تک) یہ لشکر گئے نہیں اور غایت بزدلی سے ان کی یہ حالت ہے کہ) اگر (بالفرض) یہ (گئے ہوئے) لشکر (پھر لوٹ کر) آجائیں تو (پھر تو) یہ لوگ (اپنے لئے) بھی پسند کریں کہ کاش ہم (کہیں) دیہاتوں میں باہر جا رہیں کہ (وہاں ہی بیٹھے بیٹھے آنے جانے والوں سے) تمھاری خبریں پوچھتے رہیں (اور وہ جگر دوز معرکہ اپنی آنکھ سے نہ دیکھیں) اور اگر (اتفاق سے کل یا بعض دیہات میں نہ جا سکیں) بلکہ تم ہی میں رہیں تب بھی (اس وقت کی لے دے سن کر بھی کبھی غیرت نہ آوے اور محض نام کرنے کو) کچھ یوں ہی سا لڑیں (آگے ثبات فی الحرب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اقتداء و اتباع کا مقتضائے ایمان ہونا بیان فرماتے ہیں تاکہ منافقین کو عار دلائی جائے کہ باوجود دعویٰ ایمان اس کے مقتضاء سے تخلّف کیا، اور مخلصین کو بشارت ملے کہ یہ لوگ البتہ مصداق کَانَ یَرْجُوا اللّٰہَ الخ کے ہیں پس ارشاد فرماتے ہیں کہ) تم لوگوں کے لئے یعنی ایسے شخص کے لئے جو اللہ سے اور روزِ آخرت سے ڈرتا ہو اور کثرت سے ذکرِ الٰہی کرتا ہو (یعنی مؤمن کامل ہو اس کے لئے)

رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کا ایک عمدہ نمونہ موجود تھا (کہ جب آپؐ ہی شریک رہے تو آپ سے زیادہ کون پیارا ہے کہ وہ اقتداء نہ کرے اور اپنی جان بچائے پھرے) اور (آگے منافقین کے مقابلہ میں مؤمنین مخلصین کا ذکر ہے) جب ایمان داروں نے ان لشکروں کو دیکھا تو کہنے لگے کہ یہ وہی (موقع) ہے جس کی ہم کو اللہ، رسولؐ نے خبر دی تھی (چنانچہ اس آیت بقرہ میں اس کا اشارہ قریب بصراحت موجود ہے، اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ (الی قولہ) وَزُلْزِلُوْا کیونکہ سورۂ بقرہ نزول میں سورۂ احزاب سے مقدم ہے، کذا فی الاتقان) اور اللہ، رسولؐ نے سچ فرمایا تھا اور اس (احزاب کے دیکھنے) سے (جو کہ مصدق پیشینگوئی ہے) ان کے ایمان اور طاعت میں ترقی ہوگئی (یہ وصف تو سب مؤمنین میں مشترک ہے اور بعض اوصاف بعض مؤمنین میں خاص بھی ہیں، جس کا بیان یہ ہے کہ) ان مؤمنین میں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں کہ انھوں نے جس بات کا اللہ سے عہد کیا تھا اس میں سچے اتری (اس تقسیم کا یہ مطلب نہیں ہے کہ بعضے مسلمانوں نے عہد کیا اور سچے نہیں اُترے بلکہ یہ تقسیم اس بناء پر ہے کہ بعض نے عہد ہی نہیں کیا تھا اور بلا عہد ہی ثابت قدم رہے۔ ان معاہدین کے ذکر کی تصریح بمقابلہ آیت بالا کے ہے جو منافقین کے حق میں ہے، وَلَقَدْ كَانُوْا عَاهَدُوا اللّٰهَ الخ اور مراد ان معاہدین سے حضرت انس بن النضر اور ان کے رفقاء ہیں۔ یہ حضرات اتفاق سے غزوۂ بدر میں شریک نہیں ہونے پائے تھے تو ان کو افسوس ہوا اور عہد کیا کہ اگر اب کے کوئی جہاد ہو تو اس میں ہماری جان توڑ کوشش دیکھ لی جائے گی۔ مطلب یہ تھا کہ مُنہ نہ موڑیں گے گو مارے جاویں) پھر ان (معاہدین) میں (دو قسمیں ہوگئیں) بعضے تو ان میں وہ ہیں جو اپنی نذر پوری کر چکے، (مراد وہ عہد ہے جو مثل نذر کے واجب الایقاع ہے۔ مطلب یہ کہ شہید ہو چکے اور اخیر دم تک منہ نہیں موڑا۔ چنانچہ حضرت انس بن نضر اُحد میں شہید ہو گئے تھے، اسی طرح حضرت مصعب) اور بعضے اُن میں (اس کے ایفاء کے آخری اثر یعنی شہادت کے) مشتاق ہیں (ابھی شہید نہیں ہوئے) اور (اب تک) انھوں نے (اس میں) ذرا تغیر تبدل نہیں کیا (یعنی اپنے عزم پر قائم ہیں، پس مجموعہ قوم کا دو قسم پر ہے، ایک منافق جن کا اوپر بیان ہوا، دوسرے مؤمنین۔ پھر مؤمنین کی دو قسم ہیں، معاہد اور غیر معاہد اور ثبات میں دونوں مشترک ہیں۔ لقولہ تعالیٰ لَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الخ پھر معاہد دو قسم پر ہیں شہید اور منتظر شہادت، کل چار قسمیں ان آیات میں مذکور ہیں۔ آگے اس غزوہ کی ایک حکمت بیان فرماتے ہیں کہ) یہ واقعہ اس لئے ہوا تاکہ اللہ تعالیٰ

سچے مسلمانوں کو ان کے سچ کا صلہ دے اور منافقوں کو چاہے سزا دے یا چاہے اُن کو (نفاق سے) توبہ کی توفیق دے (کیونکہ ایسے مصائب اور حوادث میں مخلص اور متصنع متمیز ہو جاتا ہے اور احیاناً ملامت سے بعض متصنعین بھی متاثر ہو کر مخلص ہو جاتے ہیں اور بعضے بحالہ بھی رہتے ہیں) بیشک اللہ غفور رحیم ہے (اس لئے توبہ کا قبول ہو جانا مستبعد نہیں، اس میں ترغیب ہے توبہ کی) اور (یہاں تک اس مجمع اسلام کے اقسام مختلفہ کے حالات تھے، آگے کفار مخالفین کی حالت کا ذکر ہے کہ) اللہ تعالیٰ نے کافروں کو (یعنی مشرکین کو) ان کے غصہ میں بھرا ہوا (مدینہ سے) ہٹا دیا کہ ان کی کچھ بھی مراد پوری نہ ہوئی (اور ان کا غصہ بھرا ہوا تھا) اور جنگ میں اللہ تعالیٰ مسلمانوں کے لئے آپ ہی کافی ہو گیا (یعنی کفار کو قتال متعارف کی نوبت بھی نہ آئی کہ پہلے ہی دفع ہو گئے اور خفیف سی لڑائی متفرق طور پر منفی نہیں ہی) اور (اس طرح کافروں کا ہٹا دینا کچھ عجیب نہ سمجھو، کیونکہ) اللہ تعالیٰ بڑی قوت والا زبردست ہے (اُس کو کچھ دشوار نہیں۔ یہ تو مشرکین کا حال ہوا) اور (دوسرا گروہ مخالفین میں یہود بنی قریظہ کا تھا آگے ان کا ذکر ہے) جن اہلِ کتاب نے ان (مشرکین) کی مدد کی تھی ان کو اللہ تعالیٰ نے) ان کے قلعوں سے (جن میں وہ محصور تھے) نیچے اتار دیا اور ان کے دلوں میں تمہارا رعب بٹھلا دیا (جس سے وہ اُتر آئے اور پھر) بعض کو تم قتل کرنے لگے اور بعض کو قید کر لیا اور ان کی زمین اور ان کے گھروں اور ان کے مالوں کا تم کو مالک بنا دیا، اور ایسی زمین کا بھی (تم کو اپنے علمِ ازلی میں مالک بنا رکھا ہے) جس پر تم نے (ابھی) قدم (تک) نہیں رکھا (اس میں بشارت ہے فتوحاتِ مستقبلہ کی عموماً یا فتحِ خیبر کی خصوصاً جو اس سے کچھ بعید ہوا) اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتا ہی (اس لئے یہ امور کچھ بعید نہیں ہیں) ؛

معارف و مسائل

سابقہ آیات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمتِ شان اور مسلمانوں کو آپ کے مکمل اتباع و اطاعت کی ہدایت تھی۔ اسی کی مناسبت سے یہ پورے دو رکوع قرآن کے غزوۂ احزاب کے واقعہ سے متعلق نازل ہوتے ہیں، جس میں کفار و مشرکین کی بہت سی جماعتوں کا مسلمانوں پر یکبارگی حملہ اور سخت ترغہ کے بعد مسلمانوں پر اللہ تعالیٰ کے انعامات اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعدد معجزات کا ذکر ہے۔ اور اس کے ضمن میں زندگی کے مختلف شعبوں سے متعلق بہت سی ہدایات اور احکام ہیں۔ انہی بے بہا ہدایات کی وجہ سے اکابر مفسرین نے اس جگہ واقعہ احزاب کو خاص تفصیل سے لکھا ہے خصوصاً

قرطبی اور مظہری وغیرہ نے۔ اس لئے واقعۂ احزاب کی کچھ تفصیل مع ان ہدایات کے لکھی جاتی ہے جس کا اکثر حصہ قرطبی اور مظہری سے لیا گیا ہے، جو کسی دوسری کتاب سے لیا ہے، اس کا حوالہ لکھ دیا گیا ہے۔

واقعہ غزوۂ احزاب

اَحْزَاب، حِزْب کی جمع ہے، جس کے معنی پارٹی یا جماعت کے آتے ہیں۔ اس غزوہ میں کفار کی مختلف جماعتیں متحد ہو کر مسلمانوں کو ختم کر دینے کا معاہدہ کر کے مدینہ پر چڑھ آئی تھیں، اسی لئے اس غزوہ کا نام غزوۂ احزاب رکھا گیا ہے۔ اور چونکہ اس غزوہ میں دشمن کے آنے کے راستہ پر بامر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خندق کھودی گئی تھی، اس لئے اس کو غزوۂ خندق بھی کہتے ہیں۔ غزوۂ بنو قریظہ بھی جو غزوۂ احزاب کے فوراً بعد ہوا اور مذکورہ آیات میں اس کا بھی ذکر ہے وہ بھی درحقیقت غزوۂ احزاب ہی کا ایک جزء تھا، جیسا کہ واقعہ کی تفصیل سے معلوم ہوگا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس سال مکہ مکرمہ سے ہجرت کر کے مدینہ منورہ میں تشریف فرما ہوئے، اس کے دوسرے ہی سال میں غزوۂ بدر کا واقعہ پیش آیا۔ تیسرے سال میں غزوۂ احد پیش آیا۔ چوتھے سال میں یہ غزوۂ احزاب واقع ہوا۔ اور بعض روایات میں اس کو پانچویں سال کا واقعہ قرار دیا ہے۔ بہرحال ابتداء ہجرت سے اس وقت تک کفار کے حملے مسلمانوں پر مسلسل جاری تھے غزوۂ احزاب کا حملہ بڑی بھرپور طاقت و قوت اور پختہ عزم اور عہد و میثاق کے ساتھ کیا گیا تھا اس لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام پر یہ غزوہ سب دوسرے غزوات سے زیادہ اشد تھا۔ کیونکہ اس میں حملہ آور احزاب کفار کی تعداد بارہ ہزار سے پندرہ ہزار تک بتلائی گئی ہے، اور اس طرف سے مسلمان کُل تین ہزار وہ بھی بے سروسامان، اور زمانہ سخت سردی کا۔ قرآن کریم نے تو اس واقعہ کی شدت بڑی ہولناک صورت میں یہ بیان فرمائی ہے، زَاغَتِ الْاَبْصَارُ (آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئیں) بَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ (کلیجے منہ کو آنے لگے)، وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا (سخت زلزلہ میں ڈالے گئے)۔

مگر جیسا کہ یہ وقت مسلمانوں پر سب سے زیادہ سخت تھا، ویسے ہی اللہ تعالیٰ کی نصرت و امداد سے اس کا انجام مسلمانوں کے حق میں ایسی عظیم فتح و کامیابی کی صورت میں سامنے آیا، کہ اس نے تمام مخالف گروہوں مشرکین، یہود اور منافقین کی کمریں توڑ دیں۔

اور آگے ان کو اس قابل نہیں چھوڑا کہ وہ مسلمانوں پر کسی حملے کا ارادہ کر سکیں۔ اس لحاظ سے یہ غزوہ کفر و اسلام کا آخری معرکہ تھا، جو مدینہ منورہ کی زمین پر ہجرت کے چوتھے یا پانچویں سال میں لڑا گیا۔

اس واقعہ کی ابتداء یہاں سے ہوئی کہ یہود کے قبیلہ بنی نضیر اور قبیلہ بنی وائل کے تقریباً بیس آدمی جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں سے سخت عداوت رکھتے تھے مکہ مکرمہ پہنچے، اور قریشی سرداروں سے ملاقات کر کے ان کو مسلمانوں سے جنگ کرنے کے لئے آمادہ کیا۔ قریشی سردار سمجھتے تھے کہ جس طرح مسلمان ہماری بت پرستی کو کفر کہتے ہیں اور اس لئے ہمارے مذہب کو برا سمجھتے ہیں یہود کا بھی یہی خیال ہے، تو ان سے موافقت و اتحاد کی کیا توقع رکھی جائے۔ اس لئے ان لوگوں نے یہود سے سوال کیا کہ آپ لوگ جانتے ہیں کہ ہمارے اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے درمیان دین و مذہب کا اختلاف ہے اور آپ لوگ اہلِ کتاب اور اہلِ علم ہیں، پہلے ہمیں یہ بات بتلائیے کہ آپ کے نزدیک ہمارا دین بہتر ہے یا ان کا۔

سیاست کے اکھاڑے میں جھوٹ کوئی نئی چیز نہیں

ان یہودیوں نے اپنے علم و ضمیر کے بالکل خلاف ان کو یہ جواب دیا کہ تمہارا دین محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے دین سے بہتر ہے۔ اس پر یہ لوگ کچھ مطمئن ہوتے، مگر اس پر بھی معاملہ یہ ٹھہرا کہ بیس آدمی یہ آنے والے اور پچاس آدمی قریشی سرداروں کے مسجد حرام میں جا کر بیت اللہ کی دیواروں سے سینے لگا کر اللہ کے سامنے یہ عہد کریں کہ ہم میں سے جب تک ایک آدمی بھی زندہ رہے گا ہم محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے خلاف جنگ کرتے رہیں گے۔

اللہ تعالیٰ کے حلم و کرم کا ایک اعجوبہ!!!

اللہ کے گھر میں اللہ کے بیت سے چمٹ کر اللہ کے دشمن اس کے رسول کے خلاف جنگ لڑنے کا معاہدہ کر رہے ہیں، اور مطمئن ہو کر جنگ کا نیا جذبہ لے کر لوٹتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے حلم و کرم کا عجیب منظر ہے۔ پھر ان کے اس معاہدہ کا حشر بھی آخر قصہ میں معلوم ہوگا کہ سب کے سب اس جنگ سے منہ موڑ کر بھاگے۔

یہ یہودی قریش مکہ کے ساتھ معاہدہ کرنے کے بعد عرب کے ایک بڑے اور جنگجو قبیلہ غطفان کے پاس پہونچے اور ان کو بتلایا کہ ہم اور قریش مکہ اس پر متفق ہو چکے ہیں کہ اس نئے دین (اسلام) کے پھیلانے والوں کا ایک مرتبہ سب مل کر استیصال کر دیں۔ آپ بھی اس پر ہم سے معاہدہ کریں۔ اور ان کو یہ رشوت بھی پیش کی کہ خیبر میں جس قدر کھجور ایک سال میں پیدا ہوگی وہ اور بعض روایات میں اس کا نصف قبیلہ غطفان کو دیا جانے کا وعدہ کیا۔ قبیلہ غطفان کے سردار عُیَیْنَہ بن حصن نے اس شرط کے ساتھ ان سے

شرکت کو منظور کرلیا اور یہ لوگ بھی جنگ میں شامل ہوگئے۔

اور باہمی قرارداد کے مطابق مکہ سے قریشیوں کا لشکر چار ہزار جوانوں اور تین سو گھوڑوں اور ایک ہزار اونٹوں کے سامان کے ساتھ ابوسفیان کی قیادت میں مکہ مکرمہ سے نکلا اور مرّ ظہران میں قیام کیا یہاں قبیلۂ اسلم اور قبیلۂ اشجع اور بنو مرّہ، بنو کنانہ اور فزارہ اور غطفان کے سب قبائل شامل ہوگئے۔ جن کی مجموعی تعداد بعض روایات میں دس بعض میں بارہ ہزار اور بعض میں پندرہ ہزار بیان کی گئی ہے۔

مدینہ منورہ پر سب سے بڑا حملہ

غزوۂ بدر میں مسلمانوں کے مقابل آنے والا لشکر ایک ہزار کا تھا، پھر غزوۂ احد میں حملہ کرنے والا لشکر تین ہزار کا تھا۔ اس مرتبہ لشکر کی تعداد بھی ہر پہلی مرتبہ سے زائد تھی، اور سامان بھی اور تمام قبائلِ عرب و یہود کی اتحادی طاقت بھی۔

مسلمانوں کی جنگی تیاری (۱) اللہ پر توکل (۲) باہمی مشورہ (۳) بقدر وسعت مادی وسائل کی فراہمی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس متحدہ محاذ کے حرکت میں آنے کی اطلاع ملی تو سب سے پہلا کلمہ جو زبانِ مبارک پر آیا یہ تھا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ "یعنی ہمیں اللہ کافی اور وہی ہمارا بہتر کارساز ہے"

اس کے بعد مہاجرین و انصار کے اہلِ حلّ و عقد کو جمع کرکے ان سے مشورہ لیا۔ اگرچہ صاحبِ وحی کو درحقیقت مشورہ کی ضرورت نہیں ہوتی، وہ براہِ راست حق تعالیٰ کے اذن و اجازت سے کام کرتے ہیں مگر مشورے میں دو فائدے تھے۔ ایک امّت کے لئے مشورہ کی سنت جاری کرنا، دوسرے قلوبِ مؤمنین میں باہمی ربط و اتحاد کی تجدید اور تعاون و تناصر کا جذبہ بیدار کرنا۔ اس کے بعد دفاع اور جنگ کے مادی وسائل پر غور ہوا۔ مجلسِ مشورہ میں حضرت سلمان فارسیؓ بھی شامل تھے جو ابھی حال میں ایک یہودی کی مصنوعی غلامی سے نجات حاصل کرکے اسلامی خدمات کے لئے تیار ہوئے تھے انھوں نے مشورہ دیا کہ ہمارے بلاد فارس کے بادشاہ ایسے حالات میں دشمن کا حملہ روکنے کے لئے خندق کھود کر ان کا راستہ روک دیتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ مشورہ قبول فرما کر خندق کھودنے کا حکم دیدیا۔ اور بنفسِ نفیس خود بھی اس کام میں شریک ہوئے۔

خندق کی کھدائی

یہ خندق جبلِ سلع کے پیچھے اس پورے راستہ کی لمبائی پر کھودنا طے ہوا جس سے مدینہ کے شمال کی طرف سے آنے والے دشمن آسکتے تھے، اس خندق کے طول و عرض کا خط خود رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھینچا۔ یہ خندق قلعۂ شیخین سے شروع ہوکر جبلِ سلع کے مغربی گوشہ تک آئی اور بعد میں اسے بڑھا کر وادیِ بطحان اور وادیٔ راتونا کے مقامِ اتصال تک پہونچا دیا گیا۔ اس خندق کی کُل لمبائی تقریباً ساڑھے تین میل تھی، چوڑائی اور گہرائی

کی صحیح مقدار کسی روایت سے معلوم نہیں ہوئی، لیکن یہ ظاہر ہے کہ چوڑائی اور گہرائی بھی خاصی ہوگی جسکو عبور کرنا دشمن کے لئے آسان نہ ہو۔

حضرت سلمان رضؓ کے خندق کھودنے کے واقعہ میں یہ آیا ہے کہ وہ روزانہ پانچ گز لمبی اور پانچ گز گہری خندق کھودتے تھے (مظہری) اس سے خندق کی گہرائی پانچ گز کہی جاسکتی ہے۔

اسلامی لشکر کی تعداد

اس وقت مسلمانوں کی جمعیت کُل تین ہزار تھی، اور کُل چھتیس گھوڑے تھے۔

بلوغ کی عمر پندرہ سال قرار دی گئی

اسلامی لشکر میں کچھ نابالغ بچے بھی اپنے جوشِ ایمانی سے نکل کھڑے ہوئے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن بچوں کو واپس کر دیا جو پندرہ سال سے کم عمر والے تھے، پندرہ سالہ نوعمر لے لئے گئے جن میں حضرت عبداللہ بن عمر، زید بن ثابت، ابوسعید خدری، براء ابن عازب رضی اللہ عنہم شامل ہیں۔ جس وقت یہ اسلامی لشکر مقابلہ کے لئے روانہ ہونے لگا تو جو منافقین مسلمانوں میں رَلے ملے رہتے تھے انھوں نے سرکنا شروع کیا۔ کچھ چھُپ کر نکل گئے، کچھ لوگوں نے جھوٹے اعذار پیش کر کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے واپسی کی اجازت لینی چاہی۔ یہ اپنے اندر سے ایک نئی آفت پھوٹی۔ مذکور الصدر آیات میں انہی منافقین کے متعلق چند آیات نازل ہوئی ہیں (قرطبی)

قبائلی اور نسبی قومیتوں کا انتظامی معاشرتی امتیاز اسلامی وحدت اور اسلامی قومیت کے منافی نہیں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس جہاد کے لئے مہاجرین کا جھنڈا حضرت زید بن حارثہؓ کے سپرد فرمایا اور حضرات انصار کا جھنڈا حضرت سعد بن عبادہؓ کے سپرد فرمایا۔ اس وقت مہاجرین و انصار کے درمیان مواخات (بھائی چارے) کے تعلقات بڑی مضبوط و مستحکم بنیادوں پر قائم تھے، اور سب بھائی بھائی تھے۔ مگر انتظامی سہولت کے لئے مہاجرین کی قیادت الگ اور انصار کی الگ کر دی گئی تھی۔ اس سے معلوم ہوا کہ اسلامی قومیت اور اسلامی وحدت انتظامی اور معاشرتی تقسیم کے منافی نہیں بلکہ ہر جماعت پر ذمہ داری کا بوجھ ڈال دینے سے باہمی اعتماد اور تعاون و تناصر کے جذبہ کی تقویت ہوتی تھی۔ اور اس جنگ کے سب سے پہلے کام یعنی خندق کھودنے میں اس تعاون و تناصر کا اس طرح مشاہدہ ہوا کہ:۔

خندق کی کھُدائی کی تقسیم پورے لشکر پر کی گئی؛؛

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پورے لشکر کے مہاجرین و انصار کو دس دس آدمیوں کی جماعت میں تقسیم کر کے ہر دس آدمیوں کو چالیس گز خندق کھودنے کا ذمہ دار بنایا۔ حضرت سلمان فارسیؓ چونکہ خندق کھودنے کا

مشورہ دینے والے اور کام سے واقف اور مضبوط آدمی تھے، اور نہ انصار میں شامل تھے نہ مہاجرین میں، اُن کے متعلق انصار و مہاجرین میں ایک مسابقت کی فضا پیدا ہوگئی۔ انصار ان کو اپنے میں شامل کرنا چاہتے تھے، مہاجرین اپنے میں۔ یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو رفعِ نزاع کے لئے مداخلت کرنے کی نوبت آئی اور آپؐ نے یہ فیصلہ دیا کہ سَلْمَانُ مِنَّا اَھْلُ الْبَیْتِ، یعنی سلمان ہمارے اہلِ بیت میں شامل ہیں۔

صلاحیتِ کار میں ملکی غیر ملکی، مقامی اور بیرونی کا امتیاز

آج تو دنیا میں غیر ملکی باشندے اور غیر مقامی کو اپنی برابر کا درجہ دینا لوگ پسند نہیں کرتے وہاں ہر فریق اہلِ صلاحیت کو اپنے ساتھ شامل کرنے میں فخر محسوس کرتا تھا۔ اس لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اہلِ بیت میں خود داخل فرما کر نزاع کو ختم کیا اور عملی طور پر چند انصار اور چند مہاجرین شامل کر کے ان کے دس کی جماعت بنائی، جس میں حضرت عمرو بن عوفؓ اور حذیفہؓ وغیرہ مہاجرین میں سے تھے۔

ایک عظیم معجزہ

اتفاق سے جو حصہ خندق کا حضرت سلمانؓ وغیرہ کے سپرد تھا اس میں ایک سخت اور چکنے پتھر کی بڑی چٹان نکل آئی۔ حضرت سلمانؓ کے ساتھی عمرو بن عوفؓ فرماتے ہیں کہ اس چٹان نے ہمارے اوزار توڑ دیئے اور ہم اس کے کاٹنے سے عاجز ہوگئے۔ تو میں نے سلمانؓ سے کہا کہ اگرچہ یہ ہوسکتا ہے کہ ہم اس جگہ سے کچھ ہٹ کر خندق کھودیں اور ذرا سی کجی کے ساتھ اس کو اصل خندق سے ملا دیں، مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کھینچے ہوئے خط سے انحراف ہمیں اپنی رائے سے نہیں کرنا چاہئے، آپ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ واقعہ بیان کر کے حکم حاصل کریں کہ ہمیں کیا کرنا چاہئے۔

قدرت کی تنبیہات

اس ساڑھے تین میل کے میدان میں خندق کھودنے والوں میں کسی کو رکاوٹ پیش نہ آئی جو عاجز کردے۔ پیش آئی تو حضرت سلمانؓ کو پیش آئی، جنھوں نے خندق کھودنے کا مشورہ دیا تھا اور اسی کو قبول کر کے یہ سلسلہ جاری ہوا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو دکھلا دیا کہ خندق کھودنے اور بنانے میں بھی اللہ کی طرف رجوع کے سوا چارہ نہیں، آلات و اوزار سب جواب دے چکے۔ جس میں ان حضرات کو تعلیم تھی کہ مادّی اسباب کو بقدر وسعت و طاقت جمع کرنا فرض ہے، مگر ان پر بھروسہ کرنا درست نہیں۔ مؤمن کا بھروسہ تمام اسبابِ مادیہ کو جمع کر لینے کے بعد بھی اللہ تعالیٰ ہی پر ہونا چاہئے۔

حضرت سلمانؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور واقعہ بتلایا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خود بھی اپنے حصّہ کی خندق میں کام کر رہے تھے، خندق

کی مٹی کو اس جگہ سے منتقل کرنے میں مصروف تھے۔ حضرات براء بن عازبؓ فرماتے ہیں کہ میں نے آپ کو دیکھا کہ آپؐ کے جسم مبارک کو غبار نے ایسا ڈھانپ لیا تھا کہ پیٹ اور پیٹھ کی کھال نظر نہ آتی تھی۔ ان کو کوئی مشورہ یا حکم دینے کے بجائے خود ان کے ساتھ موقع پر تشریف لائے اور دس دس حضرات صحابہؓ مع سلمانؓ کے جو اس کے کھودنے میں مصروف تھے خندق کے اندر اتر کر آپؐ بھی ان میں شامل ہو گئے۔ اور کدال اپنے دستِ مبارک میں لے کر اس چٹان پر ایک ضرب لگائی۔ اور یہ آیت پڑھی تَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا (یعنی پوری ہو گئی نعمت آپ کے رب کی سچائی کے ساتھ) اس ایک ہی ضرب سے چٹان کا ایک تہائی حصہ کٹ گیا اور اس کے ساتھ ہی ایک روشنی پتھر کی چٹان سے برآمد ہوئی۔ اس کے بعد آپؐ نے دوسری ضرب لگائی اور آیت مذکورہ کو آخر تک پڑھا، یعنی تَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا، اس دوسری ضرب سے ایک تہائی چٹان اور کٹ گئی، اور اسی طرح پتھر سے ایک روشنی نکلی۔ تیسری مرتبہ پھر وہی آیت پوری پڑھ کر تیسری ضرب لگائی، تو باقی چٹان بھی کٹ کر ختم ہو گئی، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خندق سے باہر تشریف لائے۔ اور اپنی چادر جو خندق کے کنارہ پر رکھ دی تھی اٹھائی اور ایک طرف بیٹھ گئے۔ اس وقت سلمان فارسیؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ آپ نے جتنی مرتبہ اس پتھر پر ضرب لگائی میں نے ہر مرتبہ پتھر سے ایک روشنی نکلتی دیکھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سلمانؓ سے فرمایا کہ کیا واقعی تم نے یہ روشنی دیکھی ہے؟ انھوں نے عرض کیا یا رسول اللہ میری آنکھوں نے اس کا مشاہدہ کیا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پہلی ضرب میں جو روشنی نکلی میں نے اس روشنی میں یمن اور کسریٰ کے شہروں کے محلات دیکھے اور جبرئیل امین نے مجھے بتلایا کہ آپ کی امت ان شہروں کو فتح کرے گی۔ اور جب میں نے دوسری ضرب لگائی تو مجھے رومیوں کے سرخ محلات دکھائے گئے، اور جبرئیل امین نے یہ خوش خبری دیدی کہ آپ کی اُمت ان شہروں کو بھی فتح کرے گی۔ یہ ارشاد سن کر سب مسلمان مطمئن ہوئے، اور آئندہ عظیم الشان فتوحات پر یقین ہو گیا۔

منافقین کی طعنہ زنی اور مسلمانوں کا بے نظیر یقین ایمانی

اس وقت جو منافقین خندق کی کھدائی میں شامل تھے، وہ کہنے لگے کہ تمھیں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی بات پر حیرت و تعجب نہیں ہوتا۔ وہ تمھیں کیسے باطل اور بے بنیاد وعدے سنا رہے ہیں کہ یثرب میں خندق کی گہرائی کے اندر انھیں حیرہ اور مدائن کسریٰ کے محلات نظر آ رہے ہیں، اور

یہ کہ تم لوگ ان کو فتح کرو گے۔ ذرا اپنے حال کو تو دیکھو کہ تمھیں اپنے تن بدن کا تو ہوش نہیں، پیشاب پاخانے کی ضرورت پوری کرنے کی مہلت نہیں، تم ہو جو کسریٰ وغیرہ کے ملک کو فتح کرو گے اسی واقعہ پر آیات مذکور الصدر میں یہ نازل ہوا اِذْ یَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اِلَّا غُرُوْرًا، اس آیت میں اَلَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ میں بھی انہی منافقین کا حال بیان کیا گیا ہے جن کے دلوں میں نفاق کا مرض چھپا ہوا تھا۔

غور کیجئے کہ اس وقت مسلمانوں کے ایمان اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خبر پر پورے یقین کا کیسا سخت امتحان تھا کہ ہر طرف سے کفار کے نرغہ اور خطرے میں ہیں، خندق کھودنے کے لئے مزدور اور خادم نہیں، خود ہی یہ محنت ایسی حالت میں برداشت کر رہے ہیں کہ سخت سردی نے سب کو پریشان کر رکھا ہے، ہر طرف سے خوف ہی خوف ہے۔ بظاہر اسباب اپنے بچاؤ اور بقاء پر یقین کرنا بھی آسان نہیں، دنیا کی عظیم سلطنت روم وکسریٰ کی فتوحات کی خوش خبری پر یقین کس طرح ہو؟ مگر ایمان کی قیمت سب اعمال سے زیادہ اسی بناء پر ہے کہ اسباب وحالات کے سراسر خلاف ہونے کے وقت بھی ان کو رسولؐ کے ارشاد میں کوئی شک وشبہ پیدا نہ ہوا۔

واقعہ مذکورہ میں امت کے لئے خاص ہدایت کہ بڑوں کو چھوٹوں کی ہر تکلیف ومشقت میں شامل رہنا چاہئے

یہ کس کو معلوم نہیں کہ صحابۂ کرام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایسے جاں نثار خادم تھے جو کسی حال بھی یہ نہ چاہتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ــ خود بھی اس مزدوری کی محنتِ شاقہ میں ان کے شریک ہوں۔ مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابۂ کرام کی دل جوئی اور امت کی تعلیم کے لئے اس محنت ومزدوری میں برابر کا حصہ لیا۔ صحابۂ کرام کی جاں نثاری، آپ کے اوصافِ کمال اور نبوّت ورسالت کی بنیاد پر تو تھی ہی، مگر ظاہرِ اسباب میں ایک بڑا سبب یہ بھی تھا کہ ہر محنت ومشقت اور تنگی وتکلیف میں آپؐ سب عوام کی طرح ان میں شریک ہوتے تھے۔ حاکم ومحکوم، بادشاہ ورعیت اور صاحبِ اقتدار وعوام کی تفریق کا کوئی تصوّر وہاں نہ پیدا ہوتا۔ اور جب سے ملوکِ اسلام نے اس سنت کو ترک کیا اسی وقت سے یہ تفرقے پھوٹے، اور طرح طرح کے فتنے اپنے دامن میں لائے۔

مشکلات پر عبور حاصل کرنے کا نسخہ

واقعہ مذکورہ میں اس ناقابلِ تسخیر چٹان پر ضرب لگانے کے ساتھ آیتِ قرآن تَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ــــ تلاوت فرمائی، اس سے معلوم ہوا کہ کسی مشکل کو حل کرنے کے لئے اس آیت کی تلاوت ایک مجرّب نسخہ ہے۔

صحابۂ کرام کا ایثار اور تعاون وتناصر

اوپر معلوم ہو چکا ہے کہ خندق کی کھدائی کے لئے ہر چالیس

گز پر دس آدمی مامور تھے، مگر یہ ظاہر ہے کہ بعض لوگ قوی اور جلد کام کر لینے والے ہوتے ہیں۔ صحابۂ کرام میں سے جن حضرات کا اپنا حصہ کھدائی کا پورا ہو جاتا تو یہ سمجھ کر خالی نہ بیٹھتے تھے کہ ہماری ڈیوٹی پوری ہو گئی، بلکہ دوسرے صحابہ جن کا حصہ ابھی مکمل نہیں ہوا تھا ان کی مدد کرتے تھے (قرطبی، مظہری)

ساڑھے تین میل لمبی خندق چھ دن میں مکمل ہو گئی

صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی جدوجہد اور کوشش کا نتیجہ چھ روز میں سامنے آگیا، کہ اتنی طویل اور چوڑی اور گہری خندق کی چھ روز میں تکمیل ہو گئی (مظہری)

حضرت جابرؓ کی دعوت میں ایک کھلا ہوا معجزہ

اسی خندق کی کھدائی کے دوران وہ مشہور واقعہ پیش آیا کہ ایک روز حضرت جابرؓ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ کر یہ محسوس کیا کہ بھوک کے سبب آپ متاثر ہو رہے ہیں اپنی اہلیہ سے جا کر کہا کہ تمہارے پاس کچھ ہو تو پکالو، حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر بھوک کا اثر دیکھا نہیں جاتا۔ اہلیہ نے بتلایا کہ ہمارے گھر میں ایک صاع بھر جَو رکھے ہیں میں ان کو پیس کر آٹا بناتی ہوں۔ ایک صاع ہمارے وزن کے اعتبار سے تقریباً ساڑھے تین سیر کا ہوتا ہے۔ اہلیہ پیسنے پکانے میں لگی، گھر میں ایک بکری کا بچہ تھا حضرت جابرؓ نے اس کو ذبح کر کے گوشت تیار کیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بلانے کے لئے چلے۔ تو اہلیہ نے پکار کر کہا کہ دیکھئے حضورؐ کے ساتھ بہت بڑا مجمع صحابہ کا ہے، صرف حضورؐ کو کسی طرح تنہا بلا لائیں، مجھے رسوا نہ کیجئے کہ صحابۂ کرام کا بڑا مجمع چلا آئے۔ حضرت جابرؓ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوری حقیقتِ حال عرض کر دی کہ صرف اتنا کھانا ہے، مگر آپؐ نے پورے لشکر میں اعلان فرما دیا کہ چلو جابر کے گھر دعوت ہے۔ حضرت جابرؓ حیران تھے۔ گھر پہونچے تو اہلیہ نے سخت پریشانی کا اظہار کیا، اور پوچھا کہ آپ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اصل حقیقت اور کھانے کی مقدار بتلا دی تھی؟ جابرؓ نے فرمایا کہ ہاں وہ میں بتلا چکا ہوں تو اہلیہ محترمہ مطمئن ہوئیں کہ پھر ہمیں کچھ فکر نہیں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم مالک ہیں جس طرح چاہیں کریں۔

واقعہ کی تفصیل اس جگہ غیر ضروری ہے، اتنا نتیجہ معلوم کر لینا کافی ہے کہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دستِ مبارک سے روٹی اور سالن سب کو دینے اور کھلانے کا اہتمام فرمایا، اور پورے مجمع نے شکم سیر ہو کر کھایا۔ اور حضرت جابرؓ فرماتے ہیں کہ سب مجمع کے فارغ ہونے کے بعد بھی نہ ہماری ہنڈیا میں سے کچھ گوشت کم نظر آتا تھا اور نہ گوندھے ہوئے آٹے میں کوئی کمی معلوم ہوتی تھی۔ ہم سب گھر والوں نے بھی شکم سیر

ہوکر کھایا باقی پڑوسیوں میں تقسیم کر دیا۔

اس طرح چھ روز میں جب خندق سے فراغت ہوگئی تو احزاب کا لشکر آپہونچا، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام رضؓ نے جبلِ سَلع کو اپنی پشت کی طرف رکھ کر فوج کی صف بندی کر دی۔

یہود بنی قریظہ کی عہد شکنی اور احزاب کے ساتھ شرکت

اس وقت دس بارہ ہزار کے باسامان لشکر کے ساتھ تین ہزار بے سر و سامان لوگوں کا مقابلہ بھی عقل و قیاس میں آنے کی چیز نہ تھی اس پر ایک اور نیا اضافہ ہوا کہ احزاب میں قبیلہ بنو نضیر کے سردار حُیَیّ بن اخطب نے جس نے سب کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں کی دشمنی پر جمع کرنے میں بڑا کام کیا تھا، مدینہ پہونچ کر یہود کے قبیلۂ بنو قریظہ کو بھی اپنے ساتھ ملانے کا منصوبہ بنایا۔ بنو قریظہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مابین ایک صلح نامہ پر دستخط ہو چکے تھے اور معاہدہ مکمل ہوکر ایک دوسرے سے بے فکر تھے۔ بنو قریظہ کا سردار کعب بن اسد تھا۔ حیی بن اخطب اس کے پاس پہونچا۔ جب کعب کو اس کے آنے کی خبر ملی تو اپنے قلعہ کا دروازہ بند کر لیا، کہ حیی اس تک نہ پہونچ سکے۔ مگر حیی بن اخطب نے آوازیں دیں اور دروازہ کھولنے پر اصرار کیا۔ کعب نے اندر ہی سے جواب دیدیا کہ ہم تو محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے ساتھ صلح کر چکے ہیں، اور ہم نے آج تک ان کی طرف سے معاہدہ کی پابندی اور صدق و سچائی کے سوا کچھ نہیں دیکھا، اس لئے ہم اس معاہدہ کے پابند ہیں، آپ کے ساتھ نہیں آسکتے۔ دیر تک حیی بن اخطب دروازہ کھولنے اور کعب سے باتیں کرنے پر اصرار کرتا رہا اور یہ اندر سے ہی انکار کرتا رہا۔ مگر بالآخر جب کعب کو بہت عار دلایا تو اس نے دروازہ کھول کر حیی کو بلایا اس نے بنو قریظہ کو وہ سبز باغ دکھائے کہ بالآخر کعب اس کی باتوں میں آگیا، اور احزاب میں شرکت کا وعدہ کر لیا۔ اور کعب نے جب اپنے قبیلہ کے دوسرے سرداروں کو یہ بات بتلائی تو سب نے یک زبان ہوکر کہا کہ تم نے غضب کیا کہ مسلمانوں سے بلاوجہ عہد شکنی کی اور ان کے ساتھ لگ کر اپنے آپ کو خطرہ میں ڈال دیا۔ کعب بھی ان کی بات سے متأثر ہوا اور اپنے کئے پر ندامت کا اظہار کیا۔ مگر اب بات اس کے قبضہ سے نکل چکی تھی، اور بالآخر یہی عہد شکنی بنو قریظہ کی ہلاکت و بربادی کا سبب بنی جس کا ذکر آگے آئے گا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام کو اس کی اطلاع ملی تو اس وقت میں اُن کی عہد شکنی سے سخت صدمہ پہنچا، اور بہت بڑی فکر اس کی لاحق ہوگئی کہ احزاب کے راستہ پر تو خندق کھود دی گئی تھی، مگر یہ لوگ تو مدینہ کے اندر تھے، ان سے بچاؤ کیسے ہو۔ قرآن کریم

میں جو اس جملہ کے متعلق فرمایا ہے کہ لشکر احزاب کے کفار تم پر چڑھ آئے تھے مِنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ اس کی تفسیر میں بعض ائمہ تفسیر نے یہی فرمایا ہے کہ فوق کی جانب سے مراد بنو قریظہ ہیں اور اَسْفَلُ سے آنے والے باقی احزاب ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عہد شکنی کی حقیقت اور صحیح صورتِ حال معلوم کرنے کے لئے انصار کے قبیلہ اَوس کے سردار حضرت سعد بن معاذؓ اور قبیلہ خزرج کے سردار حضرت سعد بن عبادہؓ کو بصورت وفد کعب کے پاس بھیجا کہ اس سے گفتگو کریں اور یہ ہدایت دیدی کہ اگر عہد شکنی کا واقعہ غلط ثابت ہو تو سب صحابہ کے سامنے کھل کر بیان کر دینا اور صحیح ثابت ہو تو آکر گول مول بات کہنا جس سے ہم سمجھ لیں اور عام صحابہ کرام میں سراسیمگی پیدا نہ ہو۔

یہ دونوں بزرگ سعد نامی وہاں پہونچے تو عہد شکنی کے سامان کھلے دیکھے۔ ان کے اور کعب کے درمیان سخت کلامی بھی ہوئی، واپس آکر حسب ہدایت گول مول بات کہہ کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو عہد شکنی کا واقعہ صحیح ہونے سے باخبر کر دیا۔

اس وقت جب کہ یہود کا قبیلہ بنو قریظہ جو مسلمانوں کا حلیف تھا وہ بھی برسرِ جنگ آگیا تو جو نفاق کے ساتھ مسلمانوں میں شامل تھے ان کا نفاق بھی کھلنے لگا۔ بعض نے تو کھل کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف باتیں کہنا شروع کر دیں، جیسا کہ اوپر گذرا وَاِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ، اور بعض نے حیلے بہانے بنا کر میدانِ جنگ سے بھاگ جانے کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت مانگی، جس کا ذکر آیات مذکورہ (اِنَّ بُيُوْتَنَا عَوْرَةٌ) میں آیا ہے۔

اب محاذِ جنگ کی یہ صورت تھی کہ خندق کی وجہ سے احزاب کا لشکر اندر نہ آسکتا تھا۔ اس کے دوسرے کنارہ پر مسلمانوں کا لشکر تھا۔ دونوں میں ہر وقت تیر اندازی کا سلسلہ رہتا تھا۔ اسی حال میں تقریباً ایک مہینہ ہو گیا کہ نہ کھل کر کوئی فیصلہ کن جنگ ہوتی تھی اور نہ کسی وقت بے فکری، دن رات صحابہ کرام اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خندق کے کنارے اس کی حفاظت کرتے تھے۔ اگرچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خود بھی بنفسِ نفیس اس محنت و مشقت میں شریک تھے، مگر آپؐ پر یہ بات بہت شاق تھی کہ صحابہ کرام سب کے سب سخت اضطراب اور بے چینی میں ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک جنگی تدبیر

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے علم میں یہ بات آچکی تھی کہ قبیلہ غطفان کے رئیس نے ان یہودیوں کے ساتھ شرکت خیبر کے پھل

اور کھجور کی طمع میں کی ہے۔ آپ نے غطفان کے دو سردار عُیَیْنَہ ابن حصن اور ابوالحارث بن عمرو کے پاس قاصد بھیجا کہ ہم تمھیں مدینہ طیبہ کا ایک تہائی پھل دیں گے، اگر تم اپنے ساتھیوں کو لے کر میدان سے واپس چلے جاؤ۔ یہ گفتگو درمیان میں تھی اور دونوں سردار راضی ہو چکے تھے قریب تھا کہ معاہدۂ صلح پر دستخط ہو جائیں، مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حسبِ عادت ارادہ کیا کہ صحابۂ کرام سے اس معاملہ میں مشورہ لیں۔ قبیلۂ اوس و خزرج کے دو بزرگ سعدین یعنی سعد بن عبادہ اور سعد بن معاذ کو بلا کر ان سے مشورہ لیا۔

حضرت سعدؓ کی غیرتِ ایمانی اور عزمِ شدید

دونوں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ اگر آپ کو اس کام کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم ہوا ہے تو ہمارے کچھ کہنے کی مجال نہیں ہم قبول کریں گے ورنہ بتائیے کہ یہ آپ کی طبعی رائے ہے یا آپ نے ہمیں مشقت و تکلیف سے بچانے کے لئے یہ تدبیر کی ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہ امرِ الٰہی اس کا ہے، اور نہ میری اپنی طبیعت کا تقاضا ہے بلکہ صرف تمھاری مصیبت و تکلیف کو دیکھ کر یہ صورت اختیار کی ہے، کیونکہ تم لوگ ہر طرف سے گھرے ہوئے ہو۔ میں نے چاہا فریقِ مقابل کی قوت کو اس طرح فوراً توڑ دیا جائے۔ حضرت سعد بن معاذؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ہم جس وقت بتوں کو پوجتے تھے اللہ تعالیٰ کو نہ پہچانتے تھے نہ اس کی عبادت کرتے تھے، اُس وقت اُن لوگوں کو ہمارے شہر کے پھل میں سے ایک دانہ کی طمع رکھنے کی ہمت نہیں تھی، بجز اس کے کہ وہ ہمارے مہمان ہوں، اور مہمانی کے طور پر ہم ان کو کھلا دیں یا پھر ہم سے خرید کر لے جائیں۔ آج جبکہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں اپنی معرفت عطا فرمائی اور اسلام کا اعزاز عطا فرمایا، کیا آج ہم ان لوگوں کو اپنا پھل اور اپنے اموال دیدیں گے۔ ہمیں ان کی مصالحت کی کوئی حاجت نہیں، ہم تو ان کو تلوار کے سوا کچھ نہیں دیں گے، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ ہمارے اور اُن کے درمیان فیصلہ فرما دیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سعدؓ کی اولوالعزمی اور غیرتِ ایمانی کو دیکھ کر اپنا یہ ارادہ چھوڑ دیا اور فرمایا کہ تمھیں اختیار ہے جو چاہو کرو۔ سعدؓ نے صلحنامہ کا کاغذ ان کے ہاتھوں سے لے کر تحریر مٹا دی، کیونکہ ابھی اس پر دستخط نہیں ہوئے تھے۔ غطفان کے سردار عُیَیْنَہ اور حارث جو خود اس صلح کے لئے تیار ہو کر مجلس میں موجود تھے، صحابۂ کرامؓ کی یہ قوت و شدت دیکھ کر خود بھی اپنے دلوں میں متزلزل ہو گئے۔

حضرت سعد بن معاذؓ کا زخمی ہونا اور ان کی دعاء

ادھر خندق کے دونوں طرفوں سے تیر اندازی اور پتھراؤ کا سلسلہ جاری رہا۔ حضرت سعد بن معاذؓ بنی حارثہ کے قلعہ میں جہاں

عورتوں کو محفوظ کر دیا گیا تھا، اپنی والدہ کے پاس گئے تھے۔ حضرت عائشہ رضؓ فرماتی ہیں کہ میں بھی اس وقت اسی قلعہ میں تھی، اور عورتوں کو پردے کے احکام اس وقت تک آئے نہ تھے۔ میں نے دیکھا کہ سعد بن معاذ رضؓ ایک چھوٹی زرہ پہنے ہوئے ہیں جس میں سے ان کے ہاتھ نکل رہے تھے، اور ان کی والدہ اُن سے کہہ رہی ہیں کہ جاؤ جلدی کرو، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ لشکر میں شامل ہو جاؤ۔ میں نے ان کی والدہ سے کہا کہ ان کے لئے کوئی بڑی زِرہ ہوتی تو بہتر تھا۔ مجھے ان کے ہاتھ پاؤں کا خطرہ ہے، جو زِرہ سے نکلے ہوئے ہیں۔ والدہ نے کہا کچھ مضائقہ نہیں، اللہ کو جو کچھ کرنا ہوتا ہے وہ ہو کر رہتا ہے۔

حضرت سعد بن معاذ رضؓ لشکر میں پہنچے تو ان کو تیر لگا جس نے ان کی رگ اکحل کو کاٹ ڈالا۔ اس وقت حضرت سعد رضؓ نے یہ دعاء کی کہ یا اللہ اگر آئندہ بھی قریش کا کوئی حملہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابلہ پر ہونا مقدر ہے تو مجھے اُس کے لئے زندہ رکھئے، کیونکہ اس سے زیادہ میری کوئی تمنا نہیں کہ میں اس قوم سے مقاتلہ کروں جنھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذائیں پہنچائیں، وطن سے نکالا، اور آپؐ کی تکذیب کی۔ اور اگر آئندہ آپ کے علم میں یہ جنگ کا سلسلہ ختم ہو چکا ہو تو آپ مجھے موتِ شہادت عطا فرمائیں، مگر اس وقت تک مجھے موت نہ آئے جب تک کہ بنی قریظہ سے ان کی غدّاری کا انتقام لے کر میری آنکھیں ٹھنڈی نہ ہو جائیں۔

حق تعالیٰ نے آپ کی یہ دونوں دعائیں قبول فرمائیں۔ اس واقعۂ احزاب کفار کا آخری حملہ بنا دیا۔ اس کے بعد مسلمانوں کی فتوحات کا دَور شروع ہوا۔ پہلے خیبر پھر مکہ مکرمہ اور پھر دوسرے بلاد فتح ہوئے۔ اور بنو قریظہ کا واقعہ آگے آتا ہے کہ وہ گرفتار کر کے لائے گئے اور ان کے معاملہ کا فیصلہ حضرت سعد بن معاذ رضؓ ہی کے سپرد کیا گیا۔ ان کے فیصلہ کے مطابق ان کے جوان قتل کئے گئے، اور عورتیں بچے قید کر لئے گئے۔

اس واقعۂ احزاب میں صحابۂ کرام اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو رات بھر خندق کی دیکھ بھال کرنی پڑتی تھی۔ اگر کسی وقت آرام کے لئے لیٹے بھی تو ذرا کسی طرف سے شور و شغب کی آواز آئی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اسلحہ باندھ کر میدان میں جاتے تھے۔ حضرت اُم سلمہ ام المؤمنین رضؓ فرماتی ہیں کہ ایک رات میں کئی کئی مرتبہ ایسا ہوتا تھا کہ آپؐ ذرا آرام کرنے کے لئے تشریف لائے اور کوئی آواز سُنی تو فوراً باہر تشریف لے گئے، پھر آرام کے لئے ذرا کمر لگائی اور پھر کوئی آواز سُنی تو باہر تشریف لے گئے۔

اُمّ المؤمنین حضرت اُم سلمہ رضؓ فرماتی ہیں کہ میں بہت سے غزوات غزوۂ مریسیع،

خیبر، حدیبیہ، فتحِ مکہ اور غزوۂ حنین میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہی ہوں، آپ پر کسی غزوہ میں ایسی شدت اور مشقت نہیں ہوئی، جیسی غزوۂ خندق میں پیش آئی۔ اس غزوہ میں مسلمانوں کو زخم بھی بہت لگے، سردی کی شدت سے بھی تکلیف اٹھائی، اس کے ساتھ کھانے پینے کی ضروریات میں بھی تنگی تھی (مظہری)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چار نمازیں اس جہاد میں قضا ہوئیں

ایک روز مقابل کفار نے یہ طے کیا کہ سب مل کر یکبارگی حملہ کردو اور کسی طرح خندق کو عبور کر کے آگے پہنچو۔ یہ طے کر کے بڑی بے جگری سے مسلمانوں کے مقابلہ میں آگئے، اور سخت تیراندازی کی۔ اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام کو دن بھر ایسا مشغول رہنا پڑا کہ نماز کے لئے بھی ذرا سی مہلت نہ ملی، چار نمازیں عشاء کے وقت میں پڑھی گئیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاء

جب مسلمانوں پر شدّت کی انتہا ہوگئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے احزاب کفار کے لئے بددعاء کی، اور تین روز پیر، منگل، بدھ میں مسجدِ فتح کے اندر مسلسل احزاب کی شکست وفرار اور مسلمانوں کی فتح کے لئے دعاء کرتے رہے۔ تیسرے روز بدھ کے دن ظہر وعصر کے درمیان دعاء قبول ہوئی، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شاداں وفرحاں صحابۂ کرام کے پاس تشریف لائے، فتح کی بشارت سنائی۔ صحابۂ کرام فرماتے ہیں کہ اس وقت کے بعد سے کسی مسلمان کو کوئی تکلیف پیش نہیں آئی (مظہری)

کشود کار اور فتح کے اسباب کا آغاز

دشمنوں کی صفوف میں قبیلۂ غطفان ایک بڑی طاقت تھی، حق تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ نے انہی میں سے ایک شخص نُعیم ابن مسعودؓ کے دل میں ایمان ڈال دیا، اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر انھوں نے اپنے اسلام کا اظہار کیا۔ اور بتلایا کہ ابھی تک میری قوم میں کسی کو یہ معلوم نہیں کہ میں مسلمان ہوچکا ہوں، اب مجھے فرمائیں کہ میں اسلام کی کیا خدمت کروں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اکیلے آدمی یہاں کوئی خاص کام نہ کرسکو گے، اپنی قوم میں واپس جاکر انہی میں رہ کر اسلام سے مدافعت کا کوئی کام کرسکو تو کرو۔ نُعیم ابن مسعودؓ ذہین سمجھدار آدمی تھے، ایک منصوبہ دل میں بنا لیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی اجازت چاہی کہ میں ان لوگوں میں جاکر جو مصلحت دیکھوں کہوں، آپؐ نے اجازت دیدی۔

نُعیم بن مسعودؓ یہاں سے بنو قریظہ کے پاس گئے جن کے ساتھ زمانۂ جاہلیت میں ان کے قدیم تعلقات تھے۔ ان سے کہا کہ اے بنو قریظہ تم جانتے ہو کہ میں تمہارا قدیم دوست ہوں انھوں نے اقرار کیا کہ ہمیں آپ کی دوستی میں کوئی شبہ نہیں، اس کے بعد

حضرت نعیم ابن مسعودؓ نے بنو قریظہ کے سرداروں سے ناصحانہ اور خیرخواہانہ انداز میں سوال کیا کہ آپ لوگ جانتے ہیں کہ قریش مکہ ہوں یا ہمارا قبیلہ غطفان یا دوسرے قبائل یہود وغیرہ، ان کا وطن یہاں نہیں، یہ اگر شکست کھا کر بھاگ جائیں تو ان کا کوئی نقصان نہیں، تمھارا معاملہ ان سب سے مختلف ہے۔ مدینہ تمھارا وطن ہے، تمھاری عورتیں اور اموال سب یہاں ہیں۔ اگر تم نے ان لوگوں کے ساتھ جنگ میں شرکت کی اور بعد میں یہ لوگ شکست کھا کر بھاگ گئے، تو تمھارا کیا بنے گا، کیا تم تنہا مسلمانوں کا مقابلہ کر سکو گے؟

اس لئے میں تمھاری خیرخواہی سے یہ مشورہ دیتا ہوں کہ تم لوگ ان کے ساتھ اس وقت تک شریکِ جنگ نہ ہو جب تک یہ لوگ اپنے خاص سرداروں کی ایک تعداد تمھارے پاس رہن نہ رکھ دیں، کہ وہ تم کو مسلمانوں کے حوالہ کر کے نہ بھاگ جائیں ——

—— بنو قریظہ کو ان کا یہ مشورہ بہت اچھا معلوم ہوا، اس کی قدر کی اور کہا کہ آپ نے بہت اچھا مشورہ دیا۔

اس کے بعد نعیم بن مسعودؓ قریشی سرداروں کے پاس پہونچے، اور ان سے کہا کہ آپ لوگ جانتے ہیں کہ میں آپ کا دوست ہوں اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) سے بَری ہوں، مجھے ایک خبر ملی ہے تمھاری خیرخواہی کا تقاضا ہے کہ میں وہ خبر تمہیں پہنچا دوں بشرطیکہ آپ لوگ میرے نام کا اظہار نہ کریں۔ وہ خبر یہ ہے کہ یہود بنی قریظہ تمھارے ساتھ معاہدہ کرنے کے بعد اپنے فیصلہ پر نادم ہوئے، اور اس کی اطلاع محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے پاس یہ کہہ کر بھیجدی ہے کہ کیا آپ ہم سے اس شرط پر راضی ہو سکتے ہیں کہ ہم قریش اور غطفان کے چند سرداروں کو آپ کے حوالے کر دیں کہ آپ اُن کی گردن مار دیں، پھر ہم آپ کے ساتھ مل کر ان سب سے جنگ کریں۔ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے ان کی بات کو قبول کر لیا ہے۔ اب بنو قریظہ تم سے بطور رہن کے تمھارے کچھ سرداروں کا مطالبہ کریں گے، اب آپ لوگ اپنے معاملہ کو سوچ لیں۔

اس کے بعد نُعیم ابن مسعودؓ اپنے قبیلہ غطفان میں گئے، اور ان کو یہی خبر سُنائی۔

اس کے ساتھ ہی ابوسفیان نے قریش کی طرف سے عکرمہ بن ابی جہل کو اور غطفان کیطرف سے وَرقہ ابن غطفان کو اس کام کے لئے مقرر کیا کہ وہ بنو قریظہ سے جا کر کہیں کہ اب ہمارا سامان جنگ بھی ختم ہو رہا ہے، اور ہمارے آدمی بھی مسلسل جنگ سے تھک رہے ہیں، ہم آپ کے معاہدے کے مطابق آپ کی امداد اور شرکت کے منتظر ہیں۔ بنو قریظہ نے ان کو اپنی قرارداد کے مطابق یہ جواب دیا کہ ہم تمھارے ساتھ جنگ میں اس وقت تک شریک نہیں ہونگے

جب تک تم دونوں قبیلوں کے چند سردار ہمارے پاس بطور رہن (یرغمال) کے نہ پہونچ جائیں۔ عکرمہؓ اور ورقہ نے یہ خبر ابوسفیان کو پہنچادی تو قریش اور غطفان کے سرداروں نے یقین کرلیا کہ نعیم بن مسعودؓ نے جو خبر دی تھی وہ صحیح ہے۔ اور بنو قریظہ سے کہلا بھیجا کہ ہم ایک آدمی بھی اپنا آپ کو نہیں دیں گے، پھر آپ کا دل چاہے تو ہمارے ساتھ جنگ میں شرکت کریں، اور نہ چاہیں تو نہ کریں۔ بنو قریظہ کو یہ حال دیکھ کر اس بات پر جو نعیم ابن مسعودؓ نے کہی تھی اور زیادہ یقین ہوگیا۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے دشمن گروہ میں سے ایک شخص کے ذریعہ ان کے آپس میں پھوٹ ڈال دی، اور ان لوگوں کے پاؤں اکھڑ گئے۔

اس کے ساتھ دوسری آسمانی افتاد اُن پر یہ آئی کہ اللہ تعالیٰ نے ایک سخت اور برفانی ہوا ان پر مسلّط کردی، جس نے ان کے خیمے اُکھاڑ پھینکے، ہنڈیاں چولھوں سے اڑا دیں۔ یہ تو ظاہری اسباب اللہ تعالیٰ نے ان کے پاؤں اکھاڑنے کے لئے پیدا فرما دیئے تھے اس پر مزید اپنے فرشتے بھیج دیئے جو باطنی طور پر ان کے دلوں پر رعب طاری کردیں، ان دونوں باتوں کا ذکر آیات مذکورہ کے شروع میں بھی اس طرح فرمایا گیا ہے فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا "یعنی ہم نے بھیجدی اُن کے اوپر ایک تند و سخت ہوا اور بھیجدیئے فرشتوں کے لشکر"

اس کا نتیجہ یہ تھا کہ اب ان لوگوں کے لئے بھاگ کھڑے ہونے کے سوا کوئی چارۂ کار نہ تھا۔

حضرت حذیفہؓ کا دشمن کے لشکر میں جانے اور خبر لانے کا واقعہ

دوسری طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نعیم ابن مسعودؓ کی کارگذاری اور احزاب کے درمیان پھوٹ کے واقعات کی خبر ملی تو ارادہ فرمایا کہ اپنا کوئی آدمی جاکر دشمن کے لشکر اور ان کے ارادوں کا پتہ لائے۔ مگر وہ سخت برفانی ہوا جو دشمن پر بھیجی گئی تھی بہرحال پورے مدینہ پر حاوی ہوئی، اور مسلمان بھی اس سخت سردی سے متاثر ہوئے۔ رات کا وقت تھا، صحابۂ کرام دن بھر کی محنت و مقابلہ سے چُور چُور سخت سردی کے سبب سمٹے ہوئے بیٹھے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجمع کو مخاطب کرکے فرمایا کہ کون ہے جو کھڑا ہو اور دشمن کے لشکر میں جاکر ان کی خبر لائے، اور اللہ تعالیٰ اس کو جنّت میں داخل فرمائے جاں نثار صحابہ کا مجمع تھا مگر حالات نے ایسا مجبور کر رکھا تھا کہ کوئی کھڑا نہیں ہوسکا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں مشغول ہوگئے، اور کچھ دیر نماز میں مشغول رہنے کے بعد پھر مجمع کو خطاب کرکے فرمایا کہ ہے کوئی شخص جو دشمن کے لشکر کی مجھے خبر لادے اور اس کے عوض میں جنت حاصل کرے۔ اس مرتبہ بھی پورے مجمع میں سناٹا رہا،

کوئی نہیں اٹھا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پھر نماز میں مشغول ہو گئے اور کچھ دیر کے بعد پھر تیسری مرتبہ وہی خطاب فرمایا کہ جو ایسا کرے گا وہ جنّت میں میرے ساتھ ہوگا۔ مگر پوری قوم دن بھر کے سخت تکان اور کئی وقت کے فاقہ سے اور بھوک سے اور اوپر سے سردی کی شدت سے ایسی بے بس ہو رہی تھی کہ پھر بھی کوئی نہ اٹھا۔

حضرت حذیفہ بن یمانؓ راوئ حدیث فرماتے ہیں کہ اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا نام لے کر فرمایا کہ حذیفہ تم جاؤ۔ حالت میری بھی سب جیسی تھی، مگر نام لے کر حکم دینے پر اطاعت کے سوا چارہ نہ تھا۔ میں کھڑا ہو گیا، اور سردی سے میرا تمام بدن کانپ رہا تھا۔ آپؐ نے اپنا دستِ مبارک میرے سر اور چہرے پر پھیرا اور فرمایا کہ دشمن کے لشکر میں جاؤ اور مجھے صرف خبر لا کر دو اور میرے پاس واپس آنے سے پہلے کوئی کام نہ کرو۔ اور پھر آپؐ نے میری حفاظت کے لئے دعاء فرمائی۔ میں نے اپنی تیر کمان اٹھائی اور اپنے کپڑے اپنے اوپر باندھ لئے اور ان کی طرف روانہ ہو گیا۔

جب یہاں سے روانہ ہوا تو عجیب ماجرا یہ دیکھا کہ خیمے کے اندر بیٹھے ہوئے جو سردی سے کپکپی طاری تھی وہ ختم ہو گئی، اور میں اس طرح چل رہا تھا جیسے کوئی گرم حمام کے اندر ہو، یہاں تک کہ میں ان کے لشکر میں پہونچ گیا۔ میں نے دیکھا کہ ہوا کے طوفان نے ان کے خیمے اکھاڑ دیئے تھے اور ہانڈیاں اُلٹ دی تھیں۔ ابوسفیان آگ کے پاس بیٹھ کر سینک رہے تھے۔ میں نے یہ دیکھ کر اپنا تیر کمان مستحکم کیا، اور ابوسفیان پر تیر پھینکنے ہی والا تھا۔ کہ مجھے حضورؐ کا یہ فرمان یاد آ گیا۔ کہ کچھ کام وہاں سے واپس آنے تک نہ کرنا۔ ابوسفیان بالکل میری زد میں تھے، مگر اس فرمان کی بناء پر میں نے اپنا تیر الگ کر لیا۔

ابوسفیان حالات سے پریشان ہو کر واپسی کا اعلان کرنا چاہتے تھے، مگر اس کے لئے ضروری تھا کہ قوم کے ذمّہ داروں سے بات کریں۔ رات کی تاریکی میں اور سناٹے میں یہ خطرہ بھی تھا کہ کوئی جاسوس موجود ہو اور ان کی بات سُن لے۔ اس لئے ابوسفیان نے یہ ہوشیاری کی کہ بات کرنے سے پہلے سارے مجمع کو کہا کہ ہر شخص اپنی برابر والے آدمی کو پہچان لے، تاکہ کوئی غیر آدمی ہماری بات نہ سُن سکے۔

حضرت حذیفہؓ فرماتے ہیں کہ اب مجھے خطرہ ہوا کہ میری برابر کا آدمی جب مجھ سے پوچھے گا کہ تو کون ہے؟ تو میرا راز کھل جائے گا۔ انھوں نے بڑی ہوشیاری اور دلیری سے خود مسابقت کر کے اپنے برابر والے آدمی کے ہاتھ پر ہاتھ مار کر پوچھا تم کون ہو؟ اس نے کہا تعجب ہے تم مجھے نہیں جانتے، میں فلاں ابن فلاں ہوں۔ وہ قبیلۂ ہوازن کا آدمی

تھا۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے حضرت حذیفہؓ کو گرفتاری سے بچا دیا۔

ابوسفیان نے جب یہ اطمینان کر لیا کہ مجمع اپنا ہی ہے، کوئی غیر نہیں تو اس نے پریشان کُن حالات اور بنو قریظہ کی بدعہدی اور سامانِ جنگ ختم ہو جانے کے واقعات سنا کر کہا کہ میری رائے یہ ہے کہ اب آپ سب واپس چلیں اور میں بھی واپس جا رہا ہوں اسی وقت لشکر میں بھگدڑ مچ گئی، اور سب واپس جانے لگے۔

حضرت حذیفہؓ فرماتے ہیں کہ میں یہاں سے واپس چلا تو ایسا محسوس ہوا کہ میرے گرد کوئی گرم حمام ہی جو مجھے سردی سے بچا رہا ہے۔ واپس پہونچا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز میں مشغول پایا۔ جب آپ نے سلام پھیرا تو میں نے واقعہ کی خبر دی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس خبرِ مسرّت سے خوش ہو کر ہنسنے لگے۔ یہاں تک کہ رات کی تاریکی میں آپؐ کے دندانِ مبارک چمکنے لگے۔ اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اپنے قدموں میں جگہ دی، اور جو چادر آپؐ اوڑھے ہوئے تھے اس کا ایک حصہ مجھ پر ڈال دیا، یہاں تک کہ میں سو گیا۔ جب صبح ہو گئی تو آپؐ نے ہی یہ کہہ کر مجھے بیدار فرمایا کہ قُمْ یَا نَوْمَانَ، "کھڑا ہو جا اے بہت سونے والے"

آئندہ کفار کے حوصلے پست ہو جانیکی خوشخبری

صحیح بخاری میں حضرت سلیمان بن صردؓ کی روایت ہے کہ احزاب کے واپس جانے کے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

اَلْاٰنَ نَغْزُوْهُمْ وَلَا يَغْزُوْنَنَا نَحْنُ نَسِيْرُ اِلَيْهِمْ (بخاری)

"یعنی اب وہ ہم پر حملہ آور نہ ہوں گے بلکہ ہم ان پر حملہ کریں گے اور ان کے ملک پر چڑھائی کریں گے (مظہری)

یہ ارشاد فرمانے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام شہر مدینہ میں واپس آ گئے، اور ایک مہینہ کے بعد مسلمانوں نے اپنے ہتھیار کھولے۔

تنبیہ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کا یہ واقعہ صحیح مسلم میں ہے اور یہ مستقلاً ایک درسِ عبرت ہے، جو بہت سی ہدایات اور معجزاتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر مشتمل ہے۔ غور کرنے والے خود معلوم کر لیں گے، تفصیل لکھنے کی ضرورت نہیں۔

غزوۂ بنو قریظہ

ابھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام مدینہ میں واپس پہنچے ہی تھے کہ اچانک جبرئیل امین علیہ السلام حضرت دحیہ کلبی صحابی کی صورت میں تشریف لائے اور فرمایا کہ اگرچہ آپ لوگوں نے اپنے ہتھیار کھول دیئے ہیں مگر فرشتوں نے اپنے ہتھیار نہیں کھولے، اللہ تعالیٰ کا آپ کو یہ حکم ہے کہ آپ بنو قریظہ

پر حملہ کریں اور میں آپ سے آگے وہیں جا رہا ہوں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ میں اعلان کرنے کے لئے ایک منادی بھیجدیا جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ حکم لوگوں کو سنایا اور پہونچایا لَا يُصَلِّيَنَّ اَحَدٌ اِلْعَصْرَ اِلَّا فِيْ بَنِيْ قُرَيْظَةَ، "یعنی کوئی آدمی عصر کی نماز نہ پڑھے جب تک کہ بنو قریظہ میں نہ پہونچ جائے"

صحابۂ کرام سب کے سب اس دوسرے جہاد کے لئے فوراً تیار ہو کر بنو قریظہ کی طرف روانہ ہو گئے۔ راستہ میں عصر کا وقت آیا تو بعض حضرات نے حکمِ نبوی کے ظاہر کے موافق راستہ میں نمازِ عصر ادا نہیں کی، بلکہ منزلِ مقرر بنو قریظہ میں پہونچ کر ادا کی۔ اور بعض نے یہ سمجھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مقصد عصر کے وقت میں بنو قریظہ پہونچ جانا ہے، ہم اگر نماز راستہ میں پڑھ کر عصر کے وقت میں وہاں پہونچ جائیں تو یہ حضورؐ کے ارشاد کے منافی نہیں۔ انھوں نے نمازِ عصر اپنے وقت پر راستہ میں ادا کر لی۔

مجتہدین کے اختلاف میں کوئی جانب گناہ یا منکر نہیں ہوتی جس پر ملامت کی جائے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو صحابۂ کرام کے اس اختلافِ عمل کی خبر دی گئی، تو آپؐ نے دونوں فریق میں سے کسی کو ملامت نہیں فرمائی، بلکہ دونوں کی تصویب فرمائی۔ اس سے علماءِ امت نے یہ اصول اخذ کیا ہے کہ علمائے مجتہدین جو حقیقۃً مجتہد ہوں اور اجتہاد کی صلاحیت رکھتے ہوں ان کے اقوال مختلفہ میں سے کسی کو گناہ اور منکر نہیں کہا جا سکتا، دونوں فریقوں کے لئے اپنے اپنے اجتہاد پر عمل کرنے میں ثواب لکھا جاتا ہے۔

بنو قریظہ سے جہاد کے لئے نکلنے کے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جھنڈا حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے سپرد فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام کے آنے کی خبر سن کر بنو قریظہ قلعہ بند ہو گئے۔ اسلامی لشکر نے قلعہ کا محاصرہ کر لیا۔

بنو قریظہ کے رئیس کعب کی تقریر

بنو قریظہ کا سردار کعب جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا عہد توڑ کر احزاب کے ساتھ معاہدہ کیا تھا، اس نے اپنی قوم کو جمع کر کے حالات کی نزاکت بیان کرتے ہوئے تین صورتیں عمل کی پیش کیں:

اوّل یہ کہ تم سب کے سب اسلام قبول کر لو اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے تابع ہو جاؤ، کیونکہ میں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ تم سب لوگ جانتے ہو کہ وہ حق پر ہیں، اور تمھاری کتاب تورات میں ان کی پیشینگوئی موجود ہے، جو تم پڑھتے ہو۔ اگر تم نے ایسا کر لیا تو دنیا میں اپنی جان و مال اور اولاد کو محفوظ کر لو گے، اور آخرت بھی درست ہو جائے گی۔

دوسری صورت یہ ہے کہ تم اپنی اولاد اور عورتوں کو پہلے خود اپنے ہاتھ سے قتل کر دو، اور پھر پوری طاقت سے مقابلہ کرو یہاں تک کہ تم بھی سب مقتول ہو جاؤ۔

تیسری صورت یہ ہے کہ یوم السبت (ہفتہ کے دن) تم مسلمانوں پر یکبارگی حملہ کر دو، کیونکہ مسلمان جانتے ہیں کہ ہمارے مذہب میں یوم السبت میں قتال حرام ہے، اس لئے وہ ہماری طرف سے اس دن میں بے فکر ہوں گے، ہم ناگہانی طور پر حملہ کریں تو ممکن ہے کامیاب ہو جائیں۔

کعب رئیس قوم کی یہ تقریر سن کر قوم کے لوگوں نے جواب دیا کہ پہلی بات یعنی مسلمان ہو جانا یہ تو ہم ہرگز قبول نہ کریں گے، کیونکہ ہم تورات کو چھوڑ کر اور کسی کتاب کو نہ مانیں گے۔ رہی دوسری بات تو عورتوں بچوں نے کیا قصور کیا ہے کہ ہم ان کو قتل کر دیں۔ باقی تیسری بات خود حکم تورات اور ہمارے مذہب کے خلاف ہے، یہ بھی ہم نہیں کر سکتے۔

اس کے بعد سب نے اس پر اتفاق کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ہتھیار ڈال دیں اور آپ اُن کے بارے میں جو فیصلہ فرما دیں اس پر راضی ہو جائیں۔ انصاری صحابہ کرام میں جو لوگ قبیلہ اَوس سے متعلق تھے ان کے اور بنو قریظہ کے درمیان قدیم زمانے میں معاہدہ رہا تھا تو اَوسی صحابہ کرام نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ آپ ان لوگوں کو ہمارے حوالے کر دیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم اس پر راضی ہو کہ میں ان کا معاملہ تمہارے ہی ایک سردار کے سپرد کر دوں۔ یہ لوگ اس پر راضی ہو گئے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ تمہارے سردار سعد بن معاذ ہیں، اس کا فیصلہ میں ان کے سپرد کرتا ہوں اس پر سب لوگ راضی ہو گئے۔

حضرت سعد بن معاذ رضؓ کو واقعہ خندق میں تیر کا زخم شدید پہونچا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی تیمارداری کے لئے مسجد کے احاطہ میں ایک خیمہ لگوا کر اس میں ٹھہرا دیا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق بنو قریظہ کے قیدیوں کا فیصلہ ان پر چھوڑ دیا گیا۔ انھوں نے یہ فیصلہ دیا کہ ان میں سے جو جنگ کرنے والے جوان ہیں وہ قتل کر دیئے جائیں اور عورتوں، بچوں، بوڑھوں کے ساتھ جنگی قیدیوں کا معاملہ کیا جائے جو اسلام میں معروف ہے۔ یہی فیصلہ نافذ کر دیا گیا، اور اس فیصلے کے فوراً بعد ہی حضرت سعد بن معاذ رضؓ کے زخم سے خون بہہ پڑا، اسی میں ان کی وفات ہوئی۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی دونوں دعائیں قبول فرمائیں ایک یہ کہ آئندہ قریش کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر کوئی حملہ نہ ہوگا، دوسرے بنو قریظہ کی غداری کی سزا ان کو مل جائے وہ اللہ نے انہی کے ذریعہ دلوا دی۔

جن کو قتل کرنا تجویز ہوا تھا ان میں سے بعض مسلمان ہو جانے کی وجہ سے آزاد کر دیئے

عطیہ قرظی جو صحابہ کرام میں معروف ہیں انہی لوگوں میں سے ہیں۔ انہی لوگوں میں زبیر بن باطا بھی تھے۔ ان کو حضرت ثابت بن قیس بن شماس رضؓ صحابی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کر کے آزاد کرادیا، جس کا سبب یہ تھا کہ زبیر بن باطا نے ان پر زمانۂ جاہلیت میں ایک احسان کیا تھا۔ وہ یہ کہ جاہلیت کے زمانے کی جنگ بعاث میں ثابت بن قیس قید ہو کر زبیر بن باطا کے قبضہ میں آگئے تھے، زبیر بن باطا نے ان کے سر کے بال کاٹ کر ان کو آزاد کر دیا قتل نہیں کیا تھا

احسان کے بدلے اور غیرتِ قومی کے دو عجیب نمونے

حضرت ثابت بن قیس زبیر بن باطا کی رہائی کا حکم حاصل کر کے ان کے پاس گئے اور کہا کہ میں نے یہ اس لئے کیا ہے کہ تمہارے اس احسان کا بدلہ کر دوں، جو تم نے جنگِ بُعاث میں مجھ پر کیا تھا۔ زبیر بن باطا نے کہا کہ بے شک شریف آدمی دوسرے شریف کے ساتھ ایسا ہی معاملہ کیا کرتا ہے۔ مگر یہ تو بتلاؤ کہ وہ آدمی زندہ رہ کر کیا کرے گا۔ جس کے اہل وعیال نہ رہے ہوں۔ یہ سُن کر ثابت بن قیس رضؓ حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ ان کے اہل وعیال کی بھی جان بخشی کر دی جائے، آپ نے قبول فرما لیا۔ زبیر بن باطا کو اس کی اطلاع دی، تو یہ ایک قدم اور آگے بڑھے۔ کہ ثابتؓ یہ تو بتلاؤ کہ کوئی انسان صاحب عیال کیسے زندہ رہے گا جب اُس کے پاس کوئی مال نہ ہو۔ ثابت بن قیس پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے، اور ان کا مال بھی ان کو دلوا دیا۔ یہاں تک تو ایک مؤمن کی شرافت اور احسان شناسی کا قضیہ تھا جو حضرت ثابت بن قیس کی طرف سے ہوا۔

اب دوسرا رُخ سنئے کہ زبیر بن باطا کو جب اپنے اور اپنے اہل وعیال کی آزادی اور اپنے مال ومتاع سب واپس مل جانے کا اطمینان ہو چکا تو اس نے حضرت ثابت بن قیس رضؓ سے قبائلِ یہود کے سرداروں کے متعلق سوال کیا، اور پوچھا کہ ابن ابی الحقیقؔ کا کیا ہوا جس کا چہرہ چینی آئینہ جیسا تھا۔ انھوں نے بتلایا کہ وہ قتل کر دیا گیا۔ پھر پوچھا کہ بنی قریظہ کے سردار کعبؔ بن قریظہ اور عمروؔ بن قریظہ کا کیا انجام ہوا؟ انھوں نے بتلایا کہ یہ دونوں بھی قتل کر دیئے گئے، پھر دو جماعتوں کے متعلق سوال کیا اس کے جواب میں ان کو خبر دی گئی کہ وہ سب قتل کر دیئے گئے۔

یہ سُن کر زبیر بن باطا نے حضرت ثابت بن قیس سے کہا کہ آپ نے اپنے احسان کا بدلہ پورا کر دیا، اور اپنی ذمہ داری کا حق ادا کر دیا، مگر میں اب اپنی زمین جائداد کو ان لوگوں کے بعد آباد نہیں کروں گا، مجھے بھی انہی لوگوں کے ساتھ شامل کر دو، یعنی قتل کر ڈالو۔ ثابت بن قیس رضؓ نے اس کو قتل کرنے سے انکار کر دیا، پھر اس کے اصرار پر کسی دوسرے مسلمان نے اس کو

قتل کیا۔ (قرطبی)

یہ ایک کافر کی غیرتِ قومی تھی جس نے سب کچھ ملنے کے بعد اپنے ساتھیوں کے بغیر زندہ رہنا پسند نہ کیا، ایک مؤمن ایک کافر کے یہ دونوں عمل ایک تاریخی یادگار کی حیثیت رکھتے ہیں۔ بنو قریظہ کی یہ فتح ہجرت کے پانچویں سال میں ماہ ذی قعدہ کے آخر اور ذی الحجہ کے شروع میں ہوئی ہے۔ (قرطبی)

تنبیہ غزوۂ احزاب و بنو قریظہ کو اس جگہ کسی قدر تفصیل سے لانے کی ایک وجہ تو خود قرآن کریم کا ان کو تفصیل سے دو رکوع میں بیان فرمانا ہے۔ دوسری وجہ یہ بھی ہے کہ ان واقعات میں زندگی کے مختلف شعبوں سے متعلق بہت سی ہدایات اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات بینات اور بہت سی عبرتیں ہیں، جن کو اس قصے میں عنوانات دے کر واضح کر دیا گیا ہے۔ اس پورے واقعہ کے معلوم کر لینے کے بعد آیات مذکورہ کی تفسیر کے لئے خلاصۂ تفسیر مذکور کا دیکھ لینا کافی ہے، کسی مزید تشریح کی ضرورت نہیں رہتی، صرف چند باتیں قابلِ نظر ہیں۔

اوّل یہ کہ اس غزوہ میں مسلمانوں پر شدّت اور مختلف قسم کی تکلیفوں میں مبتلا ہونے کا ذکر فرما کر اس اضطراب کے عالم میں ایک حال تو مؤمنین کا بتلایا گیا ہے کہ تَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا، یعنی تم لوگ اللہ کے ساتھ مختلف قسم کے گمان کرنے لگے تھے۔ ان گمانوں سے مراد غیر اختیاری وساوس ہیں جو اضطراب کے وقت انسان کے دل میں آیا کرتے ہیں کہ موت اب آ ہی گئی، اب نجات کی صورت نہیں رہی وغیرہ وغیرہ۔ ایسے غیر اختیاری خطرات و وساوس نہ کمالِ ایمان کے منافی ہیں نہ کمالِ ولایت کے۔ البتہ ان سے مصیبت و اضطراب کی شدّت کا ضرور پتہ لگتا ہے۔ کہ صحابۂ کرام جیسے جبالِ استقامت کے دلوں میں بھی وسوسے آنے لگے۔

دوسرا حال منافقین کا ذکر فرمایا ہے کہ انھوں نے کھلے طور پر اللہ و رسولؐ کے وعدوں کو دھوکہ فریب کہنا شروع کر دیا، وَاِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اِلَّا غُرُوْرًا، یہ اُن کے باطنی کفر کا اظہار تھا آگے عملی طور پر وہ منافقین جو ظاہر میں مسلمانوں کے ساتھ شریکِ جہاد تھے ان کے دو طبقوں کا ذکر ہے۔ ایک طبقہ تو بے پوچھے بھاگنے لگا، جس نے کہا يٰٓاَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا، اور دوسرے طبقے نے حیلے بہانے تراش کر کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے واپس چلے جانے کی درخواست کی جن کا حال یہ ذکر کیا گیا ہے کہ وَيَسْتَاْذِنُ

فَرِيْقٌ مِّنْهُمُ النَّبِيَّ يَقُوْلُوْنَ اِنَّ بُيُوْتَنَا عَوْرَةٌ الآیۃ، قرآن کریم نے ان کے حیلے بہانے کو کھول دیا کہ یہ سب جھوٹ ہی۔ حقیقت اس کے سوا کچھ نہیں کہ یہ میدان سے بھاگنا چاہتے ہیں، اِنْ يُّرِيْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا آگے کئی آیتوں میں ان کی شرارت اور مسلمانوں کے ساتھ عداوت پھر ان کے انجامِ بد کا ذکر فرمایا۔

اس کے بعد مؤمنین مخلصین کا ذکر فرما کر ان کے ثبات و استقلال کی مدح کی گئی ہی۔ اسی کے ضمن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اتباع و اقتداء کی تاکید ایک ضابطہ کی صورت میں بیان فرمائی گئی ہے، لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ، اس سے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال و افعال سب کی اقتداء کا حکم ثابت ہوا، مگر محققین ائمہ تفسیر کے نزدیک اس کی عملی صورت یہ ہی کہ جس کام کا کرنا یا چھوڑنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بدرجۂ وجوب ثابت ہو اس کا اتباع واجب و لازم ہے۔ اور جس کام کا کرنا یا چھوڑنا بدرجۂ استحباب ثابت ہو اس کا کرنا یا چھوڑنا ہم پر بھی درجۂ استحباب میں رہے گا کہ اس کی خلاف ورزی گناہ نہ قرار دی جائے گی (قلت الیہ یرجع کلام الجصاص فی احکام القرآن)

آیات مذکورہ میں سے آخری تین آیتوں میں واقعہ بنو قریظہ کا ذکر ہے وَاَنْزَلَ الَّذِيْنَ ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ صَيَاصِيْهِمْ، یعنی جن اہل کتاب نے اہلِ احزاب کی مدد کی تھی اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں کا رعب ڈال کر ان کے مضبوط قلعوں سے ان کو نیچے اتار دیا، اور ان کے اموال اور دار و دیار کا مسلمانوں کو وارث بنایا۔

آخری آیت میں آئندہ ہونے والی فتوحات کی خوش خبری دی گئی ہے کہ اب کفار کے حملے ختم ہوئے، اب مسلمانوں کی فتوحات کا دَور شروع ہوگا، اور ایسی ایسی زمینیں ان کے قبضہ میں آئیں گی جہاں ان کے قدم بھی اب تک نہیں پہونچے۔ جس کا ظہور صحابۂ کرام کے دَور میں سب کی آنکھوں نے دیکھ لیا کہ کسریٰ و قیصر کی سب سے بڑی سلطنتیں ان کے زیر نگیں آگئیں۔ وَاللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ

اے نبی کہہ دے اپنی عورتوں کو اگر تم چاہتی ہو دنیا کی

الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَاُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا

زندگانی اور یہاں کی رونق تو آؤ کچھ فائدہ پہنچا دوں تم کو اور رخصت کر دوں بھلی طرح

جَمِيلًا ﴿۲۸﴾ وَإِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ

سے رخصت کرنا۔ اور اگر تم چاہتی ہو اللہ کو اور اس کے رسول کو اور پچھلے گھر کو

فَإِنَّ اللّٰهَ أَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ مِنْكُنَّ أَجْرًا عَظِيمًا ﴿۲۹﴾ يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ

تو اللہ نے رکھ چھوڑا ہے ان کے لئے جو تم میں نیکی پر ہیں بڑا ثواب۔ اے نبی کی عورتو!

مَنْ يَّأْتِ مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُّضٰعَفْ لَهَا الْعَذَابُ

جو کوئی کر لائے تم میں کام بے حیائی کا صریح دونا ہو اس کو عذاب

ضِعْفَيْنِ ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿۳۰﴾ وَمَنْ يَّقْنُتْ

دوہرا، اور ہے یہ اللہ پر آسان۔ اور جو کوئی تم میں اطاعت

مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِهَآ أَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ ۙ

کرے اللہ کی اور اس کے رسول کی اور عمل کرے اچھے، دیویں ہم اس کو اس کا ثواب دوبار

وَأَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا كَرِيمًا ﴿۳۱﴾ يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَأَحَدٍ

اور رکھی ہے ہم نے اس کے واسطے روزی عزت کی۔ اے نبی کی عورتو تم نہیں ہو جیسے ہر کوئی

مِّنَ النِّسَآءِ إِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِيْ

عورتیں اگر تم ڈر رکھو سو تم دب کر بات نہ کرو پھر لالچ کرے کوئی جس کے

فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ﴿۳۲﴾ وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ

دل میں روگ ہے اور کہو بات معقول۔ اور قرار پکڑو اپنے گھروں میں

وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْأُوْلٰى وَأَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَ

اور دکھلاتی نہ پھرو جیسا کہ دکھلانا دستور تھا پہلے جہالت کے وقت میں اور قائم رکھو نماز اور

اٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَأَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ إِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ

دیتی رہو زکوٰۃ اور اطاعت میں رہو اللہ کی اور اس کے رسول کی، اللہ یہی چاہتا ہے کہ

لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ

دور کرے تم سے گندی باتیں اے نبی کے گھر والو اور ستھرا کر دے تم کو ایک

تَطْهِيرًا ﴿۳۳﴾ وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلَىٰ فِي بُيُوتِكُنَّ مِنْ آيَاتِ اللَّهِ وَ

ستھرائی سے ۔ اور یاد کرو جو پڑھی جاتی ہیں تمھارے گھروں میں اللہ کی باتیں اور

الْحِكْمَةِ ۚ إِنَّ اللَّهَ كَانَ لَطِيفًا خَبِيرًا ﴿۳۴﴾ ع ۴ ۱۷

عقلمندی کی ، مقرر اللہ ہی بھید جاننے والا خبردار

خُلاصہ تفسیر

اے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ اپنی بیبیوں سے فرمادیجئے (تم سے دوٹوک بات کہی جاتی ہے تاکہ ہمیشہ کے لئے قصہ ایک طرف ہو وہ بات یہ ہے کہ) تم اگر دنیوی زندگی (کی عیش) اور اس کی بہار چاہتی ہو تو آؤ (یعنی لینے کے لئے متوجہ ہو) میں تم کو کچھ (مال دے) متاع (دنیوی) دیدوں (یا تو مراد اس سے وہ جوڑہ ہے جو مطلقہ مدخولہ کو بوقت طلاق دینا مستحب ہے یا مراد نان نفقہ عدت کا ہے، یا دونوں کو شامل ہے) اور (متاع دے کر) تم کو خوبی کے ساتھ رخصت کردوں (یعنی موافق سنت کے طلاق دیدوں تاکہ جہاں چاہو جاکر دنیا حاصل کرو) اور اگر تم اللہ کو چاہتی ہو اور (مطلب اللہ کو چاہنے کا اس جگہ یہ ہے کہ) اس کے رسول کو (چاہتی ہو، یعنی فقر و افلاس کی موجودہ حالت کے ساتھ رسول کے نکاح میں رہنا چاہتی ہو) اور عالم آخرت (کے درجاتِ عالیہ) کو (چاہتی ہو جو کہ زوجیتِ رسول پر مرتب ہونے والے ہیں) تو (یہ تمھاری نیک کرداری ہے اور) تم میں نیک کرداروں کے لئے اللہ تعالیٰ نے (آخرت میں) اجر عظیم مہیا کر رکھا ہے (یعنی وہ ثواب جو مخصوص ہے زوجاتِ نبیؐ کے لئے کہ اور نیک بیبیوں کے اجر سے وہ عظیم ہے۔ اور جس سے زوجیتِ نبی کو اختیار نہ کرنے کی صورت میں محرومی ہوگی، گو عموم دلائل سے مطلق ایمان و اعمالِ صالحہ کے ثمرات اس صورت میں بھی حاصل ہوں گے۔ یہاں تک تو مضمون تخییر کا ہے جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ازواج کو اختیار دیا گیا کہ موجودہ حالت پر قناعت کرکے آپؐ کی زوجیت میں رہنا پسند کریں، یا پھر آپؐ سے طلاق حاصل کرلیں آگے حق تعالیٰ ان کو خود خطاب کرکے وہ احکام فرماتے ہیں جو بصورتِ اختیار زوجیت واجب الاہتمام ہوں گے۔ ارشاد ہے کہ) اے نبی کی بیبیو! جو تم میں کھلی ہوئی بیہودگی کرے گی (مراد اس سے وہ معاملہ ہے جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تنگ و پریشان ہوں تو) اس کو (اس پر آخرت میں) دوہری سزا دی جائے گی (یعنی دوسرے

شخص کو اس عمل پر جتنی سزا ملتی اس سے دوہری سزا ہوگی) اور یہ بات اللہ کو (بالکل) آسان ہے (یہ نہیں کہ دنیوی حکام کی طرح احیاناً سزا بڑھانے سے کسی کی عظمت اس کو مانع ہو جاوے، اور اس سزا کے بڑھنے کی وجہ ابھی تضعیفِ اجر کی تقریر میں آتی ہے) اور جو کوئی تم میں اللہ کی اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرے گی (یعنی جن امور کو اللہ تعالیٰ نے واجب فرمایا ہے ان کو ادا کرے گی اور خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زوج ہونے کے جو حقوق اطاعت وغیرہ واجب ہیں وہ ادا کرے گی کیونکہ حیثیتِ رسالت کے حقوق اللہ کی اطاعت میں داخل ہو گئے) اور (امور غیر واجبہ میں سے جو) نیک کام (ہیں ان کو) کرے گی تو ہم اس کو اس کا ثواب (بھی) دوہرا دیں گے اور ہم نے اُس کے لئے (علاوہ دوہرے اجر موعود کے) ایک (خاص) عمدہ روزی (جو جنت میں ازواجِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے مخصوص ہے اور جو صلۂ عمل سے زائد ہے) تیار کر رکھی ہے (اطاعت کی صورت میں دوہرے اجر اور ترکِ اطاعت پر دوہرے عذاب کی وجہ شرفِ زوجیتِ نبیؐ ہے جس پر یٰنِسَآءَ النَّبِیِّ دال ہے۔ کیونکہ اہلِ خصوصیت کی کوتاہی بھی اوروں کی کوتاہی سے اشد ہوتی ہے۔ اسی طرح ان کی اطاعت بھی اوروں کی اطاعت سے زیادہ مقبول ہوتی ہے۔ پس وعدہ وعید دونوں میں وہ دوسروں سے ممتاز ہوتے ہیں۔ اور خصوصاً مقامِ کلام میں یہ کہنا ممکن ہے کہ حضرات امہات المؤمنینؓ سے خدمت اور اطاعت کا صدور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب کو راحت افزا زیادہ ہوگا پس آپؐ کی راحت رسانی موجب زیادتیِ اجر ہو گئی، علیٰ ھٰذا اس کی ضد میں سمجھنا چاہئے، یہاں تک ازواج سے آپ کے حقوق کے متعلق خطاب تھا آگے عام احکام کے متعلق زیادہ اہتمام کے لئے خطاب ہے کہ) اے نبی کی بیبیو (محض اس بات پر مت پھول جانا کہ ہم نبی کی بیبیاں ہیں اور اس لئے عام عورتوں سے ممتاز ہیں، یہ نسبت اور شرف ہمارے لئے بس ہے، سو یہ وسوسہ مت کرنا یہ بات صحیح ہے کہ) تم معمولی عورتوں کی طرح نہیں ہو (بیشک ان سے ممتاز ہو مگر مطلقاً نہیں، بلکہ اس کے ساتھ ایک شرط بھی ہے وہ یہ کہ) اگر تم تقویٰ اختیار کرو (تب تو واقعی اس نسبت کے سبب تم کو اوروں سے فضیلت حاصل ہے، حتیٰ کہ ثواب مضاعف ملے گا اور اگر یہ شرط متحقق نہیں تو یہی نسبت بالعکس دوہرے عذاب کا سبب بن جائے گی، جب یہ بات ہے کہ نسبت بلا تقویٰ ہیچ ہے) تو (تم کو احکامِ شرعیہ کی پوری پابندی کرنا چاہئے عموماً اور ان احکام مذکورۂ آیت آئندہ کی خصوصاً، اور وہ احکام یہ ہیں کہ) تم (نامحرم مردوں سے) بولنے میں (جب کہ بضرورت بولنا پڑے) نزاکت مت کرو

(اس کا مطلب یہ نہیں کہ قصداً نزاکت مت کرو کیونکہ اس کا بُرا ہونا تو بدیہی ہے دوسری مخاطب یعنی ازواجِ مطہرات میں اس کا احتمال نہیں، بلکہ مطلب یہ ہے کہ جیسے عورتوں کے کلام کا فطری انداز ہوتا ہے کہ کلام میں نرمی اور نزاکت طبعی ہوتی ہے، اس انداز کو مت برتو) کہ (اس سے) ایسے شخص کو (طبعاً) خیال (فاسد پیدا) ہونے لگتا ہے، جس کے قلب میں خرابی (اور بدی) ہے (بلکہ ایسے موقع پر تکلف اور اہتمام سے اُس فطری انداز کو بدل کر گفتگو کرو) اور قاعدہ (عفت) کے موافق بات کہو (یعنی ایسے انداز سے جس میں خشکی اور روکھاپن ہو کہ یہ حافظ عفت ہے، اور یہ بداخلاقی نہیں ہے۔ بداخلاقی وہ ہے جس سے کسی کے قلب کو ایذاء پہونچے اور طمع فاسد کے روکنے سے ایذاء لازم نہیں آتی۔ اس میں تو بولنے کے متعلق حکم فرمایا) اور (آگے پردہ کے متعلق ارشاد ہے اور امر مشترک دونوں میں فقط عفت ہے یعنی) تم اپنے گھروں میں قرار سے رہو (مراد اس سے یہ ہے کہ محض کپڑا اوڑھ لپیٹ کر پردہ کر لینے پر کفایت مت کرو بلکہ پردہ اس طریقہ سے کرو کہ بدن مع لباس نظر نہ آئے، جیسا کہ آجکل شرفاء میں پردہ کا طریقہ متعارف ہے کہ عورتیں گھروں ہی سے نہیں نکلتیں، البتہ مواقعِ ضرورت دوسری دلیل سے مستثنیٰ ہیں) اور (آگے اسی حکم کی تاکید کے لئے ارشاد ہے کہ) قدیم زمانۂ جہالت کے دستور کے موافق مت پھرو (جس میں بے پردگی رائج تھی گو بلا فحش ہی کیوں نہ ہو۔ اور قدیم جاہلیت سے مراد وہ جاہلیت ہے جو اسلام سے پہلے تھی، اور اس کے مقابلہ میں ایک مابعد کی جاہلیت ہے کہ بعد تعلیم و تبلیغ احکامِ اسلام کے ان پر عمل نہ کیا جائے۔ پس جو تبرّج بعد اسلام ہوگا وہ جاہلیت اُخریٰ ہے، اس لئے تشبیہ میں تخصیص جاہلیت اُولیٰ کی ظاہر ہے، کیونکہ مشبہ و مشبہ بہ کا تغائر ضروری ہے۔ مطلب یہ کہ جاہلیتِ اُخریٰ جاری کر کے جاہلیت اُولیٰ کا اقتداء نہ کرو جس کے مٹانے کو اسلام آیا ہے۔ یہاں تک احکام متعلقہ عفّت کے تھے) اور (آگے دوسرے شرائع کا ارشاد ہے کہ) تم نمازوں کی پابندی رکھو اور زکوٰۃ (اگر نصاب کی مالک ہو) دیا کرو (کہ دونوں اعظم شعائر سے ہیں، اس لئے اُن کی تخصیص کی گئی) اور (بھی جتنے احکام ہیں اور تم کو معلوم ہیں سب میں) اللہ کا اور اس کے رسول کا کہنا مانو (اور ہم نے جو تم کو ان احکام کے اس التزام اور اہتمام کا مکلّف فرمایا ہے تو تمہارا ہی نفع ہے کیونکہ) اللہ تعالیٰ کو (ان احکام کے بتانے سے تشریعاً) یہ منظور ہے کہ اے (پیغمبر کے) گھر والو تم سے (معصیت و نافرمانی کی) آلودگی کو دُور رکھے، اور تم کو (ظاہراً و باطناً عقیدۃً و عملاً و خُلقاً بالکل) پاک صاف رکھے (کیونکہ علم بالاحکام کے سبب مخالفت سے جو کہ موجب آلودگی اور مانع تطہیر ہے بچنا ممکن ہے) اور (چونکہ ان احکام پر عمل واجب

ہے، اور عمل موقوف ہے احکام کے جاننے اور ان کے یاد رکھنے پر اس لئے) تم ان آیاتِ الٰہیہ (یعنی قرآن) کو اور اس علم (احکام) کو یاد رکھو جس کا تمہارے گھروں میں چرچا رہتا ہے (اور یہ بھی پیشِ نظر رکھو کہ) بیشک اللہ تعالیٰ رازداں ہے (کہ اعمالِ قلوب کو بھی جانتا ہے اور) پورا خبردار ہے (کہ پوشیدہ اعمال کو بھی جانتا ہے، اس لئے ظاہراً و باطناً سراً و علانیۃً امتثالِ اوامر اور اجتنابِ نواہی کا اہتمام واجب ہے)۔

معارف و مسائل

اس سورۃ کے مقاصد میں سے اہم مقصد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایذاء سے اور ہر ایسی چیز سے بچنے کی تاکید ہے جس سے آپ کو تکلیف پہونچے، نیز آپ کی اطاعت اور رضاجوئی کے مؤکّد احکام ہیں۔ غزوۂ احزاب کا تفصیلی واقعہ جو اوپر گذرا ہے اس میں کفار و منافقین کی طرف سے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذائیں پہونچیں ان کا ذکر اور اس کے ساتھ انجامِ کار موذی کفار و منافقین کا ذلیل و خوار ہونا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہر موقع پر فتحمند اور کامیاب ہونا ذکر کیا گیا تھا، اور اس کے ساتھ ہی مؤمنین مخلصین جنھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم و اشارہ پر اپنا سب کچھ قربان کر دیا، ان کی مدح و ثناء اور درجاتِ آخرت کا بیان تھا۔

مذکور الصدر آیات میں خاص ازواج مطہّرات کو تعلیم ہے کہ وہ خصوصاً اس کا اہتمام کریں کہ آپؐ کو ان کے کسی قول و فعل سے ایذاء نہ پہونچے، اور یہ جبھی ہو سکتا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی مکمل اطاعت میں لگ جائیں۔ اس سلسلے کے چند احکام ازواج مطہراتؓ کو خطاب کر کے بتلائے گئے ہیں۔

شروع آیات میں جو ازواج مطہرات کو طلاق لینے کا اختیار دینا مذکور ہے، اس کا ایک یا چند واقعات ہیں جو ازواج مطہراتؓ کی طرف سے پیش آئے، جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منشاء کے خلاف تھے، جن سے بلا قصد و اختیار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تکلیف پہونچی۔

ان واقعات میں سے ایک واقعہ وہ ہے جو صحیح مسلم وغیرہ میں حضرت جابرؓ کی روایت سے مفصّل آیا ہے، اس میں مذکور ہے کہ ازواج مطہراتؓ نے جمع ہو کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا مطالبہ کیا کہ ان کا نان نفقہ بڑھایا جائے۔ تفسیر بحر محیط میں ابوحیان نے اس کی تشریح یہ بیان کی ہے کہ غزوۂ احزاب کے بعد بنو نضیر پھر

بنو قریظہ کی فتوحات اور اموالِ غنیمت کی تقسیم نے عام مسلمانوں میں ایک گونہ خوش حالی پیدا کر دی تھی۔ ازواج مطہراتؓ کو اس وقت یہ خیال ہوا کہ ان اموالِ غنیمت میں سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اپنا حصہ رکھا ہوگا، اس لئے انھوں نے جمع ہو کر عرض کیا کہ یا رسول اللہ یہ کسریٰ و قیصر کی بیبیاں طرح طرح کے زیورات اور قیمتی لباسوں میں ملبوس ہیں، اور ان کی خدمت کیلئے کنیزیں ہیں، اور ہمارا حال فقر و فاقہ کا آپ دیکھتے ہیں، اس لئے اب کچھ توسع سے کام لیا جائے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج مطہرات کی طرف سے یہ مطالبہ سنا کہ ان کے ساتھ وہ معاملہ کیا جائے جو بادشاہوں اور دنیا داروں میں ہوتا ہے تو آپ کو اس سے بہت رنج ہوا کہ انھوں نے بیتِ نبوت کی قدر نہ پہچانی۔ ازواجِ مطہرات رضؓ کو خیال نہ تھا کہ اس سے آپ کو ایذا پہونچے گی، عام مسلمانوں میں مالی وسعت دیکھ کر اپنے لئے بھی وسعت کا خیال دل میں آگیا تھا۔ ابو حیّان نے فرمایا کہ اس واقعہ کو غزوۂ احزاب کے واقعہ کے بعد بیان کرنے سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے کہ ازواج کا یہ مطالبہ ہی تخییرِ طلاق کا سبب بنا۔ بعض روایاتِ حدیث میں حضرت زینبؓ کے گھر میں شہد پینے کا واقعہ جو آگے سورۂ تحریم میں آگے مفصل آئے گا اس میں ازواج کی باہمی غیرت کے سبب جو صورت پیش آئی وہ اس تخییرِ طلاق کی سبب بنی۔ اگر یہ دونوں چیزیں قریبی زمانے میں پیش آئی ہوں تو یہ بھی بعید نہیں کہ دونوں ہی سبب ہوں، لیکن آیت تخییر کے الفاظ سے زیادہ تائید اسی کی ہوتی ہے کہ ازواج مطہرات کی طرف سے کوئی مالی مطالبہ اس کا سبب بنا ہے۔ کیونکہ اس آیت میں فرمایا ہے اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا الآیۃ

اس آیت نے سب ازواج مطہرات کو اختیار دیدیا کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودہ حالت یعنی معاشی عسرت و تنگی کے ساتھ آپؐ کی زوجیت میں رہنا قبول کریں یا پھر آپؐ سے طلاق کے ساتھ آزاد ہو جائیں۔ پہلی صورت میں ان کو عام عورتوں کی نسبت سے بہت زیادہ اجر عظیم اور آخرت کے خاص درجاتِ عالیہ عطا ہوں گے، اور دوسری صورت یعنی طلاق لینے میں بھی ان کو دنیا کے لوگوں کی طرح کسی تلخی و تکلیف کی نوبت نہیں آئے گی، بلکہ سنت کے مطابق کپڑوں کا جوڑا وغیرہ دے کر عزت کے ساتھ رخصت کیا جائے گا۔

ترمذی نے ام المؤمنین حضرت عائشہؓ سے روایت کیا ہے کہ جب یہ آیت تخییر

نازل ہوئی، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے اظہار و اعلان کی ابتداء مجھ سے فرمائی اور آیت سُنانے سے پہلے فرمایا کہ میں تم سے ایک بات کہنے والا ہوں، مگر تم اس کے جواب میں جلدی نہ کرنا، بلکہ اپنے والدین سے مشورہ کر کے جواب دینا۔ صدیقہؓ فرماتی ہیں کہ یہ مجھ پر خاص عنایت تھی کہ مجھے والدین سے مشورہ کے بغیر اظہار رائے سے آپ نے منع فرمایا کیونکہ آپؐ کو یقین تھا کہ میرے والدین مجھے کبھی یہ رائے نہ دیں گے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مفارقت اختیار کر لوں۔ میں نے جب یہ آیت سُنی تو فوراً عرض کیا کہ کیا میں اس معاملے میں والدین سے مشورہ لینے جاؤں؟ میں تو اللہ کو اور اس کے رسولؐ کو اور دارِ آخرت کو اختیار کرتی ہوں۔ پھر میرے بعد سب ازواج مطہرات کو قرآن کا یہ حکم سنایا گیا سب نے وہی کہا جو میں نے اوّل کہا تھا (کسی نے بھی دنیا کی فراخی کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجیت کے مقابلے میں قبول نہ کیا (قال الترمذی ہذا حدیث حسن صحیح)

فائدہ اختیارِ طلاق کی دو صورتیں ہوتی ہیں۔ ایک یہ کہ طلاق کا اختیار عورت کے سپرد کر دیا جائے، اگر وہ چاہے تو خود اپنے نفس کو طلاق دے کر آزاد ہو جائے دوسرے یہ کہ طلاق شوہر ہی کے ہاتھ میں رہے کہ اگر عورت چاہے تو وہ طلاق دیدے۔

آیتِ مذکورہ میں بعض مفسرین نے پہلی صورت کو اور بعض نے دوسری کو اختیار کیا ہے۔ سیدی حکیم الامتؒ نے بیان القرآن میں فرمایا کہ صحیح بات یہ ہے کہ آیت کے الفاظ میں دونوں احتمال ہیں، جب تک کسی صریح نص سے ایک کی تعیین نہ ہو جائے اپنی طرف سے کسی صورت کو متعیّن کرنے کی ضرورت نہیں۔

مسئلہ: اس آیت سے معلوم ہوا کہ جب زوجین کی طبیعتوں میں مناسبت نہ ہو تو مستحب یہ ہے کہ بیوی کو اختیار دیا جائے کہ شوہر کی موجودہ حالت پر قناعت کر کے ساتھ رہنا چاہے تو رہے ورنہ سنت کے مطابق طلاق دے کر کپڑے کے جوڑے دے کر عزّت کے ساتھ رخصت کر دیا جائے۔

آیت مذکورہ سے اس معاملہ کا استحباب ہی ثابت کیا جا سکتا ہے وجوب پر کوئی دلیل نہیں۔ بعض ائمہ فقہاء نے اس آیت سے وجوب پر استدلال کیا ہے، اور اسی بناء پر ایسے مفلس آدمی کی بیوی کو عدالت کی طرف سے طلاق دینے کا حق دیا ہے جو بیوی کو نفقہ دینے پر قادر نہیں۔ اس مسئلہ کی پوری تفصیل احکام القرآن حزبِ خامس میں اسی آیت کے تحت میں بزبانِ عربی مذکور ہے۔

ازواجِ مطہرات کی ایک خصوصیت اور اس کی وجہ سے ان پر کڑی پابندی | يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ مَنْ

يَّاْتِ مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُّضٰعَفْ لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ۝ وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِهَآ اَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ الآیۃ،

ان دو آیتوں میں ازواج مطہرات کی یہ خصوصیت بیان فرمائی ہے کہ اگر وہ کوئی گناہ کا کام کریں گی تو ان کو دوسری عورتوں کی نسبت سے دوگنا عذاب دیا جائے گا یعنی ان کا ایک گناہ دو کے قائم مقام قرار دیا جائے گا، اسی طرح اگر وہ نیک عمل کریں گی تو دوسری عورتوں کی نسبت ان کو ثواب بھی دوہرا دیا جائے گا، ان کا ایک نیک عمل دو کے قائم مقام ہوگا

یہ آیت ایک حیثیت سے ازواج مطہرات کے لئے ان کے اس عمل کی جزاء ہے جو انھوں نے آیتِ تخییر نازل ہونے پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجیت پر دنیا کی فراخی کو قربان کر دیا۔ اس کے صلے میں اللہ تعالیٰ نے ان کے ایک عمل کو دو کا درجہ دیدیا، اور گناہ کی صورت میں دوہرا عذاب بھی ان کی خصوصی فضیلت اور امتیازی شرافت کی وجہ سے ہوا۔ کیونکہ یہ بات عقلی بھی ہے اور نقلی بھی، کہ جتنا کسی کا اعزاز و احترام ہوتا ہے اُتنا ہی اس کی طرف سے غفلت و سرکشی کی سزا بھی بڑھ جاتی ہے۔

ازواجِ مطہرات پر حق تعالیٰ کے انعامات بڑے ہیں کہ ان کو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولؐ کی زوجیت کے لئے انتخاب فرما لیا۔ اُن کے گھروں میں وحیِ الٰہی نازل ہوتی رہی تو ان کی ادنیٰ غلطی و کوتاہی بھی بڑی ہوگی۔ اگر دوسروں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذاء پہونچے تو اس سے کہیں زیادہ اشد ہوگا کہ ان سے کوئی بات ایذاء و تکلیف کی سرزد ہو۔ قرآن کریم کے ان الفاظ میں خود اس سبب کی طرف اشارہ ہے وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ،

فائدہ ازواجِ مطہرات کی یہ خصوصیت کہ ان کے عمل کا دوہرا ثواب ملے عام اُمت کے اعتبار سے۔ اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ امت میں کسی فرد یا جماعت کو کسی خصوصیت سے ایسا انعام نہ بخشا جائے کہ اس کو دوہرا ثواب ملے، چنانچہ اہلِ کتاب میں سے جو لوگ مسلمان ہوگئے ان کے متعلق قرآن کریم میں ارشاد ہے اُولٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَّرَّتَيْنِ۔

اور قیصر روم کے نام جو نامۂ مبارک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحریر فرمایا اس میں اسی ارشادِ قرآنی کی وجہ سے آپؐ نے قیصر روم کو یہ لکھا کہ يُؤْتِكَ اللّٰهُ اَجْرَكَ مَرَّتَيْنِ اہلِ کتاب جو اسلام لے آئیں اُن کے متعلق تو خود قرآن میں اجر مرتین کی تصریح ہے۔ اور ایک حدیث اور بھی ہے جس میں تین آدمیوں کے لئے اسی طرح دوہرا اجر مذکور ہے اس کی تفصیل سورۂ قصص میں آیت يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَّرَّتَيْنِ کے تحت میں لکھی گئی ہے۔

عالم کے عملِ صالح کا ثواب بھی دوسروں سے زیادہ ہے اور اس کے گناہ کی سزا بھی زیادہ

امام ابوبکر جصاص نے احکام القرآن میں فرمایا کہ جس سبب سے حق تعالیٰ نے ازواجِ مطہرات کے عمل صالح کا ثواب دوگنا اور ان کی معصیت کا عذاب بھی دُوگنا قرار دیا ہے، کہ وہ علومِ نبوّت اور وحیِ الٰہی کی خاص مورد ہیں، یہی سبب علماءِ دین میں بھی موجود ہے۔ اس لئے جو عالم اپنے علم پر عامل بھی ہے اس کو بھی اس عمل کا ثواب دوسروں سے زیادہ ملے گا، اور اگر وہ کوئی گناہ کرے گا تو عذاب بھی دوسروں سے زیادہ ہوگا۔

بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ، لفظ فاحشہ عربی زبان میں بدکاری اور زنا وغیرہ کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے، اور مطلقِ معصیت اور گناہ کے لئے بھی یہ لفظ قرآن میں بکثرت استعمال ہوا ہے۔ اس آیت میں فاحشہ کے لفظ سے بدکاری اور زنا مراد نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے سب پیغمبروں کی ازواج کو اس سخت عیب سے بَری فرمایا ہے، تمام انبیاء علیہم السلام کی ازواج میں کسی سے بھی ایسا فعل صادر نہیں ہوا۔ حضرت لوط اور نوح علیہما السلام کی بیبیاں ان کے دین سے منحرف ہوئیں اور سرکشی اختیار کی جس کی سزا اُن کو ملی، لیکن بدکاری کا الزام اُن میں بھی کسی پر نہیں تھا۔ ازواج مطہرات میں سے کسی بےحیائی و بدکاری کے صدور کا تو احتمال ہی نہ تھا۔ اس لئے اس آیت میں فاحشہ سے مراد عام گناہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایذاء و تکلیف ہے۔ اور اس جگہ فَاحِشَة کے ساتھ جو لفظ مُبَيِّنَة آیا ہے یہ اس پر شاہد ہے۔ کیونکہ بے حیائی اور بدکاری کہیں بھی مبیّنہ نہیں ہوتی، وہ تو پردوں میں اخفاء سے کی جاتی ہے۔ فاحشہ مبیّنہ سے مراد عام گناہ ہیں، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایذاء ہے ائمہ تفسیر میں سے مقاتل بن سلیمان نے اس آیت میں فاحشہ کا مفہوم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی یا آپؐ سے کوئی ایسا مطالبہ قرار دیا ہے جس کا پورا کرنا آپؐ کے لئے شاق ہو۔ (رواہ البیہقی فی السنن)

اور قرآن کریم نے دوہرے عذاب کے سلسلہ میں تو صرف فاحشہ مبیّنہ پر یہ عذاب مرتّب کیا ہے، مگر دوہرے اجر و ثواب کے لئے کئی شرطیں رکھی ہیں وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتَعْمَلْ صَالِحًا، اس میں قنوت یعنی اطاعت اللہ اور اس کے رسولؐ کی شرط ہے، پھر عملِ صالح شرط ہے۔ سبب یہ ہے کہ اجر و ثواب تو اسی وقت ملتا ہے جب اطاعت مکمل ہو اور سزاء کے لئے ایک گناہ بھی کافی ہے۔

ازواج مطہراتؓ کو خاص ہدایات

يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ، سابقہ آیات میں ازواج مطہرات رضؓ کو

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے مطالبات کرنے سے روکا گیا ہے جن کا پورا کرنا آپ کے لئے دشوار ہو یا جو آپ کی شان کے مناسب نہ ہوں۔ اور جب انھوں نے اس کو اختیار کرلیا تو ان کا درجہ عام عورتوں سے بڑھا دیا گیا کہ ان کے ایک عمل کو دو کے قائم مقام بنا دیا۔ آگے ان کو اصلاحِ عمل اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت و زوجیت کے مناسب بنانے کے لئے چند ہدایات دی گئی ہیں۔ یہ سب ہدایات اگرچہ ازواج مطہرات کے لئے مخصوص نہیں بلکہ تمام ہی مسلمان عورتیں ان کی مامور ہیں، مگر یہاں ازواج مطہرات کو خصوصی خطاب کرکے اس پر متوجہ کیا ہے کہ یہ اعمال و احکام جو سب مسلمان عورتوں کے لئے لازم و واجب ہیں آپ کو ان کا اہتمام دوسروں سے زیادہ کرنا چاہئے اور لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ سے یہی خصوصیت مراد ہے۔

کیا ازواجِ مطہرات سارے عالم کی عورتوں سے افضل ہیں؟

آیت کے ان الفاظ سے بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ ازواجِ مطہرات رضؓ تمام دنیا کی عورتوں سے افضل ہیں۔ مگر قرآن کریم کی آیت حضرت مریم علیہا السلام کے بارے میں یہ ہے اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰكِ وَطَهَّرَكِ وَاصْطَفٰكِ عَلٰى نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ، اس سے حضرت مریمؑ کا سارے جہاں کی عورتوں سے افضل ہونا ثابت ہوتا ہے۔ اور ترمذی میں حضرت انسؓ کی حدیث ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کافی ہیں تم کو ساری عورتوں میں سے مریم بنت عمران اور خدیجہ بنت خویلد (ام المؤمنین) اور فاطمہ بنتِ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور آسیہ زوجۂ فرعون۔ اس حدیث میں حضرت مریم کی ساتھ اور تین عورتوں کو نساء عالمین سے افضل فرمایا ہے۔

اس لئے اس آیت میں جو ازواج مطہرات کی افضلیت اور فوقیت بیان کی گئی ہے وہ ایک خاص حیثیت یعنی ازواج النبیؐ اور نساء النبیؐ ہونے کی ہے، جس میں وہ تمام عالم کی عورتوں سے بلاشبہ افضل ہیں۔ اس سے عام فضیلت مطلقہ ثابت نہیں ہوتی جو دوسری نصوص کے خلاف ہو (مظہری)

لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ کے بعد اِنِ اتَّقَيْتُنَّ یہ شرط اس فضیلت کی ہے جو اللہ تعالیٰ نے ان کو نساء نبیؐ ہونے کی وجہ سے بخشی ہے۔ مقصود اس سے اس بات پر تنبیہ کرنا ہے کہ فقط اس نسبت و تعلق پر بھروسہ کرکے نہ بیٹھ جائیں کہ ہم ازواجِ رسولؐ ہیں، بلکہ تقویٰ اور اطاعتِ احکامِ الٰہیہ پر فضیلت کی شرط ہے (قرطبی و مظہری)

اس کے بعد چند ہدایات ازواج مطہراتؓ کو دی گئیں:

پہلی ہدایت عورتوں کے پردہ سے متعلق آواز اور کلام پر پابندی ہے:۔

فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ، یعنی کسی غیر محرم سے پس پردہ بات کرنے کی ضرورت بھی پیش آئے تو کلام میں اس نزاکت اور لطافت کے لہجہ سے تکلف پرہیز کیا جائے جو فطرۃً عورتوں کی آواز میں ہوتی ہے۔ مطلب اس نرمی اور نزاکت سے وہ نرمی ہے جو مخاطب کے دل میں میلان پیدا کرے جیساکہ اس کے بعد فرمایا ہے فَيَطْمَعَ الَّذِي فِي قَلْبِهِ مَرَضٌ، یعنی ایسی نرم گفتگو نہ کرو جس سے ایسے آدمی کو طمع اور میلان پیدا ہونے لگے جس کے دل میں مرض ہو۔ مرض سے مراد نفاق ہے یا اس کا کوئی شعبہ ہے۔ اصلی منافق سے تو ایسی طمع سرزد ہونا ظاہر ہی ہے، لیکن جو آدمی مؤمن مخلص ہونے کے باوجود کسی حرام کی طرف مائل ہوتا ہے وہ منافق نہ سہی مگر ضعیف الایمان ضرور ہے۔ اور یہ ضعفِ ایمان جو حرام کی طرف مائل کرتا ہے درحقیقت ایک شعبہ نفاق ہی کا ہے۔ ایمان خالص جس میں شائبہ نفاق کا نہ ہو اس کے ہوتے ہوئے کوئی حرام کی طرف مائل نہیں ہو سکتا۔ (مظہری)

خلاصہ اس پہلی ہدایت کا عورتوں کے لئے اجنبی مردوں سے اجتناب اور پردہ کا وہ اعلیٰ مقام حاصل کرنا ہے کہ جس سے کسی اجنبی ضعیف الایمان کے دل میں کوئی طمع یا میلان پیدا ہو سکے اس کے پاس بھی نہ جائیں۔ پردۂ نسواں کی مفصل بحث اسی سورۃ میں آگے آنے والی آیات کے تحت میں بیان ہوگی۔ یہاں ازواج مطہرات کے لئے خصوصی ہدایات کے ضمن میں جو کچھ آیا ہے صرف اس کی تشریح لکھی جاتی ہے۔ کلام کے متعلق جو ہدایت دی گئی ہے اس کو سننے کے بعد بعض امہات المؤمنین اس آیت کے نزول کے بعد اگر غیر مرد سے کلام کرتیں تو اپنے مُنہ پر ہاتھ رکھ لیتیں تاکہ آواز بدل جائے۔ اسی لئے حضرت عمرو بن عاص رضؓ کی ایک حدیث میں ہے اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ يُّكَلِّمَ النِّسَآءُ اِلَّا بِاِذْنِ اَزْوَاجِهِنَّ، (رواہ الطبرانی بسند حسن مظہری)

مسئلہ: اس آیت اور حدیث مذکور سے اتنا تو ثابت ہوا کہ عورت کی آواز ستر میں داخل نہیں، لیکن اس پر بھی احتیاطی پابندی یہاں بھی لگادی اور تمام عبادات اور احکام میں اس کی رعایت کی گئی ہے کہ عورتوں کا کلام جہری نہ ہو جو مرد سنیں۔ امام کوئی غلطی کرے تو مقتدیوں کو لقمہ زبان سے دینے کا حکم ہے، مگر عورتوں کو زبان سے لقمہ دینے کے بجائے یہ تعلیم دی گئی کہ اپنے ہاتھ کی پشت پر دوسرا ہاتھ مار کر تالی بجادیں جس سے امام متنبہ ہو جائے زبان سے کچھ نہ کہیں۔

دوسری ہدایت: مکمل پردہ کرنے کی ہے وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى، یعنی بیٹھو اپنے گھروں میں اور زمانۂ قدیم کی جاہلیت والیوں کی طرح نہ پھرو، یہاں جاہلیتِ اولیٰ سے مراد وہ جاہلیت ہے جو اسلام سے پہلے دنیا میں

پھیلی ہوئی تھی۔ اس لفظ میں اشارہ ہے کہ اس کے بعد دوسری بھی کوئی جاہلیت آنے والی ہے، جس میں اسی طرح کی بے حیائی و بے پردگی پھیل جائے گی، وہ شاید اس زمانہ کی جاہلیت ہے، جس کا اب مشاہدہ ہر جگہ ہو رہا ہے۔

اس آیت میں پردہ کے متعلق اصلی حکم یہ ہے کہ عورتیں گھروں میں رہیں (یعنی بلا ضرورت شرعیہ باہر نہ نکلیں) اس کے ساتھ یہ بھی فرمایا کہ جس طرح اسلام سے پہلے زمانۂ جاہلیت کی عورتیں علانیہ بے پردہ پھرتی تھیں ایسے نہ پھرو۔ لفظ تَبَرُّجْ کے اصلی معنی ظہور کے ہیں اور اس جگہ مراد اس سے اپنی زینت کا اظہار ہے غیر مردوں پر، جیسا کہ دوسری آیت میں غَيْرَ مُتَبَرِّجٰتٍۭ بِزِيْنَةٍ آیا ہے۔

عورتوں کے پردہ کی پوری بحث اور مفصّل احکام آگے اسی سورت میں آئیں گے یہاں صرف آیتِ مذکورہ کی تشریح لکھی جاتی ہے۔ اس آیت سے پردہ کے متعلق دو باتیں معلوم ہوئیں، اوّل یہ کہ اصل مطلوب عند اللہ عورتوں کے لئے یہ ہے کہ وہ گھروں سے باہر نہ نکلیں، ان کی تخلیق گھریلو کاموں کے لئے ہوئی ہے ان میں مشغول رہیں، اور اصل پردہ جو شرعاً مطلوب ہے وہ حجاب بالبیوت ہے۔

دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ اگر بضرورت کبھی عورت کو گھر سے نکلنا ہی پڑے تو زینت کے اظہار کے ساتھ نہ نکلے، بلکہ برقع یا جلباب جس میں پورا بدن ڈھک جائے وہ پہن کر نکلے۔ جیسا کہ آگے اسی سورۂ احزاب کی آیت يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ میں اس کی تفصیل آئے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ

قرارِ بیوت سے مواقع ضرورت مستثنیٰ ہیں

قَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ میں عورتوں پر قرار فی البیوت واجب کیا گیا۔ جس کا مفہوم یہ ہے کہ عورتوں کے لئے گھر سے باہر نکلنا مطلقاً ممنوع اور حرام ہو۔ مگر اوّل تو خود اسی آیت وَلَا تَبَرَّجْنَ سے اس طرف اشارہ کر دیا گیا کہ مطلقاً خروج بضرورت ممنوع نہیں بلکہ وہ خروج ممنوع ہے جس میں زینت کا اظہار ہو۔ دوسرے سورۂ احزاب کی آیت جو آگے آ رہی ہے، اس میں خود يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ کا حکم یہ بتلا رہا ہے کہ کسی درجہ میں عورتوں کے لئے گھر سے نکلنے کی اجازت بھی ہے، بشرطیکہ برقع وغیرہ کے پردہ کے ساتھ نکلیں۔

اس کے علاوہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مواضعِ ضرورت کا اس حکم سے مستثنیٰ ہونا ایک حدیث میں واضح فرمایا۔ جس میں ازواج مطہرات کو خطاب کر کے فرمایا قَدْ اُذِنَ لَكُنَّ اَنْ تَخْرُجْنَ لِحَاجَتِكُنَّ رواہ مسلم، یعنی تمہارے لئے اس کی اجازت

ہی کہ اپنی ضرورت کے لئے گھر سے نکلو، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل آیتِ حجاب نازل ہونے کے بعد اس پر شاہد ہے کہ ضرورت کے مواقع میں عورتوں کو گھروں سے نکلنے کی اجازت ہی۔ جیسا کہ حج و عمرہ کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ازواج مطہراتؓ کا جانا احادیثِ صحیحہ سے ثابت ہے۔ اسی طرح بہت سے غزوات میں ساتھ جانا ثابت ہے۔ اور بہت سی روایات سے یہ بھی ثابت ہی کہ ازواجِ مطہراتؓ اپنے والدین وغیرہ سے ملاقات کے لئے اپنے گھروں سے نکلتی تھیں اور عزیزوں کی بیمار پرسی اور تعزیت وغیرہ میں شرکت کرتی تھیں، اور عہد نبویؐ میں ان کو مساجد میں جانے کی بھی اجازت تھی۔

اور صرف یہی نہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ یا آپؐ کے زمانے ہی میں ایسا ہوا ہو، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد بھی حضرت سودہؓ اور زینبؓ بنت جحش وغیرہ کے علاوہ سب ازواجِ مطہرات کا حج و عمرہ کے لئے جانا ثابت ہی۔ جس پر صحابۂ کرام میں سے کسی نے نکیر نہیں کیا۔ بلکہ فاروق اعظمؓ نے اپنے عہدِ خلافت میں ازواجِ مطہرات کو خود اپنے اہتمام سے حج کے لئے بھیجا۔ اور حضرت عثمان غنیؓ اور عبدالرحمٰن بن عوفؓ کو ان کے ساتھ نگرانی و انتظام کے لئے بھیجا۔ اور ام المؤمنین حضرت سودہؓ اور حضرت زینب بنت جحشؓ کا بعد وفات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حج و عمرہ کے لئے نہ جانا اس آیت کی بنیاد پر نہیں بلکہ ایک حدیث کی بناء پر تھا۔ وہ یہ کہ حجۃ الوداع میں جب ازواجِ مطہراتؓ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود اپنے ساتھ حج کرادیا تو واپسی کے وقت فرمایا هٰذِهٖ ثُمَّ لْزَمْنَ الْحُصُرَ، ہٰذِہٖ کا اشارہ اِس حج کی طرف ہی اور حُصُر حَصِیر کی جمع ہے، جس کے معنی بوریا کے ہیں۔ مطلب حدیث کا یہ ہی، کہ تمہارا نکلنا صرف اس کے لئے ہو چکا اس کے بعد اپنے گھروں کے بوریوں کو لازم پکڑو، ان سے نہ نکلو۔ حضرت سودہؓ بنتِ زمعہ اور زینب بنتِ جحشؓ نے اس حدیث کا یہ مفہوم قرار دیا کہ تمہارا خروج صرف اسی... حجۃ الوداع کے لئے جائز تھا، آگے جائز نہیں۔ باقی اور ازواج مطہرات جن میں صدیقہ عائشہؓ جیسی فقیہہ بھی داخل تھیں سب نے اس کا مفہوم یہ قرار دیا کہ جس طرح کا یہ سفر تھا کہ ایک شرعی عبادت کی ادائیگی کے لئے ہو بس اسی طرح کا خروج جائز ہے، ورنہ اپنے گھروں میں رہنا لازم ہے۔

خلاصہ یہ ہی کہ آیت وَقَرْنَ فِیْ بُیُوْتِکُنَّ کے مفہوم سے باشاراتِ قرآن اور بعملِ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور باجماعِ صحابہ مواقعِ ضرورت مستثنیٰ ہیں، جن میں عبادات حج و عمرہ بھی داخل ہیں، اور ضروریاتِ طبعیہ والدین اور اپنے محارم کی زیارت، عیادت

وغیرہ بھی۔ اسی طرح اگر کسی کے نفقہ اور ضروریات زندگی کا کوئی اور سامان نہ ہو تو پردہ کے ساتھ محنت مزدوری کے لئے نکلنا بھی، البتہ مواقعِ ضرورت میں خروج کے لئے شرط یہ ہے کہ اظہار زینت کے ساتھ نہ نکلیں، بلکہ برقع یا جلباب (بڑی چادر) کے ساتھ نکلیں۔

حضرت ام المؤمنین صدیقہ عائشہؓ کا سفرِ بصرہ اور جنگِ جمل کے واقعہ پر روافض کے ہفوات

اوپر یہ بات وضاحت کے ساتھ آچکی ہے کہ آیتِ مذکورہ میں وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ کا مفہوم خود قرآنی اشارات بلکہ تصریحات سے نیز نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے عمل سے اور آپ کے بعد صحابۂ کرام کے اجماع سے یہ ثابت ہے کہ مواقع ضرورت اس سے مستثنیٰ ہیں جن میں حج وعمرہ وغیرہ دینی ضروریات شامل ہیں۔ صدیقہ عائشہؓ اور ان کے ساتھ حضرت ام سلمہ اور صفیہ رضی اللہ عنہما یہ سب حج کے لئے تشریف لے گئیں تھیں۔ وہاں حضرت عثمان غنیؓ کی شہادت اور بغاوت کے واقعات سنے تو سخت غمگین ہوئیں، اور مسلمانوں کے باہمی افتراق سے نظامِ مسلمین میں خلل اور فتنہ کا اندیشہ پریشان کئے ہوئے تھا۔ اسی حالت میں حضرت طلحہؓ اور زبیرؓ اور نعمان بن بشیرؓ اور کعب بن عجرہؓ اور چند دوسرے صحابۂ کرام مدینہ سے بھاگ کر مکہ معظمہ پہونچے، کیونکہ قاتلانِ عثمانؓ ان کے بھی قتل کے درپے تھے۔ یہ حضرات اہلِ بغاوت کے ساتھ شریک نہیں تھے، بلکہ ان کو ایسے فعل سے روکتے تھے۔ حضرت عثمان غنیؓ کے قتل کے بعد وہ ان کے بھی درپے تھے، اس لئے یہ لوگ جان بچا کر مکہ معظمہ پہونچ گئے، اور ام المؤمنین حضرت عائشہؓ کی خدمت میں حاضر ہوتے، اور مشورہ طلب کیا۔ حضرت صدیقہؓ نے ان کو یہ مشورہ دیا کہ آپ لوگ اس وقت تک مدینہ طیبہ نہ جائیں جب تک کہ باغی لوگ حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کے گرد جمع ہیں، اور وہ ان سے قصاص لینے سے مزید فتنہ کے اندیشہ کی وجہ سے رُکے ہوئے ہیں تو آپ لوگ کچھ روز ایسی جگہ جا کر رہیں جہاں اپنے آپ کو مامون سمجھیں، جب تک کہ امیر المؤمنینؓ انتظام پر قابو نہ پالیں، اور تم لوگ جو کچھ کوشش کر سکتے ہو اس کی کرو کہ یہ لوگ امیر المؤمنینؓ کے گرد سے متفرق ہو جائیں، اور امیر المؤمنینؓ ان سے قصاص یا انتقام لینے پر قابو پالیں۔

یہ حضرات اس پر راضی ہو گئے، اور ارادہ بصرہ چلے جانے کا کیا۔ کیونکہ اس وقت وہاں مسلمانوں کے لشکر جمع تھے۔ ان حضرات نے وہاں جانے کا قصد کر لیا تو ام المؤمنینؓ سے بھی درخواست کی کہ انتظامِ حکومت برقرار ہونے تک آپ بھی ہمارے ساتھ بصرہ میں قیام فرمائیں۔

اور اس وقت قاتلانِ عثمانؓ اور مفسدین کی قوت وشوکت اور حضرت علیؓ کا ان پر حدِ شرعی جاری کرنے سے بے قابو ہونا خود نہج البلاغہ کی روایت سے واضح ہے۔ یاد رہے کہ نہج البلاغہ

کو شیعہ حضرات مستند مانتے ہیں۔ نہج البلاغہ میں ہے کہ حضرت امیرؓ سے ان کے بعض اصحاب و رفقاء نے خود کہا کہ اگر آپ ان لوگوں کو سزا دیدیں جنھوں نے عثمان غنیؓ پر حملہ کیا تو بہتر ہوگا۔ اس پر حضرت امیرؓ نے فرمایا کہ میرے بھائی! میں اس بات سے بے خبر نہیں جو تم کہتے ہو، مگر یہ کام کیسے ہو جبکہ مدینہ پر یہی لوگ چھائے ہوئے ہیں، اور تمھارے غلام اور آس پاس کے اعراب بھی ان کے ساتھ لگ گئے ہیں ایسی حالت میں ان کی سزا کے احکام جاری کر دوں تو نافذ کس طرح ہونگے"

حضرت صدیقہ رضؓ کو ایک طرف حضرت علیؓ کی مجبوری کا اندازہ تھا دوسری طرف یہ بھی معلوم تھا کہ حضرت عثمان غنیؓ کی شہادت سے مسلمانوں کے قلوب زخمی ہیں، اور ان کے قاتلوں سے انتقام لینے میں تاخیر جو امیر المؤمنین علیؓ کی طرف سے مجبوری دیکھی جا رہی تھی اور مزید یہ کہ قاتلانِ عثمانؓ امیر المؤمنینؓ کی مجالس میں بھی شریک ہوتے تھے۔ جو لوگ حضرت امیر المؤمنینؓ کی مجبوری سے واقف نہ تھے، ان کو اس معاملہ میں ان سے بھی شکایت پیدا ہو رہی تھی۔ ممکن تھا کہ یہ شکوہ و شکایت کسی دوسرے فتنے کا آغاز نہ بن جائے۔ اس لئے لوگوں کو فہمائش کر کے صبر کرنے اور امیر المؤمنینؓ کو قوت پہنچا کر نظمِ مملکت کو مستحکم کرنے اور باہمی شکوہ و شکایت کو رفع کر کے اصلاح بین الناس کے قصد سے بصرہ کا سفر اختیار کر لیا، جس میں ان کے محرم بھانجے حضرت عبداللہ بن زبیرؓ وغیرہ ان کے ساتھ تھے۔ اپنے اس سفر کا مقصد خود ام المؤمنینؓ نے حضرت قعقاعؓ کے سامنے بیان فرمایا تھا جیسا کہ آگے آئے گا۔ اور ایسے شدید فتنہ کے وقت اصلاح بین المؤمنینؓ کا کام جس قدر اہم دینی خدمت تھی وہ بھی ظاہر ہے۔ اس کے لئے اگر ام المؤمنینؓ نے بصرہ کا سفر محارم کے ساتھ اور پردہ کے آہنی ہودج میں اختیار فرما لیا تو اس کو جو شیعہ اور روافض نے ایک طوفان بنا کر پیش کیا ہے کہ امّ المؤمنینؓ نے احکامِ قرآن کی خلاف ورزی کی اس کا کیا جواز ہو سکتا ہے۔

آگے منافقین اور مفسدین کی شرارت نے جو صورت جنگِ باہمی کی پیدا کر دی اس کا خیال کبھی صدیقہ رضؓ کے وہم و گمان میں بھی نہیں تھا۔ اس آیت کی تفسیر کے لئے اتنا ہی کافی ہے آگے واقعۂ جنگِ جمل کی تفصیل کا یہ موقع نہیں، مگر اختصار کے ساتھ حقیقت واضح کرنے کے لئے چند سطور لکھی جاتی ہیں۔

باہمی فتنوں اور جھگڑوں کے وقت جو صورتیں دنیا میں پیش آیا کرتی ہیں ان سے کوئی اہلِ بصیرت و تجربہ غافل نہیں ہو سکتا۔ یہاں بھی صورت یہ پیش آئی کہ مدینہ سے آئے ہوئے صحابۂ کرام کی معیت میں حضرت صدیقہ رضؓ کے سفرِ بصرہ کو منافقین اور مفسدین نے

حضرت امیر المؤمنین علی مرتضیٰ رضؓ کے سامنے صورت بگاڑ کر اس طرح پیش کیا کہ یہ سب اس لئے بصرہ جا رہے ہیں کہ وہاں سے لشکر ساتھ لے کر آپ کا مقابلہ کریں، اگر آپ امیرِ وقت ہیں تو آپ کا فرض ہی کہ اس فتنہ کو آگے بڑھنے سے پہلے وہیں جا کر روکیں۔ حضرت حسن و حسین و عبداللہ بن جعفر، عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم جیسے صحابہ کرام نے اس رائے سے اختلاف بھی کیا اور مشورہ یہ دیا کہ آپ ان کے مقابلہ پر لشکر کشی اس وقت تک نہ کریں جب تک صحیح حال معلوم نہ ہو جائے، مگر کثرت دوسری طرف رائے دینے والوں کی تھی۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ بھی اسی طرف مائل ہو کر لشکر کے ساتھ نکل آئے، اور یہ شریر اہل فتنہ و بغاوت بھی آپ کے ساتھ نکلے۔

جب یہ حضرات بصرہ کے قریب پہونچے تو حضرت قعقاع رضؓ کو امّ المؤمنین رضؓ کے پاس دریافت حال کے لئے بھیجا۔ انھوں نے عرض کیا کہ اے امّ المؤمنین رضؓ آپ کے یہاں تشریف لانے کا کیا سبب ہوا؟ تو صدیقہ رضؓ نے فرمایا اَیْ بُنَیَّ اَلْاِصْلَاحُ بَیْنَ النَّاس، "یعنی میرے پیارے بیٹے! میں اصلاح بین الناس کے ارادہ سے یہاں آئی ہوں"، پھر حضرت طلحہ رضؓ اور زبیر رضؓ کو بھی قعقاع رضؓ کی مجلس میں بلا لیا۔ قعقاع رضؓ نے ان سے پوچھا کہ آپ کیا چاہتے ہیں؟ انھوں نے عرض کیا کہ قاتلانِ عثمان رضؓ پر حدِ شرعی جاری کرنے کے سوا ہم کچھ نہیں چاہتے۔ حضرت قعقاع رضؓ نے سمجھایا کہ یہ کام تو اس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک مسلمانوں کی جماعت منظم اور مستحکم نہ ہو جائے، اس لئے آپ حضرات پر لازم ہی کہ اس وقت آپ مصالحت کی صورت اختیار کر لیں۔

ان بزرگوں نے اس کو تسلیم کیا۔ حضرت قعقاعؓ نے جا کر امیر المؤمنین رضؓ کو اس کی اطلاع دیدی وہ بھی بہت مسرور ہوئے اور مطمئن ہو گئے، اور سب لوگوں نے واپسی کا قصد کر لیا، اور تین روز اس میدان میں قیام اس حال پر رہا کہ کسی کو اس میں شک نہیں تھا کہ اب دونوں فریقوں میں مصالحت کا اعلان ہو جائے گا، اور چوتھے دن صبح کو یہ اعلان ہونے والا تھا اور حضرت امیر المؤمنین رضؓ کی ملاقات حضرت طلحہ رضؓ و زبیر رضؓ کے ساتھ ہونے والی تھی جس میں یہ قاتلانِ عثمان غنی رضؓ شریک نہیں تھے۔ یہ چیز ان لوگوں پر سخت گراں گذری، اور انھوں نے یہ منصوبہ بنایا کہ تم اوّل حضرت عائشہ رضؓ کی جماعت میں پہونچ کر قتل و غارتگری شروع کر دو، تاکہ وہ اور انکے ساتھی یہ سمجھیں کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی طرف سے عہد شکنی ہوئی، اور یہ لوگ اس غلط فہمی کا شکار ہو کر حضرت علی رضؓ کے لشکر پر ٹوٹ پڑیں ان کی یہ شیطانی چال چل گئی، اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے لشکر میں شامل ہونے والے مفسدین کی طرف سے جب حضرت صدیقہ رضؓ کی جماعت پر حملہ ہو گیا تو

وہ یہ سمجھنے میں معذور تھے کہ یہ حملہ امیر المؤمنینؓ کے لشکر کی طرف سے ہوا ہے، اس کی جوابی کارروائی شروع ہوگئی۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے یہ ماجرا دیکھا تو قتال کے سوا چارہ نہ رہا، اور جو حادثہ باہمی قتل وقتال کا پیش آنا تھا آگیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون، یہ واقعہ ٹھیک اسی طرح طبری اور دوسرے ثقات مؤرخین نے حضرت حسن اور حضرت عبداللہ بن جعفر اور عبداللہ بن عباس وغیرہ رضی اللہ عنہم کی روایت سے نقل کیا ہے (روح المعانی)

غرض مفسدین ومجرمین کی شرارت اور فتنہ انگیزی کے نتیجہ میں ان دونوں مقدس گروہوں میں غیر شعوری طور پر قتال کا واقعہ پیش آگیا، اور جب فتنہ فرو ہوا تو دونوں ہی حضرات اس پر سخت غمگین ہوئے۔ حضرت صدیقہ عائشہ رضؓ کو یہ واقعہ یاد آجاتا تو اتنا روتی تھیں کہ ان کا دوپٹہ آنسوؤں سے تر ہوجاتا تھا۔ اسی طرح حضرت امیر المؤمنین علی مرتضیٰ رضؓ کو بھی اس واقعہ پر سخت صدمہ پیش آیا۔ فتنہ فرو ہونے کے بعد مقتولین کی لاشوں کو دیکھنے کے لئے تشریف لے گئے تو اپنی رانوں پر ہاتھ مار کر یہ فرماتے تھے کہ کاش میں اس واقعہ سے پہلے مر کر نسیاً منسیاً ہوگیا ہوتا۔

اور بعض روایات میں ہے کہ حضرت امّ المؤمنین رضؓ جب قرآن میں یہ آیت پڑھتیں وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ تو رونے لگتیں، یہاں تک کہ ان کا دوپٹہ آنسوؤں سے تر ہوجاتا۔ (رواہ عبداللہ بن احمد فی زوائد الزہد وابن المنذر وابن شیبۃ عن مسروق، روح)

آیت مذکورہ پڑھنے پر رونا اس لئے نہ تھا کہ قرار فی البیوت کی خلاف ورزی ان کے نزدیک گناہ تھی یا سفر ممنوع تھا بلکہ گھر سے نکلنے پر جو واقعہ ناگوار اور حادثہ شدیدہ پیش آگیا، اس پر طبعی رنج وغم اس کا سبب تھا۔ (یہ سب روایات اور پورا مضمون تفسیر روح المعانی سے لیا گیا ہے)۔

ازواج مطہرات کو قرآن کی تیسری، چوتھی اور پانچویں ہدایت

وَاَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ یعنی نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرو۔" دو ہدایتیں تفصیل کے ساتھ پہلے گذر چکی ہیں، یعنی غیر مردوں سے کلام میں نرمی ونزاکت سے اجتناب اور گھروں سے بلا ضرورت نہ نکلنا۔ تین ہدایتیں اس میں آگئیں۔ یہ کل پانچ ہدایات ہیں جو عورتوں کے لئے مہمّاتِ دین میں سے ہیں۔

یہ پانچوں ہدایات سب مسلمانوں کیلئے عام ہیں

مذکورہ ہدایات میں آخری ہدایات میں تو کسی کو شبہ نہیں ہوسکتا کہ یہ ازواج مطہراتؓ کے ساتھ مخصوص ہوں، نماز، زکوٰۃ اور اللہ ورسولؐ کی اطاعت سے کونسا مسلمان مرد وعورت مستثنیٰ ہوسکتا ہے۔ باقی پہلی دو ہدایتیں جو عورتوں کے پردہ سے متعلق ہیں ذرا غور کرنے سے یہ بھی واضح ہوجاتا ہے کہ وہ بھی

ازواج مطہراتؓ کے ساتھ مخصوص نہیں، بلکہ سب مسلمان عورتوں کے لئے یہی حکم ہے۔ رہا یہ معاملہ کہ ان ہدایات کے ذکر سے پہلے قرآن نے یہ فرمایا ہے لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَيْتُنَّ یعنی ازواج مطہرات عام عورتوں کی طرح نہیں اگر وہ تقویٰ اختیار کریں۔ اس سے بظاہر تخصیص معلوم ہوتی ہے۔ تو اس کا واضح جواب یہ ہے کہ تخصیص احکام کی نہیں، بلکہ ان پر عمل کے اہتمام کی ہے۔ یعنی ازواجِ مطہرات عام عورتوں کی طرح نہیں، بلکہ اُن کی شان سب سے اعلیٰ وارفع ہے، اس لئے جو احکام تمام مسلمان عورتوں پر فرض ہیں ان کا اہتمام اِن کو سب سے زیادہ کرنا چاہئے۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا، آیاتِ سابقہ میں جو ہدایات ازواج مطہرات کو مخاطب کر کے دی گئی ہیں، وہ اگرچہ ان کی ذات کے ساتھ مخصوص نہ تھیں بلکہ پوری اُمّت ان احکام کی مکلّف ہے، مگر ازواج مطہرات کو خصوصی خطاب اس لئے کیا گیا کہ وہ اپنی شان اور بیتِ نبوّت کے مناسب ان اعمال کا زیادہ اہتمام کریں۔ اس آیت میں اس خصوصی خطاب کی حکمت مذکور ہے کہ اصلاحِ اعمال کی خاص ہدایت سے اللہ تعالیٰ کے نزدیک مطلوب یہ ہے کہ اہلِ بیتِ رسولؐ کو رجس (گندگی) سے پاک کردے۔

لفظ رِجس قرآن میں متعدد معانی کے لئے استعمال ہوا ہے۔ ایک جگہ رِجس بتوں کے معنی میں آیا ہے، فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ اور کبھی لفظ رِجس مطلق گناہ کے معنی میں، کبھی عذاب کے معنی میں کبھی نجاست اور گندگی کے معنی میں استعمال ہوتا ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ ہر وہ چیز جو شرعاً یا طبعاً قابلِ نفرت سمجھی جاتی ہو وہ رجس ہے۔ اس آیت میں یہی عام معنی مراد ہیں (بحر محیط)

آیت میں اہلِ بیت سے کیا مراد ہے؟

اوپر کی آیات میں نساء النبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب تھا، اس لئے بصیغۂ تانیث خطاب کیا گیا۔ یہاں اہل البیت میں ازواجِ مطہرات کے ساتھ ان کی اولاد و آباء بھی داخل ہیں، اس لئے بصیغۂ مذکر فرمایا عَنْكُمْ، وَيُطَهِّرَكُمْ اور بعض ائمۂ تفسیر نے اہلِ بیت سے مراد صرف ازواج مطہرات کو قرار دیا ہے۔ حضرت عکرمہ و مقاتل نے یہی فرمایا ہے اور سعید بن جبیرؓ نے حضرت ابن عباسؓ سے بھی یہی روایت نقل کی ہے کہ انھوں نے آیت میں اہلِ بیت سے مراد ازواج مطہرات کو قرار دیا۔ اور استدلال میں اگلی آیت پیش فرمائی، وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ (رواہ ابن ابی حاتم و ابن جریر)۔ اور سابقہ آیات میں نِسَآءَ النَّبِيِّ کے الفاظ سے خطاب بھی

اس کا قرینہ ہے۔ حضرت عکرمہ تو بازار میں منادی کرتے تھے، کہ آیت میں اہلِ بیت سے مراد ازواج مطہرات ہیں، کیونکہ یہ آیت انہی کی شان میں نازل ہوئی ہے۔ اور فرماتے تھے کہ میں اس پر مباہلہ کرنے کے لئے تیار ہوں۔

لیکن حدیث کی متعدد روایات جن کو ابن کثیرؒ نے اس جگہ نقل کیا ہے اس پر شاہد ہیں کہ اہلِ بیت میں حضرت فاطمہؓ اور علیؓ اور حضرت حسنؓ و حسینؓ بھی شامل ہیں۔ جیسے صحیح مسلم کی حدیث حضرت عائشہؓ کی روایت سے ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گھر سے باہر تشریف لے گئے اور اس وقت آپ ایک سیاہ رومی چادر اوڑھے ہوئے تھے، حسن بن علیؓ آ گئے تو ان کو اس چادر میں لے لیا، پھر حسینؓ آ گئے، ان کو بھی اسی طرح چادر کے اندر داخل فرما لیا، اس کے بعد حضرت فاطمہؓ پھر علی مرتضیٰؓ آ گئے، ان کو بھی چادر میں داخل فرما لیا، پھر یہ آیت تلاوت فرمائی اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ، اور بعض روایات میں یہ بھی ہے کہ آیت پڑھنے کے بعد فرمایا اَللّٰهُمَّ هٰٓؤُلَآءِ اَهْلُ بَيْتِيْ (رواہ ابن جریر)

ابن کثیر نے اس مضمون کی متعدد احادیث معتبرہ نقل کرنے کے بعد فرمایا کہ درحقیقت ان دونوں اقوال میں جو ائمہ تفسیر سے منقول ہیں کوئی تضاد نہیں۔ جن لوگوں نے یہ کہا ہے کہ یہ آیت ازواج مطہرات کی شان میں نازل ہوئی اور اہلِ بیت سے وہی مراد ہیں یہ اس کے منافی نہیں کہ دوسرے حضرات بھی اہلِ بیت میں شامل ہوں۔ اس لئے صحیح یہی ہے کہ لفظ اہلِ بیت میں ازواج مطہرات بھی داخل ہیں، کیونکہ شانِ نزولِ اس آیت کا وہی ہیں، اور شانِ نزول کا مصداق آیت میں داخل ہونا کسی شبہ کا محتمل نہیں۔ اور حضرت فاطمہ و علی و حسن و حسین رضی اللہ عنہم بھی ارشاد نبوی علیہ السلام کے مطابق اہلِ بیت میں شامل ہیں۔

اور اس آیت سے پہلے اور بعد میں دونوں جگہ نساء النبیؐ کے عنوان سے خطاب اور ان کے لئے صیغے مؤنث کے استعمال فرمائے گئے ہیں۔ سابقہ آیات میں فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ سے آخر تک سب صیغے مؤنث کے استعمال ہوئے ہیں، اور آگے پھر وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى میں بصیغہ تانیث خطاب ہوا ہے۔ اس درمیانی آیت کو سیاق و سباق سے کاٹ کر بصیغہ مذکر عَنْكُمْ اور يُطَهِّرَكُمْ فرمانا بھی اس پر شاہد قوی ہے کہ اس میں صرف ازواج ہی داخل نہیں کچھ رجال بھی ہیں۔

آیت مذکورہ میں جو یہ فرمایا ہے کہ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ، ظاہر ہے کہ اس سے مراد یہ ہے کہ ان ہدایات کے ذریعہ اغوارِ

شیطانی اور معاصی اور قبائح سے حق تعالیٰ اہلِ بیت کو محفوظ رکھے گا، اور پاک کر دے گا۔ خلاصہ یہ ہے کہ تطہیر تشریعی مراد ہے، تکوینی تطہیر جو خاصۂ انبیاء ہے وہ مراد نہیں۔ اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ یہ سب معصوم ہوں اور ان سے انبیاء علیہم السلام کی طرح کوئی گناہ سرزد ہونا ممکن نہ ہو، جو تکوینی تطہیر کا خاصہ ہے۔ اہلِ تشیع نے اس آیت میں جمہور امت سے اختلاف کر کے اوّل تو لفظ اہلِ بیت کا صرف اولاد و عصباتِ رسول کے ساتھ مخصوص ہونے اور ازواج مطہرات کے ان سے خارج ہونے کا دعویٰ کیا۔ دوسرے آیت مذکورہ میں تطہیر سے مراد ان کی عصمت قرار دے کر اہلِ بیت کو انبیاء کی طرح معصوم کیا۔ اس کا جواب اور مسئلہ کی مفصل بحث احقر نے احکام القرآن سورۂ احزاب میں لکھی ہے، اس میں عصمت کی تعریف اور اس کا انبیاء اور ملائکہ کے ساتھ مخصوص ہونا اور ان کے علاوہ کسی کا معصوم نہ ہونا دلائلِ شرعیہ سے واضح کر دیا ہے، اہلِ علم اس کو دیکھ سکتے ہیں، عوام کو اس کی ضرورت نہیں۔

وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ، آیات اللہ سے مراد قرآن اور حکمت سے مراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات اور سنتِ رسول ہے، جیسا کہ عامۂ مفسرین نے حکمت کی تفسیر اس جگہ سنت سے کی ہے۔ اور لفظ اُذْكُرْن کے دو مفہوم ہو سکتے ہیں: ایک یہ کہ ان چیزوں کو خود یاد رکھنا جس کا نتیجہ اُن پر عمل کرنا ہے، دوسرے یہ کہ جو کچھ قرآن ان کے گھروں میں ان کے سامنے نازل ہوا یا جو تعلیمات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو دیں اس کا ذکر امت کے دوسرے لوگوں سے کریں اور ان کو پہونچائیں۔

فائدہ :۔ ابن عربی نے احکام القرآن میں فرمایا کہ اس آیت سے یہ ثابت ہوا کہ جو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی آیتِ قرآن یا حدیث سنے اس پر لازم ہے کہ وہ اُمت کو پہونچائے، یہاں تک کہ ازواجِ مطہرات پر بھی لازم کیا گیا کہ جو آیاتِ قرآن ان کے گھروں میں نازل ہوں یا جو تعلیمات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کو حاصل ہوں اس کا ذکر امت کے دوسرے افراد سے کریں، اور یہ اللہ کی امانت ان کو پہنچائیں۔

قرآن کی طرح حدیث کی حفاظت

اس آیت میں جس طرح آیاتِ قرآن کی تبلیغ و تعلیم اُمت پر لازم کی گئی ہے اسی طرح لفظِ حکمت فرما کر احادیثِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تبلیغ و تعلیم کو بھی لازم کیا گیا ہے۔ اسی لئے صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے اس حکم کی تعمیل ہر حال میں کی ہے۔ صحیح بخاری میں حضرت معاذؓ کا یہ واقعہ کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک حدیث سُنی، لیکن اس کو عام لوگوں کے سامنے اس لئے بیان نہیں کیا کہ خطرہ تھا کہ لوگ اس کو اس کے درجہ میں نہ رکھیں، اور کسی غلط فہمی میں مبتلا ہو جائیں،

ہمیں ستایا اذیت دی یہاں تک کہ قطع تعلق پر مجبوری ہوئی اس کو خوب ذلیل کر کے نکالا جائے اور جو انتقام اس سے لیا جا سکتا ہے لے لیا جائے۔

مگر قرآن کریم نے عام مطلّقہ عورتوں کے لئے تو ایک بڑی پابندی عدت کی اور ایام عدّت کو شوہر کے مکان میں گذارنے کی لگادی۔ طلاق دینے والے پر فرض کر دیا کہ اس مدت کے اندر عورت کو اپنے گھر سے نہ نکالے، اور اس کو بھی پابند کر دیا کہ ایام عدت میں اس گھر سے نہ نکلے۔ دوسرے شوہر پر فرض کر دیا کہ طلاق دیدینے کے باوجود اس زمانۂ عدت کا نفقہ بدستور جاری رکھے۔ تیسرے شوہر کے لئے مستحب کیا کہ عدت پوری ہونے کے بعد بھی جب اس کو رخصت کرے تو متاع یعنی لباس دے کر عزت کے ساتھ رخصت کرے، صرف وہ عورتیں جن کے ساتھ صرف نکاح کا بول پڑھا گیا ہے رخصتی اور خلوت وصحبت کی نوبت نہیں آئی وہ عدت سے مستثنیٰ قرار دی گئیں، لیکن ان کے متاع کی تاکید بہ نسبت دوسری عورتوں کے زیادہ کر دی گئی۔ اسی کے ساتھ

تیسرا حکم یہ دیا گیا کہ سَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا، یعنی ان کو رخصت کرو خوبی کے ساتھ، جس میں یہ پابندی لگادی گئی کہ زبان سے بھی کوئی سخت بات نہ کہیں طعن وتشنیع کا طریقہ اختیار نہ کریں۔

مخالفت کے وقت مخالف کے حقوق کی رعایت وہی کر سکتا ہے جو اپنے نفس کے جذبات پر قابو رکھے، اسلام کی ساری تعلیمات میں اس کی رعایت رکھی گئی ہے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْٓ اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ

اے نبی ہم نے حلال رکھیں تجھ کو تیری عورتیں جن کے مہر تو دے چکا ہے ،

وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَبَنٰتِ عَمِّكَ

اور جو مال ہو تیرے ہاتھ کا جو ہاتھ لگا دے تیرے اللہ اور تیرے چچا کی بیٹیاں

وَبَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَبَنٰتِ خَالِكَ وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ الّٰتِيْ هَاجَرْنَ

اور پھوپھیوں کی بیٹیاں اور تیرے ماموں کی بیٹیاں اور تیری خالاؤں کی بیٹیاں جنھوں نے وطن

مَعَكَ وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ اَرَادَ

چھوڑا تیرے ساتھ اور جو عورت ہو مسلمان اگر بخش دے اپنی جان نبی کو اگر نبی

ایمان لانے والے مرد اور ایمان لانے والی عورتیں (مسلمین و مسلمات کی اس تفسیر پر اسلام سے مراد اعمال نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج وغیرہ ہوئے اور مؤمنین و مؤمنات میں ایمان سے مراد عقائد ہوئے، جیسا صحیح بخاری و مسلم میں حضرت جبرئیل علیہ السلام کے پوچھنے پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اسلام و ایمان کے متعلق بھی یہی جواب دینا منقول ہے) اور فرمانبرداری کرنے والے مرد اور فرمانبرداری کرنے والی عورتیں اور راست باز مرد اور راست باز عورتیں (اس راست بازی میں صادق القول ہونا بھی داخل ہے صادق العمل ہونا بھی، اور ایمان اور نیت میں صادق ہونا بھی، یعنی اُن کے کلام میں کوئی جھوٹ ہو نہ عمل میں کم ہمتی اور سستی اور نہ ریاکاری یا نفاق) اور صبر کرنے والے مرد اور صبر کرنے والی عورتیں (اس میں صبر کی سب قسمیں آگئیں، یعنی طاعات و عبادات پر ثابت قدم رہنا اور معاصی سے اپنے نفس کو روکنا اور مصائب پر صبر کرنا) اور خشوع کرنے والے مرد اور خشوع کرنے والی عورتیں (لفظ خشوع میں نماز و عبادت کا خشوع بھی داخل ہے کہ قلب سے بھی عبادت کی طرف متوجہ ہو اور اپنے اعضاء و جوارح کو بھی اس کے مناسب رکھے اور اس میں عام تواضع بھی داخل ہے جو تکبّر کے بالمقابل ہے۔ یعنی یہ لوگ تکبّر اور اپنی بڑائی سے بھی پاک ہیں، اور نماز وغیرہ عبادات میں بھی خشوع و خضوع ان کا وظیفہ ہے) اور خیرات کرنے والے مرد اور خیرات کرنے والی عورتیں (اس میں زکوٰۃ اور صدقاتِ نافلہ سب داخل ہیں) اور روزہ رکھنے والے مرد اور روزہ رکھنے والی عورتیں اور اپنی شرمگاہ کی حفاظت کرنے والے مرد اور حفاظت کرنے والی عورتیں اور بکثرت خدا کی یاد کرنے والے مرد اور یاد کرنے والی عورتیں (یعنی جو اذکار فرض کے علاوہ نفلی اذکار کو بھی ادا کرتے ہیں) ان سب کے لئے اللہ تعالیٰ نے مغفرت اور اجر عظیم تیار کر رکھا ہے۔

مَعارف و مَسائل

قرآن کے عام خطابات مردوں کو ہیں عورتیں ضمناً شامل ہیں، اسکی حکمت

قرآن کریم کے عام احکام میں اگرچہ مرد و عورت دونوں ہی شامل ہیں، مگر عموماً خطاب مردوں کو کیا گیا ہے، عورتیں اس میں ضمناً شامل ہیں۔ ہر جگہ یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کے الفاظ استعمال فرما کر عورتوں کو ان کے ضمن میں مخاطب کیا گیا ہے۔ اس میں اشارہ ہے کہ عورتوں کے سب معاملات تستّر اور پردہ پوشی پر مبنی ہیں، اس میں ان کا اکرام و اعزاز ہے۔ خصوصاً پورے قرآن میں غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ حضرت مریم بنتِ عمران کے سوا کسی عورت کا نام قرآن میں نہیں لیا گیا، بلکہ ذکر آیا تو مَردوں کی نسبت کے ساتھ اِمرأۃ فرعون، امرأۃ نوح، امرأۃ لوط کے الفاظ سے تعبیر کیا گیا ہے۔ حضرت مریمؑ کی خصوصیت شاید یہ ہو کہ حضرت

عیسیٰ علیہ السلام کی نسبت کسی باپ کی طرف نہ ہو سکتی تھی، اس لئے ماں کی طرف نسبت کرنا تھا اس نسبت کے لئے ان کا نام ظاہر کیا گیا۔ واللہ اعلم

قرآن کریم کا یہ اسلوب اگرچہ خود ایک بڑی حکمت و مصلحت پر مبنی تھا، مگر عورتوں کو اس کا خیال گذرنا ایک امر طبعی تھا۔ اسی لئے کتب حدیث میں ایسی متعدد روایات ہیں جن میں عورتوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں یہ عرض کیا کہ ہم دیکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہر جگہ مردوں ہی کا ذکر قرآن میں فرماتے ہیں، انہی کو مخاطب فرماتے ہیں، اس سے معلوم ہوا کہ ہم عورتوں میں کوئی خیر ہی نہیں، ہمیں ڈر ہے کہ ہماری عبادت بھی قبول نہ ہو (رواہ البغوی عن الازواج المطہرات) اور ترمذی میں بسند حسن حضرت امّ عمارہ انصاریہؓ سے اور بعض روایات میں حضرت اسماء بنتِ عُمَیسؓ سے اسی طرح کی عرضداشت پیش کرنا منقول ہے، اور ان سب روایات میں آیات مذکور الصدر کا سبب نزول اسی عرض داشت کو قرار دیا ہے۔

آیات مذکورہ میں عورتوں کی دل جوئی اور ان کے اعمال کی مقبولیت کا خصوصی ذکر فرمایا گیا ہے، جس میں یہ جتلا دیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے یہاں مقبولیت اور فضیلت کا مدار اعمالِ صالحہ اور اللہ تعالیٰ کی اطاعت ہے اس میں مرد و عورت میں کوئی امتیاز نہیں۔

ذکر اللہ کی کثرت کا حکم اور اس کی حکمت

اسلام کے ارکان پانچ عبادتیں ہیں۔ نماز، زکوٰۃ، روزہ، حج، جہاد، لیکن پورے قرآن میں ان میں سے کسی عبادت کو کثرت کے ساتھ کرنے کا حکم نہیں۔ مگر ذکر اللہ کے متعلق قرآن کریم کی متعدد آیات میں بکثرت کرنے کا ارشاد ہے سورۂ انفال، سورۂ جمعہ میں اور اس سورت میں وَالذّٰکِرِیْنَ اللّٰہَ کَثِیْرًا وَّالذّٰکِرٰتِ فرمایا۔

اس کی حکمت غالباً یہ ہے کہ اوّل تو ذکر اللہ سب عبادات کی اصل رُوح ہے، جیسا کہ حضرت معاذ بن انسؓ کی روایت سے آیا ہے کہ کسی شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ مجاہدین میں سب سے زیادہ اجر و ثواب کس کا ہے؟ تو آپؐ نے فرمایا جو سب سے زیادہ اللہ کا ذکر کرے۔ پھر پوچھا کہ روزہ داروں میں کس کا ثواب سب سے زیادہ ہے؟ فرمایا جو سب سے زیادہ اللہ کا ذکر کرے۔ پھر اسی طرح نماز، زکوٰۃ اور حج و صدقہ کے متعلق سوالات کئے، ہر مرتبہ آپؐ نے یہی فرمایا کہ جو اللہ کا ذکر زیادہ کرے، وہی زیادہ مستحق اجر ہے۔ رواہ احمد (ابن کثیر)

دوسرے وہ سب عبادات میں سب سے زیادہ سہل ہے۔ شریعت نے بھی اس کے لئے کوئی شرط نہیں رکھی، وضو، بے وضو لیٹے، بیٹھے، چلتے پھرتے، ہر وقت میں ذکر اللہ کیا جا سکتا ہے۔ وہ نہ انسان سے کوئی محنت لیتا ہے، نہ کسی فرصت کو مقتضی ہے۔

اور اثر و فائدہ اس کا اتنا عظیم ہے کہ ذکر اللہ کے ذریعہ دنیا کے کام بھی دین اور عبادت بن جاتے ہیں۔ کھانے سے پہلے اور بعد کی دعاء، گھر سے نکلنے اور واپس آنے کی دُعائیں، سفر میں جانے اور دورانِ سفر اور وطن کی واپسی کی دعائیں، کوئی کاروبار کرنے سے پہلے اور بعد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم فرمودہ دُعاؤں کا حاصل ہی یہ ہے کہ مسلمان کسی وقت اللہ سے غافل ہو کر کوئی کام نہ کرے، اور اُس نے یہ ماثور دعائیں اپنے کاموں میں پڑھ لیں تو وہ دنیا کے کام بھی دین بن جاتے ہیں۔

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَمْرًا

اور کام نہیں کسی ایمان دار مرد کا اور نہ ایماندار عورت کا جبکہ مقرر کر دے اللہ اور اس کا رسول

اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ؕ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَ

کوئی کام کہ ان کو رہی اختیار اپنے کام کا، اور جس نے نافرمانی کی اللہ کی اور

رَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ﴿۳۶﴾ وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْٓ اَنْعَمَ

اس کے رسول کی سو وہ راہ بھولا صریح چوک کر۔ اور جب تو کہنے لگا اس شخص کو جس پر اللہ

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ

نے احسان کیا اور تو نے احسان کیا رہنے دے اپنے پاس اپنی جورو کو اور ڈر اللہ سے

اللّٰهَ وَتُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ ۚ

اور تو چھپاتا تھا اپنے دل میں ایک چیز جس کو اللہ کھولا چاہتا ہے، اور ڈرتا تھا لوگوں سے

وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ ؕ فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا

اور اللہ سے زیادہ چاہیے ڈرنا تجھ کو پھر جب زید تمام کر چکا اس عورت سے اپنی غرض ہم نے اس کو

لِكَيْ لَا يَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ فِيْٓ اَزْوَاجِ اَدْعِيَآئِهِمْ

تیرے نکاح میں دیدیا تا نہ رہے مسلمانوں پر گناہ نکاح کر لینا جوروؤں اپنے لے پالکوں کی

اِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿۳۷﴾ مَا كَانَ

جب وہ تمام کر لیں اُن سے اپنی غرض، اور ہے اللہ کا حکم بجالانا۔ نبی پر

عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ ؕ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي

کچھ مضائقہ نہیں اس بات میں جو مقرر کردی اللہ نے اس کے واسطے جیسے دستور رہا ہے اللہ کا

الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرَا ﴿۳۸﴾

ان لوگوں میں جو گذرے پہلے اور ہے حکم اللہ کا مقرر ٹھہر چکا

الَّذِيْنَ يُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ وَيَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ

وہ لوگ جو پہنچاتے ہیں پیغام اللہ کے اور ڈرتے ہیں اس سے اور نہیں ڈرتے

اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ﴿۳۹﴾

کسی سے سوائے اللہ کے اور بس ہے اللہ کفایت کرنے والا

خُلاصۂ تفسیر

اور کسی ایمان دار مرد اور کسی ایمان دار عورت کو گنجائش نہیں جبکہ اللہ اور اس کا رسول کسی کام کا (گو وہ دنیا ہی کی بات کیوں نہ ہو وجوباً) حکم دیدیں کہ (پھر) اُن (مؤمنین) کو ان کے اُس کام میں کوئی اختیار (باقی) رہے (یعنی اس اختیار کی گنجائش نہیں رہتی کہ خواہ کریں یا نہ کریں بلکہ عمل ہی کرنا واجب ہو جاتا ہے) اور جو شخص (بعد حکم وجوبی کے) اللہ کا اور اس کے رسول کا کہنا نہ مانے گا وہ صریح گمراہی میں پڑا اور (اس وقت کو یاد کیجئے) جب آپ (فہمائش و مشورہ کے طور سے) اس شخص سے فرما رہے تھے جس پر اللہ نے بھی انعام کیا (کہ اسلام کی توفیق دی جو انعام دینی ہے، اور غلامی سے چھڑایا کہ نعمتِ دنیویہ ہے) اور آپؐ نے بھی انعام کیا (تعلیم دین فرمائی، اور آزاد کیا، اور پھوپھی زاد بہن سے نکاح کرایا مراد حضرت زیدؓ ہیں کہ آپ ان کو سمجھا رہے تھے) کہ اپنی بی بی (زینبؓ) کو اپنی زوجیت میں رہنے دے (اور اس کی معمولی خطاؤں پر نظر نہ کر کہ گاہے اس سے ناموافقت ہو جاتی ہے) اور خدا سے ڈر (اور اس کے حقوق میں بھی کوتاہی نہ کر کہ کبھی اس سے ناموافقت پیدا ہو جاتی ہے) اور (جب شکایتیں حد سے متجاوز ہو گئیں اور قرائن سے اصلاح و توافق کی امید نہ رہی تو اس وقت فہمائش کے ساتھ) آپؐ اپنے دل میں وہ بات (بھی) چھپائے ہوئے تھے جس کو اللہ تعالیٰ (آخر میں) ظاہر کرنے والا تھا (مراد اس سے آپؐ کا نکاح ہی حضرت زینبؓ سے جبکہ زیدؓ ان کو طلاق دیدیں جس کو حق تعالیٰ نے زَوَّجْنٰكَهَا میں قولاً اور

خود نکاح کر دینے سے فعلاً ظاہر فرمایا) اور (اس مشروط اور معلّق ارادہ کے ساتھ ہی) آپ لوگوں (کے طعن) سے (بھی) اندیشہ کرتے تھے (کیونکہ اس وقت اس نکاح میں کسی اہم مصلحتِ دینیہ کا ہونا ذہنِ مبارک میں نہ آیا ہوگا، محض دنیوی مصلحت خاص حضرت زینبؓ کی، خیال میں ہوگی اور امور دنیویہ میں ایسا اندیشہ ہونا مضائقہ نہیں، بلکہ بعض حیثیتوں سے مطلوب ہے، جبکہ اعتراض سے دوسروں کی دین کی خرابی کا احتمال ہو اور ان کو اس سے بچانا مقصود ہو) اور ڈرنا تو آپ کو خدا ہی سے زیادہ سزاوار ہے (یعنی چونکہ واقع میں اس میں دینی مصلحت ہے، جیسا کہ آگے لِکَیْ لَا یَکُوْنَ الخ میں مذکور ہے، اس لئے خلق سے اندیشہ نہ کیجئے، چنانچہ بعد اطلاع مصلحتِ دینیہ کے پھر اندیشہ آپؐ نے نہیں کیا اور ارادۂ نکاح میں تو کیا اندیشہ ہوتا خود نکاح کے بعد بھی اندیشہ نہیں کیا، جس کا قصہ آگے ہے کہ) پھر جب زیدؓ کا اُس (زینبؓ) سے جی بھر گیا، (یعنی طلاق دیدی اور عدّت بھی گذر گئی تو) ہم نے آپ سے اس کا نکاح کر دیا تاکہ مسلمانوں پر اپنے مُنہ بولے بیٹوں کی بیبیوں کے (نکاح کے) بارے میں کچھ تنگی نہ رہے جب وہ (مُنہ بولے بیٹے) ان سے اپنا جی بھر چکیں (یعنی طلاق دیدیں، مطلب یہ کہ اس تشریع کا اظہار مقصود تھا) اور خدا کا یہ حکم تو ہونے والا تھا ہی (کیونکہ حکمت اس کو مقتضی تھی۔ آگے طعن کا جواب ہے کہ) ان پیغمبر کے لئے خدا تعالیٰ نے جو بات (تکویناً یا تشریعاً) مقرر کر دی تھی اس میں نبی پر کوئی الزام (اور طعن کی بات) نہیں، اللہ تعالیٰ نے اُن (پیغمبروں) کے حق میں (بھی) یہی معمول کر رکھا ہے جو پہلے ہو گذرے ہیں (کہ ان کو جس امر کی اجازت ہوتی ہے بے تکلّف وہ اس کو کرتے رہے ہیں اور محلِّ طعن نہیں بنے، ایسے ہی یہ نبی بھی محلِّ اعتراض نہیں) اور (اُن پیغمبروں کے بھی اس قسم کے جتنے کام ہوتے ہیں ان سب کے بارے میں بھی) اللہ کا حکم تجویز کیا ہوا (پہلے سے) ہوتا ہے (اور اسی کے موافق پھر اُن کو حکم ہوتا ہے اور وہ عمل کرتے ہیں۔ شاید آپ کے قصّہ میں اس مضمون کو لانا اور پھر انبیاء کے تذکرہ میں اس کو مکرر لانا اس طرف اشارہ ہے کہ ایسے امور مثل تمام امورِ تکوینیہ کے ایسے متضمنِ حکمت ہوتے ہیں کہ پہلے ہی سے علم الٰہی میں تجویز ہو چکتے ہیں، پھر نبی پر طعن کرنا اللہ پر طعن کرنا ہے۔ بخلاف اُن امور کے جن پر خود حق تعالیٰ ملامت فرما دیں گو وہ مقدر ہونے کی وجہ سے متضمنِ حکمت ہوں مگر محلِ ملامت ہونا دلیل ہے، اس کے تضمنِ مفاسد کی۔ اس لئے ان مفاسد کے اعتبار سے اُن پر نکیر جائز ہے۔ آگے ایک مدح خاص ہے اُن پیغمبروں کی تاکہ آپ کو تسلّی ہو یعنی)

یہ سب (پیغمبران گذشتہ) ایسے تھے کہ اللہ تعالیٰ کے احکام پہونچایا کرتے تھے (اگر تبلیغ قولی کے مامور ہوئے تو قولاً اور اگر تبلیغ فعلی کے مامور ہوئے تو فعلاً) اور (اس باب میں) اللہ ہی سے ڈرتے تھے اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے تھے (پس آپ کو بھی جب تک معلوم نہ تھا کہ یہ نکاح تبلیغ فعلی ہے اندیشہ ہونا مضائقہ نہیں، لیکن آپ کو جب یہ بات معلوم ہوگئی تو آپ بھی اندیشہ نہ کیجئے جیسا کہ مقتضا ہے شانِ رسالت کا۔ چنانچہ اس کے انکشاف کے بعد پھر آپؐ نے اندیشہ نہیں کیا، اور باوجودیکہ خود آپؐ کو تبلیغِ رسالت میں کسی سے خوف نہیں ہوا، نہ اس کا احتمال تھا پھر بھی انبیاءؑ کا قصہ سنانا زیادہ تقویتِ قلب کے لئے ہے) اور (آپؐ کی زیادہ تسلی کے لئے فرماتے ہیں کہ) اللہ (اعمال کا) حساب لینے کے لئے کافی ہے (پھر کسی سے کاہے کا ڈر ہے نیز آپ پر طعن کرنے والوں کو بھی سزا دے گا آپ طعن سے مغموم نہ ہوجئے)۔

معارف و مسائل

یہ بات پہلے کئی مرتبہ معلوم ہوچکی ہے کہ سورۂ احزاب میں زیادہ تر وہ احکام ہیں جن کا تعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم و محبت اور مکمل اطاعت سے یا آپ کو کسی قسم کی ایذاء و تکلیف پہونچانے کی ممانعت سے ہے۔ آیات مذکورۃ الصدر بھی اسی سلسلے کے چند واقعات سے متعلق نازل ہوئی ہیں۔

ایک واقعہ یہ پیش آیا کہ حضرت زید بن حارثہ رضؓ کسی شخص کے غلام تھے۔ زمانۂ جاہلیت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو بازار عکاظ سے خرید لیا تھا، ابھی عمر بھی کم تھی۔ آپؐ نے خریدنے کے بعد ان کو آزاد کر کے یہ شرف بخشا کہ عرب کے عام رواج کے مطابق ان کو اپنا مُنھ بولا بیٹا بنا لیا اور ان کی پرورش فرمائی۔ مکہ مکرمہ میں ان کو زید بن محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے نام سے پکارا جاتا تھا۔ قرآن کریم نے اس کو جاہلیت کی رسمِ غلط قرار دے کر اس کی ممانعت کردی کہ مُنھ بولے بیٹے کو اس شخص کا بیٹا کہکر پکارا جائے، اور حکم دیا کہ اس کو اس کے اصلی باپ کی طرف منسوب کیا جائے۔ اسی سلسلے میں وہ آیات نازل ہوئیں جو اسی سورۃ میں پہلے آچکی ہیں اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ الآیہ ان احکام کے نازل ہونے کے بعد صحابۂ کرام نے ان کو زید بن محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کہنا چھوڑ دیا اور ان کے والد حارثہ کی طرف منسوب کرنے لگے

ایک لطیفہ پورے قرآن میں انبیاء علیہم السلام کے سوا کسی بڑے سے بڑے

صحابی کا بھی نام ذکر نہیں کیا گیا بجز حضرت زید بن حارثہؓ کے۔ اس کی حکمت بعض حضرات نے یہی بیان کی ہے کہ ان کی نسبت ولدیت کو بحکمِ قرآنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے قطع کیا گیا تو ان کے لئے ایک بہت بڑے اعزاز سے محرومی ہو گئی، اللہ تعالیٰ نے اس کا بدل اس طرح کر دیا کہ قرآن میں ان کا نام لے کر ذکر فرما دیا۔ اور لفظ زَید قرآن کا ایک لفظ ہونے کی حیثیت سے اس کے ہر لفظ پر حسب وعدۂ حدیث دس نیکیاں نامۂ اعمال میں لکھی جاتی ہیں ان کا نام جب قرآن میں پڑھا جائے تو صرف ان کا نام لینے پر تیس نیکیاں ملتی ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی ان کا اکرام فرماتے تھے۔ حضرت صدیقہ عائشہؓ فرماتی ہیں کہ آپؐ نے جب کبھی کسی لشکر میں ان کو بھیجا ہے تو امیرِ لشکر انہی کو بنایا ہے (ابن کثیرؒ)

تنبیہ: یہ تھی اسلام میں غلامی کی حقیقت کہ ان کو تعلیم و تربیت دے کر جو صاحبِ صلاحیت ثابت ہوا اس کو مقتداؤں کا درجہ دیا۔

زید بن حارثہؓ جوان ہوئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے نکاح کے لئے اپنی پھوپھی کی لڑکی حضرت زینبؓ بنت جحش کا انتخاب فرما کر پیغامِ نکاح دیا۔ حضرت زیدؓ پر چونکہ یہ عرفی عیب لگا ہوا تھا کہ آزاد کردہ غلام تھے۔ حضرت زینبؓ اور ان کے بھائی عبداللہ بن جحشؓ نے اس رشتہ سے انکار کر دیا کہ ہم باعتبار خاندان و نسب کے اُن سے اشرف ہیں۔

اس واقعہ پر یہ آیت نازل ہوئی مَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ الآیۃ، جس میں یہ ہدایت کی گئی ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی کو کسی کام کا حکم بطور وجوب دیدیں تو اس پر وہ کام کرنا واجب ہو جاتا ہے، اس کو نہ کرنے کا اختیار شرعاً نہیں رہتا اگرچہ فی نفسہٖ وہ کام شرعاً واجب و ضروری نہ ہو، مگر جس کو آپؐ نے حکم دیدیا اس کے ذمہ لازم و واجب ہو جاتا ہے اور جو ایسا نہ کرے آخر آیت میں اس کو کھلی گمراہی فرمایا ہے۔

اس آیت کو حضرت زینبؓ بنتِ جحشؓ اور ان کے بھائی نے سُنا تو اپنے انکار سے باز آ گئے، اور نکاح پر راضی ہو گئے۔ چنانچہ یہ نکاح کر دیا گیا۔ ان کا مہر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی طرف سے ادا کیا۔ جو دس دینار سُرخ (جو پونے چار تولہ سونا ہوتا ہے) اور ساٹھ درہم (جس کی پونے سولہ تولہ چاندی ہوتی ہے) اور ایک باربرداری کا جانور اور پورا زنانہ جوڑا اور پچاس مُد آٹا، (یعنی تقریباً تینتالیس ۴۳ سیر) اور دس مُد (ساڑھے آٹھ سیر تیس ۳۰ ماشہ) کھجور تھا (ابن کثیر) اس آیت کے نزول کا مشہور واقعہ جمہور مفسرین کے نزدیک یہی حضرت زیدؓ اور حضرت زینبؓ بنت جحشؓ کے نکاح کا قصہ ہے (ابن کثیرؒ، قرطبیؒ، مظہریؒ)

ابن کثیرؒ وغیرہ مفسّرین نے اسی طرح کے دو واقعے اور بھی نقل کئے ہیں۔ اُن میں بھی یہ مذکور ہے کہ آیت مذکورہ ان واقعات کے متعلق نازل ہوئی ہے۔ ان میں سے ایک واقعہ حضرت جُلَیبیبؓ کا واقعہ ہے کہ ان کا رشتہ ایک انصاری صحابی کی لڑکی سے کرنا چاہا تو اس انصاری اور ان کے گھر والوں نے اس رشتہ اور نکاح سے انکار کر دیا، جب یہ آیت نازل ہوئی تو سب راضی ہو گئے اور نکاح کر دیا گیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے لئے وسعتِ رزق کی دُعاء فرمائی۔ صحابۂ کرام کا بیان ہے کہ اللہ نے ان کے گھر میں ایسی برکت دی تھی کہ مدینہ طیبہ کے گھروں میں سب سے زیادہ اُجلا اور بڑا خرچ اس گھر کا تھا، بعد میں حضرت جُلَیبیبؓ ایک جہاد میں شہید ہو گئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی تجہیز و تکفین اپنے دستِ مبارک سے فرمائی۔

اسی طرح کا ایک واقعہ روایاتِ حدیث میں اُمِّ کلثومؓ بنت عقبہ بن ابی معیط کا منقول ہے (ابن کثیر، قرطبی) اور ان میں کوئی تضاد نہیں۔ ہو سکتا ہے کہ اس طرح کے متعدد واقعات ہی نزولِ آیت کا سبب بنے ہوں۔

نکاح میں نسبی کفو کی رعایت کا حکم اور درجہ

نکاح مذکور میں حضرت زینب بنتِ جحشؓ اور ان کے بھائی عبداللہؓ نے جو زید بن حارثہؓ سے نکاح کو ابتداء میں نامنظور کیا تھا، اس کی وجہ ان دونوں میں خاندانی اور نسبی کفاءت و مماثلت کا نہ ہونا تھا۔ اور یہ وجہ شرعاً خود مطلوب ہے۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ لڑکیوں کا نکاح ان کے کفو میں کرنا چاہئے (جس کی تحقیق آگے آئے گی) اس لئے یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس معاملہ میں حضرت زینبؓ اور ان کے بھائی کا عذر کیوں مقبول نہ ہوا۔

جواب یہ ہے کہ دینی اعتبار سے کفاءت و مماثلت زوجین کی تو لازم و ضروری ہے، کسی مسلمان لڑکی کا نکاح کسی کافر سے باجماعِ امت حلال نہیں، اگرچہ لڑکی اس پر راضی ہو۔ کیونکہ یہ صرف عورت کا حق نہیں جو اس کی رضامندی سے ساقط ہو جائے بلکہ حق اللہ اور فریضۂ الٰہیہ ہے بخلاف نسبی اور مالی کفاءت کے کہ وہ لڑکی کا حق ہے، اور خاندانی کفاءت کے حق میں لڑکی کے ساتھ اس کے اولیاء بھی شریک ہیں۔ اگر عاقلہ بالغہ لڑکی مالدار خاندان سے ہونے کے باوجود کسی غریب فقیر سے نکاح پر راضی ہو کر اپنا حق ساقط کر دے تو اس کو اختیار ہے اور خاندانی کفاءت میں لڑکی اور اس کے اولیاء سب اس حق کو کسی دوسری اہم مصلحت کی خاطر چھوڑ کر کسی ایسے شخص سے نکاح پر راضی ہو جائیں جو نسب اور خاندان کے اعتبار سے ان سے کم درجہ ہے تو ان کو اس کا

حق ہے۔ بلکہ مصالح دینیہ کے پیشِ نظر اس حق کو چھوڑ دینا محمود و مطلوب ہے۔ اسی لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے متعدد مواقع میں اس حق کو نظر انداز کرنے اور مصالحِ دینیہ کی وجہ سے نکاح کر دینے کا مشورہ دیا۔

اور قرآن کریم کی تصریحات سے یہ بات ثابت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حق اپنی امّت کے مرد و زن پر سب سے زیادہ ہے، بلکہ اپنے نفس سے بھی زیادہ ہے جیسا کہ قرآن حکیم کا ارشاد ہے اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا حق مؤمنین پر ان کے اپنے نفوس سے بھی زیادہ ہے،، اس لئے حضرت زینبؓ اور عبداللہؓ کے معاملہ میں جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نسبی کفاءت کے حق کو نظر انداز کر کے زید بن حارثہ سے نکاح منظور کر لینے کا حکم دیدیا تو ان کا فرض تھا کہ اس حکم کے سامنے اپنی رائے اور اپنے نفس کے حقوق کو ترک کر دیتے، اس لئے ان کے انکار پر قرآن کریم کا یہ حکم نازل ہوا۔

رہا یہ معاملہ کہ جب نسبی کفاءت خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک قابلِ رعایت ہی تو خود آپؐ نے اس کی رعایت کیوں نہ فرمائی؟ تو اس کا جواب بھی مذکورہ تقریر سے واضح ہو گیا کہ یہ رعایت دوسری دینی مصالح کے بالمقابل قابلِ ترک ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں متعدد نکاح اسی طرح غیر کفو میں اسی قسم کی دینی مصالح کی بناء پر کئے گئے، اس سے اصل مسئلہ پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔

مسئلہ کفاءت نکاح ایک ایسا معاملہ ہے جس میں اگر زوجین کی طبائع میں موافقت نہ ہو تو مقاصدِ نکاح میں خلل آتا ہے، ایک دوسرے کے حقوق ادا کرنے میں خلل آتا ہے، باہمی جھگڑے نزاع پیدا ہوتے ہیں۔ اس لئے شریعت میں کفاءت یعنی باہمی مماثلت کی رعایت کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ کوئی اعلیٰ خاندان کا آدمی اپنے سے کم خاندان والے آدمی کو رذیل یا ذلیل سمجھے۔ ذلت و عزت کا اصل مدار اسلام میں تقویٰ اور دینداری ہے، جس میں یہ چیز نہیں اس کو خاندانی شرافت کتنی بھی حاصل ہو اللہ کے نزدیک اس کی کوئی حیثیت نہیں، صرف انتظامی معاملات کو استوار رکھنے کیلئے نکاح میں کفاءت کی رعایت کا حکم دیا گیا ہے۔

ایک حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ لڑکیوں کا نکاح ان کے اولیاء ہی کے ذریعہ ہونا چاہئے (یعنی بالغ لڑکی کو بھی یہ مناسب نہیں کہ اپنے نکاح کا معاملہ خود طے کرے، حیاء کا تقاضا یہ ہے کہ یہ کام اس کے والدین اور اولیاء

کریں) اور فرمایا کہ لڑکیوں کا نکاح ان کے کفوٗ ہی میں کرنا چاہیئے۔ اس حدیث کی سند اگرچہ ضعیف ہے، مگر صحابۂ کرام کے آثار و اقوال سے اس کی تائید ہو کر حدیث قابلِ استدلال ہو جاتی ہے۔ امام محمدؒ نے کتاب الآثار میں حضرت فاروق اعظمؓ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ "میں یہ حکم جاری کردوں گا کہ کسی بڑے اونچے معروف خاندان کی لڑکی کا نکاح دوسرے کم درجہ والے سے نہ کیا جائے"، اسی طرح حضرت عائشہ صدیقہؓ اور حضرت انسؓ نے بھی اس کی تاکید فرمائی کہ نکاح میں کفاءت کی رعایت کی جائے، جو متعدد اسانید سے منقول ہے۔ امام ابن ہمام نے بھی فتح القدیر میں اس کی تفصیل لکھی ہے۔

حاصل یہ ہے کہ نکاح میں کفاءت و مماثلت کی رعایت کرنا دین میں مطلوب ہے تاکہ زوجین میں موافقت رہے، لیکن کوئی دوسری اہم مصلحت اس کفاءت سے بڑھ کر سامنے آجائے تو عورت اور اس کے اولیاء کو اپنا یہ حق چھوڑ کر غیر کفو میں نکاح کر لینا بھی جائز ہے۔ خصوصاً جب کہ کوئی دینی مصلحت پیش نظر ہو تو ایسا کرنا افضل و بہتر ہے جیسا کہ صحابۂ کرام کے متعدد واقعات سے ثابت ہے۔ اس سے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ ان واقعات سے اصل مسئلہ کفاءت کی نفی نہیں ہوتی۔ واللہ اعلم

دوسرا واقعہ حضرت زینب بنت جحش رضؓ کا نکاح بامرِ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت زید بن حارثہ رضؓ کے ساتھ ہو گیا، مگر دونوں کی طبیعتوں میں موافقت نہ ہوئی۔ حضرت زیدؓ ان کی تیز زبانی اور نسبی شرافت کی بناء پر اپنے کو اونچا سمجھنے اور اطاعت میں کوتاہی کرنے کی شکایت کیا کرتے تھے۔ دوسری طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بذریعہ وحی یہ بتلا دیا گیا تھا کہ زیدؓ ان کو طلاق دیں گے، اس کے بعد زینب رضؓ آپؐ کے نکاح میں آئیں گی۔ ایک روز حضرت زیدؓ نے انہی شکایات کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش کر کے اپنا یہ ارادہ ظاہر کیا کہ ان کو طلاق دیدیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اگرچہ منجانب اللہ یہ علم ہو گیا تھا کہ واقعہ یوں ہی پیش آنے والا ہے، کہ زیدؓ ان کو طلاق دیدیں گے، پھر یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے نکاح میں آئیں گی، لیکن دو وجہ سے آپؐ نے حضرت زیدؓ کو طلاق دینے سے روکا۔ اوّل یہ کہ طلاق دینا اگرچہ شریعت اسلام میں جائز ہے مگر پسندیدہ نہیں بلکہ ابغض المباحات یعنی جائز چیزوں میں سب سے زیادہ مبغوض و مکروہ ہے، اور تکوینی طور پر کسی کام کا وقوع تشریعی حکم کو متاثر نہیں کرتا۔ دوسرے قلبِ مبارک میں یہ بھی خیال پیدا ہوا کہ اگر انھوں نے طلاق دیدی اور پھر زینبؓ کا نکاح آپؐ سے ہوا تو عرب اپنے دستور جاہلیت کے مطابق یہ طعنے دیں گے کہ اپنے

بیٹے کی بیوی سے نکاح کرلیا۔ اگرچہ قرآن نے اس دستور جاہلیت کو سورۂ احزاب کی، ہی سابقہ آیات میں ختم کر دیا ہے۔ اس کے بعد کسی مؤمن کے لئے تو اس کے وسوسہ کا بھی خطرہ نہ تھا مگر کفار جو قرآن ہی کو نہیں مانتے وہ اپنی جاہلانہ رسم یعنی مُنہ بولے بیٹے کو تمام احکام میں حقیقی بیٹے کی طرح سمجھنے کی بناء پر زبانِ طعن دراز کریں گے۔ یہ اندیشہ بھی حضرت زیدؓ کو طلاق دینے سے منع کرنے کا سبب بنا۔ اس پر حق تعالیٰ کی طرف سے محبوبانہ عتاب قرآن کی ان آیات میں نازل ہوا: وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِیْٓ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ وَتُخْفِیْ فِیْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ، یعنی آپؐ اُس وقت کو یاد کریں جبکہ آپ کہہ رہے تھے اس شخص کو جس پر اللہ نے انعام کیا اور آپؐ نے بھی انعام کیا، مراد اس شخص سے حضرت زیدؓ ہیں، جن پر اللہ تعالیٰ نے پہلا انعام تو یہ فرمایا کہ ان کو مشرف باسلام کر دیا دوسرے آپؐ کی صحبت کا شرف عطا فرمایا۔ اور آپؐ نے ان پر ایک انعام تو یہ کیا کہ ان کو غلامی سے آزاد کر دیا، دوسرا یہ کہ اُن کی تربیت فرما کر ایسا بنا دیا کہ بڑے بڑے صحابہ بھی اُن کی تعظیم کرتے تھے۔ آگے وہ قول نقل کیا جو آپؐ نے زیدؓ سے فرمایا اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ، یعنی اپنی بی بی کو آپؐ اپنے نکاح میں روکیں، طلاق نہ دیں، اور خدا سے ڈریں۔ خدا سے ڈرنے کا حکم اس جگہ اس معنی میں بھی ہو سکتا ہے کہ طلاق ایک مبغوض و مکروہ فعل ہے اس سے اجتناب کریں، اور اس معنی سے بھی ہو سکتا ہے کہ نکاح میں روکنے کے بعد طبعی منافرت کی وجہ سے ان کے حقوق کی ادائیگی میں کوتاہی نہ کریں۔ آپؐ کا یہ فرمانا اپنی جگہ صحیح و درست تھا، مگر منجانب اللہ ہونے والے واقعہ کا علم ہو جانے اور دل میں حضرت زینبؓ سے نکاح کا ارادہ پیدا ہو جانے کے بعد زیدؓ کو طلاق نہ دینے کی نصیحت ایک طرح کی رسمی اظہار خیر خواہی کے درجہ میں تھی، جو شانِ رسالت کے مناسب نہ تھی، خصوصاً اس لئے کہ اس کے ساتھ لوگوں کے طعنوں کا اندیشہ بھی شامل تھا اس لئے آیت مذکورہ میں عتاب ان الفاظ میں نازل ہوا کہ آپؐ دل میں وہ بات چھپا رہے تھے جس کو اللہ تعالیٰ ظاہر کرنے والا تھا۔ جب منجانب اللہ حضرت زینبؓ کے ساتھ آپؐ کے نکاح کی خبر مل چکی، اور آپؐ کے دل میں ارادۂ نکاح پیدا ہو چکا تو اس ارادہ کو چھپا کر ایسی رسمی گفتگو جو آپؐ کی شان کے مناسب نہیں تھی کی۔ اور لوگوں کے طعنوں کے اندیشہ پر فرمایا کہ آپؐ لوگوں سے ڈرنے لگے، حالانکہ ڈرنا تو آپؐ کو اللہ ہی سے سزاوار ہے۔ یعنی جب آپؐ کو یہ معلوم تھا کہ یہ معاملہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہونے والا ہے،

اس کی ناراضی کا اس میں کوئی خوف و خطر نہیں تو پھر محض لوگوں کے طعنوں سے گھبرا کر آپؐ کے لئے یہ گفتگو مناسب نہیں تھی۔

اس واقعہ کی جو تفصیل اوپر لکھی گئی ہے، یہ سب تفسیر ابن کثیرؒ اور قرطبیؒ اور روح المعانی سے لی گئی ہے، اور آیت تُخْفِیْ فِیْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِیْهِ کی یہ تفسیر کہ وہ چیز جس کو آپ نے دل میں چھپایا تھا وہ یہ ارادہ تھا کہ زیدؓ نے طلاق دیدی تو حکمِ الٰہی کے مطابق آپؐ ان سے نکاح کرلیں گے، یہ تفسیر حکیم ترمذی اور ابن ابی حاتم وغیرہ محدثین نے حضرت علی بن حسین زین العابدینؒ کی روایت سے نقل کی ہے جس کے الفاظ یہ ہیں:

اَوْحَی اللّٰهُ تَعَالٰی اِلَیْهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ زَیْنَبَ سَتُطَلِّقُهَا زَیْدٌ وَّیَتَزَوَّجُهَا بَعْدَهٗ عَلَیْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ (روح از حکیم ترمذی)

"یعنی اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بذریعہ وحی یہ اطلاع دیدی تھی کہ حضرت زینبؓ کو زیدؓ طلاق دینے والے ہیں اور اس کے بعد وہ آپ کے نکاح میں آئیں گی"

اور ابن کثیر نے ابن ابی حاتم کے حوالہ سے یہ الفاظ نقل کئے ہیں:۔

اِنَّ اللّٰهَ اَعْلَمَ نَبِیَّهٗ اَنَّهَا .... سَتَكُوْنُ مِنْ اَزْوَاجِهٖ قَبْلَ اَنْ یَّتَزَوَّجَهَا فَلَمَّا اَتَاهُ زَیْدٌ یَشْكُوْهَا اِلَیْهِ قَالَ اِتَّقِ اللّٰهَ وَاَمْسِكْ عَلَیْكَ زَوْجَكَ فَقَالَ اَخْبَرْتُكَ اِنِّیْ مُزَوِّجُكَهَا وَتُخْفِیْ فِیْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِیْهِ،

"یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو پہلے ہی بتلا دیا تھا کہ حضرت زینبؓ بھی ازواج مطہرات میں داخل ہو جائیں گی، پھر جب حضرت زیدؓ انکی شکایت لیکر آپکی خدمت میں آئے تو آپ نے فرمایا کہ اللہ سے ڈرو اور اپنی بیوی کو طلاق نہ دو، اس پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ میں نے تو آپ سے بتلا دیا تھا کہ میں ان سے آپ کا نکاح کرادونگا اور آپ اپنے دل میں اس چیز کو چھپائے ہوئے تھے جس کو اللہ تعالیٰ ظاہر کرنیوالے تھے"

جمہور مفسرین زہری، بکر بن العلاء، قشیری، قاضی ابوبکر بن العربی نے اسی تفسیر کو اختیار کیا ہے کہ جس چیز کے دل میں چھپانے کا ذکر کیا گیا وہ بوحی الٰہی ارادۂ نکاح تھا، اس کے خلاف جن روایات میں مَا فِیْ نَفْسِكَ کی تفسیر محبتِ زینبؓ سے منقول ہے، اس کے متعلق ابن کثیر نے فرمایا کہ ہم نے ان روایات کو ذکر کرنا اس لئے پسند نہیں کیا کہ ان میں کوئی روایت صحیح نہیں ہے۔

اور خود الفاظ قرآن سے تائید اسی تفسیر کی ہوتی ہے جو حضرت زین العابدینؒ کی

روایت سے اوپر بیان ہوئی ہے، کیونکہ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے خود بتلادیا کہ دل میں چھپائی ہوئی چیز وہ تھی جس کو اللہ تعالیٰ ظاہر کرنے والا ہے اور اللہ تعالیٰ نے جس چیز کو اگلی آیت میں ظاہر فرمایا وہ نکاح ہے حضرت زینبؓ کے ساتھ جیسا کہ فرمایا زَوَّجْنٰكَهَا (روح)

لوگوں کے طعن وتشنیع سے بچنا محمود ہی، جب تک کسی مقصود شرعی پر اثر انداز نہ ہو۔

یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ لوگوں کے طعن وتشنیع سے بچنے کے لئے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس معاملہ کا اخفاء کیوں فرمایا جو سببِ عتاب بنا۔ جواب یہ ہے کہ اس معاملہ میں اصل ضابطہ جو قرآن وسنت سے ثابت ہے یہ ہے کہ جس کام کے کرنے سے لوگوں میں غلط فہمی پیدا ہونے اور ان کے طعن وتشنیع میں مبتلا ہوجانے کا خطرہ ہو تو لوگوں کے دین کی حفاظت اور ان کو طعن وتشنیع کے گناہ سے بچنے کے نیت سے چھوڑ دینا اس صورت میں تو جائز ہے جب کہ یہ فعل خود مقاصدِ شرعیہ میں سے نہ ہو، اور کوئی دینی حکم حلال وحرام کا اس سے متعلق نہ ہو، اگرچہ فعل فی نفسہٖ محمود ہو۔ اس کی نظیر حدیث وسنتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں موجود ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ زمانۂ جاہلیت میں جب بیت اللہ کی تعمیر کی گئی تو اس میں کئی چیزیں بناءِ ابراہیمی کے خلاف کردی گئی ہیں اوّل تو یہ بیت اللہ کا کچھ حصّہ تعمیر سے باہر چھوڑ دیا، دوسرے بناءِ ابراہیمی میں لوگوں کے بیت اللہ میں داخل ہونے کے لئے دو دروازے تھے، ایک مشرقی جانب میں دوسرا مغربی جانب میں، جس کی وجہ سے بیت اللہ میں داخل ہونے اور نکلنے میں زحمت نہ ہوتی تھی، اہلِ جاہلیت نے اس میں دو تصرّف کئے کہ مغربی دروازہ تو بالکل بند کردیا اور مشرقی دروازہ جو سطح زمین سے متصل تھا اس کو اتنا اونچا کردیا کہ بغیر سیڑھی کے اس میں داخلہ نہ ہوسکے، جس سے مقصد یہ تھا کہ وہ جس کو اجازت دیں صرف وہ اندر جاسکے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر نومسلم لوگوں کے غلط فہمی میں مبتلا ہوجانے کا خطرہ نہ ہوتا تو میں بیت اللہ کو پھر بناءِ ابراہیمی کے مطابق بنادیتا۔ یہ حدیث سب کتبِ معتبرہ میں موجود ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو غلط فہمی سے بچانے کے لئے اپنا یہ ارادہ جو شرعاً محمود تھا اس کو ترک کردیا، اور منجانب اللہ اس پر کوئی عتاب نہیں ہوا، جس سے اس عمل کا عنداللہ مقبول ہونا بھی معلوم ہوگیا۔ مگر یہ معاملہ بیت اللہ کو بناءِ ابراہیمی کے مطابق دوبارہ تعمیر کرنے کا ایسا نہیں جس پر کوئی مقصد شرعی موقوف ہو یا جس سے احکام حلال وحرام متعلق ہوں۔

بخلاف واقعۂ نکاح زینبؓ کے کہ اس سے ایک مقصد شرعی متعلق تھا کہ جاہلیت کی رسمِ بد اور اس خیال باطل کی عملی تردید ہو جائے کہ منہ بولے بیٹے کی مطلقہ بیوی سے نکاح حرام ہے۔ کیونکہ قوموں میں چلی ہوئی غلط رسموں کو توڑنا عملاً جب ہی ممکن ہوتا ہے جب اس کا عملی مظاہرہ ہو۔ حکم ربانی اسی کی تکمیل کے لئے حضرت زینبؓ کے نکاح سے متعلق ہوا تھا۔ اس تقریر سے بناءِ بیت اللہ کے ترک اور نکاحِ زینبؓ پر بار شاد خداوندی عمل کے ظاہری تعارض کا جواب ہو گیا۔

اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حکم کی قولی تبلیغ جو سورۂ احزاب کی پہلی آیات میں آچکی ہے اس کو کافی سمجھا، اور اس کے عملی مظاہرہ کی حکمت کی طرف نظر نہیں گئی، اس لئے باوجود علم وارادہ کے اس کو چھپایا۔ اللہ تعالیٰ نے آیات مذکورہ میں اس کی اصلاح فرمائی، اور اس کا اظہار فرمایا لِكَيْلَا يَكُونَ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ حَرَجٌ فِي أَزْوَاجِ أَدْعِيَائِهِمْ إِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا، یعنی ہم نے زینبؓ سے آپ کا نکاح اس لئے کیا تاکہ مسلمانوں پر اس معاملے میں کوئی عملی تنگی پیش نہ آئے، کہ منہ بولے بیٹوں کی مطلقہ بیویوں سے نکاح کر سکیں۔

اور زَوَّجْنَاكَهَا کے لفظی معنی یہ ہیں کہ ہم نے ان کا نکاح آپؐ سے کر دیا۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس نکاح کو یہ امتیاز بخشا کہ خود ہی نکاح کر دیا جو عام شرائطِ نکاح سے مستثنیٰ رہا، اور یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں ہم نے اس نکاح کا حکم دیدیا اب آپؐ شرعی قواعد و شرائط کے مطابق ان سے نکاح کر لیں۔ حضرات مفسرین میں بعض نے پہلے احتمال کو ترجیح دی، بعض نے دوسرے احتمال کو۔

اور حضرت زینبؓ کا دوسری عورتوں کے سامنے یہ فرمانا کہ تمہارا نکاح تو تمہارے والدین نے کیا میرا نکاح خود اللہ تعالیٰ نے آسمان پر کیا، جیسا کہ روایات میں آیا ہے، یہ دونوں صورتوں میں صادق ہے۔ پہلی صورت میں زیادہ واضح ہے اور دوسری صورت ... بھی اس کے منافی نہیں۔

شبہات واعتراضات کے جواب کی تمہید

سُنَّةَ اللَّهِ فِي الَّذِينَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ وَكَانَ أَمْرُ اللَّهِ قَدَرًا مَّقْدُورًا، یہ تمہید ہے اس نکاح پر پیش آنے والے شکوک و شبہات کی کہ دوسری ازواج کے ہوتے ہوئے اس نکاح کا اہتمام کس لئے کیا گیا۔ ارشاد فرمایا کہ یہ سنت ہے اللہ کی جو محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مخصوص نہیں، آپ سے پہلے انبیاء میں بھی جاری رہی ہے، کہ بمصالح دینیہ بہت سی عورتوں سے نکاح کی اجازت

دی گئی، جن میں حضرت داؤد اور سلیمان علیہما السلام زیادہ معروف ہیں کہ داؤد علیہ السلام کے نکاح میں سو اور سلیمان علیہ السلام کے نکاح میں تین سو بیبیاں تھیں۔ اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے دینی مصالح سے متعدد نکاح کی اجازت ہوئی اور یہ نکاح بھی ان میں شامل ہے تو کوئی وجہ استبعاد نہیں، نہ یہ شانِ نبوت و رسالت کے منافی ہے نہ زہد و تقویٰ کے۔ آخری جملے میں یہ بھی فرما دیا کہ نکاح کا معاملہ بھی عام رزق کی طرح منجانب اللہ طے شدہ ہے کہ کس کا نکاح کس سے ہوگا، تقدیر ازلی میں جو کچھ لکھا گیا ہے وہ ہو کر رہتا ہے۔ اس واقعہ میں حضرت زیدؓ اور زینبؓ کے درمیان اختلاف طبائع اور زیدؓ کی ناراضی پھر طلاق دینے کا عزم یہ سب اسی تکوینی اور تقدیری امر کی کڑیاں تھیں۔

آگے ان انبیاء علیہم السلام کی خاص صفات کا ذکر ہے، جن کے لئے پچھلے زمانے میں متعدد بیویاں رکھنے کی اجازت اوپر معلوم ہوئی ہے، فرمایا اَلَّذِيْنَ يُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ یعنی یہ حضرات انبیاء علیہم السلام سبھی اللہ تعالیٰ کے پیغامات اپنی اپنی امتوں کو پہونچاتے ہیں۔

ایک حکمت شاید اس میں انبیاء علیہم السلام کی کثرتِ ازدواج کی حکمت کی طرف بھی اشارہ ہو کہ ان کے تمام اعمال و اقوال امت کو پہونچنا ضروری ہیں، اور مردوں کا ایک بڑا حصہ وقت کا اپنے زنانے مکان میں عورتوں اور بچوں کے ساتھ گزرتا ہے، اس وقت میں جو کوئی وحی نازل ہو یا خود پیغمبر کوئی حکم صادر فرما دیں یا کوئی عمل کریں، یہ سب امت کی امانت ہے جس کو ازواج ہی کے ذریعہ سے بآسانی امت تک پہونچایا جا سکتا ہے۔ دوسری صورتیں مشکلات سے خالی نہیں، اس لئے انبیاء کے لئے اگر بیبیاں زیادہ ہوں تو ان کی خانگی زندگی کے افعال و اقوال اور ان کی خانگی سیرت عام امت تک پہونچنا سہل ہو جائے گا۔ واللہ اعلم

دوسری صفت انبیاء علیہم السلام کی یہ بیان کی گئی کہ وَيَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ، یعنی یہ حضرات اللہ سے ڈرتے رہتے ہیں، اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے۔ اس میں یہ بھی داخل ہے کہ بمصالح دینیہ اگر ان کو کسی کام کی عملی تبلیغ کا مامور کیا جاتا ہے وہ اس میں کبھی کوتاہی نہیں کرتے، اگر کچھ لوگ اس پر طعنہ کریں تو اس سے نہیں ڈرتے

ایک اشکال اور جواب یہاں جبکہ تمام زمرۂ انبیاء کا یہ حال بیان فرمایا ہے کہ وہ اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے تو اس سے پہلی آیت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق یہ ارشاد ہے کہ تَخْشَى النَّاسَ (یعنی آپ لوگوں سے ڈرتے ہیں)

یہ کس طرح درست ہوگا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ آیت مذکورہ میں انبیاء کا غیر اللہ سے نہ ڈرنا تبلیغ رسالات کے معاملے میں بیان ہوا ہے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خوف طعنہ زنی کا ایک ایسے کام میں پیش آیا جو بظاہر ایک دنیوی کام تھا، تبلیغ و رسالت سے اس کا تعلق نہ تھا۔ پھر جب آیات مذکورہ سے آپؐ پر یہ بات واضح ہوگئی کہ یہ نکاح بھی عملی تبلیغ و رسالت کا ایک جزء ہے تو اس کے بعد آپؐ کو بھی کسی کا خوفِ طعن و تشنیع مانعِ عمل نہیں ہوا، اور یہ نکاح عمل میں لایا گیا، اگرچہ بہت سے کفار نے اعتراضات کئے اور آج تک کرتے رہتے ہیں۔

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ وَلَٰكِن رَّسُولَ اللَّهِ

محمد باپ نہیں کسی کا تمھارے مردوں میں سے لیکن رسول ہے اللہ کا

وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ ۗ وَكَانَ اللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا ﴿٤٠﴾ ع ۵ ۲

اور مہر سب نبیوں پر اور ہے اللہ سب چیزوں کا جاننے والا۔

خلاصۂ تفسیر

(پہلی آیات میں نکاحِ زینبؓ کا تبلیغ عملی ہونے اور سنتِ انبیاء ہونے کی حیثیت سے محمود ہونا بتلایا گیا تھا، آگے ان معترضین کا جواب ہے، جو اس نکاح کو مذموم سمجھ کر طعنہ زنی کرتے تھے، یعنی) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تمھارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں (یعنی جو لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے علاقۂ اولاد نہیں رکھتے، جیسا کہ اس آیت میں عام صحابہ کو مخاطب کرکے فرمایا رِجَالِكُمْ یعنی تمھارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں۔ اس میں نسبت عام لوگوں کی طرف کی گئی، اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے نسبت قطع کی گئی۔ اس لئے اپنے خاندان کے افراد میں سے کسی مرد کا باپ ہونا اس کے منافی نہیں، جس کا مطلب یہ ہے کہ عام اُمّت کے لوگوں کے ساتھ آپؐ کو ایسی اُبُوّت حاصل نہیں جو کسی دلیل صحیح سے ان کی مطلقہ بیوی کے ساتھ نکاح حرام ہونے کا موجب ہو) لیکن (ہاں ایک دوسری قسم کی اُبُوّت رُوحانی ضرور حاصل ہے، چنانچہ) اللہ کے رسول ہیں (اور ہر رسول رُوحانی مربّی ہونے کی وجہ سے اُمّت کا روحانی باپ ہوتا ہے) اور (اس ابوّتِ روحانیہ میں اس درجہ کامل ہیں کہ سب رسولوں سے افضل و اکمل

ہیں، چنانچہ آپؐ) سب نبیوں کے ختم پر ہیں (اور جو نبی ایسا ہوگا وہ ابوّتِ رُوحانیہ میں سب سے بڑھ کر ہوگا، کیونکہ آپؐ کی اُبُوّتِ رُوحانیہ کا سلسلہ قیامت تک چلے گا جس کے نتیجہ میں آپؐ کی رُوحانی اولاد سب سے زیادہ ہوگی۔ مطلب یہ ہے کہ اُمّت کے لئے آپؐ کی اُبُوّت جسمانی اور نسبی نہیں ہے، جس سے حرمتِ نکاح متعلق ہوتی ہے بلکہ اُبُوّت رُوحانی ہے۔ اس لئے متبنّیٰ بیٹے کی مطلّقہ سے نکاح کوئی قابلِ اعتراض نہیں، بلکہ اس روحانی اُبوّت کا تقاضا یہ ہے کہ سب لوگ آپؐ پر مکمل اعتماد و اعتقاد رکھیں، آپؐ کے کسی قول و فعل پر شک و شبہ نہ کریں) اور (اگر یہ وسوسہ ہو کہ یہ نکاح ناجائز تو نہیں تھا، لیکن اگر نہ ہوتا تو بہتر ہوتا تاکہ لوگوں کو اعتراض اور طعن کا موقع ہی نہ ملتا تو یہ سمجھ لینا چاہئے کہ) اللہ تعالیٰ ہر چیز (کے وجود یا عدم کی مصلحت) کو خوب جانتا ہے۔

معارف و مسائل

آیتِ مذکورہ میں ان لوگوں کے خیال کا رَد ہے جو اپنی رسمِ جاہلیت کے مطابق زیدؓ بن حارثہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بیٹا کہتے تھے، اور ان کی طلاق کے بعد حضرت زینبؓ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نکاح پر طعن کرتے تھے، کہ بیٹے کی بیوی سے نکاح کرلیا۔ اس کے رَد کے لئے یہ کہدینا کافی تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زیدؓ کے باپ نہیں بلکہ زید کے باپ حارثہؓ ہیں، مگر اس میں مبالغہ اور تاکید کے لئے ارشاد فرمایا مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ یعنی محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ بھی نہیں، تو ایسے شخص پر جس کی اولاد میں کوئی بھی مرد نہ ہو یہ طعن دینا کیسے صحیح ہو سکتا ہے، کہ اس کا کوئی بیٹا ہے، اور اس کی مطلّقہ بیوی آپؐ کے بیٹے کی بیوی ہونے کی وجہ سے آپؐ پر حرام ہے۔

اس مضمون کے بیان کے لئے مختصر الفاظ یہ تھے کہ (اَبَآ اَحَدٍ مِّنْكُمْ) کہا جاتا، اس کے بجائے قرآن حکیم نے لفظ رِجَال کا اضافہ کرکے اس شبہ کو دور کردیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تو چار فرزندوں کے والد ہیں، تین فرزند حضرت خدیجہؓ سے قاسمؓ، طیّبؓ، طاہرؓ ہیں، اور ایک حضرت ماریہ قبطیہؓ سے ابراہیمؓ، کیونکہ یہ سب بچپن ہی میں وفات پاگئے ہیں ان میں سے کوئی بھی رجال کی حد میں داخل نہیں ہوا، اور یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ نزولِ آیت کے وقت آپؐ کا کوئی فرزند نہ تھا۔ قاسمؓ، طیّبؓ اور طاہرؓ کی وفات ہوگئی تھی، اور ابراہیمؓ ابھی پیدا نہیں ہوئے تھے۔

مخالفین کے اعتراض اور طعن کا جواب اسی جملہ سے ہوگیا تھا، مگر آگے دوسرے شبہات کے ازالہ کے لئے فرمایا وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ، حرف لٰكِن عربی زبان میں اس کام کے لئے آتا ہے کہ پچھلے کلام میں جو کوئی شبہ ہو سکتا تھا اس کو دُور کیا جائے۔ یہاں جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق یہ بیان کیا گیا کہ آپؐ اُمّت کے مردوں میں کسی کے باپ نہیں تو اس پر یہ شبہ ہو سکتا تھا کہ ہر نبی و رسول اپنی امّت کا باپ ہوتا ہے، اس لحاظ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم امّت کے سبھی مردوں کے بلکہ ہر مرد و عورت کے باپ ہیں آپ سے اُبُوّت کی نفی گویا نبوّت کی نفی ہے۔

اس کا جواب لٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ کے لفظ سے یہ دیا گیا کہ حقیقی اور نسبی باپ ہونا اور چیز ہے جس پر نکاح کے حلال و حرام کے احکام عائد ہوتے ہیں اور بحیثیت نبوّت امّت کا روحانی باپ ہونا دوسری چیز ہے جس سے یہ احکام متعلق نہیں ہوتے، تو گویا مطلب اس پورے جملے کا یہ ہوگیا کہ آپؐ اُمّت کے مَردوں میں سے کسی کے بھی نسبی باپ نہیں، لیکن رُوحانی باپ سب کے ہیں۔

اس میں ایک دوسرے طعن کا جواب بھی ہوگیا، جو بعض مشرکین نے کیا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم معاذ اللہ اَبْتَرُ (یعنی مقطوع النسل) ہیں۔ یعنی کوئی نرینہ اولاد آپؐ کی نہیں ہے، جس سے نسب چلے، اور آپؐ کا پیغام آگے بڑھے، چند روز کے بعد ان کا قصّہ ہی ختم ہو جائے گا۔ الفاظ مذکور نے یہ واضح کر دیا کہ اگرچہ نسبی اولاد نرینہ آپؐ کی نہیں لیکن آپؐ کی رسالت و نبوّت کے پیغام کو پھیلانے اور قائم رکھنے اور بڑھانے کے لئے نسبی اولاد کی ضرورت نہیں، اس کے لئے رُوحانی اولاد کام کیا کرتی ہے۔ اور چونکہ آپؐ رسول اللہ ہیں، اور رسول اُمت کا روحانی باپ ہوتا ہے، اس لئے آپؐ پوری اُمت کے رُوحانی باپ ہونے کی حیثیت سے تم سب سے زیادہ کثیر الاولاد ہیں۔

یہاں جبکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت و نبوّت کا ذکر آیا، اور اس منصبِ نبوّت میں آپؐ تمام دوسرے انبیاء سے خاص امتیازی فضیلت رکھتے ہیں تو آگے آپؐ کی مخصوص شان اور تمام انبیاء علیہم السلام پر آپ کا فائق ہونا اس لفظ سے واضح کیا گیا وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ، لفظ خَاتَم میں دو قراءتیں ہیں، امام حسنؒ اور عاصمؒ کی قراءت خَاتَمُ بفتح تاء ہے اور دوسرے ائمہ قراءت خَاتِمُ بکسر تاء پڑھتے ہیں۔ حاصل معنی دونوں کا ایک ہی ہے، یعنی انبیاء کو ختم کرنے والے، کیونکہ خاتم خواہ بکسر التاء ہو یا بفتح التاء دونوں کے معنی آخر کے بھی آتے ہیں، اور مُہر کے معنی میں بھی

یہ دونوں لفظ استعمال ہوتے ہیں، اور نتیجہ دوسرے معنی کا بھی وہی آخر کے معنی ہوتے ہیں، کیونکہ مُہر کسی چیز پر بند کرنے کے لئے آخر ہی میں کی جاتی ہے۔ لفظ خاتم بالکسر والفتح دونوں کے دونوں معنی لغتِ عربی میں تمام کتابوں میں مذکور ہیں۔ قاموس، صحاح، لسان العرب، تاج العروس وغیرہ اسی لئے تفسیر رُوح المعانی میں خاتِم بمعنی مُہر کا حاصل بھی وہی معنی آخر کے بتلائے ہیں۔ اس کے الفاظ یہ ہیں وَالْخَاتِمُ اِسْمُ اٰلَةٍ لِمَا یُخْتَمُ بِهٖ کَالطَّابِعِ لِمَا یُطْبَعُ بِهٖ فَمَعْنٰی خَاتَمَ النَّبِیِّیْنَ الَّذِیْ خُتِمَ النَّبِیُّوْنَ بِهٖ وَ مَاْلُهٗ اٰخِرُ النَّبِیِّیْنَ۔ یہی مضمون تفسیر بیضاوی اور احمدی میں بھی مذکور ہے، اور امام راغب نے مفردات القرآن میں فرمایا وَخَاتَمُ النُّبُوَّةِ لِاَنَّهٗ خَتَمَ النُّبُوَّةَ اَیْ تَسَمَّهَا بِمَجِیْئِهٖ، یعنی آپؐ کو خاتمِ نبوّت اس لئے کہا گیا کہ آپؐ نے نبوت کو اپنے تشریف لانے سے ختم اور مکمل کر دیا ہے۔

اور محکم ابن سیّدہ میں ہے وَخَاتِمُ کُلِّ شَیْءٍ وَخَاتِمَتُهٗ عَاقِبَتُهٗ وَاٰخِرُهٗ یعنی ہر چیز کا خاتم اور خاتمہ اس کے انجام اور آخر کو کہا جاتا ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ قراءت خواہ بفتح تاء کی لی جائے یا بکسر تاء کی، معنی دونوں صورتوں میں یہ ہیں کہ آپ ختم کرنے والے ہیں انبیاء کے، یعنی سب کے آخر اور بعد میں آپؐ مبعوث ہوئے ہیں۔

صفت خاتم الانبیاء ایک ایسی صفت ہے جو تمام کمالاتِ نبوّت و رسالت میں آپؐ کی اعلیٰ فضیلت اور خصوصیت کو ظاہر کرتی ہے۔ کیونکہ عموماً ہر چیز میں تدریجی ترقی ہوتی ہے، اور انتہاء پر پہونچ کر اس کی تکمیل ہوتی ہے۔ اور جو آخری نتیجہ ہوتا ہے وہی اصل مقصود ہوتا ہے، قرآن کریم نے خود اس کو واضح کر دیا ہے اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ، یعنی آج میں نے تمہارا دین مکمل کر دیا ہے، اور اپنی نعمت تم پر پوری کر دی ہے۔

انبیائے سابقین کے دین بھی اپنے اپنے وقت کے لحاظ سے مکمّل تھے، کوئی ناقص نہ تھا، لیکن کمالِ مطلق اسی دین مصطفویؐ کو حاصل ہوا جو اوّلین و آخرین کے لئے حجت اور قیامت تک چلنے والا دین ہے۔

اس جگہ صفت خاتم النبیین کے اضافہ سے اس مضمون کی بھی اور زیادہ وضاحت اور تکمیل ہو گئی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مقطوع النسل کہنا جہالت ہے، جبکہ ساری امّت کے باپ ہونے کی حیثیت سے آپؐ متصف ہیں ـــــ کیوں کہ لفظ

خاتم النبیین نے یہ بھی بتلا دیا کہ آپؐ کے بعد قیامت تک آنے والی سب نسلیں اور قومیں آپ ہی کی امّت میں شامل ہوں گی۔ اس وجہ سے آپؐ کی امّت کی تعداد بھی دوسری امّتوں سے زیادہ ہوگی اور آپ کی روحانی اولاد دوسرے انبیاء کی نسبت سے بھی زیادہ ہوگی۔

صفت خاتم النبیین نے یہ بھی بتلا دیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شفقت اپنی اولاد روحانی یعنی پوری اُمت پر دوسرے تمام انبیاء سے زائد ہوگی، اور آپؐ قیامت تک پیش آنے والی ضرورتوں کو واضح کرنے کا پورا اہتمام فرمائیں گے۔ کیونکہ آپؐ کے بعد کوئی نبی اور کوئی وحی دنیا میں آنے والی نہیں، بخلاف انبیاءِ سابقین کے کہ ان کو اس کی فکر نہ تھی وہ جانتے تھے کہ جب قوم میں گمراہی پھیلے گی تو ہمارے بعد دوسرے انبیاء آکر اس کی اصلاح کر دیں گے، مگر خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فکر لاحق تھی کہ قیامت تک اُمت کو جن حالات سے سابقہ پڑے گا ان سب حالات کے متعلق ہدایات امّت کو دے کر جائیں، جس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث شاہد ہیں کہ آپؐ کے بعد جتنے لوگ قابلِ اقتداء آنے والے تھے اکثر ان کے نام لے کر بتلا دیا ہے۔ اسی طرح جتنے گمراہی کے علمبردار ہیں ان کے حالات اور پتے ایسے کھول کر بتلا دیتے ہیں کہ ذرا غور کرنے والے کو کوئی اشتباہ باقی نہ رہ جائے۔ اسی لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اِنِّیْ تَرَکْتُکُمْ عَلٰی شَرِیْعَۃٍ بَیْضَآءَ لَیْلُھَا وَ نَھَارُھَا سَوَآءٌ، یعنی میں نے تم کو ایسے روشن راستے پر چھوڑا ہے جس میں رات دن برابر ہیں کسی وقت بھی گمراہی کا خطرہ نہیں۔

اس آیت میں یہ بات بھی قابلِ نظر ہے کہ اوپر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر بصفتِ رسول آیا ہے، اس کے لئے بظاہر مناسب یہ تھا کہ آگے "خاتم الرّسل" یا "خاتم المرسلین" کا لفظ استعمال ہوتا، مگر قرآن حکیم نے اس کے بجائے "خاتم النبیین" کا لفظ اختیار فرمایا۔

وجہ یہ ہے کہ جمہور علماء کے نزدیک نبی اور رسول میں ایک فرق ہے۔ وہ یہ کہ نبی تو ہر اس شخص کو کہا جاتا ہے جس کو حق تعالیٰ اصلاحِ خلق کے لئے مخاطب فرمائیں، اور اپنی وحی سے مشرف فرمائیں، خواہ اس کے لئے کوئی مستقل کتاب اور مستقل شریعت تجویز کریں، یا پہلے ہی کسی نبی کی کتاب و شریعت کے تابع لوگوں کو ہدایت کرنے پر مامور ہو، جیسے حضرت ہارون علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام کی کتاب و شریعت کے تابع ہدایت کرنے پر مامور تھے۔

اور لفظ رسول خاص اس نبی کے لئے بولا جاتا ہے جس کو مستقل کتاب و شریعت

دی گئی ہو۔ اسی طرح لفظ نبی کے مفہوم میں بہ نسبت لفظ رسول کے عموم زیادہ ہی، تو آیت کا مفہوم یہ ہوا کہ آپؐ انبیاء کے ختم کرنے والے اور سب سے آخر میں ہیں خواہ وہ صاحب شریعت نبی ہوں یا صرف پہلے نبی کے تابع۔ اس سے معلوم ہوا کہ نبی کی جتنی قسمیں اللہ کے نزدیک ہو سکتی ہیں وہ سب آپؐ پر ختم ہو گئیں، آپؐ کے بعد کوئی نبی مبعوث نہیں ہوگا۔

امام ابن کثیرؒ نے اپنی تفسیر میں فرمایا

فَهٰذِهِ الْاٰيَةُ فِيْ اَنَّهٗ لَا نَبِيَّ بَعْدَهٗ وَاِذَا كَانَ لَا نَبِيَّ بَعْدَهٗ فَلَا رَسُوْلَ بِالطَّرِيْقِ الْاَوْلٰى لِاَنَّ مَقَامَ الرِّسَالَةِ اَخَصُّ مِنْ مَّقَامِ النُّبُوَّةِ فَاِنَّ كُلَّ رَسُوْلٍ نَبِيٌّ وَّلَا يَنْعَكِسُ بِذٰلِكَ وَرَدَتِ الْاَحَادِيْثُ الْمُتَوَاتِرَةُ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حَدِيْثِ جَمَاعَةٍ مِّنَ الصَّحَابَةِ

"یعنی یہ آیت نص صریح ہی اس عقیدہ کے لئے کہ آپؐ کے بعد کوئی نبی نہیں، اور جب نبی نہیں تو بدرجۂ اولیٰ رسول بھی نہیں، کیونکہ لفظ نبی عام اور لفظ رسول خاص ہے، اور یہ وہ عقیدہ ہی جس پر احادیث متواترہ شاہد ہیں، جو صحابۂ کرام کی ایک بڑی جماعت کی روایت سے ہم تک پہونچی ہیں"

اس آیت کی لفظی تشریح میں کسی قدر تفصیل سے اس لئے کام لیا گیا کہ ہمارے ملک میں مرزا قادیانی مدعیِ نبوّت نے اس آیت کو اپنے راستہ کی رکاوٹ سمجھ کر اس کی تفسیر میں طرح طرح کی تحریفات اور احتمالات پیدا کئے ہیں، مذکور الصدر تقریر سے الحمد للہ ان سب کا جواب ہو جاتا ہے۔

مسئلۂ ختم نبوّت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خاتم النبیین ہونا اور آپؐ کا آخری پیغمبر ہونا، آپؐ کے بعد کسی نبی کا دنیا میں مبعوث نہ ہونا اور ہر مدعیِ نبوّت کا کاذب و کافر ہونا ایسا مسئلہ ہی جس پر صحابۂ کرام سے لے کر آج تک ہر دور کے مسلمانوں کا اجماع و اتفاق رہا ہے۔ اس لئے ضرورت نہ تھی کہ اس پر کوئی تفصیلی بحث کی جائے، لیکن قادیانی فرقہ نے اس مسئلہ میں مسلمانوں کے دلوں میں شکوک و شبہات پیدا کرنے کے لئے بڑا زور لگایا ہے سینکڑوں چھوٹی بڑی کتابیں شائع کر کے کم علم لوگوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کی ہے۔ اس لئے احقر نے اس مسئلہ کی پوری تفصیل ایک مستقل کتاب "ختمِ نبوّت" میں لکھ دی ہے، جس میں ایک سو آیات اور

دوسو سے زائد احادیث اور سینکڑوں اقوال وآثار سلف وخلف سے اس مسئلہ کو پورا واضح کردیا ہے، اور قادیانی دجل کے شبہ کا مفصل جواب دیا ہے، یہاں اس میں سے چند ضروری باتیں لکھی جاتی ہیں۔

آپؐ کا خاتم النبیین ہونا آخر زمانہ میں عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے منافی نہیں

چونکہ قرآن کریم کی متعدد آیات اور احادیث متواترہ سے یہ ثابت ہے کہ قیامت سے پہلے آخر زمانہ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام پھر دنیا میں تشریف لائیں گے، اور دجّالِ اعظم کو قتل کریں گے، اور اس وقت ہر گمراہی کو ختم کریں گے، جس کی تفصیل احقر کے رسالہ "التصریح بما تواتر فی نزولِ المسیح" میں مذکور ہے۔

مرزائی قادیانی نے عیسیٰ علیہ السلام کا زندہ آسمان میں اُٹھایا جانا اور پھر آخر زمانے میں تشریف لانا جو قرآن وسنت کی بے شمار نصوص سے ثابت ہیں ان کا انکار کرکے خود مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کیا، اور استدلال میں یہ پیش کیا کہ اگر حضرت عیسیٰ بن مریم نبیِ بنی اسرائیل کا پھر دنیا میں آنا تسلیم کیا جائے تو یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے کے منافی ہوگا۔

جواب بالکل واضح ہے کہ خاتم النبیین اور آخر النبیین کے معنی یہ ہیں کہ آپؐ کے بعد کوئی شخص عہدۂ نبوّت پر فائز نہ ہوگا، اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ آپؐ سے پہلے جس کو نبوّت عطا ہو چکی ہے اُن کی نبوّت سلب ہو جائے گی، یا ان میں سے کوئی اس عالم میں پھر نہیں آسکتا۔ البتہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد جو بھی آپؐ کی اُمّت میں اصلاح وتبلیغ کے لئے آئے گا وہ اپنے منصبِ نبوّت پر قائم ہوتے ہوئے اس امت میں اصلاح کی خدمت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات ہی کے تابع انجام دے گا، جیسا کہ احادیث صحیحہ میں تصریح ہے۔

امام ابن کثیرؒ نے اسی آیت کی تفسیر میں فرمایا:۔

والمراد بکونہ علیہ السلام خاتمھم انقطاع حدوث وصف النبوّۃ فی احد من الثقلین بعد تحلیتہ علیہ السلام بھا فی ھٰذہ النشأۃ ولا یقدح فی ذلک ما اجمت علیہ الامّۃ

"یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خاتم الانبیاء ہونے سے یہ مراد ہے کہ وصفِ نبوّت آپؐ کے بعد منقطع ہوگیا، اب کسی کو یہ وصف اور منصب نہیں ملے گا، اس سے اس مسئلہ پر کوئی اثر نہیں پڑتا جس پر

واشتهرت فيه الاخبار ولعلها بلغت مبلغ التواتر المعنوى و نطق به الكتب على قول وجب الايمان به واُكفر منكره كالفلاسفة من نزول عيسىٰ عليه السلام اٰخر الزمان لانه كان نبيًّا قبل ان يحلى نبينا صلى الله عليه وسلم بالنبوة فى هٰذه النشاءة

امّت کا اجماع ہے اور قرآن اس پر ناطق ہے اور احادیث رسول جو تقریباً درجۂ تواتر کو پہونچی ہوئی ہیں اس پر شاہد ہیں وہ یہ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام آخر زمانے میں نازل ہوں گے، کیونکہ ان کو نبوّت اس دنیا میں ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے مل چکی تھی"

نبوّت کے مفہوم کی تحریف ظلّی اور بروزی نبوّت کی ایجاد

اس مدعیِ نبوّت نے دعویِٰ نبوّت کا راستہ ہموار کرنے کے لئے ایک نئی چال یہ چلی کہ نبوّت کی ایک نئی قسم ایجاد کی، جس کا قرآن وسنت میں کوئی وجود وثبوت نہیں اور پھر کہا کہ یہ قسمِ نبوّت کی حکم قرآنی ختمِ نبوّت کے منافی نہیں۔ خلاصہ اس کا یہ ہے کہ اس نے نبوّت کے مفہوم میں وہ راستہ اختیار کیا جو ہندوؤں اور دوسری قوموں میں معروف ہے کہ ایک شخص کسی دوسرے کے جنم میں دوسرے کے روپ میں آسکتا ہے، اور پھر یہ کہا کہ جو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مکمل اتباع کی وجہ سے آپ کا ہم رنگ ہو گیا ہو اس کا آنا گویا خود آپ ہی کا آنا ہے، وہ درحقیقت آپ ہی کا ظل اور بروز ہوتا ہے۔ اس لئے اس کے دعوے سے عقیدۂ ختمِ نبوّت متاثر نہیں ہوتا۔

مگر اوّل تو خود یہ نو ایجاد نبوّت اسلام میں کہاں سے آئی، اس کا کوئی ثبوت نہیں۔ اس کے علاوہ مسئلہ ختمِ نبوّت چونکہ عقائد اسلامیہ کا ایک بنیادی عقیدہ ہے، اس لئے رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے اس کو مختلف عنوانات سے مختلف اوقات میں ایسا واضح کر دیا ہے کہ کسی تحریف کرنے والے کی تحریف چل نہیں سکتی۔ اس جواب کی پوری تفصیل تو احقر کی کتاب ختم نبوّت ہی میں دیکھی جاسکتی ہے، یہاں چند چیزیں بقدرِ ضرورت پیش کرنے پر اکتفاء کیا جاتا ہے۔

صحیح بخاری ومسلم وغیرہ میں تمام کتب حدیث میں حضرت ابوہریرہؓ کی یہ روایت اسناد صحیح کے ساتھ آئی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

ان مثلى ومثل الأنبياء من قبلى كمثل رجل بنى بيتًا

"میری مثال اور مجھ سے پہلے انبیاء کی مثال اس شخص جیسی ہے جس نے

فاحسنه واجمله الا موضع لبنة من زاوية فجعل الناس يطوفون به ويعجبون له ويقولون هلّا وضعت هذه اللبنة واناخاتم النبيين، رواه احمد والنسائي والترمذي وفي بعض الفاظه فكنت انا سددت موضع اللبنة وختم بي البنيان

ایک مکان بنایا ہو اور اس کو خوب مضبوط اور مزین کیا ہو مگر اس کے ایک گوشہ میں دیوار کی ایک اینٹ کی جگہ خالی چھوڑ دی ہو تو لوگ اس کو دیکھنے کے لئے اس میں چلیں پھریں اور تعمیر کو پسند کریں مگر سب یہ کہیں کہ اس مکان بنانے والے نے یہ اینٹ بھی کیوں نہ رکھ دی جس سے تعمیر بالکل مکمل ہو جاتی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (قصر نبوّت کی) وہ آخری اینٹ میں ہوں، اور بعض الفاظ حدیث میں ہے کہ میں نے اس خالی جگہ کو پُر کر کے قصرِ نبوّت کو مکمل کر دیا"۔

اس تمثیل بلیغ کا حاصل یہ ہے کہ نبوّت ایک عالی شان محل کی طرح ہے، جس کے ارکان انبیاء علیہم السلام ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے یہ محل بالکل تیار ہو چکا تھا اور اس میں صرف ایک اینٹ کے سوا کسی اور قسم کی گنجائش تعمیر میں باقی نہیں تھی، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس جگہ کو پُر کر کے قصرِ نبوّت کی تکمیل فرما دی، اب اس میں نہ کسی نبوّت کی گنجائش ہے نہ رسالت کی، اگر نبوّت یا رسالت کی کچھ اقسام مان لی جائیں تو اب ان میں سے کسی قسم کی گنجائش قصرِ نبوّت میں نہیں ہے۔

صحیح بخاری و مسلم اور مسند احمد وغیرہ میں حضرت ابو ہریرہؓ کی ایک دوسری حدیث ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

كانت بنو اسرائيل تسوسهم الانبياء كلّما هلك نبي خلفه نبي وانه لا نبي بعدي و سيكون خلفاء فيكثرون الحديث

"بنی اسرائیل کی سیاست اور انتظام خود انبیاء کے ہاتھ میں تھا، جب ایک نبی کی وفات ہو جاتی تو دوسرا نبی اس کے قائم مقام ہو جاتا تھا، اور میرے بعد کوئی نبی نہیں، البتہ میرے خلیفہ ہوں گے جو بہت ہوں گے"۔

اس حدیث نے یہ بھی واضح کر دیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم چونکہ خاتم النبیین ہیں اور آپؐ کے بعد کوئی نبی مبعوث نہیں ہوگا، تو اُمّت کی ہدایت کا انتظام کیسے ہوگا؟

اس کے متعلق فرمایا کہ آپؐ کے بعد امّت کی تعلیم و ہدایت کا انتظام آپؐ کے خلفاء کے ذریعہ سے ہوگا، جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلیفہ ہونے کی حیثیت سے مقاصد نبوّت کو پورا کریں گے، اگر ظلّی بروزی کوئی نبوّت کی قسم ہوتی یا غیر تشریعی نبوت باقی ہوتی، تو ضرور تھا کہ یہاں اس کا ذکر کیا جاتا کہ اگرچہ عام نبوت ختم ہو چکی مگر فلاں قسم کی نبوت باقی ہے جس سے اس عالم کا انتظام ہوگا۔

اس حدیث میں صاف واضح الفاظ میں بتلا دیا کہ نبوّت کی کوئی قسم آپؐ کے بعد باقی نہیں، اور ہدایتِ خلق کا کام جو پچھلی اُمّتوں میں انبیاءِ بنی اسرائیل سے لیا گیا تھا، وہ اس اُمّت میں آپؐ کے خلفاء سے لیا جائے گا۔

صحیح بخاری و مسلم میں حضرت ابوہریرہؓ کی حدیث مرفوع ہے:

لَمْ يَبْقَ مِنَ النُّبُوَّةِ إِلَّا الْمُبَشِّرَاتُ،	"یعنی نبوت میں سے کچھ باقی نہیں رہا بجز مبشرات کے"۔

مسند احمد وغیرہ میں حضرت صدیقہ عائشہؓ اور ام کرز کعبیہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

لا يبقى بعدى من النبوة شيء الّا المبشرات قالوا يا رسول الله وما المبشرات قال الرؤيا الصّالحة يراها المسلم او ترى له (طبرانی نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے کذا فی الکنز)	"میرے بعد نبوّت میں سے کچھ باقی نہیں رہا بجز مبشرات کے، صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ مبشرات کیا چیز ہے؟ فرمایا سچے خواب جو مسلمان خود دیکھے یا اس کے متعلق کوئی دوسرا دیکھے"

اس حدیث نے کس قدر وضاحت سے بتلا دیا کہ نبوت کی کوئی قسم تشریعی یا غیر تشریعی اور بقول مرزا قادیانی ظلی یا بروزی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد باقی نہیں، صرف مبشرات یعنی سچے خواب لوگوں کو آئیں گے جن سے کچھ معلومات ہو جائیں گی۔

اور مسند احمد اور ترمذی میں حضرت انس بن مالکؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

انّ الرسالة والنبوة قد انقطعت فلا رسول بعدى ولا نبى، رواه الترمذى و	"بیشک رسالت اور نبوت میرے بعد منقطع ہو چکی ہے، میرے بعد نہ کوئی رسول ہوگا اور نہ نبی"۔

وقال ھٰذا حدیث صحیح

اس حدیث نے واضح کر دیا کہ غیر تشریعی نبوّت بھی آپؐ کے بعد باقی نہیں، اور ظلّی بروزی تو نبوّت کی کوئی قسم ہی نہیں نہ اسلام میں اس طرح کی کوئی چیز معروف ہے۔

اس جگہ مسئلہ ختمِ نبوّت کی احادیث جمع کرنا مقصود نہیں، وہ تو دو سو سے زیادہ رسالہ "ختمِ نبوّت" میں جمع کر دی گئی ہیں، صرف چند احادیث سے یہ بتلانا مقصود تھا کہ مرزائی قادیانی نے جو بقاءِ نبوّت کے لئے ظلی اور بروزی کا عنوان ایجاد کیا ہے، اوّل تو اسلام میں اس کی کوئی اصل و بنیاد نہیں، اور بالفرض ہوتی بھی تو ان احادیث مذکورہ نے واضح طور پر یہ بتلا دیا کہ آپؐ کے بعد نبوّت کی کوئی قسم کسی طرح کی باقی نہیں ہے۔

اسی لئے صحابۂ کرام سے لے کر آج تک امّتِ مسلمہ کے سب طبقات کا اجماع اس عقیدہ پر رہا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی کسی قسم کا نبی یا رسول نہیں ہو سکتا، جو دعویٰ کرے وہ کاذب، منکرِ قرآن اور کافر ہے۔ اور صحابہ کرام کا سب سے پہلا اجماع اسی مسئلہ پر ہوا جس کی رُو سے مسیلمہ کذاب مدعیِ نبوّت سے خلیفۂ اوّل صدیق اکبر کے عہد میں جہاد کر کے اس کو اور اس کے ماننے والوں کو قتل کیا گیا۔

ائمہ سلف اور علماء امت کے اقوال و تصریحات بھی اس معاملہ میں رسالہ "ختمِ نبوّت" کے تیسرے حصّہ میں بڑی تفصیل سے لکھ دیئے گئے ہیں، اس جگہ چند کلمات نقل کئے جاتے ہیں۔

ابن کثیرؒ نے اپنی تفسیر میں اسی آیت کے تحت لکھا ہے:

اخبر اللہ تعالیٰ فی کتابہ و رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلّم فی السنۃ المتواترۃ عنہ انہ لا نبی بعدہ لیعلموا ان کل من ادعی ھذا المقام بعدہ فھو کذاب افّاک دجّال ضالّ مضل ولو حرّق وشعبذ واتی بانواع السحر والطلاسم والنیرنجیات فکلھا محال وضلال عند	"اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے احادیث متواترہ میں خبر دی ہے کہ آپؐ کے بعد کوئی نبی نہیں تاکہ لوگ سمجھ لیں کہ آپؐ کے بعد جو شخص اس مقامِ نبوّت کا دعویٰ کرے وہ کذاب، مفتری، دجّال، گمراہ، گمراہ کرنے والا ہے، اگرچہ وہ کتنی ہی شعبدہ بازی کرے اور قسم قسم کے جادو اور طلسم اور نیرنگیاں دکھلائے کہ سب کے سب محال اور

اولی الالباب کما اجری اللّٰہ، سُبحانہ علی ید الاسود العنسی بالیمن ومسیلمۃ الکذاب بالیمامۃ من الاحوال الفاسدۃ والاقوال البارۃ ما علم کلّ ذی لُبّ وفہم وحجی انہما کاذبان ضالّان لعنہما اللّٰہ تعالیٰ وکذٰلک کلّ مُدّع لذٰلک الی یوم القیٰمۃ حتّٰی یختموا بالمسیح الدجّال

(ابن کثیر)

اور گمراہی ہیں عقل والوں کے نزدیک جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے اسود عنسی (مدعی نبوّت) کے ہاتھ پر یمن میں اور مسیلمہ کذاب (مدعی نبوّت) کے ہاتھ پر یمامہ میں اس طرح کے حالاتِ فاسدہ اور بیہودہ اقوال ظاہر کرائے، جن کو دیکھ کر سُن کر ہر عقل وفہم والے نے سمجھ لیا کہ یہ دونوں کاذب اور گمراہ ہیں، اللہ ان پر لعنت فرمائے، اسی طرح جو شخص بھی قیامت تک نبوّت کا دعویٰ کرے وہ کاذب وکافر ہے، یہاں تک کہ مدعیانِ نبوت کا یہ سلسلہ مسیح دجال پر ختم ہوگا۔"

امام غزالیؒ نے اپنی کتاب "الاقتصاد فی الاعتقاد" میں آیتِ مذکورہ کی تفسیر اور عقیدۂ ختمِ نبوّت کے متعلق یہ الفاظ لکھے ہیں:۔

اِنَّ الْاُمَّۃَ فَہِمَتْ بِالْاِجْمَاعِ مِنْ ہٰذَا اللَّفْظِ وَمِنْ قَرَائِنِ اَحْوَالِہٖ اَنَّہٗ فُہِمَ عَدَمُ نَبِیٍّ بَعْدَہٗ اَبَدًا وَعَدَمُ رَسُوْلِ اللّٰہِ اَبَدًا وَاِنَّہٗ لَیْسَ فِیْہِ تَاوِیْلٌ وَلَا تَخْصِیْصٌ۔

(الاقتصاد، طبع مصر ص۱۲۸)

"بیشک امّت نے اس لفظ (یعنی خاتم النبیّین اور لانبیّ بعدی) سے اور قرائنِ احوال سے باجماع یہی سمجھا ہے کہ آپؐ کے بعد ابد تک نہ کوئی نبی ہوگا، اور نہ کوئی رسول، اور یہ کہ نہ اس میں کوئی تاویل چل سکتی ہے نہ تخصیص۔"

اور قاضی عیاضؒ نے اپنی کتاب شفا میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد دعویٰ نبوّت کرنے والے کو کافر اور کذّاب اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب کرنے والا اور آیتِ مذکورہ کا منکر کہہ کر یہ الفاظ لکھے ہیں:۔

واجمعت الامۃ علیٰ حمل ہذا الکلام علیٰ ظاہرہ وانّ مفہومہ المراد بہ دون تاویل ولا

"امت نے اجماع کیا ہے کہ اس کلام کو اپنے ظاہر پر محمول کیا جائے اور اس پر کہ اس آیت کا نفس مفہوم ہی مراد ہے

تخصیص فلا شك فی کفر	بغیر کسی تاویل یا تخصیص کے اس لئے ان
هؤلاء الطوائف کلها قطعاً	تمام فرقوں کے کفر میں کوئی شک نہیں،
اجماعاً وسمعاً	(جو کسی مدعیِ نبوّت کی پیروی کریں)

بلکہ ان کا کفر قطعی طور سے اجماع امت اور نقل یعنی کتاب و سنت سے ثابت ہے"

رسالہ ختم نبوت کے تیسرے حصہ میں ائمہ دین اور ہر طبقے کے اکابر علماء کے بہت سے اقوال جمع کر دیئے گئے ہیں، اور جو یہاں نقل کئے گئے ہیں ایک مسلمان کے لئے وہ بھی کافی ہیں واللہ اعلم

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا ﴿۴۱﴾ وَّسَبِّحُوْهُ

اے ایمان والو یاد کرو اللہ کی بہت سی یاد - اور پاکی بولتے رہو اسکی

بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴿۴۲﴾ هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ

صبح اور شام - وہی ہے جو رحمت بھیجتا ہے تم پر اور اس کے فرشتے

لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۭ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ

تاکہ نکالے تم کو اندھیروں سے اُجالے میں، اور ہے ایمان والوں پر

رَحِيْمًا ﴿۴۳﴾ تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ ۚ وَاَعَدَّ لَهُمْ اَجْرًا

مہربان - دُعا ان کی جس دن اس سے ملیں گے سلام ہے، اور تیار رکھا ہے اُن کے واسطے

كَرِيْمًا ﴿۴۴﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا

ثواب عزت کا - اے نبی ہم نے تجھ کو بھیجا ہے بتانے والا اور خوش خبری سنانے والا

وَّنَذِيْرًا ﴿۴۵﴾ وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ﴿۴۶﴾

اور ڈرانے والا، اور بلانے والا اللہ کی طرف اس کے حکم سے اور چمکتا ہوا چراغ

وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا ﴿۴۷﴾ وَلَا تُطِعِ

اور خوش خبری سنا دے ایمان والوں کو کہ ان کیلئے ہے خدا کی طرف سے بڑی بزرگی، اور کہا مت مان

الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَدَعْ اَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۴۸﴾

منکروں کا اور دغابازوں کا اور چھوڑ دے ان کا ستانا اور بھروسہ کر اللہ پر اور اللہ بس ہے کام بنانے والا۔

خلاصۂ تفسیر

اے ایمان والو تم (احساناتِ الٰہیہ کو عموماً اور ایسے اکمل رسل کی بعثت کے احسان کو خصوصاً یاد کر کے اس کا یہ شکر ادا کرو کہ) اللہ کو خوب کثرت سے یاد کرو (اس میں سب طاعات آگئیں) اور (اس ذکر و طاعت پر دوام رکھو پس) صبح و شام (یعنی علی الدوام) اس کی تسبیح (و تقدیس) کرتے رہو (یعنی دل سے بھی اور اعضاء سے بھی، اور زبان سے بھی پس جملۂ اُولیٰ سے عمومِ اعمال و طاعات کا اور جملۂ ثانیہ میں عمومِ ازمنہ و اوقات کا حاصل ہو گیا یعنی نہ تو ایسا کرو کہ کوئی حکم بجا لائے اور کوئی نہ بجا لائے، اور نہ ایسا کرو کہ کسی دن کوئی کام کر لیا کسی دن نہ کیا، اور جیسا اس نے تم پر بہت احسان کئے ہیں اور آئندہ بھی کرتا رہتا ہے پس بالضرورۃ مستحق ذکر و شکر ہے، چنانچہ) وہ ایسا (رحیم) ہے کہ وہ (خود بھی) اور (اس کے حکم سے) اس کے فرشتے (بھی) تم پر رحمت بھیجتے رہتے ہیں (اس کا رحمت بھیجنا تو رحمت کرنا ہے اور فرشتوں کا رحمت بھیجنا رحمت کی دعاء کرنا ہے کما قال اَلَّذِیْنَ یَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ (الیٰ قولہ) وَقِهِمُ السَّیِّاٰتِ، اور یہ رحمت بھیجنا اس لئے ہے) تاکہ حق تعالیٰ (ببرکت اس رحمت کے) تم کو (جہالت و ضلالت کی) تاریکیوں سے (علم اور ہدایت کے) نور کی طرف لے آئے (یعنی خدائی رحمت اور دعاءِ ملائکہ کی برکت ہے کہ تم کو علم اور ہدایت کی توفیق اور اس پر ثبات حاصل ہے کہ یہ ہر وقت متجدد ہوتی رہتی ہے) اور (اس سے ثابت ہوا کہ) اللہ تعالیٰ مؤمنین پر بہت مہربان ہے (اور یہ رحمت تو مؤمنین کے حال پر دنیا میں ہے اور آخرت میں بھی وہ موردِ رحمت ہوں گے، چنانچہ) وہ جس روز اللہ سے ملیں گے تو ان کو جو سلام ہوگا وہ یہ ہوگا کہ (اللہ تعالیٰ خود ان سے ارشاد فرماویں گا) اَلسَّلَامُ عَلَیْكُمْ (کہ اوّلاً خود سلام ہی علامت اعزاز کی ہے، پھر جب کہ خود اللہ تعالیٰ کی طرف سے سلام ہو کما قال سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ اور حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ خود اہلِ جنت سے فرمائے گا اَلسَّلَامُ عَلَیْكُمْ (رواہ ابن ماجہ وغیرہ اور یہ سلام تو روحانی انعام ہے جس کا حاصل اکرام ہے) اور (آگے جسمانی انعام کی خبر بعنوانِ عام ہے کہ) اللہ تعالیٰ نے اُن (مؤمنین کے لئے) عمدہ صلہ (جنت میں) تیار کر رکھا ہے (کہ ان کے جانے کی دیر ہے، یہ گئے اور وہ ملا، آگے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب ہے کہ) اے نبی (آپ مشتے چند معترضین کے طعن سے مغموم نہ ہوں، اگر یہ سفہاء آپ کو نہ جانیں تو کیا ہوا ہم نے تو ان بڑی بڑی

نعمتوں اور رحمتوں کا جو کہ خطاب مؤمنین میں مذکور ہوئی ہیں، آپ ہی کو واسطہ بنایا ہے اور آپ کے مخالفین کی سزا کے لئے خود آپ کا بیان کافی قرار دیا گیا ہے کہ اُن کے مقابلہ میں آپ سے ثبوت نہ لیا جائے گا، پس اس سے ظاہر ہے کہ آپ ہمارے نزدیک کس درجہ محبوب و مقبول ہیں، چنانچہ) ہم نے بے شک آپؐ کو اس شان کا رسول بنا کر بھیجا ہے کہ آپؐ (قیامت کے روز امت کے اعتبار سے خود سرکاری) گواہ ہوں گے (کہ آپ کے بیان کے موافق اُن کا فیصلہ ہوگا کما قال اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا شَاهِدًا عَلَيْكُمْ اور ظاہر ہے کہ خود صاحب معاملہ کو دوسرے فریق اہل معاملہ کے مقابلہ میں گواہ قرار دینا اعلیٰ درجہ کا اکرام اور علوِ شان ہے جس کا قیامت کے روز ظہور ہوگا) اور (دنیا میں جو آپؐ کی صفاتِ کمال ظاہر ہیں وہ یہ ہیں کہ) آپ (مؤمنین کے) بشارت دینے والے ہیں اور (کفار کے) ڈرانے والے ہیں اور (عام طور پر سب کو) اللہ کی طرف اس کے حکم سے بلانے والے ہیں (اور یہ تبشیر و انذار و دعوت تبلیغاً ہے) اور (یوں خود اپنی ذات و صفات و کمالات و عبادات و عادات وغیرہا مجموعی حالات کے اعتبار سے) آپ (سرتاپا نمونہ ہدایت ہونے میں بمنزلہ) ایک روشن چراغ (کے) ہیں (کہ آپ کی ہر حالت طالبانِ انوار کے لئے سرمایۂ ہدایت ہے، پس قیامت میں ان مؤمنین پر جو کچھ رحمت ہوگی وہ آپ ہی کی ان صفات بشیر و نذیر و داعی و سراج منیر کے واسطہ سے ہے۔ پس آپ اس غم و پریشانی کو الگ کیجئے) اور (اپنے منصبی کام میں لگئے یعنی) مؤمنین کو بشارت دیجئے کہ ان پر اللہ کی طرف سے بڑا فضل ہونے والا ہے اور (اسی طرح کافروں اور منافقوں کو ڈراتے رہیے جس کو ایک خاص عنوان سے تعبیر کیا ہے وہ یہ کہ) کافروں اور منافقوں کا کہنا نہ کیجئے (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا تو امکان ہی نہ تھا کہ آپ کفار و منافقین کے کہنے میں آکر تبلیغ و دعوت چھوڑ دیں، لیکن لوگوں کی طعن و تشنیع سے بچنے کے لئے ممکن تھا کہ آپؐ اس عملی تبلیغ میں جو نکاح زینبؓ کے ذریعہ مقصود تھی کوئی سستی کریں اس کو کفار کا کہنا ماننے سے تعبیر کر دیا گیا) اور ان (کافروں اور منافقوں) کی طرف سے جو (کوئی) ایذاء پہونچے (جیسا اس نکاح میں کہ تبلیغ فعلی ہے ایذاء قولی پہونچی) اس کا خیال نہ کیجئے اور (فعلی ایذاء کا بھی اندیشہ نہ کیجئے، اور اگر اس کا وسوسہ آئے تو) اللہ پر بھروسہ کیجئے اور اللہ کافی کارساز ہے، (وہ آپ کو ہر ضرر سے بچائے گا اور اگر تبلیغ میں کوئی ظاہری ضرر پہونچتا ہے وہ باطناً نفع ہوتا ہے، وہ وعدۂ کفایت و وکالت کے منافی نہیں)۔

معارف و مسائل

سابقہ آیات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم و تکریم اور آپؐ کی ایذاء رسانی سے بچنے کے لئے ہدایات کے ضمن میں حضرت زیدؓ اور زینبؓ کا قصہ اور اس کی مناسبت سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خاتم النبیین ہونا بیان ہوا ہے، آگے بھی آپؐ کی صفاتِ کمال کا بیان آنے والا ہے۔ اور آپؐ کی ذات وصفات سب مسلمانوں کے لئے دنیا میں سب سے بڑی نعمت ہیں، ان کا شکر ادا کرنے کے لئے آیت مذکورہ میں ذکر اللہ کی کثرت کا حکم دیا گیا ہے،

ذکر اللہ ایسی عبادت ہے جس کے لئے کوئی شرط نہیں اور اس کے بکثرت کرنے کا حکم ہے

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِیْرًا، حضرت ابن عباس رضؓ نے فرمایا کہ اللہ نے اپنے بندوں پر ذکر اللہ کے سوا کوئی ایسی عبادت عائد نہیں کی جس کی کوئی خاص حد مقرر نہ ہو، نماز پانچ وقت کی اور ہر نماز _____ کی رکعات متعین ہیں، روزے ماہ رمضان کے متعین اور مقرر ہیں، حج بھی خاص مقام پر خاص اعمال مقررہ کرنے کا نام ہے، زکوٰۃ بھی سال میں ایک ہی مرتبہ فرض ہوتی ہے، مگر ذکر اللہ ایسی عبادت ہے کہ نہ اس کی کوئی حد اور تعداد متعین ہے، نہ کوئی خاص وقت اور زمانہ مقرر ہے، نہ اس کے لئے کوئی خاص ہیئت قیام یا نشست کی مقرر ہے، نہ اس کے لئے طاہر اور باوضو ہونا شرط ہے۔ ہر وقت ہر حال میں ذکر اللہ بکثرت کرنے کا حکم ہے، سفر ہو یا حضر، تندرستی ہو یا بیماری خشکی میں ہو یا دریا میں، رات ہو یا دن ہر حال میں ذکر اللہ کا حکم ہے۔

اسی لئے اس کے ترک میں انسان کا کوئی عذر مسموع نہیں، بجز اس کے کہ عقل و حواس ہی نہ رہیں بے ہوش ہو جائے، اس کے علاوہ دوسری عبادات میں بیماری اور مجبوری کے حالات میں انسان کو معذور قرار دے کر عبادت میں اختصار اور کمی یا معافی کی رخصتیں بھی ہیں، مگر ذکر اللہ کے لئے اللہ تعالیٰ نے کوئی شرط نہیں رکھی۔ اس لئے اس کے ترک میں کسی حال کوئی عذر مسموع بھی نہیں، اور اس کے فضائل و برکات بھی بیشمار ہیں

امام احمدؒ نے حضرت ابوالدرداءؓ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابۂ کرام کو خطاب کر کے فرمایا کہ کیا میں تمہیں وہ چیز نہ بتلا دوں جو تمہارے سب اعمال سے بہتر اور تمہارے مالک کے نزدیک سب سے زیادہ مقبول ہے، اور تمہارے درجات بلند کرنے والی ہے، اور تمہارے لئے سونے چاندی کے صدقہ وخیرات سے بہتر ہے اور اس سے بھی بہتر ہے کہ تم اللہ کی راہ میں جہاد کے لئے نکلو اور تمہارا دشمن سے

مقابلہ ہو تم اُن کی گردنیں مار دو وہ تمھاری، صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ وہ کونسی چیز اور کونسا عمل ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ذِکْرُ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ "یعنی اللہ تعالیٰ کی یاد (ابن کثیر)

نیز امام احمدؒ اور ترمذی نے روایت کیا ہے کہ حضرت ابوہریرہؓ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک دعاء سُنی ہے جس کو میں کبھی نہیں چھوڑتا، وہ یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ اُعَظِّمُ شُکْرَکَ وَاَتَّبِعُ نَصِیْحَتَکَ وَاُکْثِرُ ذِکْرَکَ وَاَحْفَظُ وَصِیَّتَکَ (ابن کثیر)	"یا اللہ مجھے ایسا بنادے کہ میں تیرا شکر بہت کروں اور تیری نصیحت کا تابع رہوں اور تیرا ذکر کثرت سے کیا کروں اور تیری وصیت کو محفوظ رکھوں"۔

اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ سے اس کی دعاء کی کہ ذکر اللہ کی کثرت کی توفیق عطا ہو۔

ایک اعرابی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ اسلام کے اعمال و فرائض و واجبات تو بہت ہیں، آپ مجھے کوئی ایسی مختصر جامع بات بتلا دیں کہ میں اس کو مضبوطی سے اختیار کرلوں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

لَا یَزَالُ لِسَانُکَ رَطْبًا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَعَالٰی (مسند احمد، ابن کثیر)	"یعنی تیری زبان ہمیشہ اللہ کے ذکر سے تر و تازہ رہنی چاہیئے"۔

اور حضرت ابوسعید خدری رضؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

اُذْکُرُوا اللّٰہَ تَعَالٰی حَتّٰی یَقُوْلُوْا مَجْنُوْنٌ (ابن کثیر از مسند احمد)	"یعنی تم اللہ کا ذکر اتنا کرو کہ دیکھنے والے تمہیں دیوانہ کہنے لگیں"۔

اور حضرت عبداللہ بن عمر رضؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو لوگ کسی مجلس میں بیٹھیں جس میں اللہ کا ذکر نہ آئے تو قیامت کے روز یہ مجلس ان کے لئے حسرت ثابت ہوگی۔ (رواہ احمد، ابن کثیر)

وَسَبِّحُوْہُ بُکْرَۃً وَّاَصِیْلًا، یعنی اللہ کی پاکی بیان کرو صبح و شام۔ صبح و شام سے مراد یا تو تمام اوقات ہیں، یا پھر صبح و شام کی تخصیص اس لئے ہے کہ ان اوقات

میں ذکر اللہ کی تاکید بھی زیادہ ہے اور برکت بھی۔ ورنہ ذکر اللہ کسی خاص وقت کے ساتھ مخصوص ومحدود نہیں ہے۔

هُوَ الَّذِیْ یُصَلِّیْ عَلَیْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ ، یعنی جب تم ذکر اللہ کی کثرت کے عادی ہو گئے اور صبح وشام کی تسبیح پر مداومت کرنے لگے تو اس کا اعزاز واکرام اللہ کے نزدیک یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ تم پر رحمت نازل فرمائے گا اور اس کے فرشتے تمہارے لئے دعاء کریں گے۔

آیت مذکورہ میں لفظ صلوٰۃ اللہ تعالیٰ کے لئے بھی استعمال کیا گیا ہے اور فرشتوں کے لئے بھی، لیکن مصداق صلوٰۃ کا الگ الگ ہے۔ اللہ کی صلوٰۃ تو یہ ہے کہ وہ رحمت نازل فرمائے، اور فرشتے خود تو کسی کام پر قادر نہیں ان کی صلوٰۃ یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے نزولِ رحمت کی دعاء مانگیں۔

اور حضرت ابن عباس رضؓ نے فرمایا کہ صلوٰۃ اللہ کی طرف سے رحمت ہے اور فرشتوں کی طرف سے استغفار یعنی دعاءِ مغفرت، اور باہم ایک دوسرے کی طرف سے دعاء۔ لفظ صلوٰۃ ان تینوں معنی کے لئے شامل ہے جو عمومِ مشترک جائز قرار دیتے ہیں، ان کے نزدیک یہ لفظ معنی میں مشترک ہے، اور تینوں مراد ہیں جو عموم مشترک کو قواعد عربیہ کی رُو سے جائز نہیں سمجھتے وہ بطور عموم مجاز کے ان سب معنوں پر لفظ صلوٰۃ کا اطلاق قرار دیں گے۔

تَحِیَّتُهُمْ یَوْمَ یَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ ، یہ اسی صلوٰۃ کی توضیح وتفسیر ہے جو اللہ کی طرف سے مؤمن بندوں پر ہوتی ہے، یعنی جس روز یہ لوگ اللہ تعالیٰ سے ملیں گے تو اس کی طرف سے ان کا اعزازی خطاب سلام سے کیا جائے گا یعنی اَلسَّلَامُ عَلَیْكُمْ کہا جائے گا۔ اللہ سے ملنے کا دن کونسا ہوگا؟ امام راغب وغیرہ نے فرمایا کہ مراد اس سے روزِ قیامت ہے، اور بعض ائمہ تفسیر نے فرمایا کہ جنت میں داخلہ کا وقت مراد ہے، جہاں ان کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے بھی سلام پہونچے گا اور سب فرشتے بھی سلام کریں گے۔ اور بعض حضرات مفسرین نے اللہ سے ملنے کا دن موت کا دن قرار دیا ہے کہ وہ دن سارے عالم سے چھوٹ کر صرف ایک اللہ کے سامنے حاضری کا دن ہے، جیسا کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ ملک الموت جب کسی مؤمن کی رُوح قبض کرنے کے لئے آتا ہے تو اوّل اس کو یہ پیام پہونچاتا ہے کہ تیرے رب نے تجھے سلام کہا ہے۔

اور لفظ لِقآء ان تینوں حالات پر صادق ہے اس لئے ان اقوال میں کوئی تضاد و تعارض نہیں ہو سکتا، کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ سلام تینوں حالات میں ہوتا ہو۔ (روح المعانی)

مسئلہ: اس آیت سے یہ ثابت ہوا کہ مسلمانوں کے باہم ایک دوسرے کا تحیہ لفظ السلام علیکم ہونا چاہیئے خواہ بڑے کی طرف سے چھوٹے کے لئے ہو یا چھوٹے کی طرف سے بڑے کے لئے ہو۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خاص صفات

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۙ وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا، یہ پھر عود ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خاص صفاتِ کمال اور مناقب کی طرف، اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پانچ صفات کا ذکر فرمایا۔ شاہد، مبشر، نذیر، داعی الی اللہ سراج منیر، شاہد سے مراد یہ ہے کہ آپ قیامت کے روز امت کے لئے شہادت دیں گے جیسا کہ صحیح بخاری، نسائی، ترمذی وغیرہ میں حضرت ابو سعید خدری رضؓ سے ایک طویل حدیث روایت ہے جس کے بعض جملے یہ ہیں کہ قیامت کے روز نوح علیہ السلام پیش ہوں گے تو ان سے سوال کیا جائے گا کہ کیا آپ نے ہمارا پیغام اپنی اُمت کو پہنچا دیا تھا وہ عرض کریں گے کہ میں نے پہنچا دیا، پھر ان کی اُمت پیش ہو گی، وہ اس سے انکار کرے گی کہ ان کو اللہ کا کوئی پیغام پہونچا ہو۔ اس وقت حضرت نوح علیہ السلام سے پوچھا جائیگا کہ آپ جو پیغامِ حق پہونچانے کا دعویٰ کرتے ہیں اس پر کوئی آپ کا شاہد بھی ہے؟ وہ عرض کریں گے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی امت گواہ ہے۔ بعض روایات میں ہے کہ وہ گواہی میں اُمتِ محمدیہ کو پیش کریں گے، یہ اُمت ان کے حق میں گواہی دے گی، تو امتِ نوح علیہ السلام ان پر یہ جرح کرے گی کہ یہ ہمارے معاملہ میں کیسے گواہی دے سکتے ہیں، یہ تو اس وقت پیدا بھی نہیں ہوئے تھے، ہمارے زمانے سے بہت طویل زمانے کے بعد پیدا ہوئے ہیں۔ اس جرح کا جواب اُمتِ محمدیہ سے پوچھا جائے گا، وہ یہ جواب دے گی کہ بیشک ہم اس وقت موجود نہیں تھے، مگر ہم نے اس کی خبر اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنی تھی، جس پر ہمارا ایمان و اعتقاد ہے۔ اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آپؐ کی اُمت کے اس قول کی تصدیق کے لئے شہادت لی جائے گی۔

خلاصہ یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی شہادت کے ذریعہ اپنی امت کی تصدیق و توثیق فرمائیں گے کہ بیشک میں نے اُن کو یہ اطلاع دی تھی۔

اور اُمت پر شاہد ہونے کا ایک مفہوم عام یہ بھی ہو سکتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اپنی اُمّت کے سب افراد کے اچھے بُرے اعمال کی شہادت دیں گے۔ اور یہ شہادت اس بناء پر ہو گی کہ اُمّت کے اعمال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ہر روز صبح و شام اور بعض روایات میں ہفتہ میں ایک روز پیش ہوتے ہیں، اور آپؐ اُمّت کے ایک ایک فرد کو اس کے اعمال کے ذریعہ پہچانتے ہیں۔ اس لئے قیامت کے روز آپؐ اُمّت کے شاہد بنائے جائیں گے (رواہ ابن المبارک عن سعید بن المسیب، مظہری)

اور مبشّر کے معنی بشارت دینے والا، مراد یہ ہے کہ آپؐ اپنی اُمّت کے نیک باشرع لوگوں کو جنّت کی خوش خبری سُنانے والے ہیں۔ اور نذیر کے معنی ڈرانے والا، مراد یہ ہے کہ آپؐ اُمّت کے لوگوں کو درصورت خلاف ورزی و نافرمانی کے عذاب سے ڈرانے والے بھی ہیں۔

داعی الی اللہ سے مراد یہ ہے کہ آپؐ امّت کو اللہ تعالیٰ کے وجود اور توحید اور اطاعت کی طرف دعوت دینے والے ہیں۔ دَاعِیًا اِلَی اللّٰہِ کو بِاِذْنِہٖ کے ساتھ مشروط فرمایا کہ آپؐ لوگوں کو اللہ کی طرف دعوت دینے والے اور بُلانے والے اللہ ہی کے اذن و اجازت سے ہیں۔ اس قید و شرط کا اضافہ اس اشارہ کے لئے ہے کہ تبلیغ و دعوت کی خدمت سخت دشوار ہے، وہ اللہ تعالیٰ کے اذن اور اعانت کے بغیر انسان کے بس میں نہیں آسکتی۔

سِرَاج کے معنی چراغ اور مُنِیر کے معنی روشن کرنے والا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پانچویں صفت اس میں یہ بیان فرمائی گئی کہ آپؐ روشن کرنے والے چراغ ہیں، اور بعض حضرات نے سراج منیر سے مراد قرآن لیا ہے، مگر نسقِ کلام سے قریب یہی معلوم ہوتا ہے کہ یہ بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت ہے۔

بیہقی وقت حضرت قاضی ثناء اللہ صاحبؒ نے تفسیر مظہری میں فرمایا کہ آپؐ کی صفت داعی الی اللہ تو ظاہر اور زبان کے اعتبار سے ہے، اور سراج منیر آپ کی صفت آپؐ کے قلب مبارک کے اعتبار سے ہے کہ جس طرح سارا عالم آفتاب سے روشنی حاصل کرتا ہے اسی طرح تمام مؤمنین کے قلوب آپؐ کے نورِ قلب سے منوّر ہوتے ہیں اسی لئے صحابۂ کرام جنھوں نے اس عالم میں آپؐ کی صحبت پائی وہ ساری اُمّت سے افضل و اعلیٰ قرار پائے۔ کیونکہ ان کے قلوب نے قلبِ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بلاواسطہ عیاناً فیض اور نور حاصل کیا، باقی اُمّت کو یہ نور صحابۂ کرام کے واسطے سے واسطہ در واسطہ ہو کر پہنچا (انتہی کلامہٗ) اور یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ تمام انبیاء خصوصاً رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس دنیا سے گذرنے کے ——— بعد بھی اپنی قبروں میں زندہ ہیں، انکی

یہ حیاتِ برزخی عام لوگوں کی حیاتِ برزخی سے بدرجہا زیادہ فائق وممتاز ہوتی ہے جس کی حقیقت اللہ تعالیٰ ہی جانتے ہیں۔

بہرحال اس حیات کی وجہ سے قیامت تک مؤمنین کے قلوب آپؐ کے قلب مبارک سے استفاضۂ نور کرتے رہیں گے، اور جو جتنی محبت وتعظیم اور درود شریف کا زیادہ اہتمام کرے گا اس نور کا حصہ زیادہ پائے گا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نور کو چراغ سے تشبیہ دی گئی، حالانکہ آپؐ کا نور باطن آفتاب کے نور سے کہیں زیادہ ہے، آفتاب سے صرف دنیا کا ظاہر روشن ہوتا ہے لیکن آپؐ کے قلبِ مبارک سے سارے جہان کا باطن اور مومنین کے قلوب روشن ہوتے ہیں۔ وجہ اس تشبیہ کی یہ معلوم ہوتی ہے کہ چراغ کی روشنی سے استفادہ اختیاری ہے، ہر وقت کر سکتے ہیں، اس تک رسائی بھی آسان ہے، اس کا حاصل کرنا بھی آسان ہے بخلاف آفتاب کے کہ وہاں تک رسائی بھی متعذر ہے اور اس سے استفادہ ہر وقت نہیں کیا جا سکتا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ صفات جیسے قرآن میں آئی ہیں قرآن سے پہلے تورات میں بھی مذکور ہیں جیسا کہ امام بخاری نے نقل کیا ہے کہ حضرت عطاء بن یسار فرماتے ہیں کہ میں ایک روز حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاصؓ سے ملا، تو ان سے سوال کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جو صفات تورات میں آئی ہیں وہ مجھے بتلائیے۔ انھوں نے فرمایا بیشک میں بتلاتا ہوں، خدا کی قسم! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعض صفات جو قرآن میں مذکور ہیں وہ تورات میں بھی موجود ہیں، اور فرمایا:۔

اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا	اے نبیؐ ہم نے آپ کو بھیجا ہی شاہد بنا کر
وَّنَذِيْرًا وَّحِرْزًا لِّلْاُمِّيِّيْنَ	اور بشارت دینے والا اور ڈرانے والا
اَنْتَ عَبْدِيْ وَرَسُوْلِيْ سَمَّيْتُكَ	اور پناہ وحفاظت امیین یعنی عرب
الْمُتَوَكِّلَ لَيْسَ بِفَظٍّ وَّلَا غَلِيْظٍ	کی آپ میرے بندے اور رسول ہیں،
وَّلَا سَخَّابٍ فِي الْاَسْوَاقِ	میں نے آپ کا نام متوکل (یعنی اللہ
وَلَا يَدْفَعُ السَّيِّئَةَ بِالسَّيِّئَةِ	پر بھروسہ کرنے والا) رکھا ہی نہ آپ
وَلٰكِنْ يَّعْفُوْا وَيَغْفِرُ لَنْ يَّقْبِضَهٗ	تند خو ہیں نہ سخت مزاج اور نہ بازاروں
اللّٰهُ تَعَالٰى حَتّٰى يُقِيْمَ بِهِ الْمِلَّةَ	میں شور مچانے والے، اور آپ برائی
الْعَوْجَاءَ بِاَنْ يَّقُوْلُوْا لَآ اِلٰهَ اِلَّا	کا بدلہ برائی سے نہیں دیتے، بلکہ معاف
اللّٰهُ وَيُفْتَحُ بِهٖٓ اَعْيُنًا عُمْيًا وَ	کر دیتے ہیں، اور آپ کو اللہ تعالیٰ

اٰذَانًا صُمًّا وَّقُلُوْبًا غُلْفًا، | دنیا سے اُس وقت تک نہیں واپس لائیں گے جب تک کہ آپ کے ذریعہ ٹیڑھی اُمت کو سیدھا نہ کر دیں کہ وہ لا الہ الا اللہ کہنے لگیں، آپؐ کے ذریعہ اللہ اندھی آنکھوں، بہرے کانوں اور بند دلوں کو کھول دیگا"

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ

اے ایمان والو جب تم نکاح میں لاؤ مسلمان عورتوں کو پھر ان کو چھوڑ دو

مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ج

پہلے اس سے کہ ان کو ہاتھ لگاؤ سو ان پر تم کو حق نہیں عدّت میں بٹھلانا کہ گنتی پوری کراؤ

فَمَتِّعُوْهُنَّ وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿۴۹﴾

سو ان کو دو کچھ فائدہ اور رخصت کرو بھلی طرح سے۔

خُلاصۂ تفسِیر

اے ایمان والو (تمھارے نکاح کے احکام میں سے تو ایک حکم یہ ہے کہ) جب تم مسلمان عورتوں سے نکاح کرو (اور) پھر ان کو قبل ہاتھ لگانے کے (کسی وجہ سے) طلاق دیدو تو تمھاری ان پر کوئی عدت (واجب) نہیں جس کو تم شمار کرنے لگو (تاکہ ان کو اس عدت میں نکاح ثانی سے روک سکو جیسا کہ عدت واجب ہونے کی صورت میں شرعًا یہ روکنا جائز بلکہ واجب ہی اور جب اس صورت میں عدت نہیں) تو ان کو کچھ (مال) متاع دیدو اور خوبی کے ساتھ اُن کو رخصت کر دو (اور مؤمنات کی طرح کتابیات کا بھی یہی حکم ہے، آیت میں مُؤْمِنَات کی قید بطور شرط کے نہیں بلکہ ایک ترغیبی ہدایت ہے، کہ مومن کو اپنے نکاح میں مسلمان عورت ہی کا انتخاب کرنا بہتر ہے۔

اور ہاتھ لگانا کنایہ ہی صحبت سے خواہ حقیقۃً یا حکمًا، جیسے باہم خلوت صحیحہ ہو جائے تو یہ بھی صحبت کے حکم میں ہے، اور صحبت حقیقۃً ہو یا حکمًا دونوں صورتوں میں عدت واجب ہی۔ کذا فی الہدایہ وغیرہا، اور اگر مہر مقرر ہو چکا ہے تو یہ متاع نصف مہر کی ادائیگی ہے۔ اور سراح جمیل یہ ہے کہ ان کو بغیر حق کے نہ روکے، اور جو متاع دینا واجب ہے

وہ ادا کر دے اور دیا ہوا واپس نہ لے، زبان سے بھی کوئی سخت بات نہ کہے)۔

معارف و مسائل

پچھلی آیت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چند صفات کمال اور آپؐ کی مخصوص شان کا ذکر تھا آگے بھی آپؐ کی اُن خصوصیات کا ذکر آنے والا ہے، جو نکاح و طلاق کے معاملات میں آپؐ کے ساتھ ایک گونہ خصوصیت رکھتی ہیں، اور عام امت کی نسبت سے آپؐ کو ان میں ایک امتیاز حاصل ہے۔ اس سے پہلے بطور تمہید کے ایک عام حکم متعلقہ طلاق ذکر کیا گیا ہے، جو سب مسلمانوں کے لئے عام ہے۔

آیت مذکورہ میں اس کے متعلق تین احکام بیان کئے گئے ہیں:۔

پہلا حکم یہ کہ کسی عورت سے نکاح کر لینے کے بعد خلوت صحیحہ سے پہلے ہی کسی وجہ سے طلاق کی نوبت آجائے، تو مطلقہ عورت پر کوئی عدت واجب نہیں، وہ فوراً ہی دوسرا نکاح کر سکتی ہے۔ آیت مذکورہ میں ہاتھ لگانے سے مراد صحبت اور صحبت کا حقیقی یا حکمی ہونا اور دونوں کا ایک حکم ہونا خلاصۂ تفسیر میں معلوم ہو چکا ہے، اور صحبت حکمی خلوتِ صحیحہ ہو جانا ہے۔

دوسرا حکم یہ ہے کہ مطلقہ عورت کو شرافت اور حُسنِ خُلق کے ساتھ کچھ سامان دے کر رخصت کیا جائے، کچھ سامان دے کر رخصت دینا ہر مطلقہ کے لئے مستحب و مسنون ہے اور بعض صورتوں میں واجب ہے۔ جس کی تفصیل خلاصۂ تفسیر میں گذر چکی ہے اور سورۂ بقرہ کی آیت لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ مَا لَمْ تَمَسُّوهُنَّ کے تحت میں گذر چکی ہے، اور ان الفاظِ قرآنی میں لفظ متاع اختیار فرمانا شاید اس حکمت سے ہو کہ یہ لفظ اپنے مفہوم کے اعتبار سے عام ہے، ہر اس چیز کے لئے جس سے فائدہ اٹھایا جائے۔ اس میں عورت کے حقوق واجبہ مہر وغیرہ بھی شامل ہیں کہ اگر ابتک مہر نہ دیا گیا ہو تو طلاق کے وقت خوش دلی سے ادا کر دیں، اور غیر واجب حقوق مثلاً مطلقہ کو رخصت کے وقت کپڑوں کا ایک جوڑا دے کر رخصت کرنا یہ بھی داخل ہے جو ہر مطلقہ عورت کو دینا مستحب ہے (کذا فی المبسوط والمحیط، روح) اس لحاظ سے..... مَتِّعُوهُنَّ کا صیغۂ امر عام ترغیب کے لئے ہے، جس میں واجب اور غیر واجب دونوں قسمیں شامل ہیں (روح)

امام حدیث عبد بن حُمَیدؒ نے حضرت حسن سے روایت کیا ہے کہ متعہ یعنی متاعؒ

سامان دینا ہر مطلقہ کے لئے ہی خواہ اس کے ساتھ خلوتِ صحیحہ ہوئی ہو یا نہ ہوئی ہو اور اس کا مہر مقرر ہو یا نہ ہو۔

طلاق کے وقت مُتعہ یعنی لباس کی تفصیل

بدائع میں ہی کہ مُتعہ طلاق سے مراد وہ لباس ہے جو عورت گھر سے نکلنے کے وقت ضرور ہی استعمال کرتی ہے۔ اس میں پاجامہ، کرتہ، اوڑھنی اور ایک بڑی چادر جو سر سے پاؤں تک بدن کو چھپا سکے شامل ہے۔ اور چونکہ لباس قیمت کے اعتبار سے اعلیٰ، ادنیٰ، اوسط ہر طرح کا ہو سکتا ہے، اس لئے فقہاء نے اس کی یہ تفصیل فرمائی کہ اگر شوہر بیوی دونوں مالدار گھرانوں کے ہیں تو کپڑے اعلیٰ قسم کے دیئے جائیں، اور دونوں غریب ہیں تو کپڑے ادنیٰ درجہ کے دیئے جائیں، اور ایک غریب اور دوسرا مالدار ہی تو اوسط درجہ کا لباس دیا جائے۔ (کذا قال الخصاف فی النفقات)

اسلام میں حُسنِ معاشرت کی بے نظیر تعلیم

دنیا میں حقوق کی ادائیگی عام طور پر صرف دوستوں عزیزوں تک اور زیادہ سے زیادہ عام لوگوں تک محدود رہتی ہے، حُسنِ اخلاق حُسنِ معاشرت کا سارا زور صرف یہیں تک خرچ ہوتا ہے، اپنے مخالف اور دشمن کے بھی حقوق پہچاننا اس کے لئے قوانین وضع کرنا صرف شریعتِ اسلام ہی کا کام ہے۔ اس زمانہ میں اگرچہ حقوقِ انسانیت کی حفاظت کیلئے دنیا میں بہت سے مستقل ادارے قائم کئے گئے ہیں، اور اس کے لئے کچھ ضابطے قاعدے بھی بنائے ہوئے ہیں، اس مقصد کے لئے اقوامِ عالم سے لاکھوں روپیہ کا سرمایہ بھی جمع کیا جاتا ہے، مگر اوّل تو ان اداروں پر سیاسی مقاصد چھائے ہوئے ہیں۔ جو کچھ مصیبت زدگان کی امداد کی جاتی ہے وہ بھی بے غرض اور ہر جگہ نہیں، بلکہ جہاں اپنے سیاسی مقاصد پورے ہوتے ہیں۔ اور بالفرض یہ ادارے بالکل صحیح طور پر بھی خدمتِ خلق انجام دیں تو ان کی زیادہ سے زیادہ اس وقت پہونچ ہو سکتی ہے جب کسی خطۂ زمین میں کوئی عام حادثہ طوفان، وبائی امراض وغیرہ کا پیش آجائے۔ افراد و احاد کی مصیبت و تکلیف کی کس کو خبر ہوتی ہے، کون مدد کو پہونچ سکتا ہے؟ شریعت اسلام کی حکیمانہ تعلیم دیکھئے کہ طلاق کا معاملہ ظاہر ہے کہ باہمی مخالفت غصّے اور ناراضی سے پیدا ہوتا ہے، اور اس کا نتیجہ عموماً یہ ہوتا ہی کہ جو تعلق انتہائی یگانگت اور محبّت و الفت کی بنیاد پر قائم ہوا تھا وہ اب اس کی نقیض بن کر نفرت، دشمنی، انتقامی جذبات کا مجموعہ بن جاتا ہے۔ قرآن کریم کی آیت مذکورہ اور اسی قسم کی بہت سی آیات نے عین طلاق کے موقع پر جو مسلمان کو ہدایات دی ہیں وہی ایسی ہیں کہ ان میں حُسنِ خُلق اور حُسنِ معاشرت کا پورا امتحان ہوتا ہے۔ نفس کا تقاضا ہوتا ہے کہ جس عورت نے

ہمیں ستایا اذیت دی یہاں تک کہ قطع تعلق پر مجبوری ہوئی اس کو خوب ذلیل کر کے نکالا جائے اور جو انتقام اس سے لیا جا سکتا ہے لے لیا جائے۔

مگر قرآن کریم نے عام مطلّقہ عورتوں کے لئے تو ایک بڑی پابندی عدت کی اور ایام عدّت کو شوہر کے مکان میں گذارنے کی لگادی۔ طلاق دینے والے پر فرض کر دیا کہ اس مدت کے اندر عورت کو اپنے گھر سے نہ نکالے، اور اس کو بھی پابند کر دیا کہ ایام عدت میں اس گھر سے نہ نکلے۔ دوسرے شوہر پر فرض کر دیا کہ طلاق دیدینے کے باوجود اس زمانۂ عدت کا نفقہ بدستور جاری رکھے۔ تیسرے شوہر کے لئے مستحب کیا کہ عدت پوری ہونے کے بعد بھی جب اس کو رخصت کرے تو متاع یعنی لباس دے کر عزت کے ساتھ رخصت کرے، صرف وہ عورتیں جن کے ساتھ صرف نکاح کا بول پڑھا گیا ہے رخصتی اور خلوت وصحبت کی نوبت نہیں آئی وہ عدت سے مستثنیٰ قرار دی گئیں، لیکن ان کے متاع کی تاکید بہ نسبت دوسری عورتوں کے زیادہ کر دی گئی۔ اسی کے ساتھ

تیسرا حکم یہ دیا گیا کہ سَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا، یعنی ان کو رخصت کرو خوبی کے ساتھ، جس میں یہ پابندی لگادی گئی کہ زبان سے بھی کوئی سخت بات نہ کہیں طعن وتشنیع کا طریقہ اختیار نہ کریں۔

مخالفت کے وقت مخالف کے حقوق کی رعایت وہی کر سکتا ہے جو اپنے نفس کے جذبات پر قابو رکھے، اسلام کی ساری تعلیمات میں اس کی رعایت رکھی گئی ہے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْٓ اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ

اے نبی ہم نے حلال رکھیں تجھ کو تیری عورتیں جن کے مہر تو دے چکا ہے ،

وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَبَنٰتِ عَمِّكَ

اور جو مال ہو تیرے ہاتھ کا جو ہاتھ لگا دے تیرے اللہ اور تیرے چچا کی بیٹیاں

وَبَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَبَنٰتِ خَالِكَ وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ الّٰتِيْ هَاجَرْنَ

اور پھوپھیوں کی بیٹیاں اور تیرے ماموں کی بیٹیاں اور تیری خالاؤں کی بیٹیاں جنھوں نے وطن

مَعَكَ وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ اَرَادَ

چھوڑا تیرے ساتھ اور جو عورت ہو مسلمان اگر بخش دے اپنی جان نبی کو اگر نبی

النَّبِيُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا خَالِصَةً لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ

چاہے کہ اس کو نکاح میں لاوے، یہ خاص ہے تیرے لئے سوائے سب مسلمانوں کے،

قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِيْٓ اَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ

ہم کو معلوم ہے جو مقرر کر دیا ہے ہم نے ان پر ان کی عورتوں کے حق میں اور ان کے ہاتھ کے مال میں

لِكَيْلَا يَكُوْنَ عَلَيْكَ حَرَجٌ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۵۰﴾

تا نہ رہے تجھ پر تنگی اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان۔

تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُـْٔوِيْٓ اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ ؕ وَمَنِ

پیچھے رکھ دے تو جس کو چاہے ان میں سے اور جگہ دے اپنے پاس جسکو چاہے اور جس کو

ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ تَقَرَّ

جی چاہے تیرا ان میں سے جن کو کنارے کر دیا تھا تو کچھ گناہ نہیں تجھ پر اس میں قریب ہے کہ ٹھنڈی

اَعْيُنُهُنَّ وَلَا يَحْزَنَّ وَيَرْضَيْنَ بِمَآ اٰتَيْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ ؕ وَاللّٰهُ

رہیں آنکھیں ان کی اور غم نہ کھائیں اور راضی رہیں اس پر جو تو نے دیا ان سب کی سب کو، اور اللہ

يَعْلَمُ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَلِيْمًا ﴿۵۱﴾ لَا يَحِلُّ

جانتا ہے جو کچھ تمھارے دلوں میں ہے اور ہے اللہ سب کچھ جاننے والا تحمل والا۔ حلال نہیں

لَكَ النِّسَآءُ مِنْۢ بَعْدُ وَلَآ اَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ اَزْوَاجٍ

تجھ کو عورتیں اس کے بعد اور نہ یہ کہ ان کے بدلے کرلے اور عورتیں

وَّلَوْ اَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ اِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ ؕ وَكَانَ

اگرچہ خوش لگے تجھ کو ان کی صورت مگر جو مال ہو تیرے ہاتھ کا اور ہے

اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ رَّقِيْبًا ﴿۵۲﴾ ع ۶ ۱۲ ۳

اللہ ہر چیز پر نگہبان ؛ ؛

خلاصۂ تفسیر

اے نبی (بعض احکام آپ کے ساتھ مخصوص ہیں جن سے آپ کا اختصاص اور شرف

بھی ثابت ہوتا ہے ان میں سے بعض یہ ہیں، حکم اوّل) ہم نے آپ کے لئے آپ کی یہ بیبیاں (جو کہ اس وقت آپ کی خدمت میں حاضر ہیں اور) جن کو آپ انکے مہر دے چکے ہیں (باوجود چار سے زائد ہونے کے) حلال کی ہیں (حکم دوم) اور وہ عورتیں بھی (خاص طور پر حلال کی ہیں) جو تمھاری مملوکہ ہیں جو اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو غنیمت میں دلوادی ہیں (اس خاص طور کا بیان..... معارف و مسائل میں آئے گا، حکم سوم) اور آپ کے چچا کی بیٹیاں اور آپ کی پھوپیوں کی بیٹیاں (مراد اس سے باپ کے خاندان کی بیٹیاں ہیں) اور آپ کے ماموں کی بیٹیاں اور آپ کی خالاؤں کی بیٹیاں (مراد اس سے ماں کے خاندان کی بیٹیاں ہیں، یعنی اُن سب کو) بھی (اللہ تعالیٰ نے آپؐ کے لئے حلال کیا ہے، مگر یہ خاندان کی عورتیں مطلقاً نہیں بلکہ ان میں سے صرف وہی) جنھوں نے آپؐ کے ساتھ ہجرت کی ہو (ساتھ کا مطلب یہ ہے کہ اس عملِ ہجرت میں موافقت کی ہو اور معیتِ زمانیہ کی قید نہیں ہے اور اس قید سے وہ نکل گئیں جو مہاجر نہ ہوں، حکم چہارم) اور اُس مسلمان عورت کو بھی (آپؐ کے لئے حلال کیا) جو بلا عوض (یعنی بلا مہر) اپنے کو پیغمبر کو دیدے (یعنی نکاح میں آنا چاہے)، بشرطیکہ پیغمبر اس کو نکاح میں لانا چاہے (اور مسلمان کی قید سے کافرہ نکل گئی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سے نکاح درست نہ تھا، اور یہ حکم پنجم ہے اور) یہ سب (احکام) آپ کیلئے مخصوص کئے گئے ہیں نہ اور مؤمنین کیلئے (کہ انکے لئے اور احکام ہیں چنانچہ) ہم کو وہ احکام معلوم ہیں (اور آیات و احادیث کے ذریعہ اوروں کو بھی معلوم کرادیئے ہیں) جو ہم نے ان (عام مؤمنین) پر ان کی بیبیوں اور لونڈیوں کے بارے میں مقرر کئے ہیں (جو ان احکام سے متمائز اور متغائر ہیں، جن میں سے نمونہ کے طور پر ایک اوپر بھی آیت اِذَا نَكَحْتُمُ میں مذکور ہے، جس میں فَمَتِّعُوْهُنَّ سے مہر کا لزوم ہر نکاح کے لئے ثابت ہوتا ہے خواہ حقیقۃً یا حکماً، اور خواہ باہم قرارداد سے ہو یا شرعی حکم سے۔ اور نکاحِ نبوی حکمِ چہارم میں مہر سے خالی ہے اور یہ اختصاص اس لئے ہے) تاکہ آپؐ پر کسی قسم کی تنگی (واقع) نہ ہو (پس جن احکام مخصوصہ میں اوروں سے توسیع ہے جیسے حکم اوّل و چہارم، ان میں تو تنگی نہ ہونا ظاہر ہے، اور جن میں ظاہراً تقیید و تضییق ہے جیسے حکم سوم اور پنجم وہاں تنگی نہ ہونے کے یہ معنی ہیں کہ ہم نے یہ قید آپ کے بعض مصالح کے لئے لگائی ہے اگر یہ قید نہ ہوتی تو آپ کی وہ مصلحت فوت ہوجاتی اور اس وقت آپؐ کو تنگی ہوتی جو ہم کو معلوم ہے، اس لئے رعایت اس مصلحت کی گئی تاکہ وہ تنگی محتمل واقع نہ ہو اور حکم دوم کے متعلق معارف و مسائل میں آوے گی) اور (رفع حرج کی رعایت کچھ انہی احکام مختصہ ہی میں نہیں ہے بلکہ عام مؤمنین کے متعلق جو احکام ہیں ان میں بھی یہ امر ملحوظ ہے کیونکہ) اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے (پس رحمت سے احکام میں

سہولت کی رعایت فرماتے ہیں، اور سہل احکام میں بھی کوتاہی ہوجانے پر احیاناً مغفرت فرماتے ہیں جو دلیل غایت رحمت ہی، جو بناء ہے سہولتِ احکام و رفع حرج کی اور یہ تو بیان تھا ان عورتوں کی اقسام کا جو آپؐ کے لئے حلال کی گئیں، آگے اس کا بیان ہی کہ جو اقسام حلال کی گئیں ہیں ان میں سے جتنی جس وقت آپ کے پاس ہوں ان کے کیا احکام ہیں، پس حکم ششم یہ ارشاد ہی کہ) ان میں سے آپ جس کو چاہیں (اور جب تک چاہیں) اپنے سے دور رکھیں (یعنی اس کو باری نہ دیں) اور جس کو چاہیں (اور جب تک چاہیں) اپنے نزدیک رکھیں (یعنی اس کو باری دیں) اور جن کو دور کر رکھا تھا ان میں سے پھر کسی کو طلب کریں تب بھی آپ پر کوئی گناہ نہیں (مطلب یہ ہوا کہ ازواج میں شب باشی کی باری وغیرہ کی رعایت آپ پر واجب نہیں اور اس میں ایک بڑی ضروری مصلحت ہے وہ یہ کہ) اس میں زیادہ توقع ہے کہ ان (بیبیوں) کی آنکھیں ٹھنڈی رہیں گی (یعنی خوش رہیں گی) اور آزردہ خاطر نہ ہوں گی اور جو کچھ بھی آپ ان کو دیدیں گے اُس پر سب کی سب راضی رہیں گی (کیونکہ بناء بخ کی عادۃً دعویٰ استحقاق کا ہوتا ہے، اور جب معلوم ہوجائے کہ جو کچھ مال یا توجہ مبذول ہوگی وہ تبرّع محض ہی، ہمارا حق واجب نہیں ہی تو کسی کو کوئی شکایت نہ رہے گی، اور لونڈیوں کا حق باری میں نہ ہونا سب ہی کو معلوم ہے) اور (اے مسلمانو! یہ احکام مختصّہ سُن کر دل میں یہ خیالات مت پکا لینا کہ یہ احکام عام کیوں نہ ہوئے اگر ایسا کروگے تو) خدا تعالیٰ کو تم لوگوں کے دلوں کی سب باتیں معلوم ہیں (ایسا خیال پکا لینے پر تم کو سزا دے گا، کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ پر اعتراض اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر حسد ہی، جو موجبِ تعذیب ہی) اور اللہ تعالیٰ (یہی کیا) سب کچھ جاننے والا ہے (اور معترضین کو جو عاجلاً سزا نہیں ہوئی تو اس سے نفیِ علم لازم نہیں آتی بلکہ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ) بردبار (بھی) ہے (اس لئے کبھی سزا میں ڈھیل دیتا ہے، آگے بقیہ احکام مختصّہ بحضرۃ الرسالۃ ارشاد فرماتے ہیں جن میں بعضے تو احکامِ بالا کا نتیجہ ہیں اور بعضے جدید ہیں، پس ارشاد ہے کہ اوپر جو حکم سوم و پنجم میں منکوحہ عورتوں میں ہجرت اور ایمان کی قید لگائی ہے سو) ان کے علاوہ اور عورتیں (جن میں یہ قید نہ ہو) آپؐ کے لئے حلال نہیں ہیں (یعنی اہلِ قرابت میں سے غیر مہاجرات حلال نہیں اور دوسری عورتوں میں سے غیر مؤمنات حلال نہیں، یہ تو تتمہ ہوا حکم بالا کا) اور (آگے حکم ہفتم جدید ہی کہ) نہ یہ درست ہے کہ آپ ان (موجودہ) بیبیوں کی جگہ دوسری بیبیاں کرلیں (اس طرح سے کہ ان میں سے کسی کو طلاق دیدیں اور بجائے

ان کی دوسری کرلیں اور یوں بدون ان کے طلاق دیئے ہوئے اگر کسی سے نکاح کرلیں تو اس کی ممانعت نہیں اسی طرح اگر بلا قصد تبدل کسی کو طلاق دیدیں تو اس کی بھی ممانعت ثابت نہیں، بلکہ لفظ تبدّل اس مجموعہ کی ممانعت پر دال ہے، پس یہ تبدّل ممنوع ہے) اگرچہ آپ کو ان (دوسریوں) کا حُسن اچھا معلوم ہو مگر جو آپ کی مملوکہ ہو (کہ وہ حکم پنجم اور ہفتم دونوں سے مستثنیٰ ہے، یعنی وہ کتابیہ ہونے پر بھی حلال ہے، اور اس میں تبدّل بھی درست ہے، اور اللہ تعالیٰ ہر چیز (کی حقیقت اور آثار و مصالح) کا پورا نگراں ہے (اس لئے ان سب احکام میں مصلحتیں و حکمتیں ہیں گو عام مکلّفین کو وہ تعییناً نہ بتلائی جائیں، اس واسطے کسی کو سوال یا اعتراض کا منصب و استحقاق نہیں)۔

مَعارِف و مَسائل

آیاتِ مذکورہ میں نکاح و طلاق وغیرہ سے متعلق اُن سات احکامات کا ذکر ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے مخصوص ہیں۔ اور یہ خصوصیات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک امتیازی شان اور خصوصی اعزاز کی علامت ہیں، ان میں سے بعض احکام تو ایسے ہیں کہ اُن کی خصوصیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بالکل واضح اور جلی ہے اور بعض ایسے ہیں جو اگرچہ سب مسلمانوں کے لئے عام ہیں مگر ان میں کچھ قیدیں شرطیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے مخصوص ہیں، اب ان کی تفصیل دیکھئے۔

پہلا حکم اِنَّآ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْٓ اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ، "یعنی ہم نے حلال کردیا آپؐ کے لئے آپ کی سب موجودہ ازواج کو جن کے مہر آپ نے ادا کردیئے ہیں"، یہ حکم بظاہر سبھی مسلمانوں کے لئے عام ہے، مگر اس میں وجہ خصوصیت یہ ہے کہ نزولِ آیت کے وقت آپؐ کے نکاح میں چار سے زیادہ عورتیں موجود تھیں اور عام مسلمانوں کے لئے چار سے زائد عورتوں کو بیک وقت نکاح میں جمع کرنا حلال نہیں، تو یہ آپؐ کی خصوصیت تھی کہ چار سے زیادہ عورتوں کو نکاح میں رکھنا آپؐ کے لئے حلال کردیا گیا۔

اور اس آیت میں جو اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ، فرمایا ہے یہ کوئی قید احترازی یا شرطِ حلّت نہیں بلکہ واقعہ کا اظہار ہے کہ جتنی عورتیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نکاح میں آئیں آپؐ نے سب کا مہر نقد ادا کردیا اُدھار نہیں رکھا۔ آپؐ کی عادتِ شریفہ یہ تھی کہ جس چیز کا دینا آپ کے ذمہ عائد ہو اس کو فوراً دیکر سبکدوش ہوجاتے تھے،

بلا ضرورت تاخیر نہ فرماتے تھے۔ اس واقعہ کے اظہار میں عام مسلمانوں کو بھی ایسا کرنے کی ترغیب ہے۔

دوسرا حکم: وَمَا مَلَكَتْ يَمِينُكَ مِمَّآ أَفَآءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ، یعنی آپ کے لئے حلال کر دیا ان عورتوں کو جو آپ کی مِلک میں ہوں اس طرح کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو ان کا مالک بنا دیا ہو اس آیت میں لفظ اَفَاءَ، فَیْءٌ سے مشتق ہے۔ اصطلاحی معنی کے لحاظ سے وہ مال جو کفار سے بغیر جنگ کے یا بطور مصالحت کے حاصل ہو جائے، اور کبھی مطلق مالِ غنیمت کو بھی لفظ فَیْءٌ سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ اس آیت میں اس کا ذکر کسی شرط کے طور پر نہیں کہ آپؐ کے لئے صرف وہ کنیز حلال ہوگی جو مالِ فَیْءٌ یا غنیمت میں سے آپ کے حصہ میں آئی ہو، بلکہ جس کو آپ نے قیمت دے کر خریدا ہو وہ بھی اس حکم میں شامل ہے۔

لیکن اس حکم میں بظاہر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی اختصاص و امتیاز نہیں، پوری امّت کے لئے یہ حکم ہے، جو کنیز مالِ غنیمت سے حصّہ میں آئے یا جس کی قیمت دے کر خریدیں وہ ان کے لئے حلال ہے، اور بظاہر سیاق ان تمام آیات کا یہ چاہتا ہے کہ ان میں جو احکام آئے ہیں وہ کچھ نہ کچھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خصوصیت رکھتے ہوں۔ اسی لئے رُوح المعانی میں کنیزوں کی حلّت سے متعلق بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک خصوصیت یہ بتلائی ہے کہ جس طرح آپؐ کے بعد آپؐ کی ازواج مطہرات میں سے کسی کا نکاح کسی امّتی سے حلال نہیں۔

اسی طرح جو کنیز آپؐ کے لئے حلال کی گئی ہے آپؐ کے بعد وہ کسی کے لئے حلال نہ ہوگی، جیسا کہ حضرت ماریہ قبطیہؓ ہیں جن کو مقوقس بادشاہِ رُوم نے آپؐ کے لئے بطور ہدیہ بھیجا تھا۔ تو جس طرح آپؐ کی وفات کے بعد ازواج مطہرات کا نکاح کسی سے جائز نہیں تھا ان کا بھی نکاح کسی سے جائز نہیں رکھا گیا۔ اس لحاظ سے مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ کے حلال ہونے میں بھی آپؐ کی ایک خصوصیت ثابت ہوگئی۔

اور سیدی حضرت حکیم الامّۃ قدس سرہٗ نے اور دو خصوصیتیں بیان القرآن میں بیان فرمائی ہیں، جو مذکورہ خصوصیت سے زیادہ واضح ہیں:

اوّل یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حق تعالیٰ کی طرف سے یہ اختیارِ خصوصی دیا گیا تھا کہ مالِ غنیمت کو تقسیم کرنے سے پہلے آپؐ اس میں سے کسی چیز کا اپنے لئے انتخاب فرما لیں تو وہ آپؐ کی مِلک خاص ہو جاتی تھی، اس خاص چیز کو اصطلاح میں صفیّ النّبی کہا جاتا تھا، جیسا کہ غزوۂ خیبر کی غنیمت میں سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے

حضرت صفیہؓ کو اپنے لئے مخصوص کرلیا تھا تو ملکِ یمین کے مسئلہ میں یہ صرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت ہے۔

دوسری خصوصیت یہ ہی کہ دارالحرب سے کسی غیر مسلم کی طرف سے اگر کوئی ہدیہ مسلمانوں کے امیرالمؤمنین کے نام پر آئے تو حکمِ شرعی یہ ہے کہ اس کا مالک امیرالمؤمنین نہیں ہوتا بلکہ وہ بیت المال شرعی کی ملک قرار دیا جاتا ہے، بخلاف نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ ایسا ہدیہ آپ کے لئے خصوصیت سے حلال کر دیا گیا، جیسا ماریہ قبطیہؓ کا معاملہ ہے کہ مقوقس نے ان کو بطور ہدیہ و تحفہ آپ کی خدمت میں پیش کیا، تو یہ آپ ہی کی مِلک قرار پائیں۔ واللہ اعلم

تیسرا حکم: بَنٰتِ عَمِّكَ وَبَنٰتِ عَمّٰتِكَ الآیۃ، اس آیت میں عمّ اور خال کو مفرد اور عمّات اور خالات کو جمع لانے کی توجیہات علماء نے بہت لکھی ہیں، تفسیر رُوح المعانی نے ابوحیان کی اس توجیہ کو اختیار کیا ہے کہ محاورہ عرب کا اسی طرح ہی، اشعارِ عرب اس پر شاہد ہیں کہ عمّ کی جمع استعمال نہیں کرتے مفرد ہی استعمال ہوتا ہے۔

مطلب آیت کا یہ ہی کہ آپؐ کے لئے چچا اور پھوپھی کی لڑکیاں اور ماموں خالہ کی لڑکیاں حلال کردی گئیں، چچا پھوپھی میں باپ کے خاندان کی سب لڑکیاں اور ماموں خالہ میں ماں کے خاندان کی سب لڑکیاں شامل ہیں، اور ان سے نکاح کا حلال ہونا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مخصوص نہیں، سب مسلمانوں کا یہی حکم ہے۔ لیکن ان میں یہ قید کہ انھوں نے آپؐ کے ساتھ مکہ مکرمہ سے ہجرت کی ہو یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت ہی۔ اس کا حاصل یہ ہے کہ عام اُمّت کے لئے تو باپ اور ماں کے خاندان کی یہ لڑکیاں بغیر کسی شرط کے حلال ہیں، خواہ انھوں نے ہجرت کی ہو یا نہ کی ہو، مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ان میں سے صرف وہ حلال ہیں جنھوں نے آپؐ کے ساتھ ہجرت کی ہو۔ ساتھ ہجرت کرنے کے لئے یہ ضروری نہیں کہ سفر میں آپؐ کی معیّت رہی ہو یا ایک ہی وقت میں ہجرت کی ہو، بلکہ مراد نفسِ ہجرت میں معیت و موافقت ہے۔ ان میں سے جس نے کسی وجہ سے ہجرت نہیں کی اس سے آپ کا نکاح حلال نہیں رکھا گیا، جیسا کہ آپ کے چچا ابوطالب کی بیٹی اُمِّ ہانیؓ نے فرمایا کہ مجھ سے آپؐ کا نکاح اس لئے حلال نہیں تھا کہ میں نے مکہ سے ہجرت نہیں کی تھی، بلکہ میرا شمار طلقاء میں تھا۔ طلقاء اُن لوگوں کو کہا جاتا ہی جن کو فتح مکہ کے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آزاد کر دیا تھا نہ قتل کیا نہ غلام بنایا۔ (روح و جصاص)

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نکاح کے لئے مہاجرات کی شرط صرف اپنی ماں باپ کے خاندان کی لڑکیوں میں تھی، عام امت کی عورتوں میں ہجرت کی شرط نہ تھی، بلکہ ان کا صرف مسلمان ہونا کافی تھا۔ اور خاندان کی لڑکیوں میں ہجرت کی شرط لگانے میں شاید یہ حکمت ہو کہ عموماً خاندان کی لڑکیوں کو اپنے خاندان کا ایک ناز اور فخر ہوتا ہے، اور رسول کی زوجیت کے لئے یہ شایانِ شان نہیں، اس کا علاج ہجرت کی شرط سے کیا گیا۔ کیونکہ ہجرت صرف وہی عورت کرے گی جو اللہ و رسول کی محبت کو اپنے سارے خاندان اور وطن و جائیداد کی محبت سے غالب رکھے۔ نیز ہجرت کے وقت انسان کو طرح طرح کی تکلیفیں پیش آتی ہیں، اور اللہ کی راہ میں جو تکلیف و مشقت اٹھائی جائے اس کو اصلاحِ اعمال میں خاص دخل ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ ماں اور باپ کے خاندان کی لڑکیوں سے نکاح میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ایک خصوصی شرط یہ ہے کہ انھوں نے مکہ سے ہجرت کرنے میں آپؐ کا ساتھ دیا ہو۔

چوتھا حکم: وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ اَرَادَ النَّبِيُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا خَالِصَةً لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ، یعنی اگر کوئی مسلمان عورت اپنے نفس کو آپؐ کے لئے ہبہ کر دے، یعنی بغیر مہر کے آپؐ سے نکاح کرنا چاہے، اگر آپؐ اس سے نکاح کا ارادہ کریں تو آپؐ کے لئے بلا مہر کے بھی نکاح حلال ہے، اور یہ خاص حکم آپؐ کے لئے ہے دوسرے مؤمنین کے لئے نہیں"

اس معاملہ کی خصوصیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بالکل واضح ہے کیونکہ عام لوگوں کے لئے نکاح میں مہر شرط لازم ہے، یہاں تک کہ اگر بوقتِ نکاح کسی مہر کا ذکر نہ ہی یا نفی کے ساتھ آیا کہ عورت نے کہا کہ مہر نہیں لونگی، یا مرد نے کہا کہ نکاح اس شرط پر کرتے ہیں کہ مہر نہیں دیں گے، دونوں صورتوں میں ان کا کہنا اور شرط شرعی حیثیت سے لغو ہوگی، اور شرعاً مہر مثل واجب ہوگا۔ صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت سے نکاح بلا مہر حلال کیا گیا ہے جبکہ عورت بلا مہر نکاح کرنے کی خواہش مند ہو۔

فائدہ:۔ یہ حکم کہ جو عورت آپ کے لئے اپنے آپ کو ہبہ کرے، یعنی بلا مہر کے نکاح کرنا چاہے وہ آپ کے لئے حلال ہے، اس میں علماء کا اختلاف ہے کہ کوئی ایسا واقعہ پیش بھی آیا یا نہیں؟ بعض نے فرمایا کہ کسی ایسی عورت سے رسول اللہ علیہ وسلم کا نکاح کرنا ثابت نہیں، جس کا حاصل یہ ہے کہ آپ نے کسی ہبہ کرنے والی عورت سے نکاح نہیں کیا، اور بعض حضرات نے بعض ایسی عورتوں سے نکاح ہونا ثابت کیا ہے۔ (روح المعانی)

اس حکم کے ساتھ جو جملہ خَالِصَةً لَّكَ کا آیا ہے، اس کو بعض حضرات نے صرف اسی حکم چہارم کے ساتھ مخصوص کہا ہے، اور زمخشری وغیرہ مفسرین نے اس جملے کو ان تمام احکام کے ساتھ لگایا ہے جو اوپر مذکور ہوئے ہیں، کہ یہ سب خصوصیات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہیں۔ اس کے آخر میں فرمایا لِكَيْلَا يَكُونَ عَلَيْكَ حَرَجٌ، یعنی یہ خصوصی احکام آپؐ کے لئے اس لئے دیئے گئے ہیں کہ آپؐ پر کوئی تنگی نہ ہو۔ جو احکام مخصوصہ اوپر بیان ہوئے ہیں ان میں پہلا حکم یعنی چار سے زائد بیبیاں آپؐ کے لئے حلال کر دیگئیں اور حکم چہارم کہ بغیر مہر کے نکاح حلال کر دیا گیا، ان میں تو تنگی کا رفع کرنا اور مزید سہولت دیا جانا ظاہر ہے، مگر باقی تین حکم یعنی دوم وسوم اور پنجم ان میں تو بظاہر آپؐ پر کچھ مزید قیدیں لگا دی گئیں جن سے تنگی اور بڑھنی چاہیئے۔ مگر اس میں اشارہ فرما دیا کہ اگرچہ ظاہر میں یہ قیدیں ایک تنگی بڑھاتی ہیں، مگر ان میں آپؐ کی ایسی مصلحتوں ـــ کی رعایت ہے کہ یہ قیدیں نہ ہوتیں تو آپ کو بڑی تکلیف پیش آتی جو ضیقِ قلب کا سبب بنتیں، اس لئے قید زائد میں بھی آپؐ کی تنگی رفع کرنا ہی مقصود ہے۔

پانچواں حکم: جو آیاتِ مذکورہ میں مؤمنہ کی قید سے مستفاد ہوتا ہے یہ کہ اگرچہ عام مسلمانوں کے لئے یہود و نصاریٰ کی عورتوں یعنی کتابیات سے نکاح بنصِ قرآن حلال ہے، مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے عورت کا مؤمن ہونا شرط ہے، کتابیات سے آپ کا نکاح نہیں ہو سکتا۔

ان پانچوں احکام کی خصوصیت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بیان فرمانے کے بعد عام مسلمانوں کا حکم اجمالاً ذکر فرمایا ہے، قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِيْٓ اَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ، یعنی احکامِ مذکورہ آپؐ کے لئے مخصوص ہیں، باقی مسلمانوں کے نکاح کے لئے جو ہم نے فرض کیا ہے وہ ہم جانتے ہیں، مثلاً عام مسلمانوں کا نکاح بغیر مہر کے نہیں ہو سکتا، اور کتابیات سے ان کا نکاح ہو سکتا ہے، اسی طرح سابقہ احکام میں جو قیدیں شرطیں آپؐ کے نکاح کے لئے ضروری قرار دیگئی ہیں وہ اوروں کے لئے نہیں ہیں۔

آخر میں فرمایا لِكَيْلَا يَكُونَ عَلَيْكَ حَرَجٌ، یعنی نکاح کے معاملے میں آپ کے لئے یہ خصوصی احکام اس لئے ہیں کہ آپؐ پر کوئی تنگی نہ ہو، اور جو قیدیں شرطیں آپ پر بہ نسبت دوسرے مسلمانوں کے زائد لگائی گئی ہیں اگرچہ بظاہر وہ ایک قسم کی تنگی ہے مگر جن مصالح اور حکمتوں کے پیش نظر آپ کے لئے یہ شرطیں لگائی ہیں ان میں

غور کریں تو وہ بھی آپ کی روحانی پریشانی اور تنگ دلی کو دور کرنے ہی کے لئے ہیں۔

یہاں تک نکاح کے متعلق پانچ احکام آئے ہیں، جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کوئی نہ کوئی خصوصیت رکھتے ہیں۔ آگے دو حکم انہی پانچ احکام سے متعلق بیان فرمائی ہیں

مثلاً چھٹا حکم: تُرْجِیْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِیْۤ اِلَیْكَ مَنْ تَشَآءُ ، تُرْجِیْ، اِرجاء سے مشتق ہے، جس کے معنی مؤخر کرنے کے ہیں، اور تُؤْوِیْ، ایواء سے مشتق ہے جس کے معنی قریب کرنے کے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ آپ کو اختیار ہے کہ ازواج مطہرات میں سے جس کو چاہیں مؤخر کر دیں جس کو چاہیں اپنے قریب کریں۔ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مخصوص حکم ہے، عام امت کے لوگوں کے لئے جب متعدد بیویاں ہوں تو سب میں برابری کرنا ضروری ہے، اس کے خلاف کرنا حرام ہے۔ برابری سے مراد نفقہ کی برابری اور شب باشی میں برابری ہے کہ جتنی راتیں ایک بیوی کے ساتھ گذاریں اتنی دوسری اور تیسری کے ساتھ گذارنا چاہئے، کمی بیشی ناجائز ہے۔ مگر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس معاملے میں مکمل اختیار دیدیا گیا سب ازواج میں برابری کے حکم سے مستثنیٰ کر دیا گیا، اور آخر آیت میں یہ بھی اختیار دیدیا کہ جس بی بی سے ایک مرتبہ اجتناب کا ارادہ کر لیا پھر اگر چاہیں تو اس کو پھر قریب کر سکتے ہیں، وَمَنِ ابْتَغَیْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَیْكَ کا یہی مطلب ہے۔

حق تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ اعزاز بخشا کہ ازواجِ مطہرات میں برابری کرنے کے حکم سے مستثنیٰ فرما دیا، لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس استثناء واجازت کے باوجود اپنے عمل میں ہمیشہ برابری کرنے کا التزام ہی فرمایا۔ امام ابوبکر جصاصؒ نے فرمایا کہ حدیث کی روایت یہی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس آیت کے نزول کے بعد بھی ازواج مطہرات میں برابری کی رعایت ہمیشہ رکھتے تھے، پھر اپنی اسناد کے ساتھ حضرت صدیقہ عائشہ رضؓ سے یہ حدیث نقل کی جو مسند احمد، ترمذی، نسائی، ابوداؤد وغیرہ میں بھی موجود ہے:

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْسِمُ فَيَعْدِلُ فَيَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ هٰذَا قَسْمِیْ فِيْمَا اَمْلِكُ فَلَا تَلُمْنِیْ فِيْمَا لَا اَمْلِكُ قَالَ اَبُوْدَاوٗدَ يَعْنِی الْقَلْبَ

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سب ازواج میں برابری فرماتے تھے اور یہ دعا کیا کرتے تھے کہ یا اللہ جس چیز میں میرا اختیار ہے اس میں تو میں نے برابری کر لی یعنی نفقہ اور شب باشی وغیرہ میں، مگر جس میں میرا اختیار نہیں اس

اور صحیح بخاری میں حضرت عائشہ رضؓ ہی کی روایت ہے کہ اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی بی بی کی نوبت میں ان کے یہاں جانے سے کوئی عذر ہوتا تو آپؐ اس سے اجازت لیتے تھے، جب کہ یہ آیت بھی نازل ہو چکی تھی، تُرْجِیْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِیْۤ اِلَیْكَ الآیۃ (جس میں ــــ بیویوں میں برابری کرنے کا فرض آپ سے معاف کر دیا گیا)۔

یہ حدیث بھی سب کتب حدیث میں معروف ہے، کہ مرضِ وفات میں جب آپؐ کو ازواجِ مطہرات کے گھروں میں روزانہ منتقل ہونا مشکل ہو گیا تو آپ نے سب سے اجازت حاصل کر کے حضرت صدیقہ عائشہ رضؓ کے بیت میں بیماری کے دن گذارنا اختیار فرمایا تھا۔

انبیاء علیہم السلام خصوصاً سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت شریفہ یہی تھی کہ جن کاموں میں آپؐ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی رخصت آپؐ کی آسانی کے لئے دی جاتی تھی تو اس کی شکر گذاری کے طور پر آپ عموماً عزیمت پر عمل کرتے اور رخصت کو صرف ضرورت کے وقت استعمال فرماتے تھے۔

ذٰلِكَ اَدْنٰۤى اَنْ تَقَرَّ اَعْیُنُهُنَّ وَلَا یَحْزَنَّ وَیَرْضَیْنَ الآیۃ یہ حکم ششم یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ازواجِ مطہرات میں برابری کی فرضیت کا اٹھا دینا اور آپؐ کو ہر طرح کا اختیار دیدینا، اس کی علت و حکمت کا بیان ہے۔ آپؐ کو یہ عام اختیار دینے کی مصلحت یہ ہے کہ سب ازواجِ مطہرات رضؓ کی آنکھیں ٹھنڈی رہیں اور وہ اپنے حصہ پر راضی رہیں۔

یہاں یہ شبہ ہو سکتا ہے کہ یہ حکم تو بظاہر ازواجِ مطہرات کی مرضی اور منشاء کے خلاف اور ان کے رنج کا سبب ہو سکتا ہے، اس کو ازواج کی خوشی کا سبب کیسے قرار دیا گیا؟ اس کا جواب خلاصۂ تفسیر میں اوپر آچکا ہے کہ دراصل ناراضی کا اصل سبب اپنا استحقاق ہوتا ہے، جس شخص کے متعلق انسان کو یہ معلوم ہو کہ میرا فلاں حق اس کے ذمہ واجب ہے، اگر وہ اس کی ادائیگی میں کوتاہی کرے تو رنج و غم پیش آتا ہے۔ اور جس شخص پر ہمارا کوئی حق واجب نہ ہو پھر وہ جو کچھ بھی مہربانی کرے وہ خوشی ہی خوشی ہوتی ہے، یہاں بھی جب یہ بتلا دیا گیا کہ ازواج میں برابری کرنا آپؐ پر واجب نہیں، بلکہ آپؐ مختار ہیں تو اب جس بی بی کو جتنا حصہ بھی آپؐ کی توجہ اور صحبت کا ملے گا، وہ اس کو ایک احسان و تبرع سمجھ کر خوش ہو گی۔

آخر میں فرمایا وَاللّٰهُ یَعْلَمُ مَا فِیْ قُلُوْبِكُمْ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِیْمًا حَلِیْمًا ۝

یعنی اللہ تعالیٰ جانتا ہی جو کچھ تمھارے دلوں میں ہے، اور وہ بڑے علم والا بڑے حلم والا ہے۔

آیات مذکورہ میں اوپر سے یہاں تک ان احکام کا ذکر چلا آتا ہے جو دربارۂ نکاحِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کسی طرح کی خصوصیت رکھتے ہیں، آگے بھی ایسے ہی بعض احکام کا بیان آرہا ہے، درمیان میں یہ آیت کہ اللہ تعالیٰ تمھارے دلوں کا حال جانتا ہے اور علیم وحلیم ہے، بظاہر ماقبل اور مابعد سے کوئی جوڑ نہیں رکھتا۔ روح المعانی میں فرمایا کہ احکام مذکورہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے چار سے زیادہ ازواج کی اجازت اور بلا مہر کے نکاح کی اجازت سے کسی کے دل میں شیطانی وساوس پیدا ہو سکتے تھے، اس لئے درمیان میں اس آیت نے یہ ہدایت دیدی کہ مسلمان اپنے دلوں کی ایسے وساوس سے حفاظت کریں، اور اس پر ایمان کو پختہ کریں کہ یہ سب خصوصیات اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں جو بہت سی حکمتوں اور مصالح پر مبنی ہیں، نفسانی خواہشات کی تکمیل کا یہاں گذر نہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زاہدانہ زندگی اور اس کے ساتھ تعدد ازدواج کا مسئلہ

اعدائے اسلام نے ہمیشہ مسئلہ تعدّدِ ازواج اور خصوصاً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کثرتِ ازواج کو اسلام کی مخالفت میں موضوعِ بحث بنایا ہے، لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پوری زندگی کو سامنے رکھا جائے تو کسی شیطان کو بھی شانِ رسالت کے خلاف وسوسہ پیدا کرنے کی گنجائش نہیں رہتی۔ جس سے ثابت ہے کہ آپؐ نے سب سے پہلا نکاح پچیس سال کی عمر میں حضرت خدیجہؓ سے کیا، جو بیوہ سن رسیدہ صاحبِ اولاد اور دو شوہروں کے نکاح میں رہنے کے بعد آئی تھیں، اور پچاس سال کی عمر تک صرف اسی ایک سن رسیدہ بیوی کے ساتھ شباب کا پورا زمانہ گذارا۔ یہ پچاس سالہ دورِ عمر مکہ کے لوگوں کے سامنے گذرا۔ چالیس سال کی عمر میں اعلانِ نبوّت کے بعد شہر میں آپؐ کی مخالفت شروع ہوئی، اور مخالفین نے آپؐ کے ستانے اور آپؐ پر عیب لگانے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی، ساحر کہا، شاعر کہا، مجنون کہا، مگر کبھی کسی دشمن کو بھی آپؐ کی طرف کوئی ایسی چیز منسوب کرنے کا موقع نہیں مل سکا، جو تقویٰ وطہارت کو مشکوک کر سکے۔

پچاس سال عمر شریف کے گذرنے اور حضرت خدیجہؓ کی وفات کے بعد حضرت سودہؓ نکاح میں آئیں یہ بھی بیوہ تھیں۔

ہجرت مدینہ اور عمر شریف چون سال ہو جانے کے بعد ۲ سنہ ہجری میں حضرت صدیقہ عائشہؓ کی رخصتی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر میں ہوئی۔ اس کے ایک سال بعد حضرت حفصہؓ سے اور کچھ دنوں کے بعد حضرت زینبؓ بنت خزیمہ سے نکاح ہوا۔ یہ

حضرت زینبؓ چند ماہ کے بعد وفات پاگئیں۔ ۴ھ ہجری میں حضرت ام سلمہؓ جو صاحب اولاد بیوہ تھیں آپؐ کے نکاح میں آئیں۔ ۵ھ ہجری میں حضرت زینبؓ بنتِ جحش سے بحکم خداوندی نکاح ہوا جس کا ذکر سورۂ احزاب کے شروع میں آچکا ہے۔ اُس وقت آپؐ کی عمر شریف اٹھاون ۵۸ سال تھی۔ آخری پانچ سال میں باقی ازواج مطہراتؓ آپؐ کے حرم میں داخل ہوئیں۔ پیغمبر کی خانگی زندگی اور گھریلو معاملات سے متعلق احکام دین کا ایک بہت بڑا حصّہ ہوتے ہیں۔ ان نو ازواج مطہرات سے جس قدر دین کی اشاعت ہوئی اس کا اندازہ صرف اس سے ہوسکتا ہے کہ صرف حضرت صدیقہ عائشہؓ سے دو ہزار دو سو دس احادیث اور حضرت ام سلمہؓ سے تین سو اڑسٹھ احادیث کی روایت معتبر کتبِ حدیث میں جمع ہیں۔ حضرت اُمِّ سلمہؓ نے جو احکام و فتاویٰ لوگوں کو بتلائے ان کے متعلق حافظ ابن قیمؒ نے اعلام الموقعین میں لکھا ہے کہ اگر ان کو جمع کیا جائے تو ایک مستقل کتاب بن جائے، دو سو سے زیادہ حضرات صحابہ حضرت صدیقہ عائشہؓ کے شاگرد ہیں، جنھوں نے حدیث اور فقہ و فتاویٰ ان سے سیکھے ہیں۔

اور بہت سی ازواج کو حرمِ نبویؐ میں داخل کرنے میں ان کے خاندان کو اسلام کی طرف لانے کی حکمت بھی تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے اس اجمالی نقشہ کو سامنے رکھیں تو کیا کسی کو یہ کہنے کی گنجائش رہ سکتی ہے کہ یہ تعدّد اور کثرت ازدواج معاذ اللہ کسی نفسانی اور جنسی خواہش کی تکمیل کے لئے ہوا تھا، اگر یہ ہوتا تو ساری عمر تجرّد یا ایک بیوہ کے ساتھ گذارنے کے بعد عمر کے آخری حصّہ کو اس کام کے لئے کیوں منتخب کیا جاتا۔ یہ مضمون پوری تفصیل کے ساتھ، نیز اصل مسئلہ تعدّدِ ازدواج پر شرعی اور عقلی، فطری اور اقتصادی حیثیت سے مکمل بحث معارف القرآن جلد دوم سورۂ نساء کی تیسری آیت کے تحت میں آچکی ہے وہاں دیکھا جائے (معارف جلد دوم، ص ۲۸۵ تا ۲۹۲)

ساتواں حکم: لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَآءُ مِنْۢ بَعْدُ وَلَآ اَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ اَزْوَاجٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ، "یعنی اس کے بعد آپؐ کے لئے دوسری عورتوں سے نکاح حلال نہیں، اور یہ بھی حلال نہیں کہ موجودہ ازواج میں سے کسی کو طلاق دے کر اس کی جگہ دوسری بدلیں"۔

اس آیت میں لفظ مِنْۢ بَعْدُ کی ـــــ دو تفسیریں ہوسکتی ہیں، ایک یہ کہ مِنْۢ بَعْدُ سے مراد یہ ہو کہ بعد اُن نو عورتوں کے جو اس وقت آپؐ کے نکاح میں ہیں، اور کسی سے آپؐ کا نکاح حلال نہیں، بعض صحابہ اور ائمۂ تفسیر سے بھی یہی تفسیر منقول ہے، جیسا کہ حضرت انسؓ نے

فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ نے ازواج مطہرات کو اختیار دیا کہ دنیا طلبی کے لئے آپؐ سے جدائی اختیار کریں یا پھر تنگی و فراخی جو کچھ پیش آئے اس پر قناعت کر کے آپؐ کی زوجیت میں رہیں، تو سب ازواج مطہرات نے اپنے نفقہ کی زیادتی کے مطالبہ کو چھوڑ کر اسی حال میں زوجیت کے اندر رہنا اختیار کیا تو اس پر بطور انعام کے اللہ تعالیٰ نے آپؐ کی ذات گرامی کو بھی انہی نو ازواج کے لئے مخصوص کر دیا، ان کے سوا کسی سے نکاح جائز نہ رہا (رواہ البیہقی فی سننہ کذا فی الروح)

اور حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ جس طرح اللہ تعالیٰ نے ازواج مطہرات کو آپؐ کے لئے مخصوص فرما دیا کہ آپ کے بعد بھی وہ کسی سے نکاح نہیں کر سکتیں، اسی طرح آپؐ کو بھی اُن کے لئے مخصوص فرما دیا کہ آپ ان کے علاوہ اور کوئی نکاح نہیں کر سکتے حضرت عکرمہؒ سے بھی ایک روایت میں یہی تفسیر منقول ہے۔

اور حضرت عکرمہؒ، ابن عباسؓ اور مجاہد ائمہ تفسیر سے ایک روایت میں لفظ مِنْۢ بَعْدُ کی یہ تفسیر نقل کی گئی ہے کہ مِنْۢ بَعْدِ الْاَصْنَافِ الْمُسَمّٰى كُوْرَةِ یعنی شروع آیت میں آپ کے لئے جتنی اقسام عورتوں کی حلال کی گئی ہیں، اس کے بعد یعنی ان کے سوا کسی اور قسم کی عورتوں سے آپؐ کا نکاح حلال نہیں۔ مثلاً شروع آیت میں اپنے خاندان کی عورتوں میں سے صرف وہ حلال کی گئیں جنھوں نے مکہ مکرمہ سے مدینہ طیبہ ہجرت کرنے میں آپؐ کی موافقت کی تھی، خاندان کی عورتوں میں غیر مہاجرات سے آپؐ کا نکاح حلال نہیں رکھا گیا۔ اسی طرح مؤمنہ کی قید لگا کر آپؐ کے لئے اہلِ کتاب کی عورتوں سے نکاح ناجائز قرار دیدیا گیا۔ تو آیت کے جملہ مِنْۢ بَعْدُ کا مطلب یہ ہے کہ جتنی قسمیں آپؐ کے لئے حلال کر دی گئی ہیں صرف انہی میں سے آپؐ کا نکاح ہو سکتا ہے، عام عورتوں میں تو مسلمان ہونا ہی شرط ہے اور خاندان کی عورتوں میں مسلمان ہونے کے ساتھ مہاجرہ ہونا بھی شرط ہے۔ جن میں یہ دو شرطیں موجود نہ ہوں، ان سے آپؐ کا نکاح حلال نہیں۔ اس تفسیر کے مطابق یہ جملہ کوئی نیا حکم نہیں، بلکہ پہلے ہی حکم کی تاکید و توضیح ہے، جو شروع آیت میں بیان ہوا ہے۔ اور اس آیت کی وجہ سے نو کے بعد کسی اور عورت سے نکاح حرام نہیں کیا گیا، بلکہ غیر مؤمنہ اور خاندان کی غیر مہاجرہ سے نکاح ممنوع ہوا ہے، جو پہلے ہی معلوم ہو چکا ہے، باقی عورتوں سے مزید نکاح آپؐ کے اختیار میں رہا۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ کی ایک روایت سے بھی اس دوسری تفسیر کی تائید ہوتی ہے، کہ آپؐ کیلئے مزید نکاح کرنے کی اجازت رہی ہے۔ واللہ اعلم

وَلَآ اَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ اَزْوَاجٍ ، آیت مذکورہ کی اگر دوسری تفسیر اختیار کی جائے تو اس جملے کا مطلب واضح ہے کہ اگرچہ آپ کو موجودہ ازواج کے علاوہ دوسری عورتوں سے نکاح بشرائط مذکورہ جائز ہے، مگر یہ جائز نہیں کہ ایک کو طلاق دے کر اس کی جگہ دوسری کو بدلیں یعنی خالص تبدیلی کی نیت سے کوئی نکاح جائز نہیں، بغیر لحاظ و نیت تبدیلی کے جتنے چاہیں نکاح کر سکتے ہیں۔

اور اگر آیت مذکورہ کی پہلی تفسیر مراد لی جائے تو معنی یہ ہوں گے کہ آئندہ نہ کسی عورت کا اضافہ موجودہ ازواج میں آپ کر سکتے ہیں، اور نہ کسی کی تبدیلی کر سکتے ہیں، کہ اس کو طلاق دے کر اس کے قائم مقام کسی اور عورت سے نکاح کر لیں۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّآ اَنْ يُّؤْذَنَ

اے ایمان والو مت جاؤ نبی کے گھروں میں مگر جو تم کو حکم

لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نٰظِرِيْنَ اِنٰىهُ وَلٰكِنْ اِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا

ہو کھانے کے واسطے نہ راہ دیکھنے والے اس کے پکنے کی، لیکن جب تم کو بلائیں تب جاؤ

فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ ۭ اِنَّ ذٰلِكُمْ

پھر جب کھا چکو تو آپ آپ کو چلے آؤ اور نہ آپس میں جی لگا کر بیٹھو باتوں میں، اس بات سے تمھاری

كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيٖ مِنْكُمْ ۡ وَاللّٰهُ لَا يَسْتَحْيٖ مِنَ الْحَقِّ ۭ وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ

تکلیف تھی نبی کو پھر تم سے شرم کرتا ہی اور اللہ شرم نہیں کرتا ٹھیک بات بتلانے میں اور جب مانگنے جاؤ

مَتَاعًا فَسْـَٔـلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَاۗءِ حِجَابٍ ۭ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ

بیبیوں سے کچھ چیز کام کی تو مانگ لو، پردے کے باہر سے، اس میں خوب ستھرائی ہے تمھارے دل کو

وَقُلُوْبِهِنَّ ۭ وَمَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَآ اَنْ

اور ان کے دل کو اور تم کو نہیں پہنچتا کہ تکلیف دو اللہ کے رسول کو اور نہ یہ کہ نکاح

تَنْكِحُوْٓا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖٓ اَبَدًا ۭ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ

کرو اس کی عورتوں سے اس کے پیچھے کبھی، البتہ یہ تمھاری بات اللہ کے یہاں بڑا

عَظِيمًا ﴿۵۳﴾ إِن تُبْدُوا شَيْئًا أَوْ تُخْفُوهُ فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ بِكُلِّ

گناہ ہے ۔ اگر کھول کر کہو تم کسی چیز کو یا اس کو چھپاؤ سو اللہ ہے ہر چیز کو

شَيْءٍ عَلِيمًا ﴿۵۴﴾ لَّا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِي آبَائِهِنَّ وَلَا أَبْنَائِهِنَّ

جاننے والا ۔ گناہ نہیں ان عورتوں کو سامنے ہونے کا اپنے باپوں سے اور نہ اپنے بیٹوں سے

وَلَا إِخْوَانِهِنَّ وَلَا أَبْنَاءِ إِخْوَانِهِنَّ وَلَا أَبْنَاءِ أَخَوَاتِهِنَّ

اور نہ اپنے بھائیوں سے اور نہ اپنے بھائی کے بیٹوں سے اور نہ اپنے بہن کے بیٹوں سے،

وَلَا نِسَائِهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُنَّ ۚ وَاتَّقِينَ اللَّهَ ۚ إِنَّ

اور نہ اپنی عورتوں سے اور نہ اپنے ہاتھ کے مال سے اور ڈرتی رہو اے عورتو اللہ سے، بیشک

اللَّهَ كَانَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدًا ﴿۵۵﴾	
اللہ کے سامنے ہے ہر چیز	

خُلاصۂ تفسیر

اے ایمان والو نبیؐ کے گھروں میں (بے بلائے) مت جایا کرو مگر جس وقت تم کو کھانے کے لئے (آنے کی) اجازت دی جائے (تو جانا مضائقہ نہیں، مگر تب بھی جانا) ایسے طور پر (ہو) کہ اس (کھانے) کی تیاری کے منتظر نہ رہو (یعنی بے دعوت تو جاؤ مت اور دعوت ہو تب بھی بہت پہلے سے مت جا بیٹھو) لیکن جب تم کو بلایا جائے (کہ اب چلو کھانا تیار ہے) تب جایا کرو، پھر جب کھانا کھا چکو تو اُٹھ کر چلے جایا کرو اور باتوں میں جی لگا کر مت بیٹھا کرو (کیونکہ) اس بات سے نبیؐ کو ناگواری ہوتی ہے سو وہ تمہارا لحاظ کرتے ہیں (اور زبان سے نہیں فرماتے کہ اُٹھ کر چلے جاؤ) اور اللہ تعالیٰ صاف بات کہنے سے (کسی کا) لحاظ نہیں کرتا (اس لئے صاف صاف کہہ دیا گیا) اور (اب سے یہ حکم کیا جاتا ہے کہ حضرتؐ کی بیبیاں تم سے پردہ کیا کریں گی تو اب سے) جب تم ان سے کوئی چیز مانگو تو پردے کے باہر (کھڑے ہو کر وہاں) سے مانگا کرو (یعنی بے ضرورت تو پردہ کے پاس جانا اور بات کرنا بھی نہ چاہئے، لیکن ضرورت میں کلام کا مضائقہ نہیں، مگر رَویت نہ ہونا چاہئے) یہ بات (ہمیشہ کے لئے) تمہارے دلوں اور ان کے دلوں کے پاک رہنے کا عمدہ ذریعہ ہے (یعنی جیسے اب تک اجنبیہ کے دل

پاک ہیں اس سے آئندہ بھی احتمال عدم طہارت کا مندفع ہوگیا جو کہ غیر معصوم کے اعتبار سے فی نفسہٖ محتمل ہوسکتا تھا) اور (حرمت ایذاء نبوی صرف فضول جم کر بیٹھ جانے ہی کی صورت میں منحصر نہیں بلکہ علی الاطلاق حکم ہے کہ) تم کو (کسی امر میں) جائز نہیں کہ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کو کلفت پہونچاؤ اور نہ یہ جائز ہے کہ تم آپؐ کے بعد آپ کی بیبیوں سے کبھی بھی نکاح کرو یہ خدا کے نزدیک بڑی بھاری (معصیت کی) بات ہے (اور جس طرح یہ نکاح ناجائز ہے ایسے ہی اس کا زبان سے ذکر کرنا یا دل میں ارادہ کرنا سب گناہ ہے سو) اگر تم (اس کے متعلق) کسی چیز کو (زبان سے) ظاہر کرو گے یا اس (کے ارادہ) کو (دل میں) پوشیدہ رکھو گے تو اللہ تعالیٰ (کو دونوں کی خبر ہوگی، کیونکہ وہ) ہر چیز کو خوب جانتے ہیں (پس تم کو اس پر سزا دیں گے اور ہم نے جو اوپر حجاب کا حکم دیا ہے اس سے بعضے مستثنیٰ بھی ہیں جن کا بیان یہ ہے کہ) پیغمبر کی بیبیوں پر اپنے باپوں کے (سامنے ہونے کے) بارہ میں کوئی گناہ نہیں اور نہ اپنے بیٹوں کے (یعنی جس کے بیٹا ہو) اور نہ اپنے بھائیوں کے اور نہ اپنے بھتیجوں کے اور نہ اپنے بھانجوں کے اور نہ اپنی (دین شریک) عورتوں کے اور نہ اپنی لونڈیوں کے (یعنی اُن کے سامنے آنا جائز ہے) اور (اے پیغمبر کی بیبیوں! ان احکام مذکورہ کی تعمیل میں) خدا سے ڈرتی رہو (کسی حکم کے خلاف نہ ہونے پائے) بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر حاضر (ناظر) ہے (یعنی اس سے کوئی چیز مخفی نہیں جو اس کے خلاف کرے گا اس کو سزا سے ڈرنا چاہئے)۔

معارف و مسائل

آیاتِ مذکورہ میں اسلامی معاشرت کے چند آداب و احکام کا بیان ہے جس کا تعلق سابقہ آیات سے یہ ہے کہ جو آداب ان آیات میں تلقین کئے گئے وہ ابتداءً آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مکان اور آپؐ کی ازواجؓ کے بارے میں نازل ہوئے ہیں، اگرچہ حکم ان کا آپؐ کی ذات کے ساتھ مخصوص نہیں۔

پہلا حکم، دعوتِ طعام اور مہمان کے بعض آداب

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّآ اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نٰظِرِيْنَ اِنٰىهُ وَلٰكِنْ اِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ،

اس میں دعوتِ طعام اور مہمانی کے متعلق تین احکام کا بیان ہے اور حکم اگرچہ سب مسلمانوں کے لئے عام ہے، مگر سببِ نزول چونکہ خاص واقعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

کے مکان میں ہوا، اس لئے عنوان میں بیوت النبی کا ذکر فرمایا گیا۔ پہلا یہ ہے کہ نبی کے مکانات میں بغیر اجازت داخل نہ ہو، لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّآ اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ

دوسرا ادب ہے کہ جب داخل ہونے کی اجازت بلکہ کھانے کی دعوت بھی ہو تو وقت سے پہلے آ کر کھانا تیار ہونے کے انتظار میں نہ بیٹھ جاؤ۔ غَيْرَ نٰظِرِيْنَ اِنٰىهُ، ناظر کے معنی اس جگہ منتظر کے ہیں اور لفظ اِنا بکسر ہمزہ کھانا پکنے کو کہتے ہیں۔ آیت میں لَا تَدْخُلُوْا سے ایک استثناء تو اِلَّآ اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ کا بلفظ اِلَّا کہا گیا ہے، یہ دوسرا استثناء بلفظ غَيْرَ ہے جس کا مطلب یہ ہوا کہ نہ بلا اجازت داخل ہو اور نہ وقت سے پہلے آ کر کھانا پکنے کا انتظار کرو۔ بلکہ وقت پر جب بلایا جائے اس وقت مکان میں داخل ہو وَلٰكِنْ اِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا

تیسرا ادب یہ ہے کہ کھانے سے فارغ ہو جاؤ تو اپنے اپنے کاموں میں منتشر ہو جاؤ، دعوت کے گھر میں باہم باتیں کرنے کے لئے جم کر نہ بیٹھو، فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ

مسئلہ: یہ عام حالات میں ہے جہاں عادۃً مہمانوں کا کھانے کے بعد دیر تک بیٹھے رہنا میزبان کے لئے باعثِ کلفت ہو، خواہ اس لئے کہ وہ فارغ ہو کر اپنے دوسرے کاموں میں لگنا چاہتا ہے یا اس لئے کہ ان کو فارغ کر کے دوسرے مہمانوں کو بلانا مقصود ہے۔ اور جہاں حالات اور عادت سے یہ معلوم ہو کہ کھانے کے بعد مہمانوں کا دیر تک باہمی باتوں میں مشغول رہنا میزبان کے لئے موجب کلفت نہیں وہ اس سے مستثنیٰ ہوگا، جیسا کہ آجکل کی پارٹیوں اور دعوتوں میں رواج ہو گیا ہے۔ دلیل اس کی آیت کا اگلا جملہ ہے جس میں ارشاد ہے اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيٖ مِنْكُمْ وَاللّٰهُ لَا يَسْتَحْيٖ مِنَ الْحَقِّ یعنی کھانے کے بعد باتوں میں مشغول ہونے کی ممانعت کا سبب یہ ہے کہ ایسا کرنے سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو تکلیف پہونچتی تھی۔ کیونکہ مہمانوں کے کھانے کا انتظام زنانہ مکان میں ہوتا تھا، وہاں مہمانوں کا دیر تک ٹھہرنا گھر والوں کے لئے موجبِ کلفت ہونا ظاہر ہے۔

آیت میں یہ بھی ارشاد فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اگرچہ مہمانوں کے اس طرزِ عمل سے تکلیف پہونچتی ہے مگر چونکہ خود اپنے گھر کے مہمان ہیں اس حالت میں ان کو ادب سکھانے سے حیاء مانع ہوتی ہے، مگر حق بات کے اظہار میں اللہ تعالیٰ حیاء نہیں کرتا۔

مسئلہ: اس جملے سے مہمانوں کے اکرام اور خاطر داری کا کتنا بڑا اہتمام معلوم ہوا کہ اگرچہ مہمانی کے آداب سکھانا آپؐ کے فرائض میں تھا، مگر اپنا مہمان ہونے کی حالت میں آپؐ نے اس کو بھی مؤخر کیا۔ یہاں تک کہ خود حق تعالیٰ نے قرآن میں یہ ادب

سکھانے کا اہتمام فرمایا۔

دوسرا حکم عورتوں کا پردہ

وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْـَٔلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ ۭ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ ، اس میں بھی اگرچہ سببِ نزول کے خاص واقعہ کی بناء پر بیان اور تعبیر میں خاص ازواج مطہرات کا ذکر ہے، مگر حکم ساری اُمّت کے لئے عام ہے۔ خلاصہ حکم کا یہ ہے کہ عورتوں سے اگر دوسرے مردوں کو کوئی استعمالی چیز برتن، کپڑا وغیرہ لینا ضروری ہو تو سامنے آکر نہ لیں، بلکہ پردہ کے پیچھے سے مانگیں۔ اور فرمایا کہ یہ پردہ کا حکم مردوں اور عورتوں دونوں کے دلوں کو نفسانی وساوس سے پاک رکھنے کیلئے دیا گیا ہے۔

پردۂ نسواں کی خاص اہمیت

اس جگہ یہ بات قابل نظر ہے کہ یہ پردے کے احکام جن عورتوں مردوں کو دیئے گئے ہیں ان میں عورتیں تو ازواج مطہراتؓ ہیں، جن کے دلوں کو پاک صاف رکھنے کا حق تعالیٰ نے خود ذمہ لے لیا ہے، جس کا ذکر اس سے پہلی آیت لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ میں مفصل آچکا ہے۔ دوسری طرف جو مرد مخاطب ہیں وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہؓ کرام ہیں جن میں بہت سے حضرات کا مقام فرشتوں سے بھی آگے ہے۔

لیکن ان سب امور کے ہوتے ہوئے ان کی طہارتِ قلب اور نفسانی وساوس سے بچنے کے لئے یہ ضروری سمجھا گیا کہ مرد و عورت کے درمیان پردہ کرایا جائے۔ آج کون ہے جو اپنے نفس کو صحابہؓ کرام کے نفوسِ پاک سے اور اپنی عورتوں کے نفوس کو ازواجِ مطہراتؓ کے نفوس سے زیادہ پاک ہونے کا دعویٰ کرسکے، اور یہ سمجھے کہ ہمارا اختلاط عورتوں کے ساتھ کسی خرابی کا موجب نہیں ہے؟

آیاتِ مذکورہ کے اسبابِ نزول

ان آیات کے سببِ نزول میں چند واقعات بیان کئے جاتے ہیں، جن میں کوئی تضاد نہیں، ہوسکتا ہے کہ مجموعہ واقعات نزول آیات کا سبب بنے ہوں۔ شروع آیت میں جو مہمانی کے آداب بیان ہوئے کہ بغیر بُلائے کھانے کے لئے نہ جائیں، اور کھانے کے انتظار میں نہ بیٹھیں۔ اس کا سببِ نزول ابن ابی حاتم نے سلیمان بن ارقم سے یہ نقل کیا ہے کہ یہ آیت ان ثقلاء اور بوجھل لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی جو بغیر دعوت کے کسی کے مکان میں جا بیٹھیں اور کھانے کا انتظار کریں۔

اور امام عبد بن حمید نے حضرت انسؓ سے روایت کیا ہے کہ یہ آیت اُن بعض لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی جو انتظار میں رہتے اور کھانے کے وقت سے پہلے رسول اللہؐ

صلی اللہ علیہ وسلم کے مکان میں جاکر بیٹھ جاتے اور باہمی باتوں میں مشغول رہتے، یہاں تک کہ کھانا تیار ہو جاتا تو اس میں شریک ہو جاتے تھے۔ ایسے لوگوں کے لئے یہ ہدایات جاری ہوئیں جو شروع آیت میں مذکور ہیں۔ یہ واقعات پردہ کے احکام نازل ہونے سے پہلے کے ہیں، جب عام مرد زنانہ مکان میں آتے جاتے رہتے تھے۔

دوسرا حکم جو عورتوں کے پردہ سے متعلق ہے اس کے شانِ نزول میں امام بخاری کی دو روایتیں ہیں۔ ایک روایت حضرت انس رضؓ سے یہ ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضؓ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ آپ کے پاس نیک و بد ہر طرح کے آدمی آتے جاتے ہیں، اگر آپ ازواج مطہرات کو پردہ کرنے کا حکم دیدیں تو بہتر معلوم ہوتا ہے، اس پر یہ آیتِ حجاب نازل ہوئی۔

صحیحین بخاری و مسلم میں حضرت فاروق اعظم رضؓ کا یہ قول منقول ہے کہ انھوں نے فرمایا:

وافقتُ ربّی فی ثلث قلت	"میں نے موافقت کی اپنے رب کے ساتھ
یارسول اللہ لو اتخذت فی	تین چیزوں میں ایک یہ کہ میں نے رسول اللہ
مقام ابراھیم مصلًّی فانزل	صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ مقامِ
اللہ تعالیٰ وَاتَّخِذُوا مِنْ	ابراہیم کو اپنی جائے نماز بنالیں اس
مَّقَامِ اِبْرٰهِيْمَ مُصَلًّى وَقُلْتُ	پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی،
یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ نِسَآءَكَ	وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهِيْمَ مُصَلًّى اور
یَدْخُلُ عَلَيْهِنَّ الْبَرُّ وَالْفَاجِرُ	میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض
فَلَوْ حجبتھن فانزل اللہ	کیا کہ آپ کی ازواج مطہرات کے پاس
اٰيَةَ الْحِجَابِ وَقُلْتُ لِاَزْوَاجِ	ہر نیک و بد انسان آتا ہے، بہتر ہو کہ
النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ	آپ ان کو پردہ کرائیں، اس پر آیتِ
لَسَّا تما لأن عَلَيْهِ فِي الْغَيْرَةِ	حجاب نازل ہو گئی۔ اور جب ازواج
عَسٰى رَبُّهٗٓ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ	مطہرات میں باہمی غیرت و رشک بڑھنے
يُّبْدِلَهٗٓ اَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنْكُنَّ	لگا تو میں نے ان سے کہا کہ اگر رسول اللہ
فَنَزَلَتْ كَذٰلِكَ	صلی اللہ علیہ وسلم تمہیں طلاق دیدیں تو

بعید نہیں کہ اللہ آپ کو تم سے بہتر ازواج عطا فرمادیں، چنانچہ ٹھیک انہی الفاظ کے ساتھ قرآن نازل ہو گیا"

فائدہ: حضرت فاروق اعظم رضؓ کا اپنے کلام میں ادب قابلِ نظر ہے کہ بظاہر کہنا یہ تھا کہ تین چیزوں میں میرے رب نے میری موافقت فرمائی۔

ایک دوسرا واقعہ حضرت انس رضؓ ہی کی روایت سے صحیح بخاری میں یہ آیا کہ حضرت انس رضؓ نے فرمایا کہ آیتِ حجاب کی حقیقت سے میں سب سے زیادہ واقف ہوں، کیوں کہ میں اس واقعہ میں حاضر تھا جب کہ حضرت زینب بنت جحش رضؓ نکاح کے بعد رخصت ہو کر حرم نبویؐ میں داخل ہوئیں، اور مکان میں آپؐ کے ساتھ موجود تھیں۔ آپؐ نے ولیمہ کے لئے کچھ کھانا پکوایا اور لوگوں کو دعوت دی، کھانے کے بعد کچھ لوگ وہیں جم کر آپس میں باتیں کرنے کے لئے بیٹھ گئے۔ ترمذی کی روایت میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بھی وہیں تشریف رکھتے تھے، اور امّ المؤمنین زینب رضؓ بھی اسی جگہ موجود تھیں جو حیاء کی وجہ سے دیوار کی طرف اپنا رخ پھیرے ہوئے بیٹھی تھیں۔ ان لوگوں کے اس طرح دیر تک بیٹھنے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تکلیف ہوئی، آپ گھر سے باہر تشریف لائے اور دوسری ازواج مطہراتؓ کے پاس ملاقات وسلام کے لئے تشریف لے گئے، جب آپ پھر گھر میں واپس آئے تو یہ لوگ وہیں موجود تھے۔ آپؐ کے لوٹنے کے بعد ان لوگوں کو احساس ہوا تو منتشر ہو گئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکان کے اندر تشریف لائے تو تھوڑا سا وقت گذرا تھا کہ آپ پھر باہر تشریف لائے میں وہاں موجود تھا۔ آپ نے یہ آیتِ حجاب جو اسی وقت نازل ہوئی تھی پڑھ کر سنائی، يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتَ النَّبِيِّ الآیۃ،

حضرت انس رضؓ نے یہ واقعہ نقل کر کے فرمایا کہ میں ان آیات کے نزول میں سب سے زیادہ قریب ہوں، کہ میرے سامنے ہی نازل ہوئی ہیں (الترمذی، کتاب التفسیر)

آیاتِ حجاب کے نزول کے اسباب میں یہ تین واقعات روایاتِ حدیث میں مذکور ہیں، ان میں کوئی تعارض نہیں، ہو سکتا ہے کہ تینوں واقعات کا مجموعہ ہی ان آیات کے نزول کا سبب بنا ہو۔

تیسرا حکم ازواجِ مطہراتؓ کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد کسی سے نکاح جائز نہیں، وَمَا كَانَ لَكُمْ أَنْ تُؤْذُوا رَسُولَ اللَّهِ وَلَا أَنْ تَنْكِحُوا أَزْوَاجَهُ مِنْ بَعْدِهِ أَبَدًا، اس کے پہلے جملے میں تو عام الفاظ میں ایسے ہر قول وفعل کو حرام کر دیا گیا، جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذاء وتکلیف پہونچے، اس کے بعد یہ حکم دیا گیا کہ آپؐ کی ازواج مطہراتؓ سے آپؐ کی وفات کے بعد کسی کا نکاح حلال نہیں۔

آیتِ مذکورہ میں اوپر جتنے احکام آئے ہیں ان میں اگرچہ خطاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپؐ کی ازواجِ مطہراتؓ کو ہوا ہے، مگر حکم عام ہے ساری اُمت کے لئے، بجز اس آخری حکم کے کہ عام اُمت کے لئے قانون یہ ہے کہ شوہر کی وفات کے بعد جب عدّت گذر جائے تو اس کی بیوی دوسرے آدمی سے نکاح کر سکتی ہے، ازواج مطہراتؓ کے لئے یہ خصوصی حکم ہے کہ وہ آپؐ کی وفات کے بعد کسی سے نکاح نہیں کر سکتیں۔

اس کی وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ وہ بنصِ قرآن امّہات المؤمنین ہیں، اور اگرچہ اُن کے اُمّہات ہونے کا اثر ان کی اولادِ روحانی پر نہیں پڑتا کہ وہ سب بہن بھائی ہو کر باہم نکاح نہ کر سکیں، مگر ان کی اپنی ذات کی حد تک امتناعِ نکاح کا حکم دیا گیا۔

یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر شریف میں زندہ ہیں، آپؐ کی وفات کا درجہ ایسا ہے جیسا کوئی زندہ شوہر گھر سے غائب ہو، اسی لئے آپؐ کی میراث تقسیم نہیں ہوئی، اسی بناء پر آپؐ کی ازواج کا وہ حال نہیں جو عام شوہروں کی وفات پر ان کی ازواج کا ہوتا ہے۔

یہ حکمت بھی ہے کہ شرعی قاعدے سے جنّت میں ہر عورت اپنے آخری شوہر کے ساتھ رہے گی۔ حضرت حذیفہؓ نے اپنی زوجہ کو وصیت فرمائی تھی کہ اگر تم جنّت میں میری بیوی رہو تو میرے بعد کوئی دوسرا نکاح نہ کرنا، کیونکہ جنّت میں عورت اپنے آخری شوہر کو ملے گی۔ (قرطبی)

اس لئے ازواج مطہرات کو جو شرف حق تعالیٰ نے دنیا میں آپؐ کی زوجیت کا عطا فرمایا ہے اس کو آخرت اور جنّت میں بھی باقی رکھنے کے لئے ان کا نکاح کسی دوسرے سے حرام کر دیا گیا۔

اس کے علاوہ طبعی طور پر کوئی شوہر اس کو پسند نہیں کرتا کہ اس کی بیوی دوسرے کے نکاح میں جائے، مگر اس طبعی خواہش کا پورا کرنا عام لوگوں کے لئے شرعاً ضروری نہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس طبعی خواہش کا بھی حق تعالیٰ نے احترام فرمایا، یہ آپؐ کا خصوصی اعزاز ہے۔

مسئلہ: اس پر تو امّت کا اتفاق ہے کہ جو ازواج مطہراتؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات تک آپؐ کے حرم میں رہیں اُن سب کا یہی حکم ہے، لیکن جن کو آپؐ نے طلاق دیدی، یا کسی دوسری وجہ سے وہ آپؐ کی زوجیت سے علیحدہ ہو گئیں اُن کے بارے میں فقہاءِ امّت کے مختلف اقوال ہیں، جن کو قرطبی نے تفصیل سے لکھا ہے۔

اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا، یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی طرح سے ایذاء وتکلیف پہونچانا یا آپؐ کی وفات کے بعد آپؐ کی ازواج سے نکاح کرنا، اللہ تعالیٰ کے نزدیک بڑا گناہ ہے۔

اِنْ تُبْدُوْا شَيْـًٔا اَوْ تُخْفُوْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا۝ آخر آیت میں پھر اس مضمون کو دُہرایا گیا، کہ اللہ تعالیٰ دلوں کے ارادوں اور خیالات سے بھی واقف ہے، تم کسی چیز کو چھپاؤ یا ظاہر کرو اللہ تعالیٰ کے سامنے سب ظاہر ہی ہے۔ اس میں تاکید ہے کہ مذکور الصدر احکام میں کسی قسم کا شک وشبہ یا وسوسہ دل میں پیدا نہ ہونے دیں، اور احکامِ مذکورہ کی مخالفت سے بچنے کا پورا اہتمام کریں۔

آیتِ مذکورہ میں تین احکام بیان کئے گئے ہیں، ان میں عورتوں کے پردہ کا مسئلہ کئی وجہ سے تفصیل طلب ہے، اس لئے بقدرِ ضرورت لکھا جاتا ہے:۔

احکامِ حجاب

انسدادِ فواحش کا اسلامی نظام

فواحش، بدکاری، زنا اور اس کے مقدمات دنیا کی اُن مہلک برائیوں میں سے ہے جن کے مہلک اثرات صرف اشخاص وافراد کو نہیں بلکہ قبائل اور خاندانوں کو اور بعض اوقات بڑے بڑے ملکوں کو تباہ کر دیتے ہیں۔ اس وقت دنیا میں جتنے قتل وغارت گری کے واقعات پائے جاتے ہیں اگر صحیح تحقیق کی جائے تو اکثر واقعات کے پس منظر میں کوئی عورت اور شہوانی جذبات کا جال نظر آئے گا۔ یہی وجہ ہے کہ جب سے دنیا پیدا ہوئی ہے اس میں کوئی قوم، کوئی مذہب، کوئی خطہ ایسا نہیں جو اس کی بُرائی اور مہلک عیب ہونے پر متفق نہ ہو۔

دنیا کے اس آخری دور میں یوروپین اقوام نے اپنی مذہبی حدود اور قدیم دینی روایات سب کو توڑ کر اگرچہ زنا کو اپنی ذات میں کوئی جرم ہی نہیں رکھا، اور تمدّن ومعاشرت کو ایسے سانچوں میں ڈھال دیا ہے جن میں ہر قدم پر جنسی انارکی اور فواحش کو دعوت عام ہے، مگر ان کے ثمرات ونتائج کو وہ بھی جرائم سے خارج نہ کر سکے۔ عصمت فروشی، زنا بالجبر، منظرِ عام پر فحش حرکات کو تعزیری جرم قرار دینا پڑا، جس کی مثال اس کے سوا کچھ نہیں کہ کوئی شخص آگ لگانے کے لئے سوختہ کا ذخیرہ جمع کرے پھر اس پر تیل چھڑکے، پھر اس میں آگ لگائے، اور جب اس کے شعلے بھڑکنے لگیں تو ان شعلوں پر پابندی لگانے

اور روکنے کی فکر کرے، ہنڈیا پکانے کے لئے اس کے نیچے آگ جلائے پھر اس کے اُبال اور جوش کو روکنا چاہیے۔

اس کے خلاف اسلام نے جن چیزوں کو جرائم اور انسانیت کے لئے مضر قرار دیکر قابلِ سزا جرم کہا ہے، ان کے مقدمات پر بھی پابندیاں عائد کیں، اور ان کو ممنوع قرار دیا ہے اس معاملے میں مقصود اصلی زنا، اور بدکاری سے بچانا تھا تو اس کو نظر نیچی رکھنے کے قانون سے شروع کیا، عورتوں مردوں کے بے محابا اختلاط کو روکا، عورتوں کو گھروں کی چار دیواری میں محدود رکھنے کی ہدایت کی اور ضرورت کے وقت باہر نکلنے کے لئے بھی برقع یا لمبی چادر سے پورا بدن چھپا کر نکلنے اور سڑک کے کنارے چلنے کی ہدایت کی، خوشبو لگا کر یا بجنے والا زیور پہن کر نکلنے کی ممانعت کی۔ پھر جو شخص ان سب حدود و قیود اور پابندیوں کے حصار کو پھاند کر باہر نکل جائے اس پر ایسی سخت عبرت آموز سزا جاری کی کہ ایک مرتبہ کسی بدکردار پر جاری کر دی جائے تو پوری قوم کو مکمل سبق مل جائے۔

اہلِ یورپ اور ان کے مقلّدین نے اپنی فحاشی کے جواز میں عورتوں کے پردہ کو عورتوں کی صحت اور اقتصادی اور معاشی حیثیت سے معاشرہ کے لئے مضر ثابت کرنے اور بے پردہ رہنے کے فوائد پر بحثیں کی ہیں۔ ان کا مفصّل جواب بہت سے علمائے اہلِ عصر نے مفصل کتابوں میں لکھ دیا ہے، اس کے متعلق یہاں اتنا سمجھ لینا بھی کافی ہے کہ فائدہ اور نفع سے تو کوئی جرم و گناہ بھی خالی نہیں۔ چوری، ڈاکہ، دھوکہ فریب ایک اعتبار سے بڑا نفع بخش کاروبار ہے، مگر جب اس کے ثمرات و نتائج میں آنے والی مہلک مضرتیں سامنے آتی ہیں تو کوئی شخص ان کو نافع کاروبار کہنے کی جرأت نہیں کرتا۔ بے پردگی میں اگر کچھ معاشی فوائد بھی ہوں مگر جب پورے ملک و قوم کو ہزاروں فتنہ و فساد میں مبتلا کر دے تو پھر اس کو نافع کہنا کسی دانشمند کا کام نہیں ہو سکتا۔

انسدادِ جرائم کے لئے اسلام میں سدِّ ذرائع کا زرّیں اصول، اور اس میں راہِ اعتدال؛

جس طرح اصولِ عقائد، توحید، رسالت، آخرت، تمام انبیاء علیہم السّلام کی شرائع میں مشترک اور متفق علیہ چلے آئے ہیں اسی طرح عام معاصی اور فواحش و منکرات ہر شریعت و مذہب میں حرام قرار دیئے گئے ہیں، لیکن شرائع سابقہ میں ان کے اسباب و ذرائع کو مطلقاً حرام نہیں کیا گیا تھا، جب تک کہ ان کے ذریعہ کوئی جرم واقع نہ ہو جائے۔ شریعتِ محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام چونکہ قیامت تک رہنے والی شریعت تھی، اس لئے اس کی حفاظت کا منجانب اللہ خاص اہتمام یہ کیا گیا کہ جرائم و معاصی تو حرام تھے ہی

ان اسباب و ذرائع کو بھی حرام قرار دیدیا گیا جو عادتِ غالبہ کے طور پر ان جرائم تک پہونچانے والے ہیں۔ مثلاً شراب نوشی کو حرام کیا گیا تو شراب کے بنانے، بیچنے، خریدنے اور کسی کو دینے کو بھی حرام قرار دیدیا گیا۔ سود کو حرام کرنا تھا تو سود سے ملتے جلتے معاملات کو بھی ناجائز کر دیا گیا۔ اسی لئے حضرات فقہاء نے تمام معاملات فاسدہ سے حاصل ہونے والے نفع کو سود کی طرح مالِ خبیث قرار دیا۔ شرک و بت پرستی کو قرآن نے ظلمِ عظیم اور ناقابلِ معافی جرم قرار دیا، تو اس کے اسباب و ذرائع پر بھی کڑی پابندی لگادی آفتاب کے طلوع، غروب، اور وسط میں ہونے کے اوقات میں چونکہ مشرکین آفتاب کی پرستش کرتے تھے، ان اوقات میں نماز پڑھی جاتی تو آفتاب پرستوں کے ساتھ ایک طرح کی مشابہت ہو جاتی، پھر یہ مشابہت کسی وقت خود شرک میں مبتلا ہونے کا سبب بن سکتی تھی، اس لئے شریعت نے ان اوقات میں نماز اور سجدہ کو بھی حرام و ناجائز کر دیا۔ بتوں کے مجسّمات اور تصویریں چونکہ بُت پرستی کا قریب ذریعہ تھیں، اس لئے بُت تراشی، اور تصویر سازی کو حرام اور ان کے استعمال کو ناجائز کر دیا گیا۔

اسی طرح جبکہ شریعت نے زنا کو حرام قرار دیا تو اس کے تمام اسباب قریبہ اور ذرائع کو بھی محرّمات میں داخل کر دیا، کسی اجنبی عورت یا امرد پر شہوت سے نظر ڈالنے کو آنکھوں کا زنا قرار دیا، اس کا کلام سننے کو کانوں کا، اس کے چھونے کو ہاتھوں کا، اس کے لئے جد و جہد میں چلنے کو پاؤں کا زنا فرمایا، جیسا کہ حدیث صحیح میں وارد ہے، انہی جرائم سے بچانے کے لئے عورتوں کے واسطے پردہ کے احکام نازل ہوئے۔

مگر اسباب و ذرائع کا قریب و بعید ایک طویل سلسلہ ہے، اگر دور تک اس سلسلے کو روکا جائے تو زندگی دشوار ہو جائے، اور عمل میں بڑی تنگی پیش آجائے، جو اس شریعت کے مزاج کے خلاف ہے۔ قرآنِ کریم کا اس کے بارے میں کھلا ہوا اعلان یہ ہے کہ مَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ "یعنی دین میں تمہارے اوپر کوئی تنگی نہیں ڈالی گئی" اس لئے اسباب و ذرائع کے معاملے یہ حکیمانہ فیصلہ کیا گیا کہ جو افعال و اعمال کسی معصیت کا ایسا سبب قریب ہوں کہ عام عادت کے اعتبار سے اس کا ارتکاب کرنے والا اس معصیت میں ضرور مبتلا ہو ہی جاتا ہے، ایسے اسبابِ قریبہ کو شریعتِ اسلام نے اصل معصیت کے ساتھ ملحق کر کے ان کو بھی حرام کر دیا، اور جو اسباب بعیدہ ہیں کہ ان کے عمل میں لانے سے معصیت میں مبتلا ہونا عادۃً لازم و ضروری تو نہیں، مگر کچھ نہ کچھ دخل معصیت میں ضرور ہے ایسے اسباب و ذرائع کو مکروہ قرار دیا۔

اور جو اسباب ان سے بھی زیادہ ابعد ہیں کہ معصیت میں ان کا دخل شاذ و نادر ہے ان کو نظر انداز کر کے مباحات میں داخل کر دیا۔

پہلے مسئلہ کی مثال شراب فروشی ہے کہ یہ شراب نوشی کا سبب قریب ہے، اس کو بھی شریعت نے اسی طرح حرام کر دیا جس طرح شراب نوشی حرام ہے۔ کسی غیر عورت کو شہوت کے ساتھ ہاتھ لگانا اگرچہ عین زنا نہیں، مگر اس کا سبب قریب ہی شریعت نے اس کو اسی کی طرح حرام قرار دیدیا۔

اور دوسرے مسئلے کی مثال یہ ہے کہ کسی ایسے شخص کے ہاتھ انگور فروخت کرنا جس کے متعلق معلوم ہے کہ وہ اس سے شراب ہی بناتا ہے اس کا پیشہ یہی ہے یا اس نے صراحۃً کہہ دیا ہے کہ میں اس کام کے لئے خرید رہا ہوں، یہ اگرچہ شراب فروشی کے درجہ میں حرام تو نہیں مگر مکروہ و ناجائز یہ بھی ہے۔ یہی حکم سنیما گھر بنانے یا سودی بینک چلانے کے لئے زمین مکان کرایہ پر دینے کا ہے کہ معاملہ کے وقت جب معلوم ہو کہ یہ اس مکان کو ناجائز کام کے لئے لے رہا ہے تو کرایہ پر دینا مکروہ تحریمی اور ناجائز ہے۔

تیسرے درجہ کی مثال یہ ہے کہ عام لوگوں کے ہاتھ انگور فروخت کئے جائیں، جن میں یہ بھی ممکن ہے کہ کوئی شخص ان سے شراب کشید کر لے مگر نہ اس نے اس کا اظہار کیا نہ ہمارے علم میں وہ ایسا شخص ہے جو شراب کشید کرتا ہے تو شرعاً اس طرح کی بیع و شراء مباح و جائز قرار دی۔

تنبیہ ضروری یہاں یہ بات یاد رکھنا ضروری ہے کہ شریعت اسلام نے جن کاموں کو گناہ کا سبب قریب درجہ اوّل کا قرار دے کر حرام کر دیا، اس حکم حرمت کے بعد وہ سب کے لئے مطلقاً حرام ہے، خواہ ابتلاء گناہ کا سبب بنے یا نہ بنے اب وہ خود ایک حکم شرعی ہے جس کی مخالفت حرام ہے۔

اس تمہید کے بعد یہ سمجھئے کہ عورتوں کا پردہ بھی شرعاً اسی سدّ ذرائع کے اصول پر مبنی ہے کہ ترکِ پردہ سبب ہے معصیت میں مبتلا ہونے کا، اس میں بھی اسباب کی مذکورہ قسموں کے احکام جاری ہوں گے۔ مثلاً کسی جوان مرد کے سامنے جوان عورت کو اپنا بدن کھولنا ابتلاء گناہ کا ایسا سبب قریب ہے کہ عادت اکثریہ کے اعتبار سے اس پر گناہ کا مرتّب ہونا لازمی جیسا ہے، اس لئے یہ تو شرعاً زنا کی طرح حرام ہو گیا، کیونکہ شرعاً اس عمل کو حکم فاحشہ کا دیدیا گیا ہے، اب وہ مطلقاً حرام ہے۔ اگرچہ معاملہ کسی معصوم کے ساتھ ہو یا کوئی شخص اپنے نفس پر مکمل قابو رکھنے کی وجہ سے

مطمئن ہو کر گناہ سے بچ جائے گا۔ مواقع ضرورت علاج وغیرہ کا مستثنیٰ ہونا الگ چیز ہے، اس سے اصل حرمت پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ یہ مسئلہ اوقات اور حالات سے بھی متاثر نہیں ہوتا قرن اوّل اسلام میں بھی اس کا حکم وہی تھا جو آج فسق وفجور کے زمانے میں ہے۔

دوسرا درجہ ترکِ حجاب کا یہ ہے کہ گھروں کی چار دیواری سے باہر برقع یا لانبی چادر سے پورا بدن چھپا کر باہر نکلے۔ یہ سبب بعید ہے فتنہ کا۔ اس کا حکم یہ ہے کہ اگر ایسا کرنا سبب فتنہ ہو تو ناجائز ہے اور جہاں فتنہ کا خوف نہ ہو وہاں جائز ہے۔ اسی لئے اس کا حکم زمانے اور حالات کے بدلنے سے بدل سکتا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں اس طرح کا عورتوں کا خروج موجبِ فتنہ نہیں تھا، اسی لئے آپؐ نے عورتوں کو برقع وغیرہ میں سارا بدن چھپا کر مسجدوں میں آنے کی چند شرائط کے ساتھ اجازت دی تھی، اور ان کو مسجد میں آنے سے روکنے کو منع فرمایا تھا۔ اگرچہ اس وقت بھی ان کو ترغیب اسی کی دی تھی کہ نماز اپنے گھروں میں ادا کریں، کیونکہ ان کے لئے مسجدوں میں آنے سے زیادہ ثواب گھر میں پڑھنے کا ہے، مگر فتنہ کا خوف نہ ہونے کے سبب منع نہیں فرمایا تھا۔ آپؐ کی وفات کے بعد صحابۂ کرام نے دیکھا کہ اب عورتوں کا مسجدوں میں آنا فتنہ سے خالی نہیں رہا، اگرچہ برقع چادر وغیرہ لپیٹ کر آئیں، تو ان حضرات نے باجماع واتفاق عورتوں کو مسجدوں کی جماعت میں آنے سے روک دیا۔ حضرت صدیقہ عائشہ رضؓ نے فرمایا کہ اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آج کے حالات کو دیکھتے تو ضرور عورتوں کو مسجدوں میں آنے سے روک دیتے۔ اس سے معلوم ہوا کہ صحابۂ کرام کا فیصلہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلہ سے مختلف نہیں، بلکہ آپؐ نے جن شرائط کی بناء پر اجازت دی تھی، اب وہ شرائط نہ رہیں تو حکم آپؐ ہی کے فیصلے سے بدل گیا۔

عورتوں کے پردہ کا بیان قرآن کریم کی سات آیتوں میں آیا ہے۔ تین سورۂ نور میں گذر چکی ہیں، چار آیتیں سورۂ احزاب میں ہیں، جن میں سے ایک پہلے آچکی ہے، ایک زیر نظر ہے باقی آگے آئیں گی، جن میں پردہ کے درجات کی تعیین اور احکام کی تفصیل اور جو اس سے مستثنیٰ ہیں، ان کا مفصل بیان ہے۔ اسی طرح سنّت سے زیادہ احادیثِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں قولاً اور عملاً پردہ کے احکام بتلائے گئے ہیں، ان سب کو یک جا معلوم کرنے کے لئے احقر نے ایک مستقل رسالہ بنام "تفصیل الخطاب فی تفسیر آیات الحجاب" لکھ دیا ہے جو بزبان عربی احکام القرآن سورۂ احزاب کا جز ہو کر شائع ہو چکا ہے اس تفسیر قرآن میں ہر آیت کی تفسیر تو اپنی اپنی جگہ پر آتی ہے باقی مضامین رسالہ کے چند ضروری اقتباسات یہاں لکھے جاتے ہیں۔

نزولِ حجاب کی تاریخ

عورتوں اور مردوں میں بے محابا اختلاط تو دنیا کی پوری تاریخ میں آدم علیہ السلام سے لے کر خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم تک کسی زمانے میں درست نہیں سمجھا گیا، اور صرف اہلِ شرائع ہی نہیں دنیا کے عام شریف خاندانوں میں ایسے اختلاط کو روا نہیں رکھا گیا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے سفرِ مَدْین کے وقت جن عورتوں کا اپنی بکریوں کو پانی پلانے کے لئے الگ روکے ہوئے کھڑے ہونے کا ذکر ہے، اس کی وجہ یہی بتلائی گئی ہے کہ ان عورتوں نے مردوں کے ہجوم میں گھسنا پسند نہ کیا، سب کے بعد بچے ہوئے پانی پر قناعت کی۔ حضرت زینب بنت جحش رضؓ جن کے نکاح کے وقت پہلی آیتِ حجاب نازل ہوئی ہے اس کے نازل ہونے سے پہلے بھی جامع ترمذی کی روایت میں ان کی گھر میں نشست کی یہ صورت بیان کی ہے وَهِيَ مُوَلِّيَةٌ وَجْهَهَا إِلَى الْحَائِطِ، "یعنی وہ اپنا رُخ دیوار کی طرف پھیرے ہوئے بیٹھی تھیں"۔

اس سے معلوم ہوا کہ نزولِ حجاب سے پہلے بھی عورتوں مردوں میں بے محابا اختلاط اور بے تکلف ملاقات و گفتگو کا رواج شریف اور نیک لوگوں میں کہیں نہ تھا۔ قرآن کریم میں جس جاہلیتِ اُولیٰ اور اس میں عورتوں کے تبرّج و ظہور کا ذکر ہے وہ بھی عرب کے شریف خاندانوں میں نہیں بلکہ لونڈیوں اور آوارہ عورتوں میں تھا عرب کے شریف خاندان اس کو معیوب سمجھتے تھے۔ عرب کی پوری تاریخ اس کی شاہد ہے۔ ہندوستان میں ہندو، بُدھ مت، اور دوسرے مشرکانہ مذاہب والوں میں عورتوں مردوں کے درمیان بے محابا اختلاط گوارا نہ تھا۔ یہ مردوں کے دوش بدوش کام کرنے کے دعوے اور بازاروں اور سڑکوں پر پریڈ کرنے اور تعلیم سے لے کر ہر شعبۂ زندگی میں مرد و زن کے بے تکلف اختلاط ضیافتوں اور کلبوں میں بے تکلف ملاقاتوں کا سلسلہ صرف یوروپین اقوام کی بے حیائی اور فحاشی کی پیداوار ہے، جس میں یہ اقوام بھی اپنے ماضی سے ہٹ جانے کے بعد مبتلا ہوئی ہیں۔ قدیم زمانے میں ان کی بھی یہ صورت نہ تھی۔ حق تعالیٰ نے جس طرح عورت کی جسمانی تخلیق کو مردوں سے ممتاز رکھا ہے اسی طرح ان کی طبیعتوں میں ایک فطری حیاء کا جوہر بھی رکھا ہے، جو ان کو فطری طور پر عام مردوں سے الگ تھلگ رہنے اور تستّر پر آمادہ کرتی ہے۔ اور یہ فطری اور طبعی حیاء کا پردہ عورتوں مردوں

کے درمیان ابتداءِ آفرینش سے حائل رہا ہے، ابتداءِ اسلام میں بھی باہمی پردہ کی یہی نوعیت تھی۔

پردۂ نسواں کی یہ خاص نوعیت کہ عورتوں کا اصل مقام گھروں کی چہار دیواری ہو، اور جب کسی شرعی ضرورت سے باہر نکلنا ہو تو پورے بدن کو چھپا کر نکلیں، یہ ہجرتِ مدینہ کے بعد ۵ھ ہجری میں جاری ہوا ہے۔

جس کی تفصیل یہ ہے کہ باتفاقِ علمائے امّت اس پردہ کے متعلق پہلی آیت وہ ہے جو اوپر مذکور ہوئی ہے لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ، اور یہ آیت حضرت زینب بنت جحش رضؓ کے نکاح اور حرم نبویؐ میں داخلہ کے وقت نازل ہوئی ہے۔ اس نکاح کی تاریخ میں حافظ ابن حجر نے اصابہ میں اور ابن عبدالبرؒ نے استیعاب میں دو قول نقل کئے ہیں کہ ۳ھ ہجری میں ہوا یا ۵ھ ہجری میں ہوا۔ ابن کثیر نے ۵ھ ہجری کو ترجیح دی، ابن سعدؒ نے حضرت انس رضؓ سے بھی ۵ھ ہجری نقل کیا ہے، حضرت صدیقہ عائشہ رضؓ کی بعض روایات سے بھی اسی کی ترجیح معلوم ہوتی ہے۔ واللہ اعلم

آیتِ مذکورہ میں عورتوں کو پسِ پردہ رہنے کا حکم دیا اور مردوں کو حکم یہ ملا کہ اگر ان سے کوئی چیز مانگنا ہے تو پردہ کے پیچھے سے مانگیں۔ اس میں پردہ کی خاص تاکید پائی گئی کہ بلاضرورت تو مردوں عورتوں کو الگ ہی رہنا ہے، ضرورت کے وقت ان سے بات کرنا ہو تو پسِ پردہ کر سکتے ہیں۔

قرآن کریم میں پردۂ نسواں اور اس کی تفصیلات کے متعلق سات آیتیں نازل ہوئی ہیں، چار سورۂ احزاب میں اور تین سورۂ نور میں گذر چکی ہیں۔ اس پر سب کا اتفاق ہے کہ پردہ کے متعلق سب سے پہلے نازل ہونے والی یہی آیت ہے لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّآ اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ الآیۃ، سورہ نور کی تینوں آیتیں اور سورۂ احزاب کے شروع کی آیت جس میں ازواج مطہرات کو یہ حکم دیا گیا ہے کہ اپنے گھروں میں بیٹھیں، وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ، یہ سب اگرچہ ترتیب قرآن میں پہلے ہے مگر نزول کے اعتبار سے مؤخر ہیں۔ سورۂ احزاب کی پہلی آیت میں اس کی تصریح موجود ہے کہ یہ حکم اس وقت دیا گیا ہے جب کہ ازواجِ مطہراتؓ کو منجانب اللہ اختیار دیا گیا تھا کہ اگر دنیا کی وسعت چاہتی ہیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے طلاق لے لیں، اور آخرت کو ترجیح دے کر دنیا کی معیشت میں موجودہ حالت پر قناعت کریں تو نکاح میں رہیں۔

اس واقعۂ تخییر میں یہ بھی مذکور ہے کہ جن ازواج کو یہ اختیار دیا گیا تھا ان میں حضرت زینب رضؓ بنت جحش بھی شامل تھیں اس سے معلوم ہوا کہ ان کا نکاح اس

آیت سے پہلے ہو چکا تھا، یہ آیت بعد میں نازل ہوئی ہے۔ اسی طرح سورۂ نور کی آیتیں جن میں پردہ کے متعلق تفصیلات ہیں، یہ اگرچہ ترتیب قرآنی میں مقدم ہیں مگر نزول کے اعتبار سے وہ بھی اس کے بعد قصۂ افک کے ساتھ نازل ہوئی ہیں، جو غزوۂ بنی المصطلق یا مریسیع سے واپسی میں پیش آیا تھا۔ یہ غزوہ ۶ سنہ ہجری میں ہوا ہے۔ اور پردۂ شرعی کے احکام اس وقت سے جاری ہوئے ہیں جبکہ حضرت زینب رضؓ کے نکاح میں آیت پردہ نازل ہوئی، سورۂ نور کی آیات متعلقہ حجاب سورۂ نور میں گذر چکی ہیں۔

ستر عورت کے احکام اور حجاب نساء میں فرق

مرد و عورت کا وہ حصہ بدن جسکو عربی میں عورت اور اردو فارسی میں ستر کہتے ہیں جس کا سب سے چھپانا شرعی، طبعی اور عقلی طور پر فرض ہے، اور ایمان کے بعد سب سے پہلا فرض جس پر عمل ضروری ہے، وہ ستر عورت یعنی اعضائے مستورہ کا چھپانا ہے۔ یہ فریضہ تو ابتداءِ آفرینش سے فرض ہے، تمام انبیاء علیہم السلام کی شریعتوں میں فرض رہا ہے، بلکہ شرائع کے وجود سے بھی پہلے جب جنّت میں شجر ممنوعہ کھا لینے کے سبب حضرت آدم و حواء علیہما السلام کا جنتی لباس اُتر گیا اور ستر کھل گیا تو وہاں بھی آدم علیہ السّلام نے ستر کھلا رکھنے کو جائز نہیں سمجھا۔ اسی لئے آدم و حواء دونوں نے جنّت کے پتّے اپنے ستر پر باندھ لئے طَفِقَا يَخْصِفَانِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ کا یہی مطلب ہے۔ دنیا میں آنے کے بعد آدم علیہ السلام سے خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم تک ہر پیغمبر دین کی شریعت میں ستر چھپانا فرض رہا ہے۔ اعضاءِ مستورہ کی تعیین اور تحدید میں اختلاف ہو سکتا ہے، کہ ستر کہاں سے کہاں تک ہے، مگر اصل فرضیت ستر عورت کی تمام شرائع انبیاء میں مسلمہ ہے، اور یہ فرض ہر انسان مرد و عورت پر فی نفسہٖ عائد ہے، کوئی دوسرا دیکھنے والا ہو یا نہ ہو اسی لئے اگر کوئی شخص اندھیری رات میں ننگا نماز پڑھے حالانکہ ستر چھپانے کے قابل کپڑا اُس کے پاس موجود ہو، تو یہ نماز بالاتفاق ناجائز ہے، حالانکہ اس کو ننگا کسی نے دیکھا نہیں (بحر الرائق) اسی طرح نماز اگر کسی ایسی جگہ پڑھی جہاں کوئی دوسرا آدمی دیکھنے والا نہیں اس وقت بھی اگر نماز میں ستر کھل گیا تو نماز فاسد ہو جاتی ہے۔ (کما فی عامۃ کتب الفقہ)

خارج نماز لوگوں کے سامنے ستر پوشی کے فرض ہونے میں تو کسی کا اختلاف ہی نہیں، لیکن خلوت میں جہاں کوئی دوسرا دیکھنے والا موجود نہ ہو وہاں بھی صحیح قول یہی ہے کہ خارج نماز بھی بلا ضرورت شرعیہ یا طبعیہ کے ستر کھول کر ننگا بیٹھنا جائز نہیں۔ (کما فی البحر عن شرح المنیہ)

یہ حکم تو سترِ عورت کا تھا، جو اوّلِ اسلام سے بلکہ اوّلِ آفرینش سے تمام شرائع انبیاء میں فرض رہا ہے، جس میں مرد و عورت دونوں برابر ہیں۔ خلوت و جلوت میں بھی برابر ہیں، جیسے لوگوں کے سامنے ننگا ہونا جائز نہیں، ایسے ہی خلوت و تنہائی میں بھی بلاضرورت ننگا رہنا جائز نہیں۔

دوسرا مسئلہ: حجاب اور پردہ کا ہے کہ عورتیں اجنبی مردوں سے پردہ کریں۔ اس مسئلہ میں بھی اتنی بات تو انبیاء و صلحاء اور شرفاء میں ہمیشہ سے رہی ہے کہ اجنبی مردوں کے ساتھ عورتوں کا بے محابا اختلاط نہ ہو۔ حضرت شعیب علیہ السلام کی دو لڑکیوں کا قصہ جو قرآن کریم میں پارہ ۲۰ میں آیا ہے اس میں لڑکیاں اپنی بکریوں کو پانی پلانے کے لئے بستی کے کنوئیں پر گئیں جہاں لوگوں کا ہجوم تھا وہ اپنے اپنے جانوروں کو پانی پلا رہے تھے تو قرآن کریم میں ہے کہ یہ لڑکیاں ایک طرف الگ کھڑی ہو گئیں، حضرت موسیٰ علیہ السلام جن کا اس وقت اتفاقی طور پر مسافرانہ انداز میں وہاں گذر ہوا تو ان لڑکیوں کو علیحدہ کھڑے دیکھ کر سبب پوچھا تو لڑکیوں نے دو باتیں بتلائیں۔

اوّل یہ کہ اس وقت یہاں مردوں کا ہجوم ہے ہم اپنے جانوروں کو پانی اس وقت پلائیں گے جب یہ لوگ فارغ ہو کر چلے جائیں گے۔

دوسری بات یہ بھی بتلائی کہ ہمارے والد بوڑھے ضعیف ہیں جس میں اشارہ اس طرف ہے کہ جانوروں کو پانی پلانے کے لئے نکلنا یہ عرف و عادت کے اعتبار سے عورتوں کا کام نہیں تھا، مگر والد کے ضعف و مجبوری اور کسی دوسرے آدمی کے موجود نہ ہونے کے سبب یہ کام ہمیں کرنا پڑ گیا۔

یہ حال قرآن میں حضرت شعیب علیہ السلام کی لڑکیوں کا بتلایا گیا ہے جس سے معلوم ہوا کہ اس زمانے اور ان کی شریعت میں بھی عورتوں مردوں کا دوش بدوش چلنا اور بے محابا اختلاط پسند نہیں تھا، اور ایسے کام جن میں مردوں کے ساتھ اختلاط ہو وہ عورتوں کے سپرد ہی نہیں کئے جاتے تھے۔ بہرحال اس مجموعہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ عورتوں کو باقاعدہ پردہ میں رہنے کا حکم اس وقت نہیں تھا، اسی طرح ابتداءِ اسلام میں بھی یہی صورت جاری رہی۔ ۳ھ یا ۵ھ میں عورتوں پر اجنبی مردوں سے پردہ کرنا فرض کر دیا گیا، جس کی تفصیلات آگے آتی ہیں۔

اس سے یہ معلوم ہو گیا کہ سترِ عورت، اور حجابِ نساء یہ دو مسئلے الگ الگ ہیں، سترِ عورت ہمیشہ سے فرض ہے، حجابِ نساء ۵ھ ہجری میں فرض ہوا۔ سترِ عورت

مرد و عورت دونوں پر فرض ہے اور حجاب صرف عورتوں پر، ستر عورت لوگوں کے سامنے اور خلوت دونوں میں فرض ہے حجاب صرف اجنبی کی موجودگی میں۔ یہ تفصیل اس لئے لکھی گئی کہ ان دونوں مسئلوں کو خلط ملط کر دینے سے بہت سے شبہات مسائل اور احکامِ قرآن کے سمجھنے میں پیدا ہو جاتے ہیں۔ مثلاً عورت کا چہرہ اور ہتھیلیاں ستر عورت سے باجماع مستثنیٰ ہیں، اسی لئے نماز میں چہرہ اور ہتھیلیاں کھلی ہوں تو نماز بالاتفاق و باجماع جائز ہے۔ چہرہ اور ہتھیلیاں تو از روئے نص مستثنیٰ ہیں، قدمین کو فقہاء نے ان پر قیاس کر کے مستثنیٰ قرار دیا ہے۔

لیکن اجنبی مردوں سے پردہ میں بھی چہرہ اور ہتھیلیاں مستثنیٰ ہیں یا نہیں، اس میں اختلاف ہے، جس کی تفصیل سورۂ نور کی آیت لَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا، کے تحت گذر چکی ہے، جس کا خلاصہ آگے آتا ہے۔

حجابِ شرعی کے درجات اور ان کے احکام کی تفصیل

پردۂ نسواں کے متعلق قرآن مجید کی سات آیات اور حدیث کی سترّ روایات کا حاصل یہ معلوم ہوتا ہے کہ اصل مطلوبِ شرعی حجابِ اشخاص ہے، یعنی عورتوں کا وجود اور ان کی نقل و حرکت مردوں کی نظروں سے مستور رہے، جو گھروں کی چار دیواری یا خیموں اور معلّق پردوں کے ذریعہ ہو سکتا ہے۔ اس کے سوا جتنی صورتیں حجاب کی منقول ہیں وہ سب ضرورت کی بناء پر اور وقتِ ضرورت اور قدرِ ضرورت کے ساتھ مقید اور مشروط ہیں۔

اس طرح پردہ کا پہلا درجہ جو اصل مطلوبِ شرعی ہے وہ حجابِ اشخاص ہے کہ عورتیں اپنے گھروں میں رہیں۔ لیکن شریعتِ اسلامیہ ایک جامع اور مکمل نظام ہے جس میں انسان کی تمام ضروریات کی رعایت پوری کی گئی ہے، اور یہ ظاہر ہے کہ عورتوں کو ایسی ضرورتیں پیش آنا ناگزیر ہے کہ وہ کسی وقت گھروں سے نکلیں اس کے لئے پردہ کا دوسرا درجہ قرآن و سنت کی رُو سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ سر سے پاؤں تک برقع یا لانبی چادر میں پورے بدن کو چھپا کر نکلیں۔ راستہ دیکھنے کے لئے چادر میں سے صرف ایک آنکھ کھولیں، یا برقع میں جو جالی آنکھوں کے سامنے استعمال کی جاتی ہے وہ لگا لیں، ضرورت کے مواقع میں پردہ کا دوسرا درجہ بھی پہلے کی طرح سب علماء و فقہاء کے درمیان متفق علیہ ہے۔

ایک تیسرا درجہ بھی بعض روایات سے مفہوم ہوتا ہے، جس میں صحابہ و تابعین اور فقہاء اُمّت کی رائیں مختلف ہیں۔ وہ یہ کہ عورتیں جب بضرورت گھروں سے باہر نکلیں تو

وہ اپنا چہرہ اور ہتھیلیاں بھی لوگوں کے سامنے کھول سکتی ہیں بشرطیکہ سارا بدن مستور ہو، پردۂ شرعی کے ان تینوں درجوں کی تفصیل یہ ہے کہ :-

پہلا درجہ حجاب اشخاص بالبیوت

قرآن وسنت کی رُو سے اصل مطلوب یہی درجہ ہی، سورۂ احزاب کی زیر بحث آیت وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَاسْـَٔلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ، اس کی واضح دلیل اور اس سے زیادہ واضح سورۂ احزاب ہی کے شروع کی آیت وَقَرْنَ فِیْ بُیُوْتِكُنَّ ہی۔ ان آیتوں پر جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عمل فرمایا، اس سے اور زیادہ اس کی تشریح سامنے آجاتی ہے۔

یہ اوپر معلوم ہو چکا ہے کہ پردۂ نسواں کے متعلق پہلی آیت حضرت زینب رضؓ کے نکاح کے وقت نازل ہوئی، روایاتِ حدیث میں حضرت انس رضؓ نے فرمایا کہ میں اس واقعۂ حجاب کو اور سب سے زیادہ اس لئے جانتا ہوں کہ میں اس وقت حضور ﷺ کی خدمت میں موجود تھا۔ جب پردہ کے لئے یہ آیت نازل ہوئی، تو آپؐ نے مردوں کے سامنے ایک چادر وغیرہ کا پردہ ڈال کر حضرت زینبؓ کو اندر مستور کر دیا۔ یہ نہیں کیا کہ ان کو برقع یا چادر میں مستور کر دیتے، شانِ نزول میں جو واقعہ حضرت عمر بن خطابؓ کا اوپر گذر چکا ہے اس سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عمرؓ کا مقصود یہ تھا کہ امہات المؤمنینؓ مردوں کی نظروں سے الگ اندر رہیں۔ جیسا کہ ان کے ان الفاظ سے معلوم ہوتا ہے یَدْخُلُ عَلَیْكَ الْبَرُّ وَالْفَاجِرُ

صحیح بخاری باب غزوۂ موتہ میں حضرت صدیقہ عائشہ رضؓ کی روایت ہی کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت زید بن حارثہؓ اور جعفرؓ اور عبداللہ بن رواحہؓ کی شہادت کی خبر ملی تو آپؐ مسجدِ نبویؐ میں تشریف رکھتے تھے، آپؐ کے چہرۂ مبارک پر سخت غم وصدمہ کے آثار تھے، میں حجرہ کے اندر دروازہ کی ایک شق (ریخ) سے یہ سب ماجرا دیکھ رہی تھی۔

اس سے ثابت ہوا کہ اُمّ المؤمنینؓ اس حادثہ کے وقت بھی باہر آکر برقع کے ساتھ مجمع میں شامل نہیں ہوئیں بلکہ دروازہ کی شق سے اس جلسہ کا مشاہدہ کیا۔

اور صحیح بخاری کتاب المغازی عمرۃ القضاء کے باب میں ہے کہ حضرت عروہ ابن زبیر صدیقہ عائشہ رضؓ کے بھانجے اور عبداللہ بن عمرؓ مسجدِ نبوی میں حضرت صدیقہ عائشہ رضؓ کے حجرے کے باہر متصل تشریف رکھتے تھے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عمروں کے متعلق باہم گفتگو کر رہے تھے۔ ابن عمرؓ فرماتے ہیں، کہ اسی درمیان میں ہم نے حضرت صدیقہؓ کی مسواک کرنے اور حلق صاف کرنے کی آواز حجرہ کے اندر سے سُنی۔ آگے واقعہ میں

عمرات نبیؐ کا ذکر ہے۔ اس روایت سے بھی معلوم ہوا کہ آیاتِ حجاب نازل ہونے کے بعد ازواجِ مطہرات کا معمول یہ ہوگیا تھا کہ گھروں میں رہ کر پردہ کرتی تھیں۔

اسی طرح صحیح بخاری باب غزوۃ الطائف میں ایک حدیث ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک پانی کے برتن میں کلّی کر کے حضرت ابوموسیٰ اور بلال رضؓ کو عطا فرمایا کہ اس کو پی لیں، اور اپنے چہرے پر مل لیں۔ ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضؓ پردہ کے پیچھے یہ واقعہ دیکھ رہی تھیں انھوں نے اندر سے آواز دے کر ان دونوں بزرگوں سے کہا کہ اس تبرّک میں سے کچھ اپنی ماں یعنی اُمّ سلمہ رضؓ کے لئے چھوڑ دینا۔

یہ حدیث بھی شاہد ہے کہ نزولِ حجاب کے بعد ازواج مطہراتؓ گھروں اور پردوں کے اندر رہتی تھیں۔

فائدہ: اس روایت میں یہ بات بھی قابلِ نظر ہے کہ ازواج مطہراتؓ بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تبرّکات کی ایسی ہی شائق تھیں جیسے دوسرے مسلمان۔ یہ بھی آپ کی ذاتِ اقدس ہی کی خصوصیت تھی ورنہ بیوی سے جو بے تکلّف تعلق شوہر کا ہوتا ہے، اس کے ساتھ اس کے تقدس و تعظیم کا یہ درجہ قائم رہنا عادۃً ناممکن ہے۔

اور صحیح بخاری کتاب الادب میں حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ وہ اور ابوطلحہ رضؓ ایک مرتبہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کیساتھ کہیں جارہے تھے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اونٹ پر سوار تھے، آپؐ کے ساتھ ام المؤمنین حضرت صفیہ رضؓ بھی سوار تھیں، راستہ میں اچانک اونٹ کے ٹھوکر لگی، اور ابوطلحہ کے بیان کے مطابق آپؐ اور حضرت صفیہ رضؓ اونٹ سے گر گئے۔ تو ابوطلحہ رضؓ آپؐ کے پاس حاضر ہوئے، اور عرض کیا اللہ تعالیٰ مجھے آپؐ پر قربان کردے آپ کو کوئی چوٹ تو نہیں آئی؟ آپؐ نے فرمایا کہ نہیں، تم عورت کی خبر لو، ابوطلحہ رضؓ نے پہلے تو اپنا چہرہ کپڑے میں چھپایا، پھر حضرت صفیہ رضؓ کے پاس پہونچے اور ان کے اوپر کپڑا ڈال دیا تو وہ کھڑی ہوگئیں۔ پھر اسی طرح پردہ میں مستوران کو اُن کی سواری پر سوار کیا۔

اس واقعہ میں بھی جو ایک حادثہ کی صورت میں اچانک پیش آیا، صحابۂ کرام اور ازواجِ مطہرات کا ـــــ پردہ کے معاملہ میں اتنا اہتمام اس کی بڑی اہمیت کا شاہد ہے۔

اور جامع ترمذی میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی حدیث ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اِذَا خَرَجَتِ الْمَرْاَۃُ اسْتَشْرَفَهَا الشَّيْطٰنُ (قال الترمذی هٰذا حدیث حسن صحیح غریب) معنی یہ ہیں کہ "عورت جب گھر سے نکلتی ہے تو شیطان اس کو تاک لیتا ہے" (یعنی اس کو مسلمانوں میں بُرائی پھیلانے کا ذریعہ بناتا ہے)۔

اور ابن خزیمہ و ابن حبان نے اس حدیث میں یہ الفاظ بھی نقل کئے ہیں: وَاَقْرَبُ مَا تَكُوْنُ مِنْ وَّجْهِ رَبِّهَا وَهِيَ فِيْ قَعْرِ بَيْتِهَا۔ "یعنی عورت اپنے رب سے سب سے زیادہ قریب اس وقت ہوتی ہے جب وہ اپنے گھر کے بیچ میں مستور رہو"

اس حدیث میں بھی اس کی شہادت موجود ہے کہ اصل عورتوں کے لئے یہی ہے کہ وہ اپنے گھروں میں بیٹھیں باہر نہ نکلیں (ضرورت کے مواقع مستثنیٰ ہیں)۔

اور ایک حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے لَيْسَ لِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ فِي الْخُرُوْجِ اِلَّا مُضْطَرَّةً (رواہ الطبرانی کذا فی الکنز ص ۲۶۳ ج ۸) "یعنی عورتوں کا باہر نکلنے کے لئے کوئی حصہ نہیں، بجز اس کے کہ باہر نکلنے کے لئے کوئی اضطراری صورت پیش آجائے"

اور حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ سے روایت ہے کہ میں ایک روز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھا، آپؐ نے صحابۂ کرامؓ سے سوال فرمایا اَيُّ شَيْءٍ خَيْرٌ لِّلْمَرْاَةِ (عورت کے لئے کیا چیز بہتر ہے) صحابۂ کرام خاموش رہے، کوئی جواب نہیں دیا، پھر جب میں گھر میں گیا اور فاطمہؓ سے میں نے یہی سوال کیا تو انھوں نے فرمایا لَا يَرَيْنَ الرِّجَالَ وَلَا يَرَوْنَهُنَّ، یعنی عورتوں کے لئے بہتر یہ ہے کہ نہ وہ مردوں کو دیکھیں اور نہ مرد اُن کو دیکھیں"۔ میں نے ان کا یہ جواب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے نقل کیا، تو آپؐ نے فرمایا صَدَقَتْ اِنَّمَا بِضْعَةٌ مِنِّيْ۔ "انھوں نے درست کہا بیشک وہ میرا ایک جزء ہیں"۔

واقعہ اِفک میں جو سبب حضرت صدیقہؓ کے جنگل میں رہ جانے کا پیش آیا وہ یہی تھا کہ ازواج مطہراتؓ کا پردہ صرف برقع چادر ہی کا نہیں تھا بلکہ وہ سفر میں بھی اپنے ہودج (شغدف) میں رہتی تھیں، یہ شغدف ہی اونٹ کے اوپر سوار کر دیا جاتا تھا اور اسی طرح اتارا جاتا تھا۔ شغدف مسافر کا مثل مکان کے ہوتا ہے۔ اس واقعہ میں جب قافلہ چلنے لگا تو حسب عادت خادموں نے شغدف کو یہ سمجھ کر اونٹ پر سوار کر دیا کہ اُم المؤمنین اس کے اندر موجود ہیں، اور واقعہ یہ تھا کہ وہ اس میں نہیں تھیں، بلکہ طبعی ضرورت کے لئے باہر گئی ہوئی تھیں۔ اس مغالطہ میں قافلہ روانہ ہو گیا اور اُمّ المؤمنین جنگل میں تنہا رہ گئیں۔

یہ واقعہ بھی اس بات کا قوی شاہد ہے کہ حجاب شرعی کا مفہوم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ازواج مطہراتؓ نے یہی سمجھا تھا کہ عورتیں اپنے مکانوں میں، سفر میں ہوں تو اپنی شغدف میں رہیں، ان کا وجود مردوں کے سامنے نہ آئے، اور جب سفر کی حالت میں حجاب اشخاص کا یہ اہتمام تھا تو حضر میں کتنا اہتمام ہوگا؟

دوسرا درجہ حجاب بالبرقع

ضرورت کے مواقع میں جب عورت کو گھر سے باہر جانا پڑے تو اس وقت کسی برقع یا لمبی چادر کو سر سے پیر تک اوڑھ کر نکلنے کا حکم ہے، جس میں بدن کا کوئی حصہ ظاہر نہ ہو۔ یہ سورۂ احزاب کی اس آیت سے ثابت ہی جو آگے آرہی ہے، يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّأَزْوَاجِكَ وَبَنَاتِكَ وَنِسَاءِ الْمُؤْمِنِينَ يُدْنِينَ عَلَيْهِنَّ مِن جَلَابِيبِهِنَّ، "یعنی اے نبیؐ! آپ اپنی ازواج مطہراتؓ اور بنات طاہرات کو اور عام مسلمانوں کی عورتوں کو حکم دیں کہ اپنی جلباب استعمال کریں"، جلباب اس لمبی چادر کو کہتے ہیں جس میں عورت سر سے پیر تک مستور ہو جائے (روی ذلک عن ابن عباسؓ)

ابن جریر نے اپنی سند کے ساتھ حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے استعمالِ جلباب کی صورت یہ نقل کی ہے کہ عورت سر سے پاؤں تک اس میں لپٹی ہوئی ہو اور چہرہ اور ناک بھی اس سے مستور ہو، صرف ایک آنکھ راستہ دیکھنے کے لئے کھلی ہو۔ اس آیت کی پوری تفسیر آگے آتی ہے، یہاں صرف یہ بتلانا منظور ہے کہ ضرورت کے وقت جب عورت گھر سے نکلنے پر مجبور ہو تو اس کو پردہ کا یہ درجہ اختیار کرنا ضروری ہے کہ جلباب وغیرہ میں سر سے پاؤں تک مستور ہو اور چہرہ بھی بجز ایک آنکھ کے چھپا ہوا ہو۔

یہ صورت بھی باتفاق فقہاءِ اُمت ضرورت کے وقت جائز ہے، مگر احادیث صحیحہ میں اس صورت کے اختیار کرنے پر بھی چند پابندیاں عائد کی ہیں، کہ خوشبو نہ لگائے ہوئے ہو بجنے والا کوئی زیور نہ پہنا ہو، راستہ کے کنارے پر چلے، مردوں کے ہجوم میں داخل نہ ہو وغیرہ۔

تیسرا درجہ پردۂ شرعی کا جس میں فقہاء کا اختلاف ہے

یہ ہے کہ سر سے پیر تک سارا بدن مستور ہو، مگر چہرہ اور ہتھیلیاں کھلی ہوں، جن حضرات نے اِلَّا مَا ظَهَرَ کی تفسیر چہرے اور ہتھیلیوں سے کی ہے، ان کے نزدیک چونکہ چہرہ اور ہتھیلیاں حجاب سے مستثنیٰ ہو گئیں، اس لئے ان کو کھلا رکھنا جائز ہو گیا۔ (کما روی عن ابن عباسؓ) اور جن حضرات نے مَا ظَهَرَ سے بُرقع، جلباب وغیرہ مراد لی ہے وہ اس کو ناجائز کہتے ہیں۔ (کما روی عن ابن مسعودؓ) جنھوں نے جائز کہا ہے اُن کے نزدیک بھی یہ شرط ہے کہ فتنہ کا خطرہ نہ ہو، مگر چونکہ عورت کی زینت کا سارا مرکز اس کا چہرہ ہے، اس لئے اس کو کھولنے میں فتنہ کا خطرہ نہ ہونا شاذ و نادر ہے، اس لئے انجام کار عام حالات میں ان کے نزدیک بھی چہرہ وغیرہ کھولنا جائز نہیں۔

ائمۂ اربعہ میں سے امام مالکؒ، شافعیؒ، احمد بن حنبلؒ تین اماموں نے تو پہلا مذہب اختیار کر کے چہرہ اور ہتھیلیاں کھولنے کی مطلقاً اجازت نہیں دی، خواہ فتنہ کا خوف ہو یا

نہ ہو، امام اعظم ابو حنیفہؒ نے اگرچہ دوسرا مسلک اختیار فرمایا مگر خوف فتنہ کا نہ ہونا شرط قرار دیا، اور چونکہ عادۃً یہ شرط مفقود ہی اس لئے فقہاء حنفیہ نے بھی غیر محرموں کے سامنے چہرہ اور ہتھیلیاں کھولنے کی اجازت نہیں دی۔

مذاہب ائمہ اربعہ کی روایتیں ان مذاہب کی مستند کتابوں کے حوالہ سے رسالہ تفصیل الخطاب جزء احکام القرآن میں مفصل بیان کر دی گئی ہیں، حنفیہ کا اصل مذہب چونکہ چہرے اور ہتھیلیوں کو حجاب سے مستثنیٰ ہونے کا ہے اس لئے اس جگہ مذہبِ حنفیہ کی چند روایات نقل کی جاتی ہیں، جن میں بوجہ خوف فتنہ ممانعت کرنے کا حکم مذکور ہے۔

اِعْلَمْ اَنَّهٗ لَا مُلَازَمَةَ بَيْنَ كَوْنِهٖ لَيْسَ عَوْرَةً وَجَوَازِ النَّظَرِ اِلَيْهِ فَحِلُّ النَّظَرِ منوط بِعَدَمِ خَشْيَةِ الشَّهْوَةِ مَعَ انْتِفَاءِ الْعَوْرَةِ وَلِذَا حُرِّمَ النَّظَرُ اِلٰى وَجْهِهَا وَوَجْهِ الْاَمْرَدِ اِذَا شَكَّ فِي الشَّهْوَةِ وَلَا عَوْرَةَ ،

"سمجھ لو کہ کسی عضو کے ستر میں داخل نہ ہونے اور اس کی طرف نظر کے جائز ہونے میں کوئی تلازم نہیں، کیونکہ نظر کا جواز تو اس پر موقوف ہی کہ شہوت کا خطرہ نہ ہو حالانکہ وہ عضو ستر میں داخل نہیں اسی وجہ سے اجنبی عورت کا چہرہ یا کسی بے ریش لڑکے کے چہرے کی طرف نظر کرنا حرام ہی، جب کہ شہوت پیدا ہونے میں شک ہو حالانکہ چہرہ ستر میں داخل نہیں"

(فتح القدیر، ص ۱۸۱ ج ۱)

فتح القدیر کی مذکورہ عبارت سے خطرۂ شہوت کی یہ تفسیر بھی معلوم ہو گئی کہ اگرچہ بالفعل کوئی شہوانی نیت نہ ہو مگر ایسا خیال پیدا ہو جانے کا شک ہو۔ جب ایسا شک ہو تو نہ صرف اجنبی عورتوں کے بلکہ بے ریش لڑکوں کے چہرے کو دیکھنا بھی حرام ہے، اور خیالِ شہوت پیدا ہونے کی تشریح جامع الرموز میں یہ کی ہے کہ نفس میں اس کے قریب ہونے کا میلان پیدا ہو جائے، اور یہ ظاہر ہے کہ نفس میں اتنا میلان بھی پیدا نہ ہو، یہ چیز تو سلف کے زمانے میں بھی شاذ تھی۔ حدیث میں حضرت فضل کو ایک عورت کی طرف دیکھتے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ان کے چہرے کو اپنے ہاتھ سے دوسری طرف پھیر دینا اس کی واضح دلیل ہے تو اس زمانۂ فساد میں کون کہہ سکتا ہے کہ اس خطرے سے خالی ہے۔

اور شمس الائمہ سرخسی نے اس مسئلہ پر مفصل بحث کے بعد لکھا ہے:

وَهٰذَا كُلُّهٗ اِذَا لَمْ يَكُنِ النَّظَرُ

"یہ چہرہ اور ہتھیلیوں کی طرف نظر کا

عَنْ شَهْوَةٍ فَإِنْ كَانَ يَعْلَمُ أَنَّهُ إِنْ نَظَرَ اشْتَهَى لَمْ يَحِلَّ لَهُ النَّظَرُ إِلَى شَيْءٍ مِّنْهَا

(مبسوط، ص ۱۵۲ ج ۱۰)

جائز ہونا صرف اس صورت میں ہے جبکہ یہ نظر شہوت سے نہ ہو، اور اگر دیکھنے والا جانتا ہے کہ چہرہ دیکھنے سے بُرے خیالات پیدا ہو سکتے ہیں تو اس کو عورت کی کسی چیز کی طرف بھی نظر کرنا حلال نہیں۔"

اور علامہ شامیؒ نے رد المحتار کتاب الکراہیۃ میں فرمایا ہے:۔

فَإِنْ خَافَ الشَّهْوَةَ أَوْ شَكَّ امْتَنَعَ النَّظَرُ إِلَى وَجْهِهَا فَحِلُّ النَّظَرِ مُقَيَّدٌ بِعَدَمِ الشَّهْوَةِ وَإِلَّا فَحَرَامٌ وَهٰذَا فِي زَمَانِهِمْ وَأَمَّا فِي زَمَانِنَا فَمُنِعَ مِنَ الشَّابَّةِ إِلَّا النَّظَرُ لِحَاجَةٍ كَقَاضٍ وَشَاهِدٍ يَحْكُمُ وَيَشْهَدُ وَأَيْضًا قَالَ فِي شُرُوطِ الصَّلٰوةِ وَتُمْنَعُ الشَّابَّةُ مِنْ كَشْفِ الْوَجْهِ بَيْنَ رِجَالٍ لَا لِأَنَّهُ عَوْرَةٌ بَلْ لِخَوْفِ الْفِتْنَةِ

"اگر شہوت کا خطرہ یا شک ہو تو عورت کے چہرے کی طرف نظر ممنوع ہو گی، کیونکہ نظر کا حلال ہونا شہوت نہ ہونے کے ساتھ مشروط ہے، اور جب یہ شرط نہ ہو تو حرام ہے، اور یہ بات سلف کے زمانے میں تھی لیکن ہمارے زمانے میں تو مطلقاً عورت کی طرف نظر ممنوع ہے، مگر یہ کہ کسی حاجتِ شرعیہ کی وجہ سے نظر کرنا پڑے، جیسے قاضی یا شاہد جن کو کسی معاملہ میں اس عورت کے متعلق شہادت یا فیصلہ دینا پڑے اور شروط صلوٰۃ میں فرمایا کہ جوان عورت کو (اجنبی) مردوں کے سامنے چہرہ کھولنا ممنوع ہے، نہ اس لئے کہ عورت ہے بلکہ فتنہ کے خوف سے۔"

خلاصہ اس بحث و اختلافِ فقہاء کا یہ ہے کہ امام شافعی، مالک، احمد بن حنبل رحمہم اللہ نے نوجوان عورت کی طرف نظر کرنے کو عادتِ عامہ کی بناء پر سببِ فتنہ قرار دے کر اس سے مطلقاً منع کر دیا، خواہ واقع میں فتنہ ہو یا نہ ہو، جیسے شریعت کے بہت سے احکام میں اس کی نظائر موجود ہیں۔ مثلاً سفر چونکہ عادۃً مشقت و محنت کا سبب ہوتا ہے، اس لئے خود سفر ہی کو مشقت کا حکم دے کر تمام احکام رخصت کے سفر متحقق ہونے پر دائر کر دیئے خواہ کسی شخص کو سفر میں کوئی بھی مشقت نہ ہو، بلکہ اپنے گھر سے زیادہ آرام ملے، مگر قصر نماز اور رخصتِ روزہ وغیرہ کے احکام اس کو بھی شامل ہیں۔ اسی طرح نیند کی حالت میں چونکہ انسان بے خبر ہوتا ہے اور عادۃً ریاح خارج ہو جاتی ہیں، اس لئے خود نیند ہی کو

خروجِ ریح کے قائم مقام قرار دے کر نیند سے وضو ٹوٹ جانے کا حکم دیدیا خواہ واقع میں ریح خارج ہوئی ہو یا نہ ہوئی ہو۔

مگر امام اعظم ابو حنیفہؒ نے عورت کے چہرے اور ہتھیلیاں کھولنے کو یہ درجہ نہیں دیا کہ چہرہ کھولنے ہی کو فتنہ کا قائم مقام قرار دیدیں، بلکہ حکم اس پر دائر رکھا کہ جہاں فتنہ یعنی عورت کی طرف قریب ہونے کے میلان کا خطرہ یا احتمال ہو وہاں ممنوع ہے اور جہاں یہ احتمال نہ ہو جائز ہے۔ مگر اوپر معلوم ہو چکا ہے کہ اس زمانے میں ایسا احتمال نہ ہو بالکل شاذ و نادر ہے اس لئے متأخرین فقہاء حنفیہ نے بھی بالآخر وہ بھی حکم دیدیا جو ائمہ ثلاثہ نے دیا تھا، کہ جوان عورت کے چہرے یا ہتھیلیوں کی طرف بھی نظر ممنوع ہے۔

اس کا حاصل یہ ہوا کہ اب باتفاق ائمہ اربعہ یہ تیسرا درجہ پردہ کا ممنوع ہو گیا کہ عورت برقع چادر وغیرہ میں پورے بدن کو چھپا کر مگر صرف چہرہ اور ہتھیلیوں کو کھول کر مردوں کے سامنے آئے۔ اس لئے اب پردے کے صرف پہلے ہی دو درجے رہ گئے، ایک اصل مقصود یعنی عورتوں کا گھروں کے اندر رہنا بلا ضرورت باہر نہ نکلنا، اور دوسرا یعنی برقع وغیرہ کے ساتھ نکلنا ضرورت کی بناء پر بوقت ضرورت و بقدر ضرورت۔

مسئلہ: پردہ کے احکام مذکورہ میں بعض صورتیں مستثنیٰ بھی ہیں، مثلاً بعض مرد یعنی محارم پردہ سے مستثنیٰ ہیں اور بعض عورتیں مثلاً بہت بوڑھی وہ بھی پردے کے عام حکم سے کسی قدر مستثنیٰ ہیں۔ ان کی تفصیل کچھ تو سورۂ نور میں گذر چکی ہے کچھ آگے سورۂ احزاب کی ان آیات میں آئے گی جن میں یہ استثناء مذکور ہے۔

پردہ کے مسئلے کی اہمیت کے پیشِ نظر اپنے رسالہ "تفصیل الخطاب فی احکام الحجاب" کا کچھ خلاصہ یہاں لکھ دیا ہے جو عوام کے لئے کافی ہے، پوری تحقیق مطلوب ہو تو رسالہ مذکورہ میں دیکھی جا سکتی ہے، یہ رسالہ احکام القرآن تفسیر سورۂ احزاب میں شائع ہو چکا ہے۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا

اللہ اور اس کے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں رسول پر، اے ایمان والو!

صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا ﴿٥٦﴾

رحمت بھیجو اس پر اور سلام بھیجو سلام کہہ کر

خُلاصۂ تفسیر

بیشک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں ان پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اے ایمان والو تم بھی آپؐ پر رحمت بھیجا کرو اور خوب سلام بھیجا کرو (تاکہ آپ کا حقِ عظمت جو تمہارے ذمہ ہے ادا ہو جائے)۔

معارف و مسائل

اس سے پہلی آیات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کچھ خصوصیات و امتیازات کا ذکر تھا، جن کے ضمن میں ازواج مطہرات کے پردہ کا حکم آیا تھا، اور آگے بھی کچھ احکام پردے کے آئیں گے، درمیان میں اس چیز کا حکم دیا گیا جس کے لئے یہ سب خصوصیات و امتیازات رکھے گئے ہیں، وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمتِ شان کا اظہار اور آپ کی عظمت و محبّت اور اطاعت کی ترغیب ہے۔

اصل مقصود آیت کا مسلمانوں کو یہ حکم دینا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ و سلام بھیجا کریں، مگر اس کی تعبیر و بیان میں اس طرح فرمایا کہ پہلے حق تعالیٰ نے خود اپنا اور اپنے فرشتوں کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے عملِ صلوٰۃ کا ذکر فرمایا، اس کے بعد عام مؤمنین کو اس کا حکم دیا، جس میں آپ کے شرف اور عظمت کو اتنا بلند فرما دیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں جس کام کا حکم مسلمانوں کو دیا جاتا ہے وہ کام ایسا ہے کہ خود حق تعالیٰ اور اس کے فرشتے بھی وہ کام کرتے ہیں تو عام مؤمنین جن پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے احسانات بے شمار ہیں ان کو تو اس عمل کا بڑا اہتمام کرنا چاہیئے۔ اور ایک فائدہ اس تعبیر میں یہ بھی ہے کہ اس سے درود و سلام بھیجنے والے مسلمانوں کی ایک بہت بڑی فضیلت یہ ثابت ہوئی کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو اس کام میں شریک فرما لیا جو کام حق تعالیٰ خود بھی کرتے ہیں اور اس کے فرشتے بھی۔

صلوٰۃ و سلام کے معنی

لفظ صلوٰۃ عربی زبان میں چند معانی کے لئے استعمال ہوتا ہے، رحمت[1]، دعاء[2]، مدح و ثناء[3]، آیتِ مذکورہ میں اللہ تعالیٰ کی طرف جو نسبت صلوٰۃ کی ہے اس سے مراد رحمت نازل کرنا ہے، اور فرشتوں کی طرف سے صلوٰۃ ان کا آپؐ کے لئے دعاء کرنا ہے، اور عام مؤمنین کی طرف سے صلوٰۃ کا مفہوم دعاء اور مدح و ثناء کا مجموعہ ہے۔ عامۂ مفسرین نے یہی معنی لکھے ہیں۔ اور امام بخاریؒ نے

ابو العالیہ سے یہ نقل کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی صلوٰۃ سے مراد آپؐ کی تعظیم اور فرشتوں کے سامنے مدح وثناء ہے، اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپؐ کی تعظیم دنیا میں تو یہ ہے کہ آپؐ کو بلند مرتبہ عطا فرمایا کہ اکثر مواقع اذان واقامت وغیرہ میں اللہ تعالیٰ کے ذکر کے ساتھ آپؐ کا ذکر شامل کر دیا ہے، اور یہ کہ اللہ تعالیٰ نے آپؐ کے دین کو دنیا بھر میں پھیلا دیا، اور غالب کیا، اور آپؐ کی شریعت پر عمل قیامت تک جاری رکھا، اس کیساتھ آپؐ کی شریعت کو محفوظ رکھنے کا ذمہ حق تعالیٰ نے لے لیا۔ اور آخرت میں آپؐ کی تعظیم یہ ہے کہ آپؐ کا مقام تمام خلائق سے بلند وبالا کیا، اور جس وقت کسی پیغمبر اور فرشتے کو شفاعت کی مجال نہ تھی اس حال میں آپؐ کو مقامِ شفاعت عطا فرمایا، جس کو مقامِ محمود کہا جاتا ہے۔

اس معنی پر جو یہ شبہ ہو سکتا ہے کہ صلوٰۃ وسلام میں تو روایاتِ حدیث کے مطابق آپؐ کے ساتھ آپؐ کے آل واصحاب کو بھی شامل کیا جاتا ہے، اللہ تعالیٰ کی تعظیم اور مدح وثناء میں آپؐ کے سوا کسی کو کیسے شریک کیا جا سکتا ہے؟ اس کا جواب روح المعانی وغیرہ میں یہ دیا گیا ہے کہ تعظیم اور مدح وثناء وغیرہ کے درجات بہت ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کا اعلیٰ درجہ حاصل ہے، اور ایک درجہ میں آل واصحاب اور عام مؤمنین بھی شامل ہیں۔

ایک شبہ کا جواب اور ایک لفظ صلوٰۃ سے بیک وقت متعدد معنی رحمت، دعاء، تعظیم وثناء مراد لینا جو اصطلاح میں عمومِ مشترک کہلاتا ہے، اور بعض حضرات کے نزدیک وہ جائز نہیں، اس لئے اس کی یہ توجیہ ہو سکتی ہے کہ لفظ صلوٰۃ کے اس جگہ ایک ہی معنی لئے جائیں، یعنی آپ کی تعظیم اور مدح وثناء اور خیر خواہی پھر یہ معنی جب اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب ہوں تو اس کا حاصل رحمت ہوگا، اور فرشتوں کی طرف منسوب ہوں تو دعاء واستغفار ہوگا، عام مؤمنین کی طرف منسوب کیا جائے تو دعاء اور مدح وثناء وتعظیم کا مجموعہ ہوگا۔

اور لفظ سلام مصدر بمعنی السلامۃ ہے، جیسے ملام بمعنی ملامت مستعمل ہوتا ہے۔ اور مراد اس سے نقائص وعیوب اور آفتوں سے سالم رہنا ہے۔ اور اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ کے معنی یہ ہیں کہ نقائص اور آفات سے سلامتی آپ کے ساتھ رہے۔ اور عربی زبان کے قاعدہ سے یہاں حرف علیٰ کا موقع نہیں، مگر چونکہ لفظ سلام معنی ثناء کو متضمن ہے، اس لئے حرف عَلٰی کے ساتھ عَلَيْكَ یا عَلَيْكُمْ کہا جاتا ہے۔

اور بعض حضرات نے یہاں لفظ سَلَامٌ سے مراد اللہ تعالیٰ کی ذات لی ہے،

کیونکہ سلام اللہ تعالیٰ کے اسماءِ حسنیٰ میں سے ہے تو مراد اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ کی یہ ہوگی کہ اللہ تعالیٰ آپ کی حفاظت و رعایت پر متولّی اور کفیل ہے۔

صلوٰۃ و سلام کا طریقہ

صحیح بخاری و مسلم وغیرہ سب کتب حدیث میں یہ حدیث آئی ہے کہ حضرت کعب بن عجرہؓ نے فرمایا کہ (جب یہ آیت نازل ہوئی تو) ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ (آیت میں ہمیں دو چیزوں کا حکم ہے صلوٰۃ اور سلام) سلام کا طریقہ تو ہمیں معلوم ہو چکا ہے (کہ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ کہتے ہیں) صلوٰۃ کا طریقہ بھی بتلا دیجئے۔ آپؐ نے فرمایا کہ یہ الفاظ کہا کرو اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ دوسری روایات میں اس میں کچھ کلمات اور بھی منقول ہیں۔

اور صحابہ کرام کے سوال کرنے کی وجہ غالباً یہ تھی کہ ان کو سلام کرنے کا طریقہ تو تشہد (یعنی التحیات) میں پہلے سکھایا جا چکا تھا کہ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ کہا جائے، اس لئے لفظ صلوٰۃ میں انھوں نے اپنی طرف سے الفاظ مقرر کرنا پسند نہیں کیا، خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کر کے الفاظ صلوٰۃ متعین کرائے۔ اسی لئے نماز میں عام طور پر انہی الفاظ کے ساتھ صلوٰۃ کو اختیار کیا گیا ہے، مگر یہ کوئی ایسی تعیین نہیں جس میں تبدیلی ممنوع ہو، کیونکہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے صلوٰۃ یعنی درود شریف کے بہت سے مختلف صیغے منقول و ماثور ہیں صلوٰۃ و سلام کے حکم کی تعمیل ہر اس صیغہ سے ہو سکتی ہے جس میں صلوٰۃ و سلام کے الفاظ ہوں۔ اور یہ بھی ضروری نہیں کہ وہ الفاظ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بعینہٖ منقول بھی ہوں، بلکہ جس عبارت سے بھی صلوٰۃ و سلام کے الفاظ ادا کئے جائیں اس حکم کی تعمیل اور درود شریف کا ثواب حاصل ہو جاتا ہے۔ مگر یہ ظاہر ہے کہ جو الفاظ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہیں وہ زیادہ بابرکت اور زیادہ ثواب کے موجب ہیں، اسی لئے صحابہ کرامؓ نے الفاظ صلوٰۃ آپ سے متعیّن کرانے کا سوال فرمایا تھا۔

مسئلہ: قعدۂ نماز میں تو قیامت تک الفاظ صلوٰۃ و سلام اُسی طرح کہنا مسنون ہے، جس طرح اوپر منقول ہوئے ہیں اور خارج نماز میں جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خود مخاطب ہوں جیسا کہ آپؐ کے عہدِ مبارک میں وہاں تو وہی الفاظ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ کے اختیار کئے جائیں، آپؐ کی وفات کے بعد روضۂ اقدس کے سامنے

جب سلام عرض کیا جائے تو اس میں بھی صیغہ السّلام علیک کا اختیار کرنا مسنون ہے۔ اس کے علاوہ جہاں غائبانہ صلوٰۃ وسلام پڑھا جائے تو صحابہ وتابعین اور ائمۂ امّت سے صیغۂ غائب کا استعمال کرنا منقول ہے، مثلاً "صلی اللہ علیہ وسلم" جیساکہ عام محدثین کی کتابیں اس سے لبریز ہیں۔

صلوٰۃ وسلام کے مذکورہ طریقہ کی حکمت

جو طریقہ صلوٰۃ وسلام کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک اور آپؐ کے عمل سے ثابت ہوا اس کا حاصل یہ ہے کہ ہم سب مسلمان آپؐ کے لئے اللہ تعالیٰ سے رحمت وسلامتی کی دعاء کریں۔ یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ مقصود آیت کا تو یہ تھا کہ ہم آپؐ کی تعظیم وتکریم کا حق خود ادا کریں، مگر طریقہ یہ بتلایا کہ اللہ تعالیٰ سے دُعاء کریں، اس میں اشارہ اس طرف ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حقِ تعظیم و اطاعت پورا ادا کرنا ہمارے کسی کے بس میں نہیں، اس لئے ہم پر یہ لازم کیا گیا کہ اللہ تعالیٰ سے دعاء کریں (روح)

صلوٰۃ وسلام کے احکام

نماز کے قعدۂ اخیرہ میں صلوٰۃ (درود شریف) سنتِ مؤکدہ تو سب کے نزدیک ہے، امام شافعیؒ اور احمد بن حنبلؒ کے نزدیک واجب ہے، جس کے ترک سے نماز واجبِ اعادہ ہو جاتی ہے۔

مَسْئَلَہ: اس پر بھی جمہور فقہاء کا اتفاق ہے جب کوئی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کرے یا سُنے تو اس پر درود شریف واجب ہو جاتا ہے۔ کیونکہ حدیث میں آپؐ کے ذکر مبارک کے وقت درود شریف نہ پڑھنے پر وعید آئی ہے، جامع ترمذی میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: رَغِمَ اَنْفُ رَجُلٍ ذُکِرْتُ عِنْدَہٗ فَلَمْ یُصَلِّ عَلَیَّ، "یعنی ذلیل ہو وہ آدمی جس کے سامنے میرا ذکر آئے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے (قال الترمذی حدیث حسن ورواہ ابن السنی باسناد جیّد)

اور ایک حدیث میں ارشاد ہے اَلْبَخِیْلُ مَنْ ذُکِرْتُ عِنْدَہٗ فَلَمْ یُصَلِّ عَلَیَّ "یعنی بخیل وہ شخص ہے جس کے سامنے میرا ذکر آئے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے" (رواہ الترمذی وقال حدیث حسن صحیح)

مَسْئَلَہ: اگر ایک مجلس میں آپؐ کا ذکر مبارک بار بار آئے تو صرف ایک مرتبہ درود پڑھنے سے واجب ادا ہو جاتا ہے، لیکن مستحب یہ ہے کہ جتنی بار ذکر مبارک خود کرے یا کسی سے سُنے ہر مرتبہ درود شریف پڑھے۔ حضرات محدّثین سے زیادہ کون آپؐ کا ذکر کرسکتا ہے کہ اُن کا ہر وقت کا مشغلہ ہی حدیثِ رسولؐ ہے، جس میں ہر وقت بار بار آپؐ کا

ذکر آتا ہے تمام ائمہ حدیث کا دستور یہی رہا ہے کہ ہر مرتبہ درود و سلام پڑھتے اور لکھتے ہیں۔ تمام کتب حدیث اس پر شاہد ہیں۔ انھوں نے اس کی بھی پروا نہیں کی کہ اس تکرار صلوٰۃ و سلام سے کتاب کی ضخامت کافی بڑھ جاتی ہے کیونکہ اکثر تو چھوٹی چھوٹی حدیثیں آتی ہیں جن میں ایک دو سطر کے بعد نامِ مبارک آتا ہے، اور بعض جگہ تو ایک سطر میں ایک سے زیادہ مرتبہ نامِ مبارک مذکور ہوتا ہے، حضرات محدّثین کہیں صلوٰۃ و سلام ترک نہیں کرتے۔

مَسْئَلَہ : جس طرح زبان سے ذکر مبارک کے وقت زبانی صلوٰۃ و سلام واجب ہے اسی طرح قلم سے لکھنے کے وقت صلوٰۃ و سلام کا قلم سے لکھنا بھی واجب ہے، اور اس میں جو لوگ حروف کا اختصار کر کے "صلعم" لکھ دیتے ہیں یہ کافی نہیں، پورا صلوٰۃ و سلام لکھنا چاہیئے۔

مَسْئَلَہ : ذکر مبارک کے وقت افضل و اعلیٰ اور مستحب تو یہی ہے کہ صلوٰۃ اور سلام دونوں پڑھے اور لکھے جائیں، لیکن اگر کوئی شخص ان میں سے ایک یعنی صرف صلوٰۃ یا صرف سلام پر اکتفاء کرے تو جمہور فقہاء کے نزدیک کوئی گناہ نہیں۔ شیخ الاسلام نوویؒ وغیرہ نے دونوں میں سے صرف ایک پر اکتفاء کرنا مکروہ فرمایا ہے۔ ابن حجر ہیثمیؒ نے فرمایا کہ ان کی مراد کراہت سے خلاف اولیٰ ہونا ہے، جس کو اصطلاح میں مکروہ تنزیہی کہا جاتا ہے۔ اور علماء امت کا مسلسل عمل اس پر شاہد ہے کہ وہ دونوں ہی کو جمع کرتے ہیں، اور بعض اوقات ایک پر بھی اکتفاء کر لیتے ہیں۔

مَسْئَلَہ : لفظ صلوٰۃ انبیاء علیہم السلام کے سوا کسی کے لئے استعمال کرنا جمہور علماء کے نزدیک جائز نہیں۔ امام بیہقی نے اپنے سنن میں حضرت ابن عباسؓ کا یہ فتویٰ نقل کیا ہے :۔ لَا یُصَلّٰی عَلٰی اَحَدٍ اِلَّا عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لٰکِنْ یُدْعٰی لِلْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ بِالْاِسْتِغْفَارِ

امام شافعیؒ کے نزدیک غیر نبی کے لئے لفظ صلوٰۃ کا استعمال مستقلاً مکروہ ہے، امام اعظم ابوحنیفہؒ اور ان کے اصحاب کا بھی یہی مذہب ہے، البتہ تبعاً جائز ہے، یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ و سلام کے ساتھ آل و اصحاب یا تمام مؤمنین کو شریک کر لے اس میں مضائقہ نہیں۔

اور امام جوینیؒ نے فرمایا کہ جو حکم لفظ صلوٰۃ کا ہے وہی لفظ سلام کا بھی ہے کہ غیر نبی کے لئے اس کا استعمال درست نہیں، بجز اس کے کہ کسی کو خطاب کرنے کے وقت بطور تحیہ کے السلام علیکم کہے، یہ جائز و مسنون ہے۔ مگر کسی غائب کے نام کے ساتھ

"علیہ السلام" کہنا اور لکھنا غیر نبی کے لئے درست نہیں (خصائص کبریٰ سیوطی ص ۲۶۲ ج ۲)
علامہ لقانیؒ نے فرمایا کہ قاضی عیاض نے فرمایا ہے کہ محققینِ علماء امت اس طرف گئے ہیں اور میرے نزدیک بھی یہی صحیح ہے، اور اسی کو امام مالک، سفیان اور بہت سے فقہاء و متکلمین نے اختیار کیا ہے کہ صلوٰۃ و تسلیم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور دوسرے انبیاء کے لئے مخصوص ہے غیر نبی کے لئے جائز نہیں، جیسے لفظ سبحانہٗ اور تعالیٰ، اللہ جل شانہٗ کے لئے مخصوص ہے۔ انبیاء کے سوا عام مسلمانوں کے لئے مغفرت اور رضا کی دعاء ہونا چاہئے، جیسے قرآن میں حضرات صحابہ کے متعلق آیا رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ وَرَضُوْا عَنْہُ (روح المعانی)
صلوٰۃ و سلام کے احکام کی مفصّل بحث احقر کے رسالہ تنقیح الکلام فی احکام الصلوٰۃ والسلام میں ہے جو بزبانِ عربی احکام القرآن سورۂ احزاب کا جزء ہو کر شائع ہو چکا ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَ

جو لوگ ستاتے ہیں اللہ کو اور اس کے رسول کو اُن کو پھٹکارا اللہ نے دنیا میں اور

الْآخِرَةِ وَأَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِينًا ﴿٥٧﴾ وَالَّذِينَ يُؤْذُونَ

آخرت میں اور تیار رکھا ہے ان کے واسطے ذلت کا عذاب۔ اور جو لوگ تہمت لگاتے ہیں مسلمان

الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوا فَقَدِ احْتَمَلُوا

مردوں کو اور مسلمان عورتوں کو بدون گناہ کئے تو اٹھایا انھوں نے بوجھ

بُهْتَانًا وَإِثْمًا مُّبِينًا ﴿٥٨﴾ ع ۷ ۶ ۴

جھوٹ کا اور صریح گناہ کا

خُلاصۂ تفسیر

بیشک جو لوگ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کو (قصداً) ایذاء دیتے ہیں اللہ تعالیٰ ان پر دنیا و آخرت میں لعنت کرتا ہے اور ان کے لئے ذلیل کرنے والا عذاب تیار کر رکھا ہے، اور (اسی طرح) جو لوگ ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں کو بدون اس کے کہ انہوں نے کچھ (ایسا کام) کیا ہو (جس سے وہ مستحقِ سزا ہو جاویں) ایذاء پہونچاتے ہیں تو وہ لوگ بہتان اور صریح گناہ کا (اپنے اوپر) بار لیتے ہیں (یعنی اگر وہ ایذاء قولی ہے تو بہتان ہے اور اگر فعلی ہے تو مطلق گناہ ہی ہے)۔

معارف و مسائل

سابقہ آیات میں مسلمانوں کو ان چیزوں پر تنبیہ کی گئی تھی جن سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذاء و تکلیف پہونچتی تھی، مگر کچھ مسلمان ناواقفیت یا بے توجہی کی وجہ سے بلا قصد ایذاء اس میں مبتلا ہو جاتے تھے، جیسا کہ آپؐ کے بیوت میں بلا دعوت چلے جانا یا دعوت کے وقت سے بہت پہلے آکر بیٹھ جانا یا کھانے کے بعد آپؐ کے گھر میں باہمی بات چیت میں مشغول ہو کر دیر لگانا وغیرہ جن پر آیت یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُیُوْتَ النَّبِیِّ الآیہ میں تنبیہ کی گئی ہے۔ یہ وہ ایذاء تھی جو بلا قصد و ارادہ غفلت سے پہونچ جاتی تھی، اس پر تو صرف تنبیہ کر دینا کافی سمجھا گیا۔ مذکور الصدر دو آیتوں میں اس ایذاء و تکلیف کا ذکر ہے جو مخالفینِ اسلام کفار و منافقین کی طرف سے قصداً آپ کو پہونچائی جاتی تھی۔ اسی لئے خلاصۂ تفسیر میں یہاں قصداً کا لفظ بڑھایا ہے، جس میں جسمانی ایذائیں بھی داخل ہیں، جو مختلف اوقات میں کفار کے ہاتھوں آپ کو پہونچی ہیں اور روحانی ایذائیں بھی جو آپؐ پر طعن و تشنیع اور ازواج مطہرات پر بہتان تراشی کے ذریعہ پہونچائی گئیں۔ اس بالارادہ ایذاء پہونچانے پر لعنت اور عذاب شدید کی وعید بھی آیتِ مذکورہ میں آتی ہے۔

اس آیت کے شروع میں جو یہ ارشاد ہوا کہ جو لوگ اللہ تعالیٰ کو ایذاء پہونچاتے ہیں اس میں ایذاء پہونچانے سے مراد وہ افعال و اقوال ہیں جو عادۃً ایذاء کا سبب بنا کرتے ہیں۔ اگرچہ حق تعالیٰ کی ذات پاک ہر تأثر و انفعال سے بالاتر ہے کسی کی مجال ہی نہیں کہ اس تک کوئی تکلیف پہونچا سکے، لیکن ایسے افعال جن سے عادۃً ایذاء پہنچا کرتی ہے ان کو ایذاء اللہ سے تعبیر کر دیا گیا ہے۔

اس میں ائمۂ تفسیر کا اختلاف ہے کہ یہاں پر اللہ کو ایذاء دینے سے کیا مراد ہے؟ بعض ائمۂ تفسیر نے ان افعال و اقوال کو اس کا مصداق ٹھہرایا ہے، جن کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی احادیث میں بتلایا گیا ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کی ایذاء کا سبب ہیں، مثلاً حوادث و مصائب کے وقت زمانہ کو بُرا کہنا کہ درحقیقت فاعل حقیقی حق تعالیٰ ہے، یہ لوگ زمانہ کو فاعل سمجھ کر گالیاں دیتے تھے تو درحقیقت وہ فاعلِ حقیقی تک پہونچتی تھیں۔ اور بعض روایات میں ہے کہ جان دار چیزوں کی تصویریں بنانا اللہ تعالیٰ کی ایذاء کا سبب ہے۔ تو آیت میں اللہ کو ایذاء دینے سے مراد یہ اقوال یا افعال ہوئے۔

اور دوسرے ائمۂ تفسیر نے فرمایا کہ یہاں درحقیقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

کی ایذاء سے روکنا اور اس پر وعید کرنا مقصود ہے۔ مگر آیت میں ایذاءِ رسول کو ایذاءِ حق تعالیٰ کے عنوان سے تعبیر کر دیا گیا، کیونکہ آپ کو ایذاء پہونچانا درحقیقت اللہ تعالیٰ ہی کو ایذاء پہنچانا ہے جیسا کہ حدیث میں آگے آتا ہے۔ اور قرآن کے سیاق و سباق سے بھی ترجیح اسی دوسری قول کی معلوم ہوتی ہے، کیونکہ پہلے بھی ایذاءِ رسول کا بیان تھا اور آگے بھی اسی کا بیان آرہا ہے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایذاء کا اللہ تعالیٰ کے لئے ایذاء ہونا حضرت عبدالرحمٰن بن مغفل مزنی رضؓ کی روایت سے ثابت ہے کہ:۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهَ اَللّٰهَ فِيْ اَصْحَابِيْ لَا تَتَّخِذُوْهُمْ غَرَضًا مِّنْ بَعْدِيْ فَمَنْ اَحَبَّهُمْ فَبِحُبِّيْ اَحَبَّهُمْ وَمَنْ اَبْغَضَهُمْ فَبِبُغْضِيْ اَبْغَضَهُمْ وَمَنْ اٰذٰهُمْ فَقَدْ اٰذَانِيْ وَمَنْ اٰذَانِيْ فَقَدْ اٰذَى اللّٰهَ وَمَنْ اٰذَى اللّٰهَ يُوْشِكُ اَنْ يَّاْخُذَهٗ

(ترمذی)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے صحابہ کے بارے میں اللہ سے ڈرو اللہ سے ڈرو ان کو میرے بعد اپنے اعتراضات و تنقیدات کا نشانہ نہ بناؤ، کیونکہ ان سے جس نے محبت کی میری محبت کی وجہ سے کی اور جس نے بغض رکھا میرے بغض کی وجہ سے رکھا، اور جس نے ان کو ایذاء پہونچائی اس نے مجھے ایذاء دی اور جس نے مجھے ایذاء دی اس نے اللہ کو ایذاء دی اور جس نے اللہ کو ایذاء دی تو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سے گرفت"

اس حدیث سے جیسا یہ معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایذاء سے اللہ تعالیٰ کی ایذاء ہوتی ہے اسی طرح یہ بھی معلوم ہوا کہ صحابۂ کرام میں سے کسی کو ایذا پہونچانا یا اُن کی شان میں گستاخی کرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایذاء ہے۔

اس آیت کے شانِ نزول کے متعلق متعدد روایات ہیں، بعض میں ہے کہ یہ حضرت صدیقہ عائشہ رضؓ پر بہتان لگانے کے متعلق نازل ہوئی ہے، جیسا کہ حضرت ابن عباس رضؓ سے روایت ہے کہ جس زمانہ میں حضرت صدیقہ عائشہ رضؓ پر بہتان باندھا گیا تو عبداللہ بن اُبی منافق کے گھر میں کچھ لوگ جمع ہوئے اور اس بہتان کو پھیلانے چلتا کرنے کی باتیں کرتے تھے۔ اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابۂ کرام سے اس کی شکایت فرمائی کہ یہ شخص مجھے ایذاء پہنچاتا ہے۔ (مظہری)

بعض روایات میں ہے کہ حضرت صفیہ رضؓ سے نکاح کے وقت کچھ منافقین نے طعن کیا اس کے متعلق نازل ہوئی۔ اور صحیح بات یہی ہے کہ یہ آیت ہر ایسے معاملہ کے متعلق

نازل ہوئی ہے جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اذیت پہونچے اس میں صدیقہ عائشہؓ پر بہتان بھی داخل ہے اور حضرت صفیہؓ اور زینبؓ کے نکاحوں پر طعن و تشنیع بھی شامل ہے، دوسرے صحابۂ کرام کو بُرا کہنا اور اُن پر تبرّا کرنا بھی داخل ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی طرح کی ایذاء پہنچانا کفر ہے

مسئلہ:۔ جو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی طرح کی ایذاء پہنچائے، آپ کی ذات یا صفات میں کوئی عیب نکالے خواہ صراحۃً ہو یا کنایۃً وہ کافر ہو گیا، اور اس آیت کی رُو سے اُس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت دنیا میں بھی ہوگی اور آخرت میں بھی (کذا قال القاضی ثناء اللہ فی التفسیر المظہری)

دوسری آیت میں عام مؤمنین کو ایذاء پہونچانے کے حرام اور بہتان عظیم ہونے کو بیان کیا ہے جبکہ وہ شرعًا اس کے مستحق نہ ہوں۔ عام مؤمنین میں یہ قید اس لئے لگائی کہ ان میں دونوں صورتیں ہو سکتی ہیں، یہ بھی ممکن ہے کہ کسی نے کوئی ایسا کام کیا ہے جس کے بدلے میں اس کو ایذاء دینا شرعًا جائز ہے، اور پہلی آیت میں چونکہ معاملہ اللہ و رسولؐ کی ایذاء کا تھا اس میں کوئی قید نہیں لگائی اس لئے کہ وہاں جائز ہونے کا کوئی احتمال ہی نہیں۔

کسی مسلمان کو بغیر وجہ شرعی دُکھ پہونچانا حرام ہے

مذکورہ آیت میں اَلَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِیْنَ (الیٰ) بُهْتَانًا عَظِیْمًا، سے کسی مسلمان کو بغیر وجہ شرعی کے کسی قسم کی ایذاء اور دُکھ پہنچانے کی حرمت ثابت ہوئی، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:۔

اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ وَالْمُؤْمِنُ مَنْ اٰمَنَهُ النَّاسُ عَلٰى دِمَآئِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ رواہ الترمذی عن ابی ھریرۃ رض (مظہری)

"مسلمان تو صرف وہ آدمی ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے سب مسلمان محفوظ ہوں، کسی کو تکلیف نہ پہونچے، اور مؤمن تو صرف وہی ہے جس سے لوگ اپنے خون اور مال کے معاملہ میں محفوظ و مامون ہوں"

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ

اے نبی کہہ دے اپنی عورتوں کو اور اپنی بیٹیوں کو اور مسلمانوں کی عورتوں کو

يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ ۭ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يُّعْرَفْنَ

نیچے لٹکالیں اپنے اوپر تھوڑی سی اپنی چادریں، اس میں بہت قریب ہے کہ پہچانی پڑیں تو

فَلَا يُؤْذَيْنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۵۹﴾ لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ

کوئی ان کو نہ ستائے، اور ہی اللہ بخشنے والا مہربان۔ البتہ اگر باز نہ آئے

الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْمُرْجِفُوْنَ فِي

منافق اور جن کے دل میں روگ ہے اور جھوٹی خبریں اڑانے والے

الْمَدِيْنَةِ لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ ثُمَّ لَا يُجَاوِرُوْنَكَ فِيْهَآ اِلَّا قَلِيْلًا ۚ ﴿۶۰﴾

مدینہ میں تو ہم لگا دیں گے تجھ کو ان کے پیچھے پھر نہ رہنے پائیں تیری ساتھ اس شہر میں مگر تھوڑی دنوں

مَّلْعُوْنِيْنَ ۚ اَيْنَمَا ثُقِفُوْٓا اُخِذُوْا وَقُتِّلُوْا تَقْتِيْلًا ﴿۶۱﴾ سُنَّةَ اللّٰهِ

پھٹکارے ہوئے، جہاں پائے گئے پکڑے گئے، اور مارے گئے جان سے۔ دستور پڑا ہوا ہی اللہ کا

فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿۶۲﴾

ان لوگوں میں جو پہلے ہو چکے ہیں اور تو نہ دیکھے گا اللہ کی چال بدلتی۔

معانقۃ عند المتاخرین

الربع

خُلاصۂ تفسیر

اے پیغمبر اپنی بیبیوں سے اور اپنی صاحبزادیوں سے اور دوسرے مسلمانوں کی عورتوں سے بھی کہدیجئے کہ (سر سے) نیچی کر لیا کریں اپنے (چہرے کے) اوپر تھوڑی سی اپنی چادریں اس سے جلدی پہچان ہو جایا کرے گی تو آزار نہ دی جایا کریں گی (یعنی کسی ضرورت سے باہر نکلنا پڑے تو چادر سے سر اور چہرہ بھی چھپا لیا جائے جیسا کہ سورۂ نور کے ختم کے قریب غَيْرَ مُتَبَرِّجٰتٍۢ بِزِيْنَةٍ میں اس کی تفسیر روایت سے گذر چکی ہے، چونکہ کنیزوں کے لئے سر فی نفسہٖ داخلِ ستر نہیں، اور چہرہ کھولنے میں ان کو آزاد عورتوں سے زیادہ رخصت ہے، جس کی وجہ یہ ہے کہ وہ اپنے آقا کی خدمت میں لگی رہتی ہیں، اس لئے کام کاج کے لئے اُن کو باہر نکلنے اور چہرہ وغیرہ کھولنے کی ضرورت زیادہ پڑتی ہے، بخلاف آزاد عورتوں کے کہ وہ اتنی مجبور نہیں، اور چونکہ اوباش لوگ آزاد عورتوں کو چھیڑنے کی ہمت ان کی خاندانی وجاہت وحمایت کی وجہ سے نہ کرتے تھے، کنیزوں کو چھیڑتے تھے، بعض اوقات کنیزوں کے دھوکے میں آزاد عورتوں کو بھی چھیڑنے لگتے تھے، اس لئے اس آیت نے آزاد عورتوں کو کنیزوں سے ممتاز کرنے کے لئے بھی اور اس لئے بھی کہ سر اور گردن وغیرہ ان کا ستر میں داخل ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج وبنات اور عام مسلمانوں کی بیبیوں کو یہ حکم دیا کہ

لمبی چادر میں مستور ہو کر نکلیں جس کو سر سے کچھ نیچے چہرے پر لٹکا لیا کریں جس کو اردو میں گھونگٹ کرنا کہتے ہیں۔ اس حکم سے پردۂ شرعی کے حکم کی تعمیل بھی ہو جائے گی اور بہت سہولت کے ساتھ اوباش اور شریر لوگوں سے حفاظت بھی۔ رہ گئیں غیر حرائر یعنی کنیزیں سو ان کی حفاظت کا انتظام اگلی آیت میں آئے گا) اور (اس چہرہ کے اور سر کے ڈھانکنے میں اگر کوئی کمی یا بے احتیاطی بلا قصد ہو جائے تو) اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے (اس کو معاف کر دیگا آگے ان لوگوں کو تنبیہ کی گئی جو کنیزوں کو چھیڑا کرتے تھے اور ان لوگوں کو بھی جو ایک دوسری شرارت کے مرتکب تھے کہ مسلمانوں کے خلاف غلط افواہیں پھیلا کر ان کو پریشان کرنا چاہتے تھے فرمایا) یہ (خاص اصل) منافقین اور (عام منافقین میں سے) وہ لوگ جن کے دلوں میں (شہوت پرستی کی) خرابی ہے (جس کی وجہ سے کنیزوں کو چھیڑنے اور پریشان کرتے ہیں) اور (انہی منافقین میں) وہ لوگ جو مدینہ میں (جھوٹی اور پریشان کرنے والی) افواہیں اڑایا کرتے ہیں (یہ لوگ) اگر (اپنی ان حرکتوں سے) باز نہ آئے تو ضرور (ایک نہ ایک دن) ہم آپ کو اُن پر مسلط کر دیں گے (یعنی ان کے مدینہ سے اخراج کا حکم کر دیں گے) پھر (اس حکم کے بعد) یہ لوگ آپ کے پاس مدینہ میں بہت ہی کم رہنے پائیں گے وہ بھی (ہر طرف سے) پھٹکارے ہوئے (یعنی مدینہ سے نکل جانے کا سامان کرنے کے لئے جو کچھ قلیل مدت معیّن کی جائے گی اس مدت میں تو یہ یہاں رہ لیں گے اور اس مدّت میں بھی ہر طرف سے ذلیل و خوار ہوں گے، پھر نکال دیئے جائیں گے اور نکالنے کے بعد بھی کہیں امن نہ ہوگا بلکہ) جہاں ملیں گے پکڑ دھکڑ اور مار دھاڑ کی جائے گی (وجہ یہ کہ ان منافقین کے کفر کا مقتضا تو یہی تھا، لیکن نفاق کی آڑ میں ان کو پناہ ملی ہے جب علی الاعلان ایسی مخالفتیں کرنے لگیں گے، تو وہ مانع اُٹھ گیا اس لیے ان کے ساتھ بھی کفر کے اصلی اقتضاء کے موافق معاملہ ہوگا کہ ان کا اخراج اور قید اور قتل سب جائز ہے، اور اگر خروج کے لئے کچھ عدّت معیّن ہو جائے تو اس مدّت کے اندر بوجہ معاہد کے مأمون ہوں گے، اس کے بعد جہاں ملیں گے عہد ختم ہو جانے کی بناء پر ان کے قتل و قید کی اجازت ہوگی۔ منافقین کو جو یہ دھمکی دی گئی اس میں کنیزوں کو چھیڑنے کا بھی انتظام کیا اور دوسری شرارت افواہیں پھیلانے کا بھی انسداد ہو گیا۔

مطلب آیت کا یہ ہو گیا کہ اگر یہ لوگ علی الاعلان مخالفتِ احکام اور مسلمانوں کے خلاف حرکتوں سے باز آ گئے گو اپنی در پردہ منافقانہ چالوں میں لگے رہیں ــــ تو یہ سزا جاری نہ ہوگی، ورنہ پھر عام کفار کے حکم میں داخل ہو کر سزاوارِ سزا ہو جائیں گے، اور فساد و شورش پر سزا جاری کرنا کچھ انہی کے ساتھ مخصوص نہیں بلکہ) اللہ تعالیٰ نے ان (مفسد) لوگوں میں بھی

اپنا یہی دستور (جاری) رکھا ہے جو (ان سے) پہلے ہو گذرے ہیں (کہ ان کو آسمانی سزائیں دیں یا انبیاء کے ہاتھ سے جہاد کے ذریعہ سزائیں دلوائی ہیں، پس اگر پہلے ایسا نہ ہو چکتا تو ایسی سزا میں کچھ استبعاد ہو سکتا تھا، اور اب تو اس کی کوئی گنجائش ہی نہیں) اور آپ اللہ تعالیٰ کے دستور میں (کسی شخص کی طرف سے) ردّ و بدل نہ پائیں گے (کہ خدا تو کوئی حکم جاری کرنا چاہے اور کوئی اس کو روک سکے، لفظ سنّۃ اللہ میں تو اس کا اظہار کر دیا کہ اللہ تعالیٰ کی مشیّت و ارادہ سے پہلے کوئی کام نہیں کر سکتا، اور وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا، میں یہ بتلا دیا کہ جب اللہ تعالیٰ کسی چیز کا ارادہ فرمالیں تو کوئی اس کو روک نہیں سکتا)

معارف و مسائل

سابقہ آیات میں عام مسلمانوں مردوں اور عورتوں کو ایذاء پہونچانے کا حرام اور گناہِ کبیرہ ہونا اور خصوصاً سید المؤمنین صلی اللہ علیہ وسلم کی ایذاء کا کفر موجبِ لعنت ہونا بیان فرمایا گیا ہے۔ منافقین کی طرف سے دو طرح کی ایذائیں سب مسلمانوں کو اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہونچتی تھیں، آیاتِ مذکورہ میں ان ایذاؤں کے انسداد کا انتظام ہے، اور اس کے ضمن میں عورتوں کے پردے کے کچھ مزید احکام کا بیان ایک مناسبت سے آیا ہے جو آگے معلوم ہو جائے گی۔ ان دونوں ایذاؤں میں ایک یہ تھی کہ منافقین کے عوام اور آوارہ قسم کے لوگ مسلمانوں کی باندیوں کنیزوں کو جب وہ کام کاج کے لئے باہر نکلتیں چھیڑا کرتے تھے، اور کبھی کنیزوں کے شبہ میں حرائر کو ستاتے تھے، جس کی وجہ سے عام مسلمانوں کو اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذاء پہونچتی تھی۔

دوسری ایذاء یہ تھی کہ یہ لوگ ہمیشہ ایسی جھوٹی خبریں اڑاتے تھے کہ اب فلاں غنیم مدینہ پر چڑھائی کرنے والا ہے وہ سب کو ختم کر دے گا۔ آیات مذکورہ میں پہلی ایذاء سے حرائر (آزاد بیبیوں) کو بچانے کا فوری اور سہل انتظام یہ ہو سکتا تھا کہ ان کو یہ لوگ ان کے خاندان کی وجاہت اور حمایت کی وجہ سے بالقصد چھیڑنے کی جرأت نہ کرتے تھے، کبھی کنیزوں کے شبہ میں یہ بھی ان کی چھیڑ چھاڑ کی زد میں آجاتی تھیں، اگر ان کی پہچان ہو جاتی تو یہ نوبت نہ آتی، اس لئے ضرورت پیش آئی کہ حرائر کا کوئی خاص امتیاز ہو جائے، تاکہ آسانی کے ساتھ خود بخود ہی کم از کم حرائر تو ان شریروں کے فساد سے فوری طور پر محفوظ ہو جائیں، اور کنیزوں کا دوسرا انتظام کیا جائے۔

دوسری طرف شریعتِ اسلام نے حرائر اور کنیزوں کے پردۂ شرعی میں بضرورت

ایک فرق بھی رکھا ہے کہ کنیزوں کا شرعی پردہ وہ ہے جو حرائر کا اپنے محرموں کے سامنے ہوتا ہے کہ مثلاً چہرہ وغیرہ کھولنا جو حرائر کے لئے اپنے محرموں کے سامنے جائز ہے، کنیزوں کے لئے باہر بھی اس کی اجازت اس لئے دی گئی کہ ان کا کام ہی اپنے آقا اور اس کے گھر کی خدمت ہے جس میں ان کو باہر بھی بار بار نکلنا پڑتا ہے، اور چہرہ اور ہاتھ مستور رکھنا مشکل ہوتا ہے، بخلاف حرائر کے کہ ان کو کسی ضرورت سے باہر نکلنا بھی پڑے تو کبھی کبھی ہوگا جس میں پورے پردے کی رعایت مشکل نہیں، اس لئے حرائر کو یہ حکم دیدیا گیا کہ وہ لمبی چادر جس میں مستور ہو کر نکلتی ہیں اس کو اپنے سر پر سے چہرے کے سامنے لٹکا لیا کریں تاکہ چہرہ اجنبی مردوں کے سامنے نہ آئے اس سے ان کا پردہ بھی مکمل ہو گیا، اور باندیوں کنیزوں سے امتیاز خاص بھی ہو گیا، جس کے سبب وہ شریر لوگوں کی چھیڑ چھاڑ سے خود بخود مامون ہو گئیں۔ اور کنیزوں کی حفاظت کا انتظام ان منافقین کو سزا کی وعید سنا کر کیا گیا کہ اس سے باز نہ آئے تو اللہ تعالیٰ ان کو دنیا میں بھی اپنے نبی اور مسلمانوں کے ہاتھوں سزا دلوائیں گے۔

آیت مذکورہ میں حرّہ (آزاد) عورتوں کے پردہ کے لئے یہ حکم ہوا ہے کہ يُدْنِينَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيبِهِنَّ، اس میں يُدْنِينَ، اِدْنَاءٌ سے مشتق ہے، جس کے لفظی معنی قریب کرنے کے ہیں اور لفظ عَلَيْهِنَّ کے معنی اپنے اوپر اور جَلَابِيب جمع جِلْبَاب کی ہے جو ایک خاص لمبی چادر کو کہا جاتا ہے، اس چادر کی ہیئت کے متعلق حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا کہ وہ چادر ہے جو دوپٹہ کے اوپر اوڑھی جاتی ہے (ابن کثیر) اور حضرت ابن عباسؓ نے اس کی ہیئت یہ بیان فرمائی ہے:۔

اَمَرَ اللّٰهُ نِسَآءَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذَا خَرَجْنَ مِنْ بُيُوْتِهِنَّ فِيْ حَاجَةٍ اَنْ يُّغَطِّيْنَ وُجُوْهَهُنَّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِنَّ بِالْجَلَابِيْبِ وَيُبْدِيْنَ عَيْنًا وَاحِدَةً (ابن کثیر)	"اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی عورتوں کو حکم دیا کہ جب وہ کسی ضرورت سے اپنے گھروں سے نکلیں تو اپنے سروں کے اوپر سے یہ چادر لٹکا کر چہروں کو چھپا لیں اور صرف ایک آنکھ (راستہ دیکھنے کے لئے) کھلی رکھیں"۔

اور امام محمد بن سیرینؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبیدہ سلمانیؒ سے اس آیت کا مطلب اور جلباب کی کیفیت دریافت کی تو انھوں نے سر کے اوپر سے چادر... چہرہ پر لٹکا کر چہرہ چھپا لیا، اور صرف بائیں آنکھ کھلی رکھ کر اِدْنَاء و جَلْبَاب کی تفسیر عملاً بیان فرمائی۔

سر کے اوپر سے چہرہ پر چادر لٹکانا جو حضرت ابن عباسؓ اور عبیدہ سلمانی کے بیان میں آیا ہے یہ لفظ عَلَيْهِنَّ کی تفسیر ہے کہ اپنے اوپر چادر کو قریب کرنے کا مطلب چادر کو سر کے اوپر سے چہرہ پر لٹکانا ہے۔

اس آیت نے بصراحت چہرہ کے چھپانے کا حکم دیا ہے جس سے اس مضمون کی مکمل تائید ہوگئی جو اوپر حجاب کی پہلی آیت کے ذیل میں مفصل بیان ہو چکا ہے، کہ چہرہ اور ہتھیلیاں اگرچہ فی نفسہٖ ستر میں داخل نہیں مگر بوجہ خوفِ فتنہ کے ان کا چھپانا بھی ضروری ہے، صرف مجبوری کی صورتیں مستثنیٰ ہیں۔

تنبیہ ضروری اس آیت میں حرّہ عورتوں کو ایک خاص طرح کے پردہ کی ہدایت فرمائی کہ چادر کو سر کے اوپر سے لٹکا کر چہرے کو چھپالیں، تاکہ عام کنیزوں سے ان کا امتیاز ہو جائے اور یہ شریر لوگوں کے فتنہ سے محفوظ ہو جائیں۔ مذکور الصدر بیان میں یہ بات واضح ہو چکی ہے کہ اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ اسلام نے عصمت و عفت کی حفاظت میں حرائر اور کنیزوں کے درمیان کوئی فرق کر دیا کہ حرائر کی حفاظت کرائی، کنیزوں کو چھوڑ دیا، بلکہ درحقیقت یہ فرق اوباش شریر لوگوں نے خود کر رکھا تھا، کہ حرائر پر دست اندازی کی تو جرأت و ہمت نہیں کرتے تھے، مگر اماء یعنی کنیزوں کو چھیڑتے تھے، شریعت اسلام نے ان کے اختیار کردہ اس فرق سے یہ فائدہ اٹھایا کہ عورتوں کی اکثریت تو خود انہی کے مسلمہ عمل کے ذریعہ ــــــ خود بخود محفوظ ہو جائے، باقی رہا کنیزوں کا معاملہ سو اُن کی عصمت کی حفاظت بھی اسلام میں ایسی ہی فرض و ضروری ہے جیسی حرائر کی۔ مگر اس کے لئے قانونی تشدد اختیار کئے بغیر چارہ نہیں، تو اگلی آیت میں اس کا قانون بتلا دیا کہ جو لوگ اپنی اس حرکت سے باز نہ آئیں گے ان کو کسی طرح معاف نہ کیا جائے گا، بلکہ جہاں ملیں گے پکڑے جائیں گے، اور قتل کر دیئے جائیں گے، اس نے کنیزوں کی عصمت کو بھی حرائر کی طرح محفوظ کر دیا۔

اس سے واضح ہو گیا کہ علامہ ابن حزم وغیرہ نے جو مذکورہ شبہ سے بچنے کے لئے آیت کی تفسیر جمہور علماء سے مختلف کرنے کی تاویل کی ہے اس کی کوئی ضرورت نہیں، شبہ تو جب ہوتا جبکہ کنیزوں کی حفاظت کا انتظام نہ کیا گیا ہوتا۔

جو شخص مسلمان ہونے کے بعد مرتد ہو جائے اس کی سزا قتل ہے

آیتِ مذکورہ میں منافقین کی دو شرارتوں کا ذکر کر کے ان سے باز نہ آنے کی صورت میں جس سزا کا ذکر کیا گیا ہے کہ مَّلْعُوْنِيْنَ اَيْنَمَا ثُقِفُوْٓا اُخِذُوْا وَقُتِّلُوْا تَقْتِيْلًا، یعنی یہ لوگ جہاں رہیں گے لعنت

اور پھٹکاران کے ساتھ ہوگی، اور جہاں ملیں گے گرفتار کئے جائیں گے اور قتل کردیئے جائیں گے"، یہ سزا عام کفار کی نہیں، بے شمار نصوص قرآن وسنت اس پر شاہد ہیں کہ عام کفار کے لئے شریعتِ اسلام میں یہ قانون نہیں ہے، بلکہ قانون یہ ہے کہ اوّل ان کو دعوتِ اسلام دی جائے، ان کے شبہات دور کرنے کی کوشش کی جائے اس پر بھی وہ اسلام نہ لائیں تو مسلمانوں کے تابع ذمی بن کر رہنے کا حکم دیا جائے، اگر وہ اس کو قبول کرلیں تو ان کی جان ومال اور آبرو کی حفاظت مسلمانوں پر مسلمانوں ہی کی طرح فرض ہوجاتی ہے، ہاں جو اس کو بھی قبول نہ کریں اور جنگ ہی پر آمادہ ہوجائیں تو ان کے مقابلہ میں جنگ کرنے کا حکم ہے۔

اس آیت میں ان لوگوں کو مطلقاً قید وقتل کی سزا سنائی گئی ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ معاملہ منافقین کا تھا جو اپنے آپ کو مسلمان کہتے تھے۔ اور جب کوئی مسلمان احکامِ اسلام کی کھلی مخالفت اور انکار کرنے لگے تو وہ اصطلاحِ شرع میں مرتد کہلاتا ہے، اس کے ساتھ شریعتِ اسلام میں کوئی مصالحت نہیں، بجز اس کے کہ وہ تائب ہوکر پھر مسلمان ہوجائے، اور احکامِ اسلام کو قولاً وعملاً تسلیم کرلے ورنہ پھر اس کو قتل کیا جائے گا جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے واضح ارشادات اور صحابۂ کرام کے اجماعی تعامل سے ثابت ہے۔ مسیلمۂ کذاب اور اس کی جماعت کے خلاف باجماع صحابہ جنگ وجہاد اور مسیلمہ کا قتل اس کی کافی شہادت ہے، اور آخر آیت میں اس کو اللہ تعالیٰ کی قدیم سنت و دستور قرار دیا گیا ہے جس سے معلوم ہوا کہ انبیاء سابقین کی شرائع میں بھی مرتد کی سزا قتل ہی تھی۔

مذکور الصدر خلاصۂ تفسیر میں ان سزاؤں کو عام کفار کے ضابطہ میں لانے کے لئے جو توجیہ کی گئی ہے اس تقریر سے اس کی ضرورت نہیں رہتی۔

چند مسائل اس آیت سے یہ ثابت ہوا کہ:۔

(۱) عورتوں کو جب کسی ضرورت کی بناء پر گھر سے نکلنا پڑے تو لمبی چادر سے تمام بدن چھپا کر نکلیں، اور اس چادر کو سر کے اوپر سے لٹکا کر چہرہ بھی چھپا کر چلیں، مروّجہ برقع بھی اس کے قائم مقام ہے۔

(۲) مسلمانوں میں ایسی افواہیں پھیلانا حرام ہے جن سے ان کو تشویش اور پریشانی ہو اور نقصان پہونچے۔

يَسْـَٔلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ ۭ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَمَا

لوگ تجھ سے پوچھتے ہیں قیامت کو، تو کہہ اس کی خبر ہے اللہ ہی کے پاس، اور تو کیا

يُدْرِيكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُونُ قَرِيبًا ﴿٦٣﴾ إِنَّ اللَّهَ لَعَنَ الْكَافِرِينَ

جانے شاید وہ گھڑی پاس ہی ہو ۔ بے شک اللہ نے پھٹکار دیا ہے منکروں کو

وَأَعَدَّ لَهُمْ سَعِيرًا ﴿٦٤﴾ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۖ لَا يَجِدُونَ وَلِيًّا

اور رکھی ہے ان کے واسطے دہکتی آگ ۔ رہا کریں اسی میں ہمیشہ نہ پائیں کوئی حمایتی

وَلَا نَصِيرًا ﴿٦٥﴾ يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوهُهُمْ فِي النَّارِ يَقُولُونَ

اور نہ مددگار ۔ جس دن اوندھے ڈالے جائیں گے ان کے منہ آگ میں کہیں گے

يَا لَيْتَنَا أَطَعْنَا اللَّهَ وَأَطَعْنَا الرَّسُولَا ﴿٦٦﴾ وَقَالُوا رَبَّنَا إِنَّا

کیا اچھا ہوتا جو ہم نے کہا مانا ہوتا اللہ کا اور کہا مانا ہوتا رسول کا ۔ اور کہیں گے اے رب ہم نے

أَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَاءَنَا فَأَضَلُّونَا السَّبِيلَا ﴿٦٧﴾ رَبَّنَا آتِهِمْ

کہا مانا اپنے سرداروں کا اور اپنے بڑوں کا پھر انھوں نے بہکا دیا ہم کو راہ سے ۔ اے رب اُن کو دے

ع ۸ ۱۰ ۵ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيرًا ﴿٦٨﴾ ع

دُونا عذاب اور پھٹکار ان کو بڑی پھٹکار ۔

خلاصۂ تفسیر

یہ (منکر) لوگ آپؐ سے قیامت کے متعلق (منکرانہ) سوال کرتے ہیں (کہ کب ہوگی) آپ (ان کے جواب میں) فرما دیجئے کہ اس (کے وقت) کی خبر بس اللہ ہی کے پاس ہے، اور آپ کو کیا خبر (کہ کب ہے، البتہ اجمالاً ان لوگوں کو جان رکھنا چاہئے کہ) عجب نہیں کہ قیامت ابھی واقع ہو جائے (کیونکہ جب کوئی وقت معیّن نہیں تو قریب زمانے میں اُس کے واقع ہو جانے کا بھی احتمال نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، جس کا مقتضاء یہ تھا کہ یہ لوگ انجام سے ڈرتے اور اس کی تیاری میں لگتے، منکرانہ سوالات اور استہزاء سے بچتے۔

اور قیامت کو قریب فرمانے کی وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ قیامت ہر روز قریب ہی ہوتی جا رہی ہے، اور جو چیز سامنے سے آ رہی ہو اس کو قریب ہی سمجھنا دانشمندی ہے۔ اور اس لحاظ سے بھی قیامت کو قریب کہا جا سکتا ہے کہ قیامت کے ہولناک واقعات اور اشتداد کے پیش نظر یہ ساری دنیا کی عمر بھی قلیل نظر آوے گی، اور ہزاروں سال کی یہ مدّت چند روز

کی برابر محسوس ہوگی) بے شک اللہ تعالیٰ نے کافروں کو رحمت سے دور کر رکھا ہے، اور ان کے لئے آتشِ سوزاں تیار کر رکھی ہے، جس میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، (اور) نہ کوئی یار پائیں گے اور نہ کوئی مددگار جس روز ان کے چہرے دوزخ میں اُلٹ پلٹ کئے جائیں گے (یعنی چہروں کے بل گھسیٹے جائیں گے کبھی چہرے کی اِس کروٹ پر کبھی دوسری کروٹ پر، اور اس وقت غایت حسرت سے) یوں کہیں گے اے کاش! ہم نے (دنیا میں) اللہ کی اطاعت کی ہوتی اور ہم نے رسول کی اطاعت کی ہوتی (تو آج اس مصیبت میں مبتلا نہ ہوتے) اور (حسرت کے ساتھ اپنے گمراہ کرنے والوں پر غصہ آئے گا تو) یوں کہیں گے کہ اے ہمارے رب ہم اپنے سرداروں کا، (یعنی اہل حکومت کا) اور اپنے بڑوں کا (جن میں کسی دوسری وجہ سے یہ صفت پائی جاتی تھی کہ انکی بات ماننا اور اتباع کرنا ہمارے ذمے ضروری تھا) کہنا مانا تھا سو انھوں نے ہم کو (سیدھے) رستہ سے گمراہ کیا تھا اے ہمارے رب ان کو دوہری سزا دیجئے اور ان پر بڑی لعنت کیجئے (یہ ایسا مضمون ہے جیسا سورۂ اعراف کے چوتھے رکوع میں پہلے آچکا ہے، رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ اَضَلُّوْنَا فَاٰتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ، جس کا جواب اسی آیت میں یہ بیان فرمایا ہے لِكُلٍّ ضِعْفٌ،

معارف و مسائل

سابقہ آیات میں اللہ و رسول کی مخالفت کرنے والوں کو دنیا اور آخرت میں لعنت و عذاب کی وعید سنائی گئی تھی، اور کفار کے بہت سے فرقے خود قیامت اور آخرت ہی کے منکر تھے اور انکار کی وجہ سے بطور استہزاء کے پوچھا کرتے تھے کہ وہ قیامت کب آئے گی؟ آخر سورۃ میں ان کا جواب مذکورہ آیات میں دیا گیا ہے، جن کی تفسیر اوپر آچکی ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ

اے ایمان والو تم مت ہو ان جیسے جنھوں نے ستایا موسیٰ کو پھر بے عیب دکھلایا

اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا ؕ وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ﴿۶۹﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اس کو اللہ نے ان کے کہنے سے اور تھا اللہ کے یہاں آبرو والا ۔ اے ایمان والو

اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ﴿۷۰﴾ يُّصْلِحْ لَكُمْ

ڈرتے رہو اللہ سے اور کہو بات سیدھی ، کہ سنوار دے تمہارے واسطے

اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ۭ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

تمہارے کام اور بخش دے تم کو تمہارے گناہ اور جو کوئی کہنے پر چلا اللہ کے اور اسکے رسول

فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا ۝۷۱

کے اس نے پائی بڑی مراد ۔

خُلاصہ تفسیر

اے ایمان والو تم ان لوگوں کی طرح مت ہونا جنھوں نے (کچھ تہمت تراش کر) موسیٰ (علیہ السلام) کو ایذاء دی تھی سو ان کو خدا تعالیٰ نے بری ثابت کر دیا اس چیز سے جو وہ کہتے تھے (یعنی ان کو تو کچھ نقصان نہ پہونچا تہمت لگانے والے ہی کذاب اور مستحقِ سزا ٹھہرے) اور وہ (یعنی موسیٰ علیہ السلام) اللہ کے نزدیک بڑے معزز (پیغمبر) تھے (اس لئے اللہ تعالیٰ نے ان کی برأت ظاہر فرما دی جیسا کہ دوسرے انبیاء علیہم السلام کے لئے اس طرح کی تہمتوں سے برأت عام ہے۔ مطلب یہ ہے کہ تم رسول کی مخالفت کر کے ان کو ایذاء نہ دینا کیونکہ ان کی مخالفت اللہ کی مخالفت ہے، ورنہ اس کے نتیجہ میں تم خود اپنا ہی نقصان کرو گے اس لئے ہر کام میں اللہ و رسول کی اطاعت کرنا جس کا حکم آگے آتا ہے کہ) اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو (یعنی ہر امر میں اس کی اطاعت کرو) اور (بالخصوص کلام کرنے میں اس کی بہت رعایت رکھو کہ جب بات کرو) راستی کی بات کہو (جس میں عدل و اعتدال سے تجاوز نہ ہو) اللہ تعالیٰ (اس کے صلہ میں) تمہارے اعمال کو قبول کرے گا اور تمہارے گناہ معاف کر دے گا (کچھ ان اعمال کی برکت سے کچھ توبہ کی برکت سے جو تقویٰ اور قولِ سدید میں داخل ہے) اور (یہ ثمرات اطاعت کے ہیں اور اطاعت ایسی چیز ہے کہ) جو شخص اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرے گا تو وہ بڑی کامیابی کو پہونچے گا۔

معارف و مسائل

اس سے پہلی آیات میں اللہ و رسول کی ایذاء کا مہلک اور خطرناک ہونا بیان کیا گیا تھا اس آیت میں خاص طور سے مسلمانوں کو اللہ و رسول کی مخالفت سے بچنے کی ہدایت ہے، کیونکہ یہ مخالفت ان کی ایذاء کا سبب ہے۔

پہلی آیت میں ایک واقعہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا جس میں ان کی قوم نے ان کو ایذاء پہنچائی تھی ذکر کر کے مسلمانوں کو تنبیہ کی گئی ہے کہ تم ایسا نہ کرنا۔ اس کے لئے یہ ضروری

نہیں کہ مسلمانوں سے کوئی ایسا کام سرزد ہوا ہو بلکہ حفظِ ما تقدّم کے طور پر ان کو یہ قصّہ سُنا کر ہدایت کی گئی ہے۔ اور ایک روایت میں جو قصّہ بعض صحابہ کا منقول ہے اس کا محمل بھی یہی ہے کہ ان کو اس وقت اس طرف توجّہ نہ ہوئی ہو گی کہ یہ کلمہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ایذاء کا موجب ہے، بالقصد ایذاء پہونچانے کا کسی صحابی سے امکان نہیں، جتنے قصّے بالقصد ایذاء کے ہیں وہ سب منافقین کے ہیں۔ اور موسیٰ علیہ السلام کا قصّہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرما کر اس آیت کی تفسیر بیان فرما دی ہے جس کو امام بخاری نے کتاب التفسیر اور کتاب الانبیاء میں حضرت ابوہریرہؓ سے روایت فرمایا ہے، کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام بہت حیاء کرنے والے اور اپنے بدن کو چھپانے والے تھے، ان کے بدن کو کوئی نہ دیکھتا تھا، جب غسل کی ضرورت ہوتی تو پردہ کے اندر غسل کرتے تھے، ان کی قوم بنی اسرائیل میں عام طور پر یہ رواج تھا کہ مرد سب کے سامنے ننگے ہو کر نہاتے تھے، تو بعض بنی اسرائیل کہنے لگے کہ موسیٰ علیہ السلام جو کسی کے سامنے نہیں نہاتے اس کا سبب یہ ہے کہ ان کے بدن میں کوئی عیب ہے، یا تو برص ہے یا خصیتین بہت بڑھے ہوئے ہیں، یا کوئی اور آفت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ارادہ فرمایا کہ موسیٰ علیہ السلام کی اس طرح کے عیوب سے برائت کا اظہار فرما دیں۔ ایک روز موسیٰ علیہ السلام نے خلوت میں غسل کرنے کے لئے اپنے کپڑے اتار کر ایک پتھر پر رکھ دیئے، جب غسل سے فارغ ہو کر اپنے کپڑے لینا چاہا تو یہ پتھر (بحکمِ خداوندی حرکت میں آگیا) اور کپڑے لے کر بھاگنے لگا۔ موسیٰ علیہ السلام اپنی لاٹھی اٹھا پتھر کے پیچھے یہ کہتے ہوئے چلے ثَوْبِیْ حَجَرُ ثَوْبِیْ حَجَرُ، یعنی اے پتھر میرے کپڑے، اے پتھر میرے کپڑے، مگر پتھر چلتا رہا یہاں تک کہ یہ پتھر ایسی جگہ جا کر ٹھہرا جہاں بنی اسرائیل کا ایک مجمع تھا، اس وقت بنی اسرائیل نے موسیٰ علیہ السلام کو سر سے پاؤں تک ننگا دیکھا تو بہترین صحیح وسالم بدن دیکھا (جس میں ان کا منسوب کیا ہوا کوئی عیب نہ تھا) اس طرح اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کی برائت ان عیوب سے سب کے سامنے ظاہر فرما دی۔ پتھر یہاں پہونچ کر ٹھہر گیا تھا، موسیٰ علیہ السلام نے اپنے کپڑے اٹھا کر پہن لئے، پھر موسیٰ علیہ السلام نے پتھر کو لاٹھی سے مارنا شروع کیا۔ خدا کی قسم! اس پتھر میں موسیٰ علیہ السلام کی ضرب سے تین یا چار یا پانچ اثر قائم ہو گئے۔

یہ واقعہ بیان فرما کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قرآن کی اس آیت کا یہی مطلب ہے۔ یعنی آیت مذکورہ کَالَّذِیْنَ اٰذَوْا مُوْسٰی کا، آیت مذکورہ میں

موسیٰ علیہ السلام کی جس ایذاء کا ذکر ہے اس کی تفسیر اس قصہ میں خود رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔ بعض صحابۂ کرام سے ایذاء موسیٰ علیہ السلام کا ایک قصہ اور بھی مشہور ہے وہ بھی اس کے ساتھ ضرور ملحق ہے، مگر تفسیرِ آیت وہی راجح ہے جو مرفوع حدیث میں موجود ہے۔

وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا "یعنی تھے موسیٰ علیہ السلام اللہ کے نزدیک صاحب وجاہت" اللہ کے نزدیک کسی کی وجاہت اور جاہ کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کی دعاء کو قبول فرمائیں اس کی خواہش کو رد نہ کریں۔ چنانچہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مستجاب الدعوات ہونا قرآن میں ان واقعاتِ کثیرہ سے ثابت ہے جن میں انھوں نے کسی چیز کی دعاء مانگی اللہ تعالیٰ نے اسی طرح قبول فرمایا۔ ان میں سب سے زیادہ عجیب یہ ہے کہ ہارون علیہ السلام کو پیغمبر بنانے کی دعاء کی اللہ تعالیٰ نے قبول فرما کر ان کو موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ شریک رسالت بنا دیا، حالانکہ منصب نبوّت کسی کو کسی کی سفارش پر نہیں دیا جاتا۔ (ابن کثیر)

عادۃ اللہ یہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام کو ایسے جسمانی عیوب سے بھی بری رکھا جاتا ہے جو موجب نفرت ہوں

اس واقعہ میں قوم کے عیب لگانے پر اس سے براءت کا حق تعالیٰ نے اتنا اہتمام فرمایا کہ بطور معجزہ پتھر کپڑے لے کر بھاگا، اور موسیٰ علیہ السلام اضطراراً لوگوں کے سامنے ننگے آگئے یہ اہتمام اس کی نشان دہی کرتا ہے کہ حق تعالیٰ اپنے انبیاء کے اجسام کو بھی قابلِ نفرت و تحقیر عیوب سے عموماً پاک اور بری رکھتا ہے، جیسا کہ حدیث بخاری سے یہ بات ثابت ہے کہ انبیاء سب کے سب عالی نسب میں پیدا کئے جاتے ہیں۔ کیونکہ عرفاً جس نسب اور خاندان کو لوگ حقیر سمجھتے ہوں اس کی بات سننے ماننے کے لئے تیار ہونا مشکل ہے۔ اسی طرح تاریخ انبیاء میں کسی پیغمبر کا نابینا، بہرا، گونگا یا ہاتھ پاؤں سے معذور ہونا ثابت نہیں، اور حضرت ایوب علیہ السلام کے واقعہ سے اس پر اعتراض نہیں ہو سکتا، کہ وہ بحکمتِ خداوندی ایک خاص ابتلاء و امتحان کے لئے چند روزہ تکلیف تھی پھر ختم کر دی گئی۔ واللہ اعلم

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ۙ يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ، قول سدید کی تفسیر بعض نے صدق کیساتھ کی، بعض نے مستقیم اور بعض نے صواب وغیرہ سے کی۔ ابن کثیر نے سب کو نقل کر کے فرمایا کہ سب حق ہیں۔ مطلب یہ ہوا کہ قرآن کریم نے اس جگہ صادق یا مستقیم وغیرہ کے الفاظ چھوڑ کر سدید کا لفظ اختیار فرمایا، کیونکہ لفظ سدید ان تمام ـــــ اوصاف کا جامع ہے۔ اسی لئے کاشفی نے روح البیان میں فرمایا کہ قول سدید وہ قول ہے جو سچا ہو جھوٹ کا اس میں شائبہ نہ ہو، صواب ہو جس میں خطاء کا شائبہ نہ ہو، ٹھیک بات ہو، ہزل یعنی مذاق و دل لگی نہ ہو، نرم کلام ہو دلخراش نہ ہو۔

زبان کی اصلاح باقی سب اعضاء و اعمال کی اصلاح میں مؤثر ذریعہ ہے

اس آیت میں اصل حکم سب مسلمانوں کو یہ دیا گیا ہے کہ اِتَّقُوا اللّٰہَ یعنی تقویٰ اختیار کرو جس کی حقیقت تمام احکامِ الٰہیہ کی مکمل اطاعت ہے کہ تمام اوامر کی تعمیل کرلے اور تمام منہیات و مکروہات سے اجتناب کرے۔ اور ظاہر ہے کہ یہ کام انسان کے لئے آسان نہیں، اس لئے اِتَّقُوا اللّٰہَ کے بعد ایک خاص عمل کی ہدایت ہے، یعنی اپنے کلام کی درستی اور اصلاح۔ یہ بھی اگرچہ تقویٰ کا ہی ایک جزء ہے مگر ایسا جزء ہے کہ اس پر قابو پالیا جائے تو باقی اجزاءِ تقویٰ خود بخود حاصل ہوتے چلے جائیں گے جیسا کہ خود آیت مذکورہ میں قول سدید اختیار کرنے کے نتیجہ میں یُصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ کا وعدہ ہے یعنی اگر تم نے اپنی زبان کو غلطی سے روک لیا، اور کلام درست اور بات سیدھی کہنے کے خوگر ہو گئے، تو اللہ تعالیٰ تمہارے سب اعمال کی اصلاح فرمائیں گے، اور سب کو درست کر دیں گے ـــــ اور آخر آیت میں یہ وعدہ فرمایا کہ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ یعنی جس شخص نے اپنی زبان پر قابو پالیا، راست گوئی اور سیدھی بات کا عادی بن گیا، اللہ تعالیٰ اس کے باقی اعمال کی بھی اصلاح فرما دیں گے اور جو لغزشیں اس سے ہوئی ہیں انکو معاف فرما دیں گے۔

قرآنی احکام میں تسہیل کا خاص اہتمام

قرآن کریم کے عام اسلوب میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جہاں کوئی حکم ایسا دیا گیا جس کی تعمیل میں کچھ مشقت و دشواری ہو تو ساتھ ہی اس کے آسان کرنے کا طریقہ بھی بتلا دیا گیا ہے۔ اور چونکہ سارے دین کا خلاصہ تقویٰ ہے اور اس میں پورا اترنا بڑی مشقت ہے، اس لئے عموماً جہاں اِتَّقُوا اللّٰہَ کا حکم دیا گیا ہے تو اس سے پہلے یا بعد ہی کوئی ایک عمل ایسا بتلا دیا ہے جس کے اختیار کرنے سے تقویٰ کے باقی ارکان پر عمل منجانب اللہ آسان کر دیا جاتا ہے۔ اسی کی ایک نظیر اس آیت میں اِتَّقُوا اللّٰہَ کے بعد قُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا کی تلقین ہے، اور اس سے پہلی آیت میں اِتَّقُوا اللّٰہَ سے پہلے وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فرما کر اس بات کی طرف ہدایت فرما دی کہ تقویٰ کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ اللہ کے نیک اور مقبول بندوں کو ایذاء دینا ہے اسے چھوڑ دو تو تقویٰ آسان ہو جائے گا۔

ایک آیت میں ارشاد فرمایا اِتَّقُوا اللّٰہَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ، اس میں تقویٰ کو آسان کرنے کے لئے ایسے لوگوں کی صحبت و مجالست کی تلقین فرمائی جو بات کے سچے ہوں اور عمل کے بھی سچے ہوں، جس کا حاصل ولی اللہ ہونا ہے۔ اور دوسری آیت میں اِتَّقُوا اللّٰہَ کے ساتھ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ بڑھا دیا، جس کے معنی یہ ہیں کہ ہر انسان کو

اس کی فکر چاہیئے کہ اس نے کل یعنی روز محشر کے لئے کیا سامان بھیجا ہے؟ جس کا خلاصہ فکر آخرت ہی، اور یہ فکر تقویٰ کے تمام ارکان کو آسان کر دینے والی چیز ہے۔

زبان وکلام کی درستی دین و دنیا دونوں کے کام درست کرنیوالی ہی

حضرت شاہ عبدالقادر صاحب دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے جو ترجمہ اس آیت کا کیا ہے اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس آیت میں جو سیدھی بات کا عادی ہونے پر اصلاحِ اعمال کا وعدہ ہے وہ صرف دینی اعمال ہی نہیں، بلکہ دنیا کے سب کام بھی اس میں داخل ہیں، جو شخص قولِ سدید کا عادی ہو جائے یعنی کبھی جھوٹ نہ بولے، سوچ سمجھ کر کلام کرے جو خطاء ولغزش سے پاک ہو، کسی کو فریب نہ دے، دل خراش بات نہ کرے، اس کے اعمالِ آخرت بھی درست ہو جائیں گے، اور دنیا کے کام بھی بن جائیں گے۔ حضرت شاہ صاحبؒ کا ترجمہ یہ ہے کہ (کہو بات سیدھی کہ سنوار دے تم کو تمہارے کام)۔

إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَالْجِبَالِ

ہم نے دکھلائی امانت آسمانوں کو اور زمین کو اور پہاڑوں کو

فَأَبَيْنَ أَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَأَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْإِنْسَانُ ط

پھر کسی نے قبول نہ کیا کہ اس کو اٹھائیں اور اس سے ڈر گئے اور اٹھا لیا اس کو انسان نے

إِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا ﴿۷۲﴾ لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ

یہ ہے بڑا بے ترس نادان، تاکہ عذاب کرے اللہ منافق مردوں کو

وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ وَيَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَى

اور عورتوں کو اور شرک کرنے والے مردوں کو اور عورتوں کو اور معاف کرے اللہ

الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ط وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۷۳﴾ ع ۹ ۵ ۶

ایمان دار مردوں کو اور عورتوں کو، اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان

خُلاصۂ تفسیر

ہم نے یہ امانت (یعنی احکام جو بمنزلۂ امانت کے ہیں) آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں کے سامنے پیش کی تھی (یعنی ان میں کچھ شعور پیدا کر کے جو کہ اب بھی ہے ان کے روبرو اپنے احکام اور بصورت ماننے کے اس پر انعام واکرام اور بصورت نہ ماننے کے

اس پر تعذیب و آلام پیش کر کے ان کو لینے نہ لینے کا اختیار دیا۔ اور حاصل اس پیش کرنے کا یہ تھا کہ اگر تم ان احکام کو اپنے ذمہ رکھتے ہو تو ان کے موافق عمل کرنے کی صورت میں تم کو ثواب ملے گا اور خلاف کرنے کی صورت میں عذاب ہوگا، اور اگر نہیں لیتے تو مکلّف نہ بنائے جاؤ گے، اور ثواب و عذاب کے بھی مستحق نہ ہوگے، تم کو دونوں اختیار ہیں، کہ اس کو نہ لینے سے نافرمان نہ ہوگے جس قدر ان کو شعور تھا وہ اجمالاً اس قدر مضمون سمجھ لینے کے لئے کافی تھا، چونکہ ان کو اختیار بھی دیا گیا تھا) سو انھوں نے (خوف و عذاب کے سبب احتمالِ ثواب سے بھی دست برداری کی اور) اس کی ذمہ داری سے انکار کر دیا اور اس (کی ذمہ داری) سے ڈر گئے (کہ خدا جانے کیا انجام ہو، اور اگر وہ اپنے ذمہ رکھ لیتے تو مثل انسان کے ان کو بھی عقل عطا کی جاتی، جو تفصیل احکام و مثوبات و عقوبات کے سمجھنے کے لئے ضروری ہے، چونکہ اس کو نہیں منظور کیا، اس لئے عقل کی بھی ضرورت نہ ہوئی۔ غرض انھوں نے تو عذر کر دیا) اور (جب ان سمٰوٰت و ارض و جبال کے بعد انسان کو پیدا کر کے اس سے یہی بات پوچھی گئی تو) انسان نے (بوجہ اس کے کہ علم الٰہی میں اس کا خلیفہ ہونا مقرر تھا) اس کو اپنے ذمہ لے لیا (غالباً اُس وقت تک اس میں بھی اتنا ہی ضرورت کے قدر شعور ہوگا اور غالباً یہ پیش کرنا اخذ میثاق سے مقدم ہے، اور وہ میثاق اسی حملِ امانت کی فرع ہے، اور اس میثاق کے وقت اس میں عقل عطا کی گئی ہوگی، اور یہ کسی خاص انسان سے مثل آدم علیہ السلام کے نہیں پوچھا گیا، بلکہ مثل اخذ میثاق کے یہ عرض بھی عام ہوگا اور التزام بھی عام تھا۔ پس سمٰوٰت و ارض و جبال مکلّف نہ ہوئے اور یہ مکلّف بنا دیا گیا۔ آیت میں اس کا یاد دلانا غالباً اسی حکمت سے ہے جیسا کہ میثاق یاد دلایا، یعنی ان احکام کا تم نے از خود التزام کیا ہے تو پھر نباہنا چاہئے۔ اور چونکہ مکلّف جن بھی ہے اس لئے غالباً وہ اس عرض اور حمل میں شریک ہے، مگر تخصیص ذکر انسان کی صرف اس لئے ہے کہ اس مقام میں کلام اسی سے ہو رہا ہے، پھر اس التزام کے بعد انسان کی حالت باعتبار اکثر افراد کے یہ ہوئی کہ) وہ (انسان عملیات میں) ظالم ہے (اور علمیات میں) جاہل ہے (یعنی دونوں امر میں اعمال میں بھی اور عقائد میں بھی خلاف ورزی کرتا ہے یہ تو حالت باعتبار اکثر افراد کے ہے، باقی مجموعہ کے اعتبار سے اس ذمہ داری کا) انجام یہ ہوا کہ اللہ تعالےٰ منافقین و منافقات اور مشرکین و مشرکات کو (کہ یہ لوگ احکام کے ضائع کرنے والے ہیں) سزا دے گا اور مؤمنین و مؤمنات پر توجہ (اور رحمت) فرما دے گا اور (بعد مخالفت بھی اگر کوئی باز آجاوے تو پھر اس کو بھی مؤمنین و مومنات کے زمرہ میں شامل کر لیا جائیگا

کیونکہ) اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے۔

معارف و مسائل

اس پوری سورۃ میں تعظیم و تکریم رسولؐ اور ان کی اطاعت پر زور دیا گیا ہے، آخر سورۃ میں اس اطاعت کا مقامِ بلند اور اس کا درجہ بتلایا گیا ہے، اس میں اللہ و رسول کی اطاعت اور ان کے احکام کی تعمیل کو امانت سے تعبیر کیا گیا ہے، جس کی وجہ آگے آجائیگی۔

امانت سے کیا مراد ہے

اس جگہ لفظ امانت کی تفسیر میں ائمۂ تفسیر صحابہ و تابعین وغیرہم کے بہت سے اقوال منقول ہیں۔ فرائضِ شرعیہ، حفاظتِ عفت، اماناتِ اموال، غسلِ جنابت نماز، زکوٰۃ، روزہ، حج وغیرہ، اسی لئے جمہور مفسرین نے فرمایا ہے کہ دین کے تمام وظائف و اعمال اس میں داخل ہیں (قرطبی)

تفسیر مظہری میں فرمایا کہ شریعت کی تمام تکلیفات امر و نہی کا مجموعہ امانت ہے، ابوحیان نے بحر محیط میں فرمایا:۔

اَلظَّاهِرُ اَنَّهَا كُلُّ مَا يُؤْتَمَنُ عَلَيْهِ مِنْ اَمْرٍ وَنَهْيٍ وَشَانِ دِيْنٍ وَدُنْيَا وَالشَّرْعُ كُلُّهُ اَمَانَةٌ وَهٰذَا قَوْلُ الْجُمْهُوْرِ	"یعنی ہر وہ چیز جس میں انسان پر اعتماد کیا جاتا ہے یعنی امر و نہی اور ہر حال جس کا دین یا دنیا سے تعلق ہو اور شریعت پوری کی پوری امانت ہی یہی جمہور کا قول ہے"

خلاصہ یہ ہے کہ امانت سے مراد احکام شرعیہ کا مکلف و مامور ہونا ہے، جن میں پورا اترنے پر جنت کی دائمی نعمتیں اور خلاف ورزی یا کوتاہی پر جہنم کا عذاب موعود ہے۔

اور بعض حضرات نے فرمایا کہ امانت سے مراد احکام الٰہیہ کا بار اٹھانے کی صلاحیت و استعداد ہے جو عقل و شعور کے خاص درجہ پر موقوف ہے، اور ترقی اور استحقاقِ خلافت الٰہیہ اسی خاص استعداد پر موقوف ہے جن اجناس مخلوقات میں یہ استعداد نہیں ہے وہ اپنی جگہ کتنا ہی اونچا اور اعلیٰ مقام رکھتے ہوں مگر وہ اس مقام سے ترقی نہیں کر سکتے۔ اسی وجہ سے آسمان زمین وغیرہ میں یہاں تک کہ فرشتوں میں بھی ترقی نہیں جس کا جو مقامِ قرب ہے بس وہی ہے، ان کا حال یہ ہے مَا مِنَّآ اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ۔ "یعنی ہم میں سے کوئی نہیں مگر اس کا ایک معین مقام ہے"۔

امانت کے اس مفہوم میں تمام روایاتِ حدیث جو امانت کے متعلق آئی ہیں مربوط و مطابق ہو جاتی ہیں، جمہور مفسرین کے اقوال بھی اس میں تقریباً متفق ہو جاتے ہیں۔

صحیحین بخاری و مسلم اور مسند احمد میں حضرت حذیفہ رضؓ کی روایت ہے کہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں دو حدیثیں سنائی تھیں، ان میں سے ایک کو تو ہم نے خود آنکھوں سے دیکھ لیا، دوسری کا انتظار ہے۔

پہلی حدیث یہ ہے کہ اوّل رجالِ دین کے قلوب میں امانت نازل کی گئی، پھر قرآن اتارا گیا، تو اہلِ ایمان نے قرآن سے علم حاصل اور سنت سے عمل حاصل کیا۔

اس کے بعد دوسری حدیث یہ سنائی کہ (ایک وقت ایسا آنے والا ہے جس میں) آدمی سوکر اٹھے گا تو اس کے قلب سے امانت سلب کر لی جائے گی اور اس کا کچھ اثر و نشان ایسا رہ جائے گا جیسے تم کوئی آگ کا انگارہ اپنے پاؤں پر لڑھکا دو (وہ انگارہ تو چلا گیا مگر) اس کا اثر پاؤں پر ورم یا چھالے کی صورت میں رہ گیا حالانکہ اس میں آگ کا کوئی جزء نہیں (راوی قولہ) یہاں تک کہ لوگ باہم معاملات اور معاہدات کریں گے، مگر کوئی امانت کا حق ادا نہ کرے گا اور (امانتدار آدمی کا ایسا قحط ہو جائے گا کہ) لوگ یہ کہا کریں گے کہ فلاں قبیلہ میں ایک آدمی امانتدار ہے۔

اس حدیث میں امانت ایک ایسی چیز کو قرار دیا ہے جس کا تعلق انسان کے قلب سے ہے، اور وہی تکالیف شرعیہ اور وظائفِ دینیہ کے مکلّف ہونے کی صلاحیت و استعداد رکھتا ہے۔

اور مسندِ احمد میں حضرت عبداللہ بن عمرو کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ چار چیزیں ایسی ہیں کہ جب وہ تمہیں حاصل ہو جائیں تو دنیا کی اور کوئی چیز تمہیں حاصل نہ ہو تو کوئی افسوس کی بات نہیں، (وہ چار چیزیں یہ ہیں):۔ امانت کی حفاظت، بات کی سچائی، حُسنِ خُلق اور لقمۂ حلال۔ (از ابن کثیر)

عرضِ امانت کی تحقیق آیت مذکورہ میں یہ ارشاد ہے کہ ہم نے امانت کو آسمانوں پر، زمین پر اور پہاڑوں پر پیش کیا تو سب نے اس کا بوجھ اٹھانے سے انکار کر دیا، اور اس سے ڈر گئے، کہ ہم اس کا حق ادا نہ کر سکیں گے، اور انسان نے یہ بوجھ اٹھا لیا۔

یہاں یہ بات غور طلب ہے کہ آسمان، زمین، پہاڑ جو غیر ذی روح اور بظاہر بے علم و شعور ہیں ان کے سامنے پیش کرنے اور ان کے جواب دینے کی کیا صورت ہو سکتی ہے؟ بعض حضرات نے تو اس کو مجاز اور تمثیل قرار دیدیا جیسے قرآن کریم نے ایک موقع پر بطور تمثیل کے فرمایا لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ، "یعنی ہم اگر یہ قرآن پہاڑ پر نازل کرتے تو تم دیکھتے کہ وہ بھی اس کے بوجھ سے جھک جاتا، اور ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتا اللہ کے خوف سے" کہ اس میں بطور فرض کے یہ مثال دی گئی ہے، یہ نہیں کہ حقیقۃً پہاڑ پر اُتارا ہو۔ ان حضرات نے

آیت اِنَّا عَرَضْنَا کو بھی اسی طرح کی تمثیل و مجاز قرار دیدیا۔

مگر جمہور علماء کے نزدیک یہ صحیح نہیں، کیونکہ جس آیت سے تمثیل پر استدلال کیا گیا ہے وہاں تو قرآن کریم نے حرفِ نَوْ کے ساتھ بیان کرکے اس کا قضیہ فرضیہ ہونا خود واضح کردیا ہے، اور آیت اِنَّا عَرَضْنَا میں ایک واقعہ کا اثبات ہے، جس کو مجاز و تمثیل پر حمل کرنا بغیر کسی دلیل کے جائز نہیں۔ اور اگر دلیل میں یہ کہا جائے کہ یہ چیزیں بے حس و بے شعور ہیں، ان سے جواب سوال نہیں ہو سکتا، تو یہ قرآن کی دوسری تصریحات سے مردود ہے۔ کیوں کہ قرآن کریم کا واضح ارشاد ہے، وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِہٖ، یعنی کوئی چیز ایسی نہیں جو اللہ کی حمد و تسبیح نہ پڑھتی ہو" اور ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ کو پہچاننا اور اس کو خالق و مالک اور سب سے اعلیٰ و برتر جان کر اس کی تسبیح کرنا بغیر ادراک و شعور کے ممکن نہیں۔ اس لئے اس آیت سے ثابت ہوا کہ ادراک و شعور تمام مخلوقات میں یہاں تک کہ جمادات میں بھی موجود ہے اسی ادراک و شعور کی بناء پر ان کو مخاطب بھی بنایا جا سکتا ہے اور وہ جواب بھی دے سکتے ہیں جواب کی مختلف صورتیں ہو سکتی ہیں، الفاظ و حروف کے ذریعہ بھی، ہو سکتا ہے، اور اس میں عقلی استبعاد نہیں کہ اللہ تعالیٰ ان جمادات، آسمان، زمین اور پہاڑوں کو نطق و گویائی عطا فرمادیں۔ اس لئے جمہور اُمت کے نزدیک آسمان، زمین اور پہاڑوں پر عرض امانت حقیقی طور پر کیا گیا اور انھوں نے حقیقی طور پر ہی اپنا اس بار سے عاجز ہونا ظاہر کیا، اس میں کوئی تمثیل یا مجاز نہیں۔

عرضِ امانت اختیاری تھا جبری نہیں

رہا یہ سوال کہ جب حق تعالیٰ شانہٗ نے آسمان زمین وغیرہ پر اس امانت کو خود پیش فرمایا تو ان کو مجالِ انکار کیسے ہوئی، حکمِ الٰہی سے رُوگردانی کی تھی تو ان کو نیست و نابود ہو جانا چاہیئے تھا، اس کے علاوہ آسمان و زمین کا مطیع اور تابع فرمان ہونا قرآن کریم کی آیت اَتَیْنَا طَآئِعِیْنَ سے بھی ثابت ہے یعنی جب حق تعالیٰ نے آسمان و زمین کو حکم دیا کہ (ہمارے حکم کی تعمیل کے لئے) آجاؤ خواہ اپنی خوشی سے یا زبردستی سے، تو دونوں نے یہ جواب دیا کہ ہم تعمیل حکم کے لئے خوشی سے حاضر ہیں

جواب یہ ہے کہ آیت مذکورہ میں ان کو ایک حاکمانہ پابندی کا حکم دیدیا گیا تھا، جس میں یہ بھی کہہ دیا گیا تھا کہ تم اس حکم پر دل سے راضی ہو یا نہ ہو بہرحال یہ حکم ماننا پڑے گا بخلاف اس آیتِ عرضِ امانت کے کہ اس میں امانت کو پیش کرکے ان کو اختیار دیا گیا تھا کہ قبول کریں یا نہ کریں۔

ابن کثیر نے متعدد سندوں کے ساتھ متعدّد صحابہ و تابعین ابن عباسؓ، حسن بصریؒ

مجاہدؒ وغیرہ سے عرضِ امانت کی یہ تفصیل نقل کی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اوّل آسمان پر پھر زمین پر پھر پہاڑوں پر اختیاری صورت میں یہ پیش کیا۔ کہ ہماری امانت (یعنی طاعتِ احکام) کا بار اٹھالو اس معاوضہ کے ساتھ جو اس کے لئے مقرر ہے۔ ہر ایک نے سوال کیا کہ معاوضہ کیا ہے تو بتلایا گیا کہ امانت (یعنی اطاعتِ احکام) تم نے پوری طرح کی تو تمھیں جزاء وثواب اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک اعزاز خاص ملے گا اور اگر تعمیلِ احکام نہ کی یا اس میں کوتاہی کی تو عذاب وسزا ملے گی۔ ان سب بڑے بڑے اجسام نے یہ سُن کر جواب دیا کہ اے ہمارے پروردگار ہم اب بھی آپ کے تابعِ فرمان چل رہے ہیں، لیکن (جب ہمیں اختیار دیا گیا تو) ہم اس بار کو اٹھانے سے اپنے کو عاجز پاتے ہیں، ہم نہ ثواب چاہتے ہیں نہ عذاب کے متحمل ہیں۔

اور تفسیر قرطبی میں حکیم ترمذی کے حوالہ سے حضرت ابن عباسؓ کی یہ روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (آسمان، زمین وغیرہ پر عرضِ امانت اور ان کے جواب کے بعد) حق تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو خطاب فرمایا اور فرمایا کہ ہم نے اپنی امانت آسمان زمین کے سامنے پیش کی تو وہ اس کا بار اٹھانے سے عاجز ہوگئے، تو آپ اس بارِ امانت کو اٹھائیں گے مع اس چیز کے جو اس کے ساتھ ہے۔ آدم علیہ السلام نے سوال کیا کہ اے پروردگار وہ چیز جو اس کے ساتھ ہے کیا ہے؟ جواب ملا کہ اگر حملِ امانت میں پورے اُترے (یعنی اطاعت مکمل کی) تو آپ کو جزاء ملے گی، (جو اللہ تعالیٰ کے قرب ورضا اور جنّت کی دائمی نعمتوں کی صورت میں ہوگی) اور اگر اس امانت کو ضائع کیا تو سزا ملے گی۔ آدم علیہ السلام نے (اللہ تعالیٰ کے قرب ورضا میں ترقی ہونے کے شوق میں) اس کو اٹھالیا، یہاں تک کہ بارِ امانت اُٹھانے پر اتنا وقت بھی نہ گذرا تھا جتنا ظہر سے عصر تک ہوتا ہے کہ اس میں شیطان نے ان کو مشہور لغزش میں مبتلا کردیا، اور جنّت سے نکالے گئے۔

عرضِ امانت کا واقعہ کس زمانے میں ہوا؟

ابھی جو روایت حضرت ابن عباسؓ کی اوپر گذری ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ عرضِ امانت آسمان، زمین وغیرہ پر تخلیقِ آدم سے پہلے ہوا تھا، پھر جب آدم علیہ السلام کو پیدا کیا گیا تو ان کے سامنے یہ بھی بیان فرمایا گیا کہ آپ سے پہلے آسمان زمین پر بھی یہ امانت پیش کی جاچکی ہے، جس کی ان کو طاقت نہ تھی، اس لئے عذر کردیا۔

اور ظاہر یہ ہے کہ یہ عرضِ امانت کا واقعہ میثاقِ ازل یعنی عہدِ اَلَسْتُ سے پہلے کا ہے کیونکہ عہدِ اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ اسی بارِ امانت کی پہلی کڑی اور اپنے منصب کا حلف اُٹھانے کے قائم مقام ہے۔

خلافتِ ارضی کیلئے بارِ امانت اٹھانیکی صلاحیت ضروری تھی

حق تعالیٰ نے تقدیرِ ازلی میں آدم علیہ السلام کو زمین میں اپنا خلیفہ بنانا طے فرمایا تھا اور یہ خلافت اسی کو سپرد کی جاسکتی تھی، جو احکامِ الٰہیہ کی اطاعت کا بار اٹھائے، کیونکہ اس خلافت کا حاصل ہی یہ ہے کہ زمین پر اللہ کے قانون کو نافذ کرے، خلقِ خدا کو احکامِ الٰہیہ کی اطاعت پر آمادہ کرے۔ اس لئے تکوینی طور پر حضرت آدم علیہ السلام اس امانت کے اٹھانے کے لئے آمادہ ہوگئے، حالانکہ دوسری بڑی بڑی مخلوقات کا اس سے عاجز ہونا بھی معلوم ہوچکا تھا۔ (مظہری و بیان القرآن)

اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا، ظلوم سے مراد اپنے نفس پر ظلم کرنے والا، اور جہول سے مراد انجام سے ناواقف۔ اس جملے سے بظاہر یہ سمجھا جاتا ہے کہ یہ مطلقاً انسان کی مذمت میں آیا ہے کہ اس نادان نے اپنی جان پر ظلم کیا کہ اتنا بڑا بار اٹھالیا۔ جو اس کی طاقت سے باہر تھا، مگر قرآنی تصریحات کے مطابق واقعہ ایسا نہیں، کیونکہ انسان سے مراد حضرت آدم علیہ السلام ہوں یا پوری نوع انسانی، ان میں آدم علیہ السلام تو نبی معصوم ہیں، انھوں نے جو بار اٹھایا تھا اس کا حق بھی یقینی طور سے ادا کر دیا۔ اسی کے نتیجہ میں ان کو خلیفۃ اللہ بنا کر زمین پر بھیجا گیا، ان کو فرشتوں کا مسجود بنایا گیا، اور آخرت میں ان کا مقام فرشتوں سے بھی بلند و بالا ہے۔ اور اگر نوعِ انسانی ہی مراد ہو تو اس پوری نوع میں لاکھوں تو انبیاء علیہم السلام ہیں اور کروڑوں وہ صالحین اور اولیاء اللہ ہیں جن پر فرشتے بھی رشک کرتے ہیں، جنھوں نے اپنے عمل سے ثابت کر دیا کہ وہ اس امانتِ الٰہیہ کے اہل اور مستحق تھے۔ انھیں حقِ امانت کو ادا کرنے والوں کی بناء پر قرآن حکیم نے نوع انسانی کو اشرف المخلوقات ٹھہرایا۔ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ، اس سے ثابت ہوا کہ نہ آدم علیہ السلام قابلِ مذمت ہیں نہ پوری نوعِ انسانی، اسی لئے حضرات مفسرین نے فرمایا کہ یہ جملہ مذمت کے لئے نہیں بلکہ اکثر افراد نوع کے اعتبار سے بیان واقعہ کے طور پر ارشاد ہوا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ نوع انسانی کی اکثریت ظلوم و جہول ثابت ہوئی، جس نے اس امانت کا حق ادا نہ کیا، اور خسارہ میں پڑی، اور چونکہ اکثریت کا یہ حال تھا، اس لئے اس کو نوع انسانی کی طرف منسوب کر دیا گیا۔

خلاصہ یہ ہوا کہ آیت میں ظلوم و جہول خاص ان افراد انسانی کو کہا گیا ہے جو احکامِ شرعیہ کی اطاعت میں پورے نہ اُترے ــــــ اور امانت کا حق ادا نہ کیا، یعنی امت کے کفار و منافقین اور فساق و فجار اور گناہگار مسلمان۔ یہ تفسیر حضرت ابن عباسؓ، ابن جبیرؒ، حسن بصریؒ وغیرہ سے منقول ہے۔ (قرطبی)

اور بعض حضرات نے فرمایا کہ لفظ ظلوم وجہول اس جگہ بھولے بھالے کے معنی میں بطور محبانہ خطاب کے ہے کہ اس نے اللہ جلّ شانہ کی محبّت اور اس کے مقامِ قرب کی جستجو میں اور کسی انجام کو نہیں سوچا۔ اسی طرح یہ لفظ پوری بنی نوع کے لئے بھی ہو سکتا ہے۔ تفسیر مظہری میں حضرت مجدّد الف ثانیؒ اور دوسرے صوفیائے کرام سے اسی طرح کا مضمون منقول ہے۔

لِيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ الآیۃ یعنی تا آنکہ عذاب دے گا اللہ تعالےٰ منافق مردوں اور منافق عورتوں کو، اور مشرکین مردوں اور عورتوں کو اور رحمت و مغفرت سے نوازے گا مؤمنین و مؤمنات کو، لِيُعَذِّبَ میں حرف لام بیان علت و غرض کے لئے نہیں بلکہ اصطلاحِ عربیت کے لحاظ سے لام عاقبت ہے۔ یعنی جو کسی چیز کا انجام بیان کرے جیسے ایک عربی شعر میں ہے ؎ لِدُوْا لِلْمَوْتِ وَابْنُوْا لِلْخَرَابِ۔ "یعنی پیدا ہو موت کے لئے اور تعمیر کرو ویران ہونے کے لئے"، مراد یہ ہے کہ ہر پیدا ہونے والے کا انجام موت اور ہر تعمیر کا انجام ویرانی ہے۔

اس جملے کا تعلق حَمَلَهَا الْاِنْسَانُ سے ہے، یعنی انسان کے بارِ امانت اٹھانے کا انجام یہ ہوگا کہ نوع انسانی میں دو فریق ہو جائیں گے، ایک کفار و منافق وغیرہ جو اطاعتِ الٰہیہ سے سرکش ہو کر امانت کے ضائع کرنے والے ہو گئے، ان کو عذاب دیا جائے گا، دوسرے مؤمنین و مؤمنات جو اطاعتِ احکامِ شرعیہ کے ذریعہ حقِ امانت ادا کر چکے، ان کے ساتھ رحمت و مغفرت کا معاملہ ہوگا۔

اس آخری جملے میں بھی ظلوم وجہول کے الفاظ کی اس تفسیر کی تائید ہوئی جو اکثر ائمۂ تفسیر سے اوپر نقل کی گئی ہے، کہ یہ تمام نوعِ انسانی کے لئے نہیں بلکہ خاص اُن افراد کے لئے ہے جنھوں نے امانتِ الٰہیہ کو ضائع کیا۔ واللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اعلم

تمّت

سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ بِعَوْنِهٖ تَعَالٰى وَحَمْدِهٖ
لِلْعِشْرِيْنَ مِنْ مُحَرَّمِ الْحَرَامِ لِسَنَةِ ۱۳۹۲ھ
يَوْمَ الثُّلُثَاءِ

سُوْرَةُ السَّبَاِ

سُوْرَةُ السَّبَاِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ اَرْبَعٌ وَّخَمْسُوْنَ اٰيَةً وَّسِتُّ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ سبا مکہ میں نازل ہوئی اور اس میں چون آیتیں ہیں اور چھ رکوع

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ

سب خوبی اللہ کی ہے جس کا ہے جو کچھ کہ ہے آسمان اور زمین میں ،

وَلَهُ الْحَمْدُ فِي الْاٰخِرَةِ ۭ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ① يَعْلَمُ

اور اسی کی تعریف ہے آخرت میں اور وہی ہے حکمتوں والا سب کچھ جاننے والا۔ جانتا ہے

مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاۗءِ

جو کچھ کہ اندر گھستا ہے زمین کے اور جو کچھ کہ نکلتا ہے اس سے اور جو اُترتا ہے آسمان سے

وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ۭ وَهُوَ الرَّحِيْمُ الْغَفُوْرُ ②

اور جو چڑھتا ہے اس میں اور وہی ہے رحم والا بخشنے والا۔

خُلاصۂ تفسیر

تمام تر حمد (و ثنا) اسی اللہ کو سزاوار ہے، جس کی ملک ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور (جس طرح وہ فی الحال مستحقِ حمد ہے اسی طرح) اسی کو حمد (و ثناء) آخرت میں (بھی) سزاوار ہے (اس کا ظہور اس طرح ہوگا کہ اہلِ جنت جنت میں داخل

ہونیکے بعد اللہ تعالیٰ کی حمد ان الفاظ سے کریں گے، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هَدٰىنَا لِهٰذَا، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ، وغیرہ) اور وہ حکمت والا ہے (کہ آسمان وزمین کی تمام مخلوقات کو بے شمار مصالح اور منافع پر مشتمل بنایا ہے، اور وہ) خبردار (بھی) ہے (کہ ان مصالح اور منافع کو پیدا کرنے سے پہلے سے جانتا ہے، ہر چیز میں مصالح اور منافع بڑی حکمت کے ساتھ رکھ دیئے اور وہ ایسا خبیر ہے کہ) وہ سب کچھ جانتا ہے جو چیز زمین کے اندر داخل ہوتی ہے (مثلاً بارش کا پانی) اور جو چیز اس میں سے نکلتی ہے (مثلاً درخت اور عام نباتات) اور جو چیز آسمان سے اُترتی ہے اور جو چیز اس میں چڑھتی ہے (مثلاً فرشتے جو آسمان سے اُترتے ہیں اور چڑھتے رہتے ہیں، اور مثلاً احکامِ شرعیہ جو آسمان سے اتارے جاتے ہیں اور اعمالِ صالحہ جو آسمان میں لے جائے جاتے ہیں) اور (چونکہ ان سب چیزوں میں جسمانی یا رُوحانی منافع ہیں جن کا مقتضا یہ ہے کہ سب لوگ پورا شکر ادا کریں، اور جو کوتاہی کرے وہ مستحقِ سزا ہو، لیکن) وہ (اللہ) رحیم (اور) غفور (بھی) ہے، (اور اپنی رحمت سے صغیرہ گناہ کو نیک اعمال سے اور کبیرہ کو توبہ سے، اور کبھی دونوں قسم کے گناہوں کو محض اپنے اپنے فضل سے معاف فرما دیتا ہے۔ اور جو گناہ کفر و شرک کی حد تک پہونچ جائے اس کو ایمان لانے سے معاف کر دیتا ہے)۔

وَقَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِیْنَا السَّاعَةُ ؕ قُلْ بَلٰى وَرَبِّیْ

اور کہنے لگے منکر نہ آئے گی ہم پر قیامت، تو کہہ کیوں نہیں قسم ہے میرے رب کی

لَتَاْتِیَنَّكُمْ ۙ عٰلِمِ الْغَیْبِ ۚ لَا یَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِی

البتہ آئے گی تم پر اس عالم الغیب کی، غائب نہیں ہو سکتا اس سے کچھ ذرّہ بھر آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَلَا فِی الْاَرْضِ وَلَاۤ اَصْغَرُ مِنْ ذٰلِكَ وَلَاۤ اَكْبَرُ اِلَّا

میں اور نہ زمین میں اور کوئی چیز نہیں اس سے چھوٹی اور نہ اس سے بڑی جو

فِیْ كِتٰبٍ مُّبِیْنٍ ۙ﴿۳﴾ لِّیَجْزِیَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ

نہیں ہے کھلی کتاب میں۔ تاکہ بدلہ دے ان کو جو یقین لائے اور کئے بھلے کام۔

اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِیْمٌ ﴿۴﴾ وَالَّذِیْنَ سَعَوْ فِیْۤ

وہ لوگ جو ہیں ان کیلئے ہے معافی اور عزت کی روزی۔ اور جو لوگ دوڑے ہماری

اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ۝۵ وَ

آیتوں کے ہرانے کو ان کو بلا کا عذاب ہے دردناک ۔ اور

يَرَى الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ هُوَ

دیکھ لیں جن کو ملی ہے سمجھ کہ جو تجھ پر اترا تیرے رب سے وہی

الْحَقَّ ۙ وَيَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۝۶ وَقَالَ الَّذِيْنَ

ٹھیک ہے، اور سجھاتا ہے راہ اس زبردست خوبیوں والے کی ۔ اور کہنے لگے

كَفَرُوْا هَلْ نَدُلُّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ يُّنَبِّئُكُمْ اِذَا مُزِّقْتُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۙ

منکر ہم بتلائیں تم کو ایک مرد کہ تم کو خبر دیتا ہے جب تم پھٹ کر ہو جاؤ گے ٹکڑے ٹکڑے

اِنَّكُمْ لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۝۷ اَفْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَمْ بِهٖ جِنَّةٌ ۭ

تم کو پھر نئے سرے سے بننا ہے ۔ کیا بنا لایا ہے اللہ پر جھوٹ یا اس کو سودا ہے

بَلِ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ فِي الْعَذَابِ وَالضَّلٰلِ

کچھ بھی نہیں پر جو یقین نہیں رکھتے آخرت کا آفت میں ہیں اور دور جا پڑے

الْبَعِيْدِ ۝۸ اَفَلَمْ يَرَوْا اِلٰى مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ مِّنَ

غلطی میں ۔ کیا دیکھتے نہیں جو کچھ ان کے آگے ہے اور پیچھے ہے

السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنْ نَّشَاْ نَخْسِفْ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ

آسمان اور زمین سے اگر ہم چاہیں دھنسا دیں ان کو زمین میں یا گرا دیں

عَلَيْهِمْ كِسَفًا مِّنَ السَّمَاۗءِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ۝۹ ع ۱

ان پر ٹکڑا آسمان سے ، تحقیق اس میں نشانی ہے ہر بندے رجوع کرنے والے کے واسطے ۔

خُلاصۂ تفسیر

اور یہ کافر کہتے ہیں کہ ہم پر قیامت نہ آئے گی، آپ فرما دیجئے کہ کیوں نہیں (آوے گی) قسم اپنے پروردگار عالم الغیب کی کہ وہ ضرور تم پر آوے گی (اس کا علم ایسا وسیع اور محیط ہے کہ) اس (کے علم) سے کوئی ذرہ برابر بھی غائب نہیں نہ آسمانوں میں نہ زمین میں

(بلکہ سب اس کے علم میں حاضر ہیں) اور نہ کوئی چیز اس (مقدار مذکور) سے چھوٹی ہے اور نہ کوئی چیز (اس سے) بڑی ہے مگر یہ سب (بوجہ احاطۂ علمِ الٰہی کے) کتاب مبین (یعنی لوح محفوظ) میں (مرقوم) ہے (قیامت کے متعلق کفار کے کئی شبہات تھے، ایک یہ کہ اگر آنے والی ہے تو اس کا وقت بتلایئے، کما قال تعالیٰ اَیَّانَ مُرْسٰهَا، دوسرا یہ کہ جن اجزاء کو جمع کر کے اُن میں حیات پیدا کرنا بتلایا جاتا ہے، ان کا کہیں نشان بھی نہ رہے گا پھر جمع کیسے ہوں گے؟

اس مضمون اثبات علمِ غیب سے شبہ اوّل کا جواب ہو گیا، کہ اس کا علم بوجہ حکمت کے مختص ہے باری تعالیٰ کے ساتھ، اگر نبی کو اس کا معیّن وقت معلوم نہ ہو تو لازم نہیں آتا کہ اس کا وقوع ہی نہ ہو، کما قال تعالیٰ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ اور مضمون اثباتِ علم محیط سے دوسرے شبہ کا جواب ہو گیا ہے کہ ان تمام اجزاء کے زمین میں منتشر اور ہوا میں پھیل جانے کے باوجود وہ ہمارے علم سے خارج نہ ہوں گے، ہم جب چاہیں گے جمع کر لیں گے کما قال تعالیٰ اَفَلَمْ یَرَوْا الخ۔ اب قیامت کی غایت بتلاتے ہیں کہ وہ قیامت اس لئے آئے گی (تاکہ ان لوگوں کو صلہ (نیک) دے جو ایمان لائے تھے اور انھوں نے نیک کام کیا تھا (سو) ایسے لوگوں کے لئے مغفرت اور (بہشت میں) عزت کی روزی ہے، اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کے متعلق (ان کے ابطال کی) کوشش کی تھی (نبی کو) ہرانے کے لئے (گو اس کوشش میں ناکام ہی رہے) ایسے لوگوں کے واسطے سختی کا دردناک عذاب ہوگا اور (آیاتِ قرآنیہ کی تکذیب پر یہ سزا ہونی ہی چاہیئے، کیونکہ اوّل تو قرآن فی نفسہٖ امر حق منزّل من اللہ ہے اور ایسے امر حق کی تکذیب خود حق تعالیٰ کی تکذیب ہے، اس پر جتنی سزا ہو بجا ہے۔ دوسرے قرآن راہِ راست کی تعلیم و ہدایت کرتا ہے، جو شخص اس کو نہ مانے گا وہ راہِ راست سے قصداً دور رہے گا، نہ اس کو عقائد حقہ کا پتہ لگے گا نہ اعمالِ صالحہ کا اور یہی طریقہ تھا نجات کا۔ پس طریقۂ نجات سے قصداً دور رہنے پر سزا کا ہونا بے جا نہیں ہے، اور قرآن کا حق اور ہادی ہونا ایسا واضح ہے کہ علاوہ اس کے اور دلائل سے ثابت ہے۔ ایک سہل طریق اس کے ثبوت کا یہ ہے کہ) جن لوگوں کو (آسمانی کتابوں کا) علم دیا گیا ہے وہ اس قرآن کو جو کہ آپ کے رب کی طرف سے آپ کے پاس بھیجا گیا ہے ایسا سمجھتے ہیں کہ وہ حق ہے اور وہ خدائے غالب محمود (کی رضا) کا راستہ بتلاتا ہے (اس استدلال کی تقریر شروع رکوع اخیر سورۂ شعراء میں گذر چکی ہے۔ اور شاید منجملہ جمیع امور واجبۃ الایمان کے، بیانِ حقیّتِ قرآن کا اہتمام اس لئے فرمایا ہو کہ یہ اُن امور واجبۃ الایمان پر مشتمل ہے بالخصوص خبر قیامت پر جس میں اس مقام میں کلام ہے۔ پس اس بنا پر

حاصل یہ ہوا کہ قیامت کے روز اسی قیامت کی تکذیب پر بھی سزا ہوگی) اور (آگے پھر قیامت کا اثبات ہے یعنی) یہ کافر (آپس میں) کہتے کہ کیا ہم تم کو ایک ایسا آدمی بتائیں جو تم کو یہ (عجیب) خبر دیتا ہے کہ جب تم بالکل ریزہ ریزہ ہو جاؤ گے تو (اس کے بعد قیامت کو) تم ضرور ایک نئے جنم میں آؤ گے معلوم نہیں اس شخص نے خدا پر (قصداً) جھوٹ بہتان باندھا ہے یا اس کو کسی طرح کا جنون ہے (کہ بلا قصد جھوٹ بول رہا ہے، کیونکہ یہ امر تو محال ہی تو اس کے وقوع کی خبر ضرور غلط ہے، خواہ قصد سے ہو یا فسادِ تخیّل سے ہو۔ حق تعالیٰ ان دونوں شقوں کو رَد فرماتے ہیں کہ ہمارے نبی تو مفتری اور مجنون کچھ بھی نہیں) بلکہ جو لوگ آخرت پر یقین نہیں رکھتے (وہی) عذاب اور دور دراز گمراہی میں (مبتلا) ہیں، (اس گمراہی کا حالی اثر یہ ہے کہ سچے بھی مفتری اور مجنون نظر آتے ہیں، اور مآلی اثر یہ ہے کہ عذاب بھگتنا پڑے گا۔ اور یہ جاہل جو اس جمع و احیاءِ اجزاءِ متفرقہ جمادیہ کو محال بعید از قدرت سمجھ رہے ہیں) تو کیا انھوں نے (دلائلِ عظمتِ قدرتِ الٰہیہ میں سے) آسمان اور زمین کی طرف نظر نہیں کی جو اُن کے آگے (بھی) اور ان کے پیچھے (بھی) موجود ہیں (کہ جدھر دیکھیں وہ نظر آ رہے ہیں۔ پس ان اجرامِ عظیمہ کا ابتداءً پیدا کرنے والا کیا اجسامِ صغیرہ کے ثانیاً پیدا کرنے پر قادر نہیں، کما قال اللہ تعالیٰ لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ الخ اور باوجود وضوحِ دلائلِ حق کے پھر بھی انکار و عناد کرنے کی وجہ سے یہ ہیں تو اس قابل کہ انکو ابھی سزا دی جائے اور سزا بھی ایسی کہ یہ دلائلِ قدرت آسمان و زمین جو ان کے لئے نعمتِ عظیمہ بھی ہیں انہی کو ان کے لئے آلۂ تعذیب بنا دیا جائے کہ جس نعمت کا کفران ہوا اسی نعمت کو نِقمت یعنی عذاب بنانے سے سخت حسرت ہوتی ہے۔ اور ہم اس سزا پر بھی قادر ہیں چنانچہ) اگر ہم چاہیں تو ان کو زمین میں دھنسا دیں یا (اگر چاہیں تو) ان پر آسمان کے ٹکڑے گرا دیں (لیکن حکمت مقتضی ہے تاخیر کو اس لئے مہلت دے رکھی ہے، غرض ان لوگوں کو دفعِ توہّم استحالہ کے لئے آسمان و زمین پر نظر کرنا چاہیئے کیونکہ) اس (دلیل مذکور) میں (قدرتِ الٰہیہ کی) پوری دلیل ہے (مگر) اس بندہ کے لئے جو (خدا کی طرف) متوجّہ (بھی) ہو (اور حق کی طلب ہو یعنی دلیل تو کافی ہے مگر ان کی طرف سے طلب نہیں اس لئے محروم ہیں)۔

معارف و مسائل

عَالِمِ الْغَيْبِ، یہ صفت ربّ کی ہے جس کی اوپر قسم کھائی گئی ہے، او اللہ جل شانہٗ

کی تمام صفات میں سے اس جگہ صفتِ علم غیب وعلم محیط کو شاید اس لئے خاص کیا گیا کہ کلام منکرین قیامت کے معاملہ میں ہے، اور قیامت کے انکار کا بڑا سبب کفار کے لئے یہ تھا کہ جب سب انسان مر کر مٹی ہو جائیں گے اور اس مٹی کے ذرّات بھی دنیا میں منتشر ہو جائیں گے تو سارے جہان میں پھیلے ہوئے ذرّات کو جمع کرنا پھر ہر ایک انسان کے ذرّات کو دوسرے انسانوں کے ذرّات سے الگ کر کے ہر ایک کے ذرّات اسی کے وجود میں پیوست کرنا کیسے ممکن ہے؟ اور اس کو ناممکن سمجھنا اسی بناء پر تھا کہ انھوں نے اللہ تعالیٰ کے علم وقدرت کو اپنے علم وقدرت پر قیاس کر رکھا تھا۔ حق تعالیٰ نے بتلا دیا کہ اللہ تعالیٰ کا علم سارے عالم پر ایسا محیط ہے کہ آسمانوں اور زمین میں جو چیز بھی ہے اس کو سب معلوم ہے، اور یہ بھی معلوم ہے کہ وہ کہاں اور کس حال میں ہے، کوئی ذرّہ مخلوقات کا اس کے علم سے باہر نہیں، اور یہ علم محیط حق تعالیٰ کی خصوصیت ہے، کسی مخلوق کو خواہ فرشتہ ہو یا پیغمبر ایسا علم محیط کہ کوئی ذرّہ جہان کا اس سے خارج نہ ہو حاصل نہیں ہو سکتا۔ اور جس ذات کو ایسا علمِ محیط حاصل ہو اس کے لئے ایک انسان کے ذرّات کو الگ الگ سارے جہان میں سے جمع کر لینا اور اس سے ان کے اجسام کو دوبارہ مرکب کر دینا کیا مشکل ہے۔

لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا، اس جملہ کا تعلق اس سے پہلے جملے لَتَاْتِيَنَّكُمْ سے ہے، یعنی قیامت ضرور آئے گی، اور قیامت آنے کا مقصد یہ ہوگا کہ ایمان والوں کو جزاء اور بہترین رزق جنّت کا دیا جائے اور ان کے مقابل اَلَّذِيْنَ سَعَوْ فِيْٓ اٰيٰتِنَا، یعنی وہ لوگ جنھوں نے ہماری آیات پر اعتراض کئے اور لوگوں کو ان کے ماننے سے روکنے کی کوشش کی۔

مُعٰجِزِيْنَ یعنی ان کی یہ کوشش گویا اس لئے تھی کہ وہ ہمیں گرفت سے عاجز کر دیں گے اور قیامت کی حاضری سے چھوٹ جائیں گے۔

اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٍ، یعنی ایسے لوگوں کے لئے عذاب ہوگا رِجزِ اَلیم کا جس کے معنی سخت عذاب کے ہیں جو دردناک ہو۔

وَيَرَى الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ، یہ منکرینِ قیامت کے بالمقابل ان مؤمنین کا ذکر ہے جو قیامت پر ایمان لائے تھے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو علم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا تھا وہ اس علم سے مستفید ہوئے۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا هَلْ نَدُلُّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ يُّنَبِّئُكُمْ اِذَا مُزِّقْتُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ اِنَّكُمْ لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ، یہ کفار منکرینِ قیامت کا قول نقل کیا گیا ہے، جو بطور تحقیر و استہزاء کے یوں کہا کرتے تھے کہ آؤ ہم تمہیں ایک ایسے عجیب شخص کا پتہ دیں جو یوں

کہتا ہی کہ جب تم پوری طرح ریزہ ریزہ ہو جاؤ گے، اس کے بعد پھر تمہیں نئی پیدائش دی جائے گی، اور پھر تم اسی شکل وصورت میں تیار کر کے زندہ کر دیئے جاؤ گے۔

یہ بات ظاہر ہے کہ اس شخص سے مراد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جو قیامت اور اس میں سب مُردوں کے دوبارہ زندہ ہونے کی خبر دیتے اور لوگوں کو اس پر ایمان لانے کی تاکید کرتے تھے، اور یہ سب لوگ آپ کو پوری طرح جانتے تھے، مگر یہاں اس انداز سے ذکر کیا کہ گویا یہ آپؐ کے متعلق اور کچھ نہیں جانتے، بجز اس کے کہ آپ قیامت میں مُردوں کے زندہ ہونے کی خبر دیتے ہیں۔ یہ طرز کلام استہزاء وتحقیر کے لئے اختیار کیا تھا۔

اور مُزِّقْتُمْ مَزَّقٍ سے مشتق۔ جس کے معنی چیرنے پھاڑنے اور ٹکڑے کرنے ہیں اور کُلَّ مُمَزَّقٍ سے مراد بدنِ انسانی کا ریزہ ریزہ ہو کر الگ ہو جانا ہے، آگے آپؐ کے قول اور ذکر قیامت کے متعلق اپنے خیال کا اظہار اس طرح کرتے ہیں:۔

اَفْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا اَمْ بِهٖ جِنَّةٌ، مطلب یہ ہی کہ جسم کے ریزہ ریزہ ہو جانے کے بعد سب ذرّات کا جمع ہو کر پھر بدنِ انسانی بن جانا اور زندہ ہونا تو ایسی نامعقول بات ہی جس کو تسلیم کرنے اور ماننے کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، اس لئے ان کا یہ قول یا تو جان بوجھ کر خدا تعالیٰ پر افتراء وبہتان باندھنا ہے، یا پھر یہ کہنے والا مجنون ہے جس کے کلام کی کوئی بنیاد صحیح نہیں ہوتی۔

اَفَلَمْ يَرَوْا اِلٰى مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ الآیۃ جیسا کہ خلاصۂ تفسیر سے معلوم ہو چکا ہے اس آیت میں قیامِ قیامت کے دلائل بھی ہیں کہ آسمان وزمین کی مخلوقات میں غور کرنے اور اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ کا مشاہدہ کرنے سے وہ استبعاد رفع ہو سکتا ہے جو منکرینِ قیامت کو اس کی تسلیم سے مانع تھا، اور ساتھ ہی منکرین کے لئے سزا کی دھمکی بھی ہے کہ یہ آسمان وزمین کی تمام مخلوقاتِ عظیمہ جو تمہارے لئے بڑی نعمتیں ہیں، اگر ان کے مشاہدہ کے بعد بھی تم تکذیب وانکار پر جمے رہے تو اللہ کی قدرت میں یہ بھی ہی کہ انہی نعمتوں کو تمہارے لئے عذاب بنا دے کہ زمین تمہیں نگل جائے، یا آسمان ٹکڑے ٹکڑے ہو کر تم پر گر پڑے۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا ؕ يٰجِبَالُ اَوِّبِيْ مَعَهٗ وَالطَّيْرَ ۚ وَ

اور ہم نے دی ہے داؤد کو اپنی طرف سے بڑائی، اے پہاڑو خوش آوازی سے پڑھو اسکے ساتھ اور اڑتے جانوروں کو اور

اَلنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ ﴿۱۰﴾ اَنِ اعْمَلْ سٰبِغٰتٍ وَّقَدِّرْ فِي السَّرْدِ

نرم کردیا ہم نے اس کے آگے لوہا، کہ بنا زرہیں کشادہ اور اندازے سے جوڑ کڑیاں

وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ۭ اِنِّىْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱﴾ وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ

اور کرو تم سب کام بھلا میں جو کچھ تم کرتے ہو دیکھتا ہوں۔ اور سلیمان کے آگے ہوا کو

غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ ۚ وَاَسَلْنَا لَهٗ عَيْنَ الْقِطْرِ ۭ وَمِنَ

صبح کی منزل اسکی ایک مہینہ کی اور شام کی منزل ایک مہینہ کی اور بہا دیا ہم نے اس کے واسطے چشمہ پگھلے ہوئے تانبے کا، اور

الْجِنِّ مَنْ يَّعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۭ وَمَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ

اور جنوں میں کتنے لوگ تھے جو محنت کرتے اس کے سامنے اس کے رب کے حکم سے اور جو کوئی پھرے ان میں سے

عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ ﴿۱۲﴾ يَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا

ہمارے حکم سے چکھائیں ہم اس کو آگ کا عذاب ۔ بناتے اس کے واسطے جو کچھ

يَشَاۗءُ مِنْ مَّحَارِيْبَ وَتَمَاثِيْلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُوْرٍ

چاہتا قلعے اور تصویریں اور لگن جیسے تالاب اور دیگیں

رّٰسِيٰتٍ ۭ اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا ۭ وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ

چولھوں پر جمی ہوئی، کام کرو اے داؤد کے گھر والو احسان مان کر اور تھوڑے ہیں میرے بندوں میں

الشَّكُوْرُ ﴿۱۳﴾ فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ الْمَوْتَ مَا دَلَّهُمْ عَلٰي مَوْتِهٖٓ

احسان ماننے والے ۔ پھر جب مقرر کیا ہم نے اس پر موت کو نہ جتلایا ان کو اس کا مرنا

اِلَّا دَاۗبَّةُ الْاَرْضِ تَاْكُلُ مِنْسَاَتَهٗ ۚ فَلَمَّا خَرَّ تَبَيَّنَتِ الْجِنُّ

مگر کیڑے نے گھن کے کھاتا رہا اس کا عصا، پھر جب وہ گر پڑا معلوم کیا جنوں نے

اَنْ لَّوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ مَا لَبِثُوْا فِي الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ﴿۱۴﴾

کہ اگر خبر رکھتے ہوتے غیب کی نہ رہتے ذلت کی تکلیف میں ۔

خلاصۂ تفسیر

اور ہم نے داؤد (علیہ السلام) کو اپنی طرف سے بڑی نعمت دی تھی (چنانچہ

ہم نے پہاڑوں کو حکم دیا تھا کہ) اے پہاڑو! داؤد کے ساتھ بار بار تسبیح کرو (یعنی جب یہ ذکر میں مشغول ہوں تم بھی ان کا ساتھ دو) اور (اسی طرح) پرندوں کو بھی حکم دیا (کہ ان کے ساتھ تسبیح کرو کما قال اللہ تعالیٰ اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ وَالطَّيْرَ مَحْشُوْرَةً الخ شاید اس میں ایک حکمت یہ ہو کہ ان کو ذکر میں نشاط ہوگا، اور یہ بھی حکمت ہو کہ آپ کا ایک معجزہ ظاہر ہوگا اور غالباً یہ تسبیح ایسی ہوگی کہ سننے والے بھی سمجھ لیں ورنہ غیر مفہوم تسبیح تو عام ہے، اس میں معیت داؤد علیہ السلام کی کیا تخصیص ہے کما قال تعالیٰ وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ) اور (ایک نعمت یہ دیدی کہ) ہم نے ان کے واسطے لوہے کو (مثل موم کے) نرم کر دیا (اور یہ حکم دیا) کہ تم (اس لوہے کی اچھی) پوری زرہیں بناؤ اور (کڑیوں کے) جوڑنے میں (مناسب) اندازہ (کا خیال) رکھو اور (جیسے ہم نے تم کو نعمتیں دی ہیں اُن کے شکر میں) تم سب (یعنی داؤد علیہ السلام اور ان کے متعلقین) نیک کام کیا کرو میں تمہارے سب کے اعمال کو دیکھ رہا ہوں (اس لئے رعایتِ حدود کا پورا اہتمام رکھو) اور سلیمان (علیہ السلام) کے لئے ہوا کو مسخر کر دیا کہ اس (ہوا) کا صبح کا چلنا مہینے بھر کی مسافت تھی اور (اسی طرح) اس کا شام کا چلنا مہینے بھر کی مسافت تھی (یعنی وہ ہوا سلیمان علیہ السلام کو اتنی اتنی دور پہنچاتی تھی، کما قال تعالیٰ وَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيْحَ تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖ) اور (ایک نعمت اُن کو یہ دی کہ) ہم نے ان کے لئے تانبے کا چشمہ بہا دیا (یعنی تانبے کو اس کے معدن میں رقیق سیال کر دیا تاکہ اس سے مصنوعات بنانے میں بدون آلات کے سہولت ہو، پھر وہ منجمد ہو جاتا، یہ بھی ایک معجزہ ہے) اور (ایک نعمت یہ تھی کہ ہم نے جنات کو ان کے تابع کر دیا تھا چنانچہ) جنات میں بعضے وہ تھے جو اُن کے آگے (طرح طرح کے) کام کرتے تھے ان کے رب کے حکم (تسخیری) سے (یعنی چونکہ پروردگار نے مسخر کر دیا تھا) اور (حکم تسخیری کے ساتھ ان کو حکم تشریعی بھی مع وعید یہ دیا تھا کہ) ان میں جو شخص ہمارے (اس) حکم سے (کہ سلیمان علیہ السلام کی اطاعت کرو) سرتابی کرے گا (یعنی تسلیم و انقیاد سے کام نہ کریگا) گو بوجہ تسخیر کے سلیمان علیہ السلام اس سے جبراً کام لینے پر قادر ہوں گے جیسے بیگاریوں سے کام لیا جاتا ہے تو) ہم اس کو (آخرت میں) دوزخ کا عذاب چکھا دیں گے (اس سے یہ بھی مفہوم ہوا کہ جو تسلیم و انقیاد سے کام کرے گا اور پورا انقیاد یہ ہے کہ ایمان بھی اختیار کرے کیونکہ ہر نبی اپنے محکومین کو اس کا امر کرتا ہے تو بدون اس کے انقیاد نہیں پس حاصل یہ کہ جو جن ایمان و اطاعت اختیار کرے گا وہ عذابِ سعیر سے محفوظ رہے گا، جیسا کہ

ایمان کا مقتضا ہے آگے ان کاموں کو بتلاتے ہیں جن پر جنّات مامور تھے) یعنی وہ جنّات ان کے لئے وہ وہ چیزیں بناتے جو ان کو (بنوانا) منظور ہوتا بڑی بڑی عمارتیں اور مورتیں اور لگن، (ایسے بڑے) جیسے حوض اور (بڑی بڑی) دیگیں جو ایک ہی جگہ جمی رہیں (ہلائے ہل نہ سکیں اور ہم نے ان کو یہ حکم دیا کہ جیسے ہم نے تم کو نعمتیں بھی دی ہیں) اے داؤد کے خاندان والو (یعنی سلیمان علیہ السلام اور ان کے متعلقین) تم سب (ان نعمتوں کے) شکریہ میں نیک کام کیا کرو اور میرے بندوں میں شکر گذار کم ہی ہوتے ہیں (اس لئے اس شکر گذاری کرنے سے جس کا طریق مقصود عمل صالح ہے تم کو خلق کثیر پر امتیاز ہو جائے گا۔ پس اس جملہ میں تحریض ہو گئی شکر و عمل صالح پر جیسے داؤد علیہ السلام کو بھی اِعْمَلُوْا صَالِحًا حکم ہوا تھا اور اسی طرح وہاں تسخیر جبال وطیور تھی، اور یہاں تسخیر ریح وجن مذکور ہوئی اور وہاں لوہے کو نرم کر دینا تھا یہاں تانبے کو، غرض زندگی بھر سلیمان علیہ السلام کے سامنے جنّات کا یہ معاملہ رہا) پھر جب ہم نے ان پر (یعنی سلیمان علیہ السلام پر) موت کا حکم جاری کر دیا، (یعنی انتقال فرما گئے) تو (ایسے طور پر موت واقع ہوئی کہ جنّات کو خبر نہیں ہوئی وہ یہ کہ سلیمان علیہ السلام موت کے قریب عصا کو دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر اس کو زیرِ ذقن لگا کر تخت پر بیٹھ گئے اور اسی حالت میں رُوح قبض ہو گئی اور اسی طرح سال بھر تک بیٹھے رہے، جنّات آپ کو بیٹھا دیکھ کر زندہ سمجھتے رہے، یہ کسی کی مجال نہ تھی کہ پاس جا کر یا خوب گھور کر دیکھ سکے، خصوصًا جب کہ کوئی وجہ شبہ کی نہ ہو اور زندہ سمجھ کر بدستور کام کرتے رہے اور) کسی چیز نے اُن کے مرنے کا پتہ نہ بتلایا مگر گھُن کے کیڑے نے کہ وہ سلیمان (علیہ السلام) کے عصا کو کھاتا تھا (یہاں تک کہ ایک حصہ اس کا کھا لیا، تو وہ عصا گر پڑا، اس کے گرنے سے سلیمان علیہ السلام گر پڑے) سو جب وہ گر پڑے (اور گھُن کے کھانے کا تخمینہ لگانے سے معلوم ہوا کہ ان کو تو وفات پائے ہوئے ایک سال ہوا) تب جنّات کو (اپنے دعوئ غیب دانی کی) حقیقت معلوم ہوئی (وہ یہ کہ) اگر وہ غیب جانتے ہوتے تو (سال بھر تک) اس ذلت کی مصیبت میں نہ رہتے (مراد اعمالِ شاقہ ہیں جن میں بوجہ محکومیت کے ذلت بھی تھی اور مشقت کی وجہ سے مصیبت بھی ہے)۔

معارف و مسائل

اوپر منکرین قیامت کفار سے خطاب تھا، جو مرنے اور جسم کے اجزاء منتشر ہو جانے کے بعد دوبارہ ان کے جمع کرنے اور ان میں حیات پیدا کرنے کو خلاف عقل سمجھ کر انکار

کرتے تھے، آیات مذکورہ میں ان کا استبعاد دور کرنے کے لئے حق تعالیٰ نے حضرت داؤد اور سلیمان علیہما السلام کے قصّے اس لئے ذکر فرمائے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے ہاتھوں اسی دنیا میں ایسے کاموں کا مشاہدہ کرا دیا جن کو یہ لوگ محال سمجھا کرتے تھے، مثلاً لوہے کو موم بنا دینا، ہوا کو تابعِ فرمان بنا دینا، تانبے کو ایک سیّال چیز پانی کی طرح کر دینا۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا، "یعنی عطا کیا ہم نے داؤد کو اپنا فضل" فضل کے لفظی معنی زیادتی کے ہیں، مراد وہ خاص صفات ہیں جو دوسروں سے زائد ان کو عطا کی گئی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ہر نبی و پیغمبر کو بعض خاص صفات امتیازی عطا فرمائی ہیں جو انکی مخصوص فضیلت سمجھی جاتی ہے۔ حضرت داؤد علیہ السلام کی مخصوص صفات یہ تھیں کہ ان کو اپنی نبوّت و رسالت کے ساتھ پوری دنیا کی سلطنت و حکومت بھی عطا فرمائی تھی۔ اور خوش آوازی کی ایسی صفت عطا فرمائی تھی کہ جب آپ اللہ کے ذکر یا زبور کی تلاوت میں مشغول ہوتے تو پرندے ہوا میں اُڑتے ہوئے سننے کو جمع ہو جاتے تھے، اسی طرح متعدد معجزات خصوصی عطا ہوئے تھے جن کا ذکر آگے آتا ہے۔

يٰجِبَالُ اَوِّبِيْ، اَوِّبِيْ، تَاْوِيْب سے مشتق ہے، جس کے معنی دُہرانے اور لوٹانے کے آتے ہیں۔ مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے پہاڑوں کو حکم دیدیا تھا کہ جب حضرت داؤد علیہ السلام اللہ کا ذکر و تسبیح کریں تو پہاڑ بھی وہ کلمات پڑھ کر لوٹائیں۔

اسی طرح حضرت ابن عباسؓ نے اَوِّبِيْ کی تفسیر سَبِّحِيْ سے فرمائی ہے (ابن کثیر) یہ پہاڑوں کی تسبیح جو وہ حضرت داؤد علیہ السلام کے ساتھ کرتے تھے اس عام تسبیح کے علاوہ ہے جس میں کُل مخلوقات شریک ہیں، اور جو ہر جگہ ہر وقت ہر زمانے میں جاری ہے، جیسا کہ قرآن کریم نے فرمایا ہے وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ، یعنی دنیا کی کوئی چیز ایسی نہیں جو اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کی تسبیح نہ پڑھتی ہو مگر تم ان کی تسبیح کو سمجھتے نہیں"۔ یہاں جس تسبیح کا ذکر ہے وہ حضرت داؤد علیہ السلام کے معجزہ کی حیثیت رکھتی ہے۔ اسی لئے یہ ظاہر ہے کہ اس تسبیح کو عام سننے والے بھی سنتے سمجھتے ہوں گے، ورنہ پھر معجزہ ہی نہ ہوتا۔

اسی سے یہ بھی معلوم ہوا کہ داؤد علیہ السلام کی آواز کے ساتھ پہاڑوں کا آواز ملانا اور تسبیح کو دُہرانا یہ آواز بازگشت کے طور پر نہ تھا جو عام طور پر گنبد یا کنویں وغیرہ میں آواز دینے کے وقت آواز کے لوٹنے سے سنی جاتی ہے۔ کیونکہ قرآن کریم نے اس کو حضرت داؤد علیہ السلام پر خصوصی فضل و انعام کی حیثیت میں ذکر فرمایا ہے، آواز بازگشت

میں کسی کی فضیلت وخصوصیت سے کیا تعلق ہے وہ تو ہر انسان چاہے کافر ہی ہو بازگشت کی جگہ میں اس کی آواز بھی لوٹتی ہے۔

وَالطَّيْرَ، یہ لفظ نحوی ترکیب میں سَخَّرْنَا محذوف کا مفعول ہونے کی وجہ سے منصوب ہے (روح) معنی یہ ہیں کہ ہم نے پرندوں کو حضرت داؤد علیہ السلام کے لئے مسخر کر دیا تھا مراد اس تسخیر سے یہ ہے کہ پرندے بھی آپ کی آواز پر ہوا میں جمع ہو جاتے ۔ اور آپ کے ساتھ پہاڑوں کی طرح تسبیح کرتے تھے، جیسا کہ ایک دوسری آیت میں مذکور ہے، اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ وَالطَّيْرَ مَحْشُوْرَةً "یعنی ہم نے پہاڑوں کو داؤد علیہ السلام کا مسخر کر دیا تھا کہ صبح شام ان کے ساتھ تسبیح کیا کریں اور پرندوں کو بھی مسخر کر دیا۔

وَاَلَنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ اَنِ اعْمَلْ سٰبِغٰتٍ وَّقَدِّرْ فِي السَّرْدِ، یہ دوسرا معجزہ ہے کہ لوہے کو ان کے لئے نرم کر دیا تھا۔ حسن بصری، قتادہ، اعمش وغیرہ ائمہ تفسیر نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے بطور معجزہ کے لوہے کو ان کیلئے موم کی طرح نرم بنا دیا تھا کہ اس سے کوئی چیز بنانے میں نہ اُن کو آگ کی ضرورت پڑتی تھی اور نہ کسی ہتھوڑے یا دوسرے آلات کی۔ آگے آیت میں اس کا بیان ہے کہ لوہے کو ان کے لئے نرم اس لئے بنایا گیا تھا کہ وہ لوہے کی زرہ آسانی سے بنا سکیں، اور ایک دوسری آیت میں یہ بھی مذکور ہے کہ اللہ تعالیٰ نے زرہ سازی کی صنعت آپ کو خود سکھائی تھی وَعَلَّمْنٰهُ صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ، یعنی ہم نے سکھائی ان کو صنعت زرہ بنانے کی، اور اس آیت میں بھی آگے جو قَدِّرْ فِي السَّرْدِ آیا ہے، یہ بھی اس صنعت کے سکھانے کی تکمیل ہے۔ لفظ قَدِّرْ تَقْدِيْرٌ سے مشتق ہے، جس کے معنی ایک اندازے پر بنانے کے ہیں، اور سَرْد کے لفظی معنی بُننے کے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ زرہ کے بنانے میں اس کی کڑیوں کو متوازن اور متناسب بناؤ، کوئی چھوٹی کوئی بڑی نہ ہو، تاکہ وہ مضبوط بھی بنے اور دیکھنے میں بھی بھلی معلوم ہو۔ قَدِّرْ فِي السَّرْدِ کی یہ تفسیر حضرت عبداللہ ابن عباس رضؓ سے منقول ہے (ابن کثیر)

فائدہ: اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ صنعت میں ظاہری خوش نمائی کی رعایت بھی پسندیدہ چیز ہے کہ اس کے لئے اللہ تعالیٰ نے خاص ہدایت فرمائی۔

فائدہ دوم: بعض حضرات نے قَدِّرْ فِي السَّرْدِ کی تفسیر میں تقدیر سے یہ مراد لیا ہے کہ اس صنعت کے لئے ایک مقدار وقت کی معیّن کر لینا چاہیئے۔ سارے اوقات اس میں صرف نہ ہو جائیں، تاکہ عبادت اور امور سلطنت میں اس کی وجہ سے خلل نہ آئے۔ اس تفسیر پر

معلوم ہوا کہ صنعت کار اور محنت کش لوگوں کو بھی یہ چاہئے کہ عبادت اور اپنی معلومات حاصل کرنے کے لئے اپنے کام سے کچھ وقت بچایا کریں اور اوقات کا انضباط رکھیں۔ (روح المعانی)

صنعت وحرفت کی بڑی فضیلت ہے۔

آیت مذکورہ سے ثابت ہوا کہ اشیاءِ ضرورت کی ایجاد وصنعت ایسی اہم چیز ہے کہ حق تعالیٰ نے خود اس کی تعلیم دینے کا اہتمام فرمایا، اور اپنے عظیم الشان پیغمبروں کو سکھلایا ہے۔ حضرت داؤد علیہ السلام کو زرہ سازی کی صنعت سکھانا اسی آیت سے ثابت ہوا، حضرت نوح علیہ السلام کو کشتی بنانے کی صنعت اسی طرح سکھائی گئی، وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا "یعنی ہمارے سامنے کشتی بناؤ"، سامنے بنانے کا مطلب یہی ہے کہ جس طرح ہم بتلاتے ہیں اسی طرح بناؤ۔ اسی طرح دوسرے انبیاء علیہم السلام کو بھی مختلف صنعتیں سکھانا بعض روایات سے ثابت ہے۔ الطب النبوی کے نام سے ایک کتاب امام حدیث حافظ شمس الدین ذہبی کی طرف نسبت کے ساتھ چھپی ہے، اس میں تو ایک روایت یہ نقل کی ہے کہ انسانی زندگی کے لئے جتنی اہم اور ضروری صنعتیں ہیں مثلاً مکان بنانا، کپڑا بننا، درخت بونا اور اگانا، کھانے کی چیزیں تیار کرنا، حمل ونقل کے لئے پہیوں کی گاڑی بنا کر چلانا وغیرہ یہ سب ضروری صنعتیں اللہ تعالیٰ نے بذریعہ وحی اپنے انبیاء علیہم السلام کو سکھلائی تھیں۔

صنعت پیشہ لوگوں کو حقیر سمجھنا گناہ ہے۔

عرب میں مختلف آدمی مختلف صنعتیں اختیار کرتے تھے، کسی صنعت کو حقیر یا ذلیل نہیں سمجھا جاتا تھا، اور پیشہ وصنعت کی بنیاد پر کسی شخص کو کم یا زیادہ نہ سمجھا جاتا تھا، نہ پیشوں کی بنیاد پر کوئی برادری بنتی تھی۔ پیشوں کی بنیاد پر برادریاں بنانا اور بعض پیشوں کو بحیثیت پیشہ حقیر وذلیل سمجھنا یہ ہندوستان میں ہندوؤں کی پیداوار ہے، ان کے ساتھ رہنے سہنے سے مسلمانوں میں بھی یہ اثرات قائم ہوگئے۔

حضرت داؤد علیہ السلام کو صنعت زرہ سکھانے کی حکمت

تفسیر ابن کثیر میں امام حدیث حافظ ابن عساکر کی روایت سے نقل کیا ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام اپنی خلافت وسلطنت کے زمانہ میں بھیس بدل کر بازاروں وغیرہ میں جاتے، اور مختلف اطراف سے آنے والے لوگوں سے پوچھا کرتے تھے کہ داؤد کیسا آدمی ہے؟ چونکہ حضرت داؤد علیہ السلام کی سلطنت میں عدل وانصاف عام تھا، اور سب انسان آرام وعیش کے ساتھ گذارہ کرتے تھے، کسی کو حکومت سے کوئی شکایت نہ تھی، اس لئے جس سے سوال کرتے وہ داؤد علیہ السلام کی مدح وثناء اور عدل وانصاف پر اظہارِ شکر کرتا تھا۔

حق تعالیٰ نے ان کی تعلیم کے لئے اپنے ایک فرشتے کو شکلِ انسان بھیج دیا، جب

داؤد علیہ السلام اس کام کے لئے نکلے تو یہ فرشتہ ان سے ملا۔ حسب عادت اس سے بھی وہی سوال کیا، فرشتے نے جواب دیا کہ داؤد بہت اچھا آدمی ہے اور سب آدمیوں سے وہ اپنے نفس کے لئے بھی اور اپنی امّت و رعیت کے لئے بھی بہتر ہے، مگر اس میں ایک عادت ایسی ہے کہ وہ نہ ہوتی تو وہ بالکل کامل ہوتا۔ داؤد علیہ السلام نے پوچھا وہ کیا عادت ہے؟ فرشتے نے کہا کہ وہ اپنا کھانا پینا اور اپنے اہل و عیال کا گذارہ مسلمانوں کے مال یعنی بیت المال میں سے لیتے ہیں۔

یہ بات سُن کر حضرت داؤد علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ شانہ، کی طرف الحاح و زاری اور دعاء کا اہتمام کیا کہ مجھے کوئی ایسا کام سکھا دیں جو میں اپنے ہاتھ کی مزدوری سے پورا کروں، اور اس کی اجرت سے اپنا اور اپنے اہل و عیال کا گذارہ کروں، اور مسلمانوں کی خدمت اور سلطنت کے تمام کام بلا معاوضہ کروں۔ ان کی دعاء کو حق تعالیٰ نے قبول فرمایا، ان کو زرہ سازی کی صنعت سکھادی، اور پیغمبرانہ اعزاز یہ دیا کہ لوہے کو ان کے لئے موم بنا دیا تاکہ یہ صنعت بہت آسان ہو جائے، اور تھوڑے وقت میں اپنا گذارہ پیدا کر کے باقی وقت عبادت اور امور سلطنت میں لگا سکیں۔

مسئلہ: خلیفۂ وقت یا سلطان کو جو اپنا پورا وقت امور سلطنت کی انجام دہی میں صرف کرتا ہے شرعاً یہ جائز ہے کہ اپنا متوسط گذارہ بیت المال سے لے لے، لیکن کوئی دوسری صورت گذارہ کی ہو سکے تو وہ زیادہ پسند ہے۔ جیسے حضرت سلیمان علیہ السلام پر اللہ تعالیٰ نے ساری دنیا کے خزانے کھول دیئے تھے، اور زر و جواہرات اور تمام اشیاء ضرورت کی بڑی فراوانی تھی، اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے اُن کو بیت المال کے مال میں حسب منشاء ہر تصرّف کی اجازت بھی دیدی گئی تھی۔ آیت فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ میں یہ بھی اطمینان دلایا تھا کہ آپ جس طرح چاہیں خرچ کریں، آپ کے ذمہ حساب دینا نہیں ہے۔ مگر انبیاء علیہم السلام کو حق تعالیٰ جس مقام بلند پر رکھنا چاہتے ہیں اس کے تقاضہ سے یہ واقعہ پیش آیا اور اس کے بعد حضرت داؤد علیہ السلام اتنی بڑی سلطنت کے ہوتے ہوئے اپنی مزدوری سے اپنا گذارہ پیدا کرتے اور اسی پر قناعت کرتے تھے۔

علماء جو تعلیم و تبلیغ کی خدمت مفت انجام دیتے ہوں، اور قاضی و مفتی جو لوگوں کے کام میں اپنا وقت صرف کرتے ہوں اُن کا بھی یہی حکم ہے کہ بیت المال سے اپنا خرچ لے سکتے ہیں، مگر کوئی دوسری صورت گذارہ کی ہو جو دینی خدمت میں خلل انداز بھی نہ ہو تو

وہ بہتر ہے۔

فائدہ :۔ حضرت داؤد علیہ السلام کے اس طرزِ عمل سے کہ اپنے اعمال وعادات کے متعلق لوگوں کی رائیں بے تکلف آزادانہ معلوم کرنے کا اہتمام فرماتے تھے یہ ثابت ہوا کہ اپنے عیوب چونکہ آدمی کو خود معلوم نہیں ہوتے، اس لئے دوسروں سے تحقیق کرنا چاہئے۔ حضرت امام مالکؒ بھی اس کا اہتمام فرماتے تھے کہ یہ معلوم کریں کہ عام لوگ اُن کے بارے میں کیا رائے رکھتے ہیں۔

وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ، حضرت داؤد علیہ السلام کے خصوصی فضائل وانعامات کے ذکر کے بعد حضرت سلیمان علیہ السلام کا ذکر فرمایا اور ارشاد ہوا کہ جس طرح حضرت داؤد علیہ السلام کے لئے اللہ تعالیٰ نے پہاڑوں اور پرندوں کو مسخر کر دیا تھا، اسی طرح سلیمان علیہ السلام کے لئے ہوا کو مسخر فرما دیا تھا، اور حضرت سلیمان علیہ السلام کے تخت کو جس پر وہ مع اپنے اہلِ دربار کے بڑی تعداد میں سوار ہوتے تھے، ہوا ان کے حکم کے تابع جہاں وہ چاہتے لے جاتی تھی۔ حضرت حسن بصریؒ نے فرمایا کہ تسخیرِ ہوا کا معجزہ حضرت سلیمان علیہ السلام کو اس عمل کے صلہ میں عطا ہوا تھا کہ ایک روز وہ اپنے گھوڑوں کے معائنہ میں مشغول تھے، اس میں ایسی مشغولیت ہوئی کہ عصر کی نماز قضا ہو گئی، چونکہ گھوڑے اس غفلت کا سبب ہوئے تھے، اس سبب غفلت کو ختم کرنے کے لئے حضرت سلیمان علیہ السلام نے ان گھوڑوں کو ذبح کر کے قربان کر دیا (کیونکہ سلیمان علیہ السلام کی شریعت میں گائے بیل کی طرح گھوڑے کی قربانی بھی جائز تھی) اور یہ گھوڑے خود حضرت سلیمان علیہ السلام کی مِلک میں تھے، اس لئے بیت المال کے نقصان کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، اور قربانی کی وجہ سے اپنا مال ضائع کرنے کا اشکال بھی نہیں ہوتا۔ اس کی پوری تفصیل سورۂ صٓ میں آئے گی، چونکہ سلیمان علیہ السلام نے اپنی سواری کے جانور قربان کر دیئے اللہ تعالیٰ نے ان کو اس سے بہتر سواری عطا فرما دی۔ (قرطبی)

غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ، غُدُوّ کے معنی صبح کو چلنے اور رَوَاح کے معنی شام کو چلنے کے ہیں۔ مطلب آیت کا یہ ہوا کہ صبح سے دوپہر تک یہ تختِ سلیمانی ہوا کے کاندھوں پر ایک مہینہ کی مسافت طے کر لیتا تھا، اور پھر شام سے رات تک ایک مہینہ کی، اس طرح دو مہینے کی مسافت ایک دن میں طے کرتا تھا۔

حضرت حسن بصریؒ نے فرمایا کہ حضرت سلیمان علیہ السلام صبح کو بیت المقدس سے

روانہ ہوتے تو دوپہر کو اصطخر میں جاکر قیام فرماتے، اور دوپہر کا کھانا کھاتے تھے، پھر یہاں سے بعد ظہر واپس چلتے تو کابل میں جاکر رات ہوتی تھی، اور بیت المقدس اور اصطخر کے درمیان اتنی مسافت ہی جو تیز سواری پر چلنے والا ایک ماہ میں طے کر سکتا ہے، اسی طرح اصطخر سے کابل تک کی مسافت بھی تیز سواری پر چلنے والا ایک ماہ میں طے کر سکتا ہے۔ (ابن کثیر)

وَاَسَلْنَا لَهٗ عَيْنَ الْقِطْرِ، یعنی بہادیا ہم نے سلیمان علیہ السلام کے لئے چشمہ تانبے کا، یعنی تانبے جیسی سخت دھات کو اللہ تعالیٰ نے سلیمان علیہ السلام کے لئے پانی کی طرح بہنے والا سیّال بنا دیا، جو پانی کے چشمہ کی طرح جاری تھا اور گرم بھی نہ تھا، تاکہ آسانی کے ساتھ اس کے برتن اور دوسری ضروریات بنا سکیں۔

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ یہ چشمہ اتنی دور تک جاری ہوا جس کی مسافت تین دن تین رات میں طے ہو سکے، اور یہ ارضِ یمن میں تھا۔ اور مجاہد کی روایت میں ہے کہ یہ چشمہ صنعاءِ یمن سے شروع ہوا اور تین دن تین رات کی مسافت تک پانی کے چشمہ کی طرح جاری رہا، خلیل نحوی نے فرمایا کہ لفظ قِطر جو اس آیت میں آیا ہے اس سے مراد پگھلا ہوا تانبا ہے (قرطبی)

وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ يَّعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ، یہ جملہ بھی سَخَّرْنَا محذوف سے متعلق ہے، معنی یہ ہیں کہ مسخر کر دیا ہم نے سلیمان علیہ السلام کے لئے جنّات میں سے ایسے لوگوں کو جو ان کے سامنے ان کے کام انجام دیں اپنے رب کے حکم کے موافق، بَيْنَ يَدَيْهِ یعنی ان کے سامنے" کے الفاظ بڑھانے سے شاید یہ بتلانا ہو کہ سلیمان علیہ السلام کے لئے جنّات کی تسخیر اس طرح کی نہیں جس طرح چاند سورج وغیرہ کو انسان کے لئے مسخر کرنے کا ارشاد قرآن میں آیا ہے، بلکہ یہ تسخیر ایسی تھی کہ جنّات نوکروں چاکروں کی طرح ان کے سامنے مفوضہ خدمات میں لگے رہتے تھے۔

تسخیرِ جنّات کا مسئلہ

جنّات کی تسخیر جو اس جگہ مذکور ہے وہ تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہے، اس میں تو کوئی سوال ہی نہیں ہو سکتا، اور بعض صحابہ کرام کے متعلق جو روایات میں آیا ہے کہ جنّات ان کے مسخر اور تابع تھے، تو یہ تسخیر بھی اسی قسم کی تسخیر باذن اللہ تھی جو بطور کرامت ان حضرات کو عطا کی گئی تھی اس میں کسی عمل و وظیفہ کا کوئی دخل نہیں تھا، جیسا کہ علامہ شربینی نے تفسیر سراج المنیر میں اس آیت کے تحت میں حضرت ابوہریرہ، ابی بن کعب، معاذ بن جبل، عمر بن خطاب، ابو ایوب انصاری، زید بن ثابت وغیرہ رضی اللہ عنہم کے متعدد واقعات ایسے لکھے ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ جنّات ان کی اطاعت و خدمت کرتے تھے۔ مگر یہ سب محض اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم

تھا کہ سلیمان علیہ السلام کی طرح کچھ جنّات کو ان حضرات کا مسخر بنا دیا، لیکن جو تسخیر عملیات کے ذریعہ عاملوں میں مشہور ہے وہ قابلِ غور ہے، کہ شرعاً اس کا کیا حکم ہے؟ قاضی بدرالدین شبلی حنفی جو آٹھویں صدی کے علماء میں سے ہیں انھوں نے جنّات کے احکام پر ایک مستقل کتاب "اکام المرجان فی احکام الجان" لکھی ہے۔ اس میں بیان کیا ہے کہ جنّات سے خدمت لینے کا کام سب سے پہلے حضرت سلیمان علیہ السلام نے باذن اللہ بطور معجزہ کے کیا ہے، اور اہلِ فارس جمشید بن اوبخیان کی طرف منسوب کرتے ہیں، کہ انھوں نے جنّات سے خدمت لی ہے۔ اسی طرح آصف بن برخیا وغیرہ جن کا تعلّق حضرت سلیمان علیہ السلام سے رہا ہے، ان کے متعلق بھی استخدامِ جن کے واقعات مشہور ہیں، اور مسلمانوں میں سب سے زیادہ شہرت ابو نصر احمد بن ہلال البکیل اور ہلال بن وصیف کی ہے جن سے استخدامِ جنّات کے عجیب عجیب واقعات مذکور ہیں۔ ہلال بن وصیف نے ایک مستقل کتاب میں جنّات کے کلمات جو انھوں نے حضرت سلیمان علیہ السلام کے سامنے پیش کئے اور جو عہد و میثاق سلیمان علیہ السلام نے ان سے لئے ان کو جمع کر دیا ہے۔

قاضی بدرالدین نے اسی کتاب میں لکھا ہے کہ عام طور سے تسخیرِ جنّات کا عمل کرنیوالے عاملین کلمات کفریہ شیطانیہ سے اور سحر سے کام لیتے ہیں، جن کو کافر جنّات و شیاطین پسند کرتے ہیں، اور ان کے مسخّر و تابع ہونے کا راز صرف یہ ہے کہ وہ ان کے اعمالِ کفریہ شرکیہ سے خوش ہو کر بطور رشوت کے ان کے کچھ کام بھی کر دیتے ہیں، اور اسی لئے بکثرت ان عملیات میں قرآن کریم کو نجاست یا خون وغیرہ سے لکھتے ہیں، جس سے کفار جنّ اور شیاطین راضی ہو کر اُن کے کام کر دیتے ہیں۔ البتہ ایک شخص ابن الامام کے متعلق لکھا ہے کہ یہ خلیفہ معتضد باللہ کے زمانہ میں تھا، جنّات کو اس نے اسماء الٰہیہ کے ذریعہ سے مسخر کیا تھا، اس میں کوئی بات خلافِ شرع نہیں تھی۔ (اکام المرجان، ص ۱۰۰)

خلاصہ یہ ہے کہ جنّات کی تسخیر اگر کسی کے لئے بغیر قصد و عمل کے محض منجانب اللہ ہو جائے جیسا کہ سلیمان علیہ السلام اور بعض صحابۂ کرام کے متعلق ثابت ہے وہ تو معجزہ یا کرامت میں داخل ہے، اور جو تسخیر عملیات کے ذریعہ کی جاتی ہے اس میں اگر کلماتِ کفریہ یا اعمالِ کفریہ ہوں تو کفر، اور صرف معصیت پر مشتمل ہوں تو گناہ کبیرہ ہے، اور جن عملیات میں ایسے الفاظ استعمال کئے جائیں جن کے معنی معلوم نہیں ان کو بھی فقہاء نے اس بنا پر ناجائز کہا ہے کہ ہو سکتا ہے کہ ان کلمات میں کفر و شرک یا معصیت پر مشتمل کلمات ہوں، قاضی بدرالدین نے "اکام المرجان" میں ایسے نامعلوم المعنی کلمات کے استعمال کو بھی ناجائز لکھا ہے۔

اور اگر یہ عمل تسخیر اسماءِ آلہیہ یا آیاتِ قرآنیہ کے ذریعہ ہو اور اس میں نجاست وغیرہ کے استعمال جیسی کوئی معصیت بھی نہ ہو، تو وہ اس شرط کے ساتھ جائز ہے کہ مقصود اس سے جنّات کی ایذاء سے خود بچنا یا دوسرے مسلمانوں کو بچانا ہو، یعنی دفعِ مضرت مقصود ہو جلب منفعت مقصود نہ ہو۔ کیونکہ اگر اس کو کسبِ مال کا پیشہ بنایا گیا تو اس لئے جائز نہیں کہ اس میں استرقاقِ حُر یعنی آزاد کو اپنا غلام بنانا اور بلا حق شرعی اس سے بیگار لینا ہے، جو حرام ہے۔ واللہ اعلم

وَمَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ، یعنی ہم نے جنّات کو سلیمان علیہ السلام کی خدمت و اطاعت کا جو حکم دیا ہے اگر ان میں کوئی فرد اس اطاعت سے انحراف کرے گا تو اس کو آگ کا عذاب دیا جائے گا، اکثر مفسّرین نے اس سے .... آخرت کا عذاب جہنم مراد لیا ہے، اور بعض حضرات نے فرمایا کہ دنیا میں بھی اللہ تعالیٰ نے اُن پر ایک فرشتہ کو مسلّط کر دیا تھا کہ جو جن سلیمان علیہ السلام کی اطاعت میں کوتاہی کرے اس کو آتشین کوڑے مار کر کام کرنے پر مجبور کرتا تھا (قرطبی) اور اس پر یہ شبہ نہیں ہو سکتا کہ جنّات تو خود آگ سے بنے ہوئے ہیں، آگ اُن پر کیا اثر کرے گی۔ کیونکہ جنّات کے آگ سے بننے کا مطلب وہی ہے جو انسان کے مٹی سے بننے کا مطلب ہے، یعنی عنصر غالب انسان کے وجود کا مٹی ہے، مگر اس کو مٹی پتھر سے مارا جائے تو تکلیف پہونچتی ہے اسی طرح جنّات کا عنصر غالب آگ ہے، مگر خالص اور تیز آگ سے وہ بھی جل جاتے ہیں۔

يَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا يَشَآءُ مِنْ مَّحَارِيْبَ وَتَمَاثِيْلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُوْرٍ رّٰسِيٰتٍ ، اس آیت میں اُن کاموں کی کچھ تفصیل ہے جو حضرت سلیمان علیہ السلام جنّات سے لیتے تھے۔ مَحَارِیب، محراب کی جمع ہے جو مکان کے اشرف و اعلیٰ حصّہ کو کے لئے بولا جاتا ہے، بادشاہ اور بڑے لوگ جو اپنے لئے حکومت کا کمرہ بنائیں اس کو بھی محراب کہا جاتا ہے۔ اور لفظ محرابِ حرب بمعنی جنگ سے مشتق ہے، کوئی آدمی جو اپنا حکومت کدہ خاص بناتا ہے اس کو دوسروں کی رسائی سے محفوظ رکھتا ہے، اس میں کوئی دست اندازی کرے تو اس کے خلاف لڑائی کرتا ہے۔ اس مناسبت سے مکان کے مخصوص حصّہ کو محراب کہتے ہیں۔ مساجد میں امام کے کھڑے ہونے کی جگہ کو بھی اسی امتیاز کی بناء پر محراب کہتے ہیں، اور کبھی خود مساجد کو محاریب کے لفظ سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ قدیم زمانہ میں محاریبِ بنی اسرائیل اور اسلام میں محاریبِ صحابہ سے ان کی مساجد مراد ہوتی ہیں۔

مساجد میں محراب کے لئے مستقل مکان بنانے کا حکم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین کے عہد تک امام کے کھڑے ہونے کی جگہ کو ایک علیحدہ مکان کی حیثیت سے بنانے کا رواج نہیں تھا، قرونِ اُولیٰ کے بعد سلاطین نے اس کا رواج اپنے تحفظ کے لئے دیا۔ اور عام مسلمانوں میں اس کا رواج اس مصلحت سے بھی ہوا کہ امام جس جگہ کھڑا ہوتا ہے وہ پوری صف خالی رہتی ہے۔ نمازیوں کی کثرت اور مساجد کی تنگی کے پیش نظر صرف امام کے کھڑے ہونے کی جگہ دیوارِ قبلہ میں گہری کر کے بنا دی جاتی ہے، تاکہ اس کے پیچھے پوری صفوف کھڑی ہو سکیں، چونکہ یہ طریقہ قرونِ اُولیٰ میں نہ تھا، اس لئے بعض علماء نے اس کو بدعت کہہ دیا ہے۔ شیخ جلال الدین سیوطیؒ نے اس مسئلہ پر مستقل رسالہ بنام اعلام الارانیب فی بدعۃ المحاریب لکھا ہے۔ اور تحقیق اور صحیح بات یہ ہے کہ اگر اس طرح کی محرابیں نمازیوں کی سہولت اور مسجد کے مصالح کے پیش نظر بنائی جائیں اور ان کو سنتِ مقصودہ نہ سمجھا جائے تو ان کو بدعت کہنے کی کوئی وجہ نہیں، ہاں اس کو سنتِ مقصودہ بنا لیا جائے اس کے خلاف کرنے والے پر نکیر ہونے لگے تو اس غلو سے یہ عمل بدعت میں داخل ہو سکتا ہے۔

مَسْئَلہ: جن مساجد میں محرابِ امام ایک مستقل مکان کی صورت میں بنائی جاتی ہے وہاں امام پر لازم ہے کہ اس محراب سے کسی قدر باہر اس طرح کھڑا ہو کہ اس کے قدم محراب سے باہر نمازیوں کی طرف رہیں، تاکہ امام اور مقتدیوں کا مکان ایک شمار ہو سکے، ورنہ یہ صورت مکروہ و ناجائز ہے کہ امام الگ مکان میں تنہا کھڑا ہو، اور سب مقتدی دوسرے مکان میں۔ بعض مساجد میں محراب اتنی وسیع و عریض بنائی جاتی ہے کہ ایک مختصر سی صف مقتدیوں کی بھی اس میں آجائے، ایسی محراب میں اگر ایک صف مقتدیوں کی بھی محراب میں کھڑی ہو اور امام ان کے آگے پورا محراب میں کھڑا ہو تو امام و مقتدیوں کے مکان کا اشتراک ہو جانے کی وجہ سے کراہت نہیں رہے گی۔

تَمَاثِیل، تِمثال کی جمع ہے۔ قاموس میں ہے کہ تَمثال بفتح التاء مصدر ہے اور بکسر التاء تِمثال تصویر کو کہا جاتا ہے۔ ابنِ عربی نے احکام القرآن میں فرمایا کہ تِمثال یعنی تصویر دو طرح کی ہوتی ہے، ایک ذی روح جاندار چیزوں کی تصویر، دوسرے غیر ذی رُوح بے جان چیزوں کی۔ پھر بے جان چیزوں میں دو قسمیں ہیں، ایک جماد جس میں زیادتی اور نمو نہیں ہوتا، جیسے پتھر مٹی وغیرہ، دوسرے نامی جس میں نمو اور زیادتی ہوتی رہتی ہے، جیسے درخت اور کھیتی وغیرہ۔ جنّات حضرت سلیمان علیہ السلام کیلئے ان سب قسم کی چیزوں کی تصویریں بناتے تھے۔ اوّل تو لفظ تماثیل کے عموم ہی سے

یہ بات سمجھی جاتی ہے کہ یہ تصاویر کسی خاص قسم کی نہیں، بلکہ ہر قسم کے لئے عام تھیں۔ دوسرے تاریخی روایات میں تخت سلیمان پر پرندوں کی تصاویر ہونا بھی مذکور ہے۔

شرع اسلام میں جاندار کی تصویر بنانے اور استعمال کرنے کی ممانعت

آیتِ مذکورہ سے معلوم ہوا کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی شریعت میں جان داروں کی تصاویر بنانا اور استعمال کرنا حرام نہیں تھا، مگر چونکہ پچھلی امتوں میں اس کا مشاہدہ ہوا کہ لوگوں کی تصاویر ان کی یادگار کے طور پر بنائیں اور ان کو اپنے عبادت خانوں میں اس غرض کے لئے رکھا کہ ان کو دیکھ کر ان کی عبادت گذاری کا نقشہ سامنے آئے تو خود ہمیں بھی عبادت کی توفیق ہو جائیگی مگر رفتہ رفتہ ان لوگوں نے انہی تصویروں کو اپنا معبود بنالیا، اور بت پرستی شروع ہوگئی۔

خلاصہ یہ ہے کہ پچھلی اُمتوں میں جانداروں کی تصاویر بُت پرستی کا ذریعہ بن گئیں، شریعتِ اسلام کے لئے چونکہ قیامت تک قائم اور باقی رکھنا تقدیر الٰہی ہے، اس لئے اس میں اس کا خاص اہتمام کیا گیا ہے کہ جس طرح اصل حرام چیزوں اور معاصی کو حرام وممنوع کیا گیا ہے، اسی طرح ان کے ذرائع اور اسباب قریبہ کو بھی اصل معاصی کے ساتھ ملحق کر کے حرام کر دیا گیا ہے۔ اصل جرم عظیم شرک وبت پرستی ہے، اس کی ممانعت ہوئی تو جن راستوں سے بُت پرستی آسکتی تھی ان راستوں پر بھی شرعی پہرہ بٹھادیا گیا اور بت پرستی کے ذرائع اور اسباب قریبہ کو بھی حرام کر دیا گیا۔ ذی روح کی تصاویر کا بنانا اور استعمال کرنا اسی اصول کی بنا پر حرام کیا گیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث صحیحہ ومتواترہ سے اس کی حرمت ثابت ہے۔

اسی طرح شراب حرام کی گئی تو اس کی خرید، فروخت، اس کو لانے لے جانے کی مزدوری اس کی صنعت سب حرام کر دی گئی جو شراب نوشی کے ذرائع ہیں۔ چوری حرام کی گئی تو کسی کے مکان میں بلا اجازت داخل ہونا بلکہ باہر سے جھانکنا بھی ممنوع کر دیا گیا زنا حرام کیا گیا تو غیر محرم کی طرف بالقصد نظر کرنے کو بھی حرام کر دیا گیا۔ شریعتِ اسلام میں اس کی بے شمار نظائر موجود ہیں۔

حرمتِ تصویر پر ایک عام شبہ اور اس کا جواب

یہ کہا جا سکتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک میں تصاویر کو جس حیثیت سے استعمال کیا جاتا تھا وہ ذریعۂ بت پرستی بن سکتی تھی، لیکن آجکل تصویر سے جس طرح کے کام لئے جاتے ہیں، ملزموں کی شناخت، تجارتوں کے خاص مارک، دوستوں عزیزوں سے ملاقات، واقعات و حالات کی تحقیق میں امداد وغیرہ جس کی وجہ سے وہ ضروریاتِ زندگی میں داخل کر لی گئی ہے

اس میں بُت پرستی اور عبادت کا کوئی تصوّر دور دور نہیں، تو یہ ممانعت جو بت پرستی کے خطرہ سے کی گئی تھی اب مرتفع ہو جانی چاہیئے۔

جواب یہ ہے کہ اوّلاً یہ کہنا بھی صحیح نہیں کہ آجکل تصویر ذریعۂ بت پرستی نہیں رہی، آج بھی کتنے فرقے اور گروہ ہیں جو اپنے پیروؤں کی تصویر کی پوجا پاٹ کرتے ہیں، اور جو حکم کسی علّت پر دائر ہو، یہ ضروری نہیں کہ وہ ہر فرد میں پایا جائے۔ اس کے علاوہ تصویر کی ممانعت کا سبب صرف ایک یہی نہیں کہ وہ بت پرستی کا ذریعہ ہے، بلکہ احادیث صحیحہ میں اس کی حرمت کی دوسری وجوہ بھی مذکور ہیں۔ مثلاً یہ کہ تصویر سازی حق تعالیٰ کی صفت خاص کی نقّالی ہے، مُصَوِّر حق تعالیٰ کے اسماءِ حسنیٰ میں سے ہے، اور صورت گری درحقیقت اسی کے لئے سزاوار اور اسی کی قدرت میں ہے کہ مخلوقات کی ہزاروں اجناس اور انواع اور ہر نوع میں اس کے کروڑوں افراد ہوتے ہیں، ایک کی صورت دوسرے سے نہیں ملتی، انسان ہی کو لے لو تو مرد کی صورت اور عورت کی صورت میں نمایاں امتیاز پھر عورتوں اور مردوں کے کروڑوں افراد میں دو فرد بالکل یکساں نہیں ہوئے۔ ایسے کھلے ہوئے امتیازات ہوتے ہیں کہ دیکھنے والوں کو کسی تامل اور غور و فکر کے بغیر ہی امتیاز واضح ہو جاتا ہے یہ صورت گری اللہ ربّ العزت کے سوا کس کی قدرت میں ہے، جو انسان کسی جاندار کا مجسمہ یا نقوش اور رنگ سے اس کی تصویر بناتا ہے وہ گویا عملی طور پر اس کا مدعی ہے کہ وہ بھی صورت گری کر سکتا ہے۔ اسی لئے صحیح بخاری وغیرہ کی احادیث میں ہے کہ قیامت کے روز تصویریں بنانے والوں کو کہا جائے گا کہ جب تم نے ہماری نقل اُتاری تو اس کو مکمل کر کے دکھلاؤ، اگر تمہارے بس میں ہو کہ ہم نے تو صرف صورت ہی نہیں بنائی اس میں روح بھی ڈالی ہے، اگر تمھیں اس تخلیق کا دعویٰ ہے تو اپنی بنائی ہوئی صورت میں رُوح بھی ڈال کر دکھلاؤ۔

ایک سبب تصویر کی ممانعت کا احادیث صحیحہ میں یہ بھی آیا ہے کہ اللہ کے فرشتو کو تصویر اور کُتّے سے نفرت ہے جس گھر میں یہ چیزیں ہوتی ہیں، اس میں رحمت کے فرشتے داخل نہیں ہوتے، جس کے سبب اس گھر کی برکت اور نورانیت مٹ جاتی ہے، گھر میں بسنے والوں کو عبادت و طاعت کی توفیق گھٹ جاتی ہے۔ اور ساتھ ہی یہ مشہور مقولہ بھی غلط نہیں کہ "خانۂ خالی را دیو می گیرد" یعنی خالی گھر پر جن بھوت قبضہ کر لیتے ہیں جب کوئی گھر رحمت کے فرشتوں سے خالی ہوگا تو شیاطین اس کو گھیر لیں گے اور ان کے بسنے والوں کے دلوں میں گناہوں کے وسوسے اور پھر ارادے پیدا کرتے رہیں گے۔

ایک سبب بعض احادیث میں یہ بھی آیا ہے کہ تصویریں دنیا کی زائد از ضرورت زینت ہیں، اور اس زمانے میں جس طرح تصاویر سے بہت سے فوائد حاصل کئے جاتے ہیں ہزاروں جرائم اور فحاشی بھی انہی تصاویر سے جنم لیتے ہیں۔ غرض شریعتِ اسلام نے صرف ایک وجہ سے نہیں، بہت سے اسباب پر نظر کر کے جاندار کی تصاویر بنانے اور اس کے استعمال کرنے کو حرام قرار دیدیا ہے۔ اب اگر کسی خاص فرد میں فرض کرلیں کہ وہ اسباب اتفاق سے موجود نہ ہوں تو اس اتفاقی واقعہ سے قانونِ شرعی نہیں بدل سکتا۔

صحیح بخاری و مسلم میں بروایت عبداللہ بن مسعودؓ یہ حدیث آئی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اَشَدُّ النَّاسِ عَذَابًا یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ الْمُصَوِّرُوْنَ، یعنی سب سے زیادہ سخت عذاب میں قیامت کے روز تصویر بنانے والے ہوں گے۔

اور بعض روایاتِ حدیث میں تصویر بنانے والوں پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت فرمائی ہے، اور صحیحین میں حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کُلُّ مُصَوِّرٍ فِی النَّارِ، الحدیث، یعنی ہر مصور جہنم میں جائے گا۔

اس مسئلہ کے متعلق روایاتِ حدیث اور تعامل سلف کے شواہد تفصیل کے ساتھ احقر نے اپنے رسالہ "التصویر لاحکام التصویر" میں جمع کر دیئے ہیں، اور لوگوں کے شبہات کے جوابات بھی اس میں مفصل ہیں، ضرورت ہو تو اس کو دیکھا جا سکتا ہے۔

فوٹو کی تصویر بھی تصویر ہی ہے

بعض لوگوں کا یہ کہنا قطعاً غلط ہے کہ فوٹو تصویر سے خارج ہے، کیونکہ وہ تو ظل اور عکس ہے، جیسے آئینہ اور پانی وغیرہ میں آجاتا ہے تو جس طرح آئینہ میں اپنی صورت دیکھنا جائز ہے ایسے ہی فوٹو کی تصویر بھی جائز ہے۔ جواب واضح ہے کہ عکس اور ظل اُس وقت تک عکس ہے جب تک وہ کسی ذریعہ سے قائم اور پائدار نہ بنا لیا جائے، جیسے آئینہ یا پانی میں اپنا عکس جس وقت پانی کے مقابلہ سے آپ ہٹ جائیں گے ختم ہو جائے گا، اگر آئینہ کے اوپر کسی مسالہ یا آلہ کے ذریعہ اس صورت کے عکس کو پائدار بنا دیا جائے تو یہی تصویر ہو جائے گی، جس کی حرمت و ممانعت احادیث متواترہ سے ثابت ہے۔ فوٹو کی مفصل بحث بھی رسالہ مذکور التصویر میں لکھدی گئی ہے۔

جِفَانٍ، جَفْنَۃٌ کی جمع ہے، جو پانی کے بڑے برتن جیسے تشلہ یا ٹب وغیرہ کو کہا جاتا ہے۔ کَالْجَوَابِ، جَابِیَۃٌ کی جمع ہے، چھوٹے حوض کو جابیہ کہتے ہیں۔ مراد یہ ہے کہ پانی بھرنے کے بڑے برتن ایسے بناتے تھے جس میں چھوٹے حوض کے برابر پانی آتا ہے۔ قُدُوْرٍ قِدْرٌ بکسر القاف کی جمع ہے، ہنڈیا کو کہا جاتا ہے۔

رَاسِیَات، اپنی جگہ ٹھہری ہوئی۔ مراد یہ ہے کہ اتنی وزنی اور بڑی دیگیں بناتے تھے جو ہلائے نہ ہلیں، اور ممکن ہے کہ یہ دیگیں پتھر سے تراش کر پتھر ہی کے چولھوں پر لگی ہوئی بناتے ہوں جو ناقابلِ حمل ونقل ہوں۔ امام تفسیر ضحاک نے قُدُوْرٍ رَّاسِیَات کی یہی تفسیر کی ہے۔

اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا وَّقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ، حضرت داؤد و سلیمان علیہما السلام کو اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص فضل سے نوازا اور مخصوص انعامات عطا فرمائے، ان کا بیان فرمانے کے بعد ان کو مع ان کے اہل وعیال کے شکر گذاری کا حکم اس آیت میں دیا گیا ہے۔

شکر کی حقیقت اور اس کے احکام

قرطبی نے فرمایا کہ شکر کی حقیقت یہ ہے کہ اس کا اعتراف کرے کہ یہ نعمت فلاں منعم نے دی ہے، اور پھر اس کو اس کی طاعت و مرضی کے مطابق استعمال کرے، اور کسی کی دی ہوئی نعمت کو اس کی مرضی کے خلاف استعمال کرنا ناشکری اور کفرانِ نعمت ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ شکر جس طرح زبان سے ہوتا ہے اسی طرح عمل سے بھی شکر ہوتا ہے، اور عملی شکر اس نعمت کا منعم کی طاعت و مرضی کے مطابق استعمال ہے ...، اور ابو عبدالرحمٰن اسلمی نے فرمایا کہ نماز شکر ہے، روزہ شکر ہے اور ہر نیک کام شکر ہے، اور محمد بن کعب قرظی نے فرمایا کہ شکر تقویٰ اور عملِ صالح کا نام ہے۔ (ابن کثیر)

آیتِ مذکورہ میں قرآن حکیم نے حکم شکر کے لئے مختصر لفظ اُشْكُرُوْا لِيْ کے بجائے اِعْمَلُوْا شُكْرًا استعمال فرما کر شاید اس طرف بھی اشارہ فرما دیا کہ آلِ داؤد سے مطلوب شکر عملی ہے۔ چنانچہ اس حکم کی تعمیل حضرت داؤد اور سلیمان علیہما السلام اور ان کے خاندان نے قول وعمل دونوں سے اس طرح کی کہ ان کے گھر میں کوئی وقت ایسا نہ گذرتا تھا جس میں گھر کا کوئی فرد اللہ کی عبادت میں نہ لگا ہوا ہو۔ افرادِ خاندان پر اوقات تقسیم کر دیئے گئے تھے۔ اس طرح حضرت داؤد علیہ السلام کا مصلیٰ کسی وقت نماز پڑھنے والے سے خالی نہ رہتا تھا۔ (ابن کثیر)

بخاری و مسلم میں حدیث ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نمازوں میں اللہ کے نزدیک محبوب تر نماز داؤد علیہ السلام کی ہے، وہ نصف رات سوتے تھے پھر ایک تہائی رات عبادت میں کھڑے رہتے تھے، پھر آخری چھٹے حصہ میں سوتے تھے اور سب روزوں میں محبوب تر اللہ کے نزدیک صیام داؤد علیہ السلام ہیں کہ وہ ایک دن روزہ رکھتے اور ایک دن افطار کرتے تھے۔ (ابن کثیر)

حضرت فضیلؒ سے منقول ہی کہ جب حضرت داؤد علیہ السلام پر یہ حکم شکر نازل ہوا تو انھوں نے اللہ تعالیٰ سے عرض کیا اے میرے پروردگار میں آپ کا شکر کس طرح پورا کر سکتا ہوں جب کہ میرا شکر قولی ہو یا عملی وہ بھی آپ ہی کی عطا کردہ نعمت ہی، اس پر بھی مستقل شکر واجب ہے۔ حق تعالیٰ نے ارشاد فرمایا الْآنَ شَكَرْتَنِي يَا دَاوُدُ، یعنی اے داؤد اب آپ نے شکر ادا کر دیا، کیونکہ حقِ شکر ادا کرنے سے اپنے عجز و قصور کو سمجھ لیا، اور اعتراف کر لیا۔

حکیم ترمذی اور امام ابوبکر جصاص نے حضرت عطاء بن یسارؓ سے روایت کیا ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر تشریف لائے اور اس آیت کو تلاوت فرمایا پھر ارشاد فرمایا کہ تین کام ایسے ہیں کہ جو شخص ان کو پورا کر لے تو جو فضیلت آلِ داؤد کو عطا کی گئی تھی وہ اس کو بھی مل جائے گی۔ صحابۂ کرام نے عرض کیا کہ وہ تین کام کیا ہیں؟ آپ نے فرمایا کہ رضا اور غضب کی دونوں حالتوں میں انصاف پر قائم رہنا، اور غناء اور فقر کی دونوں حالتوں میں اعتدال اور میانہ روی اختیار کرنا، اور خفیہ اور علانیہ دونوں حالتوں میں اللہ سے ڈرنا (قرطبی، احکام القرآن، جصاص)

وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ، شکر کے حکم اور تاکید کے بعد اس واقعہ کا بھی اظہار فرما دیا کہ میرے بندوں میں شکر گذار کم ہی ہوں گے۔ اس میں بھی مؤمن کے لئے تنبیہ اور تحریض ہے شکر پر۔

فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ الْمَوْتَ الآیۃ، آیت میں لفظ منسأۃ عصاء اور لاٹھی کے معنی میں ہے۔ بعض حضرات نے فرمایا کہ یہ حبشی زبان کا لفظ ہے، بمعنی عصاء، اور بعض نے فرمایا کہ عربی لفظ ہے۔ نَسَاء کے معنی ہٹانے اور مؤخر کرنے کے ہیں، لاٹھی کے ذریعے انسان مضر چیزوں کو ہٹاتا ہے، اس لئے اس کو منسأۃ کہا گیا، یعنی ہٹانے کا آلہ۔ اس آیت میں حضرت سلیمان علیہ السلام کی موت کا واقعہ عجیبہ بیان فرما کر بہت سی عبرتوں اور ہدایتوں کا دروازہ کھول دیا۔

حضرت سلیمان علیہ السلام کی موت کا عجیب واقعہ

اس واقعہ میں بہت سی ہدایات ہیں، مثلاً یہ کہ حضرت سلیمان علیہ السلام جن کو ایسی بے مثل حکومت و سلطنت حاصل تھی کہ صرف ساری دنیا پر ہی نہیں بلکہ جنّات اور طیور اور ہوا پر بھی ان کی حکومت تھی، مگر ان سب سامانوں کے باوجود موت سے ان کو بھی نجات نہ تھی۔ اور یہ کہ موت

تو مقررہ وقت پر آنی تھی، بیت المقدس کی تعمیر جو حضرت داؤد علیہ السلام نے شروع کی، پھر حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس کی تکمیل فرمائی، اس میں کچھ کام تعمیر کا باقی تھا، اور یہ تعمیر کا کام جنّات کے سپرد تھا، جن کی طبیعت میں سرکشی غالب تھی، حضرت سلیمان علیہ السلام کے خوف سے کام کرتے تھے، ان کی وفات کا جنّات کو علم ہو جائے تو فوراً کام چھوڑ بیٹھیں، اور تعمیر رہ جائے۔ اس کا انتظام حضرت سلیمان علیہ السلام نے باذنِ ربّانی یہ کیا کہ جب موت کا وقت آیا تو موت کی تیاری کر کے اپنی محراب میں داخل ہو گئے، جو شفاف شیشے سے بنی ہوئی تھی، باہر سے اندر کی سب چیزیں نظر آتی تھیں، اور اپنے معمول کے مطابق عبادت کے لئے ایک سہارا لے کر کھڑے ہو گئے کہ رُوح پرواز کرنے کے بعد بھی جسم اس عصا کے سہارے اپنی جگہ جما رہے۔ سلیمان علیہ السلام کی رُوح وقت مقرر پر قبض کر لی گئی، مگر وہ اپنے عصا کے سہارے اپنی جگہ جمے ہوئے باہر سے ایسے نظر آتے تھے کہ عبادت میں مشغول ہیں، جنّات کی یہ مجال نہ تھی کہ پاس آ کر دیکھ سکتے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کو زندہ سمجھ کر کام میں مشغول رہے، یہاں تک کہ سال بھر گذر گیا، اور تعمیر بیت المقدس کا بقیہ کام پورا ہو گیا، تو اللہ تعالیٰ نے گھُن کے کیڑے کو جس کو فارسی میں دیوک اور اردُو میں دیمک کہا جاتا ہے، اور قرآن کریم نے اس کو دابۃ الارض کے نام سے موسوم کیا ہے، عصائے سلیمانی پر مسلّط کر دیا۔ دیمک نے عصا کی لکڑی کو اندر سے کھا کر کمزور کر دیا، عصا کا سہارا ختم ہوا تو سلیمان علیہ السلام گر گئے، اس وقت جنّات کو ان کی موت کی خبر ہوئی۔

جنّات کو اللہ تعالیٰ نے دور دراز کی مسافت چند لمحات میں قطع کر لینے کی قوت عطا فرمائی ہے وہ بہت سے ایسے حالات و واقعات سے واقف ہوتے تھے، جن کو انسان نہیں جانتے، جب وہ انسانوں کو ان واقعات کی خبر دیتے تو انسان یہ سمجھتے تھے کہ یہ غیب کی خبر ہے اور جنات کو بھی علمِ غیب حاصل ہے، خود جنّات کو بھی علمِ غیب کا دعویٰ ہو تو بعید نہیں، موت کے اس عجیب واقعہ نے اس کی بھی حقیقت کھول دی۔ خود جنّات کو بھی پتہ چل گیا اور سب انسانوں کو بھی کہ جنّات عالم الغیب نہیں ہیں، کیونکہ ان کو غیب کا علم ہوتا تو حضرت سلیمان علیہ السلام کی موت سے ایک سال پہلے ہی باخبر ہو جاتے۔ اور یہ سال بھر کی محنت و مشقت جو ان کو زندہ سمجھ کر برداشت کرتے رہے اس سے بچ جاتے۔ آیت کے آخری جملے میں اسی کا بیان ہے فَلَمَّا خَرَّ تَبَيَّنَتِ الْجِنُّ اَنْ لَّوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ مَا لَبِثُوْا فِي الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ، اس میں عذاب مہین سے مراد وہ محنت مشقت کا کام ہے جس پر تعمیر بیت المقدس کی تکمیل کے لئے ان کو حضرت سلیمان علیہ السلام نے لگا دیا تھا۔ سلیمان علیہ السلام کی

موت کا یہ عجیب واقعہ کچھ تو خود قرآن کی اس آیت میں مذکور ہی، باقی تفصیل حضرت ابن عباسؓ وغیرہ ائمہ تفسیر سے منقول ہے جو ابن کثیر وغیرہ سب تفاسیر میں نقل کی گئی ہے۔

اس عجیب واقعہ سے یہ عبرت بھی حاصل ہوئی کہ موت سے کسی کو چھٹکارا نہیں، اور یہ بھی کہ اللہ تعالیٰ کو جو کام لینا ہوتا ہے اس کا جس طرح چاہیں انتظام کر سکتے ہیں، جیسا اس واقعہ میں ہوا کہ موت کے باوجود سلیمان علیہ السلام کو سال بھر تک اپنی جگہ قائم رکھ کر جنّات سے کام پورا کرا لیا۔ اور یہ بھی کہ دنیا کے سارے اسباب و آلات اسی وقت تک اپنا کام کرتے ہیں جب تک منظورِ حق ہوتا ہے، جب منظور نہیں ہوتا تو آلات و اسباب جواب دیدیتے ہیں، جیسے یہاں عصاء کا سہارا دیمک کے ذریعہ ختم کر دیا گیا۔ اور یہ بھی کہ سلیمان علیہ السلام کی وفات کے بعد خطرہ تھا کہ لوگ جنّات کے حیرت انگیز عمل اور کارناموں اور بظاہر غیب کی چیزوں سے ان کے باخبر ہونے وغیرہ کے اعمالِ عجیبہ کو دیکھ کر کہیں انہی کو اپنا معبود نہ بنا بیٹھیں، اس خطرہ کو بھی اس واقعہ موت نے ختم کر دیا، سب کو جنّات کی بے خبری اور بے بسی معلوم ہو گئی۔

تقریر مذکور سے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ سلیمان علیہ السلام نے موت کے وقت اس خاص طریقہ کو دو وجہ سے اختیار کیا تھا، اوّل یہ کہ تعمیر بیت المقدس کا باقی ماندہ کام پورا ہو جائے، دوسرے یہ کہ ان لوگوں پر جنّات کی بے خبری اور بے بسی واضح ہو جائے تاکہ ان کی عبادت کا خطرہ نہ رہے۔ (قرطبی)

امام نسائیؒ نے باسناد صحیح حضرت عبداللہ بن عمرو سے یہ روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب حضرت سلیمان علیہ السلام بیت المقدس کی تعمیر سے فارغ ہوئے تو اللہ تعالیٰ سے چند دعائیں کیں، جو مقبول ہوئیں۔ ان میں سے ایک دعاء یہ ہے کہ جو شخص اس مسجد میں صرف نماز کی نیت سے داخل ہو (اور کوئی دنیاوی غرض نہ ہو) اس مسجد سے نکلنے سے پہلے اس کو تمام گناہوں سے ایسا پاک کر دے جیسا کہ اس وقت پاک تھا جب ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا تھا۔

اور سدی کی روایت میں یہ بھی ہے کہ بیت المقدس کی تعمیر سے فارغ ہونے پر حضرت سلیمان علیہ السلام نے بطور شکرانہ کے بارہ ہزار گائے بیل اور بیس ہزار بکریوں کی قربانی کر کے لوگوں کو دعوتِ عام دی، اور اس دن کی خوشی منائی، اور صخرۂ بیت المقدس پر کھڑے ہو کر اللہ تعالیٰ سے یہ دعائیں مانگیں کہ "یا اللہ آپ نے ہی مجھے یہ قوّت اور وسائل عطا فرمائے، جن سے تعمیر بیت المقدس مکمل ہوئی تو یا اللہ مجھے اس کی

بھی توفیق دیجئے کہ میں تیری اس نعمت کا شکر ادا کروں اور مجھے اپنے دین پر وفات دیجئے اور ہدایت کے بعد میرے قلب میں کوئی زیغ اور کجی نہ ڈالئے۔ اور عرض کیا کہ اے میرے پروردگار جو شخص اس مسجد میں داخل ہو میں اس کے لئے آپ سے پانچ چیزیں مانگتا ہوں۔ ایک یہ کہ جو گناہگار توبہ کرنے کے لئے اس مسجد میں داخل ہو تو آپ اس کی توبہ قبول فرمالیں اور اس کے گناہوں کو معاف فرما دیں۔ دوسرے یہ کہ جو آدمی کسی خوف وخطرہ سے بچنے کے لئے اس مسجد میں داخل ہو تو آپ اس کو امن دیدیں، اور خطرات سے نجات عطا فرما دیں۔ تیسرے یہ کہ جو بیمار آدمی اس میں داخل ہو اس کو شفا عطا فرما دیں۔ چوتھے یہ کہ جو فقیر آدمی اس میں داخل ہو اس کو غنی کردیں۔ پانچویں یہ کہ جو شخص اس میں داخل ہو جب تک وہ اس میں رہے آپ اپنی نظرِ عنایت و رحمت اس پر رکھیں بجز اس شخص کے جو کسی ظلم یا بے دینی کے کام میں مشغول ہو۔ (قرطبی)

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ بیت المقدس کی تعمیر کا کام حضرت سلیمان علیہ السلام کی حیات میں مکمل ہو چکا تھا، مگر جو واقعہ اوپر مذکور ہوا ہے وہ کچھ اس کے منافی نہیں کہ اصل تعمیر مکمل ہونے کے بعد بڑی تعمیرات میں کچھ کام رہا کرتے ہیں وہ باقی ہوں ان کے لئے حضرت سلیمان علیہ السلام نے مذکورہ تدبیر اختیار کی ہو۔

حضرت ابن عباسؓ سے یہ بھی منقول ہے کہ موت کے بعد عصائے کے سہارے حضرت سلیمان علیہ السلام ایک سال کھڑے رہے۔ (قرطبی) اور بعض روایات میں ہے کہ جب جنات کو یہ معلوم ہوا کہ سلیمان علیہ السلام کی موت کو عرصہ ہوگیا ہم بے خبر رہے تو مدتِ موت معلوم کرنے کے لئے یہ تدبیر کی کہ ایک لکڑی پر دیمک چھوڑ دی، ایک دن رات میں جتنی لکڑی دیمک نے کھائی اس سے حساب لگا لیا کہ عصائے سلیمانی پر ایک سال اس طرح گذرا ہے۔

فائدہ: بغوی نے علماء تاریخ کے حوالہ سے نقل کیا ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی عمر کل ترپن سال کی ہوئی، اور ان کی سلطنت وحکومت چالیس سال رہی، تیرہ سال کی عمر میں سلطنت کا کام سنبھال لیا تھا، اور بیت المقدس کی تعمیر اپنی سلطنت کے چوتھے سال میں شروع کی تھی (مظہری، قرطبی)

لَقَدْ كَانَ لِسَبَإٍ فِي مَسْكَنِهِمْ آيَةٌ ۖ جَنَّتَانِ عَن يَمِينٍ وَشِمَالٍ ۖ

تحقیق قوم سبا کو تھی ان کی بستی میں نشانی، دو باغ داہنے اور بائیں،

كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ؕ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَّرَبٌّ غَفُوْرٌ ﴿۱۵﴾

کھاؤ روزی اپنے رب کی اور اس کا شکر کرو، شہر ہے پاکیزہ اور رب ہے، گناہ بخشنے والا۔

فَاَعْرَضُوْا فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ وَبَدَّلْنٰهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ

سو دھیان میں نہ لائے پھر چھوڑ دیا ہم نے انپر ایک نالا زور کا اور دیئے ہم نے انکو بدلے ان دو

جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ اُكُلٍ خَمْطٍ وَّاَثْلٍ وَّشَيْءٍ مِّنْ سِدْرٍ قَلِيْلٍ ﴿۱۶﴾ ذٰلِكَ

باغوں کے دو اور باغ جن میں کچھ میوہ کسیلا تھا اور جھاؤ اور کچھ بیر تھوڑے سے ۔ یہ بدلہ

جَزَيْنٰهُمْ بِمَا كَفَرُوْا ؕ وَهَلْ نُجٰزِيْٓ اِلَّا الْكَفُوْرَ ﴿۱۷﴾ وَجَعَلْنَا

دیا ہم نے اُن کو اس پر کہ ناشکری کی، اور ہم یہ بدلہ اُسی کو دیتے ہیں جو ناشکر ہو۔ اور رکھی تھیں ہم نے

بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْقُرَى الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا قُرًى ظَاهِرَةً وَّقَدَّرْنَا

ان میں اور ان بستیوں میں جہاں ہم نے برکت رکھی ہے ایسی بستیاں جو راہ پر نظر آتی تھیں اور منزلیں مقرر

فِيْهَا السَّيْرَ ؕ سِيْرُوْا فِيْهَا لَيَالِيَ وَاَيَّامًا اٰمِنِيْنَ ﴿۱۸﴾ فَقَالُوْا رَبَّنَا

کر دیں ہم نے انمیں آنے جانے کی پھرو ان میں راتوں کو اور دنوں کو امن سے ۔ پھر کہنے لگے اے رب

بٰعِدْ بَيْنَ اَسْفَارِنَا وَظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ

دراز کر دے ہمارے سفروں کو اور آپ اپنا بُرا کیا پھر کر ڈالا ہم نے ان کو کہانیاں ،

وَمَزَّقْنٰهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۱۹﴾

اور کر ڈالا چیر کر ٹکڑے ٹکڑے اس میں پتے کی باتیں ہیں ہر صبر کرنے والے شکر گزار کو ۔

خُلاصۂ تفسیر

سبا (کے لوگوں) کے لئے (خود) اُن کے وطن (کی مجموعی حالت) میں (وجوبِ اطاعت خداوندی کی) نشانیاں موجود تھیں (ان میں سے ایک نشانی) دو قطاریں تھیں باغ کی (ان کی سڑک کے) داہنے اور بائیں (یعنی ان کے تمام علاقہ میں دو طرفہ متصل باغات چلے گئے تھے کہ جس میں آمدنی بھی وافر پھل بھی اس قدر کہ ختم کئے ختم نہ ہوں، سایہ بھی رونق بھی، ہم نے انبیاء علیہم السلام و ناصحین کی معرفت ان کو حکم دیا کہ) اپنے رب کا (دیا ہوا)

رزق کھاؤ اور (کھاکر) اس کا شکر کرو (یعنی اطاعت کرو کہ دو قسم کی نعمتیں مقتضیِ اطاعت ہیں، ایک دنیوی کہ رہنے کو) عمدہ شہر اور (ایک اُخروی کہ درصورت ایمان واطاعت کے اگر کچھ کوتاہی ہوجائے تو گناہ بخشنے کو) بخشنے والا پروردگار ہے (پس ایسے مقتضیِ پر مقتضا کا ترتّب ضرور ہونا چاہئے) سو (اس پر بھی) انھوں نے (اس حکم سے) سرتابی کی (شاید یہ لوگ آفتاب پرست بھی ہوں جیسے بعض کی نسبت سورۂ نمل میں ہے وَجَدْتُّهَا وَقَوْمَهَا يَسْجُدُوْنَ لِلشَّمْسِ) تو ہم نے (اُن پر اپنا قہر اس طرح نازل کیا کہ اُن پر بند کا سیلاب چھوڑ دیا (یعنی جو سیلاب بند سے رُکا رہتا تھا بند ٹوٹ کر اس سیلاب کا پانی چڑھ آیا جس سے اُن کے وہ دو رویہ باغات سب غارت ہوگئے) اور ہم نے ان کے ان دو رویہ باغوں کے بدلے اور دو باغ دیدیئے جن میں یہ چیزیں رہ گئیں، بدمزہ پھل اور جھاؤ اور قدرے قلیل بیری (اور وہ بھی شہری نہیں جنگلی خودرو جس میں کانٹے بہت اور پھل میں لطافت ندارد) ان کو یہ سزا ہم نے اُن کی ناسپاسی کے سبب دی اور ہم ایسی سزا بڑے ناسپاس ہی کو دیا کرتے ہیں (ورنہ معمولی خطاؤں پر تو ہم درگذر ہی کرتے رہتے ہیں اور ظاہر ہے کہ کفر سے بڑھ کر کیا ناسپاسی ہوگی جس میں وہ مبتلا تھے)۔ اور (اس نعمت مذکورہ عامہ للمساکن کے علاوہ ایک اور نعمت خاص متعلق سفر کے تھی وہ یہ کہ) ہم نے ان کے اور اُن بستیوں کے درمیان میں جہاں ہم نے (باعتبار پیداوار وغیرہ کے) برکت کر رکھی ہے بہت سے گاؤں آباد کر رکھے تھے جو (سڑک پر سے) نظر آتے تھے (کہ مسافر کو سفر میں بھی وحشت نہ ہو اور کہیں ٹھہرنا چاہے تو وہاں جانے میں تکلّف و تردّد بھی نہ ہو) اور ہم نے ان دیہات کے درمیان ان کے چلنے کا ایک خاص اندازہ رکھا تھا (یعنی ایک گاؤں سے دوسرے گاؤں تک چال کے حساب سے ایسا مناسب فاصلہ رکھا تھا کہ دورانِ سفر میں عادت کے مطابق آرام کرے، وقت پر کوئی نہ کوئی گاؤں مل جاتا جہاں کھاپی سکے آرام کرسکے) کہ بے خوف و خطر اُن میں (چاہو) راتوں کو اور (چاہو) دنوں کو چلو (یعنی نہ خطرہ رہزن کا کہ پاس پاس گاؤں تھے نہ خطرہ آب و دانہ وزادِ راہ کے میسّر نہ ہونے کا کہ ہر جگہ ہر سامان ملتا تھا) سو (ان نعمتوں کی انھوں نے جیسے اصلی شکر گذاری یعنی طاعتِ الٰہیہ نہیں کی، ایسے ہی ظاہری شکر گذاری یعنی نعمتِ الٰہیہ کو غنیمت سمجھنا اور اس کی قدر کرنا ہے وہ بھی نہیں کی چنانچہ) وہ کہنے لگے اے ہمارے پروردگار (ایسے پاس پاس دیہات ہونے سے سفر کا لطف نہیں آتا، لطف تو اسی میں ہے کہ کہیں زادِ راہ ختم ہوگیا کہیں پیاس ہے اور پانی نہیں ملتا، اشتیاق ہے انتظار ہے کہیں چوروں کا اندیشہ ہے، نوکر پہرہ دے رہے ہیں، ہتھیار بندھے ہوئے ہیں، جیسے

بنی اسرائیل مَنّ وسلویٰ سے اُکتا گئے تھے اور بقل وقثاء (ترکاری اور ککڑی کھیرے) کی درخواست کی تھی ونیز اس حالتِ موجودہ میں ہم کو اپنی امارت کے اظہار کا موقع بھی نہیں ملتا، امیر غریب سب یکساں سفر کرتے ہیں، اسی لئے یوں جی چاہتا ہے کہ) ہمارے سفروں میں درازی (اور فاصلہ) کردے (یعنی بیچ کے دیہات اجاڑ دے کہ منزلوں میں خوب فاصلہ ہوجائے) اور (علاوہ اس ناشکری کے) انھوں نے (اور بھی نافرمانیاں کرکے) اپنی جانوں پر ظلم کیا سو ہم نے انکو افسانہ بنا دیا اور ان کو بالکل تتر بتر کر دیا (یا تو اس طرح کہ بعض کو ہلاک کر دیا کہ ان کے قصّے ہی رہ گئے اور بعض کو پریشان کر دیا اور یا بحیثیت اس حالت تنعّم کے سب ہی افسانہ ہوگئے، یعنی وہ سامانِ تنعّم سب کا جاتا رہا اور یا باین معنی کہ ان کی حالت کو عبرت بنا دیا ای جعلناھم ذات حکایات یعتبر بہا، غرض خود ان کے مساکن وباغات بھی اور انکی وہ متصل بستیاں بھی سب ویران ہوگئے)، بے شک اس (قصّہ) میں ہر صابر شاکر (یعنی مؤمن) کے لئے بڑی بڑی عبرتیں ہیں۔

معارف ومسائل

منکرینِ نبوّت ورسالت اور منکرینِ قیامت کو حق تعالیٰ کی قدرت کاملہ پر متنبہ کرنے اور انبیاء سابقین کے ہاتھوں فوق القیاس حیرت انگیز واقعات ومعجزات کے صدور کے سلسلے میں پہلے حضرت داؤد وسلیمان علیہما السلام کے واقعات کا ذکر فرمایا، اب اسی سلسلہ میں قومِ سبا پر اللہ کے بے حساب انعامات کا پھر ان کی ناشکری کی وجہ سے ان پر عذاب آنے کا ذکر آیاتِ مذکورہ میں کیا گیا۔

قومِ سبا اور ان پر اللہ تعالیٰ کے خاص انعامات

ابن کثیر نے فرمایا کہ سبا یمن کے بادشاہوں اور اس ملک کے باشندوں کا لقب ہے۔ تبابعہ جو اس ملک کے مقتداء وپیشوا تھے وہ بھی اسی قومِ سبا میں سے تھے، اور ملکہ بلقیس جن کا واقعہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے ساتھ سورۂ نمل میں گذر چکا ہے وہ بھی اسی قوم میں سے تھیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان پر اپنے رزق کے دروازے کھول دیئے تھے، اور اُن کے شہر میں آرام وعیش کے تمام اسباب مہیّا کر دیئے تھے، اور اپنے انبیاء کے ذریعے ان کو اللہ کی توحید اور اس کے احکام کی اطاعت کے ذریعہ نعمتوں کے شکر کا حکم دیا گیا تھا۔ ایک مدت تک یہ لوگ اس حال پر قائم اور ہر طرح کی راحت وعیش سے مالامال رہے، پھر ان میں عیش وعشرت میں انہماک سے خدا تعالیٰ سے غفلت بلکہ انکار تک نوبت پہونچ گئی، تو اللہ تعالیٰ نے ان کی تنبیہ کے لئے اپنے تیرہ انبیاء بھیجے

جنھوں نے ان کی فہمائش اور راہِ راست پر لانے کی پوری کوشش کی، مگر یہ لوگ اپنی غفلت و بے ہوشی سے باز نہ آئے تو ان پر ایک سیلاب کا عذاب بھیجا گیا جس نے ان کے شہر اور باغات سب کو ویران و برباد کر دیا۔ (رواہ محمد بن اسحٰق، ابن کثیر)

امام احمدؒ حضرت ابن عباس رضؓ سے یہ روایت نقل کرتے ہیں کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ سبا جس کا قرآن میں ذکر ہے یہ کسی مرد یا عورت کا نام ہے یا زمین کے کسی حصہ کا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ ایک مرد کا نام ہے، جس کی اولاد میں دس لڑکے ہوئے، جن میں سے چھ یمن میں آباد رہے، اور چار شام میں چلے گئے یمن میں رہنے والوں کے نام یہ ہیں:۔ مذحج، کندہ، ازد، اشعری، انمار، حمیر، (ان چھ لڑکوں سے چھ قبیلے پیدا ہوئے، جو انہی مذکورہ ناموں سے معروف ہیں)۔

اور شام میں بسنے والوں کے نام یہ ہیں لخم، جذام، عاملہ، غسان، (ان کی نسل کے قبائل انہی ناموں سے مشہور ہوئے)۔ یہ روایت حافظ امام ابن عبدالبر نے بھی اپنی کتاب (القصد والامم بمعرفۃ انساب العرب والعجم) میں نقل کی ہے۔

ابن کثیر کی تحقیق بحوالہ علماء نسب یہ ہے کہ یہ دس لڑکے سبا کے صلبی اور بلاواسطہ بیٹے نہیں تھے، بلکہ سبا کی دوسری تیسری یا چوتھی نسل میں یہ لوگ ہوئے ہیں پھر ان کے قبیلے شام و یمن میں پھیلے، اور انہی کے ناموں سے موسوم ہوئے۔ اور سبا کا اصل نام عبد شمس تھا، سبا عبد شمس بن یشجب بن یعرب بن قحطان سے ان کا نسب نامہ واضح ہو جاتا ہے۔ اور اہلِ تاریخ نے لکھا ہے کہ سبا عبد شمس نے اپنے زمانے میں نبی آخر الزماں محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارت سنائی تھی ممکن ہے کہ ان کو اس کا علم کتبِ قدیمہ توراۃ و انجیل سے ہوا ہو، یا نجومیوں کاہنوں کے ذریعہ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں اس نے چند عربی اشعار بھی کہے ہیں جن میں آپؐ کی بعثت کا ذکر کر کے یہ تمنا کی ہے کہ کاش میں ان کے زمانے میں ہوتا تو میں ان کی مدد کرتا، اور اپنی قوم کو ان پر ایمان لانے اور مدد کرنے کی تلقین کی ہے۔

اور حدیث مذکور میں جو یہ مذکور ہے کہ سبا کے دس لڑکوں میں سے چھ یمن میں آباد ہوئے، چار شام کی طرف چلے گئے، یہ واقعہ ان پر سیلاب کا عذاب آنے کے بعد کا ہے، کہ سیلاب آنے کے وقت یہ لوگ مختلف سمتوں اور شہروں میں منتشر ہو گئے (ابن کثیر) قرطبی نے بحوالہ قشیری قوم سبا کا زمانہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے زمانۂ فترت نقل کیا ہے۔

سیلِ عرم اور سدِّ مآرب

فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ، لفظ عَرِم کے عربی لغت کے اعتبار سے کئی معنی معروف ہیں، اور علماء تفسیر نے ہر معنی کے اعتبار سے اس آیت کی تفسیر فرمائی ہے، مگر ان میں سیاق قرآن کے مناسب وہ معنی ہیں جو قاموس اور صحاح جوہری وغیرہ کتب لغت میں ہیں کہ عَرِم کے معنی سدّ یعنی بند کے ہیں جو پانی روکنے کے لئے بنایا جاتا ہے جو آجکل ڈیم کے نام سے معروف ہے، حضرت ابن عباسؓ نے بھی عَرِم کے معنی سدّ یعنی بند کے بیان فرمائے ہیں (قرطبی)

واقعہ اس بند (ڈیم) کا حسبِ بیان ابن کثیرؒ یہ ہے کہ ملکِ یمن میں اس کے دارالحکومت صنعاء سے تین منزل کے فاصلہ پر ایک شہر مآرب تھا، جس میں قوم سبا آباد تھی۔ دو پہاڑوں کے درمیان وادی میں شہر آباد تھا، دونوں پہاڑوں کے درمیان سے اور پہاڑوں کے اوپر سے بارش کا سیلاب آتا تھا، یہ شہر ہمیشہ ان سیلابوں کی زد میں رہتا تھا۔ ایک شہر کے بادشاہوں نے (جن میں ملکہ بلقیس کا نام خصوصیت سے ذکر کیا جاتا ہے) ان دونوں پہاڑوں کے درمیان ایک بند (ڈیم) نہایت مستحکم مضبوط تعمیر کیا، جس میں پانی اثر نہ کر سکے۔ اس بند نے پہاڑوں کے درمیان سے آنے والے سیلابوں کو روک کر پانی کا ایک عظیم الشان ذخیرہ بنا دیا، پہاڑوں کی بارش کا پانی بھی اس میں جمع ہونے لگا، اس بند کے اندر اوپر نیچے پانی نکالنے کے لئے تین دروازے رکھے گئے تاکہ پانی کا یہ ذخیرہ انتظام کے ساتھ شہر کے لوگوں کے اور ان کی زمین و باغ کی آب پاشی کے ... کام آوے۔ پہلے اوپر کا دروازہ کھول کر اس سے پانی لیا جاتا تھا، جب اوپر کا پانی ختم ہو جاتا تو اس سے نیچے کا اور اس کے بعد سب سے نیچے کا تیسرا دروازہ کھولا جاتا تھا، یہاں تک کہ دوسرے سال کی بارشوں کا زمانہ آکر پھر پانی اوپر تک بھر جاتا۔ بند کے نیچے ایک بہت بڑا تالاب تعمیر کیا گیا تھا، جس میں پانی کے بارہ راستے بنا کر بارہ نہریں شہر کے مختلف اطراف میں پہونچائی گئی تھیں، اور سب نہروں میں پانی یکساں انداز میں چلتا اور شہر کی ضرورتوں میں کام آتا تھا (مظہری)

شہر کے داہنے بائیں جو دو پہاڑ تھے ان کے کناروں پر باغات لگائے گئے تھے جن میں پانی کی نہریں جاری تھیں، یہ باغات ایک دوسرے کے متصل مسلسل دو رویہ پہاڑوں کے کناروں پر تھے، یہ باغات اگرچہ تعداد میں بہت تھے، مگر قرآن کریم نے ان کو جَنَّتَانِ یعنی دو باغ کے لفظ سے اس لئے تعبیر فرمایا کہ ایک رُخ کے تمام باغوں کو بوجہ اتصال کے ایک باغ اور دوسرے رُخ کے تمام باغوں کو دوسرا باغ قرار دیا ہے۔

ان باغوں میں ہر طرح کے درخت اور ہر قسم کے پھل اس کثرت سے پیدا ہوتے تھے

کہ ائمۂ سلف قتادہ وغیرہ کے بیان کے مطابق ان باغوں میں ایک عورت اپنے سر پر خالی ٹوکری لے کر چلتی تو درختوں سے ٹوٹ کر گرنے والے پھلوں سے خود بخود بھر جاتی تھی، اس کو ہاتھ بھی لگانا نہ پڑتا تھا (ابن کثیر)

كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوْا لَهٗ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَّرَبٌّ غَفُوْرٌ، حق تعالیٰ نے اپنے انبیاء کے ذریعہ ان کو یہ حکم دیا تھا کہ تم اللہ تعالیٰ کے عطا کردہ اس رزق وسیع کو استعمال کرو اور اس کی شکر گذاری اعمالِ صالحہ اور اطاعتِ احکامِ الٰہیہ کے ساتھ کرتے رہو، کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے اس شہر کو بلدۂ طیبہ بنایا ہے، جس میں سردی گرمی کا بھی اعتدال تھا اور آب و ہوا ایسی صحت بخش نظیف ولطیف تھی کہ ان کے پورے شہر میں مچھر، مکھی، پسّو اور سانپ بچھو جیسے موذی جانوروں کا نام ونشان نہ تھا، بلکہ باہر سے آنے والے مسافر جب اس شہر میں پہونچتے تو اگر ان کے کپڑوں میں جوئیں یا دوسرے موذی حشرات ہوتے تھے وہ یہاں پہونچکر خود بخود مر جاتے تھے۔ (ابن کثیر)

بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ کے ساتھ رَبٌّ غَفُوْرٌ، فرما کر اپنی نعمت کو اس طرح مکمل کر دیا کہ یہ عیش وراحت صرف دنیا کی زندگی تک نہیں، بلکہ اگر تم شکر گذاری پر قائم رہے تو آخرت میں اس سے بڑی اور دائمی نعمتوں کا بھی وعدہ ہے، کیونکہ ان تمام نعمتوں کا خالق ومالک اور تمہیں پالنے والا غفور ہے، کہ اگر کبھی اتفاقی طور پر شکر گذاری میں کمی یا غفلت وکوتاہی بھی ہوگئی تو اس کو اللہ تعالیٰ معاف فرما دے گا۔

فَاَعْرَضُوْا فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ، یعنی اللہ تعالیٰ کی ایسی وسیع نعمتوں اور انبیاء علیہم السلام کی تنبیہات کے باوجود جب قومِ سبا کے لوگوں نے اللہ کے احکام سے سرکشی اور روگردانی کی تو ہم نے اُن پر سَیلِ عَرِم چھوڑ دیا۔ عرم کے معنی اوپر گذر چکے ہیں کہ بند کے ہیں اس سیلاب کو عرم کی طرف اس لئے منسوب کیا کہ جو عَرِم ان کی حفاظت اور خوش حالی کا ذریعہ تھا اسی کو اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے آفت ومصیبت بنا دیا۔ واقعہ اس کا حضرت ابن عباسؓ، وہب بن منبہؒ، قتادہ، ضحاک وغیرہ ائمہ تفسیر نے یہ بیان کیا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے اس قوم کو سزا دینے کے لئے سدّ مآرب یعنی عرم کو توڑ کر سیلاب سے تباہ کرنے کا ارادہ کیا تو اس پانی کے عظیم الشان بند پر اندھے چوہے مسلّط کر دیئے جنھوں نے اس کی بنیاد کو کھوکھلا اور کمزور کر دیا۔ جب بارش اور سیلاب کا وقت آیا تو پانی کے دباؤ نے اس کمزور بنیاد کو توڑ کر رخنے پیدا کر دیئے، اور بالآخر اس بند کے پیچھے جمع شدہ پانی اس پوری وادی میں پھیل گیا جس میں یہ شہر مآرب واقع تھا۔ تمام مکانات منہدم اور درخت تباہ ہوگئے، اور دو طرفہ پہاڑوں پر

جو باغات تھے ان کا پانی خشک ہو گیا۔

وہب بن منبہؒ کی روایت میں ہے کہ ان لوگوں کی کتابوں میں یہ بات لکھی چلی آتی تھی کہ اس بند کی خرابی و تباہی چوہوں کے ذریعہ ہوگی، جب لوگوں نے اس بند کے قریب چوہوں کو دیکھا تو خطرہ پیدا ہو گیا۔ اس کی تدبیر یہ کی گئی کہ بند کے نیچے بہت سی بلّیاں پالی گئیں جو چوہوں کو بند کے قریب نہ آنے دیں مگر جب تقدیرِ الٰہی نافذ ہوئی تو یہ چوہے بلّیوں پر غالب آگئے اور بند کی بنیاد میں داخل ہو گئے۔ (ابن کثیر)

اور تاریخی روایات میں یہ بھی ہے کہ کچھ ہوشیار دور اندیش لوگوں نے چوہوں کو دیکھتی ہی یہ جگہ چھوڑ کر کسی دوسری طرف منتقل ہو جانے کا قصد کر لیا اور تدریجاً انتظام کر کے نکل گئے، باقی لوگ وہاں رہے، مگر جب سیلاب شروع ہوا، اس وقت منتقل ہو گئے، اور بہت سے وہیں سیلاب کی نذر ہو گئے۔ غرض یہ پورا شہر تباہ و برباد ہو گیا، شہر کے کچھ باشندے جو دوسرے ملکوں میں شہروں کی طرف چلے گئے، اُن کی کچھ تفصیل مسند احمد کی حدیث میں جو اوپر گذر چکی ہے مذکور ہے۔ چھ قبیلے ان کے یمن میں پھیلے اور چار شام میں، مدینہ طیبہ کی آبادی بھی انہی قبائل میں سے بعض سے شروع ہوئی، جس کی تفصیل کتبِ تاریخ میں مذکور ہے۔ سیلاب آنے اور شہر تباہ ہونے کے بعد دورُویہ باغات کا جو حال ہوا وہ آگے اس طرح ذکر فرمایا کہ:-

وَبَدَّلْنٰهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ اُكُلٍ خَمْطٍ وَّاَثْلٍ وَّشَيْءٍ مِّنْ سِدْرٍ قَلِيْلٍ، یعنی اللہ تعالیٰ نے ان کے قیمتی پھلوں اور میووں کے درختوں کے بدلے اس میں ایسے درخت اُگا دیئے، جن کے پھل بدمزہ خراب تھے۔ لفظ خَمْط کے معنی اکثر حضرات مفسرین درخت اراک کے کئے ہیں، اور جوہری لغوی نے لکھا ہے کہ درخت اراک کی ایک قسم ایسی بھی ہے جس پر کچھ پھل ہوتا ہے اور کھایا جاتا ہے، مگر اس درخت کے پھل بھی بدمزہ تھے۔ اور ابو عبیدہؓ نے فرمایا کہ خَمْط ہر ایسے درخت کو کہا جاتا ہے جو خاردار بھی ہو کڑوا بھی۔ اور لفظ اَثْل جمہور مفسّرین کے نزدیک ایک قسم طرفاء کی ہے، جس کو اردو میں جھاؤ کہا جاتا ہے۔ اس پر کوئی پھل کھانے کے قابل نہیں ہوتا۔ اور بعض حضرات نے کہا کہ اَثْل بمعنی سَمر یعنی ببول اور کیکر کا درخت جو خاردار ہوتا ہے جس کا پھل بکریوں کو کھلایا جاتا ہے۔

سِدْر کے معنی بیری کے ہیں۔ یہ دو قسم کی ہوتی ہے، ایک وہ جو باغات میں اہتمام سے لگائی جاتی ہے، اس کا پھل شیریں خوش ذائقہ ہوتا ہے، اس کے درخت میں کانٹے کم اور پھل زیادہ ہوتا ہے۔ دوسری قسم جنگلی بیری کی ہے جو جنگلوں میں خودرو اور خاردار جھاڑیاں ہوتی ہیں ان میں کانٹے زیادہ اور پھل کم ہوتا ہے، اور پھل بھی ترش ہوتا ہے۔ آیت مذکورہ میں

سِدر کے ساتھ قَلِیل کے لفظ سے غالباً اشارہ اس طرف ہے کہ بیری بھی جنگلی خودرو تھی جس پر پھل کم اور ترش ہوتا ہے۔ واللہ اعلم

ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِمَا كَفَرُوْا، یعنی یہ سزا ہم نے ان کو اس لئے دی کہ انھوں نے کفر کیا۔ کفر کے معنی ناشکری کے بھی آتے ہیں، اور دینِ حق سے انکار کے بھی آتے ہیں۔ یہاں دونوں معنی ہوسکتے ہیں، کیونکہ انھوں نے ناشکری بھی کی اور جو تیرہ انبیاء اُن کی طرف بھیجے گئے تھے ان کی تکذیب بھی کی۔

فائدہ: اس واقعہ میں جو یہ بیان ہوا ہے کہ سبا کی طرف اللہ تعالیٰ نے اپنے تیرہ پیغمبر بھیجے تھے، اور اس کے ساتھ یہ بھی اوپر گذر گیا ہے کہ اس قوم اور سیلِ عرم کا واقعہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے درمیانی زمانے میں تھا جس کو زمانہ فترت کا کہا جاتا ہے، اور جمہور علماء کے نزدیک اس زمانے میں کوئی نبی و پیغمبر مبعوث ہی نہیں ہوا، اسی لئے اس کو فَتْرَتْ کے زمانے سے تعبیر کرتے ہیں، تو یہ تیرہ انبیاء کی بعثت کیسے صحیح ہوسکتی ہے؟ رُوح المعانی میں اس کا جواب یہ دیا ہے کہ واقعہ سیلِ عرم کا فترت کے زمانے میں ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ یہ انبیاء بھی اسی زمانے میں آئے ہوں، ہوسکتا ہے کہ انبیاء کی بعثت اس قوم کی طرف زمانۂ فترت سے پہلے ہوا اور ان کی سرکشی اور کفر زمانۂ فترت میں بڑھی ہو جس پر سیلِ عرم کا عذاب زمانۂ فترت میں اُن پر بھیجا گیا ہو واللہ اعلم

وَهَلْ نُجٰزِيْٓ اِلَّا الْكَفُوْرَ، کَفُوْر، کافر کا صیغہ مبالغہ ہے، جس کے معنی ہیں بہت کفر کرنے والا اور آیت کے معنی یہ ہوئے کہ "ہم بہت کفر کرنے والے کے سوا کسی کو سزا نہیں دیتے"، یہ بظاہر اُن تمام آیاتِ قرآن اور احادیث صحیحہ کے خلاف ہے، جن سے ثابت ہے کہ مسلمان گناہگاروں کو بھی جہنّم کی سزا اُن کے عمل کے مطابق دی جائے گی، اگرچہ آخرکار سزا بھگتنے کے بعد وہ ایمان کی وجہ سے جہنم سے نکال کر جنّت میں داخل کر دیئے جائیں گے۔ اس اشکال کے جواب میں بعض حضرات نے فرمایا کہ مراد یہاں مطلقِ عذاب نہیں، بلکہ ایسا عذابِ عام جیسا کہ قومِ سبا پر بھیجا گیا یہ کافروں کے ساتھ مخصوص ہے، مسلمان گناہگاروں پر ایسا عذاب نہیں آتا۔ (روح)

اس کی تائید ایک تابعی ابن خیرہؒ کے قول سے بھی ہوتی ہے۔ انھوں نے فرمایا جَزَاءُ الْمَعْصِيَةِ الْوَهْنُ فِي الْعِبَادَةِ وَالضِّيْقُ فِي الْمَعِيْشَةِ وَالتَّعَسُّرُ فِي اللَّذَّةِ قَالَ لَا يُصَادِفُ لَذَّةً حَلَالًا اِلَّا جَاءَهٗ مَنْ يُنَغِّصُهٗ اِيَّاهَا، یعنی معصیت کی سزا یہ ہے کہ عبادت میں سستی پیدا ہوجائے، معیشت میں تنگی پیدا ہوجائے، اور لذّت میں تعسّر یعنی

دشواری پیدا ہو جائے۔ جس کا مطلب ابن خیرہؒ نے یہ بیان فرمایا کہ جب اس کو کوئی حلال لذت نصیب ـــــ ہوتی ہے تو کوئی نہ کوئی ایسا سبب پیدا ہو جاتا ہے جو اس لذت کو مکدّر کر دیتا ہے" (ابن کثیرؒ) معلوم ہوا کہ مؤمن گناہگار کی سزائیں دنیا میں اس قسم کی ہوتی ہیں، اس پر آسمان سے یا زمین سے کوئی کھلا عذاب نہیں آتا، یہ کفار ہی کے ساتھ مخصوص ہے۔

اور حضرت حسن بصریؒ نے فرمایا:۔ صَدَقَ اللّٰہُ الْعَظِیْمُ لَا یُعَاقَبُ بِمِثْلِ فِعْلِہٖ اِلَّا الْکَفُوْرُ، یعنی اللہ تعالیٰ نے سچ فرمایا کہ بُرے عمل کی سزا اس کے برابر بجز کفور کے کسی کو نہیں دی جاتی۔ (ابن کثیر) کیونکہ غیر کفور یعنی مؤمن کو اس کے گناہوں میں بھی کچھ چھوٹ دی جاتی ہے۔

اور روح المعانی میں بحوالہ کشف اس آیت کے مفہوم کی توجیہ یہ کی ہے کہ کلام اپنی حقیقت پر ہے کہ سزا بطور سزا کے تو صرف کافر کو دی جاتی ہے اور مؤمن گناہگار کو جو تکلیف آگ وغیرہ کی دی جاتی ہے وہ صرف صورت سزا کی ہوتی ہے، درحقیقت اس کو گناہ سے پاک کرنا مقصود ہوتا ہے، جیسے سونے کو بھٹی میں ڈال کر تپانے سے اس کا مَیل دور کرنا مقصود ہوتا ہے اسی طرح مؤمن کو بھی اگر کسی گناہ کی پاداش میں جہنّم میں ڈالا گیا تو اس لئے کہ اس کے بدن کے وہ اجزاء جل جائیں جو حرام سے پیدا ہوئے ہیں۔ اور جب یہ ہو چکتا ہے تو وہ جنّت میں جانے کے قابل ہو جاتا ہے، اس وقت جہنّم سے نکال کر جنّت میں داخل کر دیا جاتا ہے۔

وَجَعَلْنَا بَیْنَهُمْ وَبَیْنَ الْقُرَى الَّتِیْ بٰرَكْنَا فِیْهَا قُرًى ظَاهِرَةً وَّقَدَّرْنَا فِیْهَا السَّیْرَ الآیۃ، اس آیت میں اہلِ سبا پر اللہ تعالیٰ کی ایک اور نعمت کا اور اس پر اہلِ سبا کی ناشکری اور نادانی کا ذکر ہے کہ انھوں نے خود اس نعمت کو بدل کر شدّت کی دعا اور تمنا کی۔ اَلْقُرَى الَّتِیْ بٰرَكْنَا سے مراد بظاہر ملکِ شام کے دیہات ہیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے نزولِ رحمت کا ذکر متعدد آیتوں میں ملکِ شام ہی کے لئے آیا ہے۔ اور مطلب آیت کا یہ ہے کہ جن بستیوں کو اللہ تعالیٰ نے صاحبِ برکت بنایا تھا، یعنی ملکِ شام کی بستیاں اور ان لوگوں کو اپنی تجارت وغیرہ کے لئے ملکِ شام کا سفر اکثر کرنا پڑتا تھا۔ عام دنیا کے حالات کے مطابق شہر مآرب سے ملکِ شام کا طویل فاصلہ ہے، راستے ہموار نہیں اللہ تعالیٰ نے قومِ سبا پر یہ انعام فرمایا کہ ان کے شہر مآرب سے لے کر ملکِ شام تک تھوڑے تھوڑے فاصلہ پر بستیاں بنا دی تھیں، یہ بستیاں لبِ سڑک تھیں۔ اس لئے ان کو قری ظاہرہ فرمایا۔ ان مسلسل بستیوں کا فائدہ یہ تھا کہ ان کا مسافر گھر سے نکل کر دوپہر میں آرام کرنا یا کھانا کھانا چاہتا تو آسانی سے کسی بستی میں پہونچ کر معمول کے مطابق

کھانا کھا کر آرام کر سکتا تھا۔ پھر اسی طرح ظہر کے بعد روانہ ہو کر آفتاب کے غروب ہونے تک اگلی بستی میں پہونچ کر رات گزار سکتا تھا، قَدَّرْنَا فِيهَا السَّيْرَ الآیہ کا مطلب یہ ہے کہ یہ بستیاں ایسے متوازن اور مساوی فاصلوں پر بنائی گئی تھیں کہ ایک مقررہ وقت کے اندر ایک بستی سے دوسری بستی تک پہونچ جاتے۔

سِيرُوا فِيهَا لَيَالِيَ وَأَيَّامًا آمِنِينَ، یہ ایک تیسری نعمت کا ذکر ہے جو قوم سبا پر مبذول ہوئی تھی، کہ اس کی بستیاں ایسے مساوی اور متوازن فاصلوں پر تھیں کہ قطع مسافت میں کمی بیشی نہ ہوتی تھی، اور راستے سب مامون تھے، کسی چور ڈاکو کا وہاں گذر نہ تھا، رات دن میں ہر وقت بے فکر سفر کیا جا سکتا تھا۔

فَقَالُوا رَبَّنَا بَاعِدْ بَيْنَ أَسْفَارِنَا وَظَلَمُوا أَنْفُسَهُمْ فَجَعَلْنَاهُمْ أَحَادِيثَ وَمَزَّقْنَاهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ، یعنی ان ظالموں نے اللہ تعالیٰ کی اس نعمت کی کہ سفر کی تکلیف ہی نہ رہے ناقدری اور ناشکری کر کے خود یہ دعاء مانگی کہ ہمارے سفر میں بُعد پیدا کر دے، قریب قریب کے گاؤں نہ رہیں، جنگل بیابان آئے، جس میں کچھ محنت مشقت بھی اُٹھانی پڑے۔ اُن کی مثال وہی ہے جو بنی اسرائیل کی تھی کہ بے محنت بہترین رزق منّ و سلویٰ ان کو ملتا تھا، اس سے اکتا کر اللہ سے یہ مانگا کہ اس کے بجائے ہمیں سبزی ترکاری دیدیجئے، حق تعالیٰ نے ان کی ناشکری اور نعمت کی بے قدری پر وہ سزا جاری فرمائی جو اوپر سَيْلِ عَرِم کے عنوان سے مذکور ہوئی ہے۔ اسی کا آخری نتیجہ اس آیت میں یہ بیان فرمایا کہ ان کو ایسا تباہ و برباد کیا کہ دنیا میں ان کی عیش و عشرت اور دولت و نعمت کے قصّے ہی رہ گئے، اور یہ لوگ افسانہ بن گئے۔

مَزَّقْنَاهُمْ، تمزیق سے مشتق ہے، جس کے معنی ٹکڑے ٹکڑے اور پارہ پارہ کرنے کے ہیں۔ مراد یہ ہے کہ اس مقام شہر مآرب کے بسنے والے کچھ ہلاک ہو گئے، کچھ ایسے منتشر ہو گئے کہ اُن کے ٹکڑے مختلف ملکوں میں پھیل گئے، عرب میں قوم سبا کی تباہی اور منتشر ہونا ایک ضرب المثل بن گیا، ایسے مواقع میں عرب کا محاورہ ہے تَفَرَّقُوا أَيَادِيَ سَبَا، یعنی یہ لوگ ایسے منتشر ہوئے جیسے قوم سبا کے نعمت پروردہ لوگ منتشر ہو گئے تھے۔

ابن کثیر وغیرہ مفسّرین نے اس جگہ طویل قصہ ایک کاہن کا نقل کیا ہے، کہ سیلاب کا عذاب آنے سے کچھ پہلے اس کاہن کو اس کا علم ہو گیا تھا۔ اس نے ایک عجیب تدبیر کے ذریعہ پہلے تو اپنی زمین جائداد مکان وغیرہ سب فروخت کر دیا، جب رقم اس کے ہاتھ آ گئی تو اس نے اپنی قوم کو آنے والے سیلاب و عذاب سے باخبر کیا، اور کہا کہ جس کو اپنی جان سلامت رکھنا ہو وہ فوراً یہاں سے نکل جائے۔ اس نے لوگوں کو یہ بھی بتلایا کہ تم میں جو لوگ سفر بعید

اختیار کر کے محفوظ مقام کا ارادہ کریں، وہ عمان چلے جائیں اور جو لوگ شراب اور خمیری روٹی اور پھل وغیرہ چاہیں وہ ملکِ شام کے مقامِ بُصریٰ میں چلے جائیں، اور جو لوگ ایسی سواریاں چاہیں جو کیچڑ میں ثابت قدم رہیں، اور قحط کے زمانے میں کام آئیں، اور جلدی سفر کی ضرورت کے وقت ساتھ دیں تو وہ یثرب (مدینہ منوّرہ) چلے جائیں جس میں کھجور کثرت سے ہے۔ اس کی قوم نے اس کے مشورے پر عمل کیا۔ قبیلۂ ازد عمان کی طرف چلے گئے اور غسان بُصریٰ ملکِ شام کی طرف اور اوس و خزرج اور بنو عثمان یثرب ذات النخل کی طرف نکل کھڑے ہوئے۔ بطن مرّ کے مقام پر پہونچ کر بنو عثمان نے تو اسی جگہ کو پسند کر لیا اور یہیں رہ پڑے، اور اسی انقطاع کی وجہ سے بنو عثمان کا لقب خزاعہ ہو گیا۔ یہ بطن مرّہ میں جو مکہ مکرمہ کے قریب ہی رہ پڑے، اور اوس و خزرج یثرب پہونچ کر مقیم ہو گئے۔ ابن کثیر میں طویل قصہ کے بعد لوگوں کے متفرق مقامات میں منتشر ہو جانے کی یہی تفصیل بسند سعید عن قتادہ عن الشعبی نقل کر کے فرمایا کہ اس طرح یہ قوم سبا ٹکڑے ٹکڑے ہو گئی، جس کا ذکر مَزَّقْنٰهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ میں آیا ہے۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ، یعنی قومِ سبا کے عروج و نزول اور ان کے احوال کے انقلاب میں بڑی نشانی اور عبرت ہے، اس شخص کے لئے جو بہت صبر کرنے والا اور بہت شکر کرنے والا ہو۔ یعنی کوئی مصیبت و تکلیف پیش آئے تو اس پر صبر کرے، اور کوئی نعمت و راحت حاصل ہو تو اس پر اللہ کا شکر کرے، اس طرح وہ زندگی کے ہر حال میں نفع ہی نفع کماتا ہے۔ جیسا کہ صحیحین میں حضرت ابوہریرہؓ کی حدیث ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مؤمن کا حال عجیب ہے، کہ اس کے متعلق اللہ تعالیٰ جو کچھ بھی تقدیری حکم نافذ فرماتے ہیں سب خیر ہی خیر اور نفع ہی نفع ہوتا ہے، کہ اگر اس کو کوئی نعمت راحت اور اس کی خوشی کی چیز حاصل ہوتی ہے تو یہ اللہ کا شکر ادا کرتا ہے وہ اس کی آخرت کے لئے خیر اور نفع بن جاتا ہے اور اگر کوئی تکلیف و مصیبت پیش آجائے تو وہ اس پر صبر کرتا ہے جس کا اس کو بہت بڑا اجر و ثواب ملتا ہے، اس طرح یہ مصیبت بھی اس کے لئے خیر اور نفع بن جاتی ہے۔ (از ابن کثیر)

اور بعض حضرات مفسّرین نے لفظ صبّار کو صبر کے عام معنی میں لیا ہے، جس میں طاعات پر ثابت قدم رہنا اور معاصی سے پرہیز کرنا بھی داخل ہے، اس تفسیر پر مؤمن ہر حال میں صبر و شکر کا جامع رہتا ہے اور ہر صبر شکر ہے اور ہر شکر صبر بھی ہے، واللہ اعلم

وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ اِبْلِيْسُ ظَنَّهٗ فَاتَّبَعُوْهُ اِلَّا فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۰﴾

اور سچ کر دکھلائی اُن پر ابلیس نے اپنی اٹکل پھر اس کی راہ چلے مگر تھوڑے سے ایمان دار۔

وَمَا كَانَ لَهٗ عَلَيْهِمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يُّؤْمِنُ بِالْاٰخِرَةِ

اور اس کا اُن پر کچھ زور نہ تھا مگر اتنے واسطے کہ معلوم کرلیں ہم اس کو جو یقین لاتا ہی آخرت پر جُدا کر کے

مِمَّنْ هُوَ مِنْهَا فِيْ شَكٍّ ۭ وَرَبُّكَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ﴿۲۱﴾ ع ۲ ۱۲ ۸

اس سے جو رہتا ہی آخرت کی طرف سے دھوکہ میں، اور تیرا رب ہر چیز پر نگہبان ہے۔

خُلاصۂ تفسیر

اور واقعی ابلیس نے اپنا گمان ان لوگوں کے بارے میں (یعنی بنی آدم کے بارے میں) صحیح پایا (یعنی اس کو جو یہ گمان تھا کہ میں آدم کی اکثر ذریت کو گمراہ کر دوں گا، کیونکہ یہ مٹی سے اور میں آگ سے پیدا ہوا ہوں (درمنثور) اس کا یہ گمان صحیح نکلا) کہ یہ سب اسی راہ پر ہو لئے مگر ایمان والوں کا گروہ (کہ ان میں ایمان کامل والے تو بالکل محفوظ رہے، اور ضعیف الایمان گو گناہوں میں مبتلا ہو گئے، مگر شرک وکفر سے وہ بھی محفوظ رہے) اور ابلیس کا ان لوگوں پر (جو) تسلّط (بطور اغواء کے ہے وہ) بجز اس کے اور کسی وجہ سے نہیں کہ ہم کو (ظاہری طور پر) اُن لوگوں کو جو آخرت پر ایمان رکھتے ہیں ان لوگوں سے (الگ کر کے) معلوم کرنا ہے جو اس کی طرف سے شک میں ہیں (یعنی مقصود امتحان ہے کہ مؤمن وکافر میں امتیاز ہو جائے، تاکہ بمقتضائے عدل وحکمت ثواب وعذاب کے احکام جاری ہوں) اور (چونکہ) آپ کا رب ہر چیز کا نگراں ہے (جس میں لوگوں کا ایمان وکفر بھی داخل ہی، اس لئے ہر ایک کو مناسب جزاء وسزا ملے گی)۔

قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۚ لَا يَمْلِكُوْنَ مِثْقَالَ

تو کہہ پکارو ان کو جن کو گمان کرتے ہو سوائے اللہ کے وہ مالک نہیں ایک

ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ وَمَا لَهُمْ فِيْهِمَا مِنْ شِرْكٍ

ذرہ بھر کے آسمانوں میں اور نہ زمین میں اور نہ ان کا ان دونوں میں کچھ ساجھا ہے

وَّمَا لَهٗ مِنْهُمْ مِّنْ ظَهِيْرٍ ﴿۲۲﴾ وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا

اور نہ اُن میں کوئی اس کا مددگار۔ اور کام نہیں آتی سفارش اس کے پاس، مگر

لِمَنْ اَذِنَ لَهٗ ؕ حَتّٰۤى اِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا مَاذَا ۙ قَالَ رَبُّكُمْ ؕ

اس کو کہ جس کے واسطے حکم کر دے، یہاں تک کہ جب گھبراہٹ دور ہو جائے ان کے دل سے کہیں کیا فرمایا تمھارے رب نے؟

قَالُوا الْحَقَّ ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿۲۳﴾ قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمٰوٰتِ

وہ کہیں فرمایا جو واجبی ہے اور وہی ہے سب سے اوپر بڑا۔ تو کہہ کون روزی دیتا ہے تم کو آسمان سے

وَالْاَرْضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّاۤ اَوْ اِيَّاكُمْ لَعَلٰى هُدًى اَوْ فِيْ ضَلٰلٍ

اور زمین سے بتلا دے کہ اللہ اور یا ہم یا تم بیشک ہدایت پر ہیں یا پڑے ہیں گمراہی میں

مُّبِيْنٍ ﴿۲۴﴾ قُلْ لَّا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّاۤ اَجْرَمْنَا وَلَا نُسْـَٔلُ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۵﴾

صریح۔ تو کہہ تم سے پوچھ نہ ہوگی اس کی جو ہم نے گناہ کیا اور ہم سے پوچھ نہ ہوگی اس کی جو تم کرتے ہو

قُلْ يَجْمَعُ بَيْنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ يَفْتَحُ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ ؕ وَهُوَ الْفَتَّاحُ

تو کہہ جمع کریگا ہم سب کو رب ہمارا پھر فیصلہ کریگا ہم میں انصاف کا، اور وہی قصہ چکانے والا سب کچھ

الْعَلِيْمُ ﴿۲۶﴾ قُلْ اَرُوْنِيَ الَّذِيْنَ اَلْحَقْتُمْ بِهٖ شُرَكَآءَ كَلَّا ؕ بَلْ

جاننے والا ہے، تو کہہ مجھ کو دکھلاؤ تو سہی جن کو اس سے ملاتے ہو ساجھی قرار دیکر، کوئی نہیں وہی

هُوَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۷﴾

اللہ ہے زبردست حکمتوں والا۔

خُلاصۂ تفسیر

آپ (ان لوگوں سے) فرمائیے کہ جن (معبودوں) کو تم خدا کے سوا (دخیلِ خدائی) سمجھ رہے ہو ان کو (اپنی حاجتوں کے لئے) پکارو (تو سہی معلوم ہو جائے گا کہ کتنی قدرت اور اختیار رکھتے ہیں ان کی حالتِ واقعیہ تو یہ ہے کہ) وہ ذرہ برابر (کسی چیز کا) اختیار نہیں رکھتے نہ آسمانوں (کی کائنات) میں اور نہ زمین (کی کائنات) میں اور نہ اُن کی ان دونوں (کے پیدا کرنے) میں کوئی شرکت ہے اور نہ اُن میں سے کوئی اللہ کا (کسی کام میں) مددگار ہے، اور خدا کے سامنے (کسی کی) سفارش کسی کے لئے کام نہیں آتی (بلکہ سفارش ہی نہیں ہو سکتی) مگر اس کے لئے جس کی نسبت وہ (کسی سفارش کرنے والے کو) اجازت دیدے، (کفار و مشرکین میں کچھ جاہل تھے تو ایسے تھے جو پتھر کے خود تراشیدہ بتوں ہی کو حاجت روا

اور کارفرما اور خدائی کا شریک سمجھتے تھے، اُن کے رَد کے لئے تو آیت کے پہلے جملے آئے، (لَا يَمْلِكُوْنَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ وَّمَا لَهُمْ فِيْهِمَا مِنْ شِرْكٍ) اور بعض لوگ اتنا قادر تو نہیں کہتے تھے مگر یہ عقیدہ رکھتے کہ یہ بُت خدا تعالیٰ کے کاموں میں اس کے مددگار ہیں، اُن کے رد کے لئے یہ فرمایا (مَا لَهٗ مِنْهُمْ مِّنْ ظَهِيْرٍ) اور کچھ ایسے سمجھدار تھے کہ ان بے جان بتوں کو کسی چیز کا خالق یا خالق کا مددگار تو نہیں مانتے تھے، مگر یہ عقیدہ رکھتے تھے کہ یہ اللہ کے نزدیک مقبول ہیں کہ جس کی سفارش کر دیں اس کا کام بن جاتا ہے، جیسا کہ وہ کہا کرتے تھے (هٰٓؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ) ان کے رَد کے لئے فرمایا (وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهٗٓ) جس کا حاصل یہ ہے کہ ان بتوں میں کسی قابلیت کے تو تم بھی قائل نہیں مگر تم اس دھوکہ میں ہو کہ ان کو اللہ کے نزدیک مقبولیت حاصل ہے۔ یہ محض تمھارا خیال بے بنیاد ہے، نہ ان میں کوئی قابلیت اور نہ اللہ کے نزدیک مقبولیت۔ آگے یہ ارشاد فرمایا کہ ان میں تو نہ کوئی قابلیت ہی نہ مقبولیت، جن میں قابلیت بھی موجود ہو اور مقبولیت بھی جیسے اللہ کے فرشتے وہ بھی کسی کی سفارش کرنے میں خود مختار نہیں، بلکہ ان کے لئے شفاعت کا قانون یہ ہے کہ جس شخص کے لئے سفارش کرنے کی اجازت اللہ تعالیٰ کی طرف سے مل جائے صرف اس کی سفارش کر سکتے ہیں اور وہ بھی بڑی مشکل سے۔ کیونکہ وہ خود اللہ تعالیٰ کی ہیبت و جلال سے مغلوب ہیں، جب اُن کو کوئی عام حکم دیا جاتا ہے یا کسی کے لئے سفارش ہی کا حکم ملتا ہے تو وہ حکم سننے کے وقت ہیبت سے مدہوش ہو جاتے ہیں۔ جب یہ ہیبت کی کیفیت رفع ہو جاتی ہے اس وقت حکم پر غور کرتے ہیں اور آپس میں ایک دوسرے سے پوچھ کر تحقیق کر لیتے ہیں کہ ہم نے جو حکم سُنا ہے وہ کیا ہے، اس تحقیق کے بعد وہ حکم کی تعمیل کرتے ہیں جس میں کسی کی سفارش کا حکم بھی داخل ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ جب اللہ کے فرشتے جو قابلیت بھی رکھتے ہیں، مقبولیت عند اللہ بھی، وہ بھی کسی کی سفارش از خود بلا اجازت نہیں کر سکتے، اور جب کسی کے لئے اجازت ملتی بھی ہے تو خود ہیبت سے مدہوش جیسے ہو جاتے ہیں، اس کے بعد جب ہوش درست ہوتا ہے تو سفارش کرتے ہیں، تو یہ پتھروں کے خود تراشیدہ بُت جن میں نہ کسی طرح کی قابلیت ہی نہ مقبولیت، وہ کیسے کسی کی سفارش کر سکتے ہیں؟ فرشتوں کے مدہوش ہو جانے وغیرہ کا ذکر آگے آیت میں اس طرح آیا ہے کہ) یہاں تک کہ جب ان کے دلوں سے گھبراہٹ (جو حکم سننے کے وقت طاری ہوئی تھی) دور ہو جاتی ہے تو ایک دوسرے سے پوچھتے ہیں کہ تمھارے پروردگار نے کیا حکم فرمایا وہ کہتے ہیں کہ (فلاں) حق بات

کا حکم فرمایا (جیسے طالب علم سبق پڑھنے کے بعد استاد کی تقریر کو صحیح کرنے اور یاد کرنے کے لئے باہم اس کا اعادہ کیا کرتے ہیں، یہ فرشتے بھی اپنے سُنے ہوئے حکم کی باہم ایک دوسرے سے تحقیق و تصدیق کرتے ہیں۔ اس کے بعد حکم کی تعمیل کرتے ہیں) اور (اس کے روبرو فرشتوں کا ایسا حال ہو جانا کیا بعید ہے) وہ عالی شان سب سے بڑا ہے۔

اور آپ (ان سے تحقیقِ توحید کے لئے یہ بھی) پوچھئے کہ تم کو آسمان و زمین سے (پانی برسا کر اور نباتات نکال کر) کون روزی دیتا ہے (چونکہ اس کا جواب ان کے نزدیک بھی متعین ہے، اس لئے) آپ (ہی) کہہ دیجئے کہ اللہ تعالیٰ (روزی دیتا ہے) اور (یہ بھی کہئے کہ اس مسئلہ توحید میں) بیشک ہم یا تم ضرور راہِ راست پر ہیں یا صریح گمراہی میں (یعنی یہ تو ہو نہیں سکتا کہ دو متضاد چیزیں توحید اور شرک دونوں صحیح اور حق ہوں، اور دونوں طرح کے عقیدے رکھنے والے اہلِ حق ہوں بلکہ ضروری ہے کہ ان دونوں عقیدوں میں سے ایک صحیح دوسرا غلط ہو۔ صحیح عقیدے کے رکھنے والے ہدایت پر اور غلط کا عقیدہ رکھنے والے گمراہی پر ہونگے۔ اب تم غور کر لو کہ ان میں سے کونسا عقیدہ صحیح ہے اور کون حق و ہدایت پر ہے کون گمراہی پر) آپ (ان سے اس بحث و مناظرہ میں یہ بھی) فرما دیجئے (کہ ہم نے کھول کر حق و باطل کو واضح طور پر بیان کر دیا ہے، اب تم اور ہم ہر ایک اپنے عمل کا ذمہ دار ہے) تم سے ہمارے جرائم کی باز پرس نہ ہوگی اور ہم سے تمہارے اعمال کی باز پرس نہ ہوگی اور (آپ اُن سے یہ بھی) کہہ دیجئے کہ (ایک وقت ضرور آنے والا ہے جس میں) ہمارا رب سب کو (ایک جگہ) جمع کرے گا پھر ہمارے درمیان ٹھیک ٹھیک فیصلہ (عملی) کر دے گا اور وہ بڑا فیصلہ کرنیوالا اور (سب کا حال) جاننے والا ہے، آپ (یہ بھی) کہئے کہ تم نے اللہ تعالیٰ کی شان عالی اور قدرت کاملہ کے دلائل سُن لئے اور اپنے بتوں کی بے بسی بھی دیکھ لی) مجھ کو ذرا وہ تو دکھلاؤ جن کو تم نے شریک بنا کر (استحقاقِ عبادت میں) خدا کے ساتھ ملا رکھا ہے، ہرگز (اس کا کوئی شریک) نہیں بلکہ (واقع میں) وہی ہے اللہ (یعنی معبود برحق) زبردست حکمت والا۔

معارف و مسائل

آیاتِ مذکورہ میں حکمِ ربانی کے نزول کے وقت جو فرشتوں کا مدہوش ہو جانا پھر آپس میں ایک دوسرے سے پوچھ پاچھ کرنے کا ذکر ہے، اس کا بیان صحیح بخاری میں حضرت ابوہریرہؓ کی روایت سے اس طرح آیا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ آسمان میں کوئی حکم نافذ فرماتے ہیں تو سب فرشتے خشوع و خضوع سے اپنے پر مارنے لگتے ہیں (اور مدہوش جیسی ہو جاتے ہیں)

جب ان کے دلوں سے گھبراہٹ اور ہیبت وجلال کا وہ اثر دور ہو جاتا ہے تو کہتے ہیں تمھارے رب نے کیا فرمایا؟ دوسرے کہتے ہیں کہ فلاں حکمِ حق ارشاد فرمایا ہے۔ الحدیث

اور صحیح مسلم میں ہے کہ حضرت ابن عباس رضؓ کسی صحابی سے یہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہمارا رب تبارک اسمہٗ جب کوئی حکم دیتا ہے تو عرش کے اٹھانیوالے فرشتے تسبیح کرنے لگتے ہیں، ان کی تسبیح کو سُن کر ان کے قریب والے آسمان کے فرشتے تسبیح پڑھنے لگتے ہیں، پھر ان کی تسبیح کو سُن کر اس سے نیچے والے آسمان کے فرشتے تسبیح پڑھنے لگتے ہیں، یہاں تک کہ یہ نوبت سماءِ دنیا (نیچے کے آسمان) تک پہونچ جاتی ہے (اور سب آسمانوں کے فرشتے تسبیح میں مشغول ہو جاتے ہیں) پھر وہ فرشتے جو حملہ عرش کے قریب ہیں ان سے پوچھتے ہیں کہ آپ کے رب نے کیا فرمایا وہ بتلا دیتے ہیں، پھر اسی طرح ان سے نیچے کے آسمان والے اوپر والوں سے یہی سوال کرتے ہیں، یہاں تک کہ سوال وجواب کا یہ سلسلہ سماءِ دنیا تک پہونچ جاتا ہے۔ الحدیث (مظہری)

بحث ومناظرہ میں مخاطب کے نفسیات کی رعایت اور اشتعال انگیزی سے پرہیز

وَاِنَّآ اَوْ اِيَّاكُمْ لَعَلٰى هُدًى اَوْ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ، یہ مشرکین کفار کے ساتھ خطاب ہے۔ دلائلِ واضحہ سے اللہ تعالیٰ کا خالق ومالک ہونا اور قادر ومطلق ہونا واضح کر دیا گیا، بتوں اور غیر اللہ کی بے بسی اور کمزوری کا مشاہدہ کرا دیا گیا، ان سب باتوں کے بعد موقع اس کا تھا کہ مشرکین کو خطاب کر کے کہا جاتا کہ تم جاہل اور گمراہ ہو کہ خدا تعالیٰ کو چھوڑ کر بتوں اور شیاطین کی پرستش کرتے ہو۔ مگر قرآن حکیم نے اس جگہ جو حکیمانہ عنوان اختیار فرمایا وہ دعوت و تبلیغ اور مخالفینِ اسلام اور اہلِ باطل سے بحث ومناظرہ کرنے والوں کے لئے ایک اہم ہدایت نامہ ہے کہ اس آیت میں ان کو کافر گمراہ کہنے کی بجائے عنوان یہ رکھا کہ ان دلائل واضحہ کی روشنی میں یہ تو کوئی سمجھدار آدمی کہہ نہیں سکتا کہ توحید وشرک دونوں باتیں حق ہیں، اور اہلِ توحید اور مشرک دونوں حق پرست ہیں، بلکہ یقینی ہے کہ ان دونوں میں سے ایک حق پر دوسرا گمراہی پر ہے۔ اب تم خود سوچ لو اور فیصلہ کر لو کہ ہم حق پر ہیں یا تم۔ مخاطب کو خود کافر گمراہ کہنے سے اس کو اشتعال ہوتا، اس سے گریز کیا گیا، اور ایسا مشفقانہ عنوان اختیار کیا کہ سنگدل مخالف بھی غور کرنے پر مجبور ہو جائے (از قرطبی و بیان القرآن)

یہ پیغمبرانہ دعوت وموعظت اور مجادلہ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ کا طریقہ جو علماء کو ہر وقت پیشِ نظر رکھنا چاہئے، اس کے نظر انداز ہونے ہی سے دعوت وتبلیغ اور بحث ومناظرہ بے اثر بلکہ مضر ہو کر رہ جاتا ہے۔ مخالفین ضد پر آجاتے ہیں ان کی گمراہی اور پختہ ہو جاتی ہے۔

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّلٰكِنَّ

اور تجھ کو جو ہم نے بھیجا سو سارے لوگوں کے واسطے خوشی اور ڈر سنانے کو لیکن

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸﴾	
بہت لوگ نہیں سمجھتے۔	

خلاصۂ تفسیر

اور ہم نے تو آپ کو تمام لوگوں کے واسطے (خواہ جن ہوں یا انسان، عرب ہوں یا عجم موجود ہوں یا آئندہ ہونے والے ہوں سب کے لئے) پیغمبر بنا کر بھیجا ہے (ایمان لانے پر ان کو ہماری رضا و ثواب کی) خوش خبری سنانے والا اور (ایمان نہ لانے پر ان کو ہمارے غضب و عذاب سے) ڈرانے والا، لیکن اکثر لوگ نہیں سمجھتے (جہالت یا عناد کی وجہ سے انکار و تکذیب میں لگ جاتے ہیں)۔

معارف و مسائل

سابقہ آیات میں توحید اور حق تعالیٰ کے قادر مطلق ہونے کا بیان تھا، اس آیت میں رسالت کا اور بالخصوص ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کا تمام اقوام عالم موجودہ و آئندہ کے لئے عام ہونا بیان کیا گیا ہے۔

كَآفَّةً لِّلنَّاس لفظ كَآفَّةً، عربی محاورہ میں کسی چیز کے سب کو عام و شامل ہونے کے معنی میں استعمال ہوتا ہے، جس میں کوئی مستثنیٰ نہ ہو۔ اصل عبارت ترکیبی کا تقاضا یہ تھا کہ لِلنَّاسِ كَافَّةً کہا جاتا، کیونکہ لفظ كَافَّةً حال ہے ناس کا، مگر عموم بعثت بیان کرنے کا اہتمام واضح کرنے کے لئے لفظ کافّہ کو مقدم کر دیا گیا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے جتنے انبیاء مبعوث ہوئے ہیں، ان کی رسالت و نبوّت کسی خاص قوم اور خاص خطۂ زمین کے لئے تھی۔ یہ حضرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصی فضیلت ہے کہ آپ کی نبوّت ساری دنیا کے لئے عام ہے۔ اور صرف انسان ہی نہیں جنّات کے لئے بھی ہے اور صرف اُن لوگوں کے لئے نہیں جو آپؐ کے زمانہ میں موجود تھے بلکہ قیامت تک آنے والی انسانی نسلوں کے لئے عام ہے۔ اور آپؐ کی نبوّت و رسالت کا تاقیامت باقی اور مسلسل رہنا ہی اس کا مقتضی ہے کہ آپؐ خاتم النبیین ہوں آپؐ کے

بعد کوئی نبی مبعوث نہ ہو۔ کیونکہ دوسرا نبی اس وقت مبعوث ہوتا ہے جب پہلے کی شریعت اور تعلیمات مسخ و محرّف ہو جائیں، تو دوسرا نبی اصلاحِ خلق کے ــــ مقصد کے لئے بھیجا جاتا ہے۔ حق تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت اور اپنی کتاب قرآن کی حفاظت کا تا قیامت خود ذمہ لے لیا ہے، اس لئے وہ قیامت تک اپنی اصلی حالت میں قائم رہے گی اور کسی اور نبی کے مبعوث ہونے کی ضرورت باقی نہ رہے گی۔

صحیح بخاری و مسلم وغیرہ میں حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے پانچ چیزیں ایسی عطا کی گئی ہیں جو مجھ سے پہلے کسی کو نہیں ملیں۔ ایک یہ کہ میری مدد اللہ تعالیٰ نے مجھے ایسا رعب دے کر فرمائی کہ ایک مہینہ کی مسافت تک لوگوں پر میرا رعب چھا جاتا ہے۔ دوسرے یہ کہ میرے لئے پوری زمین کو مسجد اور طہور قرار دیدیا گیا ہے۔ (پچھلے انبیاء کی شریعتوں میں ان کی عبادت خاص عبادت گاہوں ہی میں ہوتی تھی، ان کی مساجد سے باہر میدان یا گھر میں عبادت نہ ہوتی تھی، اللہ تعالیٰ نے امتِ محمدیہ کے لئے پوری زمین کو اس معنی میں مسجد بنا دیا کہ ہر جگہ نماز ادا ہو سکتی ہے۔ اور زمین کی مٹی کو پانی نہ ملنے یا پانی کا استعمال مضر ہونے کی صورت میں طہور یعنی پاک کرنے والا بنا دیا کہ اس سے تیمم کر لیا جائے تو وضو کے قائم مقام ہو جاتا ہے)۔ تیسرے یہ کہ میرے لئے مالِ غنیمت حلال کر دیا گیا، مجھ سے پہلے کسی امت کے لئے یہ مال حلال نہیں تھا (بلکہ حکم یہ تھا کہ جنگ میں جو مال کفار کا ہاتھ آتا اس کو جمع کر کے ایک جگہ رکھ دیں، وہاں ایک آسمانی آگ بجلی وغیرہ آ کر اس کو جلا دے گی، اور یہ جلا دینا ہی اس جہاد کی مقبولیت کی علامت ہوگی۔ امتِ محمدیہ کے لئے مالِ غنیمت کو قرآن کے بتلائے ہوئے اصول کے مطابق تقسیم کر لینا اور اپنی ضروریات میں صرف کرنا جائز کر دیا گیا) چوتھے یہ کہ مجھے شفاعتِ کبریٰ کا مقام دیا گیا (یعنی حشر کے میدان میں جس وقت کوئی پیغمبر شفاعت کی ہمت نہ کرے گا، مجھے اس وقت شفاعت کا موقع دیا جائے گا) پانچویں یہ کہ مجھ سے پہلے ہر نبی اپنی مخصوص قوم کی طرف بھیجا جاتا تھا، مجھے تمام اقوامِ عالم کی طرف پیغمبر بنا کر بھیجا گیا ہے (ابن کثیر)

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۹﴾ قُلْ لَّكُمْ	
اور کہتے ہیں کب ہے یہ وعدہ اگر تم سچے ہو ۔ تو کہہ تمھارے	
مِّيْعَادُ يَوْمٍ لَّا تَسْتَاْخِرُوْنَ عَنْهُ سَاعَةً وَّلَا تَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۳۰﴾	ع ۳ ۹ ۹ النصف
لئے وعدہ ہے ایک دن کا نہ دیر کرو گے اس سے ایک گھڑی نہ جلدی	

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ بِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَلَا بِالَّذِيْ

اور کہنے لگے منکر ہم ہرگز نہ مانیں گے اس قرآن کو اور نہ اس سے

بَيْنَ يَدَيْهِ ۭ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ مَوْقُوْفُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚۖ

اگلے کو، اور کبھی تو دیکھے جب کہ گنہگار کھڑے کئے جائیں اپنے رب کے پاس،

يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضِ ۨ الْقَوْلَ ۚ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا

ایک دوسرے پر ڈالتا ہے بات کو، کہتے ہیں وہ لوگ جو کمزور سمجھے جاتے تھے

لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لَوْلَآ اَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ ۝۳۱ قَالَ

بڑائی کرنے والوں کو اگر تم نہ ہوتے تو ہم ایمان دار ہوتے۔ کہنے لگے

الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْٓا اَنَحْنُ صَدَدْنٰكُمْ عَنِ

بڑائی کرنے والے اُن سے جو کہ کمزور ہوگئے تھے کیا ہم نے روکا تم کو

الْهُدٰى بَعْدَ اِذْ جَاۗءَكُمْ بَلْ كُنْتُمْ مُّجْرِمِيْنَ ۝۳۲ وَقَالَ الَّذِيْنَ

حق بات سے تمہارے پاس پہنچ چکنے کے بعد کوئی نہیں تم ہی تھے گنہگار۔ اور کہنے لگے

اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا بَلْ مَكْرُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ اِذْ

وہ لوگ جو کمزور گنے گئے تھے بڑائی کرنے والوں کو کوئی نہیں پر فریب سے رات دن کے جب

تَاْمُرُوْنَنَآ اَنْ نَّكْفُرَ بِاللّٰهِ وَنَجْعَلَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ۭ وَاَسَرُّوا

تم ہم کو حکم کیا کرتے کہ ہم نہ مانیں اللہ کو اور ٹھہرائیں اس کے ساتھ برابر کے ساجھی اور چھپی چھپے

النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ۭ وَجَعَلْنَا الْاَغْلٰلَ فِيْٓ اَعْنَاقِ

پچتانے لگے جب دیکھ لیا عذاب، اور ہم نے ڈالے ہیں طوق گردنوں میں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۳۳

منکروں کے، وہی بدلہ پاتے ہیں جو عمل کرتے تھے۔

خلاصہ تفسیر

اور یہ لوگ (قیامت کے متعلق مضامین يَجْمَعُ بَيْنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ يَفْتَحُ الخ سنکر) کہتے ہیں

کہ یہ وعدہ کب (واقع) ہوگا اگر تم (یعنی نبی اور آپ کے متبعین) سچے ہو (تو بتلاؤ) آپ کہدیجئے کہ تمھارے واسطے ایک خاص دن کا وعدہ (مقرر) ہے اس سے نہ ایک ساعت پیچھے ہٹ سکتے ہو اور نہ آگے بڑھ سکتے ہو (یعنی گو ہم وقت نہ بتلائیں گے جو تم پوچھ رہے مگر آئے گی ضرور جس کا اس پوچھنے سے انکار کرنا تمھارا مقصود ہے) اور یہ کفار (دنیا میں تو خوب خوب باتیں بناتے ہیں اور) کہتے ہیں کہ ہم ہرگز نہ اس قرآن پر ایمان لائیں گے اور نہ اس سے پہلی کتابوں پر اور (قیامت میں یہ ساری لمبی چوڑی باتیں ختم ہو جائیں گی چنانچہ) اگر آپ (ان کی) اس وقت کی حالت دیکھیں (تو ایک ہولناک منظر نظر آئے) جبکہ یہ ظالم اپنے رب کے سامنے کھڑے کئے جائیں گے ایکدوسرے پر بات ڈالتا ہوگا (جیسا کوئی کام بگڑ جانے کے وقت عادت ہوتی ہے، چنانچہ) ادنیٰ درجہ کے لوگ (یعنی متبعین) بڑے لوگوں سے (یعنی اپنے مقتداؤں سے) کہیں گے کہ (ہم تو تمھارے سبب برباد ہوئے) اگر تم نہ ہوتے تو ہم ضرور ایمان لے آئے ہوتے (اس پر) یہ بڑے لوگ اُن ادنیٰ درجہ کے لوگوں سے کہیں گے کہ کیا ہم نے تم کو ہدایت (پر عمل کرنے) سے (زبردستی) روکا تھا بعد اس کے کہ وہ (ہدایت) تم کو پہونچ چکی تھیں نہیں بلکہ تم ہی قصوروار ہو (کہ حق کے ظاہر ہونے کے بعد بھی اس کو قبول نہ کیا، اب ہمارے سر دھرتے ہو) اور (اس کے جواب میں) یہ کم درجہ کے لوگ ان بڑے لوگوں سے کہیں گے کہ (ہم یہ نہیں کہتے کہ تم نے زبردستی کی تھی) نہیں، بلکہ تمھاری رات دن کی تدبیروں نے روکا تھا جب تم ہم سے فرمائش کرتے رہتے تھے کہ ہم اللہ کے ساتھ کفر کریں اور اس کے لئے شریک قرار دیں (تدبیروں سے مراد ترغیب و ترہیب ہے، یعنی رات دن کی ان تعلیمات اور ان تدبیرات کا اثر ہوگیا، اور تباہ و برباد ہوئے۔ بس ہم کو تم ہی نے خراب کیا) اور (اس گفتگو میں تو ہر شخص دوسرے پر الزام دے گا، مگر دل میں اپنا اپنا قصور بھی سمجھیں گے۔ مضلّین سمجھیں گے کہ واقعی ہم نے ایسا کیا تو تھا اور ضالّین سمجھیں گے کہ گو انھوں نے ہم کو غلط راستہ بتلایا تھا، لیکن آخر ہم بھی تو اپنا نفع نقصان سمجھ سکتے تھے، ضرور ہمارا بھی بلکہ زیادہ ہمارا ہی قصور ہے لیکن) وہ لوگ (اپنی اس) پشیمانی کو (ایک دوسرے سے) مخفی رکھیں گے جبکہ (اپنے اپنے عمل پر) عذاب (ہوتا ہوا) دیکھیں گے (تاکہ نقصان مایہ کے ساتھ شماتت ہمسایہ نہ ہو، لیکن آخر میں شدّتِ عذاب سے وہ تحمل جاتا رہے گا) اور (ان سب کو مشترک یہ عذاب دیا جائے گا کہ) ہم کافروں کی گردنوں میں طوق ڈالیں گے (اور ہاتھ پاؤں میں زنجیر پھر مشکیں کسا ہوا جہنم میں جھونک دیا جائے گا) جیسا کرتے تھے ویسا ہی تو بھرا۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَا ۙ اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ

اور نہیں بھیجا ہم نے کسی بستی میں کوئی ڈرانے والا مگر کہنے لگے وہاں کے آسودہ لوگ جو تمھارے ہاتھ بھیجا گیا

بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۴﴾ وَقَالُوْا نَحْنُ اَكْثَرُ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا ۙ وَّمَا نَحْنُ

ہم اس کو نہیں مانتے۔ اور کہنے لگے ہم زیادہ ہیں مال اور اولاد میں، اور ہم پر آفت

بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿۳۵﴾ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ

نہیں آنے والی، تو کہہ میرا رب ہی جو کشادہ کر دیتا ہی روزی جسکو چاہی اور ماپ کر دیتا ہے

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَمَآ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ ع ۴ ۱۰

لیکن بہت لوگ سمجھ نہیں رکھتے۔ اور تمھارے مال اور تمھاری اولاد

اَوْلَادُكُمْ بِالَّتِيْ تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا زُلْفٰٓى اِلَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ

وہ نہیں کہ نزدیک کر دیں ہمارے پاس تمھارا درجہ پر جو کوئی یقین لایا اور بھلا

صَالِحًا ۚ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَزَآءُ الضِّعْفِ بِمَا عَمِلُوْا وَهُمْ فِي

کام کیا سو ان کے لئے ہے بدلہ دونا ان کے کئے کام کا اور وہ بھروکوں

الْغُرُفٰتِ اٰمِنُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَالَّذِيْنَ يَسْعَوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ

میں بیٹھے ہیں دل جمعی سے، اور جو لوگ دوڑتے ہیں ہماری آیتوں کے ہرانے کو

اُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿۳۸﴾

وہ عذاب میں پکڑے ہوئے آتے ہیں۔

خلاصۂ تفسیر

اور (اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم ان لوگوں کے اقوالِ ضلالت و اقوالِ جہالت سے آپ مغموم نہ ہوں، کیونکہ یہ معاملہ انوکھا آپ ہی کے ساتھ نہیں ہوا بلکہ) ہم نے کسی بستی میں کوئی ڈر سنانے والا (پیغمبر) نہیں بھیجا، مگر وہاں کے خوش حال لوگوں نے (ان کفار معاصرین کی طرح) یہی کہا کہ ہم تو ان احکام کے منکر ہیں جو تم کو دے کر بھیجا گیا ہے، اور انھوں نے یہ بھی کہا کہ ہم مال اور اولاد میں تم سے زیادہ ہیں، (کما قال فِی الْکَهْفِ اَنَا اَکْثَرُ

مِنْكَ مَالًا وَّاَعَزُّ نَفَرًا) اور (یہ دلیل ہے ہمارے مکرم و مقبول عند اللہ ہونے کی پس) ہم کو کبھی عذاب نہ ہوگا (اور یہی بات کفار مکہ کہتے ہیں کما قال تعالیٰ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ آمَنُوْٓا اَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ خَيْرٌ مَّقَامًا، پس غم نہ کیجئے، البتہ ان کے قول کو رد کیجئے اور ان سے یوں) کہہ دیجئے کہ (وسعتِ رزق کا مدار قبول عند اللہ نہیں ہے، بلکہ محض مشیت ہے، چنانچہ) میرا پروردگار جس کو چاہتا ہے زیادہ روزی دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے کم دیتا ہے (اور اُس میں حکمتیں ہوتی ہیں) ولیکن اکثر لوگ (اس سے) واقف نہیں (کہ مدار اس کا دوسری مصلحتوں پر ہے قبولیت عند اللہ پر نہیں ہے) اور (اے کفار یہ بھی سُن رکھو کہ جس طرح تمہارے اموال و اولاد دلیل وعلامت قرب عند اللہ کے نہیں اسی طرح) تمہارے اموال واولاد ایسی چیزیں نہیں جو تم کو درجہ میں ہمارا مقرب بنادے (یعنی مؤثر وعلت قرب کی بھی نہیں پس نہ اموال واولاد قبولیت پر مرتب ہیں، اور نہ اموال واولاد پر قبولیت مرتب ہے) ہاں مگر جو ایمان لاوے اور اچھے کام کرے (یہ دونوں چیزیں البتہ سببِ قرب ہیں) سو ایسے لوگوں کے لئے ان کے (نیک) عمل کا دونا صلہ ہے (یعنی عمل سے زیادہ خواہ دونے سے بھی زیادہ لقولہٖ تعالیٰ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا) اور وہ (بہشت کے) بالاخانوں میں چین سے (بیٹھے) ہوں گے اور جو لوگ (ان کے خلاف محض اموال واولاد پر مغرور ہیں اور ایمان وعمل صالح کو اختیار نہیں کرتے بلکہ وہ) ہماری آیتوں کے متعلق (ان کے ابطال کی) کوشش کر رہے ہیں (نبی کو) ہرانے کے لئے ایسے لوگ عذاب میں لائے جائیں گے۔

مَعارف ومَسائل

دنیا کی دولت وعزت کو مقبولیت عند اللہ کی دلیل سمجھنے کا قدیم شیطانی فریب

ابتداء دنیا سے دنیا کی دولت اور عیش وعشرت کے نشہ میں مخمور ہونے والوں نے ہمیشہ حق کی آواز کی مخالفت اور انبیاء وصلحاء سے عداوت کا طریقہ اختیار کیا ہے، اِلَّا مَا شَآءَ اللہ، اس پر طرّہ یہ کہ وہ اہلِ حق کے مقابلہ میں اپنی موجودہ حالت پر مگن اور مطمئن ہونے کی یہ دلیل بھی دیتے تھے کہ اگر ہمارے اعمال وعادات اللہ کو پسند نہ ہوتے تو ہمیں دنیا کی دولت عزت حکومت کیوں دیتے؟ قرآن کریم نے اس کا جواب متعدد آیات میں مختلف عنوانات سے دیا ہے۔ آیاتِ مذکورہ کا نزول بھی اسی طرح کے ایک واقعہ سے متعلق اور اس لغو دلیل کا جواب ہے۔

حدیث میں ہے کہ زمانۂ جاہلیت میں دو شخص ایک کاروبار میں شریک تھے،

پھران میں سے ایک یہ جگہ چھوڑ کر کسی ساحلی علاقہ میں چلا گیا، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوئے، آپؐ کی نبوّت ورسالت کا چرچا ہوا تو ساحلی ساتھی نے مکّی ساتھی کو خط لکھ کر دریافت کیا کہ ان کے دعوائ نبوّت کا تم لوگوں نے کیا اثر لیا؟ اس پر مکی ساتھی نے جواب لکھا کہ قریش میں سے تو کوئی بھی ان کا تابع نہیں ہوا، صرف غریب مسکین بے حیثیت لوگ انکے پیچھے لگے ہیں۔ ساحلی ساتھی وہاں کی اپنی تجارت چھوڑ کر مکہ مکرمہ آیا، اور اپنے ساتھی سے کہا کہ مجھے ان کا پتہ بتلاؤ جو نبوّت کا دعویٰ کرتے ہیں۔ یہ ساحلی ساتھی کچھ کتب قدیمہ تورات وانجیل وغیرہ کا مطالعہ کیا کرتا تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، اور دریافت کیا کہ آپ کس چیز کی طرف دعوت دیتے ہیں؟ آپؐ نے اپنی دعوتِ اسلام کے اہم اجزاء کا ذکر فرمایا، دعوتِ اسلام کو آپؐ کی زبانِ مبارک سے سنتے ہی اس نے کہا اَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ، یعنی میں شہادت دیتا ہوں کہ آپؐ بے شک اللہ کے رسول ہیں۔ آپؐ نے ان سے پوچھا کہ آپ کو یہ کیسے معلوم ہوا؟ اس نے عرض کیا کہ (آپ کی دعوت کا حق ہونا تو عقل سے سمجھا اور اس کی علامت یہ دیکھی کہ) جتنے انبیاء علیہم السلام پہلے آئے ہیں سب کے ماننے والے ابتداء میں قوم کے غریب وفقیر دنیا میں کم حیثیت لوگ ہوئے ہیں، اس پر یہ آیت مذکورہ نازل ہوئی مَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَا (ابن کثیر ومظہری) مُتْرَف، تَرَف سے مشتق ہے، جس کے معنی ناز ونعمت کی فراوانی کے آتے ہیں۔ مُتْرَفِيْنَ سے مراد اغنیاء اور مالدار اور قوم کے رؤساء ہیں۔ قرآن کریم نے مذکورہ آیات میں سے پہلی آیت میں فرمایا ہے کہ جب کبھی ہم نے کوئی رسول بھیجا ہے تو مال ودولت کے نشہ اور ناز ونعمت میں پلے ہوئے لوگوں نے اس کا مقابلہ کفر وانکار ہی سے کیا ہے۔

دوسری آیت میں اُن کا یہ قول نقل کیا ہے کہ نَحْنُ اَكْثَرُ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا وَّمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ، "یعنی ہم تم سے مال ودولت میں بھی زیادہ اولاد میں بھی زیادہ، اس لئے ہم عذاب میں مبتلا نہیں ہوسکتے" (بظاہر اُن کے قول کا مطلب یہ تھا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ہم قابلِ عذاب ہوتے تو ہمیں اتنی دولت وعزت کیوں دیتا) قرآن کریم نے تیسری اور چوتھی آیت میں اُن کا یہ جواب دیا ہے قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ اور مَآ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ الآیہ، خلاصہ جواب کا یہ ہے کہ دنیا میں مال ودولت یا عزت وجاہ کی کمی بیشی اللہ کے نزدیک مقبول یا مردود ہونے کی دلیل نہیں، بلکہ تکوینی مصالح کے پیش نظر دنیا میں تو اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے مال ودولت فراوانی کے ساتھ دیتا ہے، جس کو چاہتا ہے کم دیتا ہے، جس کی تکوینی حکمت

کو وہی جانتا ہے، مگر مال و اولاد کی بہتات کو اللہ کے نزدیک مقبولیت کی دلیل سمجھنا جہالت ہے، کیونکہ اس کے نزدیک مقبولیت کا مدار صرف ایمان اور عمل صالح پر ہے جس کو یہ حاصل نہیں مال و اولاد کتنا ہی زیادہ ہو وہ اس کو اللہ کے نزدیک مقبول نہیں بنا سکتا۔

اسی مضمون کو قرآن کریم نے متعدد آیات میں بیان فرمایا ہے، ایک جگہ ارشاد ہے اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّبَنِيْنَ نُسَارِعُ لَهُمْ فِي الْخَيْرٰتِ بَلْ لَّا يَشْعُرُوْنَ، یعنی کیا یہ لوگ سمجھتے ہیں کہ ہم جو مال اور اولاد کی بہتات سے ان کی امداد کرتے ہیں یہ کچھ ان کے لئے انجام و آخرت کے اعتبار سے خیر ہے (ہرگز نہیں)، بلکہ یہ لوگ حقیقت سے بے خبر ہیں (کہ جو مال و اولاد انسان کو اللہ سے غافل کرے وہ اس کے لئے وبال ہے)۔

دوسری آیت میں فرمایا فَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ، "یعنی ان کافروں کے مال و اولاد سے آپ تعجب نہ کریں، کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارادہ یہ ہے کہ ان کو اسی مال و اولاد کے ذریعے دنیا میں مبتلائے عذاب کر دے، اور انجام کار ان کی جان اسی حالتِ کفر میں نکل جائے، جس کا نتیجہ آخرت کا دائمی عذاب ہو۔ مال و اولاد کے ذریعہ دنیا میں عذاب دینے کا مطلب یہ ہے کہ وہ دنیا میں مال و دولت کی محبت میں ایسے مبتلا ہو جائیں کہ اپنے انجام اور خدا و آخرت کی طرف کبھی التفات نہ ہو جس کا انجام دائمی عذاب ہے، اور بہت سے مال و اولاد والوں کو اس دنیا میں بھی مال و اولاد ہی کی خاطر بلکہ انہی کے ذریعہ ہزاروں مصائب و تکالیف جھیلنی پڑتی ہیں، ان کی سزا و عذاب تو اسی عالم سے شروع ہو جاتا ہے۔

حضرت ابوہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ تمہاری صورتوں کو اور تمہارے اموال کو نہیں دیکھتا، وہ تو تمہارے دلوں کو اور اعمال کو دیکھتا ہے۔ (رواہ احمد، ابن کثیر)

فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَزَآءُ الضِّعْفِ بِمَا عَمِلُوْا وَهُمْ فِي الْغُرُفٰتِ اٰمِنُوْنَ، یہ ایمان و عمل صالح والوں کا حال بتلایا گیا ہے، کہ اللہ کے نزدیک مقبول یہی لوگ ہیں، دنیا میں کوئی ان کی قدر پہچانے یا نہ پہچانے، آخرت میں اُن کو جزائے ضِعف ملے گی۔ ضِعف بکسر ضاد مصدر ہے، جس کے معنی ایک شے کے مثل یا امثال کے آتے ہیں۔ مراد یہ ہے کہ جس طرح دنیا میں دولت والے اپنی دولت کو بڑھانے میں لگے رہتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کے اعمال کی جزاء کو آخرت میں بڑھا دیں گے، کہ ایک عمل کی جزاء اس کے دس امثال ہوں گے، اور اس میں بھی منحصر نہیں، اس کے اخلاصِ عمل اور دوسرے اسباب سے ایک عمل کی جزا اس کے سات سو گنا تک ملنا

بھی احادیث صحیحہ میں ثابت ہے۔ اور اس میں بھی حصر نہیں، اس سے بھی زیادہ ہو سکتی ہے، اور یہ لوگ جنّت کے غرفوں میں مامون اور ہمیشہ کے لئے ہر رنج و غم سے محفوظ رہیں گے۔ غرفات غرفہ کی جمع ہے، مکان کا جو حصّہ دوسرے حصّوں سے ممتاز اور اعلیٰ سمجھا جائے اس کو غرفہ کہتے ہیں (مظہری)

قُلْ اِنَّ رَبِّیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَیَقْدِرُ لَهٗ ؕ وَمَاۤ

تو کہہ میرا رب ہی جو کشادہ کر دیتا ہے روزی جس کو چاہے اپنے بندوں میں اور ماپ کر دیتا ہے اور

اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَهُوَ یُخْلِفُهٗ ۚ وَهُوَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ﴿۳۹﴾

جو خرچ کرتے ہو کچھ چیز وہ اس کا عوض دیتا ہے اور وہ بہتر ہے روزی دینے والا۔

خُلاصۂ تفسیر

آپ (مؤمنین سے) یہ فرما دیجئے کہ میرا رب اپنے بندوں میں سے جس کو چاہے فراخ روزی دیتا ہے اور جس کو چاہے تنگی دیتا ہے اور (خرچ میں امساک اور بخل سے رزق بڑھ نہیں سکتا، اور شریعت کے مطابق خرچ کرنے سے گھٹ نہیں سکتا، اس لئے تم مال سے دل نہ لگاؤ بلکہ جہاں جہاں اللہ کے حقوق اور اپنے عیال کے حقوق اور فقراء و مساکین وغیرہ میں خرچ کرنے کا حکم ہے بے دھڑک خرچ کرتے رہو، کہ اس سے رزق مقسوم و مقدر میں تو کسی کمی کا ضرر نہ ہوگا اور آخرت میں اس سے نفع حاصل ہوگا، کیونکہ) جو چیز تم (حکمِ خداوندی کے مواقع میں) خرچ کرو گے تو اللہ تعالیٰ اس کا (آخرت میں تو ضرور اور اکثر دنیا میں بھی) بدلہ دیگا اور وہ سب سے بہتر روزی دینے والا ہے۔

مَعارف و مسائل

یہ آیت تقریباً انہی الفاظ کے ساتھ اوپر گذری ہے (قُلْ اِنَّ رَبِّیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ وَیَقْدِرُ) یہاں بظاہر یہی مضمون مکرر آیا ہے مگر ایک فرق کے ساتھ کہ اس جگہ مَنْ یَّشَاءُ کے بعد مِنْ عِبَادِهٖ اور یَقْدِرُ کے بعد لَهٗ کا اضافہ ہے۔ مِنْ عِبَادِهٖ کے لفظ سے یہ سمجھا جاتا ہے کہ یہ حکم اپنے مخصوص بندوں یعنی مؤمنین کے لئے ارشاد ہوا ہے، اور مقصود اس سے یہ ہے کہ ایمان والے مال کی محبّت میں ایسے نہ لگیں کہ اللہ تعالیٰ کے بتلائے ہوئے حقوق و مواقع

میں خرچ کرنے سے دل تنگ ہونے لگیں، اور اس سے پہلی جو آیت اسی مضمون کی آئی ہے اس کا خطاب کفار و مشرکین کو تھا جو دنیا کے مال و اولاد پر فخر کرتے اور ان کو اپنی آخرت کی فلاح کی دلیل بتاتے تھے۔ اس طرح مخاطب اور مقصود کلام کے اعتبار سے تکرار نہ رہا، خلاصۂ تفسیر میں جو شروع آیت کی تفسیر میں مؤمنین کا لفظ بڑھایا ہے یہ اسی مضمون کی طرف اشارہ ہے۔

اور بعض حضرات نے ان دونوں آیتوں میں یہ فرق بیان کیا ہے کہ پہلی آیت میں تو مختلف انسانوں میں تقسیمِ رزق کا ذکر تھا کہ اللہ تعالیٰ اپنی حکمت اور مصالحِ عالم کے پیشِ نظر کسی کو مال زیادہ کسی کو کم دیتے ہیں، اور اس آیت میں ایک ہی شخص کے مختلف احوال کا ذکر ہے کہ ایک شخص کو کبھی مال کی فراخی اور وسعت عطا ہوتی ہے، کبھی اسی کو تنگی اور تنگ دستی بھی پیش آتی ہے۔ لفظ لہٗ جو اس آیت میں یَقْدِرُ کے بعد آیا ہے اس میں اس طرف اشارہ نکلتا ہے اس تقریر کے مطابق بھی تکرار نہ رہا بلکہ پہلی آیت مختلف افراد کے متعلق اور یہ آیت ایک ہی فرد کے مختلف احوال کے متعلق ہو گئی۔

وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَهُوَ يُخْلِفُهٗ۔ اس آیت کے لفظی معنی یہ ہیں کہ تم جو چیز بھی خرچ کرتے ہو اللہ تعالیٰ اپنے خزانۂ غیب سے تمہیں اس کا بدل دیدیتے ہیں، کبھی دنیا میں اور کبھی آخرت میں اور کبھی دونوں میں۔ کائناتِ عالم کی تمام چیزوں میں اس کا مشاہدہ ہوتا ہے کہ آسمان سے پانی نازل ہوتا ہے انسان اور جانور اس کو بے دھڑک خرچ کرتے رہتے ہیں، کھیتوں اور درختوں کو سیراب کرتے ہیں وہ پانی ختم نہیں ہوتا کہ دوسرا اس کی جگہ اور نازل ہو جاتا ہے۔ اسی طرح زمین سے کنواں کھود کر جو پانی نکالا جاتا ہے اس کو جتنا نکال کر خرچ کرتے ہیں اس کی جگہ دوسرا پانی قدرت کی طرف سے جمع ہو جاتا ہے، انسان غذا کھا کر بظاہر ختم کر لیتا ہے مگر اللہ تعالیٰ اس کی جگہ دوسری غذا مہیا کر دیتے ہیں، بدن کی نقل و حرکت اور محنت سے جو اجزاء تحلیل ہو جاتے ہیں ان کی جگہ دوسرے اجزاء بدل ما یتحلّل بن جاتے ہیں۔ غرض انسان دنیا میں جو چیز خرچ کرتا ہے اللہ تعالیٰ کی عام عادت یہ ہے کہ اس کے قائم مقام اسی جیسی دوسری چیز دیدیتے ہیں، کبھی کسی کو سزا دینے کے لئے یا کسی دوسری تکوینی مصلحت سے اس کے خلاف ہو جانا اس ضابطۂ آلہیہ کے منافی نہیں۔

صحیح مسلم میں حضرت ابوہریرہؓ کی حدیث ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر روز جب لوگ صبح میں داخل ہوتے ہیں دو فرشتے آسمان سے اترتے ہیں اور یہ دعاء کرتے ہیں اَللّٰھُمَّ اَعْطِ مُنْفِقًا خَلَفًا وَاَعْطِ مُمْسِكًا تَلَفًا، یعنی یا اللہ خرچ کرنے والے کو اس کا بدل عطا فرما اور بخل کرنے والے کا مال ضائع کر دے، اور ایک دوسری حدیث میں ہے

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ سے ارشاد فرمایا ہے کہ آپ لوگوں پر خرچ کریں میں آپ پر خرچ کروں گا۔

جو خرچ شریعت کے مطابق نہ ہو اس کے بدل کا وعدہ نہیں

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نیک کام صدقہ ہے، اور کوئی آدمی جو اپنے نفس یا اپنے عیال پر خرچ کرتا ہے وہ بھی صدقہ کے حکم میں ہے موجب ثواب ہے، اور جو شخص کچھ خرچ کر کے اپنی آبرو بچائے وہ بھی صدقہ ہے، اور جو شخص اللہ کے حکم کے مطابق کچھ خرچ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمہ لیا ہے کہ اس کا بدل اس کو دے گا، مگر وہ خرچ جو (فضول زائد از ضرورت) تعمیر میں یا کسی گناہ کے کام میں کیا ہو اس کے بدل کا وعدہ نہیں۔

حضرت جابرؓ کے شاگرد ابن المنکدر نے یہ حدیث سُن کر ان سے پوچھا کہ آبرو بچانے کے لئے خرچ کا کیا مطلب ہے؟ انھوں نے فرمایا کہ جس شخص کے متعلق یہ خیال ہو کہ نہیں دیں گے تو عیب جوئی کرے گا، بُرا کہتا پھرے گا یا بدگوئی کرے گا اس کو اپنی آبرو بچانے کے لئے دینا مراد ہے (رواہ الدار قطنی، قرطبی)

جس چیز کا خرچ گھٹ جاتا ہے اس کی پیداوار بھی گھٹ جاتی ہے

اس آیت کے اشارہ سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے جو اشیاء صرف انسان اور حیوانات کے لئے پیدا فرمائی ہیں، جب تک وہ خرچ ہوتی رہتی ہیں ان کا بدل منجانب اللہ پیدا ہوتا رہتا ہے، جس چیز کا خرچ زیادہ ہوتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی پیداوار بھی بڑھا دیتے ہیں۔ جانوروں میں بکرے اور گائے کا سب سے زیادہ خرچ ہے کہ ان کو ذبح کر کے گوشت کھایا جاتا ہے، اور شرعی قربانیوں اور کفارات و جنایات میں ان کو ذبح کیا جاتا ہے، وہ جتنے زیادہ کام آتے ہیں اللہ تعالیٰ اتنی ہی زیادہ اس کی پیداوار بڑھا دیتے ہیں جس کا ہر جگہ مشاہدہ ہوتا ہے کہ بکروں کی تعداد ہر وقت چھری کے نیچے رہنے کے باوجود دنیا میں زیادہ ہے، کتے بلی کی تعداد اتنی نہیں، حالانکہ کتے بلی کی نسل بظاہر زیادہ ہونی چاہئے کہ وہ ایک ہی پیٹ سے چار پانچ بچے تک پیدا کرتے ہیں، گائے بکری زیادہ سے زیادہ دو بچے دیتی ہے، گائے بکری ہر وقت ذبح ہوتی رہتی ہے، کتے، بلی کو کوئی ہاتھ نہیں لگاتا، مگر پھر یہ مشاہدہ ناقابلِ انکار ہے کہ دنیا میں گائے اور بکروں کی تعداد بہ نسبت کتے بلی کے زیادہ ہے۔ جب سے ہندوستان میں گائے کے ذبیحہ پر پابندی لگی ہے اس وقت سے وہاں گائے کی پیداوار اسی نسبت سے گھٹ گئی ہے، ورنہ ہر بستی اور ہر گھر گایوں سے بھرا ہوا ہوتا جو ذبح نہ ہونے کے سبب بچی رہیں۔

عرب نے جب سے سواری اور بار برداری میں اونٹوں سے کام لینا کم کر دیا وہاں

اونٹوں کی پیداوار بھی گھٹ گئی، اس سے اس ملحدانہ شبہ کا ازالہ ہوگیا جو احکامِ قربانی کے مقابلہ میں اقتصادی اور معاشی تنگی کا اندیشہ پیش کرکے کیا جاتا ہے۔

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ يَقُولُ لِلْمَلَائِكَةِ أَهَٰؤُلَاءِ إِيَّاكُمْ

اور جس دن جمع کرے گا ان سب کو پھر کہے گا فرشتوں کو کیا یہ لوگ تم کو پوجا

كَانُوا يَعْبُدُونَ ﴿٤٠﴾ قَالُوا سُبْحَانَكَ أَنْتَ وَلِيُّنَا مِنْ دُونِهِمْ ۖ

کرتے تھے ؟ وہ کہیں گے پاک ذات ہی تیری ہم تیری طرف میں ہیں ان کی طرف میں نہیں

بَلْ كَانُوا يَعْبُدُونَ الْجِنَّ ۖ أَكْثَرُهُمْ بِهِمْ مُؤْمِنُونَ ﴿٤١﴾ فَالْيَوْمَ

پر پوجتے تھے جنّوں کو یہ اکثر انہی پر اعتقاد رکھتے تھے۔ سو آج تم

لَا يَمْلِكُ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ نَفْعًا وَلَا ضَرًّا ۚ وَنَقُولُ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا

مالک نہیں ایک دوسرے کے بھلے کے نہ بُرے کے، اور کہیں گے ہم اُن گنہگاروں کو

ذُوقُوا عَذَابَ النَّارِ الَّتِي كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُونَ ﴿٤٢﴾

چکھو تکلیف اس آگ کی جسکو تم جھوٹ بتلاتے تھے۔

خُلاصۂ تفسیر

اور (وہ دن قابلِ ذکر ہے) جس روز اللہ تعالیٰ ان سب کو (میدانِ قیامت میں) جمع فرمائے گا، پھر فرشتوں سے ارشاد فرمائے گا کیا یہ لوگ تمھاری عبادت کیا کرتے تھے (ملائکہ سے یہ سوال مشرکین کو لاجواب کرنے کے لئے ہوگا، جو ملائکہ اور غیر الملائکہ کو اس خیال سے پوجتے تھے کہ یہ راضی ہوکر ہماری شفاعت کریں گے، جیسے ایک آیت میں اسی طرح کا سوال حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے کیا گیا ہے، اَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ۔ مطلب سوال کا یہ ہے کہ کیا تمھاری رضا سے تمھاری عبادت کیا کرتے تھے، و نیز جواب میں بھی اسی قید کا قرینہ ہے جیسا ترجمہ جواب سے معلوم ہوگا) وہ (اوّل حق تعالیٰ کا شریک سے بالاتر اور پاک ہونا ظاہر کرنے کے لئے) عرض کریں گے کہ آپ (شریک سے) پاک ہیں (یہ جواب سے پہلے اس لئے کہا گیا کہ ان کی طرف جو نسبت اِلَی الشریک کی حکایت .... کی گئی ہے اس سے گھبرا کر پہلے یہ جملے عرض کئے پھر آگے اس سوال کا جواب یہ دیں گے کہ) ہمارا تو (محض) آپ سے تعلق ہے نہ کہ ان سے (اس سے

رضا اور امر دونوں کی نفی ہوگئی۔ یعنی نہ ہم نے ان سے کہا نہ ہم ان کے فعل سے راضی ہم تو آپ کے مطیع ہیں جو چیز آپ کو ناپسند ہے مثل شرک وغیرہ اس سے ہم بھی ناخوش ہیں، جب اس شرک میں نہ ہمارا امر ہے نہ رضا تو فی الواقع یہ ہماری عبادت نہ کرتے تھے) بلکہ یہ لوگ شیاطین کو پوجا کرتے تھے (کیونکہ شیاطین ہی اس کی ترغیب بھی دیتے تھے اور اس سے راضی بھی تھے اس لئے وہی ان کے معبود ہوئے۔ کیونکہ عبادت مستلزم ہے اطاعت مطلقہ کو کہ اس کے سامنے اور کسی کی اطاعت نہ کرے، اسی طرح ایسی اطاعت مطلقہ مستلزم ہے عبادت کو پس جب ہماری طرف سے امر و رضا متحقق نہیں تو ہماری اطاعت نہ ہوئی، اور جب شیاطین کی اطاعت مطلقہ کی تو عبادت بھی درحقیقت انہی کی ہوئی، گو یہ لوگ اس کا نام کچھ ہی رکھیں، عبادت ملائکہ کہیں یا بتوں کی عبادت مگر واقع میں وہ عبادت شیاطین ہی کی ہے اور جیسا تقریر مذکور سے ان لوگوں کا عابد شیاطین ہونا لازم آیا اسی طرح ان میں اکثر لوگ (الترامًا بھی) انہی (شیاطین) کے معتقد تھے (یعنی قصدًا بھی بہت سے ان کو پوجتے تھے، جیسے سورۂ جنّ کی آیت میں ہے وَاَنَّهٗ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْاِنْسِ يَعُوْذُوْنَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ وغیر ذلک من الآیات) سو (کافروں سے کہا جائے گا کہ جن سے تم امیدیں رکھتے تھے) آج (خود ان کی اس برأت سے بھی اور ان کے عجز و بے بسی سے بھی تمہارے گمان کے خلاف یہ حالت ظاہر ہوئی کہ) تم (مجموع عابدین و معبودین) میں سے نہ کوئی کسی کو نفع پہونچانے کا اختیار رکھتا ہے اور نہ نقصان پہنچانے کا (مطلب تو یہ ہے کہ یہ معبودین تم کو نفع نہیں پہونچا سکتے، مگر مبالغہ کے لئے بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ سے تعبیر فرمایا تاکہ اس ابہام سے دونوں کی برابری اس امر میں ثابت ہو جائے کہ جیسے تم عاجز ہو وہ بھی عاجز ہیں اور ضرر کا ذکر تعمیم عجز کے لئے ہے اس سے کلام اور بھی مؤکد ہوگیا) اور (اُس وقت) ہم ظالموں (یعنی کافروں) سے کہیں گے کہ جس دوزخ کے عذاب کو تم جھٹلایا کرتے تھے (اب) اس کا مزہ چکھو۔

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا رَجُلٌ يُّرِيْدُ

اور جب پڑھی جائیں ان کے پاس ہماری آیتیں کھلی کھلی کہیں اور یہ کچھ نہیں مگر یہ ایک مرد ہے چاہتا ہے

اَنْ يَّصُدَّكُمْ عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُكُمْ ۚ وَقَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّآ

کہ روک دے تم کو ان سے جن کو پوجتے رہے تمہارے باپ دادے، اور کہیں اور کچھ نہیں یہ

اِفْكٌ مُّفْتَرًى ؕ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ اِنْ هٰذَآ

جھوٹ ہی باندھا ہوا، اور کہتے ہیں منکر حق بات کو جب پہنچے اُن تک اور کچھ نہیں یہ

اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۴۳﴾ وَمَآ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ كُتُبٍ يَّدْرُسُوْنَهَا وَمَآ

ایک جادو ہے صریح ۔ اور ہم نے دی نہیں ان کو کچھ کتابیں کہ جن کو وہ پڑھتے ہوں اور

اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ قَبْلَكَ مِنْ نَّذِيْرٍ ؕ ﴿۴۴﴾ وَكَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ

بھیجا نہیں ان کے پاس تجھ سے پہلے کوئی ڈرانے والا ۔ اور جھٹلایا ہے ان سے

قَبْلِهِمْ ۙ وَمَا بَلَغُوْا مِعْشَارَ مَآ اٰتَيْنٰهُمْ فَكَذَّبُوْا رُسُلِىْ ۟ فَ

اگلوں نے اور یہ نہیں پہنچے دسویں حصہ کو اس کے جو ہم نے ان کو دیا تھا پھر جھٹلایا انھوں نے میرے بھیجے ہوؤں کو ع ۵ ۱۱

فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۴۵﴾ ع قُلْ اِنَّمَآ اَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ ۚ اَنْ تَقُوْمُوْا

تو کیسا ہوا انکار میرا ۔ تو کہہ میں تو ایک ہی نصیحت کرتا ہوں تم کو کہ اُٹھ کھڑے ہو

لِلّٰهِ مَثْنٰى وَفُرَادٰى ثُمَّ تَتَفَكَّرُوْا ۛ مَا بِصَاحِبِكُمْ مِّنْ جِنَّةٍ ؕ

اللہ کے نام پر دو دو ایک ایک پھر دھیان کرو کہ اس تمہارے رفیق کو کچھ سودا نہیں،

اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ يَدَىْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ ﴿۴۶﴾

یہ تو ایک ڈرانے والا ہے تم کو ایک بڑی آفت کے آنے سے ۔

قُلْ مَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ ؕ اِنْ اَجْرِىَ اِلَّا عَلَى

تو کہہ جو میں نے تم سے مانگا ہو کچھ بدلہ سو وہ تم ہی رکھو میرا بدلہ ہے اُسی

اللّٰهِ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۴۷﴾ قُلْ اِنَّ رَبِّىْ يَقْذِفُ بِالْحَقِّ ۚ

اللہ پر اور اس کے سامنے ہے ہر چیز ۔ تو کہہ میرا رب پھینک رہا ہے سچا دین

عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۴۸﴾ قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيْدُ ﴿۴۹﴾

اور وہ جانتا ہے چھپی چیزیں ۔ تو کہہ آیا دین سچا اور جھوٹ تو کسی چیز کو نہ پیدا کرے اور نہ پھیر کر لاوے ۔

قُلْ اِنْ ضَلَلْتُ فَاِنَّمَآ اَضِلُّ عَلٰى نَفْسِىْ ۚ وَاِنِ اهْتَدَيْتُ

تو کہہ اگر میں بہکا ہوا ہوں تو بہکوں گا اپنے ہی نقصان کو اور اگر ہوں سیدھے رستہ پر

فَبِمَا يُوحِيٓ إِلَيَّ رَبِّيٓ ۚ إِنَّهُۥ سَمِيعٌ قَرِيبٌ ﴿٥٠﴾

تو اس سبب سے کہ وحی بھیجتا ہے مجھ کو میرا رب، بیشک وہ سب کچھ سنتا ہے نزدیک ہے

خلاصۂ تفسیر

اور جب ان لوگوں کے سامنے ہماری آیتیں جو (حق اور ہادی ہونے کی صفت میں) صاف صاف ہیں پڑھی جاتی ہیں تو یہ لوگ (پڑھنے والے یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت) کہتے ہیں کہ (نعوذ باللہ) یہ محض ایک ایسا شخص ہے جو یوں چاہتا ہے کہ تم کو ان چیزوں (کی عبادت) سے باز رکھے جن کو (قدیم سے) تمہارے بڑے پوجتے (آرہے) تھے (اور ان سے باز رکھ کر اپنا تابع بنانا چاہتا ہے۔ مطلب ان کم بختوں کا یہ تھا کہ یہ نبی نہیں اور ان کی دعوت منجانب اللہ نہیں بلکہ اس میں خود ان کی ذاتی غرض اپنی ریاست کی ہے) اور (قرآن کی نسبت) کہتے ہیں کہ (نعوذ باللہ) یہ محض ایک تراشا ہوا جھوٹ ہے (یعنی خدا کی طرف اس کی نسبت کرنا محض تراشی ہوئی بات ہے) اور یہ کافر اس امر حق (یعنی قرآن) کی نسبت جبکہ وہ ان کے پاس پہونچا (اس اعتراض کے جواب کے لئے کہ اگر یہ تراشا ہوا جھوٹ ہے تو پھر بہت سے عاقل اس کا اتباع کیوں کرتے ہیں اور یہ ایسا مؤثر کیوں ہے) یوں کہتے ہیں کہ یہ محض ایک صریح جادو ہے (بس اس کو سن کر لوگ مغلوب العقل اور فریفتہ ہو جاتے ہیں) اور (ان کو تو قرآن کی اور نبی کی بڑی قدر کرنا چاہئے تھی، کیونکہ انکے لئے تو یہ محض غیر مترقبہ نعمتیں تھیں اس سبب سے کہ) ہم نے (اس قرآن سے پہلے) ان کو (کبھی آسمانی) کتابیں نہیں دی تھیں کہ ان کو پڑھتے پڑھاتے ہوں (جیسے بنی اسرائیل کے پاس کتابیں تھیں تو ان کے حق میں تو قرآن بالکل ایک نئی چیز تھی، اس لئے اس کی قدر کرنا چاہئے تھا) اور (اسی طرح) ہم نے آپ سے پہلے ان کے پاس کوئی ڈر سنانے والا (یعنی پیغمبر) نہیں بھیجا تھا (تو ان کے حق میں نبی بھی ایک نئی دولت تھی، اس لئے ان کی بھی قدر کرنا چاہئے تھی۔ خصوصاً جبکہ علاوہ نعمتِ جدیدہ ہونے کے خود ان کی تمنا بھی تھی کہ ان کے پاس کوئی نبی آئے تو یہ اس کا اتباع کریں جیسا اس آیت میں ہے وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ لَّيَكُوْنُنَّ اَهْدٰى مِنْ اِحْدَى الْاُمَمِ، مگر ان لوگوں نے پھر بھی قدر نہ کی، کما قال تعالیٰ فَلَمَّا جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ مَّا زَادَهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا الخ بلکہ تکذیب کی) اور (یہ لوگ تکذیب کر کے بے فکر نہ ہو بیٹھیں کیونکہ تکذیب کا وبال بڑا سخت ہے، چنانچہ) ان سے پہلے جو (کافر) لوگ تھے انھوں نے (بھی انبیاء اور وحی کی) تکذیب کی تھی اور یہ (مشرکینِ عرب) تو اس سامان کے جو ہم نے اُن کو دے رکھا تھا دسویں

حصّے کو بھی نہیں پہونچتے (یعنی اُن کی سی قوت اُن کی سی عمریں اُن کی سی ثروت ان کو نہیں ملی جو کہ سرمایۂ غرور اور سبب افتخار ہوتا ہے، کما قال تعالیٰ کَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْکُمْ قُوَّۃً وَّ اَکْثَرَ اَمْوَالًا وَّ اَوْلَادًا) غرض انھوں نے میرے رسول کی تکذیب کی سو (دیکھو) میرا (ان پر) کیسا عذاب ہوا (سو یہ بیچارے تو کیا چیز ہیں کہ ان کے پاس تو اتنا سامان بھی نہیں جب اس قدر ثروت و دولت کام نہ آئی تو یہ کس دھوکہ میں ہیں۔ و نیز جب اُن کے پاس سامان کم ہے جو سبب غرور ہوتا ہے، تو ان کا جرم بھی اشد ہی، پھر یہ کیسے بچ جائیں گے۔ یہاں تک انکارِ نبوّت پر کفار کو تہدید فرما کر آگے اُن کو تصدیقِ نبوّت کا ایک طریقہ بتلاتے ہیں کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آپ (ان سے) یہ کہئے کہ میں تم کو صرف ایک بات (مختصر سی) سمجھاتا ہوں (اُس سے واضح ہو جائے گا بس اسکو کرلو) وہ یہ کہ تم (محض) خدا کے واسطے (کہ اس میں نفسانیت و تعصّب نہ ہو) کھڑے (یعنی مستعد) ہو جاؤ (کسی موقع پر) دو دو اور (کسی موقع پر) ایک ایک (یعنی چونکہ مقصود غور و فکر ہے جیسا آگے آتا ہے، اور فکر کا قاعدہ ہے کہ بعض اوقات اور بعض طبائع کے اعتبار سے دو کے ملنے سے ہر شخص کی فکر کو دوسرے سے تقویت ملتی ہے، اور بعض اوقات اور بعض طبائع کے اعتبار سے اکیلے خوب فکر میں جولانی ہوتی ہے، اور بہت زیادہ مجمع میں اکثر قوّتِ فکریہ مشوش ہو جاتی ہے، اس لئے اسی پر اکتفاء فرمایا، غرض اس طرح مستعد ہو جاؤ) پھر (خوب) سوچو (کہ جیسے دعوے میں کرتا ہوں مثلاً یہ کہ قرآن کا مماثل ممکن نہیں جیسے کئی مکی سورتوں میں یہ مضمون ہے ایسے دعوے دو ہی شخص کر سکتے ہیں یا تو وہ جس کے دماغ میں خلل ہو کہ انجام کی خبر نہ ہو اور یا وہ کہ جو نبی ہو جس کو پورا اعتماد اس دعوے کے صدق و من اللہ ہونے کا ہو ورنہ اگر نبی نہ ہو اور عاقل بھی ہو تو وہ ایسے دعوے کے وقت میں رسوائی سے اندیشہ کریگا، اگر اس کا مماثل بنا لائے گا تو میری کیا رہ جائے گی۔ اس تردید حاضر کے بعد میرے مجموعی احوال میں غور کر کے یہ سوچو کہ آیا مجھ کو جنون ہے یا نہیں، سو یہ امر مشاہدہ سے معلوم ہو جائے گا) کہ تمھارے اس ساتھی کو (جو ہر وقت تمھارے سامنے رہتا ہے اور جس کے تمام حالات تم مشاہدہ کیا کرتے ہو یعنی مجھ کو) جنون (تو) نہیں ہے (جب حصر کی دو شقوں میں سے ایک شق باطل ہو گئی تو دوسری شق متعین ہو گئی کہ) وہ (تمھارا ساتھی پیغمبر ہے اور بحیثیت پیغمبری) تم کو ایک سخت عذاب آنے سے پہلے ڈرانے والا ہے (پس اس طریق سے نبوت کا ثبوت اور اس کی تصدیق بہت آسان ہے۔ اور دوسری جگہ بھی اس کے قریب قریب مضمون ہے کما قال اَمْ لَمْ یَعْرِفُوْا رَسُوْلَھُمْ الخ، اب آگے اثباتِ نبوّت کے بعد کفار کے اس شبہ کا جواب ہے کہ یہ رسول نہیں بلکہ اپنی ریاست و اقتدار کے طالب ہیں، فرماتے ہیں (ای محمد صلی اللہ علیہ وسلم)

آپ (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ میں نے تم سے (اس تبلیغ پر) کچھ معاوضہ مانگا ہو تو وہ تمہارا ہی رہا (یعنی تم اپنے ہی پاس رکھو یہ محاورہ نفی ہے طلب اجر کی بطریق مبالغہ) میرا معاوضہ تو بس (حسب وعدۂ فضل) اللہ ہی کے ذمہ ہے اور وہی ہر چیز پر اطلاع رکھنے والا ہے (پس وہ آپ ہی میرے حال کے لائق مجھ کو اجر دیدیں گے معاوضہ میں مال اور جاہ یعنی ریاست سب آگیا۔ کیونکہ اعیان و اعراض دونوں میں اجر بننے کی صلاحیت ہے، مطلب یہ کہ میں تم سے کسی غرض کا طالب نہیں ہوں جو شبہ ریاست کا کیا جائے۔ رہا یہ معاملہ کہ میں لوگوں کے معاملات اور حالات کی اصلاح کرتا ہوں، مجرم کو سزا دیتا ہوں، باہمی جھگڑوں میں فیصلہ کرتا ہوں تو یہ موجب شبہ اس لئے نہیں ہو سکتا کہ اس میں میری کوئی غرض نہیں۔ چنانچہ آپ کے طرز معاشرت اور معیشت سے صاف ظاہر ہے کہ ان چیزوں سے آپ نے کوئی ذاتی منفعت حاصل نہیں کی بلکہ خود قوم ہی کا نفع تھا کہ ان کی جان، مال، آبرو محفوظ رہتے تھے۔ باپ جو اپنے چھوٹے بچوں کی حفاظت اور ان کی تادیب محض خیر خواہی سے کرتا ہے اس کو خود غرضی اور طلب ریاست سے کوئی تعلق نہیں ہو سکتا، جب نبوت بھی ثابت ہو چکی اور شبہ مقامیہ بھی دفع ہو گیا آگے اس کی نقیض کے ابطال کو اس کے اثبات پر متفرع فرماتے ہیں کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آپ کہہ دیجئے کہ میرا رب حق بات کو (یعنی ایمان اور ثبوتِ ایمانیات کو باطل یعنی کفر اور انکار ایمانیات پر) غالب کر رہا ہے (محاجہ و مکالمہ سے بھی، چنانچہ ابھی دیکھا اور مقاتلہ اور مصارمہ کا بھی سامان کرنے والا ہے، غرض ہر طرح حق غالب ہے اور) وہ علام الغیوب ہے (اس کو پہلے ہی سے معلوم تھا کہ حق غالب ہوگا اوروں کو تو اب وقوع کے بعد معلوم ہوا اور اسی طرح اس کو معلوم ہے کہ آئندہ غلبہ بڑھے گا۔ چنانچہ فتح مکہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اگلی آیت کو پڑھنا کما رواہ ابن کثیر عن الشیخین وغیرہما قرینہ ہے کہ اس مضمون میں جو غلبہ کی خبر دی گئی ہے اس میں غلبہ بالسیف بھی داخل ہے۔ آگے اسی مضمون کی زیادہ توضیح کے لئے ارشاد ہے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آپ کہہ دیجئے کہ (دین) حق آگیا اور (دین) باطل نہ کرنے کا رہا نہ دھرنے کا (یعنی محض گیا گذرا ہوا اس کا یہ مطلب نہیں کہ اہل باطل کو کبھی شوکت و قوت حاصل نہ ہوگی بلکہ مطلب یہ ہے کہ جیسے اس دینِ حق کے آنے سے پہلے کبھی باطل پر شبہ حق ہونے کا ہو جایا کرتا تھا اب باطل اس صفت کی حیثیت سے بالکل نیست و نابود ہو گیا۔ یعنی اس کا بطلان خوب ظاہر ہو گیا، اور ہمیشہ قربِ قیامت تک یوں ہی ظاہر رہے گا، آگے حق بات کے ثابت اور واضح ہو جانے کے بعد نجات کا اس کے اتباع میں منحصر ہونا بیان فرماتے ہیں کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آپ (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ (جب اس دین کا حق ہونا ثابت ہو گیا

تو اس سے یہ بھی لازم آگیا کہ) اگر (بالفرض) میں (اس حق کو چھوڑ کر) گمراہ ہو جاؤں تو میری گمراہی مجھ ہی پر وبال ہو گی (دوسروں کا کیا ضرر ہے) اور اگر میں (اس حق کا اتباع کر کے) راہ (راست) پر رہوں تو یہ بدولت اس قرآن (اور دین) کے ہے جس کو میرا رب میرے پاس بھیج رہا ہے (اصل مقصود مخاطبین کو سنانا ہے کہ باوجود وضوح کے اگر تم نے حق کا اتباع نہ کیا تو تم بھگتو گے میرا کیا بگڑے گا اور اگر راہ پر آگئے تو یہ راہ پر آنا اسی دین حق کے اتباع کی بدولت ہو گا پس تم کو چاہیے کہ راہ راست پر آنے کے لئے اس دین کو اختیار کرو اور گمراہ ہونا کسی کا یا راہ پر آنا خالی نہ جائے گا کہ بے فکری کی گنجائش ہو، بلکہ ہر ایک کا حال اللہ کو معلوم ہے کیونکہ) وہ سب کچھ سنتا (اور) بہت نزدیک ہے (وہ ہر ایک کو اس کے مناسب جزا دے گا)۔

معارف و مسائل

وَمَا بَلَغُوْا مِعْشَارَ مَآ اٰتَيْنٰهُمْ ، لفظ معشار بعض نے بمعنی عشر کہا ہے۔ یعنی دسواں حصہ اور بعض علماء نے عشر العشر یعنی سو واں حصہ اور بعض نے عشر العشیر یعنی ہزارویں حصہ کو معشار کہا ہے۔ اور یہ ظاہر ہے کہ اس لفظ میں بہ نسبت عشر کے مبالغہ ہے معنی آیت کے یہ ہیں کہ دنیا کی ثروت و دولت و حکومت اور عمر طویل اور صحت قوت وغیرہ، جو پچھلی اُمتوں کو دی گئی تھی اہل مکہ کو اس کا دسواں بلکہ ہزارواں حصہ بھی حاصل نہیں، اس لئے ان کو چاہیئے کہ ان پچھلی اقوام کے حالات اور انجام بد سے عبرت حاصل کریں کہ وہ لوگ رسولوں کی تکذیب کر کے خدا تعالیٰ کے عذاب میں مبتلا ہوئے اور وہ عذاب آگیا تو ان کی قوت و شجاعت اور مال و دولت اور محفوظ قلعے کچھ کام نہ آسکے۔

کفارِ مکہ کو دعوت اِنَّمَآ اَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ ، اس میں اہل مکہ پر حجت تمام کرنے کے لئے ان کو تحقیق حق کا ایک مختصر راستہ بتلایا گیا ہے کہ صرف ایک کام کر لو کہ اللہ کے لئے کھڑے ہو جاؤ دو دو اور ایک ایک، اللہ کیلئے کھڑی ہونے سے مراد جسمی کھڑا ہونا نہیں کہ بیٹھے یا لیٹے ہوئے سے اُٹھ کر کھڑا ہو جائے، بلکہ اس سے مراد محاورہ کے مطابق کام کا پورا اہتمام کرنا ہے۔ اور یہاں قیام کے ساتھ لفظ للہ بڑھا کر یہ بتلانا منظور ہے کہ خالص اللہ کے راضی کرنے کے لئے پچھلے خیالات و عقائد سے خالی الذہن ہو کر حق کی تلاش میں لگو تاکہ پچھلے خیالات اور اعمال قبولِ حق کی راہ میں حائل نہ ہوں۔ اور دو دو یا ایک ایک میں کوئی عدد خاص مقصود نہیں، مطلب یہ ہے کہ غور کرنے کے دو طریقے ہوتے ہیں، ایک خلوت و تنہائی میں خود غور کرنا، دوسرا اپنے احباب و اکابر سے مشورہ اور باہم بحث و تمحیص کے بعد کسی نتیجہ پر پہونچنا۔ ان دونوں طریقوں کو یا ان میں سے جو پسند ہو اس کو اختیار کرو۔

ثُمَّ تَتَفَكَّرُوْا ، اس جملہ کا عطف اَنْ تَقُوْمُوْا پر ہے جس میں قیام کے مقصد کو واضح کیا گیا ہے کہ سب خیالات سے خالی الذہن ہو کر خالص اللہ کے لئے اس کام کے واسطے تیار ہو جاؤ کہ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت میں غور و فکر سے کام لو کہ حق ہے یا نہیں خواہ یہ غور و فکر تنہا تنہا کر دیا دوسروں کے ساتھ مشورہ اور بحث و تمحیص کے ساتھ۔

آگے اس غور و فکر کی ایک واضح راہ بتلائی گئی۔ وہ یہ کہ ایک اکیلا آدمی جس کے ساتھ نہ کوئی طاقتور جتھا اور جماعت ہے نہ مال و دولت کی بہتات وہ اپنی پوری قوم بلکہ پوری دنیا کے خلاف کسی ایسے عقیدہ کا اعلان کرے جو صدیوں سے ان میں راسخ ہو چکا ہے اور وہ سب اس پر متفق ہیں، ایسا اعلان صرف دو صورتوں میں ہو سکتا ہے۔ ایک تو یہ کہ کہنے والا بالکل مجنون و دیوانہ ہو جو اپنے نفع نقصان کو نہ سوچے اور پوری قوم کو اپنا دشمن بنا کر مصائب کو دعوت دے، دوسرے یہ کہ اس کی وہ بات سچی ہو کہ وہ اللہ کی طرف سے بھیجا ہوا رسول ہے، اس کے حکم کی تعمیل میں کسی کی پروا نہیں کرتا۔

اب تم خالی الذہن ہو کر اس میں غور کرو کہ ان دونوں باتوں میں کونسی بات واقع میں ہے۔ اس طریقے سے غور کرو گے تو تمھیں اس یقین کے سوا کوئی چارہ نہ رہے گا کہ یہ دیوانے اور مجنون نہیں ہو سکتے ان کی عقل و دانش اور کردار و عمل سے سارا مکہ اور سب قریش واقف ہیں۔ ان کی عمر کے چالیس سال اپنی قوم کے درمیان گذرے، بچپن سے جوانی تک کے سارے حالات ان کے سامنے ہیں، کبھی کسی نے ان کے کسی قول و فعل کو عقل و دانش اور سنجیدگی و شرافت کے خلاف نہیں پایا، اور صرف ایک کلمہ لا الٰہ الا اللہ جس کی یہ دعوت دیتے ہیں اس کے سوا آج بھی کسی کو ان کے کسی قول و فعل پر یہ گمان نہیں ہو سکتا، کہ یہ عقل و دانش کے خلاف ہے۔ ان حالات میں یہ تو ظاہر ہو گیا کہ یہ مجنون نہیں ہو سکتے، اسی کا اظہار آیت کے اگلے جملے میں اس طرح فرمایا: مَا بِصَاحِبِكُمْ مِّنْ جِنَّةٍ اس میں لفظ صَاحِبِكُمْ سے اس طرف اشارہ ہے کہ کوئی اجنبی مسافر باہر سے آجائے جس کے حالات معلوم نہ ہوں، اس کی کوئی بات پوری قوم کے خلاف سنیں تو کوئی کہہ سکتا ہے کہ یہ دیوانہ ہے، لیکن یہ تو تمھارے شہر کے رہنے والے تمھاری برادری سے اور دن رات کے تمھارے ساتھی ہیں، جن کی کوئی حالت و کیفیت تم سے مخفی نہیں، اور تم نے بھی کبھی اس سے پہلے ان پر اس طرح کا کوئی شبہ نہیں کیا۔

اور جب پہلی صورت کا نہ ہونا واضح ہو گیا تو دوسری صورت متعیّن ہو گئی، جس کا ذکر آیت میں اس طرح بیان فرمایا ہے، اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ، یعنی آپ کا حال اس کے سوا نہیں کہ وہ لوگوں کو قیامت کے آنے والے عذاب شدید سے بچانے

کے لئے اس سے ڈرانے والے ہیں۔

اِنَّ رَبِّیْ یَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ، یعنی میرا پروردگار جو علّام الغیوب ہے وہ حق کو باطل پر دے مارتا ہے (جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ باطل پاش پاش ہو جاتا ہے، کما قال تعالیٰ فَاِذَا ھُوَ زَاھِقٌ، لفظ قَذْف کے لغوی معنی پھینک مارنے کے ہیں، یہاں باطل کے مقابلہ میں حق کو پیش کرنا مراد ہے، اور لفظ یَقْذِف سے تعبیر کرنے میں شاید یہ حکمت ہو کہ باطل پر حق کی زد پڑنے کا اثر بتلانا مقصود ہو۔ یہ ایک تمثیل ہے کہ جس طرح کوئی بھاری چیز کسی نازک چیز پر پھینک دی جائے تو وہ چیز پاش پاش ہو جاتی ہے، اسی طرح حق کے مقابلہ میں باطل پاش پاش ہو جاتا ہے۔ اسی لئے آگے فرمایا وَمَا یُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا یُعِیْدُ، یعنی حق کے مقابلہ میں باطل ایسا پست و ناکارہ ہو کر رہ جاتا ہے کہ وہ کسی چیز کی ابتداء کرنے کے قابل نہیں رہتا نہ دوبارہ لوٹانے کے۔

وَلَوْ تَرٰٓی اِذْ فَزِعُوْا فَلَا فَوْتَ وَاُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ قَرِیْبٍ ﴿۵۱﴾

اور کبھی تو دیکھے جب یہ گھبرائیں پھر نہ بچیں بھاگ کر اور پکڑے ہوئے آئیں نزدیک جگہ سے

وَّقَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖ ۚ وَاَنّٰى لَهُمُ التَّنَاوُشُ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِیْدٍ ﴿۵۲﴾ وَّقَدْ

اور کہنے لگیں ہم نے اس کو یقین مان لیا اور اب کہاں ان کا ہاتھ پہنچ سکتا ہے بعید جگہ سے ۔ اور اس سے

كَفَرُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ۚ وَیَقْذِفُوْنَ بِالْغَیْبِ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِیْدٍ ﴿۵۳﴾

منکر رہے پہلے سے ، اور پھینکتے رہے بن دیکھے نشانے پر دور کی جگہ سے ۔

وَحِیْلَ بَیْنَهُمْ وَبَیْنَ مَا یَشْتَهُوْنَ كَمَا فُعِلَ بِاَشْیَاعِهِمْ مِّنْ

اور رکاوٹ پڑ گئی ان میں اور ان کی آرزو میں جیسا کہ کیا گیا ہے ان کے طریقہ والوں کے ساتھ

قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا فِیْ شَكٍّ مُّرِیْبٍ ﴿۵۴﴾ ع ۶ ۹ ۱۲

اس سے پہلے، وہ لوگ تھے ایسے تردّد میں جو چین نہ لینے دے

خلاصہ تفسیر

اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) اگر آپ وہ وقت ملاحظہ کریں (تو آپ کو حیرت ہو)

جب یہ کفار (قیامت کے ہول و ہیبت سے) گھبرائے پھرینگے پھر نکل بھاگنے کی کوئی صورت نہ ہوگی اور پاس کے پاس ہی سے (یعنی فوراً) پکڑ لئے جاوینگے اور (اس وقت) کہیں گے کہ ہم اس حق پر ایمان لے آئے (اور جتنے امور اس میں بتلائے گئے ہیں سب کو مان لیا اس لئے ہماری توبہ قبول کر لیجئے خواہ دوبارہ دنیا میں بھیجکر یا بغیر بھیجے ہوئے) اور اتنی دور جگہ سے (ایمان کا) انکے ہاتھ آنا کہاں ممکن ہے (یعنی ایمان لانیکی جگہ بوجہ دار العمل ہونیکے دنیا تھی جو بڑی دور ہوگئی، اب آخرت کا عالم ہے جو دار العمل نہیں دار الجزاء ہے اس میں ایمان مقبول نہیں کیونکہ اب جو ایمان ہوگا وہ ایمان بالغیب نہیں بلکہ مشاہدہ کے بعد ہے، مشاہدہ کے بعد کسی چیز کا اقرار کرنا تو طبعی امر ہے، اس میں اطاعتِ حکم کا کوئی پہلو نہیں) حالانکہ پہلے سے (دنیا میں) یہ لوگ اس حق کا انکار کرتے رہے اور (ان کا انکار بھی ایسا جس کا کوئی صحیح منشاء نہ تھا بلکہ) بے تحقیق باتیں دور ہی دور سے ہانکا کرتے تھے، (دور کا مطلب یہ ہے کہ اس کی تحقیق سے دُور تھے، یعنی دنیا میں تو کفر کرتے رہے اب ایمان سوجھا ہے، اور اس کے مقبول ہونے کی آرزو ہے) اور (چونکہ آخرت دار العمل نہیں ہے اس لئے) ان میں اور ان کے (قبولِ ایمان کی) آرزو میں ایک آڑ کر دی جائے گی (یعنی ان کی آرزو پوری نہ ہوگی) جیسا کہ اُن کے ہم مشربوں کے ساتھ (بھی) یہی (برتاؤ) کیا جائے گا جو اُن سے پہلے (کفر کر چکے) تھے، یہ سب بڑے شک میں تھے جس نے ان کو تردّد میں ڈال رکھا تھا۔

معارف و مسائل

وَاُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ، اکثر مفسرین کے نزدیک یہ حال روز حشر کا ہے کہ کفار و فجار گھبرا کر بھاگنا چاہیں گے تو چھوٹ نہ سکیں گے۔ اور یہ بھی نہ ہوگا جیسے دنیا میں کوئی مجرم بھاگ جائے تو اس کو تلاش کرنا پڑتا ہے، بلکہ سب کے سب اپنی ہی جگہ میں گرفتار کر لئے جاوینگے، کسی کو بھاگ نکلنے کا موقع نہ ملے گا۔ بعض حضرات نے اس کو وقت نزع اور موت کا حال قرار دیا ہے، کہ جب موت کا وقت آجائے گا اور ان پر گھبراہٹ طاری ہوگی تو فرشتوں کے ہاتھ سے چھوٹ نہ سکیں گے، اور وہیں اپنی جگہ سے رُوح قبض کر کے پکڑ لئے جائیں گے۔

وَقَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖ وَاَنّٰى لَهُمُ التَّنَاوُشُ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ، تَنَاوُش کے معنی ہاتھ بڑھا کر کسی چیز کو اٹھا لینے کے ہیں، اور یہ ظاہر ہے کہ ہاتھ بڑھا کر وہی چیز اُٹھائی جا سکتی ہے جو بہت دُور نہ ہو ہاتھ وہاں تک پہونچ سکے۔ مضمون آیت کا یہ ہے کہ کفار و منکرین قیامت کے روز حقیقت سامنے آجانے کے بعد کہیں گے ہم قرآن پر یا رسولؐ پر ایمان لے آئے، مگر ان کو معلوم نہیں کہ ایمان کا مقام اُن سے بہت دور ہو چکا ہے۔ کیونکہ ایمان صرف دنیا کی

زندگی کا مقبول ہے، آخرت دار العمل نہیں وہاں کا کوئی عمل حساب میں نہیں آسکتا۔ اس لئے یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ وہ دولتِ ایمان کو ہاتھ بڑھا کر اٹھالیں۔

وَقَدْ كَفَرُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ وَيَقْذِفُوْنَ بِالْغَيْبِ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ، قذف کے معنی کوئی چیز پھینک کر مارنے کے آتے ہیں۔ عرب کا محاورہ ہے کہ جو شخص بلا دلیل محض اپنے خیال سے باتیں کرتا ہے اس کو رجم بالغیب اور قذف بالغیب کے الفاظ سے تعبیر کرتے ہیں، کہ یہ اندھیرے میں تیر چلاتے ہیں جس کا کوئی نشانہ نہیں ہوتا، اور یہاں مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ کے الفاظ سے مراد یہ ہے کہ وہ جو کچھ کہتے ہیں ان کے دلوں سے دور ہوتا ہے دل میں اس کا عقیدہ نہیں رکھتے۔

وَحِيْلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ، یعنی ان لوگوں کو جو چیز محبوب اور مقصود تھی ان کے اور اس چیز کے درمیان پردہ حائل کر کے ان کو محروم کر دیا گیا۔ یہ مضمون قیامت کے حال پر بھی صادق ہے کہ قیامت میں یہ لوگ نجات اور جنّت کے طالب ہوں گے وہاں تک نہ پہونچ سکیں گے اور دنیا میں وقت موت پر بھی صادق ہے کہ دنیا میں ان کو یہاں کی دولت و سامان مقصود تھا موت نے ان کے اس مطلوب کے درمیان حائل ہو کر ان کو اس سے جدا کر دیا۔

كَمَا فُعِلَ بِاَشْيَاعِهِمْ، اشیاع شیعہ کی جمع ہے، کسی شخص کے تابع اور ہمخیال کو اس کا شیعہ کہا جاتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ جو عذاب ان کو دیا گیا کہ اپنے مطلوب و محبوب سے محروم کر دیئے گئے، یہی عذاب اس سے پہلے انہی جیسے اعمالِ کفر کرنے والوں کو دیا جا چکا ہے۔ کیونکہ یہ سب لوگ شک میں پڑے ہوئے تھے، یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوّت اور قرآن کے کلامِ الٰہی ہونے پر ان کو یقین و ایمان نہیں تھا۔ واللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اعلم

تمت سورۃ سبا بحمد اللہ

لِاٰخِرِ يَوْمٍ مِنَ الْمُحَرَّمِ الْحَرَامِ سنہ ۱۳۹۲ھ

سُوْرَةُ فَاطِرٍ

سُوْرَةُ فَاطِرٍ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسٌ وَّاَرْبَعُوْنَ اٰيَةً وَّخَمْسُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ فاطر مکہ میں نازل ہوئی اس میں پینتالیس آیتیں ہیں اور پانچ رکوع

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جَاعِلِ الْمَلٰٓئِكَةِ

سب خوبی اللہ کو ہی جس نے بنا نکالے آسمان اور زمین جس نے ٹھہرایا فرشتوں کو

رُسُلًا اُولِيْٓ اَجْنِحَةٍ مَّثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ؕ يَزِيْدُ فِي الْخَلْقِ

پیغام لانے والے جن کے پر ہیں دو دو اور تین تین اور چار چار، بڑھا دیتا ہی پیدائش میں

مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۱ مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ

جو چاہے، بیشک اللہ ہر چیز کر سکتا ہے۔ جو کچھ کہ کھول دے اللہ لوگوں پر

مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا ۚ وَمَا يُمْسِكْ ۙ فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ

رحمت میں سے تو کوئی نہیں اس کو روکنے والا اور جو کچھ روک رکھے تو کوئی نہیں اس کو بھیجنے والا

مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۲ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوْا

اس کے سوائے اور وہی ہی زبردست حکمتوں والا۔ اے لوگو! یاد کرو

نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ؕ هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللّٰهِ يَرْزُقُكُمْ

احسان اللہ کا اپنے اوپر، کیا کوئی ہی بنانے والا اللہ کے سوائے روزی دیتا ہی تمکو

مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝۳

آسمان سے اور زمین سے کوئی حاکم نہیں مگر وہ پھر کہاں اُلٹے جاتے ہو۔

خُلاصۂ تفسیر

تمامتر حمد (وثناء اسی) اللہ کو لائق ہے جو آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے، جو فرشتوں کو پیغام رساں بنانے والا ہے، جن کے دو دو اور تین تین اور چار چار پر دار بازو ہیں (پیغام سے مراد انبیاء علیہم السلام کی طرف وحی لانا ہے خواہ وہ شرائعِ احکام سے متعلق ہو یا محض بشارت وغیرہ سے، اور بازوؤں کی تعداد کچھ چار ہی میں منحصر نہیں بلکہ) وہ پیدائش میں جو چاہتا ہے زیادہ کر دیتا ہے (یہانتک کہ بعض فرشتوں کے چھ سو بازو پیدا کئے ہیں جیسا حدیث میں حضرت جبرئیلؑ کے متعلق آیا ہے) بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے (اور قادر بھی ایسا جس کا کوئی مزاحم نہیں کہ وہ) اللہ جو رحمت لوگوں کے لئے کھول دے (مثلاً بارش، نباتات اور عام رزق) تو اس کا کوئی بند کرنے والا نہیں اور جسکو بند کر دے تو اس کے (بند کرنے کے) بعد اس کا کوئی جاری کرنے والا نہیں (البتہ وہ خود ہی بند و کشاد کر سکتا ہے) اور وہی غالب (یعنی قادر اور) حکمت والا ہے (یعنی کھولنے اور بند کرنے پر قادر بھی ہے اور بند و کشاد ہمیشہ حکمت کے ساتھ ہوتی ہے) اے لوگو! (جیسے اس کی قدرت کامل ہے اسی طرح اس کی نعمت بھی کامل ہے، اس کی نعمتوں کی کوئی شمار نہیں، اس لئے) تم پر جو اللہ کے احسانات ہیں ان کو یاد کرو (اور ان کا شکر ادا کرو اور وہ شکر یہ ہے کہ توحید اختیار کرو شرک چھوڑو کم از کم اس کی دو بڑی نعمتوں میں غور کرو جو مخلوقات کی ایجاد پھر ان کو باقی اور قائم رکھنا ہے) کیا اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی خالق ہے جو تم کو آسمان و زمین سے رزق پہونچاتا ہو (یعنی اس کے سوا نہ کوئی تخلیق و ایجاد کر سکتا ہے اور نہ کوئی ایجاد کردہ کو باقی اور قائم رکھنے کے لئے رزق پہونچانے کا کام کر سکتا ہے، اس سے معلوم ہوا کہ وہ ہر طرح کامل ہے تو یقیناً) اس کے سوا کوئی لائقِ عبادت (بھی) نہیں تو (جب معبود ہونا اسی کا حق ہے تو) تم (شرک کر کے) کہاں اُلٹے جا رہے ہو۔

معارف و مسائل

جَاعِلِ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا، فرشتوں کو رسول یعنی اللہ تعالیٰ کا پیغام اور احکام پہونچانے والا بنانے کا مطلب ظاہر یہ ہے کہ ان کو انبیاء علیہم السلام کی طرف اللہ کا قاصد و رسول بنا کر بھیجا جاتا ہے وہ اللہ کی وحی اور احکام ان کو پہونچاتے ہیں۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ رسول سے مراد اس جگہ واسطہ ہو اللہ تعالیٰ اور اس کی عام مخلوقات کے درمیان

جن میں انبیاء علیہم السلام سب سے افضل و اعلیٰ ہیں، ان کے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان بھی وحی کا واسطہ بنتے ہیں، اور عام مخلوقات تک اللہ تعالیٰ کی رحمت یا عذاب پہنچانے کا بھی واسطہ فرشتے ہی ہوتے ہیں۔

اُولِیْٓ اَجْنِحَةٍ مَّثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ، یعنی اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو پَر والے بازو عطا فرماتے ہیں، جن سے وہ اڑ سکتے ہیں حکمت اس کی ظاہر ہے کہ وہ آسمان سے زمین تک کی مسافت بار بار طے کرتے ہیں، یہ جب ہی ہو سکتا ہے کہ ان کو سُرعتِ سیر کی قوت عطا کی جائے اور وہ اُڑنے ہی کی صورت میں ہوتی ہے۔

اور لفظ مَثنیٰ و ثُلاث و رُباعَ، ظاہر یہ ہے کہ اَجنحۃ کی صفت ہے کہ فرشتوں کے پر مختلف تعداد پر مشتمل ہیں۔ بعض کے صرف دو دو پَر ہیں بعض کے تین تین بعض کے چار چار اور اس میں کوئی حصر نہیں، جیسا کہ صحیح مسلم کی حدیث سے جبرئیل علیہ السلام کے چھ سو پر ہونا ثابت ہوتا ہے، بطورِ تمثیل کے چار تک ذکر کر دیا گیا ہے۔ (قرطبی، ابن کثیر)

اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ لفظ مثنیٰ و ثلٰث رُسُلاً کی صفت ہو یعنی یہ فرشتے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے رسالات دنیا میں پہونچاتے ہیں، کبھی دو دو آتے ہیں کبھی تین تین یا چار چار، اور یہ بھی ظاہر ہے کہ اس صورت میں بھی چار کا عدد حصر کے لئے نہیں، محض تمثیل کے طور پر ہے، کیونکہ اس سے بہت زیادہ مقدار میں فرشتوں کا نزول خود قرآن کریم سے ثابت ہے (ابو حیان فی البحر المحیط)

یَزِیْدُ فِی الْخَلْقِ مَا یَشَآءُ ، یعنی اللہ تعالیٰ کو سب اختیار ہے کہ اپنی مخلوقات کی تخلیق میں جتنی چاہے اور جس قسم کی چاہے زیادتی کرے۔ اس کا تعلق بظاہر تو اَجنحۃ ہی کے ساتھ ہے، کہ فرشتوں کے پر و بازو کچھ دو چار میں منحصر نہیں، اللہ تعالیٰ چاہے تو اس سے بہت زیادہ بھی ہو سکتے ہیں۔ اکثر مفسرین کا قول یہی ہے، اور زہری، قتادہ وغیرہ ائمہ تفسیر نے فرمایا کہ اس زیادتِ خلق سے عام معنی مراد ہیں، جس میں فرشتوں کے پر و بازو کی زیادتی بھی شامل ہے، اور مختلف انسانوں کی تخلیق میں خاص خاص صفات کی زیادتی بھی۔ جس میں حُسنِ صورت، حُسنِ سیرت، حُسنِ صوت وغیرہ سب داخل ہیں۔ ابو حیان نے بحرِ محیط میں اسی کو اختیار کر کے فرمایا ہے کہ اس زیادتِ خلق میں حُسنِ خُلق، حُسنِ صوت اور حُسنِ خط اور حُسنِ صورت کمالِ عقل و علم، شیریں کلامی وغیرہ سب داخل ہیں۔ اس دوسری تفسیر سے ثابت ہوا کہ کسی چیز کا بھی حسن و کمال جو انسان کو حاصل ہو وہ اللہ تعالیٰ کی عطاء اور نعمت ہے، اس کا شکر گذار ہونا چاہئے۔

مَا یَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا ، یہاں لفظ رحمت عام ہے اس میں دینی اور اُخروی نعمتیں داخل ہیں، جیسے ایمان اور علم اور عمل صالح اور نبوت و

ولایت وغیرہ اور دنیوی نعمتیں بھی، جیسے رزق اور اسباب اور آرام و راحت اور صحت و تندرستی اور مال و عزت وغیرہ۔ معنی آیت کے ظاہر ہیں کہ اللہ تعالیٰ جس شخص کے لئے اپنی رحمت کھولنے کا ارادہ کرے اس کو کوئی روک نہیں سکتا۔

اسی طرح دوسرا جملہ وَمَا يُمْسِكْ عام ہے کہ جس چیز کو اللہ تعالیٰ روکتا ہے اس کو کوئی کھول نہیں سکتا۔ اس میں دنیا کے مصائب و آلام بھی داخل ہیں، کہ جب اللہ ان کو اپنے کسی بندے سے روکنا چاہیں تو کسی کی مجال نہیں کہ ان کو کوئی گزند و مصیبت پہنچا سکے، اور اس میں رحمت بھی داخل ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ اپنی کسی حکمت سے کسی شخص کو رحمت سے محروم کرنا چاہیں تو کسی کی مجال نہیں کہ اس کو دے سکے (ابو حیان)

اسی مضمون آیت کے متعلق ایک حدیث اس طرح آئی ہے کہ حضرت معاویہؓ نے اپنے عامل (گورنر) کوفہ حضرت مغیرہ بن شعبہؓ کو خط لکھا کہ مجھے کوئی حدیث لکھ کر بھیجو جو تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنی ہو۔ حضرت مغیرہؓ نے اپنے میر منشی وراد کو بلا کر لکھوایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اُس وقت جبکہ آپؐ نماز سے فارغ ہوتے یہ کلمات پڑھتے ہوئے سنا اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ (یعنی یا اللہ جو چیز آپ کسی کو عطا فرما دیں اس کا کوئی روکنے والا نہیں، اور جس کو آپ روکیں اس کو کوئی دینے والا نہیں، آپ کے ارادے کے خلاف کسی کوشش کرنے والے کی کوشش نہیں چلتی) (ابن کثیر از مسند احمد)

اور صحیح مسلم میں حضرت ابو سعید خدریؓ کی روایت یہ ہے کہ یہ کلمہ آپؐ نے رکوع سے سر اٹھانے کے وقت فرمایا اور اس کلمہ سے پہلے فرمایا أَحَقُّ مَا قَالَ الْعَبْدُ وَكُلُّنَا لَكَ، (یعنی یہ کلمہ ان تمام کلمات میں جو کوئی بندہ کہہ سکتا ہے سب سے زیادہ احق اور مقدم و اعلیٰ ہے)

اللہ پر توکل و اعتماد سارے مصائب سے نجات ہے۔

آیتِ مذکورہ نے انسان کو جو سبق دیا ہے کہ غیر اللہ سے نفع و ضرر کی امید و خوف نہ رکھے، صرف اللہ تعالیٰ کی طرف نظر رکھے۔ دین و دنیا کی درستی اور دائمی راحت کا نسخہ اکسیر ہے، اور انسان کو ہزاروں غموں اور فکروں سے نجات دینے والا ہے (روح)

حضرت عامر بن عبد قیسؒ نے فرمایا کہ جب میں صبح کو چار آیتیں قرآن کریم کی پڑھ لوں تو مجھے یہ فکر نہیں رہتی صبح کو کیا ہوگا شام کو کیا، وہ آیتیں یہ ہیں۔ ایک یہی آیت مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا وَمَا يُمْسِكْ فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ، دوسری آیت اسی کے ہم معنی یہ ہے اِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ...

اِلَّا هُوَ، وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ، تیسری آیت سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا، چوتھی وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا (اخرجه ابن المنذر، روح)

اور حضرت ابوہریرہؓ جب بارش ہوتے دیکھتے تو فرمایا کرتے تھے مُطِرْنَا بِنَوْءِ الْفَتْحِ اور پھر آیت مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ پڑھتے تھے۔ یہ عرب کے باطل خیالات کی تردید ہے، جو بارش کو خاص خاص ستاروں کی طرف منسوب کرکے کہا کرتے کہ ہمیں یہ بارش فلاں ستارے کی وجہ سے ملی ہے۔ حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ ہمیں یہ بارش آیت فتح سے ملی ہے۔ مراد آیت فتح سے یہی مذکورہ آیت ہے جس کو وہ ایسے وقت تلاوت فرمایا کرتے (رواہ مالک فی الموطا)

وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ

اور اگر تجھ کو جھٹلائیں تو جھٹلائے گئے کتنے رسول تجھ سے پہلے اور اللہ تک پہنچتے ہیں

الْاُمُوْرُ ﴿۴﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ

سب کام۔ اے لوگو! بیشک اللہ کا وعدہ ٹھیک ہے سو نہ بہکائے تم کو

الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۪ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿۵﴾ اِنَّ الشَّيْطٰنَ

دنیا کی زندگانی اور نہ دغا دے تم کو اللہ کے نام سے وہ دغاباز۔ تحقیق شیطان

لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْهُ عَدُوًّا ؕ اِنَّمَا يَدْعُوْا حِزْبَهٗ لِيَكُوْنُوْا

تمہارا دشمن ہے سو تم بھی سمجھ رکھو اس کو دشمن، وہ تو بلاتا ہے اپنی گروہ کو اس واسطے کہ ہوں

مِنْ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ﴿۶﴾ اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۬ؕ

دوزخ والوں میں، جو منکر ہوئے ان کو سخت عذاب ہے،

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ﴿۷﴾ ع ۱ ۱۳

اور جو یقین لائے اور کئے بھلے کام ان کے لئے ہے معافی اور بڑا ثواب۔

اَفَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ فَرَاٰهُ حَسَنًا ؕ فَاِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ

بھلا ایک شخص کہ بھلی سجھائی گئی اس کو اس کے کام کی برائی، پھر دیکھا اس نے اس کو بھلا، کیونکہ اللہ بھٹکاتا ہے

مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۪ فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ

جسکو چاہے اور سجھاتا ہے جسکو چاہے، سو تیرا جی نہ جاتا رہے

عَلَيْهِمْ حَسَرٰتٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ۝۸	
ان پر پچتا پچتا کر، اللہ کو معلوم ہے جو کچھ کرتے ہیں۔	

خلاصۂ تفسیر

اور (اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم) اگر یہ لوگ (دربارۂ توحید و رسالت وغیرہ) آپ کو جھٹلائیں تو (آپ غم نہ کریں کیونکہ) آپ سے پہلے بھی بہت سے پیغمبر جھٹلائے جا چکے ہیں، (ایک تو اس سے تسلی حاصل کیجئے) اور (دوسری بات یہ کہ) سب امور اللہ ہی کے روبرو پیش کئے جاویں گے (وہ خود سب سے سمجھ لے گا آپ کیوں فکر میں پڑے۔ آگے عام لوگوں کو خطاب ہے کہ) اے لوگو (اِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ) جس میں قیامت کی خبر ہے اس کو سن کر تعجب و استبعاد مت کرنا) اللہ تعالیٰ کا (یہ) وعدہ ضرور سچا ہے، سو ایسا نہ ہو کہ یہ دنیوی زندگی تم کو دھوکہ میں ڈالے رکھے (کہ اس میں منہمک ہو کر اس یوم موعود سے غافل رہو) اور ایسا نہ ہو کہ تم کو دھوکہ باز شیطان اللہ سے دھوکہ میں ڈال دے (کہ تم اس کے اس بہکانے میں نہ آجاؤ کہ اللہ تعالیٰ تم کو عذاب نہ دے گا جیسا کہ کہا کرتے تھے وَلَىِٕنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى اور) یہ شیطان (جس کے دھوکہ کا اوپر ذکر ہے) بیشک تمہارا دشمن ہے سو تم اس کو (اپنا) دشمن (ہی) سمجھتے رہو وہ تو اپنے گروہ کو (یعنی اپنے متبعین کو) محض اس لئے (باطل کی طرف) بلاتا ہے تاکہ وہ لوگ دوزخیوں میں سے ہو جاویں (پس) جو لوگ کافر ہو گئے (اور اس کی دعوت و غرور میں پھنس گئے) ان کے لئے سخت عذاب ہے اور جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کئے (اور اس کی دعوت و غرور میں نہیں پھنسے) ان کے لئے (معاصی کی) بخشش اور (ایمان و عمل صالح پر) بڑا اجر ہے (اور جب کافر کا انجام شدید اور مؤمن کا انجام مغفرت و اجر کبیر ہے) تو کیا (دونوں مساوی ہو سکتے ہیں یعنی) ایسا شخص جس کو اس کا عمل بد اچھا کر کے دکھلایا گیا، پھر وہ اس کو اچھا سمجھنے لگا (اور ایسا شخص جو بُرے کو بُرا سمجھتا ہے کہیں برابر ہو سکتے ہیں؟ پہلے شخص سے مراد کافر ہے جو اغوائے شیطان سے باطل کو حق اور مضر کو نافع سمجھتا ہے، اور دوسرے شخص سے مراد مؤمن ہے جو اتباع انبیاء و مخالفت شیطان سے باطل کو باطل، حق کو حق، ضار کو ضار، نافع کو نافع جانتا ہے۔ یعنی دونوں برابر کہاں ہوتے بلکہ ایک جہنّمی اور دوسرا جنّتی ہے۔ پس شیطان کے دھوکہ میں آنے والے اور اس کو دشمن سمجھنے والوں میں یہ تفاوت ہے۔ اس لئے ہم کہتے ہیں لَا يَغُرَّنَّكُمْ اور اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمْ عَدُوٌّ، اور اگر اس پر تعجب ہو کہ عاقل آدمی بد کو نیک کیسے سمجھ لیتا ہے) سو (اس کی وجہ

یہ ہی کہ) اللہ تعالیٰ جسکو چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے (اس کی عقل اُلٹی ہوجاتی) اور جسکو چاہتا ہی ہدایت کرتا ہے (اس کا ادراک صحیح رہتا ہے، پھر جب ہدایت واضلال کا اصل مدار مشیت ہی) تو ان پر افسوس کر کر کے کہیں آپ کی جان نہ جاتی رہے (یعنی کچھ افسوس نہ کیجیے صبر سے بیٹھے رہیے) اللہ تعالیٰ کو ان کے کاموں کی خبر ہے (وقت پر اُن سے سمجھ لے گا)۔

معارف ومسائل

لَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ، غَرُور بفتح غین مبالغہ کا صیغہ ہے، جس کے معنی ہیں بہت دھوکہ دینے والا، اور مراد اس سے شیطان ہے کہ اس کا کام ہی لوگوں کو دھوکہ میں ڈال کر کفر ومعصیت میں مبتلا کرنا ہے۔ اور لَا يَغُرَّنَّكُمْ باللہ یعنی وہ تمہیں اللہ کے معاملہ میں دھوکہ نہ دیدے، اس دھوکہ سے مطلب یہ ہی کہ شیطان بُرے کاموں کو اچھا ثابت کر کے تمہیں اس میں مبتلا نہ کردے اور تمہارا حال یہ ہوجائے کہ گناہ کرتے رہو اور ساتھ ہی یہ سمجھتے رہو کہ ہم اللہ کے نزدیک مقبول ہیں ہمیں عذاب نہیں ہوگا (قرطبی)

فَاِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ، امام بغویؒ نے حضرت ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے کہ یہ آیت اس وقت نازل ہوئی تھی جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دعاء کی تھی کہ یا اللہ اسلام کو عزّت وقوت عطا کردے، عمر بن خطاب کے ذریعہ یا ابوجہل کے ذریعہ۔ اللہ تعالیٰ نے ان میں سے عمر بن خطاب کو ہدایت دے کر اسلام کی عزت وقوت کا سبب بنادیا اور ابوجہل اپنی گمراہی میں رہا۔ (مظہری)

وَاللّٰهُ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَسُقْنٰهُ اِلٰى بَلَدٍ

اور اللہ ہے جس نے چلائی ہیں ہوائیں پھر وہ اٹھاتی ہیں بادل کو پھر ہانک لے گئی ہم اس کو

مَّيِّتٍ فَاَحْيَيْنَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ كَذٰلِكَ النُّشُوْرُ ۝۹

ایک مردہ دیس کی طرف پھر زندہ کردیا ہم نے اس سے زمین کو اس کے مرجانے کے بعد اسی طرح ہوگا جی اٹھنا۔

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعِزَّةَ فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ جَمِيْعًا ۭ اِلَيْهِ يَصْعَدُ

جسکو چاہیے عزت تو اللہ کے لئے ہی ساری عزت، اس کی طرف چڑھتا ہے

الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ ۭ وَالَّذِيْنَ

کلام ستھرا، اور کام نیک اس کو اٹھا لیتا ہے اور جو لوگ

يَمْكُرُوْنَ السَّيِّاٰتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ؕ وَمَكْرُ اُولٰٓئِكَ

داؤ میں ہیں برائیوں کے اُن کے لئے سخت عذاب ہی اور ان کا داؤ ہے

هُوَ يَبُوْرُ ﴿۱۰﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ

ٹوٹے کا ۔ اور اللہ نے تم کو بنایا مٹی سے پھر بوند پانی سے پھر

جَعَلَكُمْ اَزْوَاجًا ؕ وَمَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ؕ

بنایا تم کو جوڑے جوڑے اور نہ پیٹ رہتا ہی کسی مادہ کو اور نہ وہ جنتی ہی بن خبر اس کے

وَمَا يُعَمَّرُ مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّلَا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهٖٓ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ ؕ

اور نہ عمر پاتا ہی کوئی بڑی عمر والا اور نہ گھٹتی ہی کسی کی عمر مگر لکھا ہے کتاب میں ،

اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿۱۱﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرٰنِ ۖ هٰذَا عَذْبٌ

بے شک یہ اللہ پر آسان ہے ۔ اور برابر نہیں دو دریا ، یہ میٹھا ہے

فُرَاتٌ سَآئِغٌ شَرَابُهٗ وَهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ؕ وَمِنْ كُلٍّ

پیاس بجھاتا ہی خوشگوار اور یہ کھارا کڑوا ، اور دونوں میں سے

تَاْكُلُوْنَ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْنَ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى

کھاتے ہو گوشت تازہ اور نکالتے ہو گہنا جسکو پہنتے ہو اور تو دیکھے

الْفُلْكَ فِيْهِ مَوَاخِرَ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲﴾

جہازوں کو اس میں چلتے ہیں پانی کو پھاڑتے تاکہ تلاش کرو اس کے فضل سے اور تاکہ تم حق مانو ،

يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۙ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ

رات گھساتا ہے دن میں اور دن گھساتا ہے رات میں اور کام میں لگا دیا سورج

وَالْقَمَرَ ۖ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ

اور چاند کو ہر ایک چلتا ہی ایک مقررہ وعدہ تک ، یہ اللہ ہی تمھارا رب اسی کے لئے

الْمُلْكُ ؕ وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ

بادشاہی ہے اور جن کو تم پکارتے ہو اس کے سوائے وہ مالک نہیں کھجور کی گٹھلی کے

قَطْمِيرٍ ﴿۱۳﴾ اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا دُعَآءَكُمْ ۚ وَلَوْ سَمِعُوْا

ایک چھلکے کے، اگر تم ان کو پکارو سُنیں نہیں تمھاری پکار اور اگر سنیں پہونچیں

مَا اسْتَجَابُوْا لَكُمْ ۭ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُوْنَ بِشِرْكِكُمْ

نہیں تمھارے کام پر اور قیامت کے دن منکر ہوئے تمھارے شریک ٹھہرانے سے

وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيْرٍ ﴿۱۴﴾ ع

اور کوئی نہ بتلائے گا تجھ کو جیسا بتلائے گا خبر رکھنے والا

ع ۱ ۲ ۷ ۱۴

خلاصۂ تفسیر

اور اللہ ایسا (قادر) ہے جو (بارش سے پہلے) ہواؤں کو بھیجتا ہے پھر وہ (ہوائیں) بادلوں کو اٹھاتی ہیں (جس کی کیفیت سورۂ روم کے رکوع پنجم آیۃ اَللّٰهُ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ کی تفسیر میں گذری ہے) پھر ہم اس بادل کو خشک قطعۂ زمین کی طرف ہانک لے جاتے ہیں (جس سے وہاں بارش ہوتی ہے) پھر ہم اس کے ذریعہ سے (یعنی اس بادل کے پانی کے ذریعہ سے) زمین کو (نباتات سے) زندہ کرتے ہیں اس کے خشک ہونے کے بعد (اور جس طرح زمین کے مناسب اسکو حیات عطا فرمائی) اسی طرح (قیامت میں آدمیوں کا) جی اٹھنا ہے، (کہ ان کے مناسب حیات اُن کو عطا ہوگی) وجہ تشبیہ ظاہر ہے کہ دونوں میں ایک زائل شدہ صفت کا احداث واعادہ ہے۔ گو زمین میں صرف ایک امر عرضی یعنی نشوونما کا تعلق ہوا ہے، اور اعضاء میں ایک امر جوہری یعنی روح کا یہ مضمون حشر ونشر کا دلائلِ توحید کے ضمن میں تبعًا آگیا ہے۔ پھر اس نشور کی مناسبت سے ایک اور مضمون ہی وہ یہ کہ جب قیامت میں زندہ ہونا ہے تو وہاں کی ذلت وخواری سے بچنے کی فکر کرنا ضروری ہے۔ اس بارے میں مشرکین نے اپنے خود ساختہ معبودوں کو شیطان کے فریب میں آکر حصولِ عزت کا ذریعہ قرار دے رکھا تھا، وہ کہتے تھے هٰٓؤُلَآءِ شُفَعَاؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ یعنی یہ ہمارے علی الاطلاق شفیع ہیں دنیاوی حوائج میں بھی اور اگر قیامت کوئی چیز ہی تو نجاتِ اخروی کے لئے بھی جیسا حق تعالیٰ نے سورۂ مریم میں ارشاد فرمایا ہے وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لِّيَكُوْنُوْا لَهُمْ عِزًّا اس کے متعلق ارشاد ہے کہ) جو شخص (آخرت میں) عزت حاصل

کرنا چاہے (اور یہ چاہنا اس لئے ضروری بھی ہے کہ آخرت کا واقع ہونا امر یقینی ہے) تو (اس کو چاہئے کہ اللہ سے عزت حاصل کرے کیونکہ) تمام تر عزت (بالذات) خدا ہی کے لئے (حاصل) ہے (اور دوسرے کے لئے جب ہوگی بالعرض ہوگی، اور ما بالعرض ہمیشہ ما بالذات کا محتاج ہوتا ہے پس اس میں سب خدا ہی کے محتاج ہوئے۔ اور خدا سے اس کے حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ قولاً وعملاً اس کی اطاعت وانقیاد اختیار کرے کہ خدا کے نزدیک یہی چیزیں پسندیدہ ہیں چنانچہ) اچھا کلام اسی تک پہونچتا ہے، (یعنی وہ اس کو قبول کرتا ہے) اور اچھا کام اس کو پہنچاتا ہے (اچھے کلام میں کلمۂ توحید اور تمام اذکار آگئے اور اچھے کام میں تصدیق قلبی، اور جمیع اعمال صالحہ ظاہرہ وباطنہ داخل ہیں۔ تو معنی یہ ہوئے کہ کلمۂ توحید اور تمام اذکار کے مقبول بنانے کا ذریعہ عمل صالح ہے۔ اور مقبولیت عام ہے اصل قبولیت اور مکمل قبولیت دونوں کو، اور اس اجمال کو دوسری دلائل نے اس طرح مفصّل کر دیا کہ تصدیق قلبی تو جمیع کلم طیّب کے لئے نفسِ قبول کی شرط ہے، اس کے بغیر کوئی ذکر مقبول نہیں، اور دوسرے اعمالِ صالحہ جمیع کلم طیّب کے لئے مکمل قبول کی شرط ہے نہ کہ نفسِ قبول کی۔ کیونکہ فاسق سے اگر کلمۂ طیب کا صدور ہو تو بھی قبول تو ہو جاتا ہے مگر مکمل قبولیت نہیں ہوتی، پس جب یہ چیزیں عند اللہ پسندیدہ ہیں تو جو شخص اس کو اختیار کرے گا وہ معزز ہوگا) اور جو لوگ (اس کے خلاف طریقہ اختیار کر کے آپ کی مخالفت کر رہے ہیں کہ وہ اللہ ہی کی مخالفت ہے ـــــ اور آپ کے ساتھ) بُری بُری تدبیریں کر رہے ہیں ان کو سخت عذاب ہوگا، (جو موجب ان کی ذلت کا ہوگا اور اُن کے خود ساختہ معبودان کو خاک عزت نہ دے سکیں گے، بلکہ بالعکس خود وہ اُن کے خلاف ہو جائیں گے، کما قال تعالیٰ فی سورۃ مریم سَيَكْفُرُوْنَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا، یہ تو ان کا خسران آخرت میں ہوگا) اور (دنیا میں بھی ان کو یہ خسران ہوگا کہ) ان لوگوں کا یہ مکر نیست ونابود ہو جائے گا (یعنی ان تدبیروں میں اُن کو کامیابی نہ ہوگی، چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ وہ اسلام کو مٹانا چاہتے تھے خود ہی مٹ گئے۔ یہ مضمون بطور جملہ معترضہ کے تمام ہو کر آگے پھر عود ہے مضمون توحید کی طرف، یعنی حق تعالیٰ کی قدرت کا مظہر ایک تو وہ تھا جو اوپر اَللّٰهُ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الخ میں بیان کیا گیا) اور (دوسرا مظہر جو توحید پر دلالت کرتا ہے یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ نے تم کو (ضمناً خلقِ آدم میں) مٹی سے پیدا کیا، پھر (استقلالاً) نطفہ سے پیدا کیا، پھر تم کو جوڑے جوڑے بنایا (یعنی کچھ مذکر کچھ مؤنث بنائے یہ تو اس کی قدرت ہے) اور (علم اس کا ایسا ہے کہ) کسی عورت کو نہ حمل رہتا ہے اور نہ وہ جنتی ہے مگر سب اس کی اطلاع سے ہوتا ہے (یعنی اس کو پہلے سے سب کی خبر ہوتی ہے) اور (اسی طرح)

نہ کسی کی عمر زیادہ (مقرر) کی جاتی ہے اور نہ کسی کی عمر کم (مقرر) کی جاتی ہے مگر یہ سب لوح محفوظ میں (لکھا ہوا) ہوتا ہے (جسکو حق تعالیٰ نے اپنے علم قدیم کے موافق اس میں ثبت فرما دیا ہے، اور گو معلومات بے شمار اور لامتناہی ہیں، مگر یہ تعجب نہ کرو کہ قبل از وقوع سب واقعات کو کیسے مقدر و مقرر فرمایا کیونکہ) یہ سب اللہ کو آسان ہے (کیونکہ اس کا علم ذاتی ہے جس کی نسبت جمیع معلومات کے ساتھ قبل از وقوع و بعد از وقوع یکساں ہے) اور (آگے قدرت کے اور دلائل سنو کہ باوجودیکہ پانی مادّۂ واحدہ ہے مگر باوجود وحدت قابل کے اس میں اختلافِ افعال سے دو مختلف قسمیں پیدا کر دیں) دونوں دریا برابر نہیں ہیں (بلکہ) ایک تو شیریں پیاس بجھانے والا ہے جس کا پینا بھی (بوجہ قبولِ طبیعت کے) آسان ہے اور ایک شور تلخ ہے (تو یہ امر بھی عجائبِ قدرت سے ہے) اور (دوسرے دلائلِ قدرت بھی ہیں جو دلالت علی القدرۃ کے ساتھ دال علی النعمۃ بھی ہیں بعض تو انہی دریاؤں کے متعلق ہیں مثلاً یہ کہ) تم ہر ایک (دریا) سے (مچھلیاں نکال کر ان کا) تازہ گوشت کھاتے ہو اور (نیز) زیور (یعنی موتی) نکالتے ہو جسکو تم پہنتے ہو اور (اے مخاطب) تو کشتیوں کو اس میں دیکھتا ہے پانی کو پھاڑتی ہوئی چلتی ہیں تاکہ تم (ان کے ذریعہ سے سفر کر کے) اس کی روزی ڈھونڈو اور تاکہ (روزی حاصل کر کے تم (اللہ کا) شکر کرو (اور بعض اور نعمتیں ہیں مثلاً یہ کہ) وہ رات (کے اجزاء) کو دن (کے اجزاء) میں داخل کر دیتا ہے، اور دن (کے اجزاء) کو رات (کے اجزاء) میں داخل کر دیتا ہے (جس سے دن اور رات گھٹنے بڑھنے کے متعلق منافع حاصل ہوتے ہیں) اور (مثلاً یہ کہ) اس نے سورج اور چاند کو کام میں لگا رکھا ہے (ان میں سے) ہر ایک وقت مقرر (یعنی یوم قیامت) تک (اسی طرح) چلتے رہیں گے، یہی اللہ (جس کی یہ شان ہے) تمہارا پروردگار ہے، اسی کی سلطنت ہے، اور اس کے سوا جن کو پکارتے ہو وہ تو کھجور کی گٹھلی کے چھلکے کے برابر بھی اختیار نہیں رکھتے، چنانچہ جمادات میں تو ظاہر ہے اور ذوات الارواح میں بایں معنی کہ بالذات اختیار نہیں رکھتے اور اُن کی یہ حالت ہے کہ) اگر تم پکارو تو بھی وہ تمہاری پکار (اوّل تو) سنیں گے نہیں (جمادات تو اس لئے کہ ان میں سننے کی صلاحیت نہیں اور ذوات الارواح بایں معنی کہ مرنے کے بعد ان کا سننا لازمی اور دائمی نہیں، جب اللہ چاہے سنا دے جب نہ چاہے نہ سنا دے) اور اگر (بالفرض) سُن بھی لیں تو تمہارا کہنا نہ کریں گے، اور قیامت کے روز وہ (خود) تمہارے شرک کرنے کی مخالفت کریں گے (کقولہ تعالیٰ مَا كَانُوٓا اِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ وَغَيْرُ ذٰلِكَ مِنَ الْاٰيَاتِ) اور (ہم نے جو کچھ فرمایا ہے اس کے صدق میں ذرا شک و شبہ نہیں کیونکہ ہم حقائق امور

کی پوری خبر رکھنے والے ہیں اور اے مخاطب) تجھ کو خبر رکھنے والے کی برابر کوئی نہیں بتلائے گا، (پس ہمارا بتلانا سب سے زیادہ صحیح ہے)۔

معارف ومسائل

اِلَیْہِ یَصْعَدُ الْکَلِمُ الطَّیِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ یَرْفَعُہٗ اس سے پہلی آیت میں یہ بتلایا گیا ہے کہ جو شخص عزت وقوت کا طلب گار ہو تو اس کو سمجھ لینا چاہیے کہ وہ اللہ کے سوا کسی کے بس میں نہیں۔ جن چیزوں کو انھوں نے معبود بنا رکھا ہے یا جن سے عزت کی توقع پر دوستی کر رکھی ہے وہ کسی کو عزت نہیں دے سکتے۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ سے عزت وقوت حاصل کرنے کا طریقہ بتلایا گیا ہے، جس کے دو اجزاء ہیں، ایک کلم طیب، یعنی کلمہ توحید اور اللہ کی ذات وصفات کا علم، دوسرے عمل صالح یعنی دل سے ایمان لانا پھر اس کے مقتضیٰ کے موافق تابع شریعت عمل کرنا۔ حضرت شاہ عبدالقادرؒ نے موضح القرآن میں فرمایا کہ حصولِ عزت کا یہ نسخہ بالکل صحیح ومجرب ہے، شرط یہ ہے کہ ذکر اللہ اور عملِ صالح پر مداومت ہو، یہ مداومت ایک حدِ مقرر پر پہونچ جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے کرنے والے کو وہ لازوال عزت دنیا وآخرت میں نصیب فرماتے ہیں جس کی نظیر نہیں۔

آیت مذکورہ میں ان دونوں جزوں کی تعبیر ان الفاظ سے کی گئی ہے کہ اچھا کلام اللہ کی طرف چڑھتا اور پہونچتا ہے، اور عملِ صالح اس کو اٹھاتا ہے، اور پہونچاتا ہے۔ اَلْعَمَلُ الصَّالِحُ یَرْفَعُہٗ کی ترکیب نحوی میں چند احتمال ہیں، ہر احتمال کے اعتبار سے جملے کے معنی الگ ہو جاتے ہیں۔ ائمہ تفسیر نے ان احتمالوں کے مطابق تفسیر اپنی اپنی صواب دید کے مطابق کی ہے۔ پہلا احتمال تو وہی ہے جس کے مطابق خلاصہ تفسیر میں ترجمہ کیا گیا ہے کہ یَرْفَعُہٗ کی ضمیر فاعل عمل صالح کی طرف راجع ہو، اور ضمیر مفعول کلم طیب کی طرف، اور معنی یہ ہوں کہ کلم طیب اللہ تعالیٰ کی طرف چڑھتے ہیں، مگر ان کے چڑھانے کا ذریعہ عمل صالح ہوتا ہے۔ جمہور ائمہ تفسیر ابن عباسؓ، حسن بصریؒ، ابن جبیرؒ، مجاہد، ضحاک، شہر بن حوشب وغیرہ نے اسی کو اختیار کیا ہے۔ اور اللہ کی طرف چڑھنے اور چڑھانے سے مراد اللہ کے نزدیک مقبول ہونا ہے۔ اس لئے خلاصہ اس جملے کا یہ ہوگا کہ کلم طیب خواہ کلمۂ توحید ہو یا دوسرے اذکار تسبیح وتحمید وغیرہ ان میں سے کوئی چیز بغیر عمل صالح کے عنداللہ مقبول نہیں ہوتی۔ اس میں عمل صالح کا اہم جزء تصدیق قلبی ہے، یعنی دل سے اللہ پر اور اس کی توحید پر ایمان لانا یہ تو مطلقاً قبولیتِ اعمال کی شرط لازم ہے، اس کے بغیر نہ کلمۂ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہ مقبول ہے نہ کوئی دوسرا ذکر۔

اور عمل صالح کے دوسرے اجزاء نماز، روزہ وغیرہ اعمالِ صالحہ اور محرّمات و مکروہات سے پرہیز ہے۔ یہ اگرچہ مطلقاً قبولیت کی شرط نہیں، مگر قبولیتِ تامہ کی شرط یہ اعمال بھی ہیں۔ تو اگر ایک شخص دل میں ایمان و تصدیق ہی نہیں رکھتا تو وہ کتنا بھی زبان سے کلمۂ توحید پڑھے اور تسبیح و تحمید کرے اللہ کے نزدیک اسکو کوئی حصّہ قبولیت کا حاصل نہ ہوگا، اور جو تصدیق و ایمان تو رکھتا ہے مگر دوسرے اعمالِ صالحہ نہیں کرتا یا ان میں کوتاہی کرتا ہے اس کا ذکر اللہ اور کلمۂ توحید بالکل ضائع تو نہیں ہوگا صرف اتنا کام دے گا کہ ہمیشہ کے عذاب سے اس کو نجات مل جائے گی، مگر مکمل قبولیت اس کو حاصل نہیں ہوگی، جس کا یہ اثر ہوگا کہ بقدر اپنے ترکِ عمل کے اور کوتاہی کے عذاب بھگتے گا۔

ایک حدیث میں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی قول کو بغیر عمل کے اور کسی قول و عمل کو بغیر نیت کے اور کسی قول و عمل اور نیت کو بغیر مطابقت سنت کے قبول نہیں کرتا (قرطبی)

اس سے معلوم ہوا کہ مکمل قبولیت کی شرط سنت کے مطابق ہونا ہے، اگر قول بھی عمل بھی اور نیت بھی، یہ سب درست بھی ہوں مگر طریقۂ عمل سنت کے مطابق نہ ہو تو قبولیت تامّہ حاصل نہیں ہوگی۔

اور بعض مفسّرین نے اس جملہ کی ترکیبِ نحوی یہ قرار دی ہے کہ یَرْفَعُہٗ کی ضمیر فاعل کلم طیّب کی طرف اور ضمیر مفعول عمل صالح کی طرف راجع ہے۔ اس صورت میں معنی جملہ کے پہلے سے بالکل مختلف یہ ہو گئے کہ کلم طیب یعنی ذکر اللہ عمل صالح کو چڑھاتا اور اٹھاتا ہے، یعنی قابلِ قبول بناتا ہے۔ اس کا حاصل یہ ہوگا کہ جو شخص عملِ صالح کے ساتھ ذکر اللہ بھی بکثرت کرتا ہے تو یہ ذکر اللہ اس کے عمل کو مزیّن اور قابلِ قبول بنا دیتا ہے،

اور حقیقت یہی ہے کہ جس طرح صرف کلمۂ توحید اور تسبیحات بغیر عمل صالح کے کافی نہیں اسی طرح عمل صالح اوامر و نواہی کی پابندی بھی بغیر کثرت ذکر اللہ کے بے رونق رہتی ہے، ذکر اللہ کی کثرت ہی اعمالِ صالحہ کو مزیّن کر کے قابلِ قبول بناتی ہے۔

وَمَا يُعَمَّرُ مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّلَا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهٖٓ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ، اس آیت کا مفہوم جمہور مفسّرین کے نزدیک یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جس شخص کو عمر طویل عطا فرماتے ہیں وہ پہلے ہی لوحِ محفوظ میں لکھا ہوا ہے، اسی طرح جس کی عمر کم رکھی جاتی ہے وہ بھی سب لوحِ محفوظ میں پہلے ہی درج ہے، جس کا حاصل یہ ہے کہ یہاں عمر کا طول اور نقص فرد واحد کے متعلق مراد نہیں، بلکہ کلام نوع انسانی کے متعلق ہے کہ اس کے کسی فرد کو عمر طویل دی جاتی ہے

کسی کو اس سے کم۔ یہ تفسیر حضرت ابن عباسؓ سے ابن کثیر نے نقل کی ہے۔ حضاکؒ نے حسن بصری اور ضحاک کا یہی قول نقل کیا ہے، اسی لئے ابن جریر، ابن کثیر، رُوح المعانی وغیرہ عام تفاسیر میں اسی کو جمہور کی تفسیر قرار دیا ہے۔ اور بعض حضرات نے فرمایا کہ اگر عمر کی کمی زیادتی کو ایک ہی شخص کے متعلق کہا جائے تو عمر میں کمی کرنے کا یہ مطلب ہے کہ ہر شخص کی جو عمر اللہ تعالیٰ نے لکھدی ہے وہ یقینی ہے، اور جو دن گذرتا ہے اس مقررہ مدّتِ عمر میں سے ایک دن کی کمی کردیتا ہے، دو دن گذرتے ہیں تو دو کم ہوجاتے ہیں، اسی طرح ہر دن بلکہ ہر سانس اس کی عمر کو گھٹاتا رہتا ہے۔ یہ تفسیر شعبی، ابن جبیر، ابو مالک، ابن عطیہ اور سدی سے منقول ہے (روح) اسی مضمون کو اس شعر میں ادا کیا گیا ہے، ؎

حَيَاتُكَ اَنْفَاسٌ تُعَدُّ فَكُلَّمَا ؛ مَضٰى نَفَسٌ مِّنْهَا انْتَقَصْتَ بِهٖ جُزْءً

"یعنی تیری زندگی چند گنے ہوئے سانسوں کا نام ہے، تو جب بھی ایک سانس گذرتا ہے تیری عمر کا ایک جزء گھٹ جاتا ہے"

امام نسائیؒ نے اس آیت کی تفسیر میں حضرت انس بن مالکؓ سے یہ روایت کیا ہے کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے کہ آپؐ نے فرمایا: مَنْ سَرَّهٗ اَنْ يُّبْسَطَ لَهٗ فِيْ رِزْقِهٖ وَيُنْسَأَ فِيْ اَثَرِهٖ فَلْيَصِلْ رَحِمَهٗ۔ بخاری، مسلم، ابو داؤد نے بھی یہ حدیث یونس بن یزید ایلی کی روایت سے نقل کی ہے۔ معنی حدیث کے یہ ہیں کہ جو شخص چاہتا ہے کہ اس کے رزق میں وسعت اور عمر میں زیادتی ہو تو اس کو چاہیئے کہ صلہ رحمی کرے یعنی اپنے ذی رحم رشتہ داروں سے اچھا سلوک کرے۔ بظاہر اس سے معلوم ہوتا ہے کہ صلۂ رحمی سے عمر بڑھ جاتی ہے، مگر اس کا مطلب ایک دوسری حدیث نے خود واضح کردیا ہے وہ یہ ہے:

ابن ابی حاتم نے حضرت ابو الدرداءؓ سے روایت کیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم نے اس (مضمون کا ذکر) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کیا تو آپ نے فرمایا کہ (عمر تو اللہ کے نزدیک ایک ہی مقرر اور مقدر ہے) جب مقررہ مدّت پوری ہوجاتی ہے تو کسی شخص کو ذرا بھی مہلت نہیں دی جاتی۔ بلکہ زیادتِ عمر سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو اولاد صالح عطا فرمادیتا ہے وہ اس کے لئے دعاء کرتے رہتے ہیں۔ یہ شخص نہیں ہوتا ہے اور ان لوگوں کی دعائیں اس کو قبر میں ملتی رہتی ہیں (یعنی مرنے کے بعد بھی ان کو وہ فائدہ پہونچتا رہتا ہے، جو خود زندہ رہنے سے حاصل ہوتا ہے، اسی طرح گویا اس کی عمر بڑھ گئی۔ یہ دونوں روایتیں ابن کثیر نے نقل کی ہیں) خلاصہ یہ ہے کہ جن احادیث میں بعض اعمال کے متعلق یہ آیا ہے کہ ان سے عمر بڑھ جاتی ہے، اس سے مراد عمر کی برکت کا بڑھ جانا ہے۔

وَمِنْ كُلٍّ تَاْكُلُوْنَ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْنَ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا، یعنی دریائے شور وشیریں دونوں سے تمھیں تازہ گوشت کھانے کو ملتا ہے، مراد اس سے مچھلی ہے۔ اس آیت میں مچھلی کو گوشت کے لفظ سے تعبیر کرنے میں اس طرف اشارہ پایا جاتا ہے کہ مچھلی خود بخود حلال گوشت ہے اس کو ذبح کرنے کی ضرورت نہیں۔ بخلاف دوسرے بڑی جانوروں کے کہ جب تک ان کو اللہ کے نام پر ذبح نہ کرو وہ حلال نہیں۔ مچھلی میں یہ شرط نہیں اس لئے وہ بنا بنایا گوشت ہے۔ اور حلیہ کے معنی زیور کے ہیں، مراد اس سے موتی ہیں۔ آیت سے معلوم ہوا کہ موتی جس طرح دریائے شور میں پیدا ہوتے ہیں شیریں دریاؤں میں بھی ہوتے ہیں جو عام شہرت کے خلاف ہے، کیونکہ معروف ومشہور یہی بات ہے کہ موتی دریائے شور (سمندر) میں پیدا ہوتے ہیں، اور حقیقت، یہی ہے جو قرآن کے الفاظ سے ظاہر ہے کہ دونوں میں موتی پیدا ہوتے ہیں۔ البتہ شیریں دریاؤں میں بہت کم اور سمندر میں بہت زیادہ پیدا ہوتے ہیں، زیادتی کی وجہ سے یہ شہرت ہوگئی کہ موتی صرف دریائے شور سے نکلتے ہیں۔

اور تَلْبَسُوْنَهَا میں صیغہ مذکر استعمال کرنے سے اس طرف اشارہ ہوگیا کہ موتیوں کا استعمال مردوں کے لئے بھی جائز ہے بخلاف سونے چاندی کے کہ ان کا بطور زیور استعمال کرنا مردوں کے لئے جائز نہیں (روح)

اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا دُعَآءَكُمْ وَلَوْ سَمِعُوْا مَا اسْتَجَابُوْا لَكُمْ، یعنی یہ بت یا بعض انبیاء۔ یا فرشتے جن کو تم خدا سمجھ کر پرستش کرتے ہو اگر ان کو مصیبت کے وقت پکارو گے تو اولاً یہ تمھاری بات سن ہی نہ سکیں گے، کیونکہ بتوں میں تو سننے کی صلاحیت ہے ہی نہیں، انبیاء اور فرشتوں میں اگرچہ صلاحیت ہے مگر نہ وہ ہر جگہ موجود ہیں نہ ہر ایک کے کلام کو سنتے ہیں۔ آگے فرمایا کہ اگر بالفرض وہ سن بھی لیں جیسے فرشتے اور انبیاء، تو پھر بھی وہ تمھاری درخواست پوری نہ کریں گے۔ کیونکہ ان کو خود قدرت نہیں، اور اللہ تعالیٰ کی اجازت کے بغیر اس سے کسی کی سفارش نہیں کر سکتے۔

سماع موتیٰ کا مسئلہ جو پہلے گذر چکا ہے اس آیت سے نہ اس کا اثبات ثابت ہوتا ہے نہ نفی، اس بحث کے دلائل دوسرے ہیں جن کا ذکر سورۂ روم میں مفصل آچکا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَاللّٰهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۱۵﴾

اے لوگو! تم ہو محتاج اللہ کی طرف، اور اللہ وہی ہے بے پروا سب تعریفوں والا

اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ ﴿۱۶﴾ وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ

اگر چاہے تم کو لے جائے اور لے آئے ایک نئی خلقت ، اور یہ بات اللہ پر

بِعَزِيْزٍ ﴿۱۷﴾ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ وَاِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ اِلٰى

مشکل نہیں ۔ اور نہ اٹھائیگا کوئی اٹھانے والا بوجھ دوسرے کا اور اگر پکارے کوئی بوجھل اپنا بوجھ

حِمْلِهَا لَا يُحْمَلْ مِنْهُ شَيْءٌ وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ؕ اِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِيْنَ

بٹانے کو کوئی نہ اٹھائے اس میں سے ذرا بھی ، اگرچہ ہو قرابتی ، تو تو ڈر سنا دیتا ہے ان کو

يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَمَنْ تَزَكّٰى فَاِنَّمَا

جو ڈرتے ہیں اپنے رب سے بن دیکھے اور قائم رکھتے ہیں نماز ، اور جو کوئی سنورے گا تو یہی ہے کہ

يَتَزَكّٰى لِنَفْسِهٖ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿۱۸﴾ وَمَا يَسْتَوِى الْاَعْمٰى

سنورے گا اپنے فائدہ کو اور اللہ کی طرف ہے سب کو پھر جانا ۔ اور برابر نہیں اندھا

وَالْبَصِيْرُ ﴿۱۹﴾ وَلَا الظُّلُمٰتُ وَلَا النُّوْرُ ﴿۲۰﴾ وَلَا الظِّلُّ وَلَا

اور دیکھتا ، اور نہ اندھیرا اور نہ اُجالا ، اور نہ سایہ اور

الْحَرُوْرُ ﴿۲۱﴾ وَمَا يَسْتَوِى الْاَحْيَآءُ وَلَا الْاَمْوَاتُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

نہ لُو ۔ اور برابر نہیں جیتے اور نہ مُردے ، اللہ

يُسْمِعُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِى الْقُبُوْرِ ﴿۲۲﴾ اِنْ

سناتا ہے جسکو چاہے اور تو نہیں سنانے والا قبر میں پڑے ہوؤں کو ، تُو تو بس

اَنْتَ اِلَّا نَذِيْرٌ ﴿۲۳﴾ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ؕ

ڈر کی خبر پہنچانے والا ہے ۔ ہم نے بھیجا ہے تجھ کو سچا دین دیکر خوشی اور ڈر سنانے والا ،

وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ ﴿۲۴﴾ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ

اور کوئی فرقہ نہیں جس میں نہیں ہو چکا کوئی ڈر سنانے والا ۔ اور اگر وہ تجھ کو جھٹلائیں تو آگے

كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ

جھٹلا چکے ہیں جو لوگ کہ ان سے پہلے تھے ، پہنچے ان کے پاس رسول اُن کے لیکر کھلی باتیں ،

وَبِالزُّبُرِ وَبِالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ﴿۲۵﴾ ثُمَّ اَخَذْتُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اور صحیفے اور روشن کتاب ۔ پھر پکڑا میں نے منکروں کو

فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۲۶﴾ ع	
سو کیسا ہوا انکار میرا۔	

ع ۳ ۱۲ ۱۵

خُلاصۂ تفسیر

اے لوگو تم (ہی) خدا کے محتاج ہو اور اللہ (تو) بے نیاز (اور خود تمام) خوبیوں والا ہے (پس تمھاری احتیاج دیکھ کر تمھارے لئے توحید وغیرہ کی تعلیم کی گئی ہے، اگر تم نہیں مانو گے تو تم اپنا ضرر کرو گے۔ باقی حق تعالیٰ کو تو بوجہ غنائے ذاتی وکمال ذاتی کے تمھاری یا تمھارے عمل کی کوئی حاجت ہی نہیں، کہ اس کے ضرر کا احتمال ہو اور کفر پر جو ضرر ہونے والا ہے خدا تعالیٰ اس کے فی الحال ایقاع پر بھی قادر ہی، چنانچہ) اگر وہ چاہے تو (تمھارے کفر کی سزا میں) تم کو فنا کر دے اور ایک نئی مخلوق پیدا کر دے (جو تمھاری طرح کفر و انکار نہ کریں) اور یہ بات خدا کو کچھ مشکل نہیں (لیکن بمصلحت مہلت دے رکھی ہے۔ غرض یہاں تو وہ ضرر محض محتمل الوقوع ہے، لیکن قیامت میں وہ ضرور واقع ہو جائے گا) اور (اس وقت یہ حالت ہوگی کہ) کوئی دوسرے کا بوجھ (گناہ کا) نہ اٹھاوے گا اور (خود تو کوئی کسی کی کیا رعایت کرتا یہ حالت ہوگی کہ) اگر کوئی بوجھ کا لدا ہوا (یعنی کوئی گنہگار) کسی کو اپنا بوجھ اٹھانے کیلئے بلائے گا (بھی) تب بھی اس میں سے کچھ بھی بوجھ نہ ہٹایا جائے گا، اگرچہ وہ شخص (جس کو اس نے بلایا تھا اس کا) قرابت دار ہی (کیوں نہ) ہو (پس اس وقت پورا ضرر اس کفر و بدعملی کا خود ہی بھگتنا پڑے گا یہ تو تحذیر منکرین کی ہوگئی۔ آگے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا تسلیہ ہے، کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ اُن کے انکار پر جس کی سزا یہ ایک دن ضرور بھگتیں گے اس قدر غم و افسوس کیوں کرتے ہیں) آپ تو (ایسا ڈرانا جس پر نفع مرتب ہو) صرف ایسے لوگوں کو ڈرا سکتے ہیں جو بے دیکھے اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور نماز کی پابندی کرتے ہیں (مراد اس اَلَّذِيْنَ سے مؤمنین ہیں، یعنی آپ کے انذار سے صرف مؤمنین منتفع ہوتے ہیں فی الحال ہوں یا باعتبار آئندہ کے اور امر مشترک دونوں میں طلبِ حق ہے۔ مطلب یہ ہی کہ طالب حق کو نفع ہوا کرتا ہی یہ لوگ طالبِ حق ہیں ہی نہیں، اُن سے امید نہ رکھئے) اور (آپ ان کے ایمان نہ لانے سے اس قدر فکر کیوں کرتے ہیں) جو شخص (ایمان لاکر شرک و کفر سے) پاک ہوتا ہے وہ اپنے

(نفع کے) لئے پاک ہوتا ہے اور (جو نہیں ایمان لاتا وہاں بھٹکتے گا، کیونکہ سب کو) اللہ کی طرف لوٹکر جانا ہے (پس نفع ہے تو ان کا، آپ کیوں غم کرتے ہیں) اور (ان لوگوں سے کیا توقع رکھی جائے کہ ان کا علم وادراک مثل ادراک مؤمنین کے ہو، اور مؤمنین کی طرح یہ بھی حق کو قبول کرلیں، اور قبولِ حق کے ثمرات دینی میں بھی یہ لوگ شریک ہو جائیں، کیونکہ مؤمنین کی مثال حق بینی میں بینا آدمی کی سی اور ان کی مثال عدمِ ادراک حق میں اندھے آدمی کی سی ہے۔ اور اسی طرح مؤمن نے ادراکِ حق کے ذریعہ سے جس طریق ہدایت کو اختیار کیا ہے اس طریقِ حق کی مثال نور کی سی ہے، اور کافر نے عدمِ ادراکِ حق سے جس طریقہ کو اختیار کیا ہے اس کی مثال ظلمت کی سی ہے کما قال تعالیٰ وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِي النَّاسِ كَمَنْ مَّثَلُهٗ فِي الظُّلُمٰتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا، اور اسی طرح جو ثمرۂ جنت وغیرہ اس طریق پر مرتب ہوگا اس کی مثال ظلِ بارد کی سی ہے، اور جو ثمرۂ جہنم وغیرہ طریق باطل پر مرتب ہوگا، اس کی مثال جلتی دھوپ کی سی ہے، کما قال تعالیٰ ظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ الیٰ قولہ فِيْ سَمُوْمٍ اور ظاہر ہے کہ) اندھا اور آنکھوں والا برابر نہیں، اور نہ تاریکی اور روشنی اور چھاؤں اور دھوپ (پس نہ ان کا اور مؤمنین کا علم وادراک برابر ہوگا اور نہ ان کا طریقہ اور نہ اس طریقہ کا ثمرہ) اور (مؤمن اور کافر میں جو تفاوت بینا و نابینا کا سا کہا گیا ہے تو اس سے مقصود نفی کمی کی ہے نہ کہ زیادتی کی۔ کیونکہ ان میں تفاوت مردہ اور زندہ کا سا ہے، پس ان کی برابری کی نفی کیلئے یوں بھی کہنا صحیح ہے کہ) زندے اور مُردے برابر نہیں ہو سکتے (اور جب یہ مُردے ہیں تو مُردوں کو زندہ کرنا تو خدا کی قدرت میں ہے، بندہ کی قدرت میں نہیں۔ پس اگر خدا ہی اُن کو ہدایت کردے تب تو اور بات ہے، کیونکہ) اللہ جس کو چاہتا ہے سُنوا دیتا ہے (باقی آپ کی کوشش سے یہ لوگ حق کو قبول نہیں کریں گے، کیونکہ ان کی مثال تو مُردوں کی آپ نے سُن لی) اور آپ ان لوگوں کو نہیں سُنا سکتے جو قبروں میں (مدفون) ہیں۔ (لیکن اگر یہ نہ مانیں تو آپ غم میں نہ پڑیئے کیونکہ) آپ تو (کافروں کے حق میں) صرف ڈرانے والے ہیں (آپ کے ذمہ یہ نہیں کہ وہ کافر ڈر کر مان بھی جائیں۔ اور یہ ڈرانا آپ کا اپنی طرف سے نہیں جیسا منکرینِ نبوت کہتے تھے بلکہ ہماری طرف سے ہے کیونکہ) ہم ہی نے آپ کو (دین) حق دے کر (مسلمانوں کو) خوش خبری سُنانے والا اور (کافروں کو) ڈر سنانے والا... بنا کر بھیجا ہے اور (یہ بھیجنا کوئی انوکھی بات نہیں جیسا کافر کہتے تھے بلکہ) کوئی ایسی امت نہیں ہوئی جس میں کوئی ڈر سنانے والا (یعنی پیغمبر) نہ گذرا ہو اور اگر یہ لوگ آپ کو جھٹلا دیں تو (آپ ان گذشتہ پیغمبروں کا جن کا ابھی اجمالاً ذکر ہوا ہے اور تفصیلاً دوسری آیات میں ذکر ہے، کافروں کے ساتھ معاملہ یاد کر کے اپنے دل کو سمجھا لیجئے، کیونکہ) جو لوگ ان سے پہلے ہو گذرے ہیں انھوں نے بھی (اپنے وقت کے پیغمبروں کو

جھٹلایا تھا (اور) اُن کے پاس بھی ان کے پیغمبر معجزے اور صحیفے اور روشن کتابیں لے کر آئے تھے، (یعنی بعضے صحائف اور بعضی بڑی کتابیں اور بعضے صرف معجزات تصدیق نبوّت کے لئے اور احکام انبیاء سابقین لے کر آئے) پھر (جب انھوں نے جھٹلایا تو) میں نے ان کافروں کو پکڑ لیا سو (دیکھو) میرا کیسا عذاب ہوا (اسی طرح ان کے وقت پر اُن کو سزا دوں گا)۔

مَعارف ومسائل

وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى، یعنی قیامت کے روز کوئی آدمی دوسرے آدمی کے گناہوں کا بوجھ نہ اٹھا سکے گا، ہر ایک کو اپنا بوجھ خود ہی اُٹھانا پڑے گا۔ اور سورۂ عنکبوت میں جو آیا ہے کہ وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ یعنی گمراہ کرنے والے لوگ اپنے گمراہ ہونے کا بوجھ بھی اُٹھائیں گے اور اتنا ہی دوسرا بوجھ اس کا اٹھائیں گے کہ انھوں نے دوسروں کو گمراہ کیا تھا۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ جن کو گمراہ کیا تھا اُن کا بوجھ یہ لوگ کچھ ہلکا کر دینگے، بلکہ ان کا بوجھ اپنی جگہ ان پر پورا رہے گا، اور گمراہ کرنے والوں کا جرم دوہرا ہونے کی وجہ سے ان کا بوجھ بھی دُوہرا ہو جائے گا، ایک گمراہ ہونے کا دوسرا دوسروں کو گمراہ کرنے کا۔ اس لئے ان دونوں آیتوں میں کوئی تعارض نہیں (روح)

اور حضرت عکرمہؓ نے آیت مذکورہ کی تفسیر میں فرمایا کہ اس روز ایک باپ اپنے بیٹے سے کہے گا کہ تم جانتے کہ میں تمھارا کیسا شفیق اور مہربان باپ تھا وہ اقرار کرے گا کہ بیشک آپ کے احسانات بے شمار ہیں، اور میرے لئے آپ نے دنیا میں بہت کلفتیں اٹھائی ہیں۔ اب باپ کہے گا کہ بیٹا آج میں تمھارا محتاج ہوں، اپنی نیکیوں میں سے تھوڑی مجھے دیدو کہ میری نجات ہو جائے۔ بیٹا کہے گا کہ ابّا جان آپ نے بہت تھوڑی سی چیز طلب کی، مگر میں کیا کروں اگر میں وہ آپ کو دیدوں تو میرا یہی حال ہو جائے گا، اس لئے مجبور ہوں۔ پھر وہ اپنی زوجہ سے یہی کہے گا کہ میں نے دنیا میں تم پر اپنا سب کچھ قربان کیا، آج مجھے تمھاری تھوڑی سی نیکیوں کی ضرورت ہے، وہ دیدو۔ بیوی بھی وہی جواب دیگی جو بیٹے نے دیا تھا۔

حضرت عکرمہؓ نے فرمایا کہ یہی مراد ہے اس آیت کی، لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى، اور فرمایا کہ قرآن کریم نے متعدّد آیات میں اس مضمون کو بیان فرمایا ہے، ایک جگہ لَا يَجْزِيْ وَالِدٌ عَنْ وَّلَدِهٖ وَلَا مَوْلُوْدٌ هُوَ جَازٍ عَنْ وَّالِدِهٖ شَيْـًٔا، یعنی اس روز نہ کوئی باپ اپنے بیٹے کو عذاب سے چھڑا سکے گا نہ بیٹا باپ کو۔ مراد یہی ہے کہ کوئی دوسرے کا گناہ اپنے سر پر لے کر اس کو نہ بچائے گا۔ شفاعت کا معاملہ اس سے الگ ہے۔ اسی طرح دوسری آیت میں

فرمایا یَوْمَ یَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِیْهِ وَاُمِّهٖ وَاَبِیْهِ وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِیْهِ، یعنی اس روز انسان بھاگے گا اپنے بھائی اور ماں باپ سے اور اپنی بیوی سے اور اولاد سے، بھاگنے کا حاصل یہی ہے وہ ڈرے گا کہ کہیں یہ اپنا گناہ مجھ پر ڈالنے کی یا میری کسی نیکی کو لینے کی فرمائش نہ کریں (ابن کثیر)

وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِی الْقُبُوْرِ، اس آیت کے شروع میں کفار کی مثال مُردوں سے اور مؤمنین کی زندوں سے دی گئی ہے۔ اسی کی مناسبت سے یہاں مَنْ فِی الْقُبُوْرِ سے مراد کفار ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ جس طرح آپ مُردوں کو نہیں سُنا سکتے ان زندہ کافروں کو بھی نہیں سُنا سکتے۔

اس آیت نے خود یہ بات واضح کر دی کہ یہاں سُنانے سے مراد وہ سُنانا ہے جو مفید و مؤثر اور نافع ہو، ورنہ مطلق سنانا تو کفار کو ہمیشہ ہوتا ہی رہا، اور مشاہدہ میں آتا رہا ہے کہ ان کو تبلیغ کرتے اور وہ سنتے تھے۔ اس لئے مراد اس آیت کی یہ ہے کہ جس طرح آپ مُردوں کو کلامِ حق سُنا کر راہِ حق پر نہیں لا سکتے کیونکہ وہ دنیا کے دار العمل سے آخرت کے دار الجزاء میں منتقل ہو چکے ہیں، وہاں اگر وہ ایمان کا اقرار بھی کر لیں تو معتبر نہیں، اسی طرح کفار کا حال ہے اس سے ثابت ہوا کہ مُردوں کے سُنانے کی جو نفی اس آیت میں کی گئی ہے اس سے مراد خاص اسماعِ نافع ہے جس کی وجہ سے سننے والا باطل کو چھوڑ کر حق پر آجائے۔ اس تقریر سے واضح ہو گیا کہ مسئلہ سماعِ موتیٰ سے اس آیت کا کوئی تعلق نہیں، یہ مسئلہ اپنی جگہ مستقل ہے کہ مُردے زندوں کا کلام سنتے ہیں یا نہیں۔ اس کی مفصل تحقیق سورۂ رُوم میں اور سورۂ نمل میں گذر چکی ہے۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ ثَمَرٰتٍ

کیا تو نے نہ دیکھا کہ اللہ نے اُتارا آسمان سے پانی پھر ہم نے نکالے اس سے میوے

مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهَا ؕ وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌۢ بِیْضٌ وَّحُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ

طرح طرح کے ان کے رنگ، اور پہاڑوں میں گھاٹیاں ہیں سفید اور سُرخ طرح طرح کے

اَلْوَانُهَا وَغَرَابِیْبُ سُوْدٌ ﴿۲۷﴾ وَمِنَ النَّاسِ وَالدَّوَآبِّ وَالْاَنْعَامِ

ان کے رنگ اور بھجنگے کالے، اور آدمیوں میں اور کیڑوں میں اور چوپاؤں میں

مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ كَذٰلِكَ ؕ اِنَّمَا یَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا ؕ

کتنے رنگ ہیں اسی طرح، اللہ سے ڈرتے وہی ہیں اس کے بندوں میں جن کو سمجھ ہے،

اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ غَفُوْرٌ ﴿۲۸﴾	
تحقیق اللہ زبردست ہے بخشنے والا	

خلاصۂ تفسیر

(اے مخاطب) کیا تو نے اس بات پر نظر نہیں کی کہ اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی اتارا پھر ہم نے (پانی) کے ذریعہ مختلف رنگتوں کے پھل لگائے (خواہ اس طرح کہ ان کی انواع و اقسام ہی الگ الگ ہوں یا ایک ہی نوع اور ایک ہی قسم کے پھل مختلف رنگتوں کے ہوں) اور (اسی طرح) پہاڑوں کے بھی مختلف حصے ہیں (بعضے) سفید اور (بعضے) سُرخ کہ (پھر خود) اُن (سفید و سُرخ) کی بھی رنگتیں مختلف ہیں، (بعض بہت سفید اور بہت سُرخ، بعض ہلکے سفید اور ہلکے سُرخ) اور (بعض نہ سفید نہ سُرخ بلکہ) بہت گہرے سیاہ اور اسی طرح آدمیوں اور جانوروں اور چوپاؤں میں بھی بعض ایسے ہیں کہ ان کی رنگتیں مختلف ہیں، (بعض اوقات اختلافِ اقسام و اصناف کے ساتھ یہ اختلافِ رنگ ہوتا ہے، اور بعض اوقات ایک ہی قسم میں مختلف رنگ ہوتے ہیں، تو جو لوگ دلائلِ قدرت میں غور کرتے ہیں، ان کو خدا تعالیٰ کی عظمت کا علم ہوتا ہے، اور) خدا سے اس کے وہی بندے ڈرتے ہیں جو (اس کی عظمت کا) علم رکھتے ہیں (اگر علم عظمت کا محض اعتقادی اور عقلی ہے تو یہ خشیت بھی اعتقادی عقلی ہی رہے گی اور اگر علم عظمت درجۂ حال تک پہونچ گیا ہے تو خشیت بھی درجۂ حال کی ہوگی کہ اس کے خلاف سے طبعی نفرت و تکلیف ہونے لگے گی) واقعی اللہ تعالیٰ (سے ڈرنا فی نفسہٖ بھی ضروری ہے کیونکہ وہ) زبردست ہے، (کہ سب کچھ کر سکتا ہے اور اپنے مطلب کے لئے بھی ضروری ہے کیونکہ وہ ڈرنے والوں کے گناہوں کا) بڑا بخشنے والا ہے۔

معارف و مسائل

ربطِ آیات بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ ان آیات میں عود ہے مضمونِ توحید کی طرف جس کو دلائلِ قدرت سے مدلّل کیا گیا ہے۔ اور بعض نے فرمایا ہے کہ سابقہ آیات میں لوگوں کے احوال کا مختلف ہونا اور اس کی تمثیلات بیان فرمائی ہیں، وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ وَلَا الظُّلُمٰتُ وَلَا النُّوْرُ وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُوْرُ، یہ اسی کا مزید بیان و توضیح ہے کہ مخلوقاتِ الٰہیہ میں باہمی تفاوت ایک خلقی اور طبعی امر ہے، اور نباتات و جمادات تک میں موجود ہے، اور یہ اختلاف صرف صورت اور لون ہی میں نہیں بلکہ طبائع میں بھی ہے۔

ثَمَرَاتٍ مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهَا، ثمرات میں اختلافِ الوان کو ترکیب نحوی کے اعتبار سے حال بنا کر مُخْتَلِفًا منصوب ذکر فرمایا ہے۔ اور آگے پہاڑوں میں رنگتوں کا اختلاف اسی طرح انسانوں اور چوپایوں وغیرہ میں یہ اختلاف بصورت صفت بیان فرمایا ہے۔ اسی لئے مُخْتَلِفٌ مرفوع لایا گیا۔ اس میں یہ اشارہ ہو سکتا ہے کہ ثمرات کا اختلافِ الوان تو ایک حال پر نہیں، وہ تھوڑے تھوڑے وقفہ سے بدلتا رہتا ہے، بخلاف پہاڑوں کے اور انسانوں اور جانوروں کے کہ ان کے جو رنگ ہیں وہ عموماً قائم رہنے والے ہیں بدلتے نہیں۔

اور پہاڑوں میں جُدَدٌ فرمایا، یہ جُدَّۃٌ کی جمع ہے، جس کے معروف معنی اس چھوٹے سے راستہ کے ہیں جس کو جادہ بھی کہا جاتا ہے۔ اور بعض حضرات نے جُدَّۃٌ بمعنے قطعہ وحصہ قرار دیا ہے، مطلب دونوں صورتوں میں پہاڑوں کے اجزاء کا مختلف الوان ہونا ہے، جن میں سب سے پہلے سفید کا اور آخر میں سیاہ کا ذکر فرمایا، درمیان میں احمر یعنی سُرخ کے ذکر کے ساتھ مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فرمایا اس میں اس طرف اشارہ نکل سکتا ہے کہ اصل رنگ دنیا میں دو ہی ہیں، سفید، سیاہ، اور باقی رنگ اسی سفیدی اور سیاہی کے مختلف درجوں سے مرکب ہو کر بنتے ہیں۔

كَذٰلِكَ اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا، اس جگہ لفظ كَذٰلِكَ پر جمہور کے نزدیک وقف ہے، جو اس کی علامت ہے کہ یہ لفظ پچھلے مضمون کے ساتھ متعلق ہے۔ یعنی مخلوقات کو مختلف انواع واقسام اور مختلف الوان پر بڑی حکمت کے ساتھ بنانا یہ اللہ تعالیٰ کی قدرت و حکمت کی خاص نشانی ہے۔

اور بعض روایات سے مستفاد ہوتا ہے کہ اس لفظ کا تعلق اگلے جملے سے ہے۔ یعنی جس طرح ثمرات، پہاڑ، حیوانات اور انسان مختلف رنگوں پر منقسم ہیں اسی طرح خشیت اللہ میں بھی لوگوں کے درجات مختلف ہیں، کسی کو اس کا اعلیٰ درجہ حاصل ہے، کسی کو کم، اور مدار اس کا علم پر ہے جس درجہ کا علم ہے اسی درجہ کی خشیت بھی ہے (رُوح)

سابقہ آیات میں ارشاد فرمایا تھا (اِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ) جس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دینے کے لئے فرمایا تھا کہ آپ کے انذار وتبلیغ کا فائدہ تو صرف وہ لوگ اٹھاتے ہیں جو غائبانہ اللہ تعالیٰ سے خوف وخشیت رکھتے ہیں، اس کی مناسبت سے آیت اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا میں اُن لوگوں کا ذکر ہے جن کو اللہ تعالیٰ کی خشیت حاصل ہے۔ اور جیسا پہلے کفار ومنکرین کا اور ان کے احوال کا ذکر آیا ہے، اس میں .... خاص اولیاء اللہ کا ذکر ہے۔ لفظ اِنَّمَا عربی زبان میں حصر بیان کرنے کے لئے آتا ہے، اس لئے اس جملے کے معنی بظاہر یہ ہیں کہ صرف علماء ہی اللہ سے ڈرتے ہیں

مگر ابن عطیہ وغیرہ ائمۂ تفسیر نے فرمایا کہ حرف اِنَّمَا جیسے حصر کے لئے آتا ہے ایسے ہی کسی کی خصوصیت کے بیان کرنے کے لئے بھی مستعمل ہوتا ہے، اور یہاں یہی مراد ہے کہ خشیۃ اللہ علماء کا وصفِ خاص اور لازم ہے۔ یہ ضرور نہیں کہ غیر عالم میں خشیۃ نہ ہو (بحر محیط، ابوحیان)

اور آیت میں لفظ عُلَمٰٓؤُا سے مراد وہ لوگ ہیں جو اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کی ذات و صفات کا کماحقہ علم رکھتے ہیں، اور مخلوقاتِ عالم میں اس کے تصرّفات پر اور اس کے احسانات و انعامات پر نظر رکھتے ہیں۔ صرف عربی زبان یا اس کے صَرف و نحو اور فنونِ بلاغت جاننے والوں کو قرآن کی اصطلاح میں عالم نہیں کہا جاتا جب تک اس کو اللہ تعالیٰ کی معرفت مذکورہ طریق پر حاصل نہ ہو۔

حسن بصریؒ نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا کہ عالم وہ شخص ہے جو خلوت و جلوت میں اللہ سے ڈرے، اور جس چیز کی اللہ تعالیٰ نے ترغیب دی ہے وہ اس کو مرغوب ہو اور جو چیز اللہ کے نزدیک مبغوض ہے اس کو اس سے نفرت ہو۔

اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا:۔

لَيْسَ الْعِلْمُ بِكَثْرَةِ الْحَدِيْثِ وَلٰكِنَّ الْعِلْمَ عَنْ كَثْرَةِ الْخَشْيَةِ	"یعنی بہت سی احادیث یاد کر لینا یا بہت باتیں کرنا کوئی علم نہیں بلکہ علم وہ ہے جس کے ساتھ اللہ کا خوف ہو"

حاصل یہ ہے کہ جس قدر کسی میں خدائے تعالیٰ کا خوف ہے وہ اسی درجہ کا عالم ہے۔ اور احمد بن صالح مصری نے فرمایا کہ خشیۃ اللہ کو کثرتِ روایت اور کثرتِ معلومات سے نہیں پہچانا جا سکتا بلکہ اس کو کتاب و سنت کے اتباع سے پہچانا جاتا ہے (ابن کثیر)

شیخ شہابُ الدین سہروردیؒ نے فرمایا کہ اس آیت میں اشارہ پایا جاتا ہے کہ جس شخص میں خشیۃ نہ ہو وہ عالم نہیں (مظہری) اس کی تصدیق اکابر سلف کے اقوال سے بھی ہوتی ہے۔

حضرت ربیع بن انسؓ نے فرمایا:۔

مَنْ لَّمْ يَخْشَ فَلَيْسَ بِعَالِمٍ	"یعنی جو اللہ سے نہیں ڈرتا وہ عالم نہیں"

اور مجاہدؒ نے فرمایا:۔

اِنَّمَا الْعَالِمُ مَنْ خَشِيَ اللّٰهَ	"یعنی عالم تو صرف وہی ہے جو اللہ سے ڈرے"

سعد بن ابراہیم سے کسی نے ـــــ پوچھا کہ مدینہ میں سب سے زیادہ اَفْقَہ کون ہے؟ تو فرمایا: اَتْقَاهُمْ لِرَبِّهٖ "یعنی جو اپنے رب سے سب سے زیادہ ڈرنے والا ہو"

اور حضرت علی مرتضیٰؓ نے فقیہ کی تعریف اس طرح فرمائی:۔

اِنَّ الْفَقِيْهَ حَقَّ الْفَقِيْهِ مَنْ لَّمْ	"فقیہ مکمل فقیہ وہ ہے جو لوگوں کو اللہ کی

يقنط الناس من رحمة الله ولم يرخص لهم في معاصي الله تعالىٰ، ولم يؤمنهم من عذاب الله تعالىٰ ولم يدع القرآن رغبة عنه إلى غيره إنه لا خير في عبادة لا علم فيها ولا علم لا فقه فيه ولا قراءة لا تدبر فيه (قرطبی)

رحمت سے مایوس بھی نہ کرے اور ان کو گناہوں کی رخصت بھی نہ دے اور ان کو اللہ کے عذاب سے مطمئن بھی نہ کرے، اور قرآن کو چھوڑ کر کسی دوسری چیز کی طرف رغبت نہ کرے، (اور فرمایا) اس عبادت میں کوئی خیر نہیں جو بے علم کے ہو اور اس علم میں کوئی خیر نہیں جو بے فقہ یعنی بے سمجھ بوجھ کے ہو اور اس قراءت میں کوئی خیر نہیں جو بغیر تدبر کے ہو"

مذکورہ تصریحات سے یہ شبہ بھی جاتا رہا کہ بہت سے علماء کو دیکھا جاتا ہے کہ ان میں خدا کا خوف وخشیت نہیں۔ کیونکہ تصریحات بالا سے معلوم ہوا کہ اللہ کے نزدیک صرف عربی جاننے کا نام علم اور جاننے والے کا نام عالم نہیں جس میں خشیت نہ ہو وہ قرآن کی اصطلاح میں عالم ہی نہیں۔ البتہ خشیت کبھی صرف اعتقادی اور عقلی ہوتی ہے، جس کی وجہ سے آدمی بہ تکلف احکام شرعیہ کا پابند ہوتا ہے، اور کبھی یہ خشیت حالی اور ملکہ راسخہ کے درجہ میں ہو جاتی ہے جس میں اتباع شریعت ایک تقاضائے طبیعت بن جاتا ہے۔ خشیت کا پہلا درجہ مامور بہ اور عالم کے لئے ضروری ہے، دوسرا درجہ افضل واعلیٰ ہے ضروری نہیں (از بیان القرآن)

إِنَّ الَّذِينَ يَتْلُونَ كِتَابَ اللَّهِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَنفَقُوا مِمَّا

جو لوگ پڑھتے ہیں کتاب اللہ کی اور سیدھی کرتے ہیں نماز اور خرچ کرتے ہیں کچھ

رَزَقْنَاهُمْ سِرًّا وَعَلَانِيَةً يَرْجُونَ تِجَارَةً لَّن تَبُورَ ﴿٢٩﴾ لِيُوَفِّيَهُمْ

ہمارا دیا ہوا چھپے اور کھلے امیدوار ہیں ایک بیوپار کے جس میں ٹوٹا نہ ہو، تاکہ پورا دے ان کو

أُجُورَهُمْ وَيَزِيدَهُم مِّن فَضْلِهِ إِنَّهُ غَفُورٌ شَكُورٌ ﴿٣٠﴾

ثواب ان کا اور زیادہ دے اپنے فضل سے، تحقیق وہ ہی بخشنے والا قدردان۔

وَالَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ مِنَ الْكِتَابِ هُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا

اور جو ہم نے تجھ پر اتاری کتاب وہی ٹھیک ہے تصدیق کرنے والی اپنے سے

بَيْنَ يَدَيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِعِبَادِهٖ لَخَبِيْرٌۢ بَصِيْرٌ ۝۳۱ ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ

اگلی کتابوں کی، بیشک اللہ اپنے بندوں سے خبردار ہے دیکھنے والا۔ پھر ہم نے وارث کئے کتاب

الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا ۚ فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ

کے وہ لوگ جن کو چن لیا ہم نے اپنے بندوں میں سے، پھر کوئی ان میں برا کرتا ہے اپنی جان کا اور کوئی انمیں

مُّقْتَصِدٌ ۚ وَمِنْهُمْ سَابِقٌۢ بِالْخَيْرٰتِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ هُوَ

ہے بیچ کی چال پر اور کوئی ان میں آگے بڑھ گیا ہے لیکر خوبیاں اللہ کے حکم سے، یہی ہے

الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ۝۳۲ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ

بڑی بزرگی۔ باغ ہیں بسنے کے جن میں وہ جائیں گے وہاں ان کو گہنا پہنایا جائے گا

اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۚ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ۝۳۳ وَقَالُوا

کنگن سونے کے اور موتی کے اور ان کی پوشاک وہاں ریشمی ہے۔ اور کہیں گے

الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ۭ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرُۨ ۝۳۴

شکر ہے اللہ کا جس نے دور کیا ہم سے غم بیشک ہمارا رب بخشنے والا قدردان ہے

الَّذِيْٓ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ لَا يَمَسُّنَا فِيْهَا نَصَبٌ

جس نے اُتارا ہم کو آباد رہنے کے گھر میں اپنے فضل سے نہ پہنچے ہم کو اس میں مشقت،

وَّلَا يَمَسُّنَا فِيْهَا لُغُوْبٌ ۝۳۵ وَالَّذِيْنَ

اور نہ پہنچے ہم کو اس میں تھکنا، اور جو لوگ

كَفَرُوْا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ ۚ لَا يُقْضٰى عَلَيْهِمْ فَيَمُوْتُوْا وَلَا يُخَفَّفُ

منکر ہیں ان کے لئے ہے آگ دوزخ کی، نہ تو ان پر حکم پہنچے کہ مر جائیں اور نہ ان پر ہلکی ہو

عَنْهُمْ مِّنْ عَذَابِهَا ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِيْ كُلَّ كَفُوْرٍ ۝۳۶ وَهُمْ يَصْطَرِخُوْنَ

وہاں کی کچھ کلفت، یہ سزا دیتے ہیں ہم ہر ناشکر کو۔ اور وہ چلائیں

فِيْهَا ۚ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ ۭ

اس میں اے رب ہم کو نکال کہ ہم کچھ بھلا کام کرلیں وہ نہیں جو کرتے رہے،

أَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا يَتَذَكَّرُ فِيهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَاءَكُمُ النَّذِيرُ ۖ

کیا ہم نے عمر نہ دی تھی تم کو اتنی کہ جس میں سوچ لے جس کو سوچنا ہو اور پہنچا تمھارے پاس ڈرانے والا

فَذُوقُوا فَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ نَّصِيرٍ ﴿٣٧﴾ ع ۱۱ ۴ ۱۶

اب چکھو کہ کوئی نہیں گنہگاروں کا مددگار۔

خُلاصۂ تفسیر

اور جو لوگ کتاب اللہ (یعنی قرآن) کی تلاوت (مع العمل) کرتے رہتے ہیں اور (خصوصیت واہتمام کے ساتھ) نماز کی پابندی رکھتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو عطا فرمایا ہے اس میں سے پوشیدہ اور علانیہ (جس طرح بن پڑتا ہے) خرچ کرتے ہیں وہ (بوجہ وعدۂ الٰہیہ کے) ایسی (دائم النفع) تجارت کے امیدوار ہیں جو کبھی ماند نہ ہوگی (کیونکہ اس سودے کا خریدار کوئی مخلوقات میں سے نہیں ہے جو کبھی تو سودے کی قدر کرتا ہے اور کبھی نہیں کرتا۔ بلکہ اس کا خریدار خود حق تعالیٰ ہوگا، جو ضرور حسبِ وعدہ اپنی غرض سے نہیں بلکہ محض اُن کی نفع رسانی کے لئے اس کی قدر کرے گا) تاکہ ان کو اُن (کے اعمال) کی اُجرتیں (بھی) پوری (پوری) دیں (جس کا بیان آگے آئے گا، جَنّٰتُ عَدْنٍ الخ) اور (علاوہ اجرت کے) اُن کو اپنے فضل سے اور زیادہ (بھی) دیں، (مثلاً یہ کہ ایک نیکی کا ثواب دس کے برابر دیں، کما قال تعالیٰ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا) بے شک وہ بڑا بخشنے والا بڑا قدر دان ہے (پس ان کے اعمال میں کچھ کوتاہی رہ بھی گئی تب بھی اس کی ایسی قدر کی کہ اُجرت کے علاوہ انعام بھی دیا) اور (قرآن مجید پر عمل کرنے کی برکت سے جو ان کو اجر و فضل ملا سو واقعی قرآن مجید ایسی ہی چیز ہے، کیونکہ) یہ کتاب جو ہم نے آپؐ کے پاس وحی کے طور پر بھیجی ہے یہ بالکل ٹھیک ہے جو کہ اپنے سے پہلی کتابوں کی بھی (بایں معنی) تصدیق کرتی ہے (کہ ان کو اصل کے اعتبار سے منزّل من اللہ بتلاتی ہے، اگرچہ بعد میں محرّف ہوگئی ہوں، غرض یہ کتاب ہر طرح کامل ہے، اور چونکہ) یقیناً اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی (حالت کی) پوری خبر رکھنے والا (اور ان کی مصلحتوں کو) خوب دیکھنے والا ہے (اس لئے اس وقت ایسی ہی کتاب کامل کا نازل کرنا قرینِ حکمت بھی تھا اور کتاب کامل کا عامل مستحق جزائے کامل ہی کا ہوگا جو کہ مجموعہ ہے اصل اجر اور مزید فضل کا پس اس اجر و فضل کے افاضہ کے لئے یہ کتاب ہم نے اوّل آپ پر نازل کی اور) پھر یہ کتاب ہم نے ان لوگوں کے ہاتھوں میں پہنچائی جن کو ہم نے اپنے (تمام دنیا جہان کے) بندوں میں سے (باعتبار ایمان کے) پسند فرمایا،

مراد اس سے اہل اسلام ہیں جو اس حیثیت ایمان سے تمام دنیا والوں میں مقبول عند اللہ ہیں گو ان میں کوئی دوسری وجہ مثل بدعملی کے موجب ملامت بھی ہو۔ مطلب یہ کہ مسلمانوں کے ہاتھوں میں وہ کتاب پہنچائی) پھر (ان منتخب اور پسندیدہ لوگوں کی تین قسمیں ہیں، کہ) بعضے تو ان میں (کوئی گناہ کرکے) اپنی جانوں پر ظلم کرنے والے ہیں اور بعضے ان میں (جو نہ گناہ کرتے ہیں اور نہ طاعات میں ضروریات سے تجاوز کرتے ہیں) متوسط درجہ کے ہیں اور بعضے ان میں وہ ہیں جو خدا کی توفیق سے نیکیوں میں ترقی کئے چلے جاتے ہیں (کہ گناہوں سے بھی بچتے ہیں اور فرائض کے ساتھ غیر فرائض کی بھی ہمت کرتے ہیں۔ غرض ہم نے تینوں قسم کے مسلمانوں کے ہاتھوں میں وہ کتاب پہونچائی اور) یہ (یعنی ایسی کتاب کامل کا پہونچا دینا خدا کا) بڑا فضل ہے (کیونکہ اس پر عمل کرنے کی بدولت کیسے اجر و ثواب کے مستحق ہو گئے آگے اس اجر و فضل مذکورۂ بالا کا بیان ہے کہ) وہ (اجر و فضل) باغات ہیں، ہمیشہ رہنے کے جس میں یہ لوگ (مذکورین آیت اِنَّ الَّذِیْنَ یَتْلُوْنَ الخ) داخل ہوں گے (اور) ان کو سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائیں گے، اور پوشاک اُن کی وہاں ریشم کی ہوگی اور (وہاں داخل ہو کر) کہیں گے اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے جس نے ہم سے (ہمیشہ کے لئے) رنج و غم دور کیا بیشک ہمارا پروردگار بڑا بخشنے والا بڑا قدردان ہے جس نے ہم کو اپنے فضل سے ہمیشہ رہنے کے مقام میں لا اتارا جہاں نہ ہم کو کوئی کلفت پہونچے گی، اور نہ ہم کو کوئی خستگی پہونچے گی (یہ تو عاملانِ کتاب اللہ و احکام کا حال ہوا) اور جو لوگ (برخلاف انکے) کافر ہیں ان کے لئے دوزخ کی آگ ہے، نہ تو ان کو موت ہی آئے گی کہ مر ہی جاویں (اور مر کر چھوٹ جاویں) اور نہ دوزخ کا عذاب ہی اُن سے ہلکا کیا جائے گا، ہم ہر کافر کو ایسی ہی سزا دیتے ہیں اور وہ لوگ اس (دوزخ) میں (پڑے ہوئے) چلّاویں گے، کہ اے ہمارے پروردگار ہم کو (یہاں سے) نکال لیجئے ہم (اب خوب) اچھے (اچھے) کام کرینگے برخلاف ان کاموں کے جو (پہلے) کیا کرتے تھے (ارشاد ہوگا کہ) کیا ہم نے تم کو اتنی عمر نہ دی تھی کہ جس کو سمجھنا ہوتا وہ سمجھ سکتا اور (صرف عمر ہی دینے پر اکتفاء نہیں کیا بلکہ) تمہارے پاس (ہماری طرف سے) ڈرانے والا (یعنی پیغمبر) بھی پہونچا تھا (خواہ بواسطہ یا بلاواسطہ، مگر تم نے ایک نہ سنی) سو (اب اُس نہ ماننے کا) مزہ چکھو کہ ایسے ظالموں کا (یہاں) کوئی مددگار نہیں (ہم تو بوجہ ناراضی کے مدد نہ کریں گے، اور دوسرے لوگ بوجہ عدم قدرت کے)۔

معارف ومسائل

ان آیات سے پہلی آیت میں علماءِ حق جو عارف باللہ ہوں ان کی ایک ایسی صفت کا ذکر تھا جس کا تعلق قلب سے ہے، یعنی خشیۃ اللہ۔ مذکور الصدر پہلی آیت میں انہی اولیاء اللہ کی چند ایسی صفات کا ذکر ہے جو اعضاء وجوارح سے ادا ہوتی ہیں۔ ان میں پہلی صفت تلاوتِ قرآن ہی، اور مراد اس سے وہ لوگ ہیں جو تلاوتِ کتاب اللہ پر مداومت کرتے ہیں۔ یَتْلُوْنَ بصیغہ مضارع اس کی طرف مشیر ہے۔ اور بعض حضرات نے اس جگہ یَتْلُوْنَ اس کے لغوی معنے میں لیا ہی، یعنی وہ عمل میں اتباع کرتے ہیں قرآن کا، مگر پہلی تفسیر راجح ہے۔ اگرچہ سیاق وسباق سے یہ بھی متعین ہے کہ تلاوت وہی معتبر ہے جس کے ساتھ قرآن پر عمل بھی ہو، مگر لفظ تلاوت اپنے معروف معنی میں ہے۔ اسی طرح حضرت مطرف بن عبداللہ ابن شخیرؒ نے فرمایا ہے هٰذِهٖ اٰيَةُ الْقُرَّاءِ یعنی یہ آیت قرّاء کے لئے ہے، جو تلاوتِ قرآن کو اپنا مشغلۂ زندگی بناتے ہیں۔

ان کی دوسری صفت اقامتِ صلوٰۃ اور تیسری اللہ کی راہ میں مال خرچ کرنا ہے۔ خرچ کرنے کے ساتھ سرًّا وعلانیۃً فرما کر اس طرف اشارہ کر دیا گیا کہ اکثر عبادات میں ریاء سے بچنے کے لئے خفیہ کرنا بہتر ہوتا ہے، مگر بعض اوقات مصالح دینیہ اس کو بھی مقتضی ہوتی ہیں کہ اعلان کے ساتھ کیا جائے، جیسے نمازِ جماعت کہ میناروں پر اذان دے کر اور زیادہ سے زیادہ اجتماع کے ساتھ علانیہ طور پر ادا کرنے کا حکم ہے۔ اسی طرح بعض اوقات اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کا اظہار بھی دوسروں کی ترغیب کے لئے ضروری ہوتا ہے۔ حضرات فقہاءؒ نے نماز اور انفاق فی سبیل اللہ دونوں میں یہ تفصیل فرمائی ہے کہ فرض وواجب یا سنت مؤکدہ ہے اس کو تو علانیہ کرنا بہتر ہی اس کے سوا نفلی نماز کا خفیہ ادا کرنا بہتر ہے۔ اسی طرح جہاں مال خرچ کرنا فرض یا واجب ہی، جیسے زکوٰۃ فرض یا صدقۃ الفطر یا قربانی ان میں علانیہ خرچ کرنا بہتر اور افضل ہی، باقی صدقات نافلہ کو خفیہ خرچ کرنا افضل ہے۔

جو لوگ ان تینوں صفات کے حامل ہوں یعنی تلاوتِ قرآن پر مداومت اور اقامتِ صلوٰۃ اور اللہ کی راہ میں خوش دلی کے ساتھ مال خرچ کرنا کہ صرف فرض وواجب ہی کی حد تک نہ رہے بلکہ نفلی صدقات بھی کریں۔ آگے ان کی ایک صفت یہ بتلائی کہ يَرْجُوْنَ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ، لَنْ تَبُوْرَ، بَوَارٌ سے مشتق ہے، جس کے معنی ضائع ہوجانے کے ہیں۔ معنی آیت کے یہ ہیں کہ صفات مذکورہ کے پابند مؤمنین ایک ایسی تجارت کے امیدوار ہیں جس میں کبھی خسارہ نہیں ہوتا۔ امیدوار

ہونے کے لفظ سے اس طرف اشارہ ہے کہ مؤمن کو دنیا میں اپنے کسی بھی نیک عمل پر یقین کرنے کی گنجائش نہیں ہے، کہ یہ ہمیں ضرور بخشوادے گا، اور اس کا اجر وثواب ہمیں یقینی ملے گا۔ کیونکہ مکمل مغفرت اور بخشش تو کسی انسان کی بھی صرف اس کے عمل سے نہیں ہوسکتی، کیونکہ انسان کتنا بھی عمل صالح کرے مگر وہ اللہ تعالیٰ کی عظمت وعبادت کے حق کو پورا نہیں کرسکتا۔ اس لئے مغفرت سب کی اللہ تعالیٰ کے فضل کے بغیر نہیں ہوگی، جیساکہ ایک حدیث میں اس مضمون کی تصریح آئی ہے۔ اس کے علاوہ ہر نیک عمل کے ساتھ آدمی کو اس خطرہ سے بھی غافل نہیں ہونا چاہئے کہ بہت سے نیک اعمال میں کوئی مخفی کید شیطانی یا نفسانی شامل ہوجاتا ہے، جس کی وجہ سے وہ مقبول نہیں ہوتا، یا بعض اوقات ایک نیک عمل کے ساتھ کوئی بُرا عمل ایسا ہوجاتا ہے جو نیک عمل کی مقبولیت سے بھی مانع ہوجاتا ہے۔ اس لئے آیت میں لفظ یَرْجُوْنَ لاکر اس طرف اشارہ فرمادیا کہ سارے اعمال صالحہ کی پابندی کے بعد بھی کسی کو اپنی نجات اور درجات عالیہ کا یقین کرلینے کا حق نہیں، بس زیادہ سے زیادہ امید ہی کرسکتے ہیں۔ (روح)

اعمالِ صالحہ کی مثال تجارت سے اس آیت میں ان اعمالِ صالحہ مذکورہ کو بطور تشبیہ ومثال ایک تجارت سے تعبیر کیا گیا، جیساکہ ایک دوسری آیت میں ایمان اور جہاد فی سبیل اللہ کو تجارت سے تعبیر فرمایا ہے: هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ، تجارت کی مثال اس وصف میں ہے کہ تاجر اپنا سرمایہ اور وقت کسی کام میں اس وقت لگاتا ہے کہ اس سے اس کا سرمایہ بڑھ جائے گا، اور نفع پہونچے گا۔ لیکن دنیا کی ہر تجارت میں نفع کے ساتھ نقصان وخسارہ کا بھی احتمال لگا رہتا ہے۔ آیت مذکورہ میں تجارت کے ساتھ لَنْ تَبُوْرَ کا لفظ بڑھا کر اشارہ کردیا کہ اس تجارتِ آخرت میں نقصان وخسارہ کا کوئی احتمال نہیں۔ اور اللہ کے نیک بندے جو اعمالِ صالحہ میں مشقت ومحنت اٹھاتے ہیں وہ عام تجارتوں کی طرح تجارت نہیں کرتے، بلکہ ایک ایسی تجارت کے امیدوار ہیں جس میں کبھی خسارہ نہیں ہوتا۔ اور ان کی امیدواری کا ذکر کرنا اشارۃً خفی اس طرف ہے کہ اللہ تعالیٰ کریم الکریماہیں، وہ امیدواروں کی امید کو قطع نہیں کریں گے بلکہ پورا کریں گے، بلکہ اگلے جملے میں یہ بھی فرمادیا کہ ان کی امید تو صرف اپنے عمل کا پورا بدلہ ملنے تک محدود ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے کرم سے ان کی امیدوں سے بھی زیادہ عطا فرمائیں گے۔ لِيُوَفِّيَهُمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ، لفظ لِيُوَفِّيَهُمْ کا تعلق لَنْ تَبُوْرَ سے ہے۔ یعنی ان کی تجارت خسارے کی متحمل

نہیں بلکہ ان کے اجر و ثواب ان کو پورے پورے ملیں گے، اور اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے ان کے مظنونہ اجر و ثواب سے بھی کہیں زیادہ عطا فرمائیں گے۔

اس فضل و زیادتی میں اللہ تعالیٰ کا وعدہ بھی شامل ہے کہ مؤمن کے عمل کا اجر حق تعالیٰ چند در چند کر کے عطا فرماتے ہیں، جس کی ادنیٰ مقدار عمل کا دس گنا اور زیادہ سات سو گنا تک بلکہ اس سے بھی زیادہ ہے، اور دوسرے گناہگاروں کے حق میں ان کی سفارش قبول کرنا اس فضل میں شامل ہے۔ جیسا کہ ایک حدیث میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضؓ نے ــــ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس فضل کی تفسیر میں یہ روایت کی ہے کہ ان لوگوں پر دنیا میں جس نے احسان کیا تھا یہ لوگ اس کی سفارش کریں گے تو باوجود سزائے جہنم کے مستحق ہونے کے ان کی سفارش سے ان کو نجات ہو جائے گی۔ (تفسیر مظہری بحوالہ ابن ابی حاتم) (اور یہ ظاہر ہے کہ شفاعت صرف اہلِ ایمان کے لئے ہو سکے گی، کافر کی شفاعت کی کسی کو اجازت نہ ہوگی) اسی طرح جنّت میں حق تعالیٰ کا دیدار بھی اس فضل کا جزء اعظم ہے۔

ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا، حرف ثُمَّ عطف کے لئے آتا ہے، اور اس پر دلالت کرتا ہے کہ اس حرف سے پہلے اور بعد کی دونوں چیزیں اصل وصف میں مشترک ہونے کے باوجود تقدیم و تاخیر رکھتی ہیں۔ پہلی چیز مقدم اور بعد کی چیز مؤخر ہوتی ہے، پھر یہ تقدیم و تاخیر کبھی زمانے کے اعتبار سے ہوتی ہے، کبھی رتبہ اور درجہ کے اعتبار سے۔ اس آیت میں حرف ثُمَّ عطف ہے اس سے پہلی آیت کے لفظ اَوْحَيْنَا پر، معنی یہ ہیں کہ ہم نے یہ کتاب یعنی قرآن جو خالص حق ہی ہے، اور تمام پہلی آسمانی کتابوں کی تصدیق کرتا ہے، پہلے بطور وحی آپؐ کے پاس بھیجی، اس کے بعد ہم نے اس کتاب کا وارث ان لوگوں کو بنا دیا جن کو ہم نے منتخب اور پسند کر لیا ہے اپنے بندوں میں سے۔ یہ اوّل و آخر اور مقدم و مؤخر ہونا رتبہ اور درجہ کے اعتبار سے تو ظاہر ہے ہی کہ قرآن کا بذریعہ وحی آپؐ کے پاس بھیجنا رتبہ اور درجہ میں مقدم ہے اور امّتِ محمدیہ کو عطا فرمانا اس سے مؤخر ہے۔ اور اگر امت کو وارثِ قرآن بنانے کا مطلب یہ لیا جائے کہ آپؐ نے اپنے بعد کے لئے امّت کے واسطے زر و زمین کی وراثت چھوڑنے کے بجائے اللہ کی کتاب بطور وراثت چھوڑی، جیسا کہ ایک حدیث میں اس کی شہادت موجود ہے کہ انبیاء درہم و دینار کی وراثت نہیں چھوڑا کرتے، وہ وراثت میں علم چھوڑتے ہیں، اور ایک دوسری حدیث میں علماء کو وارثِ انبیاء فرمایا ہے، تو اس لحاظ سے یہ تقدیم و تاخیر زمانی بھی ہو سکتی ہے کہ ہم نے یہ کتاب آپ کو عنایت فرمائی ہے پھر آپ نے اس کو امت کے لئے بطور وارث چھوڑا۔ وارث بنانے سے مراد عطا کرنا ہے، اس عطا کو بلفظ میراث تعبیر کرنے میں اس طرف اشارہ ہے کہ جس طرح وارث کو میراث کا حصہ بغیر اسکے کسی عمل اور

کوشش کے مل جاتا ہے، قرآن کریم کی یہ دولت بھی ان منتخب بندوں کو اسی طرح بغیر کسی محنت و مشقت کے دیدی گئی ہے۔

اُمّتِ محمدیہ خصوصاً اس کے علماء کی ایک اہم فضیلت وخصوصیت

اَلَّذِیْنَ اصْطَفَیْنَا مِنْ عِبَادِنَا، یعنی جن کو ہم نے منتخب اور پسندیدہ قرار دیدیا اپنے بندوں میں سے۔ جمہور مفسّرین کے نزدیک اس سے مراد اُمّتِ محمدیہؐ ہے، اس کے علماء بلاواسطہ اور دوسرے لوگ بواسطۂ علماء۔ علی بن ابی طلحہ نے حضرت ابن عباسؓ سے اس آیت کی تفسیر میں نقل کیا ہے کہ اَلَّذِیْنَ اصْطَفَیْنَا سے مراد اُمّتِ محمدیہؐ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو ہر اس کتاب کا وارث بنایا ہے جو اس نے اُتاری ہے، (یعنی قرآن سب کتب سابقہ کی تصدیق وحفاظت کرنے والی کتاب ہونے کی حیثیت سے ــ تمام آسمانی کتابوں کے مضامین کی جامع ہے، اس کا وارث بننا گویا سب آسمانی کتابوں کا وارث بننا ہے) پھر فرمایا فَظَالِمُهُمْ یُغْفَرُ لَهٗ وَمُقْتَصِدُهُمْ یُحَاسَبُ حِسَابًا یَّسِیْرًا وَّسَابِقُهُمْ یُدْخَلُ الْجَنَّةَ بِغَیْرِ حِسَابٍ، یعنی اُس اُمّت کا ظالم بھی بخشا جائے گا اور میانہ روی کرنے والے سے آسان حساب لیا جائے گا، اور سابق بغیر حساب کے جنّت میں داخل ہوگا (ابن کثیر)

اس آیت میں لفظ اِصْطَفَیْنَا سے اُمّتِ محمدیہؐ کی سب سے بڑی عظیم فضیلت ظاہر ہوئی۔ کیونکہ لفظ اصطفاء قرآن کریم میں اکثر انبیاء علیہم السلام کے لئے آیا ہے، اَللّٰهُ یَصْطَفِیْ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا وَّمِنَ النَّاسِ، اور ایک آیت میں ہے اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰٓى اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّاٰلَ اِبْرٰهِیْمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَى الْعٰلَمِیْنَ، آیت مذکورہ میں حق تعالیٰ نے اُمّتِ محمدیہ کو اصطفاء یعنی انتخاب میں انبیاء اور ملائکہ کے ساتھ شریک فرمادیا، اگرچہ اصطفاء کے درجات مختلف ہیں، انبیاء وملائکہ کا اصطفاء اعلیٰ درجہ میں اور امتِ محمدیہ کا بعد کے درجہ میں ہے۔

اُمّتِ محمدیہ کی تین قسمیں

فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ وَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ وَّمِنْهُمْ سَابِقٌۢ بِالْخَیْرٰتِ

یہ جملہ پہلے جملے کی تفسیر وتوضیح ہے۔ یعنی ہم نے اپنے جن بندوں کو منتخب اور پسند فرما کر ان کو قرآن کا وارث بنایا ہے، ان کی تین قسمیں ہیں، ظالم، مقتصد، سابق۔

ان تینوں قسموں کی تفسیر امام ابن کثیرؒ نے اس طرح بیان فرمائی ہے کہ ظالم سے مراد وہ آدمی ہے جو بعض واجبات میں کوتاہی کرتا ہے اور بعض محرمات کا بھی ارتکاب کرلیتا ہے اور مقتصد (یعنی درمیانی چال چلنے والا) وہ شخص ہے جو تمام واجباتِ شرعیہ کو ادا کرتا ہے اور تمام محرمات سے بچتا ہے، مگر بعض اوقات بعض مستحبات کو چھوڑ دیتا ہے اور بعض مکروہات میں بھی مبتلا ہوجاتا ہے۔ اور سابق بالخیرات وہ شخص ہے جو تمام واجبات اور مستحبات کو ادا کرتا ہے، اور تمام محرّمات ومکروہات سے بچتا ہے، اور بعض مباحات

کو اشتغال عبادت یا شبہ حرمت کی وجہ سے چھوڑ دیتا ہے۔

یہ ابن کثیر کا بیان ہے۔ دوسرے مفسرین نے ان تین قسموں کی تفسیر میں بہت مختلف اقوال نقل کئے ہیں۔ روح المعانی میں بحوالہ تحریر تیتالیس۴۳ اقوال کا ذکر کیا ہے، مگر غور کیا جائے تو ان میں سے اکثر کا حاصل وہی ہے جو اوپر ابن کثیر کے حوالے سے بیان کیا گیا ہے۔

ایک شبہ اور جواب مذکورہ تفسیر سے یہ ثابت ہوا کہ اَلَّذِیْنَ اصْطَفَیْنَا سے مراد اُمّتِ محمّدیہؐ ہے اور اس کی یہ تین قسمیں ہیں۔ جس سے معلوم ہوا کہ اس کی پہلی قسم یعنی ظالم بھی اَلَّذِیْنَ اصْطَفَیْنَا یعنی اللہ کے منتخب بندوں میں شامل ہے، اس کو بظاہر مستبعد سمجھ کر بعض لوگوں نے کہا کہ یہ اُمّتِ مُحمّدیہؐ اور اصطفینا سے خارج ہے۔ مگر بہت سی احادیث صحیحہ معتبرہ سے ثابت ہے کہ یہ تینوں قسمیں اُمّتِ مُحمّدیہؐ کی ہیں اور اصطفینا کے وصف سے خارج نہیں۔ یہ اُمّتِ مُحمّدیہؐ کے مؤمن بندوں کی انتہائی خصوصیت اور فضیلت ہے کہ ان میں جو عملی طور پر ناقص بھی ہیں وہ بھی اس شرف میں داخل ہیں۔ حافظ ابن کثیر نے اس جگہ وہ سب روایات حدیث جمع کر دی ہیں۔ ان میں سے بعض یہ ہیں:-

حضرت ابو سعید خدری رضؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آیتِ مذکورہ اَلَّذِیْنَ اصْطَفَیْنَا کی تینوں قسموں کے متعلق فرمایا کہ یہ سب ایک ہی مرتبے میں ہیں اور سب جنّت میں ہیں۔ (رواہ احمد، ابن کثیر) ایک مرتبہ میں ہونے سے مراد یہ ہے کہ سب کی مغفرت ہو جائے گی اور سب جنّت میں جائیں گے، یہ مطلب نہیں کہ درجات کے اعتبار سے ان میں تفاضل نہ ہوگا۔

اور حضرت ابو الدرداء رضؓ سے باسانید متعددہ ایک حدیث منقول ہے، ابن کثیرؒ نے ان سب کو نقل کیا ہے۔ ان میں سے ایک وہ ہے جو ابن جریرؒ نے ابو ثابتؓ سے نقل کی ہے کہ وہ ایک روز مسجد میں گئے تو وہاں ابو الدرداءؓ پہلے سے بیٹھے تھے، ابو ثابتؓ ان کے برابر جا کر بیٹھ گئے اور یہ دُعاء کرنے لگے، اَللّٰھُمَّ اٰنِسْ وَحْشَتِیْ وَارْحَمْ غُرْبَتِیْ وَیَسِّرْ لِیْ جَلِیْسًا صَالِحًا، "یعنی یا اللہ میری قلبی وحشت و پریشانی کو دور فرما، اور میری حالتِ مسافرت پر رحم فرما، اور مجھے کوئی جلیس (ہمنشین) صالح نصیب فرما دے" (یہاں یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ سلف صالحین میں جلیس صالح کی طلب و تلاش کا کیا درجہ تھا کہ اس کو اہم مقصد اور سب پریشانیوں کا علاج سمجھ کر اللہ تعالیٰ سے اس کی دعائیں مانگتے تھے) ابو الدرداءؓ نے یہ دعاء سنی تو فرمایا کہ اگر آپ اپنی اس دعاء و طلب میں سچّے ہیں تو میں اس معاملہ میں آپ سے زیادہ خوش نصیب ہوں۔ (مطلب یہ ہے کہ مجھے اللہ نے آپ جیسا جلیس صالح بے مانگے دیدیا) اور فرمایا کہ

ہیں آپ کو ایک حدیث سناتا ہوں جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے، مگر جب سے میں نے اس کو سنا ہے اب تک کسی سے بیان کرنے کی نوبت نہیں آئی۔ وہ یہ ہے کہ آپؐ نے اس آیت کا ذکر فرمایا ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا الآیۃ پھر فرمایا کہ ان تین قسموں میں سے جو سابق بالخیرات ہیں وہ تو بے حساب جنّت میں جائیں گے اور جو مقتصد یعنی درمیانے ہیں ان سے ہلکا حساب لیا جائے گا، اور ظالم یعنی جو اعمال میں کوتاہی کرنے والے اور گناہوں کی لغزش میں مبتلا ہونیوالے ہیں، اُن کو اس مقام میں سخت رنج و غم طاری ہوگا، پھر ان کو بھی جنّت میں داخلہ کا حکم ہو جائے گا، اور سب رنج و غم دور ہو جائیں گے۔ اسی کا ذکر اگلی آیت میں آیا ہے: وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ "یعنی وہ کہیں گے شکر ہے اللہ کا جس نے ہمارا غم دور کر دیا۔

اور طبرانی نے حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وَكُلُّهُمْ مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّة، یعنی یہ تینوں قسمیں اسی اُمّتِ محمدیہؐ میں سے ہوں گی۔

اور ابوداؤد طیالسی نے عقبہ ابن صہبان ہنائیؒ سے روایت کیا ہے کہ انھوں نے اُم المؤمنین حضرت صدیقہ عائشہؓ سے اس آیت کی تفسیر دریافت کی تو انھوں نے فرمایا، بیٹا یہ تینوں قسمیں جنّتی ہیں۔ ان میں سے سابق بالخیرات تو وہ لوگ ہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں گذر گئے، جن کے جنّتی ہونے کی شہادت خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیدی، اور مقتصد وہ لوگ ہیں جو ان کے نشانِ قدم پر چلے، اور سابقین کی اقتداء پر قائم رہے یہاں تک کہ ان کے ساتھ مل گئے، باقی رہے ظالم لنفسہٖ، تو ہم تم جیسے لوگ ہیں۔

یہ صدیقہ عائشہؓ کی تواضع تھی کہ اپنے آپ کو بھی انھوں نے تیسرے درجہ میں یعنی ظالم لنفسہٖ میں شمار کیا حالانکہ وہ احادیث صحیحہ کی تصریحات کے مطابق سابقین اولین میں سے ہیں۔

اور ابن جریر نے حضرت محمد بن حنفیہؒ سے نقل کیا، فرمایا کہ یہ اُمّت اُمّتِ مرحومہ ہے اس کا ظالم بھی مغفور ہے اور مقتصد یعنی میانہ رَو جنّت میں ہے، اور سابق بالخیرات اللہ کے نزدیک درجات عالیہ میں ہے۔

اور حضرت محمد بن علی باقرؒ رضی اللہ عنہ نے ظالم لنفسہ کی تفسیر میں فرمایا اَلَّذِيْ خَلَطَ عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا، یعنی وہ شخص جس نے نیک و بد دونوں طرح کے اعمال میں خلط ملط کیا ہو۔

علماء امت محمدیہ کی عظیم الشان فضیلت اس آیت میں حق تعالیٰ نے یہ فرمایا ہے کہ ہم نے

اپنی کتاب کا وارث ان لوگوں کو بنایا جو ہمارے بندوں میں منتخب اور برگزیدہ ہیں۔ اور یہ بھی ظاہر ہے کہ کتاب اللہ اور علوم نبوّت کے بلاواسطہ وارث حضرات علماء ہیں، جیسا کہ حدیث میں بھی ارشاد ہے اَلْعُلَمَاءُ وَرَثَةُ الْاَنْبِيَاءِ۔ حاصل اس کا یہ ہے کہ جن لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے قرآن و سنت کے علوم کا مشغلہ اخلاص کے ساتھ نصیب فرمایا یہ اس کی علامت ہے کہ وہ اللہ کے برگزیدہ اولیاء ہیں، جیسا کہ حضرت ثعلبہ بن الحکم رضؓ نے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے روز علماءِ اُمّت سے خطاب فرما کر کہیں گے کہ میں نے تمہارے سینوں میں اپنا علم و حکمت صرف اسی لئے رکھا تھا کہ میرا ارادہ یہ تھا کہ تمہاری مغفرت کر دوں عمل تمہارے کیسے بھی ہوں (یہ اوپر معلوم ہو چکا ہے کہ جس شخص میں خشیت اور خوفِ خدا نہیں وہ علماء کی فہرست ہی سے خارج ہے۔ اس لئے یہ خطاب انہی لوگوں کو ہوگا جو خشیۃ اللہ میں رنگے ہوئے ہوں ان سے یہ ممکن ہی نہیں ہوگا کہ بے فکری سے گناہوں میں ملوّث رہیں، ہاں طبیعتِ بشریہ کے تقاضوں سے کبھی کبھی لغزش اُن سے بھی ہوتی ہے۔ اسی کو اس حدیث میں فرمایا کہ عمل تمہارے کیسے بھی ہوں تمہارے لئے مغفرت مقدر ہی)۔

یہ سب روایات تفسیر ابن کثیر سے لی گئی ہیں، اور آخری حدیث جو حضرت ثعلبہؓ سے روایت کی گئی ہے اس کو طبرانی نے بھی روایت کیا ہے، جس کی سند کے سب رجال ثقات ہیں۔ (تفسیر مظہری) اور تفسیر مظہری میں بحوالہ ابن عساکر حدیث مذکور کا یہی مضمون ابو عمر صنعانی سے بھی روایت کیا ہے، اسی طرح حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ محشر میں اللہ اپنے سب بندوں کو جمع فرما دیں گے پھر ان میں سے علماء کو ایک ممتاز مقام پر جمع کر کے فرماویں گے:

اِنِّیْ لَمْ اَضَعْ عِلْمِیْ فِیْکُمْ اِلَّا لِعِلْمِیْ بِکُمْ وَلَمْ اَضَعْ عِلْمِیْ فِیْکُمْ لِاُعَذِّبَکُمْ اِنْطَلِقُوْا قَدْ غَفَرْتُ لَکُمْ	"یعنی میں نے اپنا علم تمہارے قلوب میں اسی لئے رکھا تھا کہ میں تم سے واقف تھا کہ تم اس امانت علم کا حق ادا کرو گے میں نے اپنا علم تمہارے سینوں میں اس لئے نہیں رکھا تھا کہ تمہیں عذاب دوں جاؤ میں نے تمہاری مغفرت کر دی (مظہری)

فائدہ:۔ اس آیت میں سب سے پہلے ظالم کو پھر مقتصد کو آخر میں سابق بالخیرات کو ذکر فرمایا ہے۔ اس ترتیب کا سبب شاید یہ ہو کہ تعداد کے اعتبار سے ظالم لنفسہ سب سے زیادہ ہیں ان سے کم مقتصد اور ان سے کم سابق بالخیرات ہیں، جن کی تعداد زیادہ تھی ان کو مقدّم کیا گیا۔

ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ، شروع میں اللہ تعالیٰ نے اپنے برگزیدہ منتخب لوگوں کی تین قسمیں بتلائی ہیں، پھر فرمایا ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ، یعنی ان تینوں کو برگزیدہ بندوں میں شمار کرنا یہ اللہ کا بہت بڑا فضل ہے۔ آگے ان کی جزاء کا بیان ہے کہ یہ جنت میں جائیں گے، ان کو سونے کے کنگن اور موتیوں کے زیور پہنائے جائیں گے، اور لباس ان کا ریشمی ہوگا۔

دنیا میں مردوں کے لئے سونے کا زیور پہننا بھی حرام ہے اور ریشمی لباس بھی، اس کے عوض میں ان کو جنّت میں یہ سب چیزیں دی جائیں گی۔ اور اس پر یہ شبہ نہ کیا جائے کہ زیور پہننا تو عورتوں کا کام ہے، مردوں کے شایانِ شان نہیں، کیونکہ آخرت اور جنّت کے حالات کو دنیا کے حالات پر قیاس کرنا بے عقلی ہے۔

حضرت ابوسعید خدری رضؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اہلِ جنّت کے سروں پر تاج موتیوں سے مرصّع ہوں گے، ان کے ادنیٰ موتی کی روشنی ایسی ہوگی کہ مشرق سے مغرب تک پورے عالم کو روشن کردے گی۔ (رواہ الترمذی والحاکم وصححہ والبیہقی، از مظہری)

امام قرطبی نے فرمایا کہ حضرات مفسرین نے فرمایا ہے کہ ہر جنّتی کے ہاتھ میں کنگن پہنائے جائیں گے، ایک سونے کا ایک چاندی کا ایک موتیوں کا۔ جنّتی کنگن کے متعلق ایک آیت میں چاندی کے اور دوسری میں سونے کے مذکور ہیں۔ اس تفسیر سے ان دونوں آیتوں میں تطبیق بھی ہوگئی۔

جو شخص دنیا میں سونے چاندی کے برتن اور ریشمی لباس استعمال کرے گا جنت میں ان سے محروم ہوگا

حضرت حذیفہ رضؓ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے کہ آپؐ نے فرمایا کہ ریشمی لباس نہ پہنو، اور سونے چاندی کے برتنوں میں پانی نہ پیو، اور نہ اُن کی پلیٹ کھانے میں استعمال کرو، کیونکہ یہ چیزیں دنیا میں کفار کے لئے ہیں اور تمہارے لئے آخرت میں (بخاری و مسلم)

اور حضرت عمر رضؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس مرد نے دنیا میں ریشمی کپڑا پہنا وہ آخرت میں نہ پہن سکے گا۔ (بخاری و مسلم) اور حضرت ابوسعید خدری رضؓ کی ایک روایت میں ہے کہ دنیا میں ریشمی لباس پہننے والا مرد آخرت میں اس سے محروم رہے گا، اگرچہ جنّت میں چلا بھی جائے۔ (مظہری)

وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ، یعنی اہلِ جنّت جنّت میں داخل ہونے کے وقت کہیں گے، شکر ہے اللہ کا جس نے ہمارا غم دور کردیا۔ اس غم سے کیا مراد

اس میں ائمہ تفسیر کے مختلف اقوال ہیں۔ اور صحیح یہ ہے کہ سارے ہی رنج و غم اس میں داخل ہیں، دنیا میں انسان کتنا ہی بڑا بادشاہ بن جائے یا نبی و ولی رنج و غم سے کسی کو چھٹکارا نہیں ؎

دریں دنیا کسے بے غم نباشد وگر باشد بنی آدم نباشد

اس دنیا میں غموں اور فکروں سے کسی نیک یا بد کو نجات نہیں، اسی لئے اہلِ دانش دنیا کو دارالاحزان کہتے ہیں۔ اس آیت میں جس غم کے دور کرنے کا ذکر ہے اس میں یہ دنیا کے غم بھی سب کے سب داخل ہیں، دوسرا غم و فکر قیامت اور حشر و نشر کا، تیسرا حساب و کتاب کا، چوتھا جہنم کے عذاب کا، اہلِ جنّت سے اللہ تعالیٰ یہ سب غم دور فرما دیں گے۔

حضرت عبداللہ ابن عمر رضؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کلمہ لا الٰہ الا اللہ والوں میں نہ موت کے وقت کوئی وحشت ہوتی ہے، نہ قبر میں اور نہ محشر میں۔ گویا کہ میں یہ دیکھ رہا ہوں کہ جس وقت یہ لوگ اپنی اپنی قبروں سے اٹھیں گے تو یہ کہتے ہوں گے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ، (رواہ الطبرانی، مظہری)

اور حضرت ابوالدرداءؓ کی حدیث جو اوپر گذری ہے اس میں جو یہ فرمایا ہے کہ یہ قول اُن لوگوں کا ہوگا جو ظالم لنفسہٖ ہیں۔ کیونکہ محشر میں ان کو ابتداءً سخت رنج و غم اور اضطراب پیش آئے گا۔ آخر میں دخولِ جنّت کا حکم مل کر یہ رنج و غم دور ہو جائے گا۔ اس حدیث ابن عمرؓ کے منافی نہیں، کیونکہ ظالم لنفسہٖ کو دوسروں کے غموں سے زیادہ ایک غم محشر میں بھی پیش آئے گا، جو دخولِ جنّت کے وقت دور ہو جائے گا۔ خلاصہ یہ ہے کہ یہ قول تو سبھی اہلِ جنّت کہیں گے، خواہ سابقین میں سے ہوں یا مقتصدین میں سے یا ظالم لنفسہٖ، لیکن ہر ایک کے غموں کی فہرست الگ الگ ہونا کچھ مستبعد نہیں۔

امام جصاصؒ نے فرمایا کہ مؤمن کی شان یہی ہے کہ دنیا میں فکر و غم سے خالی نہ رہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ دنیا مؤمن کے لئے قید خانہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اکابر صحابہ کے حالات میں ہے کہ یہ حضرات اکثر محزون و مغموم نظر آتے تھے۔

اَلَّذِیْٓ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِهٖ لَا یَمَسُّنَا فِیْهَا نَصَبٌ وَّلَا یَمَسُّنَا فِیْهَا لُغُوْبٌ، اس آیت میں جنّت کی چند خصوصیات بیان فرمائی ہیں۔ اوّل یہ کہ وہ دارالمقامۃ ہے اس کے زوال یا وہاں سے نکالے جانے کا کسی وقت خطرہ نہیں۔ دوسرے یہ کہ وہاں کسی کو کوئی غم پیش نہ آئے گا۔ تیسرے یہ کہ وہاں کسی کو تکان بھی محسوس نہیں ہوگا جیسے دنیا میں آدمی کو تکان ہوتا ہے، کام چھوڑ کر نیند کی ضرورت محسوس کرتا ہے، جنّت اس

سے بھی پاک ہوگی۔ بعض روایات حدیث میں بھی یہ مضمون مذکور ہے (مظہری)

اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَآءَكُمُ النَّذِيْرُ، یعنی جب جہنّم میں یہ فریاد کریں گے کہ اے ہمارے پروردگار آپ ہمیں اس عذاب سے نکال دیجئے اب ہم نیک عمل کریں گے اور پچھلی بداعمالیوں کو چھوڑ دیں گے۔ اس وقت یہ جواب دیا جائے گا کہ کیا ہم نے تمہیں اتنی عمر کی مہلت نہیں دی تھی جس میں غور کرنے والا غور کر کے صحیح راستہ پر آجائے۔ حضرت علی ابن حسین زین العابدین رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ اس سے مراد سترہ سال کی عمر ہے۔ اور حضرت قتادہؒ نے اٹھارہ سال کی عمر بتلائی اور مراد اس سے عمر بلوغ ہے، اور سترہ اٹھارہ کا فرق بلوغ میں ہو سکتا ہے کہ کوئی سترہ سال میں بالغ ہو کوئی اٹھارہ سال میں۔ عمر بلوغ شریعت میں پہلی حد ہے، جس میں داخل ہو کر انسان کو منجانب اللہ اتنی عقل دیدی جاتی ہے کہ اپنے بھلے بُرے کو سمجھنے لگے۔ اس لئے یہ خطاب عام کفار سے ہوگا، خواہ طویل العمر ہوں یا قصیر العمر۔ البتہ جس کو عمر طویل ملی اور پھر بھی اس نے ہوش نہ سنبھالا، اور دلائلِ قدرت کو دیکھ کر اور انبیاء کی باتیں سن کر حق کو نہ پہچانا وہ زیادہ مستحقِ ملامت ہوگا۔

خلاصہ یہ ہے کہ جس شخص کو صرف عمر بلوغ ملی اس کو بھی قدرت نے اتنا سامان دیدیا تھا کہ حق و باطل میں امتیاز کر سکے، جب نہ کیا تو وہ بھی مستحق ملامت و عذاب کا ہے، لیکن جس کو زیادہ عمر طویل ملی اس پر اللہ تعالیٰ کی حجت اور زیادہ پوری ہو گئی وہ اگر اپنے کفر و معصیت سے باز نہ آیا وہ زیادہ مستحقِ عذاب و ملامت ہے۔

حضرت علی مرتضیٰ رضؓ نے فرمایا وہ عمر جس پر اللہ تعالیٰ نے گناہگار بندوں کو عار دلائی ساٹھ سال ہے۔ اور حضرت ابن عباس رضؓ نے ایک روایت میں چالیس اور دوسری میں ساٹھ سال کے متعلق فرمایا ہے، کہ یہ وہ عمر ہے جس میں انسان پر اللہ کی حجت تمام ہو جاتی ہے، اور انسان کو کوئی عذر کرنے کی گنجائش نہیں رہتی۔ ابن کثیر نے حضرت ابن عباس کی اس دوسری حدیث کو ترجیح دی ہے۔

تقریر مذکور سے واضح ہو چکا ہے کہ سترہ اٹھارہ سال کی روایات اور ساٹھ سال کی روایات میں کوئی تعارض نہیں۔ اگرچہ انسان سترہ اٹھارہ سال کی عمر میں اس قابل ہوتا ہے کہ غور و فکر کر کے حق و باطل میں تمیز کرے، اسی لئے اسی عمر بلوغ سے اس کو احکامِ شرعیہ کا مکلّف قرار دیا گیا ہے، مگر ساٹھ سال ایسی عمر طویل ہے کہ اگر اس میں بھی کسی نے حق کو نہ پہچانا تو اسے کسی عذر کی گنجائش نہیں رہی، اس پر اللہ تعالیٰ کی حجت پوری طرح تمام ہو چکی۔ اسی لئے امت مرحومہ کی عام عمریں ساٹھ سال سے ستّر سال تک مقدر ہیں، جیسا کہ حدیث میں ارشاد ہے:۔

أَعْمَارُ أُمَّتِي مَا بَيْنَ السِّتِّينَ إِلَى السَّبْعِينَ وَأَقَلُّهُمْ مَنْ يَجُوزُ ذٰلِكَ، (رواہ الترمذی و ابن ماجہ، ابن کثیر)

"یعنی میری امت کے عمریں ساٹھ سے ستر سال تک ہوں گی، کم لوگ ہوں گے جو اس سے تجاوز کریں گے"۔

آخر آیت میں فرمایا وَجَآءَكُمُ النَّذِيرُ، اس میں اشارہ ہے کہ انسان کو عمر بلوغ کے وقت سے اتنی عقل و تمیز منجانب اللہ عطا ہو جاتی ہے کہ کم از کم اپنے خالق و مالک کو پہچانے اور اس کی رضا جوئی کو اپنی زندگی کا مقصد بنائے۔ اتنے کام کے لئے خود انسانی عقل بھی کافی تھی، مگر اللہ جل شانہ نے صرف اسی پر اکتفاء نہیں فرمایا بلکہ اس عقل کی امداد کے لئے نذیر بھی بھیجے، نذیر کے معنی اردو میں ڈرانے والے کے کئے جاتے ہیں، درحقیقت نذیر وہ شخص ہی جو اپنی رحمت و شفقت کے سبب اپنے لوگوں کو ایسی چیزوں سے بچنے کی ہدایت کرے جو اس کو ہلاکت یا مضرت میں ڈالنے والی ہیں اور ان چیزوں سے لوگوں کو ڈرائے۔ مراد اس سے معروف معنی کے اعتبار سے انبیاء علیہم السلام اور ان کے نائب علماء ہیں۔ حاصل آیت کا یہ ہے کہ ہم نے حق و باطل کو پہچاننے کے لئے عقل بھی دی، اس کے ساتھ اپنے پیغمبر بھی بھیجے جو حق کی طرف ہدایت کریں باطل سے بچائیں۔

اور حضرت ابن عباس رضؓ، عکرمہؓ، اور امام جعفر باقر سے منقول ہے کہ نذیر سے مراد بڑھاپے کے سفید بال ہیں، کہ جب وہ ظاہر ہو جائیں تو وہ انسان کو ـــــ اس کی ہدایت کرتے ہیں کہ اب رخصت کا وقت قریب آ گیا ہے۔ یہ قول بھی پہلے قول سے متعارض نہیں کہ سفید بال بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے نذیر ہوں اور انبیاء و علماء بھی۔

اور حقیقت یہ ہے کہ انسان کو بالغ ہونے کے بعد سے جتنے حالات پیش آتے ہیں اس کے اپنے وجود اور گرد و پیش میں جو تغیرات و انقلابات آتے ہیں، وہ سب ہی اللہ تعالیٰ کی طرف سے نذیر اور انسان کو متنبہ کرنے والے ہیں۔

إِنَّ اللّٰهَ عٰلِمُ غَيْبِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۭ إِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ

اللہ بھید جاننے والا ہے آسمانوں کا اور زمین کا اس کو خوب معلوم ہے جو بات ہے

الصُّدُوْرِ ﴿۳۸﴾ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ فِي الْأَرْضِ ۭ فَمَنْ

دلوں میں، وہی ہے جس نے کیا تم کو قائم مقام زمین میں پھر کوئی

كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ ؕ وَلَا يَزِيْدُ الْكٰفِرِيْنَ كُفْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ

ناشکری کرے تو اس پر پڑے اس کی ناشکری، اور منکروں کو نہ بڑھے گی ان کے انکار سے ان کے رب کے سامنے

اِلَّا مَقْتًا ۚ وَلَا يَزِيْدُ الْكٰفِرِيْنَ كُفْرُهُمْ اِلَّا خَسَارًا ﴿۳۹﴾ قُلْ

مگر بیزاری، اور منکروں کو نہ بڑھے گا ان کے انکار سے مگر نقصان ۔ تو کہہ بھلا

اَرَءَيْتُمْ شُرَكَآءَكُمُ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اَرُوْنِيْ

دیکھو تو اپنے شریکوں کو جن کو پکارتے ہو اللہ کے سوائے دکھلاؤ تو مجھ کو

مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ۚ اَمْ

کیا بنایا انھوں نے زمین میں یا کچھ ان کا ساجھا ہے آسمانوں میں ، یا ہم نے

اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا فَهُمْ عَلٰى بَيِّنَتٍ مِّنْهُ ۚ بَلْ اِنْ يَّعِدُ الظّٰلِمُوْنَ

دی ہے ان کو کوئی کتاب سو یہ سند رکھتے ہیں اس کی ، کوئی نہیں پر جو وعدہ بتلاتے ہیں گنہگار

بَعْضُهُمْ بَعْضًا اِلَّا غُرُوْرًا ﴿۴۰﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَ

ایک دوسرے کو سب فریب ہے ۔ تحقیق اللہ تھام رہا ہے آسمانوں کو اور

الْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ

زمین کو کہ ٹل نہ جائیں ، اور اگر ٹل جائیں تو کوئی نہ تھام سکے اُن کو

مِّنْۢ بَعْدِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿۴۱﴾

اس کے سوائے وہی تحمل والا بخشنے والا ۔

خُلاصۂ تفسیر

بیشک اللہ (وہی) جاننے والا ہے آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ چیزوں کا بیشک وہی جاننے والا ہے دل کی باتوں کا (پس کمال علمی تو اس کا ایسا ہے، اور کمالِ عملی جو کہ قدرت اور نعمت دونوں پر دلالت کرتا ہے یہ ہے کہ) وہی ایسا ہے جس نے تم کو زمین میں آباد کیا، (اور ان دلائل احسانات کا مقتضا یہ تھا کہ استدلالاً و شکراً توحید و اطاعت اختیار کر لیتے، مگر بعضے اس کے خلاف کفر و عداوت پر مصر ہیں) سو (کسی دوسرے کا کیا بگڑتا ہے، بلکہ) جو شخص کفر کریگا

اس کے کفر کا وبال اسی پر پڑے گا اور (اس وبال کی تفصیل یہ ہے کہ) کافروں کے لئے ان کا کفر ان کے پروردگار کے نزدیک ناراضی ہی بڑھنے کا باعث ہوتا ہے (جو دنیا ہی میں متحقق ہو جاتی ہے) اور (نیز) کافروں کے لئے اُن کا کفر (آخرت میں) خسارہ بڑھنے کا باعث ہوتا ہے (کہ وہ حرمان ہے جنّت سے اور کُندہ بننا ہے جہنّم کا اور یہ جو کفر و شرک پر مصر ہیں) آپ (ان سے ذرا یہ تو) کہئے کہ تم اپنے قرار دادہ شریکوں کا حال تو بتلاؤ جن کو تم خدا کے سوا پوجا کرتے ہو، یعنی مجھ کو یہ بتلاؤ کہ انھوں نے زمین کا کونسا حصہ بنایا ہے یا ان کا آسمان (بنانے) میں کچھ ساجھا ہے، (تاکہ دلیل عقلی سے ان کا استحقاقِ عبادت ثابت ہو) یا ہم نے ان (کافروں) کو کوئی کتاب دی ہے (جس میں شرک کے اعتقاد کو درست لکھا ہو) کہ یہ اس کی دلیل پر قائم ہوں (اور اس دلیلِ نقلی سے اپنے دعوے کو ثابت کر دیں۔ اصل یہ ہے کہ نہ دلیل عقلی ہے نہ دلیل نقلی ہی) بلکہ یہ ظالم ایک دوسرے سے نری دھوکہ کی باتوں کا وعدہ کرتے آئے ہیں (کہ ان کے بڑوں نے ان کو بے سند غلط بات بتلا دی کہ (هٰٓؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ) حالانکہ واقع میں وہ محض بے اختیار ہیں، پس وہ مستحقِ عبادت نہیں ہو سکتے۔ البتہ مختار مطلق حق تعالیٰ ہے تو وہی قابلِ عبادت ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کے مختار اور دوسروں کے غیر مختار ہونے کے دلائل میں سے نمونہ کے طور پر ایک مختصر سی بات بیان کرتے ہیں کہ دیکھو یہ تو) یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ آسمانوں اور زمین کو (اپنی قدرت سے) تھامے ہوئے ہے کہ وہ موجودہ حالات کو چھوڑ نہ دیں اور اگر (بالفرض) وہ موجودہ حالت کو چھوڑ بھی دیں تو پھر خدا کے سوا اور کوئی ان کو تھام بھی نہیں سکتا۔ (جب ان سے پیدا شدہ عالم کی حفاظت بھی نہیں ہو سکتی تو عالم کو وجود میں لانے اور ایجاد کرنے کی ان سے کیا توقع رکھی جا سکتی ہے، پھر استحقاقِ عبادت کیسا اور باوجود بطلان کے شرک کرنا مقتضی اس کو تھا کہ ان کو ابھی سزا دی جاوے مگر چونکہ) وہ حلیم (ہے اس لئے مہلت دے رکھی ہے، اور اگر اس مہلت میں یہ لوگ حق کی طرف آجاویں تو چونکہ وہ) غفور (بھی) ہے، اس لئے سب گذشتہ شرارتیں ان کی معاف کر دی جاویں)۔

معارف و مسائل

هُوَ الَّذِیْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ فِی الْاَرْضِ، خلائف خلیفہ کی جمع ہے، جس کے معنی ہیں نائب اور قائم مقام۔ مراد یہ ہے کہ ہم نے انسانوں کو یکے بعد دیگرے زمین و مکان وغیرہ کا مالک بنایا ہے ایک جاتا ہے تو دوسرے کو اس کی جگہ ملتی ہے۔ اس میں اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے کے لئے بڑی عبرت ہے۔ اور یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں کہ یہ خطاب امّتِ محمدیہ کو

ہو کہ ہم نے پچھلی قوموں کے بعد ان کے خلیفہ کی حیثیت سے تم کو مالک و متصرف بنایا ہے، لہٰذا تمھارا فرض ہے کہ اپنے سے پہلے لوگوں کے حالات سے عبرت حاصل کرو، عمر کے قیمتی لمحات کو غفلت میں نہ گذارو۔

اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ، آسمانوں کو روکنے کا یہ مطلب نہیں کہ ان کی حرکت بند کر دی بلکہ مراد اپنی جگہ سے ہٹ جانا اور ٹل جانا ہے، جیسا کہ لفظ اَن تَزُوْلَا اس پر شاہد ہے اس لئے اس آیت میں آسمان کے متحرک یا ساکن ہونے میں سے کسی جانب پر کوئی دلیل نہیں۔

وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ لَّيَكُوْنُنَّ

اور قسمیں کھاتے تھے اللہ کی تاکید کی قسمیں اپنی کہ اگر آئے گا ان کے پاس ڈر سنانے والا البتہ بہتر

اَهْدٰى مِنْ اِحْدَى الْاُمَمِ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ مَّا زَادَهُمْ

راہ چلیں گے ہر ایک اُمّت سے پھر جب آیا اُن کے پاس ڈر سنانے والا اور زیادہ ہو گیا

اِلَّا نُفُوْرًا ﴿۴۲﴾ اِسْتِكْبَارًا فِى الْاَرْضِ وَمَكْرَ السَّيِّئِ ۭ وَلَا يَحِيْقُ

ان کا بِدکنا، غرور کرنا ملک میں اور داؤ کرنا بُرے کام کا اور بُرائی کا داؤ الٹے گا

الْمَكْرُ السَّيِّئُ اِلَّا بِاَهْلِهٖ ۭ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا سُنَّتَ الْاَوَّلِيْنَ ۚ

انہی (۱) داؤ والوں پر، پھر اب وہی راہ دیکھتے ہیں پہلوں کے دستور کی،

فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَحْوِيْلًا ﴿۴۳﴾

سو تو نہ پائے گا اللہ کا دستور بدلتا، اور نہ پاتے گا اللہ کا دستور ٹلتا۔

اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ

کیا پھرے نہیں ملک میں کہ دیکھ لیں کیسا ہوا انجام ان لوگوں کا جو

مِنْ قَبْلِهِمْ وَكَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً ۭ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعْجِزَهٗ

ان سے پہلے تھے اور تھے ان سے بہت سخت زور میں اور اللہ وہ نہیں جس کو تھکا دے

مِنْ شَيْءٍ فِى السَّمٰوٰتِ وَلَا فِى الْاَرْضِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ عَلِيْمًا قَدِيْرًا ﴿۴۴﴾

کوئی چیز آسمانوں میں اور نہ زمین میں وہی ہے سب کچھ جانتا کر سکتا۔

وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا كَسَبُوْا مَا تَرَكَ عَلٰى ظَهْرِهَا مِنْ

اور اگر پکڑ کرے اللہ لوگوں کی اُن کی کمائی پر نہ چھوڑے زمین کی پیٹھ پر ایک بھی

دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ

چلنے والا پر اُن کو ڈھیل دیتا ہے ایک مقرر وعدہ تک ، پھر جب آئے گا ان کا وعدہ

فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِعِبَادِهٖ بَصِيْرًا ﴿۴۵﴾ ع ۵ ۱۷

تو اللہ کی نگاہ میں ہیں اس کے سب بندے

خُلاصۂ تفسیر

اور ان کفار (قریش) نے (قبل بعثت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) بڑی زوردار قسم کھائی تھی کہ اگر ان کے (یعنی ہمارے) پاس کوئی ڈرانے والا (یعنی پیغمبر) آئے تو وہ (یعنی ہم) ہر ہر امّت سے زیادہ ہدایت قبول کرنے والے ہوں (یعنی یہود و نصاریٰ وغیرہ کی طرح ہم تکذیب نہ کریں گے سو پہلے سے تو یہ قسمیں کھایا کرتے تھے) پھر جب اُن کے پاس ایک پیغمبر (یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) آپہونچے تو بس ان کی نفرت ہی کو ترقی ہوئی دنیا میں اپنے کو بڑا سمجھنے کی وجہ سے اور (صرف نفرت ہی پر اکتفاء نہیں ہوا بلکہ) ان کی بُری تدبیروں کو (بھی ترقی ہوئی، یعنی تکبّر کی وجہ سے آپ کے اتباع سے عار تو ہوئی ہی تھی، مگر یہ بھی نہ کیا کہ نہ اتباع ہوتا اور نہ درپے آزار ہوتے، بلکہ آپؐ کی ایذا رسانی کی فکر میں لگ گئے۔ چنانچہ ہر وقت اُن کا اسی میں لگا رہنا معلوم و مشہور ہے) اور (یہ جو کچھ ہمارے رسول کے لئے بُری بُری تدبیریں کر رہے ہیں خود اپنا ہی ضرر کر رہے ہیں، کیونکہ) بُری تدبیروں کا وبال (حقیقی) ان تدبیر والوں ہی پر پڑتا ہے (گو ظاہر میں کبھی اس شخص کو بھی ضرر پہونچ جائے جس کو ضرر پہونچانا چاہا ہے، لیکن وہ ضرر دنیوی ہے بخلاف ظالم ضرر رساں کے کہ اُس پر اخروی ضرر و وبال پڑے گا اور دنیوی ضرر اخروی ضرر کے سامنے لاشے ہے۔ پس اس ضرر حقیقی کے اعتبار سے حصر بالکل واقعی ہے) سو (یہ جو آپ کی عداوت اور ضرر رسانی پر مصر ہیں تو) کیا یہ (اپنے ساتھ بھی حق تعالیٰ کے) اسی دستور کے منتظر ہیں جو اگلے (کافر) لوگوں کے ساتھ ہوتا رہا ہے (یعنی عذاب و ہلاکت) سو (واقعی ان کے لئے بھی یہی ہوتا ہے کیونکہ) آپ خدا کے (اس) دستور کو کبھی بدلتا ہوا نہ پاویں گے (کہ ان پر بجائے عذاب کے عنایت ہونے لگے) اور (اسی طرح) آپ خدا کے (اس) دستور کو بھی منتقل ہوتا ہوا نہ پاویں گے (کہ ان کی جگہ دوسروں کو جو ایسے نہ ہوں عذاب ہونے لگے

مطلب یہ کہ حق تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ کافروں کو عذاب ہوگا، خواہ دنیا میں بھی خواہ صرف آخرت میں، اور حق تعالیٰ کا وعدہ ہمیشہ سچا ہوتا ہے۔ پس نہ یہ احتمال ہے کہ ان کو عذاب نہ ہو اور نہ یہ احتمال ہے کہ دوسرے بے گناہوں کو عذاب ہونے لگے۔ مقصود اس تکریر سے تاکید ہے وقوعِ عذاب کی) اور (یہ جو سمجھتے ہیں کہ کفر موجبِ تعذیب نہیں ہے تو ان کی بڑی غلطی ہے) کیا یہ لوگ زمین میں (مثلاً شام اور یمن کے سفروں میں عاد و ثمود قوم لوط علیہ السلام کی بستیوں میں) چلے پھرے نہیں جس میں دیکھتے بھالتے کہ جو (منکر) لوگ ان سے پہلے ہو گذرے ہیں ان کا (آخری) انجام (اسی تکذیب کے سبب) کیا ہوا (کہ معذب ہوئے) حالانکہ وہ قوت میں ان سے بڑھے ہوئے تھے اور (کسی میں خواہ کیسی ہی قوت ہو لیکن) خدا ایسا نہیں ہے کہ کوئی چیز (قوت والی) اس کو ہرا دے نہ آسمان میں اور نہ زمین میں (کیونکہ) وہ بڑے علم والا (اور) بڑی قدرت والا ہے (پس علم سے اپنے ہر ارادہ کے نافذ کرنے کا طریقہ جانتا ہے، اور اپنی قدرت سے اس کو نافذ کر سکتا ہے، اور دوسرا کوئی ایسا ہے نہیں۔ پھر اس کو کون چیز ہرا سکتی ہے) اور (اگر یہ اس دھوکہ میں ہوں کہ اگر ہم کو عذاب ہونا ہوتا تو ہو چکتا، اور اس سے اپنے شرک و کفر کے اچھے ہونے پر استدلال کریں تو یہ بھی اُن کی غلطی ہے، کیونکہ بمقتضائے حکمت ان کے لئے فوری عذاب تجویز نہیں کیا گیا ورنہ) اگر اللہ تعالیٰ (ان) لوگوں پر اُن کے اعمال (کفریہ) کے سبب (فوراً) دار و گیر فرمانے لگتا تو روئے زمین پر ایک متنفس کو نہ چھوڑتا، (کیونکہ کفار تو کفر سے ہلاک ہو جاتے اور اہلِ ایمان بوجہ قلت کے دنیا میں نہ رکھے جاتے۔ کیونکہ نظامِ عالم بمقتضائے حکمت مجموعہ کے ساتھ وابستہ ہے، اور یہ ضرور نہیں کہ وہ اسی عذاب سے ہلاک ہوتے۔ اور دوسری مخلوقات اس لئے کہ مقصود ان کی تخلیق کا انتفاعِ بنی آدم ہے، جب یہ نہ ہوتے تو وہ بھی نہ رہتے) لیکن اللہ تعالیٰ ان کو ایک میعاد معین (یعنی قیامت) تک مہلت دے رہا ہے، سو جب ان کی وہ میعاد آپہنچے گی (اس وقت) اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو آپ دیکھ لے گا (یعنی ان میں جو کفار ہوں گے اُن کو سزا دے لے گا)۔

معارف و مسائل

وَلَا يَحِيْقُ الْمَكْرُ السَّيِّئُ اِلَّا بِاَهْلِهٖ، لَا يَحِيْقُ کے معنی لَا يَحِيْطُ یا لَا يُصِيْبُ کے ہیں جس کا حاصل یہ ہے کہ بُری تدبیر کا وبال اور کسی پر نہیں پڑتا، بلکہ خود ایسی تدبیر کرنیوالے ہی پر پڑتا ہے۔ یعنی جو شخص دوسروں کا بُرا چاہتا ہے وہ خود بُرائی کا شکار ہو جاتا ہے۔

اس پر جو یہ شبہ ہو سکتا ہے کہ دنیا میں تو بہت مرتبہ یہ بھی مشاہدہ ہوتا ہے کہ بُری

تدبیر کرنے والے کی تدبیر حل جاتی ہے اور جس کو نقصان پہونچانا ہوتا ہے اس کو نقصان پہنچ جاتا ہے اس کا ایک جواب تو خلاصہ تفسیر میں آگیا ہے کہ اس کو جو تکلیف یا نقصان پہنچا وہ تو دنیا کا نقصان ہے، اور ایسی بُری تدبیر کرنے والے کا نقصان آخرت کا عذاب ہے، جو اشد بھی ہے اور دائمی بھی، اس کے مقابلہ میں اس کا دنیوی نقصان کا لعدم ہے۔

دوسرا جواب بعض حضرات نے یہ بھی دیا ہے کہ کسی بے گناہ کے خلاف تدبیر کرنے اور اس پر ظلم کرنے کا وبال ظالم پر اکثر دنیا میں بھی پڑ جاتا ہے۔ محمد بن کعب قرظی نے فرمایا کہ تین کام ایسے ہیں جن کا کرنے والا دنیا میں بھی وبال و عذاب سے نہیں بچتا، ایک کسی بے گناہ کے حق میں بُری تدبیر کر کے اس کو ایذاء پہونچانا، دوسرے عام ظلم، تیسرے عہد شکنی (ابن کثیر) خصوصاً جو کسی ایسے شخص پر کیا جائے جو بے کس بے بس ہو، انتقام پر قدرت نہ رکھتا ہو یا باوجود قدرت انتقام کے صبر کرے، اس پر ظلم کے وبال سے دنیا میں بھی کسی کو بچتے نہیں دیکھا ؎

بس تجربہ کردیم دریں دیر مکافات ؎ با درد کشاں ہر کہ درافتاد برافتاد

اس کا حاصل یہ ہوگا کہ آیت میں جو حصر یہاں کیا گیا ہے وہ اکثری قاعدہ کے اعتبار سے ہے کلی نہیں۔ واللہ اعلم ؎

تمت

سورۃ الفاطر بحمد اللہ
فی تاسع صفر سنہ ۱۳۹۲ھ یوم السبت

سُوْرَةُ يٰسٓ

سُوْرَةُ يٰسٓ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثٌ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّخَمْسُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ یٰسٓ مکہ میں نازل ہوئی اس میں تراسی آیتیں ہیں اور پانچ رکوع

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يٰسٓ ۝۱ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝۲ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝۳

قسم ہے اس پکّے قرآن کی ، تو تحقیق ہے بھیجے ہوؤں میں سے

عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝۴ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۝۵ لِتُنْذِرَ

اوپر سیدھی راہ کے ، اتارا زبردست رحم والے نے ، تاکہ تو ڈرائے

قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ۝۶ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ

ایک قوم کو کہ ڈر نہیں سنا اُن کے باپ دادوں نے سو اُن کو خبر نہیں ، ثابت ہو چکی ہے بات

عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۷ اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ

ان میں بہتوں پر سو وہ نہ مانیں گے ۔ ہم نے ڈالے ہیں اُن کی گردنوں میں

ع آج جبکہ میں سورۂ یٰسٓ کی تفسیر شروع کر رہا ہوں ماہ صفر کی نویں تاریخ ہے، ماہ صفر سنہ ۱۳۵۵ھ میں اسی تاریخ کو میرے والد ماجد مولانا محمد یٰسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی وفات ہوئی تھی۔ اس سورۃ کے ساتھ نام میں اشتراک اور تاریخ وفات نے ان کی یاد کو تازہ کر دیا۔ مطالعہ کرنے والے حضرات سے درخواست ہے کہ احقر اور میرے والدین کے لئے دعاء مغفرت فرما دیں اور کوئی ہمت کرے اور سورۂ یٰسٓ پڑھ کر ایصالِ ثواب کر دے تو سبحان اللہ! منہ

أَغْلٰلًا فَهِيَ إِلَى الْأَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُونَ ﴿٨﴾ وَجَعَلْنَا مِنْ

طوق سو وہ ہیں ٹھوڑیوں تک پھر اُن کے سر اُکل رہی ہیں ، اور بنائی ہم نے

بَيْنِ أَيْدِيهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَأَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ

ان کے آگے دیوار اور پیچھے دیوار پھر اوپر سے ڈھانک دیا سو اُن کو

لَا يُبْصِرُونَ ﴿٩﴾ وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَأَنذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنذِرْهُمْ

کچھ نہیں سُوجھتا - اور برابر ہے ان کو تو ڈرائے یا نہ ڈرائے ،

لَا يُؤْمِنُونَ ﴿١٠﴾ إِنَّمَا تُنذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ

یقین نہیں کریں گے - تو تو ڈر سُنائے اس کو جو چلے سمجھائے پر اور ڈرے رحمٰن سے

بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّأَجْرٍ كَرِيمٍ ﴿١١﴾ إِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى

بن دیکھے سو اس کو خوش خبری دے معافی کی اور عزت کے ثواب کی - ہم ہیں جو زندہ کرتے ہیں مُردوں

وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوا وَآثَارَهُمْ ۚ وَكُلَّ شَيْءٍ أَحْصَيْنٰهُ فِي إِمَامٍ

کو اور لکھتے ہیں جو آگے بھیج چکے اور جو نشان ان کے پیچھے رہے اور ہر چیز گن لی ہم نے ایک

مُّبِينٍ ﴿١٢﴾ ع

کھلی اصل میں ۔

وقف لازم ع ۱ ۱۲ ۱۸

خلاصۂ تفسیر

یٰسٓ (اس کی مراد اللہ ہی کو معلوم ہے) قسم ہے قرآن باحکمت کی کہ بیشک آپ منجملہ پیغمبروں کے ہیں (اور) سیدھے رستہ پر ہیں (کہ اس میں جو آپ کی پیروی کرے خدا تک پہونچ جائے نہ کہ جیسا کفار کہتے ہیں لَسْتَ مُرْسَلًا، یعنی آپ رسول نہیں، یا کہتے تھے بَلِ افْتَرَاهُ یعنی آپ نے خود گھڑ لیا ہے، جس کے لئے گمراہ ہونا لازم ہے اور قرآن تعلیم ہدایت کے ساتھ آپ کی رسالت و نبوّت کی دلیل بھی ہے کیونکہ) یہ قرآن خدائے زبردست مہربان کی طرف سے نازل کیا گیا ہے (اور آپ پیغمبر اس لئے بنائے گئے ہیں) تاکہ آپ (اوّلاً) ایسے لوگوں کو (عذاب خداوندی سے) ڈراویں جن کے باپ دادے (قریب کے کسی رسول کے ذریعہ سے) نہیں ڈرائے گئے تھے، سو اسی سے یہ بے خبر ہیں (کیونکہ گو عرب میں بعض مضامین شرائع رسل سابقہ کے

منقول بھی تھے، جیسا اس آیت میں ہے (اَمْ جَآءَهُمْ مَّا لَمْ يَاْتِ اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِيْنَ) یعنی کیا قرآن ان کے پاس کوئی ایسی چیز لایا ہے جو اُن کے آباء کے پاس نہیں آئی تھی، یعنی دعوتِ توحید کوئی نئی چیز نہیں، یہ ہمیشہ ان کے آباء و اجداد میں بھی جاری رہی ہے، مگر پھر بھی نبی کے آنے سے جس قدر تنبہ ہوتا ہے محض اس کے بعض احکام و اخبار نقل ہو کر پہونچنے سے جبکہ وہ ناتمام اور متغیر بھی ہو گئے ہوں ویسا تنبہ نہیں ہوتا۔ اور اوّلاً ڈرانا آپ کا قریش کو تھا، اس لئے اس جگہ انہی کا ذکر فرمایا، پھر عام لوگوں کو بھی آپ نے دعوت فرمائی، کیونکہ بعثت آپ کی عام ہے اور باوجود آپ کی صحتِ رسالت و صدق قرآن کے یہ لوگ جو نہیں مانتے آپ اس کا غم نہ کیجئے، کیونکہ) ان میں اکثر لوگوں پر (تقدیری) بات ثابت ہو چکی ہے (وہ بات یہ ہے کہ یہ ہدایت کے راستہ پر نہ آئیں گے) سو یہ لوگ ہرگز ایمان نہ لاویں گے (یہ حال ان کے اکثر کا تھا اور بعض کی قسمت میں ایمان بھی تھا وہ ایمان بھی لے آئے اور ان لوگوں کی مثال ایمان سے دوری میں ایسی ہو گئی کہ گویا) ہم نے ان کی گردنوں میں (بھاری بھاری) طوق ڈال دیئے ہیں پھر وہ ٹھوڑیوں تک (اڑ گئے) ہیں جس سے ان کے سر اوپر کو اٹھ گئے (یعنی اُٹھے رہ گئے، نیچے کو نہیں ہو سکتے، خواہ اس وجہ سے کہ طوق میں جو موقع تحت ذقن رہنے کا ہے وہاں کوئی میخ وغیرہ ایسی ہو جو ذقن میں جا کر اڑ جاوے، اور یا طوق کا چکلا ایسا ہو کہ اس کی کگر ذقن میں اڑ جاوے۔ بہرحال دونوں طور پر وہ راہ دیکھنے سے محروم رہے) اور نیز ان کی مثال بُعد عن الایمان میں ایسی ہو گئی کہ گویا) ہم نے ایک آڑ ان کے سامنے کر دی اور ایک آڑ ان کے پیچھے کر دی جس سے ہم نے (ہر طرف سے) ان کو (پردوں میں) گھیر دیا سو وہ (اس احاطۂ حجابات کی وجہ سے کسی چیز کو) نہیں دیکھ سکتے، اور (دونوں تمثیلوں سے حاصل یہ ہے کہ) ان کے حق میں آپ کا ڈرانا یا نہ ڈرانا دونوں برابر ہیں، یہ (کسی حالت میں بھی) ایمان نہیں لائیں گے (اس لئے آپ اُن سے مایوس ہو کر راحت حاصل کر لیجئے) بس آپ تو (ایسا ڈرانا جس پر نفع مرتب ہو) صرف ایسے شخص کو ڈرا سکتے ہیں جو نصیحت پر چلے اور خدا سے بے دیکھے ڈرے (کہ ڈر ہی سے طلبِ حق ہوتی ہے اور طلب سے وصول، اور یہ ڈرتے ہی نہیں) سو (جو ایسا شخص ہو) آپ اس کو (گناہوں کی) مغفرت اور (طاعت پر) عمدہ عوض کی خوش خبری سنا دیجئے (اور اسی سے اس پر بھی دلالت ہو گئی کہ جو ضلالت اور اعراض کا مرتکب ہو وہ مغفرت اور اجر سے محروم اور مستحقِ عذاب ہے، اور گو دنیا میں اس جزا و سزا کا ظہور لازم نہیں، لیکن) بیشک ہم (ایک روز) مُردوں کو زندہ کریں گے (اس وقت ان سب کا ظہور ہو جائے گا) اور (جن اعمال پر جزا و سزا ہو گی) ہم (ان کو برابر) لکھتے جاتے ہیں وہ اعمال

بھی جن کو لوگ آگے بھیجتے جاتے ہیں اور ان کے وہ اعمال بھی جنکو پیچھے چھوڑے جاتے ہیں (مَا قَدَّمُوْا سے مراد جو کام اپنے ہاتھ سے کیا اور آثار ہم سے مراد وہ اثر جو اس کام کے سبب پیدا ہوا اور بعد موت بھی باقی رہا، مثلاً کسی نے کوئی نیک کام کیا اور وہ سبب ہو گیا دوسروں کی بھی ہدایت کا یا کسی نے کوئی بُرا کام کیا اور وہ سبب ہو گیا دوسروں کی بھی گمراہی کا۔ غرض یہ سب لکھے جا رہے ہیں اور وہاں ان سب پر جزاء و سزا مرتب ہو جاوے گی) اور (ہمارا علم تو ایسا وسیع ہے کہ ہم اس کتابت کے بھی محتاج نہیں جو بعد الوقوع ہوئی ہے کیونکہ) ہم نے (تو) ہر چیز کو (جو کچھ قیامت تک ہوگا وقوع سے پہلے ہی) ایک واضح کتاب (یعنی لوحِ محفوظ) میں ضبط کر دیا تھا (محض بعض حکمتوں سے اعمال کی کتابت ہوتی ہے۔ پس جب قبل وقوع ہم کو سب چیزوں کا علم ہے تو بعد وقوع تو کیوں نہ ہوتا، اس لئے کسی عمل سے مکرنے یا پوشیدہ رکھنے کی گنجائش نہیں، ضرور سزا ہوگی اور لوح محفوظ کو واضح باعتبار تفصیلِ اشیاء کے کہا گیا ہے۔

معارف و مسائل

فضائل سورۂ یٰسٓ حضرت معقل بن یسارؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یٰسٓ قَلْبُ الْقُرْاٰنِ، یعنی سورۂ یٰسٓ قرآن کا دل ہے۔ اور اس حدیث کے بعض الفاظ میں ہے کہ جو شخص سورۂ یٰسٓ کو خالص اللہ اور آخرت کے لئے پڑھتا ہے اس کی مغفرت ہو جاتی ہے اس کو اپنے مُردوں پر پڑھا کرو (رواہ احمد و ابوداؤد والنسائی وابن حبان والحاکم وغیرہم، کذا فی الروح والمظہری)

امام غزالیؒ نے فرمایا کہ سورۂ یٰسٓ کو قلبِ قرآن فرمانے کی یہ وجہ ہو سکتی ہے کہ اس سورۃ میں قیامت اور حشر و نشر کے مضامین خاص تفصیل اور بلاغت کے ساتھ آئے ہیں اور اصولِ ایمان میں سے عقیدۂ آخرت وہ چیز ہے جس پر انسان کے اعمال کی صحت موقوف ہے۔ خوفِ آخرت ہی انسان کو عملِ صالح کے لئے مستعد کرتا ہے اور وہی اس کو ناجائز خواہشات اور حرام سے روکتا ہے۔ تو جس طرح بدن کی صحت قلب کی صحت پر موقوف ہے اسی طرح ایمان کی صحت فکرِ آخرت پر موقوف ہے (روح) اور اس سورۃ کا نام جیسا سورۂ یٰسٓ معروف ہے اسی طرح ایک حدیث میں اس کا نام عظیمہ بھی آیا ہے (اخرجہ ابو نصر السجزی عن عائشہ رضؓ) اور ایک حدیث میں ہے کہ اس سورۃ کا نام تورات میں مُعمّہ آیا ہے، یعنی اپنے پڑھنے والے کے لئے دنیا و آخرت کی خیرات و برکات عام کرنے والی۔ اور اس کے پڑھنے والے کا نام شریف آیا ہے اور فرمایا کہ قیامت کے روز اس کی

شفاعت قبیلۂ ربیعہ کے لوگوں سے زیادہ کے لئے قبول ہو گی۔ (رواہ سعید بن منصور و البیہقی عن حسان بن عطیہ) اور بعض روایات میں اس کا نام مدافعہ بھی آیا ہے، یعنی اپنے پڑھنے والے والے سے بلاؤں کو دفع کرنے والی اور بعض میں اس کا نام قاضیہ بھی مذکور ہے، یعنی حاجات کو پورا کرنے والی (روح المعانی)

اور حضرت ابو ذرؓ سے روایت ہے کہ جس مرنے والے کے پاس سورۂ یٰسٓ پڑھی جائے تو اس کی موت کے وقت آسانی ہو جاتی ہے (رواہ الدیلمی و ابن حبان، مظہری)

اور حضرت عبداللہ بن زبیرؓ نے فرمایا کہ جو شخص سورۂ یٰسٓ کو اپنی حاجت کے آگے کر دے تو اس کی حاجت پوری ہو جاتی ہے (اخرجہ المحاملی فی امالیہ، مظہری)

اور یحییٰ بن کثیر نے فرمایا کہ جو شخص صبح کو سورۂ یٰسٓ پڑھ لے وہ شام تک خوشی اور آرام سے رہے گا، اور جو شام کو پڑھ لے تو صبح تک خوشی میں رہے گا۔ اور فرمایا کہ مجھے یہ بات ایسے شخص نے بتلائی ہے جس نے اس کا تجربہ کیا ہے (اخرجہ ابن الفریس، مظہری)

یٰسٓ، اس لفظ کے متعلق مشہور قول تو وہی ہے جس کو اوپر خلاصہ تفسیر میں لیا گیا ہے۔ کہ حروف مقطعات میں سے ہے، جن کا علم اللہ تعالیٰ ہی کو ہے عام بندوں کو نہیں دیا اور ابن عربی نے احکام القرآن میں فرمایا کہ امام مالکؒ نے فرمایا کہ یہ اللہ کے ناموں میں سے ایک نام ہے۔ اور حضرت ابن عباسؓ سے بھی ایک روایت یہی ہے کہ اسماء الٰہیہ میں سے ہے۔ اور ایک روایت میں یہ ہے کہ یہ حبشی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی ہیں "اے انسان" اور مراد انسان سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ اور حضرت ابن جبیرؒ کے کلام سے یہ مستفاد ہے کہ لفظ یٰسٓ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نام ہے۔ روح المعانی میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام ان دو عظیم الشان حرفوں سے رکھنا، یعنی یا اور سین اس میں بڑے راز ہیں

یٰسٓ کسی کا نام رکھنا کیسا ہے

امام مالکؒ نے اس کو اس لئے پسند نہیں کیا کہ ان کے نزدیک یہ اسماء الٰہیہ میں سے ہے، اور اس کے صحیح معنی معلوم نہیں۔ اس لئے ممکن ہے کہ کوئی ایسے معنی ہوں جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہیں، جیسے خالق، رازق، وغیرہ البتہ اس لفظ کو یاسین کے رسم الخط سے لکھا جائے تو یہ کسی انسان کا نام رکھنا جائز ہے۔ کیونکہ قرآن کریم میں آیا ہے سَلٰمٌ عَلٰٓی اٰلِ یَاسِیْنَ (ابن عربی) آیت مذکورہ کی معروف قراءت اِلْیَاسِیْنَ ہے مگر بعض قراءتوں میں اٰلِ یَاسِیْنَ بھی آیا ہے۔

لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ، مراد اس سے عرب ہیں۔ معنی یہ ہیں کہ ان کے آباء و اجداد میں کوئی نذیر یعنی پیغمبر عرصہ دراز سے نہیں آیا۔ اور آباء و اجداد سے مراد قریبی

آباء واجداد ہیں، ان کے جدِّ اعلیٰ حضرت ابراہیمؑ اور ان کے ساتھ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے بعد کتنی صدیوں سے عرب میں کوئی پیغمبر نہیں آیا تھا۔ اگرچہ دعوت و تبلیغ اور انذار و تبشیر کا سلسلہ برابر جاری رہا جس کا ذکر قرآن کریم کی آیت میں بھی ہے جو خلاصۂ تفسیر میں آچکی ہے اور آیت اِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ کا بھی یہی مقتضیٰ ہے، کہ رحمتِ خداوندی نے کسی قوم و ملت کو دعوت و انذار سے کسی زمانے اور کسی خطہ میں محروم نہیں رکھا۔ مگر یہ ظاہر ہے کہ انبیاء کی تعلیمات ان کے نائبوں کے ذریعہ پہونچنا وہ اثر نہیں رکھتا جو خود نبی یا پیغمبر کی دعوت و تعلیم کا ہوتا ہے۔ اس لئے آیت مذکورہ میں عربوں کے متعلق یہ فرمایا گیا کہ ان میں کوئی نذیر نہیں آیا۔ اسی کا یہ اثر تھا کہ عرب میں عام طور پر پڑھنے پڑھانے اور تعلیم کا کوئی مستحکم نظام نہیں تھا، اسی وجہ سے ان کا لقب اُمّیّین ہوا۔

لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ، اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا الآیۃ مراد یہ ہے کہ حق تعالیٰ نے کفر و ایمان اور جنّت و دوزخ کے دونوں راستے انسان کے سامنے کر دیئے، اور ایمان کی دعوت کے لئے انبیاء اور کتابیں بھی بھیجدیں، پھر انسان کو اتنا اختیار بھی دیدیا کہ وہ اپنے بھلے بُرے کو پہچان کر کوئی راستہ اختیار کرے۔ جو بدنصیب نہ غور و فکر سے کام لے نہ دلائلِ قدرت میں غور کرے، نہ انبیاء کی دعوت پر کان دھرے نہ اللہ کی کتاب میں غور و تدبر کرے تو اس نے اپنے اختیار سے جو راہ اختیار کرلی تو حق تعالیٰ .... اسی کے سامان اس کے لئے جمع فرما دیتے ہیں، جو کفر میں لگ گیا پھر اس کے واسطے کفر بڑھانے ہی کے سامان ہوتے رہتے ہیں۔ اسی کو اس طرح تعبیر فرمایا، لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ، یعنی ان میں سے بیشتر لوگوں پر تو ان کے سوءِ اختیار کی بناء پر یہ قولِ حق جاری ہو چکا ہے کہ یہ ایمان نہ لائیں گے۔

آگے ان کے حال کی ایک تمثیل بیان فرمائی ہے، کہ ان کی مثال ایسی ہے کہ جس کی گردن میں ایسے طوق ڈال دیئے گئے ہوں کہ اس کا چہرہ اور آنکھیں اوپر اُٹھ جائیں، نیچے راستہ کی طرف دیکھ ہی نہ سکے۔ تو ظاہر ہے کہ اپنے آپ کو کسی کھڈ میں گرنے سے نہیں بچا سکتا۔

دوسری مثال یہ دی کہ جیسے کسی شخص کے چاروں طرف دیوار حائل کردی گئی ہو وہ اس چار دیواری میں محصور ہو کر باہر کی چیزوں سے بے خبر ہو جاتا ہے، ان کافروں کے گرد بھی انکی جہالت اور اس پر عناد و ہٹ دھرمی نے محاصرہ کرلیا ہے، کہ باہر کی حق باتیں ان تک گویا پہنچتی ہی نہیں۔

امام رازیؒ نے فرمایا کہ نظر سے مانع دو قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک مانع تو ایسا ہوتا ہے

کہ خود اپنے وجود کو بھی نہ دیکھ سکے، دوسرا یہ کہ اپنے گرد و پیش کو نہ دیکھ سکے۔ ان کفار کیلئے حق بینی سے دونوں قسم کے مانع موجود تھے، اس لئے پہلی مثال پہلے مانع کی ہے کہ جس کی گردن نیچے کو جھک نہ سکے وہ اپنے وجود کو بھی نہیں دیکھ سکتا، اور دوسری مثال دوسرے مانع کی ہے کہ گرد و پیش کو نہیں دیکھ سکتا (روح)

جمہور مفسرین نے آیت مذکورہ کو ان کے کفر و عناد کی تمثیل ہی قرار دیا ہے۔ اور بعض حضرات مفسرین نے اس کو بعض روایات کی بنا پر ایک واقعہ کا بیان قرار دیا ہے، کہ ابوجہل اور بعض دوسرے لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کرنے یا ایذا پہونچانے کا پختہ عزم کر کے آپؐ کی طرف بڑھے، مگر اللہ تعالیٰ نے ان کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا، عاجز ہو کر واپس آگئے۔ اسی طرح کے متعدد واقعات کتب تفسیر ابن کثیر، روح المعانی، قرطبی، مظہری وغیرہ میں منقول ہیں، مگر وہ بیشتر روایات ضعیفہ ہیں اس پر مدار آیت کی تفسیر کا نہیں رکھا جا سکتا۔

وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ، "یعنی ہم لکھیں گے ان اعمال کو جو انھوں نے آگے بھیجے ہیں۔ عمل کرنے کو آگے بھیجنے سے تعبیر کر کے یہ بتلا دیا کہ جو اعمال اچھے یا برے اس دنیا میں کئے ہیں وہ یہیں ختم نہیں ہو گئے، بلکہ وہ تمہارا سامان بن کر آگے پہونچ گئے ہیں جن سے اگلی زندگی میں سابقہ پڑنا ہے، اچھے اعمال ہیں تو جنّت کی باغ و بہار بنیں گے، بُرے ہیں تو جہنّم کے انگارے۔ اور ان اعمال کو لکھنے سے اصل مقصود ان کو محفوظ رکھنا ہے، لکھنا بھی اس کا ایک ذریعہ ہے کہ خطاء و نسیان اور زیادت و نقصان کا احتمال نہ رہے۔

اعمال کی طرح اعمال کے اثرات بھی لکھے جاتے ہیں۔

وَاٰثَارَهُمْ، یعنی جس طرح ان کے کئے ہوئے اعمال لکھے جاتے ہیں اسی طرح اُن کے آثار بھی لکھے جاتے ہیں۔ آثار سے مراد اعمال کے وہ ثمرات و نتائج ہیں جو بعد میں ظاہر ہوتے اور باقی رہتے ہیں، مثلاً کسی نے لوگوں کو دین کی تعلیم دی، دینی احکام بتلائے، یا اس کے لئے کوئی کتاب تصنیف کی جس سے لوگوں نے دین کا نفع اٹھایا یا کوئی وقف کر دیا، جس سے لوگوں کو اس کے بعد نفع پہونچا، یا اور کوئی ایسا کام کیا جس سے مسلمانوں کو فائدہ پہونچا، تو جہاں تک اس کے اس عمل خیر کے آثار پہونچیں گے اور جب تک پہونچتے رہیں گے وہ سب اس کے اعمال نامہ میں لکھے جاتے رہیں گے۔ اسی طرح بُرے اعمال جن کے بُرے ثمرات و آثار دنیا میں باقی رہے، مثلاً ظالمانہ قوانین جاری کر دیئے، ایسے ادارے قائم کر دیئے جو انسانوں کے اعمال و اخلاق کو خراب کر دیتے ہیں، یا لوگوں کو کسی غلط اور بُرے راستہ پر ڈال دیا۔ تو جہاں تک اور جب تک اس کے عمل کے بُرے نتائج اور مفاسد وجود میں آتے رہیں گے، اس کے نامۂ اعمال میں لکھے جاتے رہیں گے، جیسا کہ اس آیت کی تفسیر میں خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

فرمایا ہے۔ حضرت جریر بن عبداللہ بجلیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے:۔

مَنْ سَنَّ سُنَّةً حَسَنَةً فَلَهٗ اَجْرُهَا وَاَجْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ بَعْدِهٖ مِنْ غَيْرِ اَنْ يُنْقَصَ مِنْ اُجُوْرِهِمْ شَيْءٌ وَمَنْ سَنَّ سُنَّةً سَيِّئَةً كَانَ عَلَيْهِ وِزْرُهَا وَوِزْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ بَعْدِهٖ لَا يَنْقُصُ مِنْ اَوْزَارِهِمْ شَيْئًا، ثُمَّ تَلَا وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ، (ابن کثیر عن ابن ابی حاتم)

"جس شخص نے کوئی اچھا طریقہ جاری کیا تو اس کو اس کا بھی ثواب ملے گا اور جتنے آدمی اس طریقہ پر عمل کریں گے ان کا بھی ثواب اس کو ملے گا بغیر اس کے کہ اُن عمل کرنے والوں کے ثواب میں کوئی کمی آوے۔ اور جس نے کوئی بُرا طریقہ جاری کیا تو اس کو اس کا بھی گناہ ہوگا اور جتنے آدمی جب تک اس بُرے طریقہ پر عمل کرتے رہیں گے ان کا گناہ بھی اس کو ہوتا رہے گا بغیر اس کے کہ عمل کرنیوالوں کے گناہوں میں کمی آوے"

آثار کے ایک معنی نشانِ قدم کے بھی آتے ہیں۔ حدیث میں ہے کہ انسان جب نماز کے لئے مسجد کی طرف چلتا ہے تو اس کے ہر قدم پر نیکی لکھی جاتی ہے۔ بعض روایاتِ حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اس آیت میں آثار سے مراد یہی نشانِ قدم ہیں، جس طرح نماز کا ثواب بھی لکھا جاتا ہے اسی طرح نماز کے لئے جانے میں جتنے قدم پڑتے ہیں ہر قدم پر ایک نیکی لکھی جاتی ہے۔ ابن کثیر نے ان روایات کو اس جگہ جمع کر دیا ہے جن میں یہ مذکور ہے کہ مدینہ طیبہ میں جن لوگوں کے مکانات مسجدِ نبویؐ سے دُور تھے انھوں نے ارادہ کیا کہ مسجد کے قریب مکان بنالیں، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ جہاں رہتے ہو وہیں رہو، دُور سے چل کر آؤ گے تو یہ وقت بھی ضائع نہ سمجھو، جتنے قدم زیادہ ہوں گے اُتنا ہی تمہارا ثواب بڑھے گا۔

اس پر جو یہ شبہ ہو سکتا ہے کہ یہ سورۃ مکی ہے، اور جو واقعہ ان احادیث میں مذکور ہے وہ مدینہ طیبہ کا ہے۔ اس کا جواب یہ ہو سکتا ہے کہ آیت تو اپنے عام معنی میں ہو کہ اعمال کے اثرات بھی لکھے جاتے ہیں اور یہ آیت مکہ ہی میں نازل ہوئی ہو، پھر مدینہ طیبہ میں جب یہ واقعہ پیش آیا تو آپؐ نے بطور استدلال کے اس آیت کا ذکر فرمایا۔ اور نشانِ قدم کو بھی اُن آثار باقیہ میں شمار فرمایا ہے جن کے لکھے جانے کا ذکر قرآن کریم کی اس آیت میں ہے۔ اس طرح ان دونوں تفسیروں کا ظاہری تضاد بھی رفع ہو جاتا ہے (کما صرح بہ ابن کثیر واختارہ)

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ اِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۳﴾ ج

اور بیان کر ان کے واسطے ایک مثل اس گاؤں کے لوگوں کی جب کہ آئے اس میں بھیجے ہوئے۔

اِذْ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوْٓا

جب بھیجے ہم نے اُن کی طرف دو تو ان کو جھٹلایا، پھر ہم نے قوت دی تیسرے سے تب کہا انھوں نے

اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ قَالُوْا مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ وَمَآ

ہم تمھاری طرف آئے ہیں بھیجے ہوئے۔ وہ بولے تم تو ہمی انسان ہو جیسے ہم، اور

اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ مِنْ شَيْءٍ ۙ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ﴿۱۵﴾ قَالُوْا

رحمٰن نے کچھ نہیں اُتارا، تم سارے جھوٹ کہتے ہو، کہا

رَبُّنَا يَعْلَمُ اِنَّآ اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ

ہمارا رب جانتا ہے ہم بیشک تمھاری طرف بھیجے ہوئے آئے ہیں۔ اور ہمارا ذمہ یہی ہے پیغام پہنچا دینا

الْمُبِيْنُ ﴿۱۷﴾ قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا

کھول کر۔ بولے ہم نے نامبارک دیکھا تم کو، اگر تم باز نہ رہو گے تو

لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۸﴾ قَالُوْا

ہم تم کو سنگسار کریں گے اور تم کو پہنچے گا ہمارے ہاتھ سے عذاب دردناک۔ کہنے لگے

طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ ۭ اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ۭ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ

تمھاری نامبارکی تمھارے ساتھ ہے کیا اتنی بات پر کہ تم کو سمجھایا، کوئی نہیں پر تم لوگ ہو کہ

مُّسْرِفُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ

حد پر نہیں رہتے، اور آیا شہر کے پرلے سرے سے ایک مرد

يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۰﴾ ۙ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا

دوڑتا ہوا بولا اے قوم چلو راہ پر بھیجے ہوؤں کی، چلو راہ پر ایسے شخص کی جو تم

يَسْـَٔلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۱﴾

سے بدلہ نہیں چاہتے اور وہ ٹھیک رستہ پر ہیں۔

وَمَا لِيَ لَآ أَعْبُدُ الَّذِي فَطَرَنِي وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٢٢﴾

اور مجھ کو کیا ہوا کہ میں بندگی نہ کروں اس کی جس نے مجھ کو بنایا اور اسی کی طرف سب پھر جاؤ گے

ءَأَتَّخِذُ مِن دُونِهِ آلِهَةً إِن يُرِدْنِ الرَّحْمَٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ

بھلا میں پکڑوں اس کے سوائے اوروں کو پوجنا کہ اگر مجھ پر چاہے رحمٰن تکلیف تو کچھ کام نہ آوے

عَنِّي شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا وَلَا يُنقِذُونِ ﴿٢٣﴾ إِنِّيٓ إِذًا لَّفِي ضَلَٰلٍ

مجھ کو ان کی سفارش اور نہ وہ مجھ کو چھڑائیں ۔ تو تو میں بھٹکتا رہوں

مُّبِينٍ ﴿٢٤﴾ إِنِّيٓ ءَامَنتُ بِرَبِّكُمْ فَٱسْمَعُونِ ﴿٢٥﴾ قِيلَ

صریح ۔ میں یقین لایا تمہارے رب پر مجھ سے سن لو ۔ حکم ہوا

ٱدْخُلِ ٱلْجَنَّةَ ۖ قَالَ يَٰلَيْتَ قَوْمِي يَعْلَمُونَ ﴿٢٦﴾ بِمَا غَفَرَ لِي

چلا جا بہشت میں ، بولا کسی طرح میری قوم معلوم کرلیں ، کہ بخشا مجھ کو

رَبِّي وَجَعَلَنِي مِنَ ٱلْمُكْرَمِينَ ﴿٢٧﴾ وَمَآ أَنزَلْنَا عَلَىٰ قَوْمِهِۦ

میرے رب نے اور کیا مجھ کو عزت والوں میں ۔ اور نہیں اتاری ہم نے اس کی قوم پر

مِنۢ بَعْدِهِۦ مِن جُندٍ مِّنَ ٱلسَّمَآءِ وَمَا كُنَّا مُنزِلِينَ ﴿٢٨﴾

اس کے پیچھے کوئی فوج آسمان سے اور ہم (فوج) نہیں اتارا کرتے ۔

إِن كَانَتْ إِلَّا صَيْحَةً وَٰحِدَةً فَإِذَا هُمْ خَٰمِدُونَ ﴿٢٩﴾ يَٰحَسْرَةً

بس یہی تھی ایک چنگھاڑ پھر اسی دم سب بجھ گئے ۔ کیا افسوس ہے

عَلَى ٱلْعِبَادِ ۚ مَا يَأْتِيهِم مِّن رَّسُولٍ إِلَّا كَانُوا۟ بِهِۦ يَسْتَهْزِءُونَ ﴿٣٠﴾

بندوں پر کوئی رسول نہیں آیا ان کے پاس جس سے ٹھٹھا نہیں کرتے ۔

وقف غفران

أَلَمْ يَرَوْا۟ كَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُم مِّنَ ٱلْقُرُونِ أَنَّهُمْ إِلَيْهِمْ لَا

کیا نہیں دیکھتے کتنی غارت کرچکے ہم ان سے پہلے جماعتیں کہ وہ ان کے پاس پھر کر

يَرْجِعُونَ ﴿٣١﴾ وَإِن كُلٌّ لَّمَّا جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُونَ ﴿٣٢﴾

نہیں آئیں گی ، اور ان سب میں کوئی نہیں جو اکٹھے ہو کر نہ آئیں ہمارے پاس پکڑے ہوئے

ع ۲ ۱ ۲۰

خُلاصۂ تفسیر

اور آپ ان (کفار) کے سامنے (اس غرض سے کہ رسالت کی تائید اور ان کو انکارِ توحید و رسالت پر تہدید ہو) ایک قصہ (یعنی ایک بستی والوں کا قصہ اس وقت کا بیان کیجئے جبکہ اس بستی میں کئی رسول آئے (یعنی جبکہ ہم نے اُن کے پاس (اوّل) دو کو بھیجا سو ان لوگوں نے اول دونوں کو جھوٹا بتلایا پھر تیسرے (رسول) سے (ان دونوں کی تائید کی (یعنی تائید کیلئے پھر تیسرے کو وہاں جانیکا حکم دیا) سو اُن تینوں نے (اُن بستی والوں سے) کہا کہ ہم تمھارے پاس (خدا کی طرف سے) بھیجے گئے ہیں، (تاکہ تم کو ہدایت کریں کہ توحید اختیار کرو اور بت پرستی چھوڑ دو کیونکہ وہ لوگ بُت پرست تھے، کما یدلّ علیہ قولہ تعالےٰ وَمَالِیَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِیْ فَطَرَنِیْ وقولہٗ ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِہٖٓ اٰلِھَۃً الخ) ان لوگوں نے (یعنی بستی والوں نے) کہا کہ تم تو ہماری طرح (محض) معمولی آدمی ہو (تم کو رسول ہونے کا امتیاز حاصل نہیں) اور (تمھاری کیا تخصیص ہے، مسئلہ رسالت ہی خود بے اصل ہے اور) خدائے رحمٰن نے (تو) کوئی چیز (کتاب و احکام کی قسم سے کبھی) نازل (ہی) نہیں کی، تم نرا جھوٹ بولتے ہو اُن رسولوں نے کہا کہ ہمارا پروردگار علیم ہے کہ بے شک ہم تمھارے پاس (بطور رسول کے) بھیجے گئے ہیں اور (اس قسم سے یہ مقصود نہیں کہ اسی سے اثباتِ رسالت کرتے ہیں، بلکہ بعد اقامت دلائل کے بھی جب انھوں نے نہ مانا تب آخری جواب کے طور پر مجبور ہو کر قسم کھائی جیسا آگے خود ان کے ارشاد سے معلوم ہوتا ہے کہ) ہمارے ذمہ تو صرف واضح طور پر (حکم کا) پہونچا دینا تھا (چونکہ واضح ہونا اس پر موقوف ہے کہ دلائل واضحہ سے دعوے کو ثابت کر دیا جائے، اس سے معلوم ہوا کہ اوّل دلائل قائم کر چکے تھے، آخر میں قسم کھائی۔ غرض یہ کہ ہم اپنا کام کر چکے تم نہ مانو تو ہم مجبور ہیں) وہ لوگ کہنے لگے کہ ہم تو تم کو منحوس سمجھتے ہیں (یہ یا تو اس لئے کہا کہ ان پر قحط پڑا تھا (کما فی المعالم) اور یا اس لئے کہا کہ جب کوئی نئی بات سُنی جاتی ہے، گو لوگ اس کو قبول نہ کریں، مگر اس کا چرچا ضرور ہوتا ہے، اور اکثر عام لوگوں میں اس کی وجہ سے گفتگو اور اس گفتگو میں اختلاف اور کبھی نزاع و نااتفاقی کی نوبت پہونچ ہی جاتی ہے۔ پس مطلب یہ ہوگا کہ تمام لوگوں میں ایک فتنہ جھگڑا ڈال دیا، جس سے مضرتیں پہنچ رہی ہیں، یہ نحوست ہے۔ اور اس نحوست کے سبب تم ہو) اور اگر تم (اس دعوت اور دعوے سے) باز نہ آئے تو (یاد رکھو) ہم پتھروں سے تمھارا کام تمام کر دیں گے اور (سنگساری سے پہلے بھی) تم کو ہماری طرف سے سخت تکلیف پہونچے گی (یعنی اور طرح طرح سے ستا دیں گے، نہیں مانو گے تو اخیر میں سنگسار

کردیں گے) اُن رسولوں نے کہا کہ تمھاری نحوست تو تمھارے ساتھ ہی لگی ہوئی ہے (یعنی جس کو تم مضرت و مصیبت کہتے ہو اس کا سبب تو حق کا قبول نہ کرنا ہے، اگر حق قبول کرنے پر متفق ہو جاتے نہ یہ جھگڑے اور فتنے ہوتے، نہ قحط کے عذاب میں مبتلا ہوتے۔ رہا پہلا اتفاق بُت پرستی پر تو ایسا اتفاق جو باطل پر ہو خود فساد و وبال ہے جس کو چھوڑنا لازم ہے اور اس زمانے میں قحط نہ ہونا وہ بطور استدراج کے اللہ کی طرف سے ڈھیل دی ہوئی تھی، یا اس وجہ سے تھا کہ اس وقت تک ان لوگوں پر حق واضح نہیں ہوا تھا۔ اور اللہ کا قانون ہے کہ حق کو واضح کرنے سے پہلے کسی کو عذاب نہیں دیتے، جیسا کہ ارشاد ہے کہ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمْ مَّا يَتَّقُوْنَ، اور یہ ڈھیل یا حق کا نہ ہونا بھی تمھاری ہی غفلت، جہالت اور شامتِ اعمال تھی، اس سے معلوم ہوا کہ ہر حال میں اس نحوست کا سبب خود تمھارا فعل تھا) کیا اس کو نحوست سمجھتے ہو کہ تم کو نصیحت کی جاوے (جو بنیاد سعادت ہے یہ تو واقع میں نحوست نہیں) بلکہ تم (خود) حد (عقل و شرع) سے نکل جانے والے لوگ ہو (پس مخالفتِ شرع سے تم پر یہ نحوست آئی اور مخالفتِ عقل سے تم نے اس کا سبب غلط سمجھا) اور (اس گفتگو کی خبر جو شائع ہوئی تو) ایک شخص (جو مسلمان تھا) اس شہر کے کسی دور مقام سے (جو یہاں سے دور تھا یہ خبر سُنکر اپنی قوم کی خیر خواہی کے لئے کہ ان رسولوں کا وجود قوم کی فلاح تھی، یا رسولوں کی خیر خواہی کیلئے کہ کہیں یہ لوگ اُن کو قتل نہ کر دیں) دوڑتا ہوا (یہاں) آیا (اور ان لوگوں سے) کہنے لگا کہ اے میری قوم ان رسولوں کی راہ پر چلو (ضرور) ایسے لوگوں کی راہ پر چلو جو تم سے کوئی معاوضہ نہیں مانگتے، اور وہ خود راہِ راست پر بھی ہیں (یعنی خود غرضی جو مانعِ اتباع ہے وہ بھی نہیں اور راہِ راست پر ہونا جو مقتضیِ اتباع ہے وہ موجود ہے پھر اتباع کیوں نہ کیا جاوے) اور میرے پاس کونسا عذر ہے کہ میں اُس (معبود) کی عبادت نہ کروں جس نے مجھ کو پیدا کیا (جو کہ منجملہ دلائل استحقاقِ عبادت کے ہے) اور (اپنے اوپر رکھ کر اس لئے کہا کہ مخاطب کو اشتعال نہ ہو جو کہ مانعِ تدبّر ہو جاتا ہے اور اصل مطلب یہی ہے کہ تم کو ایک اللہ کی عبادت کرنے میں کونسا عذر ہے) تم سب کو اسی کے پاس لوٹ کر جانا ہے (اس لئے دانشمندی کا تقاضا یہ ہے کہ اس کے رسولوں کا اتباع کرو۔ یہاں تک تو معبودِ حق کے استحقاقِ عبادت کا بیان کیا، آگے معبوداتِ باطلہ کے عدمِ استحقاقِ عبادت کا مضمون ہے یعنی) کیا میں خدا کو چھوڑ کر اور ایسے ایسے معبود قرار دے لوں (جن کی کیفیت بے بسی کی یہ ہے) کہ اگر خدائے رحمٰن مجھ کو کچھ تکلیف پہونچانا چاہے تو نہ اُن معبودوں کی سفارش میرے کچھ کام آوے گی اور نہ وہ مجھ کو (خود اپنی قدرت و زور کے ذریعہ اس تکلیف سے)

چھڑا سکیں (یعنی نہ وہ خود قادر ہیں نہ قادر تک واسطۂ سفارش بن سکتے ہیں، کیونکہ اوّل تو جمادات میں شفاعت کی اہلیت ہی نہیں، دوسرے شفاعت وہی کر سکتے ہیں جن کو اللہ کی طرف سے اجازت ہو اور) اگر میں ایسا کروں تو صریح گمراہی میں جا پڑا (یہ بھی اپنے اوپر رکھ کر ان لوگوں کو سنا ہی) میں تو تمہارے پروردگار پر ایمان لا چکا سو تم (بھی) میری بات سُن لو (اور ایمان لے آؤ، مگر ان لوگوں پر کچھ اثر نہ ہوا بلکہ اس کو پتھروں سے یا آگ میں ڈال کر یا گلا گھونٹ کر (کما فی الدر المنثور) شہید کر ڈالا، شہید ہوتے ہی اس کو خدا کی طرف سے) ارشاد ہوا کہ جا جنّت میں داخل ہو جا، (اس وقت بھی اس کو اپنی قوم کی فکر ہوئی) کہنے لگا کہ کاش میری قوم کو یہ بات معلوم ہو جاتی کہ میرے پروردگار نے (ایمان اور اتباعِ رسل کی برکت سے) مجھ کو بخش دیا اور مجھ کو عزت داروں میں شامل کر دیا (تو اس حال کو معلوم کر کے وہ بھی ایمان لے آتے اور اسی طرح وہ بھی مغفور اور مکرّم ہو جاتے) اور (جب اُن بستی والوں نے رسل اور متبعِ رسل کے ساتھ یہ معاملہ کیا تو ہم نے ان سے انتقام لیا اور انتقام لینے کے لئے) ہم نے اس (شخص شہید) کی قوم پر اس (کی شہادت) کے بعد کوئی لشکر (فرشتوں کا) آسمان سے نہیں اتارا اور نہ ہم کو اتارنے کی ضرورت تھی، (کیونکہ اُن کا ہلاک کرنا اس پر موقوف نہ تھا کہ اس کے لئے کوئی بڑی جمعیت لائی جاتی (کذا فسرہ ابن مسعود فیما نقل ابن کثیر عن ابن اسحٰق حیث قال ما کاثرناہم بالجموع فانّ الامر کان ایسر علینا من ذلک، بلکہ) وہ سزا ایک آواز سخت تھی (جو جبرئیل علیہ السلام نے کر دی، کذا فی المعالم، یا اور کسی فرشتہ نے کر دی ہو۔ یا صَیْحَۃ سے مطلق عذاب مراد ہو جس کی تعیین نہیں کی گئی، جیسا کہ سورۂ مؤمنون کی آیت فَاَخَذَتْہُمُ الصَّیْحَۃُ کی تفسیر میں گذر چکا ہے) اور وہ سب اسی دم (اس سے) بجھ کر (یعنی مر کر) رہ گئے (آگے قصہ کا انجام بتلانے کے لئے مکذبین کی مذمت فرماتے ہیں کہ) افسوس (ایسے) بندوں کے حال پر کہ کبھی اُن کے پاس کوئی رسول نہیں آیا جس کی انھوں نے ہنسی نہ اڑائی ہو کیا ان لوگوں نے اس پر نظر نہیں کی کہ ہم ان سے پہلے بہت سی امتیں (اسی تکذیب و استہزاء کے سبب) غارت کر چکے کہ وہ (پھر) اُن کی طرف (دنیا میں) لَوٹ کر نہیں آتے، (اگر اس میں غور کرتے تو تکذیب و استہزاء سے باز آجاتے اور یہ سزا تو مکذبین کو دنیا میں دی گئی) اور (پھر آخرت میں) ان سب میں کوئی ایسا نہیں جو مجتمع طور پر ہمارے روبرو حاضر نہ کیا جائے (وہاں پھر سزا ہوگی اور وہ سزا دائمی ہوگی)۔

معارف ومسائل

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ، ضرب مثل کسی معاملے کو ثابت کرنے کے لئے اسی جیسے واقعہ کی مثال بیان کرنے کو کہتے ہیں۔ اوپر جن منکرینِ نبوّت ورسالت کفار کا ذکر آیا ہے، اس کو متنبہ کرنے کے لئے قرآن کریم بطور مثال کے پہلے زمانے کا ایک قصہ بیان کرتا ہے جو ایک بستی میں پیش آیا تھا۔

وہ کونسی بستی ہے جس کا ذکر اس قصہ میں آیا ہے؟

قرآن کریم نے اس بستی کا نام نہیں بتلایا، تاریخی روایات میں محمد ابن اسحٰق نے حضرت ابن عباسؓ اور کعب احبار، وہب بن منبہ سے نقل کیا ہے کہ یہ بستی انطاکیہ تھی۔ اور جمہور مفسّرین نے اسی کو اختیار کیا ہے۔ ابوحیان اور ابن کثیر نے فرمایا کہ مفسّرین میں اس کے خلاف کوئی قول منقول نہیں۔ معجم البلدان کی تصریح کے مطابق انطاکیہ ملکِ شام کا مشہور عظیم الشان شہر ہے، جو اپنی شادابی اور استحکام میں معروف ہے، اس کا قلعہ اور شہر پناہ کی دیوار ایک مثالی چیز سمجھی جاتی ہے۔ اس شہر میں نصاریٰ کے عبادت خانے کنیسا بے شمار اور بڑے شاندار سونے چاندی کے کام سے مزیّن ہیں، ساحلی شہر ہے، زمانۂ اسلام میں اس کو فاتحِ شام حضرت امین الامّۃ ابوعبیدہ بن جراح نے فتح کیا ہے۔ معجم البلدان میں یاقوت حموی نے یہ بھی لکھا ہے کہ حبیب نجار (جس کا قصہ اس آیت میں آگے آرہا ہے) اس کی قبر بھی انطاکیہ میں معروف ہے، دور دور سے لوگ اس کی زیارت کے لئے آتے ہیں۔ ان کی تصریح سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ جس قریہ کا ذکر اس آیت میں آیا ہے وہ یہی شہر انطاکیہ ہے۔

ابن کثیر نے لکھا ہے کہ انطاکیہ ان چار مشہور شہروں میں سے ہے جو دین عیسوی اور نصرانیت کے مرکز سمجھے گئے ہیں، یعنی قدس، رومیہ، اسکندریہ اور انطاکیہ۔ اور فرمایا کہ انطاکیہ سب سے پہلا شہر ہے، جس نے دین مسیح علیہ السلام کو قبول کیا۔ اسی بناء پر ابن کثیر کو اس میں تردّد ہے کہ جس قریہ کا ذکر اس آیت میں ہے وہ مشہور شہر انطاکیہ ہو، کیونکہ قرآن کریم کی تصریح کے مطابق یہ قریہ منکرینِ رسالت ونبوّت کی بستی تھی، اور تاریخی روایات کے مطابق وہ بُت پرست مشرکین تھے تو انطاکیہ جو دین مسیح اور نصرانیت کے قبول کرنے میں سب سے اوّلیت رکھتا ہے، وہ کیسے اس کا مصداق ہو سکتا ہے۔

نیز قرآن کریم کی مذکورہ آیات ہی سے یہ بھی ثابت ہے کہ اس واقعہ میں اس پوری بستی پر ایسا عذاب آیا کہ ان میں کوئی زندہ نہیں بچا۔ شہر انطاکیہ کے متعلق تاریخ میں اس کا ایسا

کوئی واقعہ منقول نہیں کہ کسی وقت اس کے سارے باشندے بیک وقت مر گئے ہوں۔ اس لئے ابن کثیر کی رائے میں یا تو اس آیت میں جس قریہ کا ذکر ہے وہ انطاکیہ کے علاوہ کوئی اور بستی ہے یا پھر انطاکیہ نام ہی کی کوئی دوسری بستی ہے جو مشہور شہر انطاکیہ نہیں ہے۔

صاحبِ فتح المنان نے ابن کثیر کے ان اشکالات کے جوابات بھی دیئے ہیں، مگر سہل اور بے غبار بات وہی ہے جس کو سیدی حضرت حکیم الامتؒ نے بیان القرآن میں اختیار فرمایا ہے، کہ آیاتِ قرآن کا مضمون سمجھنے کے لئے اس بستی کی تعیین ضروری نہیں، اور قرآن کریم نے اس کو مبہم رکھا ہے، تو ضرورت ہی کیا ہے کہ اس کی تعیین پر اتنا زور خرچ کیا جائے۔ سلف صالحین کا یہ ارشاد کہ اَبْهِمُوْا مَا اَبْهَمَهُ اللّٰهُ، یعنی جس چیز کو اللہ نے مبہم رکھا ہے تم بھی اسے مبہم ہی رہنے دو، اس کا مقتضیٰ بھی یہی ہے۔

اِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ۝ اِذْ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ۝ مذکورہ بستی میں تین رسول بھیجے گئے تھے، پہلے ان کا بیان اجمالی اِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ میں فرمایا، اس کے بعد اس کی یہ تفصیل دی گئی کہ پہلے دو رسول بھیجے گئے تھے، بستی والوں نے ان کو جھٹلایا اور ان کی بات نہ مانی تو اللہ تعالیٰ نے ان کی تائید و تقویت کے لئے ایک تیسرا رسول بھیج دیا۔ پھر ان تینوں رسولوں نے بستی والوں کو خطاب کیا اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ، یعنی ہم تمھاری ہدایت کے لئے بھیجے گئے ہیں۔

اس بستی میں جو رسول بھیجے گئے ان سے کیا مراد ہے اور وہ کون حضرات تھے

لفظ رسول اور مرسل قرآن کریم میں عام طور پر اللہ کے نبی و پیغمبر کے لئے بولا جاتا ہے۔ اس آیت میں ان کے بھیجنے کو حق تعالیٰ نے اپنی طرف منسوب کیا ہے، یہ بھی علامت اس کی ہے کہ اس سے مراد انبیاء مرسلین ہیں۔ ابن اسحٰق نے حضرت ابن عباسؓ، کعب احبارؒ اور وہب بن منبہؒ کی روایت یہی نقل کی ہے کہ یہ تینوں بزرگ جن کا اس قریہ میں بھیجنے کا ذکر ہے اللہ تعالیٰ کے پیغمبر تھے، ان کے نام اس روایت میں صادق، صدوق اور شلوم مذکور ہیں، اور ایک روایت میں تیسرے کا نام شمعون آیا ہے۔ (ابن کثیر)

اور حضرت قتادہؓ سے یہ منقول ہے کہ یہاں لفظ مُرْسَلُوْنَ اپنے اصطلاحی معنی میں نہیں بلکہ قاصد کے معنی میں ہے، اور یہ تین بزرگ جو اس قریہ کی طرف بھیجے گئے خود پیغمبر نہیں تھے، بلکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریین میں سے تھے۔ انہی کے حکم سے یہ اس قریہ کی ہدایت کے لئے بھیجے گئے تھے (ابن کثیر) اور چونکہ ان کے بھیجنے والے حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے رسول تھے، ان کا بھیجنا بھی بالواسطہ اللہ تعالیٰ ہی کا بھیجنا تھا اس لئے آیت میں

ان کے ارسال کو اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔ مفسرین میں سے ابن کثیر نے پہلے قول کو اور قرطبی وغیرہ نے دوسرے کو اختیار کیا ہے، ظاہر قرآن سے بھی یہی سمجھا جاتا ہے کہ یہ حضرات اللہ کے نبی اور پیغمبر تھے۔ واللہ اعلم

قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ، تطیّر کے معنی بد فالی لینے اور کسی کو منحوس سمجھنے کے ہیں۔ مراد یہ ہے کہ اس شہر کے لوگوں نے اللہ کے ان فرستادوں کی بات نہ مانی، اور یہ کہنے لگے کہ تم لوگ منحوس ہو۔ بعض روایات میں ہے کہ ان کی نافرمانی اور رسولوں کی بات نہ ماننے کے سبب اس بستی میں قحط پڑ گیا تھا، اس لئے بستی والوں نے ان کو منحوس کہا، یا اور کوئی تکلیف پہونچی ہوگی تو جیسے کفار کی عام عادت یہی ہے کہ کوئی مصیبت آئے تو اس کو ہدایت کرنے والے انبیاء وصلحاء کی طرف منسوب کیا کرتے ہیں، اس کو بھی ان حضرات کی طرف منسوب کر دیا۔ جیسا کہ قوم موسیٰ علیہ السلام کے متعلق قرآن میں ہے: فَاِذَا جَآءَتْهُمُ الْحَسَنَةُ قَالُوْا لَنَا هٰذِهٖ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَّطَّيَّرُوْا بِمُوْسٰى وَمَنْ مَّعَهٗ، اسی طرح قوم صالح علیہ السلام نے ان کو کہا تَطَيَّرْنَا بِكَ وَبِمَنْ مَّعَكَ۔

قَالُوْا طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ، یعنی تمہاری نحوست تمہارے ہی ساتھ ہے۔ مطلب یہ ہے کہ تمہارے ہی اعمال کا نتیجہ ہے۔ طائر کا لفظ اصل میں بد فالی کے لئے بولا جاتا ہے، اور کبھی بد فالی کے اثر یعنی نحوست کے معنی میں بھی آتا ہے یہاں یہی مراد ہے (ابن کثیر، قرطبی)

وَجَآءَ مِنْ اَقْصَى الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى، پہلی آیت میں اس مقام کو جس میں یہ قصہ پیش آیا لفظ قریہ سے تعبیر کیا گیا، جو عربی زبان کے اعتبار سے صرف چھوٹے گاؤں کو نہیں بلکہ مطلق بستی کو کہتے ہیں، چھوٹی بستی ہو یا بڑا شہر۔ اور اس آیت میں اس مقام کو لفظ مدینہ سے تعبیر کیا، جو صرف بڑے شہر ہی کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ جس بستی میں یہ واقعہ ہوا ہے وہ کوئی بڑا شہر تھا، اس سے بھی اُس قول کی تائید ہوتی ہے جس میں اس کو انطاکیہ قرار دیا ہے۔ اَقْصَى الْمَدِيْنَةِ سے مراد شہر کے کسی گوشہ سے آنا ہے۔ رَجُلٌ يَّسْعٰى، لفظ يَسْعٰى سَعْيٌ سے ماخوذ ہے جس کے لغوی معنی دوڑ کر چلنے کے ہیں۔ اس لئے معنی یہ ہوئے کہ شہر کے کسی دور گوشہ سے ایک شخص دوڑتا ہوا آیا، اور کبھی لفظ سعی اہتمام کے ساتھ چلنے کے معنے میں بھی آتا ہے چاہے دوڑ کر نہ چلے، جیسے سورۂ جمعہ میں فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ میں یہی معنی مراد ہیں۔

گوشۂ شہر سے آنے والے شخص کا واقعہ!!!

قرآن کریم نے اس کو بھی مبہم رکھا ہے، اس شخص کا نام اور حال ذکر نہیں فرمایا۔ تاریخی روایات میں ابن اسحٰق نے حضرت ابن عباسؓ

اور کعب احبار اور وہب بن منبہ کے حوالے سے یہ نقل کیا ہے کہ اس شخص کا نام حبیب تھا، اس کے پیشہ کے متعلق مختلف اقوال ہیں، ان میں مشہور یہ ہے کہ نجّار تھا لکڑی کا کام کرتا تھا (ابن کثیر) اور تاریخی روایات ــــ جو مفسرین نے اس جگہ نقل کی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ شخص بھی شروع میں بت پرست تھا، دو رسول جو پہلے اس شہر میں آئے اِس کی ملاقات اُن سے ہوگئی ان کی تعلیم سے اور بعض روایات کے اعتبار سے ان کا معجزہ یا کرامت دیکھ کر اس کے دل میں ایمان پیدا ہوا۔ بت پرستی سے تائب ہو کر مسلمان ہو گیا اور کسی غار وغیرہ میں جا کر عبادت میں مشغول ہو گیا جب اس کو یہ خبر ملی کہ شہر کے لوگ ان رسولوں کی تعلیم وہدایت کو جھٹلا کر اُن کے درپے آزار ہو گئے، اور قتل کی دھمکیاں دے رہے ہیں، تو یہ اپنی قوم کی خیرخواہی اور ان رسولوں کی ہمدردی کے مِلے جُلے جذبے سے جلدی کر کے اپنی قوم میں آیا اور ان کو رسولوں کا اتباع کرنے کی نصیحت کی۔ اور پھر اپنے مؤمن ہونے کا اعلان کر دیا۔ اِنِّیْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِ یعنی میں تمھارے رب پر ایمان لے آیا ہوں تم سُن لو۔ اس کا مخاطب اس کی قوم بھی ہو سکتی ہے، اور اس میں اللہ تعالیٰ کو ان کا رب کہنا اظہار حقیقت کے لئے تھا، اگرچہ وہ اس کو تسلیم ــــ نہ کرتے تھے۔ اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہ خطاب رسولوں کو ہو، اور فَاسْمَعُوْنِ کہنے کا مقصد یہ ہو کہ آپ سُن لیں اور اللہ کے سامنے میرے ایمان کی شہادت دیں۔

قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ الآیۃ، یعنی اس شخص کو جو گوشۂ شہر سے رسولوں پر ایمان لانے کی تلقین کے لئے آیا تھا اس کو کہا گیا کہ جنّت میں داخل ہو جاؤ۔ ظاہر یہ ہے کہ یہ خطاب کسی فرشتے کے ذریعے ہوا ہے، کہ جنّت میں چلے جاؤ۔ اور مراد جنّت میں داخل ہونے سے یہ خوش خبری دینا ہے کہ جنّت تمہارا مقام متعین ہو چکا ہے، جو اپنے وقت پر حشر ونشر کے بعد حاصل ہوگا۔ (قرطبی)

اور یہ بھی بعید نہیں کہ ان کو ان کا مقامِ جنّت اس وقت دکھلا دیا گیا ہو، اس کے علاوہ برزخ میں بھی اہلِ جنّت کو جنّت کے پھل پھول اور راحت کی چیزیں ملتی ہیں۔ اس لئے ان کا عالمِ برزخ میں پہونچنا ایک حیثیت سے جنت ہی میں داخل ہونا ہے۔

قرآن کریم کے اس لفظ سے کہ اس کو کہا گیا کہ جنّت میں داخل ہو جا اس کی طرف اشارہ ہے کہ اس شخص کو شہید کر دیا گیا تھا، کیونکہ دخولِ جنّت یا آثارِ جنّت کا مشاہدہ بعد موت ہی ہو سکتا ہے۔

تاریخی روایات میں حضرت ابن عباس، مقاتل، مجاہد ائمۂ تفسیر سے منقول ہے کہ یہ شخص حبیب ابن اسمٰعیل نجّار تھا، اور یہ ان لوگوں میں ہے جو ہمارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم

پر آپ کی بعثت سے چھ سو سال پہلے ایمان لایا ہے۔ جیسا کہ تُبَّع اکبر کے متعلق منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارت کتب سابقہ میں پڑھ کر آپ کی ولادت سے بہت پہلے آپ پر ایمان لایا تھا۔ تیسرے بزرگ آدمی جو آپؐ پر آپؐ کی بعثت اور دعوت سے پہلے ایمان لائے ورقہ ابن نوفل ہیں جن کا ذکر صحیح بخاری کی حدیث ابتداء وحی کے واقعات میں آیا ہے۔ یہ بھی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت ہے کہ آپؐ کی ولادت و بعثت سے پہلے آپؐ پر یہ تین آدمی ایمان لے آئے تھے یہ معاملہ کسی اور رسول و نبی کے ساتھ نہیں ہوا۔

وہب بن منبہؒ کی روایت میں ہے کہ یہ شخص جذامی تھا، اور ان کا مکان شہر کے سب سے آخری دروازہ پر تھا۔ اپنے مفروضہ معبودوں سے دعاء کرتا تھا کہ مجھے تندرست کردیں جس پر ستر سال گذر چکے تھے۔ یہ رسول شہر انطاکیہ میں اتفاقاً اسی دروازے سے داخل ہوئے تو اس شخص سے پہلے پہل ملاقات ہوئی تو انھوں نے اس کو بُت پرستی سے باز آنے اور ایک خدا تعالیٰ کی عبادت کی طرف دعوت دی۔ اس نے کہا کہ آپ کے پاس آپ کے دعویٰ کی کوئی دلیل و علامتِ صحت بھی ہے؟ انھوں نے کہا ہاں ہے۔ اس نے اپنی جذام کی بیماری بتلا کر پوچھا کہ آپ یہ بیماری دور کرسکتے ہیں؟ انھوں نے کہا ہاں ہم اپنے رب سے دعاء کریں گے، وہ تمھیں تندرست کردے گا۔ اس نے کہا کہ کیا عجیب بات کہتے ہو، میں ستر سال سے اپنے معبودوں سے دعاء مانگتا ہوں کچھ فائدہ نہیں ہوا، تمھارا رب کیسے ایک دن میں میری حالت بدل دے گا۔ انھوں نے کہا کہ ہاں ہمارا رب ہر چیز پر قادر ہے، اور جن کو تم نے خدا بنا رکھا ہے ان کی کوئی حقیقت نہیں، یہ کسی کو نفع نقصان نہیں پہونچا سکتے۔ یہ سُن کر یہ شخص ایمان لے آیا، اور ان بزرگوں نے اس کے لئے دعاء کی، اللہ تعالیٰ نے اس کو ایسا تندرست کردیا کہ بیماری کا کوئی اثر باقی نہ رہا۔ اب تو اس کا ایمان پختہ ہوگیا، اور اس نے عہد کیا کہ دن بھر میں جو کچھ کمائے گا اس کا آدھا اللہ کی راہ میں خرچ کرے گا۔ جب ان رسولوں پر شہر کے لوگوں کی یلغار کی خبر پائی تو یہ دوڑ کر آیا، اور اپنی قوم کو سمجھایا اور اپنے ایمان کا اعلان کردیا۔ پوری قوم اس کی دشمن ہوگئی، اور سب مل کر اس پر ٹوٹ پڑے۔ حضرت ابن مسعودؓ کی روایت میں ہے کہ لاتوں اور ٹھوکروں سے سب نے مل کر اس کو شہید کردیا۔ بعض روایات میں ہے کہ اس پر پتھر برسائے، اور اس وقت بھی ان سب کی بے تحاشا مار پڑنے کے وقت وہ کہتا جاتا تھا رَبِّ اھْدِ قَوْمِیْ "اے میرے پروردگار! میری قوم کو ہدایت کردے"

بعض روایتوں میں ہے کہ ان لوگوں نے تینوں رسولوں کو بھی شہید کردیا مگر کسی صحیح روایت میں اس کا ذکر نہیں ہے کہ ان کا کیا حال رہا بظاہر وہ مقتول نہیں ہوئے (قرطبی)

يٰلَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ بِمَا غَفَرَ لِيْ رَبِّيْ وَجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ۝

یہ بزرگ چونکہ بڑی بہادری کے ساتھ اللہ کی راہ میں شہید ہوئے، حق تعالیٰ نے ان کے ساتھ خاص اکرام واعزاز کا معاملہ فرمایا، اور جنّت میں داخل ہونے کا حکم دیا۔ اس نے انعام واکرام اور جنّت کی نعمتوں کا مشاہدہ کیا، تو پھر اپنی قوم یاد آئی، اور تمنا کی کہ کاش میری قوم کو میرا حال معلوم ہوجاتا کہ رسولوں پر ایمان لانے کی جزاء میں مجھے اعزاز واکرام اور دائمی نعمتیں کیسی ملیں، تو شاید ان کو بھی ایمان کی توفیق ہوجاتی۔ اس تمنا کا اظہار مذکورہ آیت میں فرمایا گیا ہے۔

پیغمبرانہ دعوت واصلاح کا طریقہ مبلّغینِ اسلام کیلئے اہم ہدایت

اس بستی کی طرف جو تین رسول بھیجے گئے، انھوں نے مشرکین و کفار سے جس طرح خطاب کیا اور ان کی سخت و تلخ باتوں اور دھمکیوں کا جس طرح جواب دیا اسی طرح ان کی دعوت سے مسلمان ہونے والے حبیب نجّار نے اپنی قوم سے جس طرح خطاب کیا ان سب چیزوں کو ذرا مکرر دیکھئے، تو اس میں تبلیغِ دین اور اصلاحِ خلق کی خدمت انجام دینے والوں کے لئے بڑے سبق ہیں۔

ان رسولوں کی ناصحانہ تبلیغ و تلقین کے جواب میں مشرکین نے تین باتیں کہیں:-

(۱) تم تو ہمیں جیسے انسان ہو ہم تمھاری بات کیوں مانیں؟

(۲) اللہ رحمٰن نے کسی پر کوئی پیغام اور کتاب نہیں اتاری۔

(۳) تم خالص جھوٹ بولتے ہو۔

آپ غور کیجئے کہ بے غرض ناصحانہ کلام کے جواب میں یہ استعمال انگیز گفتگو کیا جواب چاہتی تھی، مگر ان رسولوں نے کیا جواب دیا۔ صرف یہ کہ رَبُّنَا يَعْلَمُ اِنَّآ اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ یعنی ہمارا رب جانتا ہے کہ ہم تمھاری طرف بھیجے ہوئے آئے ہیں، اور مَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ، یعنی ہمارا جو کام تھا وہ کر چکے کہ تمھیں اللہ کا پیغام واضح کر کے پہونچا دیا، آگے تمھیں اختیار ہے، مانو یا نہ مانو۔ دیکھئے ان کے کسی لفظ میں کیا ان کی اشتعال انگیزی کا کوئی تاثر ہے؟ کیسا مشفقانہ جواب دیا۔

پھر ان لوگوں نے اور آگے بڑھ کر یہ کہا کہ تم لوگ منحوس ہو، تمھاری وجہ سے ہم مصیبت میں پڑ گئے۔ اس کا متعین جواب یہ تھا کہ منحوس تم خود ہو، تمھارے اعمال کی شامت تمھارے گلے میں آرہی ہے۔ مگر ان رسولوں نے اس بات کو ایسے مجمل الفاظ میں ادا کیا جس میں ان کے منحوس ہونے کی تصریح نہیں فرمائی، بلکہ یہ فرمایا طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ یعنی تمھاری بدفالی تمھارے ساتھ ہے۔ اور پھر وہی مشفقانہ خطاب کیا، اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ یعنی تم یہ تو سوچو کہ ہم نے تمھارا کیا بگاڑا ہے، ہم نے تو صرف تمھیں خیر خواہانہ نصیحت کی ہے،

بس سب سے بھاری جملہ جو بولا تو یہ کہ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ "یعنی تم لوگ حدود سے تجاوز کرنے والے ہو" بات کو کہیں سے کہیں لے جاتے ہو۔

یہ تو ان رسولوں کا مکالمہ تھا، اب وہ مکالمہ دیکھئے جو ان رسولوں کی دعوت پر ایمان لانے والے نومسلم نے کیا۔ اس نے پہلے تو اپنی قوم کو دو باتیں بتا کر رسولوں کی بات ماننے کی دعوت دی۔ اوّل یہ کہ ذرا یہ تو سوچو کہ یہ لوگ دور سے چل کر تمہیں نصیحت کرنے آئے ہیں، سفر کی تکلیف اٹھا رہے ہیں اور تم سے کچھ مانگتے نہیں، یہ بات خود انسان کو غور کی دعوت دیتی ہے کہ یہ بے غرض لوگ ہیں اُن کی بات میں غور تو کرلیں۔ دوسرے یہ کہ جو بات وہ کہہ رہے ہیں وہ سراسر عقل و انصاف اور ہدایت کی بات ہے۔ اس کے بعد قوم کو ان کی غلطی اور گمراہی پر متنبہ کرنا تھا کہ اپنے پیدا کرنے والے قادر مطلق کو چھوڑ کر تم لوگ خود تراشیدہ بتوں کو اپنا حاجت روا سمجھ بیٹھے ہو، جبکہ ان کا حال یہ ہے کہ نہ وہ خود تمہارا کوئی کام بنا سکتے ہیں اور نہ اللہ کے یہاں ان کا کوئی مقام اور درجہ ہے کہ اس سے سفارش کر کے تمہارا کام کرا دیں۔

مگر جیب نجّار نے یہ ساری باتیں ان کی طرف منسوب کرنے کے بجائے اپنی طرف منسوب کرنے کا عنوان اختیار کیا کہ میں ایسا کروں تو بڑی گمراہی کی بات ہوگی، وَمَا لِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ الآیۃ یہ سب اس لئے کہ مخالف کو اشتعال نہ ہو، بات میں ٹھنڈے دل سے غور کرے۔ پھر جب اس کی قوم نے اس کی شفقت و رحمت کا بھی کچھ اثر نہ لیا، اور ان کو قتل کرنے کے لئے ان پر پل پڑی تو اس وقت بھی اُن کی زبان پر کوئی بددعا کا کلمہ نہ آیا بلکہ یہی کہتے ہوئے جان دیدی کہ رَبِّ اهْدِ قَوْمِيْ "یعنی میرے پروردگار میری قوم کو ہدایت فرما دے"، اس سے زیادہ عجیب بات یہ ہے کہ قوم کے اس ظلم و ستم سے شہید ہونے والے کو جب اللہ کی طرف سے انعام و اکرام اور جنّت کی نعمتوں کا مشاہدہ ہوا تو اس وقت بھی اپنی یہی ظالم قوم یاد آئی، اور اس کی خیر خواہی و ہمدردی سے یہ تمنا کی کہ کاش میری قوم میرے حالات انعام و اکرام سے واقف ہو جاتی، تو شاید وہ بھی اپنی گمراہی سے باز آ کر ان نعمتوں کی شریک بن جاتی۔ سبحان اللہ خلق اللہ کی خیر خواہی ان کے مظالم کے باوجود کس طرح ان حضرات کی رگ و پے میں پیوست ہوتی ہے۔ یہی وہ چیز تھی جس نے قوموں کی کایا پلٹی ہے، کفر و ضلالت سے نکال کر وہ مقام بخشا ہے کہ فرشتے بھی اُن پر رشک کرتے ہیں۔

آجکل کے مبلغین اور خدمتِ دعوت و اصلاح کے انجام دینے والوں نے عموماً اس پیغمبرانہ اسوہ کو چھوڑ دیا ہے، اسی لئے ان کی دعوت و تبلیغ بے اثر ہو کر رہ گئی ہے۔ تقریر و خطاب میں غصّہ کا اظہار، مخالف پر فقرے چست کرنا بڑا کمال سمجھا جاتا ہے،

جو مخالف کو اور زیادہ ضد و عناد کی طرف دھکیل دیتا ہے۔ اللّٰھم اجعلنا متبعین لسنن انبیاءک ووفقنا لما تحب وترضاہ

وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا مُنْزِلِيْنَ ۝ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ ۝ یہ اس قوم پر آسمانی عذاب کا ذکر ہے جس نے رسولوں کی تکذیب کی اور حبیب نجار کو مار مار کر شہید کر دیا تھا۔ اور عذاب کی تمہید میں یہ فرمایا کہ اس قوم کو عذاب میں پکڑنے کے لئے ہمیں آسمان سے کوئی فرشتوں کا لشکر بھیجنا نہیں پڑا اور نہ ایسا لشکر بھیجنا ہمارا دستور رہے۔ کیونکہ اللہ کا تو ایک ہی فرشتہ بڑی بڑی قوی بہادر قوموں کو تباہ کر دینے کے لئے کافی ہے، اس کو فرشتوں کا لشکر بھیجنے کی کیا ضرورت ہے۔ پھر ان پر آنے والے عذاب کو بیان فرمایا کہ بس اتنا ہوا کہ فرشتے نے ایک زور کی آواز لگائی جس سے یہ سب کے سب ٹھنڈے ہو کر رہ گئے۔

روایات میں ہے کہ جبرئیل امین نے شہر کے دروازے کے دونوں بازو پکڑ کر ایک سخت ہیبتناک آواز لگائی جس کے صدمہ کو کسی کی رُوح برداشت نہ کر سکی سب کے سب مرے رہ گئے۔ اُن کے مر جانے کو قرآن نے خَامِدُوْن کے لفظ سے تعبیر کیا ہے۔ خمود آگ بجھ جانے کے معنی میں آتا ہے، جاندار کی حیات حرارتِ غریزی پر موقوف ہے، جب یہ حرارت ختم ہو جائے تو اسی کا نام موت ہے۔ خَامِدُوْن یعنی بجھنے والے ٹھنڈے ہو جانے والے۔

وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ۚ اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا

اور ایک نشانی ہے ان کے واسطے زمین مُردہ اس کو ہم نے زندہ کر دیا اور نکالا اس میں سے اناج

فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ ۝۳۳ وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ

سو اُسی میں سے کھاتے ہیں۔ اور بنائے ہم نے اس میں باغ کھجور کے اور انگور کے

وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ ۝۳۴ لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ

اور بہا دیئے اس میں بعضے چشمے، کہ کھائیں اس کے میووں سے اور اس کو بنایا نہیں

اَيْدِيْهِمْ ۭ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ۝۳۵ سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ

ان کے ہاتھوں نے پھر کیوں شکر نہیں کرتے۔ پاک ذات ہے جس نے بنائے جوڑے

كُلَّهَا مِمَّا تُنۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَ

سب چیز کے اس قسم میں سے جو اُگتا ہی زمین میں سے اور خود ان میں سے اور ان چیزوں میں کہ جن کی ان کو خبر نہیں اور

اٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ ۚ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَ

ایک نشانی ہی ان کے واسطے رات، کھینچ لیتے ہیں ہم اس پر سے دن کو پھر تب ہی یہ رہ جاتے ہیں اندھیرے میں، اور

الشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ۭ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۳۸﴾

سورج چلا جاتا ہی اپنے ٹھہرے ہوئے رستہ پر یہ ساد ھا ہی اس زبردست باخبر نے ۔

وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ ﴿۳۹﴾

اور چاند کو ہم نے بانٹ دی ہیں منزلیں یہاں تک کہ پھر آرہا جیسے ٹہنی پرانی ،

لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ

نہ سورج سے ہو کہ پکڑ لے چاند کو اور نہ رات آگے بڑھے دن

النَّهَارِ ۭ وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿۴۰﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا

سے ، اور ہر کوئی ایک چکر میں پیرتے ہیں ۔ اور ایک نشانی ہی ان کے واسطے کہ ہم نے اٹھالیا

ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۴۱﴾ وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ

ان کی نسل کو اس بھری ہوئی کشتی میں ۔ اور بنا دیا ہم نے ان کے واسطے کشتی جیسی

مَا يَرْكَبُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ

چیزوں کو جس پر سوار ہوتے ہیں ، اور اگر ہم چاہیں تو ان کو ڈبا دیں پھر کوئی نہ پہنچے ان کی فریاد کو اور نہ وہ

يُنْقَذُوْنَ ﴿۴۳﴾ اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿۴۴﴾

چھڑائے جائیں ، مگر ہم اپنی مہربانی سے اور ان کا کام چلانے کو ایک وقت تک ۔

خلاصۂ تفسیر

اور (قدرت کی نشانیاں اور عظیم الشان نعمتیں جو توحید کے دلائل بھی ہیں، ان میں سے) ایک نشانی ان لوگوں کے (استدلال کے) لئے مردہ زمین ہے (اور اس میں نشانی کی بات یہ ہے کہ) ہم نے اس کو (بارش سے) زندہ کیا اور ہم نے اس (زمین) سے (مختلف) غلّے نکالے

سو اُن میں سے لوگ کھاتے ہیں اور (نیز) ہم نے اس (زمین میں) کھجوروں اور انگوروں کے باغ لگائے اور اس میں (باغ کی آب پاشی کے لئے) چشمے (اور نالے) جاری کئے تاکہ (مثل غلّے کے) لوگ باغ کے پھلوں میں سے (بھی) کھائیں اور اس (پھل اور غلّہ) کو ان کے ہاتھوں نے نہیں بنایا (گو تخم ریزی اور آبپاشی بظاہر انہی کے ہاتھوں ہوئی ہو مگر بیج سے درخت اور درخت سے پھل پیدا کرنے میں ان کا کوئی دخل نہیں، خاص خدا ہی کا کام ہے) سو (ایسے دلائل دیکھ کر بھی) کیا شکر نہیں کرتے (جس کا اوّل زینہ اللہ کے وجود اور توحید کا اقرار ہے۔ یہ استدلال تو زمینی اور آفاقی خاص نشانیوں سے تھا، آگے عام زمینی اور نفسیاتی نشانیوں سے استدلال ہے یعنی) وہ پاک ذات ہے جس نے تمام مقابل قسموں کو پیدا کیا، نباتات زمین کی قسم سے بھی (خواہ مقابلہ مماثلت کا ہو جیسے ایک سے غلّے، ایک سے پھل، خواہ مقابلہ مضادّت و مخالفت کا ہو جیسے گیہوں اور جَو اور شیریں پھل اور ترش پھل) اور (خود) ان آدمیوں میں سے بھی (جیسے مرد اور عورت) اور ان چیزوں میں بھی جن کو (عام) لوگ نہیں جانتے (مقابلہ کے عام مفہوم کے اعتبار سے مخفی چیزوں میں بھی کوئی شے مقابل سے خالی نہیں اور اسی سے حق تعالیٰ کا بے مقابل ہونا معلوم ہو گیا۔ یہاں سے آیت وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ کی بھی توضیح ہو گئی) اور (آگے بعض آیات آفاقیہ سماویہ اور ان کے بعض آثار سے استدلال ہے یعنی) ایک نشانی ان لوگوں کے لئے رات (کا وقت) ہے کہ (بوجہ اصل ہونے ظلمت کے گویا اصل وقت وہی تھا اور نور آفتاب عارضی تھا، گویا اس ظلمت کو دن نے چھپا لیا تھا جیسے بکری کے گوشت کو اس کی کھال چھپا لیتی ہے پس) ہم (اسی عارض کو زائل کر کے گویا) اس (رات) پر سے دن کو اتار لیتے ہیں سو یکایک (پھر رات نمودار ہو جاتی ہے اور) وہ لوگ اندھیرے میں رہ جاتے ہیں اور (ایک نشانی) آفتاب (ہے کہ وہ) اپنے ٹھکانے کی طرف چلتا رہتا ہے، (یہ عام ہے اس نقطہ کو بھی جہاں سے چل کر سالانہ دَورہ کر کے پھر اسی نقطہ پر جا پہونچتا ہے اور نقطۂ اُفقیّہ کو بھی، کہ حرکتِ یومیہ میں وہاں پہونچ کر غروب ہو جاتا ہے) اور یہ اندازہ باندھا ہوا ہے اس (خدا) کا جو زبردست (یعنی قادر ہے اور) علم والا ہے (کہ علم سے ان انتظامات میں مصلحت و حکمت جانتا ہے اور قدرت سے ان انتظامات کو نافذ کرتا ہے) اور (ایک نشانی) چاند (ہے کہ اُس کی چال) کے لئے منزلیں مقرر کیں (کہ ہر روز ایک منزل قطع کرتا ہے) یہاں تک کہ (اپنے آخر دورے میں پتلا ہوتا ہوتا) ایسا رہ جاتا ہے جیسے کھجور کی پُرانی ٹہنی (کہ پتلی اور خمدار ہوتی ہے اور ممکن ہے کہ ضعفِ نور کی وجہ سے زردی میں بھی تشبیہ کا اعتبار کیا جاوے اور سورج اور چاند کی چال اور رات و دن کی آمد و رفت ایسے انداز اور انتظام سے رکھی گئی ہے کہ) نہ آفتاب کی مجال ہے کہ چاند کو (اس کے ظہورِ نور کے وقت

میں یعنی رات میں جبکہ وہ منوّر ہو) جا پکڑے یعنی قبل از وقت خود طلوع ہو کر اس کو اور اس کے وقت یعنی رات کو ہٹا کر دن بنا دے جیسا کہ قمر بھی اسی طرح آفتاب کو اس کے ظہور نور کے وقت نہیں پکڑ سکتا کہ دن کو ہٹا کر رات بنا دے اور اس میں قمر کا نور ظاہر ہو جاوے) اور (اسی طرح) نہ رات دن (کے زمانہ مقررہ کے ختم ہونے) سے پہلے آسکتی ہے (جیسے دن بھی رات کے زمانۂ مقررہ کے ختم ہونے سے پہلے نہیں آسکتا) اور (چاند اور سورج) دونوں ایک ایک کے دائرہ میں (حساب سے اس طرح چل رہے ہیں جیسے گویا) تیر رہے ہیں (اور حساب سے باہر نہیں ہو سکتے کہ رات دن کے حساب میں خلل واقع ہو سکے) اور (آگے آیاتِ آفاقیہ ارضیہ میں سے ایک خاص نشانی سفر اور سواری وغیرہ کے متعلق ارشاد فرماتے ہیں یعنی) ایک نشانی ان کے لئے یہ ہے کہ ہم نے ان کی اولاد کو بھری ہوئی کشتی میں سوار کیا، (اپنی اولاد کو اکثر لوگ تجارت کے لئے سفر میں بھیجتے تھے، پس اس تعبیر میں تین نعمتوں کی طرف اشارہ ہو گیا۔ اوّل بھری ہوئی کشتی کو جو بوجھل ہونے کی وجہ سے پانی میں غرق ہونے والی چیز ہے سطح آب پر رواں کرنا، دوسرے ان لوگوں کو اولاد عطا فرمانا، تیسرے رزق و سامان دینا جس سے خود گھر بیٹھے رہیں اور اولاد کو کارندہ بنا کر بھیجیں) اور (سفرِ خشکی کے لئے) ہم نے ان کے لئے کشتی ہی جیسی ایسی چیزیں پیدا کیں جن پر یہ لوگ سوار ہوتے ہیں (مراد اس سے اونٹ وغیرہ ہیں اور تشبیہ کشتی کے ساتھ اس خاص وصف کے اعتبار سے ہے کہ اس پر بھی سواری اور بار برداری اور قطعِ مسافت کی جاتی ہے اور اس تشبیہ کا حُسن اس سے بڑھ گیا کہ عرب میں اونٹ کو "سفینۃ البر" یعنی خشکی کی کشتی کہنے کا محاورہ شائع تھا۔ آگے کشتی کے ذکر کی مناسبت سے کفار کے لئے ایک وعید عذاب کی بیان فرمائی کہ) اور اگر ہم چاہیں تو ان کو غرق کر دیں پھر نہ تو (جن چیزوں کو وہ پوجتے ہیں ان میں سے) ان کا کوئی فریاد رس ہو (جو غرق سے بچا لے) اور نہ یہ (بعد غرق کے موت سے) خلاصی دیئے جائیں (یعنی نہ کوئی موت سے چھڑا سکے) مگر یہ ہماری ہی مہربانی ہے اور ان کو ایک وقت معیّن تک (دنیاوی زندگی سے) فائدہ دینا (منظور) ہے (اس لئے مہلت دے رکھی ہے)۔

معارف و مسائل

سورۂ یٰسٓ میں زیادہ تر مضامین آیاتِ قدرت اور اللہ تعالیٰ کے انعامات و احسانات بیان کر کے آخرت پر استدلال اور حشر و نشر کے عقیدے پر پختہ کرنے سے متعلق ہیں۔ مذکور الصدر آیات میں قدرتِ الٰہیہ کی ایسی ہی نشانیاں بیان فرمائی ہیں جو ایک طرف

اس کی قدرت کاملہ کے دلائلِ واضحہ ہیں، دوسری طرف انسان اور عام مخلوقات پر حق تعالیٰ کے خاص انعامات واحسانات اور ان میں عجیب وغریب حکمتوں کا اثبات ہے۔

پہلی آیت میں زمین کی ایک مثال پیش فرمائی ہے جو ہر وقت ہر انسان کے سامنے ہے کہ خشک زمین پر آسمان سے پانی برستا ہے تو زمین میں ایک قسم کی زندگی پیدا ہوتی ہے جس کے آثار اس میں پیدا ہونے والی نباتات اور اشجار اور ان کے ثمرات سے ظاہر ہوتے ہیں۔ اور ان درختوں کے بڑھانے اور باقی رکھنے کے لئے زیر زمین اور سطح زمین پر چشموں کا جاری کرنا ذکر فرمایا: لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ یعنی ہواؤں بادلوں اور زمین کی ساری قوتوں کو کام میں لگانے کا منشاء یہ ہے کہ لوگ ان کے پھل کھائیں۔ یہ سب چیزیں تو آنکھوں سے مشاہدہ کی ہیں، جو ہر انسان دیکھنا جانتا ہی آگے انسان کو اس چیز پر متنبہ کیا گیا جس کے لئے یہ سارا کارخانہ قائم کیا گیا۔ فرمایا

نباتات کی پیداوار میں انسان کے عمل کا دخل نہیں

وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ، جمہور مفسرین نے اس میں حرفِ مَا کو نفی کے لئے قرار دے کر یہ ترجمہ کیا ہے کہ نہیں بنایا ان پھلوں کو ان لوگوں کے ہاتھوں نے۔ اس جملے نے غافل انسان کو اس پر متنبہ کیا ہے کہ ذرا اپنے کام اور محنت میں غور کر کہ تیرا کام اس باغ وبہار میں اس کے سوا کیا ہے کہ تو نے زمین میں بیج ڈال دیا، اس پر پانی ڈال دیا، زمین کو نرم کر دیا، کہ نازک کونپل نکلنے میں رکاوٹ پیدا نہ ہو، مگر اس بیج میں سے درخت اُگانا، درخت پر پتے اور شاخیں نکالنا پھر اس پر طرح طرح کے پھل پیدا کرنا ان سب چیزوں میں تیرا کیا دخل ہے۔

یہ تو خالص قادرِ مطلق حکیم ودانا ہی کا فعل ہو سکتا ہے۔ اس لئے تیرا فرض ہے کہ ان چیزوں سے فائدہ اٹھاتے وقت اس کے خالق ومالک کو فراموش نہ کرے۔ اسی کی نظیر سورۂ واقعہ کی آیت ہے اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ یعنی دیکھو تو جو چیز تم بوتے ہو اس کو نشوونما دے کر درخت تم نے بنایا ہے یا ہم نے؟ خلاصہ یہ ہوا کہ اگرچہ ان پھلوں کے بنانے میں انسان کا کوئی دخل نہیں، مگر ہم نے اپنے فضل سے ان کو پیدا بھی کیا اور انسان کو ان کا مالک بھی بنا دیا اور اسکو اس کے کھانے اور فائدہ اٹھانے کا سلیقہ بھی سکھا دیا۔

انسانی غذا اور حیوانات کی غذا میں خاص فرق

اور ابن جریر وغیرہ بعض مفسرین نے وَمَا عَمِلَتْهُ میں لفظ مَا کو نفی کے لئے نہیں بلکہ اسم موصول بمعنے اَلَّذِیْ قرار دے کر یہ ترجمہ کیا ہی کہ یہ سب چیزیں اس لئے پیدا کی ہیں کہ لوگ ان کے پھل کھاویں، اور اُن چیزوں کو بھی کھاویں جو ان نباتات اور پھلوں سے خود انسان اپنے ہاتھوں کے کسب وعمل سے تیار کرتا ہے مثلاً

پھلوں سے طرح طرح کے حلوے، اچار، چٹنی، تیار کرنا اور بعض پھلوں سے تیل وغیرہ نکالنا جو انسانی کسب و عمل کا نتیجہ ہے۔ اس کا حاصل یہ ہوگا کہ یہ پھل جو قدرت نے بنائے ہیں بغیر کسی کسب و عمل اور انسانی تصرف کے بھی کھانے کے قابل بنائے گئے ہیں، اور انسان کو اللہ تعالیٰ نے یہ سلیقہ بھی دیا ہے کہ ایک ایک پھل سے طرح طرح کی خوش ذائقہ اور مفید چیزیں تیار کرلے۔

اس صورت میں پھلوں کا پیدا کرنا اور انسان کو اس کا سلیقہ دینا کہ ایک پھل کو دوسری چیزوں سے مرکب کرکے طرح طرح کی اشیاء خوردنی خوش ذائقہ اور مفید تیار کرلے، یہ دوسری نعمت ہے۔ ابن کثیر نے ابن جریر کی اس تفسیر کو نقل کرکے فرمایا ہے کہ اس تفسیر کی تائید حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ کی قراءت سے بھی ہوتی ہے، کیونکہ ان کی قراءت میں لفظ مآ کے بجائے مِمَّا آیا ہے یعنی مِمَّا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ۔

تفصیل اس کی یہ ہے کہ دنیا کے تمام حیوانات بھی نباتات اور پھل کھاتے ہیں، کچھ جانور گوشت کھاتے ہیں کچھ مٹی کھاتے ہیں، لیکن ان سب جانوروں کی خوراک مفرد ات ہی سے ہے۔ گھاس کھانے والا خالص گھاس، گوشت کھانے والا خالص گوشت کھاتا ہے، ان چیزوں کو دوسری چیزوں سے مرکب کرکے طرح طرح کے کھانے تیار کرنا، نمک، مرچ، شکر، ترشی وغیرہ سے مرکب ہو کر ایک کھانے کی دس قسمیں بن جاتی ہیں۔ یہ مرکب خوراک صرف انسان ہی کی ہے اسی کو مختلف چیزوں سے ایک مرکب غذا تیار کرنے کا سلیقہ دیا گیا ہے۔ یہ گوشت کے ساتھ نمک، مرچ، مسالے اور پھلوں کے ساتھ شکر وغیرہ کا امتزاج انسان کی صنعت کاری ہے، جو اللہ تعالیٰ نے اس کو سکھا دی ہے۔ قدرت کی ان عظیم الشان نعمتوں اور ان میں قدرت کی صنعت کاری کی بے مثال آیتوں کو ذکر فرمانے کے بعد آخر میں فرمایا اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ، کیا یہ عاقل لوگ ان سب چیزوں کو دیکھنے کے بعد شکر گذار نہیں ہوتے؟ آگے اس زمینی پیداوار اور آب و ہوا کے ذکر کے بعد انسان اور حیوانات کو بھی شامل کرکے قدرتِ مطلقہ کی ایک اور نشانی سے آگاہ کیا جاتا ہے: سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ، اس میں لفظ ازواج زوج کی جمع ہے، جو جوڑے کے معنی میں آتا ہے۔ جوڑے میں دو متقابل چیزیں ہوتی ہیں، ان میں سے ہر ایک کو دوسرے کا زوج کہا جاتا ہے۔ جیسے مرد و عورت ہیں مرد کو عورت کا اور عورت کو مرد کا زوج کہا جاتا ہے اسی طرح حیوانات کے نر و مادہ باہم زوج ہیں، نباتات کے بہت سے درختوں میں بھی نر اور مادہ کا ادراک کیا گیا ہے۔ کھجور اور پپیتہ کے درختوں میں تو معروف و مشہور ہے ہی، اوروں میں بھی ہو تو کچھ بعید نہیں۔ جیسا کہ سائنس کی جدید تحقیقات میں تمام پھلدار اور پھولدار

درختوں میں نر و مادہ ہوتے ہیں، ان میں توالد و تناسل ہونا بتلایا گیا ہے۔ اسی طرح اگر یہی مخفی سلسلہ جمادات اور دوسری مخلوقات میں بھی ہو تو کیا بعید ہے، جس کی طرف وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ میں اشارہ پایا جاتا ہے۔ اور عام طور پر حضرات مفسرین نے ازواج کو بمعنے انواع و اقسام لکھا ہے، کیونکہ جس طرح نر و مادہ کو باہم زوجین کہا جاتا ہے اسی طرح دو متقابل چیزوں کو بھی زوجین کہتے ہیں جیسے سردی گرمی، خشکی تری، رنج خوشی، بیماری تندرستی، پھر ان میں ہر ایک کے اندر اعلیٰ، ادنیٰ، متوسط کے اعتبار سے بہت درجات اور انواع و اقسام بن جاتی ہیں، اسی طرح انسانوں اور جانوروں میں رنگ و ہیئت اور زبان اور طرز معیشت کے اعتبار سے بہت سی انواع و اقسام ہیں۔ لفظ ازواج ان تمام انواع و اقسام کو شامل ہے۔ آیتِ مذکورہ میں پہلے تو مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ یعنی نباتات کی انواع و اقسام کا بیان فرمایا ہے، اس کے بعد مِنْ اَنْفُسِهِمْ یعنی خود انسانی نفوس کے انواع و اقسام کا ذکر ہے، اور اس کے بعد مِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ میں وہ ہزاروں مخلوقات شامل ہیں جن کا آج تک بھی لوگوں کو انکشاف نہیں ہوا، اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے کہ زمین کی تہہ میں اور دریاؤں اور پہاڑوں میں کتنی انواع و اقسام حیوانات، نباتات اور جمادات کی ہیں۔

وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ، زمینی مخلوقات میں قدرتِ خداوندی کی نشانیاں بیان فرمانے کے بعد آسمانی اور آفاقی مخلوقات کا ذکر ہے۔ سَلْخ کے لفظی معنی کھال اتارنے کے ہیں، کسی جانور کے اوپر سے کھال یا دوسری چیزوں پر سے غلاف اتار دیا جائے تو اندر کی چیز ظاہر ہو جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس مثال میں اشارہ فرمایا ہے کہ اس جہان میں اصل تو ظلمت اور اندھیرا ہے، روشنی عارضی ہے جو سیارات اور ستاروں کے ذریعہ زمین پر چھا جاتی ہے۔ تقدیری نظام میں مقررہ وقت پر یہ روشنی جو دنیا کی اندھیری پر چھائی ہوئی ہوتی ہے اس کو اوپر سے ہٹا لیا جاتا ہے تو ظلمت و اندھیری رہ جاتی ہے، اسی کو عرف میں رات کہا جاتا ہے۔

وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ، آیت کا مفہوم یہ ہے کہ آفتاب چلتا رہتا ہے، اپنے مستقر کی طرف مستقر جائے قرار کو بھی کہا جاتا ہے، اور وقت قرار کو بھی یعنی مستقر زمانی بھی ہو سکتا ہے مکانی بھی۔ اور لفظ مستقر منتہائے سیر و سفر کے معنی میں بھی آتا ہے۔ اگرچہ اس کے ساتھ ہی بلا کسی وقفہ اور سکون کے دوسرا دورۂ سفر شروع ہو جائے (ذکرہ ابن کثیر)

بعض حضرات مفسرین نے تو اس جگہ مستقر سے مستقر زمانی مراد لیا ہے، یعنی وہ وقت جبکہ آفتاب اپنی حرکت مقررہ پوری کر کے ختم کر دے گا، اور وہ وقت قیامت کا دن ہے۔

اِس تفسیر پر معنی آیت کے یہ ہیں کہ آفتاب اپنے مدار پر ایسے محکم اور مضبوط نظام کے ساتھ حرکت کر رہا ہے جس میں کبھی ایک منٹ ایک سیکنڈ کا فرق نہیں آتا۔ ہزارہا سال اس روش پر گذر چکے ہیں، مگر یہ سب دائمی نہیں، اس کا ایک خاص مستقر ہے، جہاں پہونچ کر یہ نظام شمسی اور حرکت بند اور ختم ہو جائے گی، اور وہ قیامت کا دن ہے۔ یہ تفسیر حضرت قتادہؒ سے منقول ہے (ابن کثیر)

اور قرآن کریم کی سورۂ زمر کی ایک آیت سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے، کہ مستقر سے مراد مستقر زمانی یعنی روز قیامت ہے۔ آیت سورۂ زمر کی یہ ہے: خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ يُكَوِّرُ الَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ وَيُكَوِّرُ النَّهَارَ عَلَى الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ط اس آیت میں بھی تقریباً وہی بیان ہے جو سورۂ یٰسٓ کی آیت مذکورہ کا ہے کہ اوّل لیل و نہار کے انقلاب کو عوامی نظر کے مطابق ایک تمثیل سے بیان فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ رات کو دن پر ڈھانپ دیتا ہے، اور دن کو رات پر، گویا رات اور دن کو دو غلافوں سے تشبیہ دی گئی ہے۔ رات کا غلاف دن پر چڑھا دیا جاتا ہے تو رات ہو جاتی ہے اور دن کا غلاف رات پر چڑھا دیا جاتا ہے تو دن ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد فرمایا کہ شمس و قمر دونوں اللہ تعالیٰ کے مسخر اور تابع فرمان ہیں، ان میں سے ہر ایک ایک خاص میعاد کے لئے چل رہا ہے۔ یہاں اَجَلٌ مُّسَمًّى کے الفاظ ہیں جس کے معنی میعاد معیّن کے ہیں، اور معنی آیت کے یہ ہیں کہ شمس و قمر دونوں کی حرکت دائمی نہیں، ایک میعاد معین یعنی روزِ قیامت پر پہونچ کر ختم اور منقطع ہو جائے گی۔ سورۂ یٰسٓ کی آیتِ مذکورہ میں بھی ظاہر یہی ہے کہ لفظ مستقر سے یہی میعاد معیّن یعنی مستقر زمانی مراد ہے۔ اس تفسیر میں نہ آیت کے مفہوم و مراد میں کوئی اشکال ہے، نہ قواعدِ ہیئت و ریاضی کا کوئی اعتراض۔

اور بعض حضرات مفسّرین نے اس سے مراد مستقر مکانی لیا، جس کی بنا ایک حدیث پر ہے جو صحیحین بخاری و مسلم وغیرہ میں متعدد صحابہ سے متعدد اسانید کے ساتھ منقول ہے۔

حضرت ابوذر غفاریؓ کی روایت ہے کہ وہ ایک روز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ غروب آفتاب کے وقت مسجد میں حاضر تھے، آپؐ نے ان کو خطاب کر کے سوال کیا کہ ابوذر! تم جانتے ہو کہ آفتاب کہاں غروب ہوتا ہے؟ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ اللہ اور اس کا رسول ہی زیادہ جانتے ہیں۔ اس پر آپؐ نے فرمایا کہ آفتاب چلتا رہتا ہے یہاں تک کہ وہ عرش کے نیچے پہنچ کر سجدہ کرتا ہے۔ پھر فرمایا کہ اس آیت میں مستقر سے یہی مراد ہے: وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا

حضرت ابوذرؓ ہی کی ایک روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا کی تفسیر دریافت کی تو آپؐ نے فرمایا

مُسْتَقَرٌّ لَّهَا تَحْتَ الْعَرْشِ، بخاری نے اس روایت کو متعدد مقامات پر نقل کیا ہے اور ابن ماجہ کے علاوہ تمام کتبِ ستہ میں یہ روایت موجود ہے۔

اور حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے بھی اسی مضمون کی حدیث منقول ہے، اس میں کچھ زیادتی ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ روزانہ آفتاب تحت العرش پہونچ کر سجدہ کرتا ہے اور نئے دَورے کی اجازت طلب کرتا ہے۔ اجازت پاکر نیا دَورہ شروع کرتا ہے، یہاں تک کہ ایک دن ایسا آئے گا جب اس کو نیا دورہ کرنے کی اجازت نہیں ملے گی، بلکہ یہ حکم ہوگا کہ جس طرف سے آیا ہے اسی طرف لَوٹ جا۔ یعنی مغرب کی طرف سے زمین کے نیچے جا پھر مغرب ہی کی طرف سے لَوٹ کر مغرب سے طلوع ہو جا۔ جس روز ایسا ہوگا تو یہ قیامت کے بالکل قریب ہونے کی علامت ہوگی، اور اس وقت توبہ کرنے اور ایمان لانے کا دروازہ بند کر دیا جائے گا، اس وقت کسی مبتلائے گناہ کی گناہ سے اور مبتلائے شرک و کفر کی کفر سے توبہ قبول نہ ہوگی۔ (ابن کثیر بحوالہ عبدالرزاق)

سجود الشمس یعنی آفتاب کے زیرِ عرش سجدہ کرنے کی تحقیق

ان روایات حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مستقر سے مراد مکانی مستقر ہے یعنی وہ جگہ جہاں آفتاب کی حرکت کا ایک دورہ پورا ہو جائے، اور یہ بھی معلوم ہوا کہ وہ جگہ تحت العرش ہے۔ اس صورت میں مطلب آیت کا یہ ہوگا کہ ہر روز آفتاب ایک خاص مستقر کی طرف چلتا ہے، پھر وہاں پہونچ کر اللہ تعالیٰ کے سامنے سجدہ کر کے اگلے دَورے کی اجازت مانگتا ہے، اجازت ملنے پر دوسرا دورہ شروع کرتا ہے۔

لیکن واقعات و مشاہدات اور ہیئت و فلکیات کے بیان کردہ اصول کی بناء پر اس میں متعدد قوی اشکالات ہیں۔

اوّل یہ کہ عرشِ رحمٰن کی جو کیفیت قرآن و سنت سے سمجھی جاتی ہے وہ یہ ہے کہ تمام زمینوں اور آسمانوں کے اوپر محیط ہے۔ یہ زمین اور سب آسمان مع سیارات و انجم کے سب کے سب عرش کے اندر محصور ہیں، اور عرشِ رحمٰن ان تمام کائناتِ سماویہ کو اپنے اندر لئے ہوئے ہے، اس لحاظ سے آفتاب تو ہمیشہ ہر حال اور ہر وقت ہی زیرِ عرش ہے، پھر غروب کے بعد زیرِ عرش جانے کا کیا مطلب ہوگا؟

دوسرے یہ کہ مشاہدہ عام ہے کہ آفتاب جب کسی ایک جگہ سے غروب ہوتا ہے تو دوسری جگہ طلوع ہوتا ہے، اس لئے طلوع و غروب اس کا ہر وقت ہر حال میں جاری ہے، پھر بعد الغروب تحت العرش جانے اور سجدہ کرنے کے کیا معنی ہیں؟

تیسرے یہ کہ اس حدیث کے ظاہر سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ آفتاب اپنے مستقر پر پہنچکر وقفہ کرتا ہے جس میں اللہ تعالیٰ کے سامنے سجدہ کر کے اگلے دَورے کی اجازت لیتا ہے، حالانکہ

آفتاب کی حرکت میں کسی وقت بھی انقطاع نہ ہونا کھلا ہوا مشاہدہ ہے۔ اور پھر چونکہ طلوع و غروب آفتاب کا مختلف مقامات کے اعتبار سے ہر وقت ہی ہوتا رہتا ہے، تو یہ وقفہ اور سکون بھی ہر وقت ہونا چاہئے، جس کا نتیجہ یہ ہو کہ آفتاب کو کسی وقت بھی حرکت نہ ہو؟

یہ اشکالات صرف فنونِ ریاضی اور فلکیات ہی کے نہیں، مشاہدات اور واقعات کے ہیں جن سے صرفِ نظر نہیں ہو سکتا، اور فنی اعتبار سے فلک الافلاک کے تابع آفتاب کی یومیہ حرکت اور آفتاب کا چوتھے آسمان میں مرکوز ہونا جو بطلیموسی نظریہ ہے، جس کے خلاف اس سے پہلے بھی فیثاغورث نے اس نظریہ کی مخالفت کی تھی، اور آجکل کی نئی تحقیقات نے بطلیموسی نظریہ کی غلطی اور فیثاغورث کے نظریہ کی صحت کو قریب بہ یقین کر دیا ہے، اور حالیہ خلائی سفروں اور چاند تک انسان کی رسائی کے واقعات نے اتنی بات تو یقینی کر ہی دی ہے کہ تمام سیارات آسمان سے نیچے کی فضا میں ہیں، آسمانوں کے اندر مرکوز نہیں۔ قرآن کریم کی آیت جو عنقریب آرہی ہے وَكُلٌّ فِي فَلَكٍ يَسْبَحُونَ، اس سے بھی اس نظریہ کی تصدیق ہوتی ہے، اس نظریہ میں یہ بھی ہے کہ یہ روزانہ کا طلوع و غروب آفتاب کی حرکت سے نہیں بلکہ زمین کی حرکت سے ہے۔ اس فنی نظریہ کے اعتبار سے حدیث مذکور میں ایک اور اشکال بڑھ جاتا ہے۔

اس کا جواب سمجھنے سے پہلے یہ پیش نظر رہنا چاہئے کہ جہاں تک آیت مذکورہ کی تصریح ہے اس پر مذکورہ بشہات و اشکالات میں سے قرآن پر کوئی بھی اشکال نہیں ہوتا۔ اس کا مفہوم تو صرف اتنا ہے کہ آفتاب کو حق تعالیٰ نے ایک ایسی منظم اور مستحکم حرکت پر لگایا ہوا ہے کہ وہ اپنے مستقر کی طرف برابر ایک حالت پر چلتا رہتا ہے۔ اگر اس مستقر سے مراد تفسیر قتادہؓ کے مطابق مستقر زمانی لیا جائے یعنی روزِ قیامت، تو معنی اس کے یہ ہیں کہ آفتاب کی یہ حرکت قیامت تک دائمی ایک حال پر چلتی رہے گی پھر اس روز ختم ہو جائے گی۔ اور اگر مستقر مکانی مراد لیں تو بھی اس کا مستقر مدارِ شمسی کے اس نقطہ کو کہا جا سکتا ہے جہاں سے اوّل تخلیق کے وقت آفتاب نے حرکت شروع کی اسی نقطہ پر پہونچ کر اس کا شبانہ روز کا ایک دَورہ مکمل ہوتا ہے۔ کیونکہ یہی نقطہ اس کا انتہاءِ سفر ہے، اس پر پہونچ کر نئے دورہ کی ابتداء ہوتی ہے۔ رہا یہ کہ اس عظیم الشان دائرہ کا وہ نقطہ کہاں اور کونسا ہے جہاں سے آفتاب کی حرکت ابتداءِ آفرینش میں شروع ہوئی، قرآن کریم اس قسم کی فضول بحثوں میں انسان کو نہیں اُلجھاتا جس کا تعلق اس کے کسی دینی یا دنیوی فائدے سے نہ ہو۔ یہ اسی قسم کی بحث ہے، اس لئے اس کو چھوڑ کر قرآن کریم نے اصل مقصد کی طرف توجّہ دلائی۔ اور وہ مقصد حق تعالیٰ کی قدرت و حکمت کاملہ کے خاص مظاہر کا بیان ہے، کہ اس جہان میں سب سے بڑا اور سب سے روشن ترین کرہ آفتاب کا ہے،

وہ بھی نہ خود بخود بن گیا ہے اور نہ خود بخود اس کی کوئی حرکت پیدا ہوتی ہے نہ باقی رہ سکتی ہے، وہ اپنی اس شبانہ روز کی حرکت میں ہر وقت حق تعالیٰ کی اجازت و مشیت کے تابع چلتا ہے۔

جتنے اشکالات اوپر لکھے گئے ہیں آیات مذکورہ کے بیان پر ان میں سے کوئی بھی شبہ اور اشکال نہیں، البتہ احادیث مذکورہ جن میں یہ آیا ہے کہ وہ غروب کے بعد زیر عرش پہونچ کر سجدہ کرتا ہے اور اگلے دورے کی اجازت مانگتا ہے یہ سب اشکالات اس سے متعلق ہیں۔ اور اس آیت کے ذیل میں یہ بحث اسی لئے چھڑی کہ حدیث کے بعض الفاظ میں اس آیت کا حوالہ بھی دیا گیا ہے۔ اس کے جوابات محدثین و مفسرین حضرات نے مختلف دیئے ہیں، ظاہر الفاظ کے اعتبار سے جو یہ سمجھا جاتا ہے کہ آفتاب کا یہ سجدہ دن رات میں صرف ایک مرتبہ بعد الغروب ہوتا ہے، جن حضرات نے حدیث کو اسی ظاہری مفہوم پر محمول کیا ہے انھوں نے غروب کے متعلق تین احتمال بیان کئے ہیں۔ ایک یہ کہ معظم معمورہ کا غروب مراد ہو، یعنی اس مقام کا جہاں کے غروب پر اکثر دنیا کی آبادی میں غروب ہو جاتا ہے، یا خطِ استواء کا غروب، یا افق مدینہ کا غروب۔ اس طرح یہ اشکال نہیں رہتا کہ آفتاب کا غروب و طلوع تو ہر وقت ہر آن ہوتا رہتا ہے۔ کیونکہ اس حدیث میں ایک خاص افق کے غروب پر کلام کیا گیا ہے، لیکن صاف و بے غبار جواب وہ معلوم ہوتا ہے جو حضرت استاذ علامہ شبیر احمد عثمانی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے مقالے "سجود الشمس" میں اختیار فرمایا ہے، اور متعدد ائمہ تفسیر کے کلام سے اس کی تائید ہوتی ہے۔

اس کے سمجھنے سے پہلے پیغمبرانہ تعلیمات و تعبیرات کے متعلق یہ اصولی بات سمجھ لینی ضروری ہے کہ آسمانی کتابیں اور ان کے لانے والے انبیاء علیہم السلام خلقِ خدا کو آسمان و زمین کی مخلوقات میں غور و فکر اور تدبر کی طرف مسلسل دعوت دیتے ہیں، اور ان سے اللہ تعالیٰ کے وجود، توحید، علم و قدرت پر استدلال کرتے ہیں، مگر ان چیزوں میں تدبر اُسی حد تک مطلوب شرعی ہے جس حد تک اس کا تعلق انسان کی دنیوی اور معاشرتی ضرورت سے یا دینی اور اخروی ضرورت سے ہو۔ اس سے زائد نری فلسفیانہ تدقیق اور حقائقِ اشیاء کے کھوج لگانے کی فکر میں عام خلق اللہ کو نہیں ڈالا جاتا۔ کیونکہ اوّل تو حقائقِ اشیاء کا مکمل حقیقی علم خود حکماء و فلاسفہ کو بھی باوجود عمریں صرف کرنے کے نہیں ہو سکا، بیچارے عوام تو کس شمار میں ہیں، پھر اگر وہ حاصل بھی ہو جائے اور اس سے نہ ان کی کوئی دینی ضرورت پوری ہو اور نہ کوئی صحیح مقصد دنیوی اس سے حاصل ہو تو اس لایعنی اور فضول بحث میں دخل دینا اضاعتِ عمر اور اضاعتِ مال کے سوا کیا ہے۔

قرآن اور انبیاء کا استدلال آسمان و زمین کی مخلوقات اور ان کے تغیرات و انقلابات

سے صرف اس حد تک ہوتا ہے جو ہر انسان کو مشاہدہ اور ادنیٰ غور و فکر سے حاصل ہو سکے۔ فلسفہ اور ریاضی کی فنی تدقیقات جو صرف حکماء و علماء ہی کر سکتے ہیں نہ اُن پر استدلال کا مدار رکھا جاتا ہے نہ ان میں غور و خوض کی ترغیب دی جاتی ہے، کیونکہ خدا تعالیٰ پر ایمان اور اس کے پیغام پر عمل ہر انسان کا فرض ہے۔ عالم ہو یا جاہل، مرد ہو یا عورت، شہری ہو یا دیہاتی، کسی پہاڑ اور جزیرہ میں رہتا ہو یا کسی متمدّن شہر میں، اس لئے پیغمبرانہ تعلیمات عوام کی نظر اور ان کی عقل و فہم کے مطابق ہوتی ہیں جن میں کسی فنی مہارت کی ضرورت نہ ہو۔

نماز کے اوقات کی پہچان، سمتِ قبلہ کا متعیّن کرنا، مہینوں اور سالوں اور تاریخوں کا کا ادراک، ان سب چیزوں کا علم ریاضی کے حسابات کے ذریعہ بھی حاصل کیا جا سکتا ہے، مگر شریعتِ اسلام نے ان میں سے کسی چیز کا مدار ریاضی کی فنی تحقیقات پر رکھنے کے بجائے عام مشاہدات پر رکھا ہے۔ مہینے اور سال اور ان کی تاریخیں قمری حساب سے رکھیں اور چاند کے ہونے نہ ہونے کا مدار صرف رویتِ ھلال اور مشاہدہ پر رکھا۔ روزے اور حج کے ایام اسی بنیاد سے متعیّن کئے گئے۔ چاند کے گھٹنے بڑھنے چھپنے اور پھر طلوع ہونے کا راز بعض لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا، تو اس کا جواب قرآن نے یہ دیا کہ قُلْ هِيَ مَوَاقِيتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ، یعنی آپ کہہ دیں کہ چاند کے یہ سب تغیرات اس مقصد کے لئے ہیں کہ تم ان سے مہینے کا شروع اور ختم اور اس کی تاریخیں معلوم کر کے حج وغیرہ کے دن متعین کر سکو۔ اس جواب نے ان کو اس پر تنبیہ فرما دی کہ تمہارا سوال لایعنی اور فضول ہے، اس کی حقیقت معلوم کرنے پر تمہارا کوئی کام دین یا دنیا کا اٹکا ہوا نہیں، اس لئے سوال اس چیز کا کرو جس کا تعلق تمہاری دینی یا دنیوی ضرورت سے ہو۔

اس تمہید کے بعد اصل معاملہ پر غور کیجئے، کہ آیاتِ مذکورہ میں حق تعالیٰ نے اپنی قدرتِ کاملہ اور حکمتِ بالغہ کے چند مظاہر کا ذکر کر کے انسان کو اللہ کی توحید اور علم و قدرت کاملہ پر ایمان لانے کی دعوت دی ہے اس میں سب سے پہلے زمین کا ذکر کیا، جو ہر وقت ہمارے سامنے ہے وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ، پھر اس پر پانی برسا کر درخت اور نباتات اُگانے کا ذکر کیا، جو ہر انسان دیکھتا اور جانتا ہے، اَحْيَيْنَاهَا الآیۃ، اس کے بعد آسمان اور فضائے آسمانی سے متعلق چیزوں کا ذکر شروع کر کے پہلے لیل و نہار کے روزانہ انقلاب کا ذکر فرمایا وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ الآیۃ، اس کے بعد سورج اور چاند جو سیارات و انجم میں سب سے بڑے ستارے ہیں ان کا ذکر فرمایا۔ ان میں پہلے آفتاب کے متعلق فرمایا وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ط اس میں غور کیجئے کہ مقصد اس کا یہ بتلانا ہے کہ آفتاب

خود بخود اپنے ارادے اور اپنی قدرت سے نہیں چل رہا بلکہ یہ ایک عزیز و علیم یعنی قدرت والے اور جاننے والے کے مقرر کردہ نظم کے تابع چل رہا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے غروبِ آفتاب کے قریب حضرت ابوذر غفاریؓ کو ایک سوال و جواب کے ذریعہ اسی حقیقت پر متنبہ ہونے کی ہدایت فرمائی، جس میں بتلایا کہ آفتاب غروب ہونے کے بعد عرش کے نیچے اللہ کو سجدہ کرتا ہے اور پھر اگلا دورہ شروع کرنے کی اجازت مانگتا ہے، جب اجازت مل جاتی ہے تو حسبِ دستور آگے چلتا ہے، اور صبح کو جانبِ مشرق سے طلوع ہو جاتا ہے۔ اس کا حاصل اس سے زائد نہیں کہ آفتاب کے طلوع و غروب کے وقت عالمِ دنیا میں ایک نیا انقلاب آتا ہے، جس کا مدار آفتاب پر ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس انقلابی وقت کو انسانی تنبیہ کے لئے موزوں سمجھ کر یہ تلقین فرمائی کہ آفتاب کو خود مختار اپنی قدرت سے چلنے والا نہ سمجھو، یہ صرف اللہ تعالیٰ کے اذن و مشیت کے تابع چل رہا ہے۔ اس کا ہر طلوع و غروب اللہ تعالیٰ کی اجازت سے ہوتا ہے، یہ اس کی اجازت کے تابع ہے، اس کے تابع فرمان حرکت کرنے ہی کو اس کا سجدہ قرار دیا گیا۔ کیونکہ سجدہ ہر چیز کا اس کے مناسبِ حال ہوتا ہے، جیسا کہ قرآن نے خود تصریح فرما دی ہے كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَتَسْبِيْحَهٗ یعنی ساری مخلوق اللہ کی عبادت اور تسبیح میں مشغول ہے، مگر ہر ایک کی عبادت و تسبیح کا طریقہ الگ الگ ہے، اور ہر مخلوق کو اس کی عبادت و تسبیح کا طریقہ سکھلا دیا جاتا ہے۔ جیسے انسان کو اس کی نماز و تسبیح کا طریقہ بتلا دیا گیا ہے، اس لئے آفتاب کے سجدہ کے یہ معنی سمجھنا کہ وہ انسان کے سجدہ کی طرح زمین پر ماتھا ٹیکنے ہی سے ہوگا صحیح نہیں۔

اور جبکہ قرآن و سنت کی تصریحات کے مطابق عرشِ خداوندی تمام آسمانوں، سیاروں، زمینوں پر محیط ہے، تو یہ ظاہر ہے کہ آفتاب ہر وقت ہر جگہ زیرِ عرش ہی ہے۔ اور جبکہ تجربہ شاہد ہے کہ آفتاب جس وقت ایک جگہ غروب ہو رہا ہوتا ہے تو دوسری جگہ طلوع بھی ہو رہا ہوتا ہے، اس لئے اس کا ہر لمحہ طلوع و غروب سے خالی نہیں، تو آفتاب کا زیرِ عرش رہنا بھی دائمی ہر حال میں ہے، اور غروب و طلوع ہونا بھی ہر حال میں ہے۔ اس لئے حاصل مضمونِ حدیث کا یہ ہوا کہ آفتاب اپنے پورے دورے میں زیرِ عرش اللہ کے سامنے سجدہ ریز رہتا ہے، یعنی اس کی اجازت اور فرمان کے تابع حرکت کرتا ہے، اور یہ سلسلہ اسی طرح قریبِ قیامت تک چلتا رہے گا، یہاں تک کہ قیامت کی بالکل قریبی علامت ظاہر کرنے کا وقت آجائے گا، تو آفتاب کو اپنے مدار پر اگلا دورہ شروع کرنے کے بجائے پیچھے لوٹ جانے کا حکم ہو جائیگا، اور وہ پھر مغرب کی طرف سے طلوع ہو جائے گا۔ اس وقت دروازہ توبہ کا بند ہو جائے گا، کسی کا ایمان و توبہ اس وقت مقبول نہیں ہوگا۔

خلاصہ یہ ہے کہ غروب آفتاب کی تخصیص اور اس کے بعد زیر عرش جانے اور وہاں سجدہ کرنے اور اگلے دورے کی اجازت مانگنے کے جو واقعات اس روایت میں بتلائے گئے ہیں وہ پیغمبرانہ مؤثر تعلیم کے مناسب بالکل عوامی نظر کے اعتبار سے ایک تمثیل ہے۔ نہ اس سے یہ لازم آتا ہے کہ وہ انسان کی طرح زمین پر سجدہ کرے، اور نہ سجدہ کرنے کے وقت آفتاب کی حرکت میں کچھ وقفہ ہونا لازم آتا ہے۔ اور نہ یہ مراد ہے کہ وہ دن رات میں صرف ایک ہی سجدہ کسی خاص جگہ جاکر کرتا ہے، اور نہ یہ کہ وہ صرف غروب کے بعد تحت العرش جاتا ہے۔ مگر اس انقلابی وقت میں جبکہ سب عوام یہ دیکھ رہے ہیں کہ آفتاب ہم سے غائب ہو رہا ہے اس وقت بطور تمثیل ان کو اس حقیقت سے آگاہ کر دیا گیا کہ یہ جو کچھ ہو رہا ہے وہ درحقیقت آفتاب کے زیر عرش تابع فرمان چلتے رہنے سے ہو رہا ہے، آفتاب خود کوئی قدرت و طاقت نہیں رکھتا، تو جس طرح اس وقت اہل مدینہ اپنی جگہ یہ محسوس کر رہے تھے کہ اب آفتاب سجدہ کر کے اگلے دورے کی اجازت لیگا اس طرح جہاں جہاں وہ غروب ہوتا جائے گا سب کے لئے ہی سبق حاصل کرنے کی تلقین ہوگئی اور حقیقت معاملہ یہ نکلی کہ آفتاب اپنے مدار پر حرکت کے درمیان ہر لمحہ اللہ تعالیٰ کو سجدہ بھی کرتا ہے اور آگے چلنے کی اجازت بھی مانگتا رہتا ہے، اور اس سجدہ اور اجازت کے لئے اس کو کسی سکون اور وقفہ کی ضرورت نہیں ہوتی۔

اس تقریر پر حدیث مذکورہ میں نہ مشاہدات کی رُو سے کوئی شبہ ہوتا ہے نہ قواعد ہیئت و ریاضی کے اعتبار سے اور نظام شمسی اور حرکت سیارات میں بطلیموسی تحقیق صحیح ہو یا فیثاغورث والی تحقیق جو آجکل نئی تحقیقات سے مؤید ہوگئی ہے، دونوں صورتوں میں حدیث مذکورہ پر کوئی شبہ اور اشکال باقی نہیں رہتا۔

رہا یہ سوال کہ حدیث مذکور میں جو آفتاب کا سجدہ کرنا اور اگلے دورے کی اجازت طلب کرنا مذکور ہے، یہ کام تو حیات اور علم و عقل کا ہے، آفتاب و ماہتاب بے جان بے شعور مخلوقات ہیں، ان سے یہ افعال کیسے صادر ہوئے؟ تو اس کا جواب قرآن کی آیت وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِہٖ کے تحت میں آچکا ہے کہ ہم جن چیزوں کو بے جان اور بے عقل و بے شعور سمجھتے ہیں، وہ بھی درحقیقت رُوح اور جان اور عقل و شعور کا ایک خاص حصہ رکھتے ہیں۔ البتہ ان کی حیات اور عقل و شعور انسان و حیوان کے مقابلہ میں کم اور اتنی کم ہے کہ عام احساسات اس کا ادراک نہیں کر سکتے، مگر اس کی نفی پر بھی کوئی شرعی یا عقلی دلیل موجود نہیں اور قرآن کریم نے آیت مذکورہ میں ان کا ذی حیات اور ذی عقل و شعور ہونا ثابت کر دیا ہے، اور نئی تحقیقات نے بھی اس کو تسلیم کیا ہے۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

فائدہ ۱۔ قرآن وحدیث کی مذکورہ تصریحات سے یہ بات واضح طور پر ثابت ہوئی کہ شمس و قمر دونوں متحرک ہیں، ایک میعاد کے لئے چل رہے ہیں اس سے اس نئے نظریہ کی نفی ہوتی ہے جو آفتاب کی حرکت کو تسلیم نہیں کرتا، اور جدید ترین تحقیقات نے خود بھی اس کو غلط ثابت کر دیا ہے۔

وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ، عرجون، کھجور کے درخت کی خشک شاخ کو کہا جاتا ہے جو مڑ کر کمان جیسی ہو جاتی ہے۔

منازلِ قمر

مَنَازِلِ، مَنْزِل کی جمع ہے، جائے نزول کو منزل کہا جاتا ہے۔ حق تعالیٰ نے چاند اور سورج دونوں کی رفتار کے لئے خاص حدود مقرر فرمائی ہیں جن میں سے ہر ایک کو منزل کہا جاتا ہے۔ چاند چونکہ اپنا دورہ ایک مہینہ میں پورا کر لیتا ہے اس لئے اس کی منزلیں تیس یا انتیس ہوتی ہیں، مگر چونکہ ہر مہینہ میں چاند کم از کم ایک دن غائب رہتا ہے، اس لئے عموماً اس کی منزلیں اٹھائیس کہی جاتی ہیں۔ اہلِ ہیئت و ریاضی نے ان منزلوں کے خاص خاص نام اُن ستاروں کی مناسبت سے رکھ دیئے ہیں جو اُن منازل کی محاذات میں پائے جاتے ہیں۔ جاہلیتِ عرب میں بھی انہی ناموں سے منزلوں کی تعیین کی جاتی تھی۔ قرآن کریم ان اصطلاحی ناموں سے بالاتر ہے، اس کی مراد صرف وہ فاصلے ہیں جن کو چاند خاص خاص دنوں میں طے کرتا ہے۔ سورۂ یونس میں اس کی تفصیل گذر چکی ہے، جو معارف القرآن جلد چہارم کے صفحہ ۵۰۵ و ۵۰۶ میں بیان ہوئی ہے، اس کو دیکھ لیا جائے۔ سورۂ یونس کی آیت میں شمس و قمر دونوں کی منزلوں کا ذکر ہے۔ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَآءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا وَّقَدَّرَهٗ مَنَازِلَ الآیۃ فرق اتنا ہے کہ چاند کی منزلیں مشاہدہ سے پہچانی جاتی ہیں اور آفتاب کی منزلیں ریاضی کے حسابات سے۔ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ میں چاند کی کیفیت آخر مہینہ کی بتلائی ہے جب وہ مکمل بدر ہونے کے بعد گھٹتا گھٹتا ایک قوس کی صورت اختیار کر لیتا ہے، عربوں کے ماحول کے مناسب اس کی مثال کھجور کی خشک شاخ سے دی گئی ہے، جو ہلالی شکل اختیار کر لیتی ہے۔

وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ، یعنی آفتاب و ماہتاب دونوں اپنے اپنے مدار میں تیرتے رہتے ہیں۔ فلک کے لفظی معنی آسمان کے نہیں، بلکہ اس دائرہ کے ہیں جس میں کوئی سیارہ حرکت کرتا ہے۔ یہ آیت سورۂ انبیاء میں بھی گذر چکی ہے، جس میں یہ بتلایا گیا ہے کہ اس آیت سے معلوم ہوا کہ چاند کسی آسمان کے اندر مرکوز نہیں، جیسا کہ بطلیموسی نظریۂ ہیئت میں ہے، بلکہ وہ آسمان کے نیچے ایک خاص مدار میں حرکت کرتا ہے، اور آجکل کی نئی تحقیقات اور چاند تک انسان کی رسائی کے واقعات نے اس کو بالکل یقینی بنا دیا ہے۔

وَاٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ وَخَلَقْنَا لَهُمْ

مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ۔ پہلے زمینی مخلوقات کا پھر آسمانی کا بیان اور ان میں اللہ تعالیٰ شانہٗ کی حکمت و قدرت کے مظاہر کا بیان آچکا ہے۔ اس آیت میں بحر اور اس سے متعلقہ اشیاء میں مظاہرِ قدرت کا ذکر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کشتیوں کو خود وزنی بوجھ سے بھری ہوئی ہونے کے باوجود پانی کی سطح پر چلنے کے قابل بنا دیا کہ پانی ان کو غرق کرنے کے بجائے دور ملکوں تک پہونچاتا ہے۔ اور آیت میں ارشاد یہ ہے کہ ہم نے ان کی ذریت کو کشتیوں میں سوار کیا، حالانکہ سوار ہونے والے خود یہ لوگ تھے۔ ذریت کا ذکر شاید اس لئے کیا کہ انسان کا بڑا بوجھ اس کی اولاد و ذریت ہوتی ہے، خصوصاً جبکہ وہ چلنے پھرنے کے قابل نہ ہو۔ اور مطلب آیت کا یہ ہے کہ صرف یہی نہیں کہ تم خود ان کشتیوں میں سوار ہو سکو بلکہ چھوٹے بچے اور ضعیف آدمی اور ان کے سب سامان یہ کشتیاں اٹھاتی ہیں۔ اور خَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ کے معنی یہ ہیں کہ انسان کی سواری اور باربرداری کے لئے صرف کشتی ہی نہیں بلکہ کشتی کی مثل اور بھی سواری بنائی ہے۔ اس سے اہلِ عرب نے اپنی عادت کے مطابق اونٹ کی سواری مراد لی ہے، کیونکہ اونٹ باربرداری میں سب جانوروں سے زیادہ ہے، بڑے بڑے بوجھ کے انبار لے کر ملکوں کا سفر کرتا ہے، اسی لئے عرب اونٹ کو سفینۃ البر یعنی خشکی کی کشتی کہا کرتے تھے۔

قرآن میں ہوائی جہاز کا ذکر مگر یہ ظاہر ہے کہ قرآن نے اس جگہ اونٹ یا کسی خاص سواری کا نام نہیں لیا، بلکہ مبہم چھوڑا ہے، جس میں ہر ایسی سواری داخل ہے جو انسان اور اس کے اسباب و سامان کو زیادہ سے زیادہ اٹھا کر منزلِ مقصود پر پہونچا دے۔ اس زمانے کی نئی ایجاد ہوائی جہازوں نے یہ واضح کر دیا کہ مِنْ مِّثْلِهٖ کا سب سے بڑا مصداق ہوائی جہاز ہیں، اور کشتی کے ساتھ اس کی تمثیل بھی اس کی زیادہ مؤید ہے، کہ جس طرح پانی کا جہاز پانی پر تیرتا ہی پانی اس کو غرق نہیں کرتا، ہوائی جہاز ہوا پر تیرتا ہے ہوا اس کو نیچے نہیں گراتی، اور عجب نہیں کہ قرآنِ حکیم نے اسی لئے مِنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ کو مبہم رکھا ہو تاکہ قیامت تک ایجاد ہونے والی سب سواریاں اس میں شامل ہو جائیں۔ واللہ اعلم

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ

اور جب کہئے ان کو بچو اس سے جو تمہارے سامنے آتا ہے اور جو پیچھے چھوڑتے ہو شاید کہ تم پر

تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا

رحم ہو۔ اور کوئی حکم نہیں پہنچتا ان کو اپنے رب کے حکموں سے جس کو

كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ

وہ ٹلاتے نہ ہوں ۔ اور جب کہتے ان کو خرچ کرو کچھ اللہ کا

اللّٰهُ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ يَشَآءُ

دیا، کہتے ہیں منکر ایمان والوں کو ہم کیوں کھلائیں ایسوں کو کہ اللہ

اللّٰهُ اَطْعَمَهٗٓ ۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۷﴾

چاہتا تو اس کو کھلا دیتا ، تم لوگ تو بالکل بہک رہے ہو صریح ۔

خُلاصۂ تفسیر

اور جب ان لوگوں سے (دلائل توحید اور اس کے نہ ماننے پر عذاب کی وعید سنا کر) کہا جاتا ہے کہ تم لوگ اس عذاب سے ڈرو جو تمہارے سامنے (یعنی دنیا میں آسکتا) ہے (جیسے اوپر کی آیت وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ میں بیان فرمایا کہ کشتی کا صحیح سالم منزل پر پہنچانا اللہ کی قدرت ومشیت سے ہے، وہ چاہے تو غرق کر سکتا ہے۔ غرض دنیا میں غرق کا عذاب بھی آسکتا ہے اور دوسرے عذاب بھی) اور جو تمہارے (مرنے) پیچھے (یعنی آخرت میں یقینی آنے والا) ہے، (مطلب یہ ہے کہ انکارِ توحید کی وجہ سے جو عذاب تم پر آنے والا ہے، خواہ صرف آخرت میں یا دنیا میں بھی، تم اس عذاب سے ڈرو اور ایمان لے آؤ) تاکہ تم پر رحمت کی جائے (تو وہ اس ترہیب اور عذاب سے ڈرانے کی ذرا پرواہ نہیں کرتے) اور (اسی بات کے نہ ماننے کی کیا تخصیص ہے وہ تو ایسے سنگدل ہو گئے ہیں کہ) ان کے رب کی آیتوں میں سے کوئی آیت بھی ان کے پاس ایسی نہیں آتی جس سے یہ سرتابی نہ کرتے ہوں اور (جس طرح وعیدِ عذاب سے وہ متأثر نہیں ہوتے اسی طرح ثواب اور جنت کی ترغیب بھی ان کو نافع نہیں ہوتی چنانچہ) جب (ان کو نعم الٰہیہ یاد دلا کر) اُن سے کہا جاتا ہے کہ اللہ نے جو کچھ تم کو دیا ہے اس میں سے (اللہ کی راہ میں فقیروں مسکینوں پر) خرچ کرو تو (شرارت اور استہزاء کے طور پر) یہ کفار ان مسلمانوں سے (جنھوں نے اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کے لئے کہا تھا) یوں کہتے ہیں کہ کیا ہم ایسے لوگوں کو کھانے کو دیں جن کو اگر خدا چاہے تو (بہت کچھ) کھانے کو دیدے، تم صریح غلطی میں (پڑے) ہو۔

مَعارف ومَسائل

سابقہ آیات میں اللہ تعالیٰ کے مظاہرِ قدرت وحکمت، زمین، آسمان وغیرہ میں بیان کرکے خداشناسی اور توحید کی دعوت دی گئی تھی، اور اس کے قبول کرنے پر جنت کی دائمی نعمتوں اور راحتوں کا وعدہ تھا، اور نہ ماننے پر عذاب شدید کی وعید۔ آیات مذکورہ اور ان کے بعد آنے والی آیات میں کفار اہلِ مکہ جو اس کے بلاواسطہ مخاطب تھے اُن کی کج روی کا بیان ہے، کہ نہ اُن پر ترغیبِ ثواب کا اثر ہوتا ہے، نہ ترہیبِ عذاب کا۔

اس سلسلے میں کفار کے ساتھ مسلمانوں کے دو مکالمے ذکر کئے گئے ہیں کہ جب مسلمان ان سے یہ کہتے ہیں کہ تم اللہ کے عذاب سے ڈرو جو تمہارے سامنے دنیا میں بھی آسکتا ہے، اور تمہارے مرنے کے بعد آخرت میں تو آنا ہی ہے، اگر تم نے اس عذاب سے ڈر کر ایمان قبول کرلیا، تو تمہارے لئے بہتر ہے۔ مگر یہ سُن کر بھی اعراض کرتے ہیں۔ الفاظِ قرآن میں اس جگہ ان کے اعراض کا ذکر صراحۃً اس آیت میں نہیں کیا، کیونکہ اگلی آیت میں جو اعراض کا ذکر ہے اس سے خود بخود یہاں بھی اعراض کرنا ثابت ہوجاتا ہے۔ اور نحوی قاعدہ سے اِذَا قِيْلَ لَهُمُ کی شرط کی جزاء اَعْرَضُوْا محذوف ہے، جس کے محذوف ہونے پر اگلی آیت کے الفاظ شاہد ہیں، کہ اُن کے پاس اُن کے رب کی جو بھی آیت آتی ہے وہ اس سے اعراض ہی کرتے ہیں۔

اللہ کا رزق بعض کو بالواسطہ ملنے کی حکمت

دوسرا مکالمہ یہ ہے کہ جب مسلمان کفار کو غریبوں فقیروں کی امداد کرنے اور بھوکوں کو کھانا کھلانے کے لئے کہتے ہیں کہ خدا تعالیٰ نے جو تمہیں دیا ہے تم اس میں سے محتاجوں کو دیا کرو، تو یہ لوگ بطورِ استہزاء کے کہتے ہیں کہ جب تم یہ کہتے ہو کہ رازق سب مخلوق کا اللہ تعالیٰ ہے اور اس نے ان کو نہیں دیا، تو ہم کیوں دیں تم جو ہمیں نصیحت کرتے ہو کہ ہم ان کو رزق دیا کریں یہ تو تمہاری گمراہی ہے کہ ہمیں رازق بنانا چاہتے ہو۔ یہ کفار بھی اگرچہ اللہ تعالیٰ کے رازق ہونے کا اقرار کرتے تھے جیسا کہ قرآن کریم میں ہے وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ "یعنی اگر آپ ان لوگوں سے پوچھیں کہ آسمان سے پانی کس نے نازل کیا، جس سے زمین میں حیاتِ نباتی پیدا ہوئی، اور طرح طرح کے پھل پھول نکلے؟ تو وہ اقرار کریں گے کہ یہ پانی اللہ ہی نے نازل کیا ہے"

اس سے معلوم ہوا کہ یہ لوگ بھی رزاق اللہ تعالیٰ ہی کو مانتے تھے، مگر مسلمانوں کے جواب میں بطورِ استہزاء کے یہ کہا کہ جب خدا تعالیٰ رازق ہے تو وہی غریبوں کو بھی دے گا

ہم کیوں دیں۔ گویا ان احمقوں نے اللہ کی راہ میں خرچ کرنے اور غریبوں کو دینے کو اللہ کی رزاقیت کے منافی سمجھا۔ اور یہ نہ سمجھا کہ رزّاقِ مطلق کا قانون حکیمانہ یہ ہے کہ ایک انسان کو دے کر اس کو دوسروں کے لئے واسطہ بناتا ہے، اور بالواسطہ دوسروں کو دیتا ہے، اگرچہ وہ اس پر بھی یقیناً قادر ہے کہ سب کو خود ہی بلاواسطہ رزق پہنچا دے، جیسا کہ حیوانات میں عموماً اسی طرح ہر کیڑے مکوڑے اور درندے پرندے کو بلاواسطہ رزق ملتا ہے۔ ان میں کوئی مالدار کوئی غریب نہیں، کوئی کسی کو نہیں دیتا، سب کے سب قدرتی دسترخوان سے کھاتے ہیں۔ مگر انسانوں میں نظامِ معیشت اور باہمی تعاون و تناصر کی روح پیدا کرنے کے لئے رزق پہونچانے میں بعض کو بعض کے لئے واسطہ بناتا ہے، تاکہ خرچ کرنے والے کو ثواب ملے اور جس کو دیا جائے وہ اس کا احسان مند ہو۔ کیونکہ انسانوں کا باہمی تعاون و تناصر جس پر سارا انظامِ عالم قائم ہے، یہ جبھی باقی رہ سکتا ہے جبکہ ہر ایک کو دوسرے کی حاجت ہو، غریب کو مالدار کے پیسے کی حاجت ہے اور مالدار کو غریب کی محنت کی ضرورت، ان میں سے کوئی کسی سے بے نیاز نہیں۔ اور غور کریں تو کسی کا کسی پر احسان بھی نہیں، ہر شخص جو کچھ کسی کو دیتا ہے وہ اپنے مطلب کے لئے دیتا ہے۔

رہا یہ سوال کہ مسلمانوں نے کفار کو اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کا حکم کس بناء پر دیا جبکہ ان کا ایمان ہی اللہ پر نہیں اور بتصریح فقہاء وہ احکامِ فرعیہ کے مخاطب بھی نہیں۔ سو اس کا جواب واضح ہے کہ مسلمانوں کا یہ کہنا کسی تشریعی حکم کی تعمیل کرانے کی حیثیت سے نہیں، بلکہ انسانی ہمدردی اور شرافت کے مروّجہ اصول کی بناء پر تھا۔

وَيَقُولُونَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۸﴾ مَا يَنْظُرُوْنَ

اور کہتے ہیں کب ہوگا یہ وعدہ اگر تم سچے ہو۔ یہ تو راہ دیکھتے ہیں

اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ﴿۴۹﴾ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

ایک چنگھاڑ کی جو اُن کو آپکڑے گی جب آپس میں جھگڑ رہے ہوں گے، پھر نہ کر سکیں گے

تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۵۰﴾ وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ ع ۳ ۱۸ ۲

کہ کچھ کہہ ہی مریں اور نہ اپنے گھر کو پھر کر جا سکیں گے۔ اور پھونکی جائے صور پھر تب ہی وہ

مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ﴿۵۱﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا

قبروں سے اپنے رب کی طرف پھیل پڑیں گے۔ کہیں گے ای خرابی ہماری کس نے اٹھا دیا

مِنْ مَّرْقَدِنَا ۜ هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۵۲﴾

ہم کو ہماری نیند کی جگہ سے یہ وہ ہی جو وعدہ کیا تھا رحمٰن نے اور سچ کہا تھا پیغمبروں نے

اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿۵۳﴾

بس ایک چنگھاڑ ہوگی پھر اُسی دم وہ سارے ہمارے پاس پکڑے چلے آئیں ۔

فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۴﴾

پھر آج کے دن ظلم نہ ہوگا کسی جی پر ذرا اور وہی بدلہ پاؤ گے جو کرتے تھے ۔

اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ﴿۵۵﴾ ۚ هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ

تحقیق بہشت کے لوگ آج ایک مشغلہ میں ہیں باتیں کرتے ، وہ اور ان کی عورتیں

فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ ﴿۵۶﴾ لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا

سایوں میں تختوں پر بیٹھے ہیں تکیہ لگائے ۔ ان کے لئے وہاں ہی میوہ اور ان کے لئے

يَدَّعُوْنَ ﴿۵۷﴾ ۖ سَلٰمٌ ۭ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿۵۸﴾ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ

ہی جو کچھ مانگیں ۔ سلام بولنا ہے رب مہربان سے ، اور تم الگ ہو جاؤ آج

اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۹﴾ اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا

اے گنہگارو ۔ میں نے نہ کہہ رکھا تھا تم کو اے آدم کی اولاد کہ

تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۶۰﴾ ۙ وَّاَنِ اعْبُدُوْنِيْ ۭ

نہ پوجیو شیطان کو وہ کھلا دشمن ہے تمہارا ۔ اور یہ کہ پوجو مجھ کو ،

هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۱﴾ وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا ۭ اَفَلَمْ

یہ راہ ہے سیدھی ۔ اور وہ بہکا لے گیا تم میں سے بہت خلقت کو ، پھر کیا

تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۲﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۶۳﴾

تم کو سمجھ نہ تھی ۔ یہ دوزخ ہے جس کا تم کو وعدہ تھا ۔

اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۶۴﴾ اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى

جا پڑو اس میں آج کے دن بدلہ اپنے کفر کا ۔ آج ہم مہر لگا دیں گے اُن کے

أَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ أَيْدِيهِمْ وَتَشْهَدُ أَرْجُلُهُم بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿٦٥﴾

مُنہ پر اور بولیں گے ہم سے ان کے ہاتھ اور بتلائیں گے اُن کے پاؤں جو کچھ وہ کماتے تھے۔

وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلَىٰٓ أَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَأَنَّىٰ

اور اگر ہم چاہیں مٹادیں ان کی آنکھیں پھر دوڑیں رستہ پانے کو پھر کہاں سے

يُبْصِرُونَ ﴿٦٦﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنَٰهُمْ عَلَىٰ مَكَانَتِهِمْ فَمَا

سُوجھے ۔ اور اگر ہم چاہیں صورت مسخ کردیں ان کی جہاں کی تہاں پھر نہ آگے

ع ۴ ۱۷ ۳ اسْتَطَاعُوا مُضِيًّا وَلَا يَرْجِعُونَ ﴿٦٧﴾ وَمَن نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ

چل سکیں اور نہ وہ اُلٹے پھر سکیں ۔ اور جسکو ہم بوڑھا کریں اوندھا کریں

فِى الْخَلْقِ ۖ أَفَلَا يَعْقِلُونَ ﴿٦٨﴾

اس کی پیدائش میں پھر کیا ان کو سمجھ نہیں۔

خُلاصۂ تفسیر

اور یہ (کافر) لوگ (پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم اور آپؐ کے متبعین سے بطور انکار) کہتے ہیں کہ یہ وعدہ (قیامت کا جو اوپر آیت میں مذکور ہے اور ویسے بھی اکثر اس کی خبر دیا کرتے ہو وہ) کب ہوگا اگر تم (اس دعوے میں) سچے ہو (تو بتلاؤ، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ یہ جو بار بار پوچھ رہے ہیں تو گویا) یہ لوگ بس ایک آواز سخت (یعنی نفخۂ اولیٰ) کے منتظر ہیں جو اُن کو (یعنی مطلق کفار کو) آپکڑے گی اور وہ سب (اُس وقت) باہم (عام معمول کے مطابق اپنے معاملات میں) لڑ جھگڑ رہے ہوں گے سو (اس آواز کے ساتھ معًا اس طرح فنا ہو جائیں گے کہ) نہ تو وصیّت کرنے کی فرصت ہوگی، اور نہ اپنے گھر والوں کے پاس لوٹ کر جا سکیں گے (بلکہ جو جس حال میں ہوگا مر کر رہ جائے گا) اور (پھر دوبارہ) صُور پھونکا جائے گا تو وہ سب یکایک قبروں سے (نکل نکل کر) اپنے رب کی طرف (یعنی جہاں حساب ہوگا) جلدی جلدی چلنے لگیں گے (اور وہاں کی ہول و ہیبت دیکھ کر) کہیں گے کہ ہائے ہماری کم بختی ہم کو ہماری قبروں سے کس نے اُٹھا دیا، (کہ یہاں کی نسبت سے تو وہاں ہی راحت میں تھے، فرشتے جواب دیں گے کہ) یہ وہی (قیامت) ہے جس کا رحمان نے وعدہ کیا تھا اور پیغمبر سچ کہتے تھے (مگر تم نے نہ مانا تھا، آگے حق تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ) وہ (نفخۂ ثانیہ صور کا) بس ایک زور کی آواز ہوگی (جیسے نفخۂ اُولیٰ بھی صیحۂ واحدہ تھا، کما قال تعالیٰ

مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً ، اسی طرح یہ بھی ایک آواز ہوگی) جس سے یکایک سب جمع ہو کر ہمارے پاس حاضر کر دیئے جائیں گے (پہلے موقف کی طرف چلنا مذکور تھا اور یہاں پہنچ جانا اور یہ چلنا اور پہونچنا جبراً و قہراً ہوگا۔ قرآن کریم کے الفاظ مُحْضَرُوْنَ اور جَآءَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا سَآئِقٌ سے معلوم ہوتا ہے) پھر اُس دن کسی شخص پر ذرا ظلم نہ ہوگا اور تم کو بس انہی کاموں کا بدلہ ملے گا جو تم (دنیا میں کفر وغیرہ) کیا کرتے تھے (یہ تو اہلِ جہنم کا حال ہوا اور) اہلِ جنّت (کا حال یہ ہے کہ وہ) بیشک اس روز اپنے مشغلوں میں خوش دل ہوں گے وہ اور ان کی بیبیاں سایوں میں مسہریوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے (اور) ان کے لئے وہاں (ہر طرح کے) میوے ہوں گے اور جو کچھ مانگیں گے ان کو ملے گا (اور) ان کو پروردگار مہربان کی طرف سے سلام فرمایا جائے گا (یعنی حق تعالیٰ فرمائیں گے، اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ الْجَنَّةِ ، رواہ ابن ماجہ) اور (آگے پھر تتمہ ہے قصۂ اصحابِ جہنّم کا کہ ان کو موقف میں حکم ہوگا کہ) اے (کفر کے ارتکاب کرنیوالے) مجرمو آج (اہل ایمان سے) الگ ہو جاؤ (کیونکہ اُن کو جنّت میں بھیجنا ہے اور تم کو دوزخ میں اور اُس وقت اُن سے ملامت کے طور پر یہ فرمایا جائے گا کہ) اے اولادِ آدم (اور اسی طرح جِنّات سے بھی خطاب ہوگا، دلّ علیہ قولہ تعالیٰ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ الخ) کیا میں نے تم کو تاکید نہیں کر دی تھی کہ تم شیطان کی عبادت نہ کرنا وہ تمھارا صریح دشمن ہے اور یہ کہ میری (ہی) عبادت کرنا یہی سیدھا راستہ ہے (مراد عبادت سے اطاعت مطلقہ ہے وہٰذا کقولہ تعالیٰ لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ وَلَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ) اور (نیز تم کو شیطان کی نسبت یہ بات بھی معلوم کرائی تھی کہ) وہ تم میں (یعنی تمھاری بنی نوع میں) ایک کثیر مخلوق کو گمراہ کر چکا (ہے جن کی گمراہی کا وبال بھی پچھلی کافر قوموں کے واقعات عذاب کے سلسلے میں بتلا دیا گیا تھا) سو کیا تم (اتنا) نہیں سمجھتے تھے (کہ اگر ہم اس کے گمراہ کرنے سے گمراہ ہو جاویں گے تو ہم بھی اسی طرح مستحقِ عذاب ہوں گے تو اب) یہ جہنّم ہے جس کا تم سے (کفر کی تقدیر پر) وعدہ کیا جایا کرتا تھا۔ آج اپنے کفر کے بدلے اس میں داخل ہو۔ آج ہم اُن کے مونہوں پر مہر لگا دیں گے (جس سے یہ جھوٹے عذر پیش نہ کر سکیں، جیسا شروع سورت میں کہیں گے وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ) اور ان کے ہاتھ ہم سے کلام کریں گے اور ان کے پاؤں شہادت دیں گے جو کچھ یہ لوگ کیا کرتے تھے، (یہ عذاب تو آخرت میں ہوگا) اور اگر ہم چاہتے تو (دنیا ہی میں ان کے کفر کی سزا میں) ان کی آنکھوں کو ملیامیٹ کر دیتے (خواہ آنکھ کی بینائی کو یا خود آنکھ کے عضو ہی کو) پھر یہ راستے کی طرف (چلنے کے لئے) دوڑتے پھرتے سو اُن کو کہاں نظر آتا (جیسا قومِ لوط پر ایسا ہی عذاب آیا تھا، کما قال تعالیٰ فَطَمَسْنَا) اور (اس سے بڑھ کر) اگر ہم چاہتے تو (ان کی سزائے کفر میں)

ان کی صورتیں بدل ڈالتے ، (جیسے پہلے بعضے لوگ بندر اور خنزیر ہو گئے) اس حالت سے کہ یہ جہاں ہیں وہیں رہ جاتے (یعنی مسخ کے ساتھ یہ بھی ہوتا کہ ان کو جانور بنا دیتے اور جانور بھی اپاہج جو اپنی جگہ سے نہ ہل سکیں) جس سے یہ لوگ نہ آگے کو چل سکتے ہیں اور نہ پیچھے کو لوٹ سکتے ہیں اور (اس کا کچھ تعجب نہ کرنا چاہیئے کہ آنکھوں کا طمس اور صورتوں کا مسخ کیسے ہو جاتا ہے دیکھو اس کی ایک نظیر پر ہماری قدرت شاہد ہے کہ) ہم جس کی زیادہ عمر کر دیتے ہیں (یعنی بہت بوڑھا کر دیتے ہیں) تو اس کو طبعی حالت میں الٹا کر دیتے ہیں (طبعی حالت سے مراد عقل و شعور اور سننے دیکھنے وغیرہ کی قوتیں اور قوت ہاضمہ، نامیہ، وغیرہ اور رنگ و روغن و حسن و جمال ہیں، اور اُلٹا کرنے سے مراد ہے ان کا انقلاب اور تغیرِ حالات اعلیٰ سے ادنیٰ کی طرف، اچھے سے بُرے کی طرف، پس طمس و مسخ بھی ایک قسم کا تغیر ہے کامل سے ناقص کی طرف) سو کیا (اس حالت کو دیکھ کر بھی) وہ لوگ نہیں سمجھتے (کہ جب ایک تغیر پر قدرت ہے تو دوسری پر بھی ہے، بلکہ قدرت کی نسبت تو جمیع ممکنات کے ساتھ مساوی ہے گو ان میں تناظر و تماثل بھی نہ ہو سو ان لوگوں کو اس پر نظر کر کے ڈرنا اور کفر کو ترک کر دینا چاہیئے)

معارف و مسائل

مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً ، یہ اُن کفار کا جواب ہے جو استہزاء و انکار کے طور پر مسلمانوں سے پوچھا کرتے تھے کہ تم جس قیامت کے آنے کے قائل ہو وہ کب کس سال اور کس تاریخ میں آئیگی۔ يَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ ، ان لوگوں کا یہ سوال درحقیقت کسی تحقیقِ واقعہ کے لئے نہیں بلکہ بطور تمسخر و استہزاء کے تھا اور بالفرض تحقیق کے لئے بھی ہوتا تو رب العلمین کی حکمت کا مقتضیٰ یہ ہے کہ قیامت کے سال اور تاریخ کا پورا یقینی علم کسی کو نہ دیں، یہاں تک کہ اپنے انبیاء و رسل کو بھی نہیں دیا ۔ ان احمقوں کا یہ سوال بالفرض تحقیق طلبی ہی کے لئے ہو تو بھی لغو و مہمل تھا۔ اس لئے اس کے جواب میں قیامت کی تاریخ بتانے کے بجائے ان لوگوں کو اس پر تنبیہ فرمائی کہ جو چیز یقینی طور پر آنے والی ہے عقلمند کا کام یہ ہے کہ اس کی تیاری میں لگے، نہ یہ کہ اس کے وقت اور تاریخ کی تحقیق میں وقت ضائع کرے۔ مقتضیٰ عقل کا یہ تھا کہ قیامت کی خبر سُن کر ایمان لاتے اور وہ کام کرتے جس سے اُس عالم میں فلاح حاصل ہو، مگر یہ لوگ اپنی غفلت میں ایسے پھنسے ہوئے ہیں گویا اس کا انتظار کر رہے ہیں کہ جب قیامت آئے تو کچھ سوچیں۔ اس لئے فرمایا کہ یہ قیامت کے منتظر ہیں۔ اور قیامت کا حال یہ ہوگا کہ وہ ایک ہی زور کی آواز صور کی ہوگی جو سب کو اچانک اس طرح پکڑے گی کہ لوگ اپنے اپنے کاروبار میں

اور باہمی معاملات کے جھگڑوں میں لگے ہوتے ہوں گے سب کے سب اسی حال میں مرے رہ جائیں گے

حدیث میں ہے کہ دو آدمی ایک کپڑے کی خرید و فروخت میں لگے ہوتے ہوں گے، کپڑا پھیلایا ہوا ہوگا، کہ اچانک قیامت آجائے گی، اور وہ کپڑا طے نہ کر پائیں گے، کوئی آدمی اپنے حوض کو مٹی سے لیپ کر درست کر رہا ہوگا، کہ اسی حال میں مرا رہ جائے گا (رواہ ابو نعیم عن ابی ہریرۃ قرطبی)

فَلَا يَسْتَطِيعُونَ تَوْصِيَةً وَلَا إِلَىٰ أَهْلِهِمْ يَرْجِعُونَ ۝ یعنی اس وقت جو لوگ مجمع ہوں گے وہ آپس میں کسی کو کسی کام کی وصیت کرنے کی مہلت نہیں پائیں گے اور جو گھروں سے باہر ہوں گے وہ اپنے گھروں میں واپس آنے کی بھی مہلت نہیں پائیں گے، اسی جگہ مرے کے مرے رہ جائیں گے۔ یہ بیان قیامت کے نفخۂ اولیٰ کا ہے، جس سے سارا عالم زمین و آسمان تباہ ہو جائیں گے

اس کے بعد فرمایا:۔ وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَإِذَا هُم مِّنَ الْأَجْدَاثِ إِلَىٰ رَبِّهِمْ يَنسِلُونَ، اجداث جدث کی جمع ہے بمعنے قبر اور ینسلون نسلان سے مشتق ہے جس کے معنی تیز چلنے کے ہیں، جیسا کہ ایک دوسری آیت میں يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ سِرَاعًا، آیا ہے کہ یہ لوگ اپنی قبروں سے جلدی کرتے ہوئے نکلیں گے۔ اور ایک آیت میں جو ارشاد ہے فَإِذَا هُم قِيَامٌ يَنظُرُونَ ۝ یعنی حشر کے وقت لوگ اپنی قبروں سے اٹھ کر کھڑے دیکھتے رہیں گے، یہ اس کے منافی نہیں۔ کیونکہ ابتداءً حیرت سے کھڑے ہو کر دیکھنے کا واقعہ ہوا اور بعد میں تیزی سے محشر کی طرف دوڑنا، ان دونوں میں کوئی تضاد نہیں۔ اور جیسا کہ آیاتِ قرآن سے ثابت ہے کہ فرشتے ان سب کو پکار کر میدانِ حشر میں لائیں گے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کفار کی حاضریِ محشر اپنی خوشی سے نہیں بلکہ جبری طور پر ہوگی اور فرشتوں کے پکارنے کی وجہ سے دوڑتے ہوئے محشر میں آجائیں گے۔

قَالُوا يَا وَيْلَنَا مَن بَعَثَنَا مِن مَّرْقَدِنَا، کفار اگرچہ قبروں میں بھی عذابِ قبر میں مبتلا تھے، وہاں کچھ آرام نہ تھا، مگر قیامت کے عذاب کے مقابلہ میں وہ پہلا عذاب کالعدم معلوم ہوگا اس لئے پکاریں گے کہ ہمیں کس نے قبروں سے نکال لیا، وہیں رہتے تو اچھا ہوتا۔ اس پر فرشتے یا عام مؤمنین جواب دیں گے:۔

هَٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمَٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُونَ ۝ یعنی یہ وہی قیامت ہے جس کا رحمٰن نے وعدہ کیا تھا، اور اس کے رسولوں نے اس کی سچی خبر تم کو سنائی تھی، تم نے توجہ نہ دی۔ اس مقام پر اللہ کی صفات میں سے لفظ رحمٰن اختیار کرنے میں اشارہ ہے کہ اس نے تو اپنی رحمت سے تمہارے لئے اس عذاب سے بچنے کے بہت سامان کئے تھے، اور قبل از وقت اس کا

وعدہ اور اپنی کتابوں اور انبیاء کے ذریعہ اس کی خبر تم تک پہونچانا بھی صفت رحمت ہی کا اقتضا تھا،

اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ۝ اصحاب جہنّم کی پریشانیوں کا ذکر کرنے کے بعد قیامت میں اصحابِ جنّت کا حال ذکر فرمایا کہ وہ اپنی تفریحات میں مشغول ہونگے۔ فٰكِهُوْنَ، فٰكِهٌ کی جمع ہے، خوش دل خوش حال کو کہا جاتا ہے، اور اس سے پہلے فِيْ شُغُلٍ کا یہ مفہوم بھی ہو سکتا ہے کہ وہ اصحابِ جہنّم کو پیش آنے والی پریشانیوں سے بالکل بے غم ہوں گے۔ (کما قالہ بعض المفسرین)

اور یہ بھی ممکن ہے کہ اس جگہ یہ لفظ فِيْ شُغُلٍ اس خیال کے دفع کرنے کے لئے بڑھایا ہو کہ جنّت میں جبکہ نہ کوئی عبادت ہوگی نہ کوئی فرض و واجب اور نہ کسبِ معاش کا کوئی کام، تو کیا اس بیکاری میں آدمی کا جی نہ گھبرائے گا؟ اس لئے فرمایا کہ ان کو اپنی تفریحات ہی کا بڑا شغل ہوگا، جی گھبرانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ، ازواج میں جنّت کی حوریں بھی داخل ہیں اور دنیا کی بیبیاں بھی۔

وَلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ، يَدَّعُوْنَ دعوت سے مشتق ہے، جس کے معنی بلانے کے ہیں۔ یعنی اہلِ جنّت جس چیز کو بلا دیں گے وہ ان کو مل جائے گی۔ قرآن کریم نے اس جگہ يَسْئَلُوْنَ کا لفظ نہیں فرمایا، کیونکہ کسی چیز کا سوال کر کے حاصل کرنا بھی ایک محنت مشقت ہے، جس سے جنّت پاک ہی، بلکہ وہاں ہر ضرورت کی چیز حاضر و موجود ہوگی۔

وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ۝ میدانِ حشر میں اوّل جب لوگ اپنی قبروں سے اُٹھیں گے تو سب گڈمڈ منتشر ہوں گے، جیسا کہ قرآن میں فرمایا كَاَنَّهُمْ جَرَادٌ مُّنْتَشِرٌ یعنی وہ منتشر ٹڈیوں کے دَل کی طرح ہوں گے۔ مگر بعد میں ان کے گروہ گروہ اپنے اعمال کے اعتبار سے الگ کر دیئے جائیں گے، کفار ایک جگہ مؤمن دوسری جگہ، فجّار فسّاق الگ، صلحاء اور مقبول بندے الگ۔ جیسا کہ دوسری جگہ فرمایا ہے وَاِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ یعنی جبکہ نفوس جوڑ جوڑ کر دیئے جائیں گے۔ آیت مذکورہ میں بھی اسی امتیاز کا بیان ہے۔

اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ، یعنی تمام بنی آدم کو (بلکہ جنّات کو بھی) مخاطب کر کے قیامت میں کہا جائے گا کہ کیا میں نے دنیا میں تم کو یہ ہدایت نہ کی تھی کہ تم شیطان کی عبادت نہ کرنا۔ یہاں سوال یہ ہوتا ہے کہ کفار عموماً شیطان کی تو عبادت نہ کرتے بتوں کو یا دوسری چیزوں کو پوجتے تھے، اس لئے اُن پر عبادتِ شیطان کا الزام کیسے عائد ہوا؟ جواب یہ ہے کہ کسی کی اطاعت مطلقہ کرنا کہ ہر کام ہر حال میں اس کا کہنا ماننے اسی کا نام عبادت ہے چونکہ ان لوگوں نے ہمیشہ شیطانی تعلیم ہی کی پیروی کی، اس لئے ان کو عابد شیطان کہا گیا۔ جیسا کہ حدیث میں اس شخص کو جو مال یا بیوی کی محبت میں آ کر ہر وہ کام کرنے لگے جس سے مال بڑھے

یا بیوی راضی ہو اگرچہ خدا تعالیٰ اس سے ناراض ہو ایسے شخص کو حدیث میں عبدالدرہم اور عبدالزوجہ کے الفاظ سے تعبیر کیا گیا ہے۔

بعض صوفیائے کرام کے کلمات میں جو اپنے نفس کے لئے بُت پرستی کے الفاظ آئے ہیں، اس سے مراد نفس کی خواہشات کا اتباع کرنا ہے، کفر و شرک مراد نہیں۔ جیسا کہ بعض نے فرمایا

سُودہ گشت از سجدۂ راہِ بُتاں پیشانیم
چند بر خود تہمتِ دینِ مسلمانی نہم

اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ، محشر میں حساب کتاب کے لئے پیشی میں اوّل تو ہر شخص کو آزادی ہوگی جو چاہے عذر پیش کرے، مگر مشرکین وہاں قسمیں کھا کر اپنے شرک و کفر سے مکر جائیں گے وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ۔

اور بعض یہ بھی کہیں گے کہ فرشتوں نے ہمارے نامۂ اعمال میں جو کچھ لکھ دیا ہے ہم تو اس سے بَری ہیں اس وقت اللہ تعالیٰ ان کے مونہوں پر مُہر لگا دیں گے، کہ بول نہ سکیں، اور ان کے مقابلہ میں خود انہی کے ہاتھ پاؤں اور اعضاء کو سرکاری گواہ بنا کر ان کو بولنے کی صلاحیت دیدیں گے وہ ان کے تمام اعمال کی گواہی دیں گے۔ آیتِ مذکورہ میں تو ہاتھ پاؤں کا بولنا ذکر کیا گیا ہے دوسری آیت میں انسان کے کان، آنکھ، اور کھال کا بولنا مذکور ہے، شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ وَاَبْصَارُهُمْ وَجُلُوْدُهُمْ، اور ایک جگہ جو تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ اَلْسِنَتُهُمْ آیا ہے، یعنی خود ان کی زبانیں گواہی دیں گی۔ یہ اس کے منافی نہیں کہ ان کے مونہوں پر مہر لگا دی جائے گی، کیونکہ مہر لگانے کا مطلب یہ ہے کہ وہ اپنے اختیار سے کچھ نہ بول سکیں گے، اُن کی زبان ان کی مرضی کے خلاف چلے گی، اور شہادت دے گی۔

رہا یہ اشکال کہ ان اعضاء میں گویائی کیسے پیدا ہوگی تو اس کا جواب خود قرآن نے دیدیا ہے، اَنْطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْطَقَ كُلَّ شَيْءٍ، یعنی یہ اعضاء کہیں گے جس اللہ نے ہر گویائی والے کو گویا کیا ہے، اس نے ہمیں بھی گویائی دیدی۔

وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ، نُعَمِّرْ، تعمیر سے مشتق ہے جس کے معنی ہیں عمر دراز دینے کے، اور نُنَكِّسْهُ، تنکیس سے مشتق ہے جس کے معنی ہیں اوندھا اُلٹا کر دینے کے۔ اس آیت میں حق تعالیٰ نے اپنی قدرتِ کاملہ اور حکمتِ بالغہ کے ایک اور مظہر کا بیان فرمایا ہے کہ ہر انسان و حیوان ہر وقت اللہ تعالیٰ کے زیرِ تصرّف ہے، قدرت کا عمل اس میں مسلسل جاری ہے، ایک گندے اور بے جان قطرہ سے اس کا وجود شروع ہوا، بطنِ مادر کی تین اندھیریوں میں اس خلاصۂ کائنات اور عالمِ اصغر کی تخلیق ہوئی، کیسی کیسی نازک

مشینیں اس کے وجود میں پیوست کی گئیں پھر روح ڈال کر زندہ کیا گیا، نو مہینے بطن مادر کے اندر اس کی تربیت اور نشو ونما ہو کر ایک مکمل انسان بنا اور اس دنیا میں آیا۔ تو مکمل ہونے کے باوجود اس کی ہر چیز ضعیف و کمزور ہے۔ قدرت نے اس کے مزاج کے مناسب غذاؤں کی چھاتیوں میں پیدا کر دی جس سے اس کو تدریجی توانائی ملی، اور اس وقت سے جوانی تک کتنے مراحل سے گذر کر اس کے سب قویٰ مضبوط ہوئے، قوت و شوکت کے دعوے ہونے لگے، ہر مقابل کو شکست دینے کے حوصلے پیدا ہوئے۔

پھر جب خالق و مالک کو منظور ہوا تو اب ان سب طاقتوں قوتوں میں کمی شروع ہوئی، کمی بھی بے شمار مراحل سے گذرتے ہوئے بالآخر بڑھاپے کی آخری عمر تک پہونچی۔ جہاں پہونچ کر غور کیا جائے تو پھر وہ اس منزل میں پہونچ گیا جس سے بچپن میں گذرا تھا۔ ساری عادتیں خصلتیں بدلنے لگیں، جو چیزیں سب سے زیادہ محبوب تھیں وہ مبغوض نظر آنے لگیں، جن سے راحت ملتی تھی اب وہ موجب کلفت بن گئی ہیں۔ اسی کو قرآن کریم نے تنکیس یعنی اوندھا کر دینے سے تعبیر فرمایا ہے، ونعم قال ؎

مَنْ عاش اخلقت الایام حدّتہ ؛ وخانہ ثقتاہ السمع والبصر

"یعنی جو شخص زندہ رہے گا تو زمانہ اس کی حدّت و شدّت کو بوسیدہ اور پرانا کر دے گا، اور اس کے سب سے بڑے دو ثقہ دوست یعنی شنوائی اور بینائی کی طاقتیں بھی اس سے خیانت کر کے الگ ہو جائیں گی"

یعنی انسان کو دنیا میں سب سے زیادہ اعتماد اپنی آنکھ سے دیکھی یا کان سے سنی ہوئی چیز پر ہوتا ہے۔ بڑھاپے کی آخر عمر میں یہ بھی قابلِ اعتماد نہیں، گراں گوشی کے سبب بات پوری سمجھنا مشکل، ضعفِ بینائی کے سبب صحیح صحیح دیکھنا مشکل۔ متنبّی نے اسی مضمون کو کہا ہے ؎

ومن صحب الدّنیا طویلا تقلّبتْ ؛ علیٰ عینہ حتّیٰ یری صدقہا کذبا

"یعنی جو شخص دنیا میں زیادہ زندہ رہے گا دنیا اس کی آنکھوں کے سامنے ہی پلٹ جائیگی یہاں تک کہ جس چیز کو پہلے سچ جانتا تھا وہ جھوٹ معلوم ہونے لگے گی"

انسان کے وجود میں یہ انقلاباتِ قدرت حق تعالیٰ شانہٗ کا عجیب و غریب مظہر تو ہے ہی، اس میں انسان پر ایک عظیم احسان بھی ہے، کہ خالقِ کائنات نے جتنی طاقتیں انسان کے وجود میں ودیعت فرمائی ہیں، وہ درحقیقت سرکاری مشینیں ہیں، جو اس کو دیدی گئی ہیں، اور یہ بھی بتلا دیا گیا ہے کہ یہ تیری ملک نہیں اور دائمی بھی نہیں، بالآخر تجھ سے واپس لی جائیں گی۔ اس کا تقاضا ظاہری یہ تھا کہ جب وقت مقدر آجاتا سب طاقتیں بیک وقت واپس لیجاتیں

مگر مولائے کریم نے ان کی واپسی کی بھی بڑی طویل قسطیں کر دی ہیں اور تدریجی طور پر واپس لیا ہے تاکہ انسان متنبہ ہو کر سفر آخرت کا سامان کرلے۔ واللہ اعلم

وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ

اور ہم نے نہیں سکھایا اس کو شعر کہنا اور یہ اس کے لائق نہیں یہ تو خاص نصیحت ہے اور قرآن ہے

مُّبِيْنٌ ۙ (۶۹) لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَّيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَي الْكٰفِرِيْنَ (۷۰)

صاف۔ تاکہ ڈر سنائے اس کو جس میں جان ہو اور ثابت ہو الزام منکروں پر۔

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا فَهُمْ

کیا اور نہیں دیکھتے وہ کہ ہم نے بنا دیئے ان کے واسطے اپنے ہاتھوں کی بنائی ہوئی چیزوں سے چوپائے

لَهَا مٰلِكُوْنَ (۷۱) وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ (۷۲)

پھر وہ ان کے مالک ہیں۔ اور عاجز کر دیا انکو ان کے آگے پھر انمیں کوئی ہے انکی سواری اور کسی کو کھاتے ہیں۔

وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ۭ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ (۷۳) وَاتَّخَذُوْا

اور انکے واسطے چارپایوں میں فائدے ہیں اور پینے کے گھاٹ پھر کیوں شکر نہیں کرتے۔ اور پکڑتے ہیں

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ (۷۴) ۭ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

اللہ کے سوائے اور حاکم کہ شاید ان کی مدد کریں۔ نہ کر سکیں گے

نَصْرَهُمْ ۙ وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ (۷۵)

ان کی مدد اور یہ اُن کی فوج ہو کر پکڑے آئیں گے۔

خُلاصۂ تفسیر

(اور یہ کفار جو نبوت کی نفی کرنے کے لئے آپ کو شاعر کہتے ہیں یہ محض باطل ہے کیونکہ) ہم نے آپ کو شاعری (یعنی خیالی مضامین مرتب کرنے کا) کا علم نہیں دیا اور وہ (شاعری) آپ کے شایانِ شان بھی نہیں وہ (یعنی آپ کو عطا کیا ہوا علم جس کو یہ لوگ شاعری کہتے ہیں وہ) تو محض نصیحت (کا مضمون) اور ایک آسمانی کتاب ہے جو احکام کی ظاہر کرنے والی ہے تاکہ (بیان احکام کے اثر سے) ایسے شخص کو (نافع ڈرانا) ڈرا دے جو (حیات قلبیہ کے اعتبار سے) زندہ ہو

اور تاکہ کافروں پر (عذاب کی) حجت ثابت ہو جاوے۔ کیا ان (مشرک) لوگوں نے اس پر نظر نہیں کی کہ ہم نے ان کے (نفع کے) لئے اپنے ہاتھ کی ساختہ چیزوں میں سے مواشی پیدا کئے اور (ہمارے مالک بنانے سے) یہ لوگ ان کے مالک بن رہے ہیں اور (آگے اس نفع کی کچھ تفصیل ہے کہ) ہم نے ان مواشی کو ان کا تابع بنا دیا سو (وہ ان کے کام میں لانے سے کام دیتے ہیں چنانچہ) ان میں بعضی تو ان کی سواریاں ہیں اور بعض کو وہ کھاتے ہیں اور ان میں ان لوگوں کے لئے اور بھی نفع ہیں (جیسے بال، کھال، ہڈی وغیرہ مختلف طریقوں سے استعمال میں آتے ہیں) اور (ان میں ان لوگوں کے) پینے کی چیزیں بھی ہیں (یعنی دودھ) سو کیا (اس پر بھی) یہ لوگ شکر نہیں کرتے (اور شکر کا سب سے مقدم اور اہم درجہ توحید پر ایمان ہے) اور انھوں نے (بجائے شکر اور توحید کے کفر اور شرک اختیار کر رکھا ہے چنانچہ) خدا کے سوا اور معبود قرار دے رکھے ہیں اس امید پر کہ ان کو (ان معبودین کی طرف سے) مدد ملے (لیکن) وہ اُن کی کچھ مدد کر ہی نہیں سکتے اور (مدد تو کیا کرتے اور اُلٹے) وہ (معبودین) ان لوگوں کے حق میں ایک فریق (مخالف) ہو جاویں گے جو (موقفِ حساب میں بالاضطرار) حاضر کئے جائیں گے (اور وہاں حاضر ہو کر ان کی مخالفت کا اظہار کریں گے کما قال تعالیٰ فی سورۃ مریم وَيَكُونُونَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا وَقال تعالیٰ فی سورۃ یونس قَالَ شُرَكَآؤُهُمْ مَّا كُنتُمْ إِيَّانَا تَعْبُدُونَ وَغَيْرُ ذٰلِكَ مِنَ الْآيٰتِ)۔

معارف و مسائل

وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنۢبَغِيْ لَهٗ، چونکہ منکرین نبوت و رسالت قرآن کی تاثیرات عجیبہ اور دلوں پر اثر انداز ہونے کی کیفیت کا جو عام مشاہدہ میں تھی ـــــ انکار نہیں کر سکتے تھے، اس لئے کبھی تو اس کلام الٰہی کو سحر اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ساحر کہتے تھے اور کبھی اس کلام کو شعر اور آپ کو شاعر کہہ کر یہ ثابت کرنا چاہتے تھے کہ یہ تاثرات عجیبہ کلام الٰہی ہونے کی وجہ سے نہیں بلکہ یا تو یہ جادو کے کلمات ہیں جو دلوں پر اثر انداز ہوتے ہیں یا شاعرانہ کلام ہے وہ بھی عام دلوں پر اثر انداز ہوا کرتا ہے۔

حق تعالیٰ نے آیت مذکورہ میں فرمایا کہ ہم نے نبی کو شعر و شاعری نہیں سکھلائی اور نہ ان کی شان کے مناسب تھی، آپ کو شاعر کہنا باطل اور غلط ہے۔

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ عرب تو وہ قوم ہے جس کی فطرت میں شعر و شاعری پڑی ہوئی ہے، عورتیں بچے بے ساختہ شعر کہتے ہیں، وہ شعر کی حقیقت سے پوری طرح واقف ہیں، انھوں نے قرآن کو شعر اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو شاعر کس اعتبار سے کہا؟ کیونکہ نہ تو قرآن

وزن شعری کا پابند ہے نہ کہیں ردیف قافیہ کا، اس کو تو جاہل شعر و شاعری سے ناواقف بھی شعر نہیں کہہ سکتا۔

اس کا جواب یہ ہے کہ شعر دراصل خیالی خود ساختہ مضامین کو کہا جاتا ہے خواہ نظم میں ہوں یا نثر میں اِن کا مقصد قرآن کو شعر اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو شاعر کہنے سے یہ تھا کہ آپ جو کلام لائے ہیں وہ محض خیالی افسانے ہیں یا پھر شعر کے معنی معروف کے اعتبار سے شاعر کہا تو اس مناسبت سے کہ جس طرح نظم اور شعر خاص اثر رکھتا ہے اس کا اثر بھی ایسا ہی ہے۔

امام جصاصؒ نے اپنی سند سے روایت کیا ہے کہ حضرت عائشہؓ سے کسی نے سوال کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کبھی کوئی شعر پڑھتے تھے؟ تو آپ نے فرمایا کہ نہیں، البتہ ایک شعر ابن طرفہ کا آپؐ نے پڑھا تھا ؎

ستبدی لک الایام ماکنت جاھلاً ؕ ویأتیک بالاخبار من لم تزوّد

اس کو آپؐ نے وزنِ شعری کو توڑ کر من لم تزوّد بالاخبار پڑھا۔ حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہؐ یہ شعر اس طرح نہیں، تو آپؐ نے فرمایا کہ میں شاعر نہیں، اور نہ میرے لئے شعر و شاعری مناسب ہے۔

یہ روایت ابن کثیرؒ نے بھی اپنی تفسیر میں نقل کی ہے، اور ترمذی، نسائی، امام احمد نے بھی اس کو روایت کیا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ خود کوئی شعر تصنیف کرنا تو کیا آپؐ دوسروں کے اشعار بھی پڑھنے کو اپنے لئے مناسب نہ سمجھتے تھے۔ اور بعض روایات میں جو خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے وزن شعری کے مطابق کچھ کلمات منقول ہیں وہ بقصد شعر نہیں، اتفاقی ہیں اور ایسے اتفاقی کوئی ایک دو شعر موزوں ہو جانے سے کوئی آدمی شاعر نہیں کہلاتا۔ مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فطری حال سے جو بڑی حکمتوں پر مبنی تھا یہ لازم نہیں آتا کہ مطلقاً شعر گوئی مذموم ہے جیسا کہ شعر و شاعری کے احکام کی تفصیل سورۂ شعراء کے آخری رکوع میں گذر چکی ہے وہاں دیکھ لیا جائے۔

أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا خَلَقْنَا لَهُم مِّمَّا عَمِلَتْ أَيْدِينَا أَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مَالِكُونَ

اس آیت میں چوپائے جانوروں کی تخلیق میں انسانی منافع اور ان میں قدرت کی عجیب و غریب صنعتکاری کا ذکر فرمانے کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے ایک اور احسانِ عظیم کو بتلایا گیا ہے کہ یہ چوپائے جانور جن کی تخلیق میں کسی انسان کا کوئی دخل نہیں، خالص دستِ قدرت کے بنائے ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے صرف یہی نہیں کیا کہ انسان کو ان چوپاؤں سے نفع اٹھانے کا موقع ملا اور اجازت دیدی بلکہ اس کو ان کا مالک بنا دیا کہ وہ ان میں ہر طرح کے مالکانہ تصرفات کر سکتے ہیں، خود نفع اٹھائیں

یا اُن کو فروخت کر کے ان کی قیمت سے فائدہ اٹھائیں۔

ملکیتِ اشیاء کی اصل علت عطاءِ حق ہے، نہ سرمایہ نہ محنت

آجکل نئے نئے معاشی ازموں اور نظریات میں یہ بحث چھڑی ہوئی ہے کہ تخلیقِ اشیاء اور ان کی ملکیت میں سرمایہ اور دولت اصل ہے، یا محنت؟ سرمایہ دارانہ نظامِ معیشت کے قائل دولت و سرمایہ کو اصل قرار دیتے ہیں اور سوشلزم اور کمیونزم والے محنت کو اصل علت تخلیق و ملکیت کی قرار دیتے ہیں۔ قرآن مجید کے اس فیصلے نے بتلا دیا کہ تخلیقِ اشیاء اور ان کی ملکیت میں دونوں کا کوئی دخل نہیں، تخلیق کسی چیز کی انسان کے قبضہ میں نہیں، وہ براہ راست حق تعالیٰ کا فعل ہے۔ اور عقل کا تقاضا ہے کہ جو کسی چیز کو پیدا کرے وہی اس کا مالک بھی ہو۔ اس طرح اصل اور حقیقی ملکیت اشیائے عالم میں حق تعالیٰ کی ہے، انسان کی ملکیت کسی بھی چیز میں صرف اللہ تعالیٰ کے عطا کرنے سے ہو سکتی ہے، اللہ تعالیٰ نے اشیاء کی اثباتِ ملکیت اور انتقالِ ملکیت کا قانون اپنے پیغمبروں کے ذریعہ نازل فرما دیا ہے۔ اس قانون کے خلاف کوئی کسی چیز کا مالک نہیں ہو سکتا۔

وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ اس میں ایک اور احسان و انعام کی طرف اشارہ فرمایا کہ اکثر جانور اونٹ، گھوڑا، ہاتھی، بیل وغیرہ اگر دیکھو تو طاقت میں انسان سے بہت زیادہ ہیں، انسان انکے مقابلہ میں کمزور ہے۔ اس کا اثر یہ ہونا چاہئے تھا کہ ان جانوروں پر قابو نہ پا سکتا، مگر حق تعالیٰ نے جیسا ان جانوروں کی تخلیق کا انعام انسان کو بخشا اسی طرح یہ بھی فطرت بنا دی کہ اُن مست جانوروں کو انسان کے سامنے مسخر اور تابع بنا دیا۔ ایک لڑکا ایک قوی گھوڑے کے مُنہ میں لگام ڈال دیتا ہے، اور پھر اس کی پشت پر سوار ہو کر جہاں چاہے لئے پھرتا ہے۔ یہ بات بھی انسان کا کوئی اپنا کمال نہیں، صرف حق تعالیٰ کی عطاء اور بخشش ہے۔

وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ اس آیت کا ایک مفہوم تو وہ ہے جو اوپر خلاصہ تفسیر میں بیان ہوا ہے کہ جُند سے مراد فریقِ مخالف لیا جائے، اور مطلب آیت کا یہ ہو کہ جن چیزوں کو انھوں نے دنیا میں معبود بنا رکھا ہے، یہی قیامت کے روز ان کے مخالف ہو کر ان کے خلاف گواہی دیں گے۔

اور حضرت حسنؒ و قتادہؒ سے اس کی تفسیر یہ منقول ہے کہ ان لوگوں نے بتوں کو خدا تو اس لئے بنایا تھا کہ یہ ان کی مدد کریں گے، اور ہو یہ رہا ہے کہ وہ تو ان کی مدد کرنے کے قابل نہیں خود یہی لوگ جو ان کی عبادت کرتے ہیں ان کے خدام اور ان کے سپاہی بنے ہوئے ہیں انکی حفاظت کرتے ہیں کوئی ان کے خلاف کام کرے تو یہ ان کی طرف سے لڑتے ہیں۔ (قرطبی)

فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿۷۶﴾

اب تو غمگین مت ہو ان کی بات سے ہم جانتے ہیں جو وہ چھپاتے ہیں اور جو ظاہر کرتے ہیں ۔

اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ

کیا دیکھتا نہیں انسان کہ ہم نے اس کو بنایا ایک قطرہ سے پھر تب ہی وہ ہو گیا جھگڑنے

مُّبِيْنٌ ﴿۷۷﴾ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ۭ قَالَ مَنْ يُّحْيِ

بولنے والا ۔ اور بٹھلاتا ہے ہم پر ایک مثل اور بھول گیا اپنی پیدائش، کہنے لگا کون زندہ کرے گا

الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ﴿۷۸﴾ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۭ

ہڈیوں کو جب کھوکھری ہو گئیں ؟ تو کہہ ان کو زندہ کریگا جس نے بنایا ان کو پہلی بار

وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمُۨ ﴿۷۹﴾ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ

اور وہ سب بنانا جانتا ہے ۔ جس نے بنا دی تم کو سبز درخت سے

نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ﴿۸۰﴾ اَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ

آگ پھر اب تم اس سے سلگاتے ہو ۔ کیا جس نے بنائے آسمان اور

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓي اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ۭ بَلٰي ۙ

زمین نہیں بنا سکتا ان جیسے ؟ کیوں نہیں ،

وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ﴿۸۱﴾ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـــًٔا اَنْ

اور وہی ہے اصل بنانے والا سب کچھ جاننے والا ۔ اس کا حکم یہی ہے کہ جب کرنا چاہے کسی چیز کو تو

يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۸۲﴾ فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ

کہے اس کو ہو وہ اسی وقت ہو جائے ۔ سو پاک ہے وہ ذات جس کے ہاتھ ہے حکومت

كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾

ہر چیز کی اور اسی کی طرف پھر کر چلے جاؤ گے ۔

خلاصۂ تفسیر

(جب یہ لوگ ایسے واضح اور کھلے ہوئے امور میں بھی خلاف ہی کرتے ہیں) تو ان لوگوں

کی باتیں (انکار توحید و رسالت سے متعلق) آپ کے لئے آزردگی کا باعث نہ ہونا چاہئے (کیونکہ آزردگی ہوتی ہے امید سے، اور امید ہوتی ہے مخاطب کے عقل و انصاف سے اور ان لوگوں میں نہ عقل ہے نہ انصاف تو ان سے کسی چیز کی امید ہی نہیں ہو سکتی، پھر غم کیوں ہو۔ آگے دوسرے طریقہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تسلی ہے) بیشک ہم سب جانتے ہیں جو کچھ یہ دل میں رکھتے ہیں اور جو کچھ (زبان سے) ظاہر کرتے ہیں (اس لئے وقت مقرر پر ان کو ان کے عمل کی سزا ملے گی) کیا (اس) آدمی کو (جو قیامت کا انکار کرتا ہے) یہ معلوم نہیں کہ ہم نے اس کو (ایک حقیر) نطفہ سے پیدا کیا (جس کا تقاضا یہ تھا کہ اپنی ابتدائی حالت کو یاد کر کے اپنی حقارت اور خالق کی عظمت کو دیکھ کر خود شرماتا کہ گستاخی کی جرأت نہ کرتا دوسرے خود اپنے حالات سے اس پر استدلال کرتا کہ مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کر دینا اس کی قدرت سے کیا بعید ہے) سو (اس نے ایسا نہ کیا بلکہ اقتضائے مذکور کے خلاف) وہ علانیہ اعتراض کرنے لگا اور (وہ اعتراض یہ کہ) اس نے ہماری شان میں ایک عجیب مضمون بیان کیا (عجیب اس لئے کہ اس سے انکارِ قدرت لازم آتا ہے) اور اپنی اصل کو بھول گیا (کہ ہم نے اس کو نطفہ حقیر سے ایک کامل انسان بنایا) کہتا ہے کہ ہڈیوں کو جبکہ وہ بوسیدہ ہو گئی ہوں کون زندہ کر دے گا۔ آپ جواب دیدیجئے کہ ان کو وہ زندہ کرے گا جس نے پہلی مرتبہ ان کو پیدا کیا ہے۔ (کہ پہلی تخلیق کے وقت اُن ہڈیوں کا زندگی سے کوئی تعلق ہی نہ تھا اور اب تو ایک مرتبہ ان میں حیات پیدا ہو کر ایک قسم کا تعلق حیات سے ہو چکا ہے اب ان میں حیات پیدا کرنا کیا مشکل ہے) اور وہ ہر طرح کا پیدا کرنا جانتا ہے (یعنی ابتداءً کسی چیز کو پیدا کر دینا یا پیدا شدہ کو فنا کر کے دوبارہ پیدا کر دینا) وہ ایسا (قادر مطلق) ہے کہ (بعض) ہرے درخت سے تمہارے لئے آگ پیدا کر دیتا ہے، پھر تم اس سے اور آگ سُلگا لیتے ہو (جیسا کہ عرب میں ایک درخت تھا، مَرْخ دوسرا عفار، ان دونوں درختوں سے چقماق کا کام لیتے تھے، دونوں کے ملانے سے آگ پیدا ہو جاتی تھی، تو جس قادر نے ہرے درخت کے پانی میں آگ پیدا فرما دی تو دوسرے جمادات میں حیات پیدا کر دینا اس کے لئے کیا مشکل ہے) اور جس نے آسمان اور زمین پیدا کئے ہیں کیا وہ اس پر قادر نہیں کہ ان جیسے آدمیوں کو (دوبارہ) پیدا کر دے، ضرور قادر ہے اور وہ بڑا پیدا کرنے والا خوب جاننے والا ہے (اور اس کی قدرت ایسی ہے کہ) جب وہ کسی چیز (کے پیدا کرنے) کا ارادہ کرتا ہے تو (اس کا معمول تو یہ ہے کہ اس چیز کو کہہ دیتا ہے کہ ہو جا بس وہ ہو جاتی ہے تو (ان سب مقدمات سے ثابت ہو گیا کہ) اس کی پاک ذات ہے جس کے ہاتھ میں ہر چیز کا پورا اختیار ہے اور (یہ بات سب شبہات سے سالم رہ گئی کہ) تم سب کو اسی کے پاس لوٹ کر جانا ہے (یعنی قیامت کے روز)

معارف ومسائل

اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ، سورۂ یٰسٓ کی یہ آخری پانچ آیتیں ایک خاص واقعہ میں نازل ہوئی ہیں، جو بعض روایات میں اُبَیّ بن خلف کی طرف منسوب کیا گیا ہے اور بعض میں عاص بن وائل کی طرف۔ اور اس میں بھی کوئی بُعد نہیں کہ دونوں سے ایسا واقعہ پیش آیا ہو پہلی روایت بیہقی نے شعب الایمان میں اور دوسری روایت ابن ابی حاتم نے حضرت ابن عباسؓ سے نقل کی ہے وہ یہ ہے کہ عاص بن وائل نے بطحاءِ مکہ سے ایک بوسیدہ ہڈی اٹھائی، اور اس کو اپنے ہاتھ سے توڑ کر ریزہ ریزہ کیا پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ کیا اللہ اس ہڈی کو زندہ کرے گا، جس کا حال یہ دیکھ رہے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہاں اللہ تعالیٰ تجھے موت دے گا، پھر زندہ کرے گا پھر تجھ کو جہنّم میں داخل کرے گا (ابن کثیر)

خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ یعنی یہ نطفہ حقیر سے پیدا کیا ہوا انسان کیسا کھل کر مقابلہ پر آنے لگا کہ اللہ کی قدرت کا انکار کر رہا ہے۔

ضَرَبَ لَنَا مَثَلًا یہاں ضرب مثل سے مراد اس کا یہ واقعہ ہے کہ بوسیدہ ہڈی کو ہاتھ سے ریزہ ریزہ کرتے ہوئے اس کے دوبارہ زندہ ہونے کو محال یا مستبعد سمجھا۔ اس کے بعد فرمایا

وَنَسِيَ خَلْقَهٗ یعنی اس مثال کے بیان کرنے کے وقت وہ خود اپنی پیدائش کو بھول گیا کہ ایک حقیر اور ناپاک قطرۂ بے جان میں جان ڈال کر اس کو پیدا کیا ہے۔ اگر وہ اپنی اس اصل کو نہ بھولتا تو ایسی مثالیں پیش کر کے قدرتِ الٰہیہ کے انکار کی جرأت نہ کرتا۔

جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا عرب میں دو درخت معروف تھے۔ ایک مَرْخ دوسرا عفار۔ عرب لوگ ان دونوں درختوں کی دو شاخیں مثل مسواک کے کاٹ لیتے تھے جو بالکل ہری تازہ پانی سے بھری ہوتی تھی، ایک کو دوسری پر رگڑنے سے آگ پیدا ہو جاتی تھی۔ ہرے درخت سے آگ پیدا کرنے میں اسی طرف اشارہ ہے۔ (قرطبی) اور اگر درختوں کے آخری انجام کو دیکھا جائے تو ہر درخت شروع میں ہرا بھرا ہونے کے بعد آخر میں خشک ہو کر آگ کا ذریعہ بنتا ہے۔ اس طرح ہر درخت بھی اس کا مصداق ہو سکتا ہے جیسا کہ قرآن کریم کی اس آیت میں بظاہر یہی مراد ہے اَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِيْ تُوْرُوْنَ ءَاَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَآ اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِـُٔوْنَ، یعنی کیا تم اس آگ کو نہیں دیکھتے جس کو تم سُلگا کر اپنے کام میں لیتے ہو کیا اس آگ سے شعلہ بننے والے درخت کو تم نے پیدا کیا یا ہم نے؟ لیکن آیت مذکورہ میں چونکہ شجر کے ساتھ اخضر کی صفت بھی ذکر کی گئی ہے اس لئے

یہاں ظاہر یہی ہے کہ وہ خاص درخت مراد ہیں جن سے ہرے بھرے ہونے کے باوجود آگ پیدا ہوتی ہے۔

اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ مراد آیت کی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جب کسی چیز کو پیدا کرنا چاہیں تو انسانی مصنوعات کی طرح ان کو اس کی ضرورت نہیں پڑتی کہ پہلے مواد جمع فرمائیں پھر اس کے لئے کاریگر بلائیں، پھر ایک مدّت تک کام کر کے وہ چیز تیار ہو بلکہ وہ جب اور جس وقت جس چیز کو پیدا فرمانا چاہیں ان کو صرف حکم دیدینا کافی ہوتا ہے کہ "پیدا ہو جا" تو جس چیز کو یہ حکم ملتا ہے وہ فوراً اس کے حکم کے مطابق وجود میں آجاتی ہے۔ اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ ہر چیز کی تخلیق دفعی اور فوری ہی ہو۔ بلکہ حکمت خالق کے تابع جس چیز کا فوری طور پر پیدا ہو جانا مصلحت ہو وہ فوری طور پر بلا تدریج و مہلت پیدا ہو جاتی ہے، اور جس چیز کا پیدا ہونا کسی حکمت و مصلحت کی بناء پر بتدریج مناسب سمجھا گیا وہ اسی تدریج کے ساتھ وجود میں آجاتی ہے خواہ اس کی صورت یہ ہو کہ اس کو پہلے ہی حکم میں خاص تدریج کے ساتھ پیدا ہونا بتلایا گیا ہو یا ہر مرحلہ پر اس کو جداگانہ حکمِ کُنْ کا خطاب ہوتا ہو۔ واللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اعلم

قد تمت سورۃ یٰسٓ بحمد اللہ وعونہ لثمانی وعشرین
من شہر صفر سنہ ۱۳۹۲ھ یوم الخمیس وبتمامہ
تم الحمد للہ الحزب الخامس من
الاحزاب السبعۃ القرآنیۃ فالحمد
للہ اولاً وآخراً وظاہراً
وّباطناً

سُوْرَةُ الصّٰفّٰت

سُوْرَةُ الصّٰفّٰتِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَّاثْنَتَانِ وَثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّخَمْسُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ صافات مکہ میں نازل ہوئی اور اس کی ایک سو بیاسی آیتیں ہیں اور پانچ رکوع

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۙ﴿۱﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۙ﴿۲﴾ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۙ﴿۳﴾

قسم ہے صف باندھنے والوں کی قطار ہو کر، پھر ڈانٹنے والوں کی جھڑک کر، پھر پڑھنے والوں کی یاد کر کر،

اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ؕ﴿۴﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا

بیشک حاکم تم سب کا ایک ہے۔ رب آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ ان کے بیچ میں ہے

وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ؕ﴿۵﴾ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ِۨالْكَوَاكِبِ ۙ﴿۶﴾

اور رب مشرقوں کا۔ ہم نے رونق دی ورلے آسمان کو ایک رونق جو تارے ہیں۔

وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۚ﴿۷﴾ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ

اور بچاؤ بنایا ہر شیطان سرکش سے۔ سُن نہیں سکتے اوپر کی مجلس

الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ﴿۸﴾ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ

تک اور پھینکے جاتے ہیں اُن پر ہر طرف سے بھگانے کو اور اُن پر مار ہے

وَّاصِبٌ ﴿۹﴾ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ﴿۱۰﴾

ہمیشہ کو۔ مگر جو کوئی اُچک لایا جھپ سے پھر پیچھے لگا اس کے انگارا چمکتا۔

خُلاصۂ تفسیر

قسم ہے ان فرشتوں کی جو (عبادت میں یا حق تعالیٰ کا حکم سننے کے وقت) صف باندھ کر کھڑے ہوتے ہیں (جیسا اسی سورت میں آگے آئے گا وَاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ) پھر (قسم ہے) ان فرشتوں کی جو (شہاب ثاقب کے ذریعہ آسمانی خبریں لانے سے شیاطین کی) بندش کرنے والے ہیں (جیسا کہ اسی سورت میں عنقریب آرہا ہے) پھر (قسم ہے) ان فرشتوں کی جو ذکر (الٰہی تسبیح و تقدیس) کی تلاوت کرنے والے ہیں (جیسا کہ اسی سورت میں آئے گا، وَاِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ، غرض ان سب کی قسم کھا کر کہتے ہیں) کہ تمہارا معبود (برحق) ایک ہے (اور اس توحید کی دلیل یہ ہے کہ) وہ پروردگار ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ اُن کے درمیان میں ہے (یعنی ان کا مالک اور متصرف) اور پروردگار ہے (سب ستاروں کے) طلوع کرنے کے مواقع کا (اور) ہم ہی نے رونق دی ہے اِس طرف والے آسمان کو ایک عجیب آرائش یعنی ستاروں کے ساتھ اور (انہی ستاروں کے ساتھ اس آسمان کی یعنی اس کی خبروں کی) حفاظت بھی کی ہے ہر شریر شیطان سے (جس کا طریقہ آگے بیان کیا گیا ہے۔ اور اسی حفاظت کے انتظام کی وجہ سے) وہ شیاطین عالمِ بالا (یعنی ملائکہ) کی (باتوں کی) طرف کان بھی نہیں لگا سکتے (یعنی اکثر تو مار کھانے کے ڈر سے دور ہی دور رہتے ہیں) اور (اگر کبھی اتفاقاً اس کی کوشش کرتے بھی ہیں تو) وہ ہر طرف سے (یعنی جس طرف بھی جو شیطان جائے) مار کر دھکے دیدیئے جاتے ہیں (یہ عذاب اور ذلت تو انہیں فی الحال ملتی ہے) اور (پھر آخرت میں) ان کے لئے (جہنم کا) دائمی عذاب ہوگا (غرض کوئی آسمانی خبر سننے سے پہلے ہی انھیں مار بھگایا جاتا ہے، وہ سننے کا ارادہ لے کر آتے ہیں مگر ناکام رہتے ہیں) مگر جو شیطان کچھ خبر لے ہی بھاگے تو ایک دہکتا ہوا شعلہ اس کے پیچھے لگ لیتا ہے (کہ اس کو جلا کر پھونک دیتا ہے، لہٰذا جو کچھ سُنا ہے اسے دوسروں تک پہنچانے میں ناکام رہتا ہے۔ یہ تمام تر انتظامات و تصرفات توحیدِ خداوندی پر دلالت کرتے ہیں)۔

معارف و مسائل

سورت کے مضامین یہ سورت مکّی ہے، اور دوسری مکّی سورتوں کی طرح اس کا بنیادی موضوع بھی ایمانیات ہیں اور اس میں توحید، رسالت اور آخرت کے عقائد کو مختلف طریقوں سے مدلّل کیا گیا ہے۔ اسی ضمن میں مشرکین کے عقائد کی تردید بھی ہے، اور آخرت میں جنّت و دوزخ کے حالات کی منظر کشی بھی۔ جو عقائد تمام انبیاء علیہم السلام کی دعوت میں شامل رہے ان کو مدلّل کرنے اور کفار کے شبہات و اعتراض کو دور کرنے کے بعد یہ بیان کیا گیا ہے کہ ماضی میں

جن لوگوں نے ان عقائد کو تسلیم کیا ان کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا معاملہ کیا رہا؟ اور جنھوں نے کفر و شرک کی راہ اختیار کی ان کا کیا انجام ہوا؟ چنانچہ اس ضمن میں حضرت نوح، حضرت ابراہیم، اور ان کے صاحبزادگان، حضرت موسیٰ و ہارون، حضرت الیاس، حضرت لوط اور حضرت یونس علیہم السلام کے واقعات کہیں اجمالاً اور کہیں تفصیل سے ذکر کئے گئے ہیں۔

مشرکینِ مکہ فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں کہا کرتے تھے، آخر میں اس عقیدے کی مفصل تردید کی گئی ہے۔ اور سورت کے مجموعی طرز سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس سورت میں شرک کی اس خاص قسم (یعنی فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں قرار دینے) کی تردید بطور خاص پیش نظر رہی ہے۔ اسی لئے سورت کو فرشتوں کی قسم کھا کر اور ان کے اوصافِ بندگی کو ذکر کر کے شروع کیا گیا ہے۔ واللہ سبحانہٗ اعلم،

پہلا مضمون توحید سورت کو عقیدۂ توحید کے بیان سے شروع کیا گیا ہے، اور پہلی چار آیتوں کا اصل مقصد یہ بیان کرنا ہے کہ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ (بلاشبہ تمھارا معبود ایک ہی) لیکن اس بات کو بیان کرنے سے پہلے تین قسمیں کھائی گئی ہیں۔ ان قسموں کا ٹھیٹھ لفظی ترجمہ یہ ہے:

"قسم صف باندھ کر کھڑے ہونے والوں کی، پھر قسم بندش کرنیوالوں کی، پھر قسم ذکر کی تلاوت کرنے والوں کی"

یہ "صف باندھ کر کھڑے ہونے والے"، "بندش کرنے والے" اور "ذکر کی تلاوت کرنے والے"، کون ہیں؟ قرآن کریم کے الفاظ میں اس کی صراحت نہیں ہے، اس لئے اس کی تفسیر میں مختلف باتیں کہی گئی ہیں۔ بعض حضرات کا کہنا ہے کہ ان سے مراد اللہ کے راستے میں جہاد کرنے والے وہ غازی ہیں جو صف باندھ کر کھڑے ہوتے ہیں، تاکہ باطل کی قوتوں پر "بندش" لگائیں، اور صف آرا ہوتے وقت "ذکر" و تسبیح اور تلاوتِ قرآن میں بھی مشغول رہتے ہیں۔

بعض نے کہا کہ ان سے مراد وہ نمازی ہیں جو مسجد میں صف باندھ کر شیطانی افکار و اعمال پر "بندش" عائد کرتے ہیں، اور اپنا پورا دھیان "ذکر و تلاوت" پر مرکوز کر دیتے ہیں۔ (تفسیر بحر و قرطبی) اور اس کے علاوہ بھی بعض تفسیریں بیان کی گئی ہیں، جو الفاظِ قرآن کے ساتھ زیادہ مناسبت نہیں رکھتیں۔

لیکن جمہور مفسرین کے یہاں جس تفسیر کو سب سے زیادہ قبولِ عام حاصل ہوا، وہ یہ ہے کہ ان سے مراد فرشتے ہیں، اور یہاں اُن کی تین صفات بیان کی گئی ہیں:-

پہلی صفت اَلصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ہے۔ یہ لفظ "صف" سے نکلا ہے اور اس کے معنی ہیں "کسی جمعیت کو ایک خط پر استوار کرنا" (قرطبی) لہٰذا اس کے معنی ہوئے "صف باندھ کر کھڑے ہونے والے"

فرشتوں کی صف بندی کا ذکر اسی سورت میں آگے چل کر بھی آیا ہے۔ فرشتے خود اپنے بارے میں کہتے ہیں وَاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ "یعنی بلاشبہ ہم سب صف باندھے کھڑے رہتے ہیں"۔ یہ صف بندی کب ہوتی ہے؟ اس کے جواب میں بعض حضرات مفسرین مثلاً حضرت ابن عباسؓ، حسن بصریؒ اور قتادہؒ نے یہ فرمایا کہ فرشتے ہمیشہ فضا میں صف باندھے اللہ کے حکم کے لئے گوش برآواز رہتے ہیں، اور جب کوئی حکم ملتا ہے اس کی تعمیل کرتے ہیں۔ (مظہری) اور بعض حضرات نے اُسے عبادت کے وقت کے ساتھ مخصوص کیا ہے، یعنی جب فرشتے عبادت اور ذکر و تسبیح میں مشغول ہوتے ہیں تو صف باندھ لیتے ہیں (تفسیر کبیر)

نظم وضبط دین میں مطلوب ہے

اس آیت سے معلوم ہوا کہ ہر کام میں نظم وضبط اور ترتیب وسلیقہ کا لحاظ رکھنا دین میں مطلوب اور اللہ تعالیٰ کو پسند ہے۔ ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت ہو یا اس کے احکام کی تعمیل، یہ دونوں مقصد اس طرح بھی حاصل ہو سکتے تھے کہ فرشتے صف باندھنے کے بجائے ایک غیر منظم بھیڑ کی شکل میں جمع ہو جایا کریں، لیکن اس بدنظمی کے بجائے انھیں صف بندی کی توفیق دی گئی، اور اس آیت میں اُن کے اچھے اوصاف میں سب سے پہلے اسی وصف کو ذکر کر کے بتا دیا گیا کہ اللہ تعالیٰ کو ان کی یہ ادا بہت پسند ہے۔

نماز میں صفوف کی درستی اور اس کی اہمیت

چنانچہ انسانوں کو بھی عبادت کے دوران اس صف بندی کی ترغیب و تاکید کی گئی ہے۔ حضرت جابر بن سمرہؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے فرمایا: "تم (نماز میں) اس طرح صف بندی کیوں نہیں کرتے جس طرح فرشتے اپنے رب کے حضور کرتے ہیں"؟ صحابہؓ نے پوچھا: "فرشتے اپنے رب کے حضور کس طرح صف بندی کرتے ہیں"؟ آپؐ نے جواب دیا: "وہ صفوں کو پورا کرتے ہیں، اور صف میں پیوست ہو کر کھڑے ہوتے ہیں (یعنی بیچ میں خالی جگہ نہیں چھوڑتے)"۔ (تفسیر مظہری)

نماز میں صفوں کو پورا کرنے اور سیدھا رکھنے کی تاکید میں اتنی احادیث وارد ہوئی ہیں کہ ان سے ایک پورا رسالہ بن سکتا ہے۔ حضرت ابو مسعود بدریؓ فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں ہمارے کندھوں کو ہاتھ لگا کر فرمایا کرتے تھے: "سیدھے رہو، آگے پیچھے مت ہو، ورنہ تمھارے دلوں میں اختلاف پیدا ہو جائے گا"۔ (جمع الفوائد بحوالہ مسلم ونسائی ص ۹۲ ج ۱)

فرشتوں کی دوسری صفت فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا بیان کی گئی ہے۔ یہ لفظ "زجر" سے نکلا ہے، جس کے معنی ہیں "روکنا"، "ڈانٹنا"، "پھٹکارنا"۔ حضرت تھانویؒ نے اس کا ترجمہ "بندش کرنے والے" سے کیا ہے، جو لفظ کے ہر ممکن مفہوم کو جامع ہے۔ فرشتے کس چیز پر بندش عائد کرتے ہیں؟ قرآن کریم کے سیاق کے پیش نظر زیادہ تر مفسرین نے اس کا

یہ جواب دیا ہے کہ یہاں "بندش عائد کرنے سے" مراد فرشتوں کا وہ عمل ہے جس کے ذریعہ وہ شیاطین کو عالمِ بالا تک پہنچنے سے روکتے ہیں، اور جس کا تفصیلی ذکر خود قرآن کریم میں آگے آرہا ہے۔

تیسری صفت فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ہے۔ یعنی یہ فرشتے "ذکر" کی تلاوت کرنے والے ہیں "ذکر" کا مفہوم "نصیحت کی بات" بھی ہے اور "یادِ خدا" بھی۔ پہلی صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ نے آسمانی کتابوں کے ذریعہ جو نصیحت کی باتیں نازل کی ہیں یہ ان کی تلاوت کرنے والے ہیں۔ اور یہ تلاوت حصولِ برکت اور عبادت کے طور پر بھی ہو سکتی ہے، اور یہ بھی ممکن ہے کہ اس سے وحی لانے والے فرشتے مراد ہوں کہ وہ انبیاء علیہم السلام کے سامنے ان کتب نصیحت کی تلاوت کر کے انھیں اللہ کا پیغام پہنچاتے ہیں۔ اور دوسری صورت میں جبکہ "ذکر" سے مراد یادِ خدا لی جائے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ وہ ہر دم اُن کلمات کی تلاوت میں مصروف رہتے ہیں، جو اللہ کی تسبیح و تقدیس پر دلالت کرتے ہیں۔

یہاں قرآن کریم نے فرشتوں کی یہ تین صفات ذکر کر کے بندگی کے تمام اوصاف کو جمع کر دیا ہے۔ یعنی عبادت کے لئے صف بستہ رہنا، طاغوتی طاقتوں کو اللہ کی نافرمانی سے روکنا، اور اللہ کے احکام و مواعظ کو خود پڑھنا، اور دوسروں تک پہنچانا۔ اور ظاہر ہے کہ بندگی کا کوئی عمل ان تین شعبوں سے خالی نہیں ہو سکتا، لہٰذا چاروں آیتوں کا مفہوم یہ ہو گیا کہ "جو فرشتے تمام اوصافِ بندگی کے حامل ہیں ان کی قسم، تمہارا معبود برحق ایک ہی ہے"۔

فرشتوں کی قسم کیوں کھائی گئی؟

اس سورت میں خاص طور پر فرشتوں کی قسم کھانے کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ جیسا کہ پہلے عرض کیا گیا — اس سورت کا مرکزی موضوع شرک کی اس خاص قسم کی تردید ہے جس کے تحت اہلِ مکہ فرشتوں کو اللہ کی بیٹیاں کہا کرتے تھے۔ چنانچہ سورت کی ابتداء ہی میں فرشتوں کی قسم کھا کر ان کے وہ اوصاف بیان کر دیئے گئے جن سے ان کی مکمل بندگی کا اظہار ہوتا ہے۔ گویا مطلب یہ ہے کہ فرشتوں کے ان اوصافِ بندگی پر غور کرو گے تو وہ خود تمہارے سامنے اس بات کی گواہی دیں گے کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ ان کا رشتہ باپ بیٹی کا نہیں، بلکہ بندہ و آقا کا ہے۔

حق تعالیٰ کا قسم کھانا اور اس کے متعلق احکام اور سوال و جواب

قرآن مجید میں حق تعالیٰ نے ایمان و عقائد کے بہت سے اصولی مسائل کی تاکید کے لئے مختلف طرح کی قسم کھائی ہے، کبھی اپنی ذات کی، کبھی اپنی مخلوقات میں سے خاص خاص اشیاء کی۔ اس کے متعلق بہت سے سوالات ہوتے ہیں۔ اسی لئے قرآن شریف کی تفسیر میں یہ ایک مستقل اصولی مسئلہ بن گیا ہے۔ حافظ ابن قیمؒ نے اس پر ایک مستقل کتاب "التبیان فی اقسام القرآن" لکھی ہے۔ علامہ سیوطیؒ نے اپنی

اصولِ تفسیر کی کتاب "اتقان" میں مباحث کی سرسٹھویں نوع اس کو قرار دے کر مفصل کلام کیا ہے۔ یہاں کچھ ضروری اجزاء لکھے جاتے ہیں۔

پہلا سوال: اللہ تعالیٰ کی قسم کھانے میں فطری طور پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ حق تعالیٰ اغنی الاغنیاء ہیں، ان کو کیا ضرورت ہے کہ کسی کو یقین دلانے کے لئے قسم کھائیں؟

اتقان میں ابوالقاسم قشیریؒ سے اس سوال کے جواب میں یہ مذکور ہے کہ حق تعالیٰ کو تو کوئی ضرورت قسم کھانے کی نہ تھی، مگر اس کو جو شفقت و رحمت اپنی مخلوق پر ہے وہ اس کی داعی ہوتی کہ کسی طرح یہ لوگ حق کو قبول کریں اور عذاب سے بچ جائیں۔ ایک اعرابی نے جب آیت وَفِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوعَدُونَ ۝ فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْأَرْضِ إِنَّهُ لَحَقٌّ، سنی تو کہنے لگا کہ اللہ جیسی عظیم الشان ہستی کو کس نے ناراض کیا ہے کہ اس کو قسم کھانے پر مجبور کر دیا۔

خلاصہ یہ ہے کہ شفقت علی الخلق اس کی داعی ہے کہ جس طرح دنیا کے جھگڑے چکانے اور اختلافات مٹانے کا معروف طریقہ یہ ہے کہ دعوے پر شہادت پیش کی جائے شہادت نہ ہو تو قسم کھائی جائے، اسی طرح حق تعالیٰ نے انسان کے اس مانوس طریقہ کو اختیار فرمایا ہے کہیں تو شہادت کے الفاظ سے مضمون کی تاکید فرمائی جیسے شَهِدَ اللّٰهُ أَنَّهُ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الآیۃ، اور کہیں قسم کے الفاظ سے جیسے إِيْ وَرَبِّيْ إِنَّهُ لَحَقٌّ وغیرہ

دوسرا سوال یہ ہے کہ قسم اپنے سے بہت بڑے کی کھائی جاتی ہے، حق تعالیٰ نے اپنی مخلوقات کی قسم کھائی جو ہر حیثیت سے کمتر ہیں؟

جواب یہ ہے کہ جب حق تعالیٰ سے بڑی کوئی ذات نہ ہے نہ ہو سکتی ہے، تو یہ ظاہر ہے کہ حق تعالیٰ کی قسم عام مخلوق کی قسم کی طرح نہیں ہو سکتی۔ اس لئے حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے کہیں اپنی ذات پاک کی قسم کھائی ہے جیسے (إِيْ وَرَبِّيْ) اور اس طرح ذات حق کی قسمیں قرآن میں سات جگہ آئی ہیں۔ اور کہیں اپنے افعال وصفات کی اور قرآن کی قسم کھائی ہے، جیسے وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰهَا، وَالْأَرْضِ وَمَا طَحٰهَا، وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰهَا وغیرہ، اور بیشتر قسمیں اپنے مفعول ومخلوق کی استعمال ہوئی ہیں، جو معرفت کا ذریعہ ہونے کی حیثیت سے اسی کی ذات کی طرف راجع ہو جاتی ہیں (کذا ذکرہ ابن قیم)

مخلوقات میں جن چیزوں کی قسم کھائی گئی ہے، کہیں تو اس سے اس چیز کو عظمت وفضیلت کا بیان کرنا مقصود ہوتا ہے جیسا کہ قرآن کریم میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر کی قسم آئی ہے لَعَمْرُكَ إِنَّهُمْ لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝ ابن مردویہ نے حضرت ابن عباسؓ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کوئی مخلوق اور کوئی چیز دنیا میں رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی سے زیادہ معزز اور مکرم نہیں پیدا کی، یہی وجہ ہے کہ پورے قرآن مجید میں کسی نبی و رسول کی ذات کی قسم نہیں آئی، صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر کی قسم آیتِ مذکورہ میں آئی ہے۔ اسی طرح (وَالطُّوْرِ وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ) کی قسم بھی طور اور کتاب کی عظمت ظاہر کرنے کے لئے آئی ہے۔

اور بعض اوقات کسی مخلوق کی قسم اس لئے کھائی گئی ہے کہ وہ کثیر المنافع ہے، جیسے وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ۔ اور بعض جگہ کسی مخلوق کی قسم اس لئے کھائی ہے کہ اس کی تخلیق اللہ تعالیٰ کی عظیم قدرت کا مظہر اور معرفتِ صانع عالم کا اہم ذریعہ ہے۔ اور عموماً جس چیز کی قسم کھائی گئی ہے اس کو اس مضمون کے ثبوت میں کچھ دخل ضرور ہوتا ہے جس مضمون کے لئے قسم کھائی ہے، جو ہر جگہ غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے۔

تیسرا سوال یہ ہے کہ شریعت کا مشہور حکم عام انسانوں کے لئے یہ ہے کہ اللہ تعالےٰ کے سوا کسی کی قسم کھانا جائز نہیں، حق تعالیٰ کی طرف سے خود مخلوقات کی قسم کھانا کیا اس کی دلیل نہیں کہ دوسروں کے لئے بھی غیر اللہ کی قسم جائز ہے؟ اس کے جواب میں حضرت حسن بصریؒ نے فرمایا ہے:۔

إِنَّ اللّٰهَ يقسم بما شاء من خلقه وليس لاحد ان يقسم الّا بالله (رواه ابن ابی حاتم ازمظهری)	"اللہ تعالیٰ کو اختیار ہے وہ اپنی مخلوقات میں سے جس چیز کی چاہے قسم کھالے، مگر کسی دوسرے کے لئے اللہ کے سوا کسی کی قسم کھانا جائز نہیں"

مطلب یہ ہے کہ اپنے آپ کو اللہ جل شانہٗ پر قیاس کرنا غلط اور باطل ہے، جب شریعتِ الٰہیہ میں عام انسانوں کے لئے غیر اللہ کی قسم ممنوع کردی گئی تو اللہ تعالیٰ کے اپنے ذاتی فعل سے اس کے خلاف استدلال کرنا باطل ہے۔

اس کے بعد آیاتِ مذکورہ کی تفسیر پر غور فرمائیے۔

پہلی چار آیتوں میں فرشتوں کی قسم کھا کر یہ بیان کیا گیا ہے کہ تم سب کا معبود برحق ایک ہے۔ اگرچہ قسم کے دوران فرشتوں کی صفات بھی وہ ذکر کی گئی ہیں جن پر تھوڑا سا بھی غور کرلیا جائے تو وہ عقیدۂ توحید ہی کی دلیل معلوم ہوتی ہیں، لیکن آگے کی چھ آیات میں توحید کی دلیل مستقلاً بیان کی گئی ہے۔ ارشاد ہے:

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ (وہ پروردگار ہے آسمانوں اور زمین اور ان کے درمیان جتنی مخلوقات ہیں ان کا اور پروردگار ہے مشرقوں کا) تو

جو ذات اتنی عظیم مخلوقات کی خالق و پروردگار ہو، عبادت کی مستحق بھی وہی ہے، اور یہ ساری کائنات اس کے وجود اور وحدانیت کی دلیل ہے ——— یہاں المشارق، مشرق کی جمع ہے، اور چونکہ سورج سال کے ہر دن میں ایک نئی جگہ سے طلوع ہوتا ہے، اس لئے اس کی مشرقیں بہت ساری ہیں، اسی بناء پر یہاں جمع کا صیغہ لایا گیا ہے۔

اِنَّا زَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِزِیْنَةِ ِۨالْکَوَاکِبِ اس میں السماء الدنیا سے مراد نزدیک ترین آسمان ہے۔ اور مطلب یہ ہے کہ ہم نے اس نزدیک والے آسمان کو ستاروں کے ذریعے زینت بخشی ہے، اب یہ کوئی ضروری نہیں کہ یہ ستارے ٹھیک آسمان کے اندر ہوں، بلکہ اگر اس سے جدا ہوں تب بھی زمین سے دیکھا جائے تو وہ آسمان ہی پر معلوم ہوتے ہیں، اور ان کی وجہ سے آسمان جگمگاتا نظر آتا ہے۔ بتلانا صرف اس قدر ہے کہ یہ تاروں بھرا آسمان اس بات کی دلیل ہے کہ وہ خود بخود وجود میں نہیں آگیا، بلکہ اسے پیدا کرنے والے نے پیدا کیا ہے، اور جو ذات اتنی عظیم الشان چیزوں کو وجود میں لاسکتی ہے اُسے کسی شریک اور ساجھی کی کیا ضرورت ہے؟ نیز جب یہ بات مشرکین کے نزدیک بھی طے شدہ ہے کہ ان تمام فلکی اجسام کا خالق اللہ تعالیٰ ہے تو یہ بڑے ظلم کی بات ہے کہ خالق و مالک تو وہ ہو اور عبادت کسی اور کی کی جائے؟

رہا یہ مسئلہ کہ ستارے قرآن کی رُو سے آسمان میں جڑے ہوتے ہیں یا اس سے الگ ہیں؟ نیز قرآن کریم کا علمِ ہیئت کے ساتھ کیا ربط ہے؟ اس موضوع پر مفصل بحث سورۂ حجر میں گذر چکی ہے۔

وَحِفْظًا مِّنْ کُلِّ شَیْطٰنٍ مَّارِدٍ (الیٰ قولہ تعالیٰ) فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ، ان آیات میں زینت و آرائش کے علاوہ ستاروں کا ایک فائدہ یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ ان کے ذریعہ شریر قسم کے شیاطین کو عالمِ بالا کی باتیں سننے سے روکا جاتا ہے۔ وہ غیبی خبروں کی سُن گن لینے کے لئے آسمان کے قریب جاتے ہیں، لیکن انھیں فرشتوں کی باتیں سننے کا موقع نہیں دیا جاتا۔ کوئی شیطان اگر کوئی آدھی ہتائی بات سُن بھاگتا ہے تو اُسے ایک دھکتے ہوئے شعلہ کے ذریعے مار لگائی جاتی ہے، تاکہ وہ دنیا میں پہنچ کر اپنے معتقد کاہنوں اور نجومیوں کو کچھ بتا نہ سکے، اسی دھکتے ہوئے شعلے کو "شہابِ ثاقب" کہا گیا ہے۔

"شہابِ ثاقب" کی کچھ تفصیل سورۂ حجر میں گذر چکی ہے، یہاں اتنی تنبیہ ضروری ہے کہ قدیم یونانی فلاسفہ اس بات کے قائل تھے کہ "شہاب ثاقب" دراصل کوئی زمینی مادّہ ہوتا ہے، جو بخارات کے ساتھ اوپر چلا جاتا ہے، اور کرۂ نار کے قریب پہنچ کر جل اٹھتا ہے، لیکن قرآن کریم کے ظاہری الفاظ سے یہ معلوم ہوتا ہے "شہاب ثاقب" کوئی زمینی مادہ نہیں،

بلکہ عالم بالا ہی میں پیدا ہونے والی کوئی چیز ہے۔ قدیم مفسّرین اس موقع پر یہ کہتے آئے ہیں کہ یونانی فلاسفہ کا یہ خیال "کہ شہاب ثاقب" کوئی زمینی مادّہ ہے محض قیاس اور تخمینہ پر مبنی ہے، اس لئے اس سے قرآن پر کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا، اس کے علاوہ اگر کوئی زمینی مادہ اوپر جا کر مشتعل ہو جاتا ہو تو قرآن کریم سے اس کی بھی کوئی منافات نہیں۔

لیکن آج کی جدید سائنسی تحقیقات نے یہ سوال ہی ختم کر دیا ہے۔ موجودہ سائنسدانوں کا خیال یہ ہے کہ "شہاب ثاقب" اَن گنت ستاروں ہی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ہوتے ہیں، اور عموماً بڑی بڑی اینٹوں کے برابر، اور یہ اَن گنت ٹکڑے فضا میں رہتے ہیں۔ انہی کا ایک مجموعہ "اسدیہ" کہلاتا ہے، جو سورج کے گرد ھلیلہ کی شکل میں گردش کرتا رہتا ہے، اور اس کا ایک دورہ ۳۳ سال میں پورا ہوتا ہے۔ ان ٹکڑوں میں روشنی ان کی تیز رفتاری اور خلائی اجرام کی رگڑ سے پیدا ہوتی ہے۔ یہ ٹکڑے ۱۰ر اگست اور ۱۷ر نومبر کی راتوں میں زیادہ گرتے ہیں، اور ۲۰ر اپریل، ۲۸ر نومبر، ۱۸ر اکتوبر اور ۶ر، ۹ر، ۱۳ر دسمبر کی راتوں میں کم ہو جاتے ہیں۔

(از تفسیر الجواہر للطنطاوی، ص ۱۵، ج ۸)

جدید سائنس کی یہ تحقیق قرآنی اسلوبِ بیان کے زیادہ مطابق ہے، البتہ جو لوگ "شہاب ثاقب" کے ذریعہ شیطانوں کے مارے جانے کو بعید از قیاس سمجھتے ہیں ان کے بارے میں طنطاوی مرحوم نے الجواہر میں بڑی اچھی بات لکھی ہے:

"ہمارے آباء واجداد اور حکماء کو بھی یہ بات گراں محسوس ہوتی تھی کہ قرآن کریم ان کے زمانہ کے علمِ فلکیات کے خلاف کوئی بات کہے، لیکن مفسّرین اس بات پر راضی نہیں ہوئے کہ ان کے فلسفیانہ نظریات کو قبول کر کے قرآن کو چھوڑ دیں، اس کے بجائے انھوں نے ان فلسفیانہ نظریات کو چھوڑا اور قرآن کے ساتھ رہے۔ کچھ عرصہ کے بعد خود بخود ثابت ہو گیا کہ قدیم یونانی فلاسفہ کا خیال بالکل باطل اور غلط تھا، اب بتائیے کہ اگر ہم یہ تسلیم کر لیں کہ یہ ستارے شیطانوں کو جلاتے، مارتے اور تکلیف پہنچاتے ہیں تو اس میں کونسی رکاوٹ ہے؟ ہم قرآن کریم کے اس بیان کو تسلیم کرتے ہوئے مستقبل کے انتظار میں ہیں، (جب سائنس بھی اس حقیقت کو تسلیم کر لے گی) ——— (جواہر، ص ۱۴ ج ۸)

مقصدِ اصلی یہاں آسمانوں، ستاروں، اور شہابِ ثاقب کا تذکرہ کرنے سے ایک مقصد تو توحید کا اثبات ہے کہ جس ذات نے یکہ و تنہا اتنے زبردست آفاقی انتظامات کئے ہوئے ہیں، وہی لائقِ عبادت بھی ہے۔ دوسرے اسی دلیل میں اُن لوگوں کے خیال

کی تردید بھی کردی گئی ہے جو شیطانوں کو دیوتا یا معبود قرار دیتے ہیں، اور جتا دیا گیا ہے کہ یہ تو ایک مردود و مقہور مخلوق ہیں، ان کو خدائی سے کیا واسطہ؟

اس کے علاوہ اسی مضمون میں اُن لوگوں کی بھی بھرپور تردید موجود ہے جو قرآن کریم کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہونے والی وحی کو کاہنوں کی کہانت سے تعبیر کیا کرتے تھے۔ ان آیتوں میں اشارہ کردیا گیا کہ قرآن کریم تو کاہنوں کی تردید کرتا ہے، لے دے کر ان کی معلومات کا سب سے بڑا ذریعہ شیاطین ہیں، اور قرآن یہ کہتا ہے کہ شیاطین کی عالمِ بالا تک رسائی ممکن نہیں، وہ غیب کی سچی خبریں نہیں لاسکتے۔ جب کہانت کے بارے میں قرآن کریم کا بیان کیا ہوا عقیدہ یہ ہے تو وہ خود کہانت کیسے ہوسکتا ہے؟ اس طرح یہ آیتیں توحید اور رسالت دونوں مضامین کی طرف اشاروں پر مشتمل ہیں، اور آگے انہی آسمانی مخلوقات کے ذریعہ آخرت کے عقیدے کو ثابت کیا گیا ہے۔

فَاسْتَفْتِهِمْ أَهُمْ أَشَدُّ خَلْقًا أَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ۚ إِنَّا خَلَقْنٰهُمْ

اب پوچھ ان سے کیا یہ بنانے مشکل ہیں یا جتنی خلقت کہ ہم نے بنائی؟ ہم نے ہی ان کو بنایا ہے

مِّنْ طِينٍ لَّازِبٍ ﴿١١﴾ بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُونَ ﴿١٢﴾ وَإِذَا ذُكِّرُوا

ایک چپکتے گارے سے ۔ بلکہ تو کرتا ہی تعجب اور وہ کرتے ہیں ٹھٹھے ۸ اور جب انکو سمجھایئے

لَا يَذْكُرُونَ ﴿١٣﴾ وَإِذَا رَأَوْا آيَةً يَّسْتَسْخِرُونَ ﴿١٤﴾ وَقَالُوا

نہیں سوچتے ۔ اور جب دیکھیں کچھ نشانی ہنسی میں ڈال دیتے ہیں ۔ اور کہتے ہیں

إِنْ هٰذَآ إِلَّا سِحْرٌ مُّبِينٌ ﴿١٥﴾ ءَإِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّ

کچھ نہیں یہ تو کھلا جادو ہے ۔ کیا جب ہم مرگئے اور ہوگئے مٹی اور

عِظَامًا ءَإِنَّا لَمَبْعُوثُونَ ﴿١٦﴾ أَوَ آبَآؤُنَا الْأَوَّلُونَ ﴿١٧﴾ قُلْ

ہڈیاں تو کیا ہم کو پھر اٹھائیں گے، کیا اور ہمارے اگلے باپ دادوں کو بھی؟ تو کہہ کہ

نَعَمْ وَأَنتُمْ دَاخِرُونَ ﴿١٨﴾

ہاں اور تم ذلیل ہوگے۔

خُلاصۂ تفسیر

(جب دلائلِ توحید سے معلوم ہوگیا کہ اللہ تعالیٰ ان عظیم الشان مخلوقات میں ایسے ایسے

عظیم تصرّفات پر قادر ہیں اور یہ ساری عظیم مخلوقات اس کے قبضۂ قدرت میں ہیں) تو آپ ان (آخرت کا انکار کرنے والوں) سے پوچھئے کہ یہ لوگ بناوٹ میں زیادہ سخت ہیں، یا ہماری پیدا کی ہوئی یہ چیزیں (جن کا ابھی ذکر ہوا)؟ حقیقت یہی ہے کہ یہی چیزیں زیادہ سخت ہیں، کیونکہ) ہم نے ان لوگوں کو (تو آدم ؑ کی تخلیق کے وقت اسی معمولی) چپکتی مٹی سے پیدا کیا ہے، (جس میں نہ کچھ قوّت ہی نہ سختی، اور انسان جو اس سے بنا ہے وہ بھی زیادہ قوی اور سخت نہیں ہی اب سوچنے کی بات ہے کہ جب ہم ایسی قوی اور سخت مخلوقات کو عدم سے وجود میں لانے پر قادر ہیں تو انسان جیسی ضعیف مخلوق کو ایک بار موت دے کر دوبارہ زندہ کرنے پر کیوں قدرت نہ ہوگی؟ مگر ایسی واضح دلیل کے باوجود یہ لوگ آخرت کے امکان کے قائل نہیں ہوئے) بلکہ (اس سے بڑھ کر بات یہ ہے کہ) آپ تو (ان کے انکار سے) تعجب کرتے ہیں اور یہ لوگ (انکار سے بڑھ کر آخرت کے عقیدے سے) تمسخر کرتے ہیں اور جب اُن کو (دلائلِ عقلیہ سے) سمجھایا جاتا ہے تو یہ سمجھتے نہیں اور جب یہ کوئی معجزہ دیکھتے ہیں (جو آپ ؐ کی نبوت ثابت کرنے کے لئے ان کو دکھایا جاتا ہے جس سے عقیدۂ آخرت ثابت کیا جائے) تو (خود) اس کی ہنسی اڑاتے ہیں، اور کہتے ہیں کہ یہ تو صریح جادو ہے۔ (کیونکہ اگر یہ معجزہ ہو تو اس سے آپ ؐ کی نبوّت ثابت ہو جائیگی اور آپ ؐ کو نبی ماننے کے بعد آپ ؐ کا بیان کردہ عقیدۂ آخرت بھی ماننا پڑے گا، حالانکہ ہم آخرت کا عقیدہ نہیں مان سکتے، کیونکہ) بھلا جب ہم مر گئے اور مٹی اور ہڈیاں ہو گئے، تو کیا ہم (پھر) زندہ کئے جائیں گے، اور کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی (زندہ ہوں گے) آپ ؐ کہہ دیجئے کہ ہاں (ضرور زندہ ہوں گے) اور تم ذلیل بھی ہوگے۔

معارف و مسائل

عقیدۂ توحید کو ثابت کرنے کے بعد ان آٹھ آیتوں میں عقیدۂ آخرت کا بیان ہے، اور اس سے متعلق مشرکین کے شبہات کا جواب دیا گیا ہے۔ سب سے پہلی آیت میں انسانوں کے دوبارہ زندہ ہونے کے امکان پر عقلی دلیل پیش کی گئی ہے، جس کا خلاصہ یہ ہے کہ کائنات کے جن عظیم اجسام کا ذکر پچھلی آیتوں میں کیا گیا ہے، انسان تو ان کے مقابلہ میں بہت کمزور مخلوق ہے جب تم یہ تسلیم کرتے ہو کہ اللہ تعالیٰ نے فرشتے، چاند، ستارے، سورج اور شہاب ثاقب جیسی مخلوقات اپنی قدرت سے پیدا فرمائی ہیں، تو اس کے لئے انسان جیسی کمزور مخلوق کو موت دے کر دوبارہ زندہ کر دینا کیا مشکل ہے؟ جس طرح تمہیں ابتداء میں چپکتی ہوئی مٹی سے بنا کر تم میں روح پھونک دی تھی، اسی طرح جب تم مر کر دوبارہ خاک ہو جاؤ گے اُس وقت پھر اللہ تعالیٰ

تمہیں زندگی عطا کر دے گا۔

اور یہ جو ارشاد فرمایا گیا ہے کہ "ہم نے انھیں چپکتی مٹی سے پیدا کیا" اس سے مطلب یا تو یہ ہے کہ ان کے جدِّ امجد حضرت آدم علیہ السلام کو مٹی سے پیدا کیا گیا تھا، اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس سے مراد ہر انسان ہو۔ اس لئے کہ اگر غور سے دیکھا جائے تو ہر انسان کی اصل پانی ملی ہوئی مٹی ہوتی ہے، وہ اس طرح کہ انسان نطفہ سے پیدا ہوتا ہے، نطفہ خون سے بنتا ہے، خون غذا سے پیدا ہوتا ہے اور غذا خواہ کسی شکل میں ہو اس کی اصل نباتات ہیں، اور نباتات مٹی اور پانی سے پیدا ہوتے ہیں۔

بہر صورت پہلی آیت عقیدۂ آخرت کی عقلی دلیل پر مشتمل ہے، اور اسے خود انہی سے یہ سوال کر کے شروع کیا گیا ہے کہ تم زیادہ سخت مخلوق ہو یا جن مخلوقات کا ذکر ہم نے کیا ہے، وہ زیادہ سخت ہیں؟ جواب ظاہر تھا کہ وہی مخلوقات زیادہ سخت ہیں، اس لئے اس کی تصریح کرنے کے بجائے اس کی طرف یہ کہہ کر اشارہ کر دیا گیا ہے کہ "ہم نے تو انہیں چپکتی مٹی سے پیدا کیا ہے"۔

اس کے بعد کی پانچ آیتوں میں اس ردِّ عمل کا بیان کیا گیا ہے جو آخرت کے دلائل سنکر مشرکین ظاہر کرتے ہیں۔ مشرکین کے سامنے عقیدۂ آخرت کے جو دلائل بیان کئے جاتے تھے وہ دو قسم کے تھے۔ ایک تو عقلی دلائل، جیسے پہلی آیت میں بیان کیا گیا، دوسرے نقلی دلائل یعنی ان کو معجزے دکھا کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوّت و رسالت کا بیان کیا جاتا تھا اور کہا جاتا تھا کہ آپ اللہ کے نبی ہیں، نبی کبھی جھوٹ نہیں بول سکتا، اس کے پاس آسمانی خبریں آتی ہیں، جب آپ یہ خبر دے رہے ہیں کہ قیامت آئے گی، حشر و نشر ہوگا، انسانوں سے حساب و کتاب لیا جائے گا تو یہ خبر یقیناً سچی ہے، اسے مان لینا چاہیئے۔ ــــــ جہاں تک عقلی دلائل پر مشرکین کے ردِّ عمل کا تعلق ہے، اس کے بارے میں ارشاد ہے:

بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُوْنَ ۝ وَإِذَا ذُكِّرُوْا لَا يَذْكُرُوْنَ ۝ یعنی آپ کو تو ان لوگوں پر یہ تعجب ہوتا ہے کہ کیسے واضح دلائل سامنے آنے کے باوجود یہ لوگ نہیں مان رہے، لیکن یہ اُلٹا آپ کے دلائل و عقائد کا مذاق اڑاتے ہیں، اور انھیں کتنا ہی سمجھا لو، سمجھ کر نہیں دیتے۔

رہے نقلی دلائل، سو اس کے بارے میں ان کا ردِّ عمل یہ ہے کہ:

وَإِذَا رَأَوْا آيَةً يَّسْتَسْخِرُوْنَ الخ یعنی جب کوئی معجزہ دیکھتے ہیں جو آپ کی نبوّت اور بالآخر عقیدۂ آخرت پر دلالت کرتا ہے، تو یہ اُسے بھی ٹھٹھوں میں اڑا کر یہ کہہ دیتے ہیں کہ یہ تو کھلا جادو ہے۔ اور اس سارے تمسخر و استہزاء کی اُن کے پاس ایک ہی دلیل ہے اور وہ یہ کہ:

ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ۝

یعنی یہ بات ہمارے تصوّر میں نہیں آتی کہ ہم یا ہمارے آباء واجداد خاک ہوجانے اور ہڈیاں بن جانے کے بعد دوبارہ کیسے زندہ کردیئے جائیں گے؟ اس لئے ہم نہ کوئی عقلی دلیل مانتے ہیں، اور نہ کسی معجزے وغیرہ کو تسلیم کرتے ہیں۔ باری تعالیٰ نے اس کے جواب میں صرف ایک جملہ آخر میں ارشاد فرمایا:۔ قُلْ نَعَمْ وَاَنْتُمْ دَاخِرُوْنَ ۝ "یعنی آپ کہہ دیجئے کہ ہاں تم ضرور دوبارہ زندہ ہوگے اور ذلیل وخوار ہوکر زندہ ہوگے"۔

دیکھنے میں تو یہ ایک حاکمانہ جواب ہے، جیسا ہٹ دھرمی کرنے والوں کو دیا جاتا ہے، لیکن تھوڑا سا غور کیا جائے تو یہ ایک پوری دلیل بھی ہے، جس کی تشریح امام رازیؒ نے تفسیر کبیر میں کی ہے۔ اور وہ اس طرح کہ اوپر دوبارہ زندہ ہونے کی عقلی دلیل سے ثابت ہوچکا ہے کہ انسانوں کا مرکر پھر زندہ ہونا کوئی ناممکن بات نہیں، اور یہ قاعدہ ہے کہ جو بات عقلاً ممکن ہو اس کا واقعۃً وجود میں آجانا کسی سچے خبر دینے والے کی خبر سے ثابت ہوسکتا ہے۔ جب یہ بات طے ہوگئی کہ دوبارہ زندہ ہونا ممکن ہی تو اس کے بعد کسی سچے نبی کا صرف اتنا کہہ دینا کہ "ہاں تم ضرور دوبارہ زندہ ہوگے" اس بات کی قطعی دلیل ہے کہ یہ واقعہ ضرور پیش آکر رہے گا۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات کا ثبوت

وَاِذَا رَاَوْا اٰيَةً الخ میں "آیۃ" کے لغوی معنی نشانی کے ہیں، اور اس سے یہاں مراد معجزہ ہے۔ لہٰذا یہ آیت اس بات کی دلیل ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کے علاوہ بھی کچھ معجزات عطا فرمائے تھے، اور اس سے اُن ملحدین کی تردید ہوجاتی ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات کو حسّی اسباب کے تابع قرار دے کر یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ آپؐ کے دستِ مبارک پر قرآن کریم کے سوا کوئی معجزہ ظاہر نہیں کیا گیا۔

چوتھی آیت میں اللہ تعالیٰ نے صاف ارشاد فرمایا ہے: وَاِذَا رَاَوْا اٰيَةً يَّسْتَسْخِرُوْنَ (جب یہ کوئی معجزہ دیکھتے ہیں تو اس کا ٹھٹھا اڑاتے ہیں) بعض منکرین معجزات کہتے ہیں کہ یہاں "آیۃ" سے مراد معجزہ نہیں، بلکہ عقلی دلائل ہیں۔ لیکن یہ بات اس لئے غلط ہے کہ اگلی آیت میں ہے وَقَالُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ، یعنی وہ کہتے ہیں کہ یہ تو کھلا جادو ہے"۔ ظاہر ہے کہ کسی دلیل کو کھلا جادو قرار دینے کا کوئی تک نہیں ہے، یہ بات وہ معجزہ دیکھ کر ہی کہہ سکتے ہیں۔

بعض منکرینِ معجزات یہ بھی کہتے ہیں کہ "آیۃ" سے مراد قرآن کریم کی آیات ہیں کہ یہ لوگ انھیں جادو قرار دیتے ہیں۔ لیکن قرآن کریم کا لفظ "رَاَوْا" (دیکھتے ہیں) اس کی صاف

تردید کررہا ہے۔ آیاتِ قرآنی کو دیکھا نہیں، سُنا جاتا تھا۔ چنانچہ قرآن کریم میں جہاں کہیں آیاتِ قرآنی کا ذکر ہے وہاں اس کے ساتھ سننے کے الفاظ آئے ہیں دیکھنے کے نہیں، اور قرآن کریم میں جگہ جگہ "آیۃ" کا لفظ معجزہ کے معنی میں آیا ہے۔ مثلاً حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فرعون کا مطالبہ نقل کرتے ہوئے ارشاد ہے:

"اِنْ كُنْتَ جِئْتَ بِاٰيَةٍ فَاْتِ بِهَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ"

"اگر تم کوئی معجزہ لے کر آئے ہو تو لاؤ، اگر سچے ہو"

اسی کے جواب میں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے لاٹھی کو سانپ بنانے کا معجزہ دکھلایا تھا۔

رہیں قرآن کریم کی وہ آیات جن میں مذکور ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے معجزہ دکھانے کے مطالبہ کو نہیں مانا۔ سو درحقیقت وہاں بار بار معجزات دکھائے جا چکے تھے لیکن وہ ہر روز اپنی مرضی کا ایک نیا معجزہ طلب کرتے تھے، اس کے جواب میں معجزہ دکھانے سے انکار کیا گیا۔ اس لئے کہ اللہ کا نبی اللہ کے حکم سے معجزات دکھاتا ہے، اگر کوئی پھر بھی اس کی بات نہ مانے تو ہر روز ایک نیا معجزہ ظاہر کرنا نبی کے وقار کے بھی خلاف ہے، اور اللہ تعالیٰ کی مشیت کے بھی۔

اس کے علاوہ اللہ تعالیٰ کا دستور یہ رہا ہے کہ جب کسی قوم کو اس کا مطلوبہ معجزہ عطا کر دیا گیا اور اس کے بعد بھی وہ ایمان نہیں لائی، تو عذابِ عام کے ذریعہ اس کو ہلاک کیا گیا امّتِ محمدیہ کو چونکہ باقی رکھنا اور عذابِ عام سے بچانا پیشِ نظر تھا اس لئے اسے مطلوبہ معجزہ نہیں دکھایا گیا۔

فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمْ يَنْظُرُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَقَالُوْا

سو وہ اٹھانا تو یہی ہے ایک جھڑکی پھر اسی وقت یہ لگیں گے دیکھنے۔ اور کہیں گے

يٰوَيْلَنَا هٰذَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۲۰﴾ هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ الَّذِيْ

اے خرابی ہماری یہ آگیا دن جزا کا۔ یہ ہے دن فیصلہ کا جس کو

كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۱﴾ اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ ع ۱ ۲۱ ۵

تم جھٹلاتے تھے۔ جمع کرو گنہگاروں کو اور ان کے جوڑوں کو

وَمَا كَانُوا يَعْبُدُونَ ﴿٢٢﴾ مِن دُونِ اللَّهِ فَاهْدُوهُمْ إِلَىٰ	
اور جو کچھ پوجتے تھے ، اللہ کے سوائے پھر چلاؤ ان کو	
صِرَاطِ الْجَحِيمِ ﴿٢٣﴾ وَقِفُوهُمْ إِنَّهُم مَّسْئُولُونَ ﴿٢٤﴾ مَا لَكُمْ	ع ۱
دوزخ کی راہ پر ، اور کھڑا رکھو ان کو ، ان سے پوچھنا ہے ، کیا ہوا تم کو	
لَا تَنَاصَرُونَ ﴿٢٥﴾ بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُونَ ﴿٢٦﴾	
ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے ؟ کوئی نہیں وہ آج اپنے آپ کو پکڑوا تے ہیں ۔	

خُلاصۂ تفسیر

پس قیامت تو بس ایک للکار ہوگی (یعنی دوسرا صور) سو (اس سے) سب یکایک (زندہ ہوکر) دیکھنے بھالنے لگیں گے اور (حسرت سے) کہیں گے ہائے ہماری کم بختی یہ تو وہی روزِ جزا (معلوم ہوتا) ہے (ارشاد ہوگا کہ ہاں) یہ وہی فیصلہ کا دن ہے جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے (آگے قیامت ہی کے بعض واقعات کی تفصیل ہے کہ فرشتوں کو حکم ہوگا) جمع کرلو ظالموں کو (یعنی جو کفر و شرک کے بانی اور مقتدا تھے) اور ان کے ہم مشربوں کو (یعنی جو اُن کے ساتھ تابع تھے) اور ان معبودوں کو جن کی وہ لوگ خدا کو چھوڑ کر عبادت کیا کرتے تھے (یعنی شیاطین اور بُت) پھر ان سب کو دوزخ کا رستہ بتلاؤ (یعنی ادھر لے جاؤ) اور (پھر یہ حکم ہوگا کہ اچھا) ان کو (ذرا) ٹھہراؤ ان سے کچھ پوچھا جائے گا (چنانچہ اُن سے یہ سوال ہوگا) کہ اب تم کو کیا ہوا کہ (عذاب کا حکم سن کر) ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے (یعنی کافروں کے بڑے بڑے رہنما انسان ہوں یا شیاطین اپنے تابعین کی مدد نہیں کرتے، جس طرح دنیا میں ان کو بہکایا کرتے تھے ؟ مگر اس سوال کے بعد بھی وہ مدد نہ کرسکیں گے) بلکہ وہ سب کے سب اس روز سرافگندہ (کھڑے) ہوں گے ۔

مَعارِف و مسائل

آخرت کے امکان و ثبوت کے بعد باری تعالیٰ نے ان آیتوں میں حشر و نشر کے کچھ واقعات بیان فرمائے ہیں، اور دوبارہ زندہ ہونے کے بعد کافروں اور مسلمانوں کو جو حالات پیش آئیں گے ان کا تذکرہ فرمایا ہے ۔

سب سے پہلی آیت میں مردوں کے زندہ ہونے کا طریق کار بیان فرمایا ہے کہ فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ (یعنی قیامت تو بس ایک للکار ہوگی) زَجْرَةٌ کا لفظ زَجْرٌ کا اسم مرّہ ہے اور اس کے عربی زبان میں کئی معنی آتے ہیں۔ ان میں سے ایک معنی ہیں "مویشیوں کو چلنے پر آمادہ کرنے کے لئے ایسی آوازیں نکالنا جنھیں سُن کر وہ اُٹھ کھڑے ہوں" یہاں اس سے مراد وہ دوسرا صور ہے جو حضرت اسرافیل علیہ السلام مُردوں کو زندہ کرنے کے لئے پھونکیں گے، اور اسے "زجرۃ" سے اس لئے تعبیر کیا گیا ہے کہ جس طرح مویشیوں کو اٹھا کر چلانے کے لئے کچھ آوازیں نکالی جاتی ہیں اسی طرح مُردوں کو زندہ کرنے کے لئے یہ صور پھونکا جائے گا۔ (تفسیر قرطبی)

اگرچہ باری تعالیٰ اس پر بھی قادر ہے کہ صُور پھونکے بغیر مُردوں کو زندہ کر دے، لیکن یہ صور حشر و نشر کے منظر کو پُر ہیبت بنانے کے لئے پھونکا جائے گا (تفسیر کبیر) ـــــ اس صور پھونکنے کا اثر کافروں پر یہ ہوگا کہ فَاِذَا هُمْ يَنْظُرُوْنَ (پس اچانک وہ دیکھنے بھالنے لگیں گے) یعنی جس طرح دنیا میں وہ دیکھنے پر قادر تھے اسی طرح وہاں بھی دیکھ سکیں گے، اور بعض مفسرین نے اس کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ وہ حیرانی کے عالم میں ایک دوسرے کو دیکھنے لگیں گے۔ (قرطبی)

اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ (یعنی ان ظالموں کو جنھوں نے شرک کے ظلمِ عظیم کا ارتکاب کیا اور ان کے ہم مشربوں کو جمع کرلو) یہاں ہم مشربوں کے لئے ازواج کا لفظ استعمال کیا گیا ہے جس کے لفظی معنی ہیں "جوڑ" اور یہ لفظ شوہر اور بیوی کے معنی میں بھی بکثرت استعمال ہوتا ہے۔ اسی لئے بعض مفسرین نے اس کے معنی بیان کرتے ہوئے یہ کہا ہے کہ اس سے مشرکین کی وہ بیویاں مراد ہیں جو خود بھی مشرک تھیں۔ لیکن اکثر مفسرین کے نزدیک یہاں "ازواج" سے مراد ہم مشرب ہی ہے، اور اس کی تائید حضرت عمرؓ کے ایک ارشاد سے بھی ہوتی ہے۔ امام بیہقیؒ اور عبدالرزاقؒ وغیرہ نے اس آیت کی تفسیر میں حضرت عمرؓ کا یہ قول نقل کیا ہے، کہ یہاں اَزْوَاجَهُمْ سے مراد ہیں ان جیسے دوسرے لوگ، چنانچہ سود خور دوسرے سود خوروں کے ساتھ، زناکار دوسرے زانیوں کے ساتھ، اور شراب پینے والے دوسرے شراب پینے والوں کے ساتھ جمع کئے جائیں گے۔ (روح المعانی و مظہری)

اس کے علاوہ وَمَا كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ کے الفاظ سے بتادیا گیا کہ مشرکین کے ساتھ ان کے وہ باطل معبود یعنی بُت اور شیاطین بھی جمع کئے جائیں گے، جنھیں یہ لوگ دنیا میں اللہ کے ساتھ شریک ٹھہراتے تھے، تاکہ اُس وقت اُن باطل معبودوں کی بے بسی کا اچھی طرح نظارہ کرایا جائے۔

اس کے بعد فرشتوں کو حکم ہوگا کہ فَاهْدُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطِ الْجَحِيْمِ ۝ یعنی ان لوگوں کو جہنّم کا رستہ دکھلاؤ، اور جب فرشتے ان لوگوں کو لے چلیں گے تو پُل صراط کے قریب پہنچنے کے بعد حکم ہوگا کہ قِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْـُٔوْلُوْنَ، ان کو ٹھہراؤ، ان سے سوال ہوگا۔ چنانچہ اس مقام پر ان سے ان کے عقائد و اعمال کے بارے میں وہ سوالات کئے جائیں گے جن کا ذکر قرآن و حدیث میں بہت سے مقامات پر آیا ہے۔

وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۲۷﴾ قَالُوْٓا اِنَّكُمْ كُنْتُمْ

اور منہ کیا بعضوں نے بعضوں کی طرف لگے پوچھنے، بولے تم ہی تھے کہ آتے تھے ہم پر داہنی

تَاْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ ﴿۲۸﴾ قَالُوْا بَلْ لَّمْ تَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۹﴾ وَمَا

طرف سے۔ وہ بولے کوئی نہیں پر تم ہی نہ تھے یقین والے۔ اور ہمارا

كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ ۚ بَلْ كُنْتُمْ قَوْمًا طٰغِيْنَ ﴿۳۰﴾ فَحَقَّ عَلَيْنَا

تم پر کچھ زور نہ تھا، پر تم ہی تھے لوگ حد سے نکل چلنے والے۔ سو ثابت ہو گئی ہم پر

قَوْلُ رَبِّنَا ۖ اِنَّا لَذَآئِقُوْنَ ﴿۳۱﴾ فَاَغْوَيْنٰكُمْ اِنَّا كُنَّا غٰوِيْنَ ﴿۳۲﴾

بات ہمارے رب کی بیشک ہم کو مزہ چکھنا ہی، ہم نے تم کو گمراہ کیا جیسے ہم خود گمراہ تھے۔

فَاِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ فِى الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ﴿۳۳﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَفْعَلُ

سو وہ سب اس دن تکلیف میں شریک ہیں۔ ہم ایسا ہی کرتے ہیں گنہگاروں

بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿۳۴﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ۙ

کے حق میں۔ وہ تھے کہ اُن سے جب کوئی کہتا کسی کی بندگی نہیں سوائے اللہ کے،

يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَيَقُوْلُوْنَ اَئِنَّا لَتَارِكُوْٓا اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ ﴿۳۶﴾

تو غرور کرتے، اور کہتے کیا ہم چھوڑ دیں گے اپنے معبودوں کو کہنے سے ایک شاعر دیوانے کے؟

بَلْ جَآءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳۷﴾ اِنَّكُمْ لَذَآئِقُوا الْعَذَابِ

کوئی نہیں، وہ لیکر آیا ہی سچا دین اور سچ مانتا ہی سب رسولوں کو، بیشک تم کو چکھنا ہی عذاب

الْاَلِيْمِ ﴿۳۸﴾ وَمَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۴۰﴾

دردناک۔ اور وہی بدلہ پاؤ گے جو کچھ تم کرتے تھے، مگر جو بندے اللہ کے ہیں چنے ہوئے۔

خلاصۂ تفسیر

(بجائے اس کے کہ مشرکین ایک دوسرے کی مدد کر سکیں ان میں اُس وقت اُلٹا جھگڑا ہوگا) اور وہ ایک دوسرے کی طرف متوجّہ ہو کر جواب سوال (یعنی اختلاف) کرنے لگیں گے (چنانچہ) تابعین (اپنے سرداروں سے) کہیں گے کہ (ہم کو تو تم نے گمراہ کیا، کیونکہ) ہم پر تمھاری آمد بڑے زور کی ہوا کرتی تھی (یعنی تم ہم پر خوب زور ڈال کر ہمیں گمراہ کرنے کی کوشش کیا کرتے تھے) متبوعین یہ کہیں گے کہ نہیں بلکہ تم خود ہی ایمان نہیں لائے تھے، اور (ہم پر ناحق الزام لگاتے ہو، کیونکہ) ہمارا تم پر کوئی زور تو تھا ہی نہیں، بلکہ تم خود ہی سرکشی کیا کرتے تھے سو (جب کفر کے مرتکب) ہم بھی تھے اور تم بھی، تو معلوم ہوا کہ) ہم سب ہی پر ہمارے رب کی یہ (ازلی) بات محقق ہو چکی تھی کہ ہم سب کو (عذاب کا) مزہ چکھنا ہے، تو (اس کا سامان یہ ہو گیا کہ) ہم نے تم کو بہکایا (جس سے تم ہمارے جبر و اکراہ کے بغیر خود اپنے اختیار سے گمراہ ہوئے اور (ادھر) ہم خود بھی (اپنے اختیار سے) گمراہ تھے (پس دونوں کی گمراہی کے اسباب جمع ہو گئے، جس میں تمھارا اپنا اختیار بھی اپنی گمراہی کا بڑا سبب ہے، پھر اپنے آپ کو بَری کیسے کرنا چاہتے ہو؟ آگے حق تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ جب دونوں فریق کا کفر میں مشترک ہونا ثابت ہے، تو وہ سب کے سب اس روز عذاب میں (بھی) شریک رہیں گے (اور) ہم ایسے مجرموں کے ساتھ ایسا ہی کیا کرتے ہیں (آگے ان کے کفر و جرم کا بیان ہے کہ) وہ لوگ ایسے تھے کہ (توحید کے بھی منکر تھے اور رسالت کے بھی چنانچہ) جب ان سے (بواسطۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم) کہا جاتا تھا کہ خدا کے سوا کوئی معبود برحق نہیں تو (اس کے ماننے سے) تکبّر کیا کرتے تھے اور کہا کرتے تھے کہ کیا ہم اپنے معبودوں کو ایک شاعر دیوانہ (کے کہنے) کی وجہ سے چھوڑ دیں گے؟ (پس اس میں توحید اور رسالت دونوں کا انکار ہو گیا حق تعالیٰ فرماتے ہیں کہ یہ پیغمبر نہ شاعر ہیں نہ مجنون) بلکہ (پیغمبر ہیں کہ) ایک سچا دین لے کر آئے ہیں اور (اصولِ توحید وغیرہ میں) دوسرے پیغمبروں کی تصدیق (اور موافقت) کرتے ہیں (یعنی ایسے اصول بتلاتے ہیں جس میں سب رسول متفق ہیں۔ پس وہ اصول بے شمار دلائل کی روشنی میں حق ہیں، خیال بندی نہیں، اور حق بات کا کہنا جنون نہیں۔ دوسری امتوں نے بھی اپنے انبیاء کے ساتھ اسی قسم کا برتاؤ کیا۔ یہاں چونکہ براہِ راست کفارِ عرب مخاطب ہیں، اس لئے صرف اسی اُمّت کے کافروں کا ذکر کیا گیا ہے، آگے اس بات کا بیان ہے کہ انھیں مشافہۃً اس مشترک عذاب کی وعید سُنائی جائے گی کہ) تم سب (تابع اور متبوع) کو دردناک عذاب چکھنا پڑے گا اور (اس حکم میں تم پر کوئی ظلم نہیں ہوا کیونکہ) تم کو اسی کا بدلہ ملے گا جو کچھ تم

(کفر وغیرہ) کیا کرتے تھے، ہاں مگر جو اللہ کے خاص کئے ہوئے بندے ہیں (اس سے مراد وہ اہلِ ایمان ہیں جنھوں نے حق کا اتباع کیا اور اللہ تعالیٰ نے انھیں مقبول اور مخصوص فرمالیا ایسے لوگ عذاب سے محفوظ رہیں گے)۔

معارف ومسائل

میدانِ حشر میں جمع ہونے کے بعد کافروں کے بڑے بڑے سردار جنھوں نے اپنے چھوٹوں کو بہکایا تھا، اپنے پیروؤں کے سامنے آئیں گے تو بجائے اس کے کہ ایک دوسرے کی کوئی مدد کرسکیں، آپس میں بحث وتکرار شروع کردیں گے۔ ان آیات میں اسی بحث وتکرار کا کچھ نقشہ کھینچ کر فریقین کا انجامِ بد بیان کیا گیا ہے۔ آیات کا مفہوم خلاصۂ تفسیر سے واضح ہے، صرف چند مختصر باتیں قابلِ ذکر ہیں:۔

(۱) اِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ میں "یمین" کے کئی معنیٰ ہوسکتے ہیں، ان میں سے ایک معنی قوت وطاقت بھی ہیں۔ اوپر اسی معنی کے لحاظ سے تفسیر یہ کی گئی ہے کہ "ہم پر تمھاری آمد بڑے زور کی ہوا کرتی تھی"، یعنی تم ہم پر خوب زور ڈال کر ہمیں گمراہ کیا کرتے تھے اور یہی تفسیر زیادہ صاف اور بے غبار ہے۔ اس کے علاوہ یمین کے معنیٰ قسم کے بھی آتے ہیں اس لئے بعض حضرات نے اس کی تفسیر اس طرح کی ہے کہ: "تم ہمارے پاس قسمیں لے کر آیا کرتے تھے"، یعنی قسم کھا کھا کر ہم پر یہ باور کراتے تھے کہ ہمارا مذہب درست ہے، اور رسولؐ کی تعلیم (معاذ اللہ) باطل ہے۔ الفاظِ قرآنی کے لحاظ سے یہ دونوں تفسیریں بے تکلف ممکن ہیں۔

(۲) فَاِنَّهُمْ يَوْمَىِٕذٍ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ سے معلوم ہوا کہ اگر کوئی شخص کسی دوسرے کو ناجائز کام کی دعوت دے اور اسے گناہ پر آمادہ کرنے کے لئے اپنا اثر ورسوخ استعمال کرے تو اسے دعوتِ گناہ کا عذاب تو بے شک ہوگا، لیکن جس شخص نے اس کی دعوت کو اپنے اختیار سے قبول کرلیا، وہ بھی اپنے عمل کے گناہ سے بری نہیں ہوسکتا۔ وہ آخرت میں یہ کہہ کر چھٹکارا نہیں پاسکتا کہ مجھے تو فلاں شخص نے گمراہ کیا تھا، ہاں اگر اس نے گناہ کا ارتکاب اپنے اختیار سے نہ کیا ہو بلکہ جبر واکراہ کی حالت میں اپنی جان بچانے کے لئے کرلیا ہو تو انشاء اللہ اس کی معافی کی امید ہے۔

اُولٰٓئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿۴۱﴾ فَوَاكِهُ ۚ وَهُمْ مُّكْرَمُوْنَ ﴿۴۲﴾ فِيْ جَنّٰتِ		
وہ لوگ جو ہیں اُن کے واسطے روزی ہے مقرر	میوے	اور ان کی عزت ہے
		نعمت کے

النَّعِيمِ ﴿۴۳﴾ عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۴۴﴾ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِكَاْسٍ

باغوں میں، تختوں پر ایک دوسرے کے سامنے، لوگ لئے پھرتے ہیں ان کے پاس پیالہ

مِّنْ مَّعِيْنٍ ﴿۴۵﴾ بَيْضَآءَ لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿۴۶﴾ لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا

شراب صاف کا، سفید رنگ مزہ دینے والی پینے والوں کو، نہ اس میں سر پھرتا ہے اور نہ وہ

هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ عِيْنٌ ﴿۴۸﴾

اس کو پی کر بہکیں، اور ان کے پاس ہیں عورتیں نیچی نگاہ رکھنے والیاں بڑی آنکھوں والیاں،

كَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿۴۹﴾ فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۵۰﴾

گویا وہ انڈے ہیں چھپے دھرے۔ پھر منہ کیا ایک نے دوسرے کی طرف لگے پوچھنے،

قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ اِنِّيْ كَانَ لِيْ قَرِيْنٌ ﴿۵۱﴾ يَّقُوْلُ اَئِنَّكَ لَمِنَ

بولا ایک بولنے والا ان میں میرا تھا ایک ساتھی، کہا کرتا کیا تو یقین

الْمُصَدِّقِيْنَ ﴿۵۲﴾ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا

کرتا ہے، کیا جب ہم مرگئے اور ہوگئے مٹی اور ہڈیاں کیا ہم کو

لَمَدِيْنُوْنَ ﴿۵۳﴾ قَالَ هَلْ اَنْتُمْ مُّطَّلِعُوْنَ ﴿۵۴﴾ فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِيْ

جزا ملے گی؟ کہنے لگا بھلا تم جھانک کر دیکھو گے؟ پھر جھانکا تو اس کو دیکھا

سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿۵۵﴾ قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ كِدْتَّ لَتُرْدِيْنِ ﴿۵۶﴾ وَلَوْلَا

بیچوں بیچ دوزخ کے۔ بولا قسم اللہ کی تُو تو مجھ کو ڈالنے لگا تھا گڑھے میں، اور اگر نہ ہوتا

نِعْمَةُ رَبِّيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ﴿۵۷﴾ اَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِيْنَ ﴿۵۸﴾

میرے رب کا فضل تو میں بھی ہوتا انہی میں جو پکڑے ہوئے آتے۔ کیا اب ہم کو مرنا نہیں،

اِلَّا مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿۵۹﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ

مگر جو پہلی بار مرچکے اور ہم کو تکلیف نہیں پہونچے گی۔ بیشک یہی ہے

الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۶۰﴾ لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ ﴿۶۱﴾

بڑی مراد ملنی۔ ایسی چیزوں کے واسطے چاہئے محنت کریں محنت کرنے والے۔

خلاصۂ تفسیر

ان (اللہ کے مقبول بندوں) کے واسطے ایسی غذائیں ہیں جن کا حال (دوسری سورتوں میں) معلوم (ہو چکا) ہے یعنی میوے (جن کا ملنا سورۂ یٰسٓ آیت لَهُمْ فِيهَا فَاكِهَةٌ میں اور جن کی صفات سورۂ واقعہ آیت وَفَاكِهَةٍ كَثِيرَةٍ لَّا مَقْطُوعَةٍ وَلَا مَمْنُوعَةٍ میں اس کے قبل نازل ہو چکی ہیں، کیونکہ یٰسٓ اور واقعہ سورۂ صٰفّٰت سے نزول میں مقدم ہیں۔ کذا فی الاتقان) اور وہ لوگ بڑی عزت سے آرام کے باغوں میں تختوں پر آمنے سامنے بیٹھے ہونگے (اور) اُن کے پاس ایسا جامِ شراب لایا جائے گا (یعنی غلمان لائیں گے) جو بہتی ہوئی شراب سے بھرا جائے گا (اس سے شراب کی کثرت اور لطافت معلوم ہوئی اور دیکھنے میں) سفید ہوگی (اور پینے میں) پینے والوں کو لذیذ معلوم ہوگی (اور) نہ اس میں دردِ سر ہوگا (جیسے دنیا کی شراب میں ہوتا ہے جس کو خمار کہتے ہیں) اور نہ اس سے عقل میں فتور آئے گا، اور ان کے پاس نیچی نگاہ والی بڑی بڑی آنکھوں والی (حوریں) ہوں گی (جن کی رنگت ایسی صاف ہوگی کہ) گویا بیضے ہیں جو (پروں کے نیچے) چھپے ہوئے ہیں (کہ گرد و غبار اور داغ سے بالکل محفوظ ہوتے ہیں تشبیہ محض صفائی میں ہے) پھر (جب سب لوگ ایک جلسہ میں جمع ہوں گے تو) ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر بات چیت کریں گے (اس بات چیت کے دوران میں) ان (اہلِ جنّت) میں سے ایک کہنے والا (اہلِ مجلس سے) کہے گا کہ (دنیا میں) میرا ایک ملاقاتی تھا وہ (مجھ سے بطور تعجب) کہا کرتا تھا کہ کیا تو بعث کے معتقدین میں سے ہے، کیا جب ہم مر جائیں گے اور مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا ہم (دوبارہ زندہ کئے جائیں گے اور زندہ کر کے) جزا سزا دیئے جائیں گے؟ (یعنی وہ آخرت کا منکر تھا، اس لئے ضرور وہ دوزخ میں گیا ہوگا۔ حق تعالیٰ کا) ارشاد ہوگا کہ (اے اہلِ جنّت) کیا تم جھانک کر (اس کو) دیکھنا چاہتے ہو؟ (اگر چاہو تو تم کو اجازت ہے) سو وہ شخص (جس نے قصہ بیان کیا تھا) جھانکے گا تو اس کو وسطِ جہنّم میں (پڑا ہوا) دیکھے گا (اس کو وہاں دیکھ کر اس سے) کہے گا کہ خدا کی قسم تُو تو مجھ کو تباہ ہی کرنے کو تھا (یعنی مجھ کو بھی منکرِ آخرت بنانے کی کوشش کیا کرتا تھا) اور اگر میرے رب کا (مجھ پر) فضل نہ ہوتا (کہ مجھ کو اس نے صحیح عقیدے پر قائم رکھا) تو میں بھی (تیری طرح) ماخوذ لوگوں میں ہوتا (اور اس کے بعد جنّتی اہلِ مجلس سے کہے گا کہ) کیا ہم بجز پہلی بار مر چکنے کے (کہ دنیا میں مر چکے ہیں) اب نہیں مریں گے اور نہ ہم کو عذاب ہوگا؟ (یہ ساری باتیں اس جوشِ مسرّت میں کہی جائیں گی کہ اللہ تعالیٰ نے سب آفات اور کلفتوں سے بچا لیا اور ہمیشہ کے لئے بے فکر کر دیا۔ آگے حق تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ جنّت کی جتنی جسمانی اور روحانی نعمتیں اوپر بیان کی گئیں) یہ بیشک بڑی کامیابی ہے، ایسی ہی کامیابی

(حاصل کرنے) کے لئے عمل کرنے والوں کو عمل کرنا چاہئے (یعنی ایمان لانا اور اطاعت کرنا چاہئے)۔

مَعارف ومَسائل

اہلِ دوزخ کے حالات بیان کرنے کے بعد ان آیات میں اہلِ جنّت کے احوال کا تذکرہ کیا گیا ہے، یہ تذکرہ دو حصّوں پر مشتمل ہے۔ ابتدائی دس آیتوں میں عام اہلِ جنّت کو جو عیش وآرام حاصل ہوگا، اس کا بیان ہے اور اس کے بعد کی آیات میں ایک خاص جنّتی کا عبرت آموز واقعہ بیان کیا گیا ہے۔ ابتدائی دس آیتوں میں چند باتیں بطور خاص قابلِ ذکر ہیں۔

(۱) اُولٰٓئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ کا لفظی ترجمہ یہ ہے "انہی لوگوں کے لئے ایسا رزق ہے جس کا حال معلوم ہے"، مفسرین نے اس کے مختلف مطلب بتائے ہیں۔ بعض حضرات کا کہنا یہ ہے کہ اس سے جنّتی غذاؤں کی ان تفصیلی صفات کی طرف اشارہ ہے جو مختلف سورتوں میں بیان کی گئی ہیں۔ چنانچہ خلاصۂ تفسیر میں حکیم الامت حضرت تھانویؒ نے اسی تفسیر کو اختیار فرمایا ہے۔ بعض حضرات نے فرمایا کہ "رزق معلوم" سے مراد یہ ہے کہ اس کے اوقات متعیّن اور معلوم ہیں، یعنی وہ صبح وشام پابندی کے ساتھ عطا کیا جائے گا، جیسا کہ دوسری آیت میں بُكْرَةً وَّعَشِيًّا (صبح وشام) کے الفاظ صراحۃً آئے ہیں ـــــ ایک تیسری تفسیر اور ہے، اور وہ یہ کہ "رزقِ معلوم" کا مطلب یہ ہے کہ وہ یقینی اور دائمی رزق ہوگا، دنیا کی طرح نہیں کہ کوئی شخص یقین کے ساتھ نہیں بتا سکتا کہ کل مجھے کیا اور کتنا رزق ملنے والا ہے؟ اور نہ کسی کو یہ علم ہے کہ جتنا رزق مجھے حاصل ہے وہ کب تک میرے پاس رہے گا؟ ہر انسان کو ہر وقت یہ دھڑکا لگا ہوا ہے کہ جو نعمتیں مجھے اس وقت حاصل ہیں وہ شاید کل میرے پاس نہ رہیں، جنّت میں یہ خطرہ نہیں ہوگا، بلکہ وہاں کا رزق یقینی بھی ہوگا اور دائمی بھی (تفسیر قرطبی وغیرہ)

(۲) فَوَاكِهُ ، اس لفظ کے ذریعہ قرآن نے جنّت کے رزق کی خود تفسیر فرمادی ہے کہ وہ رزق میووں پر مشتمل ہوگا۔ فَوَاكِهُ ، فَاكِهَةٌ کی جمع ہے، اور عربی میں فَاكِهَةٌ ہر اس چیز کو کہتے ہیں جو بھوک کی ضرورت رفع کرنے کے لئے نہیں، بلکہ لذت حاصل کرنے کے لئے کھائی جائے اردو میں اس کا ترجمہ "میوہ" اس لئے کردیا جاتا ہے کہ میوہ بھی لذّت حاصل کرنے کے کھایا جاتا ہے، ورنہ درحقیقت "فاکہۃ" کا مفہوم میوے کے مفہوم سے زیادہ عام ہے ـــــ امام رازیؒ نے اسی "فواکہ" کے لفظ سے یہ نکتہ نکالا ہے کہ جنّت میں جتنی غذائیں دی جائیں گی وہ سب لذّت بخشنے کے لئے دی جائیں گی، بھوک کی حاجت رفع کرنے کے لئے نہیں۔ اس لئے کہ جنّت میں انسان کو حاجت کسی چیز کی نہیں ہوگی، وہاں اسے اپنی زندگی برقرار رکھنے یا حفظانِ صحت

کے لئے بھی کسی غذا کی ضرورت نہیں ہوگی، ہاں خواہش ہوگی، اس خواہش کے پورے ہونے سے لذت حاصل ہوگی، اور جنّت کی تمام نعمتوں کا مقصد لذّت عطا کرنا ہوگا (تفسیر کبیر، ص ۹۸ ج ۷)

(۳) وَهُمْ مُّكْرَمُوْنَ، کہہ کر بتادیا گیا کہ اہلِ جنّت کو یہ رزق پورے اعزاز واکرام کے ساتھ دیا جائے گا۔ کیونکہ اعزاز واکرام نہ ہو تو لذیذ سے لذیذ غذا بھی بے حلاوت ہو جاتی ہے، اسی سے یہ بھی معلوم ہوا کہ مہمان کا حق صرف کھانا کھلانے سے پورا نہیں ہوتا، بلکہ اس کا اعزاز واکرام بھی اس کے حقوق میں داخل ہے۔

(۴) عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ، یہ اہلِ جنّت کی مجلس کا نقشہ ہے کہ وہ "تختوں پر آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے"، کسی کی کسی کی طرف پُشت نہیں ہوگی، اس کی عملی صورت کیا ہوگی؟ اس کا صحیح علم تو اللہ تعالیٰ ہی کو ہے، بعض حضرات نے فرمایا کہ مجلس کا دائرہ اتنا وسیع ہوگا کہ کسی کو کسی کی طرف پشت کرنے کی ضرورت نہ ہوگی، اور اللہ تعالیٰ اہلِ جنّت کو ایسی قوتِ بینائی، سماعت اور گویائی عطا فرمادے گا کہ وہ دور بیٹھے ہوئے لوگوں سے بڑے آرام کے ساتھ باتیں کرسکیں۔

اور بعض حضرات نے یہ بھی فرمایا ہے کہ یہ تخت گھومنے والے ہوں گے، اور جس سے بات کرنی ہو اسی کی طرف گھوم جائیں گے۔ واللہ سبحانہٗ اعلم

(۵) لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ، "لَذَّة" اصل میں مصدر ہی، جس کے معنی ہیں لذیذ ہونا۔ اسی لئے بعض حضرات نے کہا ہے کہ یہاں مضاف محذوف ہے، اصل میں "ذَاتِ لَذَّةٍ" تھا، یعنی "لذت والی" لیکن اس تکلف کی ضرورت نہیں ہے۔ اوّل تو اگر "لذّة" کو مصدر ہی سمجھا جائے تو مصدر اسم فاعل کے معنی میں بکثرت استعمال ہوتا ہے، اس صورت میں معنی یہ ہوں گے کہ وہ شراب پینے والوں کے لئے "مجسّم لذّت" ہوگی۔ اس کے علاوہ "لَذَّةٌ" کا صیغہ صفت لَذِيْذٌ کے علاوہ لَذٌّ بھی آتا ہے، ہوسکتا ہے کہ یہاں لَذَّةٌ اسی لَذٌّ کا مؤنث ہو (تفسیر قرطبی) اس صورت میں معنی ہوں گے "پینے والوں کے لئے لذیذ"

(۶) لَا فِيْهَا غَوْلٌ۔ غَوْلٌ کے معنی کسی نے "دردِ سر" بیان کئے ہیں، کسی نے "پیٹ کا درد" کسی نے "بدبو اور گندگی" اور کسی نے "عقل کا بہک جانا" درحقیقت لفظ "غَوْل" ان سبھی معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ اور حافظ ابن جریرؒ فرماتے ہیں کہ یہاں "غَوْل" آفت کے معنی میں ہے، اور مطلب یہ ہے کہ جنّت کی شراب میں ایسی کوئی آفت نہیں ہوگی جیسی دنیا کی شرابوں میں پائی جاتی ہیں، نہ دردِ سر ہوگا، نہ دردِ شکم، نہ بدبو کا بھبکارہ، نہ عقل کا بہک جانا (تفسیر ابن جریرؒ)

(۷) قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ، یہ جنّت کی حوروں کی صفت ہے کہ وہ "نگاہیں نیچی رکھنے والی ہونگی" مطلب یہ ہے کہ جن شوہروں کے ساتھ ان کا ازدواجی رشتہ اللہ تعالیٰ نے قائم کردیا، وہ

اُن کے علاوہ کسی بھی مرد کو آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھیں گی۔ علامہ ابن جوزیؒ نے نقل کیا ہے کہ یہ عورتیں اپنے شوہروں سے کہیں گی: "میرے پروردگار کی عزت کی قسم! جنّت میں مجھے تم سے بہتر کوئی نظر نہیں آتا جس اللہ نے مجھے تمھاری بیوی اور تمہیں میرا شوہر بنایا تمام تعریفیں اسی کی ہیں"۔

"نگاہیں نیچی رکھنے والی" کا ایک اور مطلب علامہ ابن جوزیؒ نے یہ بھی لکھا ہے کہ وہ اپنے شوہروں کی نگاہیں نیچی رکھیں گی۔ یعنی وہ خود اتنی خوب صورت اور وفا شعار ہوں گی کہ ان کے شوہر کو کسی اور کی طرف نظر اٹھانے کی خواہش ہی نہ ہو گی (تفسیر زاد المسیر لابن جوزیؒ ص ۵۷ و ۵۸ ج ۷)

(۸) كَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ، اس آیت میں جنّت کی حوروں کو "چھپے ہوئے انڈوں" سے تشبیہ دی گئی ہے۔ اہلِ عرب کے یہاں یہ تشبیہ مشہور و معروف تھی، جو انڈا پروں میں چھپا ہوا ہو اس پر بیرونی گرد و غبار کا اثر نہیں پہنچتا۔ اس لئے وہ نہایت صاف ستھرا ہوتا ہے، اس کے علاوہ اس کا رنگ زردی مائل سفید ہوتا ہے جو اہلِ عرب کے یہاں عورتوں کے لئے دلکش ترین رنگ شمار ہوتا تھا، اس لئے اس سے تشبیہ دی گئی۔ اور بعض حضرات مفسرین نے فرمایا کہ یہاں انڈوں سے تشبیہ نہیں ہے، بلکہ انڈوں کی اس جھلّی سے ہے جو چھلکے کے اندر پوشیدہ ہوتی ہے اور مطلب یہ ہے کہ وہ عورتیں اس جھلّی کی طرح نرم و نازک اور گداز ہوں گی (روح المعانی)

واللہ سبحانہٗ اعلم

ایک جنّتی اور اس کا کافر ملاقاتی

ابتدائی دس آیتوں میں اہلِ جنّت کے عمومی حالات بیان فرمانے کے بعد ایک جنّتی کا خاص طور پر تذکرہ کیا گیا ہے، کہ وہ جنّت کی مجلس میں پہنچنے کے بعد اپنے ایک کافر دوست کو یاد کرے گا جو دنیا میں آخرت کا منکر تھا اور پھر اللہ تعالیٰ کی اجازت سے اسے جہنّم کے اندر جھانک کر اس سے باتیں کرنے کا موقع دیا جائے گا۔ قرآن کریم میں اس شخص کا کچھ نام و پتہ نہیں بتایا گیا۔ اس لئے یقین کے ساتھ نہیں کہا جا سکتا کہ یہ کون ہو گا؟ تاہم بعض مفسّرین نے یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ اس مؤمن شخص کا نام یہوداہ اور اس کے کافر ملاقاتی کا نام قطروس ہے۔ اور یہ وہی دو ساتھی ہیں جن کا ذکر سورۂ کہف کی آیت وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ الخ میں گزر چکا ہے (تفسیر مظہری)

اور علامہ سیوطیؒ نے متعدد تابعین سے اس شخص کی تعیین کے لئے ایک اور واقعہ نقل کیا ہے، جس کا خلاصہ یہ ہے کہ دو آدمی کاروبار میں شریک تھے، ان کو آٹھ ہزار دینار کی آمدنی ہوئی، اور دونوں نے چار چار ہزار دینار آپس میں بانٹ لئے۔ ایک شریک نے اپنی رقم میں سے ایک ہزار دینار خرچ کر کے ایک زمین خریدی۔ دوسرا ساتھی بہت نیک تھا، اس نے یہ دعا کی کہ "یا اللہ فلاں شخص نے ایک ہزار دینار میں ایک زمین خریدی ہے، میں آپ سے ایک

ہزار دینار کے عوض جنّت میں زمین خریدتا ہوں" اور ایک ہزار دینار کا صدقہ کر دیا۔ پھر اس کے ساتھی نے ایک ہزار دینار خرچ کر کے ایک گھر بنوایا، تو اس شخص نے کہا "یا اللہ فلاں شخص نے ایک ہزار دینار میں ایک گھر تعمیر کیا ہے، میں ایک ہزار دینار میں آپ سے جنّت کا ایک گھر خریدتا ہوں"، یہ کہہ کر اس نے مزید ایک ہزار دینار صدقہ کر دیئے۔ اس کے بعد اس کے ساتھی نے ایک عورت سے شادی کی اور اس پر ایک ہزار دینار خرچ کر دیئے، تو اس نے کہا "یا اللہ فلاں نے ایک عورت سے شادی کر کے اس پر ایک ہزار دینار خرچ کر دیئے ہیں، اور میں جنّت کی عورتوں میں سے کسی کو پیغام دیتا ہوں اور یہ ایک ہزار دینار نذر کرتا ہوں"، یہ کہہ کر وہ ایک ہزار بھی صدقہ کر دیئے۔ پھر اس کے ساتھی نے ایک ہزار دینار میں کچھ غلام اور سامان خریدا تو اس نے پھر ایک ہزار صدقہ کر کے اللہ تعالیٰ سے اس کے عوض جنّت کے غلام اور جنّت کا سامان طلب کیا۔

اس کے بعد اتفاق سے اس مؤمن بندے کو کوئی شدید حاجت پیش آئی، اسے خیال ہوا کہ میں اپنے سابق شریک کے پاس جاؤں تو شاید وہ نیکی کا ارادہ کرے۔ چنانچہ اس نے اپنے ساتھی سے اپنی ضرورت کا ذکر کیا، ساتھی نے پوچھا، تمہارا مال کیا ہوا؟ اس کے جواب میں اس نے پورا قصّہ سُنا دیا۔ اس پر اس نے حیران ہو کر کہا کہ "کیا واقعی تم اس بات کو سچا سمجھتے ہو کہ ہم جب مر کر خاک ہو جائیں گے تو ہمیں دوسری زندگی ملے گی، اور وہاں ہم کو ہمارے اعمال کا بدلہ دیا جائے گا؟ جاؤ، میں تمھیں کچھ نہیں دوں گا"، اس کے بعد دونوں کا انتقال ہو گیا۔ مذکورہ آیات میں جنتی سے مراد وہ بندہ ہے جس نے آخرت کی خاطر اپنا سارا مال صدقہ کر دیا تھا، اور اس کا جہنّمی ملاقاتی وہی شریکِ کاروبار ہے جس نے آخرت کی تصدیق کرنے پر اس کا مذاق اُڑایا تھا (تفسیر الدر المنثور بحوالہ ابن جریر وغیرہ، ص ۱۶۵ ج ۵)

بُری صحبت سے بچنے کی تعلیم

بہرکیف! اس سے مراد خواہ کوئی ہو یہاں اس واقعہ کو ذکر کرنے سے قرآن کریم کا اصل منشاء لوگوں کو اس بات پر متنبّہ کرنا ہے کہ وہ اپنے حلقۂ احباب کا پوری احتیاط کے ساتھ جائزہ لے کر یہ دیکھیں کہ اس میں کوئی ایسا شخص تو نہیں ہے جو انھیں کشاں کشاں دوزخ کے انجام کی طرف لے جا رہا ہو۔ بُری صحبت سے جو تباہی آسکتی ہے اس کا صحیح اندازہ آخرت ہی میں ہو گا، اور اس وقت اس تباہی سے بچنے کا کوئی راستہ نہ ہو گا، اس لئے دنیا ہی میں دوستیاں اور تعلّقات بہت دیکھ بھال کر قائم کرنے چاہئیں۔ بسا اوقات کسی کافر یا نافرمان شخص سے تعلقات قائم کرنے کے بعد انسان غیر محسوس طریقے پر اس کے افکار و نظریات اور طرزِ زندگی سے متاثر ہوتا چلا جاتا ہے، اور یہ چیز آخرت کے انجام

کے لئے انتہائی خطرناک ثابت ہوتی ہے۔

موت کے خاتمہ پر تعجب یہاں جس شخص کا یہ واقعہ ذکر کیا گیا ہے کہ وہ اپنے کافر ساتھی کو دیکھنے کے لئے جہنّم میں جھانکے گا، اسی کے بارے میں آگے یہ مذکور ہے کہ وہ جنّت کی نعمتوں کو حاصل کر کے فرطِ مسرّت سے یہ کہے گا کہ "کیا اب ہم کبھی نہیں مریں گے؟" اس کا مقصد یہ نہیں ہے کہ جنّت کی جاودانی زندگی کا یقین نہیں ہوگا، بلکہ جس شخص کو مسرتوں کا انتہائی درجہ حاصل ہو جائے وہ بسا اوقات ایسی باتیں کرتا ہے جیسے اسے یقین نہیں ہے کہ یہ مسرّتیں اسے حاصل ہو گئی ہیں، یہ جملے بھی اسی نوعیت کے ہیں۔

آخر میں قرآن کریم اس واقعہ کے اصل سبق کی طرف متوجہ کر کے فرماتا ہے، لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ (ایسی ہی کامیابی کے لئے عمل کرنے والوں کو عمل کرنا چاہئے)۔

أَذٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا أَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ﴿٦٢﴾ إِنَّا جَعَلْنٰهَا فِتْنَةً

بھلا یہ بہتر ہے مہمانی یا درخت سیہنڈ کا؟ ہم نے اس کو رکھا ہے ایک بلا ظالموں

لِّلظّٰلِمِيْنَ ﴿٦٣﴾ إِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِيْٓ أَصْلِ الْجَحِيْمِ ﴿٦٤﴾ طَلْعُهَا

کے واسطے۔ وہ ایک درخت ہے کہ نکلتا ہے دوزخ کی جڑ میں، اس کا خوشہ

كَأَنَّهٗ رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ ﴿٦٥﴾ فَإِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ مِنْهَا فَمَالِـُٔوْنَ

جیسے سر شیطان کے۔ سو وہ کھائیں گے اس میں سے پھر بھریں گے

مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿٦٦﴾ ثُمَّ إِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿٦٧﴾ ثُمَّ إِنَّ

اس سے پیٹ، پھر اُن کے واسطے اس کے اوپر ملونی ہے جلتے پانی کی، پھر اُن کو

مَرْجِعَهُمْ لَإِلَى الْجَحِيْمِ ﴿٦٨﴾ إِنَّهُمْ أَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ ضَآلِّيْنَ ﴿٦٩﴾

لے جانا ہے آگ کے ڈھیر میں۔ انھوں نے پایا اپنے باپ دادوں کو بہکے ہوئے،

فَهُمْ عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ يُهْرَعُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ أَكْثَرُ

سو وہ انہی کے قدموں پر دوڑتے ہیں۔ اور بہک چکے ہیں ان سے پہلے بہت لوگ

الْأَوَّلِيْنَ ﴿٧١﴾ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿٧٢﴾ فَانْظُرْ كَيْفَ

اگلے۔ اور ہم نے بھیجے ہیں ان میں ڈر سنانے والے۔ اب دیکھ کیسا ہوا

ع ۲ ۵۳ ۶ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۷۳﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۷۴﴾

انجام ڈرائے ہوؤں کا، مگر جو بندے اللہ کے ہیں چُنے ہوئے۔

خُلاصۂ تفسیر

(عذاب اور ثواب دونوں کا موازنہ کرکے اب اہلِ ایمان کو ترغیب اور کفار کو ترہیب فرماتے ہیں کہ بتلاؤ) بھلا یہ دعوت (جنّت کی نعمتوں کی) بہتر ہے (جو اہلِ ایمان کے لئے ہے) یا زقوم کا درخت (جو کفار کے لئے ہے) ہم نے اس درخت کو (آخرت کی سزا بنانے کے علاوہ دنیا میں بھی ان) ظالموں کے لئے موجبِ امتحان بنایا ہے (کہ اس کو سُن کر تصدیق کرتے ہیں، یا تکذیب و استہزاء کرتے ہیں۔ چنانچہ کفار تکذیب و استہزاء سے پیش آئے، کہنے لگے کہ زقّوم تو مسکہ اور خرما کو کہتے ہیں، وہ تو خوب لذیذ چیز ہے۔ اور کہنے لگے کہ زقّوم اگر درخت ہی تو دوزخ میں جو آگ ہی آگ ہے درخت کیسے ہو سکتا ہے؟ اس کا جواب اللہ تعالیٰ نے یہ دیا کہ) وہ ایک درخت ہی جو قعرِ دوزخ میں سے نکلتا ہے (یعنی مسکہ اور خرما نہیں ہے، اور چونکہ وہ خود آگ ہی میں پیدا ہوتا ہے اس لئے وہاں رہنا بعید نہیں، جیسے سمندر نامی جانور آگ میں پیدا ہوتا ہے، اور آگ ہی میں رہتا ہے، اس سے دونوں باتوں کا جواب ہو گیا۔ آگے زقّوم کی ایک کیفیت مذکور ہے، کہ) اس کے پھل ایسے (کریہہ المنظر) ہیں جیسے سانپ کے پھن (پس ایسے درخت سے ظالموں کی دعوت ہوگی) تو وہ لوگ (بھوک کی شدت میں جب اور کچھ نہ ملیگا تو) اس سے کھاویں گے اور (چونکہ بھوک سے بے چین ہوں گے) اسی سے پیٹ بھریں گے، پھر (جب پیاس سے بے قرار ہو کر پانی مانگیں گے تو) اُن کو کھولتا ہوا پانی (غسّاق یعنی پیپ میں) ملا کر دیا جائے گا اور (یہ نہیں کہ اس مصیبت کا خاتمہ ہو جاوے بلکہ اس کے بعد) پھر اخیر ٹھکانا ان کا دوزخ ہی کی طرف ہوگا (یعنی اس کے بعد بھی وہیں ہمیشہ کے لئے رہنا ہوگا، اور انھیں یہ سزا اس لئے دی گئی کہ) انھوں نے (ہدایت آلہیہ کا اتباع نہیں کیا تھا بلکہ) اپنے بڑوں کو گمراہی کی حالت میں پایا تھا، پھر یہ بھی انہی کے قدم بقدم تیزی کے ساتھ چلتے تھے (یعنی شوق اور رغبت سے ان کی بے راہی پر چلتے تھے) اور ان (موجودہ کفار) سے پہلے بھی اگلے لوگوں میں اکثر گمراہ ہو چکے ہیں اور ہم نے ان میں بھی ڈرانیوالے (پیغمبر) بھیجے تھے سو دیکھ لیجئے ان لوگوں کو کیسا (بُرا) انجام ہوا جن کو ڈرایا گیا تھا اور انھوں نے نہ مانا تھا، کہ ان پر دنیا ہی میں کیا کیا عذاب نازل ہوا) ہاں مگر جو اللہ کے خاص کئے ہوئے (یعنی ایمان والے) بندے تھے (وہ اس دنیوی عذاب سے بھی محفوظ رہے)۔

معارف و مسائل

دوزخ اور جنّت دونوں کے تھوڑے تھوڑے حالات بیان فرمانے کے بعد باری تعالیٰ نے ہر انسان کو موازنہ کرنے کی دعوت دی ہے کہ غور کر دان میں سے کونسی حالت بہتر ہے؟ چنانچہ فرمایا اَذٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا اَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ؟ جنّت کی جن نعمتوں کا تذکرہ کیا گیا وہ بہتر ہیں یا زقّوم کا درخت جو دوزخیوں کو کھلایا جائے گا ؟

زقّوم کی حقیقت زقّوم نام کا ایک درخت جزیرۂ عرب کے علاقہ تہامہ میں پایا جاتا ہے، اور علّامہ آلوسیؒ نے لکھا ہے کہ یہ دوسرے بنجر صحراؤں میں بھی ہوتا ہے۔ بعض حضرات نے فرمایا ہے یہ وہی درخت ہے جسے اردو میں "تھوہڑ" کہتے ہیں، اسی کے قریب قریب ایک اور درخت ہندوستان میں "ناگ پھن" کے نام سے معروف ہے۔ بعض حضرات نے اس کو زقّوم قرار دیا ہے اور یہ زیادہ قرینِ قیاس ہے۔ اب حضرات مفسّرین کی رائیں اس میں مختلف ہیں، کہ جہنّمیوں کو جو درخت کھلایا جائے گا وہ یہی دنیا کا زقّوم ہے، یا کوئی اور درخت ہے؟ بعض حضرات نے فرمایا کہ یہی دنیا کا زقّوم مراد ہے، اور بعض نے کہا کہ دوزخ کا زقّوم بالکل الگ چیز ہے، دنیا کے زقّوم سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔ بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جس طرح سانپ بچھو وغیرہ دنیا میں بھی ہوتے ہیں اسی طرح دوزخ میں بھی ہوتے ہیں، لیکن دوزخ کے سانپ بچھو یہاں کے سانپ بچھوؤں سے کہیں زیادہ خوفناک ہوں گے، اسی طرح دوزخ کا زقّوم بھی اپنی جنس کے لحاظ سے تو دنیا ہی کے زقّوم کی طرح ہوگا، لیکن یہاں کے زقّوم سے کہیں زیادہ کریہہ المنظر اور کھانے میں کہیں زیادہ تکلیف دہ ہوگا۔ واللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اعلم

اِنَّا جَعَلْنٰهَا فِتْنَةً لِّلظّٰلِمِيْنَ ، یعنی "ہم نے اس زقّوم کے درخت کو ان ظالموں کے لئے فتنہ بنایا ہے" اس میں فتنہ سے بعض مفسّرین کے نزدیک عذاب مراد ہے، یعنی اس درخت کو عذاب کا ذریعہ بنا دیا ہے۔ لیکن اکثر حضرات کا کہنا یہ ہے کہ یہاں "فتنہ" کا ترجمہ "آزمائش" اور "امتحان" کرنا زیادہ موزوں ہے۔ مطلب یہ ہے کہ اس درخت کا تذکرہ کر کے ہم یہ امتحان لینا چاہتے ہیں کہ کون اس پر ایمان لاتا ہے؟ اور کون اس کا مذاق اڑاتا ہے؟ چنانچہ کفارِ عرب اس امتحان میں ناکام رہے، انھوں نے بجائے اس کے کہ اس عذاب سے ڈر کر ایمان لاتے تمسخر و استہزاء کا طریقہ اختیار کیا۔ روایات میں ہے کہ جب قرآن کریم کی وہ آیات نازل ہوئیں جن میں کافروں کو زقّوم کھلانے کا تذکرہ ہے، تو ابوجہل نے اپنے ساتھیوں سے کہا: "تمھارا دوست (حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کہتا ہے کہ آگ میں ایک درخت ہے،

حالانکہ آگ تو درخت کو کھاتی ہے، اور خدا کی قسم! ہم تو یہ جانتے ہیں کہ زقّوم کھجور اور مکھن کو کہتے ہیں، تو آؤ اور یہ کھجور مکھن کھاؤ۔" (در منثور، ص ۲۷۷، ج ۵) دراصل زقّوم بربری زبان میں کھجور اور مکھن کو کہتے تھے، اس لئے اس نے استہزاء کا یہ طریقہ اختیار کیا۔ باری تعالیٰ نے ایک ہی جملے میں اس کی دونوں باتوں کا جواب دیدیا کہ اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِيْٓ اَصْلِ الْجَحِيْمِ، یعنی زقّوم تو جہنّم کی تہہ میں اُگنے والا ایک درخت ہے" لہٰذا نہ تو اس سے مراد کھجور اور مکھن ہے اور نہ یہ اعتراض معقول ہی کہ آگ میں درخت کیسے ہو سکتا ہے؟ جب وہ درخت پیدا ہی آگ میں ہوا تو اللہ تعالیٰ نے اس میں ایسی خصوصیات رکھ دی ہیں کہ وہ آگ سے جلنے کے بجائے اس سے نشو و نما پاتا ہے، نمونے کے طور پر ایسے کئی حیوانات موجود ہیں جو آگ ہی میں زندہ رہ سکتے ہیں آگ انھیں جلانے کے بجائے اور نشو و نما عطا کرتی ہے۔

طَلْعُهَا كَاَنَّهٗ رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ، اس آیت میں زقّوم کے پھل کو "شیاطین کے سروں" سے تشبیہ دی گئی ہے۔ بعض مفسّرین نے تو یہاں "شیاطین" کا ترجمہ "سانپوں" سے کیا ہے، یعنی زقّوم کا پھل ایسی شکل کا ہوتا ہے جیسے سانپ کا پھن، اردو میں بھی اُسے "ناگ پھن" اسی لئے کہتے ہیں۔ لیکن اکثر مفسّرین نے فرمایا کہ یہاں "شیاطین" سے اس کے معروف معنی ہی مراد ہیں۔ اور مطلب یہ ہے کہ زقّوم کا پھل اپنی بدصورتی میں شیطانوں کے سر کی طرح ہوتا ہے۔ اب یہاں یہ شبہ نہ ہونا چاہئے کہ شیطان کو تو کسی نے دیکھا نہیں، پھر اس کے ساتھ تشبیہ کیوں دی گئی؟ اس لئے کہ یہ ایک تخیلی تشبیہ ہے، محاورہ میں بدصورت اور بدہیئت اشیاء کو شیطان اور جنّ بھوت سے تشبیہ دیدی جاتی ہے، اس کا منشاء محض انتہاء درجے کی بدصورتی بیان کرنا ہوتا ہے، یہاں بھی تشبیہ اسی نوعیت کی ہے۔ (روح المعانی وغیرہ)

باقی آیات کا مفہوم خلاصۂ تفسیر سے واضح ہے۔

وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ

اور ہم کو پکارا تھا نوح نے سو کیا خوب پہنچنے والے ہیں ہم پکار پر، اور بچا دیا اس کو اور اس کے گھر کو

الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۶﴾ وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِيْنَ ﴿۷۷﴾ وَتَرَكْنَا

اُس بڑی گھبراہٹ سے، اور رکھا اس کی اولاد کو وہی باقی رہنے والے۔ اور باقی رکھا

عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۷۸﴾ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۹﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ

اس پر پچھلے لوگوں میں، کہ سلام ہو نوح پر سارے جہان والوں میں۔ ہم یوں

نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ﴿٨٠﴾ إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِينَ ﴿٨١﴾ ثُمَّ أَغْرَقْنَا الْآخَرِينَ ﴿٨٢﴾

بدلہ دیتے ہیں نیکی والوں کو ، وہ ہی ہمارے ایماندار بندوں میں ، پھر ڈبادیا ہم نے دوسروں کو۔

خُلاصۂ تفسیر

اور ہم کو نوح (علیہ السلام) نے (نصرت کے لئے) پکارا (یعنی دعاء کی) سو (ہم نے ان کی فریادرسی کی اور) ہم خوب فریاد سننے والے ہیں اور ہم نے ان کو اور ان کے تابعین کو بڑے بھاری غم سے (جو کفار کی تکذیب اور ایذاء رسانی سے پیش آیا تھا) نجات دی (کہ طوفان سے کفار کو غرق کر دیا اور ان کے تابعین کو بچالیا) اور ہم نے باقی انہی کی اولاد کو رہنے دیا (اور کسی کی نسل نہیں چلی) اور ہم نے ان کے لئے پیچھے آنے والے لوگوں میں یہ بات (مدت دراز کے لئے) رہنے دی کہ نوح پر سلام ہو عالم والوں میں (یعنی خدا کرے اپنے تمام اہلِ عالم جن و انس و ملائکہ سلام بھیجا کریں) ہم مخلصین کو ایسا ہی صلہ دیا کرتے ہیں بیشک وہ ہمارے ایمان دار بندوں میں تھے، پھر ہم نے دوسرے (طریق کے) لوگوں کو (یعنی کافروں کو) غرق کر دیا۔

معارف و مسائل

پچھلی آیت میں تذکرہ کیا گیا تھا کہ ہم نے پہلی اُمتوں کے پاس بھی ڈرانے والے پیغمبر بھیجے تھے، لیکن اکثر لوگوں نے ان کی بات نہیں مانی، اس لئے ان کا انجام بہت بُرا ہوا۔ اب یہاں سے اسی اجمال کی کچھ تفصیل بیان کی جارہی ہے، اور اس ضمن میں کئی انبیاء علیہم السلام کے واقعات بیان کئے گئے ہیں۔ سب سے پہلے ان آیات میں حضرت نوح علیہ السلام کا تذکرہ کیا گیا ہے، حضرت نوحؑ کا واقعہ تفصیل کے ساتھ سورۂ ہود میں گزر چکا ہے، یہاں چند باتیں جو خاص طور سے انہی آیات کی تفسیر سے متعلق ہیں درج ذیل کی جاتی ہیں:۔

وَلَقَدْ نَادَانَا نُوحٌ میں فرمایا گیا ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام نے ہمیں آواز دی تھی۔ اکثر مفسرین کے قول کے مطابق اس سے مراد حضرت نوح علیہ السلام کی وہ دعا ہے جو سورۂ نوح میں مذکور ہے، یعنی رَبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْأَرْضِ مِنَ الْكَافِرِينَ دَيَّارًا (اے میرے پروردگار! زمین پر کافروں میں سے ایک باشندہ بھی مت چھوڑ) یا جو سورۂ قمر میں مذکور ہے یعنی أَنِّي مَغْلُوبٌ فَانْتَصِرْ (میں مغلوب ہوں، میری مدد کیجئے)۔ یہ دعاء حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کی مسلسل سرکشی اور نافرمانی کے بعد اس وقت کی تھی

جبکہ آپ کی قوم نے آپ کو جھٹلانے پر اکتفاء کرنے کے بجائے اُلٹا آپ کو قتل کرنے کا منصوبہ بنایا تھا۔

وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِيْنَ (اور ہم نے باقی انہی کی اولاد کو رہنے دیا)۔ اکثر حضرات مفسّرین کے نزدیک اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام کے زمانے میں جو طوفان آیا تھا اس میں دنیا کی اکثر آبادی ہلاک ہوگئی تھی، اور اس کے بعد ساری دنیا کی نسل حضرت نوح علیہ السلام ہی کے تین بیٹوں سے چلی۔ ایک بیٹے کا نام سام تھا، اور ان کی اولاد سے اہلِ عرب اور اہلِ فارس وغیرہ کی نسل چلی۔ دوسرے بیٹے حام تھے، اور ان سے افریقی ممالک کی آبادیاں دنیا میں پھیلیں، بعض حضرات نے ہندوستان کے باشندوں کو بھی اسی نسل میں شامل کیا ہے۔ اور تیسرے بیٹے یافث تھے، ان سے ترک، منگول اور یاجوج وماجوج کی نسلیں نکلی ہیں۔ جو لوگ حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی میں سوار ہوکر طوفان سے بچ گئے تھے ان میں سے حضرت نوحؑ کے ان تین بیٹوں کے سوا کسی اور سے کوئی نسل نہیں چلی۔

البتہ بعض علماء جن کی تعداد بہت کم ہے اس بات کے قائل رہے ہیں کہ طوفانِ نوحؑ پوری دنیا میں نہیں، بلکہ صرف ارضِ عرب میں آیا تھا۔ ان کے نزدیک اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ ارضِ عرب میں صرف حضرت نوح علیہ السلام کی اولاد باقی رہی، اور انہی سے اہلِ عرب کی نسل چلی، دنیا کے دوسرے خطّوں میں دوسروں کی نسل چلنے کی اس آیت سے نفی نہیں ہوتی (بیان القرآن)

مفسّرین کا ایک تیسرا گروہ یہ کہتا ہے کہ طوفانِ نوحؑ تو پوری دنیا میں آیا تھا، لیکن دنیا کی نسل صرف حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹوں سے نہیں، بلکہ ان تمام لوگوں سے چلی ہے جو کشتی میں حضرت نوحؑ کے ساتھ سوار تھے۔ یہ گروہ آیت میں حصر کو حصرِ اضافی قرار دے کر یہ کہتا ہے کہ یہاں اصل مقصد یہ بیان کرنا ہے کہ ڈوبنے والوں کی نسل نہیں چلی۔ (قرطبی)

قرآن کریم کے سیاق کے لحاظ سے تیسرا قول بہت کم زور ہے اور پہلا قول سب سے بہتر ہے، اس لئے کہ اس کی تائید بعض احادیث سے بھی ہوتی ہے، جو امام ترمذیؒ وغیرہ نے اس آیت کی تفسیر میں براہِ راست آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہیں۔ حضرت سمرہ بن جندبؓ سے روایت ہے کہ آپؐ نے ارشاد فرمایا: "سام اہلِ عرب کا باپ ہے، حام اہلِ حبشہ کا باپ ہے، اور یافث اہلِ روم کا"۔ امام ترمذیؒ نے اس حدیث کو حسن اور امام حاکمؒ نے اسے صحیح قرار دیا ہے (روح المعانی، ص ۹۸ ج ۲۳)

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ (اور ہم نے اُن کے لئے پیچھے آنے والے لوگوں میں یہ بات رہنے دی کہ نوحؑ پر سلام ہو عالم والوں میں) اس کا مطلب یہ ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام کے بعد جو لوگ پیدا ہوئے اُن کی نظر میں حضرت نوحؑ

کو ایسا معزز و مکرم بنا دیا کہ وہ قیامت تک حضرت نوح علیہ السلام کے لئے سلامتی کی دعا کرتے رہیں گے چنانچہ واقعہ بھی یہی ہے کہ تمام وہ مذاہب جو اپنے آپ کو آسمانی کتابوں سے منسوب کرتے ہیں سب کے سب حضرت نوح علیہ السلام کی نبوت اور تقدس کے قائل ہیں، مسلمانوں کے علاوہ یہودی اور نصرانی بھی آپ کو اپنا پیشوا مانتے ہیں۔

وَاِنَّ مِنْ شِيْعَتِهٖ لَاِبْرٰهِيْمَ ﴿۸۳﴾ اِذْ جَآءَ رَبَّهٗ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿۸۴﴾

اور اسی کی راہ والوں میں ہے ابراہیم ۔ جب آیا اپنے رب کے پاس لیکر دل نیرو گا

اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَاذَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۸۵﴾ اَئِفْكًا اٰلِهَةً دُوْنَ

جب کہا اپنے باپ کو اور اس کی قوم کو تم کیا پوجتے ہو ، کیا جھوٹ بنائے ہوئے حاکموں کو اللہ کے

اللّٰهِ تُرِيْدُوْنَ ﴿۸۶﴾ فَمَا ظَنُّكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۷﴾ فَنَظَرَ نَظْرَةً

سوا چاہتے ہو ، پھر کیا خیال کیا ہے تم نے پروردگارِ عالم کو ؟ پھر نگاہ کی ایک بار

فِي النُّجُوْمِ ﴿۸۸﴾ فَقَالَ اِنِّيْ سَقِيْمٌ ﴿۸۹﴾ فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِيْنَ ﴿۹۰﴾

تاروں میں ، پھر کہا میں بیمار ہونے والا ہوں ۔ پھر پھر گئے وہ اس سے پیٹھ دے کر

فَرَاغَ اِلٰٓى اٰلِهَتِهِمْ فَقَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۹۱﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ ﴿۹۲﴾

پھر جا گھسا اُن کے بتوں میں پھر بولا تم کیوں نہیں کھاتے ، تم کو کیا ہے کہ نہیں بولتے ؟

فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًا بِالْيَمِيْنِ ﴿۹۳﴾ فَاَقْبَلُوْٓا اِلَيْهِ يَزِفُّوْنَ ﴿۹۴﴾ قَالَ

پھر گھسا اُن پر مارتا ہوا داہنے ہاتھ سے ۔ پھر لوگ آئے اُس پر دوڑ کر گھبراتے ہوئے ۔ بولا

اَتَعْبُدُوْنَ مَا تَنْحِتُوْنَ ﴿۹۵﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾

کیوں پوجتے ہو جو آپ تراشتے ہو ؟ اور اللہ نے بنایا تم کو اور جو تم بناتے ہو ۔

قَالُوا ابْنُوْا لَهٗ بُنْيَانًا فَاَلْقُوْهُ فِي الْجَحِيْمِ ﴿۹۷﴾ فَاَرَادُوْا بِهٖ

بولے بناؤ اس کے واسطے ایک عمارت پھر ڈالو اس کو آگ کے ڈھیر میں ۔ پھر چاہنے لگے اس پر

كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَسْفَلِيْنَ ﴿۹۸﴾

بڑا داؤ کرنا پھر ہم نے ڈالا انہی کو نیچے ۔

خُلاصۂ تفسیر

اور نوح (علیہ السلام) کے طریقہ والوں میں سے (یعنی ان لوگوں میں سے جو اصولی عقائد میں نوح علیہ السلام کے ساتھ متفق تھے) ابراہیم بھی تھے (ان کا وہ واقعہ یاد رکھنے کے قابل ہے) جب کہ وہ اپنے رب کی طرف صاف دل سے متوجہ ہوئے (صاف دل کا مطلب یہ کہ ان کا دل بدعقیدگی اور دکھلاوے کے جذبہ سے پاک تھا) جبکہ انھوں نے اپنے باپ سے اور اپنی قوم سے (جو بُت پرست تھی) فرمایا کہ تم کس (واہیات) چیز کی عبادت کیا کرتے ہو؟ کیا جھوٹ موٹ کے معبودوں کو اللہ کے سوا (معبود بنانا) چاہتے ہو تو تمھارا ربّ العالمین کے ساتھ کیا خیال ہے، (یعنی تم نے جو اس کی عبادت ترک کر رکھی ہے تو کیا اس کے معبود ہونے میں کوئی شبہ ہے؟ یعنی اوّل تو ایسا نہ ہونا چاہئے اور اگر کوئی شبہ ہے تو اسے رفع کر لو۔ غرض یوں ہی بحث و مباحثہ ہوتا رہتا تھا، ایک بار کا واقعہ ہے کہ ان کا کوئی تہوار آیا، قوم نے اُن سے بھی درخواست کی کہ ہمارے میلہ میں چلو) سو ابراہیم (علیہ السلام) نے ستاروں کو ایک نگاہ بھر کر دیکھا اور کہہ دیا کہ میں بیمار ہونے کو ہوں، (اس لئے میلہ میں نہیں جا سکتا) غرض وہ لوگ (ان کا یہ عذر سُن کر) اُن کو چھوڑ کر چلے گئے (کہ ناحق بیماری میں ان کو اور ان کی وجہ سے اوروں کو تکلیف ہوگی) تو یہ (یعنی ابراہیم علیہ السلام) اُن کے بتوں میں جا گھسے اور (استہزاء کے طور پر ان سے) کہنے لگے کیا تم (یہ چڑھاوے جو تمھارے سامنے رکھے ہیں) کھاتے نہیں ہو (اور) تم کو کیا ہوا تم بولتے بھی نہیں؟ پھر اُن پر قوّت کے ساتھ جا پڑے اور مارنے لگے (اور کلہاڑی وغیرہ سے ان کو توڑ پھوڑ دیا) سو (ان لوگوں کو جب اس کی اطلاع ہوئی تو) وہ لوگ اُن کے پاس دوڑتے ہوئے (گھبرائے ہوئے غصّہ میں) آئے اور (گفتگو شروع ہوئی) ابراہیم (علیہ السلام) نے فرمایا کیا تم ان چیزوں کو پوجتے ہو جن کو خود (اپنے ہاتھ سے) تراشتے ہو (تو جو تمھارا محتاج ہو وہ خدا کیا ہوگا؟) حالانکہ تم کو اور تمھاری بنائی ہوئی ان چیزوں کو (سب کو) اللہ ہی نے پیدا کیا ہے (سو عبادت اسی کی کرنا چاہئے) وہ لوگ (جب مناظرہ میں مغلوب ہوئے تو جھلا کر باہم) کہنے لگے کہ ابراہیم کے لئے ایک آتش خانہ تعمیر کرو (اور اس میں آگ دہکا کر) ان کو اس دہکتی آگ میں ڈال دو، غرض ان لوگوں نے ابراہیمؑ کے ساتھ بُرائی کرنی چاہی تھی (کہ یہ ہلاک ہو جائیں گے) سو ہم نے انہی کو نیچا دکھایا (جس کا قصہ سورۂ انبیاءؑ میں گذر چکا ہے)۔

مَعارف ومسائل

حضرت نوح علیہ السلام کے واقعہ کے بعد قرآن کریم نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی حیاتِ طیبہ کے دو واقعے ذکر کئے ہیں ، دونوں واقعے ایسے ہیں جن میں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے محض اللہ کے واسطے عظیم قربانیاں پیش کیں۔ان میں سے پہلا واقعہ جو مذکورہ آیات میں بیان کیا گیا ہے حضرت ابراہیم ؑ کو آگ میں ڈالنے کا واقعہ ہے، اور اس کی تفصیلات سورۂ انبیاء میں گذر چکی ہیں، البتہ یہاں جس انداز میں اس کو بیان کیا گیا ہے اس میں چند باتیں تشریح طلب ہیں۔

اِنَّ مِنْ شِيْعَتِهٖ لَاِبْرٰهِيْمَ ، شِيْعَةٌ عربی زبان میں اس گروہ یا جماعت کو کہتے ہیں جس کے افراد بنیادی نظریات اور طور طریق میں یکساں ہوں۔اور یہاں ظاہر یہی ہے کہ شِيْعَتِهٖ کی ضمیر حضرت نوح علیہ السلام کی طرف راجع ہے، لہٰذا اس کا مطلب یہ ہوا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے پیش رو نبی حضرت نوح علیہ السلام کے طریقے پر تھے، اور بنیادی اصولِ دین میں دونوں کا مکمل اتفاق تھا۔اور یہ بھی ممکن ہے کہ دونوں کی شریعتیں بھی یکساں یا ملتی جلتی ہوں۔ واضح رہے کہ بعض تاریخی روایات کے مطابق حضرت نوح اور حضرت ابراہیم علیہما السلام کے درمیان دو ہزار چھ سو چالیس سال کا وقفہ ہے، اور دونوں کے درمیان حضرت ہود اور حضرت صالح علیہما السلام کے سوا کوئی اور نبی نہیں ہوا (کشاف ، ص ۴۸ ج ۴)

اِذْ جَآءَ رَبَّهٗ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ، اس کے ٹھیٹھ لفظی معنی یہ ہیں: "جبکہ وہ آئے اپنے پروردگار کے پاس صاف دل لے کر"۔ اور پروردگار کے پاس آنے سے مراد ہے، اللہ کی طرف رجوع کرنا، اس کی طرف متوجہ ہونا اور اس کی عبادت کرنا۔اس کے ساتھ "صاف دل" کی قید لگا کر اشارہ کر دیا گیا ہے کہ اللہ کی کوئی عبادت اس وقت تک قابلِ قبول نہیں ہے جب تک کہ عبادت کرنے والے کا دل غلط عقیدوں اور بُرے جذبات سے پاک نہ ہو ، اگر غلط عقیدے کے ساتھ کوئی عبادت کی جائے تو خواہ عبادتگذار نے اس میں کتنی محنت اٹھائی ہو وہ قابلِ قبول نہیں۔ اسی طرح اگر عبادت کرنے والے کا اصل مقصد اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے بجائے دکھلاوا ہو یا کوئی مادی منفعت ہو تو وہ عبادت قابلِ تعریف نہیں ، حضرت ابراہیم علیہ السلام کا رجوع الی اللہ ان تمام ملاوٹوں سے پاک تھا۔

فَنَظَرَ نَظْرَةً فِى النُّجُوْمِ فَقَالَ اِنِّىْ سَقِيْمٌ ، ان آیتوں کا پس منظر یہ ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی قوم ایک خاص دن میں تہوار منایا کرتی تھی ، جب وہ دن آیا تو اس نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو دعوت دی کہ آپ بھی ہمارے ساتھ جشن میں شرکت کے لئے چلیں

مقصد یہ تھا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اس جشن میں ہمارے ساتھ رہیں گے تو شاید ہمارے دین سے متأثر ہو جائیں، اور اپنے دین کی دعوت چھوڑ دیں۔ (در منثور و ابن جریر وغیرہ) لیکن حضرت ابراہیم علیہ السلام اس موقعہ سے دوسرا فائدہ اٹھانا چاہتے تھے، آپ کا ارادہ یہ تھا کہ جب ساری قوم جشن منانے چلی جائے گی تو میں ان کی عبادت گاہوں میں جا کر اُن کے بُتوں کو توڑ ڈالوں گا، تاکہ یہ لوگ واپس آ کر اپنے جھوٹے معبودوں کی بے بسی کا عملی نقشہ اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں، ہو سکتا ہے کہ اپنے بُتوں کو بے بس دیکھ کر کسی کے دل میں ایمان پیدا ہو اور وہ شرک سے توبہ کر لے۔ اس غرض سے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ان کے ساتھ جانے سے انکار فرما دیا، لیکن انکار کا طریقہ یہ اختیار فرمایا کہ پہلے نگاہ بھر کر ستاروں کو دیکھا اور پھر کہا کہ "میں بیمار ہوں" قوم والوں نے آپ کو معذور سمجھ کر چھوڑ دیا اور جشن منانے چلے گئے۔

اس واقعے سے متعدد تفسیری اور فقہی مباحث متعلق ہیں، یہاں ان کا خلاصۃً پیشِ خدمت ہے

ستاروں پر نگاہ ڈالنے کا مقصد

سب سے پہلی بحث تو یہ ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جواب دینے سے پہلے جو ستاروں پر نظر ڈالی، اس کا مقصد کیا تھا؟ بعض حضرات نے تو یہ فرمایا ہے کہ یہ محض ایک اتفاقی عمل تھا، کسی اہم بات کو سوچتے ہوئے انسان بعض اوقات بے اختیار آسمان کی طرف دیکھنے لگتا ہے، جس وقت حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جشن میں شرکت کی دعوت دی گئی تو آپ اس سوچ میں پڑ گئے کہ اس دعوت کو کس طرح ٹلاؤں؟ اسی سوچ کے عالم میں آپ نے بے اختیار ستاروں کی طرف دیکھا اور اس کے بعد جواب دیا ——— ستاروں پر نظر ڈالنے کی یہ تشریح بظاہر بے غبار معلوم ہوتی ہے، لیکن قرآن کریم کے اسلوب کے پیش نظر اسے درست کہنا مشکل ہے۔ اول تو اس لئے کہ قرآن کریم کا اسلوب یہ ہے کہ وہ واقعات کے صرف اہم اور ضروری اجزاء کو بیان فرماتا ہے، اور غیر ضروری تفصیلات کو چھوڑ دیتا ہے، خود انہی آیتوں میں واقعے کے کئی اجزاء محذوف ہیں، یہاں تک کہ اس کا پورا پس منظر بھی بیان نہیں کیا گیا، اس لئے یہ باور کرنا ممکن نہیں کہ قرآن کریم نے واقعے کے پس منظر کو تو تطویل کے خیال سے چھوڑ دیا ہو اور ایک قطعی غیر اختیاری عمل جس کا واقعے سے دور دراز کا بھی تعلق نہ تھا اسے پوری ایک آیت میں بیان فرمایا ہو۔ دوسرے اگر ستاروں کو دیکھنے میں کوئی خاص حکمت پیشِ نظر نہیں تھی، بلکہ یہ ایک غیر اختیاری عمل تھا تو عربی زبان کے قواعد کی رُو سے فَنَظَرَ نَظْرَةً اِلَى النُّجُوْمِ کہنا چاہیے تھا، فِی النُّجُوْمِ نہیں۔

اس سے یہ معلوم ہوا کہ ستاروں کو دیکھنے میں کوئی خاص مصلحت حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پیشِ نظر تھی، اسی لئے قرآن کریم نے اہمیت کے ساتھ اس کا ذکر فرمایا ہے۔ اب وہ

مصلحت کیا تھی؟ اس کے جواب میں اکثر مفسّرین نے یہ فرمایا ہے کہ دراصل حضرت ابراہیم علیہ السّلام کی قوم علمِ نجوم کی بڑی شیدائی تھی، اور ستاروں کو دیکھ دیکھ کر اپنے کاموں کا تعیّن کیا کرتی تھی۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ستاروں کی طرف دیکھ کر جو جواب دیا اس کا مقصد یہ تھا کہ قوم والے یہ سمجھیں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ــــ اپنی بیماری کے بارے میں جو کچھ فرمارہے ہیں وہ کوئی ہوائی بات نہیں ہے، بلکہ ستاروں کے چلن پر غور کر کے کہہ رہے ہیں، اگرچہ حضرت ابراہیم علیہ السلام بذاتِ خود علمِ نجوم کے قائل نہ ہوں، لیکن جشن کی شرکت سے اپنی گلوخلاصی کے لئے آپ نے طریقہ وہ اختیار فرمایا جو اُن کی نظر میں زیادہ قابلِ اعتماد ہو، اور چونکہ آپ نے زبان سے علمِ نجوم کا کوئی حوالہ نہیں دیا، نہ یہ بتایا کہ ستاروں کو دیکھنے سے میرا مقصد علمِ نجوم سے مدد لینا ہے، بلکہ صرف نظر بھر کر ستاروں کو دیکھا، اس لئے اس میں جھوٹ کا بھی کوئی پہلو نہیں ہوا۔

یہاں یہ شبہ ہوسکتا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اس عمل سے ان کافروں کی ہمّت افزائی ہوئی ہوگی جو نہ صرف علمِ نجوم کے قائل تھے، بلکہ ستاروں کو دنیا کے واقعات میں مؤثر حقیقی مانتے تھے۔ لیکن اس کا جواب یہ ہے کہ ہمت افزائی تو تب ہوتی جب کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام بعد میں انھیں صراحت کے ساتھ ان کی گمراہیوں پر متنبّہ نہ فرماتے، یہاں تو یہ ساری تدبیر کی ہی اس لئے جارہی تھی کہ انھیں توحید کی دعوت زیادہ سے زیادہ مؤثر بنا کر دی جائے، چنانچہ تھوڑے ہی وقفہ کے بعد حضرت ابراہیم علیہ السلام نے قوم کی ایک ایک گمراہی کو کھول کھول کر بیان فرمادیا، اس لئے محض اس مبہم عمل سے کافروں کی ہمت افزائی کا کوئی سوال پیدا نہیں ہوتا۔ یہاں اصل مقصد جشن کی شرکت سے اپنی جان چھڑانا تھا، تاکہ دعوتِ حق کے لئے زیادہ مؤثر فضا پیدا کی جاسکے، اس مقصد کے لئے ایہام کا یہ طریقہ عین حکمت پر مبنی ہے، اور اس پر کوئی معقول اعتراض نہیں کیا جاسکتا۔

ستاروں کی طرف دیکھنے کی یہ تشریح اکثر مفسرین سے منقول ہے؛ اور حکیم الامت حضرت تھانویؒ نے بھی بیان القرآن میں اسی کو اختیار فرمایا ہے۔

علمِ نجوم کی شرعی حیثیت

اس آیت کے تحت دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ علمِ نجوم کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ یہاں اختصار کے ساتھ اس سوال کا جواب عرض کیا جاتا ہے۔

یہ تو ایک طے شدہ حقیقت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے چاند، سورج اور ستاروں میں کچھ ایسی خاصیتیں رکھی ہیں جو انسانی زندگی پر اثر انداز ہوتی ہیں، ان میں سے بعض خاصیات ایسی ہیں جن کا ہر شخص مشاہدہ کرسکتا ہے، مثلاً سورج کے قُرب و بُعد سے گرمی اور سردی کا پیدا ہونا، چاند کے اُتار چڑھاؤ سے سمندر میں مدّ و جزر وغیرہ، اب بعض حضرات کا

کہنا تو یہ ہے کہ ان ستاروں کی خصوصیات صرف اتنی ہی ہیں جتنی عام مشاہدہ سے معلوم ہوتی ہیں، اور بعض لوگوں کا کہنا یہ ہے کہ ان کے علاوہ بھی ستاروں کی گردش کے کچھ ایسے خواص ہوتے ہیں جو انسان کی زندگی کے اکثر معاملات پر اثر ڈالتے ہیں۔ ایک انسان کے لئے کسی ستارے کا کسی خاص بُرج میں چلے جانا مسرّتوں اور کامیابیوں کا سبب بنتا ہے، اور کسی کے لئے غموں اور ناکامیوں کا، پھر بعض لوگ تو ان ستاروں ہی کو کامیابیوں اور ناکامیوں کے معاملہ میں مؤثر حقیقی مانتے ہیں، اور بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ مؤثر حقیقی تو اللہ تعالیٰ ہی ہے، مگر اس نے ستاروں کو ایسے خواص عطا کر دیئے ہیں، اس لئے دنیا کے دوسرے اسباب کی طرح وہ بھی انسان کی کامیابیوں اور ناکامیوں کا ایک سبب ہوتے ہیں۔

جہاں تک اُن لوگوں کا تعلق ہے جو ستاروں کو مؤثر حقیقی مانتے ہیں، یعنی یہ سمجھتے ہیں کہ دنیا کے انقلابات اور واقعات ستاروں ہی کے رہینِ منّت ہیں، ستارے ہی دنیا کے تمام واقعات کے فیصلے کرتے ہیں، تو بلاشبہ ان کا خیال غلط اور باطل ہے، اور یہ عقیدہ انسان کو شرک کی حد تک پہنچا دیتا ہے۔ اہلِ عرب بارش کے بارے میں یہی عقیدہ رکھتے تھے کہ ایک خاص ستارہ (جسے "نَوء" کہا جاتا تھا) بارش لے کر آتا ہے، اور وہ بارش کے لئے مؤثر حقیقی کی حیثیت رکھتا ہے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عقیدے کی سخت تردید فرمائی ہے، جس کی تصریح احادیث میں موجود ہے۔

رہے وہ لوگ جو دنیوی واقعات میں مؤثر حقیقی تو اللہ تعالیٰ ہی کو مانتے ہیں، لیکن ساتھ ہی اس بات کے بھی قائل ہیں کہ اللہ نے ستاروں کو ایسے خواص عطا فرمائے ہیں جو سبب کے درجہ میں انسانی زندگی پر اثر انداز ہوتے ہیں، جس طرح بارش برسانے والا تو اللہ تعالیٰ ہی ہے، لیکن اس کا ظاہری سبب بادل ہیں، اسی طرح تمام کامیابیوں اور ناکامیوں کا اصل سرچشمہ تو اللہ تعالیٰ کی مشیت ہی ہے، لیکن یہ ستارے ان کامیابیوں اور ناکامیوں کا سبب بن جاتے ہیں، سو یہ خیال شرک نہیں ہے، اور قرآن و حدیث سے اس خیال کی نہ تصدیق ہوتی ہے نہ تردید۔ لہٰذا یہ کچھ بعید نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ستاروں کی گردش اور ان کے طلوع و غروب میں کچھ ایسے اثرات رکھے ہوں، لیکن ان اثرات کی جستجو کرنے کے لئے علمِ نجوم کی تحصیل، اس علم پر اعتماد اور اس کی بنا پر مستقبل کے بارے میں فیصلے کرنا بہرحال ممنوع اور ناجائز ہے، اور احادیث میں اس کی ممانعت آئی ہے۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:۔

اِذَا ذُکِرَ الْقَدَرُ فَاَمْسِکُوْا وَاِذَا ذُکِرَتِ النُّجُوْمُ فَاَمْسِکُوْا وَاِذَا ذُکِرَ اَصْحَابِیْ فَاَمْسِکُوْا (تخریج	جب تقدیر کا ذکر چھڑے تو رُک جاؤ، (یعنی اس میں زیادہ غور و خوض اور بحث و مباحثہ نہ کرو) اور جب ستاروں کا ذکر چھڑے تو

احیاء العلوم للعراقی بحوالہ طبرانیؒ وھو حدیث حسنہ العراقی)

رُک جاؤ اور جب میرے صحابہؓ کا ذکر (یعنی اُن کے باہمی اختلافات وغیرہ کا) ذکر چھڑے تو رُک جاؤ"

اور حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے:

تَعَلَّمُوْا مِنَ النُّجُوْمِ مَا تَھْتَدُوْنَ بِہٖ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ثُمَّ اَمْسِکُوْا (احیاء علوم الدین للغزالیؒ)

"ستاروں کے علم سے اتنا علم حاصل کرو جس کے ذریعہ تم خشکی اور سمندر میں راستے جان سکو اس کے بعد رُک جاؤ"

اس ممانعت سے ستاروں کے خواص و آثار کا انکار لازم نہیں آتا، لیکن ان خواص و آثار کے پیچھے پڑنے ــــ اور ان کی جستجو میں قیمتی اوقات برباد کرنے کو منع کیا گیا ہے۔ امام غزالیؒ نے احیاء العلوم میں اس پر مفصّل بحث کرتے ہوئے اس ممانعت کی متعدّد حکمتیں بتائی ہیں۔

علمِ نجوم کے ممنوع و مذموم ہونے کی پہلی حکمت تو یہ ہے کہ جب اس علم میں انسان کا انہماک بڑھتا ہے تو تجربہ یہ ہے کہ وہ رفتہ رفتہ ستاروں ہی کو سب کچھ سمجھ بیٹھتا ہے، اور یہ چیز اسے کشاں کشاں ستاروں کے مؤثر حقیقی ہونے کے مشرکانہ عقیدے کی طرف لے جاتی ہے۔

دوسری حکمت یہ ہے کہ اگر ستاروں میں اللہ تعالیٰ نے کچھ خواص و آثار رکھے بھی ہوں تو ان کے یقینی علم کا ہمارے پاس سوائے وحی کے کوئی راستہ نہیں ہے، حضرت ادریس علیہ السلام کے بارے میں احادیث میں آیا ہے کہ انھیں اللہ تعالیٰ نے اس قسم کا کوئی علم عطا فرمایا تھا لیکن اب وہ علم جس کی بنیاد وحیِ الٰہی پر تھی، دنیا سے مٹ چکا ہے، اب علمِ نجوم کے ماہرین کے پاس جو کچھ ہے وہ محض قیاسات، اندازے اور تخمینے ہیں، جن سے کوئی یقینی علم حاصل نہیں کیا جا سکتا، یہی وجہ ہے کہ نجومیوں کی بے شمار پیشینگوئیاں آئے دن غلط ثابت ہوتی رہتی ہیں، کسی نے اس علم کے بارے میں بہترین تبصرہ کیا ہے کہ:

مفید ہٗ غیر معلوم و معلومہ غیر مفید

"یعنی اس علم کا جتنا حصہ مفید ہو سکتا ہے وہ کسی کو معلوم نہیں اور جتنا لوگوں کو معلوم ہے وہ فائدہ مند نہیں"

علامہ آلوسیؒ نے روح المعانی میں تاریخی واقعات کی ایسی متعدد مثالیں پیش کی ہیں جن میں علمِ نجوم کے مسلمہ قواعد کے تحت ایک واقعہ جس طرح پیش آنا چاہئے تھا حقیقت میں اس کے بالکل برعکس پیش آیا، چنانچہ جن بڑے بڑے لوگوں نے اس علم کی تحصیل میں اپنی عمریں کھپائی ہیں وہ آخر میں یہ کہنے پر مجبور ہوئے کہ اس علم کا انجام قیاس و تخمین سے آگے کچھ نہیں۔ ایک مشہور منجّم

کوشیار دیلمی نے علم نجوم پر اپنی کتاب المجمل فی الاحکام میں لکھا ہے:

"علم نجوم ایک غیر مدلل علم ہے، اور اس میں انسان کے وسوسوں اور گمانوں کے لئے بڑی گنجائش ہے" (روح المعانی، ص ۱۱۶ ج ۲۳)

علامہ آلوسیؒ نے اور بھی متعدد علماءِ نجوم کے اسی قسم کے اقوال نقل فرمائے ہیں، بہرحال! یہ بات طے شدہ ہے کہ علمِ نجوم کوئی یقینی علم نہیں ہے، اور اس میں غلطیوں کے بے حساب احتمالات ہوتے ہیں، لیکن ہوتا یہ ہے کہ جو لوگ اس علم کی تحصیل میں لگتے ہیں وہ اسے بالکل قطعی اور یقینی علم کا درجہ دے بیٹھتے ہیں، اسی کی بناء پر مستقبل کے فیصلے کرتے ہیں، اسی کی وجہ سے دوسروں کے بارے میں اچھی بُری رائیں قائم کر لیتے ہیں، اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اس علم کا جھوٹا پندار بعض اوقات انسان کو علم غیب کے دعووں تک پہنچا دیتا ہے، اور ظاہر ہے کہ ان میں سے ہر چیز بے شمار مفاسد پیدا کرنے والی ہے۔

علمِ نجوم کی ممانعت کی تیسری وجہ یہ ہے کہ یہ عمرِ عزیز کو ایک بے فائدہ کام میں صرف کرنے کے مرادف ہے، جب اس سے کوئی نتیجہ یقینی طور پر حاصل نہیں کیا جا سکتا تو ظاہر ہے کہ دنیا کے کاموں میں یہ علم چنداں مددگار نہیں ہو سکتا۔ اب خواہ مخواہ ایک بے فائدہ چیز کے پیچھے پڑنا اسلامی شریعت کی رُوح اور مزاج کے بالکل خلاف ہے، اس لئے اس کو ممنوع کر دیا گیا ہے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بیماری کا مطلب

اس آیت سے متعلق تیسرا مسئلہ یہ ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی قوم کی دعوت کے جواب میں جو اِنِّیْ سَقِیْمٌ (میں بیمار ہوں) فرمایا تو کیا حضرت ابراہیم علیہ السلام اس وقت واقعی بیمار تھے؟ قرآن کریم میں اس کے متعلق کوئی صراحت نہیں ہے، لیکن صحیح بخاری کی ایک حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ اس وقت ایسے بیمار نہیں تھے کہ قوم کے ساتھ نہ جا سکیں، اس لئے یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے یہ بات کیسے ارشاد فرمائی؟

اس کا جواب جمہور مفسّرین کے نزدیک یہ ہے کہ درحقیقت ان الفاظ کے ذریعہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے "توریہ" کیا تھا، "توریہ" کا مطلب ہے "کوئی ایسی بات کہنا جو بظاہر واقعہ کے خلاف ہو، لیکن کہنے والے نے اس سے کوئی ایسے دُور کے معنی مراد لئے ہوں جو واقعہ کے مطابق ہوں"۔ یہاں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جو جملہ ارشاد فرمایا اس کا ظاہری مفہوم تو یہی ہے کہ "میں اس وقت بیمار ہوں"، لیکن آپؑ کی اصل مراد یہ نہیں تھی۔ اب اصل مراد کیا تھی؟ اس کے بارے میں مفسرین نے مختلف رائیں ظاہر کی ہیں، بعض نے فرمایا کہ اس سے آپ کا مقصد وہ طبعی انقباض تھا جو آپ کو اپنی قوم کی مشرکانہ حرکات دیکھ دیکھ کر پیدا

ہو رہا تھا، اس کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ یہاں "سقیم" کا لفظ استعمال کیا گیا ہے جو "مریض" کے مقابلہ میں بہت ہلکا لفظ ہے، اور اس کا مفہوم اردو میں اس طرح ادا کیا جا سکتا ہے کہ "میری طبیعت ناساز ہے"۔ ظاہر ہے کہ اس جملہ میں طبعی انقباض کے مفہوم کی بھی پوری گنجائش پائی جاتی ہے۔

اور بعض حضرات نے فرمایا کہ "اِنِّیْ سَقِیْمٌ" سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کا مقصد یہ تھا کہ "میں بیمار ہونے والا ہوں"، اس لئے کہ عربی زبان میں اسمِ فاعل کا صیغہ بکثرت زمانۂ مستقبل کے لئے استعمال ہوتا ہے، قرآن کریم ہی میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے خطاب کرتے ہوئے ارشاد ہے: "اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ" اس کے ظاہری الفاظ کا ترجمہ یوں بھی ہو سکتا ہے کہ "تم بھی مُردہ ہو اور وہ بھی مُردہ ہیں"۔ لیکن ظاہر ہے کہ یہاں مراد یہ معنیٰ ہیں کہ "تم بھی مرنے والے ہو اور وہ بھی مرنے والے ہیں"، اسی طرح اِنِّیْ سَقِیْمٌ کے معنی حضرت ابراہیم علیہ السلام نے یہ مراد لئے تھے کہ "میں بیمار ہونے والا ہوں"، اور یہ اس لئے فرمایا کہ موت سے پہلے پہلے ہر انسان کا بیمار ہونا یقینی امر ہے، اگر کسی کو ظاہری بیماری نہ ہو تب بھی موت سے ذرا پہلے انسان کے مزاج میں خلل کا واقع ہونا ناگزیر ہے۔

اور اگر کسی کا دل ان تاویلات پر مطمئن نہ ہو تو سب سے بہتر توجیہ یہ ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی طبیعت اُس وقت واقعۃً تھوڑی بہت ناساز تھی، لیکن بیماری ایسی نہ تھی جو جشن میں شرکت سے مانع ہوتی، آپ نے اپنی معمولی ناسازیٔ طبع کا ذکر ایسے ماحول میں کیا جس سے سننے والے یہ سمجھے کہ آپ کو کوئی بڑی بیماری لاحق ہے، جس کی وجہ سے آپ واقعی ہمارے ساتھ نہیں جا سکتے، حضرت ابراہیم علیہ السلام کے توریہ کی یہ تشریح سب سے زیادہ معقول اور اطمینان بخش ہے۔

اس تشریح سے یہ بھی واضح ہو جاتا ہے کہ صحیح بخاری کی ایک حدیث میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ارشاد "اِنِّیْ سَقِیْمٌ" کے لئے جو "کَذِبَۃ" (جھوٹ) کے الفاظ استعمال کئے ہیں ان سے مراد "توریہ" ہے جس کی ظاہری شکل جھوٹ ہوتی ہے، لیکن متکلم کی مراد کے لحاظ سے وہ جھوٹ نہیں ہوتا، خود اسی حدیث کی بعض روایتوں میں یہ الفاظ بھی آئے ہیں:

مَا مِنْهَا كَذِبَةٌ اِلَّا مَا حَلَّ بِهَا عَنْ دِيْنِ اللّٰهِ	"ان میں سے کوئی جھوٹ ایسا نہیں ہے جو اللہ کے دین کی مدافعت اور حمایت میں نہ بولا گیا ہو"

ان الفاظ نے خود یہ واضح کر دیا ہے کہ یہاں "کذب" اپنے عام معنی سے جدا مفہوم رکھتا ہے، اس حدیث سے متعلق قدرے تفصیلی بحث سورۂ انبیاء میں آیت قَالَ بَلْ فَعَلَهٗ كَبِيْرُهُمْ کے تحت

گذر چکی ہے۔

تَوْرِیَہ کا شرعی حکم | اسی آیات سے یہ مسئلہ بھی نکلتا ہے کہ ضرورت کے مواقع پر تَوْرِیَہ کرنا جائز ہے تَوْرِیَہ ایک تو قولی ہوتا ہے، یعنی ایسی بات کہنا جس کا ظاہری مفہوم خلاف واقعہ ہو، اور باطنی مراد مطابق واقعہ۔ اور ایک توریہ عملی ہوتا ہے، یعنی ایسا عمل کرنا جس کا مقصد دیکھنے والا کچھ سمجھے اور درحقیقت اس کا مقصد کچھ اور ہو، اسے اِیْہَام بھی کہا جاتا ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ستاروں کو دیکھنا (اکثر مفسرین کے قول کے مطابق) ایہام تھا، اور اپنے آپ کو بیمار کہنا تَوْرِیَہ۔

ضرورت کے مواقع پر تَوْرِیَہ کی یہ دونوں قسمیں خود سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہیں، جس وقت آپؐ ہجرت کے لئے تشریف لیجا رہے تھے، اور مشرکین آپؐ کی تلاش میں لگے ہوئے تھے، تو راستے میں ایک شخص نے حضرت ابوبکر صدیقؓ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں پوچھا، کہ "یہ کون ہیں؟" حضرت صدیق اکبرؓ نے جواب دیا، "هُوَ هَادٍ يَهْدِيْنِيْ" (وہ میرے رہنما ہیں، مجھے راستہ دکھاتے ہیں) سننے والا یہ سمجھا کہ عام راستہ بتانے والے رہنما مراد ہیں، اس لئے چھوڑ کر چل دیا، حالانکہ حضرت ابوبکرؓ کا مقصد یہ تھا کہ آپؐ دینی اور روحانی رہنما ہیں (روح المعانی)

اسی طرح حضرت کعب بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جہاد کے لئے جس سمت میں جانا ہوتا مدینہ طیبہ سے نکلتے وقت اس سمت میں روانہ ہونے کے بجائے کسی دوسری سمت میں چلنا شروع فرماتے تھے، تاکہ دیکھنے والوں کو صحیح منزل معلوم نہ ہوسکے (صحیح مسلم وغیرہ) یہ عملی تَوْرِیَہ اور ایہام تھا۔

مزاح اور خوش طبعی کے مواقع پر بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے تَوْرِیَہ ثابت ہے؛ شمائل ترمذیؒ میں روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بوڑھی عورت سے مزاحاً فرمایا "کوئی بوڑھی عورت جنّت میں نہیں جائے گی" وہ عورت یہ سُن کر بہت پریشان ہوئی تو آپؐ نے تشریح فرمائی کہ بوڑھیوں کے جنّت میں نہ جانے کا مطلب یہ ہے کہ وہ بڑھاپے کی حالت میں جنّت میں نہ جائیں گی ہاں جوان ہوکر جائیں گی۔

اس کے بعد کی آیات کا مفہوم خلاصۂ تفسیر سے واضح ہے، اور واقعہ کی تفصیلات سورۂ انبیاء میں گزر چکی ہیں۔

وَقَالَ اِنِّيْ ذَاهِبٌ اِلٰى رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ﴿۹۹﴾ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۰۰﴾

اور بولا میں جاتا ہوں اپنے رب کی طرف وہ مجھ کو راہ دے گا۔ اے رب بخش مجھ کو کوئی نیک بیٹا۔

فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾ فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ يٰبُنَيَّ اِنِّيْٓ اَرٰى

پھر خوشخبری دی ہم نے اس کو ایک لڑکے کی جو ہوگا تحمل والا۔ پھر جب پہنچا اس کے ساتھ دوڑنے کو کہا اے بیٹے میں دیکھتا ہوں

فِي الْمَنَامِ اَنِّيْٓ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى ؕ قَالَ يٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا

خواب میں کہ تجھ کو ذبح کرتا ہوں پھر دیکھ تو تو کیا دیکھتا ہے؟ بولا اے باپ کر ڈال جو تجھ کو حکم ہوتا ہے

تُؤْمَرُ ۫ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۰۲﴾ فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ

تو مجھ کو پائے گا اگر اللہ نے چاہا سہارنے والا۔ پھر جب دونوں نے حکم مانا اور پچھاڑا

لِلْجَبِيْنِ ﴿۱۰۳﴾ وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ ﴿۱۰۴﴾ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا ۚ اِنَّا

اس کو ماتھے کے بل۔ اور ہم نے اس کو پکارا یوں کہ اے ابراہیم، تو نے سچ کر دکھایا خواب ہم یوں

كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِيْنُ ﴿۱۰۶﴾

دیتے ہیں بدلہ نیکی کرنے والوں کو، بیشک یہی ہے صریح جانچنا۔

وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۰۷﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۰۸﴾

اور اس کا بدلہ دیا ہم نے ایک جانور ذبح کرنے کے واسطے بڑا، اور باقی رکھا ہم نے اس پر پچھلے لوگوں میں،

سَلٰمٌ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿۱۰۹﴾ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۱۰﴾ اِنَّهٗ

کہ سلام ہے ابراہیم پر۔ ہم یوں دیتے ہیں بدلہ نیکی کرنے والوں کو، وہ ہے ہمارے

مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۱﴾ وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۱۲﴾

ایمان دار بندوں میں، اور خوشخبری دی ہم نے اس کو اسحٰق کی جو نبی ہوگا نیک بختوں میں۔

وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اِسْحٰقَ ؕ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَّظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ

اور برکت دی ہم نے اس پر اور اسحٰق پر اور دونوں کی اولاد میں نیکی والے ہیں اور بدکار بھی اپنے حق میں

مُبِيْنٌ ﴿۱۱۳﴾ ع

صریح

خُلاصۂ تفسیر

اور ابراہیم (علیہ السلام) جب ان لوگوں کے ایمان سے مایوس ہو گئے تو (کہنے لگے کہ میں تو

(تم سے ہجرت کر کے) اپنے رب کی (راہ میں کسی) طرف چلا جاتا ہوں، وہ مجھ کو (اچھی جگہ) پہنچا ہی دیگا، (چنانچہ ملکِ شام میں جا پہونچے، اور یہ دعاء کی کہ) اے میرے رب مجھ کو ایک نیک فرزند دے، سو ہم نے ان کو ایک حلیم المزاج فرزند کی بشارت دی (اور وہ فرزند پیدا ہوا اور ہشیار ہوا) سو جب وہ لڑکا ایسی عمر کو پہنچا کہ ابراہیم (علیہ السلام) کے ساتھ چلنے پھرنے لگا، تو ابراہیم (علیہ السلام) نے (ایک خواب دیکھا کہ میں اس فرزند کو خدا کے حکم سے ذبح کر رہا ہوں، اور یہ ثابت نہیں کہ حلقوم کٹا ہوا بھی دیکھا یا نہیں، غرض آنکھ کھلی تو اسے اللہ کا حکم سمجھے، کیونکہ انبیاء کا خواب بھی وحی ہوتا ہے اور اس حکم کی تعمیل پر آمادہ ہو گئے۔ پھر یہ سوچ کر کہ خدا جانے میرے فرزند کی اس بارے میں کیا رائے ہو، اس کو اطلاع کرنا ضروری سمجھا، اس لئے اس سے) فرمایا کہ برخوردار میں دیکھتا ہوں کہ میں تم کو (بامرِ الٰہی) ذبح کر رہا ہوں، سو تم بھی سوچ لو تمھاری کیا رائے ہے؟ وہ بولے ابا جان (اس میں مجھ سے پوچھنے کی کیا بات ہے، جب آپ کو خدا کی طرف سے حکم کیا گیا ہے تو) آپ کو جو حکم ہوا ہے آپ (بلا تامل) کیجئے، انشاء اللہ تعالیٰ آپ مجھ کو سہار کرنے والوں میں سے دیکھیں گے، غرض جب دونوں نے (خدا کے حکم کو) تسلیم کر لیا، اور باپ نے بیٹے کو (ذبح کرنے کے لئے) کروٹ پر لٹایا اور (چاہتے تھے کہ گلا کاٹ ڈالیں اور اس وقت) ہم نے ان کو آواز دی کہ ابراہیم (شاباش ہے) تم نے خواب کو خوب سچ کر دکھایا (یعنی خواب میں جو حکم ہوا تھا اپنی طرف سے اس پر پورا عمل کیا اب ہم اس حکم کو منسوخ کرتے ہیں بس ان کو چھوڑ دو، غرض ان کو چھوڑ دیا، جان کی جان بچ گئی، اور بلند درجات (مزید برآں عطا ہوئے) ہم مخلصین کو ایسا ہی صلہ دیا کرتے ہیں (کہ دونوں جہان کی راحت انھیں عطا کرتے ہیں) حقیقت میں یہ تھا بھی بڑا امتحان (جس کو بجز مخلص کامل کے دوسرا برداشت نہیں کر سکتا تو ہم نے ایسے امتحان میں پورا اُترنے پر صلہ بھی بڑا بھاری دیا، اور اس میں جیسا امتحان ابراہیم علیہ السلام کا تھا، اسی طرح اسمٰعیل علیہ السلام کا بھی تھا، تو وہ صلہ میں شریک ہوں گے) اور ہم نے ایک بڑا ذبیحہ اس کے عوض میں دیا، (کہ ابراہیم علیہ السلام سے وہ ذبح کرایا گیا) اور ہم نے پیچھے آنے والوں میں یہ بات ان کے لئے رہنے دی کہ ابراہیم پر سلام ہو (چنانچہ ان کے نام کے ساتھ اب تک "علیہ السلام" کہا جا رہا ہے) ہم مخلصین کو ایسا ہی صلہ دیا کرتے ہیں، (کہ انہیں لوگوں کی دعاؤں اور سلامتی کی بشارتوں کا مرکز بنا دیتے ہیں) بیشک وہ ہمارے ایمان دار بندوں میں سے تھے اور ہم نے (ایک انعام اُن پر یہ کیا کہ) ان کو اسحاقؑ کی بشارت دی کہ نبی اور نیک بختوں میں ہوں گے اور ہم نے ابراہیمؑ پر اور اسحٰقؑ پر برکتیں نازل کیں (ان برکتوں میں سے ایک یہ ہے کہ انکی نسل بہت پھیلی اور اس نسل میں کثرت سے انبیا پیدا ہوئے) اور (پھر آگے) ان دونوں کی نسل میں بعضے اچھے بھی ہیں اور بعضے ایسے بھی جو (بدیاں کر کے) صریح اپنا نقصان کر رہے ہیں۔

معارف و مسائل

بیٹے کی قربانی کا واقعہ ان آیات میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی حیاتِ طیبہ کا ایک دوسرا اہم واقعہ بیان کیا گیا ہے، جس میں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اللہ کے لئے اپنے اکلوتے فرزند کی قربانی پیش کی، واقعہ کے بنیادی اجزاء خلاصۂ تفسیر سے واضح ہو جاتے ہیں، بعض تاریخی تفصیلات آیتوں کی تفسیر کے ذیل میں آجائیں گی:

وَقَالَ اِنِّیْ ذَاهِبٌ اِلٰی رَبِّیْ (اور ابراہیم علیہ السلام کہنے لگے کہ میں تو اپنے رب کی طرف چلا جاتا ہوں) یہ بات حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اس وقت ارشاد فرمائی جبکہ آپ اپنے اہل وطن سے بالکل مایوس ہو گئے، اور وہاں آپ کے بھانجے حضرت لوط علیہ السلام کے سوا کوئی آپ پر ایمان نہیں لایا۔ "رب کی طرف چلے جانے" سے مراد یہ ہے کہ میں دار الکفر کو چھوڑ کر کسی ایسی جگہ چلا جاؤں گا جہاں کا مجھے اپنے رب کی طرف سے حکم ہوا ہے، اور جہاں میں اپنے پروردگار کی عبادت کر سکوں گا، چنانچہ آپ اپنی زوجۂ مطہرہ حضرت سارہؓ اور اپنے بھانجے حضرت لوط علیہ السلام کو لے کر سفر پر روانہ ہوئے، اور عراق کے مختلف حصوں سے ہوتے ہوئے بالآخر شام تشریف لے آئے۔ اس تمام عرصہ میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے کوئی اولاد نہیں ہوئی تھی، اس لئے آپ نے وہ دعاء فرمائی جس کا اگلی آیت میں ذکر ہے، یعنی:

رَبِّ هَبْ لِیْ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ (اے میرے پروردگار! مجھے ایک نیک فرزند عطا فرما) چنانچہ آپ کی یہ دعاء قبول ہوئی، اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو ایک فرزند کی پیدائش کی خوشخبری سنائی:

فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِیْمٍ (پس ہم نے ان کو ایک حلیم المزاج فرزند کی بشارت دی) "حلیم المزاج" فرما کر اشارہ کر دیا گیا کہ یہ نومولود اپنی زندگی میں ایسے صبر و ضبط اور بردباری کا مظاہرہ کرے گا کہ دنیا اس کی مثال نہیں پیش کر سکتی۔ اس فرزند کی ولادت کا واقعہ یہ ہوا کہ جب حضرت سارہؓ نے یہ دیکھا کہ مجھ سے کوئی اولاد نہیں ہو رہی تو وہ سمجھیں کہ میں بانجھ ہو چکی ہوں اُدھر فرعونِ مصر نے حضرت سارہؓ کو اپنی بیٹی جن کا نام ہاجرہؓ تھا، خدمت گزاری کے لئے دیدی تھی، حضرت سارہؓ نے یہی ہاجرہؓ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو عطا کر دیں، اور حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ان سے نکاح کر لیا، انہی ہاجرہؓ کے بطن سے یہ صاحبزادے پیدا ہوئے اور ان کا نام اسمٰعیل (علیہ السلام) رکھا گیا۔

فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْیَ قَالَ یٰبُنَیَّ اِنِّیْٓ اَرٰی فِی الْمَنَامِ اَنِّیْٓ اَذْبَحُكَ (سو جب وہ فرزند ایسی عمر کو پہنچا کہ ابراہیمؑ کے ساتھ چلنے پھرنے لگا تو ابراہیم نے فرمایا: برخوردار میں خواب

میں دیکھتا ہوں کہ میں تم کو ذبح کر رہا ہوں) بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ خواب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو تین روز متواتر دکھایا گیا (قرطبی) اور یہ بات طے شدہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام کا خواب وحی ہوتا ہے، اس لئے اس خواب کا مطلب یہ تھا کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حکم ہوا ہے کہ اپنے اکلوتے بیٹے کو ذبح کر دو۔ یوں یہ حکم براہِ راست کسی فرشتے وغیرہ کے ذریعہ بھی نازل کیا جا سکتا تھا، لیکن خواب میں دکھانے کی حکمت بظاہر یہ تھی کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اطاعت شعاری اپنے کمال کے ساتھ ظاہر ہو، خواب کے ذریعہ دیئے ہوئے حکم میں انسانی نفس کے لئے تاویلات کی بڑی گنجائش تھی، لیکن حضرت ابراہیم علیہ السلام نے تاویلات کا راستہ اختیار کرنے کے بجائے اللہ کے حکم کے آگے سر تسلیم خم کر دیا (تفسیر کبیر)

اس کے علاوہ یہاں باری تعالیٰ کا اصل مقصد نہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کو ذبح کرانا تھا، نہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو یہ حکم دینا کہ انھیں ذبح کر ہی ڈالو، بلکہ منشاء یہ حکم دینا تھا کہ اپنی طرف سے انھیں ذبح کرنے کے سارے سامان کر کے اُن کے ذبح کا اقدام کر گذرو۔ اب یہ حکم اگر زبانی دیا جاتا تو اس میں آزمائش نہ ہوتی، اس لئے انہیں خواب میں دکھلایا کہ وہ بیٹے کو ذبح کر رہے ہیں، اس سے حضرت ابراہیم علیہ السلام یہ سمجھے کہ ذبح کا حکم ہوا ہے، اور وہ پوری طرح ذبح کرنے پر آمادہ ہو گئے، اس طرح آزمائش بھی پوری ہو گئی، اور خواب بھی سچا ہو گیا، یہ بات زبانی حکم کے ذریعہ آتی تو یا آزمائش نہ ہوتی، یا حکم کو بعد میں منسوخ کرنا پڑتا۔ ——— یہ امتحان کس قدر سخت تھا؟ اس کی طرف اشارہ کرنے کے لئے یہاں اللہ تعالیٰ نے فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ کے الفاظ بڑھائے ہیں، یعنی ارمانوں سے مانگے ہوئے اس بیٹے کو قربان کرنے کا حکم اس وقت دیا گیا تھا جب یہ بیٹا اپنے باپ کے ساتھ چلنے پھرنے کے قابل ہو گیا تھا، اور پرورش کی مشقتیں برداشت کرنے کے بعد اب وقت آیا تھا کہ وہ قوتِ بازو بن کر باپ کا سہارا ثابت ہو۔ مفسرین نے لکھا ہے کہ اس وقت حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی عمر تیرہ سال تھی، اور بعض مفسرین نے فرمایا کہ بالغ ہو چکے تھے (تفسیر مظہری)

فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى (سو تم بھی سوچ لو کہ تمہاری کیا رائے ہے؟) حضرت ابراہیم علیہ السلام نے یہ بات حضرت اسمٰعیل علیہ السلام سے اس لئے نہیں پوچھی کہ آپ کو حکمِ الٰہی کی تعمیل میں کوئی تردّد تھا، بلکہ ایک تو وہ اپنے بیٹے کا امتحان لینا چاہتے تھے کہ وہ اس آزمائش میں کس حد تک پورا اُترتا ہے؟ دوسرے انبیاء علیہم السلام کا طرز ہمیشہ یہ رہا ہے کہ وہ احکامِ الٰہی کی اطاعت کے لئے تو ہر وقت تیار رہتے ہیں، لیکن اطاعت کے لئے ہمیشہ راستہ وہ اختیار کرتے ہیں جو حکمت اور حتی المقدور سہولت پر مبنی ہو۔ اگر حضرت ابراہیم علیہ السلام پہلے سے کچھ کہے بغیر

بیٹے کو ذبح کرنے لگتے، تو یہ دونوں کے لئے مشکل کا سبب ہوتا، اب یہ بات آپ نے مشورہ کے انداز میں بیٹے سے اس لئے ذکر کی کہ بیٹے کو پہلے سے اللہ کا یہ حکم معلوم ہو جائے گا تو وہ ذبح ہونے کی اذیت سہنے کے لئے پہلے سے تیار ہو سکے گا، نیز اگر بیٹے کے دل میں کچھ تذبذب ہوا بھی تو اُسے سمجھایا جا سکے گا۔ (روح المعانی و بیان القرآن) لیکن وہ بیٹا بھی اللہ کے خلیل کا بیٹا تھا اور اسے خود منصبِ رسالت پر فائز ہونا تھا، اس نے جواب میں کہا:

يٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ (ابا جان جس بات کا آپ کو حکم دیا گیا ہے اُسے کر گزریئے)۔

اس سے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے بے مثال جذبۂ جاں سپاری کی تو شہادت ملتی ہی ہے، اس کے علاوہ یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اس کم سنی ہی میں اللہ نے انہیں کیسی ذہانت اور کیسا علم عطا فرمایا تھا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اُن کے سامنے اللہ کے کسی حکم کا حوالہ نہیں دیا تھا، بلکہ محض ایک خواب کا تذکرہ فرمایا تھا، لیکن حضرت اسمٰعیل علیہ السلام سمجھ گئے، کہ انبیاء علیہم السلام کا خواب وحی ہوتا ہے، اور یہ خواب بھی درحقیقت حکمِ الٰہی کی ہی ایک شکل ہے، چنانچہ انھوں نے جواب میں خواب کے بجائے حکمِ الٰہی کا تذکرہ فرمایا۔

وحی غیر متلوّ کا ثبوت یہیں سے ان منکرینِ حدیث کی واضح تردید ہو جاتی ہے جو وحی غیر متلوّ کے وجود کو نہیں مانتے اور کہتے ہیں کہ وحی صرف وہ ہے جو آسمانی کتاب میں نازل ہو گئی، اس کے علاوہ وحی کی کوئی دوسری قسم موجود نہیں ہے۔ آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بیٹے کی قربانی کا حکم خواب کے ذریعہ دیا گیا، اور حضرت اسمٰعیل علیہ السلام نے صریح الفاظ میں اسے اللہ کا حکم قرار دیا، اگر وحی غیر متلوّ کوئی چیز نہیں ہے تو یہ حکم کونسی آسمانی کتاب میں اترا تھا؟

حضرت اسمٰعیل علیہ السلام نے اپنی طرف سے اپنے والد بزرگوار کو یہ یقین بھی دلایا کہ:-

سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ، (انشاء اللہ آپ مجھے صبر کرنے والوں میں سے پائیں گے) اس جملے میں حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی غایت ادب اور غایت تواضع کو دیکھئے۔ ایک تو اِنْ شَآءَ اللّٰهُ کہہ کر معاملہ اللہ کے حوالہ کر دیا اور اس وعدے میں دعوے کی جو ظاہری صورت پیدا ہو سکتی تھی اسے ختم فرما دیا۔ دوسرے آپ یہ بھی فرما سکتے تھے کہ "آپ انشاء اللہ مجھے صبر کرنے والا پائیں گے" لیکن اس کے بجائے آپ نے فرمایا کہ "آپ مجھے صبر کرنے والوں میں سے پائیں گے" جس سے اس بات کی طرف اشارہ فرما دیا کہ یہ صبر و ضبط تنہا میرا کمال نہیں ہے بلکہ دنیا میں اور بھی بہت سے صبر کرنے والے ہوتے ہیں، انشاء اللہ میں بھی اُن میں شامل ہو جاؤں گا۔ اس طرح آپ نے اس جملے میں فخر و تکبّر، خود پسندی اور پندار کے ہر ادنیٰ شائبے کو ختم کر کے اس میں انتہا درجے کی تواضع اور انکسار کا اظہار فرما دیا (روح المعانی) اس سے یہ سبق ملتا ہے کہ انسان کو

کسی معاملے میں اپنے اوپر خواہ کتنا ہی اعتماد ہو، لیکن اُسے ایسے بلند بانگ دعوے نہیں کرنے چاہئیں جن سے غرور و تکبّر ٹپکتا ہو، اگر کہیں ایسی کوئی بات کہنے کی ضرورت ہو تو الفاظ میں اس کی رعایت ہونی چاہئے، کہ ان میں اپنے بجائے اللہ پر بھروسہ کا اظہار ہو، اور جس حد تک ممکن ہو تواضع کے دامن کو نہ چھوڑا جائے۔

فَلَمَّآ اَسْلَمَا (پس جب وہ دونوں جُھک گئے) اَسْلَمَ کے معنی ہیں جُھک جانا، مطیع ہوجانا، رام ہوجانا۔ مطلب یہ ہے کہ جب وہ اللہ کے حکم کے آگے جُھک گئے، یعنی باپ نے بیٹے کو ذبح کرنے کا اور بیٹے نے ذبح ہوجانے کا ارادہ کرلیا، یہاں لَمَّا (جب) کا لفظ استعمال کیا گیا ہے، لیکن اس کا جواب مذکور نہیں ہے، یعنی آگے یہ نہیں بتایا گیا کہ جب یہ واقعات پیش آچکے تو کیا ہوا؟ اس سے اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ باپ بیٹے کا یہ اقدام فداکاری اس قدر عجیب وغریب تھا کہ الفاظ اس کی پوری کیفیت کو بیان کرہی نہیں سکتے۔

بعض تاریخی اور تفسیری روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ شیطان نے تین مرتبہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بہکانے کی کوشش کی، ہر بار حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اسے سات کنکریاں مار کر بھگادیا۔ آج تک منیٰ کے تین جمرات پر اسی محبوب عمل کی یاد کنکریاں مار کر منائی جاتی ہے، بالآخر جب دونوں باپ بیٹے یہ انوکھی عبادت انجام دینے کے لئے قربان گاہ پر پہنچے تو حضرت اسمٰعیل علیہ السلام نے اپنے والد سے کہا کہ ابّا جان مجھے خوب اچھی طرح باندھ دیجئے، تاکہ میں زیادہ تڑپ نہ سکوں، اور اپنے کپڑوں کو بھی مجھ سے بچائیے، ایسا نہ ہو کہ ان پر میرے خون کی چھینٹیں پڑیں، تو میرا ثواب گھٹ جائے، اس کے علاوہ میری والدہ خون دیکھیں گی تو انھیں غم زیادہ ہوگا، اور اپنی چھری بھی تیز کرلیجئے، اور اسے میرے حلق پر ذرا جلدی جلدی پھیریئے گا، تاکہ آسانی سے میرا دم نکل سکے، کیونکہ موت بڑی سخت چیز ہے، اور جب آپ میری والدہ کے پاس جائیں تو ان سے میرا سلام کہدیجئے گا، اور اگر آپ میرا قمیص والدہ کے پاس لے جانا چاہیں تو لے جائیں، شاید اس سے انھیں کچھ تسلّی ہو۔ اکلوتے بیٹے کی زبان سے یہ الفاظ سُن کر ایک باپ کے دل پر کیا گذر سکتی ہے؟ لیکن حضرت ابراہیم علیہ السلام استقامت کے پہاڑ بن کر جواب یہ دیتے ہیں کہ: "بیٹے! تم اللہ کا حکم پورا کرنے کے لئے میرے کتنے اچھے مددگار ہو" یہ کہکر انھوں نے بیٹے کو بوسہ دیا، پُرنم آنکھوں سے انھیں باندھا۔ (مظہری) اور:-

وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ (انھیں پیشانی کے بَل خاک پر لٹا دیا) حضرت ابن عباسؓ سے اس کا مطلب یہ منقول ہے کہ اُنھیں اس طرح کروٹ پر لٹادیا کہ پیشانی کا ایک کنارہ زمین سے چھونے لگا (مظہری) لغت کے اعتبار سے یہ تفسیر راجح ہے۔ اسی لئے کہ جَبِیْنٌ عربی زبان میں پیشانی کی

دونوں کروٹوں کو کہتے ہیں، اور پیشانی کا درمیانی حصہ جَبْہَۃٌ کہلاتا ہے۔ اسی لئے حکیم الامت حضرت تھانویؒ نے اس کا ترجمہ کروٹ پر لٹانے سے کیا ہے، لیکن بعض دوسرے حضرات مفسّرین نے اس کا مطلب یہ بتایا ہے کہ اوندھے مُنہ زمین پر لٹا دیا۔ بہرصورت تاریخی روایات میں اس طرح لٹانے کی وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ شروع میں حضرت ابراہیم علیہ السّلام نے انھیں سیدھا لٹایا تھا، لیکن جب چُھری چلانے لگے تو بار بار چلانے کے باوجود گلا کٹتا نہیں تھا، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے پیتل کا ایک ٹکڑا بیچ میں حائل کر دیا تھا، اس موقع پر بیٹے نے خود یہ فرمائش کی کہ ابا جان! مجھے چہرے کے بَل کروٹ سے لٹا دیجئے، اس لئے کہ جب آپ کو میرا چہرہ نظر آتا ہے تو شفقتِ پدری جوش مارنے لگتی ہے، اور گلا پوری طرح کٹ نہیں پاتا، اس کے علاوہ چُھری مجھے نظر آتی ہے تو مجھے بھی گھبراہٹ ہونے لگتی ہے، چنانچہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے انہیں اسی طرح لٹا کر چھری چلانی شروع کی (تفسیر مظہری وغیرہ) واللہ اعلم

وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا ، (اور ہم نے انھیں آواز دی کہ اے ابراہیم! تم نے خواب سچ کر دکھایا) یعنی اللہ کے حکم کی تعمیل میں جو کام تمہارے کرنے کا تھا اس میں تم نے اپنی طرف سے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی۔ (خواب میں بھی غالباً صرف یہی دکھایا گیا تھا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام انھیں ذبح کرنے کے لئے چُھری چلا رہے ہیں) اب یہ آزمائش پوری ہو چکی اس لئے اب انہیں چھوڑ دو۔

اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ، (ہم مخلصین کو ایسا ہی صلہ دیا کرتے ہیں) یعنی جب کوئی اللہ کا بندہ اللہ کے حکم کے آگے سرِ تسلیم خم کر کے اپنے تمام جذبات کو قربان کرنے پر آمادہ ہو جاتا ہے، تو ہم بالآخر اسے دنیوی تکلیف سے بھی بچا لیتے ہیں، اور آخرت کا اجر و ثواب بھی اس کے نامۂ اعمال میں لکھ دیتے ہیں۔

وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ (اور ہم نے ایک بڑا ذبیحہ اس کے عوض میں دیا) روایات میں ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے یہ آسمانی آواز سُن کر اُوپر کی طرف دیکھا تو حضرت جبرئیل علیہ السلام ایک مینڈھا لئے کھڑے تھے۔ بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ وہی مینڈھا تھا جس کی قربانی حضرت آدم علیہ السلام کے صاحبزادے ہابیلؓ نے پیش کی تھی۔ واللہ اعلم

بہرحال یہ جنّتی مینڈھا حضرت ابراہیم علیہ السلام کو عطا ہوا، اور انھوں نے اللہ کے حکم سے اپنے بیٹے کے بجائے اس کو قربان کیا۔ اس ذبیحہ کو "عظیم" اس لئے کہا گیا کہ یہ اللہ کی طرف سے آیا تھا اور اس کی قربانی کے مقبول ہونے میں کسی کو کوئی شک نہیں ہو سکتا۔ (تفسیر مظہری وغیرہ)

ذبیح حضرت اسمٰعیلؑ تھے یا حضرت اسحٰقؑ

اوپر آیات کی تفسیر یہ تسلیم کرتے ہوئے کی گئی ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جس بیٹے کے ذبح کرنے کا حکم دیا گیا تھا وہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام تھے، لیکن درحقیقت اس معاملہ میں مفسّرین اور مؤرخین کے درمیان شدید اختلاف پایا جاتا ہے۔ حضرت عمرؓ، حضرت علیؓ، حضرت عبداللہ بن مسعودؓ، حضرت عباسؓ، حضرت ابن عباسؓ، کعب الاحبارؒ، سعید بن جبیرؒ، قتادہؒ، مسروقؒ، عکرمہؒ، عطاءؒ، مقاتلؒ، زہریؒ اور سدّیؒ سے منقول ہے کہ وہ صاحبزادے حضرت اسحٰق علیہ السلام تھے، اس کے برخلاف حضرت علیؓ، حضرت ابن عباسؓ حضرت عبداللہ بن عمرؓ، حضرت ابوہریرہؓ، حضرت ابوالطفیلؓ، سعید بن المسیبؒ، سعید بن جبیرؒ حسن بصریؒ، مجاہدؒ، حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ، شعبیؒ، محمد بن کعب قرظیؒ اور دوسرے بہت سے تابعین سے منقول ہے کہ وہ صاحبزادے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام تھے۔

بعد کے مفسّرین میں سے حافظ ابن جریر طبریؒ نے پہلے قول کو ترجیح دی ہے، اور حافظ ابن کثیرؒ وغیرہ نے دوسرے قول کو اختیار کر کے پہلے قول کی سختی کے ساتھ تردید فرمائی ہے۔ یہاں فریقین کے دلائل پر مکمل تبصرہ ممکن نہیں، تاہم قرآن کریم کے اسلوب بیان اور روایات کی قوّت کے لحاظ سے راجح یہی معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جن صاحبزادے کے ذبح کا حکم دیا گیا وہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام تھے، اس کے دلائل مندرجہ ذیل ہیں :۔

(۱) قرآن کریم نے بیٹے کی قربانی کا پورا واقعہ نقل کرنے کے بعد فرمایا ہے کہ وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ (اور ہم نے ان کو اسحٰقؑ کی بشارت دی کہ نبی اور نیک لوگوں میں سے ہوں گے) اس سے صاف یہ معلوم ہوتا ہے کہ جس بیٹے کی قربانی کا حکم دیا گیا تھا وہ حضرت اسحٰق علیہ السلام کے علاوہ کوئی اور تھے، اور حضرت اسحٰق علیہ السلام کی بشارت انکی قربانی کے واقعہ کے بعد دی گئی۔

(۲) حضرت اسحٰق علیہ السلام کی اسی بشارت میں یہ بھی مذکور ہے کہ حضرت اسحٰق علیہ السلام نبی ہوں گے، اس کے علاوہ ایک دوسری آیت میں مذکور ہے، کہ حضرت اسحٰقؑ کی پیدائش کے ساتھ یہ بشارت بھی دیدی گئی تھی کہ ان سے حضرت یعقوب علیہ السلام پیدا ہوں گے، (فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ يَعْقُوْبَ) اس کا صاف مطلب یہ تھا کہ وہ بڑی عمر تک زندہ رہیں گے، یہاں تک کہ صاحبِ اولاد ہوں گے، پھر انہی کو بچپن میں ذبح کرنے کا حکم کیونکر دیا جاسکتا تھا، اور اگر انہی کو بچپن میں نبوّت سے قبل ذبح کرنے کا حکم دیا جاتا تو حضرت ابراہیم علیہ السلام سمجھ جاتے کہ انہیں تو ابھی نبوّت کے منصب پر فائز ہونا ہے اور ان کی صلب سے حضرت یعقوب علیہ السلام کی پیدائش مقدر ہے، اس لئے ذبح کرنے

سے انھیں موت نہیں آسکتی۔ ظاہر ہے کہ اس صورت میں نہ یہ کوئی بڑا امتحان ہوتا، اور نہ حضرت ابراہیمؑ اس کی انجام دہی میں کسی تعریف کے مستحق ہوتے، امتحان تو اسی صورت میں ممکن ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام پوری طرح یہ سمجھے ہوئے ہوں کہ میرا یہ بیٹا ذبح کرنے سے ختم ہو جائے گا اور اس کے بعد وہ ذبح کرنے کا اقدام کریں۔ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے معاملہ میں یہ بات پوری طرح صادق آتی ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے زندہ رہنے اور نبی بننے کی کوئی پیشگوئی نہیں فرمائی تھی۔

(۳) قرآن کریم کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ جس بیٹے کو ذبح کرنے کا حکم ہوا تھا وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا پہلا بچہ تھا، اس لئے کہ انھوں نے اپنے وطن سے ہجرت کرتے وقت ایک بیٹے کی دعاء کی تھی، اسی دعاء کے جواب میں انھیں یہ بشارت دی گئی کہ ان کے یہاں ایک حلیم لڑکا پیدا ہوگا، اور پھر اسی لڑکے کے بارے میں یہ کہا گیا ہے کہ جب وہ باپ کے ساتھ چلنے پھرنے کے قابل ہو گیا تو اسے ذبح کرنے کا حکم دیا گیا۔ یہ سارا سلسلۂ واقعات بتا رہا ہے کہ وہ لڑکا حضرت ابراہیمؑ کا پہلا بیٹا تھا، ادھر یہ بات متفق علیہ ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پہلے صاحبزادے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام ہیں، اور حضرت اسحٰق علیہ السلام ان کے دوسرے صاحبزادے ہیں، اس کے بعد اس میں کوئی شبہ نہیں رہتا کہ ذبیح حضرت اسمٰعیل علیہ السلام ہی تھے۔

(۴) یہ بات بھی تقریباً طے شدہ ہے کہ بیٹے کی قربانی کا یہ واقعہ مکہ مکرمہ کے آس پاس پیش آیا ہے، اسی لئے اہلِ عرب میں برابر حج کے دوران قربانی کا طریقہ رائج رہا ہے، اس کے علاوہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے صاحبزادے کے فدیہ میں جو مینڈھا جنّت سے بھیجا گیا اس کے سینگ سالہا سال تک کعبہ شریف کے اندر لٹکے رہے ہیں۔ حافظ ابن کثیرؒ نے اس کی تائید میں کئی روایتیں نقل کی ہیں، اور حضرت عامر شعبیؒ کا یہ قول بھی ذکر کیا ہے کہ: "میں نے اس مینڈھے کے سینگ کعبہ میں خود دیکھے ہیں" (ابن کثیر، ص ۸ ا ج ۴) اور حضرت سفیانؒ فرماتے ہیں کہ "اس مینڈھے کے سینگ مسلسل کعبہ میں لٹکے رہے، یہاں تک کہ جب (حجّاج بن یوسف کے زمانہ میں) کعبۃ اللہ میں آتشزدگی ہوئی تو یہ سینگ بھی جل گئے" (ایضاً، ص ۷، ا ج ۲) اب ظاہر ہے کہ مکہ مکرمہ میں حضرت اسمٰعیل علیہ السلام تشریف فرما رہے ہیں، نہ کہ حضرت اسحٰق علیہ السلام، اس لئے صاف ظاہر ہے کہ ذبح کا حکم حضرت اسمٰعیل علیہ السلام ہی سے متعلق تھا، نہ کہ حضرت اسحٰق علیہ السلام سے۔

رہیں وہ روایات جن میں مختلف صحابہؓ و تابعینؒ کے بارے میں مذکور ہے کہ انھوں نے ذبیح حضرت اسحٰق علیہ السلام کو قرار دیا، سو اُن کے بارے میں حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ نے

لکھا ہے کہ :-

اللہ ہی بہتر جانتا ہے، لیکن بظاہر یہ سارے اقوال کعب الاحبارؒ سے ماخوذ ہیں، اس لئے کہ جب وہ حضرت عمرؓ کے زمانے میں اسلام لائے تو حضرت عمرؓ کو اپنی پرانی کتابوں کی باتیں سُنانے لگے، بعض اوقات حضرت عمرؓ ان کی باتیں سُن لیتے تھے، اس سے اور لوگوں کو بھی گنجائش ملی، اور انھوں نے بھی ان کی روایات سُن کر انھیں نقل کرنا شروع کر دیا، ان روایات میں ہر طرح کی رطب و یابس باتیں جمع تھیں، اور اس امت کو ان باتوں میں سے ایک حرف کی بھی ضرورت نہیں ہے۔ واللہ اعلم

(تفسیر ابن کثیرؒ، ص ۱۷ ج ۴)

حافظ ابن کثیرؒ کی یہ بات بہت قرینِ قیاس معلوم ہوتی ہے۔ اس لئے کہ حضرت اسحٰق علیہ السلام کو ذبیح قرار دینے کی بنیاد اسرائیلی روایات ہی پر ہے، اسی لئے یہود و نصاریٰ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے بجائے حضرت اسحٰق علیہ السلام کو ذبیح قرار دیتے ہیں، موجودہ بائبل میں یہ واقعہ ان الفاظ میں بیان کیا گیا ہے :

"ان باتوں کے بعد یوں ہوا کہ خدا نے ابرہام کو آزمایا اور اُسے کہا اے ابرہام! اس نے کہا میں حاضر ہوں، تب اُس نے کہا کہ تو اپنے بیٹے اضحاق کو جو تیرا اکلوتا ہے اور جسے تو پیار کرتا ہے ساتھ لے کر موریاہ کے ملک میں جا اور وہاں اُسے پہاڑوں میں سے ایک پہاڑ پر جو میں تجھے بتاؤں گا سوختنی قربانی کے طور پر چڑھا"

(پیدائش ۲۲ : ۱ و ۲)

اس میں ذبح کا واقعہ حضرت اسحٰق علیہ السلام کی طرف منسوب کیا گیا ہے، لیکن اگر انصاف سے اور تحقیق سے کام لیا جائے تو صاف معلوم ہو جاتا ہے کہ یہاں یہودیوں نے اپنے روایتی تعصب سے کام لے کر تورات کی عبارت میں تحریف کا ارتکاب کیا ہے، اس لئے کہ کتاب پیدائش کی مذکورہ عبارت ہی میں "جو تیرا اکلوتا ہے" کے الفاظ بتا رہے ہیں کہ حضرت ابراہیمؑ کو جس بیٹے کی قربانی کا حکم دیا گیا وہ ان کا اکلوتا بیٹا تھا، اسی باب میں آگے چل کر پھر لکھا ہے کہ :-

"تو نے اپنے بیٹے کو بھی جو تیرا اکلوتا ہے مجھ سے دریغ نہ کیا" (پیدائش ۲۲ : ۱۲)

اس جملے میں بھی یہ تصریح موجود ہے کہ وہ بیٹا حضرت ابراہیم علیہ السلام کا اکلوتا تھا، ادھر یہ بات طے شدہ ہے کہ حضرت اسحٰق علیہ السلام ان کے اکلوتے بیٹے نہ تھے، اگر "اکلوتے" کا اطلاق کسی پر ہو سکتا ہے تو وہ صرف حضرت اسمٰعیل علیہ السلام ہیں، خود کتاب پیدائش ہی کی دوسری کئی عبارتیں اس کی شہادت دیتی ہیں کہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی پیدائش حضرت اسحٰق علیہ السلام

سے بہت پہلے ہو چکی تھی، ملاحظہ فرمائیے :۔

"اور ابرام کی بیوی سارئی کے کوئی اولاد نہ ہوئی، اس کی ایک مصری لونڈی تھی، جس کا نام ہاجرہ تھا، اور ۔۔ وہ ہاجرہ کے پاس گیا اور وہ حاملہ ہوئی... اور خداوند کے فرشتہ نے اس سے کہا کہ تو حاملہ ہے اور تیرے بیٹا ہوگا، اس کا نام اسمٰعیل رکھنا۔ اور جب ابرام سے ہاجرہ کے اسمٰعیل پیدا ہوا تب ابرام چھیاسی برس کا تھا"

(پیدائش باب ۱۶ آیات ۱ و ۴ و ۱۰ و ۱۶)

نیز اگلے باب میں لکھا ہے:

"اور خدا نے ابرہام سے کہا کہ سارئی جو تیری بیوی ہے ۔۔ اس سے بھی تجھے ایک بیٹا بخشوں گا... تب ابرہام سرنگوں ہوا اور ہنس کر دل میں کہنے لگا کہ کیا سو برس کے بڈھے سے کوئی بچہ ہوگا، اور کیا سارہ کے جو نوّے برس کی ہے اولاد ہوگی؟ اور ابرہام نے خدا سے کہا کہ کاش! اسمٰعیل ہی تیرے حضور جیتا رہے، تب خدا نے فرمایا کہ بیشک تیری بیوی سارہ کے تجھ سے بیٹا ہوگا، تو اس کا نام اضحاق رکھنا" (پیدائش ۱۷: ۱۵ تا ۲۰)

اس کے بعد حضرت اسحٰق علیہ السلام کی پیدائش کا تذکرہ اس طرح کیا گیا ہے:

"اور جب اس کا بیٹا اضحاق اس سے پیدا ہوا تو ابراہام سو برس کا تھا" (پیدائش ۲۱: ۵)

ان عبارتوں سے صاف واضح ہے کہ حضرت اسحٰق علیہ السلام حضرت اسمٰعیل علیہ السلام سے چودہ سال چھوٹے تھے، اور اس چودہ سال کے عرصہ میں وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اکلوتے بیٹے تھے، اس کے برعکس حضرت اسحٰق علیہ السلام پر ایسا کوئی وقت نہیں گذرا جس میں وہ اپنے والد کے اکلوتے ہوں، اب اس کے بعد جب کتاب پیدائش کے بائیسویں باب میں بیٹے کی قربانی کا ذکر آتا ہے، تو اس میں "اکلوتا" کا لفظ صاف شہادت دے رہا ہے کہ اس سے مراد اسمٰعیل علیہ السلام ہیں اور کسی یہودی نے اس کے ساتھ "اضحاق" کا لفظ محض اس لئے بڑھا دیا ہے تاکہ یہ فضیلت بنو اسمٰعیل کے بجائے بنو اسحٰق کو حاصل ہو۔

اس کے علاوہ بائبل کی اسی کتاب پیدائش میں جہاں حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حضرت اسحٰق علیہ السلام کی پیدائش کی خوش خبری دی گئی ہے وہاں یہ بھی مذکور ہے کہ :۔

"یقیناً میں اسے (یعنی حضرت اسحٰق کو) برکت دوں گا کہ قومیں اس کی نسل سے ہوں گی" (پیدائش ۱۷: ۱۶)

اب ظاہر ہے کہ جس بیٹے کے بارے میں اس کی پیدائش سے پہلے ہی یہ خبر دی جا چکی ہو کہ وہ صاحبِ اولاد ہوگا، اور "قومیں اس کی نسل سے ہوں گی" اس کو قربان کرنے کا حکم

کیسے دیا جاسکتا ہے، اس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ یہ حکم حضرت اسحٰق علیہ السلام سے متعلق نہیں تھا، بلکہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام سے متعلق تھا۔

بائبل کی ان عبارتوں کو دیکھنے کے بعد اندازہ ہوتا ہے کہ حافظ ابن کثیرؒ کا یہ خیال کس قدر صحیح ہے کہ :۔

"یہودیوں کی کتب مقدسہ میں تصریح ہے کہ جب اسمٰعیل علیہ السلام پیدا ہوئے تو حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عمر چھیاسی سال تھی، اور جب اسحاق علیہ السلام پیدا ہوئے تو ان کی عمر سو سال تھی، اور انہی کی کتابوں میں یہ بھی درج ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ان کے اکلوتے بیٹے کے ذبح کا حکم دیا تھا، اور ایک اور نسخہ میں "اکلوتے" کے بجائے "پہلوٹھے" کا لفظ ہے، پس یہودیوں نے یہاں "اسحٰق" کا لفظ اپنی طرف سے بہتانًا بڑھا دیا، اور اس کو درست قرار دینے کا کوئی جواز نہیں ہے، کیونکہ یہ خود ان کی کتابوں کی تصریحات کے خلاف ہے، اور یہ لفظ انھوں نے اس لئے بڑھایا کہ حضرت اسحٰق علیہ السلام اُن کے جدِّ امجد ہیں، اور حضرت اسمٰعیل علیہ السلام عربوں کے، پس یہودیوں نے حسد کی وجہ سے یہ لفظ بڑھا دیا، اور اب "اکلوتے" کے معنی یہ بتاتے ہیں کہ وہ "بیٹا جس کے سوا اس وقت کوئی اور تمہارے پاس موجود نہیں ہے"، کیونکہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام اور اُن کی والدہ اس وقت وہاں نہیں تھیں (اس لئے حضرت اسحٰقؑ کو اس معنی میں اکلوتا کہا جاسکتا ہے) لیکن یہ بالکل غلط تاویل ہے اور باطل تحریف ہے، اس لئے کہ "اکلوتا" اس بیٹے کو کہتے ہیں جس کے باپ کا اُس کے سوا کوئی بیٹا نہ ہو" (تفسیر ابن کثیر، ص ۱۴، ج ۴)

حافظ ابن کثیرؒ ہی نے یہ بھی نقل کیا ہے کہ علماء یہود میں سے ایک شخص حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے زمانے میں مسلمان ہوگیا تھا، حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے اس سے پوچھا کہ ابراہیم علیہ السلام کے بیٹوں میں سے کون سے بیٹے کو ذبح کرنے کا حکم ہوا تھا؟ تو اس نے کہا کہ "خدا کی قسم! امیر المؤمنین! وہ اسمٰعیل علیہ السلام تھے، یہودی اس بات کو خوب جانتے ہیں، لیکن وہ آپ عرب لوگوں سے حسد کی وجہ سے ایسا کہتے ہیں" (ص ۱۸ ج ۴)

ان دلائل کی روشنی میں یہ بات تقریبًا یقینی ہے کہ ذبیح حضرت اسمٰعیل علیہ السلام ہی تھے۔ واللہ سبحانہٗ اعلم

وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَّظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ مُبِيْنٌ (ان دونوں کی نسل میں بعض اچھے

بھی ہیں اور بعض ایسے بھی ہیں جو صریح اپنا نقصان کر رہے ہیں) اس آیت کے ذریعہ یہودیوں کے اس زعم باطل کی تردید کر دی گئی ہے کہ ان حضرات انبیاء علیہم السلام کی اولاد میں سے ہونا ہی انسان کی فضیلت اور نجات کے لئے کافی ہے۔ اس آیت نے وضاحت کے ساتھ بتا دیا کہ کسی نیک انسان سے نسبی تعلق نجات کے لئے کافی نہیں بلکہ اس کا اصل مدار انسان کے اپنے عقائد اور اعمال پر ہے۔

وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَنَجَّيْنٰهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ

اور ہم نے احسان کیا موسیٰ اور ہارون پر ، اور بچا دیا ہم نے ان کو اور ان کی قوم کو

الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۱۵﴾ وَنَصَرْنٰهُمْ فَكَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ وَاٰتَيْنٰهُمَا

اس بڑی گھبراہٹ سے ، اور ان کی ہم نے مدد کی تو رہے وہی غالب ۔ اور ہم نے دی انکو

الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَهَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿۱۱۸﴾ وَتَرَكْنَا

کتاب واضح ، اور بتلائی ان کو سیدھی راہ ، اور باقی رکھا

عَلَيْهِمَا فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۰﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ

اُن پر پچھلے لوگوں میں ، کہ سلام ہے موسیٰ اور ہارون پر ۔ ہم یوں دیتے ہیں

نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ اِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۲﴾

بدلہ نیکی کرنے والوں کو ۔ تحقیق وہ دونوں ہیں ہمارے ایماندار بندوں میں ۔

خُلاصۂ تفسیر

اور ہم نے موسیٰ اور ہارون (علیہما السلام) پر بھی احسان کیا (کہ ان کو نبوت اور دیگر کمالات عطا فرمائے) اور ہم نے ان دونوں کو اور ان کی قوم (یعنی بنی اسرائیل) کو بڑے غم سے (یعنی فرعون کی جانب سے پہنچائی جانے والی تکالیف سے) نجات دی اور ہم نے ان سب کی (فرعون کے مقابلے میں) مدد کی، سو (آخر میں) یہی لوگ غالب آگئے (کہ فرعون کو غرق کر دیا گیا، اور یہ صاحبِ حکومت ہو گئے) اور ہم نے (فرعون کے غرق ہونے کے بعد) اُن دونوں (صاحبوں) کو (یعنی موسیٰ علیہ السلام کو اصالۃً اور ہارون علیہ السلام کو تبعًا) واضح کتاب دی (مراد تورات ہے کہ اس میں احکام واضح طور پر مذکور تھے) اور ہم نے ان کو سیدھے رستہ پر قائم رکھا، (جس کا اعلیٰ درجہ یہ ہے کہ انھیں نبیِّ معصوم بنایا) اور ہم نے ان دونوں کے لئے پیچھے آنے والے لوگوں میں

(مدت ہائے دراز کے لئے) یہ بات رہنے دی کہ موسیٰؑ اور ہارونؑ پر سلام (چنانچہ دونوں حضرات کے ناموں کے ساتھ آج تک علیہ السلام کہا جاتا ہے) ہم مخلصین کو ایسا ہی صلہ دیا کرتے ہیں، (کہ ان کو ثناء اور دعاء کا مستحق بنا دیتے ہیں) بیشک وہ دونوں ہمارے (کامل) ایمان دار بندوں میں سے تھے (اس لئے صلہ بھی کامل عطا ہوا)۔

معارف ومسائل

ان آیتوں میں تیسرا واقعہ حضرت موسیٰ وہارون علیہما السلام کا بیان کیا گیا ہے۔ یہ واقعہ متعدد مقامات پر تفصیل کے ساتھ گزر چکا ہے، یہاں اس کی طرف صرف اشارہ کیا گیا ہے، اور اسے ذکر کرنے سے اصل مقصود یہ بتانا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے مخلص اور اطاعت شعار بندوں کی کس طرح مدد فرماتے ہیں، اور انھیں کیسے کیسے انعامات سے نوازتے ہیں۔ چنانچہ یہاں حضرت موسیٰؑ وہارونؑ پر اپنے انعامات کا تذکرہ فرمایا ہے، انعامات کی بھی دو قسمیں ہوتی ہیں، ایک مثبت انعامات، یعنی فائدے پہنچانا، وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ میں اسی قسم کے انعامات کی طرف اشارہ ہے۔ دوسرے منفی انعامات، یعنی نقصان سے بچانا، اگلی آیات میں اسی قسم کی تفصیل ہے۔ آیات کا مفہوم خلاصۂ تفسیر سے واضح ہو جاتا ہے۔

وَاِنَّ اِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۲۴﴾

اور تحقیق الیاس ہے رسولوں میں۔ جب اس نے کہا اپنی قوم کو کیا تم کو ڈر نہیں،

اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّتَذَرُوْنَ اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ ﴿۱۲۵﴾ اَللّٰهَ رَبَّكُمْ

کیا تم پکارتے ہو بعل کو اور چھوڑتے ہو بہتر بنانے والے کو۔ جو اللہ ہے رب تمہارا

وَرَبَّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾

اور رب تمہارے اگلے باپ دادوں کا، پھر اس کو جھٹلایا سو وہ آنے والے ہیں پکڑے ہوئے،

اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۲۸﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۲۹﴾

مگر جو بندے ہیں اللہ کے چنے ہوئے۔ اور باقی رکھا ہم نے اس پر پچھلے لوگوں میں کہ

سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلْ يَاسِيْنَ ﴿۱۳۰﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳۱﴾

سلام ہے الیاسین پر۔ ہم یوں دیتے ہیں بدلہ نیکی کرنے والوں کو۔

اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۲﴾	
وہ ہی ہمارے ایمان دار بندوں میں۔	

خُلاصۂ تفسیر

اور الیاس (علیہ السلام) بھی (بنی اسرائیل کے) پیغمبروں میں سے تھے (ان کا اس وقت کا واقعہ ذکر کیجئے) جبکہ انھوں نے اپنی قوم (بنی اسرائیل) سے (کہ وہ بُت پرستی میں مبتلا تھی) فرمایا کہ کیا تم خدا سے نہیں ڈرتے؟ کیا تم بعل کو (جو ایک بُت کا نام تھا) پوجتے ہو اور اس (کی عبادت) کو چھوڑ بیٹھے ہو جو سب سے بڑھ کر بنانے والا ہے (کیونکہ اور لوگ تو صرف بعض اشیاء کی تحلیل و ترکیب پر قدرت رکھتے ہیں اور وہ بھی عارضی، اور وہ تمام اشیاء کو عدم سے وجود میں لانے پر قدرتِ ذاتی رکھتا ہے، پھر کوئی دوسرا جان نہیں ڈال سکتا اور وہ جان ڈالتا ہے اور وہ) معبود برحق ہے (اور) تمھارا بھی رب ہے اور تمھارے اگلے باپ دادوں کا بھی رب ہے، سو ان لوگوں نے (اس توحید کے دعوے میں) اُن کو جھٹلایا، سو (اس جھٹلانے کی شامت میں) وہ لوگ (عذابِ آخرت میں) پکڑے جاویں گے، مگر جو اللہ کے خاص بندے (یعنی ایمان والے) تھے (وہ ثواب و اجر میں ہوں گے) اور ہم نے الیاس کے لئے پیچھے آنے والے لوگوں میں (مدتہائے دراز کے لئے) یہ بات رہنے دی کہ الیاسین پر (کہ یہ بھی الیاس علیہ السلام کا نام ہے) سلام ہو، ہم مخلصین کو ایسا ہی صلہ دیا کرتے ہیں (کہ ان کو ثناء اور دعاء کا مستحق بناتے ہیں) بیشک وہ ہمارے (کامل) ایمان دار بندوں میں سے تھے۔

مَعارف و مَسائل

حضرت الیاس علیہ السلام

ان آیات میں چوتھا واقعہ حضرت الیاس علیہ السلام کا بیان کیا گیا ہے۔ آیات کی تفسیر سے قبل حضرت الیاس علیہ السلام سے متعلق چند معلومات درج ذیل ہیں:۔

قرآن کریم میں حضرت الیاس علیہ السلام کا ذکر صرف دو مقامات پر آیا ہے، ایک سورۂ اَنعام میں اور دوسرے سورۂ صافات کی انہی آیتوں میں۔ سورۂ اَنعام میں تو صرف انبیاء علیہم السلام کی فہرست میں آپ کا اسم گرامی شمار کر دیا گیا ہے اور کوئی واقعہ مذکور نہیں، البتہ یہاں نہایت اختصار کے ساتھ آپ کی دعوت و تبلیغ کا واقعہ بیان فرمایا گیا ہے۔

چونکہ قرآن کریم میں حضرت الیاس علیہ السلام کے حالات تفصیل سے مذکور نہیں ہیں،

اور نہ مستند احادیث میں آپ کے حالات آئے ہیں، اس لئے آپ کے بارے میں کتبِ تفسیر کے اندر مختلف اقوال اور متفرق روایات ملتی ہیں، جن میں سے بیشتر بنی اسرائیل کی روایات سے ماخوذ ہیں۔

مفسرین میں سے ایک مختصر گروہ کا کہنا یہ ہے کہ "الیاس" حضرت ادریس علیہ السلام ہی کا دوسرا نام ہے، اور ان دونوں شخصیتوں میں کوئی فرق نہیں ہے۔ اور بعض حضرات نے یہ بھی کہا ہے کہ حضرت الیاس علیہ السلام اور حضرت خضر علیہ السلام میں کوئی فرق نہیں ہے (درمنثور ص ۲۸۵، ۲۸۶ ج ۵) لیکن محققین نے ان اقوال کی تردید کی ہے۔ قرآن کریم نے بھی حضرت ادریس اور حضرت الیاس علیہما السلام کا اس طرح جُدا جُدا تذکرہ فرمایا ہے، کہ دونوں کو ایک قرار دینے کی کوئی گنجائش نظر نہیں آتی، اس لئے حافظ ابن کثیرؒ نے اپنی تاریخ میں صحیح اسی کو قرار دیا ہے کہ دونوں الگ الگ رسول ہیں (البدایہ والنہایہ، ص ۳۳۹ ج ۱)

بعثت کا زمانہ اور مقام

قرآن وحدیث سے یہ بھی پتہ نہیں چلتا کہ حضرت الیاس علیہ السلام کب اور کہاں مبعوث ہوئے تھے؟ لیکن تاریخی اور اسرائیلی روایات اس بات پر تقریباً متفق ہیں کہ آپ حضرت حزقیل علیہ السلام کے بعد اور حضرت الیسع علیہ السلام سے پہلے بنی اسرائیل کی طرف مبعوث ہوئے تھے۔ یہ وہ زمانہ تھا جب کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے جانشینوں کی بدکاری کی وجہ سے بنی اسرائیل کی سلطنت دو حصّوں میں بٹ گئی تھی، ایک حصہ یہوداہ یا یہودیہ کہلاتا تھا، اور اس کا مرکز بیت المقدس تھا، اور دوسرا حصہ اسرائیل کہلاتا تھا اور اس کا پایۂ تخت سامرہ (موجودہ نابلس) تھا۔ حضرت الیاس علیہ السلام اردن کے علاقہ جلعاد میں پیدا ہوئے تھے، اُس وقت اسرائیل کے ملک میں جو بادشاہ حکمران تھا اس کا نام بائبل میں اخی آب اور عربی تواریخ وتفاسیر میں اجب یا اخب مذکور ہے۔ اس کی بیوی ایزبل، بعل نامی ایک بُت کی پرستار تھی، اور اسی نے اسرائیل میں بعل کے نام پر ایک بڑی قربان گاہ تعمیر کرکے تمام بنو اسرائیل کو بُت پرستی کے راستہ پر لگا دیا تھا۔ حضرت الیاس علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم ہوا کہ وہ اس خطّے میں جاکر توحید کی تعلیم دیں، اور اسرائیلیوں کو بُت پرستی سے روکیں (ملاحظہ ہو تفسیر ابن جریر ص ۵۳، ج ۲۳ وابن کثیر ص ۱۹ ج ۴ وتفسیر مظہری ص ۱۳۴ ج ۸ اور بائبل کی کتاب سلاطین اوّل ۱۶: ۲۹ تا ۳۳ و ۱۷: ۱)

قوم کے ساتھ کشمکش

دوسرے انبیاء علیہم السلام کی طرح حضرت الیاس علیہ السلام کو بھی اپنی قوم کے ساتھ شدید کشمکش سے دوچار ہونا پڑا۔ قرآن کریم چونکہ کوئی تاریخ کی کتاب نہیں ہے، اس لئے اس نے اس کش مکش کا مفصّل حال بیان کرنے کے بجائے صرف اتنی بات بیان فرمائی ہے جو عبرت وموعظت حاصل کرنے کے لئے ضروری تھی، یعنی یہ کہ ان کی قوم نے اُن کو جھٹلایا اور چند مخلص بندوں کے سوا کسی نے حضرت الیاس

علیہ السلام کی بات نہ مانی، اس لئے آخرت میں انہیں ہولناک انجام سے دوچار ہونا پڑے گا۔

بعض مفسّرین نے یہاں اس کشمکش کے مفصل حالات بیان فرمائے ہیں، مروّجہ تفاسیر میں حضرت الیاس علیہ السلام کا سب سے بسوط تذکرہ تفسیر مظہری میں علّامہ بغویؒ کے حوالہ سے کیا گیا ہے، اس میں جو واقعات مذکور ہیں وہ تقریباً تمام تر بائبل سے ماخوذ ہیں، دوسری تفسیروں میں بھی ان واقعات کے بعض اجزاء حضرت وہب بن منبہؒ اور کعب الاحبارؒ وغیرہ کے حوالہ سے بیان ہوئے ہیں جو اکثر اسرائیلی روایات نقل کرتے ہیں۔

ان تمام روایات سے خلاصہ کے طور پر جو قدر مشترک نکلتی ہے وہ یہ ہے کہ حضرت الیاس علیہ السلام نے اسرائیل کے بادشاہ اخی آب اور اس کی رعایا کو بعل نامی بت کی پرستش سے روک کر توحید کی دعوت دی، مگر دو ایک حق پسند افراد کے سوا کسی نے آپ کی بات نہیں مانی، بلکہ آپ کو طرح طرح سے پریشان کرنے کی کوشش کی، یہاں تک کہ اخی آب اور اس کی بیوی ایزبل نے آپ کو شہید کرنے کے منصوبے بنائے۔ آپ نے ایک دور افتادہ غار میں پناہ لی، اور عرصۂ دراز تک وہیں مقیم رہے، اس کے بعد آپ نے دعاء فرمائی، کہ اسرائیل کے لوگ قحط سالی کا شکار ہو جائیں، تاکہ اس قحط سالی کو دور کرنے کے لئے آپ اُن کو معجزات دکھائیں تو شاید وہ ایمان لے آئیں، چنانچہ انھیں شدید قحط میں مبتلا کر دیا گیا۔

اس کے بعد حضرت الیاس علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے حکم سے اخی آب سے ملے، اور اس سے کہا کہ یہ عذاب اللہ کی نافرمانی کی وجہ سے ہے، اور اگر تم اب بھی باز آجاؤ تو یہ عذاب دور ہو سکتا ہے۔ میری سچّائی کے امتحان کا بھی یہ بہترین موقع ہے، تم کہتے ہو کہ اسرائیل میں تمھارے معبود بعل کے ساڑھے چار سو نبی ہیں، تم ایک دن اُن سب کو میرے سامنے جمع کرلو، وہ بعل کے نام پر قربانی پیش کریں، اور میں اللہ کے نام پر قربانی کروں گا، جس کی قربانی کو آسمانی آگ آکر بھسم کر دے گی، اس کا دین سچا ہوگا، سب نے اس تجویز کو خوشی سے مان لیا۔

چنانچہ کوہِ کرمل کے مقام پر یہ اجتماع ہوا، بعل کے جھوٹے نبیوں نے اپنی قربانی پیش کی، اور صبح سے دوپہر تک بعل سے التجائیں کرتے رہے، مگر کوئی جواب نہ آیا۔ اس کے بعد حضرت الیاس علیہ السلام نے اپنی قربانی پیش کی، اس پر آسمان سے آگ نازل ہوئی، اور اس نے حضرت الیاس علیہ السلام کی قربانی کو بھسم کر دیا، یہ دیکھ کر بہت سے لوگ سجدے میں گر گئے، اور اُن پر حق واضح ہو گیا، لیکن بعل کے جھوٹے نبی اب بھی نہ مانے، اس لئے حضرت الیاس علیہ السلام نے ان کو وادیٔ قیشون میں قتل کرا دیا۔

اس واقعہ کے بعد موسلا دھار بارش بھی ہوئی، اور پورا خطّہ پانی سے نہال ہو گیا، لیکن

اخی آب کی بیوی ایزبل کی اب بھی آنکھ نہ کھلی، وہ حضرت الیاس علیہ السلام پر ایمان لانے کے بجائے اُلٹی ان کی دشمن ہوگئی، اور اس نے آپ کو قتل کرانے کی تیاریاں شروع کر دیں۔ حضرت الیاس علیہ السلام یہ سُنکر پھر سامریہ سے روپوش ہوگئے، اور کچھ عرصہ کے بعد بنی اسرائیل کے دوسرے ملک یہودیہ میں تبلیغ شروع کر دی، کیونکہ رفتہ رفتہ بعل پرستی کی وبا وہاں بھی پھیل چکی تھی۔ وہاں کے بادشاہ یہورام نے بھی آپ کی بات نہ سُنی، یہاں تک کہ وہ حضرت الیاس علیہ السلام کی پیشینگوئی کے متعلق تباہ و برباد ہوا چند سال بعد آپ دوبارہ اسرائیل تشریف لائے اور یہاں پھر اخی آب اور اس کے بیٹے اخزیاہ کو راہِ راست پر لانے کی کوشش کی، مگر وہ بدستور اپنی بداعمالیوں میں مبتلا رہے، یہاں تک کہ انھیں بیرونی حملوں اور مہلک بیماریوں کا شکار بنا دیا گیا، اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو واپس بُلا لیا۔

کیا حضرت الیاس علیہ السلام حیات ہیں؟

مؤرخین اور مفسرین کے درمیان یہاں یہ مسئلہ بھی زیر بحث آیا ہے کہ حضرت الیاس علیہ السلام زندہ ہیں یا وفات پا چکے؟ تفسیر مظہری میں علامہ بغویؒ کے حوالہ سے جو طویل روایت بیان کی گئی ہے اس میں یہ بھی مذکور ہے کہ حضرت الیاس علیہ السلام کو ایک آتشیں گھوڑے پر سوار کر کے آسمان کی طرف اٹھا لیا گیا تھا، اور وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرح زندہ ہیں (مظہری ص ۱۴۱ ج ۸) علامہ سیوطیؒ نے بھی ابن عساکرؒ اور حاکمؒ وغیرہ کے حوالہ سے کئی روایات ایسی نقل کی ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ زندہ ہیں۔ کعب الاحبارؒ سے منقول ہے کہ چار انبیاء علیہم السلام اب تک زندہ ہیں، دو زمین میں، حضرت خضرؑ اور حضرت الیاسؑ اور دو آسمان میں، حضرت عیسیٰؑ اور حضرت ادریس علیہم السلام، (در منثور، ص ۲۸۵، ۲۸۶ ج ۵) یہاں تک کہ بعض حضرات نے یہ بھی کہا ہے کہ حضرت خضر اور حضرت الیاس علیہما السلام ہر سال رمضان کے مہینہ میں بیت المقدس میں جمع ہوتے ہیں، اور روزے رکھتے ہیں۔ (تفسیر قرطبی، ص ۱۱۶ ج ۱۵)

لیکن حافظ ابن کثیرؒ جیسے محقق علماء نے ان روایات کو صحیح قرار نہیں دیا، وہ اِن جیسی روایتوں کے بارے میں لکھتے ہیں:۔

وھو من الاسرائیلیات التی لا تصدّق ولا تکذّب بل الظاھر أن صحّتھا بعیدۃ، (البدایۃ والنہایۃ، ص ۳۳۸ ج ۱)

"یہ ان اسرائیلی روایتوں میں سے ہے جن کی نہ تصدیق کی جاتی ہے نہ تکذیب، بلکہ ظاہر یہ ہے کہ اُن کی صحت بعید ہے"

نیز فرماتے ہیں:۔

"ابن عساکر نے کئی روایتیں اُن لوگوں کی نقل کی ہیں جو حضرت الیاس علیہ السلام سے ملے ہیں، لیکن ان میں سے کوئی بھی قابلِ اطمینان نہیں، یا تو اس لئے کہ ان کی

سند ضعیف ہی، یا اس لئے کہ جن اشخاص کی طرف یہ واقعات منسوب کئے گئے ہیں وہ مجہول ہیں۔" (البدایۃ والنہایۃ، ص ۲۳۹ ج ۱)

ظاہر یہی ہے کہ حضرت الیاس علیہ السلام کے رفعِ آسمانی کا نظریہ اسرائیلی روایات ہی سے ماخوذ ہے، بائبل میں لکھا ہے کہ:۔

"اور وہ آگے چلتے اور باتیں کرتے جاتے تھے کہ دیکھو ایک آتشی رتھ اور آتشی گھوڑوں نے ان دونوں کو جدا کر دیا اور ایلیاہ[1] بگولے میں آسمان پر چلا گیا۔" (۲۔ سلاطین ۲ : ۱۱)

اسی وجہ سے یہودیوں میں یہ عقیدہ پیدا ہوا تھا کہ حضرت الیاس علیہ السلام دوبارہ زمین پر تشریف لائیں گے، چنانچہ جب حضرت یحییٰ علیہ السلام مبعوث ہوئے تو انھوں نے اُن پر الیاس علیہ السلام ہونے کا شبہ ظاہر کیا۔ انجیل یوحنا میں ہے:

"انھوں نے اس سے پوچھا پھر کون ہے؟ کیا تو ایلیاہ ہے؟ اُس نے کہا میں نہیں ہوں۔"

(یوحنا ۱ : ۲۱)

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کعب الاحبارؒ اور وہب بن منبہؒ جیسے علماء نے جو اہلِ کتاب کے علوم کے ماہر تھے، یہی روایتیں مسلمانوں کے سامنے بیان کی ہوں گی، جن سے حضرت الیاس علیہ السلام کی زندگی کا نظریہ بعض مسلمانوں میں بھی پھیل گیا، ورنہ قرآن یا حدیث میں ایسی کوئی دلیل نہیں ہے، جس سے حضرت الیاس علیہ السلام کی زندگی یا آپ کا آسمان پر اُٹھایا جانا ثابت ہوتا ہو، صرف ایک روایت مستدرک حاکمؒ میں ملتی ہے، جس میں مذکور ہے کہ تبوک کے راستے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات حضرت الیاس علیہ السلام سے ہوئی۔ لیکن یہ روایت بتصریح محدثین موضوع ہے، حافظ ذہبیؒ فرماتے ہیں:۔

بل هو موضوع قبّح الله من وضعه وما كنت احسب ولا أجوّز ان الجهل يبلغ بالحاكم الى ان يصحّح هٰذا	"بلکہ یہ حدیث موضوع ہے، خدا برا کرے اس شخص کا جس نے یہ حدیث وضع کی، اس سے پہلے میرے گمان میں بھی نہ تھا کہ امام حاکمؒ کی بیخبری اس حد تک پہنچ سکتی ہے کہ وہ اس حدیث کو صحیح قرار دیں۔"

(در منثور، ص ۲۸۶ ج ۵)

خلاصہ یہ کہ حضرت الیاس علیہ السلام کا زندہ ہونا کسی معتبر اسلامی روایت سے ثابت نہیں ہے۔ لہٰذا اس معاملے میں سلامتی کی راہ یہ ہے کہ اس میں سکوت اختیار کیا جائے، اور

---

[1] واضح رہے کہ بائبل میں حضرت الیاس علیہ السلام کا نام ایلیاہ مذکور ہے۔

اسرائیلی روایات کے سلسلے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم پر عمل کیا جائے کہ "نہ اُن کی تصدیق کرو نہ تکذیب"۔ کیونکہ قرآن کریم کی تفسیر اور عبرت و موعظت کا مقصد اس کے بغیر بھی پوری طرح حاصل ہو جاتا ہے، واللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اعلم، اب آیات کی تفسیر ملاحظہ فرمائیے:۔

اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا ، (کیا تم بعل کو پوجتے ہو) بعل کے لغوی معنی شوہر اور مالک وغیرہ ہیں، لیکن یہ اُس بت کا نام تھا جسے حضرت الیاس علیہ السلام کی قوم نے اپنا معبود بنایا ہوا تھا۔ بعل کی پرستش کی تاریخ بہت قدیم ہے، شام کے علاقہ میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں اس کی پرستش ہوتی تھی، اور یہ اُن کا سب سے زیادہ مقبول دیوتا تھا۔ شام کا مشہور شہر بعلبک بھی اسی کے نام سے موسوم ہوا، اور بعض لوگوں کا خیال ہے کہ اہلِ حجاز کا مشہور بُت ہُبل بھی یہی بعل ہے۔

(قصص القرآن، ص ۲۸ ج ۲)

وَتَذَرُوْنَ اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ (اور اس کو چھوڑ بیٹھے ہو جو سب سے بڑھ کر بنانے والا ہے) اس سے مراد اللہ تعالیٰ ہیں۔ اور "احسن الخالقین" (سب سے اچھا خالق) کا مطلب یہ نہیں ہے کہ معاذ اللہ کوئی دوسرا بھی خالق ہو سکتا ہے، بلکہ مطلب یہ ہے کہ جن جھوٹے معبودوں کو تم نے خالق قرار دیا ہوا ہے وہ ان سب سے اونچی شان والا ہے۔ (قرطبی) اور بعض مفسرین نے کہا ہے کہ یہاں "خالق" "صانع" (بنانے والا) کے معنے میں استعمال ہوا ہے، یعنی وہ تمام صناعوں سے بڑھ کر ہے، اس لئے کہ دوسرے صناع صرف اتنا ہی تو کرتے ہیں کہ مختلف اجزاء کو جوڑ کر کوئی چیز تیار کر لیتے ہیں کسی چیز کو عدم سے وجود میں لانا ان کے بس سے باہر ہے، اور اللہ تعالیٰ معدوم اشیاء کو وجود بخشنے پر قدرتِ ذاتی رکھتا ہے (بیان القرآن)

غیر اللہ کی طرف تخلیق کی صفت منسوب کرنا جائز نہیں

یہاں یہ بات یاد رکھنی چاہیئے کہ "خلق" کے معنی پیدا کرنے کے ہیں، جس کا مطلب ہے کسی شے کو عدمِ محض سے قدرتِ ذاتی کے بل پر وجود میں لانا۔ اس لئے یہ صفت اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے، کسی اور کی طرف اس کی نسبت جائز نہیں، لہٰذا ہمارے زمانے میں جو رواج چل پڑا ہے کہ اہلِ قلم کے مضامین، شاعروں کے شعر اور مصوّروں کی تصویروں کو اُن کی "تخلیقات" کہہ دیا جاتا ہے وہ بالکل جائز نہیں، اور نہ اہلِ قلم کو ان مضامین کا خالق کہنا درست ہے۔ خالق اللہ کے سوا کوئی نہیں ہو سکتا، اس لئے اُن کے رشحاتِ قلم کو "کاوش" یا "مضمون" وغیرہ کہنا چاہیئے "تخلیق" نہیں۔

فَكَذَّبُوْهُ فَاِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ (سو اُن لوگوں نے اُن کو جھٹلایا سو وہ پکڑے جائیں گے) مطلب یہ ہے کہ انھیں اللہ کے سچے رسولؑ کو جھٹلانے کا مزہ چکھنا پڑے گا۔ اس سے آخرت کا عذاب بھی مراد ہو سکتا ہے اور دنیا کا انجامِ بد بھی۔ پیچھے گزر چکا ہے کہ حضرت الیاس علیہ السلام کی

تکذیب کے نتیجے میں یہوداہ اور اسرائیل دونوں ملکوں کے حکمرانوں کو تباہی کا سامنا کرنا پڑا، اس تباہی کی تفصیل تفسیر مظہری میں اور بائبل کی کتاب سلاطین اوّل باب ۲۲ سلاطین دوم باب اوّل اور تواریخ دوم باب ۲۱ میں موجود ہے۔

اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ، یہاں "مخلصین" (لام پر زبر ہے) کا لفظ استعمال ہوا ہے جس کے معنی ہیں "خالص کئے ہوئے لوگ" یعنی وہ لوگ جنھیں اللہ نے اپنی اطاعت اور اجر و ثواب کے لئے خالص کرلیا ہو، لہذا اس کا ترجمہ "مخلص" کے بجائے "برگزیدہ" زیادہ مناسب ہے۔

سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلْ يَاسِيْنَ "اِلیاسین" بھی الیاس علیہ السلام ہی کا ایک نام ہے، اہلِ عرب اکثر عجمی ناموں کے ساتھ یاء اور نون بڑھا دیتے ہیں، جیسے "سینا" سے "سینین"، اسی طرح یہاں بھی دو حرف بڑھا دیئے گئے ہیں۔

وَاِنَّ لُوْطًا لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ اِذْ نَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۳۴﴾

اور تحقیق لوط ہے رسولوں میں سے ۔ جب بچا دیا ہم نے اس کو اور اس کے سارے گھر والوں کو،

اِلَّا عَجُوْزًا فِي الْغٰبِرِيْنَ ﴿۱۳۵﴾ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿۱۳۶﴾ وَاِنَّكُمْ

مگر ایک بڑھیا کہ رہ گئی رہ جانے والوں میں ۔ پھر جڑ سے اُکھاڑ پھینکا ہم نے دوسروں کو، اور تم گذرتے ہو

لَتَمُرُّوْنَ عَلَيْهِمْ مُّصْبِحِيْنَ ﴿۱۳۷﴾ وَبِالَّيْلِ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۳۸﴾ ع ۴ ۲۵ ۸

اُن پر صبح کے وقت ، اور رات کو بھی ۔ پھر کیا نہیں سمجھتے ؟

خُلاصۂ تفسیر

اور بیشک لوط (علیہ السلام) بھی پیغمبروں میں سے تھے (ان کا اُس وقت کا قصہ قابلِ ذکر ہے) جب کہ ہم نے ان کو اور ان کے متعلقین کو سب کو نجات دی بجز اس بڑھیا (یعنی ان کی بیوی) کے کہ وہ (عذاب کے اندر) رہ جانے والوں میں رہ گئی، پھر ہم نے اور سب کو (جو لوط اور ان کے اہل کے سوا تھے) ہلاک کر دیا (جن کا قصہ کئی جگہ آچکا ہے) اور (اے اہلِ مکہ) تم تو اُن کے (دیار و مساکن پر سفرِ شام میں کبھی) صبح ہوتے اور (کبھی) رات میں گزرا کرتے ہو (اور آثار بربادی دیکھتے ہو) تو کیا (اس کو دیکھ کر) پھر بھی نہیں سمجھتے ہو (کہ کفر کا کیا انجام ہوا، اور جو آئندہ کفر کرے گا اس کے لئے بھی یہی اندیشہ ہے)۔

معارف ومسائل

ان آیات میں پانچواں واقعہ حضرت لوط علیہ السلام کا ذکر فرمایا گیا ہے۔ یہ واقعہ پیچھے کئی مقامات پر گذر چکا ہے، اس لئے یہاں تفصیل کی ضرورت نہیں۔ یہاں اہل مکہ کو خاص طور پر یہ تنبیہ کی گئی ہے کہ تم شام کے تجارتی سفر میں سدوم کے اس علاقہ سے دن رات گذرتے ہو، جہاں یہ عبرتناک واقعہ پیش آیا، لیکن اس سے کوئی عبرت حاصل نہیں کرتے۔ صبح اور رات کا ذکر خاص طور سے اس لئے فرمایا گیا کہ اہل عرب عموماً انہی اوقات میں یہاں سے گذرا کرتے تھے، اور قاضی ابوالسعودؒ فرماتے ہیں کہ غالباً سدوم کا یہ علاقہ راستے کی ایسی منزل پر واقع تھا کہ یہاں سے کوچ کرنے والے صبح کے وقت روانہ ہوتے تھے اور آنے والے شام کے وقت آتے تھے (تفسیر ابی السعود)

وَاِنَّ يُوْنُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۳۹﴾ اِذْ اَبَقَ اِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۱۴۰﴾

اور تحقیق یونس ہے رسولوں میں سے۔ جب بھاگ کر پہنچا اس بھری کشتی پر

فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ ﴿۱۴۱﴾ فَالْتَقَمَهُ الْحُوْتُ وَهُوَ

پھر قرعہ ڈلوایا تو نکلا خطاوار۔ پھر لقمہ کیا اس کو مچھلی نے اور وہ

مُلِيْمٌ ﴿۱۴۲﴾ فَلَوْلَآ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ﴿۱۴۳﴾ لَلَبِثَ فِيْ بَطْنِهٖٓ

الزام کھایا ہوا تھا۔ پھر اگر نہ ہوتی یہ بات کہ وہ یاد کرتا تھا پاک ذات کو، تو رہتا اسی کے پیٹ میں جس

اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۴۴﴾ فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ سَقِيْمٌ ﴿۱۴۵﴾ وَاَنْۢبَتْنَا

دن تک کہ مُردے زندہ ہوں۔ پھر ڈالدیا ہم نے اس کو چٹیل میدان میں اور وہ بیمار تھا۔ اور اُگایا ہم نے

عَلَيْهِ شَجَرَةً مِّنْ يَّقْطِيْنٍ ﴿۱۴۶﴾ وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ

اس پر ایک درخت بیل والا، اور بھیجا اس کو لاکھ آدمیوں پر یا

يَزِيْدُوْنَ ﴿۱۴۷﴾ فَاٰمَنُوْا فَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۱۴۸﴾

اس سے زیادہ۔ پھر وہ یقین لائے پھر ہم نے فائدہ اٹھانے دیا انکو ایک وقت تک

خُلاصۂ تفسیر

اور بیشک یونس (علیہ السلام) بھی پیغمبروں میں سے تھے (ان کا اُس وقت کا قصہ

یاد کیجئے) جبکہ (انھوں نے اپنی قوم سے ایمان نہ لانے پر بحکم الٰہی عذاب کی پیشینگوئی کی، اور خود وہاں سے چلے گئے اور جب متعین وقت پر عذاب کے آثار نمودار ہونے لگے تو قوم کو ایمان لانے کی غرض سے یونس علیہ السلام کی تلاش ہوئی، جب وہ نہ ملے تو سب نے متفق ہو کر حق تعالیٰ کے سامنے گریہ وزاری کی اور اجمالی طور پر ایمان لے آئے، اور وہ عذاب ٹل گیا، یونس علیہ السلام کو کسی ذریعہ سے یہ خبر معلوم ہوئی تو شرمندگی کی وجہ سے اپنے اجتہاد سے اللہ تعالیٰ کی صریح اجازت کے بغیر کہیں دور چلے جانے کا ارادہ کر کے اپنی جگہ سے) بھاگ کر (چلے، راہ میں دریا تھا، اس میں مسافروں سے بھری ہوئی کشتی تھی، اس) بھری ہوئی کشتی کے پاس پہنچے (کشتی چلی تو طوفان آیا، کشتی والے کہنے لگے کہ ہم میں کوئی نیا قصوروار ہے، اس کو کشتی سے علیحدہ کرنا چاہیئے، اس شخص کو متعین کرنے کے لئے سب کا اتفاق اس پر ہوا کہ قرعہ ڈالا جائے) سو یونس (علیہ السلام) بھی شریک قرعہ ہوئے تو (قرعہ میں) یہی ملزم ٹھہرے (یعنی انہی کا نام نکلا، پس انھوں نے اپنے کو دریا میں ڈال دیا۔ شاید کنارہ قریب ہوگا، شناوری کر کے کنارہ پر جا پہنچنے کا ارادہ ہوگا، پس شبہ خودکشی کا لازم نہیں آتا) پھر (جب دریا میں گرے تو ہمارے حکم سے) ان کو مچھلی نے (ثابت) نگل لیا اور یہ (اس وقت) اپنے کو (اس اجتہادی غلطی پر) ملامت کر رہے تھے (یہ تو دل سے توبہ ہوئی اور زبان سے بھی توحید و تسبیح کے ساتھ استغفار کر رہے تھے، جیسا دوسری آیت میں ہے لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ) سو اگر وہ (اس وقت) تسبیح (و استغفار) کرنے والوں میں سے نہ ہوتے تو قیامت تک اسی کے پیٹ میں رہتے (مطلب یہ کہ پیٹ سے نکلنا میسّر نہ ہوتا، بلکہ اس کی غذا بنا دیئے جاتے) سو (چونکہ انھوں نے تسبیح اور توبہ کی اس لئے) ہم نے (ان کو اس سے محفوظ رکھا اور مچھلی کے پیٹ سے نکال کر) ان کو ایک میدان میں ڈال دیا (یعنی مچھلی کو حکم دیا کہ کنارے پر اگل دے) اور وہ اس وقت مضمحل تھے (کیونکہ مچھلی کے پیٹ میں کافی ہوا اور غذا نہ پہونچتی تھی) اور ہم نے (دھوپ سے بچانے کے لئے) اُن پر ایک بیلدار درخت بھی اگا دیا تھا (اور کوئی پہاڑی بکری انھیں دودھ پلا جاتی تھی) اور ہم نے ان کو ایک لاکھ یا اس سے بھی زیادہ آدمیوں کی طرف (شہر نینوا میں موصل کے قریب) پیغمبر بنا کر بھیجا تھا، پھر وہ لوگ ایمان لے آئے تھے (آثارِ عذاب دیکھ کر اجمالاً اور مچھلی کے واقعہ کے بعد حضرت یونس علیہ السلام وہاں دوبارہ تشریف لے گئے اس وقت تفصیلاً) تو (ایمان کی برکت سے) ہم نے اُن کو ایک زمانہ تک (یعنی مدتِ عمر تک خیر و خوبی سے) عیش دیا۔

معارف و مسائل

اس سورۃ میں آخری واقعہ حضرت یونس علیہ السلام کا بیان کیا گیا ہے۔ یہ واقعہ اور

اس کی متعلقہ تفصیلات سورۂ یونس کے آخر میں گذر چکی ہیں (دیکھئے معارف القرآن، ص ۵۷۵، ج ۴) اور ان کا خلاصہ اوپر خلاصۂ تفسیر میں بھی آگیا ہے، اس لئے یہاں اعادہ کی ضرورت نہیں ہے، البتہ خاص ان آیتوں کے بارے میں چند ضروری باتیں درج ذیل ہیں :۔

وَاِنَّ يُوْنُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ، بعض مفسرین اور مؤرخین نے اس پر بحث کی ہے کہ حضرت یونس علیہ السلام مچھلی کے واقعہ سے پہلے ہی رسول بنا دیئے گئے تھے یا بعد میں بنائے گئے؟ بعض حضرات کا خیال ہے کہ مچھلی کے واقعہ کے بعد انھیں رسول بنایا گیا، لیکن قرآن کریم کے ظاہری اسلوب اور بیشتر روایات سے یہی راجح ہے کہ آپ کو پہلے ہی منصب رسالت پر فائز کر دیا گیا تھا، مچھلی کا واقعہ بعد میں پیش آیا۔

اِذْ اَبَقَ اِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ (جب کہ وہ بھاگے بھری ہوئی کشتی کی طرف) لفظ اَبَقَ اِبَاقٌ سے نکلا ہے، جس کے معنیٰ ہیں کسی غلام کا اپنے آقا کے پاس سے بھاگ جانا۔ یہ لفظ اللہ تعالیٰ نے حضرت یونس علیہ السلام کے لئے اس وجہ سے استعمال فرمایا کہ وہ اپنے پروردگار کی طرف سے وحی کا انتظار کئے بغیر روانہ ہو گئے تھے۔ انبیاء علیہم السلام اللہ تعالیٰ کے مقرب بندے ہوتے ہیں اور انکی معمولی سی لغزش بھی بڑی گرفت کا سبب بن جاتی ہے، اس لئے یہ سخت لفظ استعمال کیا گیا ہے۔

فَسَاهَمَ (پس وہ شریکِ قرعہ اندازی ہوئے) یہ قرعہ اندازی اُس وقت کی گئی جبکہ کشتی بیچ دریا کے پہنچ کر طوفان میں گھر گئی، اور وزن کی زیادتی سے اس کے ڈوبنے کا اندیشہ ہو گیا، اور طے یہ پایا کہ ایک شخص کو دریا میں پھینک دیا جائے، قرعہ یہ متعین کرنے کے لئے ڈالا گیا کہ وہ شخص کون ہے؟

قرعہ اندازی کا حکم یہاں یہ یاد رکھنا چاہئے کہ قرعہ اندازی کے ذریعہ نہ کسی کا حق ثابت کیا جا سکتا ہے نہ کسی کو مجرم قرار دیا جا سکتا ہے۔ مثلاً قرعہ کے ذریعہ کسی کو چور ثابت نہیں کیا جا سکتا۔ اسی طرح اگر دو آدمیوں میں یہ اختلاف ہو کہ فلاں جائیداد کس کی ملکیت ہے تو قرعہ کے ذریعہ اس کا فیصلہ نہیں ہو سکتا، ہاں قرعہ اندازی اس موقع پر جائز بلکہ بہتر ہے جہاں ایک شخص کو شرعاً مکمل اختیار حاصل ہو کہ وہ چند جائز راستوں میں سے کسی بھی راستے کو اختیار کر لے۔ اب وہ اپنی مرضی سے کوئی رستہ متعین کرنے کے بجائے قرعہ ڈال کر فیصلہ کرے، مثلاً جس شخص کی ایک سے زائد بیویاں ہوں، اُسے سفر میں جاتے وقت یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ جس بیوی کو چاہے ساتھ لے جائے، اب وہ اپنی مرضی سے ایسا کرنے کے بجائے قرعہ اندازی کر لے تو بہتر ہے، تاکہ کسی کی دل شکنی نہ ہو۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہی معمول تھا۔

حضرت یونس علیہ السلام کے واقعہ میں بھی قرعہ اندازی سے کسی کو مجرم ثابت کرنا مقصود نہیں تھا، بلکہ پوری کشتی کو بچانے کے لئے کسی کو بھی دریا میں ڈالا جا سکتا تھا، قرعہ کے

کے ذریعہ اس کی تعیین کی گئی۔

فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ (پس وہ مغلوب ہوگئے) اِدْحَاضٌ کے لغوی معنی ہیں کسی کو ناکام بنا دینا، مطلب یہ ہے کہ قرعہ اندازی میں انہی کا نام نکل آیا، اور انھوں نے اپنے آپ کو دریا میں ڈال دیا۔ اس پر خودکشی کا شبہ نہ ہونا چاہیئے، اس لئے کہ ہوسکتا ہے کنارہ قریب ہو اور وہ تیراکی کے ذریعے وہاں تک پہونچنے کا ارادہ رکھتے ہوں۔

فَلَوْلَآ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ الخ، اس آیت سے یہ سمجھنا غلط ہے کہ اگر حضرت یونس علیہ السلام تسبیح نہ کرتے تو وہ مچھلی قیامت تک زندہ رہتی، بلکہ مطلب یہ ہے کہ اس مچھلی کے پیٹ ہی کو حضرت یونس علیہ السلام کی قبر بنا دیا جاتا۔

تسبیح و استغفار سے مصائب دور ہوتے ہیں

اس آیت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ مصائب اور آفتوں کو دور کرنے میں تسبیح اور استغفار خاص اہمیت کے حامل ہیں۔ سورۂ انبیاء میں گذر چکا ہے کہ جب حضرت یونس علیہ السلام مچھلی کے پیٹ میں تھے تو یہ کلمہ خاص طور سے پڑھتے تھے لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ، اللہ تعالیٰ نے اسی کلمہ کی برکت سے انھیں اس آزمائش سے نجات عطا فرمائی، اور وہ مچھلی کے پیٹ سے صحیح سالم نکل آئے۔ اسی لئے بزرگوں سے یہ منقول چلا آتا ہے کہ وہ انفرادی یا اجتماعی مصیبت کے وقت یہ کلمہ سوا لاکھ مرتبہ پڑھتے ہیں، اور اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ مصیبت کو دور فرما دیتا ہے۔

ابو داؤد میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حضرت یونس علیہ السلام نے جو دعاء مچھلی کے پیٹ میں کی تھی یعنی لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ، اسے جو مسلمان بھی کسی مقصد کے لئے پڑھے گا اس کی دعاء قبول ہوگی" (تفسیر قرطبی)

فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ سَقِيْمٌ، (پس ہم نے اُن کو میدان میں ڈال دیا اور وہ اس وقت مضمحل تھے) العراء کے معنیٰ ہیں کھلا میدان جس میں کوئی درخت نہ ہو۔ بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ اُس وقت حضرت یونس علیہ السلام مچھلی کے پیٹ میں رہنے کی وجہ سے انتہائی کمزور ہوگئے تھے، اور جسم پر بال بھی باقی نہ رہے تھے۔

وَاَنْۢبَتْنَا عَلَيْهِ شَجَرَةً مِّنْ يَّقْطِيْنٍ، (اور ہم نے ان پر ایک بیل دار درخت بھی اُگا دیا تھا) يَقْطِيْنٌ ہر اُس درخت کو کہتے ہیں جس کا تنہ نہ ہو۔ روایات میں ہے کہ یہ کدو کی بیل تھی۔ اس درخت کو اُگانے کا منشا یہ تھا کہ حضرت یونس علیہ السلام کو سایہ حاصل ہو۔ یہاں شَجَرَةً کا لفظ بتا رہا ہے کہ یا تو اسی کدو کی بیل کو اللہ نے معجزہ کے طور پر تنہ دار بنا دیا تھا،

یا کوئی اور درخت تھا جس پر وہ بیل چڑھادی تھی، تاکہ اس سے گھنا سایہ مل سکے، ورنہ بیل سے سایہ ملنا مشکل تھا۔

وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ (اور ہم نے ان کو ایک لاکھ یا اس سے بھی زیادہ آدمیوں کی طرف پیغمبر بناکر بھیجا تھا) یہاں یہ اشکال ہوسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ تو علیم وخبیر ہیں، ان کو اس شک کے اظہار کی کیا ضرورت ہے کہ ایک لاکھ یا اس سے زیادہ آدمی تھے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ جملہ عام لوگوں کی مناسبت سے کہا گیا ہے، یعنی ایک عام آدمی انھیں دیکھتا تو یہ کہتا کہ اُن کی تعداد ایک لاکھ یا اس سے کچھ اوپر ہے (مظہری) اور حضرت تھانویؒ نے فرمایا کہ یہاں شک کا اظہار مقصود ہی نہیں ہے، انھیں ایک لاکھ بھی کہا جاسکتا ہے، اور اس سے زیادہ بھی، اور وہ اس طرح کہ اگر کسر کا لحاظ نہ کیا جائے تو ان کی تعداد ایک لاکھ تھی، اور اگر کسر کو بھی شمار کیا جائے تو ایک لاکھ سے زیادہ (بیان القرآن)

یہ جملہ چونکہ مچھلی کے واقعہ کے بعد آیا ہے اس لئے اس سے بعض مفسّرین نے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ حضرت یونس علیہ السلام کی بعثت اس واقعہ کے بعد ہوئی تھی۔ اور علامہ بغویؒ نے یہاں تک فرمادیا کہ اس آیت میں نینوا کی طرف بعثت کا ذکر نہیں ہے، بلکہ مچھلی کے واقعہ کے بعد انھیں ایک دوسری امّت کی طرف بھیجا گیا، جس کی تعداد ایک لاکھ سے زائد تھی، لیکن قرآن کریم اور روایات سے ان کے اس قول کی تائید نہیں ہوتی۔ یہاں حضرت یونس علیہ السلام کے واقعہ کے شروع ہی میں آپ کی رسالت کا تذکرہ صاف بتا رہا ہے کہ مچھلی کا واقعہ رسول بننے کے بعد پیش آیا ہے، اس کے بعد یہاں اس جملے کو دوبارہ اس لئے لایا گیا کہ حضرت یونس علیہ السلام کی تندرستی کے بعد انھیں دوبارہ وہیں بھیجا گیا تھا، یہاں یہ واضح کردیا کہ وہ لوگ معدودے چند افراد نہیں تھے بلکہ ان کی تعداد لاکھ سے بھی اوپر تھی۔

فَاٰمَنُوْا فَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ، (پس وہ ایمان لے آئے، سو ہم نے ان کو ایک زمانہ تک عیش دیا) "ایک زمانہ تک" کا مطلب یہ ہے کہ جب تک وہ دوبارہ کفر وشرک میں مبتلا نہیں ہوئے ان پر کوئی عذاب نہیں آیا۔

مرزا قادیانی کی تلبیس کا جواب

یہ بات سورۂ یونس کی تفسیر میں بھی واضح کی جاچکی ہے، اور اس آیت سے بھی واضح ہوتی ہے کہ حضرت یونس علیہ السلام کی قوم پر سے جو عذاب ٹلایا گیا وہ اس لئے کہ آپ کی قوم بروقت ایمان لے آئی تھی۔ اس سے پنجاب کے جھوٹے نبی مرزا غلام احمد قادیانی کی اس تلبیس کا خاتمہ ہوجاتا ہے کہ جب اس نے اپنے مخالفوں کو یہ چیلنج کیا کہ اگر وہ اسی طرح مخالفت کرتے رہے تو خدا کا فیصلہ ہوچکا ہے کہ فلاں وقت تک عذاب الٰہی آجائے گا، لیکن مخالفین کی

جد وجہد اور تیز ہوگئی پھر بھی عذاب نہ آیا، تب ناکامی کی ذلّت سے بچنے کے لئے قادیانی نے یہ کہنا شروع کر دیا کہ چونکہ مخالفین دل میں ڈر گئے ہیں اس لئے اُن پر سے عذاب ٹل گیا، جس طرح یونس علیہ السلام کی قوم پر سے ٹل گیا تھا، لیکن قرآن کریم کی یہ آیت اس تاویل باطل کو مردود قرار دیتی ہے۔ اس لئے کہ قوم یونس علیہ السلام تو ایمان کی وجہ سے عذاب سے بچی تھی، اس کے برعکس مرزا قادیانی کے مخالفین نہ صرف یہ کہ ایمان نہیں لائے بلکہ ان کی مخالفانہ جد وجہد اور تیز ہوگئی۔

فَاسْتَفْتِهِمْ اَلِرَبِّكَ الْبَنَاتُ وَلَهُمُ الْبَنُوْنَ ﴿۱۴۹﴾ اَمْ خَلَقْنَا الْمَلٰٓئِكَةَ

اب اُن سے پوچھ کیا تیرے رب کے یہاں بیٹیاں ہیں اور ان کے یہاں بیٹے، یا ہم نے بنایا فرشتوں کو

اِنَاثًا وَّهُمْ شٰهِدُوْنَ ﴿۱۵۰﴾ اَلَآ اِنَّهُمْ مِّنْ اِفْكِهِمْ لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۱۵۱﴾

عورت اور وہ دیکھتے تھے؟ سنتا ہے، وہ اپنا جھوٹ کہتے ہیں کہ

وَلَدَ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۵۲﴾ اَصْطَفَى الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِيْنَ ﴿۱۵۳﴾

اللہ کے اولاد ہوئی، اور وہ بیشک جھوٹے ہیں۔ کیا اُس نے پسند کیں بیٹیاں بیٹوں سے

مَا لَكُمْ ۫ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿۱۵۴﴾ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۵۵﴾ اَمْ لَكُمْ

کیا ہوگیا ہے تم کو کیسا انصاف کرتے ہو؟ کیا تم دھیان نہیں کرتے ہو، یا تمھارے پاس کوئی

سُلْطٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵۶﴾ فَاْتُوْا بِكِتٰبِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۵۷﴾ وَ

سند ہے کھلی؟ تو لاؤ اپنی کتاب اگر ہو تم سچے۔ اور

جَعَلُوْا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا ؕ وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ

ٹھہرایا ہے انھوں نے خدا میں اور جنّوں میں ناتا، اور جنّوں کو تو معلوم ہے کہ تحقیق

لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ

وہ پکڑے ہوئے آئیں گے۔ اللہ پاک ہے ان باتوں سے جو یہ بتاتے ہیں، مگر جو بندے ہیں اللہ

الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۶۰﴾ فَاِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۶۱﴾ مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ

کے چنے ہوئے۔ سو تم اور جن کو تم پوجتے ہو، کسی کو اس کے ہاتھ سے بہکا کر

بِفٰتِنِيْنَ ﴿۱۶۲﴾ اِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ الْجَحِيْمِ ﴿۱۶۳﴾ وَمَا مِنَّآ اِلَّا لَهٗ

نہیں لے سکتے، مگر اسی کو جو پہنچنے والا ہے دوزخ میں۔ اور ہم میں جو ہے اس کا

مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿۱۶۴﴾ وَّاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ ﴿۱۶۵﴾ وَاِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ ﴿۱۶۶﴾

ایک ٹھکانا ہی مقرر، اور ہم ہی ہیں صف باندھنے والے ، اور ہم ہی ہیں پاکی بیان کرنے والے ۔

خُلاصۂ تفسیر

(توحید کے دلائل تو اوپر بیان ہو چکے) سو (اب اس کے بعد) ان لوگوں سے (جو ملائکہ اور جنّات کو خدا کا شریک ٹھہراتے ہیں، اس طرح کہ ملائکہ کو نعوذ باللہ خدا کی بیٹیاں اور جنّات کے سرداروں کی بیٹیوں کو ان فرشتوں کی مائیں قرار دیتے ہیں جس سے یہ لازم آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا فرشتوں سے نسبی رشتہ ہے، اور جنّات سے زوجیت کا تعلق ہے، سو ان سب سے) پوچھئے کہ کیا خدا کے لئے تو بیٹیاں (ہوں) اور تمھارے لئے بیٹے (ہوں) یعنی جب اپنے لئے بیٹے پسند کرتے ہو تو عقیدۂ مذکور میں خدا کے لئے بیٹیاں کیسے تجویز کرتے ہو۔ پس اس عقیدے میں ایک خرابی تو یہ ہے اور) ہاں (دوسری بات سنو کہ) کیا ہم نے فرشتوں کو عورت بنایا ہے اور وہ (ان کے بننے کے وقت) دیکھ رہے تھے (یعنی ایک دوسری بُرائی یہ ہے کہ فرشتوں پر بلا دلیل مؤنث ہونے کی تہمت رکھتے ہیں) خوب سُن لو کہ وہ لوگ (دلیل کچھ نہیں رکھتے، بلکہ محض) سخن تراشی سے کہتے ہیں کہ (نعوذ باللہ) اللہ صاحب اولاد ہے اور وہ یقیناً (بالکل) جھوٹے ہیں (پس اس عقیدے میں تیسری بُرائی یہ ہے کہ حق تعالیٰ کی طرف اولاد کی نسبت لازم آتی ہے، ان میں سے پہلی بُرائی کا قبح عرف سے، دوسری کا نقل سے اور تیسری کا عقل سے ثابت ہے۔ اور چونکہ جاہلوں کے لئے عرفی بُرائی کا اثبات زیادہ مؤثر ہوتا ہے، اس لئے پہلی بُرائی کو دوسرے عنوان سے مکرر فرماتے ہیں کہ ہاں) کیا اللہ تعالیٰ نے بیٹوں کے مقابلہ میں بیٹیاں زیادہ پسند کیں؟ تم کو کیا ہو گیا تم کیسا (بیہودہ) حکم لگاتے ہو؟ (جس کو عرفاً خود بھی بُرا سمجھتے ہو) پھر (علاوہ عُرف کے) کیا تم (عقل اور) سوچ سے کام نہیں لیتے ہو (کہ یہ عقیدہ عقل کے بھی خلاف ہے) ہاں (اگر دلیل عقلی نہیں تو) کیا تمھارے پاس (اس پر) کوئی واضح دلیل موجود ہے (اس سے مراد نقلی دلیل ہے) سو تم اگر (اپنے) سچے ہو تو اپنی وہ کتاب پیش کرو اور (عقیدۂ مذکورہ میں ملائکہ کو اولاد قرار دینے کے علاوہ) ان لوگوں نے اللہ میں اور جنّات میں (بھی) رشتہ داری قرار دی ہے (جس کا بطلان اور بھی زیادہ ظاہر ہے۔ کیونکہ بیوی جس کام کے لئے ہوتی ہے اس سے حق تعالیٰ پاک ہے، اور جب زوجیت محال ہے تو سسرالی رشتے جو اُسی سے نکلتے ہیں وہ بھی محال ہوں گے) اور (جس جس کو یہ لوگ خدا کا شریک ٹھہرا رہے ہیں ان کی تو یہ کیفیت ہے کہ اُن میں جو) جنّات

(ہیں خود ان) کا یہ عقیدہ ہے کہ (ان میں جو کافر ہیں) وہ (عذاب میں) گرفتار ہوں گے (اور عذاب میں کیوں گرفتار نہ ہوں کہ حق تعالیٰ کی نسبت بُری بُری باتیں بیان کرتے ہیں، حالانکہ) اللہ ان باتوں سے پاک ہے جو جو یہ بیان کرتے ہیں (پس ان کافرانہ بیانات سے وہ گرفتارِ عذاب ہوں گے) مگر جو اللہ کے خاص (یعنی ایمان والے) بندے ہیں (وہ اس عذاب سے بچیں گے) سو تم اور تمھارے سارے معبود (سب مل کر بھی) خدا سے کسی کو پھیر نہیں سکتے (جیسی تم کوشش کیا کرتے ہو، مگر اسی کو جو کہ (علمِ الٰہی میں) جہنّم رسید ہونے والا ہے اور (آگے ملائکہ کا ذکر فرماتے ہیں کہ ان میں جو ملائکہ ہیں اُن کا یہ مقولہ ہے کہ ہم تو بندۂ محض ہیں، چنانچہ جو خدمت ہمارے سپرد ہے اس میں) ہم میں سے ہر ایک کا ایک معیّن درجہ ہے (کہ اسی کی بجاآوری میں لگے رہتے ہیں، اپنی رائے سے کچھ نہیں کر سکتے) اور ہم (خدا کے حضور میں حکم سننے کے وقت یا عبادت کے وقت ادب سے) صف بستہ کھڑے ہوتے ہیں اور ہم (خدا کی) پاکی بیان کرنے میں بھی لگے رہتے ہیں (غرض ہر طرح محکوم اور بندے ہیں۔ سو جب فرشتے خود اپنی بندگی کا اعتراف کر رہے ہیں تو پھر اُن پر معبود ہونے کا شبہ کرنا بڑی بیوقوفی ہے، پس جنّات اور ملائکہ کے حق میں خدائی کا اعتقاد باحسن وجوہ باطل ہو گیا)

معارف و مسائل

انبیاء علیہم السلام کے واقعات نصیحت و عبرت کے لئے بیان کئے گئے تھے، اب پھر توحید کے اثبات اور شرک کے ابطال کا اصل مضمون بیان کیا جا رہا ہے، اور یہاں شرک کی ایک خاص قسم کا بیان ہے۔ کفارِ عرب کا یہ عقیدہ تھا کہ فرشتے اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں ہیں، اور جنّات کی سردار زادیاں فرشتوں کی مائیں ہیں۔ بقول علّامہ واحدیؒ یہ عقیدہ قریش کے علاوہ جُہَینہ، بنو سَلَمہ، بنو خزاعہ اور بنو مُلیح کے یہاں بھی رائج تھا (تفسیر کبیر، ص ۱۱۲ ج ۷)

فَاسْتَفْتِهِمْ (الیٰ قولہ تعالیٰ) اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ، ان آیتوں میں کفارِ عرب کے اسی عقیدے کی تردید کے لئے دلائل پیش کئے گئے ہیں۔ جن کا خلاصہ یہ ہے کہ اوّل تو تمھارا یہ عقیدہ خود تمھارے عرف اور رسم و رواج کے لحاظ سے بالکل غلط ہے۔ اس لئے کہ تم بیٹیوں کو باعثِ ننگ سمجھتے ہو، اب جو چیز تمھارے اپنے لئے ننگ و عار ہے وہ اللہ تعالیٰ کے لئے کیسے ثابت ہو سکتی ہے؟ پھر تم نے جو فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں قرار دیا ہے، اس کی تمھارے پاس دلیل کیا ہے؟ کسی دعوے کو ثابت کرنے کے لئے تین قسم کے دلائل ہو سکتے ہیں۔ ایک مشاہدہ، دوسرے نقلی دلیل، یعنی کسی ایسی ذات کا قول جس کی سچائی مسلّم ہو، اور تیسرے عقلی دلیل۔ جہاں تک مشاہدہ کا تعلق ہے ظاہر ہے کہ تم نے اللہ تعالیٰ کو فرشتوں کی تخلیق کرتے ہوئے دیکھا ہی

نہیں جس سے فرشتوں کا مؤنث ہونا معلوم ہوسکتا، لہٰذا مشاہدہ کی کوئی دلیل تو تمھارے پاس ہی نہیں (اَمْ خَلَقْنَا الْمَلٰٓئِكَةَ اِنَاثًا وَّهُمْ شٰهِدُوْنَ کا یہی مطلب ہے) اب رہی نقلی دلیل سو وہ بھی تمھارے پاس نہیں، اس لئے کہ قول اُن لوگوں کا معتبر ہوتا ہے جن کی سچائی مسلّم ہو، اس کے برخلاف جو لوگ اس عقیدے کے قائل ہیں وہ جھوٹے لوگ ہیں، اُن کی بات کوئی حجت نہیں ہوسکتی (اَلَآ اِنَّهُمْ مِّنْ اِفْكِهِمْ لَيَقُوْلُوْنَ الخ کا یہی مطلب ہے) رہی عقلی دلیل، سو وہ بھی تمھاری تائید نہیں کرتی، اس لئے کہ خود تمھارے خیال کے مطابق بیٹیاں بیٹوں کے مقابلے میں کم رتبہ رکھتی ہیں، اب جو ذات تمام کائنات سے افضل ہے وہ اپنے لئے کم رتبہ والی چیز کو کیسے پسند کرسکتی ہے؟ (اَصْطَفَى الْبَنٰتِ عَلَى الْبَنِيْنَ کا یہی مطلب ہے) اب صرف ایک ہی صورت رہ جاتی ہے کہ تمھارے پاس کوئی آسمانی کتاب آئی ہو اور اس میں بذریعہ وحی تمھیں اس عقیدے کی تعلیم دی گئی ہو، سو اگر ایسا ہے تو دکھاؤ وہ وحی اور وہ کتاب کہاں ہے؟ (اَمْ لَكُمْ سُلْطٰنٌ مُّبِيْنٌ، فَاْتُوْا بِكِتٰبِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ کا یہی مفہوم ہے)۔

ہٹ دھرمی کرنے والوں کے لئے الزامی جواب زیادہ مناسب ہے

ان آیتوں سے معلوم ہوا کہ جو لوگ ہٹ دھرمی پر تُلے ہوئے ہوں ان کو الزامی جواب دینا زیادہ مناسب ہے۔ الزامی جواب کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ ان کے دعوے کو خود انہی کے کسی دوسرے نظریّہ کے ذریعہ باطل کیا جائے اس میں یہ ضروری نہیں ہوتا کہ دوسرا نظریّہ ہمیں بھی تسلیم ہے، بلکہ بسا اوقات وہ دوسرا نظریہ بھی غلط ہوتا ہے، لیکن مخالف کو سمجھانے کے لئے اس سے کام لے لیا جاتا ہے۔ یہاں باریتعالیٰ نے اُن کے عقیدہ کی تردید کے لئے خود انہی کے اس نظریّہ کو استعمال فرمایا ہے کہ بیٹیوں کا وجود باعثِ ننگ وعار ہے، ظاہر ہے کہ اس کا یہ مطلب نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بھی بیٹیوں کا وجود باعثِ ننگ ہے، نہ یہ مطلب ہے کہ اگر وہ فرشتوں کو خدا کی بیٹیوں کے بجائے خدا کے بیٹے کہتے تو یہ درست ہوتا، بلکہ یہ ایک الزامی جواب ہے۔ جس کا مقصد خود انہی کے مزعومات سے ان کے عقیدے کی تردید کرنا ہے، ورنہ اس قسم کے عقائد کا حقیقی جواب وہی ہے جو قرآن کریم ہی میں کئی جگہ مذکور ہے، کہ اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے، اور اُسے کسی اولاد کی نہ ضرورت ہے، اور نہ اس کی رفعتِ شان کے یہ مناسب ہے کہ اس کی اولاد ہو۔

وَجَعَلُوْا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا، (اور انھوں نے اللہ تعالیٰ اور جنّات کے درمیان نسبی تعلق قرار دیا ہے) اس جملے کی ایک تفسیر تو یہ ہے کہ یہ مشرکینِ عرب کے اس فاسد عقیدے کا بیان ہے کہ جنّات کی سردار زادیاں فرشتوں کی مائیں ہیں۔ گویا معاذ اللہ جنّات کی سردار زادیوں سے اللہ تعالیٰ کا زوجیت کا تعلق ہے، اور اسی تعلق کے نتیجے میں فرشتے

وجود میں آئے ہیں۔ چنانچہ ایک تفسیری روایت میں ہے کہ جب مشرکینِ عرب نے فرشتوں کو اللہ کی بیٹیاں قرار دیا تو حضرت ابوبکرؓ نے پوچھا کہ ان کی ماں کون ہے؟ انھوں نے جواب میں کہا کہ جنّات کی سردار زادیاں۔ (تفسیر ابن کثیر، ص ۲۳ ج ۴) ——— لیکن اس تفسیر پر یہ اشکال رہتا ہے کہ آیت میں اللہ تعالیٰ اور جنّات کے درمیان نسبی تعلق کا ذکر ہے اور زوجیت کا تعلق نسبی نہیں ہوتا۔

اس لئے ایک دوسری تفسیر یہاں زیادہ راجح معلوم ہوتی ہے جو حضرت ابن عباسؓ، حسن بصریؒ اور ضحاکؒ سے منقول ہے، اور وہ یہ کہ بعض اہلِ عرب کا عقیدہ یہ بھی تھا کہ معاذ اللہ ابلیس اللہ تعالیٰ کا بھائی ہے، اللہ تعالیٰ خالقِ خیر ہے اور وہ خالقِ شر، یہاں اسی باطل عقیدے کی تردید کی گئی ہے (ملاحظہ ہو تفسیر ابن کثیرؒ و قرطبیؒ و تفسیر کبیر)

وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ (اور جنّات کا عقیدہ یہ ہے کہ وہ گرفتار ہوں گے) "وہ" سے مراد ایسے مشرکین بھی ہو سکتے ہیں جو جنّات اور شیاطین کو خدا کا ہمسر قرار دیتے تھے، اور خود جنّات بھی۔ دوسری صورت میں مطلب یہ ہے کہ جن شیاطین اور جنّات کو تم نے اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرا رکھا ہے وہ خود اچھی طرح جانتے ہیں کہ آخرت میں ان کا بُرا حشر ہونے والا ہے، مثلاً ابلیس، کہ وہ اپنے انجامِ بد سے خوب واقف ہے، اب جو خود یہ یقین رکھتا ہو کہ مجھے مبتلائے عذاب ہونا ہے اُسے خدا کا ہمسر قرار دینا کتنی بڑی حماقت ہے۔

وَاِنْ كَانُوْا لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۱۶۷﴾ لَوْ اَنَّ عِنْدَنَا ذِكْرًا مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۶۸﴾ لَكُنَّا	
اور یہ تو کہا کرتے تھے۔ اگر ہمارے پاس کچھ احوال ہوتا پہلے لوگوں کا تو ہم	
عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۶۹﴾ فَكَفَرُوْا بِهٖ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۷۰﴾ وَ	
ہوتے بندے اللہ کے چُنے ہوئے۔ سو اس سے منکر ہو گئے اب آگے جان لیں گے اور	
لَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۷۱﴾ اِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُوْرُوْنَ ﴿۱۷۲﴾	
پہلے ہو چکا ہمارا حکم اپنے بندوں کے حق میں جو کہ رسول ہیں۔ بیشک انہی کو مدد دی جاتی ہے۔	
وَاِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۱۷۳﴾ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۱۷۴﴾ وَّاَبْصِرْهُمْ	
اور ہمارا لشکر جو ہے بیشک وہی غالب ہے۔ سو تو اُن سے پھر آ ایک وقت تک، اور ان کو دیکھتا رہ	
فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷۵﴾ اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۱۷۶﴾ فَاِذَا نَزَلَ	
کہ وہ آگے دیکھ لیں گے۔ کیا ہماری آفت کو جلد مانگتے ہیں، پھر جب اُترے گی	

بِسَاحَتِهِمْ فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۱۷۷﴾ وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۱۷۸﴾

ان کے میدان میں تو بُری صبح ہوگی ڈرائے ہوؤں کی ، اور پھر آ اُن سے ایک وقت تک

وَّاَبْصِرْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷۹﴾	
اور دیکھتا رہ اب آگے دیکھ لیں گے۔	

خُلاصۂ تفسیر

اور یہ لوگ (یعنی کفارِ عرب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے) کہا کرتے تھے کہ اگر ہمارے پاس کوئی نصیحت (کی کتاب) پہلے لوگوں (کی کتابوں) کے طور پر آتی (یعنی جیسے یہود و نصاریٰ کے پاس رسول اور کتابیں آئیں، اگر ہمارے لئے ایسا ہوتا) تو ہم اللہ کے خاص بندے ہوتے (یعنی اس کتاب کی تصدیق اور اس پر عمل کرتے، ان کی طرح تکذیب اور مخالفت نہ کرتے) پھر (جب وہ نصیحت کی کتاب رسول کے ذریعہ سے اُن کو پہونچی تو) یہ لوگ اس کا انکار کرنے لگے (اور اپنا وہ عہد توڑ دیا) سو (خیر) اب ان کو (اس کا انجام) معلوم ہوا جاتا ہے (چنانچہ مرتے ہی کفر کا انجام سامنے آگیا، اور بعض سزائیں موت سے پہلے بھی مل گئیں) اور (آگے حضورؐ کو تسلی ہے کہ گو اس وقت ان مخالفین کو کسی قدر شوکت حاصل ہے لیکن یہ چند روزہ ہے، کیونکہ) ہمارے خاص بندوں یعنی پیغمبروں کے لئے ہمارا یہ قول پہلے ہی سے (یعنی لوحِ محفوظ ہی میں) مقرر ہو چکا ہے کہ بیشک وہی غالب کئے جاویں گے اور (ہمارا تو عام قاعدہ ہے کہ) ہمارا لشکر غالب رہتا ہے (جو رسولوں کے متبعین کو بھی شامل ہے، سو جب یہ بات ہے کہ آپؐ غالب آنے والے ہیں ہی) تو آپؐ (تسلی رکھئے اور) تھوڑے زمانہ تک (صبر کیجئے اور) ان (کی مخالفت اور ایذا رسانی) کا خیال نہ کیجئے اور (ذرا) اُن کو دیکھتے رہئے (یعنی ان کی حالت کا قدرے انتظار کیجئے) سو عنقریب یہ بھی دیکھ لیں گے (اس کا بھی وہی مطلب ہے جو فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ کا تھا کہ اُن کو مرنے کے بعد بھی اور مرنے سے پہلے بھی اللہ کی طرف سے سزا کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اس دھمکی پر وہ کہہ سکتے تھے اور اکثر وہ کہا بھی کرتے تھے کہ ایسا کب ہوگا؟ تو اس کے جواب میں ارشاد فرماتے ہیں کہ) کیا ہمارے عذاب کا تقاضا کر رہے ہیں، سو وہ (عذاب) جب اُن کے رُو در رُو آ نازل ہوگا، سو وہ دن ان لوگوں کا جن کو (پہلے سے) ڈرایا جا چکا تھا بہت ہی بُرا ہوگا (کہ وہ عذاب ٹل نہ سکے گا) اور (جب یہ بات ہے کہ ان لوگوں پر عذاب واقع ہونے والا ہے تو) آپؐ (تسلی رکھئے اور) تھوڑے زمانہ تک (صبر کیجئے اور) ان (کی مخالفت اور ایذا رسانی) کا خیال نہ کیجئے اور (ذرا ان کی حالت کو)

دیکھتے رہیے (یعنی منتظر رہیے) سو عنقریب یہ بھی دیکھ لیں گے (یعنی آپؐ کو تو ہمارے کہنے سے یقین ہے ہی، آنکھوں سے دیکھ کر انھیں بھی یقین آجائے گا)۔

مَعارِف ومَسائل

اسلام کے بنیادی عقائد کو دلائل وشواہد سے ثابت کرنے کے بعد اِن آیتوں میں کفار کی ہٹ دھرمی کا ذکر کیا گیا ہے کہ یہ لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے قبل تمنا کیا کرتے تھے کہ اللہ کا کوئی پیغمبر آئے تو یہ اس کی پیروی کریں، لیکن جب آپؐ تشریف لے آئے تو انھوں نے ضد اور عناد کا وطیرہ اختیار کیا ہوا ہے۔ اس کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دی گئی ہے کہ آپؐ ان لوگوں کی ایذا رسانیوں سے رنجیدہ نہ ہوں، عنقریب وہ وقت آنے والا ہے کہ آپ غالب اور فتح یاب ہوں گے اور یہ مغلوب اور نشانۂ عذاب۔ آخرت میں تو اس کا مکمل مظاہرہ ہوگا ہی، دنیا میں بھی اللہ نے دکھا دیا کہ غزوۂ بدر سے لے کر فتح مکہ تک ہر جہاد میں اللہ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو ظفر مند کیا، اور آپؐ کے مخالفین ذلیل وخوار ہوئے۔

اللہ والوں کے غلبہ کا مطلب

وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا (الیٰ قولہٖ تعالیٰ) وَاِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ، ان آیتوں کا مفہوم یہ ہے کہ ہم نے یہ بات پہلے سے طے کر رکھی ہے کہ ہمارے خاص بندے یعنی پیغمبر ہی غالب ہوتے ہیں۔ اس پر یہ اشکال ہوسکتا ہے کہ بعض پیغمبروں کو دنیا میں غلبہ حاصل نہیں ہوا۔ اس کا جواب یہ ہے کہ معلوم پیغمبروں میں اکثریت تو ایسے ہی حضرات کی ہے جن کی قومیں انھیں جھٹلا کر عذاب میں مبتلا ہوئیں، اور ان حضرات کو عذاب سے محفوظ رکھا گیا صرف چند انبیاء علیہم السلام ایسے ہیں جنھیں دنیا میں آخر وقت تک بظاہر مادی طور پر غلبہ نہ مل سکا، لیکن دلیل وحجت کے میدان میں ہمیشہ وہی سربلند رہے، اور نظریاتی فتح ہمیشہ انہی کو حاصل ہوئی، ہاں اس سربلندی کے مادّی آثار کسی خاص حکمت مثلاً آزمائش وغیرہ کی وجہ سے آخرت تک مؤخر کر دیئے گئے۔ لہٰذا بقول حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی ذلیل رہزن کسی بڑے حاکم افسر کے ساتھ سفر کی حالت میں لوٹ مار کرنے لگے، مگر وہ حاکم اپنی خداداد عالی دماغی کی وجہ سے ہرگز اس ذلیل رہزن کی خوشامد نہیں کرے گا، حتیٰ کہ جب وہ حاکم اپنے دارالحکومت میں پہنچے گا اس رہزن کو گرفتار کر کے سزا دے گا۔ لہٰذا اس عارضی غلبہ کی وجہ سے نہ اُس رہزن کو حاکم کہہ سکتے ہیں، اور نہ اس افسر کو محکوم، بلکہ اصلی حالت کے اعتبار سے وہ رہزن اس غلبہ میں بھی محکوم ہے، اور وہ افسر اس مغلوبیت میں بھی

حاکم ہے۔ اسی بات کو حضرت ابن عباس رضؓ نے ایک مختصر اور سلیس عنوان سے تعبیر فرمایا ہے: اِنْ لَّمْ یُنْصَرُوْا فِی الدُّنْیَا یُنْصَرُوْا فِی الْاٰخِرَۃِ (بیان القرآن تفسیر سورۂ مائدہ)

لیکن یہ بات ہمیشہ ذہن میں رکھنی چاہیے کہ یہ غلبہ، خواہ دنیا میں ہو یا آخرت میں، کسی قوم کو محض خصوصیاتِ نسلی یا دین کے ساتھ محض نام کے تعلق سے حاصل نہیں ہوتا، بلکہ یہ اس وقت ہوتا ہے جب انسان اپنے آپ کو "اللہ کے لشکر" کا ایک فرد بنالے۔ جس کا لازمی مطلب یہ ہے کہ وہ ہر شعبۂ زندگی میں اللہ کی اطاعت کو اپنا مقصدِ حیات بنائے ہوئے ہو۔ یہاں "جُنْدُنَا" (ہمارا لشکر) کا لفظ بتا رہا ہے کہ جو شخص اسلام قبول کرے اُسے اپنی ساری زندگی نفس اور شیطان کی طاقتوں سے جنگ کرنے میں خرچ کرنے کا معاہدہ کرنا ہوگا، اور اس کا غلبہ خواہ مادی ہو یا اخلاقی، دنیا میں ہو یا آخرت میں، اسی شرط پر موقوف ہے۔

فَاِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ، (پس جب وہ عذاب اُن کے صحن میں آنازل ہوگا تو جن لوگوں کو پہلے ڈرایا جا چکا تھا اُن کی وہ صبح بہت بُری ہوگی) سَاحَۃٌ کے لفظی معنیٰ صحن کے ہیں، اور نَزَلَ بِسَاحَتِہٖ (اس کے صحن میں اُترا) عربی محاورہ ہے، جس کا مفہوم کسی آفت کا سامنے آجانا ہے اور صبح کے وقت کی تخصیص یہ ہے کہ اہلِ عرب میں دشمن کا حملہ عموماً اُسی وقت ہوا کرتا تھا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول بھی یہی تھا کہ اگر کسی دشمن کے خطّے میں رات کے وقت پہنچتے تو حملے کے لئے صبح تک انتظار فرماتے تھے (مظہری) روایات میں ہے کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قلعۂ خیبر پر صُبح کے وقت حملہ کیا تو ارشاد فرمایا "اللہ اکبر، خربت خیبر، انا اذا نزلنا بساحۃ قوم فساء صباح المنذرین (اللہ اکبر! خیبر ویران ہوگیا، بلاشبہ جب ہم کسی قوم کے صحن میں اترتے ہیں تو جن لوگوں کو پہلے ڈرایا جا چکا تھا اُن کی وہ صبح بہت بُری ہوتی ہے)۔

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۸۰﴾ وَسَلٰمٌ عَلَى	
پاک ذات ہے تیرے رب کی وہ پروردگار عزت والا پاک ہے اُن باتوں سے جو وہ بیان کرتے ہیں، اور سلام ہے	
الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۸۱﴾ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۸۲﴾ ع ۵ ۴۴ ۹	
رسولوں پر، اور سب خوبی ہے اللہ تعالیٰ کو جو رب ہے سارے جہان کا۔	

خُلاصۂ تفسیر

آپ کا رب جو بڑی عظمت والا ہے ان باتوں سے پاک ہے جو یہ (کافر) بیان کرتے ہیں،

(پس خدا کو ان باتوں سے پاک ہی قرار دو) اور (پیغمبروں کو واجبُ الاتباع سمجھو، کیونکہ ہم انکی شان میں یہ کہتے ہیں کہ) سلام ہو پیغمبروں پر اور (خدا کو شرک وغیرہ سے پاک سمجھنے کے ساتھ ساتھ تمام کمالات کا جامع بھی سمجھو، کیونکہ) تمامتر خوبیاں اللہ ہی کے لئے ہیں جو تمام عالم کا پروردگار (اور مالک) ہے ؛

معارف ومسائل

ان آیتوں پر سورۂ صافّات کو ختم کیا گیا ہے، اور حقیقت یہ ہے کہ اس حسین خاتمے کی تشریح کے لئے دفتر چاہئیں۔ مختصر یہ کہ اللہ تعالیٰ نے ان تین مختصر آیتوں میں سُورت کے جملہ مضامین کو سمیٹ دیا ہے۔ سُورت کی ابتداء توحید کے بیان سے ہوئی تھی، جس کا حاصل یہ تھا کہ مشرکین جو جو باتیں اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کرتے ہیں، باری تعالیٰ ان سب سے پاک ہے۔ چنانچہ پہلی آیت میں اسی طویل مضمون کی طرف اشارہ ہے۔ اس کے بعد سورت میں انبیاء علیہم السلام کے واقعات بیان کئے گئے تھے، چنانچہ دوسری آیت میں ان کی طرف اشارہ ہے۔ اس کے بعد کھول کھول کر کفار کے عقائد اور شبہات واعتراضات کی عقلی ونقلی تردید کر کے یہ بھی بتا دیا گیا تھا کہ غلبہ بالآخر اہلِ حق کو حاصل ہوگا، ان باتوں کو جو شخص بھی عقل وبصیرت کی نگاہ سے پڑھے گا وہ بالآخر اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء پر مجبور ہوگا، چنانچہ اسی حمد وثناء پر سورت کو ختم کیا گیا ہے۔

نیز ان آیتوں میں اسلام کے بنیادی عقائد توحید اور رسالت کا صراحۃً اور آخرت کا ضمناً ذکر بھی آگیا ہے جن کا اثبات سورت کا اصل مقصد تھا، اور اس کے ساتھ ساتھ یہ تعلیم بھی دیدی گئی ہے کہ ایک مؤمن کا کام یہ ہے کہ وہ اپنے ہر مضمون، ہر خطبے اور ہر مجلس کا اختتام باری تعالیٰ کی بڑائی بیان کرنے اور اس کی حمد وثناء پر کرے۔ چنانچہ علامہ قرطبیؒ نے یہاں اپنی سند سے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ "میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کئی بار سُنا کہ آپؐ نماز ختم ہونیکے بعد یہ آیات تلاوت فرماتے تھے، سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ الخ" (قرطبی) ـــــ نیز متعدد تفاسیر میں امام بغویؒ کے حوالہ سے حضرت علیؓ کا یہ قول منقول ہے کہ: "جو شخص یہ چاہتا ہو کہ قیامت کے دن اسے بھرپور پیمانے سے اجر ملے، اسے چاہئے کہ وہ اپنی ہر مجلس کے آخر میں یہ پڑھا کرے سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ الی آخر السورۃ)"۔ یہی قول ابن ابی حاتمؒ نے حضرت شعبیؒ کی روایت سے مرفوعاً بھی نقل کیا ہے (تفسیر ابن کثیر)

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

بحمد اللہ تعالیٰ آج بتاریخ ۱۷ محرم الحرام ۱۳۹۲ھ شب یکشنبہ بوقت عشاء سورۂ صافّات کی تفسیر مکمّل ہوئی

سُورۃ صٓ

سُورَۃُ صٓ مَكِّيَّۃٌ وَّھِيَ ثَمَانٍ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَۃً وَّخَمْسُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ صٓ مکہ میں نازل ہوئی اور اس میں اٹھاسی آیتیں اور پانچ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِي الذِّكْرِ ۝۱ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ عِزَّۃٍ وَّ

قسم ہے اس قرآن سمجھانے والے کی ۔ بلکہ جو لوگ منکر ہیں غرور میں ہیں اور

شِقَاقٍ ۝۲ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِيْنَ

مقابلہ میں بہت غارت کر دیں ہم نے ان سے پہلے جماعتیں پھر لگے پکارنے اور وقت نہ رہا تھا

مَنَاصٍ ۝۳ وَعَجِبُوْٓا اَنْ جَاۗءَھُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْھُمْ ۡ وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ

خلاصی کا اور تعجب کرنے لگے اس بات پر کہ آیا ان کے پاس ایک ڈر سنانے والا انہی میں سے

ھٰذَا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ۝۴ اَجَعَلَ الْاٰلِهَۃَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ اِنَّ

اور کہنے لگے منکر یہ جادوگر ہے جھوٹا کیا اس نے کر دی اتنوں کی بندگی کے بدلے ایک ہی کی بندگی

ھٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ ۝۵ وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ مِنْھُمْ اَنِ امْشُوْا

یہ بھی ہے بڑے تعجب کی بات اور چل کھڑے ہوئے کئی بیچ ان میں سے کہ چلو اور

وَاصْبِرُوْا عَلٰٓى اٰلِهَتِكُمْ ۚ اِنَّ ھٰذَا لَشَيْءٌ يُّرَادُ ۝۶ ۚ مَا سَمِعْنَا

جمے رہو اپنے معبودوں پر بے شک اس بات میں کوئی غرض ہے یہ نہیں سنا

بِھٰذَا فِي الْمِلَّۃِ الْاٰخِرَۃِ ۚ اِنْ ھٰذَآ اِلَّا اخْتِلَاقٌ ۝۷ ۚ ءَاُنْزِلَ

ہم نے اس پچھلے دین میں اور کچھ نہیں یہ بنائی ہوئی بات ہے کیا اسی پر

عَلَيْهِ الذِّكْرُ مِنْۢ بَيْنِنَا ۭ بَلْ ھُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْ ذِكْرِيْ ۚ

اتری نصیحت ہم سب میں سے ۔ کوئی نہیں ان کو دھوکا ہے میری نصیحت میں

بَلْ لَّمَّا يَذُوْقُوْا عَذَابِ ۸ اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَحْمَةِ

کوئی نہیں ابھی انھوں نے چکھی نہیں میری مار کیا اُن کے پاس ہیں خزانے تیرے رب کی مہربانی

رَبِّكَ الْعَزِيْزِ الْوَهَّابِ ۹ اَمْ لَهُمْ مُّلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

کے جو زبردست ہے بخشنے والا یا ان کی حکومت ہے آسمانوں میں اور زمین میں اور

وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ فَلْيَرْتَقُوْا فِي الْاَسْبَابِ ۱۰ جُنْدٌ مَّا هُنَالِكَ

جو کچھ ان کے بیچ میں ہے ؟ تو ان کو چاہیئے کہ چڑھ جاویں رسیاں تان کر ایک لشکر یہ بھی وہاں تباہ ہوا

مَهْزُوْمٌ مِّنَ الْاَحْزَابِ ۱۱ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ

اُن سب لشکروں میں جھٹلا چکے ہیں ان سے پہلے نوح کی قوم

وَّعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ ذُو الْاَوْتَادِ ۱۲ وَثَمُوْدُ وَقَوْمُ لُوْطٍ وَّ

اور عاد اور فرعون میخوں والا اور ثمود اور لوط کی قوم اور

اَصْحٰبُ لْـَٔيْكَةِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ الْاَحْزَابُ ۱۳ اِنْ كُلٌّ اِلَّا

ایکہ کے لوگ وہ بڑی بڑی فوجیں یہ جتنے تھے

كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ ۱۴ وَمَا يَنْظُرُ هٰٓؤُلَاۗءِ اِلَّا ع ۱۴ ۱۰

سب نے جھٹلایا رسولوں کو پھر ثابت ہوئی میری طرف سے سزا اور راہ نہیں دیکھتے یہ لوگ

صَيْحَةً وَّاحِدَةً مَّا لَهَا مِنْ فَوَاقٍ ۱۵ وَقَالُوْا رَبَّنَا عَجِّلْ

مگر ایک چنگھاڑ کی جو بیچ میں دم نہ لے گی اور کہتے ہیں اے رب جلد دے

لَّنَا قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ ۱۶

ہم کو چٹھی ہماری پہلے حساب کے دن سے

خُلاصۂ تفسیر

صٓ (اس کے معنی تو اللہ کو معلوم ہیں) قسم ہے قرآن کی جو نصیحت سے پُر ہے (کہ کفار آپؐ کی رسالت کا انکار کرتے ہوئے جو کچھ کہہ رہے ہیں وہ ٹھیک نہیں) بلکہ (خود) یہ کفار (ہی) تعصب اور (حق کی) مخالفت میں (پڑے) ہیں (اور اس تعصب و مخالفت کا وبال ایک روز ان پر پڑنے والا ہے جیسا) ان سے پہلے بہت سی امتوں کو ہم (عذاب سے) ہلاک کر چکے ہیں، سو انھوں نے (ہلاکت کے وقت) بڑی ہائے پکار کی (اور بہت شور و غل مچایا) اور (اس وقت شور و غل سے کیا ہوتا ہے، کیونکہ) وہ وقت خلاصی کا نہ تھا (اس لئے کہ عذاب جب آچکے تو توبہ بھی قبول نہیں ہوتی) اور ان کفار (قریش) نے اس بات پر تعجب کیا کہ ان کے پاس ان (ہی) میں سے (یعنی جو کہ ان کی طرح بشر ہے) ایک (پیغمبر) ڈرانے والا آگیا (تعجب کی وجہ

یہ تھی کہ وہ اپنی جہالت سے بشریت کو نبوّت کے منافی سمجھتے تھے اور اس انکارِ رسالت میں یہاں تک پہنچ گئے، کہ آپؐ کے معجزات اور دعویٰ نبوّت کے بارے میں) کہنے لگے کہ (نعوذ باللہ) یہ شخص (خوارقِ عادت کے معاملہ میں) ساحر اور (دعویٰ نبوّت کے معاملہ میں) کذّاب ہے (اور) کیا (یہ شخص سچّا ہو سکتا ہے جبکہ) اس نے اتنے معبودوں کی جگہ ایک ہی معبود رہنے دیا (اور سب کے معبود ہونے کی نفی کر دی) واقعی یہ بہت ہی عجیب بات ہے۔ (جس کی وجہ عنقریب آتی ہے) اور (توحید کا مضمون سُن کر) ان کفار میں کے رئیس (مجلس سے اٹھ کر لوگوں سے) یہ کہتے ہوئے چلے کہ (یہاں سے) چلو اور اپنے معبودوں (کی عبادت) پر قائم رہو (کیونکہ اوّل تو یہ (توحید کی دعوت) کوئی مطلب کی بات (معلوم ہوتی) ہے (یعنی اس بہانہ سے آپؐ معاذ اللہ ریاست کے خواہاں ہیں۔ دوسرے توحید کا دعویٰ بھی باطل اور عجیب ہے کیونکہ) ہم نے تو یہ بات (اپنے) پچھلے مذہب میں نہیں سُنی، ہو نہ ہو یہ (اُس شخص کی) من گھڑت ہے (پچھلے مذہب کا مطلب یہ ہے کہ دنیا میں بہت سے طریقہ کے لوگ ہوئے ہیں، سب سے پیچھے ہم آئے ہیں اور حق پر ہیں، سو ہم نے اس طریقہ کے بزرگوں سے کبھی یہ بات نہیں سُنی۔ اور یہ شخص جو نبوّت کا مُدّعی ہے اور توحید کو تعلیم الٰہی بتلاتا ہے، سو اوّل تو نبوّت بشریت کے منافی ہے۔ دوسرے اگر اس سے قطع نظر کی جائے تو کیا ہم سب میں اسی شخص (کو کوئی فوقیت و فضیلت تھی کہ اسی کو نبوّت ملی اور اسی) پر کلام الٰہی نازل کیا گیا (بلکہ کسی رئیس پر ہوتا تو مضائقہ نہ تھا۔ آگے حق تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ ان کا یہ کہنا کہ ان پر کیوں نزول ہوا؟ کسی رئیس پر کیوں نہ ہوا؟ اس وجہ سے نہیں ہے کہ اگر ایسا ہوتا تو اس کا اتباع کرتے) بلکہ (اصل بات یہ ہے کہ) یہ لوگ (خود) میری وحی کی طرف سے شک (یعنی انکار) میں ہیں۔ (یعنی مسئلہ نبوّت ہی کے منکر ہیں، خصوصاً بشر کو نبی ماننے کے لئے تیار نہیں۔ اور یہ انکار بھی کچھ اس لئے نہیں کہ ان کے پاس کوئی دلیل ہے، بلکہ (اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ) انھوں نے ابھی تک میرے عذاب کا مزہ نہیں چکھا (ورنہ سب عقل ٹھکانے آجاتی۔ آگے دوسرے طرز پر جواب ہے کہ) کیا ان لوگوں کے پاس آپ کے پروردگار زبردست فیاض کی رحمت کے خزانے ہیں (جس میں نبوت بھی داخل ہے، کہ جس کو چاہیں دیں، جس کو چاہیں نہ دیں۔ یعنی اگر رحمت کے سارے خزانے ان کے قبضہ میں ہوتے تب تو ان کو یہ کہنے کی گنجائش تھی کہ ہم نے بشر کو نبوت نہیں دی، پھر وہ نبی کیسے ہو گیا؟) یا (اگر سارے خزانے قبضہ میں نہیں ہیں تو) کیا ان کو آسمان اور زمین اور جو چیزیں ان کے درمیان میں ہیں ان (سب) کا اختیار حاصل ہے (کہ اگر اتنا ہی اختیار ہوتا تب بھی یہ کہنے کی گنجائش تھی کہ یہ آسمان و زمین کے مصالح سے باخبر ہیں، اس لئے جسے چاہیں اُسے نبوّت ملنی چاہیئے۔ اور آگے تعجیز کے طور پر ارشاد ہے کہ اگر ان کو اس پر اختیار ہے) تو ان کو چاہیئے کہ سیڑھیاں لگا کر (آسمان پر) چڑھ جاویں (اور ظاہر ہے کہ یہ اس پر قادر نہیں۔ پس جب انھیں اتنی بھی قدرت نہیں تو آسمان و زمین کی معلومات اور ان پر کیا اختیار ہوگا؟ پھر ان کو ایسی بے سر و پا باتیں

کہنے کا کیا حق ہے؟ مگر اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ ان کی مخالفت سے فکر نہ کریں۔ کیونکہ) اس مقام پر (یعنی مکہ میں) ان لوگوں کی یونہی ایک بھیڑ ہے، منجملہ (مخالفین انبیاء کے) گروہوں کے جو (عنقریب) شکست دیئے جاویں گے (چنانچہ غزوۂ بدر میں یہ پیشین گوئی پوری ہوئی اور) ان سے پہلے بھی قوم نوحؑ نے اور عاد نے اور فرعون نے جس (کی سلطنت) کے کھونٹے گڑے گئے تھے اور ثمود نے اور قوم لوطؑ نے اور اصحاب ایکہ نے (جن کے قصے کئی جگہ آچکے ہیں، ان سب نے) تکذیب کی تھی (اور) وہ گروہ (جس کا اوپر مِنَ الْاَحْزَابِ میں ذکر آیا ہے) یہی لوگ ہیں، ان سب نے صرف رسولوں کو جھٹلایا تھا (جیسے یہ کفار قریش آپ کو جھٹلا رہے ہیں) سو میرا عذاب (ان پر) واقع ہو گیا (پس جب جرم مشترک ہے تو عذاب کے اشتراک سے یہ کیوں مطمئن ہیں؟) اور یہ لوگ (جو تکذیب پر مُصر ہیں تو) بس ایک زور کی چیخ (یعنی نفخۂ ثانیہ) کے منتظر ہیں جس میں دم لینے کی گنجائش نہ ہوگی (اس سے مراد قیامت ہے) اور یہ لوگ (قیامت کی وعید سُن کر تکذیب رسولؐ اور استہزاء کے طور پر) کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب (آخرت میں جو کافروں کو عذاب ہوگا، اس میں سے) ہمارا حصہ ہم کو روزِ حساب سے پہلے ہی دیدے (مطلب یہ کہ قیامت نہیں ہے، اور اگر ہے تو ہم کو ابھی عذاب مطلوب ہے، جب عذاب نہیں ہوتا تو معلوم ہوا قیامت نہ آوے گی۔ نعوذ باللہ!)۔

مَعارف و مَسائل

شانِ نزول اس سورت کی ابتدائی آیات کا پس منظر یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا ابو طالب مسلمان نہ ہونے کے باوجود آپؐ کی پوری نگہداشت کر رہے تھے، جب وہ ایک بیماری میں مبتلا ہوئے تو قریش کے بڑے بڑے سرداروں نے ایک مجلس مشاورت منعقد کی۔ جس میں ابو جہل، عاص ابن وائل، اسود بن مطلب، اسود بن عبد یغوث اور دوسرے رؤساء شریک ہوئے۔ مشورہ یہ ہوا کہ ابو طالب بیمار ہیں، اگر وہ اس دنیا سے گذر گئے اور اس کے بعد ہم نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کے نئے دین سے باز رکھنے کے لئے کوئی سخت اقدام کیا تو عرب کے لوگ ہمیں یہ طعنہ دیں گے کہ جب تک ابو طالب زندہ تھے، اسوقت تک تو یہ لوگ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کا کچھ نہ بگاڑ سکے، اور جب ان کا انتقال ہو گیا تو انھوں نے آپؐ کو ہدف بنالیا۔ لہٰذا ہمیں چاہیئے کہ ہم ابو طالب کی زندگی ہی میں ان سے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے معاملہ کا تصفیہ کرلیں تاکہ وہ ہمارے معبودوں کو بُرا کہنا چھوڑ دیں۔

چنانچہ یہ لوگ ابو طالب کے پاس پہنچے، اور جاکر ان سے کہا کہ تمہارا بھتیجا ہمارے معبودوں کو برا بھلا کہتا ہے آپ انصاف سے کام لے کر اُن سے کہیئے کہ وہ جس خدا کی چاہیں عبادت کریں، لیکن ہمارے معبودوں کو کچھ نہ کہیں۔ حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خود بھی اُن کے بتوں کو اس کے سوا کچھ نہ کہتے تھے کہ بے حس

اور بے جان ہیں۔ نہ تمھارے خالق ہیں نہ رازق ہیں۔ نہ تمھارا کوئی نفع نقصان اِن کے قبضہ میں ہے۔ ابو طالب نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مجلس میں بُلوایا، اور آپؐ سے کہا کہ بھتیجے! یہ لوگ تمھاری شکایت کر رہے ہیں کہ تم ان کے معبودوں کو بُرا کہتے ہو۔ انھیں اپنے مذہب پر چھوڑ دو، اور تم اپنے خُدا کی عبادت کرتے رہو، اس پر قریش کے لوگ بھی بولتے رہے۔

بالآخر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ: ”چچا جان! کیا میں انھیں اس چیز کی دعوت نہ دوں جس میں ان کی بہتری ہے؟“ ابو طالب نے کہا: ”وہ کیا چیز ہے؟“ آپؐ نے فرمایا ”میں ان سے ایک ایسا کلمہ کہلوانا چاہتا ہوں جس کے ذریعہ سارا عرب ان کے آگے سرنگوں ہو جائے اور یہ پورے عجم کے مالک ہو جائیں“ اس پر ابو جہل نے کہا: ”بتاؤ وہ کلمہ کیا ہے؟ تمھارے باپ کی قسم! ہم ایک کلمہ نہیں دس کلمے کہنے کو تیار ہیں“ اِس پر آپؐ نے فرمایا ”بس لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہدو“ یہ سُن کر تمام لوگ کپڑے جھاڑ کر اُٹھ کھڑے ہوئے اور کہنے لگے ”کیا ہم سارے معبودوں کو چھوڑ کر صرف ایک کو اختیار کر لیں؟ یہ تو بڑی عجیب بات ہے“ اس موقعہ پر سورۂ صٓ کی یہ آیات نازل ہوئیں۔ (تفسیر ابن کثیر ص ۲۷، ۲۸ ج ۴)۔

وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ مِنْهُمْ الخ۔ (اور ان کفار میں کے رئیس یہ کہتے ہوئے چل دیئے کہ الخ) اس سے مذکورہ واقعہ ہی کی طرف اشارہ ہے کہ توحید کی دعوت سُن کر وہ مجلس سے چل کھڑے ہوئے۔

وَفِرْعَوْنَ ذُو الْاَوْتَادِ اس کے لفظی معنی ہیں ”میخوں والا فرعون“ اور اس کی تفسیر میں مفسرین کے مختلف اقوال ہیں، بعض حضرات نے فرمایا کہ اس سے اس کی سلطنت کے استحکام کی طرف اشارہ ہے، اسی لیے حضرت تھانوی رح نے اس کا ترجمہ یہ کیا ہے کہ ”جس کے کھونٹے گڑ گئے تھے“ اور بعض حضرات نے فرمایا کہ وہ لوگوں کو اس طرح سزا دیا کرتا تھا کہ اُسے چت لٹا کر اس کے چاروں ہاتھ پاؤں میں میخیں گاڑ دیتا اور اس پر سانپ، بچھو چھوڑ دیتا تھا۔ اور بعض نے کہا کہ وہ رسّی اور میخوں سے کوئی خاص کھیل کھیلا کرتا تھا۔ اور بعض کا کہنا ہے کہ ”میخوں“ سے مراد عمارتیں ہیں، اور اس نے بڑی مضبوط عمارتیں بنائی تھیں۔ (تفسیر قرطبی) واللہ سبحانہٗ اعلم

اُولٰٓئِكَ الْاَحْزَابُ اس کی ایک تفسیر تو یہ ہے کہ یہ جملہ مَهْزُوْمٌ مِّنَ الْاَحْزَابِ کا بیان ہے۔ یعنی جن گروہوں کی طرف اس آیت میں اشارہ کیا گیا ہے وہ یہ ہیں۔ حضرت تھانوی رح نے اسی کے مطابق تفسیر کی ہے۔ لیکن دوسرے مفسرین نے اس کے معنے یہ بتائے ہیں کہ ”گروہ وہ تھے“ یعنی اصل طاقت و قوت کی مالک قوم نوح ؑ اور عاد و ثمود وغیرہ کی قومیں تھیں۔ مشرکینِ مکّہ کی اُن کے مقابلہ میں کوئی حیثیت نہیں، جب وہ لوگ عذابِ الٰہی سے نہ بچ سکے تو ان کی ہستی کیا ہے؟ (قرطبی)

مَا لَهَا مِنْ فَوَاقٍ۔ فَوَاقٌ کے عربی میں کئی معنی آتے ہیں۔ ایک تو ”فواق“ اس درمیانی وقفہ کو کہتے

ہیں۔ جس میں ایک مرتبہ دودھ دوہنے کے بعد دوبارہ اس کے تھنوں میں دودھ آجائے۔ نیز اس کے معنی "راحت و آرام" کے بھی ہیں۔ بہرصورت! مطلب یہ ہے کہ حضرت اسرافیل علیہ السلام کا پھونکا ہوا صُور اس قدر مسلسل ہوگا کہ اس میں کوئی وقفہ نہ ہوگا۔ (قرطبی)

عَجِّلْ لَّنَا قِطَّنَا۔ "قِطٌّ" اصل میں اُس دستاویز کو کہتے ہیں جس کے ذریعہ کسی کو انعام دینے کا وعدہ کیا گیا ہو۔ پھر یہ لفظ مطلق "حصّہ" کے معنی میں بھی استعمال ہونے لگا۔ یہاں یہی معنی مراد ہیں، کہ "آخرت کی جزا و سزا سے جو کچھ ہمیں حصّہ ملنا ہے وہ یہاں دلوا دیجئے"۔

اِصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوٗدَ ذَا الْاَيْدِ ۚ اِنَّهٗ

تو تحمل کرتا رہ اس پر جو وہ کہتے ہیں اور یاد کر ہمارے بندے داؤد قوت والے کو۔ وہ تھا رجوع

اَوَّابٌ ﴿۱۷﴾ اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَ

رہنے والا ہم نے تابع کئے پہاڑ اس کے ساتھ پاکی بولتے تھے شام کو اور

الْاِشْرَاقِ ﴿۱۸﴾ وَالطَّيْرَ مَحْشُوْرَةً ۭ كُلٌّ لَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿۱۹﴾ وَشَدَدْنَا

صبح کو اور اُڑتے جانور جمع ہو کر سب تھے اس کے آگے رجوع رہتے اور قوت دی

مُلْكَهٗ وَاٰتَيْنٰهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ ﴿۲۰﴾

ہم نے اس کی سلطنت کو اور دی اس کو تدبیر اور فیصلہ کرنا بات کا

خلاصۂ تفسیر

آپ ان لوگوں کے اقوال پر صبر کیجئے اور ہمارے بندہ داؤد کو یاد کیجئے جو (عبادت میں جس میں صبر بھی داخل ہے) بڑی قوت (اور ہمت) والے تھے (اور) وہ (خدا کی طرف) بہت رجوع ہونے والے تھے (اور ہم نے ان کو یہ نعمتیں عطا فرمائی تھیں:۔ ایک یہ کہ) ہم نے پہاڑوں کو حکم کر رکھا تھا کہ ان کے ساتھ (شریک ہو کر) شام اور صبح (کہ حضرت داؤد علیہ السلام کی تسبیح کے یہی اوقات تھے) تسبیح کیا کریں اور (اسی طرح) پرندوں کو بھی (یہی حکم دے رکھا تھا) جو کہ (تسبیح کے وقت ان کے پاس) جمع ہو جاتے تھے (اور یہ پہاڑ اور پرندے وغیرہ) سب ان کی (تسبیح کی) وجہ سے مشغولِ ذکر رہتے اور (دوسری نعمت یہ کہ) ہم نے انکی سلطنت کو نہایت قوت دی تھی اور (تیسری نعمت یہ کہ) ہم نے ان کو حکمت (یعنی نبوت) اور فیصلہ کر دینے والی تقریر (جو نہایت واضح اور جامع ہو) عطا فرمائی تھی۔

معارف و مسائل

کفار کی تکذیب و استہزاء سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جو صدمہ ہوتا تھا، اُسے دور کر کے تسلی دینے کے لئے عموماً اللہ تعالیٰ نے پچھلے انبیاء علیہم السلام کے واقعات سنائے ہیں۔ چنانچہ یہاں بھی آپؐ کو صبر کی تلقین فرما کر بعض انبیاء علیہم السلام کے واقعات ذکر کئے گئے ہیں جن میں سے پہلا واقعہ حضرت داؤد علیہ السلام کا ہے۔

وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوٗدَ ذَا الْاَيْدِ۔ (اور یاد کیجئے ہمارے بندے داؤد کو جو قوت والے تھے) تقریباً تمام مفسرین نے اس کا مطلب یہ بیان فرمایا ہے کہ وہ عبادت میں بڑی قوت و ہمت کا ثبوت دیتے تھے اسی لئے اس کے بعد یہ جملہ ہے کہ:۔ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ (بلاشبہ وہ اللہ کی طرف بہت رجوع کرنے والے تھے) چنانچہ صحیحین کی ایک حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ "اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ نماز داؤد علیہ السلام کی ہے، اور سب سے زیادہ پسندیدہ روزے داؤد (علیہ السلام) کے ہیں وہ آدھی رات سوتے، ایک تہائی رات عبادت کرتے اور پھر رات کے چھٹے حصہ میں سو جاتے تھے، اور ایک دن روزہ رکھتے اور ایک دن افطار فرماتے تھے، اور جب دشمن سے ان کا مقابلہ ہو جاتا تو فرار اختیار نہ فرماتے تھے۔ اور بلاشبہ وہ اللہ کی طرف بہت رجوع کرنے والے تھے۔" (تفسیر ابن کثیر)

عبادت کے اس طریقہ کو سب سے زیادہ پسندیدہ اس لئے قرار دیا گیا ایک تو اس میں مشقت زیادہ ہے، ساری عمر روزہ رکھنے سے آدمی روزے کا عادی ہو جاتا ہے اور کچھ عرصہ کے بعد اس میں زیادہ مشقت نہیں رہتی، لیکن ایک دن چھوڑ کر روزہ رکھنے میں تکلیف مسلسل رہتی ہے، دوسرے اس طریقہ سے انسان عبادت کے ساتھ ساتھ اپنے نفس، اہل و عیال اور متعلقین کے حقوق بھی پوری طرح ادا کر سکتا ہے۔

اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ، الخ۔ اس آیت میں پہاڑوں اور پرندوں کے حضرت داؤد علیہ السلام کے ساتھ شریکِ تسبیح ہونے کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ اس کی تشریح سورۂ انبیاء اور سورۂ سبا میں گزر چکی ہے۔ یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ پہاڑوں اور پرندوں کی تسبیح کو باری تعالیٰ نے یہاں اس طرح ذکر فرمایا ہے کہ یہ حضرت داؤد علیہ السلام پر ایک خاص انعام تھا۔ سوال یہ ہے کہ یہ حضرت داؤد علیہ السلام کے لئے نعمت کیسے ہوئی؟ پہاڑوں اور پرندوں کی تسبیح سے کیا خاص فائدہ پہنچا؟

اس کا ایک جواب تو یہ ہے کہ اس سے حضرت داؤد علیہ السلام کا ایک معجزہ ظاہر ہوا، اور ظاہر ہے کہ یہ ایک بڑا انعام ہے۔ اس کے علاوہ حضرت تھانوی رح نے ایک لطیف توجیہ فرمائی ہے کہ پہاڑوں اور پرندوں کی تسبیح سے ذکر و شغل کا ایک خاص کیف پیدا ہو گیا تھا جس سے عبادت میں نشاط اور تازگی

ہمت پیدا ہوتی ہے۔ اجتماعی ذکر کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ ذکر کی برکتوں کا ایک دوسرے پر انعکاس ہوتا رہتا ہے۔ صوفیائے کرام کے یہاں ذکر و شغل کا ایک خاص طریقہ معروف ہے جس میں ذکر کرتے ہوئے یہ تصور کیا جاتا ہے کہ پوری کائنات ذکر کر رہی ہے، اصلاحِ باطن اور شوقِ عبادت میں اس طریقہ کی عجیب تاثیر ہے۔ اس آیت سے اس طریقۂ ذکر کی بنیاد بھی مستنبط ہوتی ہے (مسائل السلوک)

صلوٰۃ الضحیٰ

بِالْعَشِيِّ وَالْإِشْرَاقِ۔ عَشِيٌّ کے معنی ہیں ظہر کے بعد سے اگلے دن صبح تک کا وقت اور اِشْرَاقٌ کے معنی صبح کا وہ وقت جس میں دھوپ زمین پر پھیل گئی ہو۔ اس آیت سے حضرت عبداللہ بن عباس رضؓ نے صلوٰۃ الضحیٰ کے مشروع ہونے پر استدلال فرمایا ہے۔ صلوٰۃ الضحیٰ کو صلوٰۃ الاوّابین اور بعض حضرات صلوٰۃ الاشراق بھی کہتے ہیں۔ اگرچہ بعد میں صلوٰۃ الاوّابین کا نام مغرب کے بعد کی چھ نفلوں کے لئے اور صلوٰۃ الاشراق طلوعِ آفتاب کے متصل والی دو یا چار نفلوں کے لئے زیادہ مشہور ہو گیا۔

صلوٰۃ الضحیٰ میں دو سے لیکر بارہ تک جتنی رکعتیں چاہیں پڑھی جا سکتی ہیں۔ حدیث میں اس کے بہت سے فوائد وارد ہوئے ہیں۔ جامع ترمذی میں حضرت ابوہریرۃ رضؓ سے روایت ہے کہ آپؐ نے فرمایا: "جو شخص صلوٰۃ الضحیٰ کی دو رکعتوں کی پابندی کر لے اُس کے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں، خواہ وہ سمندری جھاگ جتنے ہوں" اور حضرت انس رضؓ سے روایت ہے کہ آپؐ نے فرمایا:۔ "جو شخص صلوٰۃ الضحیٰ کی بارہ رکعتیں پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں سونے کا محل بنا دے گا۔" (قرطبی)

علماء نے فرمایا ہے کہ یوں تو دو سے لیکر بارہ تک جتنی رکعتیں پڑھی جا سکیں وہ ٹھیک ہیں، لیکن تعداد کے لئے کوئی خاص معمول بنا لیا جائے تو بہتر ہے، اور یہ معمول کم از کم چار رکعت ہو تو زیادہ اچھا ہے کیونکہ آپؐ کا عام معمول چار رکعتیں ہی پڑھنے کا تھا۔

وَاٰتَيْنٰهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ (اور ہم نے ان کو حکمت اور فیصلہ کر دینے والی تقریر عطا فرمائی) حکمت سے مُراد تو دانائی ہے، یعنی ہم نے انھیں عقل و فہم کی دولت بخشی تھی۔ اور بعض حضرات نے فرمایا کہ نبوّت مراد ہے۔ اور "فَصْلَ الْخِطَاب" کی مختلف تفسیریں کی گئی ہیں۔ بعض نے فرمایا کہ اس سے مُراد زورِ بیان اور قوتِ خطابت ہے۔ چنانچہ حضرت داؤد علیہ السلام اونچے درجے کے خطیب تھے، اور خطبوں میں حمد و صلوٰۃ کے بعد لفظ "اَمَّا بَعْد" سب سے پہلے انھوں نے ہی کہنا شروع کیا اور بعض حضرات نے فرمایا کہ اس سے بہترین قوتِ فیصلہ مُراد ہے، یعنی اللہ تعالیٰ نے آپ کو جھگڑے چکانے اور تنازعات کا فیصلہ کرنے کی قوت عطا فرمائی تھی۔ درحقیقت ان الفاظ میں بیک وقت دونوں معنیٰ کی پوری گنجائش ہے اور یہ دونوں باتیں ہی مراد ہیں۔ حضرت تھانوی رحؒ نے جو اس کا ترجمہ فرمایا ہے اس میں بھی دونوں معنے سما سکتے ہیں۔

وَهَلْ اَتٰىكَ نَبَؤُا الْخَصْمِ ۘ اِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ ﴿۲۱﴾ اِذْ دَخَلُوْا

اور پہنچی ہے تجھ کو خبر دعوے والوں کی جب دیوار کود کر آئے عبادت خانے میں جب گھس آئے

عَلٰى دَاوٗدَ فَفَزِعَ مِنْهُمْ ۭ قَالُوْا لَا تَخَفْ ۚ خَصْمٰنِ بَغٰى

داؤد کے پاس تو اُن سے گھبرایا ۔ وہ بولے مت گھبرا ہم دو جھگڑتے ہیں ۔

بَعْضُنَا عَلٰي بَعْضٍ فَاحْكُمْ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ وَلَا تُشْطِطْ وَاهْدِنَآ

زیادتی کی ہے ایک نے دوسرے پر سو فیصلہ کر دے ہم میں انصاف کا اور دور نہ ڈال بات کو اور

اِلٰى سَوَاۗءِ الصِّرَاطِ ﴿۲۲﴾ اِنَّ هٰذَآ اَخِيْ ۘ لَهٗ تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ

بتلا دے ہم کو سیدھی راہ ۔ یہ جو ہے بھائی میرا اس کے یہاں ہیں ننانوے

نَعْجَةً وَّلِيَ نَعْجَةٌ وَّاحِدَةٌ ۙ فَقَالَ اَكْفِلْنِيْهَا وَعَزَّنِيْ فِي

دنبیاں اور میرے یہاں ایک دنبی پھر کہتا ہے حوالے کر دے میرے وہ بھی اور زبردستی کرتا ہے

الْخِطَابِ ﴿۲۳﴾ قَالَ لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ اِلٰى

مجھ سے بات میں بولا وہ بے انصافی کرتا ہے تجھ پر کہ مانگتا ہے تیری دنبی ملانے کو اپنی

نِعَاجِهٖ ۭ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْخُلَطَاۗءِ لَيَبْغِيْ بَعْضُهُمْ عَلٰي

دنبیوں میں اور اکثر شریک زیادتی کرتے ہیں ایک دوسرے پر

بَعْضٍ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَقَلِيْلٌ

مگر جو یقین لائے ہیں اور کام کئے نیک اور تھوڑے

مَّا هُمْ ۭ وَظَنَّ دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهٗ وَخَرَّ

لوگ ہیں ایسے ۔ اور خیال میں آیا داؤد کے کہ ہم نے اس کو جانچا پھر گناہ بخشوانے لگا اپنے رب سے

رَاكِعًا وَّاَنَابَ ﴿۲۴﴾ سجدہ فَغَفَرْنَا لَهٗ ذٰلِكَ ۭ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا

اور گر پڑا جھک کر اور رجوع ہوا پھر ہم نے معاف کر دیا اس کو وہ کام اور اس کے لئے ہمارے پاس

لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۲۵﴾

مرتبہ ہے اور اچھا ٹھکانا ۔

خلاصۂ تفسیر

اور بھلا آپ کو ان اہل مقدمہ کی خبر بھی پہنچی ہے (جو داؤد علیہ السلام کے پاس مقدمہ لائے تھے جبکہ وہ لوگ (داؤد علیہ السلام کے) عبادت خانہ کی دیوار پھاند کر داؤد (علیہ السلام) کے پاس آئے (کیونکہ دروازے سے پہرہ داروں نے اس لئے نہیں آنے دیا کہ وہ وقت آپ کی عبادت کا تھا، مقدمات کے فیصلے کا نہیں)

تو وہ (ان کے اس بے قاعدہ آنے سے) گھبرا گئے (کہ کہیں یہ لوگ دشمن نہ ہوں جو قتل کے ارادے سے اس طرح تنہائی میں آگھسے ہوں) وہ لوگ (اُن سے) کہنے لگے کہ آپ ڈریں نہیں، ہم دو اہلِ معاملہ ہیں کہ ایک نے دوسرے پر (کچھ) زیادتی کی ہے (اس کے فیصلے کے لئے ہم آئے ہیں، چونکہ پہرہ داروں نے دروازہ سے نہیں آنے دیا۔ اس لئے اس طرح آنے کے مرتکب ہوئے) سو آپ ہم میں انصاف سے فیصلہ کر دیجئے، اور بے انصافی نہ کیجئے اور ہم کو (معاملہ کی) سیدھی راہ بتلا دیجئے (اور پھر ایک شخص بولا کہ صورت مقدمہ یہ ہے کہ) یہ شخص میرا بھائی ہے (یعنی دینی بھائی جیسا کہ درمنثور میں حضرت ابن مسعود رضؓ سے منقول ہے اور) اس کے پاس ننانوے دُنبیاں ہیں اور میرے پاس (کُل) ایک دُنبی ہے۔ سو یہ کہتا ہے کہ وہ بھی مجھ کو دے ڈال اور بات چیت میں مجھ کو دباتا ہے (اور میری بات کو منہ زوری سے چلنے نہیں دیتا) داؤد (علیہ السلام) نے کہا کہ یہ جو تیری دُنبی اپنی دُنبیوں میں ملانے کی درخواست کرتا ہے تو واقعی تجھ پر ظلم کرتا ہے اور اکثر شرکاء (کی عادت ہے کہ) ایک دوسرے پر (یوں ہی) زیادتی کیا کرتے ہیں، مگر ہاں جو لوگ ایمان رکھتے ہیں اور نیک کام کرتے ہیں، اور ایسے لوگ بہت ہی کم ہیں (یہ بات آپ نے مظلوم کی تسلی کے لئے ارشاد فرمائی) اور داؤد (علیہ السلام) کو خیال آیا کہ (اس مقدمہ کو اس طرح پیش کر کے) ہم نے ان کا امتحان کیا ہے، سو انھوں نے اپنے رب کے سامنے توبہ کی اور سجدہ میں گر پڑے اور (خاص طور پر خدا کی طرف) رُجوع ہوئے، سو ہم نے ان کو وہ (امر) معاف کر دیا، اور ہمارے یہاں اُن کے لئے (خاص) قرب اور (اعلیٰ درجہ کی) نیک انجامی (یعنی جنّت کا درجہ عُلیا) ہے۔

مَعارف و مَسائل

اِن آیتوں میں باری تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کا واقعہ ذکر فرمایا ہے۔ قرآنِ کریم میں یہ واقعہ جس انداز سے بیان کیا گیا ہے، اس سے صرف اتنا معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اُن کی عبادت گاہ میں دو فریقوں کو جھگڑتے ہوئے بھیج کر اُن کا کوئی امتحان کیا تھا۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے اس امتحان پر متنبّہ ہو کر اللہ تعالیٰ سے استغفار کیا اور سجدے میں گر پڑے، اور اللہ تعالیٰ نے ان کی مغفرت فرما دی۔ قرآن کریم کا اصل مقصد چونکہ یہاں یہ بیان کرنا ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام اپنے ہر معاملے میں اللہ تعالیٰ کی طرف رُجوع فرماتے تھے، اور کبھی ذرا سی لغزش بھی ہو جائے تو فوراً استغفار کی طرف متوجہ ہوتے تھے۔ اس لئے یہاں یہ تفصیل بیان نہیں کی گئی کہ وہ امتحان کیا تھا؟ حضرت داؤد علیہ السلام سے وہ کونسی لغزش ہوئی تھی جس سے انھوں نے استغفار کیا؟ اور جسے اللہ تعالیٰ نے معاف فرما دیا۔

اسی لئے بعض محقق اور محتاط مفسرین نے ان آیات کی تشریح میں یہ فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے خاص حکمت و مصلحت سے اپنے جلیل القدر پیغمبر کی اس لغزش اور امتحان کی تفصیل کو کھول کر بیان

نہیں فرمایا، اس لئے ہمیں بھی اس کے پیچھے نہیں پڑنا چاہیئے۔ اور جتنی بات قرآن کریم میں مذکور ہے، صرف اسی بات پر ایمان رکھنا چاہیئے۔ حافظ ابن کثیر رح جیسے محقق مفسر نے اپنی تفسیر میں اسی پر عمل کرتے ہوئے واقعہ کی تفصیلات سے خاموشی اختیار کی ہے۔ اور کوئی شک نہیں کہ یہ سب سے زیادہ محتاط اور سلامتی کا راستہ ہے۔ اسی لئے علماء سلف سے منقول ہے کہ ابھموا ما ابھمہ اللہ، یعنی جس چیز کو اللہ نے مبہم چھوڑا ہے تم بھی اس کو مبہم رہنے دو۔ اسی میں حکمت و مصلحت ہے اور یہ ظاہر ہے کہ اس سے مراد ایسے معاملات کا ابہام ہے جن سے ہمارے عمل اور حلال و حرام کا تعلق نہ ہو اور جن معاملات سے مسلمانوں کے عمل کا تعلق ہو اس ابہام کو خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے قول و عمل سے رفع کر دیا ہے۔

البتہ دوسرے مفسرین نے روایات و آثار کی روشنی میں اس امتحان اور آزمائش کو متعین کرنے کی کوشش کی ہے۔ اس سلسلہ میں ایک عامیانہ روایت تو یہ مشہور ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام کی نظر ایک مرتبہ اپنے ایک فوجی افسر اوریا کی بیوی پر پڑ گئی تھی۔ جس سے ان کے دل میں اس کے ساتھ نکاح کرنے کی خواہش پیدا ہوئی، اور انھوں نے اوریا کو قتل کرانے کی غرض سے اُسے خطرناک ترین مشن سونپ دیا جس میں وہ شہید ہو گیا، اور بعد میں آپ نے اس کی بیوی سے شادی کر لی۔ اس عمل پر تنبیہ کرنے کے لئے یہ دو فرشتے انسانی شکل میں بھیجے گئے۔

لیکن یہ روایت بلاشبہ اُن خرافات میں سے ہے جو یہودیوں کے زیر اثر مسلمانوں میں بھی پھیل گئی تھیں۔ یہ روایت دراصل بائبل کی کتاب سموئیل دوم باب ۱۱ سے ماخوذ ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ بائبل میں کھلم کھلا حضرت داؤد علیہ السلام پر یہ الزام لگایا گیا ہے کہ انھوں نے معاذ اللہ اوریا کی بیوی سے نکاح سے قبل ہی زنا کا ارتکاب کیا تھا۔ اور ان تفسیری روایتوں میں زنا کے جزء کو حذف کر دیا گیا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کسی نے اس اسرائیلی روایت کو دیکھا اور اس میں سے زنا کے قصے کو نکال کر اُسے قرآن کریم کی مذکورہ آیتوں پر چسپاں کر دیا۔ حالانکہ یہ کتاب سموئیل ہی سرے سے بے اصل ہے اور یہ روایت قطعی کذب و افتراء کی حیثیت رکھتی ہے۔ اسی وجہ سے تمام محقق مفسرین نے اس کی سخت تردید کی ہے۔

حافظ ابن کثیر رح کے علاوہ علامہ ابن جوزی رح، قاضی ابوالسعود رح، قاضی بیضاوی رح، قاضی عیاض رح امام رازی رح، علامہ ابوحیان اندلسی رح، خازن رح، زمخشری رح، ابن حزم رح، علامہ خفاجی رح، احمد بن نصر ابوتمام رح، اور علامہ آلوسی رح وغیرہ نے بھی اسے کذب و افتراء قرار دیا ہے۔ حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:۔

"بعض مفسرین نے یہاں ایک قصہ ذکر کیا ہے جس کا اکثر حصہ اسرائیلیات سے ماخوذ ہے

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں کوئی ایسی بات ثابت نہیں جس کا اتباع واجب ہو، صرف ابن ابی حاتم رح نے یہاں ایک حدیث روایت کی ہے۔ مگر اس کی سند صحیح نہیں ہے۔"

غرض بہت سے دلائل کی روشنی میں جن کی کچھ تفصیل امام رازی رح کی تفسیر کبیر اور ابن جوزی رح کی زاد المسیر وغیرہ میں موجود ہے، یہ روایت تو اس آیت کی تفسیر میں قطعاً خارج از بحث ہو جاتی ہے۔

حکیم الامت حضرت تھانوی رح نے اس آزمائش اور لغزش کی تشریح اس طرح فرمائی ہے کہ مقدمہ کے یہ دو فریق دیوار پھاند کر داخل ہوئے، اور طرزِ مخاطبت بھی انتہائی گستاخانہ اختیار کیا کہ شروع ہی میں حضرت داؤد علیہ السلام کو انصاف کرنے اور ظلم نہ کرنے کی نصیحتیں شروع کر دیں، اس انداز کی گستاخی کی بنا پر کوئی عام آدمی ہوتا تو انھیں جواب دینے کے بجائے الٹی سزا دیتا۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کا یہ امتحان فرمایا کہ وہ بھی غصہ میں آکر انھیں سزا دیتے ہیں یا پیغمبرانہ عفو و تحمل سے کام لے کر اُن کی بات سنتے ہیں۔

حضرت داؤد علیہ السلام اس امتحان میں پورے اترے، لیکن اتنی سی فروگذاشت ہو گئی کہ فیصلہ سناتے وقت ظالم کو خطاب کرنے کے بجائے مظلوم کو مخاطب فرمایا جس سے ایک گونہ جانبداری مترشح ہوتی تھی مگر اس پر فوراً متنبہ ہوا اور سجدے میں گر گئے اور اللہ تعالیٰ نے انھیں معاف فرما دیا۔ (بیان القرآن)

بعض مفسرین نے لغزش کی یہ تشریح کی ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے مدعا علیہ کو خاموش دیکھا تو اس کا بیان سُنے بغیر صرف مدعی کی بات سُن کر اپنی نصیحت میں ایسی باتیں فرمائیں جن سے فی الجملہ مدعی کی تائید ہوتی تھی، حالانکہ پہلے مدعا علیہ سے پوچھنا چاہیئے تھا کہ اس کا مؤقف کیا ہے؟ حضرت داؤد علیہ السلام کا یہ ارشاد اگرچہ صرف ناصحانہ انداز میں تھا اور ابھی تک مقدمہ کے فیصلے کی نوبت نہیں آئی تھی، تاہم اُن جیسے جلیل القدر پیغمبر کے شایانِ شان نہیں تھا۔ اسی بات پر آپ بعد میں متنبہ ہو کر سجدہ ریز ہوئے۔

(روح المعانی)

بعض حضرات نے فرمایا کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے اپنا نظم اوقات ایسا بنایا ہوا تھا کہ چوبیس گھنٹے میں ہر وقت گھر کا کوئی نہ کوئی فرد عبادت، ذکر اور تسبیح میں مشغول رہتا تھا، ایک روز انھوں نے باری تعالیٰ سے عرض کیا کہ پروردگار! دن اور رات کی کوئی گھڑی ایسی نہیں گزرتی جس میں داؤد کے گھر والوں میں سے کوئی نہ کوئی آپ کی عبادت، نماز اور تسبیح و ذکر میں مشغول نہ ہو، باری تعالیٰ نے فرمایا کہ داؤد! یہ سب کچھ میری توفیق سے ہے، اگر میری مدد شاملِ حال نہ ہو تو یہ بات تمھارے بس کی نہیں ہے، اور ایک دن میں تمھیں تمھارے حال پر چھوڑ دوں گا۔ اس کے بعد یہ واقعہ پیش آیا کہ وہ وقت حضرت داؤد علیہ السلام کے مشغولِ عبادت ہونے کا تھا۔ اس ناگہانی قضیہ سے ان کے اوقات کا نظم مختل ہو گیا حضرت داؤد علیہ السلام جھگڑا چکانے میں مشغول ہو گئے، آلِ داؤد علیہ السلام کا کوئی اور فرد بھی اسوقت

عبادت اور ذکرِ الٰہی میں مصروف نہ تھا۔ اس سے حضرت داؤد علیہ السلام کو تنبہ ہوا کہ وہ فخریہ کلمہ جو زبان سے نکل گیا تھا، یہ مجھ سے غلطی ہوئی تھی۔ اس لئے آپ نے استغفار فرمایا اور سجدہ ریز ہو گئے۔ اس توجیہہ کی تائید حضرت ابن عباس رض کے ایک ارشاد سے بھی ہوتی ہے جو مستدرک حاکم رح میں صحیح سند کے ساتھ منقول ہے۔ (احکام القرآن)

اِن تمام تشریحات میں یہ بات مشترکہ طور پر تسلیم کی گئی ہے کہ مقدمہ فرضی نہیں، بلکہ حقیقی تھا، اور صورتِ مقدمہ کا حضرت داؤد علیہ السلام کی آزمائش یا لغزش سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ اس کے برخلاف بہت سے مفسرین نے اس کی ایسی تشریح فرمائی ہے، جس کا حاصل یہ ہے کہ مقدمہ کے یہ فریقین انسان نہیں، بلکہ فرشتے تھے، اور انھیں اللہ تعالیٰ نے اس لئے بھیجا تھا کہ وہ ایسی فرضی صورتِ مقدمہ پیش کریں جس سے حضرت داؤد علیہ السلام کو اپنی لغزش پر تنبہ ہو جائے۔

چنانچہ ان حضرات کا یہ کہنا ہے کہ اوریا کو قتل کرانے اور اس کی بیوی سے نکاح کر لینے کا وہ قصہ تو غلط ہے، لیکن حقیقتِ حال یہ تھی کہ بنی اسرائیل میں کسی شخص سے یہ فرمائش کرنا معیوب نہیں سمجھا جاتا تھا کہ "تم اپنی بیوی کو طلاق دے کر اس کا نکاح مجھ سے کر دو" اس زمانے میں اس فرمائش کا عام رواج بھی تھا۔ اور یہ بات خلافِ مروت بھی نہ سمجھی جاتی تھی۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے اِسی بنا پر اوریا سے یہی فرمائش کی تھی، جس پر اللہ تعالیٰ نے یہ دو فرشتے بھیج کر آپ کو تنبیہ فرمائی۔ اور بعض حضرات نے فرمایا کہ بات صرف اتنی تھی کہ اوریا نے ایک عورت کو نکاح کا پیغام دیا ہوا تھا، حضرت داؤد علیہ السلام نے بھی اُسی عورت کو اپنا پیغام دیدیا، اس سے اوریا کو بہت رنج ہوا اللہ تعالیٰ نے اس پر تنبیہ کے لئے یہ دو فرشتے بھیجے اور ایک لطیف پیرایہ میں اس لغزش پر تنبیہ فرمائی۔ قاضی ابو یعلیٰ رح نے اس توجیہہ پر قرآن کریم کے الفاظ وَعَزَّنِيْ فِي الْخِطَابِ سے استدلال فرمایا ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ یہ جملہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ یہ معاملہ محض خِطبہ (منگنی) کے سلسلہ میں پیش آیا تھا۔ اور ابھی حضرت داؤد علیہ السلام نے اس سے نکاح نہیں فرمایا تھا۔

(زاد المسیر لابن الجوزی رح۔ ص ۱۱۶ - ج ۷)

اکثر مفسرین نے ان آخری دو تشریحات کو ترجیح دی ہے اور ان کی تائید بعض آثارِ صحابہ رض سے بھی ہوتی ہے۔ (ملاحظہ ہو روح المعانی، تفسیر ابی السعود، زاد المسیر، تفسیر کبیر وغیرہ) لیکن واقعہ یہ ہے کہ اس آزمائش اور لغزش کی تفصیل نہ قرآن کریم سے ثابت ہے، نہ کسی صحیح حدیث سے۔ اس لئے اتنی بات تو طے شدہ ہے کہ اوریا کو قتل کروانے کا جو قصہ مشہور ہے وہ غلط ہے، لیکن اصل واقعہ کے بارے میں مذکورہ بالا تمام احتمالات موجود ہیں اور ان میں سے کسی ایک کو قطعی اور یقینی نہیں کہا جا سکتا۔ لہٰذا سلامتی کی راہ وہی ہے جو حافظ ابن کثیر رح نے اختیار کی کہ جس بات کو اللہ تعالیٰ نے مبہم چھوڑا ہے،

ہم اپنے قیاسات اور اندازوں کے ذریعہ اس کی تفصیل کی کوشش نہ کریں۔ جبکہ اُس سے ہمارے کسی عمل کا تعلق نہیں۔ اس ابہام میں بھی یقیناً کوئی حکمت ہے۔ لہٰذا صرف اتنے واقعہ پر ایمان رکھا جائے جو قرآنِ کریم میں مذکور ہے، باقی تفصیلات کو اللہ کے حوالے کیا جائے۔ البتہ اس واقعہ سے متعدد عملی فوائد حاصل ہوتے ہیں زیادہ توجہ ان کی طرف دینی چاہیئے۔ اسلئے اَب آیات کی تفسیر ملاحظہ فرمائیے جس میں انشاء اللہ ان فوائد کا ذکر آجائے گا۔

اِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ۔ (جب وہ محراب کی دیوار پھاند کر داخل ہوئے) مِحْرَابٌ دراصل بالاخانے یا کسی مکان کے سامنے کے حصّہ کو کہتے ہیں۔ پھر خاص طور سے مسجد یا عبادت خانے کے سامنے کے حصہ کو کہا جانے لگا۔ قرآنِ کریم میں یہ لفظ عبادت گاہ کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ علامہ سیوطی رح نے لکھا ہے کہ مسجد کے دائرہ نما محرابیں جیسی آجکل معروف ہیں، یہ عہدِ نبوی ؐ میں موجود نہیں تھیں (روح المعانی)۔

فَفَزِعَ مِنْهُمْ۔ (پس حضرت داؤد ؑ ان سے گھبرا گئے) گھبرانے کی وجہ صاف ظاہر تھی کہ دو آدمیوں کا بے وقت پہرہ توڑ کر اس طرح گھس آنا عموماً کسی بُری نیت ہی سے ہوتا ہے۔

طبعی خوف نبوّت یا ولایت کے منافی نہیں ہے۔

اس سے معلوم ہوا کہ کسی خوفناک چیز سے طبعی طور پر گھبرا جانا نبوّت اور ولایت کے منافی نہیں ہے۔ ہاں اس خوف کو دل و دماغ پر طاری کر کے اپنے فرائض کو چھوڑ دینا ضرور بُرا ہے۔ اس پر یہ شبہ ہو سکتا ہے کہ قرآنِ کریم میں انبیاء کی شان یہ بیان کی گئی ہے لَا يَخْشَوْنَ اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ۔ (وہ اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے) پھر یہاں حضرت داؤد علیہ السلام کو خوف کیوں ہوا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ ڈرنے کی دو قسمیں ہوتی ہیں، ایک ڈر تو موذی اشیاء کے تکلیف پہنچانے سے ہوتا ہے، اُسے عربی میں خَوْفٌ کہتے ہیں۔ دوسرا ڈر کسی بڑے کی عظمت جلالت شان اور رُعب کی وجہ سے ہوتا ہے، اُسے خَشْيَةٌ کہا جاتا ہے۔ (مفردات، راغب) خشیت اللہ کے سوا کسی کی نہیں ہونی چاہیئے، اور انبیاء علیہم السلام کی شان یہی ہوتی ہے کہ اللہ کے سوا ان پر کسی کی خشیت طاری نہیں ہوتی۔ ہاں خوفِ طبعی موذی اشیاء سے ہو سکتا ہے۔

بے قاعدگی پر حقیقتِ حال کے منکشف ہونے تک صبر کرنا چاہیئے

قَالُوْا لَا تَخَفْ (انھوں نے کہا ڈریئے نہیں) آنے والوں نے یہ کہہ کر اپنی بات بیان کرنی شروع کر دی، اور حضرت داؤد علیہ السلام خاموشی سے ان کی بات سُنتے رہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ اگر کوئی شخص اچانک کسی بے قاعدگی کا مرتکب ہو تو اُسے فوراً ملامت اور زجر و توبیخ شروع نہیں کر دینی چاہیئے، بلکہ پہلے اس کی بات سُن لینی چاہیئے۔ تاکہ اس کو یہ معلوم ہو جائے کہ اس کے پاس اس بے قاعدگی کا جواز تھا یا نہیں۔ کوئی اور ہوتا تو آنے والوں پر فوراً برس پڑتا، لیکن حضرت داؤد علیہ السلام نے انکشافِ حقیقت کا انتظار فرمایا کہ ہو سکتا ہے کہ یہ لوگ معذور ہوں۔

وَلَا تُشْطِطْ (اور بے انصافی نہ کیجئے) آنے والے کا یہ اندازِ خطاب بظاہر بڑا گستاخانہ تھا، اوّل تو دیوار پھاند کر بے وقت آنا، پھر آکر حضرت داؤد علیہ السلام جیسے جلیل القدر پیغمبر کو انصاف کرنے اور ظلم سے بچنے کا درس دینا، یہ سب اکھڑپن کی باتیں تھیں، لیکن حضرت داؤد علیہ السلام نے ان سب باتوں پر صبر فرمایا اور انھیں کچھ بُرا بھلا نہیں کہا۔

بڑے آدمی کو چاہیئے کہ اہلِ حاجت کی غلطیوں پر حتی الوسع صبر کرے

اس سے معلوم ہوا کہ جس شخص کو اللہ نے کوئی بڑا مرتبہ دیا ہو اور لوگوں کی ضروریات اس سے متعلق ہوں اُسے چاہیئے کہ وہ اہلِ حاجت کی بے قاعدگیوں اور گفتگو کی غلطیوں پر حتی الوسع صبر کرے کہ یہی اسکے مرتبہ کا تقاضا ہے۔ خاص طور سے حاکم، قاضی اور مفتی کو اس کا لحاظ رکھنا چاہیئے۔ (رُوح المعانی)

قَالَ لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ اِلٰى نِعَاجِهٖ۔ (داؤد علیہ السلام نے کہا کہ اُس نے جو تیری دُنبی اپنی دُنبیوں میں مِلانے کی درخواست کی ہے تو واقعی تجھ پر ظلم کیا ہے) یہاں دو باتیں قابلِ غور ہیں۔ ایک تو یہ کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے یہ فقرہ صرف مدعی کی بات سُن کر ارشاد فرمادیا، مُدعا علیہ کا بیان نہیں سُنا۔ اس پر بعض حضرات نے تو یہ کہا ہے کہ وہ لغزش جس پر آپ نے استغفار فرمایا، یہی لغزش تھی۔ لیکن دوسرے مفسرین نے کہا ہے کہ درحقیقت یہاں مقدمہ کی پوری تفصیلات بیان نہیں ہو رہی ہیں، صرف ضروری باتیں بیان کی گئی ہیں۔ حضرت داؤد علیہ السلام یقیناً مدعا علیہ سے اس کا موقف سُنا ہوگا۔ لیکن اُسے یہاں اس لئے بیان نہیں کیا گیا کہ فیصلوں کا معروف طریقہ یہی ہے۔ ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ یہاں مدعا علیہ سے پوچھنے کا جُز محذوف ہے۔

نیز یہ بھی ممکن ہے کہ اگرچہ آنے والوں نے حضرت داؤد علیہ السلام سے عدالتی فیصلہ طلب کیا تھا، لیکن نہ وہ وقت عدالت کا تھا، نہ مجلس قضا کی تھی، نہ وہاں حضرت داؤد علیہ السلام کے پاس اپنے فیصلہ کو نافذ کرنے کے وسائل جمع تھے۔ اس لئے حضرت داؤد علیہ السلام نے قاضی کی حیثیت میں نہیں بلکہ مفتی کی حیثیت میں فتویٰ دیا۔ اور مفتی کا کام واقعہ کی تحقیق کرنا نہیں ہوتا، بلکہ جیسا سوال ہو، اسی کے مطابق جواب دینا ہوتا ہے۔

کسی قسم کے دباؤ کے ساتھ چندہ یا ہدیہ بھی طلب کرنا غصب ہے

دوسری بات یہاں یہ قابلِ غور ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے ایک شخص کے محض دُنبی مانگنے کو ظلم قرار دیا، حالانکہ بظاہر کسی سے محض کوئی چیز مانگ لینا کوئی جُرم نہیں ہے۔ وجہ یہ ہے کہ صورت سوال کی تھی، لیکن جس قولی اور عملی دباؤ کے ساتھ یہ سوال کیا جارہا تھا اس کی موجودگی میں اس کی حیثیت غصب کی سی ہوگئی تھی۔

اس سے معلوم یہ ہوا کہ اگر کوئی آدمی کسی سے اس طرح کوئی چیز مانگے کہ مخاطب، راضی ہو یا ناراض

لیکن اس کے پاس دینے کے سوا کوئی چارہ نہ رہے تو اس طرح ہدیہ طلب کرنا بھی غصب میں داخل ہے لہٰذا اگر مانگنے والا کوئی صاحبِ اقتدار یا ذی وجاہت شخص ہو اور مخاطب اس کی شخصیت کے دباؤ کی وجہ سے انکار نہ کر سکتا ہو، تو وہاں صورت چاہے ہدیہ طلب کرنے کی ہو، لیکن حقیقت میں وہ غصب ہی ہوتا ہے اور مانگنے والے کے لئے اس طرح حاصل کی ہوئی چیز کا استعمال جائز نہیں ہوتا۔ یہ مسئلہ خاص طور پر ان لوگوں کے لئے بہت توجہ کرنے کا ہے، جو مدارس و مکاتب، مسجد یا انجمنوں اور جماعتوں کے لئے چندے وصول کرتے ہیں۔ صرف وہ چندہ حلالِ طیب ہے جو دینے والے نے اپنے مکمل اختیار اور خوش دلی کے ساتھ دیا ہو۔ اور اگر چندہ کرنے والوں نے اپنی شخصیت کا دباؤ ڈال کر یا بیک وقت آٹھ دس آدمیوں نے کسی ایک شخص کو زچ کر کے چندہ وصول کر لیا تو یہ صریح ناجائز فعل ہے۔ حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا واضح ارشاد ہے کہ:۔

لا یحلّ مال امرئٍ مسلم الّا بطیب نفس منہ

کسی مسلمان کا مال اس کی خوش دلی کے بغیر حلال نہیں

معاملات کی شرکت میں بڑی احتیاط کی ضرورت ہے۔

وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْخُلَطَآءِ لَيَبْغِيْ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ۔ (اور بہت سے شرکاء ایک دوسرے پر زیادتی کیا کرتے ہیں) اس سے اس بات پر تنبیہ کر دی ہے کہ جب دو انسانوں میں شرکت کا کوئی معاملہ ہو تو اس میں اکثر ایک دوسرے کی حق تلفیاں ہو جاتی ہیں۔ بعض اوقات ایک آدمی ایک کام کو معمولی سمجھ کر کر گزرتا ہے، لیکن درحقیقت وہ گناہ کا سبب بن جاتا ہے۔ اس لئے اس معاملہ میں بڑی احتیاط کی ضرورت ہے۔

وَظَنَّ دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰهُ۔ (اور داؤد علیہ السلام کو خیال آیا کہ ہم نے ان کا امتحان کیا ہے) اگر مقدمہ کی صورت کو حضرت داؤد علیہ السلام کی لغزش کی تمثیل قرار دیا جائے تب تو یہ خیال آنا ظاہر ہی ہے۔ اور اگر صورتِ مقدمہ کا اس سے کوئی تعلق نہ ہو، تب بھی فریقین کی مجموعی حالت یہ ظاہر کرنے کے لئے کافی تھی کہ یہ امتحاناً بھیجے گئے ہیں۔ ایک طرف تو ان فریقوں نے مقدمہ کے فیصلے کے لئے اتنی جلد بازی اور جرأت سے کام لیا کہ دیوار پھاند کر چلے آئے۔ دوسری طرف جب مقدمہ پیش ہوا، تو مدعا علیہ خاموش بیٹھا رہا، اور قولی یا عملی طور سے مدعی کی بات کو بے چون و چرا تسلیم کر لیا۔

اگر مدعی کے بیان کردہ واقعہ کو مدعا علیہ تسلیم کرتا تھا تو جھگڑے کا فیصلہ کرانے کے لئے حضرت داؤد علیہ السلام کے پاس آنے کی ضرورت ہی نہ تھی، ایک معمولی عقل کا آدمی بھی سمجھ سکتا تھا کہ حضرت داؤد علیہ السلام اس صورت میں مدعی کے حق میں ہی فیصلہ کریں گے۔ فریقین کا یہ پُراسرار طرزِ عمل بتا رہا تھا کہ یہ کوئی غیر معمولی واقعہ ہے۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے بھانپ لیا کہ یہ اللہ کے بھیجے ہوئے

آئے ہیں اور میرا امتحان مقصود ہے۔ اور بعض روایات میں یہ بھی آیا ہے کہ فیصلہ سننے کے بعد وہ ایک دوسرے کی طرف دیکھ کر مسکرائے اور دیکھتے ہی دیکھتے آسمان پر چلے گئے۔ واللہ اعلم

فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهٗ وَخَرَّ رَاكِعًا وَّاَنَابَ ۔ (پس انھوں نے اپنے پروردگار سے مغفرت طلب کی، اور سجدے میں گر پڑے اور رجوع ہوئے) یہاں دراصل رُكُوْعٌ کا لفظ استعمال ہوا ہے، جس کے لغوی معنے جھکنے کے ہیں۔ اور اکثر مفسرین کے نزدیک اس سے مراد سجدہ ہے۔ احناف کے نزدیک اس آیت کی تلاوت سے سجدہ واجب ہو جاتا ہے۔

رکوع سے سجدۂ تلاوت ادا ہو جاتا ہے

اور امام ابو حنیفہ رح نے اس آیت سے اس بات پر استدلال کیا ہے کہ اگر نماز میں آیتِ سجدہ کی تلاوت کی گئی ہے تو رکوع میں سجدہ کی نیت کر لینے سے سجدہ ادا ہو جاتا ہے۔ اس لئے کہ یہاں باری تعالیٰ نے سجدہ کے لئے رکوع کا لفظ استعمال فرمایا ہے۔ جو اس بات کی دلیل ہے کہ رکوع بھی سجدہ کے قائم مقام ہو سکتا ہے۔ لیکن اس سلسلہ میں چند ضروری مسائل یاد رکھنے چاہئیں۔

سجدۂ تلاوت کے بعض مسائل

مسئلہ نماز کے فرض رکوع کے ذریعہ سجدہ صرف اس صورت میں ادا ہو سکتا ہے جبکہ سجدے کی آیت نماز میں پڑھی گئی ہو، نماز سے باہر تلاوت کرنے میں رکوع سے سجدہ ادا نہیں ہوتا۔ اس لئے کہ رکوع صرف نماز میں عبادت ہے، نماز سے باہر مشروع نہیں (بدائع)۔ **مسئلہ** رکوع میں سجدہ صرف اس وقت ادا ہوگا جبکہ آیتِ سجدہ تلاوت کرنے کے فوراً بعد یا زیادہ سے دو تین آیتیں مزید تلاوت کر کے رکوع کر لیا ہو۔ اور اگر آیت سجدہ کے بعد کھڑے کھڑے طویل قرارت کی ہو تو سجدہ رکوع میں ادا نہیں ہوگا۔ **مسئلہ** اگر سجدۂ تلاوت رکوع میں ادا کرنے کا خیال ہو تو رکوع میں جاتے وقت سجدۂ تلاوت کی نیت کر لینی چاہیے، ورنہ اس رکوع سے سجدہ ادا نہیں ہوگا۔ ہاں جب سجدہ میں جانے لگا تو بلا نیت بھی سجدہ ادا ہو جائے گا۔ **مسئلہ** افضل بہرحال یہی ہے کہ سجدۂ تلاوت کو نماز کے فرض رکوع میں ادا کرنے کے بجائے مستقل سجدہ کیا جائے۔ اور سجدہ سے اٹھ کر ایک دو آیتیں تلاوت کر کے پھر رکوع میں جائیں۔ (بدائع)

وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ۔ (اور بلاشبہ ان کے لئے ہمارے یہاں خاص تقرب اور نیک انجامی ہے) اس آیت پر واقعے کو ختم کر کے اس بات کی طرف اشارہ کر دیا گیا کہ حضرت داؤد علیہ السلام کی لغزش جو کچھ بھی رہی ہو، ان کے استغفار اور انابت کے بعد اللہ تعالیٰ کے ساتھ ان کے تعلق میں اور اضافہ ہو گیا۔

غلطی پر تنبیہ میں حکمت کی رعایت

اس واقعہ سے متعلق ایک اور بات قابلِ ذکر ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام کی لغزش خواہ کچھ رہی ہو، اللہ تعالیٰ براہِ راست وحی کے ذریعہ بھی آپ کو

اس پر متنبہ فرما سکتے تھے۔ لیکن اس کے بجائے ایک مقدمہ بھیج کر تنبیہ کے لئے یہ خاص طریقہ کیوں اختیار کیا گیا؟ درحقیقت اس طریقہ پر غور کرنے سے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ انجام دینے والوں کو یہ ہدایت کی گئی ہے کہ کسی شخص کو اس کی غلطی پر تنبیہ کے لئے حکمت سے کام لینے کی ضرورت ہے اور اس کے لئے ایسا طریقہ اختیار کرنا زیادہ اچھا ہے، جس سے متعلقہ شخص خود بخود اپنی غلطی کو محسوس کرلے اور اسے زبانی تنبیہ کی ضرورت ہی پیش نہ آئے۔ اور اس کے لئے ایسی تمثیلات سے کام لینا زیادہ مؤثر ہوتا ہے جس سے کسی کی دلآزاری بھی نہ ہو اور ضروری بات بھی واضح ہو جائے۔

يٰدَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنٰكَ خَلِيْفَةً فِي الْاَرْضِ فَاحْكُمْ بَيْنَ النَّاسِ

اے داؤد ہم نے کیا تجھ کو نائب ملک میں سو تو حکومت کر لوگوں میں

بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى فَيُضِلَّكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ

انصاف سے اور نہ چل جی کی خواہش پر پھر وہ تجھ کو بچلاوے اللہ کی راہ سے ۔ مقرر

الَّذِيْنَ يَضِلُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌۢ بِمَا

جو لوگ بچلتے ہیں اللہ کی راہ سے ان کو سخت عذاب ہے اس بات پر

نَسُوْا يَوْمَ الْحِسَابِ ﴿۲۶﴾ ع ۱۲ ۱۱

کہ بھلا دیا انہوں نے دن حساب کا ۔

خلاصۂ تفسیر

اے داؤد ہم نے تم کو زمین پر حاکم بنایا ہے، سو (جس طرح اب تک کرتے رہے ہو، اسی طرح آئندہ بھی) لوگوں میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کرتے رہنا اور (جس طرح اب تک کبھی نفسانی خواہش کی پیروی نہیں کی، اسی طرح آئندہ بھی) نفسانی خواہش کی پیروی مت کرنا کہ (اگر ایسا کرو گے تو) وہ خدا کے رستہ سے تم کو بھٹکا دے گی (اور) جو لوگ خدا کے رستہ سے بھٹکتے ہیں ان کے لئے سخت عذاب ہوگا اس وجہ سے کہ وہ روزِ حساب کو بھولے رہے۔

معارف و مسائل

حضرت داؤد علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے نبوت کے ساتھ حکومت و سلطنت بھی عطا فرمائی تھی، چنانچہ اس آیت میں حکومت و سیاست کے لئے آپ کو ایک بنیادی ہدایت نامہ عطا کر دیا گیا ہے۔ اس ہدایت نامہ میں تین بنیادی باتیں ارشاد فرمائی گئی ہیں:-

(۱) ہم نے آپ کو زمین میں اپنا خلیفہ بنایا ہے۔
(۲) اس حیثیت سے آپ کا بنیادی کام حق کے مطابق فیصلہ کرنا ہے۔
(۳) اور اس کام کے لئے خواہشات نفسانی کی پیروی سے بچنا ایک لازمی شرط کی حیثیت رکھتا ہے۔

جہاں تک زمین میں خلیفہ بنانے کا تعلق ہے، اس کا مفہوم سورۂ بقر میں گزر چکا ہے (دیکھئے معارف القرآن جلد اوّل صـ۱۲۴) اور اسی سے اسلامی سیاست کا یہ اصل الاصول واضح ہوتا ہے کہ "اقتدار اعلیٰ اللہ تعالیٰ کو حاصل ہے"، زمین کے حکمران اسی کے احکام کے مطابق چلنے کے مجاز ہیں اس سے باہر نہیں جا سکتے۔ لہٰذا مسلمانوں کا حاکم، شوریٰ یا اسمبلی اسلامی قانون کی تشریح یا تدوین تو کر سکتی ہے، لیکن درحقیقت وہ واضع قانون نہیں بلکہ اللہ کے قانون کو پیش کرنے والے ہیں۔

اسلامی ریاست کا بنیادی کام اقامتِ حق ہے

دوسری بات یہاں واضح کر دی گئی ہے کہ اسلامی ریاست کا بنیادی کام اقامتِ حق ہے۔ حکومت پر لازم ہے کہ وہ اپنے انتظامی معاملات اور تنازعات کے تصفیہ میں حق و انصاف قائم کرے۔

اسلام چونکہ ایک ابدی دین ہے، اس لئے اُس نے سیاست و حکمرانی کے لئے ایسے انتظامی جزئیات کی تعیین نہیں فرمائی، جو حالات اور زمانے کے بدلنے سے قابل تبدیل ہو جائیں۔ بلکہ کچھ ایسی بنیادی ہدایات عطا فرما دی ہیں۔ جن کی روشنی میں ہر زمانے کے مطابق انتظامی جزئیات خود طے کی جا سکتی ہیں۔ اسی لئے یہاں یہ بات تو بتا دی گئی ہے کہ حکومت کا اصل کام اقامتِ حق ہے، لیکن اس کی انتظامی تفصیلات ہر دور کے اہلِ رائے مسلمانوں پر چھوڑ دی گئی ہیں۔

عدلیہ اور انتظامیہ کا رشتہ

چنانچہ یہ بات کہ عدلیہ انتظامیہ سے بالکل الگ رہے یا اس کے ساتھ وابستہ؟ اس مسئلہ میں کوئی ایسا متعین حکم نہیں دیا گیا، جو ہر دور میں ناقابلِ تبدیل ہو۔ اگر کسی زمانہ میں حکمرانوں کی امانت و دیانت پر پورا اعتماد کیا جا سکتا ہو تو عدلیہ اور انتظامیہ کی دوئی کو مٹایا جا سکتا ہے۔ اور اگر کسی دور میں حکمرانوں کی امانت و دیانت پر پورا بھروسہ نہ ہو تو عدلیہ کو انتظامیہ سے بالکل آزاد بھی رکھا جا سکتا ہے۔

حضرت داؤد علیہ السلام اللہ کے برگزیدہ پیغمبر تھے — ان سے زیادہ امانت و دیانت کا کون دعویٰ کر سکتا تھا؟ اس لئے انھیں بیک وقت انتظامیہ اور عدلیہ دونوں کا سربراہ بنا کر تنازعات کے فیصلے کی ذمہ داری بھی سونپی گئی۔ انبیاء علیہم السلام کے علاوہ خلفاء راشدین میں بھی یہی طرز رہا کہ امیر المؤمنین خود ہی قاضی بھی ہوتا تھا۔ بعد کی اسلامی حکومتوں میں اس طریقے کو بدلا گیا اور امیر المؤمنین کو انتظامیہ کا اور قاضی القضاۃ کو عدلیہ کا سربراہ بنایا گیا۔

تیسری ہدایت جس پر اس آیت میں سب سے زیادہ زور دیا گیا ہے، وہ یہ ہے کہ خواہشاتِ

نفسانی کی پیروی مت کرو، اور روزِ حساب کو ہر وقت پیشِ نظر رکھو۔ اس ہدایت پر سب سے زیادہ زور اس لئے دیا گیا ہے کہ یہ چیز اقامتِ حق کی بنیاد ہے۔ جس حاکم یا قاضی کے دل میں خدا کا خوف اور آخرت کی فکر ہے وہی صحیح معنی میں حق و انصاف قائم کر سکتا ہے۔ اور اگر یہ نہیں ہے تو آپ اچھے سے اچھا قانون بنا لیجئے۔ نفسِ انسانی کی دسیسہ کاریاں ہر جگہ اپنا راستہ خود بنا لیتی ہیں، اور ان کی موجودگی میں کوئی بہتر سے بہتر نظامِ قانون بھی حق و انصاف قائم نہیں کر سکتا۔ دنیا کی تاریخ اور موجودہ زمانے کے حالات اس پر گواہ ہیں۔

ذمہ داری کے عہدوں میں سب سے پہلے دیکھنے کی چیز انسان کا کردار ہے

یہیں سے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ کسی شخص کو حاکم، قاضی یا کسی محکمے کا افسر بنانے کے لئے سب سے پہلے دیکھنے کی بات یہ ہے کہ اسمیں خدا کا خوف اور آخرت کی فکر ہے یا نہیں اور اس کے اخلاق و کردار کی کیا حالت ہے؟ اگر یہ محسوس ہو کہ اس کے دل پر خوفِ خدا کے بجائے خواہشات نفسانی کی حکمرانی ہے تو خواہ وہ کیسی اعلیٰ ڈگریاں رکھتا ہو اور اپنے فن میں کتنا ہی ماہر اور پختہ کار ہو، اسلام کی نظر میں وہ کسی اونچے منصب کا مستحق نہیں ہے۔

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ۭ ذٰلِكَ ظَنُّ

اور ہم نے نہیں بنایا آسمان اور زمین کو اور جو ان کے بیچ میں ہے نکمّا یہ خیال ہے ان کا

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنَ النَّارِ ۝۲۷ اَمْ نَجْعَلُ

جو منکر ہیں سو خرابی ہے منکروں کے لئے آگ سے کیا ہم

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَالْمُفْسِدِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۣ

کر دیں گے ایمان والوں کو جو کرتے ہیں نیکیاں برابر ان کے جو خرابی ڈالیں ملک میں،

اَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِيْنَ كَالْفُجَّارِ ۝۲۸ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ

کیا ہم کر دیں گے ڈرنے والوں کو برابر ڈھیٹ لوگوں کے؟ ایک کتاب ہے جو اتاری ہم نے

مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝۲۹

تیری طرف برکت کی تا دھیان کریں لوگ اس کی باتیں اور تا سمجھیں عقل والے۔

خُلاصۂ تفسیر

اور ہم نے آسمان اور زمین کو اور جو چیزیں ان کے درمیان موجود ہیں ان کو خالی از حکمت پیدا نہیں کیا۔ (بلکہ بہت سی حکمتیں ہیں، جن میں سب سے بڑی حکمت یہ ہے کہ ان سے توحید اور آخرت ثابت ہوتی

ہے) یہ (یعنی ان کا خالی از حکمت ہونا) ان لوگوں کا خیال ہے جو کافر ہیں (کیونکہ جب توحید اور آخرت کی جزا و سزا کا انکار کیا تو کائنات کی تخلیق کی سب سے بڑی حکمت کا انکار کر دیا) سو کافروں کے لئے (آخرت میں) بڑی خرابی ہے یعنی دوزخ (کیونکہ وہ توحید کا انکار کرتے تھے) ہاں (ایک غلطی ان کی یہ ہے کہ قیامت کے منکر ہیں، حالانکہ قیامت میں یہ حکمت ہے کہ نیکوں کو جزا اور مفسدوں کو سزا ملے، اب ان کے انکار قیامت سے لازم آتا ہے کہ اس حکمت کا تحقق نہ ہو بلکہ سب برابر ہیں۔) تو کیا ہم ان لوگوں کو جو کہ ایمان لائے اور انھوں نے اچھے کام کئے ان کی برابر کر دیں گے جو (کفر وغیرہ کر کے) دنیا میں فساد کرتے پھرتے ہیں یا (بالفاظ دیگر کیا) ہم پرہیزگاروں کو بدکاروں کی برابر کر دیں گے۔ (یعنی ایسا نہیں ہو سکتا، لہٰذا قیامت ضرور آئے گی تاکہ نیکوں کو جزا اور بدکاروں کو سزا ملے، اسی طرح توحید اور آخرت کے ساتھ رسالت پر ایمان رکھنا بھی ضروری ہے، کیونکہ) یہ (قرآن) ایک بابرکت کتاب ہے جس کو ہم نے آپ پر اس واسطے نازل کیا ہے تاکہ لوگ اس کی آیتوں میں غور کریں (یعنی ان کے اعجاز میں بھی اور کثیر النفع مضامین میں بھی) اور تاکہ (غور سے اس کی حقیقت معلوم کر کے اس سے) اہلِ فہم نصیحت حاصل کریں (یعنی اس پر عمل کریں)۔

مَعارِف ومَسائِل

آیات کی لطیف ترتیب

یہ آیتیں جن میں اسلام کے بنیادی عقائد، خاص طور سے آخرت کا اثبات کیا گیا ہے، حضرت داؤد و سلیمان علیہما السلام کے واقعات کے درمیان انتہائی لطیف ترتیب کے ساتھ آئی ہیں۔ امام رازی رح فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص ہٹ دھرمی کی وجہ سے نہ سمجھ رہا ہو تو اس سے حکیمانہ طریقہ یہ ہے کہ زیر بحث موضوع چھوڑ کر کوئی غیر متعلق بات شروع کر دی جائے۔ اور جب اس کا ذہن پہلی بات سے ہٹ جائے تو باتوں ہی باتوں میں اسے پہلی بات ماننے پر مجبور کر دیا جائے۔ یہاں آخرت کے اثبات کے لئے یہی طریقہ اختیار کیا گیا ہے۔ حضرت داؤد علیہ السلام کے واقعہ سے پہلے کفار کی ہٹ دھرمیوں کا ذکر چل رہا تھا، جو اس آیت پر ختم ہوا کہ وَقَالُوْا رَبَّنَا عَجِّلْ لَّنَا قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ۔ جس کا یہ حاصل تھا کہ وہ لوگ آخرت کا انکار کرتے اور اس کا مذاق اڑاتے ہیں۔ اس کے فوراً بعد یہ ارشاد ہوا کہ اِصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوٗدَ (ان کی باتوں پر صبر کیجئے اور ہمارے بندے داؤد کو، یاد کیجئے) اس طرح ایک نئی بات شروع کر دی گئی، لیکن حضرت داؤد علیہ السلام کے واقعہ کو اس بات پر ختم کیا گیا کہ

"اے داؤد! ہم نے تم کو زمین میں خلیفہ بنایا ہے، لہٰذا تم لوگوں میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کرتے رہنا"

اب یہاں سے ایک غیر محسوس طریقہ پر آخرت کا اثبات کر دیا گیا کہ جو ذات زمین میں اپنے خلیفہ کو عدل و انصاف قائم کرنے کا حکم دے رہی ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ بدکاروں کو سزا ملے اور نیکوں کو راحت، کیا وہ

خود اس کائنات میں عدل و انصاف قائم نہیں کرے گی؟ یقیناً اُس کی حکمت کا تقاضا یہ ہے کہ وہ اچھے اور بُرے تمام لوگوں کو ایک لاٹھی سے ہانکنے کے بجائے بدکاروں کو سزا دے، اور نیکوکاروں کو انعام عطا فرمائے، یہی اس کائنات کی تخلیق کا مقصد ہے اور اس کے روبکار آنے کے لئے قیامت و آخرت کا وجود اس کی حکمت کے عین مطابق ہے۔ جو لوگ آخرت کا انکار کرتے ہیں وہ گویا زبان حال سے یہ کہتے ہیں کہ یہ کائنات بے مقصد اور خالی از حکمت پیدا کر دی گئی ہے۔ اور اس میں اچھے بُرے تمام لوگ زندگی گزار کر مر جائینگے اور پھر ان سے کوئی پوچھنے والا نہ ہوگا۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ کی حکمت پر ایمان رکھنے والا اس بات کو کبھی تسلیم نہیں کر سکتا۔

اَمْ نَجْعَلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا (الیٰ قولہ تعالیٰ) كَالْفُجَّارِ (تو کیا ہم ایمان لانے والوں اور نیکو کاروں کو زمین میں فساد پھیلانے والوں کے برابر کر دیں گے یا پرہیزگاروں کو بدکاروں کے برابر کر دینگے؟) یعنی ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا، بلکہ دونوں کا انجام بالکل مختلف ہوگا۔ اسی سے یہ بات معلوم ہو گئی کہ مؤمن اور کافر کا یہ فرق آخرت کے احکام کے اعتبار سے ہے۔ دنیا میں یہ بھی ہو سکتا ہے کہ کافر کو مؤمن سے بڑھ کر مادی راحتیں مل جائیں۔ نیز اس سے یہ نتیجہ بھی نہیں نکالا جا سکتا کہ کافر کے دنیوی حقوق مؤمن کی برابر نہیں ہو سکتے۔ بلکہ کافر کو مسلمان کے برابر انسانی حقوق دیئے جا سکتے ہیں۔ چنانچہ اسلامی مملکت میں جو غیر مسلم اقلیتیں عہد و پیمان کے ساتھ بستی ہوں، انھیں تمام انسانی حقوق مسلمانوں کے برابر ہی دیئے جائیں گے۔

وَوَهَبْنَا لِدَاوٗدَ سُلَيْمٰنَ ؕ نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ ﴿۳۰﴾ اِذْ

اور دیا ہم نے داؤد کو سلیمان بہت خوب بندہ وہ ہے رجوع ہونے والا جب

عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصّٰفِنٰتُ الْجِيَادُ ۙ﴿۳۱﴾ فَقَالَ اِنِّيْۤ

دکھانے کو لائے اس کے سامنے شام کو گھوڑے بہت خاصے تو بولا میں نے

اَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ ۚ حَتّٰى تَوَارَتْ

دوست رکھا مال کی محبت کو اپنے رب کی یاد سے یہاں تک کہ سورج چھپ گیا

بِالْحِجَابِ ﴿۳۲﴾ رُدُّوْهَا عَلَيَّ ؕ فَطَفِقَ مَسْحًۢا بِالسُّوْقِ

اوٹ میں پھیر لاؤ ان کو میرے پاس پھر لگا جھاڑنے ان کی پنڈلیاں

وَالْاَعْنَاقِ ﴿۳۳﴾

اور گردنیں۔

خلاصۂ تفسیر

اور ہم نے داؤد (علیہ السلام) کو سلیمان (علیہ السلام فرزند) عطا کیا بہت اچھے بندے تھے کہ (خدا کی طرف) بہت رجوع ہونے والے تھے (چنانچہ ان کا وہ قصہ یاد رکھنے کے لائق ہے) جبکہ شام کے وقت اُن کے روبرو اصیل (اور) عمدہ گھوڑے (جو بغرض جہاد وغیرہ رکھے جاتے تھے) پیش کئے گئے (اور ان کے ملاحظہ کرنے میں اس قدر دیر ہوگئی کہ دن چھپ گیا اور کوئی معمول از قسم نماز فوت ہوگیا اور بوجہ ہیبت و جلالت کے کسی خادم کی جرأت نہ ہوئی کہ مطلع و متنبہ کرے، پھر جب خود ہی تنبہ ہوا) تو کہنے لگے کہ (افسوس) میں اس مال کی محبت کی خاطر (لگ کر) اپنے رب کی یاد سے (یعنی نماز سے) غافل ہوگیا، یہاں تک کہ آفتاب پردہ (مغرب) میں چھپ گیا (پھر خادموں کو حکم دیا کہ) ان گھوڑوں کو ذرا پھر تو میرے سامنے لاؤ (چنانچہ لائے گئے) سو انھوں نے ان (گھوڑوں) کی پنڈلیوں اور گردنوں پر (تلوار سے) ہاتھ صاف کرنا شروع کیا (یعنی ان کو ذبح کر ڈالا)۔

مَعارِف و مَسائِل

اِن آیتوں میں حضرت سلیمان علیہ السلام کا ایک واقعہ ذکر کیا گیا ہے۔ اس واقعہ کی مشہور تفسیر وہی ہے جو اوپر خلاصۂ تفسیر میں ذکر کی گئی ہے، جس کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام گھوڑوں کے معائنہ میں ایسے مشغول ہوئے کہ عصر کا وقت جو نماز پڑھنے کا معمول تھا وہ چھوٹ گیا، بعد میں متنبہ ہو کر آپ نے ان تمام گھوڑوں کو ذبح کر ڈالا کہ ان کی وجہ سے یادِ الٰہی میں خلل واقع ہوا تھا۔

یہ نماز نفلی بھی ہو سکتی ہے۔ اور اس صورت میں کوئی اشکال نہیں، کیونکہ انبیاء علیہم السلام اتنی غفلت کی بھی تلافی کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ فرض نماز ہو، اور معائنہ میں لگ کر بھول طاری ہوگئی ہو، بھول جانے کی صورت میں فرض نماز کے قضا ہونے سے گناہ تو نہیں ہوتا۔ لیکن حضرت سلیمان علیہ السلام نے اپنے بلند منصب کے پیشِ نظر اس کا بھی تدارک فرمایا۔

ان آیات کی یہ تفسیر متعدد ائمۂ تفسیر سے منقول ہے، اور حافظ ابنِ کثیر رح جیسے محقق عالم نے بھی اسی کو ترجیح دی ہے، اور اس کی تائید ایک مرفوع حدیث سے بھی ہوتی ہے جو علامہ سیوطی رح نے معجم طبرانی رح اسماعیلی رح اور ابن مردویہ رح کے حوالے سے نقل کی ہے:۔

(عن ابی بن کعب رض عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی قولہ فطفق مسحا بالسوق والاعناق قال قطع سوقھا واعناقھا بالسیف)۔

علامہ سیوطی رح نے اس کی سند کو حسن قرار دیا ہے۔ (در منثور ص ۳۰۹ ج ۵) اور علامہ ہیثمی رح مجمع الزوائد

میں یہ حدیث نقل کر کے لکھتے ہیں :۔

"اسے طبرانی رح نے اوسط میں روایت کیا ہے، اس میں ایک راوی سعید بن بشیر ہیں۔ جنھیں شعبہ وغیرہ نے ثقہ کہا ہے، اور ابن معین رح وغیرہ نے ضعیف قرار دیا ہے، اور اس کے باقی رجال ثقہ ہیں۔"

(مجمع الزوائد ص ۹۹ ج ۷۔ کتاب التفسیر)

اس حدیثِ مرفوع کی وجہ سے یہ تفسیر کافی مضبوط ہو جاتی ہے لیکن اس پر عموماً یہ شبہ ہوتا ہے کہ گھوڑے اللہ کا عطا کیا ہوا ایک انعام تھا، اور اپنے مال کو اس طرح ضائع کر دینا ایک نبی کے شایانِ شان معلوم نہیں ہوتا۔ لیکن مفسرین نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ یہ گھوڑے حضرت سلیمان علیہ السلام کی ذاتی ملکیت میں تھے۔ اور ان کی شریعت میں گائے، بکری، اونٹ کی طرح گھوڑوں کی قربانی بھی جائز تھی، لہٰذا انھوں نے گھوڑوں کو ضائع نہیں کیا، بلکہ انھیں اللہ تعالیٰ کے نام پر قربان کر دیا۔ جس طرح گائے، بکری کی قربانی سے ان کو ضائع کرنا لازم نہیں آتا، بلکہ یہ عبادت ہی کا ایک شعبہ ہے، اسی طرح یہاں بھی عبادت ہی کے طور پر ان کی قربانی پیش کی گئی۔ (روح المعانی)

اکثر حضرات مفسرین نے آیت کی یہی تفسیر کی ہے، لیکن ان آیات کی ایک اور تفسیر حضرت عبداللہ بن عباس رضؓ سے منقول ہے جس میں واقعہ بالکل مختلف طریقے سے بیان کیا گیا ہے۔ اس تفسیر کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے سامنے وہ گھوڑے معائنہ کے لئے پیش کئے گئے جو جہاد کے لئے تیار کئے گئے تھے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام انھیں دیکھ کر مسرور ہوئے۔ اور ساتھ ہی یہ ارشاد فرمایا کہ مجھے ان گھوڑوں سے جو محبت اور تعلق خاطر ہے وہ دنیا کی محبت کی وجہ سے نہیں، بلکہ اپنے پروردگار ہی کی یاد کی وجہ سے ہے، کیونکہ یہ جہاد کے لئے تیار کئے گئے ہیں۔ اور جہاد ایک اعلیٰ درجہ کی عبادت ہے۔ اتنے میں گھوڑوں کی وہ جماعت آپ کی نگاہوں سے روپوش ہو گئی۔ آپ نے حکم دیا کہ انھیں دوبارہ سامنے لایا جائے۔ چنانچہ جب وہ دوبارہ سامنے آئے تو آپ ان کی گردنوں اور پنڈلیوں پر پیار سے ہاتھ پھیرنے لگے۔

اس تفسیر کے مطابق عَن ذِكرِ رَبِّي میں عَن سببیہ ہے۔ اور تَوَارَت کی ضمیر گھوڑوں ہی کی طرف راجع ہے، اور مَسحٌ سے مراد کاٹنا نہیں، بلکہ محبت سے ہاتھ پھیرنا ہے۔

قدیم مفسرین میں سے حافظ ابن جریر طبری رح اور امام رازی رح وغیرہ نے اسی تفسیر کو ترجیح دی ہے، کیوں کہ اس پر مال ضائع کرنے کا شبہ نہیں ہوتا۔

قرآنِ کریم کے الفاظ کے لحاظ سے دونوں تفسیروں کی گنجائش ہے، لیکن پہلی تفسیر کے حق میں چونکہ ایک مرفوع حدیث آگئی ہے جو سند کے اعتبار سے حسن ہے، اس لئے اس کی قوت بڑھ جاتی ہے۔

سورج کی واپسی کا قصہ

بعض حضرات نے پہلی تفسیر کو اختیار کرتے ہوئے یہ بھی کہا ہے کہ نماز عصر کے قضا ہو جانے کے بعد حضرت سلیمان علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے یا فرشتوں سے یہ درخواست کی کہ سورج کو دوبارہ لوٹا دیا جائے، چنانچہ سورج لوٹا دیا گیا، اور آپ نے اپنا معمول پورا کر لیا۔ اس کے بعد دوبارہ سورج غروب ہوا، یہ حضرات رُدُّوْهَا کی ضمیر کو سورج کی طرف راجع مانتے ہیں۔

لیکن محقق مفسرین مثلاً علامہ آلوسی رح وغیرہ نے اس قصے کی تردید کی ہے۔ اور کہا ہے کہ، رُدُّوْهَا کی ضمیر گھوڑوں کی طرف راجع ہے نہ کہ سورج کی طرف۔ اس لئے نہیں کہ معاذ اللہ سورج کو دوبارہ لوٹا دینا اللہ تعالیٰ کی قدرت میں نہیں، بلکہ اس لئے کہ یہ قصہ قرآن وحدیث کی کسی دلیل سے ثابت نہیں ہے۔ (رُوح المعانی)

خدا کی یاد میں غفلت ہو تو اپنے اُوپر سزا مقرر کرنا دینی غیرت کا تقاضا ہے۔

بہرکیف! اس واقعہ سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ اگر کسی وقت اللہ کی یاد سے غفلت ہو جائے تو نفس کو سزا دینے کے لئے اُسے کسی فعلِ مُباح سے محروم کر دینا جائز ہے۔ اور حضرات صوفیائے کرام کی اصطلاح میں اُسے "غیرت" کہا جاتا ہے۔ (بیان القرآن)

کسی نیکی کی عادت ڈالنے کے لئے اپنے نفس پر ایسی سزائیں مقرر کرنا اصلاحِ نفس کا ایک نسخہ ہے اور اس واقعہ سے اس کا جواز بلکہ استحباب معلوم ہوتا ہے۔ سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت ابوجہم رض نے ایک شامی چادر ہدیۃً پیش کی جس پر کچھ نقش ونگار بنے ہوئے تھے آپ ص نے اس چادر میں نماز پڑھی اور واپس آکر حضرت عائشہ رض سے فرمایا کہ یہ چادر ابوجہم رض کو واپس کر دو، کیونکہ نماز میں میری نگاہ اس کے نقش ونگار پر پڑ گئی، تو قریب تھا کہ یہ نقش ونگار مجھے فتنہ میں ڈالدیں۔

(احکام القرآن بحوالہ موطاء مالک رح)

اسی طرح حضرت ابوطلحہ رض ایک مرتبہ اپنے باغ میں نماز پڑھتے ہوئے ایک پرندے کو دیکھنے میں مشغول ہو گئے۔ جس سے نماز کی طرف دھیان نہ رہا، تو بعد میں آپ نے پورا باغ صدقہ کر دیا۔

لیکن یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ اس مقصد کے لئے سزا ایسی ہی ہونی چاہیئے جو بذاتِ خود جائز ہو، کسی مال کو بلاوجہ ضائع کر دینا جائز نہیں۔ لہٰذا ایسا کوئی کام درست نہیں جس سے اضاعتِ مال لازم آتی ہو صوفیاء میں سے حضرت شبلی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک مرتبہ اسی سزا کے طور پر اپنے کپڑے جلا دیئے تھے، لیکن محقق صوفیاء مثلاً شیخ عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ نے اُن کے اس عمل کو صحیح قرار نہیں دیا۔

(رُوح المعانی)

امیر کو بذاتِ خود ریاست کے کاموں کی نگرانی کرنی چاہیئے۔

اس واقعہ سے دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ

مملکت کے ذمہ دار یا اونچے درجہ کے افسر کو چاہیئے کہ وہ اپنے ماتحت شعبوں پر بذاتِ خود نگرانی رکھے، اور انھیں اپنے ماتحتوں پر چھوڑ کر فارغ نہ ہو بیٹھے۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے ماتحتوں کی کثرت کے باوجود بہ نفسِ نفیس گھوڑوں کا معائنہ فرمایا۔ خلفائے راشدین اور خاص طور سے حضرت فاروقِ اعظم رضؓ کے عمل سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے۔

ایک عبادت کے وقت دوسری عبادت میں مشغول ہونا غلطی ہے۔

تیسری بات اس واقعہ سے یہ ثابت ہوتی ہے کہ ایک موقت عبادت کے وقت کسی دوسری عبادت میں بھی صرف نہ کرنا چاہیئے۔ ظاہر ہے کہ جہاد کے گھوڑوں کا معائنہ ایک عظیم عبادت تھی۔ لیکن چونکہ وہ وقت اس عبادت کے بجائے نماز کا تھا، اس لئے حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس کو بھی غلطی میں شمار کر کے اس کا تدارک فرمایا۔ اسی لئے ہمارے فقہاء نے لکھا ہے کہ جمعہ کی اذان کے بعد جس طرح خرید و فروخت میں مشغولیت جائز نہیں، اسی طرح نماز جمعہ کی تیاری کے علاوہ کسی اور کام میں مشغول ہونا بھی درست نہیں، خواہ وہ تلاوتِ قرآن یا نفل پڑھنے کی عبادت ہی کیوں نہ ہو۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ﴿۳۴﴾

اور ہم نے جانچا سلیمان کو اور ڈال دیا اُس کے تخت پر ایک دھڑ پھر وہ رجوع ہوا۔

خُلاصۂ تفسیر

اور ہم نے سلیمان (علیہ السلام) کو (ایک اور طرح سے بھی) امتحان میں ڈالا اور ہم نے اُن کے تخت پر ایک دھڑ لا ڈالا۔ پھر انھوں نے (خدا کی طرف) رجوع کیا۔

مَعارف و مسائل

اس آیت میں باری تعالیٰ نے حضرت سلیمان علیہ السلام کی ایک اور آزمائش کا تذکرہ فرمایا ہے، اور اس سلسلے میں صرف اتنا ذکر کیا گیا ہے کہ اس آزمائش کے دوران کوئی دھڑ حضرت سلیمان علیہ السلام کی کرسی پر ڈال دیا گیا تھا۔ اب وہ دھڑ کیا تھا؟ اس کے کرسی پر ڈالنے کا کیا مطلب ہے؟ اور اس سے آزمائش کیونکر ہوئی؟ یہ تفصیلات نہ قرآن کریم میں موجود ہیں اور نہ کسی صحیح حدیث سے ثابت ہیں۔ اس لئے بعض محقق مفسرین مثلاً حافظ ابن کثیر رح کا رجحان یہاں بھی اس طرف معلوم ہوتا ہے کہ قرآن کریم نے جس بات کو مجمل چھوڑا ہے اُس کی تفصیلات میں پڑنے کی کوئی ضرورت نہیں، بس اتنی بات پر ایمان رکھنا چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت سلیمان علیہ السلام کی کوئی آزمائش کی تھی، جس کے بعد حضرت سلیمان علیہ السلام

نے اللہ کی طرف پہلے سے زیادہ رجوع فرمایا، اور قرآنِ کریم کا اصل مقصد اتنے بیان سے پورا ہو جاتا ہے۔

اور بعض مفسرین نے اس آزمائش کی تفصیلات کا کھوج لگانے کی کوشش کی ہے اور اس سلسلے میں متعدد احتمالات بیان فرمائے ہیں۔ ان میں سے بعض احتمالات تو خالص اسرائیلی روایات سے ماخوذ ہیں، مثلاً یہ کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی حکومت کا راز ان کی انگوٹھی میں تھا، ایک دن ایک شیطان نے اِس انگوٹھی کو قبضہ میں کر لیا، اور اس کی وجہ سے وہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے تخت پر آپ ہی کی شکل میں حکمراں بن بیٹھا۔ چالیس دن کے بعد حضرت سلیمان علیہ السلام کو وہ انگوٹھی ایک مچھلی کے پیٹ میں سے ملی، اس کے بعد آپ نے دوبارہ حکومت پر قبضہ کیا۔ یہ روایت متعدد مزید قصّوں کے ساتھ کئی تفسیر کی کتابوں میں آئی ہے، لیکن حافظ ابن کثیرؒ اس قسم کی تمام روایات کو اسرائیلیات میں شمار کرنے کے بعد لکھتے ہیں کہ

"اہلِ کتاب میں ایک جماعت ایسی ہے جو حضرت سلیمان علیہ السلام کو نبی نہیں مانتی۔ بس ظاہر یہ ہے کہ یہ جھوٹے قصّے انہی لوگوں نے گھڑے ہیں۔" (تفسیر ابن کثیر صـ۳۶ ج ۴)

لہٰذا اس قسم کی روایات کو اس قرآنی آیت کی تفسیر کہنا کسی طرح صحیح نہیں ہے۔

حضرت سلیمان علیہ السلام کا ایک اور واقعہ صحیح بخاری وغیرہ میں مذکور ہے، بعض حضرات مفسرین نے اس واقعہ کے بعض حصّوں کو قرآنِ کریم کی اس آیت سے ملتا جلتا دیکھ کر اُسے اس آیت کی تفسیر قرار دیا ہے اس واقعہ کا خلاصہ یہ ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے یہ خیال ظاہر فرمایا کہ آج رات میں ازواج کے ساتھ وظیفۂ زوجیت ادا کروں گا۔ اور ان میں سے ہر بیوی سے ایک لڑکا پیدا ہوگا جو اللہ کے راستے میں جہاد کرے گا۔ لیکن یہ خیال ظاہر فرماتے وقت آپ "انشاء اللہ" کہنا بھول گئے۔ اللہ تعالیٰ کو اپنے جلیل القدر پیغمبر کی یہ فروگذاشت پسند نہ آئی اور اس نے آپ کے دعوے کو اس طرح غلط ثابت کر دیا کہ تمام ازواجِ مطہرات میں سے صرف ایک بیوی کے یہاں ایک مردہ بچہ پیدا ہوا۔ جس کا ایک پہلو ندارد تھا۔

بعض مفسرین نے اس واقعہ کو آیت پر منطبق کر کے یہ فرمایا کہ تخت پر دھڑ کے لا ڈالنے سے مُراد یہ ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے کسی خادم نے یہ بچہ آپ کے تخت پر لا کر رکھ دیا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کو اس پر تنبّہ ہوا کہ یہ انجام میرے "اِنشاء اللہ" نہ کہنے کا ہے۔ چنانچہ آپ نے اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع فرمایا اور اپنی اس فروگذاشت پر استغفار کیا۔

اس تفسیر کو متعدد محقّق مفسّرین مثلاً قاضی ابو السعودؒ اور علامہ آلوسیؒ وغیرہ نے اختیار کیا ہے حکیم الامت حضرت تھانویؒ نے بیان القرآن میں بھی اسی کے مطابق تفسیر کی ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس واقعہ کو بھی آیت کی قطعی تفسیر نہیں کہا جا سکتا۔ اس لئے کہ یہ واقعہ جتنی روایتوں میں آیا ہے اُن میں

کہیں اس بات کی کوئی علامت نہیں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو زیر بحث آیت کی تفسیر میں ذکر فرمایا ہو۔ امام بخاری رح نے بھی یہ حدیث کتاب الجہاد، کتاب الانبیاء اور کتاب الایمان والنذور وغیرہ میں تو متعدد طریقوں سے نقل کی ہے۔ لیکن کتاب التفسیر میں سورۂ صٓ کی تفسیر کے تحت اسے کہیں ذکر نہیں کیا، بلکہ آیت وَهَبْ لِيْ مُلْكًا الخ کے تحت ایک دوسری روایت نقل کی ہے اور اس حدیث کا کوئی حوالہ تک نہیں دیا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ امام بخاری رح کے نزدیک بھی یہ واقعہ آیت زیر بحث کی تفسیر نہیں، بلکہ جس طرح انبیاء علیہم السلام کے دوسرے متعدد واقعات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمائے ہیں اسی طرح یہ بھی ایک جداگانہ واقعہ ہے۔ جس کا کسی آیت کی تفسیر ہونا کوئی ضروری نہیں۔

ایک تیسری تفسیر امام رازی رح وغیرہ نے بیان کی ہے، اور وہ یہ کہ حضرت سلیمان علیہ السلام ایک مرتبہ سخت بیمار ہو گئے، اور اس کی وجہ سے نقاہت اس درجہ بڑھ گئی کہ جب تخت پر لا کر بٹھائے گئے تو ایک بے روح جسم معلوم ہوتا تھا، اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے ان کو صحت عطا فرمائی۔ اس وقت انھوں نے اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کر کے شکر بھی ادا کیا اور مغفرت بھی طلب فرمائی، اور آئندہ کے لئے بے نظیر حکومت کی دعا بھی کی۔

لیکن یہ تفسیر بھی محض قیاسی ہے، قرآن کریم کے الفاظ سے بھی زیادہ مناسبت نہیں رکھتی اور کسی روایت سے بھی اس کا ثبوت نہیں ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ زیر بحث آیت میں جس واقعہ کی طرف اشارہ کیا گیا ہے اس کی یقینی تفصیلات معلوم کرنے کا ہمارے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے، اور نہ ہم اس کے مکلف ہیں۔ لہٰذا اتنی بات پر ایمان رکھنا کافی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت سلیمان علیہ السلام کی کوئی آزمائش کی تھی جس کے بعد ان میں انابت الی اللہ کا جذبہ پہلے سے زیادہ پیدا ہوا اور اس واقعہ کو ذکر کرنے سے قرآن کریم کا اصل مقصد تمام انسانوں کو اس بات کی دعوت دینا ہے کہ وہ کسی مصیبت یا آزمائش میں مبتلا ہوں تو انھیں حضرت سلیمان علیہ السلام کی طرح پہلے سے زیادہ رجوع الی اللہ کا مظاہرہ کرنا چاہیئے۔ رہیں حضرت سلیمان علیہ السلام کی آزمائش کی تفصیلات سو ان کو اللہ کے حوالے کرنا چاہیئے۔ واللہ اعلم۔

قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَهَبْ لِيْ مُلْكًا لَّا يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْ

بولا اے رب میرے معاف کر مجھ کو اور بخش مجھ کو وہ بادشاہی کہ مناسب نہ ہو کسی کو میرے

بَعْدِيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿۳۵﴾ فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيْحَ

پیچھے بے شک تو ہے سب کچھ بخشنے والا پھر ہم نے تابع کر دیا اس کے ہوا کو

تَجْرِیْ بِاَمْرِهٖ رُخَآءً حَیْثُ اَصَابَ ﴿۳۶﴾ وَالشَّیٰطِیْنَ كُلَّ بَنَّآءٍ

چلتی تھی اس کے حکم سے نرم نرم جہاں پہنچنا چاہتا اور تابع کئے شیطان سارے عمارت کرنے والے

وَّغَوَّاصٍ ﴿۳۷﴾ وَّاٰخَرِیْنَ مُقَرَّنِیْنَ فِی الْاَصْفَادِ ﴿۳۸﴾ هٰذَا

اور غوطے لگانے والے اور بہت سے اور جو باہم جکڑے ہوئے ہیں بیڑیوں میں ۔ یہ ہے

عَطَآؤُنَا فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِكْ بِغَیْرِ حِسَابٍ ﴿۳۹﴾ وَاِنَّ لَهٗ

بخشش ہماری اب تو احسان کر یا رکھ چھوڑ کچھ حساب نہ ہوگا ۔ اور اس کو

عِنْدَنَا لَزُلْفٰی وَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۴۰﴾ ع ۳ ۱۴ ۱۲

ہمارے یہاں مرتبہ ہے اور اچھا ٹھکانا

خلاصۂ تفسیر

(حضرت سلیمانؑ نے اللہ سے دعا مانگی کہ اے میرے رب میرا (پچھلا) قصور معاف کر اور (آئندہ کے لئے) مجھ کو ایسی سلطنت دے کہ میرے سوا (میرے زمانہ میں) کسی کو میسر نہ ہو (خواہ کوئی غیبی وہبی سامان عطا کر دیجئے خواہ سلاطین زمانہ کو ویسے ہی دبا دیجئے تاکہ مقابلہ ہی نہ کر سکیں اور) آپ بڑے دینے والے ہیں (آپ کو اس دعا کا قبول کر لینا کچھ دشوار نہیں) سو (ہم نے ان کی دعا قبول کی اور ان کی خطا بھی معاف کر دی اور نیز) ہم نے ہوا کو ان کے تابع کر دیا کہ وہ ان کے حکم سے جہاں وہ (جانا) چاہتے نرمی سے چلتی (کہ اس سے گھوڑوں کی ضرورت نہ رہی) اور جنات کو بھی ان کے تابع کر دیا یعنی تعمیر بنانے والوں کو بھی اور (غوطی وغیرہ کے لئے) غوطہ خوروں کو بھی اور دوسرے جنات کو بھی جو زنجیروں میں جکڑے رہتے تھے (غالباً جو مفوضہ خدمات سے گریز یا اس میں کوتاہی کرتا ہو اس کو قید کی سزا ہوتی ہوگی، اور ہم نے یہ سامان دیکر ارشاد فرمایا کہ) یہ ہمارا عطیہ ہے، سو خواہ (کسی کو) دو یا نہ دو تم سے کچھ دار و گیر نہیں (یعنی جتنا سامان ہم نے تم کو دیا ہے، اس میں تم کو دوسرے بادشاہوں کی طرح محض خازن اور منتظم ہی نہیں بنایا، بلکہ تم کو مالک بھی بنا دیا ہے) اور علاوہ اس سامان کے جو دنیا میں ان کو عطا ہوا تھا) ان کے لئے ہمارے یہاں (خاص) قرب اور (اعلیٰ درجہ کی) نیک انجامی ہے (جس کا ثمرہ پورے طور پر آخرت میں ظاہر ہوگا)۔

معارف و مسائل

هَبْ لِیْ مُلْكًا لَّا یَنْۢبَغِیْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِیْ ۔ (مجھ کو ایسی سلطنت دے کہ میرے بعد کسی کو

مُیسّر نہ ہو) اس دُعا کا مطلب بعض مفسرین نے تو یہ بتایا ہے کہ میرے زمانے میں میری جیسی عظیم الشان سلطنت کسی اور کو میسر نہ ہو۔ گویا ان کے نزدیک "میرے بعد" کا مطلب "میرے سوا" ہے۔ حضرت تھانوی رح نے بھی اسی کے مطابق ترجمہ کیا ہے۔ لیکن بیشتر مفسرین کے نزدیک دعا کا مفہوم یہ ہے کہ میرے بعد بھی کسی کو ایسی عظیم الشان حکومت حاصل نہ ہو، چنانچہ واقعہ بھی یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت سلیمان علیہ السلام کو جیسی حکومت عطا فرمائی، ویسی بعد میں بھی کسی کو نصیب نہ ہو سکی۔ کیونکہ ہواؤں کا مسخّر ہونا اور جنّات کا ایسا تابع ہونا بعد میں کسی کو میسّر نہ آسکا۔ بعض لوگ عملیات وغیرہ کے ذریعہ بعض جنّات کو جو مسخّر کر لیتے ہیں وہ اس کے منافی نہیں۔ کیونکہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی تسخیرِ جنّات سے اس کو کوئی نسبت نہیں، عملیات کے ماہرین دو ایک یا چند جنّات کو تابع بنا لیتے ہیں۔ لیکن جس طرح کی ہمہ گیر حکومت حضرت سلیمان علیہ السلام کو حاصل تھی ویسی کسی کو حاصل نہیں ہوئی۔

حکومت اور اقتدار کی دُعا

یہاں یہ بات بھی یاد رکھنی چاہیئے کہ انبیاء علیہم السلام کی کوئی دُعا اللہ تعالیٰ کی اجازت کے بغیر نہیں ہوتی۔ حضرت سُلیمان علیہ السلام نے یہ دعا بھی باری تعالیٰ کی اجازت ہی سے مانگی تھی۔ اور چونکہ اس کا منشاء محض طلبِ اقتدار نہیں تھا بلکہ اس کے پیچھے اللہ تعالیٰ کے احکام کو نافذ کرنے اور کلمۂ حق کو سربلند کرنے کا جذبہ کارفرما تھا، اور باری تعالیٰ کو معلوم تھا کہ حکومت ملنے کے بعد حضرت سلیمان علیہ السلام انہی مقاصدِ عالیہ کے لئے کام کریں گے۔ اور حُبِّ جاہ کے جذبات ان کے دل میں جگہ نہیں پائیں گے۔ اس لئے انھیں اس دُعا کی اجازت بھی دیدی گئی اور اسے قبول بھی کر لیا گیا۔ لیکن عام لوگوں کے لئے از خود اقتدار کے طلب کرنے کو حدیث میں اس لئے منع کیا گیا ہے کہ اس میں حُبِّ جاہ و مال کے جذبات شامل ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ جہاں انسان کو اس قسم کے جذباتِ نفسانی سے خالی ہونے کا یقین ہو اور وہ واقعۃً اعلاءِ کلمۃ الحق کے سوا کسی اور مقصد سے اقتدار حاصل نہ کرنا چاہتا ہو، تو اس کے لئے حکومت کی دُعا مانگنا جائز ہے۔ (روح المعانی وغیرہ)

مُقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ۔ (زنجیروں میں جکڑے ہوئے) جنّات کی تسخیر اور جو خدمات وہ انجام دیتے تھے، ان کی تفصیل سورۂ سبا میں گزر چکی ہے، یہاں یہ بتایا گیا ہے کہ سرکش جنّات کو حضرت سلیمانؑ نے زنجیروں میں جکڑا ہوا تھا، اب اِن زنجیروں کے لئے یہ ضروری نہیں کہ وہ یہی نظر آنے والی لوہے کی زنجیریں ہوں، ہو سکتا ہے کہ جنّات کو جکڑنے کے لئے کوئی اور طریقہ اختیار کیا گیا ہو۔ جسے آسانی سے سمجھانے کے لئے یہاں زنجیروں سے تعبیر کر دیا گیا ہے۔

وَاذْكُرْ عَبْدَنَآ اَيُّوْبَ ۘ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ

اور یاد کر ہمارے بندے ایوب کو جب اُس نے پکارا اپنے رب کو کہ مجھ کو لگادی

الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ ﴿۴۱﴾ اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ ۚ هٰذَا مُغْتَسَلٌۢ	
شیطان نے ایذا اور تکلیف - لات ماراپنے پاؤں سے یہ چشمہ نکلا نہانے کو	
بَارِدٌ وَّشَرَابٌ ﴿۴۲﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ	
ٹھنڈا اور پینے کو اور بخشے ہم نے اس کو اس کے گھر والے اور اُنکے برابر ان کے ساتھ	
رَحْمَةً مِّنَّا وَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۴۳﴾ وَخُذْ بِيَدِكَ	
اپنی طرف کی مہربانی سے اور یاد رکھنے کو عقل والوں کے اور پکڑ اپنے ہاتھ میں	
ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِّهٖ وَلَا تَحْنَثْ ۭ اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا ۭ	
سینکوں کا مٹھا پھر اس سے مارے اور اپنی قسم میں جھوٹا نہ ہو ہم نے اس کو پایا جھیلنے والا	
نِعْمَ الْعَبْدُ ۭ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿۴۴﴾	
بہت خوب بندہ تحقیق وہ ہے رجوع ہونے والا -	

خُلاصۂ تفسیر

اور آپ ہمارے بندہ ایوب (علیہ السلام) کو یاد کیجئے جبکہ انھوں نے اپنے رب کو پکارا کہ شیطان نے مجھ کو رنج اور آزار پہنچایا ہے - اور یہ رنج و آزار بعض مفسرین کے قول کے مطابق وہ ہے جو امام احمد رح نے کتاب الزہد میں ابن عباس رض سے روایت کیا ہے کہ حضرت ایوب ع کی بیماری کے زمانے میں ایک بار شیطان ایک طبیب کی شکل میں حضرت ایوب ع کی بیوی کو ملا تھا - اسے انھوں نے طبیب سمجھ کر علاج کی درخواست کی، اس نے کہا اس شرط سے کہ اگر ان کو شفا ہو جاوے تو یوں کہدینا کہ تو نے ان کو شفا دی، میں اور کچھ نذر نہیں چاہتا - انھوں نے ایوب علیہ السلام سے ذکر کیا، انھوں نے فرمایا کہ بھلی مانس وہ تو شیطان تھا - میں عہد کرتا ہوں کہ اگر اللہ تعالیٰ مجھ کو شفا دیدے تو میں تجھ کو سو قمچیاں ماروں گا - پس آپ کو سخت رنج پہنچا اس سے کہ میری بیماری کی بدولت شیطان کا یہاں تک حوصلہ بڑھا کہ خاص میری بیوی سے ایسے کلمات کہلوانا چاہتا ہے جو ظاہراً موجب شرک ہیں - گو تاویل سے شرک نہ ہوں اگرچہ حضرت ایوب ع ازالۂ مرض کے لئے پہلے بھی دعا کر چکے تھے - مگر اس واقعہ سے اور زیادہ ابتہال اور تضرع سے دعا کی، پس ہم نے ان کی دعا قبول کر لی اور (حکم دیا کہ) اپنا پاؤں (زمین پر) مارو - (چنانچہ انھوں نے زمین پر پاؤں مارا تو وہاں سے ایک چشمہ پیدا ہو گیا - (رواہ احمد رح)

پس ہم نے ان سے کہا کہ - یہ (تمھارے لئے) نہانے کا ٹھنڈا پانی ہے اور پینے کا - (یعنی اس میں غسل کرو اور پیو بھی - چنانچہ نہائے اور پیا بھی، اور بالکل اچھے ہو گئے) اور ہم نے ان کو ان کا کنبہ عطا فرمایا

اور ان کے ساتھ (گنتی میں) ان کے برابر اور بھی (دیئے) اپنی رحمتِ خاصہ کے سبب سے اور اہلِ عقل کے لئے یادگار رہنے کے سبب سے (یعنی اہلِ عقل یاد رکھیں کہ اللہ تعالیٰ صابروں کو کیسی جزا دیتے ہیں اور اب ایوب علیہ السلام نے اپنی قسم پوری کرنے کا ارادہ کیا۔ مگر چونکہ ان کی بیوی نے ایوب علیہ السلام کی خدمت بہت کی تھی۔ اور ان سے کوئی گناہ بھی صادر نہ ہوا تھا۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت سے ان کے لئے ایک تخفیف فرمائی) اور (ارشاد فرمایا کہ اے ایوبؑ) تم اپنے ہاتھ میں ایک مٹھا سینکوں کا لو (جس میں سو سینکیں ہوں) اور (اپنی بیوی کو) اس سے مار لو اور (اپنی) قسم نہ توڑو (چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ آگے ایوب علیہ السلام کی تعریف کی ہے کہ) بے شک ہم نے ان کو (بڑا) صابر پایا، اچھے بندے تھے کہ (خدا کی طرف) بہت رجوع ہوتے تھے۔

مَعارف ومَسائل

حضرت ایوب علیہ السلام کا واقعہ یہاں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو صبر کی تلقین کرنے کے لئے لایا گیا ہے یہ واقعہ تفصیل کے ساتھ سورۂ انبیاء میں گزر چکا ہے، یہاں چند باتیں قابلِ ذکر ہیں۔

مَسَّنِيَ الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ۔ (شیطان نے مجھ کو رنج اور آزار پہنچایا ہے) بعض حضرات نے شیطان کے رنج و آزار پہنچانے کی تفصیل یہ بیان کی ہے کہ حضرت ایوب علیہ السلام جس بیماری میں مبتلا ہوئے وہ شیطان کے تسلط کی وجہ سے آئی تھی۔ اور ہوا یہ تھا کہ ایک مرتبہ فرشتوں نے حضرت ایوب علیہ السلام کی بہت تعریف کی جس پر شیطان کو سخت حسد ہوا اور اس نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ مجھے ان کے جسم اور مال و اولاد پر ایسا تسلط عطا کر دیا جائے جس سے میں ان کے ساتھ جو چاہوں سو کروں، اللہ تعالیٰ کو بھی حضرت ایوب علیہ السلام کی آزمائش مقصود تھی، اس لئے شیطان کو یہ حق دیدیا گیا اور اس نے آپؑ کو اس بیماری میں مبتلا کر دیا۔

لیکن محقق مفسرین نے اس قصے کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ قرآنِ کریم کی تصریح کے مطابق انبیاء علیہ السلام پر شیطان کو تسلط حاصل نہیں ہو سکتا۔ اس لئے یہ ممکن نہیں ہے کہ اس نے آپ کو بیمار ڈال دیا ہو۔

بعض حضرات نے شیطان کے رنج و آزار پہنچانے کی یہ تشریح کی ہے کہ بیماری کی حالت میں شیطان حضرت ایوب علیہ السلام کے دل میں طرح طرح کے وسوسے ڈالا کرتا تھا، اس سے آپ کو اور زیادہ تکلیف ہوتی تھی، یہاں آپ نے اسی کا ذکر فرمایا ہے۔ لیکن اس آیت کی سب سے بہتر تشریح وہ ہے جو حضرت تھانوی رحؒ نے بیان القرآن میں اختیار کی ہے اور جو خلاصۂ تفسیر میں اوپر لکھی گئی ہے۔

حضرت ایوبؑ کے مرض کی نوعیت

قرآنِ کریم میں اتنا تو بتایا گیا ہے کہ حضرت ایوب علیہ السلام کو ایک شدید قسم کا مرض لاحق ہو گیا تھا، لیکن اس مرض کی نوعیت نہیں بتائی گئی۔ احادیث میں بھی اس کی کوئی تفصیل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول نہیں ہے۔ البتہ بعض آثار سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے جسم کے ہر حصے پر پھوڑے نکل آئے تھے۔ یہاں تک کہ لوگوں نے گھن کی وجہ سے آپ کو ایک کوڑی پر ڈال دیا تھا۔ لیکن بعض محقق مفسرین رح نے ان آثار کو درست تسلیم کرنے سے انکار کیا ہے، ان کا کہنا ہے کہ انبیاء علیہم السلام پر بیماریاں تو آسکتی ہیں، لیکن انھیں ایسی بیماریوں میں مبتلا نہیں کیا جاتا، جن سے لوگ گھن کرنے لگیں۔ حضرت ایوب علیہ السلام کی بیماری بھی ایسی نہیں ہو سکتی، بلکہ یہ کوئی عام قسم کی بیماری تھی، لہٰذا وہ آثار جن میں حضرت ایوب علیہ السلام کی طرف پھوڑے پھنسیوں کی نسبت کی گئی ہے یا جن میں کہا گیا ہے کہ آپ کو کوڑی پر ڈال دیا گیا تھا، روایۃً و درایۃً قابلِ اعتماد نہیں ہیں۔

(ملخص از روح المعانی و احکام القرآن)

خُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا۔ (تم اپنے ہاتھ میں ایک مٹھا سینکوں کا لو) اس واقعہ کا پس منظر اور پر خلاصۂ تفسیر میں آچکا ہے۔ یہاں اس واقعہ سے متعلق چند مسائل درج کئے جاتے ہیں:۔

پہلا مسئلہ تو ہے کہ اس واقعہ سے یہ معلوم ہوا کہ اگر کوئی شخص کسی کو سو قمچیاں مارنے کی قسم کھالے اور بعد میں سو قمچیاں الگ الگ مارنے کے بجائے تمام قمچیوں کا ایک گٹھا بنا کر ایک ہی مرتبہ مار دے تو اس سے قسم پوری ہو جاتی ہے۔ اسی لئے حضرت ایوب علیہ السلام کو ایسا کرنے کا حکم دیا گیا۔ یہی امام ابو حنیفہ رح کا مسلک ہے۔ لیکن جیسا کہ علامہ ابن ہمام رح نے لکھا ہے کہ اس کے لئے دو شرطیں ضروری ہیں۔ ایک تو یہ کہ اس شخص کے بدن پر ہر قمچی طولاً یا عرضاً ضرور لگ جائے۔ دوسرے یہ کہ اس سے کچھ نہ کچھ تکلیف ضرور ہو۔ اگر اتنے ہلکے سے قمچیاں بدن کو لگائی گئیں کہ بالکل تکلیف نہ ہوئی تو قسم پوری نہیں ہوگی۔ حضرت تھانوی رح نے بیان القرآن میں جو لکھا ہے کہ قسم پوری نہیں ہوگی، تو غالباً اس کی مراد یہی ہے کہ تکلیف بالکل نہ ہو یا کوئی قمچی بدن کو لگ جانے سے رہ جائے، ورنہ فقہائے حنیفہ رح نے تصریح فرمائی ہے کہ اگر مذکورہ دو شرطوں کے ساتھ مارا جائے تو قسم پوری ہو جاتی ہے۔

(ملاحظہ ہو فتح القدیر۔ ص ۱۳۷، ج ۴)

حیلوں کی شرعی حیثیت

اس آیت سے دوسرا مسئلہ یہ معلوم ہوا کہ کسی نامناسب یا مکروہ بات سے بچنے کیلئے کوئی شرعی حیلہ اختیار کیا جائے تو وہ جائز ہے۔ ظاہر ہے کہ حضرت ایوب علیہ السلام کے واقعہ میں قسم کا اصلی تقاضا یہ ہے کہ آپ اپنی زوجہ مطہرہ کو پوری سو قمچیاں ماریں، لیکن چونکہ ان کی زوجہ مطہرہ بیگناہ تھیں اور انھوں نے حضرت ایوب علیہ السلام کی بیمثال خدمت کی تھی، اسلئے

اللہ تعالیٰ نے خود حضرت ایوب علیہ السلام کو ایک حیلہ کی تلقین فرمائی اور یہ تصریح کر دی کہ اس طرح ان کی قسم نہیں ٹوٹے گی۔ اس لئے یہ واقعہ حیلہ کے جواز پر دلالت کرتا ہے۔

لیکن یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ اس قسم کے حیلے اسی وقت جائز ہوتے ہیں جبکہ انھیں شرعی مقاصد کے ابطال کا ذریعہ نہ بنایا جائے۔ اور اگر حیلہ کا مقصد یہ ہو کہ کسی حقدار کا حق باطل کیا جائے، یا کسی صریح فعل حرام کو اس کی روح برقرار رکھتے ہوئے اپنے لئے حلال کر لیا جائے تو ایسا حیلہ بالکل ناجائز ہے۔ مثلاً زکوٰۃ سے بچنے کے لئے بعض لوگ یہ حیلہ کرتے ہیں کہ سال کے ختم ہونے سے ذرا پہلے اپنا مال بیوی کی ملکیت میں دیدیا، پھر کچھ عرصہ کے بعد بیوی نے شوہر کی ملکیت میں دیدیا اور جب اگلا سال ختم ہونے کے قریب ہوا تو پھر شوہر نے بیوی کو ہبہ کر دیا۔ اس طرح کسی پر زکوٰۃ واجب نہیں ہوتی، ایسا کرنا چونکہ مقاصدِ شرعیہ کو باطل کرنے کی ایک کوشش ہے، اس لئے حرام ہے اور شاید اس کا وبال ترکِ زکوٰۃ کے وبال سے زیادہ بڑا ہو۔ (روح المعانی از مبسوط سرخسی)۔

نامناسب کام پر قسم کھانا تیسرا مسئلہ یہ معلوم ہوا کہ اگر کوئی شخص کسی نامناسب، غلط یا ناجائز فعل پر قسم کھالے تو قسم منعقد ہو جاتی ہے، اور اس کے توڑنے پر بھی کفارہ آتا ہے۔ ظاہر ہے کہ اگر اس صورت میں کفارہ نہ آتا تو حضرت ایوب علیہ السلام کو یہ حیلہ تلقین نہ فرمایا جاتا، لیکن ساتھ ہی یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ کسی نامناسب کام پر قسم کھالی جائے تو شرعی حکم یہ ہے کہ اُسے توڑ کر کفارہ ادا کر دیا جائے۔ ایک حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ:-

"جو شخص ایک قسم کھالے، پھر بعد میں اس کی رائے یہ ہو کہ اس قسم کے خلاف عمل کرنا زیادہ بہتر ہے تو اُسے چاہیئے کہ وہ وہی کام کرے جو بہتر ہو، اور اپنی قسم کا کفارہ ادا کر دے"

وَاذْكُرْ عِبٰدَنَآ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ اُولِي

اور یاد کر ہمارے بندوں کو ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب ہاتھوں

الْاَيْدِيْ وَالْاَبْصَارِ ﴿۴۵﴾ اِنَّآ اَخْلَصْنٰهُمْ بِخَالِصَةٍ

والے اور آنکھوں والے ہم نے امتیاز دیا ان کو ایک چنی ہوئی بات کا وہ

ذِكْرَى الدَّارِ ﴿۴۶﴾ وَاِنَّهُمْ عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ

یاد اس گھر کی اور وہ سب ہمارے نزدیک ہیں چنے ہوئے نیک

الْاَخْيَارِ ﴿۴۷﴾ وَاذْكُرْ اِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَذَا الْكِفْلِ

لوگوں میں اور یاد کر اسمٰعیل کو اور الیسع اور ذوالکفل کو

وَكُلٌّ مِّنَ الْاَخْيَارِ ﴿۴۸﴾ هٰذَا ذِكْرٌ وَاِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ

اور ہر ایک تھا خوبی والا یہ ایک مذکور ہو چکا اور تحقیق ڈر والوں کے لئے ہے اچھا

مَابٍ ﴿۴۹﴾ جَنّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ ﴿۵۰﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ

ٹھکانا باغ ہیں سدا بسنے کے کھول رکھے ہیں اُن کے واسطے دروازے تکیہ لگائے ہوئے

فِيْهَا يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ وَّشَرَابٍ ﴿۵۱﴾ وَ

بیٹھے ان میں منگوائیں گے ان میں میوے بہت اور شراب اور

عِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ اَتْرَابٌ ﴿۵۲﴾ هٰذَا مَا

ان کے پاس عورتیں ہیں نیچی نگاہ والیاں ایک عمر کی یہ وہ ہے جو تم

تُوْعَدُوْنَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۵۳﴾ اِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا

سے وعدہ کیا گیا حساب کے دن پر یہ ہے روزی ہماری دی

مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ ﴿۵۴﴾ هٰذَا ؕ وَاِنَّ لِلطّٰغِيْنَ لَشَرَّ مَاٰبٍ ﴿۵۵﴾

ہوئی اس کو نہیں نبڑنا یہ سُن چکے اور تحقیق شریروں کے واسطے ہے برا ٹھکانا

جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۵۶﴾ هٰذَا ۙ فَلْيَذُوْقُوْهُ

دوزخ ہے جس میں ان کو ڈالیں گے سو کیا بُری آرام کرنے کی جگہ ہے یہ ہے اب اس کو چکھیں

حَمِيْمٌ وَّغَسَّاقٌ ﴿۵۷﴾ وَّاٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖۤ اَزْوَاجٌ ؕ ﴿۵۸﴾ هٰذَا فَوْجٌ

گرم پانی اور پیپ اور کچھ اور اسی شکل کی طرح طرح کی چیزیں یہ ایک فوج ہے

مُّقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ ۚ لَا مَرْحَبًۢا بِهِمْ ؕ اِنَّهُمْ صَالُوا النَّارِ ﴿۵۹﴾ قَالُوْا

دھنستی آ رہی ہے تمہارے ساتھ جگہ نہ ملیو اُن کو یہ ہیں گھسنے والے آگ میں وہ بولے

بَلْ اَنْتُمْ ۛؕ لَا مَرْحَبًۢا بِكُمْ ؕ اَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوْهُ لَنَا ۚ فَبِئْسَ

بلکہ تم ہی ہو جگہ نہ ملیو تم کو تم ہی پیش لائے ہمارے یہ بلا سو کیا بُری ٹھہرنے کی

الْقَرَارُ ﴿۶۰﴾ قَالُوْا رَبَّنَا مَنْ قَدَّمَ لَنَا هٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا

جگہ ہے وہ بولے اے رب ہمارے جو کوئی لایا ہمارے پیش یہ، سو بڑھا دے اس کو

ضِعْفًا فِى النَّارِ ﴿۶۱﴾ وَقَالُوْا مَا لَنَا لَا نَرٰى رِجَالًا كُنَّا

دونا عذاب آگ میں اور کہیں گے کیا ہوا کہ ہم نہیں دیکھتے اُن مردوں کو کہ ہم

نَعُدُّهُمْ مِّنَ الْاَشْرَارِ ﴿۶۲﴾ اَتَّخَذْنٰهُمْ سِخْرِيًّا اَمْ زَاغَتْ عَنْهُمُ

ان کو شمار کرتے تھے بُرے لوگوں میں کیا ہم نے ان کو ٹھٹھے میں پکڑا تھا یا چوک گئیں اُن سے

الْاَبْصَارُ ﴿۶۳﴾ اِنَّ ذٰلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ اَهْلِ النَّارِ ﴿۶۴﴾ ع ۴ ۲۴ ۱۳

ہماری آنکھیں ۔ یہ بات ٹھیک ہوتی ہے جھگڑا کرنا آپس میں دوزخیوں کا ۔

خُلاصۂ تفسیر

اور ہمارے بندوں ابراہیم اور اسحٰق اور یعقوب (علیہم السلام) کو یاد کیجئے جو ہاتھوں (سے کام کرنے) والے اور آنکھوں (سے دیکھنے) والے تھے (یعنی ان میں قوتِ عملیہ بھی تھی اور قوتِ علمیہ بھی اور) ہم نے ان کو ایک خاص بات کے ساتھ مخصوص کیا تھا کہ وہ یاد آخرت کی ہے (چنانچہ یہ ظاہر ہے کہ انبیاء میں یہ صفت سب سے زیادہ تام اور کامل ہوتی ہے، اور شاید یہ جملہ اس لئے بڑھا دیا ہے کہ اہلِ غفلت کے کان ہوں کہ جب انبیاء اس فکر سے خالی نہ تھے تو ہم کس شمار میں ہیں) اور وہ (حضرات) ہمارے یہاں منتخب اور سب سے اچھے لوگوں میں سے ہیں (یعنی منتخب لوگوں میں بھی سب سے بڑھ کر، چنانچہ ظاہر ہے کہ انبیاء، دوسرے اولیاء اور صلحا سے افضل ہوتے ہیں۔) اور اسمٰعیل اور الیسع اور ذوالکفل کو بھی یاد کیجئے اور یہ سب بھی سب سے اچھے لوگوں میں سے ہیں (آگے توحید اور آخرت اور رسالت کا کسی قدر مفصل بیان ہے) ایک نصیحت کا مضمون تو یہ ہو چکا (اس سے مراد انبیاء علیہم السلام کے واقعات ہیں کہ ان واقعات میں کافروں کے لئے عقیدہ رسالت کی تبلیغ ہے، اور مؤمنوں کیلئے اخلاقِ جمیلہ اور اعمالِ فاضلہ کی تعلیم ہے) اور (دوسرا مضمون آخرت کی جزا و سزا کے متعلق اب شروع ہوتا ہے جس کی تفصیل یہ ہے کہ) پرہیزگاروں کے لئے (آخرت میں) اچھا ٹھکانا ہے (یعنی ہمیشہ رہنے کے باغات جن کے دروازے اُن کے واسطے کھلے ہوئے ہوں گے (ظاہر مراد یہ ہے کہ پہلے سے کھلے ہوں گے) وہ ان باغوں میں تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے (اور) وہ وہاں (جنت کے خادموں سے) بہت سے میوے اور پینے کی چیزیں منگوائیں گے اور ان کے پاس نیچی نگاہ والیاں ہم عمر ہوں گی (مراد حوریں ہیں اے مسلمانو!) یہ (جس کا اوپر ذکر ہوا) وہ (نعمت) ہے جس کا تم سے روزِ حساب آنے پر وعدہ کیا جاتا ہے، بے شک یہ ہماری عطا ہے، اس کا کہیں ختم ہی نہیں (یعنی دائمی اور ابدی نعمت ہے) یہ بات تو ہو چکی (جو نیک بخت پرہیزگاروں کے متعلق تھی) اور (آگے کافروں کے متعلق مضمون ہے، وہ یہ کہ) سرکشوں کے لئے (یعنی جو کفر میں دوسروں کے رہنما تھے ان کے لئے) بُرا ٹھکانا ہے، یعنی دوزخ، اس میں وہ داخل ہوں گے، سو بہت ہی بُری جگہ ہے، یہ کھولتا ہوا پانی اور پیپ (موجود) ہے سو یہ لوگ اس کو چکھیں اور (اس کے علاوہ) اور بھی اس قسم کی (ناگوار اور موجبِ آزار) طرح طرح کی چیزیں (موجود) ہیں (اس کو بھی چکھیں، اور جو تابع تھے ان کے لئے بھی یہی چیزیں ہیں، گو تقدم و تاخر اور اشدیت اور شدت کا تفاوت ہو، باقی نفسِ عذاب میں سب شریک ہیں۔ چنانچہ جب کافروں کے رہنما اوّل داخلِ جہنم ہو چکیں گے، پھر ان کے پیرو آئیں گے تو رہنما آپس میں کہیں گے کہ لو) یہ ایک جماعت اور آئی جو تمہارے ساتھ (عذاب میں شریک ہونے کے لئے جہنم میں) گھس رہے ہیں اُن پر خدا کی مار یہ بھی دوزخ ہی میں آ رہے ہیں (یعنی کوئی ایسا آتا جو عذاب کا مستحق نہ ہوتا تو اس کے آنے کی خوشی بھی ہوتی اور اس کی

آؤ بھگت بھی کرتے، یہ تو خود ہی جہنّمی ہیں۔ ان سے کیا اُمید اور اُن کے آنے کی کیا خوشی اور کیا آؤ بھگت؟) وہ (پیرو اپنے رہنماؤں سے) کہیں گے، بلکہ تمھارے ہی اوپر خُدا کی مار (کیونکہ) تم ہی تو یہ (مصیبت) ہمارے آگے لائے (کیونکہ تم ہی نے ہم کو بہکایا تھا) سو (جہنّم) بہت ہی بُرا ٹھکانا ہے (جو تمھاری بدولت ہمارے آگے آیا۔ اس کے بعد جب ان میں ہر شخص دوسرے پر الزام رکھنے لگے گا تو اسوقت یہ متبعین ان سے خطاب چھوڑ کر حق تعالیٰ سے) دُعا کریں گے کہ اے ہمارے پروردگار جو شخص اِس (مصیبت) کو ہمارے آگے لایا ہو اس کو دوزخ میں دونا عذاب دیجیئو، اور وہ لوگ (یعنی متبعین یا سب دوزخی آپس میں) کہیں گے کہ کیا بات ہے ہم ان لوگوں کو (دوزخ میں) نہیں دیکھتے جنکو ہم بُرے لوگوں میں شمار کیا کرتے تھے (یعنی مسلمانوں کو بدراہ اور حقیر سمجھا کرتے تھے، وہ کیوں نظر نہیں آتے) کیا ہم نے (ناحق) ان کی ہنسی کر رکھی تھی (اور وہ اس قابل نہ تھے اور جہنّم میں نہیں آئے) یا (یہ کہ جہنّم میں موجود ہیں مگر) اُن (کے دیکھنے) سے نگاہیں چکرا رہی ہیں (کہ ان پر نظر نہیں جمتی۔ مطلب یہ کہ عذاب کے ساتھ یہ ایک اور حسرت ہوگی کہ جن لوگوں کو ہم برا سمجھتے تھے وہ عذاب سے بچ گئے، اور) یہ بات یعنی دوزخیوں کا آپس میں لڑنا جھگڑنا بالکل سچّی بات ہے (کہ ضرور ہو کر رہے گی)۔

مَعارف و مَسائل

اُولِی الْاَیْدِیْ وَالْاَبْصَارِ۔ اس کے لفظی معنیٰ یہ ہیں کہ "وہ ہاتھوں اور نگاہوں والے تھے" مطلب یہ ہے کہ اپنی فکری اور عملی توانائیاں اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں صرف کرتے تھے۔ اس سے اس بات کی طرف اشارہ کر دیا کہ اعضاء انسانی کا اصل مصرف یہ ہے کہ وہ اطاعتِ الٰہی میں خرچ ہوں، اور جو اعضاء اس میں خرچ نہوں ان کا ہونا نہ ہونا برابر ہے۔

فکرِ آخرت انبیاء کا امتیازی وصف ہے

ذِکْرَی الدَّارِ۔ اِس کے لفظی معنی ہیں "گھر کی یاد" اور "گھر" سے مراد آخرت ہے۔ آخرت کے بجائے یہ لفظ استعمال کر کے تنبیہ کر دیگئی ہے کہ انسان کو اپنا اصلی گھر آخرت ہی کو سمجھنا چاہیئے اور اسی کی فکر کو اپنے افکار و اعمال کی بنیاد بنانا چاہیئے۔ یہیں سے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ فکرِ آخرت انسان کی فکری اور عملی قوت کو اور زیادہ جلا بخشتی ہے۔ بعض ملحدین کا یہ خیال بالکل بے بنیاد ہے کہ فکرِ آخرت انسان کی قوتوں کو کُند کر دیتی ہے۔

حضرت الیَسَع علیہ السلام

وَالْیَسَعَ (اور الیَسَع علیہ السلام کو یاد کرو) حضرت الیَسَع علیہ السلام بنی اسرائیل کے انبیاء علیہم السلام میں سے ہیں اور قرآنِ کریم میں ان کا ذکر صرف دو جگہ آیا ہے۔ ایک سورۂ انعام میں اور دوسرے یہاں۔ دونوں میں سے کسی جگہ آپ کے تفصیلی حالات

مذکور نہیں، بلکہ انبیاء علیہم السلام کی فہرست میں صرف آپ کا اسمِ گرامی شمار کرایا گیا ہے۔

تاریخ کی کتابوں میں منقول ہے کہ آپ حضرت الیاس علیہ السلام کے چچازاد بھائی ہیں اور حضرت الیاس علیہ السلام کے نائب اور خلیفہ تھے، انہی کی رفاقت میں رہتے تھے، ان کے بعد آپ کو نبوت عطا کی گئی۔ بائبل کی کتاب سلاطین اوّل باب ۱۹ اور سلاطین دوم باب ۲ وغیرہ میں آپ کے تفصیلی حالات بیان کئے گئے ہیں۔ وہاں آپ کا اسمِ گرامی اِلیشَع بن سافط مذکور ہے۔

وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ اَتْرَابٌ ۔ (اور ان کے پاس نیچی نگاہ والی ہم سن عورتیں ہوں گی) اِن سے مُراد جنّت کی حُوریں ہیں، اور "ہم سن" کا مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ وہ سب آپس میں ہم عُمر ہوں گی، اور یہ بھی کہ وہ اپنے شوہروں کے ساتھ عمر میں مساوی ہونگی پہلی صورت میں ان کے ہم عمر ہونے کا فائدہ یہ ہے کہ ان کے درمیان آپس میں محبّت، اُنس اور دوستی کا تعلّق ہوگا سوکنوں کا سا، بغض اور نفرت نہیں ہوگی۔ اور ظاہر ہے کہ یہ چیز شوہروں کے لئے انتہائی راحت کا موجب ہے۔

زوجین کے درمیان عمر کے تناسب کی رعایت بہتر ہے

اور دوسری صورت میں جبکہ "ہم عمر" کا مطلب یہ لیا جائے کہ وہ اپنے شوہروں کی ہم عمر ہوں گی، اس کا فائدہ یہ ہے کہ ہم عمری کی وجہ سے طبیعتوں میں زیادہ مناسبت اور توافق ہوگا۔ اور ایک دوسرے کی راحت و دلچسپی کا خیال زیادہ رکھا جاسکے گا۔ اسی سے یہ بھی معلوم ہوا کہ زوجین کے درمیان عُمر میں تناسب کی رعایت رکھنی چاہیئے، کیونکہ اس سے باہمی اُنس پیدا ہوتا ہے۔ اور رشتۂ نکاح زیادہ خوشگوار اور پائیدار ہوجاتا ہے۔

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا مُنْذِرٌ ۖ وَّمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۶۵﴾

تو کہہ میں تو یہی ہوں ڈر سُنا دینے والا اور حاکم کوئی نہیں مگر اللہ اکیلا دبا رکھنے والا

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ﴿۶۶﴾

رب آسمانوں کا اور زمین کا اور جو ان کے بیچ میں ہے زبردست گناہ بخشنے والا

قُلْ هُوَ نَبَؤٌا عَظِيْمٌ ﴿۶۷﴾ اَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُوْنَ ﴿۶۸﴾ مَا كَانَ

تو کہہ یہ ایک بڑی خبر ہے کہ تم اُس کو دھیان میں نہیں لاتے مجھ کو کچھ

لِيَ مِنْ عِلْمٍ بِالْمَلَاِ الْاَعْلٰٓى اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿۶۹﴾ اِنْ

خبر نہ تھی اوپر کی مجلس کی جب وہ آپس میں تکرار کرتے ہیں مجھ کو تو

يُّوْحٰٓى اِلَيَّ اِلَّآ اَنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۷۰﴾ اِذْ قَالَ رَبُّكَ

یہی حکم آتا ہے کہ اور کچھ نہیں میں تو ڈر سنا دینے والا ہوں کھول کر جب کہا تیرے رب نے

لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ طِيْنٍ ﴿۷۱﴾ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَ

فرشتوں کو میں بناتا ہوں ایک انسان مٹی کا پھر جب ٹھیک بنا چکوں اور

نَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ﴿۷۲﴾ فَسَجَدَ

پھونکوں اس میں ایک اپنی جان تو تم گر پڑو اس کے آگے سجدے میں پھر سجدہ کیا

الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ﴿۷۳﴾ اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ اِسْتَكْبَرَ

فرشتوں نے سب نے اکٹھے ہو کر مگر ابلیس نے غرور کیا

وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۴﴾ قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا مَنَعَكَ اَنْ

اور تھا وہ منکروں میں فرمایا اے ابلیس کس چیز نے روک دیا تجھ کو

تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ ؕ اَسْتَكْبَرْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ

کہ سجدہ کرے اس کو جس کو میں نے بنایا اپنے دونوں ہاتھ سے یہ تو نے غرور کیا یا تو بڑا تھا

الْعَالِيْنَ ﴿۷۵﴾ قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ ؕ خَلَقْتَنِيْ مِنْ نَّارٍ وَّ

درجہ میں بولا میں بہتر ہوں اس سے مجھ کو بنایا تو نے آگ سے اور

خَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ﴿۷۶﴾ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ

اس کو بنایا مٹی سے فرمایا تو تو نکل یہاں سے کہ تو

رَجِيْمٌ ۖ ﴿۷۷﴾ وَّاِنَّ عَلَيْكَ لَعْنَتِيْٓ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۷۸﴾ قَالَ

مردود ہوا اور تجھ پر میری پھٹکار ہے اس جزا کے دن تک بولا

رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۷۹﴾ قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ

اے رب مجھ کو ڈھیل دے جس دن تک مردے جی اٹھیں فرمایا تو تجھ کو

الْمُنْظَرِيْنَ ﴿۸۰﴾ اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿۸۱﴾ قَالَ فَبِعِزَّتِكَ

ڈھیل ہے اسی وقت کے دن تک جو معلوم ہے بولا تو قسم ہے تیری

لَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۸۲﴾ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۸۳﴾

عزت کی میں گمراہ کروں گا ان سب کو مگر جو بندے ہیں ان میں تیرے چنے ہوئے

قَالَ فَالْحَقُّ ۫ وَالْحَقَّ اَقُوْلُ ﴿۸۴﴾ لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَ

فرمایا تو ٹھیک بات یہ ہے اور میں ٹھیک ہی کہتا ہوں مجھ کو بھرنا ہے دوزخ تجھ سے اور

مِمَّنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۸۵﴾ قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ

جو ان میں تیری راہ چلے ان سب سے تو کہہ میں مانگتا نہیں تم سے

مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ﴿۸۶﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا

اس پر کچھ بدلا اور میں نہیں اپنے آپ کو بنانے والا یہ تو ایک فہمائش ہے

ع ۵ ۲۴ ۱۲

ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۷﴾ وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَاَهٗ بَعْدَ حِيْنٍ ﴿۸۸﴾ ع

سارے جہان والوں کو اور معلوم کرلوگے اس کا احوال تھوڑی دیر کے پیچھے۔

خُلاصۂ تفسیر

آپ کہہ دیجئے کہ (تم جو رسالت اور توحید کے مسئلہ میں تکذیب و انکار کرتے ہو تو تمہارا ہی نقصان ہے میرا کچھ ضرر نہیں، کیونکہ) میں تو (تم کو صرف عذابِ خداوندی سے) ڈرانے والا (پیغمبر) ہوں، اور (جیسے میرا رسول اور منذر ہونا واقعی ہے اسی طرح توحید بھی برحق ہے، یعنی) بجز اللہ واحد غالب کے کوئی لائق عبادت کے نہیں ہے، وہ پروردگار ہے آسمانوں اور زمین کا اور ان چیزوں کا جو ان کے درمیان میں ہیں (اور وہ) زبردست (اور گناہوں کا) بڑا بخشنے والا ہے۔ (اور چونکہ توحید کو تو کسی درجہ میں وہ لوگ مانتے بھی تھے اور رسالت کے بالکل ہی منکر تھے، اس لئے رسالت کی مزید تحقیق کے لئے ارشاد ہے کہ اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم) آپ کہہ دیجئے کہ یہ (یعنی اللہ تعالیٰ کا مجھ کو توحید اور احکام شریعت کی تعلیم کے لئے رسول بنانا) ایک عظیم الشان مضمون ہے جس (کا تم کو بڑا اہتمام چاہیئے تھا، مگر افسوس کہ اس) سے تم (بالکل ہی) بے پروا ہو رہے ہو (اور اس کے عظیم الشان مضمون ہونے کی وجہ یہ ہے کہ اس کا اعتقاد رکھے بغیر حقیقی سعادت کا حصول ناممکن ہے۔ آگے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت ثابت کرنے کی ایک دلیل ہے۔ وہ یہ کہ) مجھ کو عالمِ بالا (کی بحث و گفتگو) کی (کسی ذریعہ سے) کچھ بھی خبر نہ تھی جبکہ وہ (تخلیقِ آدم کے بارے میں جسکی تفصیل آگے آتی ہے، اللہ تعالیٰ سے) گفتگو کر رہے تھے (اب میں جو اس گفتگو کا واقعہ بتا رہا ہوں تو سوچنے کی بات یہ ہے کہ مجھے یہ واقعہ کہاں سے معلوم ہوا؟ میں نے بچشم خود تو اسے دیکھا نہیں، اہلِ کتاب سے بھی میرا ایسا میل جول نہیں کہ ان سے معلوم کر لیتا، یقیناً مجھے یہ علم وحی کے ذریعہ ہی حاصل ہوا ہے، لہٰذا ثابت ہو گیا کہ) میرے پاس (جو) وحی (آتی) ہے جس سے عالمِ بالا کے احوال بھی معلوم ہوتے ہیں، تو) محض اس سبب سے آتی ہے کہ میں (منجانب اللہ) صاف صاف ڈرانے والا (کر کے بھیجا گیا) ہوں (یعنی چونکہ مجھے پیغمبری ملی ہے، اس لئے وحی نازل ہوتی ہے۔ پس واجب ہے کہ تم میری رسالت کی تصدیق کرو۔ اور عالمِ بالا کی اللہ تعالیٰ سے گفتگو جس کا تذکرہ اوپر کیا گیا ہے اس وقت ہوئی تھی) جبکہ آپ کے رب نے فرشتوں سے ارشاد فرمایا کہ میں گارے سے ایک انسان کو (یعنی اس کے پتلے کو) بنانے والا ہوں، سو میں جب اس کو (یعنی اس کے جسمانی اعضاء کو) پورا بنا چکوں اور اس میں اپنی (طرف سے) جان ڈالوں تو تم سب اس کے روبرو سجدہ میں گر پڑنا، سو (جب اللہ تعالیٰ نے اس کو بنا لیا تو) سارے کے سارے فرشتوں نے (آدم علیہ السلام کو) سجدہ کیا، مگر ابلیس نے کہ وہ غرور میں آگیا اور کافروں میں سے ہو گیا۔ حق تعالیٰ نے فرمایا کہ اے ابلیس

جس چیز کو میں نے اپنے ہاتھوں سے بنایا (یعنی جس چیز کو وجود میں لانے کے لئے خاص عنایتِ ربّانی متوجہ ہوئی، پھر اس کے سامنے سجدہ کرنے کا حکم دیا گیا تو) اس کو سجدہ کرنے سے تجھ کو کون چیز مانع ہوئی، کیا تو غرور میں آگیا؟ (اور واقع میں بڑا نہیں ہے) یا یہ کہ تو (واقع میں ایسے) بڑے درجہ والوں میں ہے (جسکو سجدہ کا حکم کرنا ہی زیبا نہیں) کہنے لگا کہ (دوسری بات صحیح ہے، یعنی) میں آدم سے بہتر ہوں (کیونکہ) آپ نے مجھ کو آگ سے پیدا کیا ہے۔ اور اس (آدم) کو خاک سے پیدا کیا ہے (پس مجھ کو حکم دینا کہ اسکے سامنے سجدہ کروں حکمت کے خلاف ہے) ارشاد ہوا تو (اچھا پھر) آسمان سے نکل کیونکہ بیشک تو (اس حرکت سے) مردود ہو گیا اور بیشک تجھ پر میری لعنت رہے گی قیامت کے دِن تک (اور اس کے بعد مورد رحمت ہونے کا احتمال نہیں ہے) کہنے لگا (کہ اگر مجھ کو آدم کی وجہ سے مردود کیا ہے) تو پھر مجھکو (مرنے سے) مہلت دیجئے قیامت کے دِن تک (تاکہ ان سے اور ان کی اولاد سے خوب بدلہ لوں) ارشاد ہوا (جب تو مہلت مانگتا ہے) تو (جا) تجھ کو معیّن وقت کی تاریخ تک مہلت دی گئی، کہنے لگا (جب مجھ کو مہلت مِل گئی) تو (مجھ کو بھی) تیری (ہی) عزّت کی قسم (ہے) کہ میں ان سب کو گمراہ کروں گا بجز آپ کے ان بندوں کے جو ان میں منتخب کئے گئے ہیں (یعنی آپ نے ان کو میرے اثر سے محفوظ رکھا ہے) ارشاد ہوا کہ میں سچ کہتا ہوں اور میں تو (ہمیشہ) سچ ہی کہا کرتا ہوں کہ میں تجھ سے اور جو ان میں سے تیرا ساتھ دے ان سب سے دوزخ بھر دوں گا۔

(سورت کی ابتدائی آیات سے واضح ہے کہ اس سُورت کا بنیادی مقصد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا اثبات ہے۔ اس موضوع پر دلائل تو دیئے جا چکے، اب ناصحانہ طریقہ پر ایمان لانے کی دعوت دی جاتی ہے) آپ (بطور اتمامِ حجّت کے) کہدیجئے کہ میں تم سے اس (قرآن کی تبلیغ) پر نہ کچھ معاوضہ چاہتا ہوں اور نہ میں بناوٹ کرنے والوں میں ہوں (کہ بناوٹ کی راہ سے نبوّت کا دعویٰ کیا ہو، اور غیرِ قرآن کو قرآن کہہ دیا ہو۔ یعنی اگر جھوٹ بولتا تو اس کا منشاء یا تو کوئی مادّی نفع ہوتا جیسے معاوضہ، یا کوئی طبعی عادت ہوتی جیسے تکلف، سو یہ دونوں باتیں نہیں، بلکہ فی الواقع) یہ قرآن تو (اللہ کا کلام اور) دنیا جہان والوں کے لئے بس ایک نصیحت ہے (جس کی تبلیغ کے لئے مجھ کو نبوّت ملی ہے اور جس میں سراسر تمھارا ہی نفع ہے) اور (اگر حق کے واضح ہونے کے باوجود بھی تم نہیں مانتے تو) تھوڑے دنوں پیچھے تم کو اس کا حال معلوم ہو جاوے گا (یعنی مرنے کے ساتھ ہی حقیقت کھُل جائے گی کہ یہ حق تھا اور اس کا انکار باطل تھا، مگر اس وقت معلوم ہونے سے کوئی فائدہ نہ ہوگا)

معارف و مسائل

خلاصۂ مضامین سورت

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا مُنْذِرٌ۔ سورت کے شروع میں آپ دیکھ چکے ہیں کہ اس سورت کا اصل مقصد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا اثبات اور کفار کی تردید ہے، اسی ضمن میں انبیاء علیہم السلام کے واقعات دو وجہ سے ذکر کئے گئے تھے۔ ایک یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی ہو اور سابقہ انبیاء علیہم السلام کی طرح آپ بھی کفار کی بے ہودہ باتوں پر صبر فرمائیں۔ دوسرے یہ کہ ان واقعات سے خود وہ لوگ عبرت حاصل کریں جو ایک نبیِ برحق کی رسالت کا انکار کر رہے ہیں۔ اس کے بعد ایک اور طریقے سے کفار کو دعوتِ اسلام دی گئی اور وہ اس طرح کہ مؤمنوں کی نیک انجامی اور کافروں کے عذاب شدید کا نقشہ کھینچا گیا۔ اور اس بات پر تنبیہ کی گئی کہ جن لوگوں کی اتباع میں تم آج افضل الرسل صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب کر رہے ہو، آخرت کے دن وہی لوگ تمہاری مدد سے دستبردار ہو جائینگے، وہ تمھیں برا بھلا کہیں گے اور تم اُن پر لعنت بھیجو گے۔

ان تمام مضامین کے بعد آخر میں پھر اصل مدعا یعنی اثباتِ رسالت کا بیان کیا گیا ہے، اور دلائل پیش کرنے کے ساتھ ناصحانہ انداز میں دعوت بھی دی گئی ہے۔

مَا كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍ بِالْمَلَاِ الْاَعْلٰٓى اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ۔ (مجھ کو عالمِ بالا کی کچھ بھی خبر نہ تھی جبکہ وہ گفتگو کر رہے تھے) یعنی یہ میری رسالت کی واضح دلیل ہے کہ میں تم سے عالمِ بالا کی ایسی باتیں بیان کرتا ہوں جو وحی کے سوا کسی بھی ذریعہ سے معلوم نہیں ہو سکتیں۔ اِن باتوں سے مراد ایک تو وہ گفتگو ہے جو تخلیق آدمؑ کے وقت اللہ تعالیٰ اور فرشتوں کے درمیان ہوئی تھی، اور جس کا تذکرہ سورۂ بقرہ میں آچکا ہے۔ فرشتوں نے کہا تھا کہ اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَآءَ۔ (کیا آپ زمین میں ایسے انسان کو پیدا کر رہے ہیں جو وہاں فساد پھیلائے اور خونریزی کرے؟) اس گفتگو کو یہاں "اختصام" کے لفظ سے تعبیر کیا گیا ہے جس کے لفظی معنیٰ ہیں "جھگڑا" یا "بحث و مباحثہ"، حالانکہ واقعہ یہ ہے کہ فرشتوں کا یہ سوال کوئی اعتراض یا بحث و مباحثہ کے نقطۂ نظر سے نہ تھا بلکہ وہ محض تخلیقِ آدم کی حکمت معلوم کرنا چاہتے تھے۔ لیکن سوال و جواب کا ظاہری رُوکار چونکہ بحث کا سا ہو گیا تھا اس لئے اُسے "اختصام" کے لفظ سے تعبیر کیا گیا۔ اور یہ ایسا ہی ہے جیسے جب کوئی چھوٹا کسی بڑے سے کوئی سوال کرتا ہے تو بعض اوقات بڑا آدمی اس کا ذکر کرتے ہوئے ازراہِ تفنن اس کے سوال و جواب کو "جھگڑے" سے تعبیر کر دیتا ہے۔

اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ۔ (جب آپ کے پروردگار نے فرشتوں سے کہا الخ) یہاں تخلیقِ آدم کا جو واقعہ ذکر کیا گیا ہے اس سے اللہ تعالیٰ اور فرشتوں کی مذکورہ بالا گفتگو کی طرف اشارہ کے ساتھ ساتھ اس

بات کی طرف بھی توجہ دلائی گئی ہے کہ جس طرح ابلیس نے محض حسد اور تکبّر کی وجہ سے حضرت آدمؑ کو سجدہ کرنے سے انکار کر دیا تھا، اسی طرح مشرکینِ عرب بھی حسد اور تکبّر کی وجہ سے آپ کی بات نہیں مان رہے، اور جو انجام ابلیس کا ہوا وہی ان کا بھی ہونا ہے۔ (تفسیر کبیر)

لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ ۔ یہاں حضرت آدم علیہ السلام کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ میں نے اپنے ہاتھوں سے انھیں پیدا کیا۔ جمہورِ اُمّت کا اس پر اتفاق ہے کہ "ہاتھوں" سے مُراد یہ نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے ایسے ہی ہاتھ ہیں جیسے انسانوں کے ہوتے ہیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ اعضاء و جوارح کی احتیاج سے منزّہ ہے۔ لہٰذا اس سے مراد اللہ تعالیٰ کی قدرت ہے، اور عربی زبان میں لفظ "ید" بکثرت قدرت کے معنی میں مستعمل ہے، مثلاً ارشاد ہے: بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ ۔ لہٰذا آیت کا مطلب یہ ہے کہ، میں نے آدم کو اپنی قدرت سے پیدا کیا۔ اور یوں تو کائنات کی ساری چیزیں قدرتِ خداوندی ہی سے پیدا ہوئی ہیں، لیکن جب باری تعالیٰ کسی چیز کا خصوصی شرف ظاہر کرنا چاہتے ہیں تو اُسے خاص طور سے اپنی طرف منسوب فرما دیتے ہیں۔ جیسے کعبہ کو بیت اللہ۔ حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی کو ناقۃُ اللہ، اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو کلمۃُ اللہ یا روحُ اللہ کہا گیا ہے۔ یہاں بھی یہ نسبت حضرت آدم علیہ السلام کی فضیلت ظاہر کرنے کے لئے کی گئی ہے (قرطبی)

تکلّف اور تصنّع کی مذمّت

وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ۔ (اور میں بناوٹ کرنے والوں میں سے نہیں ہوں) مطلب یہ ہے کہ میں تکلّف اور تصنّع کر کے اپنی نبوّت و رسالت اور علم و حکمت کا اظہار نہیں کر رہا، بلکہ اللہ کے احکام کو ٹھیک ٹھیک پہنچا رہا ہوں۔ اس سے معلوم ہوا کہ تکلّف اور تصنّع شرعاً مذموم ہے۔ چنانچہ اس کی مذمت میں بعض احادیث وارد ہوئی ہیں۔ صحیحین میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کا ارشاد منقول ہے کہ

"اے لوگو! تم میں سے جس شخص کو کسی بات کا علم ہو وہ تو لوگوں سے کہدے، لیکن جس کا علم نہ ہو تو وہ "اللہ اعلم" کہنے پر اکتفا کر لے، (کیونکہ) اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں فرمایا ہے۔ قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ" (رُوح المعانی)

سُوْرَةُ الزُّمَر

سُوْرَةُ الزُّمَرِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسٌ وَّسَبْعُوْنَ اٰيَةً وَّثَمَانُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ زمر مکہ میں نازل ہوئی اور اس میں پچھتر آیتیں ہیں اور آٹھ رکوع

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝١ اِنَّآ اَنْزَلْنَآ

اُتارنا ہے کتاب کا اللہ سے جو زبردست ہے حکمتوں والا ۱ ہم نے اُتاری ہے

اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ۝٢

تیری طرف کتاب ٹھیک ٹھیک سو بندگی کر اللہ کی خالص کر کر اس کے واسطے بندگی

اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ ۭ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ

سنتا ہے اللہ ہی کے لئے ہے بندگی خالص اور جنھوں نے پکڑ رکھے ہیں اُس سے ورے

اَوْلِيَاۗءَ ۘ مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى ۭ اِنَّ

حمایتی کہ ہم تو پوجتے ہیں اُن کو اس واسطے کہ ہم کو پہنچا دیں اللہ کی طرف قریب کے درجہ میں

اللّٰهَ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ فِيْ مَا هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

بیشک اللہ فیصلہ کر دے گا اُن میں جس چیز میں وہ جھگڑ رہے ہیں البتہ اللہ

لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ كٰذِبٌ كَفَّارٌ ۝٣ لَوْ اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَّتَّخِذَ

راہ نہیں دیتا اُس کو جو ہو جھوٹا حق نہ ماننے والا اگر اللہ چاہتا کہ اولاد

وَلَدًا لَّاصْطَفٰى مِمَّا يَخْلُقُ مَا يَشَاۗءُ ۙ سُبْحٰنَهٗ ۭ هُوَ

کر لے تو چن لیتا اپنی مخلوق میں سے جو کچھ چاہتا وہ پاک ہے وہی ہے

اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝٤ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ

اللہ اکیلا دباؤ والا بنائے آسمان اور زمین ٹھیک

وقف لازم

يُكَوِّرُ الَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ وَيُكَوِّرُ النَّهَارَ عَلَى الَّيْلِ وَسَخَّرَ

پیٹتا ہے رات کو دن پر اور لپیٹتا ہے دن کو رات پر اور کام میں

الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۭ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ اَلَا هُوَ

لگا دیا سورج اور چاند کو ہر ایک چلتا ہے ایک ٹھہری ہوئی مدت پر سنتا ہے وہی ہے

الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ۝ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ ثُمَّ جَعَلَ

بڑا زبردست گناہ بخشنے والا بنایا تم کو ایک جی سے پھر بنایا اسی سے

مِنْهَا زَوْجَهَا وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۭ

اس کا جوڑا اور اتارے تمہارے واسطے چوپایوں سے آٹھ نر مادہ

يَخْلُقُكُمْ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ خَلْقًا مِّنْۢ بَعْدِ خَلْقٍ

بناتا ہے تم کو ماں کے پیٹ میں ایک طرح پر دوسری طرح کے پیچھے

فِيْ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ۭ لَآ اِلٰهَ

تین اندھیروں کے بیچ وہ اللہ ہے رب تمہارا اسی کا راج ہے کسی کی بندگی

اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ۝۶

نہیں اس کے سوائے پھر کہاں سے پھرے جاتے ہو۔

خُلاصۂ تفسیر

یہ نازل کی ہوئی کتاب ہے اللہ غالب حکمت والے کی طرف سے (کہ غالب ہونا اس کا مقتضی تھا کہ جو اسکی تکذیب کرے اس کو سزا دیدی جاوے، مگر چونکہ حکیم بھی ہے اور مہلت میں مصلحت تھی، اس لئے سزا میں مہلت دے رکھی ہے) ہم نے ٹھیک طور پر اس کتاب کو آپ کی طرف نازل کیا ہے سو آپ (قرآن کی تعلیم کے موافق) خالص اعتقاد کر کے اللہ کی عبادت کرتے رہیئے۔ (جیسا اب تک کرتے رہے ہیں اور جب آپ پر بھی یہ واجب ہے تو اوروں پر تو کیوں واجب نہیں ہوگا، اے لوگو) یاد رکھو عبادت جو کہ (شرک و ریا سے) خالص ہو اللہ ہی کے لئے سزاوار ہے اور جن لوگوں نے (عبادتِ خالصہ چھوڑ کر) خدا کے سوا اور شرکاء تجویز کر رکھے ہیں (اور کہتے ہیں) کہ ہم تو ان کی پرستش صرف اس لئے کرتے ہیں کہ ہم کو خدا کا مقرب بنا دیں (یعنی ہمارے حوائج یا عبادت کو خدا کے حضور پیش کر دیں جیسا دنیا میں وزراء و درباری سلاطین میں اس کام کے ہوتے ہیں) تو اُن کے (اور ان کے مقابل اہلِ ایمان کے) باہمی اختلافات کا (قیامت کے روز) اللہ تعالیٰ (عملی) فیصلہ کر دے گا (کہ اہلِ توحید کو جنت میں اور اہلِ شرک کو دوزخ میں داخل کر دے گا

یعنی ان لوگوں کے نہ ماننے پر آپ غم نہ کریں ان کا فیصلہ وہاں ہوگا اور اس کا بھی تعجب نہ کریں کہ باوجود قیام دلائل کے یہ حق پر نہیں آتے کیونکہ) اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو راہ پر نہیں لاتا جو (قولاً) جھوٹا اور (اعتقاداً) کافر ہو (یعنی منہ سے اقوالِ کفریہ اور دل سے عقائدِ کفریہ پر مُصر ہو اور اُس سے باز نہ آنے کا اور طلبِ حق کا قصد ہی نہ کرتا ہو تو اُس کے اس عناد سے اللہ تعالیٰ بھی اس کو توفیق ہدایت کی نہیں دیتا اور چونکہ مشرکین میں بعضے خدا کی طرف اولاد کی نسبت کرتے تھے جیسے ملائکہ کو بنات اللہ کہتے تھے، آگے ان کا رد ہے کہ) اگر (بالفرض) اللہ تعالیٰ (کسی کو اولاد بناتا تو بوجہ اس کے کہ بدون ارادۂ خداوندی کوئی فعل واقع نہیں ہوتا، اوّل اولاد بنانے کا ارادہ کرتا اور اگر) کسی کو اولاد بنانے کا ارادہ کرتا تو (چونکہ ماسوائے اللہ سب مخلوق ہیں اس لئے) ضرور اپنی مخلوق (ہی) میں سے جس کو چاہتا (اس امر کے لئے) منتخب فرماتا (اور لازم باطل ہے کیونکہ) وہ (عیوب سے) پاک ہے (اور غیر جنس ہونا عیب ہے اس لئے کسی مخلوق کو اولاد بنانے کے لئے منتخب کرنا محال ہوا اور محال کا ارادہ کرنا بھی محال ہے اس طرح ثابت ہوگیا کہ) وہ ایسا اللہ ہے جو واحد ہے (کہ اُس کا کوئی شریک بالفعل نہیں اور) زبردست ہے (اُس کا کوئی شریک بالقوۃ بھی نہیں کیونکہ صلاحیت جب ہو کسی کوئی ویسا ہی زبردست ہوتا اور وہ ہے نہیں۔ آگے دلائل توحید ارشاد فرماتے ہیں کہ) اُس نے زمین اور آسمان کو حکمت سے پیدا کیا، وہ رات (کی ظلمت) کو دن (کی روشنی کے محل یعنی ہوا) پر لپیٹتا ہے (جس سے دن غائب اور رات آموجود ہوتی ہے) اور دن (کی روشنی) کو رات (کی ظلمت کے محل یعنی ہوا) پر لپیٹتا ہے (جس سے رات غائب اور دن آموجود ہوجاتا ہے) اور اُس نے سورج اور چاند کو کام میں لگا رکھا ہے کہ (ان میں) ہر ایک وقت مقررہ تک چلتا رہے گا یاد رکھو کہ (ان دلائل کے بعد انکار توحید سے اندیشہ عذاب ہے اور اللہ تعالیٰ اس پر قادر بھی ہے کیونکہ) وہ زبردست ہے (لیکن اگر بعد انکار کے بھی کوئی تسلیم کرلے تو انکار گذشتہ پر عذاب نہ دیگا، کیونکہ وہ بڑا بخشنے والا (بھی) ہے۔ (اس سے توحید کی ترغیب اور شرک سے ترہیب ہوگئی اور اوپر استدلال تھا دلائل آفاقیہ سے آگے استدلال ہے دلائل انفسیہ سے جس میں ضمنی طور پر کچھ آفاقی حالات بھی آگئے ہیں، یعنی) اُس نے تم لوگوں کو تنِ واحد (یعنی آدم علیہ السلام) سے پیدا کیا (کہ اوّل وہ تنِ واحد پیدا ہوا) پھر اُسی سے اس کا جوڑا بنایا (مراد اس سے حوا ہیں آگے پھر اُن سے تمام آدمی پھیلا دیئے) اور (بعد حدوث کے) تمہارے (نفع و بقاء کیلئے) آٹھ نر و مادہ چارپایوں کے پیدا کئے (جن کا ذکر پارہ ہشتم کے ربع پر رکوع وَهُوَ الَّذِيْ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ میں آیا ہے اور ان کی تخصیص اس لئے کہ یہ زیادہ کام میں آتے ہیں۔ یہی ہے وہ جزو جو آفاقیات میں سے تبعاً مذکور ہوگیا اور تبعاً اس لئے کہا گیا کہ مقصود بیان کرنا ہے بقاءِ انفُس کا اور یہ اسباب بقاء میں سے ہے آگے کیفیت خلقت نسل انسانی کی بیان فرماتے ہیں کہ) وہ تم کو ماؤں کے پیٹ میں ایک کیفیت کے بعد دوسری کیفیت پر (اور دوسری کیفیت کے بعد تیسری کیفیت پر و علیٰ ہذا مختلف کیفیات پر) بناتا ہے (کہ اول نطفہ ہوتا ہے پھر علقہ پھر مضغہ الی آخرہ اور یہ بنانا) تین تاریکیوں میں (ہوتا ہے

ایک تاریکی شکم کی، دوسری رحم کی، تیسری اس جھلی کی جس میں بچہ لپٹا ہوتا ہے۔ ان مختلف کیفیات، متعدد اندھیریوں میں تخلیق کمالِ قدرت کی دلیل ہے اور ظلماتِ ثلثہ میں پیدا کرنا کمالِ علم کی دلیل ہے) یہ ہے اللہ تمہارا رب (جس کی صفات ابھی تم نے سُنیں) اسی کی سلطنت ہے، اُس کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں سو (ان دلائل کے بعد) تم کہاں (حق سے) پھرے چلے جارہے ہو (بلکہ واجب ہے کہ توحید کو قبول کرو اور شرک کو چھوڑ دو)۔

مَعارف ومَسائل

فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ ۔ لفظِ دین کے معنے اس جگہ عبادت کے ہیں یا طاعت کے، جو تمام احکام دینیہ کی پابندی کو عام اور شامل ہے۔ اس کے پہلے جملہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب کرکے حکم دیا گیا ہے کہ اللہ کی عبادت وطاعت کو خالص اسی کے لئے کریں جس میں کسی غیر اللہ کے شرک یا ریا ونمود کا شائبہ نہ ہو۔ دوسرا جملہ اُسی کی تاکید کے لئے ہے کہ اخلاص دین صرف اللہ ہی کے لئے سزاوار ہے۔ اُس کے سوا اور کوئی مستحق نہیں۔

حضرت ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ یا رسول اللہ میں بعض اوقات کوئی صدقہ وخیرات کرتا ہوں یا کسی پر احسان کرتا ہوں جس میں میری نیت اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کی بھی ہوتی ہے اور یہ بھی کہ لوگ میری تعریف وثنا کریں گے۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں محمدؐ کی جان ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی ایسی چیز کو قبول نہیں فرماتے، جس میں کسی غیر کو شریک کیا گیا ہو۔ پھر آپ نے آیت مذکورہ بطور استدلال کے تلاوت فرمائی۔ اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ ۔ (قرطبی)

اعمال کی مقبولیت عند اللہ بمقدار اخلاص ہے۔

متعدد آیاتِ قرآنی اس پر شاہد ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے یہاں اعمال کا حساب گنتی سے نہیں بلکہ وزن سے ہوتا ہے۔ وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ اور آیاتِ مذکورہ نے بتلا دیا کہ اللہ کے نزدیک اعمال کی قدر اور وزن بقدر اخلاص ہوتا ہے اور یہ ظاہر ہے کہ کمال اخلاص بدون کمال ایمان حاصل نہیں ہوتا۔ کیونکہ اخلاص کامل یہ ہے کہ اللہ کے سوا نہ کسی کو نفع وضرر کا مالک سمجھے نہ اپنے کاموں میں کسی غیر اللہ کو متصرف خیال کرے، نہ کسی طاعت وعبادت میں غیر اللہ کا اپنے تصور سے دھیان آنے دے۔ غیر اختیاری وساوس کو اللہ تعالیٰ معاف فرما دیتا ہے۔

صحابہ کرامؓ جو مسلمانوں کی صفِ اوّل ہیں ان کے اعمال وریاضات کی تعداد کچھ زیادہ نظر نہ آئے گی۔ مگر اس کے باوجود ان کا ایک ادنیٰ عمل باقی امّت کے بڑے بڑے اعمال سے فائق ہونے کی وجہ اُن کا

کمالِ ایمان اور کمالِ اخلاص ہی تو ہے۔

وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ۘ مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى ؕ

یہ مشرکینِ عرب کا حال ہے اور اس زمانے کے عام مشرکین بھی تقریباً یہی عقیدہ رکھتے تھے کہ خالق و مالک اور تمام کاموں میں متصرف تو صرف اللہ تعالیٰ ہی ہے۔ شیطان نے ان کو بہکایا تو اپنے خیال کے مطابق فرشتوں کی شکلوں پر بُت تراشے اور یہ جانتے ہوئے کہ یہ بُت ہمارے بنائے ہوئے ہیں انھیں کوئی عقل و شعور اور قدرت و قوت نہیں۔ انھیں عقیدہ یہ تھا کہ ان بتوں کی تعظیم و تکریم سے وہ فرشتے ہم سے خوش ہوں گے جنکی شکلوں پر بُت بنائے گئے ہیں اور فرشتے اللہ کے نزدیک مقرب ہیں۔ انھوں نے بارگاہِ خداوندی کو دنیا کے بادشاہوں پر قیاس کیا کہ جیسے شاہی مقرب کسی سے خوش ہوں تو وہ بادشاہ کے پاس ان کی سفارش کر کے ان کو بھی بادشاہ کا مقرب بنا دیتے ہیں۔ یہ سمجھتے تھے کہ فرشتے بھی بادشاہی درباریوں کی طرح جس کی چاہیں سفارش کر سکتے ہیں مگر ان کے یہ سارے خیالات شیطانی تلبیس اور باطل ہی باطل تھے۔ اوّل تو یہ بُت فرشتوں کی شکل پر واقع میں ہیں نہیں اور ہوں بھی تو اللہ کے مقرب فرشتے اپنی پرستش سے کب خوش ہونے والے ہیں۔ ان کو تو ہر اس چیز سے طبعی نفرت ہے جو اللہ کے نزدیک ناپسند ہو۔ اس کے علاوہ بارگاہِ خداوندی میں وہ از خود کسی کی سفارش نہیں کر سکتے جب تک اُن کو کسی خاص شخص کے بارے میں سفارش کی اجازت نہ مل جائے۔

وَكَمْ مِّنْ مَّلَكٍ فِي السَّمٰوٰتِ لَا تُغْنِيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اَنْ يَّاْذَنَ اللّٰهُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَرْضٰى ۔ کا یہی مطلب ہے۔

اُس زمانے کے مشرکین بھی آج کے کفّار سے بہتر تھے۔

آج کے مادہ پرست کفار تو خود اللہ تعالیٰ کے وجود ہی کے منکر ہیں اور اللہ تعالیٰ کی شان میں براہِ راست گستاخیاں کرتے ہیں۔ یورپ سے درآمد کیا گیا کفر خواہ اُس کے رنگ مختلف ہوں، کوئی سرمایہ پرست ہو، کوئی کمیونزم کا قائل۔ یہ بات سب میں قدر مشترک ہے کہ معاذ اللہ خدا کوئی چیز نہیں، ہم اپنی مرضی کے مالک ہیں۔ ہم سے ہمارے اعمال کی باز پرس کرنے والا کوئی نہیں۔ اسی بدترین کفر اور ناشکری کا نتیجہ ہے کہ پوری دنیا سے امن و اطمینان، سکون و راحت مفقود ہو چکا ہے، راحت کے نئے نئے سامان بہت مگر راحت مفقود علاج معالجے کے جدید آلات اور تحقیقات کی بہتات مگر امراض کی اتنی کثرت جو پہلے کسی زمانے میں نہیں سنی گئی۔ پہرے چوکیاں پولیس، خفیہ پولیس قدم قدم پر، مگر جرائم کی رفتار ہر روز بڑھ رہی ہے۔ یہ نئے آلات اور راحت و آرام کے نئے نئے طریقے جب غور کریں تو یہی خلقِ خدا کے لئے وبال جان بنے ہوئے نظر آتے ہیں۔ کفر کی سزا تو آخرت میں سب ہی کفّار کے لئے دائمی جہنم ہے۔ مگر اس اندھی ناشکری کی سزا کچھ دنیا میں بھگتنی پڑتی ہے۔ کہ جس کی دی ہوئی نعمتوں میں تصرفات کر کے آسمان پر چڑھنے کے حوصلے پیدا ہوئے، اسی کا انکار ہے۔

؎ درمیان خانہ گم کردیم صاحب خانہ را

لَوْ اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا - یہ ان لوگوں پر رد ہے جو فرشتوں کو اللہ کی اولاد کہتے تھے ان کے اس خیال باطل اور محال کو بطور فرض محال کے فرمایا کہ اگر اللہ تعالیٰ کے معاذ اللہ کوئی اولاد ہوتی تو وہ بغیر اس کے ارادہ اور مشیت کے ہونا محال ہے کہ زبردستی اولاد اس پر مسلط نہیں ہو سکتی پھر اگر بالفرض اُس کا ارادہ ہوتا تو اُسکی ذات کے سوا سب اُسکی مخلوقات ہی ہیں انھیں میں سے کسی کو اولاد بناتے۔ اور اولاد کا اپنے والد کی ہم جنس ہونا لازم ہے، اور مخلوق خالق کی ہم جنس ہو نہیں سکتی۔ اس لئے مخلوق کو اولاد بنانے کا ارادہ کرنا محال ہو گیا۔

يُكَوِّرُ الَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ - تکویر کے معنے ایک چیز کو دوسری پر ڈال کر اس کو چھپا دینے کے ہیں۔ قرآن کریم نے دن رات کے انقلاب کو یہاں عام نظروں کے اعتبار سے بلفظ تکویر تعبیر کیا ہے کہ رات آتی ہے تو گویا دن کی روشنی پر ایک پردہ ڈال دیا گیا، اور دن آتا ہے تو رات کی اندھیری پردہ میں چلی جاتی ہے۔

چاند۔ سورج دونوں متحرک ہیں

كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى - اس سے معلوم ہوا کہ شمس و قمر دونوں حرکت کرتے ہیں۔ فلکیات اور طبقات الارض کی مادی تحقیقات قرآن پاک یا کسی آسمانی کتاب کا موضوع بحث نہیں ہوتا۔ مگر اس معاملہ میں جتنی بات کہیں ضمناً آجاتی ہے اُس پر یقین رکھنا فرض ہے۔ فلاسفہ کی قدیم و جدید تحقیقات تو موم کی ناک ہیں روز بدلتی رہتی ہیں۔ قرآنی حقائق غیر متبدل ہیں۔ آیت مذکورہ نے جتنی بات بتلائی کہ چاند اور سورج دونوں حرکت کر رہے ہیں اس پر یقین رکھنا فرض ہے۔ اب رہا یہ معاملہ کہ ہمارے سامنے آفتاب کا طلوع و غروب زمین کی حرکت سے ہے یا خود اِن سیاروں کی حرکت سے، قرآنِ پاک نہ اس کا اثبات کرتا ہے نہ نفی۔ تجربہ سے جو کچھ معلوم ہوا اس کے ماننے میں حرج نہیں۔

وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ - چوپاؤں کی تخلیق کو اس آیت میں انزال یعنی آسمان سے اُتارنے کے ساتھ تعبیر فرما کر اس طرف اشارہ فرما دیا کہ اُن کی تخلیق میں بڑا دخل اس پانی کا ہے جو آسمان سے نازل ہوتا ہے۔ اس لئے یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ بھی گویا آسمان سے نازل ہوئے، قرآنِ کریم نے انسانی لباس کے لئے بھی یہی لفظ استعمال فرمایا ہے۔

اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا - اور بعض معدنی چیزوں مثلاً لوہے کے لئے بھی یہ لفظ آیا ہے۔ وَاَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ - ان سب کا حاصل ان چیزوں کا اپنی قدرت سے پیدا کرنا اور انسان کو عطا کرنا ہے۔ (قرطبی)

خَلْقًا مِّنْۢ بَعْدِ خَلْقٍ فِيْ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ - اس میں قدرت خداوندی کے اُن رموز و اسرار کی کچھ نشاندہی کی گئی ہے جو انسان کی تخلیق میں کارفرما ہیں۔ اوّل تو یہ کہ اللہ تعالیٰ کی قدرت میں تو یہ بھی تھا کہ بچے کو شکم میں بیک وقت مکمل پیدا کر دیتے۔ مگر بہ تقاضائے حکمت و مصلحت ایسا نہیں بلکہ خَلْقًا مِّنْۢ بَعْدِ خَلْقٍ تدریج اختیار کی کہ عورت جس کے پیٹ میں عالم اصغر بن رہا ہے وہ آہستہ آہستہ اس کا بوجھ

برداشت کرنے کی عادی ہوتی چلی جائے۔ دوسرے اس بے نظیر حسین ترین مخلوق کو جس میں سینکڑوں نازک مشینیں اور ربال کی برابر رگیں خون اور رُوح پہنچانے کے لئے لگائی گئی ہیں۔ یہ عام صنعت کاروں کی طرح کسی کھلی جگہ روشنیوں کی مدد سے نہیں بلکہ تین اندھیروں میں ایسی جگہ پیدا کی گئی ہے جہاں کسی کی نظر تو کیا فکر کی بھی رسائی نہیں۔ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ۔

اِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنْكُمْ ۚ وَلَا يَرْضٰى لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ ۚ

اگر تم منکر ہو گے تو اللہ بے پرواہ نہیں رکھتا تمہاری اور پسند نہیں کرتا اپنے بندوں کا منکر ہونا

وَاِنْ تَشْكُرُوْا يَرْضَهُ لَكُمْ ۭ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۭ

اور اگر اس کا حق مانو گے تو اس کو تمہارے لئے پسند کریگا اور نہ اٹھائے گا کوئی اٹھانے والا بوجھ دوسرے کا

ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۭ اِنَّهٗ

پھر اپنے رب کی طرف تم کو پھر جانا ہے تو وہ جتلائے گا تم کو جو تم کرتے تھے مقرر

عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَا

اس کو خبر ہے دلوں کی بات کی اور جب آ لگے انسان کو سختی پکارے

رَبَّهٗ مُنِيْبًا اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَا خَوَّلَهٗ نِعْمَةً مِّنْهُ نَسِيَ مَا كَانَ

اپنے رب کو رجوع ہو کر اس کی طرف پھر جب بخشے اس کو نعمت اپنی طرف سے بھول جائے اُس کو کہ جس

يَدْعُوْٓا اِلَيْهِ مِنْ قَبْلُ وَجَعَلَ لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّيُضِلَّ عَنْ

کے لئے پکار رہا تھا پہلے سے اور ٹھہرائے اللہ کی برابر اوروں کو تاکہ بہکائے اسکی

سَبِيْلِهٖ ۭ قُلْ تَمَتَّعْ بِكُفْرِكَ قَلِيْلًا ۡ اِنَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ

راہ سے تو کہہ برت لے ساتھ اپنے کفر کے تھوڑے دنوں تو ہے دوزخ والوں

النَّارِ ۝ اَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ اٰنَاۗءَ الَّيْلِ سَاجِدًا وَّقَاۗىِٕمًا

میں بھلا ایک جو بندگی میں لگا ہوا ہے رات کی گھڑیوں میں سجدے کرتا ہوا اور کھڑا ہوا

يَّحْذَرُ الْاٰخِرَةَ وَيَرْجُوْا رَحْمَةَ رَبِّهٖ ۭ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي

خطرہ رکھتا ہے آخرت کا اور امید رکھتا ہے اپنے رب کی مہربانی کی تو کہہ کوئی برابر ہوتے ہیں

الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَالَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۭ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ

سمجھ والے اور بے سمجھ سوچیے وہی ہیں

اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝ قُلْ يٰعِبَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۭ ع ۱۵/۹

جن کو عقل ہے تو کہہ اے بندو میرے جو یقین لائے ہو ڈرو اپنے رب سے

لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ؕ وَاَرْضُ اللّٰهِ

جنھوں نے نیکی کی اس دنیا میں اُن کے لئے ہے بھلائی اور زمین اللہ کی

وَاسِعَةٌ ؕ اِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۱۰﴾

کشادہ ہے صبر کرنے والوں ہی کو ملتا ہے ان کا ثواب بے شمار

خُلاصۂ تفسیر

(اے لوگو تم نے کفر و شرک کا بطلان سن لیا، اس کے بعد) اگر تم کفر کرو گے (جس میں شرک بھی داخل ہے) تو خدا تعالیٰ (کا کوئی ضرر نہیں کیونکہ وہ) تمھارا (اور تمھاری عبادت کا) حاجتمند نہیں (کہ تمھارے عبادت و توحید اختیار نہ کرنے سے کچھ اُس کو ضرر پہنچے)، اور (یہ بات ضرور ہے کہ) وہ اپنے بندوں کے لئے کفر کو پسند نہیں کرتا (کیونکہ کفر سے بندوں کو ضرر پہنچتا ہے) اور اگر تم شکر کرو گے (جس کی فرد اعظم ایمان ہے)، تو (اُس کو کوئی نفع نہیں مگر چونکہ تمھارا نفع ہے اس لئے وہ)، اس کو تمھارے لئے پسند کرتا ہے اور (چونکہ ہمارے یہاں قاعدہ مقرر ہے کہ) کوئی کسی کا بوجھ (گناہ کا) نہیں اٹھاتا (اس لئے کفر کر کے یوں بھی نہ سمجھنا کہ ہمارا کفر دوسرے کے نامۂ اعمال میں کسی وجہ سے درج ہو جاوے گا اور ہم بری ہو جاویں گے خواہ اس وجہ سے کہ ہم دوسروں کے متبع ہیں معاصرین کے یا آباء اقدمین کے خواہ اس وجہ سے کہ دوسرے وعدہ اس بوجھ کے اٹھا لینے کا کرتے ہیں۔ جیسا بعض کفار کہا کرتے تھے۔ وَلْنَحْمِلْ خَطٰيٰكُمْ۔ غرض یہ نہ ہوگا بلکہ تمھارا کفر تمھارے جرائم میں لکھا جاوے گا) پھر اپنے پروردگار کے پاس تم کو لوٹ کر جانا ہوگا۔ سو وہ تمھارے سب اعمال تم کو جتلا دے گا (اور سزا دے گا پس یہ گمان بھی غلط ہے کہ ان کے اعمال کی پیشی کا وقت نہ آوے گا۔ اور) وہ دلوں تک کی باتوں کو جاننے والا ہے۔ پس یہ گمان بھی مت کرنا کہ ہمارے کفر کی شاید اس کو اطلاع نہ ہو جیسا کہ حدیثوں میں ہے کہ بعض لوگوں میں گفتگو ہوئی کہ معلوم نہیں اللہ تعالیٰ ہماری باتیں سنتا ہے یا نہیں، کسی نے کچھ جواب دیا کسی نے کچھ جواب دیا، جس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ الخ

اور (مشرک) آدمی (کی حالت یہ ہے کہ اُس) کو جب کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو اپنے رب (حقیقی) کو اسی کی طرف رجوع ہو کر پکارنے لگتا ہے۔ (اور سب معبودوں کو بھول جاتا ہے) پھر جب اللہ تعالیٰ اس کو اپنے پاس سے نعمت (امن و آسائش کی) عطا فرما دیتا ہے تو جس (تکلیف کے دفع کرنے) کے لئے پہلے سے (خدا کو) پکار رہا تھا اُس کو بھول جاتا ہے (اور غافل ہو جاتا ہے) اور خدا کے شریک بنانے لگتا ہے جس کا اثر (علاوہ اپنے گمراہ ہونے کے) یہ ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی راہ سے دوسروں کو (بھی) گمراہ کرتا ہے (اور اگر اس مصیبت کو پیش نظر رکھتے تو توحید میں اخلاص کو قائم رکھتا۔ یہ مشرک کی مذمت ہو گئی، آگے عذاب سے ڈرانا ہے کہ) آپ (ایسے

شخص سے) کہہ دیجئے کہ اپنے کفر کی بہار تھوڑے دنوں اور لوٹ لے (پھر آخر کار) تو دوزخیوں میں سے ہونیوالا ہے (آگے اہل توحید کی مدح و بشارت ہے یعنی) بھلا جو شخص (برعکس حال مشرک مذکور کے) اوقاتِ شب میں (جو عموماً غفلت کا وقت ہوتا ہے) سجدہ و قیام (یعنی نماز) کی حالت میں عبادت کر رہا ہو (یہ تو اس کا ظاہر ہے اور باطن یہ ہو کہ) آخرت سے ڈر رہا ہو اور اپنے پروردگار کی رحمت کی اُمید (بھی) کر رہا ہو۔ (کیا ایسا شخص اور مشرک مذکور برابر ہو سکتے ہیں؟ ہرگز نہیں بلکہ یہ قانت جو عبادت پر مداومت کرنے والا اور اللہ سے ڈرنے والا بھی ہے اور اس سے اُمید عفو و کرم رکھنے والا بھی، یہ محمود ہے اور مشرک جو مطلب نکال لینے کے بعد اخلاص کو چھوڑ دیتا ہے مذموم ہے اور چونکہ ان عبادات کے ترک کو کفار مذموم نہ سمجھتے تھے، اس لئے اس تفاوت کی بنا پر محمودیت و مذمومیت کے حکم میں ان کو شبہ ہو سکتا تھا، اس لئے آگے اس سے زیادہ واضح اور مسلّم عنوانوں سے اس حکم کا اثبات فرماتے ہیں یعنی اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم) آپ (ان سے بایں عنوان) کہیئے کہ علم والے اور جہل والے (کہیں) برابر ہوتے ہیں (چونکہ جہل کو ہر شخص برا سمجھتا ہے اس کے جواب میں اُن کی طرف سے بھی یہی کہا جا سکتا ہے کہ اہل جہل مذموم ہیں آگے یہ ثابت کرنا رہ جاوے گا، کہ صاحبِ عمل صاحبِ علم ہے اور عمل سے اعراض کرنے والا صاحبِ جہل ہے سو یہ امر ذرا تامل سے ثابت ہے اور ہر چند کہ اس بیان سے کفر و اہل کفر کا مذموم اور ایمان و اہل ایمان کا محمود ہونا ثابت ہو گیا لیکن پھر بھی) وہی لوگ نصیحت پکڑتے ہیں جو اہل عقل (سلیم) ہیں اور (جب اہل اطاعت کا عنداللہ محمود ہونا معلوم ہو گیا تو اطاعت کی ترغیب دینے کے لئے) آپ (مؤمنین کو میری طرف سے) کہہ دیجئے کہ اے میرے ایمان والے بندو تم اپنے پروردگار سے ڈرتے رہو (یعنی مداوم علی الطاعات و محترز عن المعاصی رہو کہ یہ سب فرع ہیں تقویٰ کے آگے اس کا ثمرہ ہے کہ) جو لوگ اس دنیا میں نیکی کرتے ہیں ان کے لئے نیک صلہ ہے (آخرت میں تو ضرور اور دنیا میں بھی باطنی راحت تو ضرور اور کبھی ظاہراً بھی) اور (اگر وطن میں کوئی نیکی کرنے سے مانع ہو تو ہجرت کر کے دوسری جگہ چلے جاؤ کیونکہ) اللہ کی زمین فراخ ہے (اور اگر ترک وطن میں کچھ تکلیف پہنچے تو استقلال رکھو کیونکہ دین میں) مستقل رہنے والوں کو ان کا صلہ بے شمار ہی ملے گا (پس اس سے ترغیب اطاعت کی ہو گئی)۔

معارف و مسائل

اِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنْكُمْ۔ یعنی نہ تمہارے ایمان سے اللہ تعالیٰ کا اپنا کوئی فائدہ نہ تمہارے کفر سے کوئی نقصان۔ صحیح مسلم کی حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ "اے میرے بندے

اگر تمہارے اوّلین اور آخرین اور تمہارے انسان اور جن سب کے سب انتہائی فسق و فجور میں مبتلا ہو جائیں تو میرے ملک و سلطنت میں ذرا بھی کمی نہیں آتی۔ (ابن کثیر)

وَلَا يَرْضٰى لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ۔ یعنی اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے کفر سے راضی نہیں۔ رضاء سے مراد محبت ہے یا کسی کام کا ارادہ کرنا بغیر اعتراض کے۔ اس کا مقابل لفظ سخط آتا ہے جس کے معنی کسی چیز کو مبغوض رکھنا یا کسی چیز کو قابلِ اعتراض قرار دینا اگرچہ اس کے ساتھ ارادہ بھی متعلق ہو۔

مسئلہ:۔ اہلسنت والجماعت کا عقیدہ یہ ہے کہ دنیا میں کوئی اچھا یا بُرا کام ایمان یا کفر اللہ تعالیٰ کی مشیت یا ارادہ کے بغیر وجود میں نہیں آسکتا۔ اس لئے ہر چیز کے وجود میں آنے کے لئے اللہ جل شانہٗ کا ارادہ شرط ہے۔ البتہ رضا اور پسندیدگی حق تعالیٰ کی صرف ایمان اور اچھے کاموں سے متعلق ہوتی ہے، کفر و شرک اور معاصی اس کو پسند نہیں۔ شیخ الاسلام نوویؒ نے اپنی کتاب الاصول والضوابط میں لکھا ہے:۔

مذهب اهل الحق الايمان بالقدر واثباته وان جميع الكائنات خيرها وشرها بقضاء الله وقدره وهو مريد لها كلها ويكره المعاصى مع انه تعالىٰ مريد لها لحكمة يعلمها جل وعلا

(روح المعانی)

مذہب اہلِ حق کا تقدیر پر ایمان لانا ہے اور یہ کہ تمام کائنات اچھی ہوں یا بُری سب اللہ تعالیٰ کے حکم و تقدیر سے وجود میں آتی ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کی تخلیق کا ارادہ بھی کرتا ہے مگر وہ معاصی کو مکروہ و ناپسند سمجھتا ہے۔ اگرچہ ان کی تخلیق کا ارادہ کسی حکمت و مصلحت سے ہوتا ہے جس کو وہ خود ہی جانتا ہے۔

اَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ اٰنَآءَ الَّيْلِ۔ لفظ اَمَّنْ دو لفظوں سے مرکب ہے۔ اَمْ حرف استفہام اور مَنْ اسم موصول اس جملے سے پہلے کفار کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے کہا گیا ہے کہ دنیا کی چند روزہ زندگی میں اپنے کفر اور فسق و فجور کے مزے اڑا لو، آخر کار تم جہنم کے ایندھن ہو گے۔ اس کے بعد اس جملے میں مؤمن مطیع کا بیان ہے جس کو اَمَّنْ کے لفظ سوال سے شروع کیا گیا ہے۔ علماء تفسیر نے فرمایا کہ اس سے پہلے ایک جملہ محذوف ہے کہ کافر سے کہا جائے گا کہ تو اچھا ہے یا وہ مؤمن مطیع جس کا ذکر آگے آتا ہے۔ لفظ قانت کے کئی ترجمے کئے گئے ہیں۔ سب کو جامع قول حضرت ابن مسعودؓ کا ہے۔ اس کے معنی ہیں اطاعت گزار اور یہ لفظ جب خاص نماز کے لئے بولا جائے۔ جیسے قُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ۔ تو وہاں مراد وہ شخص ہوتا ہے جو نماز میں اپنی نگاہ کو پست رکھے، اِدھر اُدھر نہ دیکھے، نہ اپنے بدن یا کپڑوں سے کھیل کرے، نہ دنیا کی کسی چیز کو اپنے اختیار سے نماز میں یاد کرے۔ بھول اور غیر اختیاری وسوسہ اس کے منافی نہیں۔ (قرطبی)

اٰنَآءَ الَّيْلِ کے معنی ساعات اللیل کے ہیں۔ جس سے مراد رات کا شروع حصہ اور درمیانی اور آخر ہے۔ حضرت ابن عباس رضؓ نے فرمایا کہ جو شخص یہ چاہتا ہے کہ محشر کے موقف حساب میں اللہ تعالیٰ اس پر آسانی فرماویں، اس کو چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ اس کو رات کی اندھیری میں سجدہ اور قیام کی حالت میں پائے۔ اس طرح کہ اس کو آخرت کی فکر بھی ہو اور رحمت کی اُمید بھی۔ بعض حضرات نے مغرب و عشاء کے درمیان کے وقت کو بھی اٰنَاءَ اللیل کہا ہے (قرطبی)۔

وَاَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ۔ اس سے پہلے جملے میں اعمال صالحہ کا حکم ہے۔ اس میں کوئی یہ عذر کر سکتا تھا کہ میں جس شہر یا ملک میں رہتا ہوں یا جس ماحول میں پھنسا ہوا ہوں، اس کا ماحول مجھے اعمال صالحہ سے روکتا ہے۔ اس کا جواب اس جملے میں دیدیا گیا کہ اگر کسی خاص ملک و شہر یا خاص ماحول میں رہتے ہوئے احکام شرعیہ کی پابندی مشکل نظر آئے تو اس کو چھوڑ دو اللہ کی زمین بہت وسیع ہے کسی ایسی جگہ اور ایسے ماحول میں جا کر رہو جو اطاعتِ احکام الٰہیہ کے لئے سازگار ہو۔ اس میں ترغیب ہے ایسی جگہ سے ہجرت کی جس میں رہتے ہوئے انسان احکامِ دین کی پابندی نہ کر سکے۔ ہجرت کے مفصل احکام سورۂ نساء میں آچکے ہیں۔

اِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ۔ بغیر حساب سے مراد یہ ہے کہ صبر کرنے والوں کا ثواب کسی مقرر اندازے اور پیمانے سے نہیں، بلکہ بے اندازہ و بے حساب دیا جائے گا۔ جیسا کہ روایتِ حدیث میں آگے آتا ہے اور بعض حضرات نے بغیر حساب کے معنی درخواست و مطالبہ کے لئے ہیں یعنی جیسے دنیا میں کسی کا کوئی حق کسی کے ذمہ ہو تو اسے اپنے حق کا خود مطالبہ کرنا پڑتا ہے لیکن اللہ کے یہاں صابروں کو درخواست اور مطالبہ کے بغیر ہی ان کا ثواب عطا کیا جائے گا۔

حضرت قتادہ رح نے فرمایا کہ حضرت انس رضؓ نے یہ حدیث سُنائی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے روز میزانِ عدل قائم کی جائیگی۔ اہلِ صدقہ آئیں گے تو ان کے صدقات کو تول کر اس کے حساب سے پورا پورا اجر دیدیا جائے گا۔ اسی طرح نماز اور حج وغیرہ عبادات والوں کی عبادات کو تول کر حساب سے ان کا اجر پورا دیدیا جائے گا۔ پھر جب بلاء اور مصیبت میں صبر کرنے والے آئیں گے تو ان کے لئے کوئی کیل اور وزن نہیں ہوگا۔ بلکہ بغیر حساب و اندازہ کے ان کی طرف اجر و ثواب بہا دیا جائے گا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ اِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ۔ یہاں تک کہ وہ لوگ جنکی دنیاوی زندگی عافیت میں گزری تمنا کرنے لگیں گے کہ کاش دنیا میں اُن کے بدن قینچیوں کے ذریعہ کاٹے گئے ہوتے تو ہمیں بھی صبر کا ایسا ہی صلہ ملتا۔

حضرت امام مالک رحؒ نے اس آیت میں صابرین سے مراد وہ لوگ لئے ہیں جو دنیا کی مصائب اور رنج و غم پر صبر کرنے والے ہیں اور بعض حضرات نے فرمایا کہ صابرین سے مراد وہ لوگ ہیں جو معاصی سے

اپنے نفس کو روکیں۔ قرطبیؒ فرماتے ہیں کہ لفظ صابر جب بغیر کسی دوسرے لفظ کے بولا جاتا ہے اُس سے مراد یہی ہوتا ہے جو اپنے نفس کو گناہوں سے باز رکھنے کی مشقت پر صبر کرے اور مصیبت پر صبر کرنے والے کے لئے لفظ صابر بولا جاتا ہے تو صابر علی کذا کے الفاظ بولے جاتے ہیں۔ یعنی فلاں مصیبت پر صبر کرنے والا۔ واللہ اعلم

قُلْ اِنِّیْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّیْنَ ﴿۱۱﴾ وَ

تو کہہ مجھ کو حکم ہے کہ بندگی کروں اللہ کی خالص کر کر اس کے لیے بندگی اور

اُمِرْتُ لِاَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ الْمُسْلِمِیْنَ ﴿۱۲﴾ قُلْ اِنِّیْٓ اَخَافُ

حکم ہے کہ میں ہوؤں سب سے پہلے حکم بردار تو کہہ میں ڈرتا ہوں

اِنْ عَصَیْتُ رَبِّیْ عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ﴿۱۳﴾ قُلِ اللّٰهَ اَعْبُدُ

اگر حکم نہ مانوں اپنے رب کا ایک بڑے دن کے عذاب سے تو کہہ میں تو اللہ کو پوجتا

مُخْلِصًا لَّهٗ دِیْنِیْ ﴿۱۴﴾ فَاعْبُدُوْا مَا شِئْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ ؕ قُلْ

ہوں خالص کر کر اپنی بندگی اس کے واسطے اب تم پوجو جس کو چاہو اس کے سوائے تو کہہ

اِنَّ الْخٰسِرِیْنَ الَّذِیْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَ اَهْلِیْهِمْ

بڑے ہارنے والے وہ جو ہار بیٹھے اپنی جان کو اور اپنے گھر والوں کو

یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ؕ اَلَا ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِیْنُ ﴿۱۵﴾ لَهُمْ

قیامت کے دن سنتا ہے یہی ہے صریح ٹوٹا ان کے

مِّنْ فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَ مِنْ تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ ؕ ذٰلِكَ

واسطے اوپر سے بادل ہیں آگ کے اور ان کے نیچے سے بادل اس چیز

یُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهٖ عِبَادَهٗ ؕ یٰعِبَادِ فَاتَّقُوْنِ ﴿۱۶﴾ وَ الَّذِیْنَ

سے ڈراتا ہے اللہ اپنے بندوں کو اے بندو میرے تو مجھ سے ڈرو اور جو لوگ بچے

اجْتَنَبُوا الطَّاغُوْتَ اَنْ یَّعْبُدُوْهَا وَ اَنَابُوْٓا اِلَى اللّٰهِ لَهُمُ

شیطانوں سے کہ ان کو پوجیں اور رجوع ہوئے اللہ کی طرف ان کے لئے

الْبُشْرٰی ۚ فَبَشِّرْ عِبَادِ ﴿۱۷﴾ الَّذِیْنَ یَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَیَتَّبِعُوْنَ

ہے خوشخبری سو تو خوشی سنا دے میرے بندوں کو جو سنتے ہیں بات پھر چلتے ہیں

اَحْسَنَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ هَدٰىهُمُ اللّٰهُ وَ اُولٰٓئِكَ هُمْ

اس پر جو اس میں نیک ہے وہی ہیں جن کو رستہ دیا اللہ نے اور وہی ہیں

۲

أُولُوا الْأَلْبَابِ ﴿۱۸﴾ أَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ ط أَفَأَنْتَ

عقل والے بھلا جس پر ٹھیک ہو چکا عذاب کا حکم بھلا تو

تُنْقِذُ مَنْ فِي النَّارِ ﴿۱۹﴾ لٰكِنِ الَّذِينَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ

خلاص کر سکے گا اس کو جو آگ میں پڑ چکا لیکن جو ڈرتے ہیں اپنے رب سے ان کے واسطے ہیں جھروکے

مِنْ فَوْقِهَا غُرَفٌ مَبْنِيَّةٌ لا تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ ط

ان کے اوپر اور جھروکے چنے ہوئے اُن کے نیچے بہتی ہیں ندیاں

وَعْدَ اللّٰهِ ط لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ الْمِيعَادَ ﴿۲۰﴾

وعدہ ہو چکا اللہ کا اللہ نہیں خلاف کرتا اپنا وعدہ ۔

خُلاصۂ تفسیر

آپ کہہ دیجئے کہ مجھ کو (منجانب اللہ) حکم ہوا ہے کہ میں اللہ کی اس طرح عبادت کروں کہ عبادت کو اُسی کے لئے خالص رکھوں (یعنی اس میں شائبۂ شرک کا نہ ہو) اور مجھ کو (یہ بھی) حکم ہوا ہے کہ (اس اُمت کے لوگوں میں) سب مسلمانوں میں اوّل (اسلام کو حق ماننے والا) میں ہوں (اور ظاہر ہے کہ قبول احکام میں نبی کا اوّل ہونا ضروری ہے اور) آپ (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ اگر (بفرض محال) میں اپنے رب کا کہنا نہ مانوں تو میں ایک بڑے دن (یعنی قیامت) کے عذاب کا اندیشہ رکھتا ہوں اور آپ (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ مجھے جس بات کا حکم ہوا ہے میں تو اسی پر کاربند ہوں چنانچہ) میں تو اللہ ہی کی عبادت اس طرح کرتا ہوں کہ عبادت کو اسی کے لئے خالص رکھتا ہوں (جس میں شرک کا ذرا سا شائبہ نہیں) تو (اس کا تقاضا تو یہ ہے کہ تم بھی ایسی ہی خالص عبادت کرو لیکن اگر تم نہیں مانتے تو تم جانو اور) خدا کو چھوڑ کر تمہارا دل جس چیز (کی عبادت) کو چاہے اس کی عبادت کرو (قیامت کے روز اس کا مزہ چکھو گے اور) آپ اُن سے (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ پورے زیاں کار وہی لوگ ہیں جو اپنی جانوں سے اور اپنے متعلقین سے قیامت کے روز خسارے میں پڑے (یعنی نہ اپنی جان سے اس کو کوئی فائدہ پہونچا اور نہ اپنے متعلقین سے کیونکہ وہ متعلقین بھی اگر انھیں کی طرح گمراہ تھے تو وہ بھی گرفتار عذاب ہوں گے دوسروں کو کیا فائدہ پہنچائیں گے اور اگر وہ مومن مخلص ہو کر جنت میں ہوں گے تو بھی وہ کافروں کی کوئی سفارش کر کے نفع نہیں پہنچا سکتے) یاد رکھو کہ کھلا ہوا خسارہ یہ ہے کہ اُن کے لئے اُن کے اوپر سے بھی آگ کے شعلے ہوں گے اور اُن کے نیچے سے بھی آگ کے محیط شعلے ہوں گے یہ وہی (عذاب) ہے جس سے اللہ اپنے بندوں کو ڈراتا ہے (اور اس سے بچنے کی تدبیریں بتلاتا ہے جو دین حق پر عمل کرنا ہے سو) اے میرے بندو مجھ سے (یعنی میرے عذاب سے) ڈرو (یہ حال تو کفار مشرکین کا ہوا) اور

جو لوگ شیطان کی عبادت سے بچتے ہیں (شیطان کی عبادت سے مراد اسکی اطاعت ہے) اور (ہمہ تن) اللہ کی طرف متوجہ ہوتے ہیں، (وہ مستحق خوشخبری سنانے کے ہیں) سو آپ میرے ان بندوں کو خوشخبری سنا دیجیے۔ جو (اس صفت کے ساتھ بھی موصوف ہیں کہ) اس کلام (الٰہی) کو کان لگا کر سنتے ہیں۔ پھر اس کی اچھی باتوں پر (اور اللہ کے احکام سب اچھے ہیں۔ جیسا کہ آگے آیت اَحْسَنَ الْحَدِیْثِ میں آتا ہے) چلتے ہیں یہی ہیں جن کو اللہ نے ہدایت کی ہے اور یہی ہیں جو اہل عقل ہیں (سو ان لوگوں کو بشارت دیدیجیے۔ جس چیز کی بشارت دینا ہے اس کا بیان تو آگے آئے گا آیت لٰکِنِ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا میں درمیان میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دینے کے لئے یہ بیان کیا گیا ہے کہ ان کافروں کا مومن بنا دینا آپ کے اختیار سے خارج ہے اس لئے اس پر کوئی غم نہ کریں کہ) بھلا جس شخص پر عذاب کی (ازلی تقدیری) بات محقق ہو چکی تو کیا آپ ایسے شخص کو جو کہ (علم الٰہی میں) دوزخ میں ہے (موجبات جہنم سے) چھڑا سکتے ہیں (یعنی جو دوزخ میں جانے والے ہیں وہ کوشش سے بھی گمراہی سے باز نہیں آویں گے، اس لئے اُن پر افسوس اور غم بے کار ہے) لیکن جو لوگ (ایسے ہیں کہ اُن کے حق میں کَلِمَۃُ الْعَذَابِ محقق نہیں ہوا، اور اس وجہ سے وہ آپ سے احکام سن کر) اپنے رب سے ڈرتے رہے۔ ان کے لئے (جنت کے) بالاخانے ہیں جن کے اوپر اور بالاخانے ہیں جو بنے بنائے تیار ہیں (اور) اُن کے نیچے نہریں چل رہی ہیں۔ یہ اللہ نے وعدہ کیا ہے (اور) اللہ وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

(یہ مضمون اس بشارت کا ہے جس کا آپ کو حکم دیا گیا ہے فَبَشِّرْ عِبَادِ۔)

معارف و مسائل

فَبَشِّرْ عِبَادِ الَّذِیْنَ یَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَیَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ هَدٰىهُمُ اللّٰهُ وَاُولٰٓئِكَ هُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ۔

اس آیت کی تفسیر میں حضرات مفسرین کے اقوال متعدد ہیں۔ ایک قول وہ ہے جس کو ابن کثیر نے لیا اور خلاصہ تفسیر مذکور میں اسی کو اختیار کیا گیا ہے۔ وہ یہ ہے کہ قول سے مراد اللہ کا کلام قرآن یا قرآن مع تعلیمات رسول ہے اور وہ سب احسن ہی احسن ہے۔ اس لئے مقتضی مقام کا بظاہر یہ تھا کہ یَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَیَتَّبِعُوْنَهٗ کہا جاتا مگر اس کی جگہ لفظ احسن کا اضافہ کر کے اس طرف اشارہ فرما دیا کہ ان لوگوں نے قرآن اور تعلیمات رسول کا اتباع بے بصیرتی کے ساتھ نہیں کیا جیسا بے وقوف لوگوں کا طریقہ ہے کہ جس کی بات سنی بغیر کسی تحقیق و بصیرت کے اس کا اتباع کرنے لگے بلکہ ان لوگوں نے اللہ اور اس کے رسول کے کلام کو حق اور

احسن دیکھنے کے بعد اس کا اتباع کیا ہے۔ اس کے نتیجہ میں آخر آیت میں ان کو اُولُوا الْاَلْبَابِ یعنی عقل والے ہونے کا خطاب دیا گیا ہے۔ اس کی نظیر قرآن ہی میں وہ ارشاد ہے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کو تورات کے متعلق ہوا ہے۔ فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ وَّأْمُرْ قَوْمَكَ يَأْخُذُوا بِأَحْسَنِهَا۔ یہاں بھی احسن سے مراد پوری تورات اور اس کے احکام ہیں۔ اسی طرح مذکورہ آیات میں استماع قول سے مراد استماع قرآن اور اتباع احسن سے مراد اتباع پورے قرآن کا ہے جس کو اگلی آیت میں احسن الحدیث فرمایا گیا ہے۔ اسی تفسیر میں کہ قول سے مراد خاص قرآن لیا جائے بعض حضرات نے یہ بھی فرمایا ہے کہ قرآن کریم میں بھی بہت سے احکام میں حسن اور احسن کے درجات رکھے ہیں۔ مثلاً انتقام اور عفو دونوں جائز ہیں۔ مگر عفو احسن و افضل ہے، وَاَنْ تَصْبِرُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ۔ بہت سی چیزیں جس میں قرآن نے انسان کو اختیار دیا ہے کہ دونوں میں جس کو چاہے اختیار کرے کوئی گناہ نہیں۔ مگر ان میں سے کسی ایک کو احسن و افضل بھی فرما دیا، جیسے وَاَنْ تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى میں ہے۔ بہت سی چیزوں میں رخصت دی گئی ہے مگر عزیمت پر عمل کو احسن و افضل فرمایا ہے تو مراد آیت کی یہ ہو گئی کہ یہ لوگ احکام قرآن رخصت کے بھی سنتے ہیں۔ عزیمت کے بھی مگر اتباع بجائے رخصت کے عزیمت کا کرتے ہیں۔ اور جن دو چیزوں میں ایک حسن ہو دوسری احسن، یہ اُن میں سے احسن ہی کو عمل کے لئے اختیار کرتے ہیں۔

اور بہت سے حضرات مفسرین نے اس جگہ قول سے مراد عام لوگوں کے اقوال لئے ہیں جن میں توحید و شرک، کفر و اسلام، حق و باطل پھر حق میں حسن اور احسن اور راجح و مرجوح سب داخل ہیں۔ مطلب آیت کا اس تفسیر پر یہ ہے کہ یہ لوگ باتیں تو سب کی سنتے ہیں۔ کفار کی بھی مومنین کی بھی۔ حق بھی، باطل بھی، اچھی بھی اور بُری بھی لیکن اتباع صرف اسی بات کا کرتے ہیں جو احسن ہے۔ توحید و شرک میں سے توحید کا حق و باطل میں سے حق کا اور حق کے مختلف درجات ہوں تو اُن میں جو احسن اور راجح ہو اس کا اتباع کرتے ہیں۔ اسی لئے ان کو دو صفتوں کے ساتھ موصوف کیا گیا۔ پہلی هَدٰىهُمُ اللّٰهُ یعنی یہ لوگ اللہ کی طرف سے ہدایت یافتہ ہیں۔ اس لئے مختلف قسم کی باتیں سن کر بھٹکتے نہیں۔ دوسرے اُولٰٓئِكَ هُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ۔ یعنی یہ لوگ عقل والے ہیں، عقل کا کام ہی یہ ہے کہ اچھے بُرے اور حق و باطل میں تمیز کرے۔ اور حسن و احسن کو پہچان کر احسن کو اختیار کرے۔

اسی لئے کہا گیا ہے کہ یہ آیت زید بن عمرو بن نفیل، ابو ذر غفاری اور سلمان فارسی رضی اللہ عنہم کے بارے میں نازل ہوئی۔ زید بن عمرو بن نفیل زمانۂ جاہلیت میں بھی شرک و بُت پرستی سے نفرت کرتے تھے۔ حضرت ابو ذر غفاریؓ اور سلمان فارسیؓ مختلف اہل مذاہب مشرکین پھر یہود و نصاریٰ کی باتیں سُننے اور اُن کے طور و طریق دیکھنے کے بعد ایمان لائے اور قرآنی تعلیمات کو سب سے احسن پا کر اُن کو ترجیح دی۔

(قرطبی)

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَلَكَهٗ يَنَابِيْعَ

کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے اتارا آسمان سے پانی پھر چلایا وہ پانی چشموں میں

فِى الْاَرْضِ ثُمَّ يُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ

زمین کے پھر نکالتا ہے اس سے کھیتی کئی کئی رنگ بدلتے اس پر پھر آئے

مُصْفَرًّا ثُمَّ يَجْعَلُهٗ حُطَامًا ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى

تیاری پر تو دیکھے اس کا رنگ زرد، پھر کر ڈالتا ہے اس کو چورا چورا بے شک اس میں نصیحت ہے

لِاُولِى الْاَلْبَابِ ﴿۲۱﴾ اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ ع ۲ ۱۲ ۱۶

عقلمندوں کے واسطے بھلا جس کا سینہ کھول دیا اللہ نے دین اسلام کے واسطے

فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ فَوَيْلٌ لِّلْقٰسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ

سو وہ روشنی میں ہے اپنے رب کی طرف سے سو خرابی ہے ان کو جن کے دل سخت ہیں اللہ کی

ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ فِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۲﴾ اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ

یاد سے وہ پڑے پھرتے ہیں بھٹکتے صریح اللہ نے اتاری بہتر بات

الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِىَ ۖ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ

کتاب آپس میں ملتی دوہرائی ہوئی (بال کھڑے ہوتے ہیں اس سے کھال پر

يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى

ان لوگوں کے جو ڈرتے ہیں اپنے رب سے پھر نرم ہوتی ہیں ان کی کھالیں اور ان کے دل اللہ کی

ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِىْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

یاد پر یہ ہے راہ دینا اللہ کا اس طرح راہ دیتا ہے جس کو چاہے

وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۲۳﴾

اور جس کو راہ بھلائے اللہ اس کو کوئی نہیں سمجھانے والا۔

خُلاصۂ تفسیر

(اے مخاطب) کیا تو نے اس (بات) پر نظر نہیں کی اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی برسایا پھر اس کو زمین کے سوتوں میں (یعنی ان قطعات میں جہاں سے پانی اُبل کر کنوؤں اور چشموں کے ذریعہ نکلتا ہے) داخل کر دیتا ہے۔ پھر (جب وہ اُبلتا ہے تو) اُس کے ذریعہ سے کھیتیاں پیدا کرتا ہے جس کی مختلف قسمیں ہیں، پھر وہ کھیتی بالکل خشک ہو جاتی ہے سو اس کو تو زرد دیکھتا ہے پھر (اللہ تعالیٰ) اس کو چورا چورا کر دیتا

ہے اس (نمونہ) میں اہلِ عقل کے لئے بڑی عبرت ہے (کہ یہی حالت بعینہٖ انسان کی دنیوی حیات کی ہے، آخر فنا آخر فنا تو اس میں منہمک ہو کر ابدی راحت سے محروم رہنا اور ابدی مصیبت کو سر پر لینا نہایت حماقت ہے، گو ہمارا بیان نہایت بلیغ ہے مگر پھر بھی سب سننے والے باہم متفاوت ہیں) سو جس شخص کا سینہ اللہ تعالیٰ نے اسلام (کے قبول کرنے) کے لئے کھول دیا (یعنی اسلام کی حقیت کا اُس کو یقین آ گیا) اور وہ اپنے پروردگار کے (عطا کئے ہوئے) نور (یعنی ہدایت کے مقتضا) پر (چل رہا) ہے (یعنی یقین لا کر اُس کے موافق عمل کرنے لگا کیا وہ شخص اور اہلِ قساوت برابر ہیں جن کا ذکر آگے آتا ہے) سو جن لوگوں کے دل خدا کے ذکر سے (اس میں احکام و مواعید سب آ گئے) متاثر نہیں ہوتے (یعنی ایمان نہیں لاتے) اُن کے لئے (قیامت میں) بڑی خرابی ہے (اور دنیا میں) یہ لوگ کھلی گمراہی میں (گرفتار) ہیں (آگے اس نور اور ذکر کا بیان ہے یعنی) اللہ تعالیٰ نے بڑا عمدہ کلام (یعنی قرآن) نازل فرمایا ہے جو ایسی کتاب ہے کہ (باعتبار اعجاز نظم و صحت معانی کے) باہم ملتی جلتی ہے (اور جس میں سمجھانے کے لئے بعض بعض بہت ضروری بات) بار بار دُہرائی گئی (وہذا کقولہ تعالیٰ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا الخ جس میں باوجود فائدہ تاکید و رسوخ مدعا کے قلبِ مخاطب میں ہر جگہ خاص خاص لطائف کا بھی لحاظ ہوتا ہے جس سے خالی تکرار نہیں رہتا اور مثانی ہونا یعنی بار بار دُہرایا جانا دلیل ہے، ہدایت پر مشتمل ہونے کی) جس سے اُن لوگوں کے جو کہ اپنے رب سے ڈرتے ہیں بدن کانپ اُٹھتے ہیں (یہ کنایہ ہے خوف سے گو قلب ہی میں رہے بدن پر اثر نہ آوے اور گو وہ خوف عقلی و ایمانی ہو، طبعی و حالی نہ ہو) پھر ان کے بدن اور دل نرم ہو کر اللہ کے ذکر (یعنی کتاب اللہ پر عمل کرنے) کی طرف متوجہ ہو جاتے ہیں (یعنی ڈر کر اعمال جوارح و اعمال قلب کو انقیاد اور توجہ سے بجالاتے ہیں اور) یہ (قرآن) اللہ کی ہدایت ہے جسکو وہ چاہتا ہے اُس کے لئے ذریعہ ہدایت کرتا ہے (جیسا خائفین کا حال ابھی سُنایا گیا) اور خدا جس کو گمراہ کرتا ہے اس کا کوئی ہادی نہیں (جیسا قاسین یعنی سخت دل کافروں کا حال ابھی سُنایا گیا)

معارف و مسائل

فَسَلَكَهٗ يَنَابِيْعَ فِي الْاَرْضِ۔ ینابیع ینبوع کی جمع ہے جس کے معنی زمین سے پھوٹنے والے چشمے کے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ آسمان سے پانی نازل کر دینا ہی ایک عظیم الشان نعمت ہے مگر اس نعمت کو اگر زمین کے اندر محفوظ کر دینے کا انتظام نہ کیا جاتا تو انسان اُس سے صرف بارش کے وقت یا اس کے متصل چند دن تک فائدہ اٹھا سکتا۔ حالانکہ پانی اس کی زندگی کا مدار اور ایسی ضرورت ہے جس سے وہ ایک دن بھی مستغنی نہیں ہو سکتا۔ اس لئے حق تعالیٰ نے صرف اس نعمت کے نازل کرنے پر اکتفا نہیں فرمایا

بلکہ اُس کے محفوظ کرنے کے عجیب عجیب سامان فرما دیئے۔ کچھ تو زمین کے گڑھوں، حوضوں اور تالابوں میں محفوظ ہو جاتا ہے اور بہت بڑا ذخیرہ برف بنا کر پہاڑوں کی چوٹیوں پر لاد دیا جاتا ہے۔ جس سے اس کے سڑنے اور خراب ہونے کا امکان نہیں رہتا۔ پھر وہ برف آہستہ آہستہ پگھل کر پہاڑی رگوں کے ساتھ زمین میں اُتر جاتا ہے اور جا بجا اُبلنے والے چشموں کی صورت میں خود بخود بغیر کسی انسانی عمل کے پھوٹ نکلتا ہے اور ندیوں کی شکل میں زمین میں بہنے لگتا ہے اور باقی پانی پوری زمین کی گہرائی میں چلتا رہتا ہے جس کو کنواں کھود کر ہر جگہ نکالا جا سکتا ہے۔

قرآنِ کریم میں اس نظامِ آبپاشی کی پوری تفصیل کو سورۂ مؤمنون میں آیتِ فَاَسْكَنّٰهُ فِي الْاَرْضِ وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ کے تحت بیان کیا گیا ہے۔

مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ۔ کھیتی کے اگنے کے وقت اور پکنے کے وقت اُس پر مختلف رنگ آتے جاتے رہتے ہیں اور چونکہ اِن رنگوں میں انقلاب اور تجدد ہے۔ اس لئے مُخْتَلِفًا کو ترکیب نحوی میں حال بنا کر منصوب کیا گیا ہے جو تجدد پر دلالت کرتا ہے۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ۔ یعنی پانی اُتارنے اور اس کو محفوظ کر کے انسان کے کام میں لگانے پھر اس سے قسم قسم کی نباتات اور درخت اُگانے اور ان درختوں پر مختلف رنگ آنے کے بعد آخر میں زرد خشک ہو کر غلّہ الگ اور بھوسہ الگ ہو جانے میں بڑی نصیحت ہے عقل والوں کے لئے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی عظیم الشان قدرت و حکمت کے دلائل ہیں۔ جن کو دیکھ کر انسان اپنی تخلیق کے معاملہ کی حقیقت بھی پہچان سکتا ہے جو ذریعہ ہو سکتی ہے اپنے خالق و مالک کے پہچاننے کا۔

اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ۔ شَرَح کے لفظی معنے کھولنے، پھیلانے اور وسیع کرنے کے ہیں۔ شرح صدر کے معنی وسعت قلب کے ہیں۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ قلب میں اسکی استعداد موجود ہو کہ وہ تلوینی آیاتِ الٰہیہ آسمان و زمین اور خود اپنی پیدائش وغیرہ میں غور کر کے عبرت اور فوائد حاصل کرے اسی طرح جو آیاتِ الٰہیہ بصورت کتاب و احکام نازل کی جاتی ہیں اُن میں غور کر کے استفادہ کر سکے۔ اس کا بالمقابل دل تنگی اور قساوتِ قلب ہے۔ قرآنِ کریم کی ایک آیت يَجْعَلْ صَدْرَهٗ ضَيِّقًا حَرَجًا اور اس جگہ اگلی آیت میں لِلْقَاسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ اسی شرح صدر کے بالمقابل آیا ہے۔

حضرت عبداللہ ابنِ مسعود رض سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب یہ آیت اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ تلاوت فرمائی تو ہم نے آپ سے شرح صدر کا مطلب پوچھا آپ نے فرمایا کہ جب نورِ ایمان انسان کے قلب میں داخل ہوتا ہے تو اس کا قلب وسیع ہو جاتا ہے (جس سے احکام الٰہیہ کا سمجھنا اور عمل کرنا اس کے لئے آسان ہو جاتا ہے)۔ ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، اس (شرح صدر) کی

علامت کیا ہے تو آپؐ نے فرمایا:۔

الانابۃ الی دار الخلود والتجافی عن دار الغرور والتأھب للموت قبل نزولہ۔

رواہ الحاکم فی المستدرک والبیہقی فی شعب الایمان۔

(روح المعانی)

ہمیشہ رہنے والے گھر کی طرف راغب اور مائل ہونا اور دھوکے کے گھر یعنی دنیا (کی لذائذ اور زینت) سے دور رہنا اور موت کے آنے سے پہلے اس کی تیاری کرنا۔

آیت مذکورہ کو حرف استفہام اَفَمَنْ سے شروع کیا گیا جس کا مفہوم یہ ہے کہ کیا ایسا شخص جس کا دل اسلام کے لئے کھول دیا گیا ہو اور وہ اپنے رب کی طرف سے آئے ہوئے نور پر ہے یعنی اس کی روشنی میں سب کام کرتا ہے — اور وہ آدمی جو دل تنگ اور سخت دل ہو کہیں برابر ہو سکتے ہیں۔ اس کے بالمقابل سخت دل کا ذکر اگلی آیت میں عذاب ویل کے ساتھ کیا گیا ہے۔

فَوَيْلٌ لِّلْقٰسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ۔ قاسیۃ قساوت سے مشتق ہے جس کے معنی سخت دل ہونا جس کو کسی پر رحم نہ آئے اور جو اللہ کے ذکر اور اس کے احکام سے کوئی اثر قبول نہ کرے۔

اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ۔ اس سے پہلی آیت میں اللہ کے مقبول بندوں کا یہ حال ذکر کیا گیا تھا کہ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ اس آیت میں بتلا دیا کہ پورا قرآن ہی اَحْسَنُ الْحَدِيْث ہے۔ حدیث کے لفظی معنی اس کلام یا قصے کے ہیں جو بیان کیا جاتا ہے۔ قرآن کو احسن الحدیث فرمانے کا حاصل یہ ہے کہ انسان جو کچھ کہتا بولتا ہے اس سب میں احسن الکلام قرآن ہے۔ آگے قرآن کی چند صفات ذکر فرمائی ہیں۔ ایک كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا متشابہ سے مراد اس جگہ متماثل ہے۔ یعنی مضامین قرآنیہ ایک دوسرے سے مربوط اور مماثل ہیں کہ ایک آیت کی تشریح و تصدیق دوسری آیت سے ہو جاتی ہے۔ اس کلام میں تضاد و تعارض کا نام نہیں ہے۔ دوسری صفت مثانی ہے جو مثنیٰ کی جمع ہے جس کے معنی مکرر کے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ قرآن کریم میں ایک مضمون کو ذہن نشین کرنے کے لئے بار بار دہرایا جاتا ہے تیسری صفت یہ بیان فرمائی کہ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ۔ یعنی اللہ کی عظمت سے متاثر ہو کر ڈرنے والوں کا قرآن پڑھ کر خشیت و ہیبت کا یہ عالم ہوتا ہے کہ ان کے بدن پر بال کھڑے ہو جاتے ہیں۔ چوتھی صفت یہ ہے کہ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ۔ یعنی تلاوت قرآن کا اثر کبھی عذاب کی وعید سن کر یہ ہوتا ہے کہ بدن کے بال کھڑے ہو جاتے ہیں اور کبھی رحمت و مغفرت کی آیات سن کر یہ حال ہوتا ہے کہ بدن اور قلب سب اللہ کی یاد میں نرم ہو جاتے ہیں۔ حضرت اسماء بنت ابی بکرؓ فرماتی ہیں کہ صحابہ کرام کا عام حال یہی تھا کہ جب ان کے سامنے قرآن پڑھا جاتا تو ان کی آنکھوں میں آنسو آجاتے اور بدن پر بال کھڑے ہو جاتے۔ (قرطبی)۔

حضرت عبداللہ ابن عباس رضؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس بندے کے بدن پر اللہ کے خوف سے بال کھڑے ہو جاویں تو اللہ تعالیٰ اس کے بدن کو آگ پر حرام کر دیتے ہیں (قرطبی)

أَفَمَنْ يَّتَّقِيْ بِوَجْهِهٖ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ

بھلا ایک وہ جو روکتا ہے اپنے منہ پر برا عذاب دن قیامت کے

وَقِيْلَ لِلظّٰلِمِيْنَ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۲۴﴾ كَذَّبَ

اور کہے گا بے انصافوں کو چکھو جو تم کماتے تھے جھٹلا چکے

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ

ہیں ان سے اگلے پھر پہنچا ان پر عذاب ایسی جگہ سے کہ ان کو

لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۵﴾ فَاَذَاقَهُمُ اللّٰهُ الْخِزْيَ فِي الْحَيٰوةِ

خیال بھی نہ تھا پھر چکھائی ان کو اللہ نے رسوائی دنیا کی

الدُّنْيَا ۚ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾

زندگی میں اور عذاب آخرت کا تو بہت ہی بڑا ہے اگر ان کو سمجھ ہوتی

وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ

اور ہم نے بیان کی لوگوں کے واسطے اس قرآن میں سب چیز کی مثل

لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۷﴾ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِيْ

تاکہ وہ دھیان کریں قرآن ہے عربی زبان کا جس میں

عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۲۸﴾

کجی نہیں تاکہ وہ بچ کر چلیں۔

خُلاصۂ تفسیر

بھلا جو شخص اپنے منہ کو قیامت کے روز سخت عذاب کی سپر بنا دے گا اور ایسے ظالموں کو حکم ہوگا کہ جو کچھ تم کیا کرتے تھے (اب) اس کا مزہ چکھو تو کیا یہ (گرفتار عذاب) اور جو ایسا نہ ہو برابر ہو سکتے ہیں (اور کفار ان عذابوں کو سن کر انکار نہ کریں کیونکہ) جو لوگ ان سے پہلے ہو چکے ہیں انھوں نے بھی (حق کو) جھٹلایا تھا سو ان پر عذاب ایسے طور پر آیا کہ ان کو خیال بھی نہ تھا سو اللہ تعالیٰ نے

ان کو اسی دنیوی زندگی میں بھی رسوائی کا مزہ چکھایا۔ (کہ زمین میں دھنس جانے اور چہرہ بگڑ جانے اور آسمان سے پتھر برسنے وغیرہ کے عذاب سے دنیا میں بدنام ہوئے) اور آخرت کا عذاب اور بھی بڑا ہے کاش یہ لوگ سمجھ جاتے (اوپر کی ایک آیت اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰہُ صَدْرَہٗ میں یہ بیان ہوا تھا کہ قرآن سن کر بعض لوگ متاثر ہوتے ہیں بعض نہیں ہوتے۔ آگے آیت میں یہ بیان ہے کہ بعض لوگوں کا اس سے متاثر نہ ہونا انکی اپنی قابلیت و صلاحیت کی کمی کی وجہ سے ہے، ورنہ قرآن فی نفسہٖ سب کے لئے اثر برابر رکھتا ہے، جس کا خلاصہ یہ ہے کہ یہ تفاوت قابلیت کے اعتبار سے ہے۔ فاعل میں کوئی نقص اور کمی نہیں) اور ہم نے لوگوں (کی ہدایت) کے لئے اس قرآن میں ہر قسم کے (ضروری) عمدہ مضامین بیان کئے ہیں تاکہ یہ لوگ نصیحت پکڑیں جس کی کیفیت یہ ہے کہ وہ عربی قرآن ہے جس میں ذرا بھی کجی نہیں (اور یہ مضامین اسلئے لائے گئے) تاکہ یہ لوگ (ان سچے اور صاف مضامین کو سن کر) ڈریں (معلوم ہوا کہ قرآنِ پاک کے کتاب الہدایۃ ہونے میں جن صفات کی ضرورت تھی وہ سب اس میں جمع ہیں کہ اس کے مضامین بھی سب سچے اور صاف واضح ہیں اور زبان بھی عربی ہے جس کو موجودہ مخاطب بلا واسطہ سمجھ سکتے ہیں، پھر ان کے ذریعہ سے دوسروں کا سمجھ لینا بھی آسان ہو سکتا ہے۔ غرض اس کتابِ ہدایت میں تو کوئی کمی نہیں۔ کسی میں قبول کرنے کی استعداد اور صلاحیت ہی نہ ہو تو کیا کیا جائے۔)

مَعارف و مَسائل

اَفَمَنْ یَّتَّقِیْ بِوَجْهِهٖ ۔ اس میں جہنّم کے سخت ہولناک ہونے کا بیان ہے کہ انسان کی عادت دنیا میں یہ ہے کہ کوئی تکلیف کی چیز سامنے آجائے تو اپنے ہاتھوں اور پاؤں کو چہرہ بچانے کے لئے ڈھال بنا کر دفع کرتا ہے۔ مگر خدا کی پناہ اہلِ جہنّم کو یہ ہاتھ پاؤں سے مدافعت بھی نصیب نہیں ہوگی، ان پر جو عذاب آئے گا وہ براہِ راست ان کے چہروں پر پڑے گا۔ وہ مدافعت بھی کرنا چاہے تو چہرہ ہی کو ڈھال بنا سکے گا کیونکہ جہنّم میں اس کو ہاتھ پاؤں باندھ کر ڈالا جائے گا۔ نعوذ باللہ منہ۔

آئمہ تفسیر میں سے حضرت عطاء ابن زید نے فرمایا کہ جہنّمی کو جہنّم میں ہاتھ پاؤں باندھ کر گھسیٹ کر ڈالا جائے گا۔ (قرطبی)

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِیْهِ شُرَكَآءُ مُتَشٰكِسُوْنَ

اللہ نے بتلائی ایک مثل ایک مرد ہے کہ اُس میں شریک ہیں کئی ضدی

وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ ۭ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ۭ

اور ایک مرد ہے پورا ایک شخص کا کیا برابر ہوتی ہیں دونوں مثل

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۲۹ اِنَّكَ مَيِّتٌ

سب خوبی اللہ کے لئے ہے پر وہ بہت لوگ سمجھ نہیں رکھتے بے شک تو بھی مرتا ہے

وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ۝۳۰ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ

اور وہ بھی مرتے ہیں پھر مقرر تم قیامت کے دن اپنے رب کے آگے

تَخْتَصِمُوْنَ ۝۳۱ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ ع ۳ ۱۰ ۱۷

جھگڑو گے پھر اس سے زیادہ ظالم کون جس نے جھوٹ بولا اللہ پر

وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ اِذْ جَاۗءَهٗ ۭ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ

اور جھٹلایا سچی بات کو جب پہنچی اس کے پاس کیا نہیں دوزخ میں

مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ۝۳۲ وَالَّذِيْ جَاۗءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ

ٹھکانا منکروں کا اور جو لے کر آیا سچی بات اور سچ مانا

بِهٖٓ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ۝۳۳ لَهُمْ مَّا يَشَاۗءُوْنَ عِنْدَ

جس نے اس کو وہی لوگ ہیں ڈر والے ان کے لئے ہے جو وہ چاہیں اپنے

رَبِّهِمْ ۭ ذٰلِكَ جَزٰۗؤُا الْمُحْسِنِيْنَ ۝۳۴ لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ ج صلے

رب کے پاس یہ ہے بدلہ نیکی والوں کا تاکہ اتار دے اللہ ان پر سے

اَسْوَاَ الَّذِيْ عَمِلُوْا وَيَجْزِيَهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۳۵

برے کام جو انھوں نے کئے تھے اور بدلے میں دے ان کو ثواب بہتر کاموں کا جو وہ کرتے تھے۔

خلاصۂ تفسیر

اللہ تعالیٰ نے (موحد اور مشرک کے بارے میں) ایک مثال بیان فرمائی کہ ایک شخص ہے (غلام) جس میں کئی ساجھی ہیں جن میں باہم ضد اضدی (بھی) ہے اور ایک اور شخص ہے کہ پورا ایک ہی شخص کا (غلام) ہے (تو) کیا ان دونوں کی حالت یکساں (ہو سکتی) ہے (اور ظاہر ہے کہ یہ دونوں برابر نہیں، پہلا شخص تکلیف میں ہے کہ ہمیشہ متحیر رہتا ہے کہ کس کا کہنا مانوں کس کا نہ مانوں۔ دوسرا آرام میں ہے کہ ایک ہی شخص سے تعلق ہے۔ پس پہلی مثال مشرک کی ہے کہ ہمیشہ ڈانوا ڈول رہتا ہے۔ کبھی غیر اللہ کی طرف دوڑتا ہے، کبھی خدا کی طرف پھر غیر اللہ میں بھی ایک پر اطمینان نہیں ہوتا۔ کبھی کسی کی طرف رجوع کرتا ہے کبھی کسی کی طرف۔

اس سوال کا جواب کفار بھی اس کے سوا نہیں دے سکتے کہ غلام مشترک بڑی مصیبت میں رہتا ہے اس لئے ان پر حجت تمام ہو گئی۔ اس اتمام حجت پر فرمایا الحمد للہ حق ثابت ہو گیا۔ لیکن پھر بھی یہ لوگ قبول نہیں کرتے۔ بلکہ (قبول تو کیا) ان میں اکثر لوگ سمجھتے بھی نہیں (کیونکہ سمجھنے کا ارادہ ہی نہیں کرتے۔ آگے فیصلہ قیامت کا ذکر ہے جو آخری فیصلہ ہو گا۔ جس سے کوئی بھاگ نہیں سکے گا اور فیصلہ قیامت سے پہلے موت کی خبر دیتے ہیں۔ کیونکہ موت ہی مقدمہ اور طریقہ ہے آخرت تک پہنچنے کا اس لئے فرمایا اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم یہ لوگ اگر دنیا میں کسی عقلی اور نقلی فیصلہ کو نہیں مانتے تو آپ غم نہ کیجئے، کیونکہ دنیا سے) آپ کو بھی مرجانا ہے اور ان کو بھی مرجانا ہے، پھر قیامت کے روز تم (دونوں فریق اپنے اپنے) مقدمات اپنے رب کے سامنے پیش کرو گے۔ (اُس وقت عملی فیصلہ ہو جاوے گا جس کے ظہور کا بیان آگے آتا ہے فَمَنْ اَظْلَمُ۔) سو (اس مخاصمت اور عدالت میں مقدمات پیش ہونے کے وقت فیصلہ یہ ہو گا کہ باطل پرستوں کو عذاب جہنم ہو گا اور حق پرستوں کو اجرِ عظیم ملے گا اور ظاہر ہے کہ) اس شخص سے زیادہ بے انصاف (اور ناحق پرست) کون ہو گا جو اللہ پر جھوٹ باندھے (یعنی خدا تعالیٰ کے متعلق یہ کہے کہ اس کے ساتھ دوسرے بھی شریک ہیں) اور سچی بات کو (یعنی قرآن) کو جبکہ وہ اس کے پاس (رسول کے ذریعہ) پہنچی جھٹلا دے (تو ایسے شخص کا بڑا ظالم ہونا بھی ظاہر ہے اور ظلم کا مستحق ہونا بڑے عذاب کا بھی ظاہر ہے اور بڑا عذاب جہنم کا ہے تو) کیا (قیامت کے دن) جہنم میں ایسے کافروں کا ٹھکانہ نہ ہو گا (یہ فیصلہ تو باطل پرستوں کا ہوا) اور (برخلاف ان کے) جو لوگ سچی بات لے کر خدا کی طرف سے یا رسول کی طرف سے لوگوں کے پاس) آئے اور (خود بھی) اس کو سچ جانا (یعنی یہ لوگ صادق بھی ہیں اور مصدق بھی جیسا کہ پہلے لوگ کاذب بھی تھے اور مکذب بھی) تو یہ لوگ پرہیزگار ہیں (ان کا فیصلہ یہ ہو گا کہ) وہ جو کچھ چاہیں گے اُن کے لئے پروردگار کے پاس سب کچھ ہے یہ صلہ ہے نیکوکاروں کا (اور یہ صلہ اُن کے لئے اس واسطے تجویز کیا) تاکہ اللہ تعالیٰ ان سے بُرے عملوں کو دُور کرے اور نیک کاموں کے عوض انکو اُن کا ثواب دے۔

معارف و مسائل

اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ۔ لفظ مَیِّت بتشدید الیاء اُس کو کہتے ہیں جو زمانہ مستقبل میں مرنے والا ہو اور مَیْت بسکون الیاء اُس کو کہتے ہیں جو مر چکا ہو۔ اس آیت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب کر کے فرمایا گیا ہے کہ آپ بھی مرنے والے ہیں اور آپ کے

دشمن اور احباب بھی سب مرنے والے ہیں۔ مقصد اس کے بیان کرنے سے سب کو فکرِ آخرت کی طرف متوجہ کرنا اور عمل آخرت میں لگنے کی ترغیب دینا ہے اور ضمناً یہ بھی بتلا دینا ہے کہ افضل الخلائق اور سیّد الرّسل ہونے کے باوجود موت سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی مستثنیٰ نہیں۔ تاکہ آپ کی وفات کے بعد لوگوں میں اسپر اختلاف پیدا نہ ہو۔ (از قرطبی)

محشر کی عدالت میں مظلوم کا حق ظالم سے وصول کرنے کی صورت

ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ۔ حضرت ابن عباس رضؓ فرماتے ہیں کہ یہاں لفظِ اِنّکم میں مومن و کافر اور مسلمان ظالم و مظلوم سب داخل ہیں یہ سب اپنے اپنے مقدمات اپنے رب کی عدالت میں پیش کریں گے اور اللہ تعالیٰ ظالم سے مظلوم کا حق دِلوائیں گے وہ کافر ہو یا مؤمن۔ اور صورت اِس ادائیگی حقوق کی وہ ہو گی جو صحیح بخاری میں حضرت ابوہریرہ رضؓ کی روایت سے آئی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص کے ذمہ کسی کا حق ہے اس کو چاہیے کہ دنیا ہی میں اس کو ادا یا معاف کرا کر حلال ہو جائے۔ کیونکہ آخرت میں درہم و دینار تو ہوں گے نہیں۔ اگر ظالم کے پاس کچھ اعمال صالحہ ہیں تو بمقدار ظلم یہ اعمال اُس سے لیکر مظلوم کو دیدیے جاویں گے۔ اور اگر اس کے پاس حسنات نہیں ہیں تو مظلوم کی سیئات اور گناہوں کو اس سے لیکر ظالم پر ڈال دیا جائے گا۔

اور صحیح مسلم میں حضرت ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ نے ایک روز صحابۂ کرام سے سوال کیا کہ آپ جانتے ہو کہ مفلس کون ہوتا ہے۔ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم تو مفلس اس کو سمجھتے ہیں جس کے پاس نہ کوئی نقد رقم ہو نہ ضروریات کا سامان۔ آپؐ نے فرمایا کہ اصلی اور حقیقی مفلس میری امت میں وہ شخص ہے جو قیامت میں بہت سے نیک اعمال، نماز، روزہ، زکوٰۃ وغیرہ لیکر آئے گا مگر اس کا حال یہ ہو گا کہ اس نے دنیا میں کسی کو گالی دی، کسی پر تہمت باندھی۔ کسی کا مال ناجائز طور پر کھا گیا۔ کسی کو قتل کرایا۔ کسی کو مار پیٹ سے ستایا تو یہ سب مظلوم اللہ کے سامنے اپنے مظالم کا مطالبہ کرینگے اور اس کی حسنات ان میں تقسیم کر دی جائیں گی پھر جب یہ حسنات ختم ہو جائیں گی اور مظلوموں کے حقوق ابھی باقی ہوں گے تو مظلوموں کے گناہ اس پر ڈال دیئے جاویں گے۔ اور اس کو جہنم میں ڈال دیا جاوے گا۔ (تو یہ شخص سب کچھ سامان ہونے کے باوجود قیامت میں مفلس رہ گیا، یہی اصلی مفلس ہے)

اور طبرانی نے ایک معتبر سند کے ساتھ حضرت ابوایوب انصاری رضؓ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سب سے پہلے جو مقدمہ اللہ تعالیٰ کی عدالت میں پیش ہو گا وہ مرد اور اس کی بیوی کا ہو گا اور بخدا کہ وہاں زبان نہیں بولے گی۔ بلکہ عورت کے ہاتھ پاؤں گواہی دینگے کہ وہ اپنے شوہر پر کیا کیا عیب لگایا کرتی تھی اور اسی طرح مرد کے ہاتھ پاؤں اس پر گواہی دیں گے کہ وہ کس طرح اپنی بیوی کو تکلیف و ایذا پہونچاتا تھا۔ اس کے بعد ہر آدمی کے سامنے اس کے نوکر چاکر لائے

جائیں گے ان کی شکایات کا فیصلہ کیا جائے گا۔ پھر عام بازار کے لوگ جن سے اس کے معاملات رہے تھے وہ پیش ہوں گے اگر اس نے ان میں سے کسی پر ظلم کیا ہے تو اس کا حق دلوایا جائے گا۔

سارے اعمال مظالم اور حقوق کے بدلے میں دیدیئے جاویں گے مگر ایمان نہیں دیا جائے گا۔

تفسیر مظہری میں مذکورہ سب روایات حدیث نقل کرنے کے بعد لکھا ہے کہ مظلوموں کے حقوق میں ظالم کے اعمال دیدینے کا جو ذکر آیا ہے، اس سے مراد ایمان کے علاوہ دوسرے اعمال ہیں، کیونکہ جتنے مظالم ہیں وہ سب عملی گناہ ہیں، کفر نہیں ہیں اور عملی گناہوں کی سزا محدود ہوگی بخلاف ایمان کے کہ وہ ایک غیر محدود عمل ہے۔ اس کی جزا بھی غیر محدود یعنی ہمیشہ جنت میں رہنا ہے اگرچہ وہ گناہوں کی سزا بھگتنے اور کچھ عرصہ جہنم میں رہنے کے بعد ہو۔ اس کا حاصل یہ ہے کہ جب ظالم کے اعمال صالحہ علاوہ ایمان کے سب مظلوموں کو دے کر ختم ہو جائیں گے۔ صرف ایمان رہ جائے گا تو ایمان اس سے سلب نہیں کیا جائے گا بلکہ مظلوموں کے گناہ اس پر ڈال کر حقوق کی ادائیگی کی جائے گی، جس کے نتیجہ میں یہ گناہوں کا عذاب بھگتنے کے بعد پھر بالآخر جنت میں داخل ہوگا اور پھر یہ حال اس کا دائمی ہوگا۔ صاحب تفسیر مظہری نے فرمایا کہ امام بیہقی نے بھی ایسا ہی فرمایا ہے۔

كَذَّبَ بِالصِّدْقِ اور الَّذِي جَاءَ بِالصِّدْقِ میں صدق سے مراد وہ تعلیمات ہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لے کر آئے ہیں۔ خواہ قرآن ہو یا قرآن کے علاوہ دوسری تعلیمات احادیث اور صدق بہ میں سب مؤمنین داخل ہیں جو اس کی تصدیق کرنے والے ہیں۔

اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ؕ وَيُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ					
کیا	اللہ	بس نہیں	اپنے بندہ کو	اور تجھ کو ڈراتے ہیں	ان سے جو
وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۶﴾ وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ					
اور جس کو راہ بھلائے	اللہ	تو کوئی نہیں اس کو راہ دینے والا		اور جس کو راہ	سجھائے اللہ
فَمَا لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيْزٍ ذِي انْتِقَامٍ ﴿۳۷﴾					
تو کوئی نہیں اس کو بھلانے والا		کیا نہیں ہے	اللہ	زبردست	بدلہ لینے والا
وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ					
اور جو تو ان سے پوچھے		کس نے بنائے	آسمان	اور زمین	تو کہیں
اللّٰهُ ؕ قُلْ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ					
اللہ نے	تو کہہ بھلا دیکھو تو		جن کو پوجتے ہو	اللہ کے	سوائے اگر

اَرَادَنِیَ اللّٰہُ بِضُرٍّ ھَلۡ ھُنَّ کٰشِفٰتُ ضُرِّہٖۤ اَوۡ اَرَادَنِیۡ بِرَحۡمَۃٍ

چاہے اللہ مجھ پر کچھ تکلیف تو وہ ایسے ہیں کہ کھول دیں تکلیف اس کی ڈالی ہوئی یا وہ چاہے مجھ پر

ھَلۡ ھُنَّ مُمۡسِکٰتُ رَحۡمَتِہٖ ؕ قُلۡ حَسۡبِیَ اللّٰہُ ؕ عَلَیۡہِ

مہربانی تو وہ ایسے ہیں کہ روک دیں اس کی مہربانی کو تو کہہ مجھ کو بس ہے اللہ اسی پر بھروسہ رکھتے ہیں

یَتَوَکَّلُ الۡمُتَوَکِّلُوۡنَ ﴿۳۸﴾ قُلۡ یٰقَوۡمِ اعۡمَلُوۡا عَلٰی مَکَانَتِکُمۡ

بھروسہ رکھنے والے تو کہہ اے قوم کام کیے جاؤ اپنی جگہ پر

اِنِّیۡ عَامِلٌ ۚ فَسَوۡفَ تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۳۹﴾ۙ مَنۡ یَّاۡتِیۡہِ عَذَابٌ

میں بھی کام کرتا ہوں اب آگے جان لوگے کس پر آتی ہے آفت کہ اس کو

یُّخۡزِیۡہِ وَ یَحِلُّ عَلَیۡہِ عَذَابٌ مُّقِیۡمٌ ﴿۴۰﴾ اِنَّاۤ اَنۡزَلۡنَا

رسوا کرے اور اترتا ہے اس پر عذاب سدا رہنے والا ہم نے اتاری ہے

عَلَیۡکَ الۡکِتٰبَ لِلنَّاسِ بِالۡحَقِّ ۚ فَمَنِ اہۡتَدٰی فَلِنَفۡسِہٖ ۚ وَ مَنۡ

تجھ پر کتاب لوگوں کے واسطے سچے دین کے ساتھ پھر جو کوئی راہ پر آیا سو اپنے بھلے کو اور جو

ضَلَّ فَاِنَّمَا یَضِلُّ عَلَیۡہَا ۚ وَ مَاۤ اَنۡتَ عَلَیۡہِمۡ بِوَکِیۡلٍ ﴿۴۱﴾ ع ۴ ۱۰ ۱

کوئی بہکا سو یہی بات ہے کہ بہکا اپنے برے کو اور تو ان کا ذمہ دار نہیں۔

خلاصۂ تفسیر

کیا اللہ تعالیٰ اپنے بندہ (خاص محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی حفاظت) کے لئے کافی نہیں (یعنی وہ تو سب ہی کی حفاظت کے لئے کافی ہے تو اپنے محبوب خاص بندے کے لئے کیوں کافی نہ ہوگا) اور یہ لوگ (ایسے احمق ہیں کہ حفاظت خداوندی سے تجاہل کرکے) آپ کو ان (جھوٹے معبودوں) سے ڈراتے ہیں جو خدا کے سوا (تجویز کر رکھے) ہیں (حالانکہ وہ خود بے جان عاجز ہیں اور قادر بھی ہوتے تو خدا کی حفاظت کے مقابلہ میں عاجز ہی ہوتے) اور (اصل بات یہ ہے کہ) جس کو خدا گمراہ کرے اس کا کوئی ہدایت کرنے والا نہیں اور جس کو وہ ہدایت دے اس کو کوئی گمراہ کرنے والا نہیں (آگے خدا تعالیٰ کی قدرت کاملہ کا ذکر کرکے ان کی حماقت کو ظاہر کیا گیا ہے کہ) کیا خدا تعالیٰ (ان کے نزدیک) زبردست (اور) انتقام لینے (پر قدرت رکھنے) والا نہیں ہے (یعنی اللہ تعالیٰ کی صفت ناصریت بھی کامل اور بندہ کی صلاحیت منصوریت بھی کامل اور جھوٹے معبودوں کا قدرت و نصرت سے عاجز ہونا بھی ظاہر پھر آپ کو ان باتوں سے ڈرانا حماقت نہیں تو کیا ہے) اور (عجیب بات یہ ہے کہ حق تعالیٰ کی

قدرت کاملہ اور نصرت کے مقدمات کو یہ بھی تسلیم کرتے ہیں چنانچہ) اگر آپ ان سے پوچھیں کہ آسمان اور زمین کو کس نے پیدا کیا ہے تو یہی کہیں گے کہ اللہ نے (اس لیے) آپ (ان سے) کہئے کہ بھلا (جب تم اللہ کو تخلیق میں منفرد مانتے ہو تو) یہ بتلاؤ کہ خدا کے سوا جن معبودوں کو پوجتے ہو، اگر اللہ مجھ کو کوئی تکلیف پہنچانا چاہے، کیا یہ معبود اُس کی دی ہوئی تکلیف کو دُور کر سکتے ہیں یا اللہ مجھ پر اپنی عنایت کرنا چاہے تو کیا یہ معبود اس کی عنایت کو روک سکتے ہیں (آگے ارشاد ہے کہ جب اس تقریر سے اللہ تعالیٰ کا کمالِ قدرت ثابت ہو جاوے تو) آپ کہہ دیجیے کہ (اس سے ثابت ہو گیا کہ) میرے لئے خدا کافی ہے توکل کرنے والے اسی پر توکل کرتے ہیں (اسی لئے میں بھی اسی پر توکل اور بھروسہ رکھتا ہوں اور تمھارے خلاف و عناد کی کوئی پرواہ نہیں کرتا۔ اور چونکہ یہ لوگ ان سب باتوں کو سُن کر بھی اپنے خیال باطل پر جمے ہوئے تھے اسلیئے آپ کو آخری جواب کی تعلیم ہے کہ) آپ (ان سے) کہہ دیجیے کہ (اگر اس پر بھی تم نہیں مانتے تو تم جانو) تم اپنی حالت پر عمل کئے جاؤ میں بھی (اپنے طرز پر) عمل کر رہا ہوں (یعنی جب تم اپنے طریقہ باطل کو نہیں چھوڑتے تو میں طریقہ حق کو کیسے چھوڑوں) سو اب جلد ہی تم کو معلوم ہوا جاتا ہے کہ وہ کون شخص ہے جس پر (دنیا میں) ایسا عذاب آیا چاہتا ہے جو اس کو رسوا کر دے گا، اور (مرنے کے بعد) اُس پر دائمی عذاب نازل ہوگا (چنانچہ دنیا میں غزوۂ بدر میں مسلمانوں کے ہاتھ سے ان کو سزا ملی اس کے بعد آخرت کا دائمی عذاب ہے۔ یہاں تک تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مخالفین کے خوف سے تسلی دی گئی۔ آگے آپ کو جو کفار اور عام خلق خدا کے ساتھ شفقت کی بنا پر ان کے کفر و انکار سے غم ہوتا تھا اس پر تسلی دی گئی کہ) ہم نے یہ کتاب آپ پر لوگوں کے (نفع کے) لئے اتاری۔ جو حق کو لئے ہوئے ہے سو (آپ کا کام اس کا پہنچا دینا ہے پھر) جو شخص راہِ راست پر آوے گا تو اپنے نفع کے واسطے اور جو شخص بے راہ رہے گا تو اس کا بے راہ ہونا اسی پر پڑے گا، اور آپ ان پر مسلط (اس طرح) نہیں کئے گئے (کہ ان کی بے راہی کی آپ سے باز پُرس ہو تو آپ ان کی گمراہی سے کیوں مغموم ہوتے ہیں)۔

معارف و مسائل

اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ۔ اِس آیت کا شانِ نزول ایک واقعہ ہے کہ کفار نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ رض کو اس سے ڈرایا تھا کہ اگر آپ نے ہمارے بتوں کی بے ادبی کی تو اِن بتوں کا اثر بہت سخت ہے اُس سے آپ بچ نہ سکیں گے۔ ان کے جواب میں کہا گیا کہ کیا اللہ اپنے بندہ کے لئے کافی نہیں؟ اس لئے بعض مفسرین نے یہاں بندے سے مخصوص بندہ یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مراد لیا ہے۔ خلاصہ تفسیر میں اسی کو اختیار کیا گیا ہے۔ اور دوسرے مفسرین نے بندہ سے مراد عام لی ہے اور

آیت کی دوسری قرأت جو عبادہ آئی ہے وہ اس کی مؤید ہے۔ اور مضمون بہرحال عام ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے ہر بندے کے لئے کافی ہے۔

عبرت و نصیحت وَيُخَوِّفُونَكَ بِالَّذِينَ مِنْ دُونِهِ ۔ یعنی کفار آپ کو ڈراتے ہیں اپنے جھوٹے معبودوں کے غضب سے۔ اس آیت کو پڑھنے والے عموماً یہ خیال کر کے گذر جاتے ہیں کہ یہ ایک خاص واقعہ کا ذکر ہے، جس کا تعلق کفار کی دھمکیوں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس سے ہے، اس طرف دھیان نہیں دیتے، کہ اس میں ہمارے لئے کیا ہدایت ہے۔ حالانکہ بات بالکل کھلی ہوئی ہے، کہ جو شخص بھی کسی مسلمان کو اس لئے ڈرائے کہ تم نے فلاں حرام کام یا گناہ نہ کیا تو تمہارے حکام اور افسر یا جنکے تم محتاج سمجھے جاتے ہو تم سے خفا ہو جائیں گے اور تکلیف پہونچائیں گے۔ یہ بھی اسی میں داخل ہے اگرچہ ڈرانے والا مسلمان ہی ہو اور جس سے ڈرایا جائے وہ بھی مسلمان ہی ہو۔ اور یہ ایسا عام ابتلاء ہے کہ دنیا کی اکثر ملازمتوں میں لوگوں کو پیش آتا ہے کہ احکامِ الٰہیہ کی خلاف ورزی پر آمادہ ہو جائیں یا پھر اپنے افسروں کے عتاب و عقاب کے مورد بنیں۔ اس آیت نے ان سب کو یہ ہدایت دی کہ کیا اللہ تعالیٰ تمہاری حفاظت کے لئے کافی نہیں، تم نے خالص اللہ کے لئے گناہوں کے ارتکاب سے بچنے کا عزم کر لیا اور احکامِ خداوندی کے خلاف کسی حاکم و افسر کی پروا نہ کی تو خدا تعالیٰ کی امداد تمہارے ساتھ ہوگی۔ زائد سے زائد یہ ملازمت چھوٹ بھی جائے گی تو اللہ تعالیٰ تمہارے رزق کا دوسرا انتظام کر دیں گے۔ اور مؤمن کا کام تو یہ ہے کہ ایسی ملازمت کو چھوڑنے کی خود ہی کوشش کرتا رہے کہ کوئی دوسری مناسب جگہ مل جائے تو اس کو فوراً چھوڑ دے۔

اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ

اللہ کھینچ لیتا ہے جانیں جب وقت ہو ان کے مرنے کا اور جو نہیں مریں اُن کو کھینچ لیتا ہے

مَنَامِهَا ۚ فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ

اُن کی نیند میں پھر رکھ چھوڑتا ہے جن پر مرنا ٹھہرا دیا ہے اور بھیج دیتا ہے

الْاُخْرٰى اِلٰى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

اوروں کو ایک وعدہ مقرر تک اس بات میں پتے ہیں ان لوگوں کو

يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۴۲﴾ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُفَعَاۗءَ ۭ قُلْ

جو دھیان کریں کیا انھوں نے پکڑے ہیں اللہ کے سوائے کوئی سفارش والے تو کہہ

اَوَلَوْ كَانُوْا لَا يَمْلِكُوْنَ شَيْـــًٔا وَّلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۴۳﴾ قُلْ لِّلّٰهِ

اگرچہ اُن کو اختیار نہ ہو کسی چیز کا اور نہ سمجھ تو کہہ اللہ کے

الشَّفَاعَةُ جَمِيْعًا ؕ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ ثُمَّ	
اختیار میں ہے ساری سفارش اسی کا راج ہے آسمان اور زمین میں پھر	
اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَاِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ اشْمَاَزَّتْ قُلُوْبُ	
اسیکی طرف پھیرے جاؤ گے اور جب نام لیجیے خالص اللہ کا رُک جاتے ہیں دل	
الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ ۚ وَاِذَا ذُكِرَ الَّذِيْنَ مِنْ	
اُن کے جو یقین نہیں رکھتے پچھلے گھر کا اور جب نام لیجیے اس کے سوا	
دُوْنِهٖۤ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۴۵﴾	
اوروں کا تب وہ لگیں خوشیاں کرنے	

خُلاصۂ تفسیر

اللہ ہی قبض (یعنی معطّل) کرتا ہے اُن جانوں کو (جن کا وقتِ موت آگیا ہے) ان کی موت کے وقت (مکمل طور پر کہ زندگی بالکل ختم ہوجائے) اور اُن جانوں کو بھی جن کو موت نہیں آئی اُن کے سونے کے وقت (یہ تعطل بالکلیہ نہیں ہوتا ایک حیثیت حیات کی باقی رہ جاتی ہے مگر ادراک نہیں رہتا اور موت کی صورت میں نہ ادراک رہتا ہے نہ حیات) پھر (اس معطل کرنے کے بعد) اُن جانوں کو تو (بدن کی طرف عود کرنے سے) روک لیتا ہے جن پر موت کا حکم فرما چکا ہے اور باقی جانوں کو (جو نیند کی وجہ سے معطّل ہوگئی تھیں اور ابھی اِن کی موت کا وقت نہیں آیا) ایک میعادِ معیّن (یعنی مدت) تک کے لئے آزاد کر دیتا ہے (کہ پھر واپس جاکر بدن میں بدستور سابق تصرفات کرنے لگیں) اس (مجموعہ تصرّفات الٰہیہ) میں اُن لوگوں کے لئے جو سوچنے کے عادی ہیں (خدا تعالیٰ کی قدرت کاملہ اور بلاشرکتِ غیرے تمام عالم کے انتظامات کرنے پر) دلائل ہیں (جن سے اللہ کی توحید پر استدلال کرتے ہیں) ہاں کیا (توحید کے دلائل واضحہ قایم ہوتے ہوئے) ان لوگوں نے خدا کے سوا دوسروں کو (معبود) قرار دے رکھا ہے جو (ان کی) سفارش کریں گے (جیسا کہ مشرکین اپنے بتوں کے متعلق کہا کرتے تھے هٰٓؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ) آپ کہہ دیجیے کہ اگرچہ یہ (تمھارے گھڑے ہوئے شُفَعَآء) کچھ بھی قدرت نہ رکھتے ہوں اور کچھ بھی علم نہ رکھتے ہوں (کیا پھر بھی تم یہی سمجھتے چلے جاؤ گے کہ یہ تمھاری سفارش کریں گے۔ کیا اتنا بھی نہیں سمجھتے کہ شفاعت کے لئے علم اور اس کے مناسب قدرت تو ضروری ہے جو ان میں مفقود ہے۔ یہاں بعض مشرک یہ کہہ سکتے تھے کہ یہ پتھر کے تراشے ہوئے بُت ہمارا مقصود نہیں بلکہ یہ مجسّمے اور شکلیں فرشتوں کی یا جنّات کی ہیں وہ تو ذی روح بھی ہیں قدرت اور علم بھی رکھتے ہیں۔ اس لئے اس کے جواب کی یہ تعلیم دی گئی کہ) آپ (یہ بھی) کہہ دیجیے کہ سفارش تو

تمامتر خدا ہی کے اختیار میں ہے (بدون اس کی اجازت کے کسی فرشتے یا بشر کی مجال نہیں کہ کسی کی سفارش کر سکے اور اللہ تعالیٰ کی اجازت شفاعت کے لیے دو شرطیں ہیں ایک شفاعت کرنے والے کا عند اللہ مقبول ہونا، دوسرے جس کی شفاعت کی جائے اس کا قابلِ مغفرت ہونا۔ اب سمجھ لو کہ مشرکین نے بتوں کو جنکی شکلیں سمجھ کر اختیار کیا ہے اگر وہ جنات و شیاطین ہیں تو دونوں شرطیں مفقود ہیں، نہ شفاعت کرنے والے مقبول عند اللہ ہیں نہ یہ مشرک قابلِ مغفرت ہیں اور اگر ان شکلوں کو ملائکہ یا انبیاء کی شکلیں قرار دے رکھا ہے تو شفاعت کرنے والوں کے مقبول ہونے کی شرط تو موجود ہوئی، مگر دوسری شرط مفقود ہے کہ ان مشرکین میں صلاحیت مغفرت کی نہیں ہے۔ آگے فرمایا کہ خدا تعالیٰ کی یہ شان ہے کہ) تمام آسمان و زمین کی سلطنت اسی کی ہے۔ پھر تم اُسی کی طرف لوٹ کر جاؤ گے۔ (اسی لیے سب کو چھوڑ کر اسی سے ڈرو اسی کی عبادت کرو) اور (توحید کے دلائل واضحہ قائم ہونے کے باوجود کفار و مشرکین کا حال یہ ہے کہ) جب فقط اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے (کہ وہ بلا شرکت غیرے تمام عالم کے سیاہ سفید کا مالک مختار اور متصرف ہے) تو ان لوگوں کے دل منقبض ہوتے ہیں جو آخرت کا یقین نہیں رکھتے اور جب اس کے سوا اوروں کا ذکر آتا ہے (خواہ صرف انھیں کا ذکر ہو یا اللہ کے ذکر کے ساتھ ان کا بھی ذکر ہو) تو اسی وقت وہ لوگ خوش ہو جاتے ہیں۔

معارف و مسائل

موت اور نیند کے وقت قبض روح اور دونوں میں فرق کی تفصیل

اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا۔ تَوَفّٰی کے لفظی معنے لے لینے اور قبض کر لینے کے ہیں۔ اس آیت میں حق تعالیٰ نے یہ بتلایا ہے کہ جانداروں کی ارواح ہر حال ہر وقت اللہ تعالیٰ کے زیر تصرف ہیں، وہ جب چاہے ان کو قبض کر سکتا ہے اور واپس لے سکتا ہے اور اس تصرف خداوندی کا ایک مظاہرہ تو ہر جاندار روزانہ دیکھتا اور محسوس کرتا ہے کہ نیند کے وقت اسکی روح ایک حیثیت سے قبض ہو جاتی ہے، پھر بیداری کے بعد واپس مل جاتی ہے اور آخر کار ایک وقت ایسا بھی آئے گا کہ بالکل قبض ہو جائے گی پھر واپس نہ ملے گی۔

تفسیر مظہری میں ہے کہ قبض روح کے معنی اس کا تعلق بدن انسانی سے قطع کر دینے کے ہیں، کبھی یہ ظاہراً و باطناً بالکل منقطع کر دیا جاتا ہے۔ اسی کا نام موت ہے اور کبھی صرف ظاہراً منقطع کیا جاتا ہے باطناً باقی رہتا ہے۔ جس کا اثر یہ ہوتا ہے کہ صرف حس اور حرکت ارادیہ جو ظاہری علامتِ زندگی ہے وہ منقطع کر دی

جاتی ہے اور باطناً تعلق روح کا جسم کے ساتھ باقی رہتا ہے جس سے وہ سانس لیتا ہے اور زندہ رہتا ہے اور صورت اُس کی یہ ہوتی ہے کہ روح انسانی کو عالم مثال کے مطالعہ کی طرف متوجہ کر کے اس عالم سے غافل اور معطل کر دیا جاتا ہے تاکہ انسان مکمل آرام پا سکے۔ اور کبھی یہ باطنی تعلق بھی منقطع کر دیا جاتا ہے، جس کی وجہ سے جسم کی حیات بالکل ختم ہو جاتی ہے۔

آیت مذکور میں لفظ تَوَفّٰی بمعنی قبض بطور عموم مجاز کے دونوں معنی پر حاوی ہے۔ موت اور نیند دونوں میں قبضِ روح کا یہ فرق جو اوپر بیان کیا گیا ہے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے ایک قول سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے۔ انھوں نے فرمایا کہ سونے کے وقت انسان کی روح اس کے بدن سے نکل جاتی ہے مگر ایک شعاع رُوح کی بدن میں رہتی ہے جس سے وہ زندہ رہتا ہے اور اسی رابطۂ شعاعی سے وہ خواب دیکھتا ہے۔ پھر یہ خواب اگر روح کے عالم مثال کی طرف متوجہ رہنے کی حالت میں دیکھا گیا تو وہ سچا خواب ہوتا ہے اور اگر اس طرف سے بدن کی طرف واپسی کی حالت میں دیکھا تو اُس میں شیطانی تصرّفات ہو جاتے ہیں وہ رُؤیاء صادقہ نہیں رہتا۔ اور فرمایا کہ نیند کی حالت میں جو رُوحِ انسانی اس کے بدن سے نکلتی ہے تو بیداری کے وقت آنکھ جھپکنے سے بھی کم مقدار وقت میں بدن میں واپس آجاتی ہے۔

قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ وَ

تو کہہ اے اللہ پیدا کرنے والے آسمانوں کے اور زمین کے جاننے والے چھپے اور

الشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْ مَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۴۶﴾

کھلے کے تو ہی فیصلہ کرے اپنے بندوں میں جس چیز میں وہ جھگڑ رہے تھے

وَلَوْ اَنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ

اور اگر گنہگاروں کے پاس ہو جتنا کچھ کہ زمین میں ہے سارا اور اتنا ہی اور

مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ مِنْ سُوْٓءِ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ

اس کے ساتھ تو سب دے ڈالیں اپنے چھڑوانے میں بڑی طرح کے عذاب سے دن قیامت کے

وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَبَدَا لَهُمْ

اور نظر آئے ان کو اللہ کی طرف سے جو خیال بھی نہ رکھتے تھے اور نظر آویں انکو

سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۴۸﴾

بُرے کام اپنے جو کماتے تھے اور اُلٹ پڑے ان پر وہ چیز جس پر ٹھٹھا کرتے تھے۔

فَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ثُمَّ اِذَا خَوَّلْنٰهُ نِعْمَةً مِّنَّا ۙ

سو جب آلگتی ہے آدمی کو کچھ تکلیف ہم کو پکارنے لگتا ہے پھر جب ہم بخشیں اس کو اپنی طرف سے کوئی

قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ ۭ بَلْ هِىَ فِتْنَةٌ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ

نعمت، کہتا ہے یہ تو مجھ کو ملی کہ پہلے سے معلوم تھی کوئی نہیں یہ جانچ ہے پر وہ بہت سے لوگ

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۹﴾ قَدْ قَالَهَا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَمَآ اَغْنٰى

نہیں سمجھتے کہہ چکے ہیں یہ بات ان سے اگلے پھر کچھ کام نہ آیا

عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۵۰﴾ فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ۭ

ان کو جو کماتے تھے پھر پڑ گئیں ان پر برائیاں جو کمائی تھیں

وَالَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ هٰٓؤُلَاۗءِ سَيُصِيْبُهُمْ سَيِّاٰتُ مَا

اور جو گنہگار ہیں ان میں سے ان پر بھی اب پڑتی ہیں برائیاں جو

كَسَبُوْا ۭ وَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۵۱﴾ اَوَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

کمائی ہیں اور وہ نہیں تھکانے والے اور کیا نہیں جان چکے کہ اللہ

يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيَقْدِرُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

پھیلاتا ہے روزی جس کے واسطے چاہے اور ماپ کر دیتا ہے البتہ اس میں پتے ہیں ان

لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾ ع

لوگوں کے واسطے جو مانتے ہیں۔

ع ۱۱ ۲ ۵

خلاصۂ تفسیر

آپ (ان کی شدتِ عناد سے محزون نہ ہوجیے اور اللہ سے دعا میں یہ) کہیے کہ اے اللہ آسمان اور زمین کے پیدا کرنے والے باطن اور ظاہر کے جاننے والے آپ ہی (قیامت کے روز) اپنے بندوں کے درمیان ان امور میں فیصلہ فرما دیں گے جن میں باہم وہ اختلاف کرتے تھے۔ (یعنی آپ ان معاندین کی فکر میں نہ پڑیئے، بلکہ ان کا معاملہ اللہ کے سپرد کیجیے وہ خود عملی فیصلہ کر دیں گے) اور (اس فیصلہ کے وقت یہ حالت ہوگی کہ) اگر ظلم (یعنی شرک و کفر) کرنے والوں کے پاس دنیا بھر کی تمام چیزیں ہوں اور ان چیزوں کے ساتھ اتنی چیزیں اور بھی ہوں تو وہ لوگ قیامت کے دن سخت عذاب سے چھوٹ جانے کے لئے (بے تامل) ان کو دینے لگیں (گو مقبول نہ ہو کما فی المائدۃ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ) اور خدا کی طرف سے ان کو وہ معاملہ پیش آوے گا جس کا ان کو گمان بھی نہ تھا (کیونکہ اول تو آخرت کے منکر

تھے پھر اس میں بھی اس کے مدعی تھے کہ وہاں بھی ان کو عزت و دولت ملے گی) اور (اس وقت) ان کو تمام اپنے برے اعمال ظاہر ہو جاویں گے اور جس (عذاب) کے ساتھ وہ استہزاء کیا کرتے تھے وہ ان کو آگھیرے گا (یوں تو مشرک غیر اللہ کے ذکر سے مسرور اور صرف اللہ کے ذکر سے نفور رہتا ہے) پھر جس وقت (اس مشرک) آدمی کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو (جن کے ذکر سے مسرور ہوا کرتا تھا ان سب کو چھوڑ کر صرف) ہم کو پکارتا ہے (جس سے پہلے نفور تھا) پھر جب ہم اس کو اپنی طرف سے کوئی نعمت عطا فرما دیتے ہیں تو (اس توحید پر جس کا حق ہونا خود اس کے اقرار سے ثابت ہو چکا تھا قائم نہیں رہتا چنانچہ اس نعمت کو حق تعالیٰ کی طرف منسوب نہیں کرتا بلکہ یوں) کہتا ہے کہ یہ تو مجھ کو (میری) تدبیر سے ملی ہے (اور چونکہ نسبت حق تعالیٰ کی طرف نہیں کرتا بلکہ اپنی تدبیر کا نتیجہ سمجھتا ہے اسلئے توحید پر قائم نہیں رہتا بلکہ اپنے قدیم طریقہ شرک کی طرف عود کر کے غیر اللہ کی عبادت میں لگ جاتا ہے۔ آگے حق تعالیٰ اسکے قول اِنَّمَآ اُوْتِیْتُهٗ کو رد فرماتے ہیں کہ نعمت اسکی تدبیر کا نتیجہ نہیں ہے) بلکہ وہ (نعمت خدا کی دی ہوئی اور اسکی طرف سے انسان کی) ایک آزمائش ہے (کہ دیکھیں اس کے ملنے پر ہم کو بھول جاتا ہے اور کفر کرتا ہے یا یاد رکھتا ہے اور شکر کرتا ہے اور اسی آزمائش کے لئے بعض نعمتوں میں اسباب و کسب کا واسطہ بھی رکھدیا ہے۔ اس سے اور زیادہ آزمائش ہو گئی کہ دیکھیں اس ظاہری سبب پر نظر کرتا ہے یا علت حقیقیہ پر) لیکن اکثر لوگ (اس بات کو) سمجھتے نہیں (اس لئے اس کو اپنی تدبیر کا نتیجہ بتلاتے ہیں اور مبتلائے شرک رہتے ہیں آگے تفریع ہے کہ) یہ بات (بعض) ان لوگوں نے بھی کہی تھی جو ان سے پہلے ہو گذرے ہیں (جیسے قارون نے کہا تھا اِنَّمَآ اُوْتِیْتُهٗ عَلٰی عِلْمٍ عِنْدِیْ یا جو لوگ منکر صانع کے ہو گزرے ہیں، جیسے نمرود و فرعون۔ ظاہر ہے کہ وہ بھی کسی نعمت کی نسبت خدا کی طرف نہ کرتے تھے بلکہ غیر مکتسب اور غیر اختیاری میں بخت و اتفاق کی طرف اور مکتسب و اختیاری میں ہنر اور تدبیر کی طرف نسبت کرتے تھے) سو ان کی کارروائی ان کے کچھ کام نہ آئی (اور مانع عن العذاب نہ ہوئی) پھر (مانع نہ ہو سکنے کے بعد دافع للعذاب بھی نہ ہوئی بلکہ) ان کی تمام بداعمالیاں اُن پر آپڑیں (اور سزایاب ہوئے) اور (زمانہ حال کے لوگ یہ خیال نہ کریں کہ جو کچھ ہونا تھا اگلوں کے ساتھ ہو چکا بلکہ) اُن میں بھی جو ظالم ہیں اُن پر بھی اُن کی بداعمالیاں ابھی پڑنے والی ہیں اور یہ (خدا تعالیٰ کو) ہرا نہیں سکتے (چنانچہ بدر میں خوب سزا ہوئی، آگے اس کی دلیل بیان فرمائی کہ بعضے احمق جو نعمت و رزق کو اپنی تدبیر کی طرف منسوب کرتے ہیں تو) کیا ان لوگوں کو (احوال میں غور کرنے سے یہ معلوم نہیں ہوا کہ اللہ ہی جس کو چاہتا ہے زیادہ رزق دیتا ہے اور وہی (جس کے لئے چاہتا ہے) تنگی بھی کر دیتا ہے (اس بسط و قبض میں (غور کرنے سے) ایمان والوں کے واسطے (کہ اہل فہم ہوتے ہیں اس بات پر) نشانیاں (یعنی دلائل قائم) ہیں (کہ باسط و قابض وہی ہے تدبیر و سوء تدبیر اس میں علت حقیقیہ نہیں۔ پس ان دلائل کو جو شخص سمجھ لے گا وہ اپنی تدبیر کی طرف نسبت نہ کرے گا، بلکہ خدا کے منعم ہونے سے ذہول نہ کرے گا جو سبب ہو گیا تھا ابتلا بالشرک کا بلکہ وہ موحد رہے گا اور مصیبت

وراحت میں اس کا حال وقال متناقض ومتعارض نہ ہوگا۔)

معارف ومسائل

قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الایۃ۔ صحیح مسلم میں حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے صدیقہ عائشہ رضؓ سے دریافت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کی نماز (یعنی تہجد) کو کس چیز سے شروع فرماتے تھے تو انھوں نے فرمایا کہ آپؐ جب تہجدؔ کی نماز کو اُٹھتے تھے تو یہ دُعا پڑھتے تھے:۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ جِبْرِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ، فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ، اِهْدِنِيْ لِمَا اخْتُلِفَ فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِكَ اِنَّكَ تَهْدِيْ مَنْ تَشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ۔

قبولیتِ دُعا

حضرت سعید بن جبیرؒ فرماتے ہیں کہ مجھے قرآنِ کریم کی ایک ایسی آیت معلوم ہے کہ اسکو پڑھ کر آدمی جو دُعا کرتا ہے قبول ہوتی ہے۔ پھر یہی آیت بتلائی:۔ اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الآیۃ۔ (قرطبی)

وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ۔ حضرت سفیان ثوریؒ نے اس آیت کو پڑھ کر فرمایا کہ ہلاکت ہے ریاکاروں کے لئے، ہلاکت ہے ریاکاروں کے لئے۔ یہ آیت انھیں سے متعلق ہے جو دنیا میں نیک کام لوگوں کو دکھانے کے لئے کرتے تھے۔ اور لوگ بھی ان کو نیک سمجھتے تھے وہ خود بھی اِس دھوکہ میں تھے کہ یہ اعمال ان کے لئے نجاتِ آخرت کا ذریعہ بنیں گے۔ مگر چونکہ ان میں اخلاص نہیں تھا، اسلئے اللہ کے نزدیک ایسے نیک اعمال کا کوئی اجر وثواب نہیں، اس لئے وہاں اچانک اُن کے گمان کے خلاف عذاب وعتاب ہونے لگے گا۔ (قرطبی)

مشاجرات صحابہ کے متعلق ایک اہم ہدایت

حضرت ربیع ابن خثیم سے کسی نے حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے متعلق سوال کیا تو انھوں نے ایک آہ بھری اور اس آیت کی تلاوت فرمائی:۔ قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ الآیۃ۔ اور فرمایا کہ صحابہ کرام کے باہمی اختلافات کے متعلق جب تمہارے دل میں کوئی کھٹک پیدا ہو تو یہ آیت پڑھ لیا کرو۔ روح المعانی میں اس کو نقل کر کے فرمایا ہے کہ یہ عظیم الشان تعلیم ادب ہے جسکو ہمیشہ یاد رکھنا چاہیئے۔

قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا

کہہ دے اے بندو میرے جنھوں نے کہ زیادتی کی ہے اپنی جان پر اس مت توڑو

مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ؕ

اللہ کی مہربانی سے بے شک اللہ بخشتا ہے سب گناہ

اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۵۳﴾ وَاَنِيْبُوْٓا اِلٰى رَبِّكُمْ وَاَسْلِمُوْا

وہ جو ہے وہی ہے گناہ معاف کرنے والا مہربان اور رجوع ہو جاؤ اپنے رب کی طرف اور اس کی

لَهٗ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۵۴﴾

حکم برداری کرو پہلے اس سے کہ آئے تم پر عذاب پھر کوئی تمھاری مدد کو نہ آئے گا

وَاتَّبِعُوْٓا اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ

اور چلو بہتر بات پر جو اتری تمھاری طرف تمھارے رب سے پہلے اس سے کہ

اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً وَّاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ﴿۵۵﴾

پہنچے تم پر عذاب اچانک اور تم کو خبر نہ ہو

اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ يّٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا فَرَّطْتُّ فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ

کہیں کہنے لگے کوئی جی . اے افسوس اس بات پر کہ میں کوتاہی کرتا رہا اللہ کی طرف سے

وَاِنْ كُنْتُ لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ ﴿۵۶﴾ اَوْ تَقُوْلَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ

اور میں تو ہنستا ہی رہا یا کہنے لگے کہ اگر اللہ

هَدٰىنِيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۵۷﴾ اَوْ تَقُوْلَ حِيْنَ تَرَى

مجھ کو راہ دکھاتا تو میں ہوتا ڈرنے والوں میں یا کہنے لگے جب دیکھے

الْعَذَابَ لَوْ اَنَّ لِيْ كَرَّةً فَاَكُوْنَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۸﴾

عذاب کو کسی طرح مجھ کو پھر جانا ملے تو میں ہو جاؤں نیکی والوں میں

بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ اٰيٰتِيْ فَكَذَّبْتَ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ وَ

کیوں نہیں پہنچ چکے تھے تیرے پاس میرے حکم پھر تو نے ان کو جھٹلایا اور غرور کیا اور

كُنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۹﴾ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَرَى الَّذِيْنَ

تو تھا منکروں میں . اور قیامت کے دن تو دیکھے ان کو جو

كَذَبُوْا عَلَى اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ ؕ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ

جھوٹ بولتے ہیں اللہ پر کہ ان کے منہ ہوں سیاہ کیا نہیں دوزخ میں ٹھکانا

مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۶۰﴾ وَيُنَجِّي اللّٰهُ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا بِمَفَازَتِهِمْ

غرور والوں کا اور بچائے گا اللہ ان کو جو ڈرتے رہے ان کے بچاؤ کی جگہ

لَا يَمَسُّهُمُ السُّوْٓءُ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۶۱﴾

نہ لگے اُن کو برائی اور نہ وہ غمگین ہوں ۔

خُلاصۂ تفسیر

آپ (ان سوال کرنے والوں کے جواب میں میری طرف سے) کہدیجئے کہ اے میرے بندو جنھوں نے (کفر و شرک کرکے) اپنے اوپر زیادتیاں کی ہیں کہ تم خدا کی رحمت سے ناامید مت ہو (اور یہ خیال نہ کرو کہ ایمان لانے کے بعد گذشتہ کفر و شرک پر مواخذہ ہوگا سو یہ بات نہیں بلکہ) بالیقین اللہ تعالیٰ (اسلام کی برکت سے) تمام (گذشتہ) گناہوں کو (گو کفر و شرک ہی کیوں نہ ہو) معاف فرمادیگا واقعی وہ بڑا بخشنے والا، بڑی رحمت کرنے والا ہے اور (چونکہ اس معافی کی شرط اور طریقہ کفر سے توبہ کرنا اور اسلام لانا ہے، اس لئے) تم (کفر سے توبہ کرنے کے لئے) اپنے رب کی طرف رجوع کرو اور (اسلام قبول کرنے میں) اُس کی فرمانبرداری کرو قبل اس کے کہ (اسلام نہ لانے کی صورت میں) تم پر عذابِ (الٰہی) واقع ہونے لگے (اور) پھر (اُس وقت کسی کی طرف سے) تمھاری کوئی مدد نہ کی جاوے ۔ (یعنی جیسا اسلام لانے کی صورت میں سب کفر و شرک معاف ہوجاوے گا، اسی طرح اسلام نہ لانے کی صورت میں اس کفر و شرک پر عذاب ہوگا جس کا کوئی دفعیہ نہیں) اور (جب یہ بات ہے کہ اسلام نہ لانے کا یہ انجام ہے تو) تم (کو چاہیئے کہ) اپنے رب کے پاس سے آئے ہوئے اچھے اچھے حکموں پر چلو قبل اس کے کہ تم پر اچانک عذاب آپڑے اور تم کو (اس کا) خیال بھی نہ ہو (مراد اس سے عذاب آخرت ہے بقرینہ مابعدہ اور اچانک یا تو اس لئے کہا کہ نفخۂ اولیٰ میں سب ارواح مدہوش ہوجاویں گی پھر نفخۂ ثانیہ کے بعد ادراک عذاب اچانک ہونے لگے گا اور یا اس لئے کہ جیسا عذاب واقع ہوگا قبل وقوع اسکی حقیقت کا ادراک نہ تھا اور ویسا گمان نہ تھا، گمان کے خلاف واقعہ سامنے آنے کو اچانک سے تعبیر کیا گیا، اور یہ انابت و اسلام و اتباع کا حکم اس لئے دیا جاتا ہے کہ) کبھی (کل قیامت کے روز) کوئی شخص کہنے لگے کہ افسوس میری اس کوتاہی پر جو میں نے خدا کی جناب میں کی (یعنی اس کی اطاعت میں جو مجھ سے تقصیر ہوئی) اور میں تو احکامِ خداوندی پر ہنستا ہی رہا یا کوئی یوں کہنے لگے کہ اگر اللہ تعالیٰ (دنیا میں) مجھ کو ہدایت کرتا تو میں بھی پرہیزگاروں میں سے ہوتا (مگر ہدایت ہی سے محروم رہا اس لئے یہ تمام تر تقصیر و کوتاہی ہوئی جس میں معذور ہوں) یا کوئی عذاب کو دیکھ کر یوں کہنے لگے کہ کاش میرا (دنیا میں) پھر جانا ہووے پھر میں نیک بندوں میں ہوجاؤں ۔ (دوسرے قول میں جو یہ کہا گیا تھا کہ اگر مجھے ہدایت کی جاتی تو میں بھی متقی ہوجاتا ۔ آگے اس کے جواب میں فرمایا ہے) ہاں بے شک تیرے پاس میری آیتیں پہونچی تھیں، سو تو نے اُن کو جھٹلایا اور (جھٹلانا کسی شبہ سے نہ تھا بلکہ) تو نے تکبر کیا اور (یہ بھی نہ ہوا کہ دوسرے وقت

دماغ درست ہوجاتا بلکہ) کافروں میں (ہمیشہ) شامل رہا (اور اس لئے تیرا یہ کہنا غلط ہے کہ مجھے ہدایت نہیں پہونچی) اور آگے مصر علی الکفر و تائب عن الکفر کی سزا و جزا کا مختصراً ذکر فرماتے ہیں کہ (اے پیغمبر) آپ قیامت کے روز اُن لوگوں کے چہرے سیاہ دیکھیں گے۔ جنھوں نے خدا پر جھوٹ بولا تھا۔ (اس میں دو امر آگئے جو بات خدا نے نہیں کہی مثل شرک وغیرہ اس کو یہ کہنا کہ خدا نے کہی ہے اور جو بات خدا نے کہی، جیسے قرآن اس کو یہ کہنا کہ خدا نے نہیں کہی ہے) کیا ان متکبرین کا ٹھکانا جہنم میں نہیں ہے۔ (جو کہ عناداً و استکباراً تکذیب کریں) اور جو لوگ (شرک و کفر سے) بچتے تھے اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو کامیابی کے ساتھ (جہنم سے) نجات دے گا اُن کو (ذرا) تکلیف نہ پہونچیگی اور نہ وہ غمگین ہونگے (کیونکہ جنت میں غم نہیں ہے)۔

معارف و مسائل

قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا الآیہ۔ سعید بن جبیر رح حضرت ابن عباس رض سے روایت کرتے ہیں کہ کچھ لوگ ایسے تھے جنھوں نے قتل ناحق کئے اور بہت کئے اور زنا کا ارتکاب کیا اور بہت کیا انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ جس دین کی طرف آپ دعوت دیتے ہیں وہ ہے تو بہت اچھا لیکن فکر یہ ہے کہ جب ہم اتنے بڑے بڑے گناہوں کا ارتکاب کر چکے اب اگر مسلمان بھی ہو گئے تو کیا ہماری توبہ قبول ہو سکے گی۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت مذکورہ نازل فرمائی۔ (ذکرہ البخاری بمعناہ۔ قرطبی)

اس لئے خلاصہ آیت کے مضمون کا یہ ہوا کہ مرنے سے پہلے پہلے ہر بڑے سے بڑے گناہ یہاں تک کہ کفر و شرک سے بھی جو توبہ کرلے قبول ہو جاتی ہے۔ اور سچی توبہ سے سب گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ اسلئے کسی کو اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہونا چاہیئے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رض نے فرمایا کہ یہ آیت گناہگاروں کے لئے قرآن کی سب آیتوں سے زیادہ امید افزا ہے۔ مگر حضرت ابن عباس رض نے فرمایا کہ سب سے زیادہ رجاء و امید کی یہ آیت ہے:

اِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ عَلٰى ظُلْمِهِمْ۔

وَاتَّبِعُوْٓا اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ۔ اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ سے مراد قرآن ہے اور پورا قرآن احسن ہی ہے اور قرآن کو اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ اس اعتبار سے بھی کہا جا سکتا ہے کہ جتنی کتابیں تورات، انجیل، زبور، اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوئیں۔ اُن سب میں احسن و اکمل قرآن ہے۔ (قرطبی)

اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ يّٰحَسْرَتٰى سے مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ تک۔ کی تین آیتوں میں اُسی مضمون کی تشریح و تاکید ہے، جو اس سے پہلے کی تین آیتوں میں بیان فرمایا ہے کہ کسی بڑے سے بڑے مجرم کافر

فاجر کو بھی اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہونا چاہیئے اگر وہ توبہ کرلے گا تو اللہ اس کے سب پچھلے گناہ معاف فرمادے گا۔ اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ سے تین آیتوں میں یہ بتلایا کہ اللہ تعالیٰ ہر گناہ یہاں تک کفر و شرک کو بھی توبہ سے معاف فرمادیتا ہے۔ مگر یہ یاد رکھو کہ توبہ کا وقت مرنے سے پہلے پہلے ہے، مرنے کے بعد قیامت کے روز کوئی توبہ کرے یا اپنے کیے پر حسرت کرے تو اس کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔

جیسا کہ بعض کفار فجار قیامت کے روز مختلف تمنائیں کریں گے۔ کوئی تو اظہار حسرت کرے گا کہ افسوس میں نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں کوتاہی کیوں کی تھی۔ کوئی وہاں بھی اپنا الزام تقدیر پر ڈال کر بچنا چاہے گا وہ کہے گا کہ اگر اللہ تعالیٰ مجھے ہدایت کر دیتا تو میں بھی متقیوں میں داخل ہوتا، مگر خدا نے ہی ہدایت نہ کی تو میں کیا کروں۔ کوئی یہ تمنا کرے گا کہ کاش مجھے دوبارہ دنیا میں بھیجدیا جائے تو میں سچا پکا مسلمان بنوں، اور اللہ کے احکام کی پوری اطاعت کروں۔ مگر اس وقت کی یہ حسرتیں اور تمنائیں کسی کے کام نہ آئیں گی۔

یہ تین قسم کی تمنائیں ہوسکتا ہے کہ مختلف لوگوں کی ہوں اور یہ بھی ممکن ہے کہ یہ تینوں تمنائیں یکے بعد دیگرے ایک ہی جماعت کے کفار کی طرف سے ہوں، کیونکہ آخری قول جس میں دوبارہ دنیا میں آنے کی تمنا ہے اُس کے ساتھ آیت میں مذکور ہے کہ وہ عذاب کا مشاہدہ کرنے کے بعد ہوگا۔ اس سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ پہلے دونوں قول مشاہدہ عذاب سے پہلے کے ہیں کہ قیامت کے روز اول ہی اپنے عمل کی تقصیرات کو یاد کر کے کہیں گے، یٰحَسْرَتٰی عَلٰی مَا فَرَّطْتُّ فِیْ جَنْۢبِ اللّٰهِ پھر عذر اور بہانے کے طور پر کہیں گے کہ ہم تو معذور تھے۔ اگر اللہ تعالیٰ ہدایت کر دیتا تو ہم بھی مطیع و فرمانبردار اور متقی بن جاتے۔ مگر جب اُس نے ہدایت ہی نہ کی تو ہمارا کیا قصور ہے، پھر جب عذاب کا مشاہدہ کریں گے تو یہ تمنا ہوگی کہ کاش دنیا میں دوبارہ بھیجدیئے جاویں۔ حق تعالیٰ نے ان تینوں آیتوں میں بتلا دیا کہ اللہ کی مغفرت اور رحمت بہت وسیع ہے، مگر وہ جبھی حاصل ہوسکتی ہے کہ مرنے سے پہلے توبہ کرلو۔ اس لئے ہم ابھی بتلائے دیتے ہیں ایسا نہ ہو کہ تم مرنے کے بعد پچھتاؤ اور آخرت میں اس طرح کی فضول حسرت و تمنا میں مبتلا ہو۔

بَلٰی قَدْ جَآءَتْكَ اٰیٰتِیْ فَكَذَّبْتَ بِهَا۔ اس آیت میں کفار کی اس بات کا جواب ہے کہ اگر اللہ ہدایت کر دیتا تو ہم متقی ہو جاتے۔ اس آیت کا حاصل یہ ہے کہ اللہ نے پوری ہدایت کر دی تھی اپنی کتابیں اور آیتیں بھیجی تھیں۔ اس لئے ان کا یہ کہنا غلط اور لغو ہے کہ اللہ نے ہمیں ہدایت نہیں کی۔ ہاں ہدایت کرنے کے بعد نیکی اور اطاعت پر اللہ نے کسی کو مجبور نہیں کیا۔ بلکہ بندہ کو یہ اختیار دیدیا کہ وہ جس راستے حق یا باطل کو اختیار کرنا چاہے کرے یہی بندہ کا امتحان تھا، اس پر اس کی کامیابی یا ناکامی موقوف تھی جس نے اپنے اختیار سے گمراہی کا راستہ اختیار کرلیا وہ خود اس کا ذمہ دار ہے۔

اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ۚ وَّهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿۶۲﴾ لَهٗ مَقَالِيْدُ

اللہ بنانے والا ہے ہر چیز کا اور وہ ہر چیز کا ذمہ لیتا ہے اس کے پاس ہیں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ

کنجیاں آسمانوں کی اور زمین کی اور جو منکر ہوئے ہیں اللہ کی باتوں سے وہ لوگ جو ہیں

هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۶۳﴾ قُلْ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ اَعْبُدُ اَيُّهَا ع ۱۱ ۶ ۳

وہی ہیں ٹوٹے میں پڑے تو کہہ اب اللہ کے سوائے کس کو بتلاتے ہو کہ پوجوں اے

الْجٰهِلُوْنَ ﴿۶۴﴾ وَلَقَدْ اُوْحِيَ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ

نادانو اور حکم ہو چکا ہے تجھ کو اور تجھ سے اگلوں کو

لَئِنْ اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۶۵﴾

کہ اگر تو نے شریک مان لیا تو اکارت جائیں گے تیرے عمل اور تو ہو گا ٹوٹے میں پڑا

بَلِ اللّٰهَ فَاعْبُدْ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۶۶﴾ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ

نہیں بلکہ اللہ ہی کو پوج اور رہ حق ماننے والوں میں اور نہیں سمجھے اللہ کو

حَقَّ قَدْرِهٖ ۖ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

جتنا کچھ وہ ہے اور زمین ساری ایک مٹھی ہے اسکی دن قیامت کے

وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى

اور آسمان لپٹے ہوئے ہوں اسکے داہنے ہاتھ میں وہ پاک ہے اور بہت اوپر ہے

عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۷﴾

اس سے کہ شریک بتلاتے ہیں۔

خلاصۂ تفسیر

اللہ ہی پیدا کرنے والا ہے ہر چیز کا اور وہی ہر چیز کا نگہبان ہے، اسی کے اختیار میں کنجیاں ہیں آسمان و زمین کی۔ یعنی ان سب چیزوں کا موجد و خالق بھی وہی ہے اور ان کو باقی رکھنے والا، حفاظت کرنے والا بھی وہی ہے، جو مفہوم ہے لفظ وکیل کا۔ اور ان سب مخلوقات میں تصرفات و انقلابات بھی اسی کا کام ہے یہ مفہوم ہے لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کا۔ کیونکہ جس کے ہاتھ میں خزانوں کی کنجیاں ہوتی ہیں، وہ ہی عادۃً ان میں تصرفات کا مالک ہوتا ہے۔ اور جب ساری کائنات کا خالق بھی بلا شرکتِ غیرے وہی ہے، محافظ بھی وہی ہے، مالک تصرفات کا بھی وہی ہے تو عبادت بھی صرف اسی کی

ہونا چاہیئے اور سزا و جزا کا مالک بھی وہی ہونا چاہیئے جو خلاصہ ہے توحید کا۔ اور چونکہ ان سب مقدمات کو یہ مشرکین بھی تسلیم کرتے تھے تو ان پر لازم تھا کہ عقیدہ توحید کو بھی تسلیم کریں، اس لئے فرمایا) جو لوگ (اس پر بھی) اللہ کی آیتوں کو (جو توحید اور جزاء و سزاء کے مضمون پر مشتمل ہیں) نہیں مانتے وہ بڑے خسارے میں رہیں گے (اور یہ لوگ خود تو کفر و شرک میں ملوث تھے ہی اب ان کا حوصلہ یہاں تک بڑھا کہ آپ کو بھی اپنے طریقہ پر لانے کے لئے فرمائش کرتے ہیں سو) آپ کہہ دیجئے کہ اے جاہلو، (مذکورہ دلائل سے توحید کا مکمل ثبوت اور کفر و شرک کا ابطال ہو جانے کے بعد) پھر بھی تم مجھ کو غیر اللہ کی عبادت کرنے کے لئے کہتے ہو (اور آپ سے کفر و شرک کا صادر ہونا کیسے ممکن ہے جبکہ) آپ کی طرف بھی اور جو پیغمبر آپ سے پہلے ہو گزرے ہیں ان کی طرف بھی یہ وحی بھیجی جا چکی ہے کہ (ہر امتی کو پہنچا دیں) کہ اگر تو شرک کریگا تو تیرا کیا کرایا کام سب غارت ہو جاوے گا۔ اور تو خسارہ میں پڑے گا۔ (اس لئے تو کبھی شرک کے پاس نہ جانا) بلکہ اللہ ہی کی عبادت کرنا اور (اسی کا) شکر گذار رہنا (اور جب انبیاء علیہم السلام کو جن میں آپ بھی داخل ہیں توحید کا حق ہونا اور کفر و شرک کا باطل ہونا بذریعہ وحی ثابت ہو چکا اور وہ اس پر مامور کئے گئے کہ دوسروں کو بھی اس عقیدے کی ہدایت کریں تو ان مشرکین کا آپ سے کفر و شرک کی توقع رکھنا بجز حماقت کے اور کیا ہو سکتا ہے) اور (افسوس ہے کہ) ان لوگوں نے خدائے تعالیٰ کی عظمت و قدر نہ پہچانی جیسا کہ پہچاننا چاہیئے تھا، حالانکہ ساری زمین اسی کی مٹھی میں ہوگی قیامت کے دن اور تمام آسمان لپٹے ہوئے ہوں گے اس کے داہنے ہاتھ میں، وہ پاک اور برتر ہے ان کے شرک سے۔

معارف و مسائل

لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۔ مَقَالِيْد، جمع مقلاد یا مقلید کی ہے جو قفل کی کنجی کے لئے بولا جاتا ہے۔ اور بعض حضرات نے کہا در اصل یہ لفظ فارسی زبان سے معرب کیا گیا ہے۔ فارسی میں کنجی کو کلید کہتے ہیں۔ معرب کر کے اس کو اقلید بنایا گیا پھر اس کی جمع مقالید لائی گئی (روح) کنجیوں کا کسی کے ہاتھ ہونا اس کے مالک و متصرف ہونے کی علامت ہے، اس لئے مراد آیت کی یہ ہے کہ آسمانوں اور زمینوں میں جو خزانے نعمتوں کے مستور ہیں، ان سب کی کنجیاں اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہیں وہی ان کا محافظ ہے اور وہی متصرف ہے کہ جب چاہے جس کو چاہے جس قدر چاہے دے اور جس کو چاہے نہ دے۔

اور بعض روایات حدیث میں کلمہ سوم یعنی سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ کو مقالید السمٰوٰت والارض فرمایا ہے۔

اس کا حاصل یہ ہے کہ جو شخص صبح و شام یہ کلمہ پڑھتا ہے اس کو اللہ تعالیٰ آسمان و زمین کے خزانوں کی نعمتیں عطا فرماتا ہے۔ ان روایات کو ابن جوزی نے موضوع کہہ دیا ہے، مگر دوسرے محدثین نے احادیث ضعیفہ قرار دیا ہے جن کا فضائل اعمال میں اعتبار کیا جا سکتا ہے۔ (روح المعانی)

وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ ۔ قیامت کے روز زمین کا اللہ تعالیٰ کی مٹھی میں ہونا اور آسمانوں کا لپیٹ کر اس کے داہنے ہاتھ میں ہونا اسلاف متقدمین کے نزدیک اپنے حقیقی معنوں میں ہیں۔ مگر مضمون آیت متشابہات میں سے ہے جس کی حقیقت بجز خدائے تعالیٰ کے کسی کو معلوم نہیں۔ عام لوگوں کو اس کی حقیقت معلوم کرنے کی کوشش بھی ممنوع ہے بس اس پر ایمان لانا ہے کہ جو کچھ اس سے اللہ تعالیٰ کی مراد ہے وہ حق اور صحیح ہے۔ اور چونکہ اس آیت کے ظاہری الفاظ سے اللہ تعالیٰ کے لئے مٹھی اور داہنے ہاتھ کا ہونا معلوم ہوتا ہے جو اعضاء و جوارح جسمانی ہیں اور اللہ تعالیٰ جسم اور جسمانیت سے پاک ہے، اس کی طرف آیت کے خاتمہ میں اشارہ کر دیا کہ ان الفاظ کو اپنے اعضاء پر قیاس مت کرو، اللہ تعالیٰ ان سے پاک ہے سُبْحٰنَهٗ وَتَعَالٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۔

اور علماء متاخرین نے اس آیت کو ایک تمثیل و مجاز قرار دے کر یہ معنے بیان کئے کہ کسی چیز کا مٹھی میں ہونا اور داہنے ہاتھ میں ہونا کنایہ ہوتا ہے اس پر پوری طرح قبضہ و قدرت سے یہی مکمل قبضہ و قدرت مراد ہے۔

واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ
اور پھونکا جائے صور میں پھر بیہوش ہو جائے جو کوئی ہے آسمانوں میں اور زمین میں
اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ۭ ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ
مگر جس کو اللہ چاہے پھر پھونکی جائے دوسری بار تو فوراً وہ کھڑے ہو جائیں
يَّنْظُرُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَاَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِ رَبِّهَا وَوُضِعَ
ہر طرف دیکھتے اور چمکے زمین اپنے رب کے نور سے اور لا دھریں
الْكِتٰبُ وَجِايْٓءَ بِالنَّبِيّٖنَ وَالشُّهَدَاۗءِ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ
دفتر اور حاضر آئیں پیغمبر اور گواہ اور فیصلہ ہو ان میں
بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۶۹﴾ وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ
انصاف سے اور ان پر ظلم نہ ہوگا اور پورا ملے ہر جی کو جو اس نے کیا
وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۷۰﴾ وَسِيْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى ع ۴
اور اس کو خوب خبر ہے جو کچھ کرتے ہیں۔ اور ہانکے جائیں جو منکر تھے دوزخ کی

جَهَنَّمَ زُمَرًا ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَآءُوْهَا فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ

طرف گروہ گروہ یہاں تک کہ جب پہنچ جائیں اس پر کھولے جائیں اُسکے دروازے اور کہنے لگیں انکو

خَزَنَتُهَاۤ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَتْلُوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ رَبِّكُمْ

اس کے داروغہ کیا نہ پہنچے تھے تمھارے پاس رسول تم میں کے پڑھتے تھے تم پر باتیں تمھارے رب کی

وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنْ حَقَّتْ

اور ڈراتے تم کو اس تمھارے دن کی ملاقات سے بولیں کیوں نہیں پر ثابت ہوا

كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۱﴾ قِيْلَ ادْخُلُوْۤا اَبْوَابَ

حکم عذاب کا منکروں پر حکم ہووے کہ داخل ہو جاؤ دروازوں میں

جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۷۲﴾

دوزخ کے سدا رہنے کو اُس میں سو کیا بُری جگہ ہے رہنے کی غرور والوں کو

وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ؕ حَتّٰۤى

اور ہانکے جائیں وہ لوگ جو ڈرتے رہے تھے اپنے رب سے جنت کو گروہ گروہ یہاں تک کہ جب

اِذَا جَآءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا

پہنچ جائیں اس پر اور کھولے جائیں اسکے دروازے اور کہنے لگیں ان کو داروغہ اُس کے

سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ﴿۷۳﴾ وَقَالُوا

سلام پہنچے تم پر تم لوگ پاکیزہ ہو سو داخل ہو جاؤ اس میں سدا رہنے کو اور وہ بولیں

الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ

شکر ہے اللہ کا جس نے سچا کیا ہم سے اپنا وعدہ اور وارث کیا ہم کو اس زمین کا

نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَآءُ ۚ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿۷۴﴾

گھر لے لیویں بہشت میں سے جہاں چاہیں سو کیا خوب بدلہ ہے محنت کرنے والوں کا

وَتَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ حَآفِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ

اور تو دیکھے فرشتوں کو گھر رہے ہیں عرش کے گرد پاکی بولتے ہیں اپنے

بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۚ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِيْلَ الْحَمْدُ

رب کی خوبیاں اور فیصلہ ہوتا ہے ان میں انصاف کا اور یہی بات کہتے ہیں کہ سب خوبی ہے

لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۵﴾ ع

اللہ کو جو رب ہے سارے جہان کا ۔

ع ۸ ۳ ۵ ۵

خُلاصۂ تفسیر

اور (قیامت کے روز جس کا اوپر ذکر آیا ہے) صور میں پھونک ماری جاویگی جس سے تمام آسمان اور زمین والوں کے ہوش اُڑ جاویں گے (پھر زندہ تو مرجاویں گے اور مُردوں کی رُوحیں بیہوش ہوجاویں گی) مگر جس کو خُدا چاہے (وہ اس بے ہوشی اور موت سے محفوظ رہے گا) پھر اُس (صور) میں دوبارہ پھونک ماری جاویگی تو دفعۃً سب کے سب (ہوش میں آکر اور اَرواح کا تعلق ابدان سے ہوکر قبروں سے نکل) کھڑے ہوجاوینگے۔ (اور) چاروں طرف دیکھنے لگیں گے (جیسا کہ حادثۂ غریبہ کے وقوع کے وقت عادت طبعی ہے) اور (پھر حق تعالیٰ حساب کے لئے زمین پر اپنی شان کے مناسب نزول و تجلی فرماویں گے اور) زمین اپنے رب کے نُور (بے کیف) سے روشن ہوجاویگی اور (سب کا) نامۂ اعمال (ہر ایک کے سامنے) رکھ دیا جاوے گا! اور پیغمبر اور گواہ حاضر کئے جاویں گے (گواہ کا مفہوم عام ہے جسمیں پیغمبر بھی داخل ہیں اور فرشتے بھی اور اُمتِ محمدیہ بھی اور اعضاء و جوارح بھی، جس کی تفصیل آگے معارف کے ضمن میں آتی ہے) اور سب (مکلفین) میں (حسب اعمال) ٹھیک ٹھیک فیصلہ کیا جاوے گا اور ان پر ظلم نہ ہوگا (کہ کوئی نیک عمل جو بشرائطہ واقع ہوا ہو چھُپا لیا جائے یا کوئی بدعمل بڑھا دیا جاوے) اور ہر شخص کو اُس کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دیا جاوے گا (اعمال نیک میں بدلہ کے پُورا ہونے سے مقصود کمی کی نفی ہے اور اعمال بد میں پورا ہونے سے مقصود زیادتی کی نفی ہے) اور وہ سب کے کاموں کو خوب جانتا ہے (پس اُس کو ہر ایک کے موافق جزا دیدینا کچھ مشکل نہیں) اور (بیان اُس بدلہ کا جو نتیجۂ فیصلہ کا ہے یہ ہے کہ) جو کافر ہیں وہ جہنّم کی طرف گروہ گروہ بنا کر (دھکّے دے کر ذلت و خواری کے ساتھ) ہانکے جاویں گے (گروہ گروہ اس لئے کہ اقسام و مراتب کفر کے جُدا جُدا ہیں۔ پس ایک ایک طرح کے کفار کا ایک ایک گروہ ہوگا) یہاں تک کہ جب دوزخ کے پاس پہنچیں گے تو (اُس وقت) اُس کے دروازے کھول دیئے جاویں گے اور اُن سے دوزخ کے محافظ (فرشتے بطور ملامت کے) کہیں گے کیا تمہارے پاس تم ہی لوگوں سے (جن سے استفادہ تمہارے لئے مشکل نہ تھا) پیغمبر نہ آئے تھے جو تم کو تمہارے رب کی آیتیں پڑھ کر سُنایا کرتے تھے اور تم کو تمہارے اس دن کے پیش آنے سے ڈرایا کرتے تھے وہ کافر کہیں گے کہ ہاں (رسول بھی آئے تھے اور انھوں نے ڈرایا بھی) لیکن عذاب کا وعدہ کافروں پر (جن میں ہم بھی داخل ہیں) پورا ہوکر رہا (یہ اعتذار نہیں بلکہ اعتراف ہے کہ باوجود ابلاغ کے ہم نے کفر کیا اور کافروں کے لئے جو عذاب موعود تھا وہ ہمارے سامنے آیا واقعی ہم مجرم ہیں، پھر اُن سے) کہا جاوے گا (یعنی وہ فرشتے کہیں گے) کہ جہنّم کے دروازوں میں داخل ہو (اور) ہمیشہ اس میں رہا کرو غرض (خدا کے احکام سے)

تکبر کرنے والوں کا برا ٹھکانہ ہے (پھر اس کے بعد وہ جہنّم میں داخل کیے جاویں گے اور دروازے بند کر دیئے جاویں گے۔ کما قال تعالیٰ اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ یہ تو کفار کا حال ہوا) اور جو لوگ اپنے رب سے ڈرتے تھے۔ (جس کا ابتدائی مرتبہ ایمان ہے پھر آگے اس کے مختلف درجات ہیں) وہ گروہ گروہ ہو کر (کہ جس مرتبہ کا تقویٰ ہوگا اس مرتبہ کے متقی ایک جگہ کر دیئے جاویں گے اور) جنّت کی طرف (شوق دلا کر جلدی) روانہ کیے جاویں گے یہاں تک کہ جب اُس (جنّت) کے پاس پہونچیں گے اور اس کے دروازے (پہلے سے) کھلے ہوئے ہوں گے (تاکہ ذرا بھی دیر نہ لگے اور نیز اہلِ اکرام کے لئے ایسا ہی ہوتا ہے جیسا مہمان کے لئے عادت ہے کہ پہلے سے دروازہ کھول دیا جاتا ہے۔ کما قال تعالیٰ مُفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ) اور وہاں کے محافظ (فرشتے) ان سے (بطور اکرام و ثنا کے) کہیں گے کہ السلام علیکم تم مزہ میں رہو سو اس (جنّت) میں ہمیشہ رہنے کے لئے داخل ہو جاؤ (اس وقت اس میں داخل ہو جاویں گے) اور (داخل ہو کر) کہیں گے کہ اللہ کا (لاکھ لاکھ) شکر ہے جس نے ہم سے اپنا وعدہ سچا کیا اور ہم کو اس سرزمین کا مالک بنا دیا کہ ہم جنّت میں جہاں چاہیں مقام کریں (یعنی ہر شخص کو خوب فراغت کی جگہ ملی ہے خوب کھل کھیل کر چلیں پھریں، بیٹھیں اُٹھیں قیام کے طور پر تو اپنی ہی جگہ میں اور سیر کے طور پر دوسرے جنّتی کے درجہ میں بھی) غرض (نیک) عمل کرنے والوں کا اچھا بدلا ہے (یہ جملہ خود اہلِ جنّت کا ہو یا اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہو دونوں امکان ہیں) اور (آگے اجلاس سے اخیر فیصلہ تک کے اسی مضمون کو مختصر اور پر شوکت الفاظ میں بطور تلخیص کے فرماتے ہیں کہ) آپ فرشتوں کو دیکھیں گے کہ (نزول اجلاس لِلْحِسَابِ کے وقت) عرش کے گرد اگرد حلقہ باندھے ہوں گے (اور) اپنے رب کی تسبیح و تحمید کرتے ہوں گے اور تمام بندوں میں ٹھیک ٹھیک فیصلہ کر دیا جاوے گا اور (اس فیصلہ کے ٹھیک ہونے پر ہر طرف سے جوش کے ساتھ یہی خروش ہوگا اور) کہا جاویگا کہ ساری خوبیاں خدا کو زیبا ہیں جو تمام عالم کا پروردگار ہے (جس نے ایسا عمدہ فیصلہ کیا پھر اس نعرۂ تحسین پر دربار برخاست ہو جاوے گا)۔

مَعارِف و مَسائِل

فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ۔ صَعِقَ کے لفظی معنے بیہوش ہونے کے ہیں اور مراد یہ ہے کہ اوّل بیہوش ہو جائیں گے پھر سب مر جائیں گے اور جو پہلے مر چکے ہیں اُنکی روحیں بیہوش ہو جائیں گی۔ (کمانی بیان القرآن من سورۃ النمل وعند ابن کثیر مثلہ)

اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ۔ میں در منثور کی روایات کے مطابق چار فرشتے جبرئیل، میکائیل، اسرافیل

اور ملک الموت ہیں اور بعض روایات میں حملۃ العرش بھی اس میں داخل ہیں۔ ان کے استثناء کا مطلب یہ ہے کہ نفخ صور کے اثر سے ان کو موت نہیں آئے گی مگر اس کے بعد ان کو بھی موت آجائے گی اور سوائے ایک ذات حق سبحانہٗ تعالیٰ کے کوئی اس وقت زندہ نہیں رہے گا۔ ابن کثیر نے بھی اسی کو اختیار کیا ہے۔ اور فرمایا ہے کہ ان سب میں بھی سب سے آخر میں ملک الموت کو موت آویگی۔ سورۂ نمل میں بھی ایک آیت اسی کی مثل گذری ہے اُس میں صَعِقَ کے بجائے فَزِعَ کا لفظ آیا ہے وہاں بھی اس کی کچھ تفصیل گذری ہے۔

وَجِایْٓءَ بِالنَّبِیّٖنَ وَالشُّهَدَآءِ - مراد یہ ہے کہ میدانِ حشر میں حساب وکتاب کے وقت سب انبیاء بھی موجود ہوں گے اور دوسرے سب گواہ بھی حاضر ہوں گے۔ ان گواہوں میں خود انبیاء علیہم السلام بھی ہوں گے، جیسا کہ قرآنِ کریم نے فرمایا ہے جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍۭ بِشَهِيْدٍ - اور فرشتے بھی گواہوں میں ہوں گے جیسا کہ قرآنِ کریم میں ہے مَعَهَا سَآئِقٌ وَّشَهِيْدٌ - کہ اس میں سَائِق اور شہید سے مراد فرشتے ہونا (تفسیر درمنثور) سورۂ ق میں مذکور ہے اور ان گواہوں میں اُمّتِ محمدیہ بھی ہوگی جیسا کہ قرآنِ کریم میں ہے لِتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ اور ان گواہوں میں خود انسان کے اعضاء وجوارح بھی ہوں گے جیسا کہ قرآنِ کریم میں ہے تُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ -

نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَآءُ - مطلب یہ ہے کہ اہلِ جنّت کے لئے اپنے اپنے مکانات محلات اور باغات تو ہونگے ہی، ان کو یہ اختیار بھی دیا جائے گا کہ دوسرے اہلِ جنّت کے پاس ملاقات وتفریح کے لئے جایا کریں طبرانی۔ ابونعیم اور ضیاء نے سند حسن کے ساتھ حضرت عائشہ رضؓ کی یہ روایت نقل کی ہے کہ ایک صحابی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ مجھے آپ سے اتنی محبت ہے کہ اپنے گھر بھی جاتا ہوں تو آپ ہی کو یاد کرتا رہتا ہوں اور جب تک پھر حاضرِ خدمت نہ ہو جاؤں مجھے صبر نہیں آتا۔ مگر جب میں اپنی موت کو یاد کرتا ہوں اور آپ کی وفات کو یاد کرتا ہوں تو یہ سمجھتا ہوں کہ آپ تو جنّت میں انبیاء کے مقامات عالیہ میں ہوں گے اور میں اگر جنّت میں پہنچ بھی گیا تو کسی نیچے کے درجے میں ہونگا مجھے فکر یہ ہے کہ میں آپ کو کیسے دیکھونگا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی بات سُن کر کچھ جواب نہیں دیا، یہاں تک کہ جبرئیل امین یہ آیت لیکر نازل ہوئے۔

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ۭ اس آیت میں بتلا دیا کہ اللہ و رسول کی اطاعت کرنے والے مسلمان انبیاء وصدیقین وغیرہ کے ساتھ ہی ہوں گے۔ اور آیتِ مذکورہ میں اسکی تشریح ہو گئی کہ ان کو مقامات عالیہ میں بھی جانے کی اجازت ہو گی۔ الحقنا اللہ تعالیٰ بہم بمنّہ وکرمہ۔

سُوْرَةُ الْمُؤْمِنِ

سُوْرَةُ الْمُؤْمِنِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسٌ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّتِسْعُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ مومن مکہ میں نازل ہوئی اور اس میں پچاسی آیتیں ہیں اور نو رکوع

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

حٰمٓ ۝۱ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝۲ غَافِرِ

اتارنا کتاب کا اللہ سے ہے جو زبردست ہے خبردار گناہ

الذَّنْۢبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ ۙ ذِي الطَّوْلِ ؕ

بخشنے والا اور توبہ قبول کرنے والا سخت عذاب دینے والا مقدور والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝۳ مَا يُجَادِلُ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ

کسی کی بندگی نہیں سوائے اسکے اسی کی طرف پھر جانا ہے وہی جھگڑتے ہیں اللہ کی باتوں میں

اِلَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَلَا يَغْرُرْكَ تَقَلُّبُهُمْ فِي الْبِلَادِ ۝۴

جو منکر ہیں سو تجھ کو دھوکا نہ دے یہ بات کہ وہ چلتے پھرتے ہیں شہروں میں

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّالْاَحْزَابُ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۪

جھٹلا چکے ہیں اُن سے پہلے قوم نوح کی اور کتنے فرقے ان سے پیچھے

وَهَمَّتْ كُلُّ اُمَّةٍۢ بِرَسُوْلِهِمْ لِيَاْخُذُوْهُ وَجٰدَلُوْا

اور ارادہ کیا ہر امت نے اپنے رسول پر کہ اس کو پکڑ لیں اور لانے لگے

بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ فَاَخَذْتُهُمْ ۫ فَكَيْفَ

جھوٹے جھگڑے کہ اس سے ڈگا دیں سچے دین کو پھر میں نے اُن کو پکڑ لیا (کہو) پھر کیسا ہوا

كَانَ عِقَابِ ۝٥ وَكَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ

میرا سزا دینا اور اسی طرح ٹھیک ہو چکی بات تیرے رب کی منکروں پر

كَفَرُوْٓا اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ۝٦ اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ

کہ یہ ہیں دوزخ والے جو لوگ اٹھا رہے ہیں عرش کو

وَمَنْ حَوْلَهٗ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُوْنَ بِهٖ

اور جو اس کے گرد ہیں پاکی بولتے ہیں اپنے رب کی خوبیاں اور اس پر یقین رکھتے ہیں

وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ

اور گناہ بخشواتے ہیں ایمان والوں کے اے پروردگار ہمارے ہر چیز سمائی ہوئی ہے

رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا

تیری بخشش اور خبر میں سو معاف کر ان کو جو توبہ کریں اور چلیں تیری

سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۝٧ رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ

راہ پر اور بچا ان کو آگ کے عذاب سے اے رب ہمارے اور داخل کر ان کو

جَنّٰتِ عَدْنِ ِۨالَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ

سدا رہنے کے باغوں میں جن کا وعدہ کیا تو نے ان سے اور جو کوئی نیک ہو ان کے باپوں میں

وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ ۭ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝٨

اور عورتوں میں اور اولاد میں بے شک تو ہی ہے زبردست حکمت والا

وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ۭ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَىِٕذٍ فَقَدْ

اور بچا ان کو برائیوں سے اور جس کو تو بچائے برائیوں سے اس دن اس پر

رَحِمْتَهٗ ۭ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝٩ ع ۱ ۹ ۶

مہربانی کی تو نے اور یہ جو ہے یہی ہے بڑی مراد پانی

خُلاصۂ تفسیر

حٰمٓ (اس کے معنی اللہ ہی کو معلوم ہیں) یہ کتاب اتاری گئی ہے اللہ کی طرف سے جو زبردست ہے ہر چیز کا جاننے والا ہے۔ گناہ بخشنے والا ہے اور توبہ کا قبول کرنے والا ہے، سخت سزا دینے والا ہے، قدرت والا ہے اس کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں اسی کے پاس (سب کو) جانا ہے (پس قرآن مجید اور توحید کی حقیقت کا مقتضا یہ ہے کہ اس میں انکار و جدال نہ کیا جاوے مگر پھر بھی) اللہ تعالیٰ کی ان آیتوں میں (یعنی قرآن میں جو توحید پر

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم لازم

بھی مشتمل ہے) وہی لوگ (ناحق کے) جھگڑے نکالتے ہیں جو (اس کے) منکر ہیں (اور اس انکار کا مقتضا یہ ہے کہ ان کو سزا دیجاتی، لیکن عاجلا سزا نہ ہونا استدراج یعنی چند روزہ مہلت دینا ہے) سو ان لوگوں کا شہروں میں (امن و امان سے دنیوی کاروبار کے لئے) چلنا پھرنا آپ کو اشتباہ میں نہ ڈالے (کہ اس سے یہ سمجھ لیا جائے کہ یہ اسی طرح سزا و عذاب سے بچے رہیں گے اور آرام سے رہیں گے اور آپ کے اس خطاب سے دوسروں کو سنانا مقصود ہے، غرض ان پر دار و گیر ضرور ہو گی خواہ دنیا میں بھی اور نہ آخرت میں بھی یا صرف آخرت میں چنانچہ) ان سے پہلے نوح (علیہ السلام) کی قوم نے اور دوسرے گروہوں نے بھی جو ان کے بعد ہوئے (جیسے عاد و ثمود وغیرہم دین حق کو) جھٹلایا تھا اور ہر امت (میں سے جو لوگ ایمان نہ لائے تھے انھوں) نے اپنے پیغمبر کے گرفتار کرنے کا ارادہ کیا (کہ پکڑ کر قتل کر دیں) اور ناحق کے جھگڑے نکالے تاکہ اس ناحق سے حق کو باطل کر دیں سو میں نے (آخر) ان پر دار و گیر کی سو (دیکھو) میری طرف سے (ان کو) کیسی سزا ہوئی اور (جس طرح ان کو دنیا میں سزا ہوئی) اسی طرح تمام کافروں پر آپ کے پروردگار کا یہ قول ثابت ہو چکا ہے کہ وہ لوگ (آخرت میں) دوزخی ہوں گے (یعنی یہاں بھی سزا ہوئی اور وہاں بھی ہو گی، اسی طرح کفر کے سبب ان کفار حاضرین کو بھی دار و گیر اور سزا ہونے والی ہے خواہ دونوں عالم میں یا آخرت میں۔ یہ تو حال ہے منکرین کا، کہ مستحق اہانت و عقوبت ہیں اور جو لوگ موحد اور مؤمن ہیں وہ ایسے مکرم ہیں کہ ملائکہ مقربین ان کے لئے دعا و استغفار کرنے میں مشغول رہتے ہیں جو کہ حسب قاعدہ يَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ اس کی علامت ہے کہ وہ اللہ کی طرف سے اس پر مامور ہیں کہ مؤمنین کے لئے استغفار کیا کریں۔ اس سے مؤمنین کا محبوب عند اللہ ہونا ثابت ہوتا ہے چنانچہ ارشاد ہے کہ) جو فرشتے کہ عرش (الٰہی) کو اٹھائے ہوئے ہیں اور جو فرشتے اس کے گرداگرد ہیں وہ اپنے رب کی تسبیح و تحمید کرتے رہتے ہیں اور اس پر ایمان رکھتے ہیں اور ایمان والوں کے لئے (اس طرح دعا و) استغفار کیا کرتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار آپ کی رحمت ـــــ (عامہ) اور علم ہر چیز کو شامل ہے (پس اہل ایمان پر بدرجہ اولیٰ رحمت ہو گی اور ان کے ایمان کا آپ کو علم بھی ہے) سو ان لوگوں کو بخشدیجئے جنھوں نے (شرک و کفر سے) توبہ کر لی ہے اور آپ کے رستہ پر چلتے ہیں اور ان کو جہنم کے عذاب سے بچا لیجئے۔ اے ہمارے پروردگار اور (دوزخ سے بچا کر) ان کو ہمیشہ رہنے کی بہشتوں میں جس کا آپ نے ان سے وعدہ کیا ہے داخل کر دیجئے اور ان کے ماں باپ اور بیبیوں اور اولاد میں جو (جنت کے) لائق (یعنی مؤمن) ہوں (گو ان مومنین کے درجے کے نہ ہوں) ان کو بھی داخل کر دیجئے، بلاشک آپ زبردست حکمت والے ہیں (کہ مغفرت پر قادر ہیں اور ہر ایک کے مناسب اس کو درجہ عطا فرماتے ہیں) اور (جیسا ان کو دوزخ سے جو کہ عذاب اعظم ہے بچانے کے لئے آپ سے دعا ہے اسی طرح یہ بھی دعا ہے کہ) ان کو (قیامت کے دن ہر طرح کی) تکالیف سے بچایئے (گو وہ جہنم

سے خفیف ہوں جیسے میدانِ قیامت کی پریشانیاں) اور آپ جس کو اس دن تکلیف سے بچالیں تو اس پر آپ نے (بہت) مہربانی فرمائی۔ اور یہ (جو مذکور ہوا مغفرت و حفاظت عذابِ اکبر و اصغر سے اور دخول جنّت) بڑی کامیابی ہے (پس اپنے مؤمن بندوں کو اس سے محروم نہ رکھیئے)۔

مَعارف ومَسائل

سُورۂ مومن کی خصوصیات اور فضائل وغیرہ

یہاں سے سورۂ احقاف تک سات سورتیں ـــــ حٰمٓ سے شروع ہوتی ہیں ان کو آل حٰمٓ یا حوامیم کہا جاتا ہے۔ حضرت ابن مسعود رضؓ نے فرمایا کہ آل حٰمٓ دیباج القرآن ہے (دیباج ریشمی کپڑے کو کہتے ہیں۔ مراد اس سے زینت ہے)۔ اور مسعر بن کدام فرماتے ہیں کہ ان کو عرائس کہا جاتا ہے یعنی دلہنیں۔ اور حضرت ابن عباس رضؓ نے فرمایا کہ ہر چیز کا ایک مغز اور خلاصہ ہوتا ہے۔ قرآن کا خلاصہ آل حٰمٓ ہیں یا فرمایا کہ حوامیم ہیں۔ یہ سب روایتیں امام عالم ابو عبید قاسم بن سلام رحؒ نے اپنی کتاب فضائل القرآن میں لکھی ہیں۔

اور حضرت عبداللہ رضؓ نے فرمایا کہ قرآن کی مثال ایسی ہے کہ کوئی شخص اپنے اہل و عیال کی رہائش کے لئے جگہ کی تلاش میں نکلا۔ تو کسی ہرے بھرے میدان کو دیکھ کر خوش ہو رہا ہے۔ اچانک آگے بڑھا تو روضات دمثات یعنی ایسے باغات ملے جن کی زمین میں اُگانے کا مادہ سب سے زیادہ ہے ان کو دیکھ کر کہنے لگا میں تو بارش کی پہلی ہی ہریالی کو دیکھ کر تعجب کر رہا تھا۔ یہ تو اُس سے بھی عجیب تر ہیں تو اُس سے یہ کہا جائے گا کہ پہلی ہریالی اور سرسبزی کی مثال عام قرآن کی مثال ہے اور روضات دمثات کی مثال قرآن میں سے آل حٰمٓ کی مثال ہے۔ اسی لئے حضرت عبداللہ بن مسعود رضؓ نے فرمایا کہ جب میں تلاوتِ قرآن کرتے ہوئے آل حٰمٓ پر آجاتا ہوں تو گویا ان میں میری بڑی تفریح ہوتی ہے۔

ہر بلا سے حفاظت

اور مسندِ بزّار میں اپنی سند کے ساتھ حضرت ابو ہریرہ رضؓ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے شروع دن میں آیۃ الکرسی اور سورۂ مؤمن (کی پہلی تین آیتیں حٰمٓ سے اِلَیْہِ الْمَصِیْرُ تک) پڑھ لیں۔ وہ اس دن ہر برائی اور تکلیف سے محفوظ رہے گا۔ اس کو ترمذی نے بھی روایت کیا ہے۔ جس کی سند میں ایک راوی متکلم فیہ ہے۔

(ابن کثیر ص۶۹ ج ۴)

دشمن سے حفاظت

ابو داؤد و ترمذی میں باسناد صحیح حضرت مہلب بن ابی صفرہ رضؓ سے روایت ہے، انھوں نے فرمایا کہ مجھ سے ایسے شخص نے روایت کی کہ جس نے خود رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم سے سُنا ہے کہ آپ (کسی جہاد کے موقع پر رات میں حفاظت کے لئے) فرمارہے تھے کہ اگر رات میں تم پر چھاپہ مارا جائے تو تم حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ پڑھ لینا جس کا حاصل لفظ حٰمٓ کے ساتھ یہ دُعا کرنا ہے کہ ہمارا دشمن کامیاب نہ ہو۔ اور بعض روایات میں حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْا بغیر نون کے آیا ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ جب تم حٰمٓ کہو گے تو دشمن کامیاب نہ ہوگا۔ اس سے معلوم ہوا کہ حٰمٓ دشمن سے حفاظت کا قلعہ ہے۔ (ابن کثیر)

ایک عجیب واقعہ

حضرت ثابت بنانی رح فرماتے ہیں کہ میں حضرت مصعب بن زبیر رض کے ساتھ کوفے کے علاقہ میں تھا۔ میں ایک باغ کے اندر چلا گیا کہ دو رکعت پڑھ لوں۔ میں نے تمام سے پہلے حٰمٓ المؤمن کی آیتیں اِلَیْهِ الْمَصِیْرُ تک پڑھیں، اچانک دیکھا کہ ایک شخص میرے پیچھے ایک سفید خچر پر سوار کھڑا ہے جس کے بدن پر یمنی کپڑے ہیں۔ اس شخص نے مجھ سے کہا کہ جب تم غَافِرِ الذَّنْبِ کہو تو اس کے ساتھ یہ دُعا کرو، یَا غَافِرَ الذَّنْبِ اغْفِرْ لِیْ یعنی اے گناہوں کے معاف کرنے والے مجھے معاف کر دے اور جب تم پڑھو قَابِلِ التَّوْبِ تو یہ دعا کرو یَا قَابِلَ التَّوْبِ اقْبَلْ تَوْبَتِیْ یعنی اے توبہ کے قبول کرنے والے میری توبہ قبول فرما پھر جب پڑھو شَدِیْدِ الْعِقَابِ تو یہ دعا کرو یَا شَدِیْدَ الْعِقَابِ لَا تُعَاقِبْنِیْ یعنی اے سخت عقاب والے مجھے عذاب نہ دیجئے۔ اور جب ذِی الطَّوْلِ پڑھو تو یہ دُعا کرو یَا ذَا الطَّوْلِ طُلْ عَلَیَّ بِخَیْرٍ۔ یعنی اے انعام و احسان کرنے والے مجھ پر انعام فرما۔

ثابت بنانی رح کہتے ہیں یہ نصیحت اس سے سننے کے بعد جو اُدھر دیکھا تو وہاں کوئی نہ تھا۔ میں اسکی تلاش میں باغ کے دروازے پر آیا۔ لوگوں سے پوچھا کہ ایک ایسا شخص یمنی لباس میں یہاں سے گذرا ہے، سب نے کہا کہ ہم نے کوئی ایسا شخص نہیں دیکھا۔ ثابت بنانی رح کی ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ لوگوں کا خیال ہے کہ یہ الیاس علیہ السلام تھے، دوسری روایت میں اس کا ذکر نہیں۔ (ابن کثیر رح)

اِن آیات کی تاثیر اصلاح خلق میں اور فاروق اعظم کی ایک عظیم ہدایت مصلحین کے لئے

ابن کثیر رح نے ابن ابی حاتم کی سند سے نقل کیا ہے کہ ایک اہلِ شام میں سے بڑا بارعب قوی آدمی تھا اور فاروق اعظم رض کے پاس آیا کرتا تھا، کچھ عرصہ تک وہ نہ آیا تو فاروق اعظم رض نے لوگوں سے اس کا حال پوچھا۔ لوگوں نے کہا کہ امیر المؤمنین اس کا حال نہ پوچھئے وہ تو شراب میں بدمست رہنے لگا۔ فاروق اعظم رض نے اپنے منشی کو بلایا اور کہا کہ یہ خط لکھو۔

من عمر بن الخطاب الی فلان بن فلان۔ سلام علیک فانی احمد الیک اللہ الذی لا الٰہ الا ھو غافر الذنب و قابل التوب شدید العقاب ذی الطول	منجانب عمر بن خطاب بنام فلاں بن فلاں۔ سلام علیک، اس کے بعد میں تمہارے لئے اُس اللہ کی حمد پیش کرتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ گناہوں کو معاف کرنے والا، توبہ کو قبول

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝

کرنے والا، سخت عذاب والا، بڑی قدرت والا ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اُسی کی طرف لَوٹ کر جانا ہے۔

پھر حاضرین مجلس سے کہا کہ سب مِل کر اس کے لئے دعا کرو کہ اللہ تعالیٰ اس کے قلب کو پھیر دے، اور اس کی توبہ قبول فرمائے۔ فاروق اعظم رضؓ نے جس قاصد کے ہاتھ یہ خط بھیجا تھا اس کو ہدایت کر دی تھی کہ یہ خط اس کو اس وقت تک نہ دے جب تک کہ وہ نشہ سے ہوش میں نہ آئے اور کسی دوسرے کے حوالے نہ کرے۔ جب اس کے پاس حضرت فاروق اعظم رضؓ کا یہ خط پہنچا اور اس نے پڑھا تو بار بار ان کلمات کو پڑھتا اور غور کرتا رہا کہ اس میں مجھے سزا سے ڈرایا بھی گیا ہے اور معاف کرنے کا وعدہ بھی کیا ہے۔ پھر رونے لگا اور شراب خوری سے باز آگیا، تو ایسی توبہ کی کہ پھر اس کے پاس (بھی) نہ گیا۔

حضرت فاروق اعظم رضؓ کو جب اس اثر کی خبر ملی تو لوگوں سے فرمایا کہ ایسے معاملات میں تم سب کو ایسا ہی کرنا چاہیئے کہ جب کوئی بھائی کسی لغزش میں مبتلا ہو جائے تو اس کو درستی پر لانے کی فکر کرو اور اس کو اللہ کی رحمت کا بھروسہ دلاؤ اور اللہ سے اس کے لئے دُعا کرو کہ وہ توبہ کر لے۔ اور تم اس کے مقابلہ پر شیطان کے مددگار نہ بنو۔ یعنی اس کو بُرا بھلا کہہ کر یا غصہ دلا کر اور دین سے دُور کر دو گے تو یہ شیطان کی مدد ہو گی۔ (ابن کثیرؒ)

تنبیہ جو لوگ اصلاح خلق اور تبلیغ و دعوت کی خدمت انجام دینے والے ہیں ان کے لئے اس حکایت میں ایک عظیم الشان ہدایت ہے کہ جس شخص کی اصلاح مقصود ہو اس کے لئے خود بھی دعا کرو پھر بزم تدابیر سے اس کو درستی کی طرف لاؤ۔ اشتعال انگیزی نہ کرو کہ اس سے اس کو نفع نہیں پہنچے گا بلکہ شیطان کی امداد ہو گی اور وہ اس کو اور زیادہ گمراہی میں مبتلا کر دے گا۔ (آگے آیت کی تفسیر دیکھئے):۔

حٰمٓ ۔ بعض حضرات مفسرین نے فرمایا کہ یہ اللہ تعالیٰ کا نام ہے مگر ائمہ متقدمین کے نزدیک یہ حروف مقطعات سب متشابہات میں سے ہیں جن کے معنی اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے یا اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان ایک راز ہیں۔

غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ ۔ غَافِرِ الذَّنْبِ کے لفظی معنی ہیں گناہ پر پردہ ڈالنے والا، اور قَابِلِ التَّوْبِ کے معنی توبہ قبول کرنے والا، یہ دو لفظ الگ الگ لائے گئے اگرچہ مفہوم دونوں کا تقریباً ایک معلوم ہوتا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ غَافِرِ الذَّنْبِ میں اشارہ اس طرف کرنا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو اس پر بھی قدرت ہے کہ کسی بندے کا گناہ بغیر توبہ کے بھی معاف کر دے اور توبہ کرنے والوں کو معافی دینا دوسرا وصف ہے۔ (مظہری)

ذِی الطَّوْلِ ۔ طَوْل کے لفظی معنی وسعت و غنا کے ہیں اور قدرت کے معنی میں بھی آتا ہے، فضل و

واحسان کے معنٰی میں بھی۔ (مظہری)

مَا يُجَادِلُ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ اِلَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۔ اس آیت نے جدال فی القرآن کو کفر قرار دیا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اِنَّ جِدَالًا فِی الْقُرْاٰنِ كُفْرٌ یعنی بعض جدال قرآن میں کفر ہوتے ہیں۔ (رواہ البغوی والبیہقی فی الشعب عن ابی ہریرۃ رض ورواہ ابوداؤد والحاکم وصححہ۔ مظہری)

اور حدیث میں ہے کہ ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو شخصوں کی آواز سنی جو کسی آیت قرآن کے متعلق جھگڑ رہے تھے، آپ غضبناک ہو کر باہر تشریف لائے کہ آپ کے چہرہ مبارک سے غصہ کے آثار محسوس ہو رہے تھے اور فرمایا کہ تم سے پہلی امتیں اسی سے ہلاک ہوئیں کہ وہ اللہ کی کتاب میں جدال کرنے لگی تھیں (رواہ مسلم عن عبداللہ بن عمرو بن شعیب۔ مظہری)

یہ جدال جس کو قرآن و حدیث نے کفر قرار دیا اس سے مراد قرآنی آیات پر طعن کرنا اور فضول قسم کے شبہات نکال کر اس میں جھگڑا ڈالنا ہے یا کسی آیت قرآن کے ایسے معنی بیان کرنا جو دوسری آیات قرآن اور نصوص سنت کے خلاف ہوں جو تحریف قرآن کے درجہ میں ہے ورنہ کسی مبہم یا مجمل کلام کی تحقیق یا مشکل کلام کا حل تلاش کرنا یا کسی آیت سے احکام و مسائل کے استنباط میں باہم بحث و تحقیق کرنا اس میں داخل نہیں بلکہ وہ تو بڑا ثواب ہے۔ (قاضی بیضاوی۔ قرطبی، مظہری)

فَلَا يَغُرُّكَ تَقَلُّبُهُمْ فِي الْبِلَادِ۔ کفار قریش سردی میں یمن کا اور گرمی میں ملک شام کا تجارتی سفر کرتے تھے اور حرم بیت اللہ کی خدمت کی وجہ سے ان کا سارے عرب میں احترام تھا۔ اس لئے اپنے سفروں میں محفوظ رہتے اور تجارتی منافع حاصل کرتے تھے۔ اسی سے ان کی مالداری اور ریاست قائم تھی اسلام اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کے باوجود ان کی یہ صورت قائم رہنا ان کے لئے فخر و غرور کا سبب تھا کہ اگر ہم اللہ کے نزدیک مجرم ہوتے تو یہ نعمتیں سلب ہو جاتیں۔ اس سے کچھ مسلمانوں کو بھی شبہات پیدا ہونے کا امکان تھا، اس لئے اس آیت میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمت و مصلحت سے ان کو یہ چند روزہ مہلت دے رکھی ہے، اس سے آپ یا مسلمان کسی دھوکہ میں نہ پڑیں۔ چند روزہ مہلت کے بعد ان پر عذاب آنے والا ہے اور یہ ریاست فنا ہونیوالی ہے جس کی ابتدا غزوہ بدر سے ہوئی اور فتح مکہ تک چھ سال کے اندر اس کا پوری طرح ظہور ہو گیا۔

اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهٗ ۔ حاملانِ عرش فرشتے اب چار ہیں اور قیامت کے روز آٹھ ہو جائیں گے اور عرش کے گرد کتنے فرشتے ہیں ان کی تعداد اللہ ہی جانتا ہے۔ بعض روایات میں ان کی صفوں کی تعداد بتلائی ہے جو لاکھوں تک پہنچتی ہے، ان کو کروبی کہا جاتا ہے۔ یہ سب اللہ تعالیٰ کے مقرب فرشتے ہیں۔ اس آیت میں بتلایا گیا ہے کہ یہ سب مقرب فرشتے مومنین کے لئے خصوصاً جو گناہوں سے تائب اور شریعت کے متبع ہو جائیں انکے لئے دعائیں کرتے ہیں۔ یا تو اللہ تعالیٰ نے ان کو اس کام پر مامور فرمایا ہے یا اُن کی فطرت و طبیعت ہی ایسی ہے کہ وہ اللہ کے نیک بندوں کیلئے دعائیں کرتے رہتے ہیں۔ اسی لئے حضرت مطرف بن عبداللہ ابن شخیر نے فرمایا کہ اللہ کے بندوں میں مومنین کے خیر خواہ سب سے زیادہ اللہ کے فرشتے

ہیں۔ انکی دعا مؤمنین کے لئے ایک تو یہ ہوتی ہے کہ ان کی مغفرت فرما اور عذاب جہنّم سے بچا۔ اور ہمیشہ رہنے والی جنّتوں میں داخل فرما۔ اس کے ساتھ یہ دعا بھی کرتے ہیں کہ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ۔ یعنی ان کے باپ دادوں اور ان کی بیویوں اور ان کی اولادوں میں سے جن میں صلاحیت مغفرت کی ہو یعنی جن کا خاتمہ ایمان پر ہوا ہے ان کو بھی انھیں لوگوں کے ساتھ جنّت میں داخل فرما۔

اس سے معلوم ہوا کہ ایمان تو شرط نجات ہے ایمان کے بعد دوسرے اعمال صالحہ ہیں۔ مسلمان کے متعلقین باپ دادے یا بیوی اور اولاد اگر اس کے درجہ سے نیچے بھی ہوں تو اللہ تعالیٰ ان کے اکرام میں کم درجہ کے متعلقین کو بھی جنّت میں انھیں کے ساتھ کر دیں گے تاکہ ان کی خوشی و مسرّت مکمل ہو جائے۔ جیسا کہ قرآن کریم کی دوسری آیت میں ارشاد ہے کہ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ۔

حضرت سعید بن جبیر رح نے فرمایا کہ مؤمن جب جنّت میں جائے گا تو اپنے باپ، بیٹے، بھائی وغیرہ کو پوچھے گا کہ وہ کہاں ہیں اس کو بتلایا جائے گا کہ انھوں نے تمھارے جیسا عمل نہیں کیا (اس لئے وہ یہاں نہیں پہنچ سکیں گے)۔ یہ کہے گا کہ میں نے جو عمل کیا تھا (وہ صرف اپنے لئے نہیں) بلکہ اپنے اور ان کے لئے کیا تھا تو حکم ہوگا ان کو بھی جنّت میں داخل کر دو۔ (ابن کثیر)۔

تفسیر مظہری میں اس روایت کو نقل کر کے فرمایا کہ یہ موقوف بحکم مرفوع ہے اور اس بارے میں صریح ہے کہ صلاحیت جو اس آیت میں شرط قرار دی گئی ہے اس سے مُراد نفس ایمان ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا يُنَادَوْنَ لَمَقْتُ اللَّهِ أَكْبَرُ مِنْ

جو لوگ منکر ہیں ان کو پکار کر کہیں گے اللہ بیزار ہوتا تھا زیادہ اُس سے جو

مَّقْتِكُمْ أَنفُسَكُمْ إِذْ تُدْعَوْنَ إِلَى الْإِيمَانِ فَتَكْفُرُونَ ﴿١٠﴾

تم بیزار ہوتے ہو اپنے جی سے جس وقت تم کو بلاتے تھے یقین لانے کو پھر تم منکر ہوتے تھے

قَالُوا رَبَّنَا أَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَأَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا

بولیں گے اے رب ہمارے تو موت دے چکا ہم کو دو بار اور زندگی دے چکا دو بار اب ہم قائل ہوئے

بِذُنُوبِنَا فَهَلْ إِلَىٰ خُرُوجٍ مِّن سَبِيلٍ ﴿١١﴾ ذَٰلِكُم بِأَنَّهُ

اپنے گناہوں کے پھر اب بھی ہے نکلنے کو کوئی راہ یہ تم پر اس واسطے ہے کہ

إِذَا دُعِيَ اللَّهُ وَحْدَهُ كَفَرْتُمْ ۖ وَإِن يُشْرَكْ بِهِ تُؤْمِنُوا ۚ

جب پکارا کسی نے اللہ کو اکیلا تو تم منکر ہوتے اور جب پکارتے اس کے ساتھ شریک کو تو

فَالْحُكْمُ لِلَّهِ الْعَلِيِّ الْكَبِيرِ ﴿١٢﴾

تم یقین لانے لگتے اب حکم وہی جو کرے اللہ سب سے اوپر بڑا

خُلاصۂ تفسیر

جو لوگ کافر ہوئے (وہ جب دوزخ میں جاکر اپنے شرک و کفر اختیار کرنے پر حسرت و افسوس کریں گے اور خود ان کو اپنے سے سخت نفرت ہوگی یہاں تک غصہ کے مارے اپنی انگلیاں کاٹ کاٹ کر کھادیں گے۔ جیسا کہ در منثور میں حضرت حسن سے روایت ہے۔ اس وقت) ان کو پکارا جاوے گا کہ جیسی تم کو (اس وقت) اپنے سے نفرت ہے، اس سے بڑھ کر خدا کو تم سے نفرت تھی جبکہ تم (دنیا میں) ایمان کی طرف بلائے جاتے تھے پھر (بلانے کے بعد) تم نہیں مانا کرتے تھے (مقصود اس سے ان کی حسرت و ندامت میں اور زیادتی کرنا ہے) وہ لوگ کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار (ہم جو دوبارہ زندہ ہونے کا انکار کیا کرتے تھے اب ہم کو اپنی غلطی معلوم ہوگئی۔ چنانچہ دیکھ لیا کہ) آپ نے ہم کو دو مرتبہ مردہ رکھا (ایک مرتبہ پیدائش سے پہلے کہ ہم بے جان مادہ کی صورت میں تھے اور دوسری مرتبہ اس عالم میں آنے اور زندہ ہونے کے بعد متعارف موت سے مردہ ہوئے) اور دو مرتبہ زندگی دی (ایک دنیا کی زندگی اور دوسری آخرت کی زندگی۔ یہ چار حالتیں ہیں، جن میں سے انکار تو صرف ایک یعنی آخرت کی زندگی کا تھا مگر باقی تین حالتوں کا ذکر اس لئے کر دیا کہ وہ یقینی تھیں اور اس اقرار کا مقصد یہ تھا کہ اب چوتھی قسم بھی پہلی تین کی طرح یقینی ہوگئی) سو ہم اپنی خطاؤں کا (جن میں اصل مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونے کا انکار تھا، باقی سب اسی کی فروع تھیں) اقرار کرتے ہیں تو کیا (یہاں سے) نکلنے کی کوئی صورت ہے (کہ دنیا میں پھر جاکر ان خطاؤں کا تدارک کر لیں۔ جواب میں ارشاد ہوگا کہ تمہارے نکلنے کی کوئی صورت نہیں ہوگی بلکہ ہمیشہ یہیں رہنا ہوگا۔ اور) وجہ اس کی یہ ہے کہ جب صرف اللہ کا نام لیا جاتا تھا (یعنی توحید کا ذکر ہوتا تھا) تو تم انکار کیا کرتے تھے اور اگر اس کے ساتھ کسی کو شریک کیا جاتا تھا تو تم مان لیتے تھے اس لئے یہ فیصلہ اللہ کا (کیا ہوا) ہے جو عالیشان (اور) بڑے مرتبے والا ہے (یعنی چونکہ اللہ تعالیٰ کے علو و کبریاء کے اعتبار سے یہ جرم عظیم تھا اس لئے فیصلہ میں سزا بھی عظیم ہوئی یعنی دائمی جہنم)۔

هُوَ الَّذِیْ یُرِیْكُمْ اٰیٰتِهٖ وَیُنَزِّلُ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ رِزْقًا ؕ

وہی ہے تم کو دکھلاتا اپنی نشانیاں اور اتارتا ہے تمھارے واسطے آسمان سے روزی

وَمَا یَتَذَكَّرُ اِلَّا مَنْ یُّنِیْبُ ﴿۱۳﴾ فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِیْنَ لَهُ

اور سوچ وہی کرے جو رجوع رہتا ہو سو پکارو اللہ کو خالص کر کر اسکے واسطے

الدِّیْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ رَفِیْعُ الدَّرَجٰتِ ذُو

بندگی اور برا مانیں منکر وہی ہے اونچے درجوں والا مالک

الْعَرْشِ ۚ یُلْقِی الرُّوْحَ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰی مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ

عرش کا اتارتا ہے بھید کی بات اپنے حکم سے جس پر چاہے اپنے بندوں میں سے

لِیُنْذِرَ یَوْمَ التَّلَاقِ ﴿۱۵﴾ یَوْمَ هُمْ بٰرِزُوْنَ ۚ لَا یَخْفٰی

تاکہ وہ ڈرائے ملاقات کے دن سے جس دن وہ لوگ نکل کھڑے ہونگے چھپی نہ رہے گی

عَلَی اللّٰهِ مِنْهُمْ شَیْءٌ ؕ لِمَنِ الْمُلْكُ الْیَوْمَ ؕ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ

اللہ پر ان کی کوئی چیز کس کا راج ہے اس دن اللہ کا ہے جو اکیلا ہے

الْقَهَّارِ ﴿۱۶﴾ اَلْیَوْمَ تُجْزٰی كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ ؕ لَا ظُلْمَ

دباؤ والا آج بدلہ ملے گا ہر جی کو جیسا اس نے کمایا بالکل ظلم

الْیَوْمَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِیْعُ الْحِسَابِ ﴿۱۷﴾ وَاَنْذِرْهُمْ یَوْمَ

نہیں آج بیشک اللہ جلد لینے والا ہے حساب اور خبر سنا دے ان کو اس نزدیک

الْاٰزِفَةِ اِذِ الْقُلُوْبُ لَدَی الْحَنَاجِرِ كٰظِمِیْنَ ؕ مَا لِلظّٰلِمِیْنَ

آنے والے دن کی جس وقت دل پہنچیں گے گلوں کو تو وہ دبا رہے ہوں گے کوئی نہیں گناہگاروں کا

مِنْ حَمِیْمٍ وَّلَا شَفِیْعٍ یُّطَاعُ ﴿۱۸﴾ یَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْیُنِ

دوست اور نہ سفارشی کہ جسکی بات مانی جائے وہ جانتا ہے چوری کی نگاہ

وَمَا تُخْفِی الصُّدُوْرُ ﴿۱۹﴾ وَاللّٰهُ یَقْضِیْ بِالْحَقِّ ؕ وَالَّذِیْنَ

اور جو کچھ چھپا ہوا ہے سینوں میں اور اللہ فیصلہ کرتا ہے انصاف سے اور جن کو

یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا یَقْضُوْنَ بِشَیْءٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ

پکارتے ہیں اس کے سوائے نہیں فیصلہ کرتے کچھ بھی بے شک اللہ جو ہے

السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ﴿۲۰﴾ اَوَلَمْ یَسِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ فَیَنْظُرُوْا ع ۲ ۱۱ ۷

وہی ہے سننے والا دیکھنے والا کیا وہ پھرے نہیں ملک میں کہ دیکھتے

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ كَانُوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَانُوْا

انجام کیسا ہوا ان کا جو تھے ان سے پہلے وہ تھے

هُمْ اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِى الْاَرْضِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ

ان سے سخت زور میں اور نشانیوں میں جو چھوڑ گئے زمین میں پھر ان کو پکڑا اللہ نے

بِذُنُوْبِهِمْ ؕ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿۲۱﴾ ذٰلِكَ

اُن کے گناہوں پر اور نہ ہوا ان کو اللہ سے کوئی بچانے والا یہ اس لئے کہ

بِاَنَّهُمْ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَكَفَرُوْا

ان کے پاس آتے تھے ان کے رسول کھلی نشانیاں لے کر پھر منکر ہو گئے

فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ قَوِىٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۲﴾

تو ان کو پکڑا اللہ نے بیشک وہ زور آور ہے سخت عذاب دینے والا

خُلاصۂ تفسیر

وہی ہے جو تم کو اپنی نشانیاں (قدرت کی) دکھاتا ہے (تاکہ تم ان سے توحید پر استدلال کرو) اور (وہی ہے جو) آسمان سے تمہارے لئے رزق بھیجتا ہے (یعنی بارش بھیجتا ہے جس سے رزق پیدا ہوتا ہے، یہ بھی منجملہ مذکورہ نشانیوں کے ہے) اور (ان نشانیوں سے) صرف وہی شخص نصیحت قبول کرتا ہے، جو (خدا کی) طرف رجوع (کرنے کا ارادہ) کرتا ہے (کیونکہ ارادہ رجوع سے غور و تامل نصیب ہوتا ہے، اس سے حق تک رسائی ہو جاتی ہے) تو (جب توحید پر دلائل قائم ہیں تو) تم لوگ خدا کو خالص اعتقاد کر کے (یعنی توحید کے ساتھ) پکارو (اور مسلمان ہو جاؤ) گو کافروں کو ناگوار ہو (اس کی پروا نہ کرو کیونکہ) وہ رفیع الدرجات ہے، وہ عرش کا مالک ہے، وہ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہے وحی یعنی اپنا حکم بھیجتا ہے تاکہ وہ (صاحب وحی لوگوں کو) اجتماع کے دن (یعنی قیامت کے دن) سے ڈرائے جس دن سب لوگ (خدا کے) سامنے آموجود ہوں گے (کہ) اُن کی بات خدا سے مخفی نہ رہے گی آج کے روز کس کی حکومت ہوگی، بس اللہ ہی کی ہوگی جو یکتا (اور) غالب ہے آج ہر شخص کو اُس کے کئے (ہوئے کاموں) کا بدلہ دیا جاوے گا، آج (کسی پر) کچھ ظلم نہ ہوگا اللہ تعالیٰ بہت جلد حساب لینے والا ہے اور (اس لئے) آپ ایک قریب آنے والی مصیبت کے دن (یعنی روزِ قیامت) سے ڈرائیے جس وقت کلیجے منہ کو آجاویں گے (غم سے) گھٹ گھٹ جاوینگے (اس روز) ظالموں (یعنی کافروں) کا نہ کوئی دلی دوست اور نہ کوئی سفارشی ہوگا جس کا کہا مانا جائے (اور) وہ (ایسا ہے کہ) آنکھوں کی چوری کو جانتا ہے اور اُن (باتوں) کو بھی جو

سینوں میں پوشیدہ ہیں (جن کو دوسرا نہیں جانتا۔ مطلب یہ ہے کہ وہ بندوں کے تمام کھلے اور چھپے اعمال سے باخبر ہے جن پر سزا اور جزا موقوف ہے) اور اللہ تعالیٰ ٹھیک ٹھیک فیصلہ کر دے گا اور خدا کے سوا جن کو یہ لوگ پکارا کرتے ہیں وہ کسی طرح کا بھی فیصلہ نہیں کر سکتے۔ (کیونکہ) اللہ ہی سب کچھ جاننے والا سب کچھ دیکھنے والا ہے۔ (اسی طرح اللہ تعالیٰ تمام صفات کمال سے موصوف اور جھوٹے معبود سب سے عاری ہیں اس لئے فیصلہ خدا تعالیٰ کے سوا کسی کے بس میں نہیں۔ اور یہ لوگ جو ان واضح دلائل کے بعد بھی انکار کرتے ہیں تو) کیا ان لوگوں نے ملک میں چل پھر کر نہیں دیکھا کہ جو (کافر) لوگ ان سے پہلے ہو گذرے ہیں (اس کفر کی وجہ سے) ان کا کیسا انجام ہوا۔ وہ لوگ قوت اور ان نشانوں میں جو زمین پر چھوڑ گئے ہیں (مثل عمارات و باغات وغیرہ کے) ان (موجودین) سے بہت زیادہ تھے سو ان کے گناہوں کی وجہ سے خدا نے ان پر داروگیر فرمائی (یعنی عذاب نازل کیا) اور ان کا کوئی خدا سے بچانے والا نہ ہوا (آگے ان کے گناہوں کی تفصیل ہے کہ) یہ مواخذہ اس سبب سے ہوا کہ ان کے پاس ان کے رسول واضح دلیلیں (یعنی معجزات جو دلائل نبوت ہوتے ہیں) لیکر آتے رہے پھر انھوں نے نہ مانا تو اللہ تعالیٰ نے ان پر مواخذہ فرمایا بے شک وہ بڑی قوت والا سخت سزا دینے والا ہے (جب ان موجودہ کافروں میں بھی وہی موجبات عذاب جمع ہیں تو یہ مواخذہ سے کیسے بچ سکتے ہیں۔)

معارف و مسائل

رَفِيعُ الدَّرَجَاتِ ۔ درجات سے مراد بعض حضرات نے صفات قرار دیا ہے جس سے رفیع الدرجات کے معنی ہوئے، رفیع الصفات یعنی اس کی صفاتِ کمال سب سے زیادہ رفیع الشان ہیں۔ ابن کثیرؒ نے اسکو اپنے ظاہر پر رکھ کر یہ معنی بیان کئے کہ اس سے مراد رفعت عرشِ عظیم کا بیان ہے کہ وہ تمام زمینوں اور آسمانوں پر حاوی اور سب کے اوپر بمنزلہ چھت کے بلند ہے۔ جیسا کہ سورۂ معارج کی آیت میں ہے مِنَ اللّٰهِ ذِي الْمَعَارِجِ تَعْرُجُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ ط

ابن کثیرؒ کی تحقیق اس آیت کے متعلق یہ بھی ہے کہ یہ پچاس ہزار سال کی مقدار اُس مسافت کا بیان ہے جو ساتویں زمین سے عرش تک ہے اور اسی کو سلف و خلف کی بڑی جماعت کے نزدیک راجح قرار دیا ہے۔ اور بیان کیا ہے کہ بہت سے علماء کے نزدیک عرش رحمٰن ایک یاقوت سُرخ سے بنا ہے جس کا قُطر اتنا بڑا ہے کہ وہ پچاس ہزار سال کی مسافت ہے۔ اسی طرح اُس کا ارتفاع ساتویں زمین سے پچاس ہزار سال کی مسافت تک ہے۔ اور بعض حضرات مفسرین نے فرمایا کہ رَفِيعُ الدَّرَجَاتِ بمعنے رَافِعُ الدَّرَجَات ہے یعنی اللہ تعالیٰ مومنین متقین کے درجات کو بلند فرمانے والا ہے جیسا کہ قرآن کی آیات اس پر شاہد ہیں نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ اور هُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ اللّٰهِ ط۔

يَوْمَ هُمْ بَارِزُوْنَ لَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْهُمْ - بَارِزُوْنَ سے مراد یہ ہے کہ میدانِ حشر کی زمین چونکہ ایک سطح مستوی بنادی جائے گی جس میں کوئی پہاڑ یا غار یا عمارت اور درخت نہ ہوگا، جسکی آڑ ہو سکے اس لئے سب کھلے میدان میں سامنے ہوں گے۔

لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ - یہ کلمہ آیات مذکورہ میں يَوْمَ التَّلَاقِ اور يَوْمَ هُمْ بَارِزُوْنَ کے بعد آیا ہے اور یہ ظاہر ہے کہ يَوْمَ التَّلَاقِ ملاقات واجتماع کا دن نفخۂ ثانیہ کے بعد ہوگا اسی طرح يَوْمَ هُمْ بَارِزُوْنَ کا واقعہ بھی اس وقت ہوگا جب نفخۂ ثانیہ کے بعد نئی زمین ایک سطح مستوی کی صورت میں بنادی جائے گی، جس پر کوئی آڑ پہاڑ نہ ہوگا۔ اس کے بعد یہ کلمہ لِمَنِ الْمُلْكُ لانے سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ حق تعالیٰ کا یہ ارشاد نفخۂ ثانیہ سے تمام خلائق کے دوبارہ پیدا ہونے کے بعد ہوگا۔ اس کی تائید قرطبیؒ نے بحوالہ نحاس ایک حدیث سے پیش کی ہے جو ابووائل نے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت کی ہے، وہ یہ کہ تمام آدمی ایک صاف زمین پر جمع کئے جائیں گے جس پر کسی نے کوئی گناہ نہیں کیا ہوگا۔ اس وقت ایک منادی کو حکم ہوگا جو یہ ندا کرے گا لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ یعنی آج کے دن ملک کس کا ہے۔ اس پر تمام مخلوقات مؤمنین و کافرین یہ جواب دیں گے کہ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ - مؤمن تو اپنے اعتقاد کے مطابق خوشی و تلذذ کی صورت میں کہیں گے اور کافر مجبور و عاجز ہونے کی بنا پر رنج و غم کے ساتھ اس کا اقرار کریں گے۔

لیکن دوسری بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ارشاد حق تعالیٰ خود ہی اس وقت فرمائیں گے جبکہ نفخۂ اولیٰ کے بعد ساری مخلوقات فنا ہو جاویں گی اور پھر مخصوص مقرب فرشتوں۔ جبریلؑ۔ میکائیلؑ۔ اسرافیلؑ اور ملک الموتؑ کو بھی موت آجاویگی۔ اور سوائے ذاتِ حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے کوئی نہ ہوگا اس وقت حق تعالیٰ فرمائے گا لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ - اور چونکہ اس وقت جواب دینے والا کوئی نہ ہوگا تو خود ہی جواب دیں گے لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ - حضرت حسن بصری رحؒ نے فرمایا کہ اس میں سوال کرنے والا اور جواب دینے والا صرف ایک اللہ ہی ہے۔ محمد بن کعب قرظی رحؒ کا بھی یہی قول ہے اور اس کی تائید حضرت ابوہریرہ رضؓ اور ابن عمر رضؓ کی اس حدیث سے ہوتی ہے۔ کہ قیامت کے روز اللہ تعالیٰ ساری زمینوں کو بائیں ہاتھ میں اور آسمانوں کو داہنے ہاتھ میں لپیٹ کر فرمائیں گے۔ انا الملك این الجبارون این المتکبرون۔ یعنی میں ہی ملک اور مالک ہوں آج جبّارین اور متکبّرین کہاں ہیں۔ تفسیر درمنثور میں اس طرح کی دونوں روایتیں نقل کر کے کہا گیا ہے کہ ہو سکتا ہے کہ یہ کلمہ دو مرتبہ دہرایا جائے ایک نفخۂ اولیٰ اور فنائے عالم کے وقت دوسرا نفخۂ ثانیہ اور تمام خلائق کے دوبارہ زندہ ہونے کے وقت۔ بیان القرآن میں فرمایا کہ قرآن کریم کی تفسیر اس پر موقوف نہیں کہ دو ہی مرتبہ قرار دیا جائے بلکہ ہو سکتا ہے کہ آیاتِ مذکورہ میں اس واقعہ کا ذکر ہو جو نفخۂ اولیٰ کے بعد ہوا تھا۔ اس کو اس وقت حاضر فرض کر کے یہ کلمہ فرمایا گیا ہو۔ واللہ اعلم

يَعْلَمُ خَائِنَةَ الْاَعْيُنِ - (یعنی الاعین الخائنۃ) خیانتِ نظر سے مراد یہ ہے کہ کوئی شخص لوگوں سے چرا کر ایسی چیز پر نظر ڈالے جو اس کے لئے حرام اور ناجائز ہو، جیسے کسی غیر محرم پر شہوت سے نظر کرے، اور جب کسی کو دیکھے تو نظر ہٹا لے یا اس طرح نظر ڈالے کہ جس کو دیکھنے والے محسوس نہ کریں، اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ سب چیزیں ظاہر ہیں۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۳﴾ اِلٰى

اور ہم نے بھیجا موسیٰ کو اپنی نشانیاں دیکر اور کھلی سند

فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَقَارُوْنَ فَقَالُوْا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ﴿۲۴﴾

فرعون اور ہامان اور قارون کے پاس پھر کہنے لگے یہ جادوگر ہے جھوٹا

فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوا اقْتُلُوْٓا اَبْنَآءَ

پھر جب پہنچا ان کے پاس لے کر سچی بات ہمارے پاس سے بولے مار ڈالو بیٹے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ وَاسْتَحْيُوْا نِسَآءَهُمْ ؕ وَمَا كَيْدُ

جو یقین لائے ہیں اس کے ساتھ اور جیتی رکھو ان کی عورتیں اور جو داؤ ہے

الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۲۵﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ ذَرُوْنِيْٓ

منکروں کا سو غلطی میں اور بولا فرعون مجھ کو چھوڑو

اَقْتُلْ مُوْسٰى وَلْيَدْعُ رَبَّهٗ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ يُّبَدِّلَ دِيْنَكُمْ

کہ مار ڈالوں موسیٰ کو اور پکارے اپنے رب کو میں ڈرتا ہوں کہ بگاڑ دے تمہارا دین

اَوْ اَنْ يُّظْهِرَ فِي الْاَرْضِ الْفَسَادَ ﴿۲۶﴾ وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنِّيْ

یا پھیلائے ملک میں خرابی اور کہا موسیٰ نے میں

عُذْتُ بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ مِّنْ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ لَّا يُؤْمِنُ بِيَوْمِ

پناہ لے چکا ہوں اپنے اور تمہارے رب کی ہر غرور والے سے جو یقین نہ کرے

الْحِسَابِ ﴿۲۷﴾ وَقَالَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ ع ۷ ۸

حساب کے دن کا اور بولا ایک مرد ایمان دار فرعون کے لوگوں میں جو چھپاتا تھا

اِيْمَانَهٗٓ اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ وَقَدْ جَآءَكُمْ

اپنا ایمان کیا مارے ڈالتے ہو ایک مرد کو اس بات پر کہ کہتا ہے میرا رب اللہ ہے اور لایا تمہارے پاس کھلی

بِالْبَيِّنٰتِ مِنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَاِنْ يَّكُ كَاذِبًا فَعَلَيْهِ كَذِبُهٗ ۚ وَاِنْ

نشانیاں تمہارے رب کی اور اگر وہ جھوٹا ہوگا تو اس پر پڑے گا اس کا جھوٹ اور اگر

يَّكُ صَادِقًا يُّصِبْكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ يَعِدُكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

وہ سچا ہوگا تو تم پر پڑے گا کوئی نہ کوئی وعدہ جو تم سے کرتا ہے بے شک اللہ راہ

لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ ﴿۲۸﴾ يٰقَوْمِ لَكُمُ الْمُلْكُ

نہیں دیتا اس کو جو ہو بے لحاظ جھوٹا اے میری قوم آج تمہارا

الْيَوْمَ ظٰهِرِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۫ فَمَنْ يَّنْصُرُنَا مِنْۢ بَاْسِ

راج ہے چڑھ رہے ہو ملک میں پھر کون مدد کرے گا ہماری اللہ کی

اللّٰهِ اِنْ جَآءَنَا ؕ قَالَ فِرْعَوْنُ مَآ اُرِيْكُمْ اِلَّا مَآ اَرٰى

آفت سے اگر آگئی ہم پر بولا فرعون میں تو وہی بات سمجھاتا ہوں تم کو

وَمَآ اَهْدِيْكُمْ اِلَّا سَبِيْلَ الرَّشَادِ ﴿۲۹﴾ وَقَالَ الَّذِيْٓ اٰمَنَ

جو سوجھی مجھ کو اور وہی راہ بتلاتا ہوں جس میں بھلائی ہے اور کہا اسی ایماندار نے

يٰقَوْمِ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ مِّثْلَ يَوْمِ الْاَحْزَابِ ﴿۳۰﴾

اے قوم میری میں ڈرتا ہوں کہ آئے تم پر دن اگلے فرقوں کا سا

مِثْلَ دَاْبِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ وَالَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ؕ

جیسے حال ہوا قوم نوح کا اور عاد اور ثمود کا اور جو لوگ ان کے پیچھے ہوئے

وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعِبَادِ ﴿۳۱﴾ وَيٰقَوْمِ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ

اور اللہ بے انصافی نہیں چاہتا بندوں پر اور اے قوم میری میں ڈرتا ہوں کہ تم پر آئے

يَوْمَ التَّنَادِ ﴿۳۲﴾ يَوْمَ تُوَلُّوْنَ مُدْبِرِيْنَ ۚ مَا لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ

دن ہانک پکار کا جس دن بھاگو گے پیٹھ پھیر کر کوئی نہیں تم کو اللہ سے

مِنْ عَاصِمٍ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۳﴾

بچانے والا اور جس کو غلطی میں ڈالے اللہ تو کوئی نہیں اس کو سمجھانے والا

وَلَقَدْ جَآءَكُمْ يُوْسُفُ مِنْ قَبْلُ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا زِلْتُمْ فِيْ

اور تمہارے پاس آچکا ہے یوسف اس سے پہلے کھلی باتیں لے کر پھر تم رہے دھوکے ہی

شَكٍّ مِّمَّا جَآءَكُمْ بِهٖ ؕ حَتّٰٓى اِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ لَنْ يَّبْعَثَ

میں ان چیزوں سے جو وہ تمہارے پاس لیکر آیا یہاں تک کہ جب مرگیا لگے کہنے ہرگز نہ بھیجے گا

اللّٰهُ مِنۡۢ بَعۡدِهٖ رَسُوۡلًا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنۡ هُوَ مُسۡرِفٌ

اللہ اس کے بعد کوئی رسول اسی طرح بھٹکاتا ہے اللہ اس کو جو ہو بے باک

مُّرۡتَابُ ۣ ﴿۳۴﴾ الَّذِيۡنَ يُجَادِلُوۡنَ فِىۡۤ اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيۡرِ سُلۡطٰنٍ

شک کرنے والا وہ جو کہ جھگڑتے ہیں اللہ کی باتوں میں بغیر کسی سند کے

اَتٰىهُمۡ ؕ كَبُرَ مَقۡتًا عِنۡدَ اللّٰهِ وَعِنۡدَ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا ؕ كَذٰلِكَ

جو پہنچی ہو ان کو بڑی بیزاری ہے اللہ کے یہاں اور ایمانداروں کے یہاں اسی طرح

يَطۡبَعُ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ قَلۡبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ ﴿۳۵﴾ وَقَالَ فِرۡعَوۡنُ

مہر کر دیتا ہے اللہ ہر دل پر اغرور والے سرکش کے اور بولا فرعون

يٰهَامٰنُ ابۡنِ لِىۡ صَرۡحًا لَّعَلِّىۡۤ اَبۡلُغُ الۡاَسۡبَابَ ﴿۳۶﴾ اَسۡبَابَ

کہ اے ہامان بنا میرے واسطے ایک اونچا محل شاید میں جا پہنچوں رستوں میں رستوں میں

السَّمٰوٰتِ فَاَطَّلِعَ اِلٰۤى اِلٰهِ مُوۡسٰى وَاِنِّىۡ لَاَظُنُّهٗ كَاذِبًا ؕ وَ

آسمانوں کے پھر جھانک کر دیکھوں موسیٰ کے معبود کو اور میری اٹکل میں تو وہ جھوٹا ہے اور

كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِفِرۡعَوۡنَ سُوۡٓءُ عَمَلِهٖ وَصُدَّ عَنِ السَّبِيۡلِ ؕ

اسی طرح بھلے دکھلا دیئے فرعون کو اس کے برے کام اور روک دیا گیا سیدھی راہ سے

وَمَا كَيۡدُ فِرۡعَوۡنَ اِلَّا فِىۡ تَبَابٍ ﴿۳۷﴾ وَقَالَ الَّذِىۡۤ اٰمَنَ يٰقَوۡمِ ع ۱۰ ۹

اور جو داؤ تھا فرعون کا سو تباہ ہونے کے واسطے اور کہا اسی ایماندار نے اے قوم

اتَّبِعُوۡنِ اَهۡدِكُمۡ سَبِيۡلَ الرَّشَادِ ﴿۳۸﴾ يٰقَوۡمِ اِنَّمَا هٰذِهِ

راہ چلو میری پہنچا دوں تم کو نیکی کی راہ پر اے میری قوم یہ جو زندگی ہے

الۡحَيٰوةُ الدُّنۡيَا مَتَاعٌ ۫ وَّاِنَّ الۡاٰخِرَةَ هِىَ دَارُ الۡقَرَارِ ﴿۳۹﴾

دنیا کی سو کچھ برت لینا ہے اور وہ گھر جو بچھلا ہے وہی ہے جم کر رہنے کا گھر

مَنۡ عَمِلَ سَيِّئَةً فَلَا يُجۡزٰۤى اِلَّا مِثۡلَهَا ۚ وَمَنۡ عَمِلَ

جس نے کی ہے برائی تو وہی بدلہ پائے گا اسکی برابر اور جس نے کی ہے

صَالِحًا مِّنۡ ذَكَرٍ اَوۡ اُنۡثٰى وَهُوَ مُؤۡمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ يَدۡخُلُوۡنَ

بھلائی مرد ہو یا عورت اور وہ یقین رکھتا ہو سو وہ لوگ جائیں گے

الۡجَنَّةَ يُرۡزَقُوۡنَ فِيۡهَا بِغَيۡرِ حِسَابٍ ﴿۴۰﴾ وَيٰقَوۡمِ مَا لِىۡۤ

بہشت میں روزی پائیں گے وہاں بے شمار اور اے قوم مجھ کو

النصف

أَدْعُوكُمْ إِلَى النَّجٰوةِ وَتَدْعُونَنِنِيْٓ إِلَى النَّارِ ﴿۴۱﴾ تَدْعُونَنِنِيْ

کیا ہوا ہے بلاتا ہوں تم کو نجات کی طرف اور تم بلاتے ہو مجھ کو آگ کی طرف تم بلاتے ہو مجھ کو

لِأَكْفُرَ بِاللّٰهِ وَأُشْرِكَ بِهٖ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ ۖ وَّأَنَا أَدْعُوكُمْ

کہ منکر ہو جاؤں اللہ سے اور شریک ٹھہراؤں اس کا اس کو جس کی مجھ کو خبر نہیں اور میں بلاتا ہوں تم کو

إِلَى الْعَزِيْزِ الْغَفَّارِ ﴿۴۲﴾ لَا جَرَمَ أَنَّمَا تَدْعُونَنِيْٓ إِلَيْهِ لَيْسَ لَهٗ

اس زبردست گناہ بخشنے والے کی طرف آپ ہی ظاہر ہے کہ جس کی طرف تم مجھ کو بلاتے ہو اس کا بلاوا

دَعْوَةٌ فِي الدُّنْيَا وَلَا فِي الْاٰخِرَةِ وَأَنَّ مَرَدَّنَآ إِلَى اللّٰهِ

کہیں نہیں دنیا میں اور نہ آخرت میں اور یہ کہ ہم کو پھر جانا ہے اللہ کے پاس

وَأَنَّ الْمُسْرِفِيْنَ هُمْ أَصْحٰبُ النَّارِ ﴿۴۳﴾ فَسَتَذْكُرُوْنَ

اور یہ کہ زیادتی والے وہی ہیں دوزخ کے لوگ سو آگے یاد کرو گے

مَآ أَقُوْلُ لَكُمْ ۭ وَأُفَوِّضُ أَمْرِيْٓ إِلَى اللّٰهِ ۭ إِنَّ اللّٰهَ

جو میں کہتا ہوں تم کو اور میں سونپتا ہوں اپنا کام اللہ کو بے شک اللہ کی

بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۴۴﴾ فَوَقٰىهُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا وَحَاقَ

نگاہ میں ہیں سب بندے پھر بچا لیا موسیٰ کو اللہ نے برے داؤ سے جو وہ کرتے تھے اور الٹ پڑا

بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْٓءُ الْعَذَابِ ﴿۴۵﴾ اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا

فرعون والوں پر بری طرح کا عذاب وہ آگ ہے کہ دکھلا دیتے ہیں اُن کو

غُدُوًّا وَّعَشِيًّا ۚ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ ۡ اَدْخِلُوْٓا اٰلَ

صبح اور شام اور جس دن قائم ہو گی قیامت حکم ہو گا داخل کرو

فِرْعَوْنَ أَشَدَّ الْعَذَابِ ﴿۴۶﴾

فرعون والوں کو سخت سے سخت عذاب میں

خُلاصۂ تفسیر

اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو اپنے احکام اور کھلی دلیل (یعنی معجزہ) دیکر فرعون اور ہامان اور قارون کے پاس بھیجا تو ان لوگوں (میں سے بعض نے یا کل) نے کہا کہ (نعوذ باللہ) یہ جادوگر (اور) جھوٹا ہے (جادوگر معجزہ میں کہا اور کذاب دعوٰی نبوت و احکام میں کہا۔ یہ قول فرعون، ہامان اور قارون

تین کی طرف منسوب کیا گیا ہے مگر قارون چونکہ بنی اسرائیل میں سے تھا اور بظاہر موسیٰ علیہ السلام پر ایمان رکھتا تھا اس کا ان کو ساحر کہنا بظاہر مستبعد ہے۔ لیکن ہو سکتا ہے کہ یہ اس وقت بھی منافق ہو موسیٰ علیہ السلام پر ظاہر میں ایمان کا دعویٰ کرتا ہو حقیقۃً نہ ہو۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ یہ قول صرف فرعون و ہامان کا ہو تغلیباً تینوں کی طرف نسبت کر دیگئی ہو) پھر (اس کے بعد) جب وہ (عام) لوگوں کے پاس دین حق جو ہماری طرف سے تھا لیکر آئے (جس پر بعض لوگ مسلمان بھی ہو گئے) تو ان (مذکور) لوگوں نے (بطور مشورہ کے) کہا کہ جو لوگ ان کے ساتھ (ہو کر) ایمان لے آئے ہیں ان کے بیٹوں کو قتل کر ڈالو (تاکہ ان کی جمعیت اور قوت نہ بڑھ جائے جس سے اندیشہ زوال سلطنت کا ہے) اور (چونکہ عورتوں سے ایسا اندیشہ نہیں و نیز ہمارے گھروں میں خدمتگاری کے لئے ان کی ضرورت ہے اس لئے) ان کی لڑکیوں کو زندہ رہنے دو (غرض انھوں نے موسیٰ ؑ کے غلبہ کا خطرہ محسوس کر کے انسداد کی یہ تدبیر کی) اور ان کافروں کی تدبیر محض بے اثر رہی (چنانچہ آخر میں موسیٰ علیہ السلام غالب آئے۔ بنی اسرائیل کے نوزائیدہ لڑکوں کے قتل کا حکم ایک تو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی ولادت سے پہلے دیا گیا تھا جس کے نتیجہ میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو دریا میں ڈالنے کی نوبت آئی اور قدرت نے اس بچہ کو خود فرعون کے گھر میں پلوایا۔ یہ دوسرا فیصلہ ان کے لڑکوں کو قتل کرنے کا موسیٰ علیہ السلام کی پیدائش اور نبوت کے بعد اس وقت کا ہے جبکہ ان کے معجزات دیکھ کر آل فرعون نے یہ خطرہ محسوس کیا کہ انکا جتھا بڑھ گیا تو ہماری سلطنت کی خیر نہیں ——— پھر یہ کسی روایت میں نظر سے نہیں گزرا کہ اسوقت یہ قتل غلمان کا قانون نافذ ہوا یا نہیں۔ پھر اس کے بعد خود موسیٰ علیہ السلام کے قتل کے بارہ میں گفتگو ہوئی) اور فرعون نے (اہل دربار سے) کہا کہ مجھ کو چھوڑ دو میں موسیٰ کو قتل کر ڈالوں اور اس کو چاہیئے کہ اپنے رب کو (مدد کے لئے) پکارے۔ مجھ کو اندیشہ ہے کہ وہ (کہیں) تمہارا دین (نہ) بدل ڈالے یا ملک میں کوئی فساد (نہ) پھیلا دے (کہ ایک ضرر دین کا ہے اور دوسرا ضرر دنیا کا۔ اور فرعون کا یہ کہنا کہ مجھ کو چھوڑو، یا تو اس وجہ سے ہے کہ اہل دربار نے شاید اس لئے قتل کی رائے نہ دی ہوگی کہ اس کو مصلحت ملکی کے خلاف سمجھا ہوگا کہ عام چرچا ہوگا کہ ایک بے سروسامان شخص سے ڈر گئے اور یا یہ کہنا بطور تمویہ کے ہے کہ عام سننے والے یہ سمجھیں کہ اب تک ان کے قتل میں تاخیر مشیروں کے روکنے کے سبب سے ہوئی، گو واقع میں قتل پر خود اس کو جرأت نہ تھی ——— کیونکہ دل میں تو معجزات سے یقین ہو ہی گیا تھا۔ اس لئے اس کو خطرہ تھا کہ ان کو قتل کیا تو کسی آسمانی عذاب و بلا میں مبتلا ہو جاؤں گا مگر اپنے خوف کو درباریوں کے سر ڈالنے کے لئے ایسا کہا۔ اور اسی طرح وَلْيَدْعُ رَبَّهٗ کہنا بھی لوگوں پر اپنی بہادری جتلانے کے لئے ہوگا، اگرچہ دل اندر سے تھرا رہا ہو) اور موسیٰ (علیہ السلام) نے جو یہ بات سنی خواہ بالمشافہ سنی ہو یا بالواسطہ تو انھوں) نے کہا میں اپنے اور تمہارے (یعنی سب کے) پروردگار کی پناہ لیتا ہوں، ہر خرد مانع شخص

(کے حشر) سے جو روزِ حساب پر یقین نہیں رکھتا (اور اس لئے حق کا مقابلہ کرتا ہے) اور (اُس مجلس مشورہ میں) ایک مومن شخص نے جو کہ فرعون کے خاندان میں سے تھے (اور اب تک) اپنا ایمان پوشیدہ رکھتے تھے (یہ مشورہ سُن کر لوگوں سے) کہا کیا تم ایک شخص کو (محض) اس بات پر قتل کرتے ہو کہ وہ کہتا ہے کہ میرا پروردگار اللہ ہے، حالانکہ وہ تمہارے رب کی طرف سے اس دعوے پر) دلیلیں (بھی) لیکر آیا ہے (یعنی معجزات بھی دکھلاتا ہے جو دلیل ہے صدق دعوی نبوت کی اور دلیل موجود ہوتے ہوئے صاحب دلیل کی مخالفت کرنا اور مخالفت بھی اس درجہ کی کہ قتل کا قصد کیا جاوے نہایت نازیبا ہے) اور اگر (بالفرض) وہ جھوٹا ہی ہو تو اس کا جھوٹ اسی پر پڑے گا (اور آپ ہی اللہ کی طرف سے رسوا ہو جائے گا۔ قتل کرنے کی کیا ضرورت) اور اگر وہ سچا ہوا تو وہ جو کچھ پیشین گوئی کر رہا ہے (کہ ایمان نہ لانے کی صورت میں ایسا ایسا عذاب ہوگا) اس میں سے کچھ تو تم پر (ضرور ہی) پڑے گا (تو اس صورت میں قتل کرنے سے اور زیادہ بلا اپنے سر پر لینا ہے۔ غرض اس کے کذب کی صورت میں قتل فضول اور صدق کی صورت میں مُضر ہے پھر ایسا فعل کیوں کیا جاوے اور قاعدہ کلیہ ہے کہ) بے شک اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو مقصود تک نہیں پہنچاتا جو (اپنی) حد سے گذر جانے والا (اور) بہت جھوٹ بولنے والا ہو (یعنی برائے چندے اس کی بات چل جاوے تو ممکن ہے مگر انجام کار اس کی ناکامی یقینی ہے۔ پس اس قاعدہ کلیہ کے اعتبار سے اگر موسیٰ علیہ السلام بالفرض کاذب ہوں تو بوجہ اس کے کہ جھوٹا دعویٰ نبوت کا بہت بڑا گناہ ہے اور سخت جرأت ہے، ایسے کاذب مفتری کو بھی اگر مقہور و ہلاک نہ کیا جاوے تو مخلوق کو خود شبہ اور التباس میں مبتلا کرنا لازم آتا ہے۔ اور یہ عقلاً حق تعالیٰ سے نہیں ہو سکتا اس لئے ضروری ہے کہ یہ مغلوب و رسوا ہوں گے، پھر حاجتِ قتل کیا ہے؟ اور اگر صادق ہیں تو تم لوگ بالیقین کاذب ہو اور کذب میں مُسرف بھی ہو کہ فرعون کی خدائی کے دعویدار ہو اور مسرف کذاب کو کامیابی ہوتی نہیں۔ پس تم لوگ قتل میں کامیاب نہ ہو گے یا تو قدرت نہ ہوگی یا اس کا اخیر نتیجہ بُرا ہوگا۔ بہرحال دونوں شقوں کا مقتضی یہی ہوا کہ ان کو قتل نہ کیا جاوے اور اس پر یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ اس سے تو یہ لازم آتا ہے کہ کبھی کسی مفسد کو قتل نہ کیا جاوے۔ جواب یہ ہے کہ یہ تقریر اُس صورت میں ہے جہاں کاذب ہونے یا صادق ہونے میں شبہ ہو اور معجزات سے اقل درجہ احتمال صدق ضرور تھا اور جہاں دلائل قطعیہ سے کذب متیقن ہو وہاں ایسا نہیں ہوگا۔ اور گو اس مؤمن کو موسیٰ علیہ السلام کے صدق کا پورا یقین تھا مگر اس طرز سے گفتگو کرنا لوگوں کی طبیعت کی رعایت سے تھا کہ وہ کچھ غور کرنے پر آمادہ ہو جائیں۔ آگے بھی اسی قتل سے روکنے کے متعلق مضمون ہے کہ)

اے میرے بھائیو آج تو تمہاری سلطنت ہے کہ اس سرزمین میں تم حاکم ہو سو خدا کے عذاب میں ہماری کون مدد کرے گا اگر (ان کے قتل کرنے سے) وہ ہم پر آپڑا (جیسا کہ ان کے سچے ہونے کی صورت میں

اس کا احتمال ہے) فرعون نے (یہ تقریر سُن کر جواب میں) کہا کہ میں تو تم کو وہی رائے دوں گا جو خود سمجھ رہا ہوں (کہ ان کا قتل ہی مناسب ہے) اور میں تم کو عین طریق مصلحت بتلاتا ہوں اور اس مؤمن نے (جب دیکھا کہ نصیحت میں نرمی اور رعایت خیال مخاطب سے کام نہیں چلتا تو اَب تہدید و تخویف سے کام لیا اور) کہا صاحبو مجھے تمہاری نسبت دوسری امتوں کے سے روز بد کا اندیشہ ہے، جیسا کہ قوم نوح اور عاد اور ثمود اور بعد والوں (یعنی قوم لوط وغیرہ) کا حال ہوا تھا اور خدا تعالیٰ تو بندوں پر کسی طرح کا ظلم کرنا نہیں چاہتا (لیکن جب تم حرکتیں ہی ایسی کرو گے تو ضرور ہی اپنی سزا کو پہونچو گے) اور (یہ ڈرانا تھا عذاب دنیا سے آگے تہدید ہے عذاب آخرت سے کہ) صاحبو مجھ کو تمہاری نسبت اُس دن کا اندیشہ ہے جس میں کثرت سے ندائیں ہوں گی (یعنی وہ دن مشتمل ہے، واقعاتِ عظیمہ پر کیونکہ نداؤں کی کثرت یعنی ایک دوسرے کو آواز دینا واقعات کے عظیم ہونے میں ہوتا ہے۔ چنانچہ سب سے اوّل آواز صور پھونکنے کی ہوگی جس سے مردے زندہ ہوں گے۔ قال تعالیٰ یَوْمَ یُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ قَرِیْبٍ یَّوْمَ یَسْمَعُوْنَ الصَّیْحَةَ بِالْحَقِّ۔ ایک ندا روز حساب کے لئے ہوگی۔ قال تعالیٰ یَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۭ بِاِمَامِهِمْ ایک تنادی یعنی ایک دوسرے کو ندا کرنا باہم اہل جنت و اہل نار میں ہوگا۔ قال تعالیٰ فِی الْاَعْرَافِ وَنَادٰۤی اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ الخ۔ وَنَادٰۤی اَصْحٰبُ الْاَعْرَافِ الخ۔ وَنَادٰۤی اَصْحٰبُ النَّارِ الخ۔ ایک ندا روز اخیر میں موت کو بشکل دُنبہ ذبح کرنے کے وقت ہوگی جیسا حدیث میں ہے۔ یا اہل الجنۃ خلود لاموت و یا اہل النار خلود لاموت۔ اور آگے اس دن کی ایک حالت بیان کی گئی ہے کہ) جس روز (موقف حساب سے) پشت پھیر کر (دوزخ کی طرف) لوٹو گے (کذا فسر البغوی اور اس وقت) تم کو خدا کے عذاب سے کوئی بچانے والا نہ ہوگا (اور اس مضمون کا تقاضا ہدایت قبول کرنے کا ہے لیکن) جس کو خدا ہی گمراہ کرے اس کو کوئی ہدایت کرنے والا نہیں اور (آگے توبیخ و تنبیہ ہے اس پر کہ موسیٰ علیہ السلام سے پہلے ایک اور پیغمبر کی بھی تکذیب کر چکے ہیں یعنی) اس سے قبل تم لوگوں کے پاس یوسف (علیہ السلام) دلائل (توحید و نبوت کے) لیکر آچکے ہیں (یعنی اسی قوم قبط میں جن میں سے تم بھی ہو اور آبا سابقین سے تم تک بھی ان کی خبر متواتراً پہونچی ہے) سو تم اُن امور میں بھی برابر شک (و انکار) ہی میں رہے جو وہ تمہارے پاس لیکر آئے تھے، حتی کہ جب ان کی وفات ہو گئی تو تم کہنے لگے کہ بس اب اللہ کسی رسول کو نہ بھیجے گا (یہ قول بطور شرارت کے تھا، مطلب یہ کہ اول تو یوسف بھی رسول نہ تھے اور اگر بالفرض تھے بھی تو جب ایک کو نہ مانا تو اللہ میاں کہیں گے کہ دوسرے کو بھیجنے سے کیا فائدہ، تو ہمیشہ کے لئے یہ جھگڑا پاک ہو گیا مقصود اصلی اس سے نفی مسئلہ رسالت کی ہے جیسا کہ اگلے قول سے معلوم ہوتا ہے کہ جس طرح اس مسئلہ میں تم غلط کار رہے) اسی طرح اللہ تعالیٰ آپے سے باہر ہو جانے والے (اور) شبہات میں گرفتار رہنے

والوں کو غلطی میں ڈالے رکھتا ہے، جو بلا کسی سند کے جو ان کے پاس موجود ہو خدا کی آیتوں میں جھگڑنے نکالا کرتے ہیں۔ اس (کج بحثی) سے خدا تعالیٰ کو بڑی نفرت ہے اور مؤمنین کو بھی اور (جس طرح تمہارے دلوں پر مہر لگا رکھی ہے) اسی طرح اللہ تعالیٰ ہر مغرور جابر کے پورے قلب پر مہر کر دیتا ہے۔ (کہ اس میں اصلاً گنجائش حق فہمی کی نہیں رہتی۔ یہ تقریر تھی ان مؤمن بزرگ کی جو فرعون کے خاندان میں سے ہیں اور ابتک ایمان کا اظہار نہیں کیا تھا اور اس تقریر سے اُن بزرگ کا کتمانِ ایمان جاتا رہا، خواہ اوّل تقریر سے خواہ بعد کی تقریر سے یعنی یٰقَوْمِ اِنِّیْٓ اَخَافُ عَلَیْکُمْ مِّثْلَ یَوْمِ الْاَحْزَابِ اور ظاہر تر اوّل ہے بقولہٖ تعالیٰ وَقَدْ جَآءَکُمْ بِالْبَیِّنٰتِ الخ) اور فرعون نے (جو تقریر لاجواب سُنی تو اُس مؤمن کو کچھ جواب دے نہ سکا۔ اپنی جہالت قدیمہ پر بزعم خود حجت قائم کرنے کے لیے ہامان سے) کہا اے ہامان میرے لئے ایک بلند عمارت بنواؤ (میں اس پر چڑھ کر دیکھوں گا) شاید میں آسمان پر جانے کی راہوں تک پہنچ جاؤں پھر (وہاں جاکر) موسیٰ کے خدا کو دیکھوں بھالوں اور میں تو موسیٰ کو (اس کے دعویٰ میں) جھوٹا سمجھتا ہوں (آگے فرعون کی مزید بدکرداری کا ذکر ہے) اور اسی طرح فرعون کی (اور) بدکرداریاں (بھی) اس کو مستحسن معلوم ہوئی تھیں اور (سیدھے) رستہ سے رُک گیا اور (موسیٰ علیہ السلام کے مقابلہ میں بڑی بڑی تدبیریں کیں مگر) فرعون کی ہر تدبیر غارت ہی گئی (کسی میں کامیاب نہ ہوا) اور اس مؤمن نے (جب دیکھا کہ فرعون سے کوئی معقول جواب نہیں بن پڑا تو پھر مکرر) کہا کہ اے بھائیو تم میری راہ پر چلو میں تم کو ٹھیک ٹھیک راستہ بتلاتا ہوں (یعنی فرعون نے جو کہا تھا کہ میں تمھیں سبیل الرشاد کی طرف ہدایت کرتا ہوں اس کا بتایا ہوا راستہ ہرگز سبیل الرشاد یعنی ہدایت کا راستہ نہیں، بلکہ سبیل الرشاد میرا بتلایا ہوا راستہ ہے) اے بھائیو یہ دنیوی زندگی محض چند روزہ ہے اور (اصل) ٹھہرنے کا مقام تو آخرت ہے (جہاں بدلہ دینے کا یہ قانون ہے کہ) جو شخص گناہ کرتا ہے تو اس کو برابر سرابر ہی بدلہ ملتا ہے اور جو نیک کام کرتا ہے خواہ مرد ہو یا عورت بشرطیکہ مؤمن ہو ایسے لوگ جنت میں جاویں گے (اور) وہاں ان کو بے حساب رزق ملے گا اور (اس تقریر کے وقت اس مؤمن آلِ فرعون کو یہ محسوس ہوا کہ یہ لوگ میری باتوں پر تعجب کر رہے ہیں اور بجائے میری بات ماننے کے مجھ کو ہی اپنے طریق کفر کی طرف بلانا چاہتے ہیں، اس لئے یہ بھی کہا کہ) اے میرے بھائیو یہ کیا بات ہے کہ میں تو تم کو (طریقِ) نجات کی طرف بلاتا ہوں اور تم مجھ کو (طریق) دوزخ کی طرف بلاتے ہو (یعنی) تم مجھ کو اس بات کی طرف بلاتے ہو کہ (معاذ اللہ) میں خدا کے ساتھ کفر کروں اور ایسی چیز کو اس کا ساجھی بناؤں جس کے (ساجھی ہونے کی) میرے پاس کوئی دلیل بھی نہیں اور میں تم کو خدائے زبردست خطا بخش کی طرف بلاتا ہوں یقینی بات ہے کہ تم جس چیز (کی عبادت) کی طرف مجھ کو بلاتے ہو وہ نہ تو دنیا ہی میں (کسی دنیوی

حاجت کے لئے) پکارے جانے کے لائق ہے اور نہ (دفع عذاب کے لئے) آخرت ہی میں اور (یقینی بات ہے کہ) ہم سب کو خدا کے پاس جانا ہے اور (یقینی بات ہے کہ) جو لوگ دائرہ (عبودیت) سے نکل رہے ہیں (جیسے غیر اللہ کی پرستش کرنے والے) وہ سب دوزخی ہوں گے سو (اب تو میرا کہنا تمہارے جی کو نہیں لگتا مگر) آگے چل کر تم میری بات کو یاد کرو گے اور (چونکہ اس مؤمن کو یہ احتمال پہلے سے ہے کہ یہ لوگ اس نصیحت پر میرے خلاف ہو جائیں اور تکلیف پہنچائیں اور ممکن ہے کہ اس وقت کچھ آثار و علامت دھمکی کے بھی ان کی طرف سے سامنے آئے ہوں اس لئے یہ بھی کہا کہ) میں اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کرتا ہوں، خدا تعالیٰ سب بندوں کا (خود) نگراں ہے (میں تم سے بالکل نہیں ڈرتا) پھر خدا تعالیٰ نے اس (مؤمن) کو اُن کی مضر تدبیروں سے محفوظ رکھا (چنانچہ وہ ان کی ایذاؤں سے محفوظ رہا اور حضرت قتادہؒ کے قول کے مطابق اس کو بھی موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ غرق سے نجات ہوئی (کذا فی الدر المنثور) اور فرعون والوں پر (مع فرعون کے) تکلیف دینے والا عذاب نازل ہوا (جس کا بیان یہ ہے کہ وہ لوگ (برزخ میں) صبح و شام آگ کے سامنے لائے جاتے ہیں (اور ان کو بتلایا جاتا ہے کہ تم قیامت کے روز اس میں داخل ہو گے) اور جس روز قیامت قایم ہو گی (حکم ہو گا) کہ فرعون والوں کو (مع فرعون کے) نہایت سخت عذاب میں داخل کرو۔

مَعارف و مَسائل

مؤمنِ آلِ فرعون

اوپر جا بجا منکرین توحید و رسالت کی وعید و تہدید کے ضمن میں کفار کا خلاف و عناد مذکور ہوا ہے جس سے طبعی طور پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حزن و ملال ہوتا تھا۔ آپ کی تسلی کے لئے مذکور الصدر تقریباً دو رکوع میں حضرت موسیٰ علیہ السلام اور فرعون کا قصہ ذکر کیا گیا ہے۔ اس قصہ میں ایک طویل مکالمہ فرعون اور قوم فرعون کے ساتھ اس بزرگ شخص کا ہے جو خود آلِ فرعون میں ہونے کے باوجود حضرت موسیٰ علیہ السلام کے معجزات دیکھ کر ایمان لے آیا تھا۔ مگر بمصلحت اپنے ایمان کو اُس وقت تک چھپا رکھا تھا۔ اس مکالمہ کے وقت اس کے ایمان کا بھی حسبتی اعلان ہو گیا۔

ائمہ تفسیر میں سے مقاتلؒ اور سُدّیؒ اور حضرت حسنؒ نے فرمایا کہ یہ فرعون کا چچا زاد بھائی تھا، اور یہ وہی شخص تھا جس نے اس وقت جبکہ قبطی کے قتل کے واقعہ میں اس کے قصاص کے طور پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کو قتل کرنے کا مشورہ دربارِ فرعون میں ہو رہا تھا تو یہی شہر کے کنارے سے دوڑ کر آیا اور موسیٰ علیہ السلام کو خبر دیکر مشورہ دیا کہ مصر سے باہر چلے جائیں، جس کا واقعہ سورہ قصص میں حق تعالیٰ نے بیان

فرمایا ہے وَجَآءَ رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَى الْمَدِيْنَةِ يَسْعٰى.

اس مؤمن آلِ فرعون کا نام بعض نے حبیب بتلایا ہے مگر صحیح یہ ہے کہ حبیب اس شخص کا نام ہے جس کا قصہ سورۂ یٰسٓ میں آیا ہے اس کا نام شمعان ہے سہیلی نے اس نام کو اصح قرار دیا ہے اور دوسرے حضرات نے اسکا نام حزقیل بتلایا ہے۔ ثعلبی نے حضرت ابن عباس رضؓ سے یہی قول نقل کیا ہے۔

ایک حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صدیقین چند ہیں ایک حبیب نجار جس کا قصہ سورۂ یٰسٓ میں ہے۔ دوسرا مؤمن آل فرعون تیسرے ابوبکر اور وہ ان سب میں افضل ہیں۔ (قرطبی)

يَكْتُمُ اِيْمَانَهٗ۔ اس سے معلوم ہوا کہ کوئی شخص اگر لوگوں کے سامنے اپنے ایمان کا اظہار نہ کرے دل سے اعتقاد پختہ رکھے تو وہ مومن ہے مگر نصوص صریحہ سے یہ ثابت ہے کہ ایمان کے مقبول ہونے کے لئے صرف دل کا یقین کافی نہیں بلکہ زبان سے اقرار کرنا شرط ہے، جب تک زبان سے اقرار نہ کریگا مؤمن نہ ہوگا۔ البتہ زبان کا اقرار لوگوں کے سامنے اعلان کے ساتھ کرنا ضروری نہیں۔ اس کی ضرورت صرف اسوجہ سے ہے کہ جب تک لوگوں کو اس کے ایمان کا علم نہیں ہوگا وہ اس کے ساتھ معاملہ مسلمانوں جیسا نہ کرسکیں گے۔ (قرطبی)

مُؤْمِنٌ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ نے اس مکالمہ میں آل فرعون اور فرعون کو مختلف عنوانات سے حق اور ایمان کی طرف بلایا اور وہ جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کو قتل کرنے کے درپے تھے ان کو اس سے باز رکھا۔

يٰقَوْمِ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ يَوْمَ التَّنَادِ۔ تَنَادِ بکسر دال مخفف ہے تَنَادِیٌ کا جس کے معنی ہیں باہم ایک دوسرے کو ندا اور آواز دینے کے۔ قیامت کے روز کو یَوْمَ التَّنَادِ اس لئے کہا گیا کہ اس روز بیشمار ندائیں اور آوازیں ہونگی۔ جن کا کچھ ذکر خلاصۂ تفسیر میں آچکا ہے۔ اور حضرت عبداللہ بن عمر رضؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ کا ایک منادی ندا دے گا کہ اللہ کے مخالف لوگ کھڑے ہوجائیں۔ اس سے مراد وہ لوگ ہوں گے جو تقدیر کا انکار کرتے تھے۔ اور پھر اصحابِ جنت دوزخ والوں کو اور دوزخ والے اصحابِ جنت کو اور اصحاب اعراف دونوں کو ندا دیکر اپنی اپنی باتیں کریں گے۔ اور اس وقت ہر خوش نصیب اور بدنصیب کا نام مع ولدیت لیکر ان کے نتیجہ کا اعلان کیا جائے گا کہ فلاں ابن فلاں سعید و کامیاب ہوگیا اس کے بعد شقاوت کا کوئی احتمال نہیں رہا اور فلاں بن فلاں شقی و بدبخت ہوگیا، اب اس کی نیک بختی کا کوئی احتمال نہیں رہا (رواہ ابن ابی حاتم فی السنۃ۔ مظہری) مسند بزار و بیہقی میں حضرت انس رضؓ کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ سعادت و شقاوت کا اعلان وزن اعمال کے بعد ہوگا۔

اور حضرت ابوحازم اعرج رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ اپنے نفس کو مخاطب کرکے فرمایا

کرتے تھے کہ اے اعرج قیامت کے روز ندا دیجائے گی کہ فلاں قسم کے گناہ کرنے والے کھڑے ہوجاویں تو ان کے ساتھ کھڑا ہوگا کہ پھر ندا دی جاویگی کہ فلاں قسم کے گناہ کرنے والے کھڑے ہوں تو اُن کے ساتھ بھی کھڑا ہوگا، پھر ندا دی جاوے گی کہ فلاں قسم کے گناہ کرنے والے کھڑے ہوں تو ان کے ساتھ بھی کھڑا ہوگا۔ اور میں سمجھتا ہوں ہر گناہ کے اعلان کے وقت تجھے ان کے ساتھ کھڑا ہونا پڑے گا کیونکہ تو نے ہر قسم کے گناہ جمع کر رکھے ہیں) ۔ (اخرجہ ابو نعیم ۔ مظہری)

یَوْمَ تُوَلُّوْنَ مُدْبِرِیْنَ ۔ یعنی جب تم پشت پھیر کر لوٹو گے ۔ خلاصہ تفسیر میں بحوالہ امام بغوی اس کے معنی یہ بیان ہوئے ہیں کہ یہ اُس حالت کا بیان ہے جب مجرمین موقف حساب سے جہنم کی طرف لے جائے جائیں گے ۔ اس کا حاصل یہ ہے کہ پہلے یہ ندائیں اور اعلانات جن کا ذکر یَوْمَ التَّنَادِ کی تفسیر میں اوپر ہوا ہے، وہ سب ہو چکیں گے ۔ اس کے بعد یہ لوگ موقف حساب سے مڑ کر جہنم کی طرف لے جائے جائیں گے ۔

اور بعض حضرات مفسرین کے نزدیک یہ حال دنیا میں نفخۂ اولیٰ کے وقت کا بیان کیا گیا ہے، کہ جب پہلا صور پھونکا جائے گا اور زمین پھٹے گی تو یہ لوگ اِدھر اُدھر بھاگیں گے مگر ہر طرف فرشتوں کا پہرہ ہوگا، کہیں نکلنے کا راستہ نہ ہوگا ۔ ان حضرات کے نزدیک یَوْمَ التَّنَادِ سے مراد بھی نفخۂ اولیٰ کا وقت ہے کہ اس میں ہر طرف سے چیخ پکار ہوگی ۔ آیت کی دوسری قراءت سے اس کی تائید ہوتی ہے جو حضرت ابن عباس رض اور ضحاک رح سے منقول ہے کہ یَوْمَ التَّنَادِ کو بدال مشدد پڑھتے تھے، جو ندّ مصدر سے مشتق ہے جس کے معنے بھاگنے کے ہیں تو یَوْمَ التَّنَادِ کے معنی بھی اس تفسیر کی رو سے بھاگنے کا دن ہوئے اور تُوَلُّوْنَ مُدْبِرِیْنَ اُسی کی تشریح ہوئی ۔

تفسیر مظہری میں ایک طویل حدیث بحوالہ ابن جریر اور مسند ابو یعلی اور بیہقی اور مسند عبد بن حمید وغیرہ حضرت ابو ہریرہ رض سے نقل کی ہے جس میں قیامت کے روز صور کے تین نفخوں کا ذکر ہے ۔ پہلا نفخہ فَزَعَ دوسرا نفخہ صَعَقَ تیسرا نفخہ نشر، نفخہ فَزَعَ سے ساری مخلوق میں گھبراہٹ اور اضطراب پیدا ہوگا ۔ یہی نفخہ اور طویل ہو کر نفخہ صَعَقَ بن جائے گا، جس سے سب بے ہوش ہو جائیں گے پھر مر جائیں گے عام طور پر ان دونوں نفخوں کے مجموعہ کو نفخۂ اولیٰ کہا گیا ہے جس کی وجہ ظاہر ہے کہ یہ ایک ہی نفخہ کے دو کیفیتیں ہوں گی، پہلی فزع دوسری صعق ۔ اس حدیث میں بھی نفخہ فزع کے وقت لوگوں کے اِدھر اُدھر بھاگنے کا ذکر کر کے یہ فرمایا ہے وَھُوَ الَّذِیْ یَقُوْلُ اللّٰہُ یَوْمَ التَّنَادِ ۔ جس سے معلوم ہوا کہ آیت میں یَوْمَ التَّنَادِ سے مراد پہلے نفخہ کے وقت لوگوں کا مضطربانہ اِدھر اُدھر دوڑنا ہے ۔

(واللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اعلم)

كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ ۔ یعنی جس طرح فرعون و ہامان کے قلوب

موسیٰ علیہ السلام اور مؤمن آلِ فرعون کی نصیحتوں سے کوئی اثر نہیں لیا اسی طرح اللہ تعالیٰ مہر کر دیتے ہیں ہر ایسے شخص کے قلب پر جو متکبر اور جبار ہو (متکبر: تکبر کرنیوالا اور جبار کے معنی ظالم قاتل) جس کا اثر یہ ہوتا ہے کہ اس میں نورِ ایمان داخل نہیں ہوتا اور اس کو اچھے بُرے کی تمیز نہیں رہتی۔ ایک قرارت میں متکبر اور جبار کو قلب کی صفت قرار دیا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ تمام اخلاق و اعمال کا منبع اور سرچشمہ قلب ہی ہے، ہر اچھا بُرا عمل قلب ہی سے پیدا ہوتا ہے۔ اسی لئے حدیث میں فرمایا ہے کہ انسان کے بدن میں ایک گوشت کا ٹکڑا (یعنی دل) ایسا ہے جس کے درست ہونے سے سارا بدن دُرست ہو جاتا ہے اور اس کے خراب ہونے سے سارا بدن خراب ہو جاتا ہے۔ (قرطبی)۔

وَقَالَ فِرْعَوْنُ يَا هَامَانُ ابْنِ لِي صَرْحًا۔ صرح کے معنی بلند تعمیر کے ہیں۔ ظاہر اس کا یہ ہے کہ فرعون نے اپنے وزیر ہامان کو حکم دیا کہ ایسی بلند تعمیر بناؤ جو آسمان کے قریب تک چلی جائے جس پر جا کر میں خدا کو جھانک کر دیکھ لوں۔ یہ احمقانہ خیال جو کوئی ادنیٰ سمجھ کا آدمی بھی نہیں کر سکتا سلطنت مصر کے مالک فرعون کا یا تو واقعی ہے جو اس کی انتہائی بے وقوفی اور حماقت کی دلیل ہے اور وزیر نے اگر اس کی تعمیل کی تو وزیرے چنین شہریارے چنین کا مصداق ہے۔ مگر کسی بھی والیٔ ملک سے ایسے احمقانہ تصور کی اُمید نہیں کی جا سکتی۔ اس لئے بعض حضرات مفسرین نے کہا کہ یہ تو وہ بھی جانتا تھا کہ کتنی ہی بلند تعمیر بنا لے وہ آسمان تک نہیں پہونچ سکتا۔ مگر اپنے لوگوں کو بیوقوف بنانے اور دکھانے کے لئے یہ حرکت کی تھی۔ پھر کسی صحیح اور قوی روایت سے یہ ثابت نہیں ہے کہ ایسا کوئی محل عالیشان بلند تعمیر ہوا یا نہیں۔ قرطبیؒ نے نقل کیا ہے کہ یہ بلند تعمیر کرائی گئی تھی جو بلندی پر پہنچتے ہی منہدم ہو گئی۔

دارالعلوم دیوبند کے پہلے صدر مدرس مولانا محمد یعقوب صاحب رح کے شاگرد خاص میرے والد ماجد مولانا محمد ادریس صاحب نے اپنے استاد موصوف سے نقل کر کے فرمایا کہ اس قصر بلند کے منہدم ہونے کے لئے ضروری نہیں کہ کوئی آسمانی عذاب آیا ہو بلکہ ہر تعمیر کی بلندی اُس کی بنیادوں کے تحمل پر موقوف ہوتی ہے اس نے کتنی بھی گہری بنیاد رکھی ہو مگر ایک حد تک ہی گہری ہو گی جب اس کے اوپر تعمیر چڑھاتا ہی چلا گیا تو لازم تھا کہ جب اس کی بنیادوں کے تحمل سے زیادہ ہو جائے تو منہدم ہو جائے اس سے فرعون و ہامان کی دوسری بے وقوفی ثابت ہوئی۔ واللہ اعلم

فَسَتَذْكُرُونَ مَا أَقُولُ لَكُمْ وَأُفَوِّضُ أَمْرِي إِلَى اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ بَصِيرٌ بِالْعِبَادِ۔ یہ مؤمن آلِ فرعون کا آخری کلام ہے جو اپنی قوم کو حق کی طرف بلانے کے سلسلے میں کیا گیا جس میں اظہار ہے کہ آج تو تم میری بات نہیں مانتے مگر جب عذاب تمہیں آپکڑے گا تو اس وقت تم کو میری بات یاد آئے گی۔ مگر اس وقت کا یاد آنا بے کار ہو گا۔ اور اب جبکہ اس طویل مکالمہ اور نصیحت و

دعوت کے ذریعہ اس مومن آل فرعون کا ایمان ان لوگوں پر ظاہر ہو گیا تو فکر ہوئی کہ اب یہ لوگ ان کے درپے ہوں گے، اس لیے فرمایا کہ میں اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔ وہ اپنے بندوں کا نگران و محافظ ہے۔ امام تفسیر مقاتلؒ نے فرمایا کہ ان کے گمان کے مطابق قوم فرعون ان کے درپے ہوئی تو یہ پہاڑ کی طرف بھاگ نکلے۔ اور ان کی گرفت میں نہ آسکے جس کا ذکر اگلی آیت میں اس طرح آیا ہے۔

فَوَقٰىهُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِ مَامَكَرُوْا وَحَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْٓءُ الْعَذَابِ ۔ یعنی اس کو اللہ تعالیٰ نے قوم فرعون کی بری تدبیروں کے شر سے بچا لیا مگر خود قوم فرعون سخت عذاب میں پکڑی گئی۔ مولائے کریم نے مومن آل فرعون کو دنیا میں اول تو آل فرعون کی ان کے خلاف تدبیروں سے بچایا جس کی تفصیل قرآن میں مذکور نہیں۔ مگر الفاظ قرآن سے اتنا معلوم ہوتا ہے کہ ان کو قتل کرنے اور تکلیف پہونچانے کے لئے قوم فرعون نے بہت سی تدبیریں کی تھیں اور جب پھر قوم فرعون غرق ہوئی تو اس بندہ مومن کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ نجات دی گئی، اور آخرت کی نجات تو ظاہر ہی ہے۔

اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّعَشِيًّا ۚ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ ۣ اَدْخِلُوْٓا اٰلَ فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ ۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضؓ نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا کہ آل فرعون کی روحیں سیاہ پرندوں کی شکل میں ہر روز صبح اور شام دو مرتبہ جہنم کے سامنے لائی جاتی ہیں اور جہنم کو دکھلا کر ان سے کہا جاتا ہے کہ تمہارا ٹھکانا یہ ہے۔

(اخرجہ عبدالرزاق و ابن ابی حاتم۔ مظہری)

اور صحیحین میں حضرت عبداللہ بن عمر رضؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی مرجاتا ہے تو عالم برزخ میں صبح و شام اس کو وہ مقام دکھلایا جاتا ہے جہاں قیامت کے حساب کے بعد اس کو پہنچنا ہے اور یہ مقام دکھلا کر روزانہ اس سے کہا جاتا ہے کہ تجھے آخر کار یہاں پہنچنا ہے۔ اگر یہ شخص اہل جنت میں سے ہے تو اس کا مقام جنت اس کو دکھلایا جائے گا اور اہل جہنم میں سے ہے تو اس کا مقام جہنم اس کو دکھلایا جائے گا۔

عذاب قبر یہ آیت دلیل ہے عذاب قبر کی اور حدیث کی روایات متواترہ اور اجماع امت اس پر شاہد ہیں، جن کو احقر نے ایک مستقل رسالہ بنام السیر بعذاب القبر میں جمع کر دیا ہے مع آیات متعلقہ کے۔ یہ رسالہ احکام القرآن حزب سادس کا جزء ہو کر بزبان عربی شائع ہو گیا۔

وَاِذْ يَتَحَآجُّوْنَ فِي النَّارِ فَيَقُوْلُ الضُّعَفٰٓؤُا

اور جب آپس میں جھگڑیں گے آگ کے اندر پھر کہیں گے کمزور

لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ

غرور کرنے والوں کو ہم تھے تمہارے تابع پھر کچھ تم

اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا نَصِيْبًا مِّنَ النَّارِ ﴿۴۷﴾

ہم پر سے اٹھالو گے حصہ آگ کا

قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُلٌّ فِيْهَآ

کہیں گے جو غرور کرتے تھے ہم سب ہی پڑے ہوئے ہیں اس میں

اِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَكَمَ بَيْنَ الْعِبَادِ ﴿۴۸﴾

بیشک اللہ فیصلہ کر چکا بندوں میں

وَقَالَ الَّذِيْنَ فِي النَّارِ لِخَزَنَةِ جَهَنَّمَ

اور کہیں گے جو لوگ پڑے ہیں آگ میں دوزخ کے داروغوں کو

ادْعُوْا رَبَّكُمْ يُخَفِّفْ عَنَّا يَوْمًا

مانگو اپنے رب سے کہ ہم پر ہلکا کر دے ایک دن

مِّنَ الْعَذَابِ ﴿۴۹﴾ قَالُوْٓا اَوَلَمْ تَكُ تَاْتِيْكُمْ

تھوڑا عذاب وہ بولے کیا نہ آتے تھے تمہارے پاس

رُسُلُكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۭ قَالُوْا بَلٰى ۭ قَالُوْا فَادْعُوْا

تمہارے رسول کھلی نشانیاں لے کر کہیں گے کیوں نہیں بولے پھر پکارو

وَمَا دُعٰٓؤُا الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۵۰﴾ ع ۱۳ ۵ ۱۰

اور کچھ نہیں کافروں کا پکارنا مگر بھٹکنا

خُلاصۂ تفسیر

اور (وہ وقت بھی پیشِ نظر رکھنے کے قابل ہے) جبکہ کفّار دوزخ میں ایک دوسرے سے جھگڑیں گے تو ادنیٰ درجہ کے لوگ (یعنی تابعین) بڑے درجہ کے لوگوں سے (یعنی متبوعین سے جن کا وہ دنیا میں اتباع کیا کرتے تھے) کہیں گے کہ ہم (دنیا میں) تمھارے تابع تھے کیا تم ہم سے آگ کا کوئی جز ہٹا سکتے ہو (یعنی جب دنیا میں تم نے ہمیں اپنا تابع اور پیرو بنا رکھا تھا تو آج تمہیں ہماری مدد کرنا چاہیے) وہ بڑے لوگ کہیں گے کہ ہم سب ہی دوزخ میں ہیں (یعنی ہم اپنا ہی عذاب کم نہیں کر سکتے تو تمھارا کیا کریں گے) اللہ تعالیٰ (اپنے) بندوں کے درمیان (قطعی) فیصلہ کر چکا (اب اس کے خلاف کرنے کی کس کو مجال ہے) اور (اس کے بعد) جتنے لوگ دوزخ میں ہوں گے (یعنی بڑے اور چھوٹے تابع اور متبوع سب مل کر) جہنّم کے موکّل فرشتوں سے (درخواست کے طور پر) کہیں گے کہ تم ہی اپنے پروردگار سے دعا کرو کہ کسی دن تو ہم سے عذاب ہلکا کر دے (یعنی عذاب کے بالکل ہٹ جانے یا ہمیشہ کے لئے کم ہو جانے کی اُمید تو نہیں، کم از کم ایک روز کی تو کچھ چھٹی مل جایا کرے) فرشتے کہیں گے کہ (یہ بتلاؤ) کیا تمھارے پاس تمہارے پیغمبر معجزات لے کر نہیں آتے رہے (اور دوزخ سے بچنے کا طریقہ نہیں بتلاتے رہے تھے) دوزخی کہیں گے ہاں آتے تو رہے تھے (مگر ہم نے ان کا کہنا نہ مانا بلیٰ قَدْ جَآءَنَا نَذِيْرٌ فَكَذَّبْنَا) فرشتے کہیں گے کہ تو پھر (ہم تمھارے لئے دعا نہیں کر سکتے کیونکہ کافروں کے لئے دعا کرنے کی ہم کو اجازت نہیں ہے) تم ہی (اگر جی چاہے تو خود) دعا کر لو، اور (تمھاری دُعا کا بھی کچھ نتیجہ نہ ہوگا کیونکہ) کافروں کی دعاء (آخرت میں) محض بے اثر ہے (کیونکہ آخرت میں کوئی دُعا بغیر ایمان کے قبول نہیں ہو سکتی اور ایمان کا موقع دنیا ہی میں تھا وہ تم کھو چکے اور یہ جو کہا کہ "آخرت میں" اس سے فائدہ یہ ہے کہ دنیا میں تو کافروں کی دعاء بھی قبول ہو سکتی ہے، جیسا کہ سب سے بڑے کافر ابلیس کی سب سے بڑی دعاء قیامت تک زندہ رہنے کی قبول کر لی گئی)۔

اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ

ہم مدد کرتے ہیں اپنے رسولوں کی اور ایمان والوں کی دنیا کی زندگانی میں اور

يَوْمَ يَقُوْمُ الْاَشْهَادُ ﴿۵۱﴾ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ الظّٰلِمِيْنَ مَعْذِرَتُهُمْ

جب کھڑے ہوں گے گواہ جس دن کام نہ آئیں منکروں کو ان کے بہانے

وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿۵۲﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا

اور ان کو پھٹکار رہے اور ان کے واسطے برا گھر اور ہم نے دی

مُوْسَى الْهُدٰى وَاَوْرَثْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ ﴿۵۳﴾

موسیٰ کو راہ کی سوجھ اور وارث کیا بنی اسرائیل کو کتاب کا

هُدًى وَّذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۵۴﴾ فَاصْبِرْ اِنَّ

سمجھانے اور سمجھانے والی عقلمندوں کو سو تو ٹھہرا رہ بے شک

وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ

وعدہ اللہ کا ٹھیک ہے اور بخشوا اپنا گناہ اور پاکی بول اپنے

رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ﴿۵۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ

رب کی خوبیاں شام کو اور صبح کو جو لوگ جھگڑتے ہیں

فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ۙ اِنْ فِيْ صُدُوْرِهِمْ

اللہ کی باتوں میں بغیر کسی سند کے جو پہنچی ہو ان کو اور کوئی بات نہیں

اِلَّا كِبْرٌ مَّا هُمْ بِبَالِغِيْهِ ۚ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ

ان کے دلوں میں غرور ہے کبھی نہ پہنچیں گے اس تک سو تو پناہ مانگ اللہ کی بے شک وہ

السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ﴿۵۶﴾ لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ

سنتا دیکھتا ہے البتہ پیدا کرنا آسمانوں کا اور زمین کا بڑا ہے

مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۷﴾

لوگوں کے بنانے سے لیکن بہت لوگ نہیں سمجھتے

وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اور برابر نہیں اندھا اور آنکھوں والا اور نہ ایماندار

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَلَا الْمُسِيْٓءُ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾

جو بھلے کام کرتے ہیں اور نہ بدکار تم بہت کم سوچ کرتے ہو

إِنَّ السَّاعَةَ لَآتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيهَا وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ

تحقیق قیامت آنی ہے اس میں دھوکا نہیں ولیکن بہت سے لوگ

لَا يُؤْمِنُونَ ﴿۵۹﴾ وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ ۚ إِنَّ

نہیں مانتے اور کہتا ہے تمھارا رب مجھ کو پکارو کہ پہنچوں تمھاری پکار کو بے شک

الَّذِينَ يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِي سَيَدْخُلُونَ جَهَنَّمَ دَاخِرِينَ ﴿۶۰﴾ ع ۶ ۱۱

جو لوگ تکبر کرتے ہیں میری بندگی سے اب داخل ہوں گے دوزخ میں ذلیل ہو کر

خُلاصۂ تفسیر

ہم اپنے پیغمبروں کی اور ایمان والوں کی دنیوی زندگانی میں بھی مدد کرتے ہیں (جیسا اوپر موسیٰ علیہ السلام کے قصہ سے معلوم ہوا) اور اس روز بھی جس میں گواہی دینے والے (فرشتے جو کہ نامۂ اعمال لکھتے تھے اور قیامت کے روز اس بات کی گواہی دیں گے کہ رسولوں نے عمل تبلیغ کیا اور کفار نے عمل تکذیب غرض وہ فرشتے گواہی کے لیے کھڑے ہوں گے (مراد اس سے قیامت کا دن ہے، وہاں کی مدد کا حال ابھی کفار کے معذّب بالنار ہونے سے معلوم ہو چکا ہے، آگے اس دن کا بیان ہے یعنی) جس دن کہ ظالموں (یعنی کافروں) کو اُن کی معذرت کچھ نفع نہ دیگی (یعنی اوّل تو کوئی معتد بہ معذرت نہ ہوگی اور اگر کچھ حرکت مذبوحی کی طرح ہوئی تو وہ نافع نہ ہوگی) اور اُن کے لیے لعنت ہوگی اور اُن کے لئے اس عالم میں خرابی ہوگی (پس اس طرح آپ اور آپ کے اتباع بھی منصور رہیں گے اور مخالفین ذلیل و مقہور رہیں گے تو آپ تسلی رکھئے) اور (آپ کے قبل) ہم موسیٰ (علیہ السلام) کو ہدایت نامہ (یعنی توریت) دے چکے ہیں اور (پھر) ہم نے وہ کتاب بنی اسرائیل کو پہنچائی تھی کہ وہ ہدایت اور نصیحت (کی کتاب) تھی اہلِ عقل (سلیم) کے لیے (بخلاف بے عقلوں کے کہ وہ اس سے منتفع نہ ہوئے۔ اسی طرح مثل موسیٰ علیہ السلام کے آپ بھی صاحب رسالت و صاحب وحی ہیں اور اسی طرح مثل بنی اسرائیل کے آپ کے متبعین آپ کی کتاب کی خدمت کریں گے اور جیسے ان میں اہلِ عقل تصدیق کرنے والے اور متبع تھے اور بے عقل لوگ منکر و مخالف اسی طرح آپ کی امت میں بھی دونوں طرح کے لوگ ہیں) سو (اس سے بھی) آپ (تسلی حاصل کیجئے اور کفار کی ایذاؤں پر) صبر کیجئے بے شک اللہ کا وعدہ (جس کا اوپر لَنَنْصُرُ الخ میں ذکر ہوا ہے بالکل) سچا ہے اور (اگر کبھی کمال صبر میں کچھ کمی ہوگئی ہو جو حسب قواعد شرعیہ واقع میں تو گناہ نہیں، مگر آپ کے رتبۂ عالی کے اعتبار سے وجوبِ تدارک میں مثل گناہ ہی کے ہے، اس کا تدارک کیجئے وہ تدارک یہ ہے کہ) اپنے (اُس) گناہ کی (جس کو مجازاً آپ کی

شان عالی کے اعتبار سے گناہ کہدیا گیا ہے) معافی مانگیئے اور (ایسے شغل میں لگے رہیئے کہ غمگین وحزیں کرنے والی چیزوں کی طرف التفات ہی نہ ہو، وہ شغل یہ ہے کہ) شام اور صبح (یعنی علی الدوام) اپنے رب کی تسبیح وتحمید کرتے رہیئے (یہ مضمون تو آپ کی تسلی کے متعلق ہوگیا، آگے منکرین ومجادلین پر توبیخ اور رد ہے یعنی) جو لوگ بلا کسی سند کے کہ ان کے پاس موجود ہو، خدا کی آیتوں میں جھگڑے نکالا کرتے ہیں (ان کو کوئی وجہ اشتباہ کی نہیں ہے کہ وہ جدال کا سبب ہو بلکہ) اُن کے دلوں میں تری بڑائی (ہی بڑائی) ہے کہ وہ اُس تک کبھی پہنچنے والے نہیں (اور وہ بڑائی سبب جدال کا ہے کیونکہ وہ اپنے کو بڑا سمجھتے ہیں اِتّباع سے عار آتا ہے وہ خود اوروں ہی کو اپنا تابع بنانے کی ہوس رکھتے ہیں۔ لیکن ان کو یہ بڑائی نصیب نہ ہوگی بلکہ جلد ہی ذلیل وخوار ہوں گے۔ چنانچہ بدر وغیرہ میں مسلمانوں سے مغلوب ہوئے) سو (جب یہ خود بڑائی چاہتے ہیں تو آپ سے حسد وعداوت سب کچھ کریں گے لیکن) آپ (اندیشہ نہ کیجیے بلکہ ان کے شر سے) اللہ کی پناہ مانگتے رہیئے، بے شک وہی ہے سب کچھ سننے والا سب کچھ دیکھنے والا (تو وہ اپنی صفاتِ کمال سے اپنی پناہ میں آئے ہوئے لوگوں کو محفوظ رکھے گا یہ جدال تو آپ کو رسول ماننے میں تھا۔ آگے ان کا جدال قیامت کے متعلق مع رد مذکور ہے یعنی وہ لوگ جو آدمیوں کے دوبارہ پیدا ہونے کے منکر ہیں بڑے کم عقل ہیں، اس واسطے کہ) بالیقین آسمانوں اور زمین کا (ابتداءً) پیدا کرنا آدمیوں کے (دوبارہ) پیدا کرنے کی نسبت بڑا کام ہے (جب بڑے کام پر قدرت ثابت ہوگئی تو چھوٹے پر بدرجۂ اولیٰ ثابت ہے اور یہ دلیل ثبوت کے لئے کافی شافی ہے) لیکن اکثر آدمی (اتنی بات) نہیں سمجھتے (کیونکہ وہ غور ہی نہیں کرتے اور بعضے ایسے بھی ہیں جو غور بھی کرتے ہیں اور سمجھتے بھی ہیں اور مانتے بھی ہیں، اس طرح قرآن کو سننے والوں کی دو قسم ہوگئیں، ایک اس کو سمجھنے اور ماننے والے یہ صاحبِ بصیرت اور صاحبِ ایمان ہیں۔ دوسرے نہ سمجھنے اور نہ ماننے والے یہ مثل نابینا اور بدعمل کے ہیں) اور (ان دونوں قسموں کے آدمی یعنی ایک) بینا (دوسرا) نابینا اور (ایک) وہ لوگ جو ایمان لائے اور انھوں نے اچھے کام کئے اور (دوسرے) بدکار باہم برابر نہیں ہوتے (اس میں آپ کی تسلی بھی ہے کہ ہر قسم کے لوگ ہوا کرتے ہیں، سب کیسے سمجھنے لگیں اور منکرین پر عذابِ قیامت کی وعید بھی ہے کہ ہم سب کو برابر نہ رکھیں گے۔ آگے منکرین کو یعنی ان لوگوں کو جو مثل نابینا کے اور بدعمل ہیں بطور التفات کے زجر ہے فرماتے ہیں کہ) تم لوگ بہت ہی کم سمجھتے ہو (ورنہ اعمیٰ اور بدعمل نہ رہتے۔ اور قیامت کے متعلق جدال کا جواب دیکر آگے اس کے واقع ہونے کی خبر دیتے ہیں کہ) قیامت تو ضرور ہی آکر رہیگی اُس (کے آنے) میں کسی طرح کا شک ہے ہی نہیں مگر اکثر لوگ (بوجہ عدم تدبر فی الدلائل کے اس کو) نہیں مانتے اور (ایک جدال اُن کا توحید میں تھا کہ خدا کے ساتھ شریک کرتے تھے

آگے اس کے متعلق کلام ہے یعنی) تمھارے پروردگار نے فرمادیا ہے کہ (غیروں کو حوائج کے لئے مت پکارو بلکہ) مجھ کو پکارو میں (باستثناء نامناسب معروض کے) تمھاری (ہر) درخواست قبول کرلوں گا (دعا کے متعلق آیت قرآنی فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ کا یہی مطلب ہے کہ نامناسب درخواست و دعا کو رد کردیا جاوے گا) جو لوگ (صرف) میری عبادت سے (جسمیں مجھ سے دعا مانگنا بھی داخل ہے) سرتابی کرتے ہیں (اور غیروں کو پکارنے اور ان کی عبادت کرتے ہیں، حاصل یہ ہوا کہ جو لوگ توحید سے اعراض کرکے شرک کرتے ہیں) وہ عنقریب (مرتے ہی) ذلیل ہوکر جہنّم میں داخل ہوں گے۔

معارف و مسائل

اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ـــــ اس آیت میں اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ وہ اپنے رسولوں اور مؤمنین کی مدد کیا کرتے ہیں، دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی! اور ظاہر ہے کہ یہ مدد بمقابلہ مخالفین اور اعدار کے مقصود ہے۔ اکثر انبیاء علیہم السلام کے متعلق تو اس کا وقوع ظاہر ہے مگر بعض انبیاء علیہم السلام جیسے یحییٰ و زکریا و شعیب علیہم السلام جن کو دشمنوں نے شہید کردیا یا بعض کو وطن چھوڑ کر دوسری جگہ ہجرت کرنا پڑی۔ جیسے ابراہیم علیہ السلام اور خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم ان کے متعلق شبہ ہوسکتا ہے۔

ابن کثیرؒ نے بحوالہ ابن جریرؒ اس کا جواب دیا ہے کہ آیت میں نصرت سے مراد انتصار اور دشمنوں سے انتقام لینا ہے ـــــــــ خواہ ان کی موجودگی میں اُنکے ہاتھوں سے یا ان کی وفات کے بعد۔ یہ معنی تمام انبیاء و مؤمنین پر بلا کسی استثناء کے صادق ہیں۔ جن لوگوں نے اپنے انبیاء کو قتل کیا پھر وہ کیسے کیسے عذابوں میں گرفتار کرکے رسوا کئے گئے، اس سے تاریخ لبریز ہے۔ حضرت یحییٰ، زکریا اور حضرت شعیب علیہم السلام کے قاتلوں پر ان کے دشمنوں کو مسلط کردیا جنھوں نے ان کو ذلیل و خوار کرکے قتل کیا۔ نمرود کو اللہ نے کیسے عذاب میں پکڑا۔ عیسیٰ علیہ السلام کے دشمنوں پر اللہ تعالیٰ نے روم کو مسلط کردیا۔ جنھوں نے ان کو ذلیل و خوار کیا اور پھر قیامت سے پہلے پہلے اللہ تعالیٰ ان کو دشمنوں پر غالب فرمائیں گے۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمنوں کو تو اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں ہی کے ہاتھوں زیر کیا ان کے سرکش سردار مارے گئے۔ کچھ قید کرکے لائے گئے، باقی ماندہ فتح مکہ میں گرفتار کرکے لائے گئے جن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آزاد کردیا۔ آپ کا کلمہ دنیا میں بلند ہوا اور وہی سب ادیان پر

غالب آیا، پورے جزیرۃ العرب پر آپ کے زمانے ہی میں اسلام کی حکومت قائم ہوگئی۔

یَوْمَ یَقُوْمُ الْاَشْهَادُ۔ یعنی جس دن کھڑے ہوں گے گواہ، مراد یوم قیامت ہے، وہاں تو انبیاء و مؤمنین کے لئے نصرت الٰہیہ کا خصوصی ظہور ہوگا۔

اِنْ فِیْ صُدُوْرِهِمْ اِلَّا كِبْرٌ مَّا هُمْ بِبَالِغِیْهِ۔ یعنی یہ لوگ جو اللہ کی آیات میں بغیر کسی حجت و دلیل کے جدال کرتے ہیں، اور مقصد دراصل اس دین سے انکار کرنا ہے جس کا سبب اسکے سوا کچھ نہیں کہ ان کے دلوں میں تکبر ہے۔ یہ اپنی بڑائی چاہتے ہیں اور اپنی بے وقوفی سے یوں سمجھے ہوئے ہیں کہ یہ بڑائی ہمیں اپنے مذہب پر قائم رہنے سے حاصل ہے، اس کو چھوڑ کر مسلمان ہو جائیں گے تو ہماری یہ ریاست و اقتدار نہ رہے گا۔ قرآن کریم نے فرمادیا کہ مَا هُمْ بِبَالِغِیْهِ یعنی یہ اپنی مزعومہ بڑائی عظمت اور ریاست کو اسلام لائے بغیر نہ پاسکیں گے۔ البتہ اسلام لے آتے تو عزت و عظمت ان کے ساتھ ہوتی۔ (قرطبی)

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِیْۤ اَسْتَجِبْ لَكُمْ اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ سَیَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دَاخِرِیْنَ۔

دُعا کی حقیقت اور اُس کے فضائل و درجات اور شرطِ قبولیت

دُعا کے لفظی معنے پکارنے کے ہیں اور اکثر استعمال کسی حاجت و ضرورت کے لئے پکارنے میں ہوتا ہے۔ کبھی مطلق ذکر اللہ کو بھی دعاء کہا جاتا ہے۔ یہ آیت اُمّتِ محمدیہ کا خاص اعزاز ہے کہ ان کو دعا مانگنے کا حکم دیا گیا۔ اور اسکی قبولیت کا وعدہ کیا گیا۔ اور جو دعا نہ مانگے اس کے لئے عذاب کی وعید آئی ہے۔

حضرت قتادہؒ نے کعب احبارؒ سے نقل کیا ہے کہ پہلے زمانے میں یہ خصوصیت انبیاء ؑ کی تھی، کہ ان کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم ہوتا تھا کہ آپ دعا کریں میں قبول کروں گا۔ اُمّتِ محمدیہ کی یہ خصوصیت ہے کہ یہ حکم تمام اُمت کے لئے عام کر دیا گیا۔ (ابن کثیر)

حضرت نعمان بن بشیر رضؓ نے اس آیت کی تفسیر میں یہ حدیث بیان فرمائی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اِنَّ الدُّعَاءَ هُوَ الْعِبَادَةُ۔ یعنی دعاء عبادت ہی ہے اور پھر آپ نے استدلال میں یہ آیت تلاوت فرمائی۔ اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ۔

(رواہ الامام احمد والترمذی والنسائی وابوداؤد وغیرہ۔ ابن کثیر)

تفسیر مظہری میں ہے کہ جملہ اِنَّ الدُّعَاءَ هُوَ الْعِبَادَةُ میں بقاعدہ عربیت (قصر المسند علی المسند الیہ) یہ مفہوم بھی ہوسکتا ہے کہ دُعاء عبادت ہی کا نام ہے یعنی ہر دُعا عبادت ہی ہے اور (قصر المسند الیہ علی المسند کے طور پر) یہ مفہوم بھی ہوسکتا ہے کہ ہر عبادت ہی دُعا ہے۔ یہاں دونوں احتمال ہیں۔ اور مراد یہاں یہ ہے کہ دعا اور عبادت اگرچہ لفظی مفہوم کے اعتبار سے دونوں جدا جدا ہیں مگر مصداق

کے اعتبار سے دونوں متحد ہیں کہ ہر دعا عبادت ہے اور ہر عبادت دُعا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ عبادت نام ہے کسی کے سامنے انتہائی تذلل اختیار کرنے کا اور ظاہر ہے کہ اپنے آپ کو کسی کا محتاج سمجھ کر اس کے سامنے سوال کے لیے ہاتھ پھیلانا بڑا تذلل ہے جو مفہوم عبادت کا ہے۔ اسی طرح ہر عبادت کا حاصل بھی اللہ تعالیٰ سے مغفرت اور جنّت اور دنیا اور آخرت کی عافیت مانگنا ہے۔ اسی لئے ایک حدیث قدسی میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جو شخص میری حمد و ثنا میں اتنا مشغول ہو کہ اپنی حاجت مانگنے کی بھی اسے فرصت نہ ملے ہیں اُس کو مانگنے والوں سے زیادہ دوں گا۔ (یعنی اُس کی حاجت پوری کر دوں گا)۔ (رواہ الجزری فی النہایہ) اور ترمذی و مسلم کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں:۔ من شغلہ القرآن عن ذکری ومسئلتی اعطیتہ افضل ما اعطی السائلین۔ یعنی جو شخص تلاوت قرآن میں اتنا مشغول ہو کہ مجھ سے اپنی حاجات مانگنے کی بھی اسے فرصت نہ ملے تو میں اس کو عطا دوں گا کہ مانگنے والوں کو بھی اتنا نہیں ملتا۔ اس سے معلوم ہوا کہ ہر عبادت بھی وہی فائدہ دیتی ہے جو دُعا کا فائدہ ہے۔

اور عرفات کی حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عرفات میں میری دعا اور مجھ سے پہلے انبیاء علیہم السلام کی دُعا (یہ کلمہ ہے) لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ (رواہ ابن ابی شیبہ۔ مظہری)

اس میں عبادت اور ذکر اللہ کو دُعا فرمایا ہے، اور اس آیت میں عبادت بمعنے دُعا کے ترک کرنے والوں کو جو جہنّم کی وعید سنائی گئی ہے وہ بصورت استکبار ہے یعنی جو شخص بطور استکبار کے اپنے آپ کو دعا سے مستغنی سمجھ کر دُعا چھوڑے یہ علامت کفر کی ہے اس لئے وعید جہنّم کا استحقاق ہوا۔ ورنہ فی نفسہٖ عام دُعائیں فرض و واجب نہیں، اُن کے ترک سے کوئی گناہ نہیں۔ البتہ باجماع علماء مستحب اور افضل ہے۔ (مظہری) اور حسب تصریح احادیث موجب برکات ہے۔

فضائلِ دُعا

حدیث:۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک دعا سے زیادہ کوئی چیز مکرّم نہیں۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ حاکم عن ابی ہریرۃ)۔

حدیث:۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے الدعاء مخ العبادۃ یعنی دعا عبادت کا مغز ہے۔ (ترمذی عن انس رض)

حدیث:۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سے اس کا فضل مانگا کرو، کیونکہ اللہ تعالیٰ سوال اور حاجت طلبی کو پسند فرماتا ہے اور سب سے بڑی عبادت یہ ہے کہ سختی کے وقت آدمی فراخی کا انتظار کرے۔ (ترمذی عن ابن مسعود رض)۔

حدیث:۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اللہ سے اپنی حاجت کا سوال

نہیں کرتا، اللہ تعالیٰ کا اس پر غضب ہوتا ہے۔ (ترمذی۔ ابن حبان۔ حاکم)۔

ان سب روایات کو تفسیر مظہری میں نقل کر کے فرمایا کہ دعا نہ مانگنے والے پر غضب الٰہی کی وعید اس صورت میں ہے کہ نہ مانگنا تکبر اور اپنے آپ کو مستغنی سمجھنے کی بنا پر ہو جیسا کہ آیت مذکورہ اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَکْبِرُوْنَ کے الفاظ سے ثابت ہوتا ہے۔

حدیث:۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دعا سے عاجز نہ ہو کیونکہ دعا کے ساتھ کوئی ہلاک نہیں ہوتا۔ (ابن حبان۔ حاکم عن انس رض)۔

حدیث:۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دعا مومن کا ہتھیار ہے اور دین کا ستون اور آسمان و زمین کا نور ہے۔ (حاکم فی المستدرک عن ابی ہریرۃ رض)۔

حدیث:۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کیلئے دعا کے دروازے کھول دیئے گئے اس کے واسطے رحمت کے دروازے کھل گئے اور اللہ تعالیٰ سے کوئی دعا اس سے زیادہ محبوب نہیں مانگی گئی کہ انسان اس سے عافیت کا سوال کرے۔ (ترمذی۔ حاکم عن ابن عمر رض)۔ لفظِ عافیت بڑا جامع لفظ ہے، جس میں بلاء سے حفاظت اور ہر ضرورت و حاجت کا پورا ہونا داخل ہے۔

مسئلہ:۔ کسی گناہ یا قطع رحمی کی دعا مانگنا حرام ہے وہ دعا اللہ کے نزدیک قبول بھی نہیں ہوتی۔ (کما فی الحدیث عن ابی سعید الخدری رض)۔

قبولیتِ دعا کا وعدہ

آیت مذکورہ میں اس کا وعدہ ہے کہ جو بندہ اللہ سے دعا مانگتا ہے وہ قبول ہوتی ہے مگر بعض اوقات انسان یہ بھی دیکھتا ہے کہ دعا مانگی وہ قبول نہیں ہوئی۔ اس کا جواب ایک حدیث میں ہے جو حضرت ابو سعید خدری رض سے منقول ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمان جو بھی دعا اللہ سے کرتا ہے اللہ اس کو عطا فرماتا ہے۔ بشرطیکہ اس میں کسی گناہ یا قطع رحمی کی دعا نہ ہو، اور قبول فرمانے کی تین صورتوں میں سے کوئی صورت ہوتی ہے ایک یہ کہ جو مانگا وہی مل گیا، دوسرے یہ کہ اس کی مطلوب چیز کے بدلے اس کو آخرت کا کوئی اجر و ثواب دیدیا گیا۔ تیسرے یہ کہ مانگی ہوئی چیز تو نہ ملی مگر کوئی آفت و مصیبت اس پر آنے والی تھی وہ ٹل گئی۔ (مسند احمد۔ مظہری)۔

قبولیت دعا کی شرائط

آیت مذکورہ میں تو بظاہر کوئی شرط نہیں۔ یہاں تک کہ مسلمان ہونا بھی قبولیت دعا کی شرط نہیں ہے۔ کافر کی دعا بھی اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے۔ یہاں تک کہ ابلیس کی دعا تا قیامت زندہ رہنے کی قبول ہو گئی۔ نہ دعا کے لئے کوئی وقت شرط نہ طہارت اور نہ باوضو ہونا شرط ہے۔ مگر احادیث معتبرہ میں بعض چیزوں کو موانع قبولیت فرمایا ہے۔ ان چیزوں سے اجتناب لازم ہے جیسا کہ حدیث میں حضرت ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بعض آدمی بہت سفر کرتے اور آسمان کی طرف دعا کے لئے ہاتھ اٹھاتے ہیں اور یا رب

یارب کہہ کر اپنی حاجت مانگتے ہیں مگر ان کا کھانا حرام، پینا حرام، لباس حرام، ان کو حرام ہی سے غذا دیگئی تو ان کی دعا کہاں قبول ہو گی۔ (رواہ مسلم)۔

اسی طرح غفلت و بے پروائی کے ساتھ بغیر دھیان دئے دعاء کے کلمات پڑھیں تو حدیث میں اس کے متعلق بھی آیا ہے کہ ایسی دعاء بھی قبول نہیں ہوتی۔ (ترمذی عن ابی ہریرۃ رض)

اَللّٰهُ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الَّیْلَ لِتَسْكُنُوْا فِیْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ

اللہ ہے جس نے بنایا تمہارے واسطے رات کو کہ اس میں چین پکڑو اور دن بنایا دیکھنے کو

اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ

اللہ تو فضل والا ہے لوگوں پر اور لیکن بہت لوگ

لَا یَشْكُرُوْنَ ﴿۶۱﴾ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ خَالِقُ كُلِّ شَیْءٍ ۖ

حق نہیں مانتے وہ اللہ ہے رب تمہارا ہر چیز بنانے والا

لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿۶۲﴾ كَذٰلِكَ یُؤْفَكُ الَّذِیْنَ

کسی کی بندگی نہیں اسکے سوائے پھر کہاں سے پھرے جاتے ہو اسی طرح پھرے جاتے ہیں جو لوگ

كَانُوْا بِاٰیٰتِ اللّٰهِ یَجْحَدُوْنَ ﴿۶۳﴾ اَللّٰهُ الَّذِیْ جَعَلَ

کہ اللہ کی باتوں سے منکر ہوتے رہتے ہیں اللہ ہے جس نے بنایا تمہارے

لَكُمُ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً وَّصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ

لئے زمین کو ٹھہرنے کی جگہ اور آسمان کو عمارت اور صورت بنائی تمہاری تو اچھی

صُوَرَكُمْ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّیِّبٰتِ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ

بنائیں صورتیں تمہاری اور روزی دی تم کو ستھری چیزوں سے وہ اللہ ہے رب تمہارا

فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۶۴﴾ هُوَ الْحَیُّ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

سو بڑی برکت ہے اللہ کی جو رب ہے سارے جہان کا وہ ہے زندہ رہنے والا کسی کی بندگی نہیں اس کے

فَادْعُوْهُ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ

سوائے سو اس کو پکارو خالص کر کر اس کی بندگی سب خوبی اللہ کو جو رب ہے

الْعٰلَمِیْنَ ﴿۶۵﴾ قُلْ اِنِّیْ نُهِیْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِیْنَ تَدْعُوْنَ

سارے جہان کا تو کہہ کہ مجھ کو منع کر دیا کہ پوجوں ان کو جن کو تم پکارتے ہو

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَمَّا جَآءَنِيَ الْبَيِّنٰتُ مِنْ رَّبِّيْ ۫ وَاُمِرْتُ

سوائے اللہ کے جب پہنچ چکیں میرے پاس کھلی نشانیاں میرے رب سے اور مجھ کو حکم ہوا

اَنْ اُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۶﴾ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ

کہ تابع رہوں جہان کے پروردگار کا وہی ہے جس نے بنایا تم کو

تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ

خاک سے پھر پانی کی بوند سے پھر خون جمے ہوئے سے پھر تم کو نکالتا ہے

طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ثُمَّ لِتَكُوْنُوْا شُيُوْخًا ۚ

بچہ پھر جب تک کہ پہنچو اپنے پورے زور کو پھر جب تک کے ہو جاؤ بوڑھے

وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى مِنْ قَبْلُ وَلِتَبْلُغُوْٓا اَجَلًا مُّسَمًّى وَّ

اور کوئی تم میں ایسا ہے کہ مر جاتا ہے پہلے اس سے اور جب تک کہ پہنچو لکھے وعدے کو اور

لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۷﴾ هُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۚ فَاِذَا

تاکہ تم سوچو وہی ہے جو جلاتا ہے اور مارتا ہے پھر جب

ع ۸ ۱۲ قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۶۸﴾ ع

حکم کرے کسی کام کا تو یہی کہے اس کو کہ ہو جا وہ ہو جاتا ہے

خُلاصۂ تفسیر

اللہ ہی ہے جس نے تمہارے (نفع کے) لئے رات بنائی تاکہ تم اس میں آرام کرو اور اسی نے دن کو (دیکھنے کے لئے) روشن بنایا (تاکہ بے تکلف معاش حاصل کرو) بے شک اللہ تعالیٰ کا لوگوں پر بڑا ہی فضل ہے (کہ ان کی مصلحتوں کی کیسی کیسی رعایت فرمائی) لیکن اکثر آدمی (ان نعمتوں کا) شکر نہیں کرتے (بلکہ الٹا شرک کرتے ہیں) یہ اللہ ہے تمہارا رب (جس کا ذکر ہوا نہ وہ جن کو تم نے تراش رکھا ہے) وہ ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے اس کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں سو (بعد اثبات توحید کے) تم لوگ کہاں (شرک کر کے) الٹے چلے جا رہے ہو (اور مخاطبین کی کیا تخصیص ہے جس طرح تعصب و عناد سے یہ الٹے چلے جا رہے ہیں) اسی طرح وہ (پہلے) لوگ بھی الٹے چلا کرتے تھے جو اللہ کی آیتوں (بینی و تنزیلی) نشانیوں کا انکار کیا کرتے تھے اللہ ہی ہے جس نے زمین کو (مخلوق کا) قرارگاہ بنایا اور آسمان کو (اوپر سے مثل) چھت (کے) بنایا، اور تمہارا نقشہ بنایا، سو عمدہ نقشہ بنایا (چنانچہ انسان کے اعضاء کی برابر کسی حیوان کے اعضاء میں تناسب

نہیں اور یہ مشاہد و مسلم ہے) اور تم کو عمدہ عمدہ چیزیں کھانے کو دیں (پس) یہ اللہ ہے تمہارا رب سو بڑا عالی شان ہے اللہ جو سارے جہان کا پروردگار ہے وہی (ازلی ابدی) زندہ (رہنے والا) ہے اس کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں سو تم (سب) خالص اعتقاد کر کے اس کو پکارا کرو (اور شرک نہ کیا کرو) تمام خوبیاں اسی اللہ کے لئے ہیں جو پروردگار ہے تمام جہانوں کا۔ آپ (ان مشرکوں کو سنانے کے لئے) کہہ دیجئے کہ مجھ کو اس سے ممانعت کر دی گئی ہے کہ میں ان (مشرکوں) کی عبادت کروں جن کو خدا کے علاوہ تم پکارتے ہو جبکہ میرے پاس میرے رب کی نشانیاں آچکیں (مراد دلائل عقلیہ و نقلیہ ہیں مطلب یہ کہ شرک سے مجھے ممانعت ہوئی ہے) اور مجھ کو یہ حکم ہوا ہے کہ میں (صرف) رب العالمین کے سامنے (عبادت میں) گردن جھکا لوں (مطلب یہ کہ مجھ کو توحید کا حکم ہوا ہے) وہی ہے جس نے تم کو (یعنی تمہارے باپ کو) مٹی سے پیدا کیا پھر (آگے ان کی نسل کو) نطفہ سے پھر خون کے لوتھڑے سے (جیسا کہ سورۂ حج میں بیان ہوا ہے) پھر تم کو بچہ کر کے (ماں کے پیٹ سے) نکالتا ہے پھر (تم کو زندہ رکھتا ہے) تاکہ تم اپنی جوانی کو پہنچو پھر (تم کو اور زندہ رکھتا ہے) تاکہ تم بوڑھے ہو جاؤ اور کوئی کوئی تم میں سے (ان عمروں سے یعنی جوانی اور بڑھاپے سے) پہلے ہی مر جاتا ہے (یہ تو سب کا الگ الگ حال ہوا کہ کوئی جوان ہوا کوئی نہ ہوا کوئی بوڑھا ہوا کوئی نہ ہوا) اور (یہ امر آئندہ سب میں مشترک ہے کہ تم میں سے ہر ایک کو ایک خاص عمر دیتا ہے) تاکہ تم سب (اپنے اپنے) وقت مقرر (مقدر) تک پہنچ جاؤ (پس یہ امر کلی ہے اور جزئیات مختلفہ سب اسی کلی کے جزئی ہیں) اور (یہ سب کچھ اس لئے کیا) تاکہ تم لوگ (ان امور میں غور کر کے خدا تعالیٰ کی توحید کو) سمجھو وہی ہے جو جلاتا ہے اور مارتا ہے پھر جب وہ کسی کام کو (دفعۃً) پورا کرنا چاہتا ہے سو بس اس کی نسبت (اتنا) فرما دیتا ہے کہ ہو جا سو وہ ہو جاتا ہے۔

مَعارف و مسائل

آیات مذکورہ میں حق تعالیٰ کے انعامات اور قدرت کاملہ کے چند مظاہر پیش کر کے توحید کی دعوت دی گئی ہے۔

جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۔ غور کیجئے کہ کتنی بڑی نعمت ہے کہ قدرت نے تمام طبقات انسان بلکہ جانوروں تک کے لئے فطری طور پر نیند کا ایک وقت معین کر دیا۔ اور اس وقت کو اندھیرا کر کے نیند کیلئے مناسب بنا دیا۔ اور سب کی طبیعت و فطرت میں رکھ دیا کہ اسی وقت یعنی رات کو نیند آتی ہے ورنہ جس طرح انسان اپنے کاروبار کے لئے اپنی اپنی طبیعت و سہولت کے لحاظ سے اوقات مقرر کرتا ہے۔ اگر نیند بھی اسی طرح اس کے اختیار میں ہوتی۔ اور ہر انسان

اپنی نیند کا پروگرام مختلف اوقات میں بنایا کرتا تو نہ سونے والوں کو نیند کی لذت و راحت ملتی نہ جاگنے والوں کے کام کا نظم درست ہوتا۔ کیونکہ انسانوں کی حاجتیں باہم ایک دوسرے سے متعلق ہوتی ہیں، اگر اوقات نیند کے مختلف ہوتے تو جاگنے والوں کے وہ کام مختل ہو جاتے جو سونے والوں سے متعلق ہیں اور سونے والوں کے وہ کام خراب ہو جاتے جن کا تعلق جاگنے والوں سے ہے اور صرف انسانوں کی نیند کا وقت متعین ہوتا۔ بہائم اور حیوانات کی نیند کے اوقات دوسرے ہوتے تو بھی انسانی کاموں کا نظام مختل ہو جاتا۔

وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ۔ انسان کی صورت کو اللہ تعالیٰ نے سب جانوروں سے ممتاز، اعلیٰ اور بہتر ہیئت میں بنایا ہے۔ اس کو سوچنے سمجھنے کی عقل عطا فرمائی۔ اس کے ہاتھ پاؤں ایسے بنائے کہ ان سے طرح طرح کی اشیاء و مصنوعات بنا کر اپنی راحت کے سامان پیدا کر لیتا ہے۔ اس کا کھانا پینا بھی عام جانوروں سے ممتاز ہے وہ اپنے منہ سے چرتے اور پیتے ہیں یہ ہاتھوں سے کام لیتا ہے۔ عام جانوروں کی غذا مفردات سے ہے، کوئی گوشت کھاتا ہے کوئی گھاس اور پتے اور وہ بھی بالکل مفرد بخلاف انسان کے کہ یہ اپنے کھانے کو مختلف قسم کی چیزوں پھلوں ترکاریوں گوشت اور مصالحہ سے لذیذ و مرغوب بنا کر کھاتا ہے۔ ایک ایک پھل سے طرح طرح کے کھانے اور اچار، مربے، چٹنی تیار کرتا ہے۔ فتبارک اللہ احسن الخالقین۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ اَنّٰى

کیا تو نے نہ دیکھا ان کو جو جھگڑتے ہیں اللہ کی باتوں میں کہاں سے

يُصْرَفُوْنَ ۝۶۹ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِالْكِتٰبِ وَبِمَآ اَرْسَلْنَا

پھیرے جاتے ہیں وہ لوگ کہ جنھوں نے جھٹلایا اس کتاب کو اور اس کو جو بھیجا ہم نے

بِهٖ رُسُلَنَا ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝۷۰ اِذِ الْاَغْلٰلُ فِيْٓ

اپنے رسولوں کے ساتھ سو آخر جان لیں گے جب طوق پڑیں ان کی

اَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلٰسِلُ ؕ يُسْحَبُوْنَ ۝۷۱ فِي الْحَمِيْمِ ۙ

گردنوں میں اور زنجیریں بھی گھسیٹے جائیں جلتے پانی میں

ثُمَّ فِي النَّارِ يُسْجَرُوْنَ ۝۷۲ ثُمَّ قِيْلَ لَهُمْ اَيْنَ مَا

پھر آگ میں ان کو جھونک دیں پھر ان کو کہیں کہاں گئے

كُنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ۝۷۳ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالُوْا ضَلُّوْا

جن کو تم شریک بتلایا کرتے تھے اللہ کے سوائے بولیں وہ ہم سے چوک گئے

عَنَّا بَلْ لَّمْ نَكُنْ نَّدْعُوْا مِنْ قَبْلُ شَيْـًٔا ؕ كَذٰلِكَ

کوئی نہیں ہم تو پکارتے نہ تھے پہلے کسی چیز کو اسی طرح

يُضِلُّ اللّٰهُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۴﴾ ذٰلِكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَفْرَحُوْنَ

بچلاتا ہے اللہ منکروں کو یہ بدلہ اس کا جو تم اترائے پھرتے تھے

فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَمْرَحُوْنَ ﴿۷۵﴾

زمین میں ناحق اور اس کا جو تم اکڑتے تھے

اُدْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ

داخل ہو جاؤ دروازوں میں دوزخ کے ہمیشہ رہنے کو اس میں سو کیا برا

مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۷۶﴾ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ

ٹھکانا ہے غرور والوں کا سو تو ٹھہرا رہ بیشک وعدہ اللہ کا ٹھیک ہے

فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ

پھر اگر ہم دکھلا دیں تجھ کو کوئی وعدہ جو ہم ان سے کرتے ہیں یا قبض کر لیں تجھ کو

فَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۷۷﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ

ہر حالت میں ہماری ہی طرف پھر کر آئیں گے اور ہم نے بھیجے ہیں بہت رسول تجھ سے پہلے

مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ

بعضے ان میں وہ ہیں کہ ہم نے سنایا تجھ کو ان کا احوال اور بعضے ہیں کہ

نَقْصُصْ عَلَيْكَ ؕ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ

نہیں سنایا اور کسی رسول کا مقدور نہ تھا کہ لے آتا کوئی نشانی

اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ

مگر اللہ کے حکم سے پھر جب آیا حکم اللہ کا فیصلہ ہو گیا انصاف سے

وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۷۸﴾ ع ۸ ۱۳

اور ٹوٹے میں پڑے اس جگہ جھوٹے ؕ

خُلاصۂ تفسیر

کیا آپ نے ان لوگوں (کی حالت) کو نہیں دیکھا جو اللہ تعالیٰ کی آیتوں میں جھگڑے نکالتے ہیں (حق سے) کہاں پھرے چلے جا رہے ہیں، جن لوگوں نے اس کتاب (یعنی قرآن) کو جھٹلایا اور اس

چیز کو بھی (جھٹلایا) جو ہم نے اپنے پیغمبروں کو دیکر بھیجا تھا (اس میں کتب و احکام و معجزات سب داخل ہو گئے کیونکہ مشرکین عرب اور کسی پیغمبر کو بھی نہیں مانتے تھے) سو ان کو ابھی (یعنی قیامت میں کہ قریب ہے) معلوم ہو جاتا ہے جبکہ طوق ان کی گردنوں میں ہوں گے اور (اُن طوقوں میں) زنجیریں (پروئی ہوئی ہوں گی، جن کا دوسرا سرا فرشتوں کے ہاتھ میں ہوگا اور ان زنجیروں سے) ان کو گھسیٹتے ہوئے کھولتے پانی میں پہنچائیں گے ۔ پھر یہ آگ میں جھونک دئے جائیں گے پھر اُن سے پوچھا جاوے گا کہ وہ (معبود) غیر اللہ کہاں گئے جن کو تم شریک (خدائی) ٹھہراتے تھے (یعنی تمہاری مدد کیوں نہیں کرتے) وہ کہیں گے کہ وہ تو سب ہم سے غائب ہو گئے، بلکہ (سچ بات تو یہ ہے کہ) ہم اس کے قبل (دنیا میں جو بتوں کو پوجتے تھے تو اب معلوم ہوا کہ) کسی کو بھی نہیں پوجتے تھے (یعنی معلوم ہوا کہ وہ لاشی محض تھے ایسی بات غلطی ظاہر ہونے کے وقت کہی جاتی ہے جیسے کوئی شخص تجارت میں خسارہ اٹھائے اور اس سے پوچھا جاوے کہ تم فلاں مال کی تجارت کیا کرتے ہو اور وہ کہے کہ میں تو کسی کی بھی تجارت نہیں کرتا یعنی جب اس کا ثمرہ حاصل نہ ہو تو یوں سمجھنا چاہیے کہ گویا وہ عمل ہی نہ ہوا، آگے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ) اللہ تعالیٰ اسی طرح کافروں کو غلطی میں پھنسائے رکھتا ہے (کہ جس چیز کے لاشی وغیر نافع ہونے کا وہاں وہ خود اقرار کریں گے، آج یہاں اُن کی عبادت میں مشغول ہیں ارشاد ہوگا کہ) یہ (سزا) اس کے بدلہ میں ہے کہ تم دنیا میں ناحق خوشیاں مناتے تھے اور اس کے بدلہ میں ہے کہ تم اتراتے تھے (اور اس کے قبل اُن کو حکم ہوگا) کہ جہنم کے دروازوں میں گھسو (اور) ہمیشہ ہمیشہ اس میں رہو سو متکبرین (عن آیات اللہ) کا وہ بُرا ٹھکانا ہے۔ (اور جب اُن سے اس طرح انتقام لیا جاوے گا) تو آپ (چندے) صبر کیجیے بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے، پھر جس (عذاب) کا (مطلقاً) ہم اُن سے وعدہ کر رہے ہیں (کہ کفر موجب عذاب ہے) اُس میں سے کچھ تھوڑا سا (عذاب) اگر ہم آپ کو دکھلا دیں (یعنی آپ کی حیات میں اُن پر اُس کا نزول ہو جاوے) یا (اس کے نزول کے قبل ہی) ہم آپ کو وفات دیدیں (پھر خواہ بعد میں نزول ہو یا نہ ہو) سو (دونوں احتمال ہیں کوئی شق ضروری نہیں لیکن ہر حال اور ہر احتمال پر) ہمارے ہی پاس اُن کو آنا ہوگا (اور اس وقت بالیقین ان پر عذاب واقع ہوگا) اور (اس بات کو یاد کر کے بھی تسلی حاصل کیجیے کہ) ہم نے آپ سے پہلے بہت سے پیغمبر بھیجے جن میں بعضے تو وہ ہیں کہ اُن کا قصہ ہم نے آپ سے (اجمالاً یا تفصیلاً) بیان کیا ہے اور بعضے وہ ہیں جن کا ہم نے آپ سے بیان نہیں کیا اور (اتنا امر سب میں مشترک ہے کہ) کسی رسول سے یہ نہ ہو سکا کہ کوئی معجزہ بدون اذن الٰہی کے ظاہر ہو سکے (اور اُمت کی ہر فرمائش پوری کر سکے۔ سو بعضے اس لئے بھی اُن کی تکذیب کرتے رہے، اسی طرح یہ لوگ آپ کی تکذیب کرتے ہیں تو آپ تسلی رکھئے اور صبر کیجیے) پھر جس وقت اللہ کا حکم (نزول عذاب کے لئے) آوے گا،

(خواہ دنیا میں یا آخرت میں بقولہ تعالیٰ فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ الخ) تو ٹھیک ٹھیک (عملی) فیصلہ ہو جاوے گا اور اس وقت اہل باطل خسارہ میں رہ جاویں گے۔

معارف و مسائل

يُسْحَبُوْنَ فِي الْحَمِيْمِ ثُمَّ فِي النَّارِ يُسْجَرُوْنَ۔ حمیم کھولتا ہوا گرم پانی ہے۔ اس آیت سے یہ مفہوم ہوتا ہے کہ اہل جہنم کو پہلے حمیم میں ڈالا جائے گا، اس کے بعد جحیم یعنی جہنم میں اور بظاہر اس سے یہ مفہوم ہوتا ہے کہ حمیم جہنم سے باہر کسی جگہ ہے۔ سورۂ صٰفّٰت کی آیت ثُمَّ اِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَاِلَى الْجَحِيْمِ سے بھی یہی مفہوم ہوتا ہے کہ حمیم جہنم سے باہر کسی جگہ ہے اہل جہنم کو اس کا پانی پلانے کے لئے لایا جائے گا پھر جہنم میں لوٹا دیا جائے گا۔ اور بعض آیات قرآنی سے معلوم ہوتا ہے کہ حمیم بھی جحیم ہی میں ہے جیسے هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ يَطُوْفُوْنَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيْمٍ اٰنٍ اس میں تصریح ہے کہ حمیم بھی جہنم کے اندر ہے۔

غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان دونوں باتوں میں کوئی تضاد و تعارض نہیں۔ جہنم ہی کے بہت سے طبقات ہوں گے جن میں قسم قسم کے عذاب ہوں گے۔ انھیں میں ایک طبقہ حمیم کا بھی ہو سکتا ہے جس کو بوجہ ممتاز اور الگ ہونے کے جہنم سے خارج بھی کہا جا سکتا ہے اور چونکہ یہ بھی ایک طبقہ جہنم ہی کا ہے اس لئے اس کو جہنم بھی کہا جا سکتا ہے۔ ابن کثیر رح نے فرمایا کہ اہل جہنم زنجیروں میں جکڑے ہوئے کبھی کھینچ کر حمیم میں ڈال دیے جاویں گے کبھی جحیم میں۔

قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا۔ یعنی جہنم میں پہنچکر مشرکین کہیں گے وہ بت اور شیاطین جن کی ہم عبادت کیا کرتے تھے آج غائب ہو گئے۔ مراد یہ ہے کہ ہمیں نظر نہیں آرہے اگرچہ وہ بھی جہنم کے کسی گوشہ میں پڑے ہوں جیسا کہ قرآن کی دوسری آیات سے ان کا جہنم میں ہونا ثابت ہے اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ۔

بِمَا كُنْتُمْ تَفْرَحُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَمْرَحُوْنَ۔ تفرحون۔ فرح سے مشتق ہے، جس کے معنی ہیں خوش ہونا اور مسرور ہونا۔ اور تمرحون، مرح سے مشتق ہے جس کے معنی ہیں اترانا اور مال و دولت پر فخر و غرور میں مبتلا ہو کر دوسروں کے حقوق میں تعدی کرنا۔ مرح تو مطلقاً مذموم اور حرام ہے اور فرح یعنی خوشی میں یہ تفصیل ہے کہ مال و دولت کے نشہ میں خدا کو بھول کر معاصی سے لذت حاصل کرنا اور ان پر خوش ہونا یہ تو حرام و ناجائز ہے اور اس آیت میں یہی فرح مراد ہے جیسے قارون کے قصہ میں بھی فرح اسی معنے میں آیا ہے لَا تَفْرَحْ

اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْفَرِحِیْنَ - یعنی بہت خوش نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ خوش ہونے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ اور دوسرا درجہ فرح کا یہ ہے کہ دنیا کی نعمتوں اور راحتوں کو اللہ تعالیٰ کا انعام سمجھ کر ان پر خوشی و مسرت کا اظہار کرے، یہ جائز بلکہ مستحب اور مامور بہ ہے۔ ایسی ہی فرح کے متعلق قرآنِ کریم نے فرمایا۔ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا۔ یعنی اس پر خوش ہونا چاہیئے۔ آیت مذکورہ میں مَرَح کے ساتھ کوئی قید نہیں مطلقاً سببِ عذاب ہے اور فرح کے ساتھ بغیر الحق کی قید لگا کر بتلا دیا کہ ناحق اور ناجائز لذتوں پر خوش ہونا حرام اور حق و جائز نعمتوں پر بطور شکر کے خوش ہونا عبادت اور ثواب ہے۔

فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰہِ حَقٌّ فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ الآیۃ - اس آیت سے معلوم ہوتا ہے، کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خوشی کے ساتھ اس کے منتظر تھے کہ کافروں کو عذاب ملے۔ اس لئے آپ کی تسلی کے لئے اس آیت میں یہ فرمایا کہ آپ ذرا صبر کریں، اللہ نے جو وعدہ ان کے لئے عذاب کا کیا ہے وہ ضرور پورا ہوگا۔ خواہ آپ کی حیات ہی میں یا آپ کی وفات کے بعد۔ کافروں کے عذاب کا انتظار بظاہر شانِ رحمۃ للعالمین کے منافی ہے۔ لیکن جبکہ مجرمین کو سزا دینے سے مقصد غیر مجرم مؤمنین کو جو پہلے ظلم کیا گیا تھا تسلی دینا ہو تو مجرموں کو سزا، شفقت و رحمت کے منافی نہیں۔ کسی مجرم کو سزا دینا کسی کے نزدیک بھی رحمت کے خلاف نہیں سمجھا جاتا۔

اَللّٰهُ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ لِتَرْكَبُوْا مِنْهَا

اللہ ہے جس نے بنا دیئے تمہارے واسطے چوپائے تاکہ سواری کرو بعضوں پر

وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَلِتَبْلُغُوْا

اور بعضوں کو کھاتے ہو اور ان میں تم کو بہت فائدے ہیں اور تاکہ پہنچو

عَلَيْهَا حَاجَةً فِیْ صُدُوْرِكُمْ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ

ان پر چڑھ کر کسی کام تک جو تمہارے جی میں ہو اور ان پر اور کشتیوں پر

تُحْمَلُوْنَ ﴿۸۰﴾ وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ ۫ فَاَیَّ اٰيٰتِ اللّٰهِ

لدے پھرتے ہو اور دکھلاتا ہے تم کو اپنی نشانیاں پھر کون کون سی نشانیوں کو اپنے

تُنْكِرُوْنَ ﴿۸۱﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِی الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا

رب کی نہ مانو گے کیا پھرے نہیں وہ ملک میں کہ دیکھ لیتے

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَانُوْٓا اَكْثَرَ

کیسا انجام ہوا ان سے پہلوں کا وہ تھے ان سے

مِنْهُمْ وَاَشَدَّ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِى الْاَرْضِ فَمَآ اَغْنٰى

زیادہ اور زور میں سخت اور نشانیوں میں جو چھوڑ گئے ہیں زمین پر پھر کام نہ آیا

عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ

ان کے جو وہ کماتے تھے پھر جب پہنچے اُن کے پاس رسول اُن کے

بِالْبَيِّنٰتِ فَرِحُوْا بِمَا عِنْدَهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ وَحَاقَ

کھلی نشانیاں لے کر اترانے لگے اس پر جو ان کے پاس تھی خبر اور الٹ پڑی

بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۸۳﴾ فَلَمَّا رَاَوْا

ان پر وہ چیز جس پر ٹھٹھا کرتے تھے پھر جب انھوں نے دیکھ لیا

بَاْسَنَا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهٖ

ہمارا آفت کو بولے ہم یقین لائے اللہ اکیلے پر اور ہم نے چھوڑ دیں وہ چیزیں جن کو

مُشْرِكِيْنَ ﴿۸۴﴾ فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا

شریک بتلاتے تھے پھر نہ ہوا کہ کام آئے ان کو یقین لانا ان کا جس وقت

رَاَوْا بَاْسَنَا ؕ سُنَّتَ اللّٰهِ الَّتِىْ قَدْ خَلَتْ فِىْ عِبَادِهٖ ۚ

دیکھ چکے ہمارا عذاب رسم پڑی ہوئی اللہ کی جو چلی آئی ہے اس کے بندوں میں

وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۵﴾ ع ۹ ۷ ۱۴

اور خراب ہوئے اس جگہ منکر۔

خلاصۂ تفسیر

اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لئے مویشی بنائے تاکہ ان میں بعض سے سواری لو اور اُن میں بعض (ایسے) ہیں کہ (ان کو) کھاتے بھی ہو اور تمہارے لئے ان میں اور بھی بہت سے فائدے ہیں (کہ ان کے بال اور اُون کام آتی ہے) اور (اس لئے بنائے) تاکہ تم اُن پر (سوار ہو کر) اپنے مطلب تک پہنچو جو تمہارے دلوں میں ہے (جیسے کسی سے ملنے کے لئے جانا تجارت کے لئے جانا وغیرہ وغیرہ) اور (سوار ہونے میں کچھ اُن ہی کی تخصیص نہیں بلکہ) اُن پر (بھی) اور کشتی پر (بھی) لدے لدے پھرتے ہو اور (ان کے علاوہ) تم کو اپنی (قدرت کی) اور نشانیاں دکھلاتا رہتا ہے (چنانچہ ہر مصنوع اس کی صنعت پر ایک نشان ہے) سو تم

اللہ کی کون کون سی نشانیوں کا انکار کرو گے (اور یہ لوگ جو بعد قیام دلائل بھی توحید کے منکر ہیں تو کیا ان کو شرک کے وبال کی خبر نہیں اور) کیا ان لوگوں نے ملک میں چل پھر کر نہیں دیکھا کہ جو (مشرک) لوگ ان سے پہلے ہو گزرے ہیں (اس شرک کی بدولت) ان کا کیسا انجام ہوا (حالانکہ) وہ لوگ ان سے (عدد میں بھی) زیادہ تھے اور (قوت اور نشانوں میں (بھی) جو کہ زمین پر چھوڑ گئے ہیں (مثل عمارات وغیرہ) بڑھے ہوئے تھے سو ان کی (یہ تمام تر) کمائی ان کے کچھ کام نہ آئی (اور عذاب الٰہی سے نہ بچ سکے) غرض جب ان کے پیغمبر ان کے پاس کھلی دلیلیں لے کر آئے تو وہ لوگ اپنے (اس) علم (معاش) پر بڑے نازاں ہوئے جو ان کو حاصل تھا (یعنی معاش کو مقصود سمجھکر اور اس میں جو ان کو لیاقت حاصل تھی اس پر خوش ہوئے اور معاد کا انکار کر کے اس کی طلب کو دیوانگی اور اس کے انکار پر وعید عذاب سے تمسخر کیا) اور (اس کے وبال میں) ان پر وہ عذاب آپڑا جس کے ساتھ تمسخر کرتے تھے، پھر جب انھوں نے ہمارا عذاب دیکھا تو کہنے لگے (اب) ہم خدائے واحد پر ایمان لائے اور ان سب چیزوں سے ہم منکر ہوئے جن کو ہم اس کے ساتھ شریک ٹھہراتے تھے سو ان کا یہ ایمان لانا نافع نہ ہوا جب انھوں نے ہمارا عذاب دیکھ لیا۔ (کیونکہ وہ ایمان اضطراری ہے اور بندہ مکلف ہے ایمان اختیاری کا) اللہ تعالیٰ نے اپنا یہی معمول مقرر کیا ہے جو اس کے بندوں میں پہلے سے ہوتا چلا آیا ہے اور اس وقت (یعنی جبکہ ایمان نافع نہ ہوا) کافر خسارہ میں رہ گئے (پس ان مشرکین کو بھی یہ سمجھ کر ڈرنا چاہیے، ان کے لئے بھی یہی ہوگا پھر کچھ تلافی نہ ہو سکے گی)۔

معارف و مسائل

فَرِحُوْا بِمَا عِنْدَهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ۔ یعنی ان عاقبت نا اندیش منکرین کے پاس جب اللہ تعالیٰ کے رسول دلائل واضحہ توحید و ایمان لے کر آئے تو یہ لوگ اپنے علم کو انبیاء کے لائے ہوئے علم سے بہتر اور حق سمجھ کر انبیاء کے کلام کا رد کرنے لگے۔ یہ علم جس پر کفار خوش اور مگن تھے اور اس کے مقابلہ میں انبیاء کے علوم کو رد کرتے تھے۔ یا تو ان کا جہل مرکب تھا کہ ناحق اور باطل کو حق و صحیح سمجھ بیٹھے تھے۔ جیسے یونانی فلاسفہ کے بیشتر علوم و تحقیقات جو الٰہیات سے متعلق ہیں اسی نمونہ کی ہیں جن کی کوئی دلیل نہیں۔ ان کو جہل مرکب تو کہہ سکتے ہیں۔ اُن کا نام علم رکھنا علم کی توہین ہے۔ یا پھر ان کے اس علم سے مراد دنیا کی تجارت، صنعت وغیرہ کا علم ہے جس میں یہ لوگ فی الواقع ماہر تھے اور قرآن کریم نے ان کے اس علم کا ذکر سورۂ رُوم کی آیت میں اس طرح

فرمایا ہے یَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ غٰفِلُوْنَ ۔ یعنی یہ لوگ دنیا کی ظاہری زندگی اور اس کے منافع حاصل کرنے کو تو کچھ جانتے سمجھتے ہیں، مگر آخرت جہاں ہمیشہ رہنا ہے اور جہاں کی راحت و کلفت دائمی ہے اس سے بالکل جاہل و غافل ہیں۔ اس آیت میں بھی اگر یہی علم ظاہر دنیا کا مراد لیا جائے تو مطلب یہ ہوگا کہ یہ لوگ چونکہ قیامت اور آخرت کے منکر اور وہاں کی راحت و کلفت سے جاہل و غافل ہیں۔ اسی لئے اپنے اسی ظاہری ہنر پر خوش اور مگن ہو کر انبیاء کے علوم کی طرف توجہ نہیں دیتے۔ (مظہری)

فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ۔ یعنی عذاب سامنے آنے کے بعد یہ لوگ ایمان کا اقرار کر رہے ہیں مگر اس وقت کا ایمان اللہ کے نزدیک مقبول و معتبر نہیں۔ حدیث میں ہے کہ یقبل اللہ توبۃ العبد مالم یغرغر (ابن کثیر)۔ یعنی اللہ تعالیٰ بندہ کی توبہ اس وقت سے پہلے پہلے قبول کرتے ہیں جس وقت نزع روح اور غرغرۂ موت سامنے آجائے، اسی طرح پر عذاب آسمانی کے سامنے آجانے کے بعد کسی کی توبہ اور ایمان قبول نہیں ہوتا۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ وَالتَّوْبَةَ قَبْلَ الْمَوْتِ وَالْيُسْرَ وَالْمُعَافَاةَ عِنْدَ الْمَوْتِ وَالْمَغْفِرَةَ وَالرَّحْمَةَ بَعْدَ الْمَوْتِ بِبَرَكَةِ اٰلِ حٰمٓ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَى النَّبِيِّ الْكَرِيْمِ ۔

تمت سورۃ المومن بحمد اللہ تعالیٰ وعونہ

للثالث عشر من ربیع الآخر سنہ ۱۳۹۲ھ یوم السبت

فللہ الحمد اولہ واٰخرہ وظاہرہ وباطنہ

سُوْرَۃُ حٰمٓ السَّجْدَۃِ

سُوْرَۃُ حٰمٓ السَّجْدَۃِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ اَرْبَعٌ وَّخَمْسُوْنَ اٰيَةً وَّسِتُّ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ حٰمٓ سجدہ مکہ میں نازل ہوئی اور اس میں چون آیتیں ہیں اور چھ رکوع

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے۔

حٰمٓ ۝۱ تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝۲ كِتٰبٌ

اتارا ہوا ہے بڑے مہربان رحم والے کی طرف سے ایک کتاب ہے کہ

فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝۳ بَشِيْرًا

جدی جدی کی ہیں اسکی آیتیں قرآن عربی زبان کا ایک سمجھ والے لوگوں کو سنانے والا

وَّنَذِيْرًا ۚ فَاَعْرَضَ اَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ۝۴ وَ

خوشخبری اور ڈر پر دھیان میں نہ لائے وہ بہت لوگ سو وہ نہیں سنتے اور

قَالُوْا قُلُوْبُنَا فِيْٓ اَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ وَفِيْٓ

کہتے ہیں ہمارے دل غلاف میں ہیں اس بات سے جسکی طرف تو ہم کو بلاتا ہے اور ہمارے

اٰذَانِنَا وَقْرٌ وَّمِنْۢ بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ حِجَابٌ فَاعْمَلْ

کانوں میں بوجھ ہے اور ہمارے اور تیرے بیچ میں پردہ ہے سو تو اپنا کام کر

اِنَّنَا عٰمِلُوْنَ ۝۵ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ

ہم اپنا کام کرتے ہیں تو کہہ میں بھی آدمی ہوں جیسے تم حکم آتا ہے مجھ کو

اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَاسْتَقِيْمُوْٓا اِلَيْهِ وَاسْتَغْفِرُوْهُ ۭ

کہ تم پر بندگی ایک حاکم کی ہے سو سیدھے رہو اس کی طرف اور اس سے گناہ بخشواؤ

۴۰

وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِينَ ۝٦ الَّذِينَ لَا يُؤْتُونَ الزَّكٰوةَ

اور خرابی ہے شریک کرنے والوں کو جو نہیں دیتے زکوٰۃ

وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُونَ ۝٧ اِنَّ الَّذِينَ اٰمَنُوا

اور وہ آخرت سے منکر ہیں البتہ جو لوگ یقین لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ ۝٨ ع

اور کئے بھلے کام ان کو ثواب ملنا ہے جو موقوف نہ ہو ۔

ع ۱ ۸ ۱۵

خُلاصۂ تفسیر

حٰمٓ (اس کے معنی اللہ کو معلوم ہیں) یہ کلام رحمٰن و رحیم کی طرف سے نازل کیا جاتا ہے یہ (کلام) ایک کتاب ہے جس کی آیتیں صاف صاف بیان کی گئی ہیں یعنی ایسا قرآن ہے جو عربی (زبان میں) ہے (تاکہ جو بلاواسطہ اس کے مخاطب ہیں، یعنی عرب لوگ وہ آسانی سے سمجھ لیں اور) ایسے لوگوں کے لئے (نافع) ہے جو دانشمند ہیں (یعنی اگرچہ مکلف اور مخاطب احکام کے سبھی ہیں مگر اُن سے نفع وہی لوگ اٹھاتے ہیں جو سمجھ بوجھ رکھتے ہیں۔ قرآن ایسے لوگوں کو) بشارت دینے والا ہے اور (نہ ماننے والوں کے لئے) ڈرانے والا ہے سو (اس کا تقاضہ یہ تھا کہ سبھی اس پر ایمان لاتے مگر) اکثر لوگوں نے (اس سے) روگردانی کی پھر وہ سُنتے ہی نہیں اور (جب آپ ان کو سُناتے ہیں تو) وہ لوگ کہتے ہیں کہ جس بات کی طرف آپ ہم کو بلاتے ہیں ہمارے دل اُس سے پردوں میں ہیں (یعنی آپ کی بات ہماری سمجھ میں نہیں آتی) اور ہمارے کانوں میں ڈاٹ (لگ رہی) ہے اور ہمارے اور آپ کے درمیان ایک حجاب ہے سو آپ اپنا کام کئے جایئے۔ ہم اپنا کام کر رہے ہیں (یعنی ہم سے قبول کی امید نہ رکھئے ہم اپنے طریقۂ کار کو نہ چھوڑیں گے) آپ فرما دیجئے کہ (تمھیں ایمان پر مجبور کر دینا تو میرے بس کی بات نہیں، کیونکہ) میں بھی تم ہی جیسا بشر ہوں (خدا نہیں جو دلوں میں تصرّف کر سکوں البتہ اللہ تعالیٰ نے مجھے یہ امتیاز دیا ہے کہ) مجھ پر یہ وحی نازل ہوتی ہے کہ تمھارا معبود ایک ہی ہے (اور یہ وحی ایسی ہے کہ ہر شخص غور کرے تو اس کا حق و معقول ہونا اس کی سمجھ میں آسکتا ہے اور جبکہ میری نبوّت اور وحی معجزات کے ذریعہ ثابت ہو چکی تو میری بات بہرحال ماننا سب پر فرض ہے، تمھارے قبول کرنے کی کوئی وجہ نہیں ضرور قبول کرو) اُس (معبود برحق) کی طرف سیدھ باندھ لو (یعنی اس کے سوا کسی کی عبادت کی طرف توجہ نہ کرو) اور اس سے معافی مانگو (یعنی پچھلے اعمال شرکیہ سے توبہ کرو، اور اپنی خطاء کی معافی مانگو) اور ایسے مشرکوں کے لئے بڑی خرابی ہے جو (دلائل نبوّت کو دیکھنے

اور دلائل توحید کو سننے کے باوجود اپنے باطل طریقہ کو نہیں چھوڑتے اور) زکوٰۃ نہیں دیتے اور وہ آخرت کے منکر ہی رہتے ہیں (ان کے برخلاف) جو لوگ ایمان لے آئے اور انھوں نے نیک کام کیے اُن کے لئے (آخرت میں) ایسا اجر ہے جو (کبھی) موقوف ہونے والا نہیں۔

معارف و مسائل

یہ سات سورتیں جو حٰمٓ سے شروع ہوئی ہیں جن کو اٰلِ حٰمٓ یا حوامیم کہا جاتا ہے۔ باہم امتیاز کے لئے ان کے ساتھ نام میں کچھ اور الفاظ بھی شامل کیے جاتے ہیں۔ مثلاً سورۂ مومن کے حٰمٓ کو حٰمٓ المؤمن اور اس سورت کے حٰمٓ کو حٰمٓ السجدہ یا حٰمٓ فصلت بھی کہا جاتا ہے۔ اس سورت کے یہ دونوں نام معروف ہیں حٰمٓ فصلت اور حٰمٓ السجدہ۔

اس سورۃ کے پہلے مخاطب قریش عرب ہیں جن کے سامنے یہ قرآن نازل ہوا اور ان کی زبان میں نازل ہوا۔ انھوں نے قرآن کے اعجاز کا مشاہدہ کیا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بیشمار معجزات دیکھے اس کے باوجود قرآن سے اعراض کیا۔ اور نہ سمجھنا کیا سننا بھی گوارا نہ کیا، اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مشفقانہ نصیحتوں کے جواب میں بالآخر یہ کہہ بیٹھے کہ آپ کی باتیں نہ ہماری سمجھ میں آتی ہیں، نہ ہمارے دل ان کو قبول کرتے ہیں نہ ہمارے کان ان کو سننے کے لئے آمادہ ہیں۔ ہمارے اور آپ کے درمیان تو دوہرے پردے حائل ہیں۔ بس اب آپ اپنا کام کریں، ہمیں ہمارے حال پر چھوڑ دیں۔

یہی مفہوم ہے اس سورت کی ابتدائی پانچ آیتوں کا۔ ان آیتوں میں حق تعالیٰ نے قریش کی خصوصیت سے اس کا اظہار فرمایا کہ قرآن کو عربی زبان میں تمھاری خاطر نازل کیا گیا کہ تمھیں اس کے مضامین سمجھنے میں دشواری نہ ہو۔ اس کے ساتھ قرآنِ کریم کی تین صفتیں بتلائی گئیں۔ اوّل یہ کہ فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ۔ تفصلت تفصیل سے ماخوذ ہے جس کے اصل معنی مضامین کو فصل فصل کر کے ممتاز کر دینا ہے مراد اس سے کھول کر وضاحت سے بیان کرنا ہے، خواہ وہ مختلف فصلوں میں ہو یا ایک ہی جگہ۔ قرآن کریم کی آیات میں احکام۔ قصص۔ عقائد۔ اہل باطل کا رَد وغیرہ۔ مختلف مضامین کو الگ الگ بھی بیان کیا گیا ہے اور ہر مضمون کو مثالوں سے واضح کر کے سمجھایا گیا ہے۔ دوسری اور تیسری صفت قرآنِ کریم کی یہ بتلائی کہ وہ بشیر اور نذیر ہے یعنی اپنے ماننے والوں کو دائمی راحتوں کی خوشخبری اور نہ ماننے والوں کو ابدی عذاب سے ڈراتا ہے۔

اور ان سب صفات کو بیان کر کے آخر میں فرمایا لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ یعنی آیاتِ قرآن کا

عربی زبان میں ہونا واضح اور صاف ہونا اور بشارت و نذارت پر مشتمل ہونا، یہ سب ایسے ہی لوگوں کو نفع دے سکتا ہے جو سوچنے اور سمجھنے کا ارادہ بھی کریں۔ یَعْلَمُوْنَ کے لفظ سے اس جگہ یہی سوچنے سمجھنے کی صلاحیت مراد ہے اسی لئے خلاصۂ تفسیر میں اس کا ترجمہ دانشمند سے کیا گیا ہے۔ مگر عرب اور قریش نے ان سب باتوں کے باوجود اس سے اعراض کیا، سمجھنا کیا سننا بھی گوارا نہ کیا جس کا ذکر انہی آیات میں فَاَعْرَضَ اَكْثَرُهُمْ سے فرمایا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کفارِ مکہ کی طرف سے ایک پیش کش

کفار قریش جو اس سورت کے بلاواسطہ مخاطب ہیں۔ انھوں نے نزولِ قرآن کے بعد ابتداءِ اسلام میں زور و قوت کے ساتھ اسلام کی تحریک کو دبانے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ پر ایمان لانے والوں کو طرح طرح کی ایذائیں پہونچا کر خوفزدہ کرنے کی بہت سی کوششیں کیں۔ لیکن اسلام ان کے علی الرغم بڑھتا اور قوت پکڑتا چلا گیا۔ پہلے حضرت حمزہ جو قریش کے مسلّم سردار تھے وہ مسلمان ہو گئے پھر حضرت عمر بن خطابؓ جیسے قوی اور جری داخلِ اسلام ہو گئے تو اب قریش مکہ نے تخویف کا راستہ چھوڑ کر ترغیب اور لالچ کے ذریعہ تبلیغ اسلام کا راستہ روکنے کی تدبیریں سوچنا شروع کر دیں۔ اسی سلسلہ کا ایک واقعہ ہے جسکو حافظ ابن کثیرؒ نے۔ مسند بزار۔ ابو یعلی۔ اور بغوی کی روایتوں سے نقل کیا ہے۔ ان سب روایتوں میں تھوڑا تھوڑا فرق ہے۔ ابنِ کثیرؒ نے ان میں بغوی کی روایت کو سب سے زیادہ اشبہ و اقرب قرار دیا۔ اور ان سب کے بعد محمد بن اسحٰق کی کتاب السیرۃ سے اس واقعہ کو نقل کر کے ان سب روایات پر اس کو ترجیح دی۔ اس لئے یہ قصہ اس جگہ ابن اسحٰق ہی کی روایت کے مطابق نقل کیا جاتا ہے۔

محمد بن اسحٰق نے بیان کیا کہ محمد بن کعب قرظی کہتے ہیں کہ مجھے یہ روایت پہنچی ہے کہ عتبہ بن ربیعہ جو قریش کا بڑا سردار مانا جاتا تھا، ایک دن قریش کی ایک جماعت کے ساتھ مسجد حرام میں بیٹھا ہوا تھا۔ دوسری طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد کے گوشہ میں اکیلے بیٹھے تھے۔ عتبہ نے اپنی قوم سے کہا کہ اگر آپ لوگوں کی رائے ہو تو میں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) سے گفتگو کروں اور ان کے سامنے کچھ ترغیب کی چیزیں پیش کروں کہ اگر وہ ان میں سے کسی کو قبول کر لیں تو ہم وہ چیزیں انھیں دیدیں تاکہ وہ ہمارے دین و مذہب کے خلاف تبلیغ کرنا چھوڑ دیں۔ یہ اس وقت کا واقعہ ہے جبکہ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ مسلمان ہو چکے تھے اور مسلمانوں کی قوت روز بروز بڑھ رہی تھی۔ عتبہ کی پوری قوم نے بیک زبان کہا کہ اے ابوالولید (یہ اس کی کنیت ہے) ضرور ایسا کریں اور ان سے گفتگو کریں۔

عتبہ اپنی جگہ سے اُٹھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور یہ گفتگو شروع کی کہ اے ہمارے بھتیجے آپ کو معلوم ہے کہ ہماری قوم قریش میں آپ کو ایک مقام بلند نسب

اور شرافت کا حامل ہے آپ کا خاندان وسیع اور ہم سب کے نزدیک مکرم و محترم ہے۔ مگر آپ نے قوم کو ایک بڑی مشکل میں پھنسا دیا ہے۔ آپ ایک ایسی دعوت لے کر آئے، جس نے ہماری جماعت میں تفرقہ ڈال دیا، ان کو بے وقوف بنایا، ان کے معبودوں پر اور ان کے دین پر عیب لگایا اور ان کے جو آباء واجداد گزر چکے ہیں اُن کو کافر قرار دیا۔ اس لئے آپ میری بات سُنیں، میں چند چیزیں آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں، تاکہ آپ ان میں سے کسی کو پسند کرلیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ نے فرمایا۔ ابوالولید کہیئے جو کچھ آپ کو کہنا ہے، میں سنوں گا۔

عتبہ ابوالولید نے کہا کہ اے بھتیجے، آپ نے جو تحریک چلائی ہے اگر اس سے آپ کا مقصد مال جمع کرنا ہے تو ہم وعدہ کرتے ہیں کہ آپ کے لئے اتنا مال جمع کر دیں گے کہ آپ ساری قوم سے زیادہ مالدار ہوجائیں۔ اور اگر مقصد اقتدار حکومت ہے تو ہم آپ کو سب قریش کا سردار تسلیم کرلیں گے اور آپ کے حکم کے بغیر کوئی کام نہ کریں گے۔ اور اگر آپ بادشاہت چاہتے ہیں تو ہم آپ کو اپنا بادشاہ تسلیم کرتے ہیں اور اگر یہ صورت ہے کہ آپ کے پاس آنے والا کوئی جنّ یا شیطان ہے جو آپ کو ان کاموں پر مجبور کرتا ہے اور آپ اس کو دفع کرنے سے عاجز ہیں تو ہم آپ کے لئے ایسے معالج بلوائیں گے جو آپ کو اس تکلیف سے نجات دلادیں اس کے لئے ہم اپنے اموال خرچ کریں گے۔ کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ بعض اوقات کوئی جنّ انسان پر غالب آجاتا ہے جس کا علاج کیا جاتا ہے عتبہ یہ طویل تقریر کرتا رہا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سنتے رہے۔

اس کے بعد فرمایا کہ ابوالولید آپ اپنی بات پوری کر چکے؟ اس نے کہا ہاں، آپؐ نے فرمایا کہ اب میری بات سنئے۔ عتبہ نے کہا کہ بے شک میں سنوں گا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی طرف سے کوئی جواب دینے کے بجائے اس سورۂ فصلت کی تلاوت شروع فرمادی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ حٰمٓ ۝ تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۔ بزار اور بغوی کی روایت میں ہے کہ جب آپ اس سورت کی آیات پڑھتے پڑھتے اس آیت پر پہونچ گئے، فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَقُلْ اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً مِّثْلَ صٰعِقَةِ عَادٍ وَّثَمُوْدَ ۝ تو عتبہ نے آپؐ کے منہ مبارک پر ہاتھ رکھ دیا اور اپنے نسب اور رشتہ کی قسم دی کہ ان پر رحم کیجئے — آگے کچھ نہ فرمایئے۔ اور ابن اسحٰق کی روایت میں ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیات پڑھنا شروع کیں تو عتبہ خاموشی کے ساتھ سننے لگا اور اپنے ہاتھوں کی پیٹھ پیچھے ٹیک لگالی تاکہ غور سے سن سکے، یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس سورت کی آیت سجدہ پر پہونچ گئے۔ اور آپ نے سجدہ کیا۔ پھر عتبہ کو خطاب کرکے فرمایا۔

اے ابوالولید - آپ نے سُن لیا، جو کچھ سُنا اَب آپ کو اختیار ہے جو چاہو کرو - عتبہ آپکی مجلس سے اٹھ کر اپنی مجلس کی طرف چلا تو یہ لوگ دُور سے عتبہ کو دیکھ کر آپس میں کہنے لگے کہ خدا کی قسم ابوالولید کا چہرہ بدلا ہوا ہے - اَب اس کا وہ چہرہ نہیں جس میں یہاں سے گئے تھے - جب عتبہ اپنی مجلس میں پہنچا تو لوگوں نے پوچھا کہو ابوالولید کیا خبر لائے - عتبہ ابوالولید نے کہا کہ میری خبر یہ ہے کہ

اِنی سمعت قولا واللہ ما سمعت مثلہ قط واللہ ما ھو بالسحر ولا بالشعر ولا بالکھانۃ یامعشر قریش اطیعونی واجعلوھا لی خَلُّوا بین الرجل و بین ما ھو فیہ فاعتزلوہ فواللہ لیکونن لقولہ الذی سمعت نباء فان تصبہ العرب فقد کفیتموہ بغیرکم وان یظھر علی العرب فملکہ ملککم وعزہ عزکم وکنتم اسعد الناس بہ۔

(ابن کثیر ص ۹۱ ج ۴)

میں نے ایسا کلام سنا کہ خدا کی قسم اس سے پہلے کبھی ایسا کلام نہیں سُنا تھا، خدا کی قسم نہ تو یہ جادو کا کلام ہے نہ شعر یا کاہنوں کا کلام ہے (جو وہ شیاطین سے حاصل کرتے ہیں) - اے میری قوم قریش تم میری بات مانو، اور اس معاملہ کو میرے حوالے کردو، میری رائے یہ ہے کہ تم لوگ ان کے مقابلہ اور ایذا سے باز آجاؤ اور ان کو ان کے کام پر چھوڑ دو کیونکہ ان کے اس کلام کی ضرور ایک خاص شان ہونیوالی ہے - تم ابھی انتظار کرو، باقی عرب کے لوگوں کا معاملہ دیکھو - اگر قریش کے علاوہ باقی عرب لوگوں نے انکو شکست دیدی تو تمھارا مطلب بغیر تمھاری کسی کوشش کے حاصل ہوگیا اور اگر وہ عرب پر غالب آگئے تو ان کی حکومت تمھاری حکومت ہوگی، ان کی عزت سے تمھاری عزت ہوگی اور اس وقت تم ان کی کامیابی کے شریک ہوگے -

اس کے ساتھی قریشیوں نے جب اس کا یہ کلام سُنا تو کہنے لگے کہ اے ابوالولید تم پر تو محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے اپنی زبان سے جادو کردیا ہے - عتبہ نے کہا میری رائے تو یہی ہے، جو کچھ کہہ چکا آگے تمھیں اختیار ہے جو چاہو کرو -

وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا فِیْٓ اَکِنَّۃٍ - اس جگہ کفار قریش کے تین قول نقل کئے گئے، اوّل یہ کہ آپ کے کلام سے ہمارے دلوں پر پردہ پڑا ہوا ہے آپ کی بات ہماری سمجھ میں نہیں آتی - دوسرے یہ کہ آپکے کلام سے ہمارے کان بہرے ہیں - تیسرے یہ کہ ہمارے اور آپ کے درمیان پردے حائل ہیں - قرآن

ہیں اس قول کو بطور مذمت کے نقل کیا ہے۔ جس سے ان کا کہنا غلط معلوم ہوتا ہے۔ مگر دوسری جگہ خود قرآن نے ان کا ایسا ہی حال بیان فرمایا ہے۔ سورۂ انعام کی آیت میں ہے۔ وَجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۔ ومثلہ فی سورۂ بنی اسرائیل والکہف۔

اس کا جواب یہ ہے کہ کفار کا اس کہنے سے مطلب یہ تھا کہ ہم تو مجبور و معذور ہیں کہ ہمارے دلوں پر پردہ اور کانوں میں بوجھ اور درمیانی حجابات ہیں، تو ہم کیسے آپ کی بات سنیں اور مانیں گویا اپنے آپ کو مجبور ثابت کرنا تھا۔ اور قرآن نے جو ان کا ایسا ہی حال بیان فرمایا، اُس میں ان کو مجبور نہیں قرار دیا بلکہ اس کا حاصل یہ ہے کہ ان میں آیات الٰہیہ کو سننے اور سمجھنے کی پوری صلاحیت تھی، مگر جب انھوں نے کسی طرح اُدھر کان بھی نہ لگائے اور سمجھنے کا ارادہ بھی نہ کیا تو سزا کے طور پر اُن پر غفلت و جہالت مسلط کر دی گئی مگر وہ بھی اس درجہ میں نہیں کہ یہ لوگ مسلوب الاختیار ہو جائیں، بلکہ اب بھی ارادہ کر لیں تو پھر سننے اور سمجھنے کی صلاحیت عود کر آئیگی۔ (بیان القرآن)۔

منکرین کے انکار و استہزار کا پیغمبرانہ جواب

کفار نے جو اپنے دلوں پر پردے، کانوں میں بوجھ وغیرہ کا اقرار کیا، یہ تو ظاہر ہے اس سے مراد یہ نہ تھا کہ ان میں عقل نہیں یا بہرے ہیں بلکہ ایک قسم کا استہزار و تمسخر تھا۔ مگر اس ظالمانہ جرأت و استہزار کا جو جواب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تلقین کیا گیا وہ یہ تھا کہ ان کے مقابلہ میں کوئی تشدد کی بات نہ کریں، بلکہ اپنی تواضع کا اظہار کریں کہ میں خدا نہیں جو ہر کام کا مالک و مختار ہوں بلکہ تم ہی جیسا ایک انسان ہوں۔ فرق صرف اس کا ہے کہ مجھے میرے رب نے وحی بھیج کر ہدایت کی، اس کی تائید کے لئے معجزات دیئے۔ جس کا اثر یہ ہونا چاہیئے تھا کہ تم سب مجھ پر ایمان لاتے۔ اور اب بھی میں تمھیں یہی وصیت کرتا ہوں کہ اپنا رُخ عبادت و طاعت میں صرف ایک اللہ کی طرف کر لو اور پچھلے گناہوں سے توبہ کر لو۔

آخر خطاب میں قرآنی بشارت و نذارت کے دونوں پہلو ان کے سامنے کر دیئے کہ مشرکین کیلئے بڑی خرابی ہے اور مؤمنین کے لئے دائمی ثواب۔ اس میں مشرکین کی خرابی بیان کرنے کے ضمن میں اس کی وجہ یہ ذکر کی گئی ہے کہ لَا يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ یعنی یہ لوگ زکوٰۃ نہیں دیا کرتے تھے۔ اس میں چند سوالات پیدا ہوتے ہیں۔ اول تو یہ کہ یہ آیات مکی ہیں اور زکوٰۃ کی فرضیت مدینہ میں نازل ہوئی ہے تو فرض ہونے سے پہلے ہی ان پر عدم ادائیگی زکوٰۃ کا الزام کیسے درست ہوا؟

اس کا جواب تو ابن کثیرؒ نے یہ دیا ہے کہ اصل زکوٰۃ تو ابتدائے اسلام ہی میں نماز کے ساتھ ہی فرض ہو گئی تھی۔ جس کا ذکر سورۂ مزمل کی آیات میں آیا ہے۔ مگر اس کے نصابوں کی تفصیلات اور وصولیابی کا انتظام مدینہ طیبہ میں ہوا ہے۔ اس لئے یہ نہیں کہہ سکتے کہ مکہ میں زکوٰۃ فرض نہیں تھی

کیا کفار فروعِ اعمال کے مکلف اور مخاطب ہیں یا نہیں

دوسرا اشکال یہ ہے کہ کفار بہت سے فقہاء کے نزدیک مخاطب بالفروع نہیں ہوتے، یعنی نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ کے احکام ان پر عائد نہیں ہوتے۔ ان پر عائد حکم تو یہ ہے کہ وہ پہلے ایمان قبول کریں، ایمان کے بعد یہ فرائض عائد ہوتے ہیں تو جب ان پر زکوٰۃ کا فرض عائد ہی نہیں - تو اس کے ترک پر عتاب کیسا؟

جواب یہ ہے کہ بہت سے ائمہ و فقہاء کے نزدیک تو کفار بھی مخاطب بالفروع ہیں، ان کے اعتبار سے تو یہ اشکال ہی نہیں ہوتا - اور جو لوگ کفار کو مخاطب بالفروع نہیں مانتے وہ کہہ سکتے ہیں کہ اس میں ترک زکوٰۃ پر اصل مذمت نہیں بلکہ ان کا ترک زکوٰۃ چونکہ کفر کی بنا پر تھا اور ترکِ زکوٰۃ اس کی علامت تھی اس لئے ان کو عتاب کرنے کا حاصل یہ ہوا کہ تم مؤمن ہوتے تو زکوٰۃ کی پابندی کرتے۔ تمہارا قصور ایمان نہ لانا ہے (بیان القرآن)۔ اور کفار کے مخاطب بالفروع ہونے یا نہ ہونے کی تحقیق احقر کی کتاب احکام القرآن، حزب خامس میں ہے جو بزبان عربی شائع ہوئی ہے۔

تیسرا سوال یہاں یہ ہوتا ہے کہ احکام اسلام میں سب سے مقدم تو نماز ہے اس کا ذکر نہیں کیا گیا - زکوٰۃ کو خصوصیت سے ذکر کرنے میں کیا حکمت ہے؟ اس کا جواب قرطبیؒ وغیرہ نے یہ دیا ہے کہ قریش عرب مالدار لوگ تھے۔ اور صدقہ و خیرات غریبوں کی امداد ان کا خاص وصف تھا۔ مگر جو لوگ مسلمان ہو جاتے۔ یہ لوگ ان کو اس طرح کی خاندانی اور معاشرتی امداد سے بھی محروم کر دیتے تھے۔ اس کی مذمت کرنا مقصود ہے اس لئے زکوٰۃ کو خصوصیت سے ذکر کیا گیا۔ واللہ اعلم

لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ - لفظِ مَمنُون کے معنے مقطوع کے ہیں۔ مراد یہ ہے کہ ایمان و عمل صالح کے پابند لوگوں کو آخرت میں جو اجر دیا جائے گا وہ دائمی غیر منقطع ہوگا۔ اور بعض حضرات مفسرین نے اس کا یہ مطلب قرار دیا ہے کہ مومن جن اعمال صالحہ کا عادی ہوتا ہے، اگر کسی بیماری یا سفر یا دوسرے عذر سے کسی وقت یہ عمل بھی ترک ہو جائے تو بھی اس عمل کا اجر قطع نہیں کیا جاتا۔ بلکہ اللہ تعالیٰ فرشتوں کو حکم دیتے ہیں کہ میرا بندہ جو عمل اپنی تندرستی اور فرصت کے اوقات میں پابندی سے کیا کرتا تھا، اس کے عذر کی حالت میں بھی وہ اعمال بغیر کئے ہوئے اس کے نامۂ اعمال میں لکھے جاتے رہیں۔ اس مضمون کی حدیثیں صحیح بخاری میں حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ سے اور شرح السنۃ بغوی میں حضرت ابن عمرؓ اور انسؓ سے اور رزین نے حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ سے روایت کی ہیں۔ (مظہری)

قُلْ اَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُوْنَ بِالَّذِيْ خَلَقَ الْاَرْضَ فِيْ

تو کہہ کیا تم منکر ہو اس سے جس نے بنائی زمین دو

يَوْمَيْنِ وَتَجْعَلُوْنَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ۭ ذٰلِكَ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۚ ۝۹

دن میں اور برابر کرتے ہو اس کے ساتھ اوروں کو وہ ہے رب جہان کا

وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِيَ مِنْ فَوْقِهَا وَبٰرَكَ فِيْهَا وَقَدَّرَ

اور رکھے اس میں بھاری پہاڑ اوپر سے اور برکت رکھی اس کے اندر اور ٹھہرائیں

فِيْهَآ اَقْوَاتَهَا فِيْٓ اَرْبَعَةِ اَيَّامٍ ۭ سَوَاۗءً لِّلسَّاۗىِٕلِيْنَ ۝۱۰

اس میں خوراکیں اس کی چار دن میں پورا ہوا پوچھنے والوں کو

ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَاۗءِ وَهِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا

پھر چڑھا آسمان کو اور وہ دھواں ہو رہا تھا پھر کہا اس کو

وَلِلْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا ۭ قَالَتَآ اَتَيْنَا

اور زمین کو آؤ تم دونوں خوشی سے یا زور سے وہ بولے ہم آئے

طَاۗىِٕعِيْنَ ۝۱۱ فَقَضٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوَاتٍ فِيْ يَوْمَيْنِ

خوشی سے پھر کر دیئے وہ سات آسمان دو دن میں

وَاَوْحٰى فِيْ كُلِّ سَمَاۗءٍ اَمْرَهَا ۭ وَزَيَّنَّا السَّمَاۗءَ الدُّنْيَا

اور اتارا ہر آسمان میں حکم اس کا اور رونق دی ہم نے سب سے ورلے

بِمَصَابِيْحَ ڰ وَحِفْظًا ۭ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝۱۲

آسمان کو چراغوں سے اور محفوظ کر دیا یہ سادھا ہوا ہے زبردست خبردار کا

خُلاصۂ تفسیر

آپ (ان لوگوں سے) فرمائیے کہ کیا تم لوگ ایسے خدا کا انکار کرتے ہو جس نے زمین کو (باوجود اس کی بڑی وسعت کے) دو روز (کی مقدار وقت) میں پیدا کر دیا اور تم اس کے شریک ٹھہراتے ہو یہی (خدا جس کی قدرت معلوم ہوئی) سارے جہان کا رب ہے اور اس نے زمین میں اسکے اوپر پہاڑ بنا دیئے اور اس (زمین) میں (اس کے رہنے والوں) کی غذائیں تجویز کر دیں (جیسا کہ مشاہدہ ہے کہ ہر حصہ زمین کے رہنے والوں کے مناسب

الگ الگ غذائیں ہیں یعنی زمین میں ہر قسم کے غلّے میوے پیدا کر دیئے کہیں کچھ کہیں کچھ جن کا سلسلہ برابر جاری ہے۔ یہ سب) چار دن میں (ہوا۔ دو دِن میں زمین دو دِن میں پہاڑ وغیرہ جو شمار میں) پورے ہیں پوچھنے والوں کے لئے (یعنی ان لوگوں کے لئے جو تخلیق کائنات کی کیفیت اور کمیت کے متعلق آپ سے سوالات کرتے ہیں جیسا کہ یہود نے آپ سے خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ کے متعلق سوال کیا تھا کما فی الدُّرّ المنثور) پھر (یہ سب کچھ پیدا کر کے) آسمان (کے بنانے) کی طرف توجہ فرمائی اور وہ اس وقت دھواں سا تھا (یعنی آسمان کا مادّہ جو زمین کے مادّے کے بعد زمین کی موجودہ صورت سے پہلے بن چکا تھا وہ دھوئیں کی شکل میں تھا) سو اُس سے اور زمین سے فرمایا کہ تم دونوں (کو ہماری اطاعت کی طرف آنا تو ضرور پڑے گا اب تم کو اختیار ہے کہ) خوشی سے آؤ یا زبردستی سے (مطلب یہ ہے کہ ہمارے تقدیری احکام جو تم دونوں میں جاری ہوا کریں گے ان کا جاری ہونا تو تمھارے اختیار سے خارج ہے وہ تو ہو کر رہیں گے۔ لیکن جو ادراک و شعور تم کو عطا ہوا ہے اس کے اعتبار سے یہ بھی ہو سکتا ہے کہ تم ہمارے احکام تقدیری کو اپنی خوشی سے قبول کرو یا ان سے دل میں ناراض ہو، اور وہ زبردستی تمھارے اندر نافذ کئے جاویں۔ جیسے انسان کے لئے امراض اور موت کا معاملہ ہے کہ اُن کا ہونا تو امر تقدیری ہے جس کو انسان ٹال نہیں سکتا۔ مگر کوئی دانشمند اس کو راضی خوشی قبول کرتا ہے اور صبر و شکر کے فوائد حاصل کرتا ہے، کوئی ناراض و ناخوش رہتا ہے، گھٹ گھٹ کر مرتا ہے۔ تو اب تم دیکھ لو کہ ہمارے ان احکام پر راضی رہا کرو گے یا کراہت رکھو گے۔ اور مُراد ان تقدیری احکام سے جو آسمان و زمین میں جاری ہونے والے تھے یہ ہیں کہ آسمان ابھی صرف مادّہ دھوئیں کی شکل میں تھا، اس کا سات آسمانوں کی صورت میں بننا حکم تقدیری تھا اور زمین اگرچہ بن چکی تھی مگر اس میں بھی ہزاروں انقلابات و تغیرات قیامت تک چلنے والے تھے۔) دونوں نے عرض کیا کہ ہم خوشی سے (ان احکام کے لئے) حاضر ہیں، سو دو روز میں اس کے سات آسمان بنا دیئے اور (چونکہ ساتوں آسمانوں کو فرشتوں سے آباد و معمور کر دیا گیا تھا اس لئے) ہر آسمان میں اس کے مناسب اپنا حکم (فرشتوں کو) بھیج دیا (یعنی جن فرشتوں سے جو کام لینا تھا وہ اُن کو بتلا دیا) اور ہم نے اس قریب والے آسمان کو ستاروں سے زینت دی اور (شیاطین کو آسمانی خبریں چوری کرنے سے روکنے کے لئے) اُس کی حفاظت کی یہ تجویز ہے (خدائے) زبردست عالم الکل کی طرف سے۔

معارف و مسائل

ان آیات میں اصل مقصود منکرین توحید مشرکین کو ان کے کفر و شرک پر ایک بلیغ انداز میں تنبیہ کرنا ہے کہ اس میں حق تعالیٰ کی صفت تخلیق اور آسمان و زمین کی عظیم مخلوقات کو بے شمار حکمتوں پر مبنی پیدا کرنے کی تفصیل دیکر ان کو بطور زجر خطاب کیا گیا ہے، کہ کیا تم ایسے بے عقل ہو کہ ایسے عظیم خالق و قادر کے ساتھ دوسروں کو شریک خدائی قرار دیتے ہو۔ اسی قسم کی تنبیہ و تفصیل سورۂ بقرہ کے تیسرے رکوع میں آچکی ہے۔

كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَاۗءِ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ سورۂ بقر کی آیات میں ایام تخلیق کی تعیین اور تفصیل کا ذکر نہیں۔ سورۂ فصلت کی مذکورہ آیات میں اس کا بھی ذکر ہے۔

آسمان و زمین کی تخلیق میں ترتیب اور ایام تخلیق کی تعیین

بیان القرآن میں حضرت سیدی حکیم الامت قدس سرہٗ نے فرمایا کہ یوں تو زمین و آسمان کی پیدائش کا ذکر مختصر و مفصل قرآن کریم میں سینکڑوں جگہ آیا ہے۔ مگر ان میں ترتیب کا بیان کہ پہلے کیا بنا پیچھے کیا بنا، یہ غالباً صرف تین ہی آیتوں میں آیا ہے۔ ایک یہ آیت حٰمٓ سجدہ کی اور دوسری سورۂ بقرہ کی مذکورہ آیت، تیسری سورۂ نازعات کی یہ آیات ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمِ السَّمَاۗءُ بَنٰىهَا ۝ رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوّٰىهَا ۝ وَاَغْطَشَ لَيْلَهَا وَاَخْرَجَ ضُحٰىهَا ۝ وَالْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰىهَآ ۝ اَخْرَجَ مِنْهَا مَاۗءَهَا وَمَرْعٰىهَا ۝ وَالْجِبَالَ اَرْسٰىهَا اور سرسری نظر میں ان سب مضامین میں کچھ اختلاف سا بھی معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ سورۂ بقرہ اور سورۂ حم سجدہ کی آیت سے زمین کی تخلیق آسمان سے مقدم ہونا معلوم ہوتا ہے اور سورۂ نازعات کی آیات سے اس کے برعکس بظاہر زمین کی تخلیق آسمان کے بعد معلوم ہوتی ہے۔ حضرت رح نے فرمایا کہ سب آیات میں غور کرنے سے میرے خیال میں تو یہ آتا ہے کہ یوں کہا جاوے کہ اول زمین کا مادہ بنا اور ہنوز اس کی موجودہ ہئیت نہ بنی تھی کہ اسی حالت میں آسمان کا مادہ بنا جو دخان یعنی دھوئیں کی شکل میں تھا، اسکے بعد زمین ہئیت موجودہ پر پھیلا دی گئی۔ پھر اس پر پہاڑ اور درخت وغیرہ پیدا کئے گئے۔ پھر آسمان کے مادہ دخانیہ سیالہ کے سات آسمان بنا دیئے۔ امید ہے کہ سب آیتیں اس تقریر پر منطبق ہو جاویں گی۔ آگے حقیقت حال سے اللہ تعالیٰ ہی خوب واقف ہیں (بیان القرآن۔ سورہ بقرہ رکوع ۳)۔

صحیح بخاری میں حضرت ابن عباس رضؓ سے اسی آیت کے تحت میں چند سوالات و جوابات مذکور ہیں ان میں اس آیت کی جو تشریح حضرت ابن عباس رضؓ نے فرمائی وہ تقریباً یہی ہے، جو حضرت رحؒ نے تطبیق آیات کے لئے بیان فرمائی ہے۔ اس کے الفاظ جو ابن کثیرؒ نے اسی آیت کے تحت میں نقل کئے ہیں یہ ہیں:۔

وخلق الارض فی یومین ثم خلق السمآء ثم استوٰی الی السمآء فسوّٰھن فی یومین اٰخرین ثم دحی الارض ودحیھا ان اخرج منھا الماء والمرعٰی وخلق الجبال والرمال والجماد والاٰکام وما بینھما فی یومین اٰخرین فذٰلک قولہ تعالیٰ دحاھا۔

اور حافظ ابن کثیرؒ نے بحوالہ ابن جریر حضرت ابن عباس رضؓ سے آیت حٰمٓ سجدہ کی تفسیر میں یہ روایت بھی نقل کی ہے کہ:۔

یہود مدینہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہونچے اور آسمانوں اور زمین کی تخلیق کے متعلق سوال کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے زمین کو اتوار اور پیر کے دن پیدا فرمایا، اور پہاڑ اور اس میں جو کچھ معدنیات وغیرہ ہیں ان کو منگل کے روز، اور درخت اور پانی کے چشمے اور شہر اور عمارتیں اور ویران میدان بدھ کے روز، یہ کل چار روز ہو گئے، جیسا کہ اس آیت میں ہے (ءَاِنَّكُمْ لَتَكْفُرُوْنَ بِالَّذِیْ خَلَقَ الْاَرْضَ فِیْ یَوْمَیْنِ وَتَجْعَلُوْنَ لَهٗۤ اَنْدَادًا ؕ ذٰلِكَ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ۚ وَجَعَلَ فِیْهَا رَوَاسِیَ مِنْ فَوْقِهَا وَبٰرَكَ فِیْهَا وَقَدَّرَ فِیْهَاۤ اَقْوَاتَهَا فِیْۤ اَرْبَعَةِ اَیَّامٍ ؕ سَوَآءً لِّلسَّآئِلِیْنَ ۝) یعنی ان لوگوں کے لئے جو اس تخلیق کا سوال کریں پھر فرمایا اور جمعرات کے روز آسمان بنائے اور جمعہ کے روز ستارے اور شمس و قمر اور فرشتے یہ سب کام جمعہ کے دن میں تین ساعت باقی تھیں جب پورے ہوئے۔ ان میں سے دوسری ساعت میں آفات و مصائب جو ہر چیز پر آنے والی ہیں وہ پیدا فرمائی ہیں اور تیسری ساعت میں آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا اور ان کو جنت میں ٹھہرایا اور ابلیس کو سجدہ کا حکم دیا اور سجدہ سے انکار کرنے پر جنت سے نکال دیا گیا۔ یہ سب تیسری ساعت کے ختم تک ہوا۔ (الحدیث بطولہ۔ ابن کثیر)

ابن کثیرؒ نے اس روایت کو نقل کر کے فرمایا، ھٰذا الحدیث فیہ غرابۃ۔

اور صحیح مسلم میں ایک حدیث حضرت ابوہریرہ رضؓ کی روایت سے آئی ہے جس میں تخلیق عالم کی ابتداء یوم السبت یعنی ہفتہ کے روز سے بتلائی گئی ہے۔ اس کے حساب سے آسمان و زمین کی تخلیق کا سات روز میں ہونا معلوم ہوتا ہے۔ مگر عام نصوص قرآن میں یہ تخلیق چھ روز میں ہونا صراحۃً مذکور ہے۔ وَلَقَدْ خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَهُمَا فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ وَّمَا مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ۔ یعنی ہم نے پیدا

کیا آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان کے اندر ہے اس کو چھ دن میں، اور ہمیں کوئی تکان پیش نہیں آیا۔ اس لئے نیز اس کی سند کے اعتبار سے بھی اکابر محدثین نے اس روایت کو معلول قرار دیا ہے۔ ابن کثیر نے اس کو بحوالہ مسلم ونسائی نقل کرکے فرمایا **وھو من** غرائب الصحیح المسلم کما فی زاد المسیر لابن الجوزی۔ یعنی یہ حدیث صحیح مسلم کے عجائب میں سے ہے۔ اور پھر فرمایا کہ امام بخاری رح نے اپنی کتاب تاریخ کبیر میں اس روایت کو معلول قرار دیا ہے، اور بعض لوگوں نے اس روایت کو حضرت ابوہریرہ رض سے بہ روایت کعب احبار نقل کیا ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نہیں، اور فرمایا کہ یہی اصح ہے۔ (ابن کثیر ص ۹۴ ج ۴) ۔ اسی طرح ابن مدینی اور بیہقی وغیرہ حفاظ حدیث نے بھی اس کو کعب احبار کا قول قرار دیا ہے۔ (حاشیہ زاد المسیر لابن الجوزی ص ۲۷۳ ج ۷)۔

پہلی روایت جو ابن جریر رح نے حضرت ابن عباس رض سے نقل کی ہے، ابن کثیر رح کے فیصلے کے مطابق اس میں بھی غرابت ہے۔ ایک وجہ غرابت کی یہ بھی ہے کہ اس روایت میں حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق آسمانوں کی تخلیق کے ساتھ آخری دن جمعہ کی آخری ساعت میں، اور اسی ساعت میں حکم سجدہ اور ابلیس کا جنت سے اخراج مذکور ہے۔

حالانکہ متعدد آیات قرآنی میں جو قصہ تخلیق آدم علیہ السلام کا اور حکم سجدہ اور اخراج ابلیس کا مذکور ہے اس کے سیاق سے بدیہی طور پر یہ معلوم ہوتا ہے کہ تخلیق آدم علیہ السلام کا واقعہ تخلیق ارض وسمار سے بہت زمانہ بعد ہوا ہے جبکہ زمین میں اس کی تمام ضروریات مکمل ہو چکیں اور جنات وشیاطین وہاں بسنے لگے اس کے بعد فرمایا ۔ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَۃً ۔

(کذا قال فی المظہری)

خلاصہ یہ ہے کہ تخلیق ارض وسمار کے اوقات اور دِن اور ان میں ترتیب جن روایاتِ حدیث میں آئی ہے اُن میں کوئی روایت ایسی نہیں جس کو قرآن کی طرح قطعی یقینی کہا جا سکے، بلکہ یہ احتمال غالب ہے کہ یہ اسرائیلی روایات ہوں مرفوع احادیث نہ ہوں جیسا کہ ابن کثیر رح نے مسلم، نسائی کی حدیث کے متعلق اس کی تصریح فرمائی ہے۔ اس لئے آیات قرآنی ہی کو اصل قرار دیکر مقصود متعین کرنا چاہیئے۔ اور آیاتِ قرآنی کو جمع کرنے سے ایک بات تو یہ قطعی معلوم ہوتی کہ آسمان وزمین اور انکے اندر کی تمام چیزیں صرف چھ دن میں پیدا ہوئی ہیں۔ دوسری بات سورۂ حٰمٓ سجدہ کی آیت سے یہ معلوم ہوتی کہ زمین اور اس کے پہاڑ درخت وغیرہ کی تخلیق میں پورے چار دن لگے تیسری بات یہ معلوم ہوئی کہ آسمانوں کی تخلیق میں دو دِن صرف ہوئے۔ جس میں پورے دو دن ہونے کی تصریح نہیں بلکہ کچھ اشارہ اس طرف ملتا ہے کہ یہ دو دن پورے خرچ نہیں ہوئے آخری دن جمعہ کا کچھ حصہ بچ گیا۔ اِن آیات کے ظاہر سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ چھ دن میں سے پہلے چار دن زمین پر باقی

دو دن آسمانوں کی تخلیق میں صرف ہوئے اور زمین کی تخلیق آسمان سے پہلے ہوئی۔ مگر سورۂ نازعات کی آیت میں زمین کے پھیلانے اور مکمل کرنے کو صراحۃً تخلیق آسمان کے بعد فرمایا ہے۔ اس لئے وہ صورت کچھ بعید نہیں جو اوپر بحوالہ بیان القرآن ہوئی ہے کہ زمین کی تخلیق دو حصّوں میں منقسم ہے۔ پہلے دو دن میں زمین اور اس کے اوپر پہاڑوں وغیرہ کا مادہ تیار کر دیا گیا۔ اس کے بعد دو دن میں سات آسمان بنائے، اس کے بعد دو دن میں زمین کا پھیلاؤ اور اس کے اندر جو کچھ پہاڑ، درخت، نہریں، چشمے وغیرہ بنائے تھے انکی تکمیل ہوئی۔ اس طرح تخلیق زمین کے چار دن متصل نہیں رہے۔ اور آیت حٰمٓ سجدہ میں جو ترتیب بیان یہ رکھی گئی کہ پہلے زمین کو دو دن میں پیدا کرنے کا ذکر فرمایا۔ خَلَقَ الْاَرْضَ فِیْ یَوْمَیْنِ۔ اس کے بعد مشرکین کو تنبیہ کی گئی۔ پھر الگ کر کے فرمایا (وَجَعَلَ فِیْهَا رَوَاسِیَ مِنْ فَوْقِهَا وَبٰرَكَ فِیْهَا وَقَدَّرَ فِیْهَآ اَقْوَاتَهَا فِیْٓ اَرْبَعَةِ اَیَّامٍ) اس میں اس پر تو سبھی مفسرین کا اتفاق ہے کہ یہ اربعۃ ایام اُن پہلے دو دنوں کو شامل کر کے ہیں۔ اس سے الگ چار دن نہیں۔ ورنہ مجموعہ آٹھ دن ہو جائے گا جو تصریح قرآنی کے خلاف ہے۔

اب یہاں غور کرنے سے بظاہر مقتضیٰ مقام کا یہ معلوم ہوتا ہے کہ خَلَقَ الْاَرْضَ فِیْ یَوْمَیْنِ فرمانے کے بعد پہاڑوں وغیرہ کی تخلیق کو بھی فِیْ یَوْمَیْنِ کے لفظ سے تعبیر کیا جاتا تو اس کا مجموعہ چار دن ہونا خود بخود معلوم ہو جاتا مگر قرآن کریم نے عنوان تعبیر اس کے بجائے یہ رکھا کہ زمین کی تخلیقات میں سے باقیماندہ کو ذکر کر کے فرمایا کہ یہ کل چار دن ہوئے۔ اس سے بظاہر اشارہ اس طرف نکلتا ہے کہ یہ چار دن متواتر اور مسلسل نہیں تھے بلکہ دو حصّوں میں منقسم تھے۔ دو دن تخلیق سماوات سے پہلے دو دن اُس کے بعد اور آیت مذکورہ میں جو جَعَلَ فِیْهَا رَوَاسِیَ مِنْ فَوْقِهَا الخ کا ذکر ہے یہ آسمانوں کی تخلیق کے بعد کا بیان ہے۔ واللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اعلم۔

وَجَعَلَ فِیْهَا رَوَاسِیَ مِنْ فَوْقِهَا۔ زمین میں پہاڑ اس کے توازن کو درست رکھنے کے لئے پیدا کئے گئے ہیں جیسا کہ متعدد آیاتِ قرآن میں اس کی تصریح آئی ہے۔ اس کے لئے یہ ضروری نہیں تھا کہ ان پہاڑوں کو زمین کی سطح کے اوپر بلند و بالا کر کے رکھا جائے زمین کے اندر بھی رکھے جا سکتے تھے۔ مگر اوپر رکھنے اور ان کی بلندی کو عام انسانوں، جانوروں کی رسائی سے دُور رکھنے میں زمین کے بسنے والوں کے لئے ہزاروں بلکہ بے شمار فوائد تھے۔ اس لئے اس آیت میں مِنْ فَوْقِهَا کے لفظ سے اس خاص نعمت کی طرف اشارہ کر دیا گیا۔

وَقَدَّرَ فِیْهَآ اَقْوَاتَهَا فِیْٓ اَرْبَعَةِ اَیَّامٍ سَوَآءً لِّلسَّآئِلِیْنَ۔ اقوات قُوْت کی جمع ہے جس کے معنی ہیں رزق اور روزی جس میں عام ضروریات انسانی داخل ہیں۔ کما قال

ابو عبید (زاد المسیر لابن جوزی)۔

اور حضرت حسنؒ اور سدیؒ نے اس کی تفسیر میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے زمین کے ہر حصہ میں اسکے بسنے رہنے والوں کی مصالح کے مناسب رزق اور روزی مقدر فرما دی۔ مقدر فرمانے کا مطلب یہ ہے کہ یہ حکم جاری کر دیا کہ اس حصہ زمین میں فلاں فلاں چیزیں اتنی اتنی مقدار سے پیدا ہو جائیں۔ اسی تقدیر الٰہی سے ہر حصہ زمین کی کچھ خصوصیات ہو گئیں، ہر جگہ مختلف قسم کی معدنیات اور مختلف اقسام کی نباتات اور درخت اور جانور اس خطہ کی ضروریات ان کے مزاج و مرغوبات کے مطابق پیدا فرما دیئے۔

اسی سے ہر خطہ کی مصنوعات و ملبوسات مختلف ہوتی ہیں۔ یمن میں عصب۔ سابور میں سابوری رئے میں طیالسہ۔ کسی خطہ میں گندم، کسی میں چاول اور دوسرے غلات، کسی جگہ میں روئی، کسی میں جوٹ، کسی میں سیب انگور اور کسی میں آم۔ اس اختلاف اشیاء میں ہر خطہ کے مزاجوں کی مناسبت بھی ہے اور عکرمہؒ اور ضحاکؒ کے قول کے مطابق یہ فائدہ بھی ہے کہ دنیا کے سب خطوں اور ملکوں میں باہمی تجارت اور تعاون کی راہیں کھلیں۔ کوئی خطہ دوسرے خطہ سے مستغنی نہ ہو۔ باہمی احتیاج ہی پر باہمی تعاون کی مضبوط تعمیر ہو سکتی ہے۔ عکرمہؒ نے فرمایا کہ بعض خطوں میں نمک کو سونے کی برابر تول کر فروخت کیا جاتا ہے۔

گویا زمین کو حق تعالیٰ نے اس پر بسنے والے انسانوں اور جانوروں کی تمام ضروریات، غذا، مسکن اور لباس وغیرہ کا ایک ایسا عظیم الشان گودام بنا دیا ہے، جس میں قیامت تک آنے اور بسنے والے اربوں اور کھربوں انسانوں اور لاتعداد جانوروں کی سب ضروریات رکھدی ہیں۔ وہ زمین کے پیٹ میں بڑھتی اور حسب ضرورت قیامت تک نکلتی رہیں گی۔ انسان کا کام صرف یہ رہ گیا کہ اپنی ضروریات کو زمین سے نکالکر اپنی ضرورت کیمطابق استعمال کرے۔ آگے آیت میں فرمایا سَوَآءً لِّلسَّآئِلِيْنَ۔ اس جملہ کا تعلق اکثر حضرات مفسرین نے اربعۃ ایام کے ساتھ قرار دیا ہے۔ معنی یہ ہیں یہ سب تخلیقات عظیمہ ٹھیک چار دن میں ہوئی ہیں۔ اور چونکہ عرف میں جس کو چار کہدیا جاتا ہے۔ وہ کبھی چار سے کچھ کم کبھی کچھ زیادہ بھی ہوتا ہے، مگر کسر کو حذف کر کے اُس کو چار ہی کہدیتے ہیں۔ آیت میں اس جگہ لفظ سَوَآءً بڑھا کر اس احتمال کو قطع کر کے یہ بتلا دیا کہ یہ کام پورے چار دن میں ٹھیک ہوا ہے۔ اور لِّلسَّآئِلِيْنَ فرمانے کے معنے یہ ہیں کہ جو لوگ آسمان زمین کی تخلیق کے متعلق آپ سے سوالات کر رہے ہیں جیسا کہ یہود کا سوال کرنا تفسیر ابن جریر اور درمنثور میں منقول ہے ان سوالات کرنے والوں کو یہ بتلا دیا گیا ہے کہ یہ سب تخلیق ٹھیک چار دن میں ہوئی ہے۔ (ابن کثیر، قرطبی، روح)۔

اور بعض مفسرین ابن زید وغیرہ نے لِّلسَّآئِلِيْنَ کا تعلق جملہ قَدَّرَ فِيْهَآ اَقْوَاتَهَا کے ساتھ قرار دیا ہے۔ اور سائلین کے معنی طالبین و محتاجین کے لئے ہیں۔ اس صورت میں معنی یہ ہونگے

کہ زمین میں اللہ تعالیٰ نے جو مختلف اجناس و اقسام کی اقوات و ضروریات پیدا فرمائی ہیں، یہ اُن لوگوں کے فائدے کیلئے ہیں جو ان کے طالب اور حاجتمند ہیں، اور چونکہ طالب و محتاج عادتاً سوال کیا کرتا ہے اس لئے اس کو سائلین کے لفظ سے تعبیر کر دیا۔ (بحر محیط)

اور ابن کثیرؒ نے اس تفسیر کو نقل کر کے فرمایا کہ یہ ایسا ہی ہے جیسا کہ قرآن کریم نے فرمایا اٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ ۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے وہ سب چیزیں عطا فرمائیں، جو تم نے مانگیں کیونکہ یہاں بھی مانگنے سے مراد اُن کا حاجتمند ہونا ہے۔ سوال کرنا شرط نہیں، کیونکہ حق تعالیٰ نے یہ چیزیں نہ مانگنے والوں کو بھی عطا فرمائی ہیں۔

فَقَالَ لَهَا وَلِلْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا قَالَتَآ اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ ۔ یہ آسمان و زمین کو خطاب کر کے حکم دینا اور ان کا اطاعت و فرمانبرداری سے جواب دینا بعض مفسرین کے نزدیک مجاز ہے کہ زمین و آسمان اللہ تعالیٰ کے تابع فرمان ہر کام کے لئے تیار پائے گئے۔ مگر ابن عطیہ اور دوسرے محققین ائمہ تفسیر نے فرمایا کہ اس میں کوئی مجاز نہیں، سب اپنی حقیقت پر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آسمان و زمین میں شعور و ادراک خطاب کے سمجھنے کا بھی پیدا فرما دیا تھا اور ان کو گویائی کی طاقت بھی جواب دینے کے لئے عطا فرما دی تھی۔ تفسیر بحر محیط میں اس کو نقل کر کے فرمایا ہے کہ یہی تفسیر احسن اور بہتر ہے۔

ابن کثیرؒ نے اس کو نقل کر کے بعض کا یہ قول بھی نقل کیا ہے کہ زمین کی طرف سے یہ جواب اُس حصہ زمین نے دیا تھا جس پر بیت اللہ کی تعمیر ہوئی اور آسمان کے اُس حصہ نے جو بیت اللہ کے بالمقابل ہے، (جس کو بیت المعمور کہا جاتا ہے)۔

فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَقُلْ اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً مِّثْلَ صٰعِقَةِ

پھر اگر وہ ٹلائیں تو تو کہہ میں نے خبر سنا دی تم کو ایک سخت عذاب کی جیسے عذاب آیا

عَادٍ وَّثَمُوْدَ ﴿۱۳﴾ اِذْ جَآءَتْهُمُ الرُّسُلُ مِنْۢ بَيْنِ

عاد اور ثمود پر جب آئے اُن کے پاس رسول آگے سے

اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ

اور پیچھے سے کہ نہ پوجو کسی کو سوائے اللہ کے

قَالُوْا لَوْ شَآءَ رَبُّنَا لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً فَاِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ

کہنے لگے اگر ہمارا رب چاہتا تو بھیجتا فرشتے سو ہم تمہارا لایا ہوا

بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ فَاَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوْا فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ

نہیں مانتے سو وہ جو عاد تھے وہ غرور کرنے لگے ملک میں ناحق

الْحَقِّ وَقَالُوْا مَنْ اَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ؕ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ

اور کہنے لگے کون ہے ہم سے زیادہ زور میں کیا دیکھتے نہیں کہ اللہ

الَّذِيْ خَلَقَهُمْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً ؕ وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا

جس نے ان کو بنایا وہ زیادہ ہے ان سے زور میں اور تھے ہماری نشانیوں سے

يَجْحَدُوْنَ ﴿۱۵﴾ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِيْٓ

منکر پھر بھیجی ہم نے ان پر ہوا بڑے زور کی کئی دن

اَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِيْقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ

جو مصیبت کے تھے تاکہ چکھائیں ان کو رسوائی کا عذاب دنیا کی زندگانی

الدُّنْيَا ؕ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَخْزٰى وَهُمْ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۶﴾

میں اور آخرت کے عذاب میں تو پوری رسوائی ہے اور ان کو کہیں مدد نہیں

وَاَمَّا ثَمُوْدُ فَهَدَيْنٰهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمٰى عَلَى الْهُدٰى

اور وہ جو ثمود تھے سو ہم نے ان کو راہ بتلائی پھر ان کو خوش لگا اندھا رہنا راہ سوجھنے سے

فَاَخَذَتْهُمْ صٰعِقَةُ الْعَذَابِ الْهُوْنِ بِمَا كَانُوْا

پھر پکڑا ان کو کڑک نے ذلت کے عذاب کی بدلہ اس کا جو

يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۷﴾ ج وَنَجَّيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۱۸﴾ ع ۲ ۱۰ ۱۶

کماتے تھے اور بچا دیا ہم نے ان لوگوں کو جو یقین لائے تھے اور بچ کر چلتے تھے

وَيَوْمَ يُحْشَرُ اَعْدَآءُ اللّٰهِ اِلَى النَّارِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿۱۹﴾

اور جس دن جمع ہونگے دشمن اللہ کے دوزخ پر پھر ان کی جماعتیں بنائی جائیں گی

حَتّٰٓى اِذَا مَا جَآءُوْهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ وَاَبْصَارُهُمْ

یہاں تک کہ جب پہنچیں اس پر بتائیں گے ان کو ان کے کان اور ان کی آنکھیں

وَجُلُوْدُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَقَالُوْا لِجُلُوْدِهِمْ لِمَ

اور ان کے چمڑے جو کچھ وہ کرتے تھے اور وہ کہیں گے اپنے چمڑوں کو تم نے

شَهِدْتُّمْ عَلَيْنَا ؕ قَالُوْٓا اَنْطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْطَقَ كُلَّ شَيْءٍ

کیوں بتلایا ہم کو وہ بولیں گے ہم کو بلوایا اللہ نے جس نے بلوایا ہر چیز کو

۴

وَّهُوَ خَلَقَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمَا كُنْتُمْ

اور اسی نے بنایا تم کو پہلی بار اور اسی کی طرف پھیرے جاتے ہو اور تم برده

تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَآ

نہ کرتے تھے اس بات سے کہ تم کو بتلائیں گے تمھارے کان اور نہ

اَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُوْدُكُمْ وَلٰكِنْ ظَنَنْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ

تمھاری آنکھیں اور نہ تمھارے چمڑے پر تم کو یہ خیال تھا کہ اللہ

لَا يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ

نہیں جانتا بہت چیزیں جو تم کرتے ہو اور یہ وہی تمھارا خیال

الَّذِيْ ظَنَنْتُمْ بِرَبِّكُمْ اَرْدٰىكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ مِّنَ

ہے جو تم رکھتے تھے اپنے رب کے حق میں اسی نے تم کو غارت کیا پھر آج

الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾ فَاِنْ يَّصْبِرُوْا فَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ۚ

رہ گئے ٹوٹے میں پھر اگر وہ صبر کریں تو آگ ان کا گھر ہے

وَاِنْ يَّسْتَعْتِبُوْا فَمَا هُمْ مِّنَ الْمُعْتَبِيْنَ ﴿۲۴﴾ وَقَيَّضْنَا

اور اگر وہ منایا چاہیں تو ان کو کوئی نہیں مناتا اور لگا دیئے

لَهُمْ قُرَنَآءَ فَزَيَّنُوْا لَهُمْ مَّا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا

ہم نے ان کے پیچھے ساتھ رہنے والے پھر انھوں نے خوبصورت بنا دیا ان کی آنکھوں میں اس کو جو ان کے آگے

خَلْفَهُمْ وَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ

ہے اور جو ان کے پیچھے ہے اور ٹھیک پڑ چکی ان پر عذاب کی بات ان فرقوں کے ساتھ جو گزر چکے

ع ۳ ۷ ۱۷ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۚ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۲۵﴾

ان سے پہلے جنوں کے اور آدمیوں کے بیشک وہ تھے ٹوٹے والے

خُلاصۂ تفسیر

پھر (دلائل توحید سنکر بھی) اگر یہ لوگ (توحید سے) اعراض کریں تو آپ کہدیجئے کہ میں تم کو ایسی آفت سے ڈراتا ہوں جیسی عاد و ثمود پر (شرک و کفر کی وجہ سے) آفت آئی تھی (مراد عذاب سے ہلاک کرنا ہے

جیسا کہ قریش مکہ کے سردار غزوۂ بدر میں ہلاک اور قید کیے گئے، اور یہ قصہ عاد و ثمود کا اسوقت ہوا تھا) جبکہ ان کے پاس ان کے آگے سے بھی اور ان کے پیچھے سے بھی پیغمبر آئے (یعنی جو پیغمبر ان کی طرف بھیجے گئے اور ان کے سمجھانے میں جان توڑ کوشش کی گئی۔ جیسے کوئی شخص اپنے کسی عزیز کو کسی مصیبت و ہلاکت کی طرف جاتے دیکھے تو وہ کبھی آگے سے آکر اُسے روکتا ہے کبھی پیچھے سے پکڑتا ہے۔ اور اس کی مثال قرآن میں ابلیس کا یہ قول ہے کہ اس نے کہا تھا لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ۔ یعنی میں بنی آدم کو گمراہ کرنے اُن کے آگے سے بھی آؤنگا اُن کے پیچھے سے بھی اور اُن پیغمبروں نے یہی کہا کہ) بجز اللہ کے اور کسی کی عبادت نہ کرو، انھوں نے جواب دیا کہ (تم جو اللہ کی طرف سے آنے کا اور توحید کی طرف بلانے کا دعویٰ کرتے ہو یہی غلط ہے کیونکہ) اگر ہمارے پروردگار کو (یہ) منظور ہوتا (کہ کسی کو پیغمبر بنا کر بھیجے) تو فرشتوں کو بھیجتا اس لئے ہم اس (توحید) سے بھی منکر ہیں جس کو دیکر (تمھارے دعویٰ کے مطابق) تم (پیغمبری کے طور پر) بھیجے گئے ہو پھر (اس مشترک قول کے بعد ہر قوم کے خاص کی تفصیل یہ ہے کہ) وہ جو عاد کے لوگ تھے وہ دنیا میں ناحق تکبر کرنے لگے اور (جب عذاب کی وعید سُنی تو) کہنے لگے وہ کون ہے جو قوت میں ہم سے زیادہ ہے (کہ وہ ہمیں ایسے عذاب میں مبتلا کر سکے اور ہم اس کے دفع کرنے پر قادر نہ ہوں، آگے جواب ہے کہ) کیا اُن لوگوں کو یہ نظر نہ آیا کہ جس خدا نے ان کو پیدا کیا ہے وہ قوت میں ان سے بہت زیادہ ہے (مگر باوجود اس کے بھی وہ ایمان نہ لائے) اور ہماری آیتوں کا انکار کرتے رہے تو ہم نے اُن پر ایک سخت ہوا ایسے دنوں میں بھیجی جو (بوجہ نزول عذاب الٰہی کے اُن کے حق میں) منحوس تھے تاکہ ہم ان کو اس دنیوی زندگی میں رسوائی کے عذاب کا مزہ چکھا دیں اور آخرت کا عذاب اور بھی زیادہ رسوائی کا سبب ہے اور (اس عذاب کے وقت کسی طرف سے بھی) ان کو مدد نہ پہونچے گی۔ اور وہ جو ثمود تھے تو (اُن کی کیفیت یہ ہوئی کہ) ہم نے ان کو (پیغمبر کے ذریعہ) رستہ بتلایا، انھوں نے گمراہی کو ہدایت کے مقابلہ میں پسند کیا تو ان کو سراپا ذلت کے عذاب کی آفت نے پکڑ لیا ان کی بدکرداریوں کی وجہ سے اور ہم نے (اس عذاب سے) ان لوگوں کو نجات دی جو ایمان لائے اور ہم سے ڈرتے تھے۔ (یہاں تک عذاب دنیوی کا ذکر تھا آگے عذاب آخرت کا ذکر ہے) اور (ان کو وہ دن بھی یاد دلایئے) جس دن اللہ کے دشمن (یعنی کفار) دوزخ کی طرف جمع کرنے کے (لئے موقف حساب میں) لائے جاویں گے پھر (راستہ میں ان کی کثرت کے سبب منتشر ہونے سے بچانے اور مجتمع رہنے کے لئے) وہ روکے جاویں گے (تاکہ پیچھے رہنے والے ساتھ ہو جاویں جیسا کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے واقعہ میں تمام جنود اور لشکروں کو جمع کرنے کے لئے فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ فرمایا یعنی ان کو روکا جاوے گا) یہاں تک جب وہ (سب جمع ہو کر) اُس (دوزخ) کے قریب آجاویں گے (مراد موقف حساب ہے جہاں سے دوزخ قریب ہی نظر آوے گا جیسا کہ حدیث میں آیا ہے کہ دوزخ کو موقف حساب میں حاضر کرینگے

اور یہ کافر اپنے چاروں طرف آگ ہی آگ دیکھے گا غرض یہ کہ جب موقف حساب میں آجاویں گے اور حساب شروع ہوگا) تو ان کے کان اور آنکھیں اور اُن کی کھالیں اُن کے خلاف اُن کے اعمال کی گواہی دیں گے۔ اور (اُس وقت) وہ لوگ (تعجب کے ساتھ) اپنے اعضاء سے کہیں گے کہ تم نے ہمارے خلاف کیوں گواہی دی (ہم تو دنیا میں سب کچھ تمہاری ہی راحت کے لئے کرتے تھے جیسا کہ حدیث میں حضرت انس رضؓ کی روایت سے ان کا یہ قول نقل کیا ہے کہ فعنکن کنت اناضل دالا مسلم۔ یعنی میں تمہارے ہی لئے سب کو مشش کیا کرتا تھا) وہ (اعضاء) جواب دینگے کہ ہم کو اس (قادرِ مطلق) نے گویائی دی جس نے ہر (گویا) چیز کو گویائی دی (جس سے ہم نے اپنے اندر خود اس کی قدرت کا مشاہدہ کر لیا) اور اسی نے تم کو اول بار پیدا کیا تھا اور اسی کے پاس پھر (دوبارہ زندہ کر کے) لائے گئے ہو (تو ہم ایسے عظمت والے و قدرت والے کے پوچھنے پر حق بات کو کیسے چھپا سکتے تھے اس لئے گواہی دیدی) اور (آگے حق تعالیٰ ان منکروں کو خطاب فرمادیں گے کہ) تم (دنیا میں) اس بات سے تو اپنے کو (کسی طرح) چھپا (اور بچا) ہی نہ سکتے تھے کہ تمہارے کان اور آنکھیں اور کھالیں تمہارے خلاف میں گواہی دیں (کیونکہ حق تعالیٰ کی قدرت مطلقہ اور علم محیط واقع میں ثابت ہے جس کا مقتضا یہ تھا کہ بُرے اعمال سے بچتے) لیکن تم (اسلئے نہ بچے کہ) اس گمان میں رہے کہ اللہ تعالیٰ کو تمہارے بہت سے اعمال کی خبر بھی نہیں اور تمہارے اسی گمان نے جو کہ تم نے اپنے رب کے ساتھ کیا تھا تم کو برباد کیا (کیونکہ اس گمان سے اعمال کفریہ کے مرتکب ہوئے اور وہ موجب بربادی ہوئے) پھر تم (ابدی) خسارہ میں پڑ گئے سو (اس حالت میں) اگر یہ لوگ (اس بربادی و خسارہ پر) صبر کریں (اور تن بتقدیر رہ کر عذر معذرت کچھ نہ کریں) تب بھی دوزخ ہی ان کا ٹھکانہ ہے (یہ نہیں کہ ان کا صبر موجب رحم ہو جاوے جیسا کہ دنیا میں اکثر ایسا ہو جاتا تھا) اور اگر وہ عذر کرنا چاہیں گے تو بھی مقبول نہ ہوگا اور ہم نے (دنیا میں) ان (کفار) کے لئے کچھ ساتھ رہنے والے (شیاطین) مقرر کر رکھے تھے سو انھوں نے ان کے اگلے پچھلے اعمال ان کی نظر میں مستحسن کر رکھے تھے (اس لئے) ان پر مصر تھے) اور (کفر پر اصرار کرنے کی وجہ سے) اُن کے حق میں بھی ان لوگوں کے ساتھ اللہ کا قول (یعنی وعدۂ عذاب) پورا ہو کر رہا جو ان سے پہلے جن اور انسان (کفار) ہو گزرے ہیں، بے شک وہ بھی خسارے میں رہے۔

معارف و مسائل

فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا۔ یہ اس عذابِ صاعقہ کی تشریح ہے جو اس سے پہلے آیت میں صاعقہ عاد و ثمود کے عنوان سے بیان ہوا ہے۔ صاعقہ کے اصل معنے مدہوش و بیہوش کرنے

والی چیز کے ہیں اسی لیے گرنے والی بجلی کو بھی صاعقہ کہا جاتا ہے۔ اور ناگہانی آفت و مصیبت کے لیے بھی یہ لفظ استعمال ہوتا ہے۔ قوم عاد پر جو ہوا کا طوفان مسلط کیا گیا وہ بھی اسی صاعقہ کا ایک فرد ہے اسی کو ریح صرصر کے نام سے بیان کیا گیا ہے۔ جو تیز و تند ہوا کو کہا جاتا ہے، جس میں تیز رفتاری کے ساتھ سخت آواز بھی ہو۔ (قرطبی)

ضحاک رح نے فرمایا کہ ان لوگوں پر اللہ تعالیٰ نے تین سال تک بارش بالکل بند کر دی اور تیز و تند خشک ہوائیں چلتی رہیں اور آٹھ روز سات راتیں مسلسل ہوا کا شدید طوفان رہا۔ بعض روایات میں ہے کہ یہ واقعہ آخر شوال میں ایک بدھ کے روز سے شروع ہو کر دوسرے بدھ تک رہا۔ اور جس کسی قوم پر عذاب آیا ہے وہ بدھ ہی کے دن آیا ہے۔ (قرطبی و مظہری)

حضرت جابر بن عبداللہ رض فرماتے ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ کسی قوم کی بھلائی چاہتے ہیں تو ان پر بارش برساتے ہیں اور زیادہ تیز ہواؤں کو ان سے روک لیتے ہیں۔ اور جب کسی قوم کو مصیبت میں مبتلا کرنا ہوتا ہے تو بارش ان سے روک لی جاتی ہے اور ہوائیں زیادہ اور تیز چلنے لگتی ہیں۔

فِيْٓ اَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ۔ اصول اسلام اور احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ کوئی دن یا رات اپنی ذات میں منحوس نہیں ہے۔ قوم عاد پر طوفان باد کے ایام کو نحسات فرمانے کا حاصل یہ ہے کہ یہ دن اس قوم کے حق میں ان کی بداعمالیوں کے سبب منحوس ہو گئے تھے اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ یہ دن سب کے لیے منحوس ہوں۔ (مظہری و بیان القرآن) اور اس مسئلہ کی پوری تحقیق کہ کوئی چیز اپنی ذات میں منحوس ہو سکتی ہے یا نہیں، احقر کی کتاب احکام القرآن حزب خامس میں دیکھ لیں جو عربی میں طبع ہو چکی ہے۔

فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ۔ یہ وزع سے مشتق ہے جس کے معنی روکنے اور منع کرنے کے آتے ہیں، اسی کے مطابق خلاصہ تفسیر مذکور میں اس کا ترجمہ روکنے سے کیا گیا ہے۔ اور اکثر حضرات مفسرین نے یہی معنی لیے ہیں کہ اہل جہنم جو بڑی تعداد میں ہوں گے ان کو میدان حشر اور موقف حساب کی طرف جانے کے وقت انتشار سے بچانے کے لیے اگلے حصہ کو کچھ روک دیا جائے گا، تاکہ پچھلے لوگ بھی آ ملیں۔ اور بعض حضرات مفسرین نے یُوْزَعُوْنَ کا ترجمہ یُسَاقُوْنَ وَ یُدْفَعُوْنَ سے کیا ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ ان کو موقف حساب کی طرف ہانک کر دھکے دیکر لایا جائے گا۔ (قرطبی)

وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ الآیۃ۔ معنی آیت کے یہ ہیں کہ انسان اگر چھپ کر کوئی جرم و گناہ کرنا چاہے تو دوسرے لوگوں سے تو چھپا سکتا ہے، خود اپنے ہی اعضاء و جوارح سے کیسے چھپائے۔ جب یہ معلوم ہو جائے کہ ہمارے کان، آنکھ، ہاتھ، پاؤں اور بدن کی کھال اور بال سب ہمارے نہیں بلکہ سرکاری گواہ ہیں اور جب ان سے ہمارے اعمال کو پوچھا جاویگا

تو سچی گواہی دیں گے تو پھر چھپا کر کوئی جرم و گناہ کرنے کا کوئی راستہ ہی نہیں رہتا، اس رسوائی سے بچنے کا اس کے سوا کوئی علاج نہیں کہ گناہ کو ہی چھوڑا جائے۔ مگر تم لوگ یعنی منکرین توحید و رسالت کا ذہن ادھر تو کیا جاتا کہ ہمارے اعضاء و جوارح بھی بولنے لگیں گے اور ہمارے خلاف اللہ کے سامنے گواہی دیں گے، مگر اتنی بات تو ہر ذی عقل کی سمجھ میں آسکتی تھی کہ جس ذات نے ہمیں ایک حقیر چیز سے پیدا کر کے سمیع و بصیر انسان بنایا، پالا اور جوان کیا، کیا اس کا علم ہمارے اعمال و احوال پر محیط نہیں ہوگا؟ مگر تم نے اس بدیہی چیز کے خلاف یہ گمان کر رکھا تھا کہ اللہ تعالیٰ کو ہمارے بہت سے اعمال کی کچھ خبر نہیں۔ اس لئے تمہیں شرک و کفر کرنے پر جرأت ہوئی۔ وَذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِيْ ظَنَنْتُمْ بِرَبِّكُمْ اَرْدٰىكُمْ یعنی تمہارے اسی گمانِ بد نے تمہیں برباد کیا۔

انسان کے اعضاء و جوارح کی محشر میں گواہی

صحیح مسلم میں حضرت انس رضؓ سے روایت ہے کہ ایک روز ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے، آپ کو ہنسی آگئی۔ پھر آپؐ نے فرمایا کہ آپ لوگوں کو معلوم ہے کہ میں کس بات پر ہنس رہا ہوں۔ ہم نے عرض کیا کہ اللہ اور اس کا رسول ہی جانتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا کہ مجھے ہنسی اس کلام پر آئی جو میدان حشر اور موقف حساب میں بندہ اپنے رب سے کرے گا۔ یہ عرض کرے گا کہ اے میرے پروردگار کیا آپ نے مجھے ظلم سے پناہ نہیں دی۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ بیشک دی ہے۔ اس پر بندہ کہے گا کہ اگر یہ بات ہے تو میں اپنے حساب و کتاب کے معاملہ میں اور کسی کی گواہی پر مطمئن نہیں ہوں گا، بجز اس کے کہ میرے وجود ہی میں سے کوئی گواہ کھڑا ہو۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا یعنی اچھا ہے لو تم خود ہی اپنا حساب کر لو۔ اس کے بعد اس کے منہ پر مہر کر دی جاوے گی اور اسکے اعضاء و جوارح سے کہا جائے گا کہ تم اس کے اعمال بتلاؤ، ہر عضو بول اٹھے گا اور سچی گواہی پیش کر دے گا۔ اس کے بعد اس کی زبان کھول دی جاوے گی تو یہ خود اپنے اعضاء پر ناراض ہو کر کہے گا بُعْدًا لَّكُنَّ وَسُحْقًا فَعَنْكُنَّ اُنَاضِلُ۔ یعنی تم غارت و برباد ہو میں نے تو دنیا میں جو کچھ کیا تمہارے ہی آرام پہنچانے کے لئے کیا تھا (اب تم ہی میرے خلاف گواہی دینے لگے)۔

اور حضرت ابوہریرہ رضؓ کی روایت میں ہے کہ اس شخص کے منہ پر مہر لگا دی جائے گی اور اس کی ران کو کہا جائے گا کہ تو بول اور اس کے اعمال بیان کر، تو انسان کی ران اور گوشت اور ہڈی سب اس کے اعمال کی گواہی دیدیں گے۔ (رواہ مسلم۔ مظہری)

اور حضرت معقل بن یسار رضؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آنیوالا دن انسان کو یہ ندا دیتا ہے کہ میں نیا دن ہوں اور جو کچھ تو میرے اندر عمل کرے گا قیامت میں میں اس پر گواہی دوں گا۔ اس لئے تجھے چاہیئے کہ میرے ختم ہونے سے پہلے پہلے کوئی نیکی کر لے کہ میں اسکی

گواہی دوں اور اگر میں چلا گیا تو پھر تو مجھے کبھی نہ پائے گا۔ اسی طرح ہر رات انسان کو یہ ندا دیتی ہے۔
(ذکرہ ابونعیم۔ کذا فی القرطبی)

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَالْغَوْا				
اور	کہنے لگے	منکر	مت	کان دھرو اس قرآن کے سننے کو اور بک بک کرو
فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ ﴿۲۶﴾ فَلَنُذِيْقَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا				
اسکے پڑھنے میں	شاید تم غالب ہو			سو ہم کو ضرور چکھانا ہے منکروں کو
عَذَابًا شَدِيْدًا وَّلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ كَانُوْا				
سخت	عذاب	اور	ان کو بدلہ دینا ہے	برے سے برے کاموں کا جو وہ
يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۷﴾ ذٰلِكَ جَزَآءُ اَعْدَآءِ اللّٰهِ النَّارُ ۚ لَهُمْ				
کرتے تھے	یہ سزا ہے	اللہ کے	دشمنوں کی	آگ ان کا اسی میں
فِيْهَا دَارُ الْخُلْدِ ؕ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿۲۸﴾				
گھر ہے	سدا کو	بدلہ اس کا	جو ہماری باتوں سے	انکار کرتے تھے
وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا رَبَّنَآ اَرِنَا الَّذَيْنِ اَضَلّٰنَا مِنَ				
اور کہیں گے	وہ لوگ جو منکر ہیں	اے رب ہمارے	ہم کو دکھلا دے	وہ دونوں جنھوں نے ہم کو بہکایا
الْجِنِّ وَالْاِنْسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ اَقْدَامِنَا لِيَكُوْنَا				
جو جن ہے	اور جو آدمی کہ	ڈالیں	ہم ان کو	اپنے پاؤں کے نیچے کہ وہ رہیں
مِنَ الْاَسْفَلِيْنَ ﴿۲۹﴾				
سب سے نیچے۔				

خُلاصۂ تفسیر

اور یہ کافر (باہم) یہ کہتے ہیں کہ اس قرآن کو سنو ہی مت اور (اگر پیغمبر سنانے بھی لگیں تو) اس کے بیچ میں غل مچا دیا کرو شاید (اس تدبیر سے) تم ہی غالب رہو (اور پیغمبر ہار کر خاموش ہو جاویں) تو (ان کے اس ناپاک ارادے اور عزم کے بدلہ میں) ہم ان کافروں کو سخت عذاب کا مزہ چکھا دیں گے اور ان کو انکے برے برے کاموں کی سزا دیں گے، یہی سزا ہے اللہ کے دشمنوں کی یعنی دوزخ ان کے لئے وہاں ہمیشہ

رہنے کا مقام ہوگا۔ اس بات کے بدلہ میں کہ وہ ہماری آیتوں کا انکار کیا کرتے تھے (اور جب عذاب میں مبتلا ہوں گے تو) وہ کفار کہیں گے اے ہمارے پروردگار ہم کو وہ دونوں شیطان اور انسان دکھلا دیجیے جنھوں نے ہم کو گمراہ کیا تھا ہم ان کو اپنے پیروں تلے روند ڈالیں تاکہ وہ خوب ذلیل ہوں۔

(یعنی ان کو اُس وقت اُن لوگوں پر غصہ آوے گا جنھوں نے ان کو دنیا میں بہکایا تھا۔ آدمی بھی اور شیطان بھی خواہ ایک ایک ہوں یا متعدد ہوں۔ اور یوں تو یہ گمراہ کرنے والے بھی سب جہنّم میں ہی ہوں گے۔ مگر اس گفتگو کے وقت وہ ان کے سامنے نہیں ہوں گے اس لئے سامنے کی درخواست کی۔ کسی آیت میں یا روایت میں یہ مذکور نہیں دیکھا کہ ان کی یہ درخواست منظور ہو گی یا نہیں۔ واللہ اعلم)

مَعارف ومَسائِل

لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَالْغَوْا فِيْهِ۔ کفار جب قرآن کے مقابلہ سے عاجز ہو گئے، اور اس کے خلاف ان کی ساری تدبیریں ناکام ہو گئیں تو اس وقت انھوں نے یہ حرکت شروع کی۔ حضرت ابنِ عباس رضؓ نے فرمایا کہ ابوجہل نے لوگوں کو اس پر آمادہ کیا کہ جب مُحَمَّدٌ (صلی اللہ علیہ وسلم) قرآن پڑھا کریں تو تم اُن کے سامنے جا کر چیخ و پکار اور شور و غل کرنے لگا کرو تاکہ لوگوں کو پتہ ہی نہ چلے کہ وہ کیا کہہ رہے ہیں۔ بعض نے کہا کہ سیٹیاں اور تالیاں بجا کر اور بیچ میں طرح طرح کی آوازیں نکال کر قرآن سننے سے لوگوں کو روکنے کی تیاری کرو۔ (قرطبی)

تلاوت قرآن کے وقت خاموش ہو کر سننا واجب ہے خاموش نہ رہنا کفار کی عادت ہے

آیت مذکورہ سے معلوم ہوا کہ تلاوت قرآن میں خلل ڈالنے کی نیت سے شور و غل کرنا تو کفر کی علامت ہے۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ خاموش ہو کر سننا واجب اور ایمان کی علامت ہے۔ آجکل ریڈیو پر تلاوتِ قرآن نے ایسی صورت اختیار کر لی ہے کہ ہر ہوٹل اور مجمع کے مواقع میں ریڈیو کھولا جاتا ہے، جس میں قرآن کی تلاوت ہو رہی ہو اور ہوٹل والے خود اپنے دھندوں میں لگے رہتے ہیں اور کھانے پینے والے اپنے شغل میں۔ اس کی صورت وہ بنجائی ہے جو کفار کی علامت تھی۔ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو ہدایت فرما دیں کہ یا تو ایسے مواقع میں تلاوتِ قرآن کیلئے نہ کھولیں اگر کھولنا ہے اور برکت حاصل کرنا ہے تو چند منٹ سب کام بند کر کے خود بھی اس طرف متوجہ ہو کر سُنیں دوسروں کو بھی اس کا موقع دیں۔

اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ

تحقیق جنھوں نے کہا رب ہمارا اللہ ہے پھر اسی پر قائم رہے اُن پر اترتے ہیں

الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ

فرشتے کہ تم مت ڈرو اور نہ غم کھاؤ اور خوشخبری سنو اس بہشت کی

الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۳۰﴾ نَحْنُ اَوْلِيٰٓؤُكُمْ فِي الْحَيٰوةِ

جس کا تم سے وعدہ تھا ہم ہیں تمھارے رفیق دنیا

الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَشْتَهِيْٓ

اور آخرت میں اور تمھارے لیے وہاں ہے جو چاہے

اَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَدَّعُوْنَ ﴿۳۱﴾ نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ

جی تمھارا اور تمھارے لیے وہاں ہے جو کچھ مانگو مہمانی ہے اس بخشنے والے

رَّحِيْمٍ ﴿۳۲﴾ وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ ع ۱۸

مہربان کی طرف سے اور اس سے بہتر کس کی بات جس نے بلایا اللہ کی طرف

وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۳۳﴾ وَلَا

اور کیا نیک کام اور کہا میں حکم بردار ہوں اور برابر

تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ۭ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ

نہیں نیکی اور نہ بدی جواب میں وہ کہہ جو اس سے

اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ

بہتر ہو پھر تو دیکھے گا کہ تجھ میں اور جس میں دشمنی تھی گویا دوست دار ہے

حَمِيْمٌ ﴿۳۴﴾ وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا ۚ وَمَا يُلَقّٰىهَآ

قرابت والا اور یہ بات ملتی ہے انہی کو جو سہار رکھتے ہیں اور یہ بات ملتی ہے

اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ﴿۳۵﴾ وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ

اسی کو جس کی بڑی قسمت ہے اور جو کبھی چوک لگے تجھ کو شیطان کے چوک

نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۳۶﴾

لگانے سے تو پناہ پکڑ اللہ کی بے شک وہی ہے سننے والا جاننے والا۔

خلاصۂ تفسیر

جن لوگوں نے (دل سے) اقرار کر لیا کہ ہمارا رب (حقیقی صرف) اللہ ہے (مطلب یہ ہے کہ شرک

چھوڑ کر توحید اختیار کر لی) پھر (اس پر) مستقیم رہے (یعنی اُس کو چھوڑا نہیں) اُن پر (اللہ کی طرف سے رحمت و بشارت کے) فرشتے اتریں گے (اوّل موت کے وقت پھر قبر میں پھر قیامت میں۔ جیسا کہ در منثور میں حضرت زید بن اسلم کی روایت سے ثابت ہے اور کہیں گے) کہ تم نہ (احوال آخرت سے) اندیشہ کرو اور نہ (دنیا کے چھوڑنے پر) رنج کرو (کیونکہ آگے تمھارے لئے اس کا نعم البدل اور امن و عافیت ہے) اور تم جنّت (کے ملنے) پر خوش رہو جس کا تم سے وعدہ کیا جایا کرتا تھا، ہم تمھارے رفیق تھے دنیوی زندگی میں بھی اور آخرت میں بھی رہیں گے (دنیا میں فرشتوں کا رفیق ہونا یہ ہے کہ وہ انسان کے دل میں نیک کاموں کا الہام کرتے رہتے ہیں، اور کوئی تکلیف و مصیبت پیش آجائے تو اس پر صبر و سکون فرشتوں ہی کی رفاقت کا اثر ہوتا ہے۔ اور آخرت میں رفیق ہونا تو آمنے سامنے کھل کر ہوگا، جیسا کہ قرآن کریم میں ہے: ــــ وَتَتَلَقّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اور دوسری آیت میں يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ وغیرہ) اور تمھارے لئے اس (جنّت) میں جس چیز کو تمھارا جی چاہے گا موجود ہے اور نیز تمھارے لئے اُس میں جو مانگو گے موجود ہے (یعنی جو کچھ زبان سے مانگو گے وہ تو ملے ہی گا۔ بلکہ مانگنے کی بھی ضرورت نہ ہوگی جس چیز کو تمھارا دل چاہے گا موجود ہو جائے گی) یہ بطور مہمانی کے ہوگا غفور رحیم کی طرف سے (یعنی یہ نعمتیں اکرام و اعزاز کے ساتھ اس طرح ملیں گی جس طرح مہمانوں کو ملتی ہیں۔ آگے حسن حال کے بعد حسن مقال و اعمال کو بتایا گیا ہے) اور اس سے بہتر کس کی بات ہو سکتی ہے جو (لوگوں کو) خدا کی طرف بلائے اور (خود بھی) نیک عمل کرے اور (اظہار اطاعت کے لئے) کہے کہ میں فرمانبرداروں میں سے ہوں (یعنی بندگی کو اپنا فخر سمجھے، متکبرین کی طرح اس سے عار نہ کرے) اور (چونکہ دعوت الی اللہ اور اصلاح خلق کا ارادہ کرنے والوں کو اکثر جاہلوں کی طرف سے ایذاؤں اور تکلیفوں کا سامنا ہوتا ہے اس لئے آگے ان کو ظلم کے مقابلہ میں انصاف اور برائی کے بدلہ میں بھلائی کرنے کی تلقین کی جاتی ہے۔ نیز تجربہ سے ثابت ہے کہ دعوت کے مؤثر اور کامیاب ہونے کا بھی یہی طریقہ ہے کہ مخالفین کی ایذاؤں پر صبر کر کے ان کے ساتھ اچھا برتاؤ کیا جاوے اس لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب کر کے فرمایا جس میں سب مسلمان ضمناً شامل ہیں کہ) نیکی اور بدی برابر نہیں ہوتی (بلکہ ہر ایک کا اثر جدا ہے اور جب یہ بات ثابت ہو گئی تو اب) آپ (مع اپنے متبعین کے) نیک برتاؤ سے (بدی کو) ٹال دیا کیجئے پھر یکایک (آپ دیکھیں گے کہ) آپ میں اور جس شخص میں عداوت تھی وہ ایسا ہو جاوے گا جیسا کوئی دلی دوست ہوتا ہے، (یعنی بدی کا بدلہ بدی سے دینے میں تو عداوت بڑھتی ہے اور نیکی کرنے سے بشرطِ سلامت طبع دشمن کی عداوت گھٹتی ہے۔ یہاں تک کہ اکثر تو بالکل ہی عداوت جاتی رہتی ہے اور اس معاملہ میں مثل دوست کے ہو جاتا ہے گو دل سے دوست نہ ہو) اور یہ بات ان ہی لوگوں کو نصیب ہوتی ہے جو (اخلاق کے اعتبار سے) بڑے مستقل (مزاج) ہیں اور یہ بات اُسی کو نصیب ہوتی ہے جو (ثواب کے اعتبار سے)

بڑا صاحب نصیب ہے اور اگر (ایسے وقت میں) آپ کو شیطان کی طرف سے (غصہ کا) کچھ وسوسہ آنے لگے تو (فوراً) اللہ سے پناہ مانگ لیا کیجئے، بلاشبہ وہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے۔ (بشرط سلامت طبع کی قید سے یہ خدشہ دور ہو گیا کہ بعض اوقات شریر آدمی پر نرمی کرنے کا اُلٹا اثر ہوتا ہے، کیونکہ یہ صرف ایسے لوگوں سے محتمل ہے جو اپنی سلامت طبع کھو بیٹھتے ہیں اور وہ شاذ و نادر ہوتے ہیں)۔

مَعارف ومَسائل

شروع سورت سے یہاں تک منکرین قرآن اور منکرین رسالت و توحید سے خطاب ہے۔ ان کو حق تعالیٰ کی قدرت کاملہ کی نشانیاں پیش نظر کر کے توحید کی دعوت پھر انکار کرنے والوں کا انجام اور عذاب آخرت و دوزخ کا مفصّل بیان چلا آیا ہے۔ یہاں سے مؤمنین و کاملین کے حالات اور دنیا و آخرت میں ان کے اعزاز و اکرام کا بیان اور ان کے لئے خاص ہدایات کا ذکر ہے۔ مؤمنین و کاملین وہی ہوتے ہیں جو خود بھی اپنے اعمال و اخلاق میں مستقیم اور بے کم و کاست بالکل شریعت کے مطابق ہوں، اور دوسروں کو بھی اللہ کی طرف دعوت دیں اور ان کی اصلاح کی فکر کریں۔ اسی سلسلہ میں داعیانِ اسلام کے لئے صبر اور برائی کے بدلہ میں بھلائی کرنے کی ہدایت ہے۔

استقامت کے معنی

پہلے جز کو لفظ استقامت سے تعبیر فرما کر ارشاد ہوا اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰہُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا۔ یعنی جن لوگوں نے سچّے دل سے اللہ تعالیٰ کو اپنا رب یقین کر لیا اور اس کا اقرار بھی کر لیا۔ یہ تو اصل ایمان ہوا، آگے اس پر مستقیم بھی رہے یہ عمل صالح ہوا۔ اس طرح ایمان اور عمل صالح کے جامع ہو گئے۔ لفظ استقامت کا جو مفہوم خلاصہ تفسیر میں بیان ہوا ہے کہ ایمان و توحید پر قائم رہے اس کو چھوڑا نہیں۔ یہ تفسیر حضرت صدیق اکبر رضؓ سے منقول ہے اور تقریباً یہی مضمون حضرت عثمان غنی رضؓ سے منقول ہے، انھوں نے استقامت کی تفسیر اخلاص عمل سے فرمائی ہے اور حضرت فاروق اعظم رضؓ نے فرمایا کہ

الاستقامۃ ان تستقیم علی الامر والنھی ولا تروغ روغان الثعالب۔ (مظہری)	استقامت یہ ہے کہ تم اللہ کے تمام احکام اوامر اور نواہی پر سیدھے جمے رہو، اُس سے اِدھر اُدھر راہِ فرار لومڑیوں کی طرح نہ نکالو۔

اس لئے علماء نے فرمایا کہ استقامت تو ایک لفظ مختصر ہے مگر تمام شرائع اسلامیہ کو جامع ہے جس میں تمام احکام الٰہیہ پر عمل اور تمام محرّمات و مکروہات سے اجتناب دائمی طور پر شامل ہے۔ تفسیر کشاف میں ہے کہ انسان کا رَبُّنَا اللّٰہُ کہنا جبھی صحیح ہو سکتا ہے جبکہ وہ دل سے یقین کرے کہ میں

ہر حال اور ہر قدم میں اللہ تعالیٰ کی زیر تربیت ہوں مجھے ایک سانس بھی اس کی رحمت کے بغیر نہیں آسکتا اور اس کا تقاضا یہ ہے کہ انسان طریق عبادت پر ایسا مضبوط و مستقیم رہے کہ اس کا قلب اور قالب دونوں اس کی عبودیت سے سرمو انحراف نہ کریں۔

اسی لئے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت سفیان بن عبداللہ ثقفی رضؓ نے یہ سوال کیا کہ یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) مجھے اسلام کی ایک جامع بات بتلا دیجئے جس کے بعد مجھے کسی اور سے کچھ نہ پوچھنا پڑے تو آپ نے فرمایا، قُلْ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ ثُمَّ اسْتَقِمْ (رواہ مسلم) یعنی تم اللہ پر ایمان لانے کا اقرار کرو، پھر اس پر مستقیم رہو۔ مستقیم رہنے کی ظاہر مراد یہی ہے کہ ایمان پر بھی مضبوطی سے جمے رہو اور اس کے اقتضاء کے مطابق اعمال صالحہ پر بھی۔

اسی لئے حضرت علی رضؓ اور ابن عباس رضؓ نے استقامت کی تعریف ادائے فرائض سے فرمائی اور حضرت حسن بصری رحؒ نے فرمایا: استقامت یہ ہے کہ تمام اعمال میں اللہ کی اطاعت کرو اور اس کی معصیت سے اجتناب کرو۔ اس سے معلوم ہوا کہ استقامت کی جامع تعریف وہی ہے جو اوپر حضرت فاروق اعظم رضؓ سے نقل کی گئی ہے اور حضرت صدیق اکبر رضؓ اور حضرت عثمان غنی رضؓ کی تعریف بھی اسی کی طرف راجع ہے جس میں اعمال صالحہ کے ساتھ اخلاص عمل کی تاکید ہے۔ (تفسیر مظہری) جصاص رحؒ نے بھی مذکورہ تفسیر کو ابو العالیہ رحؒ سے نقل کر کے اختیار کیا ہے اور ابن جریر رحؒ نے بھی۔

تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ۔ فرشتوں کا نزول اور وہ خطاب جو اس آیت میں آیا ہے، حضرت ابن عباس رضؓ نے فرمایا کہ موت کے وقت ہوگا اور قتادہ رحؒ نے فرمایا کہ محشر میں قبروں سے نکلنے کے وقت ہوگا اور وکیع بن جراح رحؒ نے فرمایا کہ تین وقتوں میں ہوگا۔ اوّل موت کے وقت پھر قبروں کے اندر پھر محشر میں قبروں سے اٹھنے کے وقت۔ اور ابو حیان رحؒ نے بحر محیط میں فرمایا کہ میں تو کہتا ہوں کہ مؤمنین پر فرشتوں کا نزول ہر روز ہوتا ہے جس کے آثار و برکات اُن کے اعمال میں پائے جاتے ہیں۔ البتہ مشاہدہ اور ان کے کلام کا سننا یہ انھیں مواقع میں ہوگا۔

اور ابو نعیم رحؒ نے حضرت ثابت بنانی رحؒ سے نقل کیا ہے کہ انھوں نے سورۂ حٰمٓ السجدہ کی تلاوت فرمائی یہاں تک کی آیت تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ پر پہونچے تو فرمایا کہ ہمیں یہ حدیث پہونچی ہے کہ مؤمن جس وقت اپنی قبر سے اٹھے گا تو دو فرشتے جو دنیا میں اسی کے ساتھ رہا کرتے تھے وہ ملیں گے اور اس کو کہیں گے کہ تم خوف و غم نہ کرو بلکہ جنت کی بشارت سنو جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا۔ ان کا کلام سُن کر مؤمن کو اطمینان ہو جائے گا۔ (مظہری)

لَكُمْ فِيْهَا مَا تَشْتَهِيْٓ اَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَدَّعُوْنَ نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ۔ فرشتے مؤمنین و مخلصین کو بتلائیں گے کہ تمھیں جنت میں ہر وہ چیز ملے گی جس کو تمھارا دل چاہے اور ہر وہ چیز

جو تم مانگو۔ اس کا حاصل تو یہ ہے کہ تمہاری ہر خواہش پوری کی جائے گی، خواہ تم مانگو یا نہ مانگو۔ آگے نُزُلًا بمعنی مہمانی فرما کر اس طرف اشارہ کر دیا کہ بہت سی وہ نعمتیں بھی ملیں گی جس کی تمنا بھی تمہارے دل میں پیدا نہیں ہوئی۔ جیسا کہ مہمان کے سامنے بہت سی وہ چیزیں بھی آتی ہیں جن کا پہلے سے کوئی تصور نہیں ہوتا خصوصاً جبکہ کسی بڑے کا مہمان ہو۔ (مظہری)

حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جنت میں کسی پرندے کو اڑتا ہوا دیکھ کر تمہارے دل میں اس کا گوشت کھانے کی خواہش پیدا ہوگی تو وہ اسی وقت بھنا بھنایا تمہارے سامنے آگرے گا۔ بعض روایات میں ہے کہ وہ نہ آگ سے مس ہوگا نہ دھوئیں سے، خود بخود پک کر سامنے آجاوے گا۔ (رواہ البزار والبیہقی عن ابن مسعود۔ مظہری)

اور **حدیث** میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مؤمن کو جنت میں اگر اپنے گھر میں بچہ پیدا ہونے کی خواہش ہوگی تو اس کا حمل اور وضع حمل پھر اس کا دودھ چھڑانا پھر جوان ہونا سب ایک ساعت میں ہو جائے گا۔ (ترمذی و بیہقی وغیرہ۔ مظہری)

وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ۔ یہ مومنین کاملین کا دوسرا حصہ احوال ہے کہ وہ صرف خود ہی اپنے ایمان و عمل پر قناعت نہیں کرتے بلکہ دوسرے لوگوں کو بھی اس کی دعوت دیتے ہیں۔ اور فرمایا کہ اُس سے اچھا کس کا قول ہو سکتا ہے جو لوگوں کو اللہ کی طرف بلائے۔ معلوم ہوا کہ انسان کے کلام میں سب سے افضل و احسن وہ کلام ہے جس میں دوسروں کو دعوت حق دی گئی ہو، اس میں دعوت الی اللہ کی سب صورتیں داخل ہیں۔ زبان سے تحریر سے یا کسی اور عنوان سے، اذان دینے والا بھی اس میں داخل ہے، کیونکہ وہ دوسروں کو نماز کی طرف بلاتا ہے۔ اسی لئے حضرت صدیقہ عائشہؓ نے فرمایا کہ یہ آیت مؤذنوں کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ اور اس دَعَآ اِلَى اللّٰهِ کے بعد عَمِلَ صَالِحًا آیا ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ اذان و اقامت کے درمیان دو رکعت نماز پڑھ لے۔

ایک **حدیث** میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اذان و اقامت کے درمیان جو دعا کی جاتی ہے وہ رد نہیں ہوتی۔ (رواہ ابوداؤد والترمذی عن انس رض۔ مظہری)

اذان اور جواب اذان کے فضائل و برکات احادیث صحیحہ میں بہت بڑے ہیں۔ بشرطیکہ اخلاص کے ساتھ اللہ کے لئے اذان دے، اجرت و معاوضہ پیش نظر نہ ہو۔ یہ احادیث اس جگہ تفسیر مظہری میں جمع کر دی ہیں۔

وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ۔ یہاں سے دعوت الی اللہ کی خدمت انجام دینے والوں کو خاص ہدایات دی گئی ہیں جس کا حاصل یہ ہے کہ وہ برائی کا بدلہ برائی سے نہ دیں بلکہ صبر اور احسان سے کام لیں اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ یعنی داعیانِ حق کی خصلت یہ ہونا چاہیے کہ وہ لوگوں کی برائی کو

طریق احسن سے دفع کریں۔ وہ یہ کہ برائی کا بدلہ برائی سے نہ لینا اور معاف کر دینا تو عمل حسن ہے اور احسن یہ ہے کہ جس نے تمھارے ساتھ برا سلوک کیا تم اس کو معاف بھی کر دو اور اس کے ساتھ احسان کا برتاؤ کرو۔ حضرت ابن عباس رضؓ نے فرمایا کہ اس آیت میں حکم یہ ہے کہ جو شخص تم پر غصہ کا اظہار کرے، تم اس کے مقابلہ میں صبر سے کام لو۔ جو تمھارے ساتھ جہالت سے پیش آوے تم اس کے ساتھ حلم و بردباری کا معاملہ کرو اور جس نے تمھیں ستایا اُس کو معاف کر دو۔ (مظہری)

بعض روایات میں ہے کہ صدیق اکبر رضؓ کو کسی شخص نے گالی دی یا بُرا کہا تو آپ نے اس کے جواب میں فرمایا کہ اگر تم اپنے کلام میں سچے ہو کہ میں مجرم و خطاوار اور بُرا ہوں تو اللہ تعالیٰ مجھے معاف فرما دے، اور اگر تم نے جھوٹ بولا ہے تو اللہ تعالیٰ تمھیں معاف فرما دے۔ (قرطبی)

وَمِنْ اٰيٰتِهِ الَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ؕ

اور اس کی قدرت کے نمونے ہیں رات اور دن اور سورج اور چاند

لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ

سجدہ نہ کرو سورج کو اور نہ چاند کو اور سجدہ کرو اللہ کو

الَّذِيْ خَلَقَهُنَّ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۳۷﴾ فَاِنِ

جس نے ان کو بنایا اگر تم اسی کو پوجتے ہو پھر اگر

اسْتَكْبَرُوْا فَالَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ يُسَبِّحُوْنَ لَهٗ

غرور کریں تو جو لوگ تیرے رب کے پاس ہیں پاکی بولتے رہتے ہیں اس کی

بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُمْ لَا يَسْـَٔمُوْنَ ﴿۳۸﴾ السجدۃ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ

رات اور دن اور وہ نہیں تھکتے اور ایک اس کی

اَنَّكَ تَرَى الْاَرْضَ خَاشِعَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ

نشانی یہ کہ تو دیکھتا ہے زمین کو دبی پڑی پھر جب اتارا ہم نے اس پر پانی

اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ ؕ اِنَّ الَّذِيْٓ اَحْيَاهَا لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ؕ

تازی ہوئی اور ابھری بے شک جس نے اس کو زندہ کیا وہ زندہ کرے گا مُردوں کو

اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۳۹﴾

وہ سب کچھ کر سکتا ہے۔

خُلاصۂ تفسیر

اور منجملہ اس کی (قدرت و توحید) کی نشانیوں کے رات اور دن ہے اور سورج ہے اور چاند ہے، (پس) تم لوگ نہ سورج کو سجدہ کرو اور نہ چاند کو (جیسا کہ صابئین ستاروں کی عبادت کیا کرتے تھے کمافی الکشاف) اور (صرف) اس خدا کو سجدہ کرو جس نے ان (سب) نشانیوں کو پیدا کیا۔ اگر تم کو خدا کی عبادت کرنا ہے (یعنی اگر خدا کی عبادت کرنا ہے تو وہ صرف اسی صورت میں ہو سکتی ہے کہ اس کے ساتھ کسی دوسرے کی عبادت نہ کرو، مشرکین کی طرح اللہ کی عبادت کے ساتھ دوسروں کو عبادت میں شریک کر دیا تو پھر وہ اللہ کی عبادت نہیں رہتی) پھر اگر یہ لوگ (توحید کی عبادت اختیار کرنے اور اپنی آبائی رسوم شرک کو چھوڑنے سے عار) اور تکبر کریں تو (اُن کی حماقت ہے، کیونکہ) جو فرشتے آپ کے رب کے مقرب ہیں وہ شب و روز اس کی پاکی بیان کرتے ہیں اور وہ (اس سے ذرا) نہیں اکتاتے (جب اللہ کے مقرب فرشتے جو ان لوگوں سے لاکھوں درجہ مکرم و معظم ہیں ان کو عار نہیں تو ان احمقوں کو عار کرنے کا کیا موقع ہے) اور منجملہ اس کی (قدرت و توحید) کی نشانیوں کے ایک یہ ہے کہ تو زمین کو دیکھتا ہے دبی دبائی (پڑی) ہے۔ پھر جب ہم اس پر پانی برساتے ہیں تو وہ ابھرتی اور پھولتی ہے (اس سے توحید پر بھی استدلال ہوتا ہے اور بعث یعنی مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونے پر بھی کیونکہ) جس نے زمین کو (اس کے مناسب) زندہ کر دیا وہی مُردوں کو (اُن کے مناسب) زندہ کر دے گا، بے شک وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

مَعارف و مَسائل

اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو سجدہ کرنا جائز نہیں

لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَهُنَّ۔ اس آیت سے ثابت ہوا کہ سجدہ صرف خالق کائنات کا حق ہے۔ اس کے سوا کسی ستارے یا انسان وغیرہ کو سجدہ کرنا حرام ہے، خواہ وہ عبادت کی نیت سے ہو یا محض تعظیم و تکریم کی نیت سے، دونوں صورتیں باجماع اُمت حرام ہیں۔ فرق صرف اتنا ہے کہ جو عبادت کی نیت سے کسی کو سجدہ کرے گا وہ کافر ہو جاویگا اور جس نے محض تعظیم و تکریم کے لئے سجدہ کیا اس کو کافر نہ کہیں گے مگر ارتکاب حرام کا مجرم اور فاسق کہا جائے گا۔

سجدۂ عبادت تو اللہ کے سوا کسی کو کسی اُمت و شریعت میں حلال نہیں رہا۔ کیونکہ وہ شرک

میں داخل ہے اور شرک تمام شرائع انبیاء میں حرام رہا ہے۔ البتہ کسی کو تعظیماً سجدہ کرنا، یہ پچھلی شریعتوں میں جائز تھا۔ دنیا میں آنے سے پہلے حضرت آدم علیہ السلام کے لئے سب فرشتوں کو سجدہ کا حکم ہوا۔ یوسف علیہ السلام کو اُن کے والد اور بھائیوں نے سجدہ کیا جس کا ذکر قرآن میں موجود ہے مگر باتفاق فقہاء اُمّت یہ حکم اُن شریعتوں میں تھا۔ اسلام میں منسوخ قرار دیا گیا اور غیر اللہ کو سجدہ مطلقاً حرام قرار دیا گیا۔ اس مسئلہ کی پوری تفصیل احقر کے رسالہ "المقالۃ المرضیہ فی حکم سجدۃ التحیۃ" میں مذکور ہے جو بزبانِ عربی ہے اس کا اُردو ترجمہ بھی شائع ہو چکا ہے۔

وَهُمْ لَا يَسْـَٔمُوْنَ۔ اس پر تو امت کا اجماع ہے کہ اس سورت میں سجدۂ تلاوت واجب ہے مقامِ سجدہ میں علماء کا اختلاف ہے۔ قاضی ابوبکر ابن العربی نے احکام القرآن میں لکھا ہے کہ حضرت علی اور ابن مسعود رضی اللہ عنہما پہلی آیت کے ختم پر سجدہ کرتے تھے یعنی اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ۔ پر اور اسی کو امام مالک رح نے اختیار فرمایا ہے اور حضرت ابن عباس رض دوسری آیت کے آخر یعنی لَا يَسْـَٔمُوْنَ پر سجدہ کرتے تھے۔ اور حضرت عبداللہ بن عمر رض نے بھی یہی فرمایا کہ دوسری آیت کے ختم پر سجدہ کریں۔ مسروقؒ، ابوعبدالرحمٰن سلمیؒ، ابراہیم نخعیؒ، ابن سیرینؒ، قتادہؒ وغیرہ، جمہور فقہاءؒ لَا يَسْـَٔمُوْنَ۔ ہی پر سجدہ کرتے تھے۔ امام ابوبکر جصاصؒ نے احکام القرآن میں فرمایا کہ یہی مذہب تمام ائمہ حنفیہ کا ہے اور فرمایا کہ اختلاف کی بنا پر احتیاط بھی اسی میں ہے کہ دوسری آیت کے ختم پر سجدہ کیا جائے کیونکہ اگر سجدہ پہلی آیت سے واجب ہو چکا ہے تو وہ اب ادا ہو جائے گا اور اگر اسی آیت سے واجب ہوا ہے تو اس کا ادا ہونا خود ظاہر ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا ؕ				
جو لوگ	ٹیڑھے چلتے ہیں	ہماری باتوں میں	وہ ہم سے	چھپے ہوئے نہیں
اَفَمَنْ يُّلْقٰى فِي النَّارِ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ يَّاْتِيْٓ اٰمِنًا يَّوْمَ				
بھلا	ایک جو پڑتا ہے آگ میں	وہ بہتر	یا ایک جو آئے گا	امن سے دن
الْقِيٰمَةِ ؕ اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ ۙ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۴۰﴾				
قیامت کے	کیے جاؤ	جو چاہو بیشک	جو تم کرتے ہو	وہ دیکھتا ہے
اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالذِّكْرِ لَمَّا جَآءَهُمْ ۚ وَاِنَّهٗ لَكِتٰبٌ				
جو لوگ	منکر ہوئے	نصیحت سے	جب آئی ان کے پاس	اور وہ کتاب ہے
عَزِيْزٌ ﴿۴۱﴾ لَّا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ				
نادر	اس پر جھوٹ کا	دخل نہیں	آگے سے	اور نہ پیچھے

خَلْفِهٖ ؕ تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ ﴿۴۲﴾ مَا يُقَالُ لَكَ

سے اتاری ہوئی ہے حکمتوں والے سب تعریفوں والے کی تجھے وہی کہتے ہیں

اِلَّا مَا قَدْ قِيْلَ لِلرُّسُلِ مِنْ قَبْلِكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ

جو کہہ چکے ہیں سب رسولوں سے تجھ سے پہلے تیرے رب کے یہاں معافی

مَغْفِرَةٍ وَّذُوْ عِقَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۴۳﴾ وَلَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا

بھی ہے اور سزا بھی ہے دردناک اور اگر ہم اس کو کرتے قرآن اوپری

لَّقَالُوْا لَوْلَا فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ ؕ ءَاَعْجَمِيٌّ وَّعَرَبِيٌّ ؕ قُلْ

زبان کا تو کہتے اس کی باتیں کیوں کھولی گئیں کیا اوپری زبان کی کتاب اور عربی لوگ تو کہہ

هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ؕ وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

یہ ایمان والوں کے لئے سوجھ ہے اور روگ کا دور کرنے والا اور جو یقین نہیں لاتے اُن کے

فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ وَّهُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى ؕ اُولٰٓئِكَ يُنَادَوْنَ

کانوں میں بوجھ ہے اور یہ قرآن اُن کے حق میں اندھا پا ہے ان کو پکارتے ہیں دور

مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۴۴﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ

کی جگہ سے اور ہم نے دی تھی موسیٰ کو کتاب پھر اس میں

فِيْهِ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ

اختلاف پڑا اور اگر نہ ہوتی ایک بات جو پہلے نکل چکی تھی تیرے رب کی طرف سے تو اُن میں فیصلہ ہو جاتا

وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۴۵﴾ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا

اور وہ ایسے دھوکے میں ہیں اس قرآن سے جو چین نہیں لینے دیتا جس نے کی بھلائی سو اپنے

فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَيْهَا ؕ وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۴۶﴾

واسطے اور جس نے کی برائی سو وہ بھی اسی پر اور تیرا رب ایسا نہیں جو ظلم کرے بندوں پر

ع ۱۲ ۵ ۱۹

وقرٌ: خصوصیت تسہیل الصنعۃ الثانیۃ

خُلاصۂ تفسیر

بلاشبہ جو لوگ ہماری آیتوں میں کجروی کرتے ہیں (یعنی یہ کہ ہماری آیتوں کا تقاضا ان پر ایمان لانے پھر ان پر استقامت رکھنے کا ہے، اس کو چھوڑ کر اُن کی تکذیب کرتے ہیں (کما فی الدر المنثور عن قتادہؓ) وہ لوگ ہم پر مخفی نہیں (ان کو ہم جہنّم کا عذاب دیں گے) سو بھلا جو شخص جہنّم میں ڈالا جائے (جیسے کافر) وہ اچھا ہے یا وہ شخص جو قیامت کے روز امن و امان کے ساتھ (جنّت میں) آئے (آگے

ان کو ڈرانے کے لئے ارشاد ہے کہ) جو جی چاہے (خوب) کرلو وہ تمہارا سب کچھ کیا ہوا دیکھ رہا ہے (ایک دفعہ ہی سزا دے گا) جو لوگ اس قرآن کا جبکہ وہ ان کے پاس پہنچتا ہے انکار کرتے ہیں۔ (ان میں خود تدبر کی کمی ہے) اور (اس قرآن میں کوئی کمی نہیں کیونکہ) یہ (قرآن) بڑی وقعت کتاب ہے جس میں غیر واقعی بات نہ اس کے آگے کی طرف سے آسکتی ہے اور نہ اس کے پیچھے کی طرف سے (یعنی اس میں کسی پہلو اور کسی جہت سے اس کا احتمال نہیں کہ یہ قرآن منزل من اللہ نہ ہو۔ اور پھر خلاف واقعہ اس کو منزل من اللہ کہدیا جائے جیسا کفار آپ پر یہی شبہ کرتے تھے۔ حق تعالیٰ نے ایک قاعدہ کلیہ سے اس شبہ خاص کا ازالہ کردیا اس طرح کہ اس کا اعجاز سب کے نزدیک مسلّم ہے اسلئے یہ ثابت ہوگیا کہ) یہ خدائے حکیم محمود (الذات والصفات) کی طرف سے نازل کیا گیا ہے (اور باوجود اس کے جو یہ لوگ آپ کی تکذیب کرتے ہیں ——— تو یہ معلوم کرکے تسلی کرلیجئے کہ) آپ کو وہی باتیں (تکذیب و ایذاء کی) کہی جاتی ہیں۔ جو آپ سے پہلے رسولوں کو کہی گئی ہیں (انھوں نے صبر کیا تھا آپ بھی صبر کیجئے اور اس سے بھی تسلی حاصل کیجئے کہ) آپ کا رب بڑی مغفرت والا اور دردناک سزا دینے والا ہے (پس اگر یہ مخالفین خلاف سے باز آکر مستحق مغفرت نہ ہوگئے تو ان کو سزا بھی دیں گا، پھر آپ کاہے کے لئے پریشان ہوں) اور (یہ لوگ ایک شبہ یہ کرتے ہیں کہ قرآن کا کچھ حصہ عجمی بھی ہونا چاہیے تھا، جیسا کہ تفسیر درمنثور میں قریش کا ایسا قول حضرت سعید بن جبیرؓ سے نقل کیا ہے جس سے اس کا اعجاز خوب ظاہر ہوتا، کہ نبی کریمؐ جو عجمی زبان نہیں جانتے وہ عجمی میں تکلم کریں سو بات یہ ہے کہ) اگر ہم اس کو (کلّا یا بعضاً) عجمی (زبان کا) قرآن بناتے (تو یہ ہرگز نہ ہوتا کہ اُس کو مان لیتے بلکہ اس میں ایک اور حجت نکالتے کیونکہ جب ماننے اور سمجھنے کا ارادہ نہیں ہوتا تو ہر تقدیر پہ کچھ نہ کچھ شاخ نکال لی جاتی ہے چنانچہ اگر ایسا ہوتا) تو یوں کہتے کہ اس کی آیتیں (اس طرح) صاف صاف کیوں نہیں بیان کی گئیں (کہ ہم سمجھ لیتے یعنی عربی میں کیوں نہیں آیا اگر بعض عجمی ہوتا تو کہتے یہ بعض بھی عربی کیوں نہیں ہے اور یوں کہتے کہ) یہ کیا بات ہے کہ عجمی کتاب اور رسول عربی (خلاصہ یہ کہ اب جو قرآن عربی ہے تو کہتے ہیں عجمی کیوں نہیں اور اگر عجمی ہوتا تو کہتے عربی کیوں نہیں کسی حال پر ان کو قرار نہیں پھر عجمی ہونے سے کیا فائدہ ہوتا۔ آگے اس مضمون سے جواب دینے کا حکم ہے کہ اے پیغمبر) آپ کہدیجئے کہ یہ قرآن ایمان والوں کے لئے تو (نیک کاموں کے بتلانے میں) رہنما ہے اور (برے کاموں سے جو روگ دلوں میں پیدا ہوجاتے ہیں جب اس قرآن کی رہنمائی پر عمل کیا جائے تو یہ اُن روگوں سے) شفا ہے (پس چونکہ ایمان والوں میں تدبّر و طلب حق کی کمی نہ تھی، ان کے حق میں قرآن اپنی حقانیت کے سبب نافع ہوا) اور جو (باوجود ظہور حق کے عناداً) ایمان نہیں لاتے اُن کے کانوں میں ڈاٹ ہے (جس سے حق کو انصاف اور تدبر سے نہیں

سنتے اور وہ کمی یہی ہے) اور (اسی کمی کی وجہ سے) وہ قرآن ان کے حق میں نابینائی ہے (قلّتِ تدبّر وقلّتِ انصاف سے تعصب میں قوت رہتی ہے اور تعصب ہدایت قبول کرنے سے مانع بلکہ زیادہ گمراہی کا سبب ہوجاتا ہے۔ نابینائی کا سبب ہونے کی یہ وجہ ہے جیسے آفتاب عالم کو روشنی دیتا ہے چمگادڑ کو اندھا کر دیتا ہے اور) یہ لوگ (حق بات سننے کے باوجود نفع سے محروم رہنے میں ایسے ہیں کہ گویا) کسی دور جگہ سے پکارے جا رہے ہیں (کہ آواز سنتے ہوں مگر سمجھتے نہ ہوں) اور (آپ کی تسلی کے لئے جیسا اوپر مجملاً رسولوں کا ذکر ہوا ہے اب خاص موسیٰ علیہ السلام کا ذکر ہوتا ہے کہ) ہم نے موسیٰ ؑ کو بھی کتاب دی تھی سو اس میں بھی اختلاف ہوا (کسی نے مانا کسی نے نہ مانا، یہ کوئی نئی بات آپ کے لئے نہیں ہوئی، پس آپ مغموم نہ ہوں) اور (یہ منکرین ایسے مستحق عذاب ہیں کہ) اگر ایک بات نہ ہوتی جو آپ کے رب کی طرف سے پہلے ٹھہر چکی ہے (کہ پورا عذاب ان کو آخرت میں دوں گا) تو ان کا (قطعی) فیصلہ (دنیا ہی میں) ہو چکا ہوتا اور یہ لوگ (باوجود قیام براہین کے) ابھی تک اس (فیصلہ یعنی عذاب موعود) کی طرف سے ایسے شک میں (پڑے) ہیں جس نے ان کو تردد میں ڈال رکھا ہے (کہ ان کو عذاب کا یقین ہی نہیں آتا حالانکہ فیصلہ ضرور واقع ہوگا اور اس فیصلہ کا حاصل یہ ہے کہ) جو شخص نیک عمل کرتا ہے وہ اپنے نفع کے لئے (یعنی وہاں اس کا نفع اور ثواب پاوے گا) اور جو شخص برا عمل کرتا ہے اس کا وبال (یعنی ضرر و عذاب) اسی پر پڑے گا اور آپ کا رب بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں (کہ کوئی نیکی جو شرائط کے مطابق عمل میں لائی گئی ہو اس کو شمار نہ کرے یا کسی بدی کو زائد شمار کرے)۔

معارف و مسائل

کفر کی ایک خاص قسم الحاد ہے اس کی تعریف اور احکام۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا۔ اس سے پہلی آیات میں ان منکرین توحید و رسالت کو زجر و تنبیہ اور ان کے عذاب کا ذکر تھا جو رسالت و توحید کا کھل کر صاف انکار کرتے تھے۔ یہاں سے انکار کی ایک خاص قسم کا ذکر کیا جاتا ہے جس کا نام الحاد ہے۔ لحد اور الحاد کے لغوی معنی ایک طرف مائل ہونے کے ہیں۔ قبر کی لحد کو بھی اسی لئے لحد کہتے ہیں کہ وہ ایک طرف مائل ہوتی ہے۔ قرآن و حدیث کی اصطلاح میں آیات قرآنی سے عدول و انحراف کو الحاد کہتے ہیں۔ لغوی معنی کے اعتبار سے تو یہ عام ہے صراحۃً کھلے طور پر انکار و انحراف کرے یا تاویلات فاسدہ کے بہانہ سے انحراف کرے۔ لیکن عام طور سے الحاد ایسے انحراف کو کہتے ہیں کہ ظاہر میں تو قرآن اور اس کی آیات پر ایمان و تصدیق کا دعوٰے

کرے مگر ان کے معانی اپنی طرف سے ایسے گھڑے جو قرآن و سنّت کی نصوص اور جمہورِ اُمّت کے خلاف ہوں اور جس سے قرآن کا مقصد ہی اُلٹ جائے۔ حضرت ابن عباس رضؓ سے اس آیت کی تفسیر میں الحاد کے معنی یہی منقول ہیں فرمایا الالحاد ھو وضع الکلام علیٰ غیر موضعہ۔ اور آیت مذکورہ میں ارشاد لَا یَخْفَوْنَ عَلَیْنَا بھی اس کا قرینہ ہے کہ الحاد کوئی ایسا کفر ہے جس کو یہ لوگ چھپانا چاہتے تھے اس لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یہ ہم سے اپنا کفر نہیں چھپا سکتے۔

اور آیت مذکورہ نے صراحتہً یہ بتلا دیا کہ آیاتِ قرآنی سے انکار و انحراف صاف اور کھلے لفظوں میں ہو یا معانی میں تاویلات باطلہ کر کے قرآن کے احکام کو بدلنے کی فکر کرے یہ سب کفر و ضلال ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ الحاد ایک قسم کا کفر نفاق ہے کہ ظاہر میں قرآن اور آیاتِ قرآن کو ماننے کا دعویٰ اور اقرار کرے لیکن آیاتِ قرآنی کے معانی ایسے گھڑے جو دوسری نصوص قرآن و سُنّت اور اصول اسلام کے منافی ہوں۔ امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں فرمایا:۔

کذالک الزنادقۃ الذین یلحدون وقد کانوا یظھرون الاسلام۔	ایسے ہی وہ زندیق لوگ ہیں جو الحاد کرتے ہیں اور بظاہر اسلام کا دعویٰ کرتے ہیں۔

اس سے معلوم ہوا کہ ملحد اور زندیق دونوں ہم معنی ہیں جو ایسے کافر کو کہا جاتا ہے جو ظاہر میں اسلام کا دعویٰ کرے اور حقیقت میں اس کے احکام کی تعمیل سے انحراف کا یہ بہانہ بنائے کہ قرآن کے معانی ہی ایسے گھڑے جو خلاف نصوص و خلاف اجماع اُمّت ہوں۔

ایک مغالطہ کا اِزالہ

کتب عقائد میں ایک ضابطہ یہ بیان کیا گیا ہے کہ متاوّل کو کافر نہیں کہنا چاہیئے یعنی جو شخص عقائد باطلہ اور کلماتِ کفریہ کو کسی تاویل سے اختیار کرے وہ کافر نہیں۔ لیکن اس ضابطہ کا مفہوم اگر عام لیا جائے کہ کیسے ہی قطعی اور یقینی حکم میں تاویل کرے اور کیسی ہی فاسد تاویل کرے وہ بہرحال کافر نہیں تو اس کا نتیجہ یہ لازم آتا ہے کہ دنیا میں مشرکین، بُت پرست اور یہود و نصاریٰ میں سے کسی کو بھی کافر نہ کہا جائے۔ کیونکہ بت پرست مشرکین کی تاویل تو قرآن میں مذکور ہے مَا نَعْبُدُھُمْ اِلَّا لِیُقَرِّبُوْنَآ اِلَی اللّٰہِ زُلْفٰی۔ یعنی ہم بتوں کی فی نفسہٖ عبادت نہیں کرتے بلکہ اس لئے کرتے ہیں کہ وہ سفارش ہمیں کر کے اللہ تعالیٰ کے قریب کر دیں، تو درحقیقت عبادت اللہ ہی کی ہے۔ مگر قرآن نے اُن کی اس تاویل کے باوجود انھیں کافر کہا، یہود و نصاریٰ کی تاویلیں تو بہت ہی مشہور و معروف ہیں۔ جن کے باوجود قرآن و سنّت کی نصوص میں اُن کو کافر کہا گیا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ متاوّل کو کافر نہ کہنے کا مفہوم عام نہیں۔

اسی لئے علماء و فقہاء نے تصریح فرمائی ہے کہ یہ تاویل جو تکفیر سے مانع ہوتی ہے اُسکی شرط یہ ہے کہ وہ ضروریاتِ دین میں ان کے مفہوم قطعی کے خلاف نہ ہو۔ ضروریاتِ دین سے مراد وہ احکام

ومسائل ہیں جو اسلام اور مسلمانوں میں اتنے متواتر اور مشہور ہوں کہ مسلمانوں کے اَن پڑھ جاہلوں تک کو بھی ان سے واقفیت ہو جیسے پانچ نمازوں کا فرض ہونا۔ صبح کی دو ظہر کی چار رکعت کا فرض ہونا۔ رمضان کے روزے فرض ہونا۔ سود، شراب، خنزیر کا حرام ہونا وغیرہ۔ اگر کوئی شخص ان مسائل سے متعلق آیاتِ قرآن میں ایسی تاویل کرے جس سے مسلمانوں کا متواتر اور مشہور مفہوم الٹ جائے، وہ بلاشبہ باجماعِ اُمّت کافر ہے، کیونکہ وہ درحقیقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم سے انکار ہے اور ایمان کی تعریف جمہورِ اُمّت کے نزدیک یہی ہے کہ

تصدیق النبی صلی اللہ علیہ وسلم فیما علم مجیئہ بہ ضرورۃ۔

یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق کرنا ان تمام امور میں جن کا بیان کرنا اور حکم کرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ضرورۃً ثابت ہو یعنی ایسا یقینی ثابت ہو کہ علماء کے سوا عوام بھی اس کو جانتے ہوں۔

اس لیئے کفر کی تعریف اس کے بالمقابل یہ ہوگی کہ جن چیزوں کا لانا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ضروری اور قطعی طور پہ ثابت ہو اُن میں سے کسی کا انکار کفر ہے۔

تو جو شخص ایسی ضروریاتِ دین میں تاویل کر کے اُس حکم کو بدلے وہ آپ کی لائی ہوئی تعلیم کا انکار کرتا ہے۔

اس زمانہ میں کفر و الحاد کی گرم بازاری

اس زمانے میں ایک طرف تو دین اور احکام دین سے جہالت اور غفلت انتہا کو پہنچ گئی کہ نئے لکھے پڑھے لوگ بہت سی ضروریاتِ دین سے بھی ناواقف رہتے ہیں۔ دوسری طرف جدید بے خدا تعلیم جس کی بنیاد ہی مادہ پرستی پر ہے، کچھ اس کے اثر سے اس پر مزید یورپ کے مستشرقین کے پھیلائے ہوئے اسلام کے خلاف شبہات و اوہام سے متاثر ہو کر بہت سے ایسے لوگوں نے اسلام اور اصول اسلام پر بحث و گفتگو شروع کر دی ہے جن کو اسلام کے اصول و فروع، قرآن و حدیث کے علوم سے کوئی واسطہ نہیں۔ انھوں نے اسلام کے متعلق اگر کچھ معلومات بھی حاصل کی ہیں تو اہلِ یورپ دشمنانِ اسلام سے حاصل کی ہیں۔ ایسے لوگوں نے قرآن و حدیث کی نصوص قطعیہ ضروریہ میں طرح طرح کی باطل تاویلیں کر کے شریعتِ اسلام کے متفق علیہ اور نصوصِ قطعیہ سے ثابت شدہ احکام کی تحریف کو اسلام کی خدمت سمجھ لیا۔ جب ان سے کہا جاتا ہے کہ یہ کھلا کفر ہے تو وہ مشہور ضابطہ کا سہارا لیتے ہیں کہ ہم اس حکم کے منکر تو نہیں بلکہ ایک تاویل کر رہے ہیں اس لیئے ہم پر یہ کفر عائد نہیں ہوتا۔

اسی لیئے وقت کی اہم ضرورت سمجھ کر ہمارے استاد حجۃ الاسلام حضرت مولانا سیّد محمد انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ نے اس مسئلہ کی تحقیق کے لیئے ایک مستقل کتاب تصنیف فرمائی جس کا نام ہے

اکفار الملحدین والمتأولین فی شیئٍ من ضروریات الدین ۔ اس میں ہر طبقہ ہر مسلک کے علماء و فقہاء کی تصریحات سے ثابت کیا ہے کہ ضروریاتِ دین میں کسی کی تاویل مسموع نہیں ۔ اور یہ تاویل ان کی تکفیر سے مانع نہیں ۔ یہ کتاب بزبان عربی شائع ہوئی ہے، احقر نے اس کا خلاصہ اردو زبان میں بنام "ایمان اور کفر قرآن کی روشنی میں" شائع کر دیا ہے ۔ اور احکام القرآن حزب خامس میں اس کا خلاصہ بزبان عربی بیان کر دیا ہے، اس کو دیکھا جا سکتا ہے ۔ یہاں اس کا خلاصہ حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رح کی ایک تحریر سے نقل کرنے پر اکتفا کیا جاتا ہے ۔

حضرت شاہ عبدالعزیز رح نے فرمایا کہ آیات قرآنی میں تاویل باطل جس کو قرآن کی آیت مذکورہ میں الحاد فرمایا ہے اس کی دو قسمیں ہیں، اول وہ تاویل باطل جو نصوص قطعیہ متواترہ یا اجماع قطعی کے خلاف ہو وہ تو بلاشبہ کفر ہے ۔ دوسری یہ کہ وہ ایسی نصوص کے خلاف ہو جو اگرچہ ظنی ہیں مگر قریب بہ یقین ہیں یا اجماع عرفی کے خلاف ہو، ایسی تاویل گمراہی اور فسق ہے، کفر نہیں ۔ ان دو قسم کی تاویلوں کے علاوہ باقی تاویلات جو قرآن و حدیث کے الفاظ میں مختلف احتمالات ہونے کی بنا پر ہوں وہ تاویل عام فقہاء امت کا میدان اجتہاد ہے جو بتصریح حدیث ہر حال میں باعث اجر و ثواب ہے ۔

اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِالذِّکْرِ لَمَّا جَآءَهُمْ وَاِنَّهٗ لَکِتٰبٌ عَزِیْزٌ ۙ لَّا یَاْتِیْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ ۔ جمہور مفسرین نے فرمایا کہ ذکر سے مراد یہاں قرآن ہے اور جملہ اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِالذِّکْرِ یہ سابق جملہ اِنَّ الَّذِیْنَ یُلْحِدُوْنَ سے بدل ہے اور بقاعدہ عربیت بدل اور مبدل منہ کا ایک حکم ہوتا ہے اس لئے اس کا حاصل یہ ہوا کہ یہ لوگ ہم سے چھپ نہیں سکتے اور اس لئے عذاب سے نہیں بچ سکتے ۔ آگے قرآن کے محفوظ منجانب اللہ ہونے کو بیان فرمایا ہے کہ اِنَّهٗ لَکِتٰبٌ عَزِیْزٌ ۔ یعنی یہ کتاب اللہ کے نزدیک عزیز و کریم ہے، کوئی باطل اس میں راستہ نہیں پا سکتا (کما روی عن ابن عباس رض ۔ مظہری)

لَّا یَاْتِیْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ ۔ آگے اس کتاب کے لئے منجانب اللہ حفاظت کا بیان ہے ۔ قتادہ رح اور سدی رح نے فرمایا کہ باطل سے مراد شیطان ہے اور مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ یعنی نہ سامنے سے آ سکتا ہے نہ پیچھے سے اس سے مراد تمام جوانب ہیں ۔ مطلب یہ ہے کہ شیطان کا کوئی تصرف و تدبیر اس کتاب میں نہیں چلتی کہ وہ اس کتاب میں کمی و بیشی یا کوئی تحریف کر سکے ۔

تفسیر مظہری میں اس کو نقل کر کے فرمایا کہ شیطان اس جگہ عام ہے شیطان الجن ہو یا آدمی شیطان، کسی کی تحریف و تبدیل قرآن میں نہیں چلتی جیسے بعض روافض نے قرآن میں دس پاروں کا، بعض نے

خاص خاص آیات کا اضافہ کرنا چاہا مگر کسی کی بات نہ چلی۔

ابو حیانؒ نے بحرِ محیط میں فرمایا کہ لفظ باطل اپنے الفاظ کے اعتبار سے شیطان کے ساتھ مخصوص نہیں۔ ہر باطل و مبطل شیطان کی طرف سے ہو یا کسی دوسرے کی طرف سے، قرآن میں وہ نہیں چل سکتا۔ پھر بحوالہ طبری آیت کا یہ مفہوم تبلایا کہ کسی اہل باطل کی مجال نہیں کہ سامنے آکر اس کتاب میں کوئی تغیر و تبدیل کرے اور نہ اس کی مجال ہے کہ پیچھے سے چھپ کر اس کے معانی میں تحریف اور الحاد کرے۔

طبری کی تفسیر اس مقام سے بہت زیادہ مناسب ہے۔ کیونکہ قرآن میں الحاد و تحریف کی دو ہی صورتیں ہو سکتی ہیں۔ اوّل یہ کہ کوئی اہلِ باطل کھلے طور پر قرآن میں کوئی کمی و بیشی کرنا چاہے اس کو تو مِنۢ بَيْنِ يَدَيْهِ سے تعبیر فرمایا۔ دوسرے یہ کہ کوئی شخص بظاہر دعویٰ ایمان کا کرے مگر چھپ کر تاویلات باطلہ کے ذریعہ قرآن کے معنی میں تحریف کرے، اس کو مِنۡ خَلۡفِهٖ کے لفظ سے تعبیر فرمایا۔ خلاصہ یہ ہے کہ یہ کتاب اللہ کے نزدیک ایسی عزیز و کریم ہے کہ نہ اس کے الفاظ میں کوئی کمی و بیشی اور تحریف و تبدیل پر کسی کو قدرت ہے اور نہ معانی میں تحریف کر کے قرآن کے احکام بدل دینے کی مجال ہے۔ جب کبھی کسی بدبخت نے اس کا ارادہ کیا وہ ہمیشہ رسوا ہوا۔ قرآن اس کی ناپاک تدبیر سے پاک صاف رہا۔ الفاظ میں تحریف و تبدیل کی راہ نہ ہونا تو ہر شخص دیکھتا سمجھتا ہے کہ تقریباً چودہ سو سال سے ساری دنیا میں پڑھا جاتا ہے۔ لاکھوں انسانوں کے سینوں میں محفوظ ہے۔ ایک زیر زبر کی غلطی کسی سے ہو جائے تو بوڑھوں سے لے کر بچوں تک، عالموں سے لیکر جاہلوں تک لاکھوں مسلمان اس کی غلطی پکڑنے والے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ اس کے ساتھ مِنۡ خَلۡفِهٖ کے الفاظ سے اس طرف اشارہ کر دیا کہ قرآن کی حفاظت جو اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمہ لی ہے اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ وہ صرف الفاظ کے ساتھ مخصوص نہیں، بلکہ اس کے معانی کی حفاظت کا بھی اللہ تعالیٰ ہی کفیل ہے۔ اُس نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے بلاواسطہ شاگردوں یعنی صحابۂ کرام کے ذریعہ معانی قرآن اور احکام قرآن کو بھی ایسا محفوظ کر دیا ہے کہ کوئی مُلحد بے دین اُس میں تاویلات باطلہ کے ذریعہ تحریف کا ارادہ کرے تو ہر جگہ ہر زمانے میں ہزاروں علماء اس کی تردید کے لئے کھڑے ہو جاتے ہیں اور وہ خائب و خاسر ہوتا ہے۔ اور حقیقت یہی ہے کہ آیت اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ میں ضمیر لَهٗ قرآن کی طرف راجع ہے اور قرآن صرف الفاظ کا نام نہیں بلکہ نظم و معنی دونوں کے مجموعہ کا نام ہے۔

خلاصہ آیاتِ مذکورہ کے مضمون کا یہ ہو گیا کہ جو لوگ بظاہر مسلمان ہیں، اس لئے کھل کر قرآن کا انکار تو نہیں کرتے مگر آیاتِ قرآنی میں تاویلاتِ باطلہ سے کام لیکر ان کو ایسے مطلب پر محمول کرتے ہیں جو قرآن اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قطعی تصریحات کے خلاف ہے۔ ان کی تحریف سے بھی اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب کو ایسا محفوظ کر دیا ہے کہ یہ گھڑے ہوئے معانی کسی کے چل نہیں سکتے۔ قرآن و حدیث کی

دوسری نصوص اور علماء اُمت اُس کی قلعی کھولدیتے ہیں۔ اور احادیث صحیحہ کی تصریح کے مطابق قیامت تک مسلمانوں میں ایسی جماعت قائم رہے گی جو تحریف کرنے والوں کی تحریف کا پردہ چاک کرکے قرآن کے صحیح مفہوم کو واضح کردے۔ اور دنیا سے وہ اپنے کفر کو کیسا ہی چھپائیں۔ اللہ تعالیٰ سے نہیں چھپا سکتے۔ اور جب اللہ تعالےٰ ان کی اس سازش سے باخبر ہے تو ان کو اس کی سزا ملنا بھی ضروری ہے

ءَاَعۡجَمِیٌّ وَّعَرَبِیٌّ ۔ عرب کے سوا جتنی قومیں دنیا میں ہیں اُن سب کو عجم کہا جاتا ہے اور جب اُس پر حرفِ ہمزہ بڑھا کر اعجم کہا جائے تو اس کے معنی کلام غیر فصیح کے ہوتے ہیں۔ اسلئے عجمی اُس شخص کو کہیں گے جو عربی نہ ہو، اگرچہ کلام فصیح بولتا ہو۔ اور اعجمی اس کو جو کلام فصیح نہ کرسکے۔ (قرطبی)

آیت مذکورہ میں اَعۡجَمِیٌّ فرمایا ہے، اس کا مطلب یہ ہوا کہ اگر ہم قرآن کو عربی زبان کے علاوہ کسی زبان میں بھیجتے تو قریش عرب جو قرآن کے پہلے مخاطب ہیں ان کو یہ شکایت ہوتی کہ یہ کتاب ہماری سمجھ میں نہیں آتی۔ اور تعجب سے کہتے کہ نبی تو عربی ہے اور کتاب اعجمی ہے جو فصیح نہیں۔

قُلۡ هُوَ لِلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا هُدًی وَّشِفَآءٌ ۔ یہاں قرآن کریم کی دو صفتیں بتلائی ہیں ایک یہ کہ وہ ہدایت ہے، زندگی کے ہر شعبہ میں انسان کو ایسا راستہ بتاتا ہے جو اس کے لئے نافع و مفید ہی ہو۔ دوسرے یہ کہ وہ شفاء ہے۔ قرآن کریم کا امراض باطنہ کفر و شرک، کبر و حسد، حرص و طمع وغیرہ سے شفاء ہونا تو ظاہر ہی ہے۔ ظاہری اور جسمانی امراض سے شفاء ہونا بھی اس میں داخل ہے جیسا کہ مشاہدہ ہے کہ بہت سے جسمانی امراض کا علاج قرآنی دعاؤں سے ہوتا ہے اور کامیاب ہوتا ہے

اُولٰٓئِكَ یُنَادَوۡنَ مِنۡ مَّكَانٍۭ بَعِیۡدٍ ۔ یہ ایک تمثیل ہے جو آدمی کلام کو سمجھتا ہو، عرب اس کو کہتے ہیں۔ اَنۡتَ تَسۡمَعُ مِنۡ قَرِیۡبٍ ۔ یعنی تم قریب سے سن رہے ہو اور جو کلام کو نہ سمجھے اس کو کہتے ہیں اَنۡتَ تُنَادِیۡ مِنۡ بَعِیۡدٍ ۔ یعنی تمہیں دور سے آواز دیجا رہی ہے۔ (قرطبی)

مطلب یہ ہے کہ یہ لوگ چونکہ قرآنی ہدایات کو سننے اور سمجھنے کا ارادہ نہیں رکھتے اس لئے گویا ان کے کان بہرے ہیں، اور آنکھیں اندھی ہیں۔ ان کو ہدایت کی تعلیم دینا ایسا ہے جیسا کسی کو بہت دور سے پکارا جائے کہ اس کے کانوں تک اس کی آواز نہ پہنچے۔

اِلَیۡهِ یُرَدُّ عِلۡمُ السَّاعَةِ ؕ وَمَا تَخۡرُجُ مِنۡ ثَمَرٰتٍ			
اسی کی طرف حوالہ ہے	قیامت کی خبر کا	اور نہیں نکلتے	کوئی میوے

مِّنْ اَكْمَامِهَا وَمَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ؕ

اپنے غلاف سے اور نہیں رہتا حمل کسی مادہ کو اور نہ وہ جنے کہ جس کی اس کو خبر نہیں

وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ اَيْنَ شُرَكَآءِيْ ۙ قَالُوْٓا اٰذَنّٰكَ ۙ مَا مِنَّا

اور جس دن ان کو پکارے گا کہاں ہیں میرے شریک بولیں گے ہم نے تجھ کو کہہ سنایا

مِنْ شَهِيْدٍ ۚ﴿۴۷﴾ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَدْعُوْنَ مِنْ

ہم میں کوئی اس کا اقرار نہیں کرتا اور چوک گیا ان سے جو پکارتے تھے

قَبْلُ وَظَنُّوْا مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ﴿۴۸﴾ لَا يَسْـَٔمُ الْاِنْسَانُ

پہلے اور سمجھ گئے کہ ان کو کہیں نہیں خلاصی نہیں تھکتا آدمی

مِنْ دُعَآءِ الْخَيْرِ ۫ وَاِنْ مَّسَّهُ الشَّرُّ فَيَـُٔوْسٌ قَنُوْطٌ ﴿۴۹﴾ وَ

مانگنے سے بھلائی اور اگر لگ جائے اسکو برائی تو آس توڑ بیٹھے ناامید ہو کر اور

لَئِنْ اَذَقْنٰهُ رَحْمَةً مِّنَّا مِنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ

اگر ہم چکھائیں اس کو کچھ اپنی مہربانی پیچھے ایک تکلیف کے جو اس کو پہنچی تھی

لَيَقُوْلَنَّ هٰذَا لِيْ ۙ وَمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ

تو کہنے لگے یہ ہے میرے لائق اور میں نہیں سمجھتا کہ قیامت آنے والی ہے اور اگر میں

رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى ۚ فَلَنُنَبِّئَنَّ

پھر بھی گیا اپنے رب کی طرف بیشک میرے لئے رہے اس کے پاس خوبی سو ہم جتلا دیں گے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِمَا عَمِلُوْا وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنْ عَذَابٍ

منکروں کو جو انھوں نے کیا ہے اور چکھائیں گے ان کو ایک گاڑھا

غَلِيْظٍ ﴿۵۰﴾ وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ

عذاب اور جب ہم نعمتیں بھیجیں انسان پر تو ٹلا جاوے اور مروڑ لے

بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُوْ دُعَآءٍ عَرِيْضٍ ﴿۵۱﴾

اپنی کروٹ اور جب لگے اس کو برائی تو دعائیں کرے چوڑی

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ثُمَّ كَفَرْتُمْ بِهٖ

تو کہہ بھلا دیکھو تو اگر یہ ہو اللہ کے پاس سے پھر تم نے اس کو نہ مانا

مَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ هُوَ فِيْ شِقَاقٍۭ بَعِيْدٍ ﴿۵۲﴾ سَنُرِيْهِمْ

پھر اس سے گمراہ زیادہ کون جو دور چلا جائے مخالف ہو کر اب ہم دکھلائیں گے

اٰيٰتِنَا فِي الْاٰفَاقِ وَفِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ

ان کو اپنے نمونے دنیا میں اور خود ان کی جانوں میں یہاں تک کہ کھل جائے اُن پر کہ یہ

اَنَّهُ الْحَقُّ ؕ اَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ اَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

ٹھیک ہے کیا تیرا رب تھوڑا ہے ہر چیز پر گواہ ہونے

شَهِيْدٌ ﴿۵۳﴾ اَلَآ اِنَّهُمْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآءِ رَبِّهِمْ ؕ

کے لئے سنتا ہے وہ دھوکے میں ہیں اپنے رب کی ملاقات سے سنتا ہے وہ

اَلَآ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطٌ ﴿۵۴﴾ ع

گھیر رہا ہے ہر چیز کو

ع ۱۰ ۶

خُلاصۂ تفسیر

(اوپر جس قیامت کا ذکر ہے کہ اس میں اُن کو جزا ملے گی اُس) قیامت کے علم کا حوالہ خُدا ہی کی طرف دیا جاسکتا ہے (یعنی اس سوال کے جواب میں کہ قیامت کب آوے گی جیسا کہ کفار بغرض انکار ایسا کہا کرتے تھے یہی کہا جاوے گا کہ اس کا علم خدا ہی کو ہے۔ مخلوق کو اس کا علم نہ ہونے سے اس کا عدم وقوع لازم نہیں آتا) اور (قیامت ہی کی کیا تخصیص ہے اس کا علم ہر شئے کو محیط ہے حتّٰی کہ) کوئی پھل اپنے خول میں سے نہیں نکلتا اور نہ کسی عورت کو حمل رہتا ہے اور نہ وہ بچّہ جنتی ہے مگر یہ سب اس کی اطلاع سے ہوتا ہے (اور اس اطلاع کی وجہ اس کی صفت علم کا ذاتی ہونا ہے جو بوجہ اعلیٰ درجہ کے کمال ہونے کے دلیل توحید بھی ہے۔ اور دلیل علم قیامت کی بھی ہے۔ پس اس سے دونوں مضمونوں کی تائید ہوگئی) اور (آگے اُس قیامت کے ایک واقعہ کا ذکر ہے جس سے اثبات توحید و ابطال شرک بھی ہوتا ہے یعنی) جس روز اللہ تعالیٰ ان (مشرکین) کو پکارے گا (اور کہے گا) کہ (جن کو تم نے میرا شریک قرار دے رکھا تھا وہ) میرے شریک (اب) کہاں ہیں (ان کو بلاؤ کہ تم کو اس مصیبت سے بچا دیں) وہ کہیں گے کہ (اب تو) ہم آپ سے یہی عرض کرتے ہیں کہ ہم میں کوئی (اس عقیدہ کا) مدعی نہیں (یعنی اپنی غلطی کے مقر ہیں چونکہ وہاں حقائق عقائد منکشف ہو جاویں گے۔ پس یہ اقرار یا تو اضطراری ہے یا اس لئے ہے کہ اس سے کچھ توقع نجات کی ہو) اور جن جن کو یہ لوگ پہلے سے (یعنی دنیا میں) پوجا کرتے تھے وہ سب غائب ہو جاویں گے اور (جب یہ احوال دیکھیں گے تو) یہ لوگ سمجھ لیں گے کہ ان کے لئے بچاؤ کی کوئی صورت نہیں (اس وقت جھوٹے خداؤں کا بے بس ہونا اور الٰہ واحد کا حق ہونا معلوم ہو جاویگا آگے شرک و کفر کا ایک بڑا اثر طبیعت انسانی پر بیان فرماتے ہیں کہ جو شخص توحید و ایمان سے بے بہرہ

ہے اس) آدمی (کے اخلاق وعقائد واعمال ایسے بُرے ہوتے ہیں کہ ایک تو کسی حالت میں یعنی فراخی اور تنگی دونوں میں) ترقی کی خواہش سے اس کا جی نہیں بھرتا (جو انتہائی حرص کی علامت ہے) اور (خاص حالت تنگی وغیرہ میں یہ کیفیت ہے کہ) اگر اس کو کچھ تکلیف پہنچتی ہے تو ناامید اور مایوس ہو جاتا ہے (اور یہ انتہائی ناشکری اور اللہ تعالیٰ سے بدگمانی کی علامت ہے) اور (جب تنگی دور ہو جاتی ہے تو اس وقت اس کی یہ کیفیت ہے کہ) اگر ہم اس کو کسی تکلیف کے بعد جو کہ اس پر واقع ہوئی تھی اپنی مہربانی کا مزہ چکھا دیتے ہیں تو کہتا ہے کہ یہ تو میرے لئے ہونا ہی چاہیے تھا) کیونکہ میری تدبیر و لیاقت وفضیلت اسی کی مقتضی تھی اور یہ بھی انتہائی ناشکری اور تکبر ہے) اور (اس نعمت میں یہاں تک پھولتا ہے اور بھولتا ہے کہ یوں بھی کہتا ہے کہ) میں قیامت کو آنے والا نہیں خیال کرتا اور اگر (بالفرض محال آئی بھی اور) میں اپنے رب کے پاس پہنچایا بھی گیا (جیسا نبی کہتے ہیں) تو میرے لئے اس کے پاس بھی بہتری ہی ہے (کیونکہ میں حق پر ہوں اور اس کا مستحق ہوں ۔ قیامت کا انکار غایت درجہ کفر اور قیامت واقع ہونے کی صورت میں یہ گمان کہ وہاں بھی مجھے انعامات ملیں گے، یہ اللہ کے معاملے میں انتہائی دھوکہ میں مبتلا ہونا ہے ۔غرض کفر وشرک سے یہ مفاسد پیدا ہوئے ۔ وہ ایسی بُری چیز ہے) سو (یہ لوگ یہاں جو چاہیں دعوے احقاق واستحقاق کا کر لیں اب عنقریب) ہم ان منکروں کو ان کے (یہ) سب کردار ضرور بتلا دیں گے اور ان کو سخت عذاب کا مزہ چکھا دیں گے اور (نیز کفر وشرک کا ایک اثر یہ ہے کہ) جب ہم (ایسے) آدمی کو نعمت عطا کرتے ہیں تو (ہم سے اور ہمارے احکام سے) منہ موڑ لیتا ہے اور کروٹ پھیر لیتا ہے (جو انتہائی درجہ کی ناشکری ہے) اور (حالت تنگی وضرر میں آثار کفر وشرک میں سے ایک یہ ہے کہ) جب اس کو تکلیف پہنچتی ہے تو (نعمت سلب ہو جانے پر جزع وفزع کی راہ سے نہ کہ منعم کی طرف التجاء کے طور پر) خوب لمبی چوڑی دعائیں کرتا ہے ۔ (اور یہ غایت درجہ کی بے صبری اور حبِ دنیا میں انہماک ہے ۔آگے رسالت اور قرآن کی حقانیت کی طرف دعوت دینے کے لئے ارشاد ہے کہ اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم) آپ (ان منکرین سے) کہئے کہ (اے منکرو! قرآن کے حق ہونے پر جو دلائل قائم ہیں جیسے اس کا معجزہ ہونا اور غیب کی خبریں صحیح صحیح دینا، اگر تم عدم تدبر کی وجہ سے ان کو سبب یقین نہیں سمجھتے تو کم از کم اس کے احتمال کے درجہ کی تو نفی تم بھی نہیں کر سکتے کیونکہ نفی پر تمہارے پاس کوئی دلیل تو قائم نہیں سو) بھلا یہ بتلاؤ کہ اگر (بناء علی الاحتمال المذکور) یہ قرآن خدا کے یہاں سے آیا ہو اور پھر تم اس کا انکار کرو تو ایسے شخص سے زیادہ کون غلطی میں ہوگا جو (حق سے) ایسی دور دراز کی مخالفت میں پڑا ہو (اس لئے انکار میں جلد بازی نہ کرو، بلکہ سوچ سمجھ سے کام لو تاکہ حق واضح اور متعین ہو جاوے اور ان لوگوں سے تو کیا امید ہے کہ یہ تدبیر کریں مگر خیر) ہم (خود ہی) عنقریب ان کو اپنی

(قدرت کی) نشانیاں (جو کہ دال ہوں صدق قرآن پر) ان کے گرد و نواح میں بھی دکھائیں گے (کہ تمام عرب پیشین گوئی کے موافق فتح ہوگا) اور خود ان کی ذاتِ (خاص) میں بھی (دکھلائیں گے کہ بدر میں مارے جائیں گے اور ان کا مسکن مکہ بھی فتح ہو جاوے گا) یہاں تک کہ (بالاضطرار ان پیشین گوئیوں کے وقوع سے) اُن پر ظاہر ہو جاوے گا کہ وہ قرآن حق ہے (کہ اس کی پیشین گوئیاں کس طرح صادق ہو رہی ہیں۔ گو یہ علم اضطراری بدون تصدیق اختیاری کے مقبول نہیں، لیکن اتمام حجت میں تو قوت زیادہ ہو جاوے گی۔ غرض اس کی حقیقت ایک روز اس طرح ظاہر ہو گی باقی فی الحال جو یہ لوگ آپ کی وحی رسالت کا انکار کر رہے ہیں آپ مغموم نہ ہوں کیونکہ اگر یہ لوگ اس پر شہادت نہ دیں تو) کیا آپ کے رَب کی بات (آپ کی حقانیت کی شہادت اور تسلی کے لئے) کافی نہیں کہ وہ ہر (واقعی) چیز کا شاہد ہے (اور اُس نے جابجا آپ کی رسالت کی شہادت دی ہے، آگے اصل وجہ اس انکار کی بتلاتے ہیں اور اس سے تسلی بھی زیادہ ہو سکتی ہے) یاد رکھو کہ وہ لوگ اپنے رَب کے روبرو جانے کے طرف سے شک میں پڑے ہیں (اس لئے دل میں ڈر نہیں جس سے حق کو طلب کریں مگر یاد رکھو کہ وہ ہر چیز کو (اپنے علم کے) احاطے میں لئے ہوئے ہے (پس ان کے شک و شبہ کو بھی جانتا ہے اور اس پر سزا دے گا)۔

مَعارف و مَسائِل

فَذُوْ دُعَآءٍ عَرِيْضٍ ۔ مقصود یہ ہے کہ کافر انسان کی خصلت یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ اس کو کوئی نعمت دولت و عزت و عافیت دیتے ہیں تو ان میں مگن اور مست ہو کر منعم حقیقی اللہ تعالیٰ سے اور بھی زیادہ دور ہو جاتا ہے اور اس کا تکبر اور غفلت بڑھ جاتی ہے اور جب کوئی مصیبت پیش آتی ہے تو اللہ تعالیٰ سے لمبی لمبی دعائیں مانگنے لگتا ہے۔ لمبی دعا کو اس جگہ عریض یعنی چوڑی سے تعبیر فرمایا جس میں زیادہ مبالغہ ہے۔ کیونکہ جس چیز کا عرض بڑا ہو اس کا طول اس سے زیادہ بڑا ہونا خود بخود معلوم ہے۔ اسی لئے جنت کی وسعت بیان فرمانے میں بھی حق تعالیٰ نے فرمایا عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ۔ یعنی جنت اتنی وسیع ہے کہ اس کے عرض میں سب آسمان و زمین سما جائیں۔

اور طویل دعائیں مانگنا اگرچہ فی نفسہٖ امر محمود و مستحسن ہے جیسا کہ احادیث صحیحہ میں دعا کے آداب میں ذکر کیا گیا ہے کہ دعا میں الحاح و زاری اور بار بار تکرار کرنا بہتر ہے۔

(کما اخرجہ البخاری و مسلم دعامۃ المحدثین)

لیکن اس جگہ اس کافر انسان کی جو مذمت کی گئی ہے وہ درحقیقت طول دعا پر نہیں بلکہ اسکی اس مجموعی مذموم خصلت پر ہے کہ جب اس پر اللہ تعالیٰ نعمت کی رزانی فرمادیں تو تکبر اور غرور میں مدہوش ہوجاوے اور جب مصیبت آوے تو اپنی پریشانی کو بار بار پکارتا اور کہتا پھرے جیسا غافل لوگوں کی عادت ہوتی ہے کہ اللہ سے دُعا کرنا مقصود نہیں ہوتا بلکہ اپنا دکھڑا رونا اور لوگوں سے کہتے رہنا مقصود ہوتا ہے۔ واللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اعلم

سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا فِي الْاٰفَاقِ وَفِيْٓ اَنْفُسِهِمْ۔ یعنی اپنی قدرت کاملہ اور وحدانیت کی نشانیاں ان لوگوں کو دکھلاتے ہیں آفاق میں بھی اور خود ان کے اپنے تن بدن میں بھی۔ آفاق اُفق کی جمع ہے، آسمان کے نچلے کنارے کو کہا جاتا ہے۔ مراد آفاق سے اطراف عالم ہیں یعنی سارے عالم کی بڑی چھوٹی مصنوعات و مخلوقات آسمان و زمین اور ان کے درمیانی مخلوقات میں سے ہر چیز کو دیکھو تو وہ اللہ تعالیٰ کے وجود اور اس کے علم و قدرت کے محیط ہونے اور اس کے یکتا ہونے کی شہادت دیتی ہیں اور اس سے زیادہ قریب کی چیز خود انسان کی اپنی جان اور جسم ہے۔ اس کے ایک ایک عضو اور اس میں کام کرنے والی باریک اور نازک مشینوں کو دیکھئے کہ ان میں انسان کی راحت و سہولت کے کیسے کیسے انتظام رکھے گئے ہیں کہ عقل حیران رہ جاتی ہے۔ پھر ان نازک مشینوں کو اتنا مضبوط بنایا ہے کہ ستر اسی سال تک وہ گھستی نہیں۔ انسان کے عام جوڑوں میں جو اسپرنگ لگے ہوئے ہیں اگر انسانی صنعت ہوتی تو فولادی اسپرنگ بھی گھس کر ختم ہوجاتے۔ یہاں ہاتھوں کی کھال اور اس پر لکھی ہوئی لکیریں اور خطوط بھی ساری عمر نہیں گھستے۔ جن میں کوئی ادنیٰ عقل و شعور کا آدمی بھی غور کرے تو اس یقین پر مجبور ہوگا کہ اس کی پیدا کرنے والی اور قائم رکھنے والی کوئی ایسی ذات ہے جس کے علم و قدرت کی کوئی انتہا نہیں اور جس کا مثل کوئی نہیں ہوسکتا۔

فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ط

تمت سورۃ حٰمٓ السجدۃ بعون اللہ وحدہ للعشرین
من الربیع الثانی سنہ ۱۳۹۲ھ یوم السبت

سُوْرَةُ الشُّوْرٰی ۲

سُوْرَةُ الشُّوْرٰی مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثٌ وَّخَمْسُوْنَ اٰيَةً وَّخَمْسُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ شوریٰ مکہ میں نازل ہوئی اور اس میں تریپن آیتیں ہیں اور پانچ رکوع۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

حٰمٓ ۚ﴿۱﴾ عٓسٓقٓ ﴿۲﴾ كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ

اسی طرح وحی بھیجتا ہے تیری طرف اور تجھ سے پہلوں

مِنْ قَبْلِكَ ۙ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۳﴾ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

کی طرف اللہ زبردست حکمتوں والا اسی کا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں

وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ﴿۴﴾ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ

اور زمین میں اور وہی ہے سب سے اوپر بڑا قریب ہے کہ پھٹ پڑیں

يَتَفَطَّرْنَ مِنْ فَوْقِهِنَّ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ

آسمان اوپر سے اور فرشتے پاکی بولتے ہیں خوبیاں اپنے

رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِمَنْ فِي الْاَرْضِ ۭ اَلَآ اِنَّ

رب کی اور گناہ بخشواتے ہیں زمین والوں کے سنتا ہے وہی

اللّٰهَ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۵﴾ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ

ہے اللہ معاف کرنے والا مہربان اور جنھوں نے پکڑے ہیں اس کے

دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَاۗءَ اللّٰهُ حَفِيْظٌ عَلَيْهِمْ ۣ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ

سوائے رفیق، اللہ کو وہ سب یاد ہیں اور تجھ پر نہیں ان کا

بِوَكِيْلٍ ﴿۶﴾ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّتُنْذِرَ

ذمہ اور اسی طرح اتارا ہم نے تجھ پر قرآن عربی زبان کا کہ تو ڈر سنائے

أُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا وَتُنْذِرَ يَوْمَ الْجَمْعِ لَا

بڑے گاؤں کو اور اس کے آس پاس والوں کو اور خبر سنادے جمع ہونے کے دن کی

رَيْبَ فِيْهِ ؕ فَرِيْقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيْقٌ فِي السَّعِيْرِ ⑦

اس میں دھوکا نہیں ایک فرقہ بہشت میں اور ایک فرقہ آگ میں

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَهُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّدْخِلُ

اور اگر چاہتا اللہ تو سب لوگوں کو کرتا ایک ہی فرقہ ولیکن وہ داخل کرتا ہے

مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ وَالظّٰلِمُوْنَ مَا لَهُمْ مِّنْ وَّلِيٍّ

جس کو چاہے اپنی رحمت میں اور گنہگار جو ہیں ان کا کوئی نہیں رفیق

وَّلَا نَصِيْرٍ ⑧ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءَ ۚ فَاللّٰهُ

اور نہ مددگار کیا انھوں نے پکڑے ہیں اس سے درے کام بنانے والے سو اللہ جو ہے

هُوَ الْوَلِيُّ وَهُوَ يُحْيِ الْمَوْتٰى ۫ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ⑨ ع ۱ ۹ ۲

وہی ہے کام بنانے والا اور وہی جلاتا ہے مُردوں کو اور وہ ہر چیز کر سکتا ہے۔

خُلاصۂ تفسیر

حٰمٓ عٓسٓقٓ۔ (اس کے معنی تو اللہ ہی کو معلوم ہیں۔ جس طرح اصولِ دینیہ کی تحقیق اور فوائد عظیمہ کے لئے یہ سورت آپ پر نازل ہو رہی ہے) اسی طرح آپ پر اور جو (پیغمبر) آپ سے پہلے ہو چکے ہیں اُن پر اللہ تعالیٰ جو زبردست حکمت والا ہے (دوسری سورتوں اور کتابوں کی) وحی بھیجتا رہا ہے (اور اس کی یہ شان ہے کہ) اُسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور وہی سب سے برتر اور عظیم الشان ہے (اس کی عظمتِ شان کو اگر کچھ زمین والے نہ پہچانیں اور نہ مانیں مگر آسمانوں میں اس کی معرفت رکھنے والے اور عظمت کو پہچاننے والے فرشتے اس کثرت سے ہیں کہ) کچھ بعید نہیں کہ آسمان (اُن کے بوجھ کی وجہ سے) اپنے اوپر سے (کہ بوجھ اودھر ہی سے پڑتا ہے) پھٹ پڑیں (جیسا کہ حدیث میں ہے اَطَّتِ السَّمَآءُ وَحُقَّ لَهَا اَنْ تَئِطَّ مَا فِيْهَا مَوْضِعُ اَرْبَعَةِ اَصَابِعَ اِلَّا وَمَلَكٌ وَاضِعٌ جَبْهَتَهٗ سَاجِدًا لِلّٰهِ۔ رواہ الترمذی وابن ماجہ وبہ فسر الآیۃ فی المدارک، یعنی آسمان میں ایسی آواز پیدا ہونے لگی جیسی کسی چیز پہ زیادہ بوجھ پڑ جانے سے ہوا کرتی ہے۔ اور اسمیں ایسی ہی آواز ہونی چاہیئے۔ کیونکہ پورے آسمانوں میں چار انگشت کی جگہ بھی ایسی نہیں جس میں کوئی فرشتہ اپنی پیشانی ٹیک کر سجدہ میں نہ ہو) اور (وہ) فرشتے اپنے رب کی تسبیح و تحمید کرتے ہیں، اور

اہلِ زمین (میں جو لوگ اس کی عظمت کا حق اَدا نہیں کرتے بلکہ شرک و کفر میں مبتلا ہیں اس لئے مستحق عذاب ہیں۔ وہ فرشتے اُن) کے لئے (ایک خاص وقت تک) معافی مانگتے ہیں (اس محدود معافی مانگنے سے مُراد یہ ہے کہ فرشتے اس کی دُعا کرتے ہیں کہ ان پر دنیا میں کوئی سخت عذاب نہ آجائے۔ جس سے سبھی ہلاک ہو جائیں۔ دنیا کی معمولی سزائیں اور آخرت کا اصلی عذاب اس استغفار کے مفہوم سے خارج ہے۔ اور اللہ تعالیٰ فرشتوں کی اس دُعا و درخواست کو قبول فرما کر ان کو دنیا کے عذابِ عام سے بچا لیتا ہے) خوب سمجھ لو کہ اللہ ہی معاف کرنیوالا اور رحمت کرنیوالا ہے (اگرچہ کفار کی یہ معافی محدود اور رحمت صرف دنیا کی حد تک ہوتی ہے) اور جن لوگوں نے خدا کے سوا دوسرے کارساز قرار دے رکھے ہیں اللہ تعالیٰ ان (کے اعمالِ قبیحہ) کو دیکھ بھال رہا ہے (جس کی سزا اُن کو مناسب وقت پر ملے گی) اور آپ کو ان پر کوئی اختیار نہیں دیا گیا (کہ آپ جب چاہیں اُن پر عذاب نازل کرا دیں) اور آپ کو ان لوگوں پر فوری عذاب نہ آنے سے حزن و ملال نہ ہونا چاہیئے کیونکہ آپ کا کام تبلیغ کرنے کا ہے وہ آپ کر چکے اس سے زیادہ کی فکر آپ نہ کریں، چنانچہ) ہم نے اسی طرح (جیسا کہ آپ دیکھ رہے ہیں) آپ پر قرآنِ عربی وحی کے ذریعہ (محض اس لئے) نازل کیا ہے تاکہ آپ (سب سے پہلے) مکہ کے رہنے والوں کو اور جو لوگ اس کے آس پاس ہیں اُن کو ڈرائیں اور (یہ ڈرانا بھی ایک بڑی چیز سے ہے یعنی) جمع ہونے کے دِن سے ڈرائیں۔ (مراد اس سے قیامت ہے جس میں سب اوّلین و آخرین ایک میدان میں جمع ہوں گے) جس میں ذرا شک نہیں (جس میں فیصلہ یہ ہوگا کہ) ایک گروہ جنت میں (داخل) ہوگا ایک گروہ دوزخ میں (داخل) ہوگا۔ (بس آپ کا کام اتنا ہی ہے کہ اس دن سے اُن کو ڈرائیں) اور (رہا ان کا ایمان لانا یا نہ لانا یہ مشیتِ الٰہی پر موقوف ہے) اگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا تو ان سب کو ایک ہی طریقہ کا بنا دیتا (یعنی سب کو ایمان نصیب ہو جاتا جیسا کہ حق تعالیٰ نے فرمایا وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا۔ یعنی اگر ہم چاہتے تو ہر شخص کو صحیح ہدایت پر پہنچا دیتے) لیکن (بہت سی حکمتوں کی بنا پر اس کو یہ منظور نہیں ہوا بلکہ) وہ جس کو چاہتا ہے (ایمان دیکر) اپنی رحمت میں داخل کر لیتا ہے (اور جس کو چاہتا ہے اس کے کفر و شرک پر چھوڑ دیتا ہے کہ وہ رحمت میں داخل نہیں ہوتا) اور (ان) ظالموں کا (جو کہ کفر و شرک میں مبتلا ہیں قیامت کے روز) کوئی حامی اور مددگار نہیں (آگے شرک کا ابطال کیا جاتا ہے) کیا ان لوگوں نے خدا کے سوا دوسرے کارساز قرار دے رکھے ہیں سو (اگر کارساز بنانا ہے تو) اللہ ہی کارساز (بنانے کا مستحق) ہے اور وہی مُردوں کو زندہ کرے گا اور وہی ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے (تو کارساز بنانے کے لائق وہی ہے جو ہر چیز پر یہاں تک کہ مُردوں کو زندہ کرنے پر قادر ہے اس کی قدرت کی خصوصیت یہ ہے کہ اور چیزوں پر تو برائے نام قدرت کچھ دوسروں کو بھی اسوقت حاصل ہے، مگر مُردوں کو زندہ کرنے کی قدرت میں کوئی برائے نام بھی شریک نہیں)۔

مَعارِف و مَسائِل

يَتَفَطَّرْنَ - اس میں بحوالہ حدیث اوپر بیان ہوا ہے کہ فرشتوں کے بوجھ سے آسمان میں ایسی آواز پیدا ہوتی جیسی کسی چیز پر بڑا بھاری بوجھ رکھ دینے سے ہوا کرتی ہے - اس سے معلوم ہوا کہ فرشتوں میں ثقل والا بوجھ ہے - اور اس میں کوئی استبعاد نہیں - کیونکہ یہ بات تو مسلّم ہے کہ فرشتے بھی اجسام ہیں اگرچہ اجسام لطیفہ ہوں - اور اجسام لطیفہ جب بہت بڑی تعداد میں ہو جائیں تو ان کا بوجھ پڑنا کوئی مستبعد نہیں - (بیان القرآن)

لِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى - اُمّ القریٰ کے معنی ہیں ساری بستیوں اور شہروں کی اصل اور بنیاد، مراد مکہ مکرمہ ہے - اس کا نام اُمّ القریٰ اس لئے رکھا گیا کہ یہ شہر ساری دنیا کے شہروں اور بستیوں سے اور ساری زمین سے اللہ کے نزدیک اشرف و افضل ہے - جیسا کہ امام احمدؒ نے مسند میں حضرت عدی بن حمراء زہری سے روایت کی ہے - انھوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اسوقت سنا جبکہ آپؐ (مکہ مکرمہ سے ہجرت کر رہے تھے اور) بازار مکہ کے مقام حزورہ پر تھے کہ آپؐ نے مکہ مکرمہ کو خطاب کرکے فرمایا:-

انك لخير ارض الله واحبّ ارض الله الىّ ولولا انّى اُخرجت منك لما خرجت (وروى مثله الترمذى والنسائى وابن ماجه وقال الترمذى حديث حسن صحيح)

تو میرے نزدیک اللہ کی ساری زمین سے بہتر ہے اور ساری زمین سے زیادہ محبوب ہے، اگر مجھے اس زمین سے نکالا نہ جاتا تو میں اپنی مرضی سے کبھی اس زمین کو نہ چھوڑتا -

وَمَنْ حَوْلَهَا - یعنی مکہ مکرمہ کے آس پاس اس سے مراد آس پاس کے عرب ممالک بھی ہو سکتے ہیں اور پوری زمین کی مشرق و مغرب بھی -

وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيهِ مِنْ شَيْءٍ فَحُكْمُهُ إِلَى اللَّهِ ۚ ذَٰلِكُمُ

اور جس بات میں جھگڑا کرتے ہو تم لوگ کوئی چیز ہو اس کا فیصلہ ہے اللہ کے حوالے وہ اللہ

اللَّهُ رَبِّي عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ ﴿١٠﴾ فَاطِرُ السَّمَاوَاتِ

ہے رب میرا اسی پر ہے مجھ کو بھروسہ اور اسی کی طرف میری رجوع ہے بنا نکالنے والا آسمانوں کا

وَالْأَرْضِ ۚ جَعَلَ لَكُمْ مِنْ أَنْفُسِكُمْ أَزْوَاجًا وَمِنَ

اور زمین کا بنا دیئے تمھارے واسطے تم ہی میں سے جوڑے اور چوپایوں

۴۱

الْاَنْعَامِ اَزْوَاجًا يَذْرَؤُكُمْ فِيْهِ ؕ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ ۚ	
میں سے جوڑے بکھیرتا ہے تم کو اسی طرح نہیں ہے اس کی طرح کا سا کوئی	
وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ﴿۱۱﴾ لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ	
اور وہی ہے سننے والا دیکھنے والا اسی کے پاس ہیں کنجیاں آسمانوں کی اور زمین کی	
يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ اِنَّهٗ بِكُلِّ	
پھیلا دیتا ہے روزی جس کے واسطے چاہے اور ماپ کر دیتا ہے، وہ ہر چیز کی خبر	
شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۲﴾	
رکھتا ہے۔	

خلاصۂ تفسیر

اور (آپ ان لوگوں سے جو توحید میں آپ سے اختلاف رکھتے ہیں یہ کہئے کہ) جس جس بات میں تم (اہل حق کے ساتھ) اختلاف کرتے ہو اس (سب) کا فیصلہ اللہ تعالیٰ ہی کے سپرد ہے (وہ یہ ہے کہ دنیا میں دلائل و معجزات کے ذریعہ توحید کا حق ہونا واضح فرما دیا اور آخرت میں ایمان والوں کو جنت اور ایمان نہ لانے والوں کو جہنم میں ڈالا جائے گا) یہ اللہ (جس کی یہ شان ہے) میرا رب ہے (اور تمہارے خلاف و مخالفت سے جو کسی تکلیف و نقصان کے پہنچنے کا اندیشہ ہو سکتا ہے اس کے بارے میں) اسی پر توکل رکھتا ہوں اور (دنیا و دین کے سب کاموں میں) اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں (اس سے توحید کا مضمون خوب مؤکد ہو گیا۔ آگے دوسری صفات کمال کے بیان سے اس کی مزید تاکید کیجاتی ہے یعنی) وہ آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے (اور تمہارا بھی پیدا کرنے والا ہے چنانچہ) اس نے تمہارے لئے تمہاری جنس کے جوڑے بنائے اور (اسی طرح) مواشی کے جوڑے بنائے (اور) اس (جوڑے ملانے) کے ذریعہ تمہاری نسل چلا رہا ہے (وہ ذات و صفات میں ایسا کامل ہے کہ) کوئی چیز اس کی مثل نہیں اور وہی ہر بات کا سننے والا دیکھنے والا ہے (بخلاف دوسروں کے کہ ان کا سننا دیکھنا بہت محدود ہے اور بمقابلہ اللہ کے سمع و بصر کے کالعدم ہے) اسی کے اختیار میں ہیں کنجیاں آسمانوں کی اور زمین کی (یعنی ان میں تصرف کرنے کا صرف اسی کو حق ہے جس میں سے ایک تصرف یہ ہے کہ) جس کو چاہے زیادہ روزی دیتا ہے اور (جس کو چاہے) کم دیتا ہے، بے شک وہ ہر چیز کا پورا جاننے والا ہے (ہر ایک کو مصلحت کے مطابق دیتا ہے۔)

معارف ومسائل

وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيهِ مِنْ شَيْءٍ فَحُكْمُهُ إِلَى اللَّهِ - یعنی جس معاملہ جس کام میں بھی تمہارے آپس میں کوئی اختلاف ہو اس کا فیصلہ اللہ ہی کے سپرد ہے۔ کیونکہ اصل حکم صرف اللہ ہی کا ہے جیسا کہ دوسری آیت میں ارشاد ہے۔ إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلَّهِ - اور دوسری اکثر آیات میں جو اطاعت کے حکم میں رسول کو اور بعض آیات میں اولوالامر کو بھی شامل کیا گیا ہے وہ اس کے معارض نہیں کیونکہ رسول یا اولوالامر جو کچھ فیصلہ یا حکم کرتے ہیں وہ ایک حیثیت سے اللہ تعالیٰ کا ہی حکم ہوتا ہے۔ اگر بذریعہ وحی یا نصوص کتاب وسنت ہے تو اس کا حکم الٰہی ہونا ظاہر ہے۔ اور اگر اپنے اجتہاد سے ہے تو چونکہ اجتہاد کا مدار بھی نصوص قرآن وسنت پر ہوتا ہے اس لئے وہ بھی ایک حیثیت سے اللہ ہی کا حکم ہے۔ مجتہدین امت کے اجتہادات بھی اس حیثیت سے احکام الٰہیہ ہی میں داخل ہیں۔ اسی لئے علماء نے فرمایا کہ عام آدمی جو قرآن وسنت کو سمجھنے کی صلاحیت نہیں رکھتے ان کے حق میں مفتی کا فتویٰ ہی حکم شرعی کہلاتا ہے۔

شَرَعَ لَكُمْ مِنَ الدِّينِ مَا وَصَّىٰ بِهِ نُوحًا وَالَّذِي أَوْحَيْنَا

راہ ڈال دی تمہارے لئے دین میں وہی جس کا حکم کیا تھا نوح کو اور جس کا حکم بھیجا ہم نے

إِلَيْكَ وَمَا وَصَّيْنَا بِهِ إِبْرَاهِيمَ وَمُوسَىٰ وَعِيسَىٰ أَنْ أَقِيمُوا

تیری طرف اور جس کا حکم کیا ہم نے ابراہیم کو اور موسیٰ کو اور عیسیٰ کو یہ کہ قائم رکھو

الدِّينَ وَلَا تَتَفَرَّقُوا فِيهِ ۚ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِينَ مَا تَدْعُوهُمْ

دین کو اور اختلاف نہ ڈالو اس میں بھاری ہے شرک کرنے والوں کو وہ چیز جس کی طرف تو

إِلَيْهِ ۚ اللَّهُ يَجْتَبِي إِلَيْهِ مَنْ يَشَاءُ وَيَهْدِي إِلَيْهِ مَنْ

ان کو بلاتا ہے اللہ چن لیتا ہے اپنی طرف سے جس کو چاہے اور راہ دیتا ہے اپنی طرف اس کو جو

يُنِيبُ ﴿١٣﴾ وَمَا تَفَرَّقُوا إِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْعِلْمُ

رجوع لائے اور جنہوں نے اختلاف ڈالا سو سمجھا آچکنے کے بعد آپس کی ضد

بَغْيًا بَيْنَهُمْ ۚ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَبِّكَ إِلَىٰ

سے اور اگر نہ ہوتی ایک بات جو نکلی ہے تیرے رب سے ایک

أَجَلٍ مُسَمًّى لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۚ وَإِنَّ الَّذِينَ أُورِثُوا

مقررہ وعدہ تک تو فیصلہ ہو جاتا ان میں اور جن کو ملی ہے

الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۱۴﴾ فَلِذٰلِكَ

کتاب ان کے پیچھے وہ البتہ اس سے دھوکہ میں ہیں جو چین نہیں آنے دیتا سو تو اسی طرف

فَادْعُ ۚ وَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ ۚ وَقُلْ

بلا اور قائم رہ جیسا کہ فرما دیا ہے تجھ کو اور مت چل ان کی خواہشوں پر اور کہہ

اٰمَنْتُ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنْ كِتٰبٍ ۚ وَاُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَيْنَكُمْ ؕ

میں یقین لایا ہر کتاب پر جو اتاری اللہ نے اور مجھ کو حکم ہے کہ انصاف کروں تمہارے بیچ میں

اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ؕ لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ؕ لَا حُجَّةَ

اللہ رب ہے ہمارا اور تمہارا ہم کو ملیں گے ہمارے کام اور تم کو تمہارے کام کچھ جھگڑا نہیں

بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ ؕ اَللّٰهُ يَجْمَعُ بَيْنَنَا ۚ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿۱۵﴾ ؕ

ہم میں اور تم میں اللہ اکٹھا کرے گا ہم سب کو اور اسی کی طرف پھر جانا ہے۔

خلاصۂ تفسیر

اللہ تعالیٰ نے تم لوگوں کے واسطے وہی دین مقرر کیا جس کا اس نے نوح (علیہ السلام) کو حکم دیا تھا اور جس کو ہم نے آپ کے پاس وحی کے ذریعہ سے بھیجا ہے اور جس کا ہم نے ابراہیم اور موسیٰ (علیہم السلام) کو (مع اُن سب کے اتباع کے) حکم دیا تھا (اور ان کی امم کو یہ کہا تھا) کہ اس دین کو قائم رکھنا اور اس میں تفرقہ نہ ڈالنا۔ (مُراد اس دین سے اُصول دین ہیں جو مشترک ہیں تمام شرائع میں، مثل توحید و رسالت و بعث ونحوہ اور قائم رکھنا یہ کہ اس کو تبدیل مت کرنا اور اس کو ترک مت کرنا اور تفریق یہ کہ کسی بات پر ایمان لاویں اور کسی پر ایمان نہ لاویں یا کوئی ایمان لاوے اور کوئی نہ لاوے۔ حاصل یہ کہ توحید وغیرہ دینِ قدیم ہے کہ اول سے اس وقت تک تمام شرائع اس میں متفق رہی ہیں اور اسی کے ضمن میں نبوت کی بھی تائید ہو گئی۔ پس چاہیئے تھا کہ اس کے قبول کرنے میں لوگوں کو ذرا پس و پیش نہ ہوتا مگر پھر بھی) مشرکین کو وہ بات (یعنی توحید) بڑی گراں گزرتی ہے جس کی طرف آپ اُن کو بُلا رہے ہیں۔ (اور اسی کے ساتھ یہ بھی کہ) اللہ اپنی طرف جس کو چاہے کھینچ لیتا ہے (یعنی دین حق قبول کرنے کی توفیق دیتا ہے) اور جو شخص (خدا کی طرف) رجوع کرے اس کو اپنے تک رسائی دے دیتا ہے (مشیت کے بعد اجتباء ہوتا ہے اور اجتباء یعنی توفیقِ ایمان کے بعد اگر انابت و اطاعت ہو تو اُس پر قربِ الٰہی و ثواب غیر متناہی مرتب ہوتا ہے۔ خلاصہ یہ کہ مشرکین متصف بالا بار ہیں اور مؤمنین متصف بالاجتباء و الاہتداء ہیں) اور (ہمارا جو امم سابقہ کو حکم تھا اَقِيْمُوا الدِّيْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا

فِیْہِ تو بہت لوگ اس پر قائم نہ رہے اور متفرق ہو گئے اس کا سبب کوئی التباس و اشتباہ نہ تھا کہ احتمال معذوری کا ہو بلکہ) وہ لوگ بعد اس کے کہ اُن کے پاس (یعنی اُن کے اسماع و اذہان تک) عِلم (صحیح) پہنچ چکا تھا محض آپس کی ضِدّا ضِدّی سے باہم متفرق ہو گئے (اس طرح کہ اوّل طلب مال و دولت و طلب جاہ و ریاست سے اغراض مختلف ہوئیں پھر فرقے بن گئے۔ ایسے وقت میں دین کو بھی آڑ دوسرے کی تنقیص و تعییب کی بنایا کرتے ہیں، شدہ شدہ مسلک و مذہب مختلف ہو جاتا ہے پھر فروع سے اصول میں جا پہنچتے ہیں) اور (یہ لوگ اس جرمِ عظیم میں کہ حق کو سمجھ کر مختلف ہوئے ایسے عذابِ شدید کے مستحق ہو گئے تھے کہ) اگر آپ کے پروردگار کی طرف سے ایک وقت معین تک (کے لئے مہلت دینے کی) ایک بات پہلے قرار نہ پا چکی (کہ ان کا عذاب موعود آخرت میں ہو گا) تو (دُنیا ہی میں) اُن (کے اختلافات) کا فیصلہ ہو چکا ہوتا (یعنی عذاب سے استیصال کر دیا جاتا اور گو امم سابقہ پر عذاب آیا لیکن غیر مؤمنین پر آیا۔ مؤمنین میں سے جنھوں نے تفرق کیا یہ برکت التزام ایمان کے ان پر نہیں آیا۔ اگر کسی پر ثابت ہو جاوے تو سب پر نہیں آیا اس تقدیر پر یہ معنی ہوں گے کہ جن بعض پر نہیں آیا، اس کی وجہ عدم مقتضی کا نہیں بلکہ اس کی وجہ مانع یعنی امہال اِلٰی اَجَلٍ مُّسَمًّی کا وجود ہے۔ یہ تو قصہ اُمم سابقہ کا ہوا) اور جن لوگوں کو اُن (اُمم سابقہ) کے بعد کتاب دی گئی ہے (مُراد اس سے مشرکین عہدِ نبوی کے ہیں کہ آپ کے ذریعہ سے اُن کو قرآن پہنچا) وہ (لوگ) اُس (کتاب) کی طرف سے ایسے (قوی) شک میں پڑے ہیں جس نے (اُن کو) تردُّد میں ڈال رکھا ہے (مطلب یہ کہ امم سابقہ میں سے بعض نے جیسے انکار کیا تھا اسی طرح اب ان کی نوبت آئی) سو آپ (کسی کے انکار سے دل شکستہ نہ ہو جیئے بلکہ جس طرف آپ ان کو پہلے سے بُلا رہے ہیں جس کا ذکر اس آیت میں ہے کَبُرَ عَلَی الْمُشْرِکِیْنَ مَا تَدْعُوْھُمْ اِلَیْہِ یعنی توحید) اُسی طرف (اُن کو برابر) بلائے جایئے اور جس طرح آپ کو حکم ہوا ہے (کہ فَلِذٰلِكَ فَادْعُ اُس پر) مستقیم رہیئے اور ان کی (فاسد) خواہشوں پر نہ چلیئے (یعنی وہ مخالفت کر کے یہ چاہتے ہیں کہ ہم کو کہنا چھوڑ دیں تو آپ چھوڑ دیئے نہیں) اور آپ کہہ دیجیئے کہ (میں جس بات کی طرف تم کو بلاتا ہوں میں خود بھی اُس پر عامل ہوں چنانچہ) اللہ نے جتنی کتابیں نازل فرمائی ہیں (جن میں قرآن بھی داخل ہے) میں سب پر ایمان لاتا ہوں (جن کے مضامین متفق علیہا میں سے توحید بھی ہے) اور مجھ کو یہ (بھی) حکم ہوا ہے کہ (اپنے اور) تمہارے درمیان میں عدل (و انصاف) رکھوں (یعنی جس چیز کو تم پر واجب و لازم کہوں اپنے اوپر بھی اس کو لازم رکھوں، یہ نہیں کہ تم کو کلفت میں ڈالوں اور خود آزاد رہوں، ایسے مضامین و معاملہ سے سلیم الطبع کو رغبت اتباع کی ہوتی ہے۔ اور اس پر بھی اگر نرم نہ ہوں تو اخیر بات یہ ہے کہ) اللہ ہمارا بھی

مالک ہے اور تمھارا بھی مالک ہے (یعنی وہ سب کا حاکم ہے اور) ہمارے عمل ہمارے لئے اور تمھارے عمل تمھارے لئے، ہماری تمھاری کچھ بحث نہیں اللہ (جو سب کا مالک ہے قیامت میں) ہم سب کو جمع کرے گا (اس میں شک نہیں کہ) اسی کے پاس جانا ہے (وہ سب کا فیصلہ اعمال کے موافق کردیگا اس وقت تم سے بحث فضول ہے ہاں تبلیغ کئے جاویں گے)۔

معارف ومسائل

شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا الآیۃ۔ سابقہ آیات میں اللہ تعالیٰ کی ظاہری اور جسمانی نعمتوں کا ذکر تھا، یہاں سے باطنی اور روحانی نعمتوں کا بیان ہے۔ وہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تمھارے لئے ایسا مضبوط اور مستحکم دین عطا فرمایا جو تمام انبیاء علیہم السلام میں مشترک اور متفق علیہ ہے۔ آیت میں انبیاء علیہم السلام میں سے پانچ کا ذکر فرمایا۔ سب سے پہلے نوح علیہ السلام اور آخر میں ہمارے رسول خاتم الانبیاء اور درمیان میں حضرت ابراہیم علیہ السلام اس لئے کہ وہ ابوالانبیاء ہیں اور عرب کے لوگ باوجود اپنے کفر وشرک کے ان کی نبوت کے قائل تھے۔ اور ان کے بعد حضرت موسیٰ وعیسیٰ علیہما السلام کا ذکر اسلئے کیا گیا کہ نزول قرآن کے وقت انھیں دو پیغمبروں کے ماننے والے یہود ونصاریٰ موجود تھے۔ سورۂ احزاب میں بھی میثاق انبیاء علیہم السلام کے ذکر میں انھیں پانچ کا ذکر آیا ہے۔ (وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ) فرق یہ ہے کہ سورۂ احزاب میں خاتم الانبیاء کا ذکر پہلے اور نوح علیہ السلام کا بعد میں ہے، اور سورۂ شوریٰ میں نوح علیہ السلام کا ذکر پہلے آپؐ کا بعد میں ہے۔ اس میں شاید اشارہ اس طرف ہو کہ حضرت خاتم الانبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام اگرچہ زمانِ ولادت وبعثت کے اعتبار سے سب سے آخر میں ہیں مگر ازلی تقسیم نبوت ورسالت میں سب سے مقدم ہیں جیسا کہ ایک حدیث میں فرمایا ہے کہ میں سب انبیاء میں باعتبار تخلیق (ازلی) کے پہلے ہوں اور بعثت کے اعتبار سے سب سے آخر میں ہوں۔

(ابن ماجہ، دارمی عن بہز بن حکیم رض وقال ہذا حدیث حسن کذا فی المشکوٰۃ ص ۵۸۴)

رہا یہ سوال کہ سب سے پہلے پیغمبر تو حضرت آدم علیہ السلام ہیں، ذکر انبیاء کو اُن سے کیوں شروع نہ کیا گیا۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام سب سے پہلے پیغمبر ہیں جو دنیا میں تشریف لائے۔ اصولِ عقائد اور مہماتِ دین میں اگرچہ وہ بھی مشترک تھے مگر اُن کے زمانہ میں شرک وکفر انسانوں میں نہیں تھا۔ کفر وشرک کا مقابلہ حضرت نوح علیہ السلام سے شروع ہوا ہے، اس لحاظ سے نوح علیہ السلام

پہلے پیغمبر ہیں جن کو اس طرح کے معاملات پیش آئے، جو بعد کے انبیاء کو پیش آنے والے تھے، اس لئے سلسلہ کو نوح علیہ السلام سے شروع کیا گیا۔ واللہ اعلم۔

اَنْ اَقِيْمُوا الدِّيْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ ۔ یہ جملہ پہلے ہی جملہ کی تشریح ہے کہ وہ دین جس میں سب انبیاء علیہم السلام مشترک اور متحد ہیں، اُس دین کو قایم رکھو اُس میں اختلاف و تفرق جائز نہیں بلکہ موجب ہلاکت ہے۔

اقامتِ دین فرض اور اس میں تفرّق حرام ہے۔

اس آیت میں دو حکم مذکور ہیں، ایک اقامتِ دین۔ دوسرے اس کا منفی پہلو یعنی اس میں تفرق کی ممانعت۔ جبکہ جمہور مفسرین کے نزدیک اَنْ اَقِيْمُوا الدِّيْنَ میں حرف اَنْ تفسیر کیلئے ہے تو دین کے معنی متعین ہو گئے کہ مراد وہی دین ہے جو سب انبیاء علیہم السلام میں مشترک چلا آرہا ہے اور یہ بھی ظاہر ہے کہ وہ دین مشترک بین الانبیاء اصول عقائد یعنی توحید۔ رسالت۔ آخرت پر ایمان اور اصول عبادات۔ نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ کی پابندی ہے۔ نیز چوری، ڈاکہ، زنا، جھوٹ فریب۔ دوسروں کو بلاوجہ شرعی ایذاء دینے وغیرہ اور عہد شکنی کی حرمت ہے جو سب ادیان سماویہ میں مشترک اور متفق علیہ چلے آئے ہیں۔ اور یہ بھی نص قرآن سے ثابت ہے کہ فروع احکام میں انبیاء کی شریعتوں میں جزوی اختلاف بھی ہیں جیسا کہ ارشاد ہے لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا۔ اس مجموعہ سے ثابت ہوا کہ آیت کے اس جملہ میں جس دین کی اقامت کا حکم اور اس میں تفرق کی ممانعت مذکور ہے وہ وہی احکام الٰہیہ ہیں جو سب انبیاء علیہم السلام کی شرائع میں مشترک اور متفق علیہ چلے آئے ہیں۔ انھیں میں تفرق و اختلاف حرام اور موجب ہلاکت اُمم ہے۔

حدیث: حضرت عبداللہ بن مسعود رضؓ فرماتے ہیں کہ ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے سامنے ایک سیدھا خط کھینچا، پھر اس خط کے داہنے، بائیں دوسرے چھوٹے خط کھینچے اور فرمایا کہ یہ داہنے بائیں کے خطوط وہ طریقے ہیں جو شیاطین نے ایجاد کئے ہیں اور اس کے ہر راستہ پر ایک شیطان مسلط ہے جو لوگوں کو اس طرف چلنے کی تلقین کرتا ہے اور پھر سیدھے خط کی طرف اشارہ کر کے فرمایا، وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِيْ مُسْتَقِيْمًا فَاتَّبِعُوْهُ۔ یعنی یہ میرا سیدھا راستہ ہے تم اسی کا اتباع کرو۔

(رواہ احمد والنسائی والدارمی۔ مظہری)

اِس تمثیل میں صراطِ مستقیم سے وہی دینِ قیم کا راستہ ہے جو سب انبیاء علیہم السلام میں مشترک چلا آیا ہے۔ اس کے اندر شاخیں نکالنا یہ تفرّق حرام اور شیاطین کا عمل ہے۔ اور انہی اجماعی اور متفق علیہ احکام میں تفرقہ ڈالنے کی شدید ممانعت احادیثِ صحیحہ میں آئی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ من فارق الجماعۃ شبرا فقد خلع ربقۃ الاسلام من عنقہ۔ رواہ احمد وابوداؤد

یعنی جس شخص نے جماعت مسلمین سے ایک بالشت بھی جُدائی اختیار کی اس نے اسلام کا حلقہ عقیدت اپنے گلے سے نکال دیا۔ اور ابن عباس رض نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے یَدُ اللّٰہِ علی الجماعۃ (رواہ الترمذی بسند حسن) یعنی اللہ کا ہاتھ ہے جماعت پر۔ اور حضرت معاذ بن جبل رض سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شیطان انسانوں کے لئے بھیڑیا ہے جیسے بکریوں کے گلے کے پیچھے بھیڑیا لگتا ہے، تو وہ اسی بکری کو پکڑتا ہے جو اپنی ڈار اور گلے سے پیچھے یا اِدھر اُدھر رہ جائے۔ اس لئے تمھیں چاہیئے کہ جماعت کے ساتھ رہو علیحدہ نہ ہو۔

(رواہ احمد یہ سب احادیث تفسیر مظہری میں ہیں)

خلاصہ کلام یہ ہے کہ اس آیت میں حکم اس دین مشترک اور متفق علیہ کے قائم رکھنے کا ہے، جس پر تمام انبیاء علیہم السلام متفق اور مشترک چلے آئے ہیں۔ اس میں اختلاف کو تفرّق کے لفظ سے تعبیر کر کے ممنوع کیا گیا ہے۔ انہی قطعی احکام میں اختلاف و تفرّق کو احادیث مذکورہ میں ایمان کے لئے خطرہ اور سبب ہلاکت فرمایا ہے۔

ائمہ مجتہدین کے فروعی اختلافات تفرّق ممنوع میں داخل نہیں۔

اس سے واضح ہو گیا کہ فروعی مسائل میں جہاں قرآن و حدیث میں کوئی واضح حکم موجود نہیں یا نصوص قرآن و سنّت میں کوئی ظاہری تعارض ہے۔ وہاں ائمہ مجتہدین کا اپنے اپنے اجتہاد سے کوئی حکم متعیّن کر لینا، جسمیں باہم اختلاف ہونا، اختلاف رائے و نظر کی بنا پر لازمی ہے، اس تفرّق ممنوع سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔ ایسا اختلاف صحابہ کرامؓ میں خود عہد رسالت سے چلا آیا ہے اور وہ باتفاق فقہاء رحمت ہے۔

اور اقامتِ دین سے مُراد، اُس پر قائم دائم رہنا، اس میں کسی شک و شبہ کو راہ نہ دینا، اور کسی حال اس کو نہ چھوڑنا ہے۔ (قرطبی)۔

کَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَا تَدْعُوْهُمْ اِلَيْهِ۔ یعنی دینِ حق کا جسمیں توحید رکن اعظم ہے ابتدائے عالم سے سب انبیاء علیہم السلام کے اتفاق سے حق ہونا ثابت ہو جانے کے باوجود جو لوگ شرک کے عادی ہو چکے ہیں، ان کو آپ کی دعوتِ توحید بڑی بھاری معلوم ہوتی ہے جس کی وجہ اہواء و اغراض اور شیطانی تعلیمات کا اتباع اور صراطِ مستقیم کو چھوڑنا ہے جس کی اوپر مبالغت مذکور ہے۔ آگے فرماتے ہیں۔

اَللّٰهُ يَجْتَبِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ۔ یعنی صراطِ مستقیم کی ہدایت کے دو ہی طریقے ہیں، ایک یہ کہ اللہ تعالیٰ خود کسی کو اپنے دین اور صراطِ مستقیم کے لئے منتخب فرما کر اس کی فطرت و طبیعت ہی کو اس کے مطابق بنا دے۔ جیسے انبیاء علیہم السلام اور خاص اولیاء اللہ

جن کے بارے میں قرآن نے فرمایا اِنَّآ اَخْلَصْنٰهُمْ بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى الدَّارِ۔ یعنی ہم نے ان کو ایک خاص کام کے لئے خالص کر دیا ہے جو آخرت کی فکر ہے اور خاص خاص انبیاء کے بارے میں قرآن نے مُخْلَص بفتح لام ہونے کی تصریح فرمائی ہے۔ جس کے معنی مُنتخب اور مخصوص کے ہیں۔ یہی مفہوم ہے اَللّٰهُ يَجْتَبِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ کا، یہ طریقہ ہدایت مخصوص و محدود ہے اور دوسرا عام طریقہ ہدایت پانے کا یہ ہے کہ جو شخص اللہ کی طرف رجوع ہو اور اُس کے دین پر چلنے کا ارادہ کر لے تو اس کو اللہ تعالیٰ دینِ حق کی ہدایت کر دیتا ہے۔ یہ مطلب ہے دوسرے جملے وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ کا۔ خلاصہ یہ ہے کہ ہدایت پانے کے صرف دو طریق ہیں، ایک خصوصی کہ اللہ تعالیٰ کسی کو خود ہی صراطِ مستقیم کے لئے منتخب فرمالے۔ دوسرا عمومی کہ جو شخص اللہ کی طرف رجوع ہو اور اس کے دینِ حق کی تلاش کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو اس کے مقصود ہدایت تک پہونچا دیتا ہے۔ اور مشرکین مکہ کو جو دعوتِ توحید بھاری معلوم ہوتی ہے، اس کا سبب یہ ہے کہ وہ دین کے سمجھنے اور اس پر چلنے کا ارادہ بھی نہیں کرتے۔

وَمَا تَفَرَّقُوْٓا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ۔ مَا تَفَرَّقُوْا کی ضمیر حضرت ابن عباس رضؓ نے قریش مکہ کی طرف راجع فرمائی اور مطلب یہ قرار دیا کہ کفار قریش نے جو دینِ حق اور صراطِ مستقیم سے علیحدگی اور بیزاری اختیار کی، یہ فی نفسہٖ بھی سخت نادانی تھی، اس پر مزید یہ ہے کہ اللہ کی طرف سے علم آجانے کے بعد بھی انھوں نے ایسا کیا۔ علم آجانے سے مُراد حضرت ابن عباس رضؓ کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا آجانا ہے، جو سارے علوم الٰہیہ کے سرچشمہ تھے۔ اور بعض حضرات نے مَا تَفَرَّقُوْا کی ضمیر پچھلی اُمتوں کے لوگوں کی طرف پھیری اور معنی یہ قرار دیئے کہ پچھلی اُمتوں کے لوگوں نے اپنے اپنے انبیاء کے دین سے تفرّق اور علیحدگی اختیار کی، باوجودیکہ ان کے پاس انبیاء کے ذریعہ صراطِ مستقیم کا صحیح علم آچکا تھا۔ اُمم سابقہ مخاطب ہوں یا اُمتِ محمدیہ کے کفار۔ دونوں کا تقاضا یہ تھا کہ خود تو گمراہی میں پڑے ہی اپنے رسولوں کو بھی اپنے راستہ پر چلانے کے خواہشمند تھے اس لئے اس کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب کر کے ارشاد فرمایا:۔

فَلِذٰلِكَ فَادْعُ ۚ وَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ ۚ وَقُلْ اٰمَنْتُ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنْ كِتٰبٍ ۚ وَاُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَيْنَكُمُ ۚ اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۚ لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۚ لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ ۚ اَللّٰهُ يَجْمَعُ بَيْنَنَا ۚ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ۔

حافظ ابن کثیرؒ نے فرمایا کہ یہ آیت دس مستقل جملوں پر مشتمل ہے اور ہر جملہ خاص احکام پر مشتمل ہے۔ گویا اس ایک آیت میں احکام کی دس فصلیں مذکور ہیں۔ اس کی نظیر پورے قرآن میں ایک آیۃ الکرسی کے سوا کوئی نہیں۔ آیت الکرسی میں بھی دس احکام کی دس فصلیں آئی ہیں۔

پہلا حکم فَلِذٰلِكَ فَادْعُ یعنی اگرچہ مشرکین پر آپ کی دعوت توحید بھاری ہے۔ مگر اس کی وجہ سے آپ اپنی دعوت کو نہ چھوڑیں۔ اور مسلسل اس دعوت کا کام جاری رکھیں۔ دوسرا حکم وَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ ہے، یعنی آپ اس دین پر خود مستقیم رہیں جس کی دعوت لوگوں کو دیتے ہیں اور یہ استقامت ایسی ہونی چاہیئے جیسا کہ آپ کو حکم دیا گیا ہے۔ یعنی تمام احکام عقائد۔ اعمال اخلاق و عادات و معاشرت میں صحیح اعتدال پر قائم رہیں۔ کسی طرف افراط و تفریط کا ادنیٰ سا میلان نہ ہو۔ اور ظاہر ہے کہ ایسی استقامت آسان کام نہیں۔ اسی لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جب بعض صحابہ نے آپ کے سفید بال آجانے کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا شَيَّبَتْنِيْ هُوْدٌ یعنی مجھے سورۂ ہود نے بوڑھا کر دیا سورۂ ھود میں بھی یہی حکم انھیں الفاظ کے ساتھ آیا ہے۔ (معارف القرآن، جلد چہارم ص ۶۷۰، تفسیر سورۂ ہود کے ضمن میں استقامت کے مفہوم اور اس کی دشواری اور اہمیت پر مستقل کلام کیا گیا ہے، وہاں دیکھ لیا جائے) تیسرا حکم وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ۔ یعنی اپنے فریضہ تبلیغ میں آپ کسی مخالف کی مخالفت کی پروا نہ کریں۔ چوتھا حکم قُلْ اٰمَنْتُ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنْ كِتٰبٍ یعنی آپ اعلان فرما دیں کہ اللہ تعالیٰ نے جتنی کتابیں نازل فرمائی ہیں میرا ان سب پر ایمان ہے۔ پانچواں حکم اُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَيْنَكُمْ۔ اس کا مفہوم ظاہر تو یہی ہے کہ میرے پاس جو معاملات باہمی جھگڑوں کے آویں مجھے حکم کیا گیا ہے کہ میں ان میں عدل و انصاف کروں۔ بعض حضرات نے یہاں عدل کے معنی برابری کے لیکر آیات کا یہ مفہوم قرار دیا ہے کہ میں تمھارے درمیان دین کے سب احکام کو برابر رکھوں کہ ہر نبی اور ہر کتاب پر ایمان لاؤں اور تمام احکام الٰہیہ کی اطاعت کروں۔ ایسا نہیں کہ بعض پر ایمان ہو بعض پر نہ ہو یا بعض احکام کی تعمیل ہو بعض کی نہ ہو۔ چھٹا حکم اَللّٰهُ رَبُّنَا یعنی اللہ ہمارا سب کا پالنے والا ہے۔ ساتواں حکم لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ یعنی ہمارے اعمال ہمارے کام آویں گے تمھیں اُن کا کوئی نفع و نقصان نہیں پہنچے گا۔ اور تمھارے اعمال تمھارے کام آویں گے ہمیں اس سے کوئی نفع و نقصان نہ پہنچے گا۔ بعض حضرات مفسرین نے فرمایا کہ یہ آیت مکہ مکرمہ میں اس وقت نازل ہوئی تھی جبکہ کفار سے جہاد کرنے کے احکام نازل نہ ہوئے تھے۔ احکام جہاد کی آیتوں نے اس حکم کو منسوخ کر دیا۔ کیونکہ جہاد کا حاصل ہی یہ ہے کہ جو لوگ نصیحت و فہمائش کا اثر نہ لیں اُن سے قتال کر کے انھیں مغلوب کیا جائے یہ نہیں کہ ان کو ان کے حال پر چھوڑ دیں۔ اور بعض حضرات نے فرمایا کہ یہ حکم منسوخ نہیں اور مطلب آیات کا یہ ہے کہ جب ہم نے حق کو دلائل اور براہین سے ثابت کر دیا تو اب اس کا نہ ماننا صرف عناد اور ہٹ دھرمی ہی کی وجہ سے ہو سکتا ہے اور عناد آگیا تو اب دلائل کی گفتگو فضول ہوئی تمھارا عمل تمھارے آگے میرا میرے آگے آوے گا (قرطبی)۔ آٹھواں حکم لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ حُجّت سے مراد بحث و مباحثہ ہے۔ مراد یہ ہے کہ حق واضح اور ثابت ہو جانے کے بعد بھی اگر تم عناد سے کام لیتے ہو تو اب گفتگو

فضول ہے، ہمارے اور تمھارے درمیان اب کوئی بحث نہیں۔ نواں حکم اَللّٰہُ یَجْمَعُ بَیْنَنَا یعنی قیامت کے روز ہم سب کو اللہ تعالیٰ جمع فرما دیں گے اور ہر ایک عمل کا بدلہ دیں گے۔ دسواں حکم وَاِلَیْہِ الْمَصِیْرُ۔ یعنی ہم سب اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔

وَالَّذِیْنَ یُحَآجُّوْنَ فِی اللّٰہِ مِنْۢ بَعْدِ مَا اسْتُجِیْبَ لَہٗ

اور جو لوگ جھگڑا ڈالتے ہیں اللہ کی بات میں جب لوگ اس کو مان چکے اُن کا

حُجَّتُھُمْ دَاحِضَۃٌ عِنْدَ رَبِّھِمْ وَعَلَیْھِمْ غَضَبٌ

جھگڑا باطل ہے ان کے رب کے یہاں اور ان پر غصہ ہے

وَّلَھُمْ عَذَابٌ شَدِیْدٌ ﴿۱۶﴾ اَللّٰہُ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ الْکِتٰبَ بِالْحَقِّ

اور ان کو سخت عذاب ہے اللہ وہی ہے جس نے اتاری کتاب سچے دین پر

وَالْمِیْزَانَ ؕ وَمَا یُدْرِیْکَ لَعَلَّ السَّاعَۃَ قَرِیْبٌ ﴿۱۷﴾ یَسْتَعْجِلُ

اور ترازو بھی اور تجھ کو کیا خبر ہے شاید وہ گھڑی پاس ہو جلدی کرتے ہیں

بِھَا الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِھَا ۚ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مُشْفِقُوْنَ

اس گھڑی کی وہ لوگ کہ یقین نہیں رکھتے اس پر اور جو یقین رکھتے ہیں اُن کو اس کا ڈر

مِنْھَا ۙ وَیَعْلَمُوْنَ اَنَّھَا الْحَقُّ ؕ اَلَآ اِنَّ الَّذِیْنَ یُمَارُوْنَ

ہے اور جانتے ہیں کہ وہ ٹھیک ہے سنتا ہے جو لوگ جھگڑتے ہیں اُس گھڑی کے

فِی السَّاعَۃِ لَفِیْ ضَلٰلٍۢ بَعِیْدٍ ﴿۱۸﴾

آنے میں وہ بہک کر دُور جا پڑے۔

خُلاصۂ تفسیر

اور جو لوگ اللہ تعالیٰ (کے دین) کے بارے میں (مسلمانوں سے) جھگڑے نکالتے ہیں۔ بعد اسکے کہ وہ مان لیا گیا (یعنی بہت سے سمجھدار ذی عقل آدمی مسلمان ہو کر اس کو مان چکے ہیں۔ اور حجت واضح ہو جانے کے بعد مجادلہ اور زیادہ مذموم ہے سو) ان لوگوں کی حجت ان کے رب کے نزدیک باطل ہے اور (اُن پر خدا کی طرف سے) غضب (آنے والا) ہے اور ان کے لئے (قیامت میں) سخت عذاب (ہونے والا) ہے (اور اُس سے بچنے کا طریقہ یہی ہے کہ اللہ کو اور اس کے دین کو مانو، یعنی اس کی کتاب جو

حقوق اللہ اور حقوق العباد سب پر حاوی ہے اس کو واجب العمل جانو کیونکہ) اللہ ہی ہے جس نے (اس) کتاب (یعنی قرآن) کو حق کے ساتھ اور (اس میں جو خاص حکم ہے) انصاف (کا اُس) کو نازل فرمایا (جب یہ کتاب اللہ کی ہے تو اللہ کو ماننا بغیر اس کتاب کے ماننے کے معتبر نہیں۔ بعض غیر مسلم جو اللہ کو ماننے کا تو دعویٰ کرتے ہیں مگر قرآن کو نہیں مانتے وہ نجات کے لئے کافی نہیں) اور (یہ لوگ جو آپ سے قیامت کا متعین وقت پوچھتے ہیں تو) آپ کو (اس کی) کیا خبر (لیکن آپ کو خبر نہ ہونے سے اس دن کی نفی لازم نہیں آتی بلکہ اس کا وقوع یقینی ہے اور تعیّن وقت کے لئے اجمالاً اتنا سمجھ لینا کافی ہے کہ) عجب نہیں کہ قیامت قریب ہو (مگر) جو لوگ اس کا یقین نہیں رکھتے (وہ اُس دن سے ڈرنے کے بجائے بطور استہزار و انکار کے) اُس کا تقاضا کرتے ہیں۔ (کہ وہ جلد کیوں نہیں آجاتی) اور جو لوگ یقین رکھنے والے ہیں وہ اس سے (کانپتے اور) ڈرتے ہیں اور اعتقاد رکھتے ہیں کہ وہ برحق ہے یاد رکھو کہ (ان دونوں قسم کے لوگوں میں قسم اوّل کے لوگ یعنی) جو لوگ قیامت کے (منکر ہیں اور اُسکے) بارے میں جھگڑتے ہیں بڑی دور (دراز) کی گمراہی میں (مبتلا) ہیں۔

مَعارِف و مَسائِل

سابقہ آیات میں اُس دینِ قویم کی طرف اہلِ عالم کو دعوت دی گئی تھی جس پر تمام آسمانی کتابیں اور انبیاء علیہم السلام متفق ہیں۔ اور اس پر قائم رہنے اور استقامت اختیار کرنے کی تلقین تھی۔ مگر بعض اہلِ کفر جو سننے اور ماننے کا ارادہ ہی نہیں رکھتے انھوں نے اس پر بھی مسلمانوں سے حجّت بازی شروع کی۔ بعض روایات میں ہے کہ کچھ اہلِ کتاب یہود و نصاریٰ نے یہ حجّت پیش کی کہ ہمارے نبی تمھارے نبی سے پہلے اور ہماری کتاب تمھاری کتاب سے پہلے ہے۔ اس لئے ہمارا دین تمھارے دین سے افضل ہے۔ اور بعض روایات میں یہی مضمون کفارِ قریش کی طرف سے ذکر کیا گیا ہے۔ کیونکہ وہ اپنے آپ کو دینِ ابراہیم علیہ السلام کا متبع کہتے تھے۔

قرآنِ کریم نے آیاتِ مذکورہ میں ان کو متنبہ کیا کہ دینِ اسلام اور قرآن کی حجّت لوگوں پر تمام ہو چکی ہے اور خود تمھارے سمجھدار انصاف پسند لوگ تسلیم کر کے مسلمان ہو چکے ہیں، اب یہ تمھاری حجّت بازی باطل اور گمراہی ہے جس کا کوئی قرار نہیں۔ اب اگر اس کو نہیں مانو گے تو خدا کا غضب تم پر ٹوٹے گا۔ آگے قرآن کے منجانب اللہ ہونے اور حقوق اللہ اور حقوق العباد کے لئے جامع قانون ہونے کا ذکر ہے۔ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ وَالْمِيْزَانَ کتاب سے مراد اس جگہ مطلق آسمانی کتاب ہے جس میں قرآن اور پہلی کتابیں سب داخل ہیں اور حق سے مراد وہ دینِ حق ہے

جس کا ذکر اوپر آیا ہے اور میزان کے لفظی معنی ترازو کے ہیں وہ چونکہ انصاف قائم کرنے اور حق پورا دینے کا ایک آلہ ہے۔ اس لئے حضرت ابن عباس رضؓ نے میزان کی تفسیر عدل و انصاف سے کی ہے۔ مجاہدؒ امام تفسیر نے فرمایا کہ یہاں میزان سے مراد وہ عام ترازو ہے جس کو لوگ استعمال کرتے ہیں اور مراد اس سے سب کے حقوق کی پوری ادائیگی اور انصاف ہے۔ تو لفظِ حق میں سب حقوق اللہ اور لفظِ میزان میں سب حقوق العباد کی طرف اشارہ ہو گیا۔

اور یہ جو فرمایا کہ مومنین قیامت سے ڈرتے ہیں۔ مراد اس سے اعتقادی خوف ہے جو قیامت کے احوال سے ہے۔ نیز اپنی عملی کوتاہیوں پر نظر کرنے سے لازمی ہوتا ہے۔ مگر بعض اوقات کسی مومن پر اللہ تعالیٰ کی ملاقات کا شوق غالب ہو کر اس خوف پر غالب آجاتا ہے وہ اس کے منافی نہیں۔ جیسا کہ قبر میں بعض مردوں کا یہ کہنا ثابت ہے کہ قیامت جلد آجائے، وجہ یہ ہے کہ قبر میں جب فرشتوں کی طرف سے انسان کو بشارت رحمت و مغفرت کی ملجائے گی تو قیامت کا خوف مغلوب ہو جائے گا۔

اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ

اللہ نرمی رکھتا ہے اپنے بندوں پر روزی دیتا ہے جس کو چاہے اور وہی ہے زور آور

الْعَزِيْزُ ﴿۱۹﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ ع ۲ ۱۰ ۱۳

زبردست جو کوئی چاہتا ہو آخرت کی کھیتی زیادہ کریں ہم اس کے واسطے

فِيْ حَرْثِهٖ ۚ وَمَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ

اس کی کھیتی اور جو کوئی چاہتا ہو دنیا کی کھیتی اس کو دیویں

مِنْهَا ۙ وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيْبٍ ﴿۲۰﴾

ہم کچھ اس میں سے اور اس کے لئے نہیں آخرت میں کچھ حصہ۔

خلاصۂ تفسیر

اور یہ لوگ جو دنیا کی ناز و نعمت پر مغرور ہو کر آخرت کو بھلا بیٹھے ہیں اور یہ سمجھتے اور کہتے ہیں کہ اگر ہمارا عمل اللہ کی رضا کے خلاف ہوتا تو ہم کو یہ عیش و عشرت کیوں دیتا خوب سمجھ لو کہ یہ اُنکی بھول ہے، یہ دنیا کی دولت و نعمت دلیل رضا نہیں بلکہ اس کی وجہ تو یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ (دنیا میں) اپنے بندوں پر (عام طور سے) مہربان ہے (اسی رحمت عامہ کے سبب سب کو روزی دیتا ہے صحت و تندرستی دیتا ہے جس میں مصالح و حکمت کی بنا پر کمی و بیشی بھی ہوتی ہے کہ) جس کو (جس قدر)

چاہتا ہے روزی دیتا ہے (مگر نفسِ روزی سب میں مشترک ہے) اور (دنیا میں اس لطف و مہربانی سے یہ سمجھ لینا کہ ان کا طریقہ حق ہے اور آخرت میں بھی لطف و مہربانی جاری رہے گی سراسر دھوکہ ہے۔ وہاں تو ان کے اعمالِ بد پر عذاب ہوگا جو کوئی مستبعد نہیں کیونکہ) وہ قوت والا زبردست ہے (غرض ان کی ساری خرابیوں کی جڑ دنیا پر مغرور رہنا ہے۔ ان کو چاہیئے کہ اس سے باز آجائیں اور آخرت کی فکر کریں کیونکہ) جو شخص آخرت کی کھیتی کا طالب ہو، ہم اس کو اس کی کھیتی میں ترقی دیں گے (اعمال صالحہ کھیتی اور اس پر ملنے والا ثواب اس کا پھل ہے اور اس کی ترقی یہ ہے کہ ثواب مضاعف ملے گا، جیسا کہ قرآن میں ارشاد ہے کہ ایک نیکی کا بدلہ دس گنا ملے گا) اور جو دنیا کی کھیتی کا طالب ہو (یعنی سارے عمل و سعی کا مقصد دنیا کی متاع ہو، آخرت کے لئے کچھ کوشش نہ کرے) تو ہم اس کو کچھ دنیا (اگر چاہیں) دیدیں گے اور آخرت میں اس کو کچھ حصہ نہیں (کیونکہ اس کی شرط ایمان ہے وہ ان میں ہے نہیں۔

معارف و مسائل

اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ۔ لفظِ لطیف لغت کے اعتبار سے چند معانی میں استعمال ہوتا ہے، یہاں حضرت ابن عباس رضؓ نے اس کا ترجمہ حفی بمعنی مہربان سے اور حضرت عکرمہ نے بارّ یعنی محسن سے کیا ہے۔

حضرت مقاتل نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اپنے سبھی بندوں پر مہربان ہے۔ یہاں تک کہ

(حاشیہ) **عہ شکرِ نعمت**

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۲۴ ربیع الثانی ۱۳۹۲ھ روز چہارشنبہ کی صبح کو "معارف القرآن" کی تفسیر یہاں تک پہونچانے اور دارالعلوم کے دوسرے کام کرنے کے بعد نماز ظہر ادا کی اور یہ اوراق تکیہ کے نیچے دبا کر رکھے۔ کہ کھانے کے بعد تھوڑا سا آرام کر کے پھر تفسیر کا کام شروع کرونگا مگر انسان اور اس کے ارادوں کی کمزوری کا اندازہ اس سے کیجیے کہ آج پورے چھپن ۵۶ دن کے بعد ۲۰ جمادی الثانیہ ۱۳۹۲ھ روز چہارشنبہ کو دوبارہ اس کاغذ پر قلم لگانے کی نوبت اس کے بعد آئی کہ ایک عرصہ تک زندگی سے مایوسی رہی، اور ڈیڑھ پارہ قرآن کی تفسیر جو لکھنا باقی تھی اس کی تکمیل کی وصیت اپنے برخوردار صالح مولوی محمد تقی سلمہٗ کو کر کے اپنی حسرت کا تھوڑا سا تدارک کر چکا اور دل کو فارغ کر چکا تھا۔ واقعہ یہ ہوا کہ دوپہر کے کھانے کے بعد ہی میرے سینے میں شدید درد ہوا جو اگلے روز ڈاکٹروں کی تشخیص کے مطابق میرے قلب پر شدید حملہ (ہارٹ اٹیک) ثابت ہوا۔ میرے

کافر فاجر پر بھی دُنیا میں اس کی نعمتیں برستی ہیں۔ حق تعالیٰ کی عنایات اور لطف وکرم اپنے بندوں پر بیشمار انواع واقسام کے ہیں۔ اس لئے تفسیر قرطبی نے لفظِ لطیف کے معنی بھی بہت سے بیان فرمائے ہیں۔ اور حاصل سب کا لفظ حفی اور بارّ میں شامل ہے۔

اللہ تعالیٰ کا رزق تو ساری مخلوقات کے لئے عام اور شامل ہے۔ دریا اور خشکی میں رہنے والے وہ جانور جن کو کوئی نہیں جانتا اس کا رزق ان کو بھی پہونچتا ہے۔ اس آیت میں جو یہ ارشاد فرمایا کہ رزق دیتا ہے جس کو چاہتا ہے۔ اس کا حاصل زیادہ واضح وہ ہے جس کو تفسیر مظہری نے اختیار کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے رزق کی بے شمار اقسام وانواع ہیں۔ بقدرِ ضرورت معاش رزق تو سب کے لئے عام ہے۔ پھر خاص خاص اقسامِ رزق کی تقسیم میں اپنی حکمت بالغہ سے مختلف درجات اور پیمانے رکھے ہیں۔ کسی کو مال ودولت کا رزق زیادہ دیدیا۔ کسی کو صحت وقوت کا، کسی کو علم و

مخلص محبِّ محترم ڈاکٹر صغیر احمد ہاشمی دامت مکارمہ کو حق تعالیٰ نے میری دوسری زندگی کا ذریعہ بنادیا۔ انھوں نے اپنی خاص تدبیر سے مجھے فوراً امراض قلب کے ہسپتال میں داخل کرادیا جبکہ میں اپنے اختیار سے اس پر کسی طرح آمادہ نہ تھا۔ کیونکہ ہسپتال میں مریضوں کے ساتھ سلوک کے جو مشاہدات کرتا آیا تھا ان کے سبب میرا دل کسی طرح مطمئن نہ تھا کہ میں کسی ہسپتال میں خصوصاً موت و حیات کی کشمکش کے حال میں داخل ہوں مگر موصوف نے کچھ تدبیریں کرکے مجھے وہاں پہونچوادیا۔ بعد میں ثابت ہوگیا کہ وہ ہی میری دوبارہ زندگی کا ظاہری سبب بنا۔ بغیر ہسپتال میں قیام کے علاج ممکن نہیں تھا۔

۲۵ ربیع الثانی ۱۳۹۲ھ بروز جمعرات کو امراض قلب کے ہسپتال میں داخل ہوا اور بحمد اللہ یہاں کے ڈاکٹر بڑے ماہر ہونے کے ساتھ ساتھ ہمدرد اور مہربان بھی ثابت ہوئے۔ چند روز میں اللہ تعالیٰ نے خطرہ سے نکال دیا۔ مزید احتیاطی علاج کے لئے ۳۲ روز مجھے ہسپتال میں رہنا پڑا۔ ۱۱ جولائی ۷۲ء روز دوشنبہ کو مجھے ہسپتال سے رخصت کیا گیا اور اپنے مکان واقع لسبیلہ میں چند ہفتے قیام کا ارادہ کرلیا۔ یہاں بھی احتیاطی تدابیر اور علاج جاری ہے۔ آج ۲۰ جمادی الثانیہ کو جو اتفاق سے میرے پاکستان کراچی پہنچنے کی تاریخ ہے اور آج پاکستان میں آئے ہوئے مجھے چوبیس سال پورے ہوکر پچیسواں شروع ہورہا ہے۔ اور بحمد اللہ صحت وقوت بھی اب کچھ تدریجاً بڑھ رہی ہے تو اللہ کے نام پر آج یہ اوراق پھر اٹھائے اور یہ حاشیہ لکھدیا۔

تفسیر معارف القرآن کی صورت حال یہ ہے کہ جب یہ حادثہ مجھے پیش آیا تو میں معارف القرآن کو تقریباً آخر قرآن تک لکھ چکا تھا ایک خاص سبب سے درمیانی چھٹی منزل رہ گئی تھی اس کو لکھنے کا کام سورۂ شوریٰ کے اس مقام تک پہونچا تھا۔ آگے تقریباً ڈیڑھ پارہ قرآن کریم کا سورۂ حجرات تک لکھنا باقی تھا۔ اب حق تعالیٰ نے گویا دوبارہ زندگی عطا فرمائی اور معالج ڈاکٹروں نے کچھ لکھنے پڑھنے کی اجازت دی تو برخوردار مولوی محمد تقی کو ساتھ لگاکر بنام خدا آج پھر یہ کام شروع کیا ہے۔ وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ !

معرفت کا کسی کو دوسری انواع و اقسام کا اس طرح ہر انسان دوسرے کا محتاج بھی رہتا ہے اور یہی احتیاج ان کو باہمی تعاون و تناصر پر آمادہ کرتی ہے جس پر تمدن انسانی کی بنیاد ہے۔

حضرت جعفر بن محمد رح نے فرمایا کہ رزق کے معاملہ میں اللہ تعالیٰ کی رحمت و مہربانی بندوں پر دو طرح کی ہے اوّل تو یہ کہ ہر ایک ذی روح کو اس کے مناسب حال غذا اور ضروریات عطا فرماتا ہے۔ دوسرے یہ کہ وہ کسی کو اس کا پورا رزق عمر بھر کا بیک وقت نہیں دیدیتا، ورنہ اول تو اس کی حفاظت کرنا مشکل ہو جاتا، اور کتنی بھی حفاظت کرتا وہ پھر بھی سڑنے اور خراب ہونے سے نہ بچتا۔ (مظہری و مثلہ فی القرطبی)

ایک مجرّب عمل مولانا شاہ عبدالغنی پھولپوری رح نے فرمایا کہ حضرت حاجی امداد اللہ رح سے منقول ہے کہ جو شخص صبح کو ستّر مرتبہ پابندی سے یہ آیت پڑھا کرے وہ رزق کی تنگی سے محفوظ رہے گا۔ اور فرمایا کہ بہت مجرّب عمل ہے۔ آیت یہی ہے جو اوپر مذکور ہوئی۔

اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ۝

اَمْ لَهُمْ شُرَكٰٓؤُا شَرَعُوْا لَهُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا لَمْ يَاْذَنْ

کیا ان کے لئے اور شریک ہیں کہ راہ ڈالی ہے انھوں نے ان کے واسطے دین کی کہ جس کا حکم نہیں دیا

بِهِ اللّٰهُ ۭ وَلَوْلَا كَلِمَةُ الْفَصْلِ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۭ وَاِنَّ

اللہ نے اور اگر نہ مقرر ہو چکی ہوتی ایک بات فیصلہ کی تو فیصلہ ہو جاتا ان میں اور بیشک

الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۲۱ تَرَى الظّٰلِمِيْنَ

جو گنہگار ہیں ان کو عذاب ہے دردناک تو دیکھے گا گنہگاروں کو کہ ڈرتے

مُشْفِقِيْنَ مِمَّا كَسَبُوْا وَهُوَ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۭ وَالَّذِيْنَ

ہوں گے اپنی کمائی سے اور وہ پڑ کر رہے گا ان پر اور جو لوگ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ رَوْضٰتِ الْجَنّٰتِ ۚ لَهُمْ

یقین لائے اور بھلے کام کئے باغوں میں ہیں جنت کے ان کے

مَّا يَشَاۗءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ۝۲۲

لئے ہے جو وہ چاہیں اپنے رب کے پاس یہی ہے بڑی بزرگی

ذٰلِكَ الَّذِيْ يُبَشِّرُ اللّٰهُ عِبَادَهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

یہ ہے جو خوشخبری دیتا ہے اللہ اپنے ایمان دار بندوں کو جو کرتے ہیں

الصّٰلِحٰتِ ط قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ

بھلے کام تو کہہ میں مانگتا نہیں تم سے اس پر کچھ بدلا مگر دوستی چاہیے

فِي الْقُرْبٰى ط وَمَنْ يَّقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهٗ فِيْهَا

قرابت میں اور جو کوئی کمائے گا نیکی ہم اس کو بڑھا دیں گے

حُسْنًا ط اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ﴿۲۳﴾

اس کی خوبی بے شک اللہ معاف کرنے والا حق ماننے والا ہے

خُلاصۂ تفسیر

دینِ حق کو تو خدا نے مشروع و مقرر فرمایا ہے، مگر یہ لوگ جو اس کو نہیں مانتے تو) کیا اُن کے (تجویز کئے ہوئے) کچھ شریک (خدائی) ہیں جنھوں نے اُن کے لئے ایسا دین مقرر کر دیا ہے جس کی خدا نے اجازت نہیں دی (مطلب یہ ہے کہ کوئی ذات اس قابل نہیں کہ خدا کے خلاف اس کا مقرر کیا ہوا دین معتبر ہو سکے) اور اگر (خدا کی طرف سے) ایک قول فیصل (ٹھہرا ہوا) نہ ہوتا (یعنی یہ کہ ان پر اصل عذاب موت کے بعد ہوگا) تو (دنیا ہی میں) اُن کا (عملی) فیصلہ ہو چکا ہوتا اور (آخرت میں) اِن ظالموں کو ضرور دردناک عذاب ہوگا (اُس روز) آپ اِن ظالموں کو دیکھیں گے کہ اپنے اعمال (کے وبال) سے ڈر رہے ہوں گے اور وہ (وبال) اُن پر (ضرور) پڑ کر رہے گا (یہ تو منکرین کا حال ہوگا) اور جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے اچھے کام کئے (ہوں گے) وہ بہشتوں کے باغوں میں (داخل) ہوں گے (بہشت کو جمع اس لئے لائے کہ بہشت کے مختلف طبقات اور درجات ہیں، ہر طبقہ ایک بہشت ہے اور ہر طبقہ میں متعدد باغات ہیں، اپنے اپنے رُتبہ کے مطابق کوئی کہیں ہوگا، کوئی کہیں ہوگا) وہ جس چیز کو چاہیں اُن کے رَب کے پاس اُن کو ملیگی، یہی بڑا انعام ہے (نہ وہ فانی عیش و عشرت جو دنیا میں موجود ہے) یہی ہے جسکی بشارت اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو دے رہا ہے جو ایمان لائے اور اچھے عمل کئے (اور چونکہ کفار پورا مضمون سننے سے پہلے ہی تکذیب کرنے کے خوگر تھے، اس لئے اس مضمون کو ختم کرنے سے پہلے ہی ایک جملہ معترضہ میں کفار کو ایک دلگداز مضمون سُنانے کا حکم فرماتے ہیں یعنی) آپ (ان سے) یوں کہیئے ــــــ کہ میں تم سے اور کچھ مطلب نہیں چاہتا بجز رشتہ داری کی محبت کے (یعنی اتنا چاہتا ہوں کہ تمھارے رشتہ داری کے جو تعلقات ہیں، ان کے حقوق کا تو خیال رکھو۔ کیا رشتہ داری کا یہ حق نہیں کہ مجھ سے عداوت میں جلدی نہ کرو بلکہ اطمینان کے ساتھ میری پوری

بات سُن لو اور اس کو عقل اور دلیل صحیح کی میزان سے جانچو، اگر معقول ہو تو قبول کر لو، اور اگر کچھ شُبہ ہو تو صاف کر لو، اور بفرض محال غلط ہو تو مجھ کو سمجھا دو، غرض جو بات ہو خیر خواہی سے ہو، یہ نہیں کہ فوراً ہی بھڑک اٹھو) اور (آگے مؤمنین کے لئے بشارت کا تتمہ ہے یعنی) جو شخص کوئی نیکی کرے گا ہم اُس (نیکی) میں اور خوبی زیادہ کر دیں گے (یعنی اس خوبی کا مقتضائی نفسہٖ جس قدر ثواب ہے ہم اُس سے زیادہ ثواب دیں گے) بے شک اللہ (اطاعت گذار بندوں کے گناہوں کا) بڑا بخشنے والا (اور ان کی نیکیوں کا) بڑا قدر دان (اور ثواب عطا کرنے والا) ہے۔

معارف و مسائل

قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى۔ اس آیت کی جو تفسیر مذکور الصدر خلاصہ میں آچکی ہے۔ یہی جمہور مفسرین سے منقول و مأثور اور مختار ہے۔ جس کا حاصل یہ ہے کہ میرا اصل حق تم سب پر تو یہ ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں تم اس کا اعتراف کرو اور اپنی صلاح و فلاح کے لئے میری اطاعت کرو۔ مگر میری نبوت و رسالت کو تم تسلیم نہیں کرتے تو نہ سہی مگر میرا ایک انسانی اور خاندانی حق بھی تو ہے جس کا تم انکار نہیں کر سکتے کہ تمھارے اکثر قبائل میں میری رشتہ داری اور قرابتیں ہیں۔ قرابت کے حقوق اور صلہ رحمی کی ضرورت سے تمھیں بھی انکار نہیں تو میں تم سے اپنی اُس خدمت کا جو تمھاری تعلیم و تبلیغ اور اصلاح اعمال و احوال کے لئے کرتا ہوں، کوئی معاوضہ تم سے نہیں مانگتا، صرف اتنا چاہتا ہوں کہ رشتہ داری کے حقوق کا تو خیال کرو۔ بات کا ماننا یا نہ ماننا تمھارے اختیار میں ہے۔ مگر عداوت اور دشمنی سے تو کم از کم یہ نسب و قرابت کا تعلق مانع ہونا چاہیئے۔

اب یہ بات ظاہر ہے کہ رشتہ داری کے حقوق کی رعایت یہ خود ان کا اپنا فرض تھا۔ اس کو کسی خدمت تعلیمی تبلیغی کا معاوضہ نہیں کہا جا سکتا۔ آیت مذکورہ میں جو اس کو بلفظِ استثناء ذکر فرمایا ہے تو یہ یا تو اصطلاحی الفاظ میں استثناء منقطع ہے۔ جس میں مستثنیٰ اس مجموعہ مستثنیٰ منہ کا جز نہیں ہوتا یا پھر اس کو مجازاً اور اِدّعاءً معاوضہ قرار دیا گیا۔ جس کا حاصل یہ ہے کہ میں تم سے صرف اتنی بات چاہتا ہوں جس کو اگرچہ حقیقۃً کوئی معاوضہ نہیں، تم اس کو معاوضہ سمجھو تو یہ تمھاری اپنی غلطی ہے۔ اس کے نظائر عرب و عجم ہر زبان میں پائے جاتے ہیں۔ متنبّی شاعر نے ایک قوم کی شجاعت بیان کرتے ہوئے کہا کہ ان میں کوئی عیب نہیں بجز اس کے کہ ان کی تلواروں میں کثرت حرب و ضرب کی وجہ سے دندانے پڑ گئے ہیں۔ ظاہر ہے کہ شجاع و بہادر کے لئے یہ کوئی عیب نہیں، بلکہ ہُنر ہے۔ اس کا عربی شعر یہ ہے ؎

ولاعیب فیھم غیران سیوفھم + بھن فلول من قراع الکتائب

ایک اردو شاعر نے اسی طرح کا مضمون اس طرح لکھا ہے ؎

مجھ میں ایک عیب بڑا ہے کہ وفادار ہوں میں + اس نے وفاداری کو عیب کے لفظ سے تعبیر کر کے اپنی بے گناہی کو بہت اونچا کر کے دکھلایا ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ حقوق قرابت کی رعایت جو فی الواقع کوئی معاوضہ نہیں میں تم سے اس کے سوا کچھ نہیں چاہتا۔

آیت مذکورہ کی یہی تفسیر صحیحین میں حضرت ابن عباس رضؓ سے منقول ہے اور ائمہ تفسیر میں مجاہدؒ، قتادہؒ اور بہت بڑی جماعت نے اسی تفسیر کو اختیار کیا ہے۔ یہی تمام انبیاء علیہم السلام کی آواز ہر دور میں رہی ہے کہ اپنی قوم کو کھول کر بتا دیا کہ ہم جو کچھ تمہاری بھلائی اور خیر خواہی کے لئے کوشش کرتے ہیں، تم سے اس کا کوئی معاوضہ ہم نہیں مانگتے۔ ہمارا معاوضہ صرف اللہ تعالیٰ دینے والا ہے۔ سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی شان تو ان سب میں اعلیٰ وارفع ہے وہ کیسے قوم سے کوئی معاوضہ طلب کرتے۔

امام حدیث سعید بن منصورؒ اور ابن سعدؒ اور عبد بن حمیدؒ اور حاکمؒ اور بیہقیؒ نے امام شعبیؒ سے یہ واقعہ نقل کیا ہے اور حاکم نے اس کی سند کو صحیح کہا ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ امام شعبیؒ کہتے ہیں کہ لوگوں نے ہم سے اس آیت کی تفسیر کے متعلق سوالات کئے تو ہم نے حضرت ابن عباس رضؓ کو خط لکھ کر اسکی صحیح تفسیر دریافت کی آپ نے جواب میں لکھا کہ

ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان وسطا النسب فی قریش لیس بطن من بطونھم الا وقد ولد ولا فقال اللہ تعالیٰ (قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا) علی ما ادعوکم علیہ (اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى) تودونی لقرابتی منکم وتحفظونی بھا۔ (روح)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم قریش کے ایسے نسب سے تعلق رکھتے تھے کہ اس کے ہر ذیلی خاندان سے آپ کا رشتہ ولادت قائم تھا۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا کہ "آپ مشرکین سے یہ کہئے کہ اپنی دعوت پر میں تم سے کوئی معاوضہ بجز اس کے نہیں مانگتا کہ تم مجھ سے قرابت داری کی مروت و مودت کا معاملہ کر کے بغیر کسی تکلیف کے اپنے درمیان رہنے دو اور میری حفاظت کرو۔

اور ابن جریرؒ وغیرہ نے یہ الفاظ بھی نقل کئے ہیں:۔

یاقوم اِذا ابیتم ان تتابعونی فاحفظوا قرابتی منکم ولا تکونن

اے قوم! اگر تم میری اتباع سے انکار کرتے ہو تو تم سے جو میرا قرابت کا رشتہ ہے اس کی پاسداری

غیرکم من العرب اولی بحفظی و نصرتی منکم۔ (روح)

تو کرو، اور ایسا نہ ہو کہ عرب کے دوسرے لوگ (جن کے ساتھ میری قرابت نہیں) میری حفاظت اور نصرت میں تم پر بازی لے جائیں۔

اور حضرت ابن عباس رضؓ ہی سے سند ضعیف کے ساتھ ایک روایت یہ بھی منقول ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو کچھ لوگوں نے آپؐ سے یہ سوال کیا کہ آپؐ کی قرابت میں کون لوگ ہیں جن کی آپؐ نے فرمایا کہ علی رضؓ اور فاطمہ رضؓ اور ان کی اولاد۔ اس روایت کی سند کو درمنثور میں سیوطی نے اور تخریج احادیث کشاف میں حافظ ابن حجر نے ضعیف قرار دیا ہے اور چونکہ اس کا حاصل یہ ہوتا ہے کہ میں اپنی خدمت کا اتنا معاوضہ مانگتا ہوں کہ میری اولاد کی تم رعایت کیا کرو، جو عام انبیاء علیہم السلام خصوصاً سید الانبیاء کی شان کے مناسب بھی نہیں۔ اس لئے راجح اور مختار تفسیر جمہور امت کے نزدیک وہی ہے جو اوپر لکھی گئی۔ روافض نے اس روایت کو نہ صرف اختیار کیا بلکہ اس پر بڑے قلعے تعمیر کر ڈالے، جن کی کوئی بنیاد نہیں۔

آل رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم و محبت کا مسئلہ

اوپر جو کچھ لکھا گیا ہے اس کا تعلق صرف اس بات سے ہے کہ آیت مذکورہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی خدمت کے معاوضہ میں قوم سے اپنی اولاد کی محبت و عظمت کے لئے کوئی درخواست نہیں کی۔ اس کے یہ معنی کسی کے نزدیک نہیں کہ اپنی جگہ آل رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت و عظمت کوئی اہمیت نہیں رکھتی، ایسا خیال کوئی بدبخت گمراہ ہی کر سکتا ہے۔ حقیقت مسئلہ کی یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم و محبت کا ساری کائنات سے زائد ہونا جزو ایمان بلکہ مدار ایمان ہے۔ اور اس کے لئے لازم ہے کہ جس کو جس قدر نسبت قریبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے اسکی تعظیم و محبت بھی اسی پیمانے سے واجب و لازم ہونے میں کوئی شبہ نہیں، کہ انسان کی صلبی اولاد کو سب سے زیادہ نسبت قربت حاصل ہے اسلئے انکی محبت بلاشبہ جزو ایمان ہے۔ مگر اس کے یہ معنی نہیں کہ ازواج مطہرات اور دوسرے صحابہ کرام جن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ متعدد قسم کی نسبتیں قربت اور قرابت کی حاصل ہیں ان کو فراموش کر دیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ حب اہل بیت و آل رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا مسئلہ امت میں کبھی زیر اختلاف نہیں رہا، باجماع و اتفاق ان کی محبت و عظمت لازم ہے۔ اختلافات وہاں پیدا ہوتے ہیں جہاں دوسروں کی عظمتوں پر حملہ کیا جاتا ہے۔ ورنہ آل رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہونے کی حیثیت سے عام سادات خواہ ان کا سلسلہ نسب کتنا ہی بعید بھی ہو، ان کی محبت و عظمت عین سعادت و اجر

و ثواب ہے۔ اور چونکہ بہت سے لوگ اس میں کوتاہی برتنے لگے، اسی لئے حضرت امام شافعی رحؒ نے چند اشعار میں اس کی سخت مذمت فرمائی۔ وہ اشعار یہ ہیں اور درحقیقت یہی جمہورِ اُمّت کا مسلک و مذہب ہے۔

یارا کبًا قف بالمحصّب من منًی ۔۔۔ واھتف بساکن خیفھا والناھض

سحرًا اِذا فاضَ الحَجیج الیٰ منًی ۔۔۔ فیضًا کملتطم الفرات الفائض

اِن کان رفضًا حُبُّ اٰلِ محمّدٍ ۔۔۔ فلیشھد الثقلان انّی رافضی

یعنی اے شہ سوار، منیٰ کی وادیٔ محصّب کے قریب رُک جاؤ، اور جب صبح کے وقت عازمینِ حج کا سیلاب ایک ٹھاٹھیں مارتے ہوئے دریا کی طرح منیٰ کی طرف روانہ ہو تو اس علاقے کے ہر باشندے اور ہر راہرو سے پکار کر یہ کہدو کہ اگر صرف آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی محبّت ہی کا نام رفض ہے تو اس کائنات کے تمام جنّات و انسان گواہ رہیں کہ میں بھی رافضی ہوں۔

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا ۖ فَإِن يَشَإِ اللَّهُ

کیا وہ کہتے ہیں کہ اس نے باندھا اللہ پہ جھوٹ سو اگر اللہ چاہے

يَخْتِمْ عَلَىٰ قَلْبِكَ ۗ وَيَمْحُ اللَّهُ الْبَاطِلَ وَيُحِقُّ الْحَقَّ

مہر کر دے تیرے دل پر اور مٹاتا ہے اللہ جھوٹ کو اور ثابت کرتا ہے سچ کو

بِكَلِمَاتِهِ ۚ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿٢٤﴾ وَهُوَ

اپنی باتوں سے اس کو معلوم ہے جو دلوں میں ہے اور وہی ہے

الَّذِي يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهِ وَيَعْفُو عَنِ

جو قبول کرتا ہے توبہ اپنے بندوں کی اور معاف کرتا ہے

السَّيِّئَاتِ وَيَعْلَمُ مَا تَفْعَلُونَ ﴿٢٥﴾ وَيَسْتَجِيبُ

برائیاں اور جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو اور دعا سنتا ہے

الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَيَزِيدُهُم

ایمان والوں کی جو بھلے کام کرتے ہیں اور زیادہ دیتا ہے ان کو

مِّن فَضْلِهِ ۚ وَالْكَافِرُونَ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ ﴿٢٦﴾

اپنے فضل سے اور جو منکر ہیں اُن کے لئے سخت عذاب ہے۔

خُلاصۂ تفسیر

کیا یہ لوگ (آپ کی نسبت نعوذ باللہ) یوں کہتے ہیں کہ انھوں نے خدا پر جھوٹ بہتان باندھ رکھا ہے (کہ نبوّت اور وحی کا خلافِ واقع دعویٰ کیا ہے) سو (ان کا یہ قول خود افترا ہے، اس لئے کہ آپ کی زبانِ حق ترجمان سے اللہ کا یہ معجز کلام جاری ہو رہا ہے جو سچے نبی کے سوا کسی کی زبان پر جاری نہیں ہو سکتا۔ اگر معاذ اللہ آپ اپنے دعوائے رسالت میں سچے نہ ہوتے تو اللہ یہ کلام آپ پر جاری نہیں کر سکتا تھا۔ چنانچہ) خدا (کو یہ قدرت حاصل ہے کہ) اگر (وہ) چاہے تو آپ کے دل پر بند لگا دے (اور یہ کلام آپ کے قلب پر نہ القا ہو، نہ باقی رہے، بلکہ سلب ہو جائے، اور آپ بالکل بھول جائیں، اور اس صورت میں ظاہر ہے کہ زبان سے اس کا صدور ہو ہی نہیں سکتا) اور اللہ تعالیٰ (کی یہ عادت ہے کہ وہ نبوّت کے) باطل (دعوے) کو مٹایا کرتا ہے (چلنے نہیں دیتا، یعنی ایسے جھوٹے مدّعی کے ہاتھ پر معجزات ظاہر نہیں ہوتے) اور (نبوّت کے) حق (دعوے) کو اپنے احکام سے ثابت (اور غالب) کیا کرتا ہے (پس آپ صادق اور وہ کاذب ہیں اور چونکہ) وہ (یعنی اللہ تعالیٰ) دلوں (تک) کی باتیں جانتا ہے (چہ جائیکہ زبان کے اقوال اور جوارح کے افعال، پس اللہ تعالیٰ کو ان لوگوں کے عقائد، اقوال اور اعمال سب کی خبر ہے، ان سب پر خوب سزا دے گا، ہاں جو لوگ اپنے کفر اور بداعمالیوں سے توبہ کر لیں انھیں معاف کر دے گا، کیونکہ یہ اس کا قانون ہے) اور وہ ایسا (رحیم) ہے کہ اپنے بندوں کی توبہ (بشرائطہا) قبول کرتا ہے اور وہ (اس توبہ کی برکت سے) تمام (گذشتہ) گناہ معاف فرما دیتا ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو وہ اس (سب) کو جانتا ہے (پس اس کو یہ بھی معلوم ہے کہ توبہ خالص کی ہے یا غیر خالص) اور (جب کوئی شخص کفر سے توبہ کر کے مسلمان ہو گیا تو اس کی جو عبادتیں پہلے قبول نہ ہوتی تھیں، اب قبول ہونے لگیں گی، کیونکہ اللہ تعالیٰ) ان لوگوں کی عبادت (بشرطیکہ ریا کے لئے نہ ہو) قبول کرتا ہے جو ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کئے (وہ عبادتیں یہی نیک عمل ہیں اور ان کو قبول کرنے کا مطلب یہ ہے کہ ان کو ثواب دیتا ہے) اور (علاوہ اس ثواب کے جو فی نفسہٖ اس عمل کا مقتضا ہے) ان کو اپنے فضل سے اور زیادہ (ثواب) دیتا ہے (یہ تو ایمان والوں کے لئے ہوا) اور جو لوگ کفر (پر اصرار) کر رہے ہیں (اور ایمان نہیں لائے) اُن کے لئے سخت عذاب (مقرر) ہے۔

مَعارف ومَسائل

آیات مذکورہ میں سے پہلی آیت میں حق تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوّت و رسالت اور قرآن کو غلط اور خدائے تعالیٰ پر افترا کہنے والوں کو اپنا ایک عام ضابطہ بتلا کر جواب دیا ہے۔ جس کا خلاصہ یہ ہے کہ، ایسے کام جو عادتاً انسان نہیں کر سکتے، جن کو خرقِ عادت یا معجزہ کہا جاتا ہے، اگرچہ بعض ساحر، جادوگر بھی اپنے سحر سے ایسے کام کر دکھاتے ہیں۔ یہ تو ظاہر ہے کہ ان دونوں میں سے کوئی بھی بغیر اللہ تعالیٰ کے ارادے اور مشیّت کے کچھ نہیں کر سکتا۔ حق تعالیٰ ہی اپنے فضل سے انبیاء کی نبوّت ثابت کرنے کے لئے ان کو معجزات عطا فرماتے ہیں جن میں پیغمبر کا کوئی اختیار نہیں ہوتا۔

اسی طرح جادوگروں کا جادو بھی اپنی حکمت امتحان و آزمائش کی بنا پر چلنے دیتے ہیں۔ مگر سحر اور معجزہ میں فرق اور نبی اور ساحر میں امتیاز کے لئے اس نے یہ ضابطہ جاری کر رکھا ہے کہ جو شخص نبوّت کا دعویٰ جھوٹا کرے، اس کے ہاتھ سے کوئی سحر یا جادو کامیاب نہیں ہوتا۔ جب تک کہ وہ مدّعی نبوّت نہ ہو سحر چلتا ہے۔ نبوّت کا جھوٹا دعویٰ کرنے کے بعد اس کا سحر اللہ تعالیٰ نہیں چلنے دیتے۔

اور جن کو اللہ تعالیٰ نبوّت و رسالت عطا فرماتے ہیں۔ ان کو معجزات بھی عطا فرماتے ہیں۔ اور ان کے معجزات کا صدور و روشن کرتے ہیں۔ اس طرح تکوینی اور تقدیری طور پر ان کی نبوّت کو ثابت کر دیتے ہیں۔ دوسرے اپنے کلام کی آیات میں اُن کی تصدیق نازل فرما دیتے ہیں۔

جب یہ ضابطہ معلوم ہو گیا تو اب یہ سمجھو کہ قرآن کریم ایک معجزہ ہے کہ تمام دنیا کے جن و بشر اس کی ایک آیت کی مثال بنانے سے عاجز ہیں جن کا عجز زمانہ نبوّت میں ثابت ہو چکا اور آج تک ثابت ہے۔ ایسا کھلا ہوا معجزہ کسی جھوٹے مدعی نبوّت سے حسب ضابطہ مذکورہ صادر نہیں ہو سکتا۔ اس لئے آپ کا دعویٰ وحی و رسالت صحیح اور حق ہے، اس کو غلط اور افترا کہنے والے گمراہ مفتری ہیں۔

دوسری آیت میں منکرین و معاندین کو نصیحت کی گئی ہے کہ اب بھی کفر و انکار سے باز آجائیں اور توبہ کر لیں۔ اللہ تعالیٰ بڑا رحیم و کریم ہے، توبہ کرنے والوں کی توبہ قبول فرما لیتا ہے اور ان کی خطاؤں کو بخشدیتا ہے۔

توبہ کی حقیقت

توبہ کے لفظی معنی لوٹنے اور رجوع کرنے کے ہیں، اور شرعی اصطلاح میں کسی گناہ سے باز آنے کو توبہ کہتے ہیں۔ اور اس کے صحیح و معتبر ہونے کے لئے تین شرائط ہیں.

ایک یہ کہ جس گناہ میں فی الحال مبتلا ہے اس کو فوراً ترک کردے، دوسرے یہ کہ ماضی میں جو گناہ ہوا اُس پر نادم ہو، اور تیسرے یہ کہ آئندہ اُسے ترک کرنے کا پختہ عزم کرلے اور کوئی شرعی فریضہ چھوڑا ہوا ہے تو اسے اَدا یا قضا کرنے میں لگ جائے اور اگر گناہ حقوق العباد سے متعلق ہے تو اس میں ایک شرط یہ بھی ہے کہ اگر کسی کا مال اپنے اوپر واجب ہے اور وہ شخص زندہ ہے تو یا اسے وہ مال لوٹائے یا اس سے معاف کرائے اور اگر وہ زندہ نہیں اور اس کے ورثہ موجود ہیں تو ان کو لوٹائے، اگر ورثہ بھی نہیں ہیں تو بیت المال میں داخل کرائے، بیت المال بھی نہیں ہے یا اس کا انتظام صحیح نہیں ہے تو اس کی طرف سے صدقہ کردے، اور اگر کوئی غیر مالی حق کسی کا اپنے ذمہ واجب ہے، مثلاً کسی کو ناحق ستایا ہے، بُرا بھلا کہا ہے، یا اس کی غیبت کی ہے تو اسے جس طرح ممکن ہو راضی کرکے اس سے معافی حاصل کرے۔

اور یہ تو ہر قسم کی توبہ کے لئے ضروری ہے ہی کہ گناہ کا ترک کرنا اللہ کے لئے ہو، اپنے کسی جسمانی ضعف یا مجبوری کی بنا پر نہ ہو۔ اور شریعت میں اصل مطلوب توبہ یہ ہے کہ توبہ سارے ہی گناہوں سے کی جائے، لیکن اگر صرف کسی خاص گناہ سے توبہ کی گئی تو اہلِ سنّت کے مسلک کے مطابق اس گناہ کی حد تک تو معافی ہوجائیگی، دوسرے گناہوں کا وبال سر پر رہے گا۔

وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا فِي الْاَرْضِ

اور اگر پھیلا دے اللہ روزی اپنے بندوں کو تو دھوم اٹھادیں ملک میں

وَلٰكِنْ يُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا يَشَآءُ ۭ اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرٌۢ

ولیکن اتارتا ہے ماپ کر جتنی چاہتا ہے بے شک وہ اپنے بندوں کی خبر رکھتا ہے

بَصِيْرٌ ۝۲۷ وَهُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْۢ بَعْدِ

دیکھتا ہے اور وہی ہے جو اتارتا ہے مینہ بعد اس کے کہ آس

مَا قَنَطُوْا وَيَنْشُرُ رَحْمَتَهٗ ۭ وَهُوَ الْوَلِيُّ الْحَمِيْدُ ۝۲۸

توڑ چکے اور پھیلاتا ہے اپنی رحمت اور وہی ہے کام بنانے والا سب تعریفوں کے لائق

وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَثَّ

اور ایک اس کی نشانی ہے بنانا آسمانوں کا اور زمین کا اور جس قدر

فِيْهِمَا مِنْ دَآبَّةٍ ؕ وَهُوَ عَلٰى جَمْعِهِمْ اِذَا يَشَآءُ

بکھیرے ہیں ان میں جانور اور وہ جب چاہے اُن سب کو اکٹھا کر سکتا

قَدِيْرٌ ﴿۲۹﴾ وَمَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ ع ۳ ۱۰ ۴

ہے اور جو پڑے تم پر کوئی سختی سو وہ بدلہ ہے اس کا جو کمایا

اَيْدِيْكُمْ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ؕ ﴿۳۰﴾ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ

تمہارے ہاتھوں نے اور معاف کرتا ہے بہت سے گناہ اور تم تھکا دینے والے نہیں بھاگ کر

فِى الْاَرْضِ ۖ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِىٍّ وَّلَا

زمین میں اور کوئی نہیں تمہارا اللہ کے سوائے کام بنانے والا اور نہ

نَصِيْرٍ ﴿۳۱﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهِ الْجَوَارِ فِى الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ؕ ﴿۳۲﴾

مددگار اور ایک اس کی نشانی ہے کہ جہاز چلتے ہیں دریا میں جیسے پہاڑ

اِنْ يَّشَاْ يُسْكِنِ الرِّيْحَ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلٰى ظَهْرِهٖ ؕ

اگر چاہے تھام دے ہوا کو پھر رہیں سارے دن ٹھہرے ہوئے اس کی پیٹھ پر

اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۳۳﴾ اَوْ يُوْبِقْهُنَّ

مقرر اس بات میں پتے ہیں ہر قائم رہنے والے کو جو احسان مانے یا تباہ کر دے ان کو

بِمَا كَسَبُوْا وَيَعْفُ عَنْ كَثِيْرٍ ﴿۳۴﴾ وَّيَعْلَمَ الَّذِيْنَ

بہ سبب ان کی کمائی کے اور معاف بھی کرے بہتوں کو اور تاکہ جان لیں وہ لوگ جو

يُجَادِلُوْنَ فِىْٓ اٰيٰتِنَا ؕ مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ﴿۳۵﴾

جھگڑتے ہیں ہماری قدرتوں میں کہ نہیں اُن کے لیے بھاگنے کی جگہ۔

خُلاصۂ تفسیر

اور (اللہ تعالیٰ کی صفتِ حکمت کے آثار میں سے یہ ہے کہ اس نے سب آدمیوں کو زیادہ مال نہیں دیا، کیونکہ) اگر اللہ تعالیٰ اپنے سب بندوں کے لئے (بحالاتِ موجودہ جیسی ان کی طبیعتیں ہیں)

روزی فراخ کر دیتا تو وہ دنیا میں (بالعموم) شرارت کرنے لگتے (کیونکہ جب سارے انسان مالدار ہوتے اور کوئی کسی کا مطلق محتاج نہ ہوتا تو کوئی بھی کسی سے نہ دبتا) لیکن (یہ بھی نہیں کیا کہ بالکل ہی کسی کو کچھ نہ دیا ہو، بلکہ) جتنا رزق چاہتا ہے اندازہ (مناسب) سے (ہر ایک کے لئے) اتارتا ہے، (کیونکہ) وہ اپنے بندوں (کے مصالح) کو جاننے والا (اور ان کا حال) دیکھنے والا ہے اور وہ ایسا (رحیم) ہے جو (بسا اوقات) لوگوں کے ناامید ہو جانے کے بعد مینہ برساتا ہے اور اپنی رحمت (کے آثار دنیا میں) پھیلاتا ہے (آثار سے مراد نباتات اور پھل پھول ہیں) اور وہ (سب کا) کارساز (اور اس کارسازی پر) قابلِ حمد (وثنا) ہے اور منجملہ اس کی (قدرت کی) نشانیوں کے پیدا کرنا ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور جانداروں کا جو اس نے زمین و آسمان میں پھیلا رکھے ہیں اور وہ (قیامت کے دن دوبارہ زندہ کر کے) ان (مخلوقات) کے جمع کر لینے پر بھی جب وہ (جمع کرنا) چاہے قادر ہے اور (وہ انتقام لینے والا مگر ساتھ ہی معاف کرنے والا بھی ہے چنانچہ) تم کو (اے گناہگارو) جو کچھ مصیبت (حقیقتاً) پہنچتی ہے تو وہ تمہارے ہی ہاتھوں کے کئے ہوئے کاموں سے (پہنچتی ہے اور پھر بھی ہر گناہ پر نہیں، بلکہ بعض بعض گناہوں پر) اور بہت (سے گناہوں) سے درگذر ہی کر دیتا ہے (خواہ دونوں جہاں میں یا صرف دنیا میں) اور (اگر وہ سب پر مؤاخذہ کرنے لگے تو) تم زمین (کے کسی حصہ) میں (پناہ لیکر اس کو) ہرا نہیں سکتے اور (ایسے وقت میں) خدا کے سوا تمہارا کوئی حامی مددگار نہیں (ہو سکتا) اور منجملہ اس کی (قدرت کی) نشانیوں کے جہاز ہیں سمندر میں (ایسے اونچے) جیسے پہاڑ (مراد یہ ہے کہ ان کا سمندر میں چلنا دلیل ہے حق تعالیٰ کی عجیب صناعی کی ورنہ) اگر وہ چاہے تو ہوا کو ٹھہرا دے تو وہ (جہاز) سمندر کی سطح پر کھڑے کے کھڑے رہ جائیں (یہ اسی کا کام ہے کہ) ہوا کو چلاتا ہے اور اس سے وہ جہاز چلتے ہیں) بے شک اس میں (قدرت پر دلالت کرنے والی) نشانیاں ہیں ہر صابر و شاکر (یعنی مؤمن) کے لئے (اس کی تشریح سورۂ لقمان کے آخری رکوع میں اسی قسم کے جملہ کے تحت گزر چکی۔ غرض اگر وہ چاہے تو ہوا کو ساکن کر کے جہازوں کو کھڑا کر دے) یا (اگر وہ چاہے زور کی ہوا چلا کر) ان جہازوں (کے سواروں) کو ان کے اعمال (بد کفر وغیرہ) کے سبب تباہ کر دے اور (ان میں) بہت سے آدمیوں سے درگزر کر جاوے (یعنی اس وقت غرق نہ ہوں، گو آخرت میں سزایاب ہوں) اور (اس تباہی کے وقت) ان لوگوں کو جو کہ ہماری آیتوں میں جھگڑنے نکالتے ہیں معلوم ہو جاوے کہ (اب) ان کے لئے کہیں بچاؤ (کی صورت) نہیں (کیونکہ ایسے اوقات میں وہ بھی اپنے مزعومہ شرکاء کو عاجز سمجھتے تھے)۔

مَعارِف ومَسائِل

ربط اور شانِ نزول

اِن آیات میں باری تعالیٰ نے عقیدۂ توحید کو ثابت کرنے کے لیے اپنی اس حکمتِ بالغہ کا تذکرہ فرمایا ہے جس کے ذریعہ اس نے کائنات کو ایک مستحکم نظام میں جکڑا ہوا ہے، اور مقصد یہ ہے کہ کائنات کا یہ مستحکم نظام اس بات کی واضح دلیل ہے کہ کوئی حکیم وخبیر ذات اسے چلا رہی ہے۔

اس مضمون کی ابتدا باری تعالیٰ نے اپنے اس نظام معیشت کی طرف اشارہ فرما کر کی ہے جو اُس نے اپنی حکمت سے دنیا میں جاری فرمایا ہے۔ اور یہ مضمون پچھلی آیات سے اس طرح مربوط ہے کہ گزشتہ آیتوں میں یہ بیان کیا گیا تھا کہ اللہ تعالیٰ مؤمنوں کی عبادت کو قبول فرماتا ہے جس میں اُن کی دُعاؤں کی قبولیت بھی داخل ہے۔ اب یہاں یہ اشکال ہو سکتا تھا کہ یہ بات بکثرت مشاہدہ میں آتی ہے کہ مسلمان اپنے کسی دینوی مقصد کے لیے دعا کرتا ہے، لیکن وہ مقصد پورا نہیں ہوتا۔ اس اشکال کا جواب مذکورہ بالا آیات میں سے سب سے پہلی آیت میں دیا گیا ہے۔ اور اس کا خلاصہ یہ ہے کہ انسان کی ہر خواہش کا پورا ہونا بعض اوقات خود انسان کی انفرادی یا اجتماعی مصلحت کے خلاف ہوتا ہے لہٰذا اگر کسی وقت کسی انسان کی کوئی دعا بظاہر قبول نہ ہو تو اس کے پیچھے کائنات کی وہ عظیم مصلحتیں ہوتی ہیں جنھیں اسکے علیم وحکیم خالق کے سوا کوئی نہیں جانتا، اگر دنیا کے ہر انسان کو ہر قسم کا رزق اور ہر قسم کی نعمتیں عطا کر دی جائیں تو دنیا کا یہ نظام حکمت کے ساتھ چل ہی نہیں سکتا۔ تفسیر کبیر۔

چنانچہ بعض روایات سے اس کی تائید ہوتی ہے کہ یہ آیت ان مؤمنین کے بارے میں نازل ہوئی تھی جو کافروں کی مال ودولت دیکھ کر تمنا کیا کرتے تھے کہ یہ وسعت وفراخی ہمیں بھی حاصل ہو جائے۔ امام بغوی رح نے حضرت خباب بن ارت رض کا یہ قول نقل کیا ہے کہ ہم نے بنو قریظہ، بنو نضیر، اور بنو قینقاع کے مال ودولت کو دیکھا تو ہمارے دلوں میں بھی مالداری کی تمنا پیدا ہوئی، اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ اور حضرت عمرو بن حریث رض فرماتے ہیں کہ اصحاب صُفّہ میں سے بعض حضرات نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس خواہش کا اظہار کیا تھا کہ اللہ تعالیٰ ہمیں مالدار بنا دے، اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ (رُوح المعانی وغیرہ)۔

دنیا میں دولت کی عام فراوانی فساد کا سبب ہے

بہرکیف! آیت میں یہ ارشاد فرمایا گیا ہے کہ اگر دنیا کے ہر فرد پر ہر قسم کے رزق اور ہر قسم کی نعمت کی فراوانی کر دی جاتی تو انسانوں کا ایک دوسرے کے خلاف بغی وفساد حد سے بڑھ جاتا۔ اس لئے کہ دولت کی فراوانی کی وجہ سے نہ کوئی کسی کا محتاج ہوتا اور نہ کوئی کسی سے دبتا، دوسری طرف

دولت مندی کی ایک خاصیت یہ ہے کہ جتنی دَولت بڑھتی ہے، اتنا ہی حرص و ہَوس میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا کہ ایک دوسرے کی املاک پر قبضہ جمانے کے لئے زور و زبردستی کا استعمال عام ہو جاتا۔ لڑائی جھگڑے، سرکشی اور دوسری بداعمالیاں حَد سے زیادہ بڑھ جاتیں۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے ہر فرد کو ہر قسم کا رزق اور ہر قسم کی نعمت دینے کے بجائے ان نعمتوں کو اپنے بندوں پر اس طرح تقسیم کیا ہے کہ کسی کے پاس مال و دَولت زیادہ ہے، کوئی صحت و قوت میں دوسرے سے بڑھا ہوا ہے۔ کوئی حُسن و جمال سے مالا مال ہے، کسی کے پاس علم و حکمت کی دَولت دوسروں سے زیادہ ہے۔ غرض ہر شخص کسی نہ کسی چیز کے لئے دوسروں کا محتاج ہے، اور اسی باہمی احتیاج پر تمدّن کی عمارت قائم ہے۔ وَلٰكِنْ يُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا يَشَآءُ کا مطلب یہی ہے کہ اللہ نے اپنی نعمتیں ایک خاص اندازے سے دنیا کے لوگوں پر نازل کی ہیں۔ اور آگے اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرٌۢ بَصِيْرٌ (بلاشبہ وہ اپنے بندوں کو جاننے والا دیکھنے والا ہے) فرما کر اس طرف بھی اشارہ کر دیا کہ اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے کہ کس شخص کے لئے کون سی نعمت مناسب ہے اور کون سی نقصان دہ؟ لہٰذا اس نے ہر شخص کو مناسب نعمتیں دی ہیں، اور اگر کسی سے کوئی نعمت سلب فرمائی ہے تو وہ اس کی اور پورے عالم کی مصلحت ہی کی بنا پر سلب کی ہے۔ اور یہ بالکل ضروری نہیں ہے کہ ہر ہر فرد کے بارے میں یہ مصلحت ہماری سمجھ میں بھی آجائے، کیونکہ یہاں ہر انسان اپنی معلومات کے ایک محدود دائرے میں رہ کر سوچتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے سامنے پوری کائنات کی مصلحتیں ہیں، اس لئے اس کی تمام حکمتوں تک رسائی ممکن ہی نہیں ہے۔ اس کی ایک محسوس نظیر یہ ہے کہ ایک دیانتدار سربراہِ مملکت بسا اوقات ایسے احکام جاری کرتا ہے جو بعض افراد کے خلاف پڑتے ہیں اور وہ ان کی وجہ سے مصائب کا شکار ہو جاتے ہیں۔ جو شخص اس طرح مصائب کا شکار ہوا ہے وہ چونکہ صرف اپنے مفاد کے محدود دائرہ میں رہ کر سوچ رہا ہے، اس لئے ممکن ہے کہ اسے سربراہِ مملکت کا یہ اقدام بُرا محسوس ہو، لیکن جس شخص کی نگاہ پورے ملک و قوم کے حالات پر ہے اور جو یہ سمجھتا ہے کہ کسی ایک شخص کے مفاد پر پورے ملک کو قربان نہیں کیا جا سکتا، وہ اس اقدام کو بُرا خیال نہیں کرتا، اب جو ذات پوری کائنات کا نظام چلا رہی ہے اس کی حکمتوں کا احاطہ آخر کیسے کیا جا سکتا ہے؟ اگر یہ نکتہ ذہن میں رہے تو وہ اوہام اور وسوسے خود بخود کافور ہو سکتے ہیں جو دنیا میں کسی شخص کو گرفتارِ مصائب دیکھ کر پیدا ہوتے ہیں۔

اسی آیت سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ دنیا کے تمام انسانوں کا مال و دَولت میں مساوی ہونا نہ ممکن ہے، نہ مطلوب اور نہ نظامِ عالم کی تکوینی مصلحتیں اس کا تقاضا کرتی ہیں۔ اس مسئلہ کی پوری تفصیل انشاء اللہ سورۂ زخرف کی آیت نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيْشَتَهُمْ الخ

کے تحت آئے گی۔

جنّت اور دنیا کا فرق

یہاں یہ اشکال ہو سکتا ہے کہ جنّت میں تو تمام انسانوں پر ہر قسم کی نعمتوں کی فراوانی کر دی جائے گی، وہاں یہ چیز فساد کا سبب کیوں نہیں ہو گی؟ اس کا جواب یہ ہے کہ دنیا میں فساد کا سبب مال و دولت کی فراوانی کے ساتھ حرص و ہوس کے وہ جذبات ہیں جو دولت مندی کے ساتھ ساتھ عموماً بڑھتے ہی رہتے ہیں۔ اس کے برخلاف جنّت میں نعمتوں کی عام بارش تو ہو گی لیکن حرص و ہوس اور سرکشی کے یہ جذبات ختم کر دئے جائینگے چنانچہ وہاں یہ فساد رُونما نہیں ہو گا۔ حکیم الامّت حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے خلاصۂ تفسیر میں "بحالات موجودہ" کے الفاظ اسی طرف اشارہ کرنے کے لئے بڑھائے ہیں۔ (بیان القرآن)

اب یہاں یہ اعتراض قطعی فضول ہے کہ دنیا میں بھی مال و دولت کی فراوانی کر کے حرص و ہوس کے جذبات کیوں نہ ختم کر دیئے گئے؟ کیونکہ دنیا کی تخلیق کا مقصد ہی ایک ایسا جہان پیدا کرنا ہے جو خیر و شر دونوں کی قوتوں سے مرکب ہو۔ اس کے بغیر، انسانوں کی وہ، آزمائش ممکن ہی نہیں ہے جو تخلیق عالم کا اصل منشا ہے۔ لہٰذا اگر یہاں انسانوں میں سے یہ جذبات ختم کر دئے جاتے تو دنیا کی پیدائش کا مقصدِ اصلی ہی فوت ہو جاتا۔ اس کے برخلاف جنّت خالص خیر پر مشتمل ہو گی، اس لئے وہاں یہ جذبات ختم کر دیئے جائیں گے۔

هُوَ الَّذِیْ یُنَزِّلُ الْغَیْثَ مِنْۢ بَعْدِ مَا قَنَطُوْا ۔ اور وہ ایسا ہے جو لوگوں کے ناامید ہو جانے کے بعد مینہہ برساتا ہے) یوں تو اللہ تعالیٰ کی عام عادت ہے کہ جب زمین کو پانی کی شدید ضرورت ہوتی ہے، بارش برسا دیتے ہیں۔ لیکن یہاں "ناامید ہو جانے کے بعد" فرمانا اس طرف اشارہ کر دیا گیا ہے کہ کبھی کبھی باری تعالیٰ مینہہ برسانے میں عام عادت کے خلاف اتنی تاخیر کر دیتے ہیں جس سے لوگ ناامید ہونے لگیں۔ اس سے آزمائش کے علاوہ اس بات پر تنبیہہ مقصود ہوتی ہے کہ بارش اور قحط سب اللہ کے قبضۂ قدرت میں ہے، وہ جب چاہتا ہے لوگوں کی بداعمالیوں وغیرہ کی بنا پر بارش روک لیتا ہے تاکہ لوگ اس کی رحمت کی طرف متوجہ ہو کر اس کے سامنے عجز و نیاز کا مظاہرہ کریں۔ ورنہ اگر بارش کا بھی کوئی لگا بندھا وقت ہوتا جس سے کبھی سرِمُو انحراف نہ ہو تو لوگ اُسے خالصتاً ظاہری اسباب کے تابع سمجھ کر اللہ تعالیٰ کی قدرت سے بے توجہ ہو جاتے اور یہاں "ناامید" ہونے سے مُراد اپنی تدبیروں سے ناامید ہونا ہے، ورنہ اللہ کی رحمت سے مایوسی تو کفر ہے۔

وَمَا بَثَّ فِیْهِمَا مِنْ دَآبَّةٍ ۔ "دَآبَّة"، اصل لغت میں ہر اُس چیز کو کہتے ہیں جو اپنے اختیار سے چلنے اور حرکت کرنے والی ہو، بعد میں یہ لفظ صرف جانوروں کے لئے استعمال ہونے لگا ہے۔ اس آیت میں آسمان اور زمین دونوں کی طرف نسبت کر کے یہ کہا گیا ہے کہ ان میں اللہ تعالیٰ نے

بہت سی چلنے والی مخلوقات پیدا کی ہیں۔ زمین پر یہ چلنے والی مخلوقات تو ظاہر ہیں، آسمان میں اِن سے مراد ملائکہ بھی ہو سکتے ہیں۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ آسمانوں میں کچھ ایسے جانور موجود ہوں جو ابھی تک انسان کے علم میں نہیں آسکے۔

بہرکیف! مقصد یہ ہے کہ گو نظام عالم کی مصلحت سے اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کو مال و دولت میں وسعت عطا نہیں کی، بلکہ ایک حکیمانہ اندازہ سے رزق کی تقسیم فرمائی ہے، لیکن کائنات کی جو نعمتیں عمومی فائدے کی ہیں، اُن سے ہر شخص کو بہرہ اندوز کیا ہے۔ بارش، بادل، زمین، آسمان، اور ان کی مخلوقات سب انسانوں کے فائدے کے لئے پیدا کی گئی ہیں اور یہ سب چیزیں اللہ کی وحدانیت پر دلالت کرتی ہیں۔ اس کے بعد کسی شخص کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ اس کے اپنے اعمال کی وجہ سے پہنچتی ہے۔ لہٰذا اُسے اس پر اللہ تعالیٰ کا شکوہ کرنے کے بجائے اپنے گریبان میں منہ ڈالنا چاہیئے۔

وَمَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ۔ کا یہی مطلب ہے۔ حضرت حسن رضؓ سے روایت ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قسم ہے اس ذات کی کہ جس کے قبضہ میں میری جان ہے، جس شخص کو کسی لکڑی سے کوئی خراش لگتی ہے، یا کوئی رگ دھڑکتی ہے یا قدم کو لغزش ہوتی ہے، یہ سب اس کے گناہوں کے سبب سے ہوتا ہے اور ہر گناہ کی سزا اللہ تعالیٰ نہیں دیتے بلکہ جو گناہ اللہ تعالیٰ معاف کر دیتے ہیں وہ ان سے بہت زیادہ ہیں، جن پر کوئی سزا دیجاتی ہے۔ حضرت اشرف المشائخ نے فرمایا کہ جس طرح جسمانی اذیتیں اور تکلیفیں گناہوں کے سبب آتی ہیں اسی طرح باطنی امراض بھی کسی گناہ کا نتیجہ ہوتے ہیں۔ آدمی سے کوئی ایک گناہ سرزد ہو گیا تو وہ سبب بن جاتا ہے دوسرے گناہوں میں مبتلا ہونے کا، جیسا کہ حافظ ابن قیمؒ نے الدواء الشافی میں لکھا ہے کہ گناہ کی ایک نقد سزا یہ ہوتی ہے کہ اس کے ساتھ دوسرے گناہوں میں مبتلا ہو جاتا ہے، اسی طرح نیکی کی ایک نقد جزا یہ ہے کہ ایک نیکی دوسری نیکی کو کھینچ لاتی ہے۔

بیضاویؒ وغیرہ نے فرمایا کہ یہ آیت اُن لوگوں کے لئے مخصوص ہے، جن سے گناہ سرزد ہو سکتے ہیں۔ انبیاء علیہم السلام جو گناہوں سے معصوم ہیں یا نابالغ بچے اور مجنون جن سے کوئی گناہ نہیں ہوتا، اُن کو جو تکلیف و مصیبت پہنچتی ہے وہ اس حکم میں داخل نہیں۔ اس کے دوسرے اسباب اور حکمتیں ہوتی ہیں۔ مثلاً رفع درجات اور درحقیقت ان کی حکمتوں کا احاطہ انسان نہیں کر سکتا (واللہ اعلم)۔

فائدہ بعض روایاتِ حدیث سے ثابت ہے کہ جن گناہوں پر کوئی سزا دنیا میں دیدی جاتی ہے مؤمن کے لئے اس سے آخرت میں معافی ہو جاتی ہے۔ جیسا کہ حاکمؒ نے مستدرک میں اور بغویؒ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے مرفوعاً نقل کیا ہے۔ (مظہری)

فَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَمَا عِنْدَ

سو جو کچھ ملا ہے تم کو کوئی چیز ہو سو وہ برت لینا ہے دنیا کی زندگانی میں اور جو کچھ اللہ کے

اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۚ ﴿۳۶﴾

یہاں ہے بہتر ہے اور باقی رہنے والا واسطے ایمان والوں کے جو اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں

وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَاِذَا مَا

اور جو لوگ کہ بچتے ہیں بڑے گناہوں سے اور بے حیائی سے اور جب

غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَالَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمْ

غصہ آوے تو وہ معاف کر دیتے ہیں اور جنھوں نے کہ حکم مانا اپنے رب کا

وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۪ وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ ۪ وَمِمَّا

اور قائم کیا نماز کو اور کام کرتے ہیں مشورہ سے آپس کے اور وہ ہمارا

رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۚ ﴿۳۸﴾ وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَهُمُ الْبَغْيُ

دیا کچھ خرچ کرتے ہیں اور وہ لوگ کہ جب ان پر ہووے چڑھائی

هُمْ يَنْتَصِرُوْنَ ﴿۳۹﴾ وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا ۚ فَمَنْ

تو وہ بدلہ لیتے ہیں اور برائی کا بدلہ ہے برائی ویسی ہی پھر جو

عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۰﴾

کوئی معاف کرے اور صلح کرے سو اس کا ثواب ہے اللہ کے ذمے بیشک اس کو پسند نہیں آتے گنہگار

وَلَمَنِ انْتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهٖ فَاُولٰٓئِكَ مَا عَلَيْهِمْ مِّنْ

اور جو کوئی بدلہ لے اپنے مظلوم ہونے کے بعد سو ان پر بھی نہیں کچھ الزام

سَبِيْلٍ ؕ ﴿۴۱﴾ اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَظْلِمُوْنَ النَّاسَ

الزام تو ان پر ہے جو ظلم کرتے ہیں لوگوں پر

وَيَبْغُوْنَ فِى الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ

اور دھوم اٹھاتے ہیں ملک میں ناحق ان لوگوں کے لئے ہے عذاب

اَلِيْمٌ ﴿۴۲﴾ وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿۴۳﴾ ع ۴ ۱۴ ۵

دردناک اور البتہ جس نے سہا اور معاف کیا بیشک یہ کام ہمت کے ہیں ۔

خُلاصۂ تفسیر

(اور تم اوپر سُن چکے ہو کہ طالبِ دنیا کی ہر دنیوی تمنّا پوری نہیں ہوتی اور آخرت سے محروم رہتا ہے اور طالبِ آخرت کو ترقی ہوتی ہے۔ نیز سُن چکے ہو کہ زیادہ متاعِ دنیا کا انجام اچھا نہیں، اکثر اس سے اعمالِ مُضِرّہ پیدا ہوتے ہیں) سو (اس سے ثابت ہوا کہ مطلوب بنانے کے قابل دنیا نہیں، بلکہ آخرت ہے، اور باقی دنیا کی چیزوں میں سے) جو کچھ تم کو دیا دلایا گیا ہے وہ محض (چند روزہ) دنیوی زندگی کے برتنے کے لئے ہے (کہ عمر کے خاتمہ کے ساتھ اس کا بھی خاتمہ ہو جائے گا) اور جو (اجر و ثواب آخرت میں) اللہ کے ہاں ہے وہ بدرجہا اس سے (کیفیت کے اعتبار سے بھی) بہتر ہے اور (کمیت کے لحاظ سے بھی) زیادہ پائیدار (یعنی ہمیشہ رہنے والا ہے، پس دنیا کی طلب چھوڑ کر آخرت کی طلب کرو، مگر آخرت کے حصول کے لئے کم سے کم شرط تو ایمان لانا اور کفر کو چھوڑنا ہے، اور آخرت کے مکمل درجات کے لئے تمام واجبات و فرائض کو اختیار کرنا اور تمام گناہوں کو چھوڑنا ضروری ہے۔ اور تقرب کے درجات حاصل کرنے کے لئے نفلی طاعات کو اختیار کرنا اور خلافِ اولیٰ مباحات کو ترک کرنا بھی محبوب ہے چنانچہ) وہ (ثواب جس کی تفصیل اوپر گذری) ان لوگوں کے لئے ہے جو ایمان لے آئے اور اپنے رب پر توکل کرتے ہیں اور جو کبیرہ گناہوں سے اور (ان میں) بے حیائی کی باتوں سے (بالخصوص زیادہ) بچتے ہیں اور جب ان کو غصہ آتا ہے تو معاف کر دیتے ہیں اور جن لوگوں نے اپنے رب کا حکم مانا اور وہ نماز کے پابند ہیں اور ان کا ہر (اہم) کام (جس میں اللہ کی طرف سے کوئی معیّن حکم نہ ہو) آپس کے مشورہ سے ہوتا ہے اور ہم نے جو کچھ ان کو دیا ہے وہ اس میں سے خرچ کرتے ہیں اور جو ایسے (منصف) ہیں کہ جب ان پر (کسی طرف سے کچھ) ظلم واقع ہوتا ہے تو وہ (اگر بدلہ لیتے ہیں تو) برابر کا بدلہ لیتے ہیں (زیادتی نہیں کرتے، اور یہ مطلب نہیں کہ معاف نہیں کرتے) اور (برابر کا بدلہ لینے کے لئے ہم نے یہ اجازت دے رکھی ہے کہ) برائی کا بدلہ برائی ہے ویسی ہی (بشرطیکہ وہ فعل بذاتِ خود گناہ نہ ہو) پھر (انتقام کی اجازت کے باوجود) جو شخص معاف کر دے اور (باہمی معاملہ کی) اصلاح کر لے (جس سے عداوت جاتی رہے اور دوستی ہو جاوے) تو اس کا ثواب (حسبِ وعدہ) اللہ کے ذمہ ہے (اور جو بدلہ لینے میں زیادتی کرنے لگے تو یہ سُن رکھے کہ) واقعی اللہ تعالیٰ ظالموں کو پسند نہیں کرتا اور جو (زیادتی نہ کرے بلکہ) اپنے اوپر ظلم ہو چکنے کے بعد برابر کا بدلہ لے لے، سو ایسے لوگوں پر کوئی الزام نہیں، الزام صرف ان لوگوں پر ہے جو لوگوں پر ظلم کرتے ہیں (خواہ ابتداءً یا انتقام کے وقت) اور ناحق دنیا میں سرکشی (اور تکبّر) کرتے (پھرتے) ہیں (اور یہی تکبّر ظلم کا سبب ہو جاتا ہے۔ اور ناحق اس لئے کہا کہ سرکشی اور تکبّر ہمیشہ ناحق ہی ہوتا ہے۔ آگے اُس الزام کا بیان ہے کہ) ایسوں کے لئے دردناک عذاب (مقرر) ہے اور جو شخص (دوسرے

کے ظلم پر) صبر کرے اور معاف کر دے، یہ البتہ بڑے ہمت کے کاموں میں سے ہے (یعنی ایسا کرنا بہتر اور اولوالعزمی کا تقاضا ہے)

مَعارف و مَسائل

آیاتِ مذکورہ میں دنیا کی نعمتوں کا ناقص ہونا اور فانی ہونا اور اس کے مقابل آخرت کی نعمتوں کا کامل بھی ہونا اور دائمی ہونا بیان فرمایا ہے۔ اور آخرت کی نعمتوں کے حصول کے لئے سب سے اہم اور بڑی شرط تو ایمان ہے کہ اس کے بغیر وہ نعمتیں وہاں کسی کو نہ ملیں گی۔ لیکن ایمان کے ساتھ اگر اعمال صالحہ کا بھی پورا اہتمام کر لیا تو آخرت کی یہ نعمتیں اوّل ہی مل جائیں گی ورنہ اپنے گناہوں اور کوتاہیوں کی سزا بھگتنے کے بعد ملیں گی۔ اس لئے آیات مذکورہ میں سب سے پہلی شرط تو الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بیان فرمائی۔ اس کے بعد خاص خاص اعمال کا ذکر فرمایا گیا جن کے بغیر ضابطہ کے مطابق آخرت کی نعمتیں شروع سے نہ ملیں گی بلکہ اپنے گناہوں کی سزا بھگتنے کے بعد ملیں گی۔ اور ضابطہ کے مطابق اس لئے کہا گیا کہ اللہ تعالیٰ چاہے تو سب گناہوں کو معاف فرما کر اوّل ہی آخرت کی نعمتیں بڑے سے بڑے فاسق کو دے سکتے ہیں وہ کسی قانون کے پابند نہیں۔ اب وہ اعمال و صفات دیکھیے جن کو اس جگہ اہمیت سے ذکر فرمایا ہے۔

پہلی صفت:۔ عَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ۔ یعنی ہر کام اور ہر حال میں اپنے رب پر بھروسہ رکھیں، اس کے سوا کسی کو حقیقی کارساز نہ سمجھیں ــــ دوسری صفت، اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ۔ یعنی جو کبیرہ گناہوں سے خصوصاً بے حیائی کے کاموں سے پرہیز کرنے والے ہیں۔ کبیرہ گناہ کیا ہیں؟ اس کی تفصیل سورۂ نساء وغیرہ میں پہلے بیان ہو چکی اور احقر نے ایک مختصر رسالہ میں کبیرہ اور صغیرہ گناہوں کی پوری فہرست بھی لکھدی ہے۔ جو گناہ بے لذت، کے نام سے شائع ہو گیا ہے۔

کبیرہ گناہوں میں سبھی گناہ داخل تھے، ان میں سے فواحش کو الگ کر کے بیان فرمانے میں یہ حکمت ہے کہ فواحش کا گناہ عام کبیرہ گناہوں سے زیادہ سخت بھی ہیں اور وہ ایک مرض متعدی ہوتے ہیں، جس سے دوسرے لوگ بھی متاثر ہوتے ہیں فواحش کا لفظ ان کاموں کے لئے بولا جاتا ہے جن میں بے حیائی ہو جیسے زنا اور اس کے مقدمات۔ نیز وہ اعمالِ بد جو ڈھٹائی کے ساتھ علانیہ کئے جاویں وہ بھی فواحش کہلاتے ہیں کہ ان کا وبال بھی نہایت شدید اور پورے انسانی معاشرہ کو خراب کرنے والا ہے۔

تیسری صفت، وَاِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ ۔ یعنی وہ جب غصہ میں آتے ہیں تو معاف کر دیتے ہیں ۔ یہ حُسنِ اخلاق کا اعلیٰ نمونہ ہے ۔ کیونکہ کسی کی محبت یا کسی پر غصہ یہ دونوں چیزیں جب غالب آتی ہیں تو اچھے بھلے عاقل فاضل آدمی کو اندھا بہرا کر دیتی ہیں ۔ وہ جائز، ناجائز، حق و باطل اور اپنے کیے کے نتائج پر غور کرنے کی صلاحیت کھو بیٹھتا ہے ۔ جس پر غصہ آتا ہے اس کی کوشش یہ ہونے لگتی ہے کہ مقدور بھر اس پر غصہ اتارا جائے ۔ مومنین و صالحین کی اللہ تعالیٰ نے یہ صفت بیان فرمائی کہ وہ صرف اسی پر اکتفا نہیں کرتے کہ غصے کے وقت حق و ناحق کی حدود پر قائم رہیں بلکہ اپنا حق ہوتے ہوئے بھی معاف کر دیتے ہیں ۔

چوتھی صفت، اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۔ استجابت سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو حکم ملے اسکو فوراً بے چون و چرا اور بے تامّل قبول کرنے اور اس پر عمل کرنے کے لئے تیار ہو جائے وہ اپنی طبیعت کے مطابق ہو یا مخالف، ہر حال میں اس کی تعمیل کرے ۔ اس میں اسلام کے تمام فرائض کی ادائیگی اور تمام محرمات و مکروہات سے بچنے کی پابندی شامل ہے مگر فرائض میں چونکہ نماز سب سے اہم فرض ہے ۔ اور اس میں یہ خاصہ بھی ہے کہ اس پر عمل کرنے سے دوسرے فرائض کی پابندی اور ممنوع چیزوں سے بچنے کی توفیق بھی ہو جاتی ہے اس لئے اس کو ممتاز کر کے فرمادیا، وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ یعنی یہ لوگ نماز کو اس کے تمام واجبات اور آداب کے ساتھ صحیح صحیح ادا کرتے ہیں ۔

پانچویں صفت، وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ ۔ یعنی ان کے کام آپس میں مشورہ سے طے ہوتے ہیں ۔ شوریٰ بروزن بُشریٰ مصدر ہے ۔ تقدیر عبارت ذو شوریٰ ہے ۔ مراد یہ ہے کہ مہمات امور جن میں شریعت نے کوئی خاص حکم متعین نہیں کر دیا ہے ان کو طے کرنے میں یہ باہمی مشورہ سے کام لیتے ہیں ۔ مہمات امور کی قید خود لفظ اَمر سے مستفاد ہے ۔ کیونکہ عرف میں اَمر ایسے ہی کاموں کے لئے بولا جاتا ہے جن کی اہمیت ہو ۔ جیسا کہ سورۂ آلِ عمران کی آیت وَشَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ کے تحت تفصیل گزر چکی ہے اسمیں یہ بھی واضح کر دیا گیا ہے کہ مہمات امور میں امور مملکت و حکومت بھی داخل ہیں اور عام معاملات مہمہ بھی ۔ ابن کثیرؒ نے فرمایا کہ مہماتِ مملکت میں مشورہ لینا واجب ہے ۔ اسلام میں امیر کا انتخاب بھی مشورہ پر موقوف کر کے زمانہ جاہلیت کی شخصی بادشاہتوں کو ختم کیا ہے ۔ جنھیں ریاست بطور وراثت کے ملتی تھی ۔ اسلام نے سب سے پہلے اس کو ختم کر کے حقیقی جمہوریت کی بنیاد ڈالی مگر مغربی جمہوریت کی طرح عوام کو ہر طرح کے اختیارات نہیں رہتے، اہلِ شوریٰ پر کچھ پابندیاں عائد فرمائی ہیں ۔ اس طرح اسلام کا نظامِ حکومت شخصی بادشاہت اور مغربی جمہوریت دونوں سے الگ ایک نہایت معتدل دستور ہے ۔ اس کی تفصیل معارف القرآن جلد دوم ص ۲۱۵ سے ص ۲۲۲ تک میں

ملاحظہ فرماویں۔

امام جصاصؒ نے احکام القرآن میں فرمایا کہ اس آیت سے مشورہ کی اہمیت واضح ہو گئی اور یہ کہ ہم اس پر مامور ہیں کہ ایسے مشورہ طلب اہم کاموں میں جلد بازی اور خود رائی سے کام نہ کریں۔ اہل عقل و بصیرت سے مشورہ لیکر قدم اُٹھائیں۔

مشورہ کی اہمیت اور اُس کا طریقہ

خطیب بغدادیؒ نے حضرت علی مرتضیٰؓ سے روایت کیا ہے کہ انھوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ آپ کے بعد اگر ہمیں کوئی ایسا معاملہ پیش آئے، جس میں قرآن نے کوئی فیصلہ نہیں کیا اور آپ سے بھی اس کا کوئی حکم ہمیں نہیں ملا تو ہم کیسے عمل کریں۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اجمعوا له العابدين من امتی واجعلوه بينكم شوریٰ ولا تقضوا برأی واحد۔ (روح المعانی۔ بحوالہ خطیب)	اس کے لئے میری اُمّت کے عبادت گذاروں کو جمع کرلو اور آپس میں مشورہ کر کے طے کرلو کسی کی تنہا رائے سے فیصلہ نہ کرو۔

اس روایت کے بعض الفاظ میں فقہاء و عابدین کا لفظ آیا ہے جس سے معلوم ہوا کہ مشورہ اُن لوگوں سے لینا چاہیئے جو فقہاء یعنی دین کی سمجھ بوجھ رکھنے والے اور عبادت گزار ہوں۔

صاحب روح المعانی نے فرمایا کہ جو مشورہ اس طریق پر نہیں بلکہ بے علم بے دین لوگوں میں دائر ہو اس کا فساد اسی کی صلاح پر غالب رہے گا۔

بیہقیؒ نے شعب الایمان میں حضرت ابن عمرؓ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے کسی کام کا ارادہ کیا اور اس میں مشورہ لے کر عمل کیا تو اللہ تعالیٰ اس کو ارشد امور کی طرف ہدایت فرمادے گا۔ یعنی اس کا رُخ اسی طرف پھیر دے گا جو اس کے لئے انجام کار خیر اور بہتر ہو۔ اسی طرح کی ایک حدیث بخاری نے الادب المفرد میں اور عبد بن حمید نے مسند میں حضرت حسنؓ سے بھی نقل کی ہے۔ جس میں آپ نے آیت مذکورہ پڑھ کر یہ فرمایا ہے۔

ما تشاور قوم قط الا هدوا لارشد امرهم۔	جب کوئی قوم مشورہ سے کام کرتی ہے تو ضرور ان کو صحیح راستہ کی طرف ہدایت کر دی جاتی ہے۔

حدیث:۔ ایک حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تک تمہارے اُمراء اور حکّام وہ لوگ ہوں جو تم سب میں بہتر ہیں اور تمہارے مالدار لوگ سخی ہوں (کہ اللہ کی راہ میں اور غرباء پر خرچ کریں) اور تمہارے کام باہمی مشورہ سے طے ہوا کریں۔ اسوقت تک تمہارے لئے زمین کے اوپر رہنا یعنی زندہ رہنا بہتر ہے اور جب تمہارے امراء و حکّام تمہاری قوم کے بُرے لوگ ہو جاویں اور تمہارے مالدار بخیل ہو جاویں اور تمہارے کام عورتوں کے سپرد ہو جاویں کہ

وہ جس طرح چاہیں کریں۔ اس وقت تمہارے لئے زمین کی پیٹھ کی بجائے زمین کا پیٹ بہتر ہوگا یعنی زندگی سے موت بہتر ہوگی۔ (روح المعانی)

چھٹی صفت۔ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ:۔ یعنی وہ لوگ اللہ کے دیے ہوئے رزق میں سے نیک کاموں میں خرچ کرتے ہیں۔ جس میں زکوٰۃ، فرض اور نفلی صدقات سب شامل ہیں۔ عام اسلوب قرآن کے مطابق زکوٰۃ وصدقات کا ذکر نماز کے متصل آنا چاہیئے تھا یہاں نماز کے ذکر کے بعد مشورہ کا مسئلہ پہلے بیان کر کے پھر زکوٰۃ کا بیان آیا۔ اس میں شاید اس طرف اشارہ ہو کہ اقامت نماز کے لئے مساجد میں پانچ وقت اجتماع ہوتا ہے۔ اس اجتماع سے مشورہ طلب امور میں مشورہ لینے کا کام بھی لیا جاسکتا ہے۔ (روح المعانی)

ساتویں صفت۔ وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَهُمُ الْبَغْيُ هُمْ يَنْتَصِرُوْنَ۔ یعنی جب اُن پر کوئی ظلم کرتا ہے تو یہ برابر کا انتقام لیتے ہیں۔ اس میں حد مساوات سے تجاوز نہیں کرتے۔ یہ صفت درحقیقت تیسری صفت کی تشریح وتفصیل ہے۔ کیونکہ تیسری صفت کا مضمون یہ تھا کہ یہ لوگ اپنے مخالف کو معاف کر دیتے ہیں۔ مگر بعض حالات ایسے بھی پیش آسکتے ہیں کہ معاف کر دینے سے فساد بڑھتا ہے تو وہاں انتقام لینا ہی بہتر ہوتا ہے۔ اس کا قانون اس آیت میں بتلادیا کہ اگر کسی جگہ انتقام لینا ہی مصلحت سمجھا جائے تو اس کا خیال رکھنا ضروری ہے کہ اس انتقام لینے میں برابری سے آگے نہ بڑھیں ورنہ یہ خود ظالم ہو جائیں گے۔ اسی لئے اس کے بعد فرمایا وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا یعنی برائی کی جزا اس کی برابر برائی کرنا ہے۔ یعنی جتنا نقصان مالی یا جسمانی کسی نے تمہیں پہنچایا ہے، ٹھیک اتنا ہی تم پہنچا دو۔ جیسی برائی اس نے تمہارے ساتھ کی ہے ویسی ہی تم کر لو مگر اس میں یہ شرط ہے کہ وہ برائی فی نفسہٖ گناہ نہ ہو۔ مثلاً کسی شخص نے اس کو شراب جبراً پلا دی تو اس کے جواب میں اس کے لئے جائز نہ ہوگا کہ وہ اس کو زبردستی شراب پلا دے۔

اس آیت میں اگرچہ برابر کا بدلہ لینے کی اجازت دیدی گئی ہے مگر آگے یہ بھی فرما دیا، کہ فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ۔ یعنی جو معاف کر دے اور اصلاح کا راستہ اختیار کرے اُس کا اجر اللہ کے ذمہ ہے۔ جس میں یہ ہدایت کر دی کہ معاف کر دینا افضل ہے۔ اس کے بعد کی دو آیتوں میں اسی کی مزید تفصیل آئی ہے۔

عفو و انتقام میں معتدل فیصلہ

حضرت ابراہیم نخعی رح نے فرمایا کہ سلف صالحین یہ پسند نہ کرتے تھے کہ مؤمنین اپنے آپ کو فساق فجار کے سامنے ذلیل کریں اور ان کی جرأت بڑھ جائے۔ اس لئے جہاں یہ خطرہ ہو کہ معاف کرنے سے فساق فجار کی جرأت بڑھے گی وہ اور نیک لوگوں کو ستائیں گے وہاں انتقام لے لینا بہتر ہوگا اور معافی کا افضل ہونا

اس صورت میں ہے جبکہ ظلم کرنے والا اپنے فعل پر نادم ہو اور ظلم پر اس کی جرأت بڑھ جانے کا خطرہ نہ ہو۔ قاضی ابوبکر ابن عربی نے احکام القرآن میں اور قرطبی نے اپنی تفسیر میں اسی کو اختیار کیا ہے کہ عفو و انتقام کے دونوں حکم مختلف حالات کے اعتبار سے ہیں۔ جو ظلم کرنے کے بعد شرمندہ ہو جائے اس سے عفو افضل ہے اور جو اپنی ضد اور ظلم پر اصرار کر رہا ہو اُس سے انتقام لینا افضل ہے۔

اور حضرت اشرف المشائخ نے بیان القرآن میں اس کو اختیار فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اِن دونوں آیتوں میں مؤمنین، مخلصین اور صالحین کی دو خصوصیتیں ذکر فرمائی ہیں۔ هُمْ يَغْفِرُوْنَ ۔ میں تو یہ بتلایا کہ یہ غصہ میں مغلوب نہیں ہوتے۔ بلکہ رحم و کرم ان کے مزاج میں غالب رہتا ہے معاف کر دیتے ہیں۔ اور هُمْ يَنْتَصِرُوْنَ میں یہ بتلایا کہ یہ بھی انہیں صالحین کی خصوصیت ہے کہ اگر کبھی ظلم کا بدلہ لینے کا داعیہ ان کے دل میں پیدا بھی ہو اور بدلہ لینے لگیں تو اس میں حق سے تجاوز نہیں کرتے، اگرچہ معاف کر دینا اُن کے لئے افضل ہے۔

وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ وَّلِيٍّ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ؕ وَتَرَى

اور جس کو راہ نہ سجھائے اللہ تو کوئی نہیں اس کا کام بنانے والا اُس کے سوا اور تو دیکھے

الظّٰلِمِيْنَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ يَقُوْلُوْنَ هَلْ اِلٰى مَرَدٍّ

گنہگاروں کو جس وقت دیکھیں گے عذاب کہیں گے کسی طرح پھر جانے کی بھی ہوگی

مِّنْ سَبِيْلٍ ۚ﴿۴۴﴾ وَتَرٰىهُمْ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا خٰشِعِيْنَ

کوئی راہ اور تو دیکھے ان کو کہ سامنے لائے جائیں آگ کے، آنکھیں جھکائے ہوئے

مِنَ الذُّلِّ يَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ ؕ وَقَالَ الَّذِيْنَ

ذلت سے دیکھتے ہوں گے چھپی نگاہ سے اور کہیں وہ لوگ

اٰمَنُوْٓا اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

جو ایمان دار تھے مقرر ٹوٹے والے وہی ہیں جنھوں نے گنوایا اپنی جان کو

وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اَلَآ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ فِيْ عَذَابٍ

اور اپنے گھر والوں کو قیامت کے دن سنتا ہے گنہگار پڑے ہیں سدا کے

مُّقِيْمٍ ﴿۴۵﴾ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ اَوْلِيَآءَ يَنْصُرُوْنَهُمْ

عذاب میں اور کوئی نہ ہوئے ان کے حمایتی جو مدد کرتے اُن کی

مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ ؕ وَمَنۡ يُّضۡلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنۡ سَبِيۡلٍ ﴿۴۶﴾

اللہ کے سوائے اور جس کو بھٹکائے اللہ اس کے لئے کہیں نہیں راہ

اِسۡتَجِيۡبُوۡا لِرَبِّكُمۡ مِّنۡ قَبۡلِ اَنۡ يَّاۡتِىَ يَوۡمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ

مانو اپنے رب کا حکم اس سے پہلے کہ آئے وہ دن جس کو پھرنا نہیں اللہ کے

اللّٰهِ ؕ مَا لَكُمۡ مِّنۡ مَّلۡجَاٍ يَّوۡمَئِذٍ وَّمَا لَكُمۡ مِّنۡ نَّكِيۡرٍ ﴿۴۷﴾

یہاں سے نہیں ملے گا تم کو بچاؤ اُس دن اور نہ ملے گا الوپ ہو جانا

فَاِنۡ اَعۡرَضُوۡا فَمَاۤ اَرۡسَلۡنٰكَ عَلَيۡهِمۡ حَفِيۡظًا ؕ اِنۡ

پھر اگر وہ منہ پھیریں تو تجھ کو نہیں بھیجا ہم نے ان پر نگہبان تیرا

عَلَيۡكَ اِلَّا الۡبَلٰغُ ؕ وَاِنَّاۤ اِذَاۤ اَذَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ مِنَّا رَحۡمَةً

ذمہ تو بس یہی ہے پہنچا دینا اور ہم جب چکھاتے ہیں آدمی کو اپنی طرف سے رحمت

فَرِحَ بِهَا ۚ وَاِنۡ تُصِبۡهُمۡ سَيِّئَةٌ ۢ بِمَا قَدَّمَتۡ اَيۡدِيۡهِمۡ

اس پر پھولا نہیں سماتا اور اگر پہنچتی ہے ان کو کچھ برائی بدلے میں اپنی کمائی کے

فَاِنَّ الۡاِنۡسَانَ كَفُوۡرٌ ﴿۴۸﴾ لِلّٰهِ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ

تو انسان بڑا ناشکرا ہے اللہ کا راج ہے آسمانوں میں اور زمین میں

يَخۡلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ يَهَبُ لِمَنۡ يَّشَآءُ اِنَاثًا وَّيَهَبُ

پیدا کرتا ہے جو چاہے بخشتا ہے جس کو چاہے بیٹیاں اور بخشتا ہے

لِمَنۡ يَّشَآءُ الذُّكُوۡرَ ﴿۴۹﴾ اَوۡ يُزَوِّجُهُمۡ ذُكۡرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ

جس کو چاہے بیٹے یا ان کو دیتا ہے جوڑے بیٹے اور بیٹیاں

وَيَجۡعَلُ مَنۡ يَّشَآءُ عَقِيۡمًا ؕ اِنَّهٗ عَلِيۡمٌ قَدِيۡرٌ ﴿۵۰﴾

اور کر دیتا ہے جس کو چاہے بانجھ وہ ہے سب کچھ جانتا کر سکتا

خُلاصۂ تفسیر

(یہ حال تو اہلِ ہدایت کا تھا کہ وہ دنیا میں اللہ کی طرف سے ہدایت اور آخرت میں ثواب سے مشرف ہوئے۔) اور (آگے اہلِ ضلالت کا حال سنو، وہ یہ ہے کہ) جس کو اللہ تعالیٰ گمراہ کر دے تو اس کے بعد

اُس شخص کا (دنیا میں بھی) کوئی چارہ ساز نہیں (کہ اس کو راہ پر لے آوے) اور (قیامت میں بھی برا حال ہوگا، چنانچہ اُس روز) آپ (ان) ظالموں کو دیکھیں گے جس وقت کہ ان کو عذاب کا معائنہ ہوگا کہ (نہایت حسرت سے) کہتے ہوں گے کیا (دنیا میں) واپس جانے کی کوئی صورت (ہو سکتی) ہے، (تاکہ پھر اچھے عمل کر کے آئیں) اور (نیز) آپ ان کو اس حالت میں دیکھیں گے کہ وہ دوزخ کے روبرو لائے جاویں گے، مارے ذلت کے جھکے ہوئے ہوں گے (اور وہ اُس کو) مُسْت (مُسْت) نگاہ سے دیکھتے ہوں گے (جیسے خوف زدہ آدمی دیکھا کرتا ہے، اور ایک دوسری آیت میں جو نابینا ہونے کی خبر دی ہے وہ حشر کے وقت ہے اور یہ اُس کے بعد کا واقعہ ہے، چنانچہ وہاں لفظ نُحْشَرُ ہٗ کی تصریح ہے) اور (اس وقت) ایمان والے (اپنے بچنے پر شکر کرنے کے لئے اور اُن پر ملامت کرنے کے لئے) کہیں گے کہ پورے خسارہ والے وہ لوگ ہیں جو اپنی جانوں سے اور اپنے متعلقین سے (آج) قیامت کے روز خسارہ میں پڑے (اس کی تفسیر سورۂ زُمر کے دوسرے رکوع میں گزر چکی ہے) یاد رکھو کہ ظالم (یعنی مشرک و کافر) لوگ عذاب دائمی میں (گرفتار) رہیں گے اور (وہاں) ان کے کوئی مددگار نہ ہوں گے جو خدا سے الگ (ہو کر) اُن کی مدد کریں اور جس کو خدا گمراہ کر دے اُس (کی نجات) کے لئے کوئی رستہ ہی نہیں، (یعنی نہ معذرت، نہ کسی کی مدد، نہ اور کچھ۔ آگے کافروں سے خطاب ہے کہ اے لوگو جب تم نے قیامت کے یہ ہولناک حالات سُن لئے تو) تم اپنے رب کا حکم (ایمان وغیرہ کا) مان لو قبل اسکے کہ ایسا دن آپہنچے جس کے لئے خدا کی طرف سے ہٹنا نہ ہوگا (یعنی جس طرح دنیا میں عذاب ہٹتا جاتا ہے، آخرت میں ایسی کوئی صورت نہ ہوگی اور) نہ تم کو اس روز کوئی (اور) پناہ ملے گی اور نہ تمھارے بارے میں کوئی (خدا سے) روک ٹوک کرنے والا ہے (کہ اتنا ہی پوچھ لے کہ ان کا یہ حال کیوں بنایا گیا اور اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم ان لوگوں کو یہ سُنا دیجئے) پھر اگر یہ لوگ (یہ سُن کر بھی) اعراض کریں (اور ایمان نہ لائیں) تو (آپ فکر اور غم میں نہ پڑیں، کیونکہ) ہم نے آپ کو اُن پر نگراں کر کے نہیں بھیجا (جس سے باز پُرس کا احتمال ہو کہ آپ کی نگرانی میں اُن سے یہ امور کیوں صادر ہوئے، بلکہ) آپ کے ذمہ تو صرف (حکم کا) پہنچا دینا ہے (جس کو آپ کر رہے ہیں، پھر آپ اس سے زیادہ فکر کیوں کریں) اور (ان کے حق سے اعراض کرنے کا سبب تعلق مع اللہ کی کمزوری ہے، جس کی علامت یہ ہے کہ) ہم جب (اس قسم کے) آدمی کو کچھ اپنی عنایت کا مزہ چکھا دیتے ہیں تو وہ اُس پر (اترا کر) خوش ہو جاتا ہے (اور منعم پر نگاہ کر کے شکر نہیں کرتا) اور اگر (ایسے) لوگوں پر اُن کے (ان) اعمالِ (بد) کے بدلے میں جو پہلے اپنے ہاتھوں کر چکے ہیں کوئی مصیبت آپڑتی ہے تو (ایسا) آدمی ناشکری کرنے لگتا ہے

(اور ایسا نہیں کرتا کہ گناہوں سے توبہ واستغفار کر کے عبادت وطاعت کے ذریعہ اللہ کی طرف رجوع ہو، اور یہ دونوں حالتیں اس بات کی علامت ہیں کہ اس کا تعلق اپنی نفسانی لذتوں کے ساتھ زیادہ اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ معدوم یا کمزور ہے اور اسی سے وہ کفر میں مبتلا ہوا ہے۔ اور چونکہ یہ حالت ان لوگوں کی طبیعت ثانیہ بن گئی ہے۔ اس لئے اُن سے آپ ایمان کی توقع ہی کیوں رکھیں جو موجب غم ہو۔ آگے پھر توحید کا بیان ہے کہ) اللہ ہی کی ہے (سب) سلطنت آسمانوں کی اور زمین کی، وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے (چنانچہ) جس کو چاہتا ہے بیٹیاں عطا فرماتا ہے اور جس کو چاہتا ہے بیٹے عطا فرماتا ہے یا اُن کو (جس کے لئے چاہے) جمع کر دیتا ہے (کہ) بیٹے بھی (دیتا ہے) اور بیٹیاں بھی اور جس کو چاہے بے اولاد رکھتا ہے، بے شک وہ بڑا جاننے والا بڑی قدرت والا ہے۔

معارف ومسائل

آیات مذکورہ کی ابتدائی آیات میں ان لوگوں کا انجام مذکور ہے جو مؤمنین صالحین کے بالمقابل بجائے فکر آخرت کے صرف دنیا کی لذت وراحت کے طلبگار رہے۔ اس کے بعد اِسْتَجِيْبُوْا لِرَبِّكُمْ میں ان کو نصیحت کی گئی ہے کہ قیامت کا عذاب آنے سے پہلے توبہ کر لیں اور ایمان لے آئیں۔ اور پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی اور اطمینان دلایا گیا ہے کہ آپ کی بار بار تبلیغ اور کوشش کے باوجود اگر یہ لوگ ہوش میں نہ آویں تو آپ غم نہ کریں، فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا۔ کا یہی مطلب ہے۔

آخری آیات میں لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ سے آخر تک تخلیق کائنات میں جو حق تعالیٰ کی قدرت کاملہ اور حکمت بالغہ کا مشاہدہ ہوتا ہے جس میں کوئی اس کا شریک نہیں، ان کو بیان کر کے توحید کی دعوت دی گئی ہے۔ اس سلسلہ میں آسمانوں اور زمین کی تخلیق کا ذکر فرمانے کے بعد ایک ضابطہ قدرت بیان فرمایا کہ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ۔ یعنی اس کو ہر بڑی چھوٹی چیز کے بنانے پر پوری قدرت ہے وہ جب چاہے جو چاہے پیدا کر دیتا ہے۔ اسی سلسلہ میں تخلیق انسانی کا ذکر فرمایا يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ۝ اَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ وَيَجْعَلُ مَنْ يَّشَآءُ عَقِيْمًا ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ۭ

یعنی انسان کی تخلیق میں کسی کے ارادہ واختیار بلکہ علم وخبر کا بھی کوئی دخل نہیں اور کسی کا دخل تو کیا ہوتا، انسان کے ماں باپ جو اسکی تخلیق کا ظاہری سبب بنتے ہیں خود ان کے ارادے اور

اختیار کا بھی بچّہ کی تخلیق میں کوئی دخل نہیں۔ تخلیق میں، دخل ہونا تو دور کی بات، بچّہ کی ولادت سے پہلے ماں کو بھی کچھ خبر نہیں ہوتی کہ اس کے پیٹ میں کیا، کیسا اور کس طرح بن رہا ہے۔ یہ صرف حق تعالیٰ کا کام ہے کہ کسی کو اولاد لڑکیاں دیدیتا ہے۔ کسی کو نرینہ اولاد لڑکے بخش دیتا ہے۔ کسی کو لڑکے اور لڑکیاں دونوں عطا فرما دیتا ہے اور کسی کو بالکل بانجھ کر دیتا ہے۔ کہ ان سے کوئی اولاد نہیں ہوتی

ان آیات میں بچّوں کے اقسام بیان کرنے میں حق تعالیٰ نے پہلے لڑکیوں کا ذکر فرمایا ہے۔ لڑکوں کا ذکر بعد میں کیا ہے۔ اسی آیت کے اشارہ سے حضرت واثلہ بن اسقعؓ نے فرمایا کہ جس عورت کے بطن سے پہلے لڑکی پیدا ہو وہ مبارک ہوتی ہے۔ (قرطبی)

وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ

اور کسی آدمی کی طاقت نہیں کہ اس سے باتیں کرے اللہ مگر اشارہ سے یا پردے کے پیچھے

حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ

سے یا بھیجے کوئی پیغام لانے والا پھر پہنچا دے اسکے حکم سے جو وہ چاہے

عَلِيٌّ حَكِيْمٌ ﴿۵۱﴾ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ؕ

تحقیق وہ سب سے اوپر ہے حکمتوں والا اور اسی طرح بھیجا ہم نے تیری طرف ایک فرشتہ اپنے حکم سے

مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ

تو نہ جانتا تھا کہ کیا ہے کتاب اور نہ ایمان ولیکن ہم نے رکھی ہے

نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ؕ وَاِنَّكَ

یہ روشنی اس سے راہ سمجھا دیتے ہیں جس کو چاہیں اپنے بندوں میں اور بے شک

لَتَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۲﴾ صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي

تو سمجھاتا ہے سیدھی راہ اللہ کی اسی کا ہے جو کچھ ہے

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ اَلَآ اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ ﴿۵۳﴾ ع ۶ ۱۰ ۵

آسمانوں میں اور زمین میں سنتا ہے اللہ ہی تک پہنچتے ہیں سب کام

خلاصۂ تفسیر

اور کسی بشر کی (بحالت موجودہ) یہ شان نہیں کہ اللہ تعالیٰ اس سے کلام فرماوے، مگر (تین طریق سے) یا تو الہام سے (کہ قلب میں کوئی اچھی بات ڈال دے) یا حجاب کے باہر سے (کچھ

کلام سُنا دے جیسے موسیٰ علیہ السلام نے سُنا تھا) یا کسی فرشتہ کو بھیجدے کہ وہ خدا کے حکم سے جو خدا کو منظور ہوتا ہے، پیغام پہنچا دیتا ہے (اس کی وجہ یہ ہے کہ) وہ بڑا عالیشان ہے (اس سے جب تک وہ خود طاقت نہ دے کوئی ہمکلام نہیں ہو سکتا، مگر اس کے ساتھ) بڑی حکمت والا (بھی) ہے (اسی لئے بندوں کی مصلحت سے اس نے کلام کے تین مذکورہ طریقے مقرر فرما دیئے ہیں) اور (جس طرح بشر کے ساتھ ہمارے ہمکلام ہونے کا طریقہ بیان کیا گیا ہے) اسی طرح (یعنی اس قاعدے کے مطابق) ہم نے آپ کے پاس (بھی) وحی یعنی اپنا حکم بھیجا ہے (اور آپ کو نبی بنایا ہے، اور یہ وحی ایسا ہدایت نامہ ہے کہ آپ کے بے مثل علوم میں اسی کی بدولت ترقی ہوئی، چنانچہ اس سے پہلے) آپ کو نہ یہ خبر تھی کہ کتاب (اللہ) کیا چیز ہے اور نہ یہ خبر تھی کہ ایمان (کا مکمل ترین درجہ جو اب حاصل ہے) کیا چیز ہے (گو نفسِ ایمان نبی کو نبوّت سے پہلے بھی حاصل ہوتا ہے)، ولیکن ہم نے (آپ کو نبوّت اور قرآن دیا اور) اس قرآن کو (آپ کے لئے اوّلاً اور دوسروں کے لئے ثانیاً) ایک نور بنایا (جس سے آپ کو یہ عظیم علوم اور بلند مرتبہ احوال حاصل ہوئے اور) جس کے ذریعہ سے ہم اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتے ہیں ہدایت کرتے ہیں (پس اس کے نورِ عظیم ہونے میں کوئی شبہ نہیں، اب جو اندھا ہی ہو وہ اس نور کے نفع سے محروم بلکہ اس کا منکر ہے، جیسے یہ معترضین) اور (اس میں کوئی شبہ نہیں کہ آپ اس قرآن اور وحی کے ذریعہ سے عام لوگوں کو) ایک سیدھے رستہ کی ہدایت کر رہے ہیں، یعنی اس خدا کے رستہ کی کہ اسی کا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے (آگے ان احکام کے ماننے اور نہ ماننے والوں کی جزا و سزا کا ذکر ہے کہ) یاد رکھو سب امور اسی کیطرف رجوع ہوں گے (پس وہ سب پر جزا و سزا دے گا)۔

مَعارِف ومَسائِل

مذکورہ آیات میں سے پہلی آیت یہود کے ایک معاندانہ مطالبہ کے جواب میں نازل ہوئی ہے۔ جیسا کہ بغویؒ اور قرطبیؒ وغیرہ نے لکھا ہے کہ یہود نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ ہم آپ پر کیسے ایمان لے آئیں جبکہ آپ نہ خدا تعالیٰ کو دیکھتے ہیں اور نہ اس سے بالمشافہ کلام کرتے ہیں جیسا کہ موسیٰ علیہ السلام کلام کرتے اور اللہ تعالیٰ کو دیکھتے تھے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ کہنا غلط ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کو دیکھا ہے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی، جس کا حاصل یہ ہے کہ کسی انسان کے لئے اللہ تعالیٰ کے ساتھ بالمشافہ کلام کرنا اس دنیا میں ممکن نہیں۔ خود حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بھی

مشافہۃً کلام نہیں سُنا بلکہ پس پردہ صرف آواز سُنی۔

اس آیت میں یہ بھی بتلا دیا گیا کہ کسی بشر سے اللہ تعالیٰ کے کلام کرنے کی صرف تین صورتیں ہو سکتی ہیں۔ ایک وَحْیًا یعنی کسی مضمون کو قلب میں ڈال دینا۔ یہ جاگتے ہوئے بھی ہو سکتا ہے اور نیند میں بصورت خواب بھی، جیسا کہ بہت سی احادیث میں منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اُلقِیَ فی روعی۔ یعنی یہ بات میرے دل میں القاء کی گئی ہے اور انبیاء علیہم السلام کے خواب بھی وحی ہوتے ہیں۔ اُن میں شیطانی تصرف نہیں ہو سکتا۔ اس صورت میں عموماً الفاظ اللہ تعالیٰ کی طرف سے نہیں ہوتے۔ صرف ایک مضمون قلب میں آتا ہے جس کو وہ اپنے الفاظ میں تعبیر کرتے ہیں۔

دوسری صورت۔ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ ہے، یعنی جاگتے ہوئے کوئی کلام پس پردہ سُنے جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کوہِ طور پر پیش آیا کہ اللہ تعالیٰ کا کلام سُنا مگر زیارت نہیں ہوئی اسی لئے زیارت کی درخواست کی رَبِّ اَرِنِیْٓ اَنْظُرْ اِلَیْكَ، جس کا جواب نفی میں دیا گیا، لَنْ تَرٰىنِیْ۔

اور یہ حجاب جو انسان کو دنیا میں حق تعالیٰ کی زیارت سے مانع ہے وہ کوئی ایسی چیز نہیں جو حق تعالیٰ کو چھپا سکے، کیونکہ اُس کے نورِ محیط کو کوئی شے چھپا نہیں سکتی۔ بلکہ انسان کی قوتِ بینائی کا ضعف ہی اس کے لئے زیارتِ حق کے درمیان حجاب ہوتا ہے۔ اسی لئے جنت میں جبکہ اس کی بینائی قوی کر دی جائے گی تو وہاں ہر جنتی حق تعالیٰ کی زیارت سے مشرف ہوگا۔ جیسا کہ احادیث صحیحہ کی تصریح کے مطابق اہلِ سُنّت والجماعت کا مذہب ہے۔

یہ قانون جو آیت مذکورہ میں ارشاد ہے، دنیا کے متعلق ہے کہ دنیا میں کوئی انسان اللہ تعالیٰ سے کلام مشافہۃً یعنی بے حجاب نہیں کر سکتا۔ اور انسان کی تخصیص کلام میں اس لئے ہے کہ گفتگو انسان ہی کے متعلق تھی۔ ورنہ ظاہر یہ ہے کہ فرشتوں سے بھی اللہ تعالیٰ کا کلام بالمشافہۃ نہیں ہوتا۔ جیسا کہ ترمذی کی روایت میں جبرائیل علیہ السلام سے منقول ہے کہ میں بہت قریب ہو گیا تھا اور پھر بھی ستر ہزار حجاب رہ گئے تھے۔ اور شبِ معراج میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حق تعالیٰ سے بالمشافہہ کلام اگر ثابت ہو جائے جیسا کہ بعض علماء کا قول ہے تو وہ اس کے منافی نہیں، کیونکہ وہ کلام اِس عالم میں نہیں تھا، عالمِ سمٰوٰت میں تھا۔ واللہ اعلم۔

تیسری صورت، اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا ہے۔ یعنی کسی فرشتہ جبرئیل وغیرہ کو اپنا کلام دیکر بھیجا جائے وہ رسول کو پڑھ کر سُنا دے۔ اور یہی طریقہ عام رہا ہے، قرآن مجید پورا اسی طرح بواسطہ ملائکہ نازل ہوا ہے۔ مذکورہ تفصیل میں لفظ وحی کو صرف القاء فی القلب کے معنی میں لیا گیا ہے

مگر اکثر یہ لفظ تمام اقسام کلام ربّانی کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے جیسا کہ صحیح بخاری کی ایک طویل حدیث میں وحی کی اقسام میں بذریعہ فرشتہ کلام کو بھی شمار فرمایا ہے۔ اور اس میں یہ بھی تفصیل ہے کہ فرشتہ کے ذریعہ جو وحی آتی ہے اس کی بھی دو صورتیں ہوتی ہیں۔ کبھی تو فرشتہ اپنی اصلی ہیئت میں ہوتا ہے کبھی بشکل انسانی سامنے آتا ہے۔ واللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اعلم

مَا كُنْتَ تَدْرِیْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِیْمَانُ وَلٰكِنْ الآیۃ۔ یہ آیت پہلی ہی آیت کے مضمون کا تکملہ ہے۔ جس کا حاصل یہ ہے کہ دنیا میں بالمشافہہ کلام تو کسی کا نہ ہوا نہ ہو سکتا ہے۔ البتہ اللہ تعالیٰ اپنے مخصوص بندوں پر اپنی وحی بھیجتے ہیں جس کے تین طریقے پہلی آیت میں بیان ہوئے۔ اسی سنّتِ الٰہیہ کے مطابق آپ پر بھی وحی بھیجی جاتی ہے۔ یہودیوں کا یہ مطالبہ کہ آپ اللہ تعالیٰ سے بالمشافہ کیوں مخاطب نہیں ہوتے محض جاہلانہ اور معاندانہ ہے۔ اس لئے یہ فرمایا کہ کسی انسان کو یہاں تک کہ کسی رسول کو جو کچھ بھی علم ملتا ہے وہ سب اللہ تعالیٰ ہی کا عطیہ ہے اور جب تک اللہ تعالیٰ بذریعہ وحی ان کو نہ بتلادیں تو نہ انھیں کسی کتاب کی واقفیت ہو سکتی ہے نہ تفصیلات ایمان کی کتاب کی واقفیت قبل وحی نہ ہونا تو ظاہر ہی ہے۔ ایمان سے واقفیت ہونے کے معنی یہ ہیں کہ ایمان کی تفصیلات اور شرائع ایمان یا ایمان کا اعلیٰ مقام جو بعد وحی حاصل ہوتا ہے، وحی سے پہلے اس کی واقفیت نہیں ہوتی۔ ورنہ باجماع اُمّت یہ بات ثابت ہے کہ اللہ تعالیٰ جس انسان کو اپنا رسول و نبی بناتے ہیں اس کو ابتدا ہی سے ایمان پر پیدا فرماتے ہیں۔ ان کی فطرت ایمان پر مبنی ہوتی ہے۔ عطاء نبوّت اور نزول وحی سے پہلے بھی وہ پکے مومن ہوتے ہیں۔ اصولِ ایمان اُن کی فطرت و خلقت میں داخل ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ تمام انبیاء علیہم السلام سے جب ان کی قوموں نے مخالفت کی تو اُن پر طرح طرح کے الزام لگائے۔ مگر کسی پیغمبر پر کسی اُمّت نے یہ الزام نہیں لگایا کہ تم بھی تو نبوّت کے دعوے سے پہلے ہماری طرح بُتوں کو پوجا کرتے تھے۔ قرطبیؒ نے اپنی تفسیر میں اور قاضی عیاض نے شفاء میں اس مضمون کو پوری تفصیل سے لکھا ہے۔

سُوْرَۃُ الزُّخْرُف

سُوْرَۃُ الزُّخْرُفِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّسَبْعُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ زخرف مکہ میں نازل ہوئی اور اس کی نواسی آیتیں ہیں اور سات رکوع

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

مع عند المتقدمین

حٰمٓ ① وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ② اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ

قسم ہے اس کتاب واضح کی ہم نے رکھا اس کو قرآن عربی زبان کا تاکہ تم

تَعْقِلُوْنَ ③ وَاِنَّهٗ فِيْٓ اُمِّ الْكِتٰبِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ ④ اَفَنَضْرِبُ

سمجھو اور تحقیق یہ قرآن لوح محفوظ میں ہمارے پاس ہے برتر مستحکم کیا پھیر دیں گے

عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا اَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِيْنَ ⑤ وَكَمْ اَرْسَلْنَا

ہم تمہاری طرف سے یہ کتاب موڑ کر اس سبب سے کہ تم ہو ایسے لوگ کہ حد پر نہیں رہتے اور بہت بھیجے ہیں ہم نے

مِنْ نَّبِيٍّ فِي الْاَوَّلِيْنَ ⑥ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّا كَانُوْا

نبی پہلوں میں اور نہیں آتا لوگوں کے پاس کوئی پیغام لانے والا جس سے

بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ⑦ فَاَهْلَكْنَآ اَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَّ

ٹھٹھا نہیں کرتے پھر برباد کر ڈالے ہم نے اُن سے سخت زور والے اور

مَضٰى مَثَلُ الْاَوَّلِيْنَ ⑧

چلی آئی ہے مثال پہلوں کی

خُلاصۂ تفسیر

حٰمٓ (اس کے معنی اللہ کو معلوم ہیں) قسم (ہے) اس کتاب واضح کی کہ ہمنے اسکو عربی زبان کا قرآن بنایا ہے تاکہ (اے عرب) تم (آسانی سے) سمجھ لو اور وہ ہمارے پاس لوحِ محفوظ میں بڑے رُتبہ کی اور حکمت بھری کتاب ہے (پس جب وہ سمجھنے میں آسان اور خاص ہماری زیرِ حفاظت

اور اعجاز کی وجہ سے بڑے رُتبے والی اور حکیمانہ مضامین پر مشتمل ہے تو ایسی کتاب کو ضرور ماننا چاہیئے لیکن اگر تم نہ مانو تب بھی ہم اپنی حکمت کے مقتضا سے اسکا بھیجنا اور تم کو اسکا مخاطب بنانا نہ چھوڑینگے چنانچہ ارشاد ہے کہ) کیا ہم تم سے اس نصیحت (نامہ) کو (محض) اس بات پر ہٹا لیں گے کہ تم حدِ (اطاعت) سے اگزرنے والے ہو (اور اس کو نہیں مانتے، یعنی خواہ تم مانو یا نہ مانو مگر نصیحت تو برابر کی جائے گی اور یہ فیض کامل ہو کر رہے گا تاکہ اس سے مؤمنین کو نفع ہو اور تم پر حجت قائم ہو) اور ہم پہلے لوگوں میں (باوجود اُن کی تکذیب کے) بہت سے نبی بھیجتے رہے ہیں (یہ نہیں ہوا کہ اُن کے جُھٹلانے کی وجہ سے سلسلۂ نبوّت بند ہو جاتا) اور (اے پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم، جیسے ہم نے اُن کی تکذیب کی پروا نہیں کی اسی طرح آپ بھی کچھ پروا اور غم نہ کیجئے، کیونکہ) اُن (پہلے) لوگوں (کا بھی یہی حال تھا کہ اُن) کے پاس کوئی نبی ایسا نہیں آیا جس کے ساتھ انھوں نے استہزا نہ کیا ہو، پھر ہمنے اُن لوگوں کو جو کہ ان (اہلِ مکہ) سے زیادہ زور آور تھے (تکذیب اور استہزاء کی سزا میں) غارت کر ڈالا، اور پہلے لوگوں کی یہ حالت ہو چکی ہے (پس نہ آپ غم کریں کہ ان کا بھی ایسا ہی حال ہونا ہے (جیسا کہ بدر وغیرہ میں ہوا اور نہ یہ بے فکر ہوں کہ نمونہ موجود ہے)

معارف و مسائل

یہ سُورت مکّی ہے، البتہ حضرت مقاتلؒ کا قول ہے کہ آیت وَاسْئَلْ مَنْ اَرْسَلْنَا الخ مدنی ہے، اور ایک قول یہ بھی ہے کہ یہ سورت معراج کے وقت آسمان پر نازل ہوئی (روح المعانی) واللہ اعلم

وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ، (قسم ہے کتابِ واضح کی) اس سے مراد قرآنِ کریم ہے۔ اللہ تعالیٰ جب کسی چیز کی قسم کھاتے ہیں تو عموماً وہ چیز بعد کے دعوے کی دلیل ہوا کرتی ہے۔ یہاں قرآن کریم کی قسم کھا کر اس طرف اشارہ فرما دیا گیا ہے۔ قرآن بذاتِ خود اپنے اعجاز کی وجہ سے اپنی حقانیت کی دلیل ہے اور قرآن کو واضح کہنے کا مطلب یہ ہے کہ اسکے وعظ و نصیحت پر مشتمل مضامین بآسانی سمجھ میں آجاتے ہیں لیکن جہاں تک اس سے احکامِ شرعیہ کے استنباط کا تعلق ہے وہ بلاشبہ ایک مشکل کام ہے، اجتہاد کی پوری صلاحیت کے بغیر انجام نہیں دیا جا سکتا۔ چنانچہ دوسری جگہ یہ بات واضح کر دی گئی ہے وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ (اور بلاشبہ ہم نے قرآن کو نصیحت حاصل کرنے کے لئے آسان بنایا ہے، پس کیا ہے کوئی نصیحت حاصل کرنے والا؟) اسمیں فرما دیا گیا ہے کہ قرآن نصیحت اندوزی کیلئے آسان ہے لہٰذا اس سے اجتہاد و استنباط کا آسان ہونا لازم نہیں آتا بلکہ دوسرے دلائل سے ثابت ہے کہ اس کام کے لئے متعلقہ علوم میں پوری مہارت شرط ہے۔

مبلّغ کو مایوس ہو کر نہیں بیٹھنا چاہیئے اَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا اَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِيْنَ (کیا ہم تم سے اس نصیحت کو اس بات پر ہٹا لیں گے کہ تم حد سے گزرنے والے ہو؟) مطلب یہ ہے کہ تم اپنی سرکشی اور نافرمانی میں خواہ کتنے حد سے گزر جاؤ لیکن ہم تمھیں قرآن کے ذریعہ نصیحت کرنا نہیں چھوڑیں گے۔ اس سے معلوم ہوا کہ جو شخص دعوت و تبلیغ کا کام کرتا ہو اُسے ہر شخص کے پاس پیغام حق لیکر جانا چاہیئے اور کسی گروہ یا جماعت کو تبلیغ کرنا محض اس بنا پر نہیں چھوڑنا چاہیئے کہ وہ تو انتہا درجے کے ملحد بے دین یا فاسق و فاجر ہیں انھیں کیا تبلیغ کی جائے۔

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ خَلَقَهُنَّ

اور اگر تو اُن سے پوچھے کس نے بنائے آسمان اور زمین تو کہیں بنائے

الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ۝۹ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّجَعَلَ لَكُمْ

اس زبردست خبردار نے وہی ہے جس نے بنا دیا تمھارے لئے زمین کو بچھونا اور رکھدیں تمھارے واسطے

فِيْهَا سُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝۱۰ وَالَّذِيْ نَزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ

اسمیں راہیں تاکہ تم راہ پاؤ اور جس نے اُتارا آسمان سے پانی

بِقَدَرٍ ۚ فَاَنْشَرْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا ۚ كَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ۝۱۱ وَالَّذِيْ

ماپ کر پھر اُبھار کھڑا کیا ہمنے اس سے ایک دیس مُردہ کو اسی طرح تم کو بھی نکالیں گے اور جس نے

خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا وَجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْفُلْكِ وَالْاَنْعَامِ مَا

بنائے سب چیز کے جوڑے اور بنا دیا تمھارے واسطے کشتیوں اور چوپایوں کو

تَرْكَبُوْنَ ۝۱۲ لِتَسْتَوٗا عَلٰى ظُهُوْرِهٖ ثُمَّ تَذْكُرُوْا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ اِذَا

جس پر تم سوار ہوتے ہو تاکہ چڑھ بیٹھو تم اسکی پیٹھ پر پھر یاد کرو اپنے رب کا احسان جب

اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ وَتَقُوْلُوْا سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا

بیٹھ چکو اس پر اور کہو پاک ذات ہے وہ جس نے بس میں کر دیا ہمارے اسکو اور ہم نہ تھے

لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ۝۱۳ وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۝۱۴ وَجَعَلُوْا لَهٗ مِنْ

اس کو قابو میں لا سکتے اور ہم کو اپنے رب کی طرف پھر جانا ہے اور ٹھہرائی ہے انھوں نے

ع ۱۵ عِبَادِهٖ جُزْءًا ۭ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۱۵ ط اَمِ اتَّخَذَ مِمَّا

حق تعالیٰ کے واسطے اولاد اسکے بندوں میں سے، تحقیق انسان بڑا ناشکر ہے صریح کیا اُس نے رکھ لیں اپنی

يَخْلُقُ بَنٰتٍ وَّاَصْفٰىكُمْ بِالْبَنِيْنَ ۝۱۶ وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِمَا

مخلوقات میں سے بیٹیاں اور تم کو دیدیے چُن کر بیٹے اور جب انمیں کسی کو خوشخبری ملے اُس چیز کی جس

ضَرَبَ لِلرَّحْمٰنِ مَثَلًا ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ ﴿۱۷﴾ اَوَ

کو رحمٰن کے نام لگایا تو سارے دن رہے منہ اُسکا سیاہ اور وہ دل میں گھُٹ رہا ہے کیا

مَنْ يُّنَشَّؤُا فِي الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِي الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِيْنٍ ﴿۱۸﴾ وَجَعَلُوا

ایسا شخص کہ پرورش پاتا ہے زیور میں اور وہ جھگڑے میں بات نہ کہہ سکے اور ٹھہرایا انھوں نے

الْمَلٰٓئِكَةَ الَّذِيْنَ هُمْ عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ اِنَاثًا ؕ اَشَهِدُوْا خَلْقَهُمْ ؕ

فرشتوں کو جو بندے ہیں رحمٰن کے عورتیں کیا دیکھتے تھے اُن کا بننا

سَتُكْتَبُ شَهَادَتُهُمْ وَيُسْـَٔلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَقَالُوْا لَوْ شَآءَ الرَّحْمٰنُ مَا

اب لکھ رکھیں گے اُن کی گواہی اور اُن سے پوچھ ہوگی اور کہتے ہیں اگر چاہتا رحمٰن تو ہم

عَبَدْنٰهُمْ ؕ مَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۚ اِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿۲۰﴾

نہ پوجتے اُن کو کچھ خبر نہیں اُن کو اس کی یہ سب اٹکلیں دوڑاتے ہیں

اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا مِّنْ قَبْلِهٖ فَهُمْ بِهٖ مُسْتَمْسِكُوْنَ ﴿۲۱﴾ بَلْ قَالُوْٓا اِنَّا

کیا ہمنے کوئی کتاب دی ہے اُن کو اس سے پہلے سو انھوں نے اس کو مضبوط پکڑ رکھا ہے بلکہ کہتے ہیں ہم نے

وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَكَذٰلِكَ

پایا اپنے باپ دادوں کو ایک راہ پر اور ہم انہی کے قدموں پر ہیں راہ پائے ہوئے اور اسی طرح

مَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ ۙ

جس کسی کو بھیجا ہم نے تجھ سے پہلے ڈر سُنانے والا کسی گاؤں میں سو کہنے لگے وہاں کے خوشحال لوگ

اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ ﴿۲۳﴾

ہم نے تو پایا اپنے باپ دادوں کو ایک راہ پر اور ہم انہی کے قدموں پر چلتے ہیں

قٰلَ اَوَلَوْ جِئْتُكُمْ بِاَهْدٰى مِمَّا وَجَدْتُّمْ عَلَيْهِ اٰبَآءَكُمْ ؕ قَالُوْٓا

وہ بولا اور جو میں لادوں تم کو اس سے زیادہ سوجھ کی راہ جس پر تمنے پایا اپنے باپ دادوں کو تو یہی کہنے

اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۲۴﴾ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَانْظُرْ كَيْفَ

لگے ہم تمھارا لایا ہوا نہیں مانیں گے پھر ہمنے اُن سے بدلہ لیا سو دیکھ لے کیسا ہوا

كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۲۵﴾ ع ۱ ۲ ۸ النصف

انجام جھٹلانے والوں کا

خُلاصۂ تفسیر

اور اگر آپ ان سے پوچھیں کہ آسمان و زمین کو کس نے پیدا کیا ہے تو وہ ضرور یہی کہیں گے کہ

اُن کو زبردست جاننے والے (خدا) نے پیدا کیا ہے (اور ظاہر ہے کہ جس ذات نے تنہا یہ عظیم مخلوقات پیدا کی ہوں عبادت بھی تنہا اسی کی کرنی چاہیئے، لہٰذا توحید خود اُن کے اعتراف سے ثابت ہو گئی۔ آگے اللہ تعالیٰ توحید کو مزید مدلّل کرنے کے لئے اپنے وہ افعال بیان فرماتے ہیں جو توحید پر دلالت کرنیوالے ہیں یعنی یہ زمین و آسمان اسنے پیدا کیا ہے) جس نے تمھارے (آرام کے) لئے زمین کو (مثل) فرش (کے) بنایا (کہ اس پر آرام کرتے ہو) اور اُس (زمین) میں اُس نے تمھارے (منزلِ مقصود تک پہنچنے کے) لئے رستے بنائے تاکہ (اُن راستوں پر چل کر) تم منزلِ مقصود تک پہنچ سکو اور جس نے آسمان سے پانی ایک انداز (خاص) سے (اپنی مشیت اور حکمت کیمطابق) برسایا پھر ہمنے اس (پانی) سے خشک زمین کو (اُس کے مناسب) زندہ کیا (اور اس سے توحید پر دلالت کے علاوہ یہ بھی سمجھ لینا چاہیئے کہ) اسیطرح تم (بھی اپنی قبروں سے) نکالے جاؤگے اور جس نے (مختلف اجناس و انواع میں) تمام (مختلف) اقسام (یعنی اصناف) بنائیں اور تمھاری وہ کشتیاں اور چوپائے بنائے جن پر تم سوار ہوتے ہو تاکہ تم اُن (کشتیوں اور چارپایوں) کی (سطح اور) پیٹھ پر جم کر (اطمینان سے) بیٹھو پھر جب اسپر بیٹھ چکو تو اپنے رب کی (اس) نعمت کو (دل سے) یاد کرو اور (زبان سے استحباباً) یُوں کہو کہ اُسکی ذات پاک ہے جس نے ان چیزوں کو ہمارے بس میں کر دیا اور ہم تو ایسے (طاقتور اور ہنرمند) نہ تھے جو اُن کو قابو میں کر لیتے (کیونکہ جانور سے زیادہ طاقت نہیں، اور الہامِ حق کے بغیر کشتی چلانے کی تدبیر سے واقف نہیں، دونوں کے متعلق حق تعالیٰ نے تدبیر سکھادی) اور ہم کو اپنے رب کیطرف لوٹ کر جانا ہے (اس لئے ہم اس پر سوار ہو کر شکر سے غفلت یا تکبّر نہیں کرتے) اور (باوجود دلائلِ توحید کے واضح ہونے کے) ان لوگوں نے (شرک اختیار کر رکھا ہے اور وہ بھی کیسا قبیح کہ فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں کہتے ہیں اور اُن کی عبادت کرتے ہیں پس ایک خرابی تو یہ ہوئی کہ اُنھوں نے) خدا کے بندوں میں سے (جو مخلوق ہوتے ہیں) خدا کا جزو ٹھہرایا، (حالانکہ خدا کا کوئی جزو ہونا عقلاً محال ہے) واقعی (ایسا) انسان صریح ناشکر ہے (کہ خدا تعالیٰ کیساتھ اتنا بڑا کفر کرتا ہے کہ اُسکو صاحبِ جزو قرار دیتا ہے جس سے خدا تعالیٰ کا معاذ اللہ حادث ہونا لازم آتا ہے۔ غرض ایک خرابی تو یہ ہوئی اور دوسری خرابی یہ کہ یہ لوگ لڑکی کو ناقص سمجھتے ہیں اور پھر خدا کے لئے بیٹیاں مانتے ہیں تو) کیا خدا نے اپنی مخلوق میں سے (تمھارے زعم میں اپنے لئے تو) بیٹیاں پسند کیں اور تمکو بیٹوں کے ساتھ مخصوص کیا حالانکہ (تم بیٹیوں کو اتنا بُرا سمجھتے ہو کہ) جب تم میں کسی کو اُس چیز کے ہونیکی خبر دیجاتی ہے جس کو خدائے رحمان کا نمونہ (یعنی اولاد) بنا رکھا ہے (مُراد بیٹی ہے) تو (اسقدر ناراض ہو کہ) سارے دن اُسکا چہرہ بے رونق رہے اور وہ دل ہی دل میں گھٹتا رہے (تو حیرت ہے کہ خدا کیطرف نقص کی نسبت کرتے ہو۔ یہانتک انکے فاسد عقیدے کی الزامی تردید تھی جس کی تشریح سورۂ صافّات میں گزر چکی ہے۔ آگے اسی عقیدے کی تحقیقی تردید کیجاتی ہے کہ اگرچہ لڑکی ہونا بذاتِ خود کوئی ذلّت یا عار کی بات نہیں جیسے

تم سمجھتے ہو، لیکن ہمیں تو کوئی شک نہیں کہ وہ اپنی اصل خلقت کے اعتبار سے ناقص العقل اور ضعیف الرائے ضرور ہے جب یہ بات ہے تو) کیا (خدا نے اولاد بنانے کے لئے لڑکی کو پسند کیا ہے) جو کہ (عادۃً) آرائش (وزیبائش) میں نشوونما پائے (جو زیورات اور بناؤ سنگھار کیطرف اسکی رغبت کا سبب ہوتی ہے اور اسکا لازمی نتیجہ عقل ورائے کی ناپختگی ہے) اور وہ (فکری قوت کے ضعف کی بناء پر) مباحثہ میں قوّتِ بیانیہ (بھی) نہ رکھے (چنانچہ عورتیں عموماً اپنے مافی الضمیر کو قوت اور وضاحت کیساتھ بیان کرنے پر مرد وں کی بہ نسبت کم قادر ہوتی ہیں، اکثر ادھوری بات کہیں گی اور ہمیں فضول باتیں ملادیں گی جنکا اصل مقصد میں کچھ دخل نہو، یہ دو خرابیاں ہوئیں) اور تیسری خرابی شرک لازم آنیسے قطع نظر یہ ہے کہ) اُنھوں نے فرشتوں کو جو کہ خدا کے (مخلوق) بندے ہیں (اسلئے اللہ کو ان کی پوری حالت معلوم ہے اور چونکہ وہ نظر نہیں آتے اسلئے انکی کوئی صفت بغیر اللہ تعالیٰ کے بتلائے ہوئے کسی کو معلوم نہیں ہوسکتی اور اللہ نے کہیں یہ نہیں بتلایا کہ فرشتے عورت ہیں لیکن اسکے باوجود انھوں نے اُن کو بلا دلیل) عورت قرار دے رکھا ہے (اور اُن کے عورت ہونے پر نہ کوئی عقلی دلیل موجود ہے نہ نقلی، لہٰذا مشاہدہ ہونا چاہیئے تو) کیا یہ اُن کی پیدائش کے وقت موجود تھے (اور دیکھ رہے تھے، جواب ظاہر ہے کہ انھوں نے فرشتوں کی تخلیق کا مشاہدہ نہیں کیا، لہٰذا ان کے اس احمقانہ دعوے کی حقیقت واضح ہوگئی) ان کا یہ دعویٰ (جو بلا دلیل ہے اعمال کے دفتر میں) لکھ لیا جاتا ہے اور (قیامت میں) اُن سے باز پُرس ہوگی (یہ گفتگو تو فرشتوں کے بیٹیاں ہونے سے متعلق تھی) اور (آگے ان کے معبود ہونے کے متعلق بیان ہے کہ) وہ لوگ یوں کہتے ہیں کہ اگر اللہ تعالیٰ (اس بات کو خوشی سے) چاہتا (کہ ملائکہ کی عبادت نہو، یعنی اس عبادت سے وہ ناخوش ہوتا) تو ہم (کبھی) ان کی عبادت نہ کرتے (کیونکہ وہ کرنے ہی نہ دیتا، بلکہ جبراً روکدیتا، جب نہیں روکا تو معلوم ہوا کہ وہ ان کی عبادت نہ کرنے سے خوش نہیں بلکہ عبادت کرنے سے خوش ہے آگے اُن کی تردید ہے کہ) اُن کو اس (بات) کی کچھ تحقیق نہیں (ہے) محض بے تحقیق بات کر رہے ہیں (کیونکہ اللہ تعالیٰ کا اپنے بندوں کو کسی فعل پر قدرت دیدینا اس بات کی دلیل نہیں ہے کہ وہ اس فعل پر راضی بھی ہے جیسے کہ پارۂ ہشتم کے نصف سے پہلے آیت سَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا الخ میں اس کی تفصیل گزر چکی ہے) اب یہ بتلاویں کہ) کیا ہم نے ان کو اس (قرآن) سے پہلے کوئی کتاب دے رکھی ہے کہ یہ (اس دعوے میں) اُس سے استدلال کرتے ہیں (حقیقت یہ ہے کہ نہ ان کے پاس دلیل عقلی ہے نہ دلیل نقلی) بلکہ (محض اپنے باپ دادوں کی اتباع ہے، چنانچہ) وہ کہتے ہیں کہ ہم نے اپنے باپ دادوں کو ایک طریقہ پر پایا ہے اور ہم بھی ان کے پیچھے پیچھے رستہ چل رہے ہیں اور (جس طرح یہ لوگ بلا دلیل بلکہ خلافِ دلیل اپنی قدیم رسم کو بطور سند پیش کرتے ہیں) اسی طرح ہمنے آپ سے پہلے

کسی بستی میں کوئی پیغمبر نہیں بھیجا مگر وہاں کے خوشحال لوگوں نے (اوّلاً اور متبعین نے ثانیاً) یہی کہا کہ ہم نے اپنے باپ دادوں کو ایک طریقہ پر پایا ہے اور ہم بھی انہی کے پیچھے پیچھے چلے جا رہے ہیں (اس پر) انکے (اس) پیغمبر نے (انسے) کہا کہ کیا (آبائی رسوم ہی کا اتباع کئے جاؤ گے) اگرچہ میں اُس سے اچھا (منزلِ) مقصود پر پہنچا دینے والا طریقہ تمھارے پاس لایا ہوں کہ جس پر تمنے اپنے باپ دادوں کو پایا ہو، وہ (براہ عناد) کہنے لگے کہ ہم تو اُس (دین) کو مانتے ہی نہیں جس کو دیکر (بزعم تمھارے) تم کو بھیجا گیا ہے سو (جب عناد حد سے بڑھ گیا اُسوقت) ہمنے اُن سے انتقام لیا، سو دیکھئے، تکذیب کرنے والوں کا کیسا (بُرا) انجام ہوا۔

معارف و مسائل

جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا (تمھارے لئے زمین کو فرش بنایا) مطلب یہ ہے کہ زمین کی ظاہری صورت اور اسکا آرام فرش کا سا ہے، لہذا یہ زمین کے گول ہونے کے منافی نہیں۔

وَجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْفُلْكِ وَالْاَنْعَامِ مَا تَرْكَبُوْنَ (اور تمھارے لئے وہ کشتیاں اور چوپائے بنائے جن پر تم سوار ہو) انسان کی سواریاں دو قسم کی ہوتی ہیں، ایک وہ سواریاں جنھیں انسان اپنی صنعت و حرفت کے ذریعہ خود بناتا ہے اور دوسرے وہ حیوانات جن کی تخلیق میں انسانی صنعت کا کوئی دخل نہیں۔ "کشتیاں" بول کر سواریوں کی پہلی قسم مُراد ہے اور "چوپائے" سے دوسری قسم۔ بہرحال مقصد یہ ہے کہ انسانی استعمال کی تمام سواریاں، خواہ ان کی تیاری میں انسانی صنعت کو دخل ہو یا نہو، اللہ تعالیٰ کی ایک بہت بڑی نعمت ہیں۔ چوپایوں کا نعمت ہونا تو بالکل ظاہر ہے کہ وہ انسان سے کئی گُنا زائد طاقتور ہوتے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ نے انھیں انسان کے آگے ایسا رام کر دیا ہے کہ ایک بچہ بھی ان کے منہ میں لگام یا ناک میں نکیل ڈال کر جہاں چاہتا ہے اُنھیں لیجاتا ہے۔ اسی طرح وہ سواریاں بھی اللہ کی بڑی نعمت ہیں جن کی تیاری میں انسانی صنعت کو دخل ہے، ہوائی جہاز سے لیکر معمولی سائیکل تک یہ ساری سواریاں اگرچہ بظاہر انسان نے خود بنائی ہیں لیکن اُن کی صنعت کے طریقے سجھانے والا اللہ تعالیٰ کے سوا کون ہے؟ یہ وہ قادرِ مطلق ہی تو ہے جس نے انسانی دماغ کو وہ طاقت عطا کی ہے جو لوہے کو موم بنا کر رکھدیتی ہے۔ اسکے علاوہ ان کی صنعت میں جو خام مواد استعمال ہوتا ہے وہ اور اس کے خواص و آثار تو براہِ راست اللہ تعالیٰ ہی کی تخلیق ہیں۔

ثُمَّ تَذْكُرُوْا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ (اور تاکہ تم یاد کرو اپنے پروردگار کی نعمت کو) اس سے اشارہ فرما دیا گیا کہ ایک صاحبِ عقل و ہوش انسان کا کام یہ ہے کہ وہ منعمِ حقیقی کی نعمتوں کو استعمال کرتے ہوئے غفلت، بے پروائی اور استغنار کا مظاہرہ کرنے کے بجائے اس بات پر دھیان دے کہ یہ مجھ پر اللہ تعالیٰ کا انعام ہے لہذا مجھ پر اسکے شکر کی ادائیگی اور عجز و نیاز کا اظہار واجب ہے۔ ایک کافر

اور مومن میں درحقیقت یہی فرق ہے کہ کائنات کی نعمتوں کو دونوں استعمال کرتے ہیں لیکن کافر انھیں غفلت اور بے پروائی سے استعمال کرتا ہے اور مومن اللہ کے انعامات کو مستحضر کرکے اپنا سرِ نیاز اس کے حضور جھکا دیتا ہے۔ اسی مقصد سے قرآن و حدیث میں مختلف کاموں کی انجام دہی کے وقت صبر و شکر کے مضامین پر مشتمل دُعائیں تلقین کی گئی ہیں۔ اور اگر انسان اپنی روزمرہ زندگی میں اُٹھتے، بیٹھتے چلتے پھرتے ان دُعاؤں کو اپنا معمول بنالے تو اسکا ہر مباح کام بھی عبادت بن جاتا ہے۔ یہ دُعائیں علامہ جزریؒ کی کتاب "حصنِ حصین" اور حکیم الامت حضرت تھانویؒ کی "مناجاتِ مقبول" میں دیکھی جاسکتی ہیں۔

سفر کے وقت کی دُعائیں سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا الخ (پاک ہے وہ ذات جس نے اسکو ہمارے لئے مسخر کردیا) یہ سواری پر بیٹھ کر پڑھنے کی دعا ہے۔ چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے متعدد روایات میں منقول ہے کہ آپؐ سواری پر بیٹھتے وقت یہ کلمات پڑھا کرتے تھے اور سوار ہونے کا پورا مستحب طریقہ حضرت علیؓ سے یہ منقول ہے کہ سواری پر پاؤں رکھتے وقت "بسم اللہ" کہے، پھر سوار ہوجانیکے بعد "اَلْحَمْدُ لِلّٰہ" اور اسکے بعد یہ کلمات سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا سے لَمُنْقَلِبُوْنَ تک (قرطبی) نیز آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ بھی مروی ہے کہ اگر آپؐ کسی سفر پر جارہے ہوتے تو مذکورہ کلمات کے بعد یہ دُعا بھی پڑھتے تھے۔ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِیْفَۃُ فِی الْاَھْلِ وَالْمَالِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ وَّعْثَاءِ السَّفَرِ وَکَآبَۃِ الْمُنْقَلَبِ، وَالْحَوْرِ بَعْدَ الْکَوْرِ وَسُوْءِ الْمَنْظَرِ فِی الْاَھْلِ وَالْمَالِ، اور ایک روایت میں یہ الفاظ بھی منقول ہیں اَللّٰھُمَّ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ اِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ (قرطبی)

وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ (اور ہم تو ایسے نہ تھے جو ان کو قابو میں کرلیتے) یہ بات مشینی سواریوں پر بھی اسی طرح صادق آتی ہے جس طرح جانوروں اور چوپایوں پر۔ کیونکہ اگر اللہ تعالیٰ اُن کا خام مواد پیدا نہ کرتا، یا اسمیں وہ خواص و آثار نہ رکھتا یا انسانی دماغ کو ان خواص کے دریافت کرنے کی طاقت نہ بخشتا تو ساری کائنات مل کر بھی ایسی سواریاں پیدا نہ کرسکتی تھی۔

وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ (اور بلاشبہ ہم اپنے پروردگار ہی کیطرف لوٹنے والے ہیں) ان الفاظ کے ذریعہ تعلیم یہ دی گئی ہے کہ انسان کو اپنے ہر دُنیوی سفر کے وقت آخرت کا وہ کٹھن سفر یاد کرنا چاہیئے جو ہر حال میں پیش آکر رہے گا اور اسے سہولت کیساتھ طے کرنے کے لئے اعمالِ صالحہ کے سوا کوئی سواری نہیں ہوگی۔

وَجَعَلُوْا لَهٗ مِنْ عِبَادِهٖ جُزْءًا، (اور اُنھوں نے خدا کے بندوں میں سے خدا کا جزو ٹھہرایا) یہاں جزؤ سے مراد اولاد ہے کہ مشرکین فرشتوں کو اللہ کی بیٹیاں کہا کرتے تھے اور "اولاد" کے بجائے "جزؤ" کا لفظ اختیار کرکے مشرکین کے اس دعوائے باطل کی عقلی تردید کیطرف اشارہ کردیا گیا ہے۔

جسکا خلاصہ یہ ہے کہ اگر اللہ کے کوئی اولاد ہو تو وہ اسکی جزؤ ہوگی کیونکہ بیٹا باپ کا جزؤ ہوتا ہے، اور یہ عقلی قاعدہ ہے کہ ہر کل اپنے وجود میں جزؤ کا محتاج ہوتا ہے تو اس سے لازم آئیگا کہ معاذ اللہ خدا تعالیٰ بھی اپنی اولاد کا محتاج ہو۔ اور ظاہر ہے کہ کسی بھی قسم کی احتیاج شانِ خداوندی کے بالکل منافی ہے،

أَوَمَن يُنَشَّؤُا فِي الْحِلْيَةِ الخ (کیا جو آرائش میں نشو ونما پائے) اس سے معلوم ہوا کہ عورت کے لئے زیور کا استعمال اور موافق شرع آرائش کے طریقے اختیار کرنا جائز ہے۔ چنانچہ اس پر اجماع ہے لیکن ساتھ ہی پیرایۂ بیان یہ بتا رہا ہے کہ آرائش میں اتنا انہماک کہ صبح و شام بناؤ سنگھار ہی میں لگی رہے یہ مناسب نہیں بلکہ یہ ضعفِ عقل و رائے کی علامت بھی ہے اور اسکا سبب بھی۔

وَهُوَ فِي الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِينٍ، (اور وہ مباحثہ میں قوتِ بیان بھی نہ رکھے) مطلب یہ ہے کہ عورتوں کی اکثریت ایسی ہے کہ وہ مافی الضمیر کو قوت اور وضاحت کیساتھ بیان کرنے پر مَردوں کے برابر قادر نہیں ہوتی۔ اسی لئے اگر کہیں مباحثہ ہو جائے تو اپنے دعوے کو ثابت کرنا اور دوسرے کے دلائل کو رد کرنا اسکے لئے مشکل ہوتا ہے لیکن یہ حکم اکثریت کے اعتبار سے ہے۔ لہٰذا اگر کچھ عورتیں سلیقۂ گفتار کی مالک ہوں اور اس معاملہ میں مَردوں سے بھی بڑھ جائیں تو اس آیت کے منافی نہیں، کیونکہ حکم اکثریت پر لگتا ہے اور اکثریت بلاشبہ ایسی ہی ہے۔

وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِ إِنَّنِي بَرَاءٌ مِّمَّا تَعْبُدُونَ ﴿٢٦﴾ إِلَّا

اور جب کہا ابراہیم نے اپنے باپ کو اور اسکی قوم کو میں الگ ہوں ان چیزوں سے جن کو تم پوجتے ہو مگر

الَّذِي فَطَرَنِي فَإِنَّهُ سَيَهْدِينِ ﴿٢٧﴾ وَجَعَلَهَا كَلِمَةً بَاقِيَةً فِي

جس نے مجھ کو بنایا سو وہ مجھ کو راہ بتلائے گا اور یہی بات پیچھے چھوڑ گیا اپنی

عَقِبِهِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ﴿٢٨﴾ بَلْ مَتَّعْتُ هَٰؤُلَاءِ وَآبَاءَهُمْ حَتَّىٰ

اولاد میں تاکہ وہ رجوع رہیں کوئی نہیں پر میں نے برتنے دیا ان کو اور انکے باپ دادوں کو

جَاءَهُمُ الْحَقُّ وَرَسُولٌ مُّبِينٌ ﴿٢٩﴾ وَلَمَّا جَاءَهُمُ الْحَقُّ قَالُوا

یہاں تک کہ پہنچا انکے پاس دین سچا اور رسول کھول کر سنا دینے والا اور جب پہنچا اُن کے پاس سچا دین کہنے لگے

هَٰذَا سِحْرٌ وَإِنَّا بِهِ كَافِرُونَ ﴿٣٠﴾

یہ جادو ہے اور ہم اس کو نہ مانیں گے

خُلاصۂ تفسیر

اور (وہ وقت قابلِ ذکر ہے) جبکہ ابراہیم (علیہ السلام) نے اپنے باپ سے اور اپنی قوم سے

فرمایا کہ میں اُن چیزوں (کی عبادت) سے بیزار (اور بے تعلق) ہوں جن کی تم عبادت کرتے ہو مگر ہاں (اُس خدا سے تعلق رکھتا ہوں) جسنے مجھ کو پیدا کیا، پھر وہی مجھ کو (میرے دین و دُنیا کی مصلحتوں تک) رہنمائی کرتا ہے (مطلب یہ کہ ان لوگوں کو ابراہیم علیہ السّلام کا حال یاد کرنا چاہیئے کہ وہ خود بھی توحید کے معتقد تھے) اور (وصیت کے ذریعہ) وہ اُس (عقیدہ) کو اپنی اولاد میں (بھی) ایک قائم رہنے والی بات کر گئے (یعنی اپنی اولاد کو بھی وصیّت کی جسکا اثر کچھ کچھ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت تک بھی برابر رہا یہانتک کہ زمانۂ جاہلیت میں بھی عرب میں بعض لوگ شرک سے نفرت کرتے تھے اور یہ وصیت انھوں نے اسلئے کی تھی) تاکہ (ہر زمانے میں مشرک) لوگ (موحدین سے توحید کا عقیدہ سُن سُن کر شرک سے) باز آتے رہیں (مگر یہ لوگ پھر بھی باز نہیں آتے اور اسطرف توجّہ نہیں کرتے) بلکہ میں نے (جو) انکو اور ان کے باپ دادوں کو (دُنیا کا) خوب سامان دیا ہے (اسمیں منہمک اور غافل ہو رہے ہیں) یہانتک کہ (اسی انہماک اور خوابِ غفلت سے بیدار کرنے کے لئے) ان کے پاس سچّا قرآن (جو معجز ہونیکی وجہ سے اپنی سچائی کی آپ ہی دلیل ہے) اور صاف صاف بتانیوالا رسُول (اللہ کیطرف سے) آیا اور جب انکے پاس یہ سچّا قرآن پہنچا (اور اسکا اعجاز ظاہر ہوا) تو کہنے لگے کہ یہ جادو ہے اور ہم اسکو نہیں مانتے۔

معارف و مسائل

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ الخ گزشتہ آیات کے آخر میں باری تعالیٰ نے یہ بیان فرمایا تھا کہ مشرکینِ عرب کے پاس اپنے شرک پر سوائے اپنے باپ دادوں کی رسوم کے کوئی دلیل نہیں ہے اور یہ ظاہر ہے کہ واضح عقلی اور نقلی دلائل کی موجودگی میں محض باپ دادوں کی تقلید پر اصرار کرنا حق و انصاف سے کسقدر بعید ہے۔ اب ان آیات میں اسطرف اشارہ فرمایا گیا ہے کہ اگر اپنے آبا و اجداد ہی کے راستے پر چلنا چاہتے ہو تو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے راستے پر کیوں نہیں چلتے جو تمھارے اشرف ترین جدِّ اعلیٰ ہیں اور جن کیساتھ نسبی وابستگی کو تم خود اپنے لئے سرمایۂ فخر سمجھتے ہو۔ وہ نہ صرف توحید کے قائل تھے اور اپنی اولاد کو بھی اسکی وصیّت کر کے گئے بلکہ خود اُن کا طرزِ عمل یہ بتاتا ہے کہ کھلے ہوئے عقلی اور نقلی دلائل کی موجودگی میں محض باپ دادوں کی تقلید کرنا جائز نہیں، جب وہ دُنیا میں مبعوث ہوئے تو اُن کی ساری قوم اپنے آباء و اجداد کی اتباع میں شرک میں مبتلا تھی، لیکن انھوں نے اپنے آباء و اجداد کی اندھی تقلید کے بجائے دلائلِ واضحہ کا اتباع کرتے ہوئے اپنی قوم سے بیزاری کا اظہار کیا اور فرمایا، اِنَّنِيْ بَرَآءٌ مِّمَّا تَعْبُدُوْنَ (جن چیزوں کی عبادت تم کرتے ہو میں اُن سے بَری ہوں)۔

اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اگر کوئی شخص کسی بدعمل یا بدعقیدہ گروہ یا جماعت کے درمیان رہتا ہے اور خاموش رہنے کی صورت میں یہ اندیشہ ہے کہ اس کو بھی اس گروہ کا ہم خیال سمجھا جائیگا تو محض اپنے

عقیدے اور عمل کا درست کر لینا ہی کافی نہیں، بلکہ اس گروہ کے عقائد و اعمال سے اپنی برارت کا اظہار بھی ضروری ہے۔ چنانچہ یہاں حضرت ابراہیم علیہ السّلام نے صرف اتنا ہی نہیں کیا کہ اپنے عقائد و اعمال کو مشرکین سے عملاً ممتاز کر لیا بلکہ زبان سے بھی برارت کا برملا اظہار فرمایا۔

وَجَعَلَهَا كَلِمَةًۢ بَاقِيَةً فِىْ عَقِبِهٖ (اور وہ اس کو اپنی اولاد میں ایک قائم رہنے والی بات کر گئے) مطلب یہ ہے کہ اپنے عقیدۂ توحید کو انھوں نے اپنی ذات ہی تک محدود نہیں رکھا، بلکہ اپنی اولاد کو بھی اسی عقیدے پر قائم رہنے کی وصیت فرمائی۔ چنانچہ آپ کی اولاد میں ایک بڑی تعداد موحدین کی ہوئی اور خود مکّہ مکرمہ اور اسکے گرد و نواح میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے وقت تک ایسے سلیم الفطرت حضرات موجود تھے جو صدیاں گزرنے کے بعد بھی حضرت ابراہیم علیہ السّلام کے اصلی دین ہی پر قائم رہے۔

اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اپنی ذات کے علاوہ اپنی اولاد کو دینِ صحیح پر کاربند کرنے اور رکھنے کی فکر بھی انسان کے فرائض میں داخل ہے۔ انبیاء علیہم السّلام میں سے حضرت ابراہیم علیہ السّلام کے علاوہ حضرت یعقوب علیہ السّلام کے بارے میں بھی قرآن کریم نے بتایا ہے کہ انھوں نے وفات کے وقت اپنے بیٹوں کو دینِ صحیح پر قائم رہنے کی وصیت کی تھی۔ لہٰذا جس صورت سے ممکن ہو اولاد کے اعمال و اخلاق کی اصلاح میں اپنی پوری کوشش صرف کر دینا ضروری بھی ہے اور انبیاء کی سنت بھی۔ اور یوں تو اولاد کی اصلاح کے بہت سے طریقے ہیں جنھیں حسبِ موقع اختیار کیا جا سکتا ہے لیکن حضرت شیخ عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ نے لطائف المنن والاخلاق میں لکھا ہے کہ اولاد کی اصلاح کے لئے سب سے زیادہ کارگر عمل یہ ہے کہ والدین ان کی دینی اصلاح کے لئے دُعا کا اہتمام کریں۔ افسوس ہے کہ اس آسان تدبیر سے آجکل غفلت عام ہوتی جا رہی ہے اور اس کے انجامِ بد کا مشاہدہ خود والدین کرتے رہتے ہیں۔

وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ ﴿۳۱﴾

اور کہتے ہیں کیوں نہ اُترا یہ قرآن کسی بڑے مرد پر ان دونوں بستیوں میں کے

اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ۭ نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيْشَتَهُمْ فِى

کیا وہ بانٹتے ہیں تیرے رب کی رحمت کو ہم نے بانٹ دی ہے اُن میں روزی اُن کی

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَتَّخِذَ

دُنیا کی زندگانی میں اور بلند کر دیئے درجے بعض کے بعض پر کہ ٹھہراتا ہے

بَعْضُهُمْ بَعْضًا سُخْرِيًّا ۭ وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۳۲﴾

ایک دوسرے کو خدمتگار اور تیرے رب کی رحمت بہتر ہے اُن چیزوں سے جو سمیٹتے ہیں

خُلاصۂ تفسیر

(یہ تو کافروں نے قرآن کے بارے میں کہا) اور (رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے بارے میں) کہنے لگے کہ یہ قرآن (اگر کلامِ الٰہی ہے اور بحیثیت رسالت آیا ہے تو) ان دونوں بستیوں (یعنی مکہ اور طائف کے رہنے والوں) میں سے کسی بڑے آدمی پر کیوں نازل نہیں کیا گیا (یعنی رسول کیلئے عظیم الشان ہونا ضروری ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم مال اور ریاست نہیں رکھتے تو یہ پیغمبر نہیں ہوسکتے۔ باری تعالیٰ انکے اس شبہ کی تردید فرماتے ہیں کہ) کیا یہ لوگ آپکے رب کی رحمت (خاصہ یعنی نبوّت) کو (خود) تقسیم کرنا چاہتے ہیں (یعنی یہ چاہنا کہ نبوّت ہماری رائے کے مطابق لوگوں کو ملنی چاہیئے گویا خود تقسیم کرنے کی ہوس کرنا ہے کہ یہ تقسیم ہمارے سپرد ہو حالانکہ یہ ہوس نری نادانی ہے کیونکہ) دُنیوی زندگی میں (تو) انکی روزی ہم (ہی) نے تقسیم کر رکھی ہے اور (اُس تقسیم میں) ہمنے ایک کو دوسرے پر رفعت دے رکھی ہے تاکہ (اس سے یہ مصلحت حاصل ہو کہ) ایک دوسرے سے کام لیتا رہے (اور عالم کا انتظام قائم رہے) اور (ظاہر اور یقینی بات ہے کہ) آپ کے رب کی رحمت (خاصہ یعنی نبوّت) بدرجہا اُس (دُنیوی مال و متاع اور جاہ و منصب) سے بہتر ہے جس کو یہ لوگ سمیٹتے پھرتے ہیں (پس جب دنیوی معیشت کی تقسیم ہمنے اُن کی رائے پر نہیں رکھی، حالانکہ وہ ادنیٰ درجہ کی چیز ہے، تو نبوّت جو خود بھی اعلیٰ درجہ کی چیز ہے اور اسکے مصالح بھی نہایت عظیم درجہ کے ہیں وہ کیونکر ان کی رائے پر تقسیم کیجاتی)۔

معارف و مسائل

ان آیات میں باری تعالیٰ نے مشرکین عرب کے ایک اعتراض کا جواب دیا ہے جو وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت پر کیا کرتے تھے۔ دراصل شروع میں تو وہ یہ باور کرنے پر ہی تیار نہ تھے کہ اللہ کا کوئی رسول انسان ہوسکتا ہے، چنانچہ اُن کا یہ اعتراض قرآن کریم نے جا بجا ذکر فرمایا ہے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ہم رسول کیسے مان لیں جبکہ وہ عام انسانوں کی طرح کھاتے پیتے اور بازاروں میں چلتے ہیں، لیکن جب متعدد آیاتِ قرآنی کے ذریعہ یہ واضح کر دیا گیا کہ یہ صرف آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم ہی کی خصوصیت نہیں، بلکہ دنیا میں جسقدر انبیاء آئے ہیں وہ سب انسان ہی تھے، تو اب انھوں نے پینترا بدلکر یہ اعتراض کیا کہ اگر کسی انسان ہی کو نبوّت سونپنی تھی تو حضورؐ مالی اعتبار سے کوئی بڑے صاحبِ حیثیت نہیں ہیں، یہ منصب حضورؐ کے بجائے مکہ اور طائف کے کسی بڑے دولتمند اور صاحبِ جاہ و منصب انسان کو کیوں نہیں دیا گیا؟ روایات میں ہے کہ اس سلسلہ میں انھوں نے مکہ مکرمہ سے ولید بن مغیرہ اور عتبہ بن ربیعہ کے اور طائف سے عروہ بن مسعود ثقفی حبیب بن عمرو ثقفی یا کنانہ بن عبد یالیل کے نام پیش کئے تھے (روح المعانی)

مشرکین کے اس اعتراض کے باری تعالیٰ نے دو جواب دیئے ہیں۔ پہلا جواب مذکورہ آیتوں میں سے دوسری آیت میں اور دوسرا جواب اگلی آیات میں دیا گیا ہے اسکی تشریح بھی وہیں آئے گی۔ اس پہلے جواب کا خلاصہ یہ ہے کہ تمھیں اس معاملے میں دخل دینے کا کوئی حق ہی نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ نبوّت کا منصب کس کو دے رہا ہے اور کس کو نہیں دے رہا؟ نبوّت کی تقسیم تمھارے ہاتھ میں نہیں ہے کہ کسی کو نبی بنانے سے پہلے تم سے رائے لیجائے، یہ کام کلیۃً اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے اور وہی اپنی عظیم مصلحتوں کیمطابق اسے انجام دیتا ہے۔ تمھارا وجود اور عقل و شعور اس عظیم کام کی صلاحیت ہی نہیں رکھتا کہ تقسیمِ نبوّت کا کام تمھارے سُپرد کردیا جاتا اور نبوّت کی تقسیم تو بہت اونچے درجہ کی چیز ہے تمھاری حیثیت وجود و شعور تو اسکی بھی متحمل نہیں کہ خود تمھاری معیشت اور سامانِ معیشت کی تقسیم کا کام تمھارے سُپرد کیا جاسکے کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ ایسا کیا گیا تو تم ایک دن بھی نظامِ عالم کو نہ چلا سکو گے اور سارا انظام درہم برہم ہوکر رہ جائیگا۔ اسلئے اللہ تعالیٰ نے دُنیوی زندگی میں تمھاری روزی کی تقسیم بھی تمھارے ذمہ نہیں رکھی بلکہ تقسیمِ معیشت کا کام خود اپنے ہاتھ میں رکھا ہے۔ جب یہ ادنیٰ درجہ کا کام تمھارے حوالہ نہیں کیا جاسکتا تو نبوّت کی تقسیم جیسا عظیم کام تمھارے حوالہ کیسے کردیا جائے۔ آیات کا مقصودِ کلام تو اتنا ہی ہے لیکن مشرکین کو جواب دینے کے ضمن میں باری تعالیٰ نے دُنیا کے نظامِ معیشت سے متعلق جو اشارے کردیئے ہیں اُن سے متعدد معاشی اصول مستنبط ہوتے ہیں یہاں انکی مختصر توضیح ضروری ہے۔

تقسیمِ معیشت کا قدرتی نظام نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيْشَتَهُمْ (ہمنے تقسیم کیا ہے انکے درمیان انکی معیشت کو) مقصد یہ ہے کہ ہمنے اپنی حکمتِ بالغہ سے دُنیا کا نظام ایسا بنایا ہے کہ یہاں ہر شخص اپنی ضروریات پوری کرنے کے لیئے دوسرے کی امداد کا محتاج ہے اور تمام لوگ اسی باہمی احتیاج کے رشتے میں بندھے ہوئے پورے معاشرے کی ضروریات کی تکمیل کر رہے ہیں۔ اس آیت نے کھولکر یہ بات بتلا دی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تقسیمِ معیشت کا کام (اشتراکیت کی طرح) کسی بااختیار انسانی ادارے کے سپرد نہیں کیا جو منصوبہ بندی کے ذریعہ یہ طے کرے کہ معاشرے کی ضروریات کیا ہیں؟ انھیں کس طرح پُورا کیا جائے وسائلِ پیداوار کو کس تناسب کیساتھ کن کاموں میں لگایا جائے اور ان کے درمیان آمدنی کی تقسیم کس بنیاد پر کیجائے؟ اسکے بجائے یہ تمام کام اللہ نے اپنے ہاتھ میں رکھے ہیں اور اپنے ہاتھ میں رکھنے کا مطلب یہی ہے کہ ہر شخص کو دوسرے کا محتاج بناکر دُنیا کا نظام ہی ایسا بنادیا ہے جسمیں اگر (اجارہ داریوں وغیرہ کے ذریعہ) غیر فطری رکاوٹیں پیدا نہ کیجائیں تو وہ نظام خود بخود یہ تمام مسائل حل کردیتا ہے۔ باہمی احتیاج کے اس نظام کو موجودہ معاشی اصطلاح میں "طلب و رسد" کا نظام کہا جاتا ہے۔ "طلب و رسد" کا قدرتی قانون یہ ہے کہ جس چیز کی رسد کم ہو اور طلب زیادہ اسکی قیمت بڑھتی ہے لہٰذا وسائلِ پیداوار اُس چیز کی تیاری میں زیادہ نفع دیکھ کر اسی طرف متوجہ ہوجاتے ہیں اور جب رسد

طلب کے مقابلے میں بڑھ جاتی ہے تو قیمت گھٹ جاتی ہے چنانچہ اس چیز کی مزید تیاری نفع بخش نہیں رہتی اور وسائلِ پیداوار اُسکے بجائے کسی اور ایسے کام میں مصروف ہو جاتے ہیں جسکی ضرورت زیادہ ہو۔ اسلام نے "طلب رسد" کی انہی قدرتی قوتوں کے ذریعہ دولت کی پیدائش اور تقسیم کا کام لیا ہے اور عام حالات میں "تقسیم معیشت" کا کام کسی انسانی ادارے کے حوالہ نہیں کیا اسکی وجہ یہ ہے کہ منصوبہ بندی کے خواہ کتنے ترقی یافتہ طریقے دریافت کر لئے جائیں لیکن اُنکے ذریعہ معیشت کی ایک ایک جزوی ضرورت کا احاطہ ممکن نہیں اور اس قسم کے معاشرتی مسائل عموماً ایسے ہی قدرتی نظام کے تابع چلتے ہیں۔ زندگی کے بیشتر معاشرتی مسائل اسی طرح قدرتی طور پر خود بخود طے پاتے ہیں، اور انھیں حکومت کی منصوبہ بندی کے حوالہ کرنا زندگی میں ایک مصنوعی جکڑ بند پیدا کرنے کے سوا کچھ نہیں۔ مثال کے طور پر یہ بات کہ دن کا وقت کام کے لئے ہے اور رات کا سونے کے لئے کسی معاہدۂ عمرانی یا انسانی منصوبہ بندی کے تحت نہیں طے پائی، بلکہ قدرت کے خودکار نظام نے خود بخود یہ فیصلہ کر دیا ہے، اسی طرح یہ مسئلہ کہ کون شخص کس سے شادی کرے طبعی مناسبتوں کے فطری نظام کے تحت خود بخود انجام پاتا ہے اور اُسے منصوبہ بندی کے ذریعہ حل کرنے کا کسی کو خیال نہیں آیا۔ یا مثلاً یہ بات کہ کون شخص علم و فن کے کس شعبہ کو اپنا میدان بنائے، اسے طبعی ذوق اور مناسبت کے بجائے حکومت کی منصوبہ بندی کے حوالہ کر دینا ایک خواہ مخواہ کی زبردستی ہے اور اس سے نظامِ فطرت درہم برہم ہو سکتا ہے۔ اسی طرح نظامِ معیشت کو بھی قدرت نے اپنے ہاتھ میں رکھا ہے اور ہر شخص کے دل میں وہی کام ڈالدیا ہے جو اسکے لئے زیادہ مناسب ہے اور جسے وہ بہت طریقے سے انجام دے سکتا ہے چنانچہ ہر شخص خواہ وہ ایک خاکروب ہی کیوں نہ ہو اپنے کام پر خوش ہے اور اسی کو اپنے لئے سرمایۂ فخر سمجھتا ہے كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ، البتہ سرمایہ دارانہ نظام کی طرح اسلام نے افراد کو اتنی آزادی نہیں دی کہ وہ ہر جائز و ناجائز طریقے سے دولت سمیٹ کر دوسروں کے لئے رزق کے دروازے بند کر دیں، بلکہ ذرائع آمدنی میں حلال و حرام کی تفریق کر کے سُود، سٹہ، قمار اور ذخیرہ اندوزی کو ممنوع قرار دیدیا ہے پھر جائز آمدنی پر بھی زکوٰۃ، عشر وغیرہ کے واجبات عائد کر کے اُن خرابیوں کا انسداد کر دیا ہے جو موجودہ سرمایہ دارانہ نظام میں پائی جاتی ہیں اسکے باوجود بھی اگر کبھی اجارہ داریاں قائم ہو جائیں تو اُن کو توڑنے کے لئے حکومت کی مداخلت کو جائز رکھا ہے یہاں اسکی تفصیل کا موقع نہیں، اس موضوع پر احقر کے مستقل رسائل "مسئلہ سود" "اسلام کا نظامِ تقسیمِ دولت" اور "اسلامی نظام میں معاشی اصلاحات" ملاحظہ فرمائے جائیں۔

معاشی مساوات کی حقیقت وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ (اور ہم نے ایک کو

دوسرے پر رفعت دے رکھی ہے) اس سے معلوم ہوا کہ معاشی مساوات (اس معنی میں کہ دُنیا کے تمام افراد کی آمدنی بالکل برابر ہو) نہ مطلوب ہے نہ ممکن العمل۔ اسکی تفصیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کائنات کے ہر رکن پر کچھ فرائض عائد کئے ہیں اور کچھ حقوق دیئے ہیں اور دونوں میں اپنی حکمت سے یہ تناسب رکھا ہے کہ جسکے ذمہ جتنے فرائض ہیں اسکے اتنے ہی حقوق ہیں۔ انسان کے علاوہ جتنی مخلوقات ہیں ان کے ذمہ چونکہ فرائض سب سے کم ہیں کہ وہ شرعاً حلال و حرام اور جائز و ناجائز کے مکلّف نہیں ہیں اسلئے اُن کے حقوق بھی سب سے کم ہیں چنانچہ انسان کو ان کے معاملہ میں وسیع آزادی عطا کی گئی ہے کہ وہ ان سے چند معمولی سی پابندیوں کیساتھ جس طرح چاہے نفع اُٹھا سکتا ہے۔ چنانچہ بعض حیوانات کو وہ کاٹ کر کھاتا ہے بعض پر سواری کرتا ہے، بعض مخلوقات کو پامال کرتا ہے مگر اسے ان مخلوقات کی حق تلفی نہیں سمجھا جاتا۔ اسلئے کہ ان مخلوقات پر چونکہ فرائض کم ہیں اسلئے اُن کے حقوق بھی بہت کم ہیں۔ پھر کائنات میں سب سے زیادہ فرائض انسان اور جنّات پر عائد کئے گئے ہیں کہ وہ اپنے ہر قول و فعل اور ہر نقل و حرکت میں اللہ تعالیٰ کے سامنے جوابدہ ہیں اور اگر اپنی ذمّہ داریاں پوری نہ کریں تو آخرت کے عذاب کے مستحق ہیں اسلئے اللہ تعالیٰ نے انسان اور جنّات کو حقوق بھی دوسری مخلوقات کے مقابلہ میں کہیں زیادہ عطا کئے ہیں۔ پھر انسانوں میں بھی یہ لحاظ ہے کہ جس کی ذمّہ داری اور فرائض دوسروں سے زیادہ ہیں، اسکے حقوق بھی زائد ہیں۔ انسانوں میں سب سے زیادہ ذمہ داری انبیاءؑ علیہم السلام پر ہوتی ہے، چنانچہ ان کو بہت سے حقوق بھی دوسروں سے زائد عطا کئے گئے ہیں۔

نظامِ معیشت میں بھی اللہ تعالیٰ نے یہی رعایت رکھی ہے کہ ہر شخص کو اتنے معاشی حقوق دیئے جائیں جتنے فرائض کی ذمہ داری وہ اپنے سر لے، اور ظاہر ہے کہ فرائض میں یکسانیت کا پیدا ہونا بالکل ناممکن اور ان میں تفاوت ناگزیر ہے۔ ایسا ہرگز نہیں ہوسکتا کہ ہر شخص کے معاشی وظائف و فرائض دوسروں سے بالکل مساوی ہوں اسلئے کہ معاشی وظائف و فرائض انسانوں کی فطری صلاحیتوں پر موقوف ہیں جنمیں جسمانی طاقت، صحت، دماغی قُویٰ اور عمر، ذہنی معیار، چستی اور پھرتی جیسی چیزیں داخل ہیں اور یہ بات ہر شخص کھلی آنکھوں دیکھ سکتا ہے کہ ان اوصاف کے اعتبار سے انسانوں میں یکسانیت اور مساوات پیدا کرنا بڑی سے بڑی ترقی یافتہ اشتراکی حکومت کے بس میں بھی نہیں، جب انسانوں کی صلاحیتوں میں تفاوت ناگزیر ہے تو ان کے فرائض میں بھی لازماً تفاوت ہوگا اور معاشی حقوق چونکہ انہی فرائض پر موقوف ہیں اسلئے معاشی حقوق یعنی آمدنی میں بھی تفاوت ناگزیر ہے کیونکہ اگر سب کی آمدنی بالکل مساوی کردی جائے اور فرائض میں تفاوت رہے تو اس سے کبھی عدل و انصاف قائم نہیں ہوسکتا۔ اسلئے کہ اس صورت میں بعض لوگوں کی آمدنی ان کے فرائض سے زیادہ اور بعض کی ان کے فرائض سے کم ہوجائے گی جو صریح ناانصافی ہے۔ اس سے واضح ہوگیا کہ آمدنی میں مکمل مساوات

کسی بھی دَور میں قرینِ انصاف نہیں ہوسکتی لہذا اشتراکیت اپنی ترقی کے انتہائی دَور[1] (مکمل کمیونزم) میں بھی جس مساوات کا دعویٰ کرتی ہے وہ کسی بھی حال میں نہ قابلِ عمل ہے اور نہ قرینِ عدل و انصاف۔ البتہ یہ طے کرنا کہ کس کے فرائض زیادہ اور کس کے کم ہیں، اور ان کی مناسبت سے اسے کتنے حقوق ملنے چاہئیں ایک انتہائی نازک اور مشکل کام ہے اور انسان کے پاس کوئی ایسا پیمانہ نہیں ہے جس سے وہ اسبات کا ٹھیک ٹھیک تعین کرسکے۔ بعض اوقات یہ محسوس ہوتا ہے کہ ایک ماہر اور تجربہ کار انجینئر نے ایک گھنٹہ میں اتنی آمدنی حاصل کرلی ہے جو ایک غیر ہنرمند مزدور نے دن بھر منوں مٹی ڈھوکر بھی حاصل نہیں کی، لیکن اگر انصاف سے دیکھا جائے تو قطع نظر اس سے کہ مزدور کی دن بھر کی آزاد محنت ذمہ داری کے اُس بوجھ کے برابر نہیں ہوسکتی جو انجینئر نے اُٹھا رکھا ہے۔ انجینئر کی یہ آمدنی صرف اُس ایک گھنٹے کی محنت کا صلہ نہیں بلکہ اسمیں سالہا سال کی اس دماغ سوزی عرق ریزی اور جانفشانی کے صلے کا ایک حصّہ بھی شامل ہے جو اُسنے انجینئرنگ کی تعلیم و تربیت اور پھر اسمیں تجربہ و مہارت حاصل کرنے میں برداشت کی ہے۔ اشتراکیت نے اپنے ابتدائی دَور میں آمدنی کے اس تفاوت کو تسلیم تو کرلیا ہے چنانچہ تمام اشتراکی ممالک میں آبادی کے مختلف طبقات کے درمیان تنخواہوں کا زبردست تفاوت پایا جاتا ہے لیکن ٹھوکر یہاں کھائی ہے کہ تمام وسائلِ پیداوار کو حکومت کی تحویل میں دیکر وسائل کے لئے فرائض کا تعیّن اور پھر ان کی مناسبت سے ان پر آمدنی کی تقسیم بھی تمامتر حکومت ہی کے حوالہ کردی ہے۔ حالانکہ جیسا اوپر عرض کیا گیا فرائض اور حقوق کے درمیان تناسب باقی رکھنے کے لئے انسان کے پاس کوئی پیمانہ نہیں ہے چنانچہ اشتراکیت کے طریقِ کار کے تحت ملک بھر کے انسانوں کی روزی کا تعیّن حکومت کے چند کارندوں کے ہاتھ میں آگیا ہے اور اُنھیں یہ اختیار مل گیا ہے کہ جس شخص کو جتنا چاہیں دیں، جتنا چاہیں روک لیں۔ اوّل تو اسمیں بددیانتیوں اور اقربانوازیوں کو ایک بڑا میدان مِل جاتا ہے جس کے سہارے افسرشاہی پھلتی پھُولتی ہے، دوسرے اگر حکومت کے تمام کارندوں کو فرشتہ بھی تصوّر کرلیا جائے اور وہ فی الواقعہ یہی چاہیں کہ ملک میں آمدنی کی تقسیم حق و انصاف کی بنیاد پر ہو تو ان کے پاس آخر وہ کونسا پیمانہ ہے جس سے وہ یہ فیصلہ کرسکیں کہ ایک انجینئر اور ایک مزدور کے فرائض میں کتنا تفاوت ہے اور اس کی نسبت سے ان کی آمدنیوں میں کتنا تفاوت قرینِ انصاف ہے۔

واقعہ یہ ہے کہ اس بات کا ٹھیک ٹھیک فیصلہ انسانی عقل کے ادراک سے قطعی ماوراء ہے اسی لئے اسے قدرت نے اپنے ہاتھ میں رکھا ہے۔ آیت زیر بحث وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ

---

[1] اشتراکیت کا کہنا یہ ہے کہ فی الحال تو آمدنی کی مکمل مساوات ممکن نہیں لیکن اگر اشتراکیت کے ابتدائی اصولوں پر عمل کیا جاتا رہے تو ایک وقت ایسا آجائیگا جب آمدنی میں مکمل مساوات یا املاک میں مکمل اشتراک پیدا ہوجائیگا اور یہ مکمل کمیونزم کا دَور ہوگا۔

میں اللہ تعالیٰ نے اسی طرف اشارہ فرمایا ہے کہ اس تفاوت کا تعین ہم نے انسانوں کے حوالہ کرنے کے بجائے اپنے ہاتھ میں رکھا ہے اور اپنے ہاتھ میں رکھنے کا مطلب یہاں بھی یہی ہے کہ دُنیا میں ہر شخص کی ضروریات دوسرے کے ساتھ وابستہ کر کے نظام ایسا بنا دیا ہے کہ ہر شخص اپنی حاجت پُوری کرنے کے لئے دوسرے کو اتنا دینے پر مجبور ہے جتنے کا وہ مستحق ہے۔ یہاں بھی باہمی احتیاج پر مبنی طلب و رسد کا نظام ہر شخص کی آمدنی کا تعین کرتا ہے، یعنی ہر شخص اس بات کا فیصلہ خود کرتا ہے کہ جتنے فرائض میں نے اپنے ذمّہ لئے ہیں ان کا کتنا معاوضہ میرے لئے کافی ہے اس سے کم ملے تو یہ کام کرنے پر راضی نہ ہو اور یہ زیادہ مانگنے لگے تو کام لینے والا اس سے کام نہ لے۔ لِيَتَّخِذَ بَعْضُهُم بَعْضًا سُخْرِيًّا کا یہی مطلب ہے کہ ہم نے آمدنی میں تفاوت اس لئے رکھا ہے تاکہ ایک شخص دوسرے سے کام لے سکے ورنہ سب کی آمدنی برابر ہوتی تو کوئی کسی کے کام نہ آتا۔

ہاں البتہ بعض غیر معمولی حالات میں بڑے بڑے سرمایہ دار طلب و رسد کے اس قدرتی نظام سے ناجائز فائدہ اُٹھا کر غریبوں کو اس بات پر مجبور کر سکتے ہیں کہ وہ اپنے حقیقی استحقاق سے کم اُجرت پر کام کریں۔ اسلام نے اوّل تو حلال و حرام اور جائز و ناجائز کے وسیع احکام کے ذریعہ نیز اخلاقی ہدایات اور تصوّرِ آخرت کے ذریعہ ایسی صورتِ حال کو پیدا ہونے سے روکا ہے، اور اگر کبھی کسی مقام پر یہ صُورت پیدا ہو جائے تو اسلامی حکومت کو یہ اختیار دیدیا ہے کہ ان غیر معمولی حالات کی حد تک وہ اُجرتوں کا تعین کر سکتی ہے لیکن ظاہر ہے کہ یہ صرف غیر معمولی حالات کے لئے ہے اسلئے اس مقصد کے لئے تمام وسائلِ پیداوار کو حکومت کے حوالہ کر دینے کی کوئی ضرورت نہیں کیونکہ اسکے نقصانات فوائد سے کہیں زیادہ ہیں۔

اسلامی مساوات کا مطلب مذکورہ بالا اشارات سے یہ بات اچھی طرح واضح ہو جاتی ہے کہ آمدنی میں مکمل مساوات نہ عدل و انصاف کا تقاضا ہے، نہ عملاً کہیں قائم ہوئی ہے نہ ہو سکتی ہے، اور نہ یہ اسلام کو مطلوب ہے۔ البتہ اسلام نے جس مُساوات کو قائم کیا ہے وہ قانون، معاشرت اور ادائے حقوق کی مساوات ہے۔ اسکا مطلب یہ ہے کہ مذکورہ بالا قدرتی طریق کار کے تحت جس شخص کے جتنے حقوق متعیّن ہو جائیں انھیں حاصل کرنے کے قانونی، تمدنی اور معاشرتی حق میں سب برابر ہیں اس بات کے کوئی معنیٰ نہیں ہیں کہ ایک امیر یا صاحبِ جاہ و منصب انسان اپنا حق عزت کیساتھ بآسانی حاصل کر لے اور غریب کو اپنے حقوق حاصل کرنے کے لئے دربدر کی ٹھوکریں کھانی پڑیں اور ذلیل و حقیر ہونا پڑے۔ قانون امیر کے حقوق کی حفاظت کرے اور غریب کو بے یار و مددگار چھوڑ دے، اسی کو حضرت ابو صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنے ایک خطبہ میں ارشاد فرمایا تھا:

واللہ ما عندی اقویٰ من الضّعیف حتّٰی اخذ الحق لہ ولا عندی اضعف من

القویّ حتّی اٰخذ الحقّ منہٗ "خدا کی قسم میرے نزدیک ایک کمزور آدمی سے زیادہ قوی کوئی نہیں تاوقتیکہ میں اسکا حق اسے دلوادوں اور میرے نزدیک ایک قوی آدمی سے زیادہ کمزور کوئی نہیں، جبتک کہ میں اس سے (کمزور کا) حق وصول نہ کرلوں"

اسی طرح ٹھیٹھ معاشی نقطۂ نظر سے اسلامی مساوات کا مطلب یہ ہے کہ اسلام کی نظر میں ہر شخص کو کمائی کے یکساں مواقع حاصل ہیں اور اسلام اس بات کو گوارہ نہیں کرتا کہ چند بڑے بڑے دولتمند مال و دولت کے دہانوں پر قابض ہوکر اپنی اجارہ داریاں قائم کرلیں اور چھوٹے تاجروں کے لئے بازار میں بیٹھنا دُوبھر بنادیں۔ چنانچہ سود، سٹہ، قمار، ذخیرہ اندوزی اور اجارہ دارانہ تجارتی معاہدوں کو ممنوع قرار دیکر، نیز زکوٰۃ، عشر، خراج، نفقات، صدقات اور دوسرے واجبات عائد کرکے ایسا ماحول پیدا کردیا گیا ہے جس میں ہر انسان اپنی ذاتی صلاحیت، محنت اور سرمایہ کے تناسب سے کمائی کے مناسب مواقع حاصل کرسکتا ہے اور اس سے ایک خوشحال معاشرے کی تعمیر ہوسکتی ہے۔ اسکے باوجود آمدنی کا جو تفاوت باقی رہے وہ درحقیقت ناگزیر ہے اور جس طرح انسانوں کے درمیان حسن وجمال، قوت وصحت، عقل وذہانت اور آل واولاد کے تفاوت کو مٹانا ممکن نہیں، اسی طرح اس تفاوت کو بھی مٹایا نہیں جاسکتا۔

وَلَوْلَآ اَنْ يَّكُوْنَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً لَّجَعَلْنَا لِمَنْ يَّكْفُرُ بِالرَّحْمٰنِ

اور اگر یہ بات نہ ہوتی کہ سب لوگ ہوجائیں ایک دین پر تو ہم دیتے اُن لوگوں کو جو منکر ہیں رحمٰن سے

لِبُيُوْتِهِمْ سُقُفًا مِّنْ فِضَّةٍ وَّمَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَلِبُيُوْتِهِمْ

اُن کے گھروں کے واسطے چھت چاندی کی اور سیڑھیاں جن پر چڑھیں اور اُن کے گھروں کے

اَبْوَابًا وَّسُرُرًا عَلَيْهَا يَتَّكِـُٔوْنَ ﴿۳۴﴾ وَزُخْرُفًا ۭ وَاِنْ كُلُّ ذٰلِكَ لَمَّا

واسطے دروازے اور تخت جن پر تکیہ لگاکر بیٹھیں اور سونے کے اور یہ سب کچھ نہیں ہے مگر

مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَالْاٰخِرَةُ عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۵﴾ ع ۳ ۹

برتنا دُنیا کی زندگی کا، اور آخرت تیرے رب کے یہاں اُنہی کے لئے ہے جو ڈرتے ہیں

خُلاصۂ تفسیر

(اور یہ کافر لوگ مال و دولت کی زیادتی کو نبوّت کی صلاحیت کی شرط سمجھتے ہیں حالانکہ نبوّت ایک عظیم الشان چیز ہے اس لئے اس کی صلاحیت کی شرط بھی عظیم الشان ہونی چاہیئے) اور (دُنیا کی دولت و جاہ ہمارے نزدیک اسقدر حقیر ہے کہ) اگر یہ بات (متوقع) نہ ہوتی کہ (قریب

قریب) تمام آدمی ایک ہی طریقہ کے ہوجاویں گے (یعنی کافر ہوجائیں گے) تو جو لوگ خدا کیساتھ کفر کرتے ہیں (اور خدا کے نزدیک سخت مبغوض ہیں) ہم اُن (سب) کے لئے ان کے گھروں کی چھتیں چاندی کی کردیتے اور زینے بھی (چاندی کے کردیتے) جن پر چڑھا (اُترا) کرتے اور اُن کے گھروں کے کواڑ بھی (چاندی کے کردیتے) اور تخت بھی (چاندی کے کردیتے) جن پر تکیہ لگاکر بیٹھتے ہیں اور (یہی چیزیں) سونے کی بھی (کردیتے، یعنی کچھ چاندی کی کچھ سونے کی۔ مگر یہ سامان سب کفار کو اس لئے نہیں دیا کہ اکثر انسانوں کی طبیعت میں مال ومتاع کی حرص غالب ہے اور اس مفروضہ صورت میں کُفر اس مال ومتاع کے حصول کا یقینی سبب بن جاتا، پس چند تھوڑے سے آدمیوں کو چھوڑ کر قریب قریب سبھی کفر اختیار کرلیتے، اس لئے ہمنے تمام کافروں کو مال ودولت کی یہ وسعت نہیں دی، ورنہ اگر یہ مصلحت نہوتی تو ہم ایسا ہی کرتے اور ظاہر ہے کہ دشمن کو قدر و وسعت کی چیز نہیں دیا کرتے۔ اس سے معلوم ہوا کہ دُنیوی مال ومتاع حقیقت میں کوئی عظیم الشان چیز نہیں، پس وہ نبوّت جیسے منصبِ عظیم کے لئے صلاحیت کی شرط بھی نہیں ہوسکتی سکے بجائے نبوّت کی شرط وہ اعلیٰ درجہ کے ملکات ہیں جو اللہ کیطرف سے انبیاء کو عطا ہوتے ہیں اور یہ ملکات محمد صلے اللہ علیہ وسلم میں پوری طرح جمع ہیں، پس نبوّت ان ہی کے لئے زیبا تھی نہ کہ مکّہ اور طائف کے رئیسوں کے لئے) اور (حقارتِ دُنیا کی ایک بالکل ظاہر وجہ بیان فرماتے ہیں کہ) یہ سب (سازو سامان جسکا اوپر ذکر ہوا) کچھ بھی نہیں، صرف دُنیوی زندگی کی چند روزہ کامرانی ہے (پھر فنا، آخر فنا) اور آخرت (جو ابدی ہے اور اس لئے اس سے بہتر ہے وہ) آپکے پروردگار کے ہاں خدا ترسوں کے لئے ہے۔

معارف و مسائل

مال و دولت کی زیادتی فضیلت کا سبب نہیں ہے کفار نے جو یہ کہا تھا کہ مکّہ اور طائف کے کسی بڑے مالدار کو نبی کیوں نہ بنادیا گیا؟ ان آیات میں اسکا دوسرا جواب دیا گیا ہے اور اسکا خلاصہ یہ ہے کہ بیشک نبوّت کے لئے کچھ شرائطِ صلاحیت کا پایا جانا ضروری ہے لیکن مال و دولت کی زیادتی کی بناء پر کسی کو نبوّت نہیں دیجاسکتی، کیونکہ مال و دولت ہماری نگاہ میں اتنی حقیر چیز ہے کہ اگر تمام لوگوں کے کافر بنجانیکا اندیشہ نہوتا تو ہم سب کافروں پر سونے چاندی کی بارش کردیتے اور صحیح ترمذی کی ایک حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے لوکانت الدّنیا تعدل عند اللہ جناح بعوضۃ ماسقی کافرًا منھا شربۃ ماء (یعنی اگر دُنیا اللہ کے نزدیک مچھر کے ایک پر کے برابر بھی درجہ رکھتی تو اللہ تعالیٰ کسی کافر کو اس سے پانی کا ایک گھونٹ بھی نہ دیتا) اس سے معلوم ہوا کہ نہ مال و دولت کی زیادتی کوئی فضیلت کی چیز ہے نہ اس کی کمی انسان کے کم رُتبہ ہونے کی علامت ہے۔ البتہ نبوّت کے لئے کچھ اعلیٰ درجہ کے اوصاف ضروری ہیں وہ سرکارِ دوعالم صلے اللہ علیہ وسلم میں بدرجہ اتم پائے جاتے ہیں، اسلئے یہ اعتراض بالکل لغو اور باطل ہے۔

اور مذکورہ آیات میں یہ جو کہا گیا ہے کہ اگر کافروں پر مال و دولت کی اتنی فراوانی کر دی جاتی تو سب لوگ کافر ہو جاتے، اسمیں مراد لوگوں کی بھاری اکثریت ہے ورنہ اللہ کے کچھ نیک بندے آج بھی ایسے موجود ہیں جو یہ یقین رکھتے ہیں کہ کفر اختیار کر کے وہ مال و دولت سے نہال ہو سکتے ہیں، لیکن وہ مال و دولت کی خاطر کفر کو اختیار نہیں کرتے ایسے کچھ لوگ شاید اُسوقت بھی ایمان پر قائم رہ جاتے لیکن اُن کی تعداد آٹے میں نمک کے برابر ہوتی۔

وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ ﴿۳۶﴾

اور جو کوئی آنکھیں چُرائے رحمٰن کی یاد سے ہم اس پر مقرر کر دیں ایک شیطان پھر وہ رہے اسکا ساتھی

وَاِنَّهُمْ لَيَصُدُّوْنَهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۳۷﴾

اور وہ اُن کو روکتے رہتے ہیں راہ سے اور یہ سمجھتے ہیں کہ ہم راہ پر ہیں

حَتّٰۤى اِذَا جَآءَنَا قَالَ يٰلَيْتَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ

یہانتک کہ جب آئے ہمارے پاس کہے کسی طرح مجھ میں اور تجھ میں فرق ہو مشرق مغرب کا سا

فَبِئْسَ الْقَرِيْنُ ﴿۳۸﴾ وَلَنْ يَّنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ اِذْ ظَّلَمْتُمْ اَنَّكُمْ

کہ کیا بُرا ساتھی ہے اور کچھ فائدہ نہیں تم کو آج کے دن جبکہ تم ظالم ٹھہر چکے اس بات سے

فِى الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ﴿۳۹﴾ اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ اَوْ تَهْدِى

کہ تم عذاب میں شامل ہو سو کیا تو سُنائے گا بہروں کو یا سمجھائے گا

الْعُمْىَ وَمَنْ كَانَ فِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۰﴾ فَاِمَّا نَذْهَبَنَّ بِكَ

اندھوں کو اور صریح غلطی میں بھٹکتوں کو پھر اگر کبھی ہم تجھ کو یہاں سے

فَاِنَّا مِنْهُمْ مُّنْتَقِمُوْنَ ﴿۴۱﴾ اَوْ نُرِيَنَّكَ الَّذِىْ وَعَدْنٰهُمْ فَاِنَّا

لے جائیں تو ہم کو اُن سے بدلہ لینا ہے یا تجھ کو دکھا دیں جو اُن سے وعدہ ٹھہرایا ہے تو یہ

عَلَيْهِمْ مُّقْتَدِرُوْنَ ﴿۴۲﴾ فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِىْۤ اُوْحِىَ اِلَيْكَ ۚ

ہمارے بس میں ہیں سو تو مضبوط پکڑے رہ اُسی کو جو تجھ کو حکم پہنچا

اِنَّكَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۴۳﴾ وَاِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ وَلِقَوْمِكَ ۚ وَسَوْفَ

تو ہے بیشک سیدھی راہ پر اور یہ مذکور رہے گا تیرا اور تیری قوم کا اور آگے تم سے

تُسْـَٔلُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَسْـَٔلْ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رُّسُلِنَاۤ اَجَعَلْنَا

پوچھ ہوگی اور پوچھ دیکھ جو رسول بھیجے ہم نے تجھ سے پہلے کبھی ہم نے رکھے ہیں

مِنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ اٰلِهَةً يُّعْبَدُوْنَ ﴿۴۵﴾ ع ۱۰

رحمٰن کے سوائے اور حاکم کہ پُوجے جائیں

خُلاصۂ تفسیر

اور جو شخص اللہ کی نصیحت (یعنی قرآن اور وحی) سے (جان بُوجھ کر) اندھا بنجاوے (جیسے یہ کفّار ہیں کہ کافی شافی دلائل کے ہوتے ہوئے تجاہل سے کام لیتے ہیں) ہم اُس پر ایک شیطان مسلّط کر دیتے ہیں، سو وہ (ہر وقت) اس کے ساتھ رہتا ہے اور وہ (ساتھ رہنے والے شیاطین) ان (قرآن سے اعراض کرنیوالوں) کو (برابر) راہِ (حق) سے روکتے رہتے ہیں (اور تسلط کا یہی اثر ہے) اور یہ لوگ (باوجود راہِ حق سے دُور ہونے کے) یہ خیال کرتے ہیں کہ وہ (یعنی ہم) راہ (راست) پر ہیں (سو جس کی گمراہی کی یہ صورت اور یہ حالت ہو اسکے راہ پر آنے کی کیا اُمید ہے۔ سو غم کیوں کیا جائے اور یہ بھی تسلّی رکھے کہ ان کا یہ تغافل جلدی ہی ختم ہو گا اور جلدی ہی ان کو اپنی غلطی ظاہر ہو جائے گی کیونکہ یہ تغافل صرف دُنیا ہی دُنیا تک ہے) یہانتک کہ جب ایسا شخص ہمارے پاس آویگا (اور اس کی غلطی ظاہر ہو گی) تو (اُس شیطانِ قرین سے) کہے گا کہ کاش میرے اور تیرے درمیان میں (دُنیا میں) مشرق و مغرب کے برابر فاصلہ ہوتا (کیوں) کہ (تُو تو) بُرا ساتھی تھا (کہ تو نے مجھ کو گمراہ کیا، مگر یہ حسرت اُسوقت کام نہ آئے گی) اور (نیز اُن سے کہا جائیگا کہ) جبکہ تم (دُنیا میں) کفر کر چکے تھے تو (جس طرح آج حسرت تمہارے کام نہیں آئی اُسی طرح) آج یہ بات (بھی) تمہارے کام نہ آویگی کہ تم (اور شیاطین) سب عذاب میں شریک ہو (جیسے دُنیا میں بعض اوقات دوسرے کو شریکِ مصیبت دیکھ کر ایک گونہ تسلّی ہو جاتی ہے وہاں چونکہ عذاب بہت زیادہ شدید ہو گا اسلئے دوسرے کیطرف التفات بھی نہ ہو گا، ہر شخص اپنے حال میں مبتلا ہو گا اور اپنے ہی کو سب سے زیادہ مبتلا سمجھے گا) سو (آپ کو جب اُنکی یہ حالت معلوم ہو گئی کہ اُنکی ہدایت کی کوئی اُمید نہیں تو) کیا آپ (ایسے) بہروں کو سُنا سکتے ہیں یا (ایسے) اندھوں کو اور اُن لوگوں کو جو کہ صریح گمراہی میں (مبتلا) ہیں راہ پر لا سکتے ہیں (یعنی اُنکی ہدایت آپکے اختیار سے خارج ہے آپ درپے نہوں) پھر (اُنکی یہ سرکشی خالی جانے والی نہیں، بلکہ اسپر ضرور سزا مرتب ہونیوالی ہے خواہ آپکی حیات میں ہو خواہ آپکی وفات کے بعد ہو، پس) اگر ہم (دُنیا سے) آپ کو اُٹھا لیں تو بھی ہم ان (کافروں) سے بدلہ لینے والے ہیں یا اگر ان سے جو ہمنے عذاب کا وعدہ کر رکھا ہے وہ (آپ کی حیات میں ان پر نازل کر کے) آپ کو (بھی) دکھلا دیں تب بھی (کچھ بعید نہیں کیونکہ) ہم کو ان پر ہر طرح کی قدرت ہے (مطلب یہ کہ عذاب ضرور ہو گا خواہ کب ہی ہو اور جب یہ بات ہے) تو آپ (تسلّی رکھئے اور اطمینان سے) اُس قرآن پر قائم رہئے جو آپ پر وحی کے ذریعہ سے نازل کیا گیا ہے (کیونکہ) آپ بیشک سیدھے رستہ پر ہیں (مطلب یہ کہ اپنا کام کئے جائیے اور دوسروں کے کام کا غم نہ کیجئے) اور یہ قرآن (جس پر قائم رہنے کو ہم کہتے ہیں) آپ کے لئے اور آپ کی قوم کے لئے بڑے شرف کی چیز ہے (آپ کے لئے تو اس لئے کہ آپ بلا واسطہ مخاطب ہیں اور قوم کے لئے اسواسطے کہ وہ بالواسطہ مخاطب ہیں، عام بادشاہوں سے ہمکلامی بڑا شرف سمجھی جاتی ہے چہ جائیکہ ملک الملوک کا مخاطب

بننا، اور عنقریب (قیامت کے دن) تم سب (اپنے اپنے ذمہ کے واجب حقوق سے) پُوچھے جاؤ گے، (پس آپ سے صرف تبلیغ کے متعلق سوال ہوگا جس کو آپ خوب ادا کر چکے ہیں اور عمل کے متعلق اُن سے سوال ہوگا، پس جب آپ سے ان کے اعمال کے بارے میں باز پُرس نہ ہوگی تو آپ غم کیوں کرتے ہیں) اور (ہمنے جو آپ پر نازل ہونے والی وحی کو حق قرار دیا ہے اس میں کفار کو سب سے بڑا اعتراض عقیدۂ توحید پر ہے جس کے حق ہونے میں ان کو بڑا کلام ہے، سو درحقیقت وہ ایسا امرِ حق ہے کہ اس پر تمام انبیاء علیہم السلام کا اجماع ہے اور چونکہ انبیاء عقلی و نقلی دلائل کے جامع ہیں اسلئے گویا اُس پر ہزاروں عقلی و نقلی دلائل قائم ہیں، چنانچہ اگر آپ کا جی چاہے تو) آپ اُن سب پیغمبروں سے جن کو ہمنے آپ سے پہلے بھیجا ہے پوچھ لیجئے (یعنی اُن کی کتابوں اور صحیفوں سے جنکا کچھ بقیہ موجود ہے، تحقیق کر لیجئے) کہ کیا ہم نے خدائے رحمان کے سوا (کبھی بھی) دوسرے معبود ٹھہرا دیئے تھے کہ ان کی عبادت کیجاوے (اس سے دوسروں کو سُنانا منظور ہے کہ جس کا جی چاہے تحقیق کر لے اور کتابوں میں دیکھنے کو رسُولوں سے پُوچھنا مجازاً کہدیا)

معارف و مسائل

یادِ خدا سے اعراض بُری صحبت کا سبب ہے وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ الخ مطلب یہ ہے کہ جو شخص اللہ کی نصیحت یعنی قرآن اور وحی سے جان بوجھ کر اعراض کرے تو ہم اس پر ایک شیطان مسلّط کر دیتے ہیں جو دُنیا میں بھی اسکے ساتھ لگا رہتا ہے اور اسے نیکیوں سے روک کر بُرائیوں پر اُبھارتا رہتا ہے اور آخرت میں بھی جب یہ شخص قبر سے اُٹھے گا تو یہ شیطان اس کے ساتھ ساتھ ہوگا یہانتک کہ دونوں جہنّم میں داخل ہو جائیں (قرطبی) اس سے معلوم ہوا کہ اللہ کی یاد سے اعراض کی اتنی سزا دُنیا ہی میں مِل جاتی ہے کہ انسان کی صحبت خراب ہو جاتی ہے اور شیاطین، خواہ انسانوں میں سے ہوں یا جنّات میں سے، اس کو بھلائیوں سے دُور اور برائیوں سے قریب کرتے رہتے ہیں وہ کام سارے گمراہی کے کرتا ہے مگر سمجھتا یہ ہے کہ بہت اچھا کر رہا ہے (قرطبی) اور یہاں جس شیطان کو مسلّط کرنے کا ذکر ہے وہ اس شیطان کے علاوہ ہے جو ہر مؤمن و کافر کے ساتھ لگایا گیا ہے کیونکہ وہ مومن سے خاص اوقات میں ہٹ بھی جاتا ہے اور یہ ہمیشہ ساتھ لگا رہے گا (بیان القرآن)

وَلَنْ يَّنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ الخ اس آیت کی دو تفسیریں ہو سکتی ہیں، ایک یہ کہ جب تمھارا کفر و شرک ثابت ہو چکا ہے تو آخرت میں تمھاری یہ تمنا کچھ کام نہ آئے گی کہ کاش، یہ شیطان مجھ سے دُور ہوتا کیونکہ اسوقت تم سب عذاب میں شریک ہوگے اس صورت میں اِنَّكُمْ فِي الْعَذَابِ الخ لانکم کے معنیٰ میں ہوگا اور ینفع کی ضمیر فاعل مقولۂ یٰلَيْتَ بَيْنِيْ الخ کی طرف راجع ہوگی۔

اور دوسری تفسیر یہ ممکن ہے کہ وہاں پہنچنے کے بعد تمھارا اور شیاطین کا عذاب میں مشترک

ہونا تمھارے لیے چنداں فائدہ مند نہیں ہوگا۔ دُنیا میں بیشک ایسا ہوتا ہے کہ ایک مصیبت میں چند آدمی شریک ہو جائیں تو ہر ایک کا غم ہلکا ہو جاتا ہے لیکن وہاں چونکہ ہر ایک کو اپنی اپنی پڑی ہوگی اور کوئی کسی کا دُکھ نہیں بٹا سکے گا اسلئے اس اشتراک سے کوئی فائدہ نہیں پہنچے گا، اس صورتمیں انکم الخ ینفع کا فاعل ہوگا۔

نیک شہرت بھی دین میں پسندیدہ ہے وَاِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ وَلِقَوْمِكَ (اور یہ قرآن آپ کے لئے اور آپ کی قوم کے لئے بڑے شرف کی چیز ہے) "ذِکر" سے یہاں مراد نیک ناموری ہے۔ اور مطلب یہ ہے کہ قرآن کریم آپؐ کے اور آپؐ کی قوم کے لئے شرفِ عظیم اور نیک شہرت کا باعث ہے۔ امام رازیؒ فرماتے ہیں کہ اس آیت سے یہ معلوم ہوا کہ نیک شہرت ایک قابلِ رغبت چیز ہے، اسی لئے اللہ تعالیٰ نے یہاں اسکو ایک احسان کے طور پر ذکر فرمایا ہے اور اسی لئے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے یہ دُعا فرمائی تھی کہ وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ (تفسیر کبیر) لیکن یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ نیک شہرت اسوقت مستحسن ہے جب وہ مقصدِ زندگی بنائے بغیر انسان کے اعمالِ صالحہ سے خود بخود حاصل ہو جائے اور اگر انسان نیکیاں صرف اسی مقصد سے کرے کہ ان سے دُنیا میں نام ہوگا تو یہ "ریا" ہے جس سے نیکیوں کا سارا فائدہ جاتا رہتا ہے اور اُلٹا گناہ لازم ہو جاتا ہے۔ اس آیت میں "آپ کی قوم" سے مراد بعض مفسرین نے صرف قبیلہ قریش کو قرار دیا ہے اور اس سے قریش کی فضیلت ثابت کی ہے لیکن علامہ قرطبیؒ فرماتے ہیں کہ صحیح یہ ہے کہ اس سے مراد آپؐ کی پوری اُمّت ہے خواہ کسی رنگ و نسل سے تعلق رکھتی ہو۔ قرآن کریم اُن سب کے لئے عظمت و شرف اور نیک ناموری کا باعث ہے (قرطبی)

وَسْـَٔلْ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رُّسُلِنَآ ، (آپ ان سب پیغمبروں سے جن کو ہمنے آپ سے پہلے بھیجا ہے پوچھ لیجئے) یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ پچھلے انبیاء علیہم السلام تو وفات پا چکے، اُن سے پُوچھنے کا حکم کیسے دیا جا رہا ہے؟ اسکا جواب بعض مفسرین نے تو یہ دیا ہے کہ آیت کا مطلب یہ ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ کسی معجزہ کے طور پر سابقہ انبیاء علیہم السلام سے آپ کی ملاقات کرادے تو اُسوقت اُن سے یہ بات پُوچھ لیجئے چنانچہ شبِ معراج میں آپؐ کی ملاقات تمام انبیاء سے ہوئی اور علامہ قرطبیؒ نے بعض روایات نقل کی ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ آپؐ نے انبیاء علیہم السلام کی امامت کرنیکے بعد اُن سے یہی بات پُوچھی تھی لیکن ان روایات کی سند ہمیں معلوم نہیں ہو سکی چنانچہ اکثر مفسرین نے آیت کا مطلب یہ بتایا ہے کہ خود انبیاء علیہم السلام سے پُوچھنا مراد نہیں بلکہ اُن پر نازل ہونیوالوں صحیفوں سے تحقیق کرنا اور اُن کی اُمّتوں کے علماء سے پوچھنا مراد ہے۔ چنانچہ انبیاء بنی اسرائیل کے جو صحیفے اب موجود ہیں ان میں بہت سی تحریفات کے باوجود توحید کی تعلیم اور شرک سے بیزاری کی تعلیم آجتک شامل ہے مثال کے طور پر موجودہ بائبل کی درج ذیل عبارتیں ملاحظہ فرمائیے۔

انبیاء کے صحیفوں میں توحید کی تعلیم موجودہ تورات میں ہے :-

"تاکہ تو جانے کہ خداوند ہی خدا ہے اور اسکے سوا کوئی ہے ہی نہیں" (استثناء ۴: ۳۵)

اور، "سُن اے اسرائیل ! خداوند ہمارا خدا ایک ہی خدا ہے" (استثناء ۶: ۴)

اور حضرت اشعیا علیہ السّلام کے صحیفہ میں ہے :-

"میں ہی خداوند ہوں اور کوئی نہیں، میرے سوا کوئی خدا نہیں، تاکہ مشرق سے مغرب تک لوگ جان لیں کہ میرے سوا کوئی نہیں، میں ہی خداوند ہوں، میرے سوا کوئی دوسرا نہیں" (یسعیاہ ۴۵: ۵، ۶)

اور حضرت مسیح علیہ السّلام کا یہ قول موجودہ انجیلوں میں مذکور ہے :-

"اے اسرائیل، سُن ! خداوند ہمارا خدا ایک ہی خداوند ہے، اور تو خداوند اپنے خدا سے اپنے سارے دل اور اپنی ساری جان اور اپنی پیاری عقل اور اپنی ساری طاقت سے محبت رکھ"

(مرقس ۱۲: ۲۹ و متّی ۲۲: ۳۶)

منقول ہے کہ آپ نے ایک مرتبہ مناجات کرتے ہوئے فرمایا :-

"اور ہمیشہ کی زندگی یہ ہے کہ وہ تجھ خدائے واحد اور برحق کو اور یسُوع مسیح کو جسے تو نے بھیجا ہے جانیں"

(یوحنّا ۱۷: ۳)

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَقَالَ اِنِّيْ رَسُوْلُ

اور ہم نے بھیجا موسیٰ کو اپنی نشانیاں دے کر فرعون اور اسکے سرداروں کے پاس تو کہا میں بھیجا ہوا ہوں

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۶﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِاٰيٰتِنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَضْحَكُوْنَ ﴿۴۷﴾

جہان کے رب کا پھر جب لایا اُن کے پاس ہماری نشانیاں وہ تو لگے اُن پر ہنسنے

وَمَا نُرِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ اِلَّا هِيَ اَكْبَرُ مِنْ اُخْتِهَا ۫ وَاَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ

اور جو دکھلاتے گئے ہم اُن کو نشانی سو پہلی سے بڑی اور پکڑا ہم نے اُن کو تکلیف میں

لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَقَالُوْا يٰۤاَيُّهَ السّٰحِرُ ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ

تاکہ وہ باز آئیں اور کہنے لگے اے جادوگر پکار ہمارے واسطے اپنے رب کو جیسا سکھلا

عِنْدَكَ ۚ اِنَّنَا لَمُهْتَدُوْنَ ﴿۴۹﴾ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ

رکھا ہے تجھ کو ہم ضرور راہ پر آجائیں گے پھر جب اُٹھالی ہم نے اُن پر سے تکلیف

اِذَا هُمْ يَنْكُثُوْنَ ﴿۵۰﴾ وَنَادٰى فِرْعَوْنُ فِيْ قَوْمِهٖ قَالَ يٰقَوْمِ اَلَيْسَ

تبھی وہ وعدہ توڑ ڈالتے اور پکارا فرعون نے اپنی قوم میں بولا اے میری قوم بھلا میرے

لِيْ مُلْكُ مِصْرَ وَهٰذِهِ الْاَنْهٰرُ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِيْ ۚ اَفَلَا

ہاتھ میں نہیں حکومت مصر کی اور یہ نہریں چل رہی ہیں میرے محل کے نیچے کیا تم

تُبْصِرُوْنَ ﴿۵۱﴾ اَمْ اَنَا خَيْرٌ مِّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ مَهِيْنٌ ۙ وَّلَا يَكَادُ

نہیں دیکھتے بھلا میں ہوں بہتر اس شخص سے جس کو کچھ عزت نہیں اور صاف نہیں

يُبِيْنُ ﴿۵۲﴾ فَلَوْلَآ اُلْقِيَ عَلَيْهِ اَسْوِرَةٌ مِّنْ ذَهَبٍ اَوْ جَآءَ مَعَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ

بول سکتا پھر کیوں نہ آ پڑے اس پر کنگن سونے کے یا آتے اس کے ساتھ فرشتے

مُقْتَرِنِيْنَ ﴿۵۳﴾ فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهٗ فَاَطَاعُوْهُ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا

پرا باندھ کر پھر عقل کھودی اپنی قوم کی، پھر اسی کا کہنا مانا مقرر وہ تھے لوگ

فٰسِقِيْنَ ﴿۵۴﴾ فَلَمَّآ اٰسَفُوْنَا انْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۵۵﴾

نافرمان پھر جب ہم کو غصہ دلایا تو ہم نے ان سے بدلہ لیا، پھر ڈبو دیا ان سب کو

فَجَعَلْنٰهُمْ سَلَفًا وَّمَثَلًا لِّلْاٰخِرِيْنَ ﴿۵۶﴾ ع ۵ ۱۱ ۱۱

پھر کر ڈالا ان کو گئے گزرے اور ایک نظیر پچھلوں کے واسطے

خلاصۂ تفسیر

اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو اپنے دلائل (یعنی معجزات عصا اور ید بیضا) دیکر فرعون کے اور اسکے امراء کے پاس بھیجا تھا، سو انھوں نے (ان لوگوں کے پاس آکر) فرمایا کہ میں رب العالمین کی طرف سے (تم لوگوں کی ہدایت کے لئے) پیغمبر (ہو کر آیا) ہوں (مگر فرعون و اہلِ فرعون نے نہیں مانا) پھر (ہمنے دوسرے دلائل سزاؤں کے رنگ میں ان کی نبوّت ثابت کرنے کے لئے ظاہر کئے، یعنی قحط سالیاں وغیرہ مگر ان لوگوں کی پھر بھی یہ حالت رہی کہ) جب موسیٰ (علیہ السلام) ان کے پاس ہماری (وہ) نشانیاں لیکر آئے (جو آیاتِ تسعہ کہلاتی ہیں) تو وہ یکایک ان (معجزات) پر لگے ہنسنے (کہ یہ کیا اچھے معجزے ہیں، محض معمولی واقعات و حوادث ہیں کیونکہ قحط وغیرہ ویسے بھی ہو جاتا ہے مگر یہ ان کی حماقت تھی کیونکہ دوسرے قرائن سے صاف معلوم ہو رہا تھا کہ یہ واقعات غیر معمولی ہیں اور معجزہ کے طور پر ہو رہے ہیں۔ اسی لئے انھوں نے ان پر جادو کی تہمت لگائی تھی جیسا کہ سورۂ اعراف میں لِتَسْحَرَنَا بِهَا کے الفاظ اسپر شاہد ہیں) اور (ان نشانیوں کی کیفیت یہ تھی کہ) ہم ان کو جو نشانی دکھلاتے تھے وہ دوسری نشانی سے بڑھکر ہوتی تھی (مطلب یہ کہ سب نشانیاں بڑی ہی تھیں اور یہ مطلب نہیں کہ ہر نشانی ہر نشانی سے بڑی تھی، یہ ایک محاورہ ہے جب کئی چیزوں کا کمال بیان کرنا چاہتے ہیں تو یوں ہی بولتے ہیں کہ ایک سے ایک بڑھ کر۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ واقعۃً بھی ہر آنیوالی نشانیاں پچھلی نشانی سے کچھ فضیلت رکھتی ہو) اور ہم نے (ان نشانیوں کے وقوع کرنے سے) ان لوگوں کو عذاب میں پکڑا تھا تاکہ وہ (اپنے کفر سے) باز آجاویں (یعنی وہ نشانیاں نبوّت کی دلیل بھی تھیں اور ان کے لئے سزا بھی تھیں مگر وہ لوگ باز نہ آئے، باوجودیکہ ہر نشانی کے وقوع

پر اسکا چند بار عہد بھی کیا) اور اُنھوں نے (موسیٰ علیہ السّلام سے ہر نشانی پر یہ) کہا کہ اے جادوگر (یہ لفظ حسبِ عادتِ سابقہ فرطِ بدحواسی سے اُن کے منہ سے نکل جاتا ہوگا، ورنہ ایسی عاجزانہ درخواست کے موقع پر یہ شرارت کا لفظ بولنا مستبعد معلوم ہوتا ہے، بہرحال مطلب یہ تھا کہ اے موسیٰ) ہمارے لئے اپنے رب سے اُس بات کی دُعا کر دیجئے جس کا اُس نے آپ سے عہد کر رکھا ہے (اور وہ بات ہے ہمارے باز آجانے پر قہر کا دُور کر دینا، ہم وعدہ کرتے ہیں کہ اگر آپ اس عذاب کو دُور کرا دیں تو) ہم ضرور راہ پر آجاویں گے، پھر (جب) ہمنے وہ عذاب ان سے ہٹا دیا تب ہی انھوں نے (اپنا) عہد توڑ دیا (ان نو نشانیوں کا بیان سورۂ اعراف میں آچکا ہے) اور فرعون نے (غالباً اس خیال سے کہ کہیں معجزات دیکھ کر عام لوگ مُسلمان ہو جاویں) اپنی قوم میں منادی کرائی (اور اُس منادی میں) یہ بات کہی (یعنی کہلوائی) کہ اے میری قوم کیا مصر (مع توابع) کی سلطنت میری نہیں ہے اور (دیکھو) یہ نہریں میرے (محل کے) پائیں میں بہہ رہی ہیں کیا تم (یہ چیزیں) دیکھتے نہیں ہو (اور موسیٰ علیہ السلام کے پاس کچھ بھی سامان نہیں تو بتلاؤ میں افضل اور قابلِ اتباع ہوں یا موسیٰ علیہ السّلام) بلکہ میں (ہی) افضل ہوں اس شخص سے (یعنی موسیٰ علیہ السلام سے) جو کہ (باعتبار مال و جاہ کے) کم قدر (آدمی) ہے اور قوّتِ بیانیہ بھی نہیں رکھتا (اور اگر یہ شخص اپنے آپ کو پیغمبر بتاتا ہے) تو اسکے (ہاتھوں میں) سونے کے کنگن کیوں نہیں ڈالے گئے (جیسے شاہانِ دُنیا کی عادت ہے کہ جب کسی پر خاص عنایت کرتے ہیں تو اسکو عام دربار میں سونے کے کنگن پہناتے ہیں۔ مطلب یہ کہ اگر اس شخص کو نبوّت عطا ہوتی تو خدا کیطرف سے اسکے ہاتھ میں سونے کے کنگن ہوتے) یا فرشتے اس کے جلو میں پرا باندھ کر آئے ہوتے (جیسا کہ خاص امرا شاہی کا جلوس اسی طرح نکلتا ہے) غرض اُس نے (ایسی باتیں کر کر کے) اپنی قوم کو مغلوب (العقل) کر دیا اور وہ اسکے کہنے میں آگئے، (اور) وہ لوگ (کچھ پہلے سے بھی) شرارت کے بھرے تھے (اسوجہ سے فرعون کی باتوں کا اُن پر زیادہ اثر ہوا) پھر جب اُن لوگوں نے (برابر کفر و عناد پر اصرار کر کر کے) ہم کو غصّہ دلایا تو ہم نے ان سے بدلہ لیا اور اُن سب کو ڈبو دیا اور ہم نے اُن کو آئندہ آنے والوں کے لئے خاص طور کے متقدمین اور نمونۂ (عبرت) بنا دیا (خاص طور کے متقدمین بنانیکا مطلب یہ ہے کہ لوگ اُن کا قصّہ یاد کر کے عبرت دلاتے ہیں کہ دیکھو متقدمین میں ایسے ایسے ہوئے ہیں اور اُن کا ایسا ایسا حال ہوا)۔

معارف و مسائل

حضرت موسیٰ علیہ السّلام کا واقعہ پیچھے بار بار گزر چکا ہے اور ان آیات میں اُنکے جن واقعات کی طرف اشارہ کیا گیا ہے وہ تفصیل کیساتھ سورۂ اعراف میں آئے ہیں، یہاں ان کا واقعہ یاد دلانے سے مقصد یہ ہے کہ کفارِ مکّہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوّت پر آپ کے مالدار نہ ہونے سے جو شبہ کر رہے ہیں یہ کوئی نیا شبہ

نہیں، بلکہ فرعون اور اُس کی قوم نے یہی شبہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی نبوّت پر کیا تھا۔ فرعون کا کہنا یہ تھا کہ میں ملکِ مصر کا مالک ہوں اور میرے محلات کے نیچے نہریں بہتی ہیں اسلئے میں موسیٰ علیہ السلام سے (معاذ اللہ) افضل ہوں، پھر میرے مقابلے میں اُنھیں نبوّت کیونکر مل سکتی ہے؟ لیکن جس طرح اسکا یہ شبہ اسکے کچھ کام نہ آسکا اور وہ اپنی قوم سمیت غرق ہوکر رہا، اسی طرح کفّارِ مکہ کا یہ اعتراض بھی اِنھیں دُنیا و آخرت کے وبال سے نہ بچا سکے گا۔

وَلَا يَكَادُ يُبِيْنُ (اور جو قوّتِ بیانیہ بھی نہیں رکھتا) اگرچہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دُعا سے اللہ تعالیٰ نے ان کی زبان کی لکنت دُور کردی تھی لیکن فرعون کو ان کا پہلا منظر ہی یاد تھا اس لئے اُس نے حضرت موسیٰؑ پر یہ عیب لگایا اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ یہاں "قوّتِ بیانیہ" سے مراد زبان کی روانی کے بجائے دلائل کی قوّت و وضاحت ہو اور فرعون کا مطلب یہ ہو کہ حضرت موسیٰؑ کے پاس ایسے کافی دلائل نہیں ہیں جو مجھے مطمئن کرسکیں۔ حالانکہ یہ فرعون کا نرا اتّہام تھا، ورنہ حضرت موسیٰؑ نے دلائل و براہین کے مقابلہ میں فرعون کو قطعی لاجواب کردیا تھا (تفسیر کبیر و روح المعانی)

فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهٗ، اس کے دو ترجمے ہوسکتے ہیں، ایک یہ کہ فرعون نے اپنی قوم کو آسانی سے اپنا تابع بنالیا" (طلب منهم الخفة فی مطاوعته) اور دوسرے یہ کہ "اُس نے اپنی قوم کو بیوقوف پایا" (وجدهم خفيفة احلامهم) (روح المعانی)

فَلَمَّآ اٰسَفُوْنَا، یہ أسف سے نکلا ہے جس کے لُغوی معنی ہیں افسوس، لہٰذا اس جملے کے لفظی معنی ہوئے "پس جب انھوں نے ہمیں افسوس دلایا" اور افسوس بکثرت غصّہ کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے اس لئے اسکا بامحاورہ ترجمہ عموماً اس طرح کیا جاتا ہے کہ "جب انھوں نے ہمیں غصّہ دلایا" اور چونکہ باری تعالیٰ افسوس اور غصّہ کی انفعالی کیفیات سے پاک ہے اسلئے اسکا مطلب یہ ہے کہ اُنھوں نے کام ایسے کئے جس سے ہم نے انھیں سزا دینے کا پختہ ارادہ کرلیا۔ (روح)

وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا اِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّوْنَ ﴿۵۷﴾

اور جب مثال لائے مریم کے بیٹے کی تبھی قوم تیری اُس سے چلانے لگتے ہیں

وَقَالُوْٓا ءَاٰلِهَتُنَا خَيْرٌ اَمْ هُوَ مَا ضَرَبُوْهُ لَكَ اِلَّا جَدَلًا ۭ بَلْ هُمْ

اور کہتے ہیں ہمارے معبود بہتر ہیں یا وہ یہ مثال جو ڈالتے ہیں تجھ پر سو جھگڑنے کو بلکہ یہ لوگ

قَوْمٌ خَصِمُوْنَ ﴿۵۸﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا عَبْدٌ اَنْعَمْنَا عَلَيْهِ وَجَعَلْنٰهُ مَثَلًا

ہیں جھگڑالو وہ کیا ہے ایک بندہ ہے کہ ہم نے اُس پر فضل کیا اور کھڑا کردیا اس کو

لِّبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ﴿۵۹﴾ وَلَوْ نَشَاۗءُ لَجَعَلْنَا مِنْكُمْ مَّلٰۗىِٕكَةً فِي

بنی اسرائیل کے واسطے اور اگر ہم چاہیں بنالیں تم میں سے فرشتے رہیں

الْاَرْضِ يَخْلُفُوْنَ ﴿۶۰﴾ وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَ

زمین میں تمھاری جگہ اور وہ نشان ہے قیامت کا سو اسمیں شک مت کرو اور

اتَّبِعُوْنِ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۱﴾ وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ ۚ اِنَّهٗ

میرا کہا مانو یہ ایک سیدھی راہ ہے اور نہ روکدے تم کو شیطان وہ تو

لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۶۲﴾ وَلَمَّا جَآءَ عِيْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ قَالَ قَدْ جِئْتُكُمْ

تمھارا دشمن ہے صریح اور جب آیا عیسٰی نشانیاں لے کر بولا میں لایا ہوں تمھارے پاس

بِالْحِكْمَةِ وَلِاُبَيِّنَ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ تَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ

پکی باتیں اور بتلانے کو بعضی وہ چیز جس میں تم جھگڑتے تھے سو ڈرو اللہ سے

وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۶۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ

اور میرا کہا مانو بیشک اللہ جو ہے وہی ہے رب میرا اور رب تمھارا سو اُسی کی بندگی کرو یہ ایک سیدھی

مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۴﴾ فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ

راہ ہے پھر پھٹ گئے کتنے فرقے ان کے بیچ سے سو خرابی ہے

ظَلَمُوْا مِنْ عَذَابِ يَوْمٍ اَلِيْمٍ ﴿۶۵﴾	
گنہگاروں کو آفت سے دُکھ والے دن کی	

خُلاصۂ تفسیر

(ایک مرتبہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا کہ اللہ کے سوا جتنوں کی ناحق عبادت کیجاتی ہے اُن میں سے کسی میں کوئی خیر نہیں۔ اس پر قریش کے بعض لوگوں نے یہ اعتراض کیا کہ نصرانی لوگ حضرت عیسٰی علیہ السلام کی عبادت کرتے ہیں مگر ان کے بارے میں آپ بھی مانتے ہیں کہ اُن میں خیر ہی خیر تھی اسکے جواب میں باری تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں) اور جب (عیسٰی) ابن مریم (علیہ السلام) کے متعلق (ایک معترض کیطرف سے) ایک عجیب مضمون بیان کیا گیا (عجیب اس لئے کہ سرسری نظر ہی سے اسکا بطلان خود ان کو معلوم ہوسکتا تھا، پس عقل رکھ کر ایسا اعتراض کرنا بہت عجیب تھا، غرض جب یہ اعتراض کیا گیا) تو یکایک آپ کی قوم کے لوگ اُس (اعتراض کے سُننے) سے (مارے خوشی کے) چلّانے لگے اور (اُس معترض کے ساتھ متفق ہوکر) کہنے لگے کہ (بتلائیے آپ کے نزدیک) ہمارے معبود زیادہ بہتر ہیں یا عیسٰی (علیہ السلام) بہتر ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ آپ عیسٰی علیہ السلام کو تو یقیناً بہتر سمجھتے ہیں حالانکہ آپ نے جو یہ کہا تھا کہ اللہ کے سوا جتنوں کی ناحق عبادت کی جاتی ہے اُن میں کوئی خیر نہیں، اس کا تقاضا تو یہ ہے کہ حضرت عیسٰی علیہ السلام میں بالکل بھلائی نہ ہو اس سے ایک تو آپکا یہ قول (معاذ اللہ)

درست نہیں رہا۔ دوسرے معلوم ہوا کہ جن کو آپ خیر کہتے ہیں خود ان کی بھی عبادت ہوئی ہے اس لئے اس سے شرک کی صحت ثابت ہو گئی۔ آگے اس اعتراض کا جواب ہے، پہلے اجمالاً پھر تفصیلاً، اجمالاً تو یہ کہ) ان لوگوں نے جو یہ (عجیب اعتراض) آپ سے بیان کیا ہے تو محض جھگڑنے کی غرض سے (نہ کہ طلبِ حق کے لئے، ورنہ خود ان پر اس اعتراض کی لغویت پوشیدہ نہ رہتی اور ان لوگوں کا جھگڑنا کچھ اسی اعتراض کے ساتھ مخصوص نہیں) بلکہ یہ لوگ (اپنی عادت سے) ہیں ہی جھگڑالو (کہ اکثر حق باتوں میں جھگڑے نکالتے ہیں۔ آگے تفصیلی جواب ہے یعنی) عیسیٰ (علیہ السلام) تو محض ایک ایسے بندے ہیں جن پر ہم نے (مقبولیت اور کمالاتِ نبوت دیکر اپنا) فضل کیا اور ان کو بنی اسرائیل کے لئے (اولاً اور دوسروں کیلئے بھی ثانیاً) ہم نے (اپنی قدرت کا) ایک نمونہ بنایا تھا (تاکہ لوگ یہ سمجھ لیں کہ خدا تعالیٰ کو اس طرح بغیر باپ کے پیدا کرنا بھی کچھ مشکل نہیں۔ اس سے ان کے دونوں اعتراضات کا جواب نکل آیا جسکی تشریح معارف و مسائل میں آئیگی) اور (ہم تو اس سے زیادہ عجیب و غریب اُمور پر قادر ہیں، چنانچہ) اگر ہم چاہتے تو ہم تم سے فرشتوں کو پیدا کر دیتے (جس طرح تم سے تمھارے بچے پیدا ہوتے ہیں) کہ وہ زمین پر (انسان کی طرح) یکے بعد دیگرے رہا کرتے (یعنی پیدائش بھی آدمیوں کی طرح ہوتی اور موت بھی۔ پس بغیر باپ کے پیدا ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے بندے اور اسکے زیر قدرت نہیں رہے۔ لہٰذا یہ امر حضرت عیسیٰؑ کے معبود ہونے کی دلیل نہیں بن سکتا بلکہ اس طرح پیدا کرنے میں بعض حکمتیں تھیں جنمیں سے ایک تو اوپر بیان ہوئی کہ اُنھیں اپنی قدرت کا ایک نمونہ بنانا تھا) اور (دوسری حکمت یہ تھی کہ) وہ (یعنی عیسیٰ علیہ السلام اس طرح پیدا ہونے میں امکان) قیامت کے یقین کا ذریعہ ہیں (اس طرح کہ قیامت میں دوبارہ زندہ ہونے میں اس سے زیادہ اور کیا بُعد ہے کہ دوبارہ زندگی خلافِ عادت ہے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بغیر باپ کے ہونے سے ثابت ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ خلافِ عادت اُمور کے صادر کرنے پر قادر ہے۔ پس اس سے قیامت و آخرت کے عقیدے کا صحیح ہونا ثابت ہو گیا اور جب تم نے عقیدۂ آخرت کی یہ دلیل سُن لی) تو تم لوگ اُس (کی صحت) میں شک مت کرو، اور (توحید اور آخرت وغیرہ عقائد میں) تم لوگ میرا اتباع کرو، یہ (مجموعہ جس کی طرف میں تمکو بُلاتا ہوں) سیدھا رستہ ہے اور تم کو شیطان (اس راہ پر آنے سے) روکنے نہ پاوے وہ بیشک تمھارا صریح دشمن ہے اور (یہانتک تو کفار کے مذکورہ اعتراض کا جواب تھا، آگے خود عیسیٰ علیہ السلام کے مضمونِ دعوت سے توحید کے اثبات اور شرک کے ابطال کی تائید ہے یعنی) جب عیسیٰ (علیہ السلام کھُلے کھُلے) معجزے لیکر آئے تو اُنھوں نے (لوگوں سے) کہا کہ میں تمھارے پاس سمجھ کی باتیں لیکر آیا ہوں (تاکہ تمھارے عقائد کی اصلاح کروں) اور تاکہ بعض باتیں (منجملہ اعمالِ حلال و حرام کے) جن میں تم اختلاف کر رہے ہو تم سے بیان کر دوں (جس سے اختلاف و اشتباہ رفع ہو جاوے، جب میں اس طرح آیا ہوں) تو تم لوگ اللہ سے

ڈرو (اور میری نبوّت کا انکار نہ کرو، کیونکہ یہ خدا کی مخالفت ہے) اور میرا کہا مانو (کیونکہ نبوّت کی تصدیق کے لئے یہ ضروری ہے اور عیسٰی علیہ السّلام نے یہ بھی کہا کہ) بیشک اللہ ہی میرا بھی رب ہے اور تمھارا بھی رب ہے سو (صرف) اُسی کی عبادت کرو (اور) یہی (توحید) سیدھا رستہ ہے سو (باوجود عیسٰی علیہ السّلام کے اس واشگاف بیانِ توحید کے پھر بھی) مختلف گروہوں نے (اس بارے میں) باہم اختلاف ڈال لیا (یعنی توحید کے خلاف طرح طرح کے مذاہب ایجاد کر لئے، چنانچہ توحید میں نصارٰی و غیر نصارٰی کا اختلاف بھی معلوم ہے) سو ان ظالموں (یعنی مشرکین اہلِ کتاب و غیر اہلِ کتاب) کیلئے ایک پُر درد دن کے عذاب سے بڑی خرابی (ہونیوالی) ہے (پس حضرت عیسٰی علیہ السّلام کی اس دعوت سے خود توحید کی تائید ہو گئی لہٰذا حضرت عیسٰی علیہ السّلام کی ناحق عبادت سے شرک کی صحت پر استدلال مدعی سست گواہ چست کی مثال ہے)

معارف و مسائل

وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا اِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّوْنَ، ان آیات کے شانِ نزول میں مفسرین نے تین روایتیں بیان فرمائی ہیں۔ ایک یہ کہ ایک مرتبہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے قبیلہ قریش کے لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے ارشاد فرمایا تھا، "یا معشر قریش لاخیر فی احد یعبد من دون اللہ" یعنی "اے قریش کے لوگو! اللہ کے سوا جس کسی کی عبادت کیجاتی ہے اسمیں کوئی خیر نہیں" اس پر مشرکین نے کہا کہ نصارٰی حضرت عیسٰی علیہ السّلام کی عبادت کرتے ہیں لیکن آپ خود مانتے ہیں کہ وہ اللہ کے نیک بندے اور اسکے نبی تھے۔ اُن کے اس اعتراض کے جواب میں یہ آیات نازل ہوئیں۔ (قرطبی) دوسری روایت یہ ہے کہ جب قرآنِ کریم کی آیت اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ (بلاشبہ اے مشرکو! تم اور جنکی تم عبادت کرتے ہو وہ جہنّم کا ایندھن بنیں گے) نازل ہوئی تو اسپر عبداللہ بن الزِّبعری نے جو اسوقت کافر تھے، یہ کہا کہ اس آیت کا تو میرے پاس بہترین جواب موجود ہے اور وہ یہ کہ نصارٰی حضرت مسیح علیہ السلام کی عبادت کرتے ہیں اور یہود حضرت عزیر علیہ السّلام کی، تو کیا یہ دونوں بھی جہنّم کا ایندھن بنیں گے؟ یہ بات سُن کر قریش کے مشرکین بہت خوش ہوئے، اس پر اللہ تعالیٰ نے ایک تو یہ آیت نازل فرمائی کہ اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰٓى اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ، اور دوسرے سورۂ زخرف کی مذکورہ بالا آیات (ابن کثیرؒ وغیرہ)

تیسری روایت یہ ہے کہ ایک مرتبہ مشرکینِ مکہ نے یہ بیہودہ خیال ظاہر کیا کہ حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم خدائی کا دعوٰی کرنا چاہتے ہیں، ان کی مرضی یہ ہے کہ جس طرح نصارٰی حضرت مسیح علیہ السّلام کو پوجتے ہیں اس طرح ہم بھی ان کی عبادت کیا کریں، اس پر مذکورہ بالا آیات نازل ہوئیں۔ اور درحقیقت تینوں روایتوں میں کوئی تعارض نہیں، کفار نے تینوں ہی باتیں کہی ہونگی جن کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے ایسی جامع آیات

نازل فرمادیں جن سے انکے تینوں اعتراضات کا جواب ہوگیا۔ اس آخری اعتراض کا جواب تو مذکورہ آیات میں بالکل واضح ہے کہ جن لوگوں نے حضرت مسیح علیہ السلام کی عبادت شروع کردی ہے انھوں نے نہ کسی خدائی حکم سے ایسا کیا، نہ خود حضرت مسیح علیہ السّلام کی یہ خواہش تھی اور نہ قرآن اُن کی تائید کرتا ہے انھیں تو حضرت عیسیٰؑ کے باپ کے بغیر پیدا ہونے سے مغالطہ لگا تھا اور قرآن اس مغالطہ کی تردید کرتا ہے پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم (معاذ اللہ) عیسائیوں کی دیکھا دیکھی اپنی خُدائی کا دعویٰ کر بیٹھیں۔

اور پہلی اور دوسری روایتوں میں کفّار کے اعتراض کا حاصل تقریباً ایک ہی ہے۔ اُن کا جواب مذکورہ آیات سے اس طرح نکلتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو یہ فرمایا تھا کہ اللہ کے سوا جتنوں کو لوگوں نے معبود بنا رکھا ہے وہ جہنّم کا ایندھن ہونگے، یا حضورؐ نے جو فرمایا تھا کہ ان میں خیر نہیں اس سے مراد وہ معبود تھے جو یا تو بے جان ہوں جیسے پتھّر کے بُت، یا جاندار ہوں مگر خود اپنی عبادت کا حکم دیتے یا اُسے پسند کرتے ہوں جیسے شیاطین، فرعون اور نمرود وغیرہ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ان میں کیسے داخل ہوسکتے ہیں جبکہ وہ کسی بھی مرحلہ پر اپنی عبادت کو پسند نہیں کرتے تھے۔ نصاریٰ انکی کسی ہدایت کی بِنا پر اُن کی عبادت نہیں کرتے، بلکہ اُنھیں ہم نے اپنی قدرت کا ایک نمونہ بنا کر بغیر باپ کے پیدا کیا تھا تاکہ لوگوں پر یہ واضح ہو کہ اللہ تعالیٰ کو اپنی تخلیق میں اسباب کے کسی واسطے کی ضرورت نہیں لیکن نصاریٰ نے اسکا غلط مطلب لیکر اُنھیں معبود بنالیا، حالانکہ ان کا یہ معبود بنانا عقلاً بھی غلط تھا اور خود حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کی دعوت کے بھی بالکل خلاف تھا۔ کیونکہ انھوں نے ہمیشہ توحید کی تعلیم دی تھی۔ غرض حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کا اپنی عبادت سے بیزار ہونا اس بات سے مانع ہے کہ اُنھیں دوسرے باطل معبودوں کی صف میں شامل کیا جائے۔

اس سے کفّار کا یہ اعتراض بھی ختم ہوگیا جسکا ذکر خلاصۂ تفسیر میں آیا ہے کہ جن کو آپ خود خیر کہتے ہیں (یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام) ان کی بھی عبادت ہوئی ہے تو اس سے معلوم ہوا کہ غیر اللہ کی عبادت کچھ بُری بات نہیں۔ مذکورہ آیات میں اسکا جواب واضح ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کی جو عبادت ہوئی وہ اللہ کی مرضی کے بھی خلاف تھی اور خود حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی دعوت کے بھی۔ لہٰذا اس سے شرک کی صحت پر استدلال نہیں کیا جاسکتا۔

وَلَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنَا مِنْكُمْ مَّلٰٓئِكَةً فِي الْاَرْضِ يَخْلُفُوْنَ ، یہ نصاریٰ کے اُس مغالطہ کا جواب ہے جس کی بِنا پر انھوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کو معبود قرار دیا تھا۔ اُنھوں نے حضرت مسیح علیہ السّلام کے بغیر باپ کے پیدا ہونے سے اُن کی خدائی پر استدلال کیا تھا۔ باری تعالےٰ ان کی تردید میں فرماتے ہیں کہ یہ تو محض ہماری قدرت کا ایک مظاہرہ تھا، اور ہم تو اس سے بھی بڑھکر

خلافِ عادت کاموں پر قادر ہیں۔ بغیر باپ کے پیدا ہونا تو کوئی بہت زیادہ خلافِ عادت نہیں، کیونکہ حضرت آدم علیہ السّلام تو بغیر ماں باپ کے پیدا ہوئے تھے، اگر ہم چاہیں تو ایسا کام بھی کر سکتے ہیں جس کی ابتک کوئی نظیر نہیں اور وہ یہ کہ انسانوں سے فرشتے پیدا کر دیں۔

وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ (اور بلاشبہ حضرت عیسٰی علیہ السّلام قیامت کا یقین کرنے کے لئے ایک ذریعہ ہیں) اس کی دو تفسیریں کی گئی ہیں۔ ایک وہ جو خلاصۂ تفسیر میں بیان ہوئی، یعنی حضرت عیسٰی علیہ السّلام کا خلافِ عادت بغیر باپ کے پیدا ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ بغیر ظاہری اسباب کے بھی لوگوں کو پیدا کر سکتا ہے۔ اس سے ثابت ہوا کہ مُردوں کو دوبارہ زندہ کر دینا اس کے لئے کچھ مشکل نہیں۔ لیکن اکثر مفسرین نے اس آیت کا مطلب یہ بتایا ہے کہ حضرت عیسٰی علیہ السلام کا دوبارہ آسمان سے نازل ہونا قیامت کی علامت ہے۔ چنانچہ آپکا آخری زمانے میں دوبارہ تشریف لانا اور دجّال کو قتل کرنا احادیثِ متواترہ سے ثابت ہے۔ اس مسئلہ کی کچھ تفصیل سورۂ آلِ عمران میں آیت اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَرَافِعُكَ اِلَیَّ میں ص۶۹ ج۲ پر اور کچھ سورۂ مائدہ میں ص۲۷۹ ج۳ پر گزر چکی ہے۔ مزید تفصیلات کے لئے احقر کے رسالہ "التصریح بما تواتر فی نزول المسیح" اور "مسیح موعود کی پہچان" وغیرہ کیطرف رجوع کیا جائے۔

وَلِاُبَیِّنَ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِیْ تَخْتَلِفُوْنَ فِیْهِ (اور تاکہ میں بیان کروں تم سے بعض وہ باتیں جن میں تم اختلاف کرتے ہو) چونکہ بنی اسرائیل میں عناد اور ہٹ دھرمی کا غلبہ تھا اسلئے انھوں نے بعض احکامِ شرعیہ میں تحریف کر ڈالی تھی۔ حضرت عیسٰی علیہ السلام نے اسکی حقیقت واضح فرما دی، اور "بعض باتیں" اسلئے فرمایا کہ بعض اُمور خالص دُنیوی تھے۔ حضرت عیسٰی علیہ السّلام نے اُن میں اختلاف رفع کرنے کی ضرورت نہ سمجھی ہوگی (بیان القرآن)

هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۶۶﴾

اب یہی ہے کہ راہ دیکھتے ہیں قیامت کی کہ آ کھڑی ہو اُن پر اچانک اور اُن کو خبر بھی نہ ہو

اَلْاَخِلَّآءُ يَوْمَئِذٍۢ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِيْنَ ﴿۶۷﴾ يٰعِبَادِ ع ۱۱/۱۲

جتنے دوست ہیں اُس دن ایک دوسرے کے دشمن ہوں گے مگر جو لوگ ہیں ڈر والے، اے بندو میرے

لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿۶۸﴾ ۚ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاٰيٰتِنَا

نہ ڈر ہے تم پر آج کے دن اور نہ تم غمگین ہو گے جو یقین لائے ہماری باتوں پر

وَكَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ﴿۶۹﴾ ۚ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ اَنْتُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ تُحْبَرُوْنَ ﴿۷۰﴾

اور رہے حکمبردار چلے جاؤ بہشت میں تم اور تمہاری عورتیں کہ تمہاری عزت کریں

يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِصِحَافٍ مِّنْ ذَهَبٍ وَّاَكْوَابٍ ۚ وَفِيْهَا مَا تَشْتَهِيْهِ

لئے پھریں گے اُن کے پاس رکابیاں سونے کی اور آبخورے اور وہاں ہے جو دِل

الْاَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْاَعْيُنُ ۚ وَاَنْتُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَتِلْكَ

چاہے اور جس سے آنکھیں آرام پائیں اور تم اُن میں ہمیشہ رہو گے اور یہ وہی

الْجَنَّةُ الَّتِيْٓ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۷۲﴾ لَكُمْ فِيْهَا

بہشت ہے جو میراث پائی تم نے بدلے میں ان کاموں کے جو کرتے تھے تمہارے واسطے انہیں

فَاكِهَةٌ كَثِيْرَةٌ مِّنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۷۳﴾ اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ عَذَابِ

بہت میوے ہیں ان میں سے کھاتے رہو البتہ جو لوگ کہ گنہگار ہیں وہ دوزخ کے

جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿۷۴﴾ لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ وَهُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿۷۵﴾

عذاب میں ہمیشہ رہنے والے ہیں نہ ہلکا ہوتا ہے اُن پر سے اور وہ اسی میں پڑے ہیں آس ٹوٹے

وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْا هُمُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۷۶﴾ وَنَادَوْا يٰمٰلِكُ

اور ہم نے اُن پر ظلم نہیں کیا لیکن تھے وہی بے انصاف اور پکاریں گے اے مالک

لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ ۭ قَالَ اِنَّكُمْ مّٰكِثُوْنَ ﴿۷۷﴾

کہیں ہم پر فیصل کر چکے تیرا رب وہ کہے گا تم کو ہمیشہ رہنا ہے

خُلاصۂ تفسیر

یہ لوگ (حق واضح ہونے کے باوجود باطل پر اصرار کر رہے ہیں تو) بس قیامت کا انتظار کر رہے ہیں کہ وہ ان پر دفعۃً آپڑے اور ان کو خبر بھی نہ ہو (انکار کے باوجود انتظار سے مراد یہ ہے کہ انکا دلائل کو نہ ماننا ایسا ہے جیسے کوئی شخص مشاہدہ کا منتظر ہو کہ جب آنکھوں سے دیکھ لونگا تب مانوں گا، اور اُس روزِ قیامت کے واقعات یہ ہیں کہ) تمام (دُنیا کے دوست) اُس روز ایک دوسرے کے دشمن ہو جاویں گے، بجز خدا سے ڈرنے والوں (یعنی اہلِ ایمان) کے (کیونکہ اُس روز باطل کی دوستی کا نقصان محسوس ہوگا تو لا محالہ اُس سے کراہت اور دوستوں سے نفرت ہوگی کہ یہ لوگ نقصان کا سبب ہوئے اور حق کی دوستی کا نفع اور ثواب محسوس ہوگا اس لئے وہ باقی رہے گی۔ اور ان مؤمنوں کو اللہ تعالیٰ کیطرف سے ندا ہوگی) اے میرے بندو تم پر آج کوئی خوف (کی بات واقع ہونے والی) نہیں، اور نہ تم غمگین ہوگے یعنی وہ بندے جو ہماری آیتوں پر ایمان لائے تھے اور (علماً و عملاً ہمارے) فرمانبردار تھے، تم اور تمہاری (ایمان دار) بیبیاں خوش بخوش جنّت میں داخل ہو جاؤ (اور جنّت میں جانے کے بعد اُن کے لئے یہ ہوگا کہ) اُن کے پاس سونے کی رکابیاں (کھانے کی چیزوں سے بھری ہوئی) اور گلاس (مشروبات سے بھرے ہوئے سونے کے یا اور کسی چیز کے) لائے جاویں گے (یعنی غلمان لائیں گے) اور وہاں وہ چیزیں ملینگی جن کو جی چاہے گا اور جن سے آنکھوں کو لذّت ہوگی اور (اُن سے کہا جائیگا کہ) تم یہاں ہمیشہ رہو گے

اور (یہ بھی کہا جائے گا کہ) یہ وہ جنّت ہے جس کے تم مالک بنا دیئے گئے (تم سے کبھی نہ لیجاوے گی) اپنے (نیک) اعمال کے عوض میں (اور) تمھارے لئے اسمیں بہت سے میوے ہیں جن میں سے کھا رہے ہو (یہ تو اہلِ ایمان کا حال ہوا۔ آگے کفّار کا ذکر ہے کہ) بیشک نافرمان (یعنی کافر) لوگ عذابِ دوزخ میں ہمیشہ رہیں گے وہ (عذاب) اُن (پر) سے ہلکا نہ کیا جاویگا اور وہ اُسی (عذاب) میں مایوس پڑے رہیں گے اور (آگے حق تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ) ہم نے اُن پر (ذرا) ظلم نہیں کیا (کہ ناحق عذاب دیا ہو) لیکن یہ خود ہی ظالم تھے (کہ کفر و شرک کرکے اپنا نقصان کرلیا) اور (آگے اُن کا باقی حال مذکور ہے کہ جب نجات سے بالکل مایوس ہو جائیں گے اُسوقت موت کی تمنّا کریں گے اور دوزخ کے داروغہ مالک نامی فرشتہ کو پکاریں گے کہ اَے مالک (تم ہی دُعا کرو کہ) تمھارا پروردگار (ہم کو موت دیکر) ہمارا کام ہی تمام کردے وہ (فرشتہ) جواب دیگا کہ تم ہمیشہ اسی حال میں رہو گے (نہ نکلو گے نہ مرو گے)۔

معارف و مسائل

دوستی درحقیقت وہی ہے جو اللہ کے لئے ہو

اَلْاَخِلَّآءُ يَوْمَئِذٍۢ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِيْنَ (تمام دوست اُس روز ایک دوسرے کے دشمن ہو جائیں گے بجز خدا سے ڈرنے والوں کے) اس آیت نے یہ بات کھول کر بتا دی کہ یہ دوستانہ تعلقات جن پر انسان دُنیا میں ناز کرتا ہے اور جن کی خاطر حلال و حرام ایک کر ڈالتا ہے قیامت کے روز نہ صرف یہ کہ کچھ کام نہ آئیں گی بلکہ عداوت میں تبدیل ہو جائینگی۔ چنانچہ حافظ ابنِ کثیرؒ نے اس آیت کے تحت حضرت علیؓ کا یہ ارشاد مصنّف عبدالرزاقؒ اور ابن ابی حاتمؒ کی روایت سے نقل کیا ہے کہ دو دوست مؤمن تھے اور دو کافر، مؤمن دوستوں میں سے ایک کا انتقال ہوا اور اُسے جنّت کی خوشخبری سُنائی گئی تو اُسے اپنا دوست یاد آیا۔ اُس نے دُعا کی کہ یا اللہ! میرا فلاں دوست مجھے آپکی اور آپکے رسُولؐ کی اطاعت کی تاکید کرتا، بھلائی کا حکم دیتا اور بُرائی سے روکتا تھا اور یہ یاد دلاتا رہتا تھا کہ مجھے ایک دن آپکے پاس حاضر ہونا ہے، لہٰذا یا اللہ! اسکو میرے بعد گمراہ نہ کیجئے گا تاکہ وہ بھی (جنّت کے) وہ مناظر دیکھ سکے جو آپ نے مجھے دکھائے ہیں، اور آپ جس طرح مجھ سے راضی ہوئے ہیں اُسی طرح اُس سے بھی راضی ہو جائیں۔ اِس دُعا کے جواب میں اس سے کہا جائیگا کہ جاؤ، اگر تمھیں معلوم ہو جائے کہ میں نے تمھارے اُس دوست کے لئے کیا اجر و ثواب رکھا ہے تو تم رو و کم اور ہنسو زیادہ۔ اسکے بعد جب دوسرے دوست کی وفات ہو چکے گی تو دونوں کی ارواح جمع ہونگی، باری تعالیٰ اُن سے فرمائیگا کہ تم میں سے ہر شخص دوسرے کی تعریف کرے، تو اُن میں سے ہر ایک دوسرے کے بارے میں یہ کہے گا کہ وہ بہترین بھائی، بہترین ساتھی اور بہترین دوست ہے۔

اس کے برخلاف جب دو کافر دوستوں میں سے ایک کا انتقال ہوگا اور اسے بتایا جائیگا کہ اسکو جہنّم میں ڈالا جائے گا تو اُسے بھی اپنا دوست یاد آئے گا اُسوقت وہ یہ دُعا کریگا کہ یا اللہ! میرا فلاں دوست مجھے آپ کی اور آپکے رسُول کی نافرمانی کرنیکا حکم دیتا تھا، بُرائی کی تاکید کرتا اور بھلائی سے روکتا تھا، اور مجھ سے کہا کرتا تھا کہ میں کبھی آپ کے حضور حاضر نہ ہونگا، لہٰذا یا اللہ! اس کو میرے بعد ہدایت نہ دیجئے گا، تاکہ وہ بھی (دوزخ کے) وہ مناظر دیکھے جو آپ نے مجھے دکھائے ہیں، اور آپ جس طرح مجھ سے ناراض ہوئے ہیں اُسی طرح اُس سے بھی ناراض ہوں۔ اسکے بعد دوسرے دوست کا بھی انتقال ہوجائیگا تو دونوں کی رُوحیں جمع کیجائیں گی اور ان سے کہا جائیگا کہ تم میں سے ہر شخص اپنے ساتھی کی تعریف کرے، تو اُن میں سے ہر ایک دوسرے کے بارے میں کہیگا کہ یہ بدترین بھائی بدترین ساتھی اور بدترین دوست ہے۔ (ابن کثیر ص ۱۳۴ ج ۴) اسی لئے دُنیا و آخرت دونوں کے لحاظ سے بہترین دوستی وہ ہے جو اللہ کے لئے ہو۔ جن دو مسلمانوں میں صرف اللہ کے لئے محبت ہو اُن کے بڑے فضائل احادیث میں وارد ہوئے ہیں جن میں سے ایک یہ ہے کہ میدانِ حشر میں یہ لوگ اللہ کے عرش کے سایہ میں ہونگے۔ اور اللہ کے لئے محبت کا مطلب یہ ہے کہ دوسرے سے اس بنا پر تعلق ہو کہ وہ اللہ کے دین کا سچّا پیرو ہے۔ چنانچہ علومِ دین کے استاذ، شیخ و مُرشد، علماء اور اہل اللہ سے نیز عالمِ اسلام کے تمام مسلمانوں سے بے لَوث محبت اسمیں داخل ہے۔

لَقَدْ جِئْنٰكُمْ بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَكُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿۷۸﴾ اَمْ

ہم لائے ہیں تمھارے پاس سچّا دین پر تم بہت لوگ سچّی بات سے بُرا مانتے ہو کیا

اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ﴿۷۹﴾ اَمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ

اُنھوں نے ٹھہرائی ہے ایک بات تو ہم بھی کچھ ٹھہرائیں گے کیا خیال رکھتے ہیں کہ ہم نہیں جانتے اُن کا بھید

وَنَجْوٰىهُمْ ۭ بَلٰى وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿۸۰﴾ قُلْ اِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ

اور ان کا مشورہ کیوں نہیں اور ہمارے بھیجے ہوئے انکے پاس لکھتے رہتے ہیں تو کہہ اگر ہو رحمٰن کے واسطے

وَلَدٌ ۖ فَاَنَا اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ ﴿۸۱﴾ سُبْحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اولاد تو میں سب سے پہلے پُوجوں پاک ذات ہے وہ رب آسمانوں کا اور زمین کا

رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى

صاحب عرش کا اُن باتوں سے جو یہ بیان کرتے ہیں، اب چھوڑ دے ان کو بک بک کریں اور کھیلیں یہانتک کہ

يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿۸۳﴾ وَهُوَ الَّذِيْ فِي السَّمَاۗءِ اِلٰهٌ

ملیں اپنے اُس دن سے جس کا اُن کو وعدہ دیا ہے اور وہی ہے جس کی بندگی ہے آسمان میں اور

وَّفِي الْاَرْضِ اِلٰهٌ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ﴿۸۴﴾ وَتَبٰرَكَ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ

اُس کی بندگی ہے زمین میں اور وہی ہے حکمت والا سب سے خبردار اور بڑی برکت ہے اُس کی جس کا راج ہے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ وَعِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَاِلَيْهِ

آسمانوں میں اور زمین میں اور جو کچھ انکے بیچ میں ہے اور اُسی کے پاس ہے خبر قیامت کی اور اُسی تک

تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۵﴾ وَلَا يَمْلِكُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الشَّفَاعَةَ

پھر کر پہنچ جاؤ گے اور اختیار نہیں رکھتے وہ لوگ جن کو یہ پکارتے ہیں سفارش کا

اِلَّا مَنْ شَهِدَ بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۸۶﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ

مگر جس نے گواہی دی سچی اور اُن کو خبر تھی اور اگر تو اُن سے پوچھے کہ اُن کو

خَلَقَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۚ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۸۷﴾ وَقِيْلِهٖ يٰرَبِّ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ

کس نے بنایا تو کہیں گے اللہ نے پھر کہاں سے اُلٹ جاتے ہیں قسم ہے رسول کے اس کہنے کی کہ اے رب یہ

قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۸۸﴾ فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ سَلٰمٌ ؕ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۸۹﴾ ع ۲۲ ۷ ۱۳

لوگ ہیں کہ یقین نہیں لاتے سو تو منہ پھیر لے انکی طرف سے اور کہہ سلام ہے اب آخر کو معلوم کریں گے

خُلاصۂ تفسیر

(اور اوپر جن سزاؤں کا بیان ہوا اُن کی وجہ یہ ہے کہ) ہم نے سچّا دین (جسکا رُکنِ اعظم توحید و رسالت کا اعتقاد ہے) تمھارے پاس پہنچایا، لیکن تم میں اکثر آدمی سچّے دین سے نفرت رکھتے ہیں (اکثر آدمی یا تو اس لئے کہا کہ بعض لوگ آئندہ ایمان لانے والے تھے، اور یا اسلئے کہ نفرت تو صحیح معنیٰ میں بعض ہی کو تھی، دوسرے بعض محض تقلیداً راہِ حق کو چھوڑے ہوئے تھے، اور یہ نفرت شامل ہے رسُول کی مخالفت اور توحید کی مخالفت دونوں کو۔ آگے دونوں کی تفصیل ہے کہ) ہاں کیا اُنھوں نے (رسُول کو نقصان پہنچانے کے بارے میں) کوئی انتظام درست کیا ہے، سو ہم نے بھی ایک انتظام درست کیا ہے (اور ظاہر ہے کہ خدائی انتظام کے سامنے اُن کا انتظام نہیں چل سکتا، چنانچہ آپ محفوظ رہے اور وہ لوگ ناکام، اور آخر کو بدر میں ہلاک ہوئے۔ اسکا مفصّل ذکر سورۂ انفال رکوع چہارم آیت وَاِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا الخ میں ہے) ہاں (یہ لوگ جو آپ کو نقصان پہنچانے کے لئے خفیہ تدبیریں کرتے ہیں) کیا ان لوگوں کا یہ خیال ہے کہ ہم ان کی چُپکی چُپکی (کہی ہوئی) باتوں کو اور ان کے (خفیہ) مشوروں کو نہیں سُنتے (ورنہ اگر ہم کو سُننے والا سمجھتے ہیں تو پھر ایسی جرأت کیوں کرتے ہیں؟ آگے انکے اس خیال کی تردید فرماتے ہیں کہ) ہم ضرور سُنتے ہیں اور (اسکے علاوہ) ہمارے فرشتے (جو اعمال کو لکھنے والے ہیں) اُن کے پاس ہیں وہ بھی لکھتے ہیں (اگرچہ اس کی ضرورت نہیں

لیکن عام عادت یہ ہے کہ مجرم کے لئے پولیس کی لکھی ہوئی رپورٹ حاکم کے معائنہ سے زیادہ قابلِ الزام ہوتی ہے۔ یہ تو انکی مخالفتِ رسُول کا بیان ہوا، آگے توحید کی مخالفت کے بارے میں فرماتے ہیں کہ اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم) آپ (ان مشرکین سے) کہئے کہ (تم جو اپنے بعض مشرکانہ اقوال میں حق تعالیٰ کیطرف اولاد کی نسبت کرتے ہو تو) اگر (بفرضِ محال ایسا ہو یعنی) خدائے رحمٰن کے اولاد ہو تو سب سے اوّل اسکی عبادت کرنے والا میں ہوں (جس طرح تم فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں سمجھ کر ان کی عبادت کرتے ہو، اسی طرح میں بھی اُس صورت میں خدا کی اولاد کی عبادت کرتا۔ مطلب یہ کہ مجھ کو تمھاری طرح حق بات کے ماننے سے انکار نہیں، تم اگر ثابت کردو تو سب سے پہلے میں اس کو مانوں، اور جب اسکو خدا کی اولاد مان لوں تو چونکہ خدا کی اولاد بھی خدا ہی ہونی چاہیئے اور خدا مستحقِ عبادت ہے، اسلئے میں اسکی عبادت بھی کروں، مگر چونکہ یہ امر باطل محض ہے اسلئے نہ میں مانوں گا اور نہ عبادت کرونگا۔ آگے شرک سے اللہ تعالیٰ کے پاک ہونیکا بیان ہے یعنی) آسمانوں اور زمین کا مالک جو کہ عرش کا بھی مالک ہے اُن باتوں سے منزہ ہے جو یہ (مشرک) لوگ (اس کی جناب میں) بیان کر رہے ہیں (جب یہ لوگ حق کے واضح ہونیکے باوجود اپنے عناد سے باز نہیں آتے) تو آپ ان کو اسی شغل اور تفریح میں رہنے دیجئے، یہانتک کہ ان کو اپنے اُس دن سے سابقہ واقع ہو جسکا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے (اُس وقت سب حقیقت معلوم ہو جائے گی، اور "رہنے دینے" کا مطلب یہ نہیں کہ تبلیغ نہ کیجئے بلکہ مطلب یہ ہے کہ انکی مخالفت کیطرف التفات نہ کیجئے اور ان کے ایمان نہ لانیسے غمگین نہ ہوجئے) اور وہی ذات جو آسمانوں میں بھی قابلِ عبادت ہے اور زمین میں بھی قابلِ عبادت ہے اور وہی بڑی حکمت والا اور بڑے علم والا ہے (اور کوئی علم و حکمت میں اسکا شریک نہیں، پس خدائی بھی اُسی کیساتھ خاص ہے) اور وہ ذات بڑی عالیشان ہے جس کے لئے آسمانوں کی اور زمین کی اور جو (مخلوق) اُنکے درمیان میں ہے اسکی سلطنت ثابت ہے اور (علم ایسا کامل ہے کہ) اُسکو قیامت کی خبر (بھی) ہے (جسکا کسی مخلوق کو پتہ نہیں) اور (جزا و سزا کا مالک بھی وہی ہے چنانچہ) تم سب اُسی کے پاس لوٹ کر جاؤ گے (اور اُس کو حساب دوگے) اور (اسوقت اللہ تعالیٰ کا بلا شرکتِ غیرے جزا و سزا کا مالک ہونا ایسا ظاہر و باہر ہوگا کہ) خدا کے سوا جن معبودوں کو یہ لوگ پُکارتے ہیں وہ سفارش (تک) کا اختیار نہ رکھیں گے ہاں جن لوگوں نے حق بات (یعنی کلمہ کا ایمان) کا اقرار کیا تھا اور وہ (دل سے) تصدیق بھی کیا کرتے تھے (وہ البتہ باذنِ الٰہی اہلِ ایمان کی سفارش کرسکیں گے مگر اس سے کفار کو کیا فائدہ؟) اور (ہمنے جو اوپر توحید کا مضمون بیان کیا ہے جسمیں یہ لوگ اختلاف کرتے ہیں، سو اُس کے مقدمات کو یہ بھی تسلیم کرتے ہیں، چنانچہ) اگر آپ ان سے پُوچھیں کہ ان کو (یعنی تم کو) کس نے پیدا کیا ہے تو یہی کہیں گے کہ اللہ نے (پیدا کیا ہے) سو (ظاہر ہے کہ مستحقِ عبادت وہی ہو سکتا ہے جو پیدا کرنے پر قادر ہو۔ پس) یہ لوگ (مقدمات کو تو مانتے ہیں مگر پھر مطلوب کے ماننے کے وقت خدا جانے) کدھر اُلٹے چلے جاتے ہیں (ان تمام باتوں سے واضح ہے کہ ان کافروں

کے جرائم کس قدر سخت ہیں، لہذا سزا بھی یقیناً سخت ہوگی۔ اور آگے سزا کی سختی کو اور زیادہ مؤکد کرنیکے لئے ایک اور بات کا بیان فرماتے ہیں کہ جس طرح خدا تعالےٰ کو قیامت کی خبر ہے اُسی طرح) اُس کو رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے اس کہنے کی بھی خبر ہے کہ اے میرے رب یہ ایسے لوگ ہیں کہ (باوجود میری اسدرجہ فہمائش کے) ایمان نہیں لاتے (اس سے سزا کی سختی اور بڑھ گئی کہ جرائم تو سخت تھے ہی ان کیساتھ رسُول کی نالش بھی موجود ہے، پس سمجھ لینا چاہیئے کہ کیسا سخت عذاب ہوگا۔ اور جب آپ کو یہ معلوم ہوگیا کہ ان کا انجام یہ ہونے والا ہے) تو آپ اُن سے بے رُخ رہیئے (یعنی ان کے ایمان کی ایسی اُمید نہ رکھیئے جو بعد میں موجب رنج ہو) اور (اگر وہ آپ سے مخالفت اور جہالت کی بات کریں تو آپ رفع شر کے لئے) یُوں کہدیجئے کہ تم کو سلام کرتا ہوں (اور کچھ نہیں کہتا اور نہ کچھ واسطہ رکھتا ہوں، آگے حق تعالیٰ تسلی کیلئے فرماتے ہیں کہ آپ چندے صبر کیجئے) سو ان کو ابھی (مرتے ہی) معلوم ہو جاوے گا۔

معارف و مسائل

اِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ فَاَنَا اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ، (اگر خدائے رحمٰن کی کوئی اولاد ہوتی تو میں سب سے پہلے اس کی عبادت کرتا) اسکا مطلب یہ نہیں ہے کہ معاذ اللہ خدا کی اولاد ہونے کا کسی بھی درجہ میں کوئی امکان ہے، بلکہ مقصد دراصل یہ بتانا ہے کہ میں تمھارے عقائد کا انکار کسی عناد یا ہٹ دھرمی سے نہیں کر رہا ہوں بلکہ دلائل کی وجہ سے کر رہا ہوں، اگر صحیح دلائل سے خُدا کی اولاد کا وجود ثابت ہو جاتا تو میں اُسے ضرور مان لیتا، لیکن عقل و نقل کی ہر دلیل اس کی تردید کرتی ہے، اسلئے ماننے کا کوئی سوال نہیں۔ اس سے معلوم ہوا کہ اہلِ باطل کیساتھ مباحثہ کے وقت اپنی حق پسندی جتلانے کے لئے یہ کہنا جائز اور مناسب ہے کہ اگر تمھارا دعویٰ صحیح دلائل کیساتھ ثابت ہوتا تو میں اُسے تسلیم کرلیتا، کیونکہ بعض اوقات اس اندازِ کلام سے مخالف کے دل میں ایسی نرمی پیدا ہوسکتی ہے جو اُسے قبولِ حق پر آمادہ کردے۔

وَقِيْلِهٖ يٰرَبِّ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ، یہ جُملہ اس بات کو واضح کرنے کے لئے لایا گیا ہے کہ ان کافروں پر غضبِ خداوندی نازل ہونیکے کتنے شدید اسباب موجود ہیں۔ ایک طرف تو ان کے جرائم فی نفسہٖ سخت ہیں، دوسری طرف وہ رسُول جو رحمۃٌ للعالمین اور شفیع المذنبین بنا کر بھیجے گئے ہیں (صلے اللہ علیہ وسلم) جب خود ان لوگوں کی شکایت کریں اور یہ فرمائیں کہ یہ لوگ بار بار فہمائش کے باوجود ایمان نہیں لاتے تو اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ انھوں نے رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو کسقدر اذیّت پہنچائی ہوگی، ورنہ معمولی تکلیف پر رحمۃٌ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ سے ایسی پُر درد شکایت نہ فرماتے۔ اس تفسیر کے مطابق وَقِيْلِهٖ ایک آیت پہلے کے لفظ السَّاعَةِ پر معطوف ہے، اس

آیت کی اور بھی متعدد تفسیریں کی گئی ہیں، مثلاً یہ کہ یہاں واؤ عطف کی نہیں بلکہ قسم کی ہے۔ یٰـرَبِّ "قیل" کا مقولہ ہے اور اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ الخ جوابِ قسم ہے۔ ان تفسیروں کی تفصیل اہلِ علم روح المعانی وغیرہ میں دیکھ سکتے ہیں۔

وَقُلْ سَلٰمٌ الخ آخر میں وہی تلقین کی گئی ہے جو ہر داعیٔ حق کو ہمیشہ کی گئی کہ مخالفین کے دلائل وشبہات کا جواب تو دیدو، لیکن وہ جو جہالت و حماقت یا دشنام طرازی کی بات کریں، اسکا جواب انہی کی زبان میں دینے کے بجائے سکوت اختیار کرو۔ اور یہ جو فرمایا کہ کہدو تم کو سلام کرتا ہوں، اس سے مقصد یہ نہیں ہے کہ اُنھیں اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ کہا جائے، کیونکہ کسی غیر مُسلم کو ان الفاظ سے سلام کرنا جائز نہیں، بلکہ یہ ایک محاورہ ہے کہ جب کسی شخص سے قطع تعلق کرنا ہوتا ہے تو کہتے ہیں کہ "میری طرف سے سلام" یا "تمھیں سلام کرتا ہوں"۔ اس سے حقیقی طور پر سلام کرنا مقصد نہیں ہوتا، بلکہ مطلب یہ ہوتا ہے کہ میں خوبصورتی کے ساتھ تم سے قطع تعلق کرنا چاہتا ہوں۔ لہٰذا جن حضرات نے اس آیت سے استدلال کرکے کافروں کو اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ یا سَلَامٌ کہنا جائز قرار دیا ہے ان کا قول مرجوح ہے (روح المعانی)

الحمدُ للہ آج بتاریخ ۳ رجب بروز دوشنبہ بوقت عشاء سورۂ زخرف کی تفسیر سات روز میں مکمل ہوئی۔

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ اَوَّلًا وَّاٰخِرًا وَّصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

سُورَۃُ الدُّخَانِ

سُورَۃُ الدُّخَانِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّخَمْسُونَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوعَاتٍ

سورۂ دخان مکّہ میں نازل ہوئی اور اس میں اُنسٹھ آیتیں ہیں اور تین رکوع

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

حٰمٓ ① وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ② اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ

قسم ہے اس کتاب واضح کی ہم نے اس کو اُتارا ایک برکت کی رات میں

اِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ ③ فِيْهَا يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ ④ اَمْرًا مِّنْ

ہم ہیں کہہ سُنانے والے اُسی میں جُدا ہوتا ہے ہر کام جانچا ہوا حکم ہو کر ہمارے

عِنْدِنَا ؕ اِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ⑤ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ

پاس سے ہم ہیں بھیجنے والے رحمت سے تیرے رب کی وہی ہے سُننے

الْعَلِيْمُ ⑥ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۙ اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ⑦

جاننے والا رب آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ اُن کے بیچ ہے اگر تم کو یقین ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ؕ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ⑧

کسی کی بندگی نہیں سوائے اسکے جلاتا ہے اور مارتا ہے، رب تمہارا اور رب تمہارے اگلے باپ دادوں کا

بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ يَّلْعَبُوْنَ ⑨

کوئی نہیں وہ دھوکے میں ہیں کھیلتے

خُلاصۂ تفسیر

حٰمٓ (اس کے معنی اللہ کو معلوم ہیں) قسم ہے اس کتاب واضح (المعنی) کی کہ ہمنے اس کو (لوحِ محفوظ سے آسمانِ دنیا پر) ایک برکت والی رات (یعنی شبِ قدر) میں اُتارا ہے (کیونکہ) ہم (بوجہ شفقت کے اپنے ارادہ میں اپنے بندوں کو) آگاہ کرنے والے تھے (یعنی ہم کو یہ منظور ہوا کہ ان کو مضرتوں سے

بچالینے کے لئے خیر و شر پر مطلع کر دیں، یہ قرآن کو نازل کرنے کا مقصد تھا۔ آگے اُس شب کے برکات و منافع کا بیان ہے کہ) اس رات میں ہر حکمت والا معاملہ ہماری پیشی سے حکم (صادر) ہو کر طے کیا جاتا ہے (یعنی سال بھر کے معاملات جو سارے کے سارے ہی حکمت پر مبنی ہوتے ہیں جس طرح انجام دینے اللہ کو منظور ہوتے ہیں اس طریقے کو متعین کر کے اُن کی اطلاع متعلقہ فرشتوں کو کر کے اُن کے سپرد کر دیئے جاتے ہیں، چونکہ وہ رات ایسی ہے اور نزول قرآن سب سے زیادہ حکمت والا کام تھا اسلئے اس کے لئے بھی یہی رات منتخب کی گئی اور یہ قرآن اسلئے نازل کیا گیا کہ) ہم بوجہ رحمت کے جو آپکے رب کیطرف سے ہوتی ہے آپ کو پیغمبر بنانیوالے تھے (تاکہ آپکی معرفت اپنے بندوں کو آگاہ کر دیں) بیشک وہ بڑا سُننے والا بڑا جاننے والا ہے (اسلئے بندوں کی رعایت کرتا ہے، اور وہ ایسا ہے) جو کہ مالک ہے آسمانوں اور زمین کا اور جو (مخلوق) ان دونوں کے درمیان میں ہے اسکا بھی، اگر تم یقین لانا چاہو (تو یہ توحید کے دلائل یقین لانے کے لئے کافی موجود ہیں، آگے توحید کی تصریح ہے کہ) اسکے سوا کوئی لائق عبادت کے نہیں، وہی جان ڈالتا ہے وہ ہی جان نکالتا ہے، وہ تمھارا بھی پروردگار ہے اور تمھارے اگلے باپ دادوں کا بھی پروردگار ہے (اور اس تصریح و توضیح کا تقاضا تو یہ تھا کہ وہ لوگ مان لیتے مگر یہ لوگ پھر بھی نہیں مانتے) بلکہ وہ (توحید جیسے حقائق کیطرف سے) شک میں (پڑے) ہیں (اور دُنیا کے) کھیل (کود) میں مصروف ہیں (آخرت کی فکر نہیں جو حق کو طلب کریں اسمیں غور سے کام لیں)۔

معارف و مسائل

فضیلت سورت حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص جمعہ کی رات میں سورۂ دُخان پڑھ لے تو صبح کو اسکے گناہ معاف ہو چکے ہونگے۔ اور حضرت امامہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے جمعہ کی رات یا دن میں سورۂ دُخان پڑھ لی اللہ تعالیٰ اسکے لئے جنّت میں گھر بنائیں گے (قرطبی بروایت ثعلبی)

آیاتِ مذکورہ میں قرآن کی عظمت اور بعض خاص صفات کا بیان ہے وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ یعنی واضح کتاب سے مراد قرآن ہے۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے قرآن کی قسم کھا کر ارشاد فرمایا ہے کہ اسکو ہم نے ایک مبارک رات میں نازل فرمایا جسکا مقصد غافل انسانوں کو بیدار کرنا ہے۔ اسی طرح کی قسم انہی الفاظ کے ساتھ سورۂ زخرف کے شروع میں بھی گزر چکی ہے وہاں اسکا بیان آچکا ہے۔

لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ سے مُراد جمہور مفسّرین کے نزدیک شبِ قدر ہے جو رمضان مبارک کے آخری عشرہ میں ہوتی ہے۔ اس رات کو مبارک فرمانا اس لئے ہے کہ اس رات میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے اپنے بندوں پر بے شمار خیرات و برکات نازل ہوتی ہیں اور قرآن کریم کا شبِ قدر میں نازل ہونا

قرآن کی سُورۂ قدر میں تصریح کے ساتھ آیا ہے اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ، اس سے ظاہر ہوا کہ یہاں بھی لیلۂ مبارکہ سے مراد شبِ قدر ہی ہے۔ اور ایک حدیث میں رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ بھی منقول ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جتنی کتابیں ابتدار دُنیا سے آخر تک اپنے انبیاء علیہم السّلام پر نازل فرمائی ہیں وہ سب کی سب ماہ رمضان المبارک ہی کی مختلف تاریخوں میں نازل ہوئی ہیں۔ حضرت قتادہ نے بروایت واثلہؓ نقل کیا ہے کہ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صحف ابراہیم علیہ السّلام رمضان کی پہلی تاریخ میں اور تورات رمضان کی چھٹی تاریخ میں، زبور بارھویں میں انجیل اٹھارویں میں، اور قرآن چوبیس تاریخ گزرنے کے بعد یعنی پچیسویں شب میں نازل ہوا (قرطبی)

قرآن کے شبِ قدر میں نازل ہونے کا مطلب یہ ہے کہ لوحِ محفوظ سے پُورا قرآن سماءِ دُنیا پر اسی رات میں نازل کر دیا گیا تھا پھر تیئیس سال کی مدت میں تھوڑا تھوڑا رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوتا رہا۔ اور بعض حضرات نے فرمایا کہ ہر سال میں جتنا قرآن نازل ہونا مقدر ہوتا تھا اتنا ہی شبِ قدر میں لوحِ محفوظ سے سماءِ دُنیا پر نازل کر دیا جاتا تھا (قرطبی)

اور بعض مفسّرین عکرمہؒ وغیرہ سے منقول ہے کہ انھوں نے اس آیت میں لیلۂ مبارکہ سے مراد شبِ برارت یعنی نصف شعبان کی رات قرار دی ہے مگر اس رات میں نزولِ قرآن دوسری تمام نصوصِ قرآن اور روایاتِ حدیث کے خلاف ہے شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْٓ اُنْزِلَ فِیْهِ الْقُرْاٰنُ اور اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ جیسی کھُلی نصوص کے ہوتے ہوئے بغیر کسی قوی دلیل کے نہیں کہا جا سکتا کہ نزولِ قرآن شبِ برارت میں ہوا۔ البتہ شعبان کی پندرھویں شب کو بعض روایاتِ حدیث میں شبِ برارت یا لیلۃ الصّک کے نام سے تعبیر کیا گیا ہے اور اس رات کا مبارک ہونا اور اسمیں اللہ تعالیٰ کی رحمت کے نزول کا ذکر ہے۔ اس کے ساتھ بعض روایات میں یہ مضمون بھی آیا ہے جو اس جگہ لیلۂ مبارکہ کی صفت میں بیان فرمایا ہے یعنی فِیْهَا یُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِیْمٍ ۙ اَمْرًا مِّنْ عِنْدِنَا یعنی اس رات میں ہر حکمت والے معاملہ کا فیصلہ ہماری طرف سے کیا جاتا ہے جس کے معنی حضرت ابنِ عباسؓ نے یہ بیان فرمائے ہیں کہ یہ رات جس میں نزولِ قرآن ہوا، یعنی شبِ قدر، اسی میں مخلوقات کے متعلق تمام اہم اُمور جن کے فیصلے اس سال میں اگلی شبِ قدر تک واقع ہونے والے ہیں طے کئے جاتے ہیں کہ کون کون اس سال میں پیدا ہونگے، کون کون آدمی اس میں مریں گے، کس کو کسقدر رزق اس سال میں دیا جائے گا۔ یہی تفسیر دوسرے ائمہ تفسیر حضرت قتادہؒ، مجاہدؒ، حسنؒ وغیرہم سے بھی منقول ہے اور مہدوی نے فرمایا کہ معنی اسکے یہ ہیں کہ یہ تمام فیصلے جو تقدیرِ الٰہی میں پہلے ہی سے طے شدہ تھے اس رات میں متعلقہ فرشتوں کے سپرد کر دیئے جاتے ہیں، کیونکہ قرآن و سُنّت کی دوسری نصوص اس پر شاہد ہیں کہ اللہ تعالےٰ نے یہ فیصلے انسان کی پیدائش سے بھی پہلے ازل ہی میں لکھدیئے تھے۔ تو

اس رات میں اُن کے طے کرنیکا حاصل یہی ہوسکتا ہے کہ قضاء وقدر کی تنفیذ جن فرشتوں کے ذریعہ ہوتی ہے اس رات میں یہ سالانہ احکام ان کے سُپرد کردیئے جاتے ہیں (قرطبیؒ)

چونکہ بعض روایاتِ حدیث میں شبِ برارت یعنی شعبان کی پندرہویں شب کے متعلق بھی آیا ہے کہ اس میں آجال وارزاق کے فیصلے لکھے جاتے ہیں۔ اسلئے بعض حضرات نے آیت مذکورہ میں لیلۂ مبارکہ کی تفسیر لیلۃ البرارت سے کردی ہے مگر یہ صحیح نہیں کیونکہ یہاں اس رات میں نزولِ قرآن کا ذکر سب سے پہلے ہے اور اسکا رمضان میں ہونا قرآن کی نصوص سے متعین ہے۔ اور شبِ برارت کے متعلق جو یہ مضمون بعض روایات میں آیا ہے کہ اسمیں ارزاق وغیرہ کے فیصلے ہوتے ہیں اوّل تو ابن کثیرؒ نے اسکے متعلق فرمایا کہ یہ روایت مرسَل ہے اور ایسی روایت نصوص صریحہ کے مقابلہ میں قابلِ اعتماد نہیں ہوسکتی۔ اسی طرح قاضی ابوبکرؒ بن عربی نے فرمایا کہ نصف شعبان کی رات کے بارے میں کوئی قابلِ اعتماد روایت ایسی نہیں جس سے ثابت ہو کہ رزق اور موت وحیات کے فیصلے اس رات میں ہوتے ہیں بلکہ انھوں نے فرمایا کہ اس رات کی فضیلت میں بھی کوئی قابلِ اعتماد حدیث نہیں آئی لیکن روح المعانی میں ایک بلاسند روایت حضرت ابنِ عباسؓ سے اس مضمون کی نقل کی ہے کہ رزق اور موت وحیات وغیرہ کے فیصلے نصف شعبان کی رات میں لکھے جاتے ہیں اور شبِ قدر میں فرشتوں کے حوالے کئے جاتے اگر یہ روایت ثابت ہو تو اس طرح دونوں قول میں تطبیق ہوسکتی ہے ورنہ اصل بات جو ظاہرِ قرآن اور احادیثِ صحیحہ سے ثابت ہے وہ یہی ہے کہ سُورۂ دُخان کی آیت میں لیلۂ مبارکہ اور فیہا یُفرق وغیرہ کے سب الفاظ شبِ قدر ہی کے متعلق ہیں۔ رہا شبِ برارت کی فضیلت کا معاملہ، سو وہ ایک مستقل معاملہ ہے جو بعض روایاتِ حدیث میں منقول ہے مگر وہ اکثر ضعیف ہیں اسی لئے قاضی ابوبکر بن عربیؒ نے اس رات کی کسی فضیلت سے انکار کیا ہے لیکن شبِ برارت کی فضیلت کی روایات اگرچہ باعتبار سند کے ضعف سے کوئی خالی نہیں لیکن تعدّد طُرق اور تعدّد روایات سے ان کو ایک طرح کی قوّت حاصل ہوجاتی ہے اس لئے بہت سے مشائخ نے ان کو قبول کیا ہے کیونکہ فضائل اعمال میں ضعیف روایات پر عمل کرلینے کی بھی گنجائش ہے۔ واللہ اعلم

فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَاْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ ۝١٠ يَّغْشَى النَّاسَ ۭ

سو تو انتظار کر اُس دن کا کہ لائے آسمان دُھواں صریح جو گھیر لیوے لوگوں کو

هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝١١ رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ۝١٢

یہ ہے عذاب دردناک اے رب کھولدے ہم پر سے یہ آفت ہم یقین لاتے ہیں

اَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى وَقَدْ جَاۗءَهُمْ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ۝١٣ ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوْا

کہاں ملے اُن کو سمجھنا اور آچکا اُن کے پاس رسُول کھول کر سُنانے والا پھر اُس سے بیٹھ پھیری اور کہنے لگے

مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ ﴿۱۴﴾ اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا اِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ ﴿۱۵﴾

سکھایا ہوا ہے باؤلا ہم کھولے دیتے ہیں یہ عذاب تھوڑی مدت تک تم پھر وہی کرو گے

يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى ۚ اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ ﴿۱۶﴾

جس دن پکڑیں گے ہم بڑی پکڑ تحقیق ہم بدلہ لینے والے ہیں

خُلاصۂ تفسیر

(اور جب یہ لوگ حق کے واضح ہونے کے باوجود نہیں مانتے) سو آپ (ان کے لئے) اُس روز کا انتظار کیجئے کہ آسمان کیطرف ایک نظر آنے والا دُھواں پیدا ہو جو اِن سب لوگوں پر عام ہو جاوے یہ (بھی) ایک دردناک سزا ہے (جو اُن کو ہوگی، اس سے مُراد غلّہ کا قحط ہے جس میں اہلِ مکہ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی بد دُعا سے مبتلا ہو گئے تھے۔ اور یہ بد دُعا ایک مرتبہ مکہ میں ہوئی تھی اور ایک بار مدینہ میں، اور قاعدہ ہے کہ بھوک کی شدت اور خشکی میں آسمان و زمین کے درمیان آنکھوں کے سامنے دُھواں سا نظر آیا کرتا ہے۔ غرض اہلِ مکہ اپنی جانوں سے تنگ آ گئے اور لگے عاجزی کرنے، چنانچہ پیشین گوئی کے طور پر فرماتے ہیں کہ اس وقت جناب باری میں عرض کریں گے کہ) اے ہمارے رب ہم سے اس مصیبت کو دُور کر دیجئے ہم ضرور ایمان لے آویں گے (چنانچہ پیشین گوئی اس طرح پوری ہوئی کہ ابوسفیان اور دیگر قریش نے آپ کو لکھا بھی اور آئے بھی کہ آپ دُعا کریں اور ثمامہ رئیسِ یمامہ کو جسنے غلہ بند کر دیا تھا سمجھا دیں، اور صاحبِ رُوح نے ابوسفیان کا وعدۂ ایمان بھی نقل کیا ہے، آگے انکے اس وعدے کا صدق دل سے نہ ہونا ارشاد فرماتے ہیں کہ) ان کو (اس سے) کب نصیحت ہوتی ہے (جس سے انکے ایمان کی توقع کی جاوے) حالانکہ (اس کے قبل) انکے پاس ظاہر شان کا پیغمبر آیا (یعنی جس کی شانِ نبوّت ظاہر تھی) پھر بھی یہ لوگ اس سے سرتابی کرتے رہے اور یہی کہتے رہے کہ (کسی دوسرے بشر کا) سکھایا ہوا ہے (اور) دیوانہ ہے (پس جب اتنے بڑے رسُول کے آنے پر جس کے دلائلِ رسالت میں کوئی تاویل ہی نہیں ہو سکتی، یہ لوگ ایمان نہیں لائے تو قحط کے ہونے پر جس میں بے انصاف آدمی یہ بھی احتمال نکال سکتا ہے کہ یہ ایک معمولی واقعہ ہے جو طبعی اسباب کے تحت ہوا ہے اور کفر کی سزا نہیں ہے کب ایمان لانے کی اُمید ہے، اُن کا یہ کہنا محض دفع الوقتی ہے مگر خیر ہم (حجّت تمام کرنے کے لئے) چندے اس عذاب کو ہٹا دیں گے (مگر) تم پھر اپنی اُسی (پہلی) حالت پر آجاؤ گے (چنانچہ یہ پیشین گوئی اس طرح پوری ہوئی کہ آپ نے دُعا فرمائی، بارش ہوئی، اور ثمامہ کو بھی خط لکھا کہ غلّہ آنے دیں، اور اہلِ مکہ کو فارغ البالی میسّر ہوئی مگر ایمان تو کیا لاتے وہ نرمی اور شکستگی بھی جاتی رہی، پھر وہی زور اور وہی شور۔ اور "چندے" اس لئے فرمایا کہ اس عذاب

کے ٹلنے کی مدت صرف دُنیوی زندگی تک ہے پھر مرنیکے بعد جو مصیبت آوے گی اسکا کہیں خاتمہ نہیں، چنانچہ ارشاد ہے کہ) جس روز ہم بڑی سخت پکڑ پکڑیں گے (اُس روز) ہم (پورا) بدلہ لے لیں گے (یعنی آخرت میں پوری سزا ہوگی)

معارف و مسائل

آیتِ مذکورہ میں جس دُخان مبین کا ذکر بطور پیشین گوئی کے آیا ہے کہ آپ انتظار کریں اُس واضح دھویں کا جو آسمان پر ہوگا اور لوگوں پر چھا جائے گا، اسکے متعلق حضرات صحابہ و تابعین سے تین قول منقول ہیں۔ اوّل یہ کہ یہ علامات قیامت میں سے ایک علامت ہے جو قیامت کے بالکل قریب واقع ہوگی۔ یہ قول حضرت علی مرتضیٰؓ اور ابن عباسؓ، ابن عمرؓ، ابو ہریرہؓ اور زید بن علیؒ اور حسن بصریؒ، ابن ابی ملیکہؒ وغیرہ کا ہے اور حضرت ابو سعید خدریؓ اور حذیفہ بن اسید غفاری رضؓ سے یہ قول مرفوعاً بھی روایت کیا گیا ہے جس کی تفصیل آگے آتی ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ پیشین گوئی واقع ہو چکی ہے اور اسکا مصداق مکہ مکرمہ کا قحط ہے جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی بددُعا سے اُن پر مسلّط ہوا تھا وہ بھوکوں مرنے لگے، مُردار جانور تک کھانے لگے، آسمان پر بجائے بارش کے دل کے اُن کو دُھواں نظر آتا تھا۔ یہ قول حضرت عبداللہ بن مسعود رضؓ وغیرہ کا ہے۔ تیسرا قول یہ ہے کہ اس دُخان سے مراد وہ گرد و غبار ہے جو فتح مکہ کے روز مکّہ مکرمہ کے آسمان پر چھا گیا تھا، یہ قول عبدالرحمٰن اعرج وغیرہ کا ہے۔ (قرطبیؒ) زیادہ معروف پہلے ہی دو قول ہیں، تیسرے قول کے متعلق ابن کثیرؒ نے فرمایا: ہذا القول غریب جدًا بل مُنکر۔ باقی دونوں کا ذکر احادیث صحیحہ میں آیا ہے، روح المعانی نے دوسرے قول کو ترجیح دی ہے اور مذکور الصدر خلاصہ تفسیر بیان القرآن میں اسی کو اختیار کیا گیا ہے ابن کثیرؒ اور قرطبیؒ سے پہلے قول کی ترجیح معلوم ہوتی ہے واللہ اعلم، دونوں اقوال کی روایات حسب ذیل ہیں۔

صحیح مسلم میں حضرت حذیفہ بن اسید رضؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک بالاخانے سے ہم پر نظر فرمائی، ہم آپس میں علاماتِ قیامت کا تذکرہ کر رہے تھے، آپؐ نے فرمایا کہ قیامت اُسوقت تک قائم نہ ہوگی جب تک تم دس علامتیں نہ دیکھ لو۔ آفتاب کا مغرب کیجانب سے طلوع ہونا، اور دُخان[2] اور دابّہ[3] اور یاجوج[4] ماجوج کا خروج۔ اور عیسیٰ[5] علیہ السلام کا نزول اور دجّال[6] کا خروج اور تین خسوف یعنی زمین میں دھنس جانا۔ ایک خسف[7] مشرق میں دوسرا[8] مغرب میں تیسرا[9] جزیرۃ العرب میں۔ اور آگ[10] جو قعرِ عدن سے نکلے گی لوگوں کو ہنکا کر لے چلے گی جہاں رات کو لوگ سونے کے لئے ٹھہریں گے رُک جاویگی جہاں دوپہر کو آرام کیلئے رُکیں گے یہ بھی رُک جائیگی (ابن کثیر)

ابن جریر نے ابو مالک اشعری رضؓ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں

تمھیں تین چیزوں سے ڈراتا ہوں ۔ ایک دُخان (یعنی دُھواں) جو مؤمن کے لئے صرف ایک طرح کا زکام پیدا کر دیگا اور کافر کے تمام بدن میں بھر جائے گا یہانتک کہ اسکے ہر مسمع اور مسام سے نکلنے لگے گا اور دوسری چیز دابّہ (یعنی دابۃ الارض کوئی عجیب قسم کا جانور زمین سے نکلے گا) اور تیسرے دجّال۔ اس روایت کو ابن کثیر نے نقل کر کے فرمایا (ہذا اسناد جیّد) اسی مضمون کی ایک روایت بحوالہ ابن ابی حاتم حضرت ابو سعید خدری رضؓ سے بھی ابن کثیرؒ نے نقل کی ہے ۔ اور بحوالہ ابن ابی حاتم حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ سے یہ روایت نقل کی ہے کہ دخان کی پیشین گوئی گزری نہیں (بلکہ قرب قیامت میں) یہ دُھواں مؤمن کے لئے ایک طرح کا زکام پیدا کر دیگا اور کافر کے اندر بھر جائیگا یہانتک کہ اسکے ہر منفذ سے نکلنے لگے گا اسی طرح کا مضمون بحوالہ ابنِ جریر حضرت عبداللہ بن عمر رضؓ اور حضرت ابن عباس رضؓ سے بھی نقل کیا ہے جس کو نقل کر کے ابن کثیرؒ نے فرمایا:

هذا اسناد صحيح الى ابن عباس رض حبر الامة وترجمان القرآن وهكذا قول من وافقه من الصحابة والتابعين رض مع الاحاديث المرفوعه من الصحاح والحسان وغيرها التى اوردوها مما فيه مقنع ودلالة ظاهرة على ان الدخان من الايات المنتظرة مع انه ظاهر القرآن (فارتقب يوم تاتى السماء بدخان مبين) وعلى ما فسره ابن مسعود انما هو خيال رأوه فى اعينهم من شدة الجوع والجهد وهكذا قوله تعالى (يغشى الناس) اى يتغشاهم ويعمهم ولكان امرا خياليا مخيص اهل مكة المشركين لما قيل فيه يغشى الناس

حضرت ابنِ عباس حبرِ اُمت اور ترجمان القرآن تک اسناد صحیح ہے اور یہی قول دوسرے حضرات صحابہ و تابعین کا ہے جنھوں نے ابن عباس رضؓ کی موافقت فرمائی ہے اسکے ساتھ وہ احادیث مرفوعہ جن میں بعض صحیح بعض حسن ہیں وہ بھی یہ ثابت کرنے کے لئے کافی ہیں کہ دُخان اُن علاماتِ قیامت میں سے ہے جن کا انتظار ہے ابھی آئی نہیں، خصوصاً جبکہ ظاہر الفاظ قرآن بھی اس پر شاہد ہیں اور حضرت عبداللہ بن مسعود کی تفسیر مشہور میں جس دھویں کا ذکر ہے وہ تو ایک خیالی دُھواں تھا جو بھوک کی شدت سے اُن کی آنکھوں کو محسوس ہوتا تھا اسکے لئے لفظ یغشی الناس بعید معلوم ہوتا ہے کیونکہ یہ خیالی دُھواں تو اہلِ مکہ کے لئے مخصوص تھا اور یغشی الناس کے الفاظ یہ بتلاتے ہیں کہ وہ سب لوگوں پر عام طور پر چھا جائے گا۔

اور پہلے یعنی حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے قول کی روایت صحیحین اور مسند احمد اور ترمذی نسائی وغیرہ میں اس طرح آئی ہے کہ حضرت مسروقؒ نے روایت کیا ہے کہ ایک روز ہم کوفہ کی مسجد میں داخل ہوئے جو ابواب کندہ کے قریب ہے وہاں دیکھا کہ ایک واعظ لوگوں کو وعظ سُنا رہا ہے اور اس آیت یعنی یَوْمَ تَاْتِی السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِیْنٍ کے متعلق اُسنے مخاطبین سے سوال کیا کہ تم جانتے ہو کہ اس دُخان سے کیا مُراد ہے پھر فرمایا کہ یہ ایک دھواں ہوگا جو قیامت کے روز نکلے گا

جو منافقین کے کانوں اور آنکھوں کو لے لیگا اور مؤمن کو اس سے صرف زکام کی سی کیفیت پیدا ہوگی۔

مسروقؒ کہتے ہیں کہ واعظ کی یہ بات سُن کر ہم حضرت عبداللہ بن مسعود رضؓ کے پاس گئے اُن سے اسکا ذکر کیا وہ لیٹے ہوئے تھے گھبرا کر اُٹھ بیٹھے اور فرمایا کہ اللہ نے تمھارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ہدایت فرمائی ہے کہ قُلْ مَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ، یعنی میں تم سے تمھاری خدمت تعلیم و تبلیغ کا کوئی معاوضہ نہیں مانگتا اور نہ میں اُن لوگوں میں سے ہوں جو تبکلّف کوئی بات بنائیں۔ اسلئے علم کا تقاضا یہ ہے کہ آدمی جس چیز کو نہیں جانتا صاف کہدے کہ میں نہیں جانتا اسکا علم اللہ ہی کو ہے (تکلّف سے بات نہ بناوے) پھر فرمایا کہ اب تمھیں اس آیت کی تفسیر کا ایک واقعہ سُناتا ہوں، وہ یہ ہے کہ جب قریش نے رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی دعوتِ اسلام کو قبول کرنے سے انکار اور اپنے کفر پر اصرار کیا تو رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اُن کے لئے بد دُعا فرمائی کہ یا اللہ ان پر ایسا قحط ڈالدے جیسا کہ آپ نے یوسف علیہ السلام کے زمانہ میں ڈالا تھا۔ اس بد دُعا کا اثر یہ ہوا کہ یہ لوگ شدید قحط میں مبتلا ہوگئے یہاں تک کہ ہڈیاں اور مُردار جانور تک کھانے لگے۔ یہ لوگ آسمان کیطرف نظریں اُٹھاتے تھے تو دھوئیں کے سوا کچھ نظر نہیں آتا تھا۔ اور ایک روایت میں ہے کہ ان کا کوئی آدمی آسمان کیطرف نظر اُٹھاتا تو بھوک کی شدت سے اس کو دھواں سا نظر آتا تھا۔ اسکے بعد عبداللہ ابن مسعود رضؓ نے استدلال میں یہ آیت تلاوت فرمائی فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَاْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ۔ جب واقعہ پیش آیا تو لوگ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور درخواست کی کہ اپنے قبیلہ مُضَر کے لئے اللہ سے بارش کی دُعا کریں ورنہ وہ سب ہلاک ہوجاویں گے، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دُعا فرمائی تو اللہ نے بارش دیدی، اس پر یہ آیت نازل ہوئی اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا اِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ، یعنی ہم تمھارے اس عذاب کو چند روز کے لئے ہٹائے لیتے ہیں (مگر جب تم مصیبت سے نکل جاؤگے) تو پھر اپنے کفر کی طرف لوٹ جاؤگے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا پھر وہ اپنے پچھلے حال کیطرف لوٹ گئے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى ج اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ، یعنی جس دن ہم سخت پکڑ پکڑیں گے اُسدن سے ڈرو، پھر ابن مسعود رضؓ نے فرمایا کہ یہ بطشہ کبریٰ یعنی بڑی سخت پکڑ غزوہ بدر میں ہوچکی۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضؓ نے یہ واقعہ نقل کرنے کے بعد فرمایا کہ پانچ چیزیں گزر چکی ہیں، یعنی دخان، روم، قمر، بطشہ، لزام (از ابن کثیر) دُخان سے مُراد اس تفسیر پر مکہ کا قحط ہے، اور روم سے مُراد وہ پیش گوئی ہے جو سورۂ رُوم میں انکے غلبہ کے متعلق آئی ہے وَهُمْ مِّنْ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ، اور قمر سے انشقاقِ قمر مُراد ہے جسکا ذکر اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ میں ہے، اور بطشہ تفسیر مذکور کے مطابق غزوہ بدر میں کفارِ قریش کا انجام ہے۔ اور لزام سے اشارہ اس آیت کیطرف ہے فَسَوْفَ يَكُوْنُ لِزَامًا۔

آیاتِ مذکورہ میں غور کیجئے تو ان میں چند پیشین گوئیاں ہیں۔ اوّل دھویں کا آسمان پر ظاہر ہونا اور سب لوگوں پر چھا جانا، دوسرے مشرکین کا اس عذاب سے عاجز آکر ایمان کا وعدہ کرکے اللہ سے دُعا مانگنا۔ تیسرے اُن کے وعدہ کا جھوٹا ہونا اور بعد میں مُکر جانا۔ چوتھے اللہ تعالیٰ کا انکے جھوٹے وعدہ پر بھی بطور اتمام حجّت کے کچھ عرصہ کیلئے ان سے عذاب کا ہٹا دینا اور یہ جتلا دینا کہ تم اس وعدہ پر قائم نہ رہوگے پانچویں پھر دوبارہ انکو سخت پکڑ میں پکڑ لینا۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی تفسیر کے مطابق یہ سب کی سب پیشین گوئیاں پُوری ہوچکیں، پہلی چار تو مکہ والوں پر قحط شدید مسلّط ہونے اور پھر اسکے رفع ہونیکے دَوران پوری ہوئیں اور پانچویں غزوۂ بدر میں پوری ہوگئی، لیکن اس تفسیر پر ظاہر الفاظ قرآنی سے یہ بعید معلوم ہوتا ہے کہ بُھوک کی شدّت کے سبب آسمان پر خیالی دُھواں نظر آنے کو قرآن کریم نے تَاْتِی السَّمَآءُ اور دُخَانٍ مُّبِیْنٍ اور تَغْشَی النَّاسَ کے الفاظ سے تعبیر کیا ہو کیونکہ بظاہر ان الفاظ سے عام آسمان پر کُھلا ہوا دُھواں چھا جانا اور سب لوگوں کا اُس دھوئیں سے متاثر ہونا معلوم ہوتا ہے۔ تفسیر مذکور میں نہ آسمان پر دھویں کا چھا جانا ثابت ہوتا ہے اور نہ لوگوں کا اس دھویں سے متاثر ہونا معلوم ہوتا ہے بلکہ یہ دھواں تو خود اُن کی اپنی شدّتِ مصیبت کا اثر تھا۔ اسی لئے حافظ ابنِ کثیرؒ نے ظاہر قرآن کے مطابق اسکو ترجیح دی کہ یہ دخان مبین علامات قیامت میں سے ہے اور اسکو ترجیح اس لئے بھی ہے کہ وہ روایاتِ مرفوعہ سے ثابت ہے۔ یہ صرف حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ کا اپنا قول ہے مگر اس تفسیر پر بظاہر اِنَّا کَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِیْلًا اِنَّکُمْ عَآئِدُوْنَ سے یہ اشکال ہوتا ہے کہ قیامت میں تو کفار سے کوئی عذاب نہیں ہٹایا جائیگا۔ یہاں چند روز کے لئے عذاب ہٹا دینے کا ذکر کیسے درست ہوگا؟ ابن کثیرؒ نے فرمایا کہ اسکے دو معنی ہوسکتے ہیں ایک یہ کہ مراد اس سے یہ ہو کہ اگر ہم تمھارے کہنے کے مطابق عذاب ہٹا دیں اور تمھیں پھر دُنیا میں لوٹا دیں تو تم پھر وہی کفر و انکار کرنے لگو گے جیسا کہ دوسری ایک آیت میں یہی مضمون اس طرح آیا ہے وَلَوْ رَحِمْنٰهُمْ وَكَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوْا فِیْ طُغْیَانِهِمْ یَعْمَهُوْنَ، اور ایک اور آیت میں فرمایا وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ، دوسرے معنے یہ بھی ہوسکتے ہیں کہ کَاشِفُوا الْعَذَابِ میں کشف عذاب سے مراد یہ ہو کہ اگرچہ عذاب آنے کے اسباب مکمل ہوچکے اور عذاب تمھارے قریب آچکا ہے مگر کچھ روز کے لئے ہم اس کو مؤخر کر دیتے ہیں جیسا کہ قوم یونس علیہ السّلام کے بارے میں آیا ہے كَشَفْنَا عَنْهُمْ الْعَذَابَ، حالانکہ قوم یونس علیہ السلام پر عذاب آ نہیں چکا تھا صرف آثارِ عذاب نظر آئے تھے اسکو کشف عذاب سے تعبیر کر دیا گیا ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ اگر دُخان کی پیش گوئی کو علاماتِ قیامت میں شمار کیا جائے تو کَاشِفُوا الْعَذَابِ کے الفاظ سے اس پر بھی کوئی اشکال نہیں رہتا اور اس تفسیر پر یَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى سے مراد روز قیامت کی پکڑ ہوگی۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی تفسیر میں جو غزوۂ بدر کی پکڑ کو فرمایا ہے وہ اپنی جگہ صحیح ہے وہ بھی ایک پکڑ سخت ہی تھی

لیکن اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ آگے قیامت میں اُس سے بڑی پکڑ نہو۔ اور اسمیں بھی کچھ بعد نہیں معلوم ہوتا کہ قرآن کریم نے کفارِ مکہ کو ایک آنیوالے عذاب سے ان آیات میں ڈرایا ہے اسکے بعد جو بھی عذاب اُن پر آیا اُس کو کسی درجہ میں اسکا مصداق سمجھ کر صحابۂ کرامؓ نے ان آیات کا ذکر فرمادیا ہو جس سے اس کے علاماتِ قیامت میں سے ہونے کی نفی نہیں ہوتی جیساکہ روح المعانی میں علامہ سفارینی کی کتاب البحور الزاخرہ کے حوالہ سے خود حضرت ابنِ مسعودؓ سے روایت کیا ہے۔

هما دخانان مضى واحد والذى بقى يملأ ما بين السماء والارض ولا يصيب المؤمن الا بالزكمة واما الكافر فيشق مسامعه فيبعث الله تعالىٰ عند ذلك الريح الجنوب من اليمن فتقبض روح كل مؤمن ويبقى شرار الناس (روح)

دُخان دو ہیں، ایک گزر چکا (یعنی قحط مکہ کے وقت) اور دوسرا جو باقی ہے وہ آسمان اور زمین کی درمیانی فضا کو بھر دیگا اور مؤمن کو اس سے صرف زکام کی کیفیت پیدا ہوگی اور کافر کے تمام منافذ کو پھاڑ ڈالیگا اسوقت اللہ تعالیٰ یمن کی طرف سے جنوبی ہوا بھیجدیں گے جو ہر مومن کی روح قبض کرلے گی اور صرف کفار شرار الناس باقی رہ جائیں گے۔

اگرچہ صاحب روح المعانی نے اپنی مختار تفسیر کے مطابق اس روایت کی صحت کے متعلق اپنے شک کا اظہار کیا ہے مگر یہ روایت ثابت ہو جائے تو ظواہر قرآن اور روایت مرفوعہ کیساتھ کوئی تعارض نہیں رہتا۔ واللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اعلم

وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ وَجَآءَهُمْ رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ ۙ﴿۱۷﴾ اَنْ اَدُّوْٓا

اور جانچ چکے ہیں ہم اُن سے پہلے فرعون کی قوم کو اور آیا اُن کے پاس رسول عزت والا کہ حوالہ کرو

اِلَيَّ عِبَادَ اللّٰهِ ؕ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ۙ﴿۱۸﴾ وَّاَنْ لَّا تَعْلُوْا عَلَى اللّٰهِ ۚ

میرے بندے خدا کے میں تمھارے پاس آیا ہوں بھیجا ہوا معتبر اور یہ کہ چڑھے نہ جاؤ اللہ کے مقابل

اِنِّيْٓ اٰتِيْكُمْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۚ﴿۱۹﴾ وَاِنِّيْ عُذْتُ بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ اَنْ

میں لاتا ہوں تمھارے پاس سند کھلی ہوئی اور میں پناہ لے چکا ہوں اپنے رب اور تمھارے رب کی اس

تَرْجُمُوْنِ ﴿۲۰﴾ وَاِنْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا لِيْ فَاعْتَزِلُوْنِ ﴿۲۱﴾ فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنَّ

بات سے کہ تم مجھ کو سنگسار کرو، اور اگر تم نہیں یقین کرتے مجھ پر تو مجھ سے پرے ہو جاؤ پھر دُعا کی اپنے رب سے کہ

هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ ﴿۲۲﴾ فَاَسْرِ بِعِبَادِيْ لَيْلًا اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ۙ﴿۲۳﴾

یہ لوگ گنہگار ہیں پھر لے نکل رات سے میرے بندوں کو البتہ تمھارا پیچھا کریں گے

وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ؕ اِنَّهُمْ جُنْدٌ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۲۴﴾ كَمْ تَرَكُوْا مِنْ

اور چھوڑ جا دریا کو تھما ہوا البتہ وہ لشکر ڈبونے والے ہیں بہت سے چھوڑ گئے

جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۙ﴿۲۵﴾ وَّزُرُوْعٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ۙ﴿۲۶﴾ وَّنَعْمَةٍ كَانُوْا

باغ اور چشمے اور کھیتیاں اور گھر خاصے اور آرام کا سامان جس میں

الشیخ

فِيهَا فٰكِهِيْنَ ﴿۲۷﴾ كَذٰلِكَ ۖ وَاَوْرَثْنٰهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ﴿۲۸﴾ فَمَا بَكَتْ

باتیں بنایا کرتے تھے یونہی ہوا اور وہ سب ہاتھ لگا دیا ہمنے ایک دوسری قوم کے، پھر نہ رویا

ع ۱ ۲۹ ۱۴ عَلَيْهِمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ وَمَا كَانُوْا مُنْظَرِيْنَ ﴿۲۹﴾ وَلَقَدْ نَجَّيْنَا

اُن پر آسمان اور زمین اور نہ ملی اُن کو ڈھیل اور ہم نے بچا نکالا

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مِنَ الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ﴿۳۰﴾ مِنْ فِرْعَوْنَ ۭ اِنَّهٗ

بنی اسرائیل کو ذلت کی مصیبت سے جو فرعون کیطرف سے تھی بیشک

كَانَ عَالِيًا مِّنَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۱﴾ وَلَقَدِ اخْتَرْنٰهُمْ عَلٰي عِلْمٍ عَلَى

وہ تھا چڑھ رہا حد سے بڑھ جانے والا اور ان کو ہم نے پسند کیا جان بُوجھ کر جہان کے

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَاٰتَيْنٰهُمْ مِّنَ الْاٰيٰتِ مَا فِيْهِ بَلٰٓؤٌا مُّبِيْنٌ ﴿۳۳﴾

لوگوں سے اور دیں ہمنے ان کو نشانیاں جن میں تھی مدد صریح

خُلاصۂ تفسیر

اور ہم نے ان سے پہلے قومِ فرعون کو آزمایا تھا اور (وہ آزمائش یہ تھی کہ) اُن کے پاس ایک معزز پیغمبر (یعنی موسیٰ علیہ السلام) آئے تھے (پیغمبر کے آنے سے آزمائش یہ ہوتی ہے کہ کون ایمان لاتا ہے اور کون نہیں لاتا اور اُنھوں نے آکر فرعون اور فرعون کی قوم سے فرمایا) کہ ان اللہ کے بندوں (یعنی بنی اسرائیل) کو (جن کو تم نے طرح طرح کی تکالیف میں پھنسا رکھا ہے) میرے حوالے کر دو (اور ان سے دست بردار ہو جاؤ کہ میں جہاں اور جس طرح مناسب ہو ان کو آزاد کر کے رکھوں) میں تمھاری طرف (خدا کا) فرستادہ (ہو کر آیا) ہوں (اور) دیانتدار ہوں (کوئی بات وحی سے کمی بیشی نہیں کرتا ہوں جو حکم ہوتا ہے پہنچاتا ہوں، پس تم کو ماننا چاہیئے) اور یہ (بھی فرمایا) کہ تم خدا سے سرکشی مت کرو (اوپر حقّ العباد کا امر تھا اور یہاں حقّ اللہ کا) میں تمھارے سامنے ایک واضح دلیل (اپنی نبوّت کی) پیش کرتا ہوں (مراد اس سے معجزۂ عصا و ید بیضا ہے) اور (جب فرعون و اہلِ فرعون نے نہ مانا بلکہ باہم مشورہ آپکے قتل کا ہوا اسوقت آپنے سُن کر فرمایا کہ) میں اپنے پروردگار اور تمھارے پروردگار کی پناہ لیتا ہوں اس سے کہ تم لوگ مجھ کو پتھر (وغیرہ) سے قتل کرو اور اگر تم مجھ پر ایمان نہیں لاتے تو تم مجھ سے الگ ہی رہو (یعنی مجھے تکلیف پہنچانے کے درپے مت ہو کیونکہ مجھ کو تو کوئی نقصان نہ پہنچے گا، مجھ سے اللہ کا وعدہ ہے فَلَا يَصِلُوْنَ اِلَيْكُمَا الخ لیکن تمھارا جُرم اور شدید ہو جائے گا، اسلئے خیر خواہی سے کہتا ہوں کہ ایسا مت کرو۔ مگر وہ کب باز آتے تھے) تب موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنے رب سے دُعا کی کہ یہ بڑے سخت مجرم لوگ ہیں (کہ جرائم سے باز نہیں آتے، اب ان کا فیصلہ کر دیجئے۔ ارشاد ہوا

کہ ہم نے دُعا قبول کی اور ان کے فیصلہ کا وقت آگیا) تو اب میرے بندوں (یعنی بنی اسرائیل) کو تم رات ہی رات میں لیکر چلے جاؤ (کیونکہ) تم لوگوں کا (فرعون کی طرف سے) تعاقب (بھی) ہوگا (اس لئے رات میں نکل جانے سے اتنی دُور تو نکل جاؤ گے کہ یہ تعاقب کر کے تم کو پا نہ سکے) اور (اثنائے سفر میں جو دریا حائل ہوگا) تم اس دریا کو (اوّل عصا مارنا کہ وہ خشک ہو کر رستہ دیدیگا، پھر پار ہونیکے بعد جب اُس کو اُسی حالت پر دیکھو تو فکر نہ کرنا کہ اسی طرح فرعون بھی شاید پار ہو جائیگا بلکہ تم اُس کو اسی) سکون کی حالت میں (یعنی پانی کے ہٹ جانے اور راستہ کے خشک ہو جانیسے دریا کی جو ہیئت پیدا ہوئی ہے اُسی ہیئت پر) چھوڑ دینا (اور بے فکر رہنا، کیونکہ اُسکے اس حالت میں رہنے کی یہ حکمت ہے کہ) اُن (فرعونیوں) کا سارا لشکر (اس دریا میں) ڈبویا جاویگا (اس طرح کہ وہ اسمیں گھُسیں گے اور جب اُس میں آجاویں گے تو چہار طرف سے پانی آملے گا چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ موسیٰ علیہ السّلام پار ہو گئے اور فرعونی غرق ہوئے اور) وہ لوگ کتنے ہی باغ اور (کتنے ہی) چشمے (یعنی نہریں) اور (کتنی ہی) کھیتیاں اور (کتنے ہی) عمدہ مکانات (اور کتنے ہی) آرام کے سامان جس میں وہ خوش رہا کرتے تھے چھوڑ گئے (یہ قصّہ) اسی طرح ہوا اور ہم نے ایک دوسری قوم کو ان کا مالک بنا دیا (مراد بنی اسرائیل ہیں) سو (چونکہ وہ نہایت مبغوض تھے اس لئے) نہ تو اُنپر آسمان و زمین کو رونا آیا اور نہ ان کو (عذاب سے کچھ اور) مہلت دی گئی (یعنی اگر کچھ اور جیتے تو عذابِ جہنّم سے کچھ اور دن بچے رہتے) اور ہم نے (اسطرح) بنی اسرائیل کو سخت ذلّت کے عذاب یعنی فرعون (کے ظلم و ستم) سے نجات دی۔ واقعی وہ (فرعون) بڑا سرکش (اور) حد (عبودیت) سے نکل جانیوالوں میں سے تھا (ایک نعمت تو بنی اسرائیل پر یہ ہوئی) اور (اسکے علاوہ) ہمنے بنی اسرائیل کو (اور بھی نعمتیں دے کر) اپنے علم (اور حکمت) کی رُو سے (بعض اُمور میں تمام) دُنیا جہان والوں پر (یا تمام اُمور میں ایک بڑے حصّہ مخلوق پر مثلاً اُس زمانے کے لوگوں پر) فوقیت دی اور (اُن نعمتوں میں انعام ہونے کے علاوہ اللہ کی قدرت پر دلالت بھی تھی جسکا حاصل یہ ہے کہ) ہمنے اُن کو (اپنی قدرت کی) ایسی (بڑی بڑی) نشانیاں دیں جن میں صریح انعام (پایا جاتا) تھا (یعنی جو احسان ان پر کیا گیا اسمیں دو وصف پائے جاتے تھے، انعام ہونا بھی اور دلیلِ قدرت ہونا بھی۔ پھر بعض ان میں حسّی نعمتیں تھیں جیسے فرعون سے نجات دلانا اور بعض معنوی تھیں جیسے علم و کتاب و مشاہدۂ معجزات)

معارف و مسائل

وَاِنِّیْ عُذْتُ بِرَبِّیْ وَرَبِّكُمْ اَنْ تَرْجُمُوْنِ (میں اپنے پروردگار اور تمھارے پروردگار کی پناہ لیتا ہوں اس سے کہ تم مجھے (رجم کرو) رجم کے معنی سنگسار کرنے یعنی پتھر مار مار کر ہلاک کر دینے کے

بھی آتے ہیں اور کسی کو گالی دینے اور بُرا بھلا کہنے کے بھی۔ یہاں دونوں معنیٰ مراد ہو سکتے ہیں لیکن راجح یہ ہے کہ یہاں سنگسار کرنے کے معنیٰ مُراد ہیں کیونکہ فرعون کی قوم حضرت موسیٰ علیہ السّلام کو قتل وغیرہ کی دھمکیاں دے رہی ہوگی۔

وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا (اور دریا کو سکون کی حالت میں چھوڑ دینا) "رَهْوٌ" کے معنی ہیں "ساکن" دراصل حضرت موسیٰ علیہ السّلام اور آپکے رفقاء کے پار ہو جانیکے بعد اُن کی خواہش طبعی طور پر یہ ہونی چاہیئے تھی کہ دریا دوبارہ اپنی اصلی حالت پر آجائے تاکہ فرعون کا لشکر پار نہ ہو سکے، اسلئے اللہ تعالیٰ نے انھیں تنبیہ فرمادی کہ خود پار ہونے کے بعد سمندر کو اسکی ہیئت پر ساکن ہی چھوڑ دینا، اور دوبارہ پانی کے جاری ہونے کی فکر مت کرنا، تاکہ فرعون خشک راستہ بنا ہوا دیکھ کر دریا کے بیچوں بیچ پہنچ جائے، اُس وقت ہم دریا کو جاری کردیں گے اور یہ لشکر ڈوب جائے گا (ابن کثیرؒ)

وَاَوْرَثْنٰهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ (اور ہم نے انکا وارث ایک دوسری قوم کو بنا دیا) سورۂ شعراء میں تصریح ہے کہ اس "دوسری قوم" سے مراد بنی اسرائیل ہیں۔ اور اس پر جو مشہور اشکال ہوتا ہے کہ مشہور تواریخ سے کہیں یہ ثابت نہیں ہوتا کہ بنی اسرائیل دوبارہ مصر میں آباد ہوئے، اسکا جواب بھی سورۂ شعراء کی تفسیر میں گزر چکا ہے۔

زمین و آسمان کا رونا

فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ (پس اُن پر آسمان و زمین کو رونا نہیں آیا) مطلب یہ ہے کہ اُنھوں نے زمین پر کوئی ایسا عملِ صالح نہیں کیا تھا کہ اُن کے مرجانے سے زمین روئے، اور نہ اُن کا کوئی نیک عمل آسمان تک پہنچا تھا کہ اُن کو آسمان روئے۔ اور یہ بات متعدد روایات سے ثابت ہے کہ کسی نیک بندے کی موت پر آسمان و زمین روتے ہیں۔ حافظ ابو یعلیٰؒ نے حضرت انسؓ کی روایت سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ آسمان میں ہر بندے کے لئے دو دروازے مقرر ہیں، ایک سے اسکا رزق نازل ہوتا ہے دوسرے سے اسکا عمل اور اس کی گفتگو اوپر پہنچتی ہے۔ چنانچہ جب وہ بندہ مرتا ہے تو یہ دروازے اُسے یاد کرکے روتے ہیں۔ اسکے بعد آپؐ نے (بطور استشہاد) یہی آیت تلاوت فرمائی کہ فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ، حضرت ابن عباسؓ سے بھی اسی قسم کی روایات مروی ہیں (ابن کثیرؒ) ایک اور حدیث میں جو حضرت شُریح بن عبید حضرمیؓ سے مروی ہے آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ "جو مومن بھی ایسی غریب الوطنی کی حالت میں مرتا ہے کہ اس پر کوئی رونے والا نہ ہو تو اسپر آسمان و زمین روتے ہیں، اسپر بھی آپؐ نے یہی آیت تلاوت فرمائی اور فرمایا کہ یہ زمین و آسمان کسی کافر پر نہیں روتے (ابن جریرؒ) حضرت علیؓ سے بھی منقول ہے کہ انھوں نے نیک آدمی کے مرنے پر آسمان و زمین کے رونے کا ذکر فرمایا (ابن کثیرؒ)

اور بعض حضرات نے آیت کے الفاظ کو مجاز و استعارہ قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ آسمان و زمین کا حقیقۃً رونا مراد نہیں، بلکہ مقصد یہ ہے کہ اُن کا وجود ایسا ناقابلِ التفات تھا کہ اسکے ختم ہو جانے

پر کسی کو افسوس نہیں ہوا۔ لیکن مذکورہ روایات کی روشنی میں راجح یہی معلوم ہوتا ہے کہ یہاں آسمان و زمین کا حقیقۃً رونا مُراد ہے کیونکہ جب آیت کے حقیقی معنیٰ ممکن ہیں اور روایات سے بھی اُن کی تائید ہوتی ہے تو خواہ مخواہ اسے مجاز و استعارہ پر محمول کرنے کی ضرورت نہیں۔ رہا یہ شبہ کہ آسمان و زمین میں شعور کہاں ہے جو وہ رو سکیں؟ تو اسکا جواب ظاہر ہے کہ کائنات کی ہر مخلوق میں کچھ نہ کچھ شعور ضرور موجود ہے جیسا کہ قرآن کریم کی آیت اِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِہٖ سے معلوم ہوتا ہے، اور اب رفتہ رفتہ جدید سائنس بھی اسی نتیجے پر پہنچ رہی ہے۔ ہاں یہ ضروری نہیں کہ آسمان و زمین کا رونا ویسا ہی ہو جیسے انسانوں کا رونا ہوتا ہے، اُنکے رونے کی کیفیت یقیناً مختلف ہوگی جس کی حقیقت ہمیں معلوم نہیں۔

وَلَقَدِ اخْتَرْنٰهُمْ عَلٰى عِلْمٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ (اور ہم نے بنی اسرائیل کو اپنے علم کی رُو سے دُنیا جہان والوں پر فوقیت دی) اس سے بنی اسرائیل کا اُمّتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا السّلام پر فائق ہونا لازم نہیں آتا، کیونکہ اس سے مراد اُس زمانے کے دُنیا جہان والے ہیں اور اسوقت بلاشبہ وہ تمام اقوام سے افضل تھے اور یہ ایسا ہی ہے جیسے حضرت مریمؑ کے لئے "نِساء العَالمین" پر فضیلت کا قرآنِ کریم نے ذکر فرمایا ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ کسی خاص پہلو سے بنی اسرائیل کو تمام دُنیا اور ہر زمانے کے لوگوں پر کوئی فضیلت حاصِل ہو لیکن مجموعی حیثیت سے افضلیت اُمّتِ محمدیہ ہی کو حاصِل ہے (تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو ابن کثیرؒ وغیرہ) اور علیٰ علمٍ (اپنے علم کی رُو سے) کا مطلب یہ ہے کہ ہمارے ہر کام میں حکمت ہوتی ہے پس انکو فوقیت دینا چونکہ ہمارے علم میں حکمت و مصلحت کا تقاضا تھا، اسلئے ہم نے اُن کو فوقیت دیدی۔

وَاٰتَيْنٰهُمْ مِّنَ الْاٰيٰتِ مَا فِيْهِ بَلٰٓؤٌا مُّبِيْنٌ (اور ہم نے اُن کو ایسی نشانیاں دیں، جنمیں صریح انعام تھا) نشانیوں سے مُراد عصا اور یدِ بیضا وغیرہ کے معجزات ہیں۔ اور بَلٰٓؤٌ کے دو معنی آتے ہیں، ایک انعام اور دوسرے آزمائش، یہاں دونوں معنیٰ بلا تکلف ممکن ہیں۔ (قرطبیؒ)

اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۳۴﴾ اِنْ هِيَ اِلَّا مَوْتَتُنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ

یہ لوگ کہتے ہیں اور کچھ نہیں ہمارا یہی مرنا ہے پہلا اور ہم کو

بِمُنْشَرِيْنَ ﴿۳۵﴾ فَاْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۳۶﴾ اَهُمْ خَيْرٌ

پھر اُٹھنا نہیں بھلا لے تو آؤ ہمارے باپ دادوں کو اگر تم سچے ہو بھلا یہ بہتر ہیں

اَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ ۙ وَّالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ اَهْلَكْنٰهُمْ ۙ اِنَّهُمْ كَانُوْا

یا تبّع کی قوم اور جو اُن سے پہلے تھے ہم نے اُن کو غارت کر دیا بیشک وہ تھے

مُجْرِمِيْنَ ﴿۳۷﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿۳۸﴾

گنہگار اور ہم نے جو بنایا آسمان اور زمین اور جو انکے بیچ ہے کھیل نہیں بنایا

مَا خَلَقْنٰهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّ يَوْمَ

اُن کو تو بنایا ہم نے ٹھیک کام پر بہت لوگ نہیں سمجھتے تحقیق فیصلہ

الْفَصْلِ مِيْقَاتُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۰﴾ يَوْمَ لَا يُغْنِيْ مَوْلًى عَنْ مَّوْلًى شَيْـًٔا وَّ

کا دن وعدہ ہے ان سب کا جس دن کام نہ آئے کوئی رفیق کسی رفیق کے کچھ بھی اور

۲ ع ۱۳ ۱۵ لَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۱﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ اللّٰهُ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۴۲﴾

نہ اُن کو مدد پہنچے مگر جس پر رحمت کرے اللہ بیشک وہی ہے زبردست رحم والا

خُلاصۂ تفسیر

یہ لوگ (قیامت کی وعیدیں سُن کر قیامت کا انکار کرتے ہیں اور) کہتے ہیں کہ اخیر حالت بس یہی ہمارا دُنیا کا مرنا ہے اور ہم دوبارہ زندہ نہ ہونگے (مطلب یہ کہ اخیر حالت وہ اُخروی زندگی نہیں بلکہ یہ دُنیوی موت ہی اخیر حالت ہے جس کے بعد کچھ ہونا نہیں ہے) سو (اے مسلمانو!) اگر تم (آخرت کے دعوے میں) سچّے ہو تو (انتظار کون کرے، ابھی) ہمارے باپ دادوں کو (زندہ کرا کے) لاموجود کرو (آگے ان کے کفریات پر تہدید ہے کہ ان کو ذرا سوچنا چاہیئے کہ) یہ لوگ (قوّت و شوکت میں) زیادہ بڑھے ہوئے ہیں یا تُبّع (بادشاہِ یمن) کی قوم اور جو قومیں اُن سے پہلے ہو گزری ہیں (مثلاً عاد و ثمود وغیرہ یعنی یہ قومیں زیادہ بڑھی ہوئی تھیں مگر) ہم نے اُن کو (بھی) ہلاک کر ڈالا (محض اسلئے کہ) وہ نافرمان تھے (سو یہ لوگ اگر نافرمانی سے باز نہ آئیں گے تو یہ کیونکر اپنے کو بچالیں گے) اور (آگے قیامت کی صحت اور حکمت کا بیان ہے کہ) ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ انکے درمیان میں ہے اُس کو اس طور پر نہیں بنایا کہ ہم فعلِ عبث کرنے والے ہوں (بلکہ) ہم نے ان دونوں کو (ان کی دوسری مخلوقات سمیت) کسی حکمت ہی سے بنایا ہے (مثلاً ان سے ایک تو اللہ کی قدرتِ کاملہ پر دلالت ہوتی ہے، دوسرے جزا و سزا کا ثبوت ملتا ہے) لیکن اکثر لوگ نہیں سمجھتے (کہ جو ذات ایسے عظیم اجسام کو ابتداءً پیدا کرنے پر قادر ہو وہ ان کی دوبارہ تخلیق پر بھی قادر ہے) بیشک فیصلہ کا دن (یعنی قیامت کا دن) ان سب (کے دوبارہ زندہ ہونے اور جزاء و سزا ملنے) کا وقت مقرر ہے (جسکا وقوع اپنے موقع پر ضرور ہوگا، آگے قیامت کے کچھ واقعات ہیں۔ یعنی) جس دن کوئی علاقہ والا کسی علاقہ والے کے ذرا کام نہ آوے گا، اور نہ اور ہی کسی کی طرف سے، مثلاً انکے مزعومہ خداؤں کیطرف سے) انکی کچھ حمایت کیجاویگی، ہاں مگر جس پر اللہ رحم فرماوے (کہ رحمت سے اسکے حق میں باری تعالیٰ کی اجازت سے کی گئی سفارش کام آویگی اور اللہ اسکا ناصر ہوگا) وہ (اللہ) زبردست ہے (کافروں سے انتقام لیگا) مہربان ہے (مسلمانوں پر رحمت فرماوے گا)۔

معارف ومسائل

فَاْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ (اگر تم سچے ہو تو ہمارے باپ دادوں کو لا موجود کرو) قرآن کریم نے اُن کے اس اعتراض کا جواب اس لئے نہیں دیا کہ بالکل ظاہر تھا اور وہ یہ کہ تمام انسانوں کی دوبارہ زندگی کا دعویٰ آخرت میں کیا جارہا ہے، اُسی وقت اللہ تعالیٰ سب کو زندہ کریگا۔ دُنیا میں موت وحیات قدرت کے مخصوص قوانین اور مصالح کی پابند ہے، اگر اللہ تعالیٰ اس وقت کسی کو دوسری زندگی عطا نہیں فرمارہا تو یہ اس بات کی دلیل کیسے بن گئی کہ آخرت میں بھی وہ دوبارہ زندہ نہ کرسکے گا۔ منطقی اصطلاح میں اس جواب کو یُوں تعبیر کیا جاسکتا ہے کہ مقیّد کا عدم وقوع مطلق کے عدم وقوع کو مستلزم نہیں ہوسکتا (بیان القرآن)

قومِ تُبّع کا واقعہ اَهُمْ خَيْرٌ اَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ ، (کیا یہ لوگ شان وشوکت کے اعتبار سے بڑھے ہوئے ہیں یا تُبّع کی قوم) قرآنِ کریم میں قومِ تُبّع کا ذکر دو جگہ آیا ہے۔ ایک یہاں اور دوسرے سورۂ قٓ میں، لیکن دونوں مقامات پر اسکا صرف نام ہی مذکور ہے کوئی مفصّل واقعہ مذکور نہیں۔ اس لئے اس بارے میں مفسّرین نے طویل بحثیں کی ہیں کہ اس سے کون مراد ہے؟ واقعہ یہ ہے کہ تُبّع کسی فردِ معیّن کا نام نہیں، بلکہ یہ یمن کے ان حمیری بادشاہوں کا متواتر لقب رہا ہے جنھوں نے ایک عرصہ دراز تک یمن کے مغربی حصّہ کو دارالسلطنت قرار دیکر عرب، شام، عراق اور افریقہ کے بعض حصّوں پر حکومت کی۔ اسی لئے تُبّع کی جمع تبابعہ آتی ہے اور ان بادشاہوں کو تبابعۂ یمن کہا جاتا ہے یہاں ان تبابعہ میں سے کونسا تُبّع مُراد ہے؟ اس بارے میں حافظ ابن کثیرؒ کی تحقیق زیادہ راجح معلوم ہوتی ہے کہ اس سے مُراد تُبّع اَوسط ہے جسکا نام اسعد ابوکریب بن ملیکرب یمانی ہے۔ یہ بادشاہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے کم از کم سات سو سال پہلے گزرا ہے اور حمیری بادشاہوں میں اسکی مدتِ سلطنت سب سے زیادہ رہی ہے۔ اس نے اپنے عہدِ حکومت میں بہت سے علاقے فتح کئے یہانتک کہ سمرقند تک پہنچ گیا۔ محمد بن اسحٰقؒ کی روایت ہے کہ انہی فتوحات کے دوران وہ ایک مرتبہ مدینہ منورہ کی بستی سے گزرا اور اس پر چڑھائی کا ارادہ کیا۔ اہلِ مدینہ نے یہ طریقہ اختیار کیا کہ دن کے وقت اس سے جنگ کرتے اور رات کو اس کی مہمانی کرتے۔ اس سے اس کو شرم آئی اور اسنے مدینہ والوں سے لڑائی کا ارادہ منسوخ کردیا۔ اسی دوران وہاں کے دو یہودی عالموں نے اُسے تنبیہ کی کہ اس شہر پر اسکا بس نہیں چل سکتا اسلئے کہ یہ نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وسلم کا مقامِ ہجرت ہے، چنانچہ وہ ان یہودیوں کو ساتھ لے لیکر یمن چلا آیا، اور ان یہودیوں کی تعلیم وتبلیغ سے متاثر ہوکر اُسنے دینِ موسوی کو قبول کرلیا جو اسوقت دینِ برحق تھا، پھر اس کی

قوم بھی اس سے متاثر ہوکر اسلام لے آئی لیکن اسکی وفات کے بعد یہ قوم پھر گمراہ ہوگئی اور اُسنے بُت پرستی اور آتش پرستی شروع کردی جس کے نتیجے میں اُن پر وہ قہرِ الٰہی نازل ہوا جسکا مفصّل ذکر سورۂ سبا میں آچکا ہے (خلاصہ از تفسیر ابن کثیرؒ ص ۱۴۴ ج ۴) اس واقعہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ جس تبّع کا یہاں ذکر ہے وہ بذاتِ خود اسلام لے آیا تھا البتہ اس کی قوم بعد میں گمراہ ہوگئی تھی یہی وجہ ہے کہ قرآن کریم میں دونوں جگہ قوم تُبّع کا ذکر کیا گیا ہے، تبّع کا نہیں۔ اسکی تائید حضرت سہل بن سعدؓ اور حضرت ابنِ عباسؓ کی روایتوں سے بھی ہوتی ہے جنھیں ابن ابی حاتمؒ، امام احمدؒ اور طبرانیؒ وغیرہ نے روایت کیا ہے کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، لا تسبّوا تبّعا فانہٗ قد کان اسلم، تبّع کو بُرا بھلا مت کہو، اس لئے کہ وہ اسلام لے آیا تھا (حوالۂ مذکور)

مَا خَلَقْنٰهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ (ہم نے ان دونوں یعنی زمین و آسمان کو کسی حکمت ہی سے بنایا ہے لیکن اکثر لوگ نہیں سمجھتے) مطلب یہ ہے کہ اگر سوچنے سمجھنے والی عقل ہو تو آسمان و زمین اور انکے اندر جو مخلوقات پیدا کی گئی ہیں وہ سب بہت سے حقائق پر دلالت کرتی ہیں، مثلاً ایک تو قدرتِ خداوندی پر۔ دوسرے آخرت کے امکان پر، کیونکہ جس ذات نے ان عظیم اجسام کو عدم سے وجود عطا کیا وہ یقیناً اس بات پر بھی قادر ہے کہ انھیں ایک مرتبہ فنا کرکے دوبارہ پیدا کردے۔ تیسرے جزاد سزا کی ضرورت پر، کیونکہ اگر آخرت کی جزا وسزا نہ ہو تو یہ سارا کارخانۂ وجود بیکار ہوجاتا ہے۔ اسکی تخلیق کی تو حکمت ہی یہ ہے کہ اسے دارالامتحان بنایا جائے، اور اسکے بعد آخرت میں جزا وسزا دی جائے ورنہ نیک و بد دونوں کا انجام ایک ہونا لازم آتا ہے جو اللہ کی شانِ حکمت سے بعید ہے۔ چوتھے یہ کائنات سوچنے سمجھنے والوں کو اطاعتِ خداوندی پر اُبھارنے والی بھی ہے کیونکہ یہ ساری مخلوقات اُسکا بہت بڑا انعام ہیں، اور بندے پر واجب ہے کہ اس نعمت کا شکر اسکے خالق کی اطاعت کرکے ادا کرے۔

إِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ﴿۴۳﴾ طَعَامُ الْاَثِيْمِ ﴿۴۴﴾ كَالْمُهْلِ ۚ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ ﴿۴۵﴾

مقرر درخت سیہنڈ کا کھانا ہے گنہگار کا جیسے پگھلا ہوا تانبا کھولتا ہے پیٹوں میں

كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ ﴿۴۶﴾ خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿۴۷﴾ ثُمَّ

جیسے کھولتا پانی پکڑو اس کو اور دھکیل کر لیجاؤ بیچوں بیچ دوزخ کے پھر

صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ ﴿۴۸﴾ ذُقْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ

ڈالو اس کے سر پر جلتے پانی کا عذاب یہ چکھ، تو ہی ہے بڑا عزت والا

الْكَرِيْمُ ﴿۴۹﴾ اِنَّ هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ تَمْتَرُوْنَ ﴿۵۰﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ

سردار یہ وہی ہے جس میں تم دھوکے میں پڑے تھے بیشک ڈرنے والے گھر

مَقَامٍ اَمِيْنٍ ﴿۵۱﴾ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۵۲﴾ يَّلْبَسُوْنَ مِنْ سُنْدُسٍ وَّ

میں ہیں چین کے باغوں میں اور چشموں میں پہنتے ہیں پوشاک ریشمی پتلی اور

اِسْتَبْرَقٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۵۳﴾ كَذٰلِكَ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ﴿۵۴﴾

گاڑھی ایک دوسرے کے سامنے اسی طرح ہوگا اور بیاہ دیں ہم اُن کو حوریں بڑی آنکھوں والیاں

يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ اٰمِنِيْنَ ﴿۵۵﴾ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا الْمَوْتَ

منگوائیں گے وہاں ہر میوہ دلجمعی سے نہ چکھیں گے وہاں موت

اِلَّا الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰى ۚ وَوَقٰىهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿۵۶﴾ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكَ ۭ

مگر جو پہلے آچکی اور بچایا اُن کو دوزخ کے عذاب سے فضل سے تیرے رب کے

ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۵۷﴾ فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ

یہی ہے بڑی مراد ملنی سو یہ قرآن آسان کیا ہم نے اسکو تیری بولی میں تاکہ

يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾ فَارْتَقِبْ اِنَّهُمْ مُّرْتَقِبُوْنَ ﴿۵۹﴾ ع ۳ ۱۶

وہ یاد رکھیں اب تو راہ دیکھ وہ بھی راہ تکتے ہیں

خُلاصۂ تفسیر

بیشک زقّوم کا درخت (جس کی تحقیق سورۂ صافّات کے دوسرے رکوع میں گزر چکی ہے) بڑے مجرم (یعنی کافر) کا کھانا ہوگا جو (صورت کے مکروہ ہونے میں) تیل کی تلچھن جیسا ہوگا (اور) وہ پیٹ میں ایسا کھولیگا جیسا تیز گرم پانی کھولتا ہے (اور فرشتوں کو حکم ہوگا کہ) اس کو پکڑو پھر گھسیٹتے ہوئے دوزخ کے بیچوں بیچ تک لیجاؤ، پھر اسکے سر کے اُوپر تکلیف دینے والا گرم پانی چھوڑو (اور اس سے بطور استہزار کہا جائے گا کہ) لے چکھ! تُو بڑا معزز مکرم ہے (یہ تیری تعظیم ہو رہی ہے جیسا تُو دُنیا میں اپنے آپ کو معظّم و مکرم سمجھ کر ہمارے احکام سے عار کیا کرتا تھا اور دوزخیوں سے کہا جائیگا کہ) یہ وہی چیز ہے جس میں تم شک (و انکار) کیا کرتے تھے (یہ تو کافر دوزخیوں کا حال ہوا آگے اہلِ ایمان کا ذکر ہے کہ) بیشک خدا سے ڈرنے والے امن (چین) کی جگہ میں ہوں گے یعنی باغوں میں اور نہروں میں (اور) وہ لباس پہنیں گے باریک اور دبیز ریشم کا، آمنے سامنے بیٹھے ہونگے (اور یہ) بات اسی طرح ہے، اور ہم ان کا گوری گوری بڑی بڑی آنکھوں والیوں سے بیاہ کردیں گے (اور) وہاں اطمینان سے ہر قسم کے میوے منگاتے ہونگے (اور) وہاں وہ بجز اُس موت کے جو دُنیا میں آچکی تھی اور موت کا ذائقہ بھی نہ چکھیں گے (یعنی مریں گے نہیں) اور اللہ تعالیٰ اُن کو دوزخ کے عذاب سے (بھی) بچالے گا (اور) یہ سب کچھ آپ کے رب کے فضل سے ہوگا، بڑی کامیابی

یہی ہے (اور اے پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم آپ کا کام اتنا ہے کہ آپ ان کو کہتے رہیئے) سو (اسی غرض سے) ہمنے اس قرآن کو آپ کی زبان (عربی) میں آسان کر دیا تاکہ یہ (اس کو سمجھ کر اس سے) نصیحت قبول کریں تو (اگر یہ لوگ نہ مانیں تو) آپ (ان پر مصائب کے نزول کے) منتظر رہیئے، یہ لوگ بھی (آپ پر مصائب کے نزول کے) منتظر ہیں (پس آپ تبلیغ سے زیادہ فکر میں نہ پڑیئے، نہ مخالفت پر رنج کیجئے، ان کا معاملہ خدا کے سپرد کر کے صبر کیجئے، وہ خود سمجھ لے گا)۔

معارف و مسائل

ان آیات میں آخرت کے کچھ احوال بیان کئے گئے ہیں، اور عادت کے مطابق یہاں بھی قرآن کریم نے دوزخ اور جنّت دونوں ہی کے احوال یکے بعد دیگرے بیان فرمائے ہیں۔

اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ، زقّوم کی حقیقت سے متعلق کچھ ضروری باتیں سورۂ صافات کی تفسیر میں لکھی جا چکی ہیں وہاں ملاحظہ فرمائی جائیں۔ یہاں اتنی بات قابل ذکر ہے کہ قرآن کریم کی آیات سے بظاہر یہ مترشح ہوتا ہے کہ کفّار کو زقّوم دوزخ میں داخل ہونے سے پہلے ہی کھلایا جائے گا کیونکہ یہاں زقّوم کھلانے کے بعد یہ حکم مذکور ہے کہ "اسے کھینچکر دوزخ کے بیچوں بیچ لیجاؤ"۔ اسکے علاوہ سُورۂ واقعہ کی آیت هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِ سے بھی بعض حضرات نے یہی سمجھا ہے، کیونکہ "نُزُل" انکے نزدیک اصلاً مہمان کی اس خاطر تواضع کو کہا جاتا ہے جو اصل دعوت سے پہلے کی جائے، بعد کے کھانے کو "ضیافۃ" یا "مأدبۃ" کہتے ہیں۔ یُوں قرآنی الفاظ میں احتمال اسکا بھی ہے کہ زقّوم کا کھلانا دخولِ جہنّم کے بعد ہو۔ اس صورت میں "نُزُل" کا استعمال دعوت کے اصل کھانیکے معنیٰ میں توسّعاً ہوگا۔ اور آیت زیر تفسیر میں جو اُسکے بعد جہنّم کی طرف گھسیٹ لیجانے کا ذکر ہے اسکا مطلب یہ ہوگا کہ وہ تھا تو پہلے بھی جہنّم ہی میں، لیکن زقّوم کھلانے کے بعد اسے مزید تذلیل اور ایذا رسانی کے لئے دوزخ کے وسط میں لیجایا جائے گا۔ واللہ اعلم (ملخص از بیان القرآن)

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ مَقَامٍ اَمِيْنٍ، ان آیات کے ذریعہ جنّت کی سرمدی نعمتوں کی طرف اشارہ کیا گیا ہے اور نعمت کی تقریباً تمام اصناف کو جمع کر دیا گیا ہے۔ کیونکہ انسانی ضرورت کی چیزیں عموماً یہ ہوتی ہیں: عمدہ[1] رہائش گاہ، عمدہ[2] لباس، بہتر[3] شریکِ زندگی، بہتر[4] ماکولات، پھر[5] ان سب نعمتوں کے باقی رہنے کی ضمانت اور[6] رنج و تکلیف سے کُلّی طور پر مأمون رہنے کا یقین۔ یہاں ان چھ کی چھ باتوں کو اہلِ جنّت کے لئے ثابت کر دیا گیا ہے جیسا کہ ان چھ آیتوں پر غور کرنے سے صاف ظاہر ہے۔ یہاں اہلِ جنّت کی قیامگاہ کو "اَمین" (پُرامن) کہہ کر اسطرف بھی اشارہ فرما دیا گیا ہے کہ انسانی رہائش گاہ کی سب سے قابلِ تعریف صفت اسکا پُرامن یعنی خطرات سے محفوظ ہونا ہے۔

سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ ، یہ دونوں ریشمی کپڑوں کے نام ہیں، سُنْدس رقیق ریشم کا کپڑا ہے اور استبرق دبیز ریشم کا۔

وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ، تزویج کے معنیٰ اصل میں ہیں کسی کو کسی کا جوڑ قرار دیدینا" بعد میں یہ لفظ نکاح کرانے کے معنیٰ میں بکثرت استعمال ہونے لگا ہے۔ اس جگہ اسکے دونوں معنیٰ ہوسکتے ہیں۔ دوسرے معنیٰ کے لحاظ سے مطلب یہ ہوگا کہ جنّتی مَردوں کا حُورِ عین سے باقاعدہ عقدِ نکاح کرا دیا جائے گا، اور اگرچہ جنّت میں کوئی شخص احکام کا مکلّف نہیں ہوگا لیکن یہ عقدِ نکاح بطور اعزاز واکرام کے ہوگا اسلئے کوئی اشکال نہیں، اور اگر پہلے معنیٰ لئے جائیں تو مطلب یہ ہوگا کہ حُورِ عین کو جنّتی مَردوں کا جوڑا قرار دیدیا جائے گا، اور وہ جنّتی عورتیں بطور ہبہ اُنھیں عطا کردی جائیں گی اور اس کے لئے دُنیا کی طرح عقدِ نکاح کی ضرورت نہیں ہوگی۔

لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا الْمَوْتَ اِلَّا الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰى ، مطلب یہ ہے کہ جو موت ایک مرتبہ آچکی بس وہ آچکی، اسکے بعد کوئی موت ان پر نہیں آئے گی۔ اور یہ بات اگرچہ اہلِ جہنّم کو بھی حاصل ہوگی، لیکن ظاہر ہے کہ وہ اُن کے لئے اور زیادہ تکلیف کا سبب ہوگی اور اہلِ جنّت کیلئے سرور کیف میں اضافے کا باعث۔ کیونکہ نعمت خواہ کتنی بڑی ہو اسکے زوال کا تصوّر لازماً کدورت کا سبب ہوتا ہے اور اہلِ جنّت جب یہ تصوّر کریں گے کہ یہ نعمتیں کبھی ہم سے نہیں چھنیں گی تو اس سے ان کی مسرتوں میں اضافہ ہوگا۔

الحمدللہ کہ آج بتاریخ ۶ رجب سنہ ۱۳۹۲ھ بروز پنجشنبہ بوقت نماز عشاء سورۂ دُخان کی تفسیر مکمل ہوئی

وللہ الحمد اوّلاً واٰخراً وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ محمدٍ وّعلیٰ اٰلہ واصحابہ اجمعین

سُورَۃُ الجَاثِیَۃ

سُورَۃُ الجَاثِیَۃِ مَکِّیَّۃٌ وَّھِیَ سَبْعٌ وَّثَلٰثُوْنَ اٰیَۃً وَّاَرْبَعُ رُکُوْعَاتٍ

سُورۂ جاثیہ مکّہ میں نازل ہوئی اس میں سینتیس ۳۷ آیتیں ہیں اور چار رکوع

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

حٰمٓ ① تَنْزِیْلُ الْکِتٰبِ مِنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ ② اِنَّ فِی

اُتارنا کتاب کا ہے اللہ کی طرف سے جو زبردست ہے حکمتوں والا بیشک

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰیٰتٍ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ③ وَفِیْ خَلْقِکُمْ وَمَا

آسمانوں میں اور زمین میں بہت نشانیاں ہیں ماننے والوں کے واسطے اور تمھارے بنانے میں اور

یَبُثُّ مِنْ دَآبَّۃٍ اٰیٰتٌ لِّقَوْمٍ یُّوْقِنُوْنَ ④ وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ

جسقدر پھیلا رکھے ہیں جانور نشانیاں ہیں ان لوگوں کے واسطے جو یقین رکھتے ہیں اور بدلنے میں رات

وَالنَّھَارِ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰہُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ رِّزْقٍ فَاَحْیَا بِہِ

دن کے اور وہ جو اُتاری اللہ نے آسمان سے روزی پھر زندہ کردیا

الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِھَا وَتَصْرِیْفِ الرِّیٰحِ اٰیٰتٌ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ⑤

اُس سے زمین کو اسکے مرجانے کے بعد اور بدلنے میں ہواؤں کے نشانیاں ہیں ان لوگوں کے واسطے جو سمجھ سے کام لیتے ہیں

تِلْکَ اٰیٰتُ اللّٰہِ نَتْلُوْھَا عَلَیْکَ بِالْحَقِّ ۚ فَبِاَیِّ حَدِیْثٍۢ بَعْدَ

یہ باتیں ہیں اللہ کی ہم سُناتے ہیں تجھ کو ٹھیک ٹھیک پھر کونسی بات کو اللہ اور

اللّٰہِ وَاٰیٰتِہٖ یُؤْمِنُوْنَ ⑥ وَیْلٌ لِّکُلِّ اَفَّاکٍ اَثِیْمٍ ⑦ یَّسْمَعُ

اُس کی باتوں کو چھوڑ کر مانیں گے خرابی ہے ہر جھوٹے گنہگار کے لئے کہ سُنتا ہے

اٰیٰتِ اللّٰہِ تُتْلٰی عَلَیْہِ ثُمَّ یُصِرُّ مُسْتَکْبِرًا کَاَنْ لَّمْ یَسْمَعْھَا ۚ فَبَشِّرْہُ

باتیں اللہ کی کہ اسکے پاس پڑھی جاتی ہیں، پھر ضد کرتا ہے غرور سے گویا سُنا ہی نہیں، سو خوشخبری سُنادے

بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝۸ وَاِذَا عَلِمَ مِنْ اٰيٰتِنَا شَيْـًٔا اتَّخَذَهَا هُزُوًا ؕ

اس کو ایک عذاب دردناک کی، اور جب خبر پائے ہماری باتوں میں سے کسی کی، اس کو ٹھہرائے ہنسی

اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝۹ مِّنْ وَّرَآئِهِمْ جَهَنَّمُ ۚ وَلَا يُغْنِيْ

ایسوں کو ذلت کا عذاب ہے پرے اُن کے دوزخ ہے اور کام نہ آئے گا

عَنْهُمْ مَّا كَسَبُوْا شَيْـًٔا وَّلَا مَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ ۚ

انکے جو کمایا تھا ذرا بھی اور نہ وہ کہ جن کو پکڑا تھا اللہ کے سوائے رفیق

وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝۱۰ هٰذَا هُدًى ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ

اور ان کے واسطے بڑا عذاب ہے یہ سمجھا دیا اور جو منکر ہیں اپنے رب کی باتوں سے

لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ۝۱۱ ع ۱۱/۱۷

انکے لئے عذاب ہے ایک بلا کا دردناک

خلاصۂ تفسیر

حٰمٓ، یہ نازل کی ہوئی کتاب ہے اللہ غالب حکمت والے کی طرف سے (اور جب یہ ایسی کتاب ہے تو اسکے مضامین کو خوب توجہ سے سننا چاہیئے، چنانچہ اس مقام پر ایک مضمون تو توحید کا ہے جسکا بیان یہ ہے کہ) آسمانوں اور زمین میں اہل ایمان کے (استدلال کے) لئے بہت سے دلائل (قدرت اور توحید کے) ہیں اور (اسی طرح) خود تمہارے اور ان حیوانات کے پیدا کرنے میں جن کو (زمین پر) پھیلا رکھا ہے (نیز) دلائل (قدرت و توحید) ہیں اُن لوگوں کے (سمجھنے کے) لئے جو یقین رکھتے ہیں اور (اسی طرح) یکے بعد دیگرے رات اور دن کے آنے جانے میں اور (اسی طرح) اُس (مادّہ) رزق میں جس کو اللہ تعالےٰ نے آسمان سے اُتارا (مراد بارش ہے) پھر اُس (بارش) سے زمین کو تر و تازہ کیا اسکے خشک ہوئے پیچھے اور (اسی طرح) ہواؤں کے بدلنے میں (باعتبار سمت اور کیفیت کے کہ کبھی پُروا ہے کبھی پچھوا۔ کبھی گرم ہے، کبھی سرد۔ غرض ان سب چیزوں میں) دلائل (قدرت و توحید موجود) ہیں اُن لوگوں کے لئے جو عقل (سلیم) رکھتے ہیں (اس سے توحید پر استدلال کا طریقہ پارۂ دوم اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ الخ میں گزر چکا ہے اور دوسرا مضمون نبوّت کا ہے جس کا بیان یہ ہے کہ) یہ اللہ کی آیتیں ہیں جو صحیح صحیح طور پر ہم آپ کو پڑھ کر سُناتے ہیں (جس سے نبوّت ثابت ہوتی ہے لیکن اتنی بڑی دلیلِ معجز کے باوجود بھی اگر یہ لوگ نہیں مانتے) تو پھر اللہ اور اس کی (ایسی) آیتوں کے بعد اور کونسی بات (اس سے بڑھ کر ہوگی جس) پر یہ لوگ ایمان لاویں گے۔ (اور تیسرا مضمون آخرت کا ہے جس میں ان مخالفینِ حق کو سزا بھی ہوگی جسکا بیان یہ ہے کہ) بڑی خرابی ہوگی ہر ایسے شخص کے

لئے جو (عقائد سے متعلق اقوال میں) جھوٹا ہو (اور اعمال میں) نافرمان ہو جو (باوجودیکہ) خدا کی آیتوں کو سُنتا (بھی) ہے جبکہ وہ اسکے روبرو پڑھی جاتی ہیں (اور) پھر بھی وہ تکبّر کرتا ہوا (اپنے کفر پر) اس طرح اڑا رہتا ہے جیسے اُسنے ان (آیتوں) کو سُنا ہی نہیں، سو ایسے شخص کو ایک دردناک عذاب کی خبر سُنا دیجئے (اور اُس شخص کی شرارت کا یہ حال ہے کہ) جب وہ ہماری آیتوں میں سے کسی آیت کی خبر پاتا ہے تو اسکی ہنسی اُڑاتا ہے ایسے لوگوں کیلئے (آخرت میں) ذلّت کا عذاب (ہونیوالا) ہے (مطلب یہ کہ جن آیتوں کو تلاوت میں سُنتا ہے انکی بھی تکذیب کرتا ہے اور جن آیتوں کی ویسے ہی خبر سُن لیتا ہے انکی بھی تکذیب کرتا ہے غرض تکذیب آیات میں بہت بڑھا ہوا ہے۔ آگے اُس عذاب کی تعیین ہے، یعنی) اُنکے آگے جہنّم (آرہا) ہے اور (اُسوقت) نہ تو انکے وہ چیزیں ذرا کام آویں گی جو (دُنیا میں) کما گئے تھے (اسمیں اموال اور اعمال سب آگئے) اور نہ وہ (کام آویں گے) جن کو اُنھوں نے اللہ کے سوا کارساز (اور معبود) بنا رکھا تھا اور اُن کے لئے بڑا عذاب ہوگا (اور وجہ اس عذاب کی یہ ہے کہ) یہ قرآن سرتاسر ہدایت (اور واجب التسلیم ہے) اور (اسکا مقتضا یہی ہے کہ) جو لوگ اپنے رب کی (ان) آیتوں کو نہیں مانتے ان کیلئے سختی کا دردناک عذاب ہوگا۔

معارف و مسائل

یہ پوری سُورت مکّی ہے، صرف ایک قول یہ ہے کہ آیت قُلْ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَغْفِرُوْا لِلَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ اَيَّامَ اللّٰهِ مدنی ہے اور باقی مکّی، لیکن جمہور کے قول کے مطابق پوری سورت قبل الہجرۃ ہی نازل ہوئی ہے۔ اور دوسری مکّی سُورتوں کی طرح اسکا بنیادی مضمون عقائد ہی کی اصلاح ہے، چنانچہ اسمیں توحید، رسالت اور آخرت کے عقائد ہی کو مختلف طریقوں سے مدلّل کیا گیا ہے، خاص طور سے آخرت کے اثبات کے دلائل، منکرین کے شبہات اور دہریوں کی تردید اس میں زیادہ تفصیل سے آئی ہے۔

اِنَّ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ، ان آیات سے توحید کا اثبات مقصود ہے۔ اس سے ملتی جُلتی آیتیں دوسرے پارے کے رکوع اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الخ میں گزر چکی ہیں، وہیں ان کی مفصّل تفسیر مذکور ہے اور یہ بھی کہ ان چیزوں سے توحید کیونکر ثابت ہوتی ہے دونوں مقامات میں عنوان کا جو تھوڑا تھوڑا فرق ہے اُس سے متعلق زکات اہلِ علم امام رازیؒ کی تفسیر کبیر میں دیکھ سکتے ہیں۔ البتہ ایک بات قابلِ ذکر ہے کہ یہاں کائنات کی مختلف نشانیاں بیان فرما کر ایک جگہ یہ فرمایا گیا ہے کہ اسمیں "ایمان لانے والوں کے لئے" نشانیاں ہیں، دوسری جگہ ارشاد ہے کہ "یقین کرنے والوں کے لئے" نشانیاں ہیں اور تیسری جگہ ارشاد ہے کہ "عقل رکھنے والوں" کے لئے نشانیاں ہیں اسمیں اسلوب کے تنوّع کے علاوہ اس طرف بھی اشارہ ہے کہ ان نشانیوں سے پورا فائدہ تو وہی اُٹھا سکتے ہیں جو ایمان لے آئیں۔ دوسرے نمبر پر یہ اُن لوگوں کے لئے مفید ہو سکتی ہیں جو خواہ فوراً

ایمان نہ لائیں لیکن انکے دل میں یقین پیدا ہو جائے کہ یہ چیزیں توحید پر دلالت کر رہی ہیں کیونکہ یہ یقین کسی نہ کسی دن ایمان کا سبب بن سکتا ہے اور تیسرے درجہ میں اُن لوگوں کے لئے مفید ہیں جو خواہ فی الحال نہ مومن ہوں نہ یقین رکھنے والے، لیکن عقلِ سلیم رکھتے ہوں اور ان میں بصیرت کے ساتھ غور کریں۔ کیونکہ عقل و بصیرت کے ساتھ جب بھی ان نشانیوں پر غور کیا جائے گا، بالآخر اس سے ایمان و یقین ضرور پیدا ہو کر رہے گا۔ ہاں جو لوگ عقلِ سلیم نہ رکھتے ہوں یا ان معاملات میں عقل کو تکلیف دینا ہی گوارا نہ کریں ان کے سامنے ہزار دلائل پیش کر لیجئے سب ناکافی رہیں گے۔

وَيْلٌ لِّكُلِّ أَفَّاكٍ أَثِيمٍ، (بڑی خرابی ہوگی اس شخص کے لئے جو جھوٹا اور نافرمان ہو) اس آیت کے شانِ نزول میں متعدد روایات ہیں۔ بعض سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ نضر بن حارث کے بارے میں نازل ہوئی، بعض میں ہے کہ حارث بن کلدہ کے بارے میں، اور بعض کا کہنا ہے کہ اس سے مراد ابوجہل اور اسکے اصحاب ہیں (قرطبیؒ) اور درحقیقت قرآنی مفہوم کی تشریح کے لئے کسی ایک شخص کو متعین کرنے کی ضرورت نہیں "کل" کا لفظ بتا رہا ہے کہ خواہ نزولِ آیت کے پس منظر میں یہ تینوں افراد ہوں لیکن مُراد ہر وہ شخص ہے جو ان جیسی صفات کا حامل ہو۔

مِن وَرَائِهِمْ جَهَنَّمُ، "وراء" کا لفظ عربی میں "پیچھے" کے لئے زیادہ اور "سامنے" کیلئے کم استعمال ہوتا ہے لیکن اکثر مفسرین نے یہاں "سامنے" کے معنیٰ قرار دیئے ہیں۔ چنانچہ خلاصۂ تفسیر میں ترجمہ اسی کے مطابق کیا گیا ہے البتہ بعض مفسرین نے "پیچھے" کے معنیٰ لئے ہیں اور مطلب یہ قرار دیا ہے کہ دُنیا میں وہ جس نخوت و تکبّر کے ساتھ زندگی گزار رہے ہیں اسکے پیچھے یعنی بعد میں، جہنّم آنیوالی ہے (قرطبیؒ)

اَللّٰهُ الَّذِیْ سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِیَ الْفُلْكُ فِیْهِ بِاَمْرِهٖ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ

اللہ وہ ہے جس نے بس میں کر دیا تمہارے دریا کو کہ چلیں اسمیں جہاز اسکے حکم سے اور تاکہ تلاش کرو اسکے

فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَسَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی

فضل سے اور تاکہ تم حق مانو اور کام میں لگا دیا تمہارے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور

الْاَرْضِ جَمِیْعًا مِّنْهُ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۳﴾ قُلْ

زمین میں سب کو اپنی طرف سے، اسمیں نشانیاں ہیں ان لوگوں کے واسطے جو دھیان کرتے ہیں کہدے

لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یَغْفِرُوْا لِلَّذِیْنَ لَا یَرْجُوْنَ اَیَّامَ اللّٰهِ لِیَجْزِیَ قَوْمًا

ایمان والوں کو درگزر کریں اُن سے جو اُمید نہیں رکھتے اللہ کے دنوں کی تاکہ وہ سزا دے

بِمَا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ ﴿۱۴﴾ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَسَآءَ

ایک قوم کو بدلہ اسکا جو کماتے تھے، جس نے بھلا کام کیا تو اپنے واسطے اور جس نے بُرا کیا

فَعَلَيْهَا ۚ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّكُمْ تُرْجَعُونَ ﴿۱۵﴾

سو اپنے حق میں، پھر اپنے رب کی طرف پھیرے جاؤ گے

خُلاصۂ تفسیر

اللہ ہی ہے جس نے تمھارے (فائدہ کے) لئے دریا کو مسخّر (قدرت) بنایا تاکہ اُسکے حکم سے اسمیں کشتیاں چلیں اور تاکہ (ان کشتیوں میں سفر کرکے) تم اس کی روزی تلاش کرو اور تاکہ (وہ روزی حاصل کرکے) تم شکر کرو اور (اسی طرح) جتنی چیزیں آسمانوں میں ہیں اور جتنی چیزیں زمین میں ہیں، ان سب کو اپنی طرف سے (یعنی اپنے حکم اور فضل سے) مسخّر (قدرت) بنایا (تاکہ تمھارے منافع کا سبب ہو) بیشک اِن باتوں میں اُن لوگوں کے لئے دلائل (قدرت) ہیں جو غور کرتے رہتے ہیں (اور کفّار کی شرارتوں پر بعض اوقات مُسلمانوں کو غصّہ آجایا کرتا تھا، آگے ان کو درگزر کرنے کا حکم ہے) آپ ایمان والوں سے فرما دیجئے کہ ان لوگوں سے درگزر کریں جو خدا تعالیٰ کے معاملات (یعنی آخرت کی جزا و سزا) کا یقین نہیں رکھتے، تاکہ اللہ تعالیٰ ایک قوم کو (یعنی مسلمانوں کو) انکے (اس) عمل (نیک) کا (اچھا) صلہ دے (کیونکہ وہاں کا قاعدہ کلیہ ہے کہ) جو شخص نیک کام کرتا ہے سو اپنے ذاتی نفع (و ثواب) کے لئے (کرتا ہے) اور جو شخص بُرا کام کرتا ہے اسکا وبال اُسی پر پڑتا ہے پھر (سب نیک اور بدکام کرنیکے بعد) تم کو اپنے پروردگار کے پاس لَوٹ کر جانا ہے (پس وہاں تم کو تمھارے اچھے اعمال و اخلاق کا بہترین صلہ اور تمھارے مخالفین کو ان کے کفر و معاصی پر بدترین سزا دی جائیگی، لہٰذا تم کو یہاں درگزر ہی مناسب ہے)۔

مَعارف و مسائل

اَللّٰهُ الَّذِیْ سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ (تا) وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ، قرآن کریم میں فضل تلاش کرنے سے مُراد عموماً کسبِ معاش کی جدّ و جہد ہوتی ہے۔ یہاں اسکا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ تمھیں سمندر میں کشتی رانی پر اس لئے قدرت دی گئی تاکہ اسکے ذریعہ تم تجارت کرسکو۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ فضل تلاش کرنے کا کشتی رانی سے کوئی تعلق نہ ہو بلکہ یہ تسخیر بحر کی ایک مستقل قسم ہو، اور مطلب یہ ہو کہ سمندر میں ہمنے بہت سی نفع بخش چیزیں پیدا کرکے سمندر کو تمھارے لئے مسخّر کر دیا ہے، تاکہ تم اُنھیں تلاش کرکے نفع اُٹھاؤ۔ چنانچہ جدید سائنس کی رُو سے یہ معلوم ہے کہ سمندر میں اسقدر معدنی ذخائر اور زمین کی پوشیدہ دولتیں ہیں کہ اتنی خشکی میں بھی نہیں ہیں۔

قُلْ لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یَغْفِرُوْا لِلَّذِیْنَ لَا یَرْجُوْنَ اَیَّامَ اللّٰهِ، (آپ ایمان والوں سے

فرمادیجئے کہ اُن لوگوں سے درگزر کریں جو خدا تعالےٰ کے معاملات کا یقین نہیں رکھتے) اس آیت کے شانِ نزول میں دو روایتیں ہیں۔ ایک یہ کہ مکہ مکرمہ میں کسی مشرک نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر دشنام طرازی کی تھی۔ حضرت عمرؓ نے اسکے بدلے میں اُسے کچھ تکلیف پہنچانے کا ارادہ فرمایا، اسپر یہ آیت نازل ہوئی اس روایت کے مطابق یہ آیت مکّی ہے۔ دوسری روایت یہ ہے کہ غزوۂ بنو المصطلق کے موقعہ پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپؐ کے صحابہؓ نے مُریسیع نامی ایک کنوئیں کے قریب پڑاؤ ڈالا۔ منافقین کا سردار عبداللہ بن اُبَیّ بھی مسلمانوں کے لشکر میں شامل تھا، اُسنے اپنے غلام کو کنوئیں سے پانی بھرنے کے لئے بھیجا، اُسے واپسی میں دیر ہوگئی۔ عبداللہ بن اُبَیّ نے وجہ پوچھی تو اُسنے کہا کہ حضرت عمرؓ کا ایک غلام کنوئیں کے ایک کنارے پر بیٹھا ہوا تھا، اُس نے کسی کو اسوقت تک پانی بھرنے کی اجازت نہیں دی جب تک کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکرؓ کے مشکیزے نہیں بھر گئے۔ اس پر عبداللہ بن اُبَیّ نے کہا کہ "ہم پر اور ان لوگوں پر تو وہی مثل صادق آتی ہے سمّن کلبك یأكلك (اپنے کتّے کو موٹا کرو تو وہ تم کو کھا جائے گا)" حضرت عمرؓ کو اسکی اطلاع ہوئی تو وہ تلوار سنبھالکر عبداللہ بن اُبَیّ کیطرف چلے، اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ اس روایت کے مطابق یہ آیت مدنی ہے (قرطبیؒ رُوح المعانی) ان روایتوں کی اسنادی تحقیق سے اگر دونوں کی صحت ثابت ہو تو دونوں میں تطبیق اس طرح ہوسکتی ہے کہ دراصل یہ آیت مکّہ مکرمہ میں نازل ہوچکی تھی، پھر جب غزوۂ بنو المصطلق کے موقع پر اُسی سے ملتا جُلتا واقعہ پیش آیا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیت کو اُس موقع پر بھی تلاوت فرماکر واقعہ کو اس پر بھی منطبق فرمایا۔ اور شانِ نزول کی روایات میں ایسا بکثرت ہوا ہی یا پھر یہ بھی ممکن ہے کہ حضرت جبرئیل علیہ السّلام یاددہانی کے لئے غزوۂ بنو المصطلق کے واقعہ میں دوبارہ یہ آیت لے آئے ہوں کہ یہ موقع اس آیت پر عمل کرنے کا ہے۔ اُصولِ تفسیر کی اصطلاح میں اسے "نزولِ مکرّر" کہا جاتا ہے اور آیت میں اَیَّامَ اللّٰہِ کے لفظ سے مُراد بیشتر مفسّرین کے نزدیک اللہ تعالےٰ کے وہ معاملات ہیں جو وہ آخرت میں انسانوں کے ساتھ کرے گا یعنی جزا و سزا۔ کیونکہ "ایّام" کا لفظ "واقعات و معاملات" کے معنی میں عربی میں بکثرت استعمال ہوتا ہے۔

یہاں دوسری بات یہ قابلِ غور ہے کہ بات یُوں بھی کہی جاسکتی تھی کہ "آپ ایمان والوں سے فرمادیجئے کہ وہ مشرکین سے درگزر کریں" اسکے بجائے کہا یُوں گیا ہے کہ "ان لوگوں سے درگزر کریں، جو خدا تعالیٰ کے معاملات کا یقین نہیں رکھتے" اس سے شاید اس بات کیطرف اشارہ ہو کہ ان لوگوں کو اصل سزا آخرت میں دیجائیگی اور چونکہ یہ لوگ آخرت کا یقین نہیں رکھتے اسلئے یہ سزا ان کے لئے غیر متوقع اور اچانک ہوگی، اور غیر متوقع تکلیف بہت زیادہ ہوتی ہے اسلئے انکو پہنچنے والا عذاب بہت سخت ہوگا اور اسکے ذریعہ ان کی تمام بدعنوانیوں کا پُورا پُورا بدلہ لے لیا جائیگا

دنیا میں آپ ان چھوٹی چھوٹی باتوں پر ان کی گرفت کی فکر نہ کیجئے۔

بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ اس آیت کا حکم جہاد کے احکام نازل ہونے کے بعد منسوخ ہوگیا لیکن بیشتر محقق مفسرین کا کہنا ہے کہ آیت کا جہاد کے حکم سے کوئی تعلق نہیں، یہ تو عام معاشرت میں چھوٹی چھوٹی باتوں کا انتقام نہ لینے کی تعلیم ہے جو ہر زمانے کے لئے عام ہے اور آج بھی اسکا حکم باقی ہے۔ لہٰذا اسے منسوخ قرار دینا درست نہیں، خصوصاً اگر اسکا شانِ نزول غزوۂ بنو المصطلق کا واقعہ ہو تو آیاتِ جہاد اسکے لئے ناسخ نہیں بن سکتیں کیونکہ آیاتِ جہاد اس سے پہلے نازل ہو چکی تھیں۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقْنٰهُمْ

اور ہم نے دی بنی اسرائیل کو کتاب اور حکومت اور پیغمبری اور کھانے کو دیں

مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۚ ﴿۱۶﴾ وَاٰتَيْنٰهُمْ بَيِّنٰتٍ مِّنَ

ستھری چیزیں اور بڑائی دی اُن کو جہان پر اور دیں اُن کو کھلی باتیں دین

الْاَمْرِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوْٓا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ ۭ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۭ

کی پھر اُنھوں نے پھوٹ جو ڈالی تو سمجھ آچکنے کے بعد آپس کی ضد سے

اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۷﴾

بیشک تیرا رب فیصلہ کریگا اُن میں قیامت کے دن جس بات میں وہ جھگڑتے تھے

ثُمَّ جَعَلْنٰكَ عَلٰي شَرِيْعَةٍ مِّنَ الْاَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَاۗءَ

پھر تجھ کو رکھا ہم نے ایک رستہ پر دین کے کام کے سو تو اسی پر چل اور مت چل خواہشوں

الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸﴾ اِنَّهُمْ لَنْ يُّغْنُوْا عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْـــًٔا ۭ وَ

پر نادانوں کی وہ ہرگز کام نہ آئیں گے تیرے اللہ کے سامنے ذرا بھی اور

اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاۗءُ بَعْضٍ ۚ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۹﴾

بے انصاف ایک دوسرے کے رفیق ہیں اور اللہ رفیق ہے ڈرنے والوں کا

هٰذَا بَصَاۗىِٕرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۲۰﴾

یہ سوجھ کی باتیں ہیں لوگوں کے واسطے اور راہ کی اور رحمت ہے ان لوگوں کے لئے جو یقین لاتے ہیں

خُلاصۂ تفسیر

اور (نبوّت کوئی انوکھی چیز نہیں جو اسکا انکار کیا جائے، چنانچہ اس کے قبل) ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب (آسمانی) اور حکمت (یعنی علمِ احکام) اور نبوّت دی تھی (یعنی اُن میں انبیاء پیدا کئے تھے) اور

ہم نے اُن کو نفیس نفیس چیزیں کھانے کو دی تھیں (اس طرح کہ میدانِ تیہ میں من وسلویٰ نازل کیا اور ان کو ملک شام کا مالک بنایا جو برکاتِ ارضیہ کا معدن ہے) اور ہم نے (بعض اُمور میں مثلاً سمندر کو چیر دینا، ابر کا سایہ کرنا وغیرہ) ان کو دُنیا جہان والوں پر فوقیت دی اور ہم نے ان کو دین کے بارے میں کھُلی کھُلی دلیلیں دیں (یعنی اُن کو بڑے صریح معجزات دکھلائے، غرض حسّی، معنوی، علمی ہر طرح کی نعمتیں دیں) سو (چاہئیے تو یہ تھا کہ خوب اطاعت کرتے مگر) انھوں نے علم ہی کے آنے کے بعد باہم اختلاف کیا بوجہ آپس کی ضدّا ضدّی کے (جسکا بیان پارہ دوم رکوع سَلْ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ الخ میں ہو چکا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ جو علم اختلافات ختم کرنے کا سبب ہونا چاہیئے تھا انھوں نے نفسانفسی کیوجہ سے اُلٹا اسے اختلاف کا موجب بنالیا، سو) آپ کا رب اُن کے آپس میں قیامت کے روز اُن اُمور میں (عملی) فیصلہ کردے گا جن میں یہ باہم اختلاف کیا کرتے تھے، پھر (بنی اسرائیل میں دورِ نبوّت ختم ہونے کے بعد) ہم نے آپ کو (نبوّت دی اور آپ کو) دین کے ایک خاص طریقے پر کردیا، سو آپ اُسی طریقے پر چلے جائیے (یعنی عمل میں بھی اور تبلیغ میں بھی) اور ان جہلاء کی خواہشوں پر نہ چلئے (یعنی ان کی خواہش تو یہ ہے کہ آپ تبلیغ ترک کردیں اور اسی لئے یہ طرح طرح سے پریشان کرتے ہیں تاکہ آپ تنگ ہوکر تبلیغ چھوڑ دیں، سو آپ سے گو یہ احتمال نہیں مگر امرِ تبلیغ کے اہتمام کے لئے آپ کو پھر اسکا حکم ہوتا ہے۔ آگے اسی طرز پر اس حکم کی علّت فرماتے ہیں کہ) یہ لوگ خدا کے مقابلے میں آپ کے ذرا کام نہیں آسکتے (پس ان کا اتباع نہ ہونے پائیے) اور ظالم لوگ ایک دوسرے کے دوست ہوتے ہیں (اور ایک دوسرے کا کہنا مانتے ہیں) اور اللہ دوست ہے اہلِ تقویٰ کا (اور اہلِ تقویٰ اس کا کہنا مانا کرتے ہیں۔ سو جب آپ ظالم نہیں ہیں بلکہ سردارِ متقین ہیں تو آپ کو انکی اتباع سے کیا نسبت؟ البتہ احکامِ الٰہی کی اتباع سے خاص نسبت ہے، غرض آپ صاحبِ نبوّت و شریعتِ حقّہ ہیں اور) یہ قرآن (جو آپ کو ملا ہے یہ) عام لوگوں کے لئے دانشمندیوں کا سبب اور ہدایت کا ذریعہ ہے اور یقین (یعنی ایمان) لانے والوں کے لئے بڑی رحمت (کا سبب) ہے۔

معارف و مسائل

ان آیات کا موضوع آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا اثبات ہے اور اسکے ضمن میں کفّار کی ایذا رسانیوں پر آپ کی تسلّی بھی فرمائی گئی ہے۔ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ الخ یہانتک کے مضمون آیات سے دو باتیں مستفاد ہوئیں، ایک تو بنی اسرائیل کو کتاب و نبوّت دینے سے آپ کی نبوّت کی تائید، دوسرے آپ کی تسلّی کہ بنی اسرائیل کو اختلاف کی جو وجہ پیش آئی تھی وہی آپ کی قوم کو آپکے ساتھ اختلاف کرنے میں پیش آئی ہے یعنی حُبِّ دُنیا اور حسد و نفسانیت۔ یہ نہیں کہ

آپ کے دلائل میں کچھ کمی ہو پس آپ غم نہ کریں۔ (بیان القرآن)

پچھلی اُمتوں کی شریعتوں کا حکم ہمارے لئے ثُمَّ جَعَلْنٰكَ عَلٰى شَرِيْعَةٍ مِّنَ الْاَمْرِ (پھر ہم نے آپکو دین کے ایک خاص طریقے پر کر دیا) یہاں یہ بات ذہن نشین رکھنی چاہیئے کہ دینِ اسلام کے کچھ تو اُصولی عقائد ہیں مثلاً توحید و آخرت وغیرہ اور کچھ عملی زندگی سے متعلق احکام ہیں، جہانتک اُصولی عقائد کا تعلق ہے وہ تو ہر نبی کی اُمّت میں یکساں رہے ہیں اور ان میں کبھی ترمیم اور تبدیلی نہیں ہوئی لیکن عملی احکام مختلف انبیاء علیہم السّلام کی شریعتوں میں اپنے اپنے زمانے کے لحاظ سے بدلتے رہے ہیں، آیتِ مذکورہ میں انہی دوسری قسم کے احکام کو "دین کے ایک خاص طریقے" سے تعبیر فرمایا گیا ہے اور اسی وجہ سے فقہاء نے اس آیت سے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ اُمّتِ محمدیہؐ کے لئے صرف شریعتِ محمدیؐ ہی کے احکام واجب العمل ہیں۔ پچھلی اُمتوں کو جو احکام دیئے گئے تھے وہ ہمارے لئے اُسوقت تک واجب العمل نہیں ہیں جب تک قرآن و سُنّت سے اُن کی تائید نہ ہو جائے۔ پھر تائید کی ایک شکل تو یہ ہے کہ قرآن یا حدیث میں صراحۃً یہ فرمایا گیا ہو کہ فلاں نبی کی اُمّت کا یہ حکم ہمارے لئے بھی واجب العمل ہے اور دوسری صورت یہ ہے کہ قرآن کریم یا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کسی پچھلی اُمّت کا کوئی حکم بطور تحسین و مدح بیان فرمائیں اور اسکے بارے میں یہ نہ فرمائیں کہ یہ حکم ہمارے زمانے میں منسوخ ہو گیا ہے۔ اس سے بھی یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ یہ حکم ہماری شریعت میں بھی جاری ہے اور درحقیقت اس حکم کا واجب العمل ہونا بھی اس صورت میں شریعتِ محمدیؐ کا ایک جزء ہونے کی حیثیت ہی سے ہوتا ہے۔ یہاں اتنی بات مسئلہ کی حقیقت سمجھنے کے لئے کافی ہے۔ تفصیلات اصولِ فقہ کی کتابوں میں مذکور ہیں۔

اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ اجْتَرَحُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِيْنَ	
کیا خیال رکھتے ہیں جنھوں نے کمائی ہیں بُرائیاں کہ ہم کر دیں گے اُن کو برابر ان لوگوں کی جو کہ	
اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ سَوَآءً مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ ۭ سَآءَ مَا	
یقین لائے اور کئے بھلے کام ایک سا ہے اُن کا جینا اور مرنا بُرے دعوے ہیں	ع ۲ ۱۸
يَحْكُمُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَخَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزٰى	
جو کرتے ہیں اور بنائے اللہ نے آسمان اور زمین جیسے چاہئیں اور تاکہ بدلہ پائے	
كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۲۲﴾	
ہر کوئی اپنی کمائی کا اور اُن پر ظلم نہ ہوگا	

خُلاصۂ تفسیر

یہ (قیامت کا انکار کرنے والے) لوگ جو بُرے بُرے کام (کفر و شرک و ظلم و معصیت) کرتے

(رہتے) ہیں، کیا یہ خیال کرتے ہیں کہ ہم اُن کو اُن لوگوں کے برابر رکھیں گے جنھوں نے ایمان اور عمل صالح اختیار کیا کہ اُن سب کا جینا اور مرنا یکساں ہو جائے (یعنی مؤمنین کا مرنا جینا بایں معنی یکساں ہو جائے کہ جس طرح زندگی میں لذتوں سے بہرہ اندوز نہ ہوئے اسی طرح موت کے بعد بھی محروم رہیں۔ اور اسی طرح کافروں کا مرنا جینا بھی بایں معنی یکساں ہو جائے کہ جیسے اس زندگی میں عذاب اور تکلیفوں سے بچے رہے اسی طرح مرنے کے بعد بھی عذاب سے مامون رہیں۔ مطلب یہ کہ انکارِ معاد سے یہ لازم آتا ہے کہ اطاعت شعار بندوں کو کہیں اطاعت کا پھل نہ ملے اور مخالفین پر کبھی مخالفت کا وبال نہ پڑے) یہ بُرا حکم لگاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے آسمان اور زمین کو حکمت کے ساتھ پیدا کیا (ایک حکمت تو یہ ہے کہ ان عظیم الشان مخلوقات کی تخلیق پر قدرت مشاہدہ میں آجانے سے ہر ذی عقل یہ بھی سمجھ لے گا کہ جو پہلی مرتبہ ان چیزوں کو پیدا کر سکتا ہے وہ اُن کو فنا کر کے دوبارہ بھی اسی طرح موجود کر سکتا ہے جس سے قیامت و آخرت کا وجود ثابت ہوتا ہے) اور (دوسری حکمت یہ ہے کہ) تاکہ ہر شخص کو اُسکے کئے کا بدلہ دیا جائے (اور یہ سب جانتے ہیں کہ دُنیا میں پُورا بدلہ ہے نہیں اسلئے آخرت کا ہونا ضروری ہو گیا) اور (اس بدلہ میں) اُن پر ظلم نہ کیا جاویگا۔

معارف و مسائل

عالمِ آخرت اور اسمیں جزا و سزا عقلاً ضروری ہے مذکورہ دو آیتوں میں سے پہلی آیت کا حاصل ایک عقلی استدلال ہے روزِ جزا کے ضروری ہونے پر۔ وہ یہ ہے کہ یہ بات تو ہر شخص کے مشاہدہ میں ہے کسی کو اس سے انکار کی گنجائش نہیں کہ دُنیا میں اچھے بُرے اعمال کا بدلہ پورا نہیں ملتا، بلکہ عام طور سے کفّار، فجّار، دولتِ دُنیا اور عیش و عشرت میں زندگی گزارتے ہیں اور اللہ کے اطاعت شعار بندے فقر و فاقہ اور مصائب و آفات میں مبتلا رہتے ہیں۔ اوّل تو دُنیا میں بدکردار مجرموں کے جُرم کا علم ہی اکثر نہیں ہوتا، علم بھی ہو گیا تو اکثر پکڑے نہیں جاتے، کبھی پکڑے بھی گئے تو حلال حرام جھوٹ سچ کی پروا کئے بغیر سزا سے بچنے کے راستے ڈھونڈ لیتے ہیں اور سیکڑوں میں کسی ایک کو سزا ہو بھی گئی تو وہ بھی اسکے عمل کی پوری سزا نہیں ہوتی۔ اس طرح خدا تعالیٰ کے باغی اپنی خواہشات کے پیرو اس دُنیا کی زندگی میں دندناتے پھرتے رہتے ہیں اور بیچارے مومن پابند شریعت بہت سی دولت اور لذتوں کو تو حرام سمجھ کر چھوڑ دیتے ہیں اور مصائب و آفات سے بچنے کے لئے بھی صرف جائز طریقے اختیار کرتے ہیں اسلئے دنیا میں اُن کا بڑی راحتوں اور لذتوں سے محروم رہنا ظاہر ہے۔ اور جب یہ معلوم ہو گیا کہ اس دُنیا میں اعمال کی پوری جزا نہیں ملتی تو اب اگر اس دُنیا کے بعد دوسرا عالمِ آخرت اور اسمیں دوبارہ زندگی اور جزا و سزا کا نفاذ نہ ہو تو پھر دُنیا میں کسی چوری، ڈاکے، زنا، قتل وغیرہ کو جُرم کہنا حماقت کے سوا کیا ہے۔ یہ لوگ تو اکثر دُنیا میں بڑی کامیاب زندگی گزارتے ہیں۔ ایک چور ڈاکو رات بھر میں اتنی دولت

حاصل کرلیتا ہے جو ایک گریجویٹ سالوں کی ملازمت اور محنت سے حاصل نہیں کرسکتا۔ تو اگر آخرت اور اسکا حساب کتاب کچھ نہو تو اس چور ڈاکو کو اس شریف گریجویٹ سے بہتر اور افضل کہنا پڑے گا جو کوئی ذی عقل گوارا نہیں کرسکتا۔ رہا یہ کہنا کہ ان لوگوں پر دُنیا میں سخت سزائیں ہر حکومت میں مقرر ہیں مگر آجکل کا تجربہ یہ بتلا رہا ہے کہ مُجرم صرف وہ پکڑا جاتا ہے جو بے وقوف ہو، ہوشیار عادی مجرم کے لئے سزا سے بچنے کے راستے کھلے ہوئے ہیں۔ ایک رشوت ہی کا چور دروازہ انکے فرار کیلئے کافی ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ یا تو یہ تسلیم کیا جائے کہ دُنیا میں کوئی بھلائی بُرائی، نیکی بدی کوئی چیز نہیں، اپنا مطلب جس طرح حاصل ہو وہ عین ثواب ہے مگر اسکا دُنیا میں کوئی قائل نہیں۔ اور جب نیکی بدی کا امتیاز تسلیم کیا جائے تو پھر دونوں کا انجام برابر رہے بلکہ بد اور مجرم نیک سے زیادہ آرام میں رہے اسکی برابر کوئی ظلم نہیں ہوسکتا۔ اسی کو قرآنِ کریم کی آیتِ مذکورہ میں فرمایا کہ کیا تم یہ چاہتے ہو کہ مجرم اور غیر مجرم دونوں کو دُنیا و آخرت میں برابر کردیا جائے سَوَآءً مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ یہ نہایت احمقانہ فیصلہ ہے جبکہ دُنیا میں نیکی بدی کی جزا سزا پوری نہیں ملتی تو آخرت کی دوسری زندگی اور اسمیں جزا سزا ہونا لازمی ہے۔ دوسری آیت میں بھی اسی مضمون کی تکمیل کے لئے فرمایا گیا وَلِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ، یعنی ظلم و جور کے مٹانے اور انصاف قائم کرنے کے لئے روزِ جزا ہونا ضروری ہے۔ رہا یہ شبہ کہ دُنیا ہی میں ہر عمل کا بدلہ اچھا یا بُرا کیوں نہ نمٹا دیا گیا یہ اس حکمتِ تکوینی کے خلاف ہے کہ اس عالم کو حق تعالیٰ نے دارالعمل اور دارالامتحان بنایا ہے دارالجزاء نہیں بنایا۔ واللہ اعلم

اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ وَّخَتَمَ

بھلا دیکھ تو جس نے ٹھہرا لیا اپنا حاکم اپنی خواہش کو اور راہ سے بچلا دیا اسکو اللہ نے جانتا بُوجھتا اور مُہر

عَلٰى سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَجَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ غِشٰوَةً ؕ فَمَنْ يَّهْدِيْهِ مِنْۢ

لگادی اسکے کان پر اور دل پر اور ڈالدی اسکی آنکھ پر اندھیری پھر کون راہ پر لائے اس کو

بَعْدِ اللّٰهِ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَقَالُوْا مَا هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا

اللہ کے سوائے سو کیا تم غور نہیں کرتے اور کہتے ہیں اور کچھ نہیں بس یہی ہے ہمارا جینا دُنیا کا

نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَآ اِلَّا الدَّهْرُ ۚ وَمَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ

ہم مرتے ہیں اور جیتے ہیں اور ہم جو مرتے ہیں سو زمانے سے اور ان کو کچھ خبر نہیں

عِلْمٍ ۚ اِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ﴿۲۴﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ

اس کی محض اٹکلیں دوڑاتے ہیں اور جب سُنائیں جائیں انکو ہماری آیتیں کھلی کھلی

مَّا كَانَ حُجَّتَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوا ائْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۵﴾

اور کچھ دلیل نہیں اُن کی مگر یہی کہ کہتے ہیں لے آؤ ہمارے باپ دادوں کو اگر تم سچے ہو

قُلِ اللّٰهُ يُحْيِيكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ

تو کہہ کہ اللہ ہی جلاتا ہے تم کو پھر مارے گا تم کو پھر اکٹھا کرے گا تم کو قیامت کے دن تک

لَا رَيْبَ فِيهِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٢٦﴾ ع ۳ ۵

اس میں کچھ شک نہیں پر بہت لوگ نہیں سمجھتے

خُلاصۂ تفسیر

سو کیا (توحید و آخرت کے ان واضح بیانات کے بعد) آپ نے اُس شخص کی حالت بھی نہ دیکھی جس نے اپنا خدا اپنی خواہشِ نفسانی کو بنا رکھا ہے (کہ جو دل میں آتا ہے اُسی کے پیچھے چلتا رہتا ہے) اور خدا تعالیٰ نے اسکو باوجود سمجھ بوجھ کے گمراہ کر دیا ہے (کہ حق کو سُنا اور سمجھا بھی مگر نفسانی خواہش کی پیروی سے گمراہ ہو گیا) اور (خدا تعالیٰ نے) اسکے کان اور دل پر مُہر لگا دی ہے اور اسکی آنکھ پر پردہ ڈال دیا ہے (یعنی نفس پرستی کی بدولت قبولِ حق کی صلاحیت نہایت کمزور ہو گئی) سو ایسے شخص کو بعد خدا کے (گمراہ کر دینے کے) کون ہدایت کرے (اسمیں تسلی بھی ہے۔ آگے ان منکرین کو زجر کے طور پر خطاب ہے کہ) کیا تم (اِن بیانات کو سُنکر) پھر بھی نہیں سمجھتے (یعنی ایسا سمجھنا جو نافع ہو۔ اگرچہ عام معنی کے اعتبار سے سمجھتے تھے) اور یہ (قیامت کا انکار کرنے والے) لوگ یوں کہتے ہیں کہ بجز ہماری اس دُنیاوی زندگی کے اور کوئی زندگی (آخرت میں) نہیں ہے ہم (یہی ایک مرنا) مرتے ہیں اور (یہی ایک جینا) جیتے ہیں (مقصود یہ کہ موت کی طرح زندگی بھی دُنیا ہی کے ساتھ خاص ہے) اور ہم کو صرف زمانہ (کی گردش) سے موت آجاتی ہے (مطلب یہ کہ زمانہ گزرنے کے ساتھ ساتھ جسمانی قوتیں خرچ ہوتی رہتی ہیں اور ان اسبابِ طبعیہ سے موت آجاتی ہے اور اسی طرح حیات کا سبب بھی امورِ طبعیہ ہیں پس جب موت و حیات اسبابِ طبعیہ کے تابع ہیں اور اسبابِ طبعیہ آخرت کی زندگی کا تقاضا نہیں کرتے تو آخرت کی زندگی نہ ہوگی) اور ان لوگوں کے پاس اس پر کوئی دلیل نہیں ہے محض اٹکل سے ہانک رہے ہیں (یعنی اُخروی زندگی کی نفی پر کوئی دلیل نہیں) اور (نہ اہلِ حق کی دلیل کا وہ کچھ جواب دے سکتے ہیں چنانچہ) جسوقت (اس بارہ میں) انکے سامنے ہماری کھُلی کھُلی آیتیں پڑھی جاتی ہیں (جو مطلوب ثابت کرنے کے لئے کافی ہیں) تو ان کا (اس پر) بجز اسکے اور کوئی جواب نہیں ہوتا کہ کہتے ہیں کہ ہمارے باپ دادوں کو (زندہ کر کے) سامنے لے آؤ اگر تم (اس دعوے میں) سچے ہو (اور اس جواب کے سوا کوئی اور جواب نہیں دے سکتے مثلاً یہ کہ کسی دلیل عقلی سے اسکا عقلاً محال ہونا ثابت کر دیتے) آپ (انکے جواب میں) یوں کہدیجئے کہ اللہ تعالیٰ تم کو (جبتک چاہتا ہے) زندہ رکھتا ہے پھر (جب چاہے گا) تمکو موت دیگا، پھر قیامت کے دن جس (کے وقوع) میں ذرا

شک نہیں تم کو (زندہ کرکے) جمع کریگا (پس دعویٰ اُس روز میں زندہ کرنے کا ہے اور دُنیا میں مُردوں کو زندہ نہ کرنے سے اُس روز میں زندہ کرنے کی نفی لازم نہیں آتی) لیکن اکثر لوگ نہیں سمجھتے (اور بلا دلیل حق کا انکار کرتے ہیں)

معارف و مسائل

مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ ، یعنی وہ شخص جس نے اپنی خواہشاتِ نفسانی کو اپنا معبود بنالیا۔ یہ تو ظاہر ہے کہ کوئی کافر بھی اپنی نفسانی خواہشات کو اپنا خدا یا معبود نہیں کہتا مگر قرآن کریم کی اس آیت نے یہ بتلایا کہ عبادت درحقیقت اطاعت کا نام ہے جو شخص خدا کی اطاعت کے مقابلے میں کسی دوسرے کی اطاعت اختیار کرے وہ ہی اسکا معبود کہلائیگا۔ تو جس شخص کو حلال و حرام اور جائز ناجائز کی پروا نہو، خدا تعالےٰ نے جسکو حرام کہا ہے وہ اسمیں خدا کا حکم ماننے کے بجائے اپنے نفس کی پیروی کرے تو گو وہ اپنے نفس کو زبان سے اپنا معبود نہ کہے مگر حقیقۃً وہی اسکا معبود ہوا۔ اسی مضمون کو کسی عارف نے ایک شعر میں کہا ہے ؎

سودہ گشت از سجدۂ راہِ بُتاں پیشانیم ✤ چند بر خود تہمتِ دینِ مسلمانی نہم

اس میں خواہشاتِ نفسانی کو بتوں سے تعبیر کیا ہے۔ جس نے اپنی خواہشات کو ہی امام و مقتدا بنالیا اور انکے پیچھے چلنے لگا تو گویا یہ خواہشات ہی اسکے بُت ہیں۔ حضرت ابوامامہؓ نے فرمایا کہ میں نے رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے کہ زیرِ آسمان دُنیا میں جتنے معبودوں کی عبادت کیگئی ہے اُن میں سب سے زیادہ مبغوض اللہ کے نزدیک ہوئی ہے یعنی خواہشِ نفسانی۔ حضرت شداد بن اوسؓ سے روایت ہے کہ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دانشمند وہ شخص ہے جو اپنے نفس کو قابو میں رکھے اور مابعد الموت کے واسطے عمل کرے اور فاجر وہ ہے جو اپنے نفس کو اسکی خواہش کے پیچھے چھوڑ دے اور اسکے باوجود اللہ سے آخرت کی بھلائی کی تمنّا کرتا ہے۔ اور حضرت سہل بن عبداللہ تستری رح نے فرمایا کہ تمھاری بیماری تمھاری نفسانی خواہشات ہیں۔ ہاں اگر تم ان کی مخالفت کرو تو یہ بیماری ہی تمھاری دوا بھی ہے (یہ سب روایات قرطبی سے لی گئی ہیں)۔

وَمَا يُهْلِكُنَآ اِلَّا الدَّهْرُ ، لفظ دہر دراصل اس تمام مدّت کے مجموعہ کا نام ہے جو اس عالم کی ابتدا سے انتہا تک ہے، اور کبھی بہت بڑی مدّت کو بھی دہر کہدیا جاتا ہے۔ کفار نے یہ قول بطور دلیل کے پیش کیا ہے کہ ہماری موت و حیات کا خدا کے حکم و مشیت سے کوئی تعلق نہیں بلکہ اسبابِ طبعیہ کے تابع ہے جسکا مشاہدہ موت کے متعلق تو سب کرتے ہیں کہ اعضاء انسانی اور اسکی قوتیں استعمال کے سبب گھٹتی رہتی ہیں اور ایک زمانہ دراز گزر جانے کے بعد وہ بالکل معطّل ہو جاتی ہیں اسی کا نام موت ہے، اسی پر حیات کو بھی قیاس کرلو کہ وہ بھی کسی خدائی حکم سے نہیں بلکہ مادّہ کی طبعی حرکتوں سے حاصل ہوتی ہے۔

دہر، یا زمانے کو بُرا کہنا اچھا نہیں کفار و مشرکین زمانے کی گردش ہی کو ساری کائنات اور انکے سارے حالات کی علّت قرار دیتے تھے، اور اُسی کیطرف منسوب کرتے تھے جیسا کہ اس آیت میں ذکر کیا گیا ہے حالانکہ درحقیقت یہ سب افعال اللہ تعالیٰ جلّ شانہ کی قدرت و ارادے سے ہوتے ہیں۔ اسی لئے احادیث صحیحہ میں دہر یا زمانے کو بُرا کہنے کی ممانعت آئی ہے کیونکہ کفار جس قوّت کو دہر کے لفظ سے تعبیر کرتے ہیں درحقیقت وہ قوّت و قدرت حق تعالیٰ ہی کی ہے اسلئے دہر کو بُرا کہنے کا نتیجہ درحقیقت خدا تعالیٰ تک پہنچتا ہے۔ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دہر کو بُرا نہ کہو کیونکہ دہر درحقیقت اللہ ہی ہے، مراد یہ ہے کہ یہ جاہل جس کام کو دہر کا کام کہتے ہیں وہ درحقیقت اللہ تعالیٰ ہی کی قوّت و قدرت کا کام ہے، دہر کوئی چیز نہیں۔ اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ دہر اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے کوئی نام ہو کیونکہ یہاں مجازاً اللہ تعالیٰ کو دہر کہا گیا ہے۔

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّخْسَرُ

اور اللہ ہی کا راج ہے آسمانوں میں اور زمین میں اور جسدن قائم ہوگی قیامت اُسدن خراب ہونگے

الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً ۚ كُلُّ اُمَّةٍ تُدْعٰٓى اِلٰى كِتٰبِهَا ؕ

جھوٹے اور تو دیکھے ہر فرقہ کو کہ بیٹھے ہیں گھٹنوں کے بل، ہر فرقہ بُلایا جائے اپنے اپنے دفتر کے پاس

اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۸﴾ هٰذَا كِتٰبُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ

آج بدلہ پاؤ گے جیسا تم کرتے تھے یہ ہمارا دفتر ہے بولتا ہے تمھارے کام ٹھیک

اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۹﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

ہم لکھواتے جاتے تھے جو کچھ تم کرتے تھے سو جو لوگ یقین لائے ہیں اور بھلے کام

الصّٰلِحٰتِ فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ﴿۳۰﴾ وَ

کئے سو اُن کو داخل کریگا اُن کا رب اپنی رحمت میں یہ جو ہے یہی ہے صریح مراد ملنی اور

اَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۣ اَفَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنْتُمْ

جو منکر ہوئے کیا تم کو سُنائی نہ جاتی تھیں باتیں میری پھر تمنے غرور کیا اور ہو گئے

قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِذَا قِيْلَ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ

تم لوگ گنہگار اور جب کہئے کہ وعدہ اللہ کا ٹھیک ہے اور قیامت میں کچھ شبہ نہیں

فِيْهَا قُلْتُمْ مَّا نَدْرِيْ مَا السَّاعَةُ ۙ اِنْ نَّظُنُّ اِلَّا ظَنًّا وَّمَا نَحْنُ

تم کہتے تھے ہم نہیں سمجھتے کیا ہے قیامت ہم کو آتا تو ہے ایک خیال سا اور ہم کو

بِمُسْتَيْقِنِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا

یقین نہیں ہوتا اور کھل جائیں اُن پر بُرائیاں اُن کاموں کی جو کئے تھے اور اُلٹ پڑے اُنپر وہ چیز

بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَقِيْلَ الْيَوْمَ نَنْسٰىكُمْ كَمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ

جس پر ٹھٹھا کرتے تھے اور حکم ہوگا کہ آج ہم تم کو بھلا دیں گے جیسے تمنے بھلا دیا تھا اپنے اُس دن کی

هٰذَا وَمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۳۴﴾ ذٰلِكُمْ بِاَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ

ملاقات کو اور گھر تمھارا دوزخ ہے اور کوئی نہیں تمھارا مددگار یہ تم پر اسواسطے کہ تمنے پکڑا اللہ

اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا وَّغَرَّتْكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُوْنَ مِنْهَا

کی باتوں کو ٹھٹھا اور بہکے رہے دُنیا کی زندگانی پر سو آج نہ اُن کو نکالنا منظور ہے وہاں سے

وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿۳۵﴾ فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ

اور نہ اُن سے مطلوب ہے توبہ، سو اللہ ہی کے واسطے ہے سب خوبی جو رب ہے آسمانوں کا اور رب ہے زمین کا رب

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۶﴾ وَلَهُ الْكِبْرِيَآءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۳۷﴾ ع ۴ ۱۱ ۲۰

سارے جہان کا اور اُسی کے لئے بڑائی ہے آسمانوں میں اور زمین میں اور وہی ہے زبردست حکمت والا

خُلاصۂ تفسیر

اور (اوپر جو کہا گیا ہے کہ "اللہ تعالیٰ تم کو جمع کرے گا" تو اسکو کچھ مشکل نہ سمجھا جائے کیونکہ) اللہ ہی کی سلطنت ہے آسمانوں میں اور زمین میں (وہ جو چاہے تصرّف کرے، پس تمھیں موت کے بعد زندہ کر کے جمع کرنا بھی اُسکے لئے کوئی مشکل نہیں) اور جس روز قیامت قائم ہوگی اُس روز اہلِ باطل خسارہ میں پڑیں گے اور آپ (اُس روز) ہر فرقہ کو دیکھیں گے کہ (مارے خوف کے) زانو کے بل گر پڑیں گے، ہر فرقہ اپنے نامۂ اعمال (میں لکھے ہوئے اعمال کے حساب) کیطرف بُلایا جائیگا (یہ مطلب ہے نامۂ اعمال کیطرف بُلانے کا، ورنہ نامۂ اعمال تو خود انکے پاس ہونگے اور اُنسے کہا جائیگا کہ) آج تمکو تمھارے کئے کا بدلہ ملے گا (اور کہا جائیگا کہ) یہ (نامۂ اعمال) ہمارا (لکھایا ہوا) دفتر ہے جو تمھارے مقابلے میں ٹھیک ٹھیک بول رہا ہے (یعنی تمھارے اعمال کو ظاہر کر رہا ہے اور) ہم (دُنیا میں) تمھارے (سب) اعمال کو (فرشتوں سے) لکھواتے جاتے تھے (اور یہ اُن ہی کا مجموعہ ہے) سو (حساب کے بعد فیصلہ یہ ہوگا کہ) جو لوگ ایمان لائے تھے اور اُنھوں نے اچھے کام کئے تھے تو ان کو اُنکا رب اپنی رحمت میں داخل کرے گا اور یہ صریح کامیابی ہے اور جو لوگ کافر تھے (اُنسے کہا جائیگا کہ) کیا میری آیتیں تم کو پڑھ کر نہیں سنائی جاتی تھیں سو تم نے (اُنکے قبول کرنے سے) تکبّر کیا تھا اور (اسوجہ سے) تم بڑے مجرم تھے اور (تمھارا یہ حال تھا کہ) جب (تمسے) کہا جاتا تھا کہ اللہ کا وعدہ (دوبارہ زندہ کر کے جزا و سزا دینے کا) حق ہے اور قیامت میں کوئی شک نہیں ہے تو تم (نہایت بے پروائی سے) کہا کرتے تھے کہ ہم نہیں جانتے قیامت کیا چیز ہے (صرف سُننے سُنانے سے) محض ایک خیال سا تو ہم کو بھی ہوتا ہے اور ہم کو (اسکا) یقین نہیں اور (اُسوقت) اُن پر اپنے تمام بُرے اعمال ظاہر ہو جائیں گے اور جس (عذاب) کے ساتھ وہ استہزا کیا کرتے تھے وہ انکو آگھیرے گا اور (اُنسے) کہا جائیگا کہ آج ہم تم کو بُھلائے دیتے ہیں (یعنی رحمت سے محروم کئے دیتے ہیں جسکو بُھلانا

مجازاً کہدیا) جیسا تمنے اپنے اس دن کے آنے کو بھلا رکھا تھا اور (آج سے) تمھارا ٹھکانا جہنم ہے اور کوئی تمھارا مددگار نہیں یہ (سزا) اسوجہ سے ہے کہ تمنے خدا تعالیٰ کی آیتونکی ہنسی اڑائی تھی اور تمکو دنیاوی زندگی نے دھوکہ میں ڈال رکھا تھا (کہ اُسمیں مشغول ہوکر آخرت سے بالکل غافل بلکہ منکر ہوگئے تھے) سو آج یہ لوگ نہ تو دوزخ سے نکالے جائیں گے اور نہ انسے خدا کی خفگی کا تدارک چاہا جائیگا (یعنی اسکا موقع نہ دیا جائیگا کہ توبہ کرکے خدا کو راضی کرلیں۔ جب یہ تمام مضامین سُن لئے) تو (انسے یہ بھی سمجھ میں آگیا کہ) تمام خوبیاں اللہ ہی کے لئے (ثابت) ہیں جو پروردگار ہے آسمانوں کا اور پروردگار ہے زمین کا (اور آسمان وزمین ہی کی کیا تخصیص ہے وہ تو) پروردگار ہے تمام عالم کا اور اسی کو بڑائی ہے (جسکا ظہور آثار وعلامات سے) آسمان وزمین میں (ہو رہا ہے) اور وہی زبردست حکمت والا ہے۔

معارف ومسائل

وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً، جُثُوٌ سے مشتق ہے جس کے معنی گھٹنوں کے بل بیٹھنے کے ہیں اور حضرت سُفیانؒ نے فرمایا، جُثُوٌ اس طرح بیٹھنے کو کہتے ہیں کہ جس میں زمین پر صرف گھٹنے اور پاؤں کے پنجے ٹِک جائیں، اس طرح کی نشست ہول اور خوف کی وجہ سے ہوگی۔ اور ظاہر كُلَّ اُمَّةٍ کے لفظ سے یہ ہے کہ یہ صورتِ خوف تمام اہلِ محشر مومن کافر نیک وبد سب کو پیش آئے گی، اور بعض دوسری آیات اور روایات میں جو محشر کے خوف وفزع سے انبیاء وصلحاء کو مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے یہ اسکے منافی نہیں۔ کیونکہ ممکن ہے کہ یہ دہشت و خوف تھوڑی مدت کے لئے انبیاء وصلحاء پر بھی طاری ہو، مگر تھوڑی دیر قلیل ہونے کی بنا پر اسکو نہ ہونے کے حکم میں رکھا گیا۔ اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ كُلَّ اُمَّةٍ سے مراد عام اہلِ محشر نہ ہوں بلکہ اکثر مراد ہوں جیسا کہ لفظ کُل بعض اوقات اکثر کے لئے بولا جاتا ہے۔ اور بعض حضرات مفسرین نے جاثیہ کے معنے ایسی نشست کے کئے ہیں جیسے نماز میں ہوتی ہے تو پھر وہ اشکال خود ہی ختم ہو جاتا ہے کیونکہ یہ نشست خوف کی نہیں ادب کی نشست ہے۔ كُلُّ اُمَّةٍ تُدْعٰٓى اِلٰى كِتٰبِهَا، کتاب سے مراد اس جگہ اکثر مفسرین کے نزدیک وہ نامۂ اعمال ہے جو فرشتے دُنیا میں لکھتے رہے تھے اور اب محشر میں یہ صحائفِ اعمال اُڑا دیئے جائیں گے ہر ایک آدمی کا نامۂ اعمال اسکے ہاتھ میں پہنچ جائیگا اور اس سے کہا جائے گا اِقْرَاْ كِتٰبَكَ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا یعنی اپنا نامۂ اعمال پڑھ لو اور خود ہی حساب لگالو کہ تمھیں ان اعمال کا کیا بدلہ ملنا چاہیئے۔ اور اس اعمال نامہ کیطرف بُلانے کا مطلب انکے حساب کیطرف بُلانا ہے جیسا کہ خلاصۂ تفسیر میں آچکا ہے۔ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

تمّت سورۃ الجاثیۃ لحادی عشر من رجب سنہ ۹۲ھ یوم الثلثاء وللہ الحمد والمنۃ

سُوْرَةُ الْاَحْقَاف

سُوْرَةُ الْاَحْقَافِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسٌ وَّثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَّاَرْبَعُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ احقاف مکہ میں نازل ہوئی اور اسمیں پینتیس آیتیں ہیں اور چار رکوع

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

حٰمٓ ۚ﴿۱﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿۲﴾ مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ

اُتارنا کتاب کا ہے اللہ زبردست حکمت والے کی طرف سے ہم نے جو بنائے آسمان

وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَمَّآ

اور زمین اور جو اُن کے بیچ میں ہے سو ٹھیک کام پر اور ایک ٹھہرے وعدہ پر اور جو لوگ منکر ہیں وہ

اُنْذِرُوْا مُعْرِضُوْنَ ﴿۳﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ اَرُوْنِيْ

ڈر کو سُن کر منہ پھیر لیتے ہیں تو کہہ بھلا دیکھو تو جن کو تم پکارتے ہو اللہ کے سوائے دکھلاؤ تو مجھ کو

مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ۭ ائْتُوْنِيْ بِكِتٰبٍ

انھوں نے کیا بنایا زمین میں یا اُن کا کچھ ساجھا ہے آسمانوں میں لاؤ میرے پاس کوئی کتاب

مِّنْ قَبْلِ هٰذَآ اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴﴾ وَمَنْ

اس سے پہلے کی یا کوئی علم جو چلا آتا ہو اگر ہو تم سچے اور اس سے

اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗٓ اِلٰى يَوْمِ

زیادہ گمراہ کون جو پکارے اللہ کے سوائے ایسے کو نہ پہنچے اس کی پکار کو دن قیامت

الْقِيٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَآئِهِمْ غٰفِلُوْنَ ﴿۵﴾ وَاِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا

تک اور اُن کو خبر نہیں اُن کے پکارنے کی اور جب لوگ جمع ہوں گے وہ ہونگے

لَهُمْ اَعْدَآءً وَّكَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِيْنَ ﴿۶﴾

انکے دشمن اور ہونگے اُن کے پوجنے سے منکر

خُلاصۂ تفسیر

حٰمٓ (اس کے معنی اللہ کو معلوم ہیں) یہ کتاب اللہ زبردست حکمت والے کی طرف سے بھیجی گئی ہے، (اس لئے اسکے مضامین قابلِ غور ہیں، آگے توحید اور معاد کا بیان ہے کہ) ہم نے آسمان اور زمین کو اور ان چیزوں کو جو انکے درمیان ہیں حکمت کے ساتھ اور ایک میعاد معیّن (تک) کے لئے پیدا کیا ہے، اور جو لوگ کافر ہیں اُن کو جس چیز سے ڈرایا جاتا ہے (مثلاً یہ کہ توحید کے انکار پر تم کو قیامت میں عذاب ہوگا) وہ اس سے بے رُخی (اور بے التفاتی) کرتے ہیں (اور توحید کو قبول نہیں کرتے)۔ آپ (اُن سے توحید کے بارہ میں) کہئیے کہ یہ تو بتلاؤ جن چیزوں کی تم خدا (کی توحید) کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہو (ان کے مستحقِ عبادت ہونے کی کیا دلیل ہے، اگر دلیل عقلی ہے تو) مجھ کو یہ دکھلاؤ کہ انھوں نے کونسی زمین پیدا کی ہے یا انکا آسمانوں (کے پیدا کرنے) میں کچھ حصّہ ہے (اور ظاہر ہے کہ تم بھی اُن کو خالق نہیں مانتے جو کہ دلیل ہو سکتی ہے مستحقِ عبادت ہونے کی، بلکہ مخلوق کہتے ہو جو کہ مستحقِ عبادت ہونے کے منافی ہے پس دلیلِ عقلی تو مفقود ہوئی اور اگر تمھارے پاس دلیلِ نقلی ہے تو) میرے پاس کوئی (صحیح) کتاب (لاؤ جس میں شرک کا حکم ہو اور) جو اس (قرآن) سے پہلے کی ہو (کیونکہ تم بھی جانتے ہو کہ قرآن میں شرک کی نفی ہے پس کسی اور ہی کتاب کی ضرورت ہوگی) یا (اگر کتاب نہ ہو تو) کوئی اور (معتبر) مضمون (جو زبانی) منقول (ہوتا چلا آتا ہو اور کتاب میں مدوّن نہ ہو) لاؤ اگر تم (دعوئ شرک میں) سچے ہو۔ (مطلب یہ کہ دلیلِ نقلی کا قابلِ تصدیق اور مستند ہونا ضروری ہے کسی نبی کی کتاب ہو یا اُن کا زبانی قول ہو) اور (ظاہر ہے کہ ایسی دلیل کوئی پیش نہیں کر سکتا مگر جو اپنے باطل عقیدے سے پھر بھی باز نہ آئے ایسے شخص کے بارے میں فرماتے ہیں کہ) اُس شخص سے زیادہ کون گمراہ ہوگا جو (دلیل سے عاجز ہونے اور اسکے خلاف پر دلیل قائم ہونے کے باوجود) خدا کو چھوڑ کر ایسے معبود کو پکارے جو قیامت تک بھی اسکا کہنا نہ کرے اور اُن کو انکے پکارنے (تک) کی بھی خبر نہ ہو اور (پھر) جب (قیامت میں) سب آدمی (حساب کے لئے) جمع کئے جائیں تو وہ (معبود) ان (عبادت کرنے والوں) کے دشمن ہو جائیں اور اُن کی عبادت ہی کا انکار کر بیٹھیں (پس ایسے معبودوں کی عبادت کرنے سے بڑھ کر کیا غلطی ہے کہ عبادت کرنے کی کوئی معقول وجہ نہیں اور عبادت نہ کرنے سے اسباب و وجوہ بکثرت ہیں)

معارف و مسائل

قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ، ان آیات میں مشرکین کے دعوائے شرک کو باطل کرنے کے لئے اُن سے انکے دعوے پر دلیل کا مطالبہ کیا گیا ہے کیونکہ کوئی دعویٰ بغیر شہادت و دلیل کے عقلاً یا شرعاً قابلِ عمل نہیں ہوتا۔ پھر اسمیں جتنی قسمیں دلائل کی ہو سکتی ہیں سب کو جمع کر دیا ہے اور

ثابت کیا ہے کہ تمہارے دعوے پر کسی قسم کی بھی دلیل و شہادت موجود نہیں اسلئے اس بے دلیل دعوے پر قائم رہنا گمراہی ہے۔ دلائل کی اس آیت میں تین قسمیں کی گئی ہیں۔ ایک عقلی دلیل جس کی نفی کے لئے فرمایا اَرُوْنِیْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِی السَّمٰوٰتِ، دوسری قسم دلیلِ نقلی ہے اور یہ ظاہر ہے کہ اللہ تعالےٰ کے معاملے میں دلیل نقلی وہ ہی معتبر ہو سکتی ہے جو خود حق تعالیٰ کیطرف سے آئی ہو جیسے آسمانی کتابیں تورات انجیل اور قرآن وغیرہ یا اُن حضرات کے اقوال جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنا رسول و نبی منتخب کیا ہے۔ ان دونوں قسموں میں سے پہلی قسم کی نفی تو اس سے فرمائی اِیْتُوْنِیْ بِكِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ هٰذَآ، یعنی اگر تمہارے پاس بُت پرستی کی کوئی دلیلِ نقلی موجود ہے تو کسی آسمانی کتاب کو پیش کرو جس میں بت پرستی اور شرک کی اجازت دی گئی ہو۔ اور دوسری قسم یعنی اقوالِ انبیاء کی نفی کیلئے فرمایا، اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ، یعنی اگر اللہ کی کسی کتاب میں تم شرک و بُت پرستی کی کوئی دلیل و شہادت نہیں دکھا سکتے تو کم از کم انبیاء میں سے کسی کا قول دکھلاؤ جو سند معتمد کے ساتھ انسے ثابت ہو۔ اور جب تم یہ بھی پیش نہیں کر سکتے تو تمہارا قول و عمل بجز گمراہی کے اور کیا ہو سکتا ہے۔ لفظ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ میں اَثَرَہ مصدر ہے بروزن شجاعت سماحت وغیرہ جس کے معنے نقل و روایت کے ہیں اسی لئے حضرت عکرمہؓ اور مقاتلؒ نے اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ کی تفسیر میں روایت عن الانبیاء فرمایا اور قرطبیؒ نے اس کی تفسیر اسناد حسن کے ساتھ فرمائی ہے۔ خلاصہ یہ ہوا کہ دلیل نقلی کی دو قسمیں معتبر ہیں، ایک آسمانی کتاب جو اللہ تعالےٰ نے کسی پیغمبر پر نازل فرمائی، دوسرے پیغمبر کا قول جو اسناد معتبر کے ساتھ پیغمبر سے ثابت ہو۔ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ کا یہی مفہوم ہے یہ سب مضمون تفسیر قرطبی سے لیا گیا ہے اور یہی تفسیر مختار اور بے غبار ہے۔ بعض حضرات سے اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ کی تفسیر میں دوسرے اقوال بھی منقول ہیں مگر وہ ثابت نہیں اور نظمِ قرآنی کے مناسب بھی نہیں اس لئے جمہور کے نزدیک مختار نہیں۔ واللہ اعلم

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ

اور جب سُنائی جائیں اُن کو ہماری باتیں کھلی کھلی کہتے ہیں منکر سچی بات کو جب اُن تک پہنچی

هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۷ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۭ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَلَا

یہ جادو ہے صریح کیا کہتے ہیں یہ بنا لایا ہے تو کہہ اگر میں یہ بنا لایا ہوں تو تم

تَمْلِكُوْنَ لِيْ مِنَ اللّٰهِ شَيْـــًٔا ۭ هُوَ اَعْلَمُ بِمَا تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ۭ كَفٰى

میرا بھلا نہیں کر سکتے اللہ کے سامنے ذرا بھی اس کو خوب خبر ہے جن باتوں میں تم لگ رہے ہو وہ کافی ہے

بِهٖ شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۭ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝۸ قُلْ مَا

حق بتانے والا میرے اور تمہارے بیچ اور وہی ہے بخشنے والا مہربان تو کہہ

كُنْتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَمَآ اَدْرِيْ مَا يُفْعَلُ بِيْ وَلَا بِكُمْ ۭ اِنْ

میں کچھ نیا رسول نہیں آیا اور مجھ کو معلوم نہیں کیا ہونا ہے مجھ سے اور تم سے میں اُسی

اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ وَمَآ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۹ قُلْ اَرَءَيْتُمْ

پر چلتا ہوں جو حکم آتا ہے مجھ کو اور میرا کام تو یہی ہے ڈر سُنا دینا کھول کر تو کہہ بھلا دیکھو تو

اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَكَفَرْتُمْ بِهٖ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ

اگر یہ آیا ہو اللہ کے یہاں سے اور تم نے اسکو نہیں مانا اور گواہی دے چکا ایک گواہ بنی اسرائیل کا

ع ۱۰ عَلٰي مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۱۰ ع

ایک ایسی کتاب کی، پھر وہ یقین لایا اور تمنے غرور کیا بیشک اللہ راہ نہیں دیتا گنہگاروں کو

خُلاصۂ تفسیر

اور جب ہماری کھُلی کھُلی آیتیں (جو کہ معجزہ ہونے کے باعث رسالت کی دلیل ہیں) ان (منکرِ رسالت) لوگوں کے سامنے پڑھی جاتی ہیں تو یہ منکر لوگ اس سچی بات کی نسبت جبکہ وہ ان تک پہنچتی ہے یوں) کہتے ہیں کہ یہ صریح جادو ہے (حالانکہ جادو کی نظیر کا ممکن ہونا اور اسکی نظیر کا ممکن نہونا اس قول کے بطلان کی صریح دلیل ہے اور اس سے بڑھ کر اور سُنو) کیا یہ لوگ یہ کہتے ہیں کہ اس شخص نے (یعنی آپ نے نعوذ باللہ) اس (قرآن) کو اپنی طرف سے بنا لیا ہے (اور خدا کی طرف منسوب کر دیا۔ آگے اس قول کا جواب ہے کہ) آپ کہہ دیجئے کہ اگر میں نے اس کو اپنی طرف سے بنا لیا ہوگا (اور خدا کے ذمّہ لگا دیا ہوگا) تو (خدا تعالیٰ اپنی عادت کے موافق لوگوں کو دھوکہ سے بچانے کے لئے مجھ کو نبوّت کے جھوٹے دعوے پر جلد ہی ہلاک کر دے گا) پھر (جب وہ مجھ کو ہلاک کرنے لگے گا تو) تم (یا اور) لوگ مجھ کو خدا (کے عذاب) سے ذرا بھی نہیں بچا سکتے (مطلب یہ کہ نبوّت کے جھوٹے دعوے پر عذاب کا ہونا ایسا لازمی ہے کہ میرا کوئی حامی و مددگار بھی اُسے نہیں روک سکتا، مگر مجھ کو عذاب نہیں ہوا۔ یہ دلیل ہے اس کی کہ میں اپنے دعویٰ نبوّت میں جھوٹا نہیں، اور جب میں جھوٹا نہیں تو یہ سمجھ رکھو کہ) وہ خوب جانتا ہے تم قرآن میں جو جو باتیں بنا رہے ہو (اسلئے تمکو سزا ہوگی غرض یہ کہ) میرے اور تمھارے درمیان (صدق و کذب کا فیصلہ کرنے کے لئے) وہ کافی گواہ (یعنی باخبر) ہے (لہٰذا اگر میں جھوٹا ہونگا مجھ کو فوراً عذاب دے گا، اور اگر تم جھوٹے ہوگے تو تم کو جلد یا بدیر عذاب دے گا) اور (اگر کسی کو یہ شبہ ہو کہ جب وہ ہماری باتوں سے واقف ہے اور پھر بھی ہم پر عذاب نہیں آیا تو جس طرح مدعیٔ نبوّت پر عذاب نہ آنا اُس کی سچائی کی دلیل ہے اسی طرح ہم منکروں پر عذاب نہ آنا ہماری سچائی کی دلیل بن سکتی ہے تو اسکا جواب یہ ہے کہ) وہ بڑی مغفرت والا ہے (اسلئے مغفرت کی بعض اقسام مثلاً دُنیا میں

کافروں پر عذاب نہ آنا بھی واقع کر دیتا ہے اور) بڑی رحمت والا ہے (اس لئے رحمت کی بعض اقسام بھی جس کو رحمتِ عامّہ کہتے ہیں کفار کے لئے بھی واقع کر دیتا ہے۔ لہٰذا منکرین کے انکار پر دُنیا میں عذاب نہ ہونا انکے صدق کی دلیل نہیں، برخلاف مدعیٔ نبوت کے کہ وہاں جھوٹا دعویٰ اور عذاب کا نزول دونوں لازم و ملزوم ہیں کیونکہ نبوّت کا جھوٹا دعوی کرنے والے کو دنیا میں عذاب نہ دینا لوگوں کی گمراہی کا سبب بن سکتا ہے بخلاف دوسرے مجرموں کے۔ آگے اثباتِ نبوّت کی تاکید ہے کہ) آپ کہدیجئے کہ میں کوئی انوکھا رسُول تو ہوں نہیں (کہ تمھارے لئے باعثِ تعجب ہو کیونکہ مجھ سے پہلے بہت سے پیغمبر آچکے ہیں جن کی خبر تواتر سے تم نے بھی سُنی ہے) اور (اسی طرح کسی اور عجیب بات کا بھی میں دعویٰ نہیں کرتا جیسا کہ مثلاً علم غیب ہے چنانچہ میں خود کہتا ہوں کہ مجھ کو غیب کی باتوں میں سے صرف وہ معلوم ہیں جو وحی سے مجھے بتادی گئی ہیں، غیب کی اور کسی بات کی خبر مجھے نہیں حتی کہ) میں نہیں جانتا کہ میرے ساتھ کیا کیا جائے گا اور نہ (یہ معلوم کہ) تمھارے ساتھ (کیا کیا جائے گا۔ لہٰذا جب اپنے اور تمھارے آئندہ حالات کے علم کا میں مدعی نہیں ہوں تو دُور کی غیبی باتوں کے بارے میں تو کیا دعوٰی کرتا، البتہ جن اُمور کا علم وحی سے ہوگیا ہے خواہ وہ اپنے متعلق ہوں یا غیر کے اور خواہ دُنیا کے حالات ہوں یا آخرت کے انکا علم بیشک کامل ہے چنانچہ آگے ارشاد ہے کہ) میں تو (علم و عمل میں) صرف اُسی کا اتباع کرتا ہوں جو میرے پاس وحی کے ذریعہ سے آتا ہے اور (اسی کی تبلیغ بھی کرتا ہوں۔ اور اگر تم اسکو نہیں مانتے تو میرا کوئی نقصان نہیں کیونکہ) میں تو صرف صاف صاف ڈرانے والا ہوں (جس کو میں دلائل سے ثابت کر چکا ہوں اور اوپر جو الزام افترا کی تردید "هُوَ اَعْلَمُ بِمَا تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ" سے اجمالاً کی گئی تھی آگے اسکی تفصیل کے طور پر ارشاد ہے کہ) آپ کہدیجئے کہ تم مجھ کو یہ بتلادو کہ اگر یہ قرآن منجانب اللہ ہو اور (پھر) تم اسکے منکر ہو اور (کسی دلیل سے اسکے منجانب اللہ ہونے کی مزید تائید بھی ہو جائے مثلاً اسی دلیل سے کہ) بنی اسرائیل (کے علماء) میں سے کوئی (معتبر) گواہ (جو علم و دیانت کے اعتبار سے مسلّم و معتبر ہو اور ایک ہو یا زیادہ، ماضی میں ہو یا حال میں یا مستقبل میں) اس جیسی کتاب (یعنی اس کتاب کے منجانب اللہ ہونے) پر گواہی دیکر ایمان لے آئے اور تم (باوجود بے علم ہونے کے اس کتاب پر ایمان لانے سے) تکبّر ہی میں رہو (تو اس صورت میں تم سے زیادہ بے انصاف کون ہوگا اور بے انصاف لوگوں کی یہ حالت ہے کہ) بیشک اللہ تعالیٰ بے انصاف لوگوں کو (اُن کے عناد کے باعث) ہدایت نہیں کیا کرتا (بلکہ ہمیشہ گمراہی میں رہتے ہیں اور گمراہی کا انجام آگ ہے)۔

معارف و مسائل

وَمَآ اَدْرِیْ مَا یُفْعَلُ بِیْ وَلَا بِکُمْ ۭ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا یُوْحٰٓی اِلَیَّ ، اس آیت میں

جملہ اِنْ اَتَّبِعُ بمعنے استثناء کے ہے یعنی میں نہیں جانتا بجز اسکے جو مجھ پر وحی کی جائے۔ اسی بناء پر امام تفسیر ضحاکؒ سے اس آیت کی تفسیر وہ منقول ہے جو خلاصۂ تفسیر مذکور میں اختیار کی گئی ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ اُمورِ غیبیہ کا علم مجھے صرف وحی کے ذریعہ ہو سکتا ہے جس معاملے کے متعلق وحی سے مجھے علم نہ ہو خواہ وہ میری ذات سے متعلق ہو یا اُمت کے مومن و کافر لوگوں سے اور خواہ وہ معاملہ دُنیا کا ہو یا آخرت کا اسکی مجھے کچھ خبر نہیں۔ اُمورِ غیبیہ کے متعلق میں جو کچھ کہتا ہوں وہ سب وحیٔ الٰہی سے کہتا ہوں چنانچہ قرآن کریم میں خود مذکور ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بے شمار علوم اُمورِ غیبیہ کے متعلق عطا فرمائے ہیں، تِلْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهَآ اِلَيْكَ، کا یہی مطلب ہے۔ اُمورِ آخرت، دوزخ، جنّت، حساب کتاب، سزا و جزا سے متعلق تو تفصیلاً خود قرآن کریم میں بے شمار مذکور ہیں اور دُنیا میں پیش آنے والے واقعات آئندہ کی بہت سی تفصیلات احادیث صحیحہ متواترہ میں رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے منقول ہیں جس سے ثابت ہوا کہ آیت مذکورہ کا حاصل صرف اتنا ہے کہ میں اُمورِ غیبیہ کے علمِ محیط میں خدا تعالیٰ کی طرح نہیں اور اُن کے علم میں خود مختار نہیں بلکہ مجھے بواسطہ وحیٔ خداوندی جو کچھ بتلا دیا جاتا ہے وہ میں ذکر کر دیتا ہوں۔

تفسیر روح المعانی میں اس قول کو نقل کر کے لکھا ہے کہ میرا اعتقاد یہ ہے کہ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اس دُنیا سے اُسوقت تک رخصت نہیں ہوئے جبتک کہ اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات اور آخرت اور دُنیا میں پیش آنیوالے اہم معاملات سے آپکو بذریعہ وحی باخبر نہیں کر دیا گیا۔ رہا اشخاص و افراد کے جزوی شخصی حالات و معاملات کا علم کہ زید کل کو کیا کام کرے گا اور اسکا انجام کیا ہوگا، عمر بکر اپنے گھروں میں کیا کیا کام کر رہے ہیں یا کرینگے ان اُمورِ غیبیہ کا علم نہ کوئی کمال ہے نہ اُنکے نہ ہونے سے کمالِ نبوّت میں کوئی فرق آتا ہے۔

رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے علمِ غیب کے متعلق تقاضائے ادب

جنابِ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے علمِ غیب کے متعلق تقاضائے ادب یہ ہے کہ یُوں نہ کہا جائے کہ آپ غیب نہیں جانتے تھے بلکہ یُوں کہا جائے کہ اللہ تعالیٰ نے رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو اُمورِ غیب کا بہت بڑا علم دیا تھا جو انبیاء میں سے کسی دوسرے کو نہیں ملا۔ اور بعض حضرات مفسّرین نے جو یہ فرمایا کہ اس آیت میں نفی علم صرف اُمورِ دُنیویہ سے متعلق ہے آخرت کے متعلق علمِ غیب کی نفی اس میں شامل نہیں (کما ذکرہ القرطبیؒ) اُنھوں نے غالباً جملہ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى کو بمعنے استثناء قرار نہیں دیا، اسلئے نفی علم غیب کو اُمورِ دُنیا کے ساتھ مخصوص فرمایا کیونکہ آخرت کے متعلق تو کھُلے طور پر آپنے بتلا دیا کہ کافر دوزخ میں اور مومن جنّت میں جائے گا۔

وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰي مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ اس آیت کا مضمون تقریباً وہی ہے جو سورۂ شعراء کے آخری رکوع کی آیت کا ہے یعنی اَوَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ

اٰیۃً اَنْ یَّعْلَمَہٗ عُلَمٰٓؤُا بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ جسکا حاصل یہ ہے کہ یہ جاہل یہود و نصاریٰ جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی رسالت اور قرآن کا انکار کرتے ہیں یہ خود اپنی کتابوں سے بھی ناواقف اور جاہل ہیں کیونکہ بہت سے علمائے بنی اسرائیل اپنی کتابوں میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوّت اور آپکی علامات کا مشاہدہ کرکے آپ پر ایمان لے آئے ہیں۔ کیا اُن علماء کی شہادت بھی ان جاہل لوگوں کے لئے کافی نہیں۔ اس آیت میں یہ ارشاد ہے کہ تم جو یہ کہتے ہو کہ میرا دعوائے رسالت اور قرآن کا اللہ کی کتاب ہونا غلط اور افترا ہے اوّل تو اسکے غلط ہونے کے لئے وہ بات کافی ہے جو پہلے ابھی ذکر کی گئی ہے کہ جو شخص اللہ پر ایسا کھلا افترا کرے کہ مجھے اُسنے نبی بناکر بھیجا ہے اور واقع میں وہ نبی نہیں ہے تو اس پر اس دُنیا ہی میں عذاب کا آجانا اور اسکا ہلاک کیا جانا ضروری ہے تاکہ عام لوگ دھوکے سے بچ سکیں۔ اور بالفرض تم اسکو بھی نہیں مانتے تو کم از کم اس احتمال کو تو نظر انداز نہ کرو کہ اگر میرا دعویٰ صحیح ہوا اور یہ کتاب اللہ کیطرف سے ہی ہوئی اور تم اس سے کفر و انکار پر جمے رہو تو تمھارا کیا انجام ہوگا خصوصاً اس صورت میں کہ خود تمھاری قوم بنی اسرائیل ہی میں کوئی بڑا آدمی اسکے منجانب اللہ ہونے کی شہادت دیدے اور مسلمان ہوجائے اور تم اس علم کے بعد بھی اپنی ضد اور تکبّر پر جمے رہو تو تم کسقدر عذاب کے مستحق ہوگے۔

اس آیت کے الفاظ میں کسی خاص عالم بنی اسرائیل کا نام نہیں لیا گیا اور نہ یہ متعین گیا کہ یہ شہادت اس آیت کے نزول سے پہلے لوگوں کے سامنے آچکی ہے یا آئندہ آنے والی ہے بلکہ ایک جملہ شرطیہ کے طور پر فرمایا ہے کہ اگر ماضی میں بالفعل یا آئندہ ایسا ہوجائے تو تمھیں اپنی فکر کرنا چاہیئے کہ تم عذاب سے کیسے بچو گے۔ اسلئے مضمون آیت کا سمجھنا اس پر موقوف نہیں ہے کہ علمائے بنی اسرائیل میں سے کسی شاہد معین کو اسکا مصداق قرار دیا جائے بلکہ جتنے حضرات یہود و نصاریٰ میں سے داخلِ اسلام ہوئے جن میں حضرت عبداللہ بن سلام رضؓ زیادہ معروف ہیں وہ سبھی اس میں داخل ہیں اگرچہ حضرت عبداللہ بن سلامؓ کا ایمان اس آیت کے نازل ہونے کے بعد مدینہ منورہ میں ہوا، اور یہ پوری سورت مکّی ہے۔ (ابن کثیرؒ)

اور بعض روایات میں جو حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ یہ آیت حضرت عبداللہ بن سلامؓ کے بارے میں نازل ہوئی (کما رواہ البخاری و مسلم والنسائی من حدیث مالک) نیز حضرت ابن عباسؓ، مجاہدؒ، ضحاکؒ، قتادہؒ وغیرہ ائمہ تفسیر سب نے باتفاق فرمایا کہ یہ آیت حضرت عبداللہ بن سلامؓ کے متعلق نازل ہوئی ہے، تو یہ اس آیت کے مکّی ہونے کے منافی نہیں، کیونکہ اس صورت میں یہ پیشگوئی آئندہ کے لئے ہوجائے گی۔ (کذا قال ابن کثیرؒ)

وَقَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَوْ كَانَ خَیْرًا مَّا سَبَقُوْنَآ

اور کہنے لگے منکر ایمان والوں کو اگر یہ دین بہتر ہوتا تو یہ نہ دوڑتے اس پر

اِلَيْهِ ۭ وَاِذْ لَمْ يَهْتَدُوْا بِهٖ فَسَيَقُوْلُوْنَ هٰذَآ اِفْكٌ قَدِيْمٌ ﴿۱۱﴾ وَمِنْ

ہم سے پہلے، اور جب راہ پر نہیں آئے اسکے بتلانے سے تو یہ اب کہیں گے یہ جھوٹ ہے بہت پرانا اور اس

قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ۭ وَهٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ

سے پہلے کتاب موسیٰ کی تھی راہ ڈالنے والی اور رحمت اور یہ کتاب ہے اس کی تصدیق کرتی

لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۠ وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲﴾

عربی زبان میں تاکہ ڈر سنائے گنہگاروں کو اور خوشخبری نیکی والوں کو

خُلاصۂ تفسیر

اور یہ کافر ایمان والوں (کے ایمان لانے) کی نسبت یوں کہتے ہیں کہ اگر یہ قرآن (جس پر یہ لوگ ایمان لائے ہیں) کوئی اچھی (یعنی سچی) چیز ہوتا تو یہ (کم درجہ کے) لوگ اُس کیطرف ہم سے سبقت نہ کرتے (یعنی ہم لوگ بڑے عاقل ہیں اور یہ لوگ کم عقل ہیں، اور حق بات کو عاقل پہلے قبول کرتا ہے تو اگر یہ حق ہوتا تو ہم پہلے مانتے جب ہم نے نہیں مانا تو یہ حق نہیں یہ لوگ بے عقلی سے اُدھر دوڑنے لگے ہیں۔ کافروں کا یہ قول انکے انتہای تکبّر کی دلیل ہے جسکا ذکر اوپر اِسْتِكْبَارًا میں آیا ہے) اور جب (عناد و تکبّر کے باعث) ان لوگوں کو قرآن سے ہدایت نصیب نہ ہوئی تو (اپنے عناد اور ضد کی بنا پر) یہی کہیں گے کہ یہ (بھی مثل) قدیمی (جھوٹے مضامین کے ایک) جھوٹ (مضمون) ہے اور اس (قرآن) سے پہلے موسیٰ (علیہ السلام) کی کتاب (نازل ہو چکی) ہے جو (موسیٰ علیہ السلام کی اُمّت کیلئے بالعموم) رہنما (تھی) اور (اہلِ ایمان کے لئے بالخصوص) رحمت تھی (اور جس طرح توریت میں اسکی پیشین گوئی ہے) یہ (اسی طرح کی) ایک کتاب ہے جو اُس (کی پیشین گوئی) کو سچّا کرتی ہے (اور) عربی زبان میں (ہے) ظالموں کو ڈرانے کے لئے اور نیک لوگوں کو بشارت دینے کے لئے (نازل ہوئی ہے)۔

مَعارف و مسائل

لَوْ كَانَ خَيْرًا مَّا سَبَقُوْنَآ اِلَيْهِ، تکبّر و غرور انسان کی عقل کو بھی مسخ کر دیتا ہے۔ متکبّر آدمی اپنی عقل اور اپنے عمل کو معیارِ حسن و قبح و خیر و شر سمجھنے لگتا ہے جو چیز اسکو پسند نہو خواہ دوسرے لوگ اسکو کتنا ہی اچھا سمجھیں، یہ اُن سب کو بیوقوف سمجھتا ہے حالانکہ خود بیوقوف ہے۔ کفّار کے اسی درجہ غرور و تکبّر کا اس آیت میں بیان ہے کہ اسلام و ایمان چونکہ اُن کو پسند نہیں تھا تو دوسرے لوگ جو ایمان کے دلدادہ تھے ان کو یہ کہتے تھے کہ اگر یہ ایمان کوئی اچھی چیز ہوتی تو سب سے پہلے ہمیں پسند آتی، ان دوسرے غریب فقیر لوگوں کی پسند کا کیا اعتبار۔

ابنِ مُنذرؒ وغیرہ نے ایک روایت نقل کی ہے کہ عمر بن خطابؓ جب مسلمان نہیں ہوئے تھے انکی ایک کنیز جسکا نام زنیرہ تھا پہلے مسلمان ہوگئی تھی یہ اس کو اسکے اسلام پر مارتے اور دھمکاتے تھے کہ کسی طرح یہ اسلام کو چھوڑ دے اور کفار قریش کہا کرتے تھے کہ اسلام کوئی اچھی چیز ہوتی تو زنین جیسی حقیر عورت اسمیں ہم سے آگے نہ ہوتی، اسکے متعلق آیتِ مذکورہ نازل ہوئی۔ (مظہری)

وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ، اس کلام سے ایک تو مَا كُنْتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ کا ثبوت ملا کہ آپ کوئی انوکھے رسُول اور قرآن کوئی انوکھی کتاب نہیں کہ اُن پر ایمان لانے میں لوگوں کو اشکال ہو بلکہ آپ سے پہلے موسیٰ علیہ السّلام رسُول ہوکر آچکے ہیں اور اُن پر تورات نازل ہوچکی ہے جس کو یہ کفار یہود و نصاریٰ بھی تسلیم کرتے ہیں۔ دوسرے اوپر جو شَهِدَ شَاهِدٌ آیا ہے اسکی بھی تقویت ہوگئی کیونکہ موسیٰ علیہ السلام اور تورات خود قرآن اور رسُولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حقانیت کے شاہد ہیں۔

إِنَّ الَّذِينَ قَالُوا رَبُّنَا اللَّهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ

مقرر جنھوں نے کہا رب ہمارا اللہ ہے پھر ثابت قدم رہے تو نہ ڈر ہے اُن پر اور نہ وہ

يَحْزَنُونَ ﴿۱۳﴾ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ خَالِدِينَ فِيهَا جَزَاءً بِمَا

غمگین ہوں گے وہ لوگ ہیں بہشت والے سدا رہیں گے اس میں بدلہ ہے ان کاموں

كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۱۴﴾ وَوَصَّيْنَا الْإِنسَانَ بِوَالِدَيْهِ إِحْسَانًا ۖ حَمَلَتْهُ

کا جو کرتے تھے اور ہمنے حکم کر دیا انسان کو اپنے ماں باپ سے بھلائی کا، پیٹ میں رکھا

أُمُّهُ كُرْهًا وَوَضَعَتْهُ كُرْهًا ۖ وَحَمْلُهُ وَفِصَالُهُ ثَلَاثُونَ شَهْرًا ۚ

اسکو اسکی ماں نے تکلیف سے اور جنا اسکو تکلیف سے اور حمل میں رہنا اسکا اور دودھ چھوڑنا تیس مہینے میں ہے

حَتَّىٰ إِذَا بَلَغَ أَشُدَّهُ وَبَلَغَ أَرْبَعِينَ سَنَةً ۙ قَالَ رَبِّ

یہانتک کہ جب پہنچا اپنی قوت کو اور پہنچ گیا چالیس برس کو کہنے لگا اے رب میرے

أَوْزِعْنِي أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِي أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلَىٰ وَالِدَيَّ

میری قسمت میں کر کہ شکر کروں تیرے احسان کا جو تو نے مجھ پر کیا اور میرے ماں باپ پر

وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضَاهُ وَأَصْلِحْ لِي فِي ذُرِّيَّتِي ۖ إِنِّي تُبْتُ

اور یہ کہ کروں نیک کام جس سے تو راضی ہو اور مجھ کو دے نیک اولاد میری میں نے توبہ کی

إِلَيْكَ وَإِنِّي مِنَ الْمُسْلِمِينَ ﴿۱۵﴾ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ نَتَقَبَّلُ

تیری طرف اور میں ہوں حکمبردار یہ وہ لوگ ہیں جن سے ہم قبول کرتے ہیں

عَنْهُمْ أَحْسَنَ مَا عَمِلُوا وَنَتَجَاوَزُ عَن سَيِّئَاتِهِمْ فِي أَصْحَابِ

بہتر سے بہتر کام جو کئے ہیں اور معاف کرتے ہیں ہم برائیاں اُن کی رہنے والے جنّت

الْجَنَّةِ ط وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَالَّذِيْ قَالَ

کے لوگوں میں سچا وعدہ جو اُن سے کیا جاتا تھا اور جس شخص نے کہا

لِوَالِدَيْهِ اُفٍّ لَّكُمَآ اَتَعِدٰنِنِيْٓ اَنْ اُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ

اپنے ماں باپ کو میں بیزار ہوں تم سے، کیا مجھ کو وعدہ دیتے ہو کہ میں نکالا جاؤنگا قبر سے، اور گزر چکی ہیں

مِنْ قَبْلِيْ ج وَهُمَا يَسْتَغِيْثٰنِ اللّٰهَ وَيْلَكَ اٰمِنْ ق اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ج

بہت جماعتیں مجھ سے پہلے اور وہ دونوں فریاد کرتے ہیں اللہ سے کہ اے خرابی تیری تو ایمان لے آ، بیشک وعدہ اللہ کا

فَيَقُوْلُ مَا هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۷﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ حَقَّ

ٹھیک ہے، پھر کہتا ہے یہ سب نقلیں ہیں پہلوں کی یہ وہ لوگ ہیں کہ جن پر ثابت

عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ط

ہوئی بات عذاب کی شامل اور فرقوں میں جو گزر چکے ہیں ان سے پہلے جنوں کے اور آدمیوں کے

اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۱۸﴾ وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ج وَلِيُوَفِّيَهُمْ

بیشک وہ تھے ٹوٹے میں پڑے اور ہر فرقے کے کئی درجے ہیں اپنے کئے کاموں کے موافق اور تاکہ پورے دے

اَعْمَالَهُمْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى

انکو کام اُن کے اور اُن پر ظلم نہ ہوگا اور جس دن لائے جائیں گے منکر آگ کے

النَّارِ ط اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ج

کنارہ پر ضائع کئے تم نے اپنے مزے دُنیا کی زندگانی میں اور ان کو برت چکے

فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِي

اب آج سزا پاؤ گے ذلت کا عذاب بدلہ اسکا جو تم غرور کرتے تھے

الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ ﴿۲۰﴾ ع ۲ ۱۰ ۲

ملک میں ناحق اور اسکا جو تم نافرمانی کرتے تھے

خُلاصۂ تفسیر

جن لوگوں نے (صدق دل سے) کہا کہ ہمارا رب اللہ ہے (یعنی توحید کو تعلیم رسُول کے مطابق قبول کیا) پھر (اس پر) مستقیم رہے (یعنی اس کو چھوڑا نہیں) سو یقیناً (اسکا نتیجہ یہ ہے کہ) اُن لوگوں پر (آخرت میں) کوئی خوف (کی بات واقع ہونے والی) نہیں اور نہ وہ (وہاں) غمگین ہونگے (یہ تو انکے مضرت سے بچنے کا بیان تھا، آگے اُس منفعت کا ذکر ہے جو انکو ملنے والی ہے کہ) یہ لوگ اہلِ جنت ہیں جو اس میں ہمیشہ رہیں گے بعوض اُن (نیک) کاموں

۵۱

کے جو کہ وہ کرتے تھے (جن میں سے ایمان لانے اور اس پر قائم رہنے کا اوپر ذکر ہے) اور (جس طرح ہمنے حقوق اللہ کو واجب کیا ہے جسکا ذکر ہو چکا اسی طرح حقوق العباد کو بھی واجب کیا ہی چنانچہ اُن میں سے ایک بہت بڑا حق والدین کا ہے اسلئے) ہمنے انسان کو اپنے ماں باپ کے ساتھ نیک سلوک کرنے کا حکم دیا ہے (اور بالخصوص ماں کے ساتھ اور زیادہ کیونکہ) اُس کی ماں نے اُس کو بڑی مشقت کے ساتھ پیٹ میں رکھا اور (پھر) بڑی مشقت کے ساتھ اس کو جنا اور اُس کو پیٹ میں رکھنا اور اسکا دودھ چھڑانا (اکثر) تیس ۳۰ مہینہ (میں پورا ہوتا) ہے۔ (اتنے دنوں طرح طرح کی مصیبت اُٹھاتی ہے اور کم و بیش ان مصیبتوں میں باپ کی بھی شرکت ہوتی ہے بلکہ اکثر اُمور کا انتظام عادتاً باپ ہی کو کرنا پڑتا ہے اور اپنے آرام میں خلل آجانا یہ دونوں کو مساوی طور پر پیش آتا ہے اسلئے بھی ماں باپ کا حق انسان پر زیادہ واجب کیا گیا ہے۔ غرض اسکے بعد نشو و نما پاتا ہے) یہانتک کہ جب (نشو و نما پاتے پاتے) اپنی جوانی کو (یعنی بلوغ کو) پہنچ جاتا ہے اور (پھر بلوغ کے بعد ایک زمانہ میں) چالیس برس (کی عمر) کو پہنچتا ہے تو (جو سعادت مند ہوتا ہے وہ) کہتا ہے کہ اے میرے پروردگار مجھ کو اس پر مداومت دیجئے کہ میں آپ کی اُن نعمتوں کا شکر کیا کروں جو آپنے مجھ کو اور میرے ماں باپ کو عطا فرمائی ہیں (اگر ماں باپ مسلمان ہیں تب تو دین کی نعمت بھی، ورنہ دُنیا کی نعمت تو ظاہر ہی ہے اور ماں باپ کی نعمت کا اثر اَولاد پر بھی پہنچتا ہے۔ چنانچہ اُن کا وجود و بقاء جو دنیاوی نعمت ہے اس کی بدولت تو خود اولاد کا وجود ہی ہوتا ہے اور دینی نعمت کا اثر یہ ہوتا ہے کہ اُن کی تعلیم و تربیت اُسکے لئے علم و عمل کا ذریعہ بنتی ہے) اور (وہ یہ بھی کہتا ہے کہ مجھ کو اس کی بھی پابندی نصیب کیجئے کہ) میں نیک کام کیا کروں جس سے آپ خوش ہوں اور میری اولاد میں بھی میرے (نفع کے) لئے صلاحیت پیدا کر دیجئے (دُنیاوی نفع یہ کہ دیکھ دیکھ کر راحت ہو اور دینی نفع یہ کہ اجر و ثواب ہو اور) میں آپ کی جناب میں (گناہوں سے بھی) توبہ کرتا ہوں اور میں (آپ کا) فرمانبردار ہوں (مقصود اس سے اپنی غلامی کا اقرار ہے نہ کہ دعویٰ۔ آگے ان اعمال کا نتیجہ فرماتے ہیں کہ) یہ وہ لوگ ہیں کہ ہم انکے نیک کاموں کو قبول کرلیں گے اور انکے گناہوں سے درگزر کر دیں گے اس طور پر کہ یہ اہلِ جنّت میں سے ہونگے (اور یہ سب) اُس وعدۂ صادقہ کیوجہ سے (ہوا) جس کا اُن سے (دُنیا میں) وعدہ کیا جاتا تھا (یہانتک تو محسنین اور خوش بخت لوگوں کا بیان ہوا۔ آگے ظالم اور بدبخت لوگوں کا ذکر ہے یعنی) اور جس نے (حقوق اللہ اور حقوق العباد دونوں کو پامال کر دیا جیسا اُسکے اس حال سے معلوم ہوتا ہی کہ اُس نے) اپنے ماں باپ سے کہا (جن کے حق کی حقوق العباد میں سب سے زیادہ تاکید ہے خصوصاً جبکہ وہ مسلمان بھی ہوں اور خصوصاً جبکہ وہ اسکو بھی اسلام کی دعوت دے رہے ہوں) کہ تُف ہے تمپر کیا تم مجھ کو یہ وعدہ (یعنی خبر) دیتے ہو کہ میں (قیامت میں دوبارہ زندہ ہو کر) قبر سے

نکالا جاؤں گا حالانکہ مجھ سے پہلے بہت سی اُمتیں گزر گئیں (جن کو ہر زمانے میں انکے پیغمبر یُوں ہی خبریں دیتے چلے آئے مگر آجتک کسی بات کا ظہور نہ ہوا۔ اس سے معلوم ہوا کہ یہ سب باتیں ہی باتیں ہیں) اور وہ دونوں (غریب ماں باپ اسکے اس انکار سے کہ جو کفر عظیم ہے گھبرا کر) اللہ سے فریاد کر رہے ہیں (اور نہایت دردمندی سے اس سے کہہ رہے ہیں) کہ ارے تیرا ناس ہو ایمان لا (اور قیامت کو بھی برحق سمجھ) بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے تو یہ (اس پر بھی) کہتا ہے کہ یہ بے سند باتیں اگلوں سے منقول چلی آرہی ہیں (مطلب یہ کہ ایسا بدنصیب ہے کہ کفر اور ماں باپ سے بدسلوکی دونوں کا مرتکب ہے، اور بدسلوکی بھی اس درجہ کی کہ ماں باپ کی مخالفت کے ساتھ اُن سے کلام میں بھی بدتمیزی کرتا ہے۔ آگے ان اعمال کا نتیجہ فرماتے ہیں کہ) یہ وہ لوگ ہیں کہ ان کے حق میں بھی اُن لوگوں کے ساتھ اللہ کا قول (یعنی وعدۂ عذاب) پورا ہو کر رہا جو ان سے پہلے جن اور انسان (کفار) ہو گزرے ہیں بیشک یہ (سب) خسارہ میں رہے۔ اور (آگے مذکورہ بالا تفصیل کو خلاصۂ اجمال کے طور پر فرماتے ہیں کہ مذکورہ دونوں فریقوں میں سے) ہر ایک (فریق) کے لئے انکے (مختلف) اعمال کیوجہ سے الگ الگ درجے (کسی کو جنت کے کسی کو دوزخ کے) ملیں گے اور (مختلف درجے اسلئے ملیں گے) تاکہ اللہ تعالیٰ سب کو اُن کے اعمال (کی جزا) پُوری کر دے اور اُن پر (کسی طرح کا) ظلم نہ ہوگا اور (اوپر محسنین کی جزا میں تو جنت کو متعین طور سے بیان کر دیا گیا تھا مگر ظالمین کا عذاب متعین کر کے نہیں بتایا گیا تھا اجمالاً فرما دیا تھا حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ اور كَانُوا خٰسِرِيْنَ اس لئے آگے عذاب کی تعیین فرماتے ہیں کہ وہ دن یاد کرنے کے قابل ہے۔ جس روز کفار آگ کے سامنے لائے جائیں گے (اور اُن سے کہا جائے گا) کہ تم اپنی لذت کی چیزیں اپنی دُنیوی زندگی میں حاصل کر چکے (یہاں کوئی لذت تم کو نصیب نہ ہوگی) اور انکو خوب برت چکے (حتیٰ کہ اُن میں پڑ کر ہمکو بھی بھول گئے) سو آج تم کو ذلت کی سزا دی جائے گی (چنانچہ سزا کے لئے آگ ہے اور ذلت میں سے یہ ملامت اور پھٹکار ہے) اسوجہ سے کہ تم دُنیا میں ناحق تکبر کیا کرتے تھے (تکبر سے مُراد ایسا تکبر ہے جو ایمان سے باز رکھے کیونکہ دائمی عذاب اُسی کے ساتھ خاص ہے) اور اسوجہ سے کہ تم نافرمانیاں کیا کرتے تھے (اسمیں کفر، فسق، ظلم اور انکی تمام صورتیں داخل ہو گئیں)۔

معارف و مسائل

مذکور الصدر آیات میں پہلی دو آیتیں تو پچھلے ہی کلام کا تکملہ ہے جو اس سے پہلی آیات میں آیا ہے کہ ظالموں کے لئے وعید عذاب اور مؤمنین صالحین کے لئے فوز و فلاح کی خوشخبری تھی۔ پہلی آیت یعنی اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا میں بڑی بلاغت کے ساتھ پورے اسلام و ایمان اور اعمال صالحہ سب کو جمع کر دیا گیا۔ رَبُّنَا اللّٰهُ کا اقرار پُورا ایمان ہے اور اسپر استقامت

میں ایمان پر تادمِ مرگ قائم رہنا بھی شامل ہے اور اسکے مقتضیات پر پورا پورا عمل بھی۔ لفظاً استقامت اور اسکی اہمیت کی تشریح و تفصیل سورۂ حٰمٓ سجدہ میں بیان ہو چکی ہے۔ آیتِ مذکورہ میں ایمان و استقامت پر یہ وعدہ کیا گیا ہے کہ ایسے لوگوں کو نہ آئندہ کسی تکلیف و پریشانی کا خوف ہوگا نہ ماضی کی تکلیف پر رنج و افسوس رہے گا۔ بعد کی آیت میں اس بے نظیر راحت کے دائمی اور غیر منقطع ہونے کی بشارت دی گئی ہے اسکے بعد کی چار آیتوں میں انسان کو اسکے والدین کے ساتھ حُسنِ سلوک کی ہدایت اور اسکے خلاف کرنے کی مذمت اور ضمن میں انسان پر اسکے ماں باپ کے احسانات کا اور اولاد کے لئے سخت محنت و مشقت برداشت کرنے کا تذکرہ، اور بڑی عمر کو پہنچنے کے ساتھ انسان کو اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع و انابت کی خاص تلقین فرمائی گئی ہے۔ سابقہ آیات سے اسکی مناسبت اور ربط بقول ابن کثیرؒ یہ ہے کہ قرآنِ کریم کا عام اسلوب یہ ہے کہ وہ جہاں انسان کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت و عبادت کیطرف دعوت دیتا ہے تو ساتھ ساتھ ہی والدین کے ساتھ حُسنِ سلوک اور خدمت و اطاعت کے احکام بھی دیتا ہے۔ قرآن کریم کی بہت سی آیات مختلف سورتوں میں اسپر شاہد ہیں۔ اسی اسلوب کے مطابق یہاں بھی اللہ کی توحید کی دعوت کے ساتھ والدین کے ساتھ حُسنِ سلوک کا ذکر کیا گیا۔ اور قرطبیؒ نے بحوالہ قشیریؒ وجہ ربط یہ بیان کی ہے کہ اسمیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے ایک تسلی کا پہلو ہے کہ آپ ایمان و توحید کی دعوت دیتے رہیں کوئی قبول کرے گا کوئی نہ کرے گا اس سے مغموم نہوں کیونکہ انسان کا حال یہی ہے کہ وہ سب اپنے والدین کے ساتھ بھی یکساں نہیں رہتے بعض اچھا سلوک کرتے ہیں اور بعض انکے ساتھ بھی بدسلوکی کرتے ہیں۔ واللہ اعلم

بہرحال ان چار آیتوں میں اصل مضمون انسان کو اپنے والدین کے ساتھ حُسنِ سلوک کی تلقین کرنا ہے اور ضمناً دوسری تعلیمات آئی ہیں۔ اگرچہ بعض روایاتِ حدیث سے ان آیات کا حضرت صدیقِ اکبرؓ کی شان میں نازل ہونا معلوم ہوتا ہے اور اسی بنا پر تفسیر مظہری نے وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ میں الانسان کے الف لام کو عہد کا قرار دے کر اس سے مُراد صدیقِ اکبر کو قرار دیا ہے لیکن یہ ظاہر ہے کہ اگر کسی آیت قرآن کا سببِ نزول کوئی خاص فرد یا خاص واقعہ ہو تو پھر بھی حکم سب کے لئے عام ہی ہوتا ہے۔ شانِ نزول خاص صدیقِ اکبرؓ ہوں اور تخصیصات مندرجہ آیات انھیں کی صفات ہوں جب بھی مقصود آیات کا تعلیمِ عام ہی ہے۔ اور اگر اصل آیات کو عام تعلیم قرار دیا جائے، اسمیں بھی صدیق اکبرؓ اس تعلیم کے پہلے مصداق قرار پائیں گے، جوان ہونے اور چالیس سال عمر ہونے کے بعد کی جو تخصیصات ان آیات میں مذکور ہیں وہ تخصیصات بطور تمثیل کے ہونگی اب آیاتِ مذکورہ کے خاص خاص الفاظ کی تشریح دیکھئے۔

وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ اِحْسٰنًا ، لفظ وصیّت تاکیدی حکم کے معنی میں آتا ہے اور احسان بمعنے حُسنِ سلوک ہے جس میں ان کی خدمت و اطاعت بھی داخل ہے اور تعظیم و تکریم بھی۔

حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ كُرْهًا وَّوَضَعَتْهُ كُرْهًا، لفظ كُرْهًا بضم الکاف اُس مشقت کو کہتے ہیں جو انسان کو کسی وجہ سے برداشت کرنا پڑے اور کَرْهًا بفتح کاف اس محنت و مشقت کا نام ہے جس پر اُسکو کوئی دوسرا آدمی مجبور کرے۔ اسی سے اکراہ مشتق ہے۔ پہلے جملے میں جو والدین کے ساتھ حُسنِ سلوک کا حکم دیا ہے یہ دوسرا جملہ اُس کی تاکید کے لئے ہے کہ والدین کی خدمت و اطاعت ضروری ہونے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اُنھوں نے تمھاری پیدائش سے لیکر جوانی تک تمھارے لئے بڑی مشقتیں برداشت کی ہیں، خصوصاً ماں کی محنت و مشقت بہت ہی نمایاں ہے اسلئے یہاں بیان صرف ماں کی مشقت کا کیا گیا ہے کہ اُسنے ایک طویل مدّت نو ماہ اپنے پیٹ میں تم کو اُٹھائے رکھا جس میں اسکو طرح طرح کی تکلیفیں اور مشقتیں برداشت کرنا پڑیں، پھر ولادت کے وقت سخت درد اور تکلیف کے ساتھ تمھارا وجود اس دُنیا میں آیا۔

ماں کا حق باپ سے زیادہ ہے شروع آیت میں حُسنِ سلوک کا حکم ماں اور باپ دونوں کے لئے ہے مگر اس جگہ صرف ماں کی محنت و مشقت کا ذکر کرنے میں حکمت یہ ہے کہ ماں کی محنت و مشقت لازمی اور ضروری ہے۔ حمل کے زمانے کی تکلیفیں، پھر وضع حمل اور دردِ زہ کی تکلیف ہر حال ہر بچّہ کے لئے لازمی ہے جو صرف ماں ہی کی محنت ہے، باپ کے لئے پرورش پر محنت اُٹھانا اتنا لازمی و ضروری نہیں ہوسکتا ہے کہ کسی باپ کو اولاد کی تربیت میں کوئی بھی محنت مشقت اُٹھانی پڑے جبکہ وہ مالدار صاحبِ حشم و خدم ہو، دوسروں سے اولاد کی خدمت لے یا وہ کسی دوسرے ملک میں چلا گیا اور خرچ بھیجتا رہا۔ یہی وجہ ہے کہ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اولاد پر ماں کے حق کو سب سے زیادہ رکھا ہے۔ ایک حدیث میں ارشاد ہے صِلْ اُمَّكَ ثُمَّ اُمَّكَ ثُمَّ اُمَّكَ ثُمَّ اَبَاكَ ثُمَّ اَدْنَاكَ فَاَدْنَاكَ (مظہری) یعنی صلہ رحمی اور خدمت کرو اپنی ماں کی پھر اپنی ماں کی پھر اپنی ماں کی، اسکے بعد اپنے باپ کی اور اسکے بعد جو قریب تر رشتہ دار ہو اسکی، پھر جو اسکے بعد ہو۔

وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا، اس جملہ میں بھی ماں کی محنت و مشقت ہی کا بیان ہے کہ بچّے کے حمل اور وضع حمل کی مشقت کے بعد بھی ماں کو محنت سے فراغت نہیں ملتی کیونکہ اسکے بعد بچّے کی غذا بھی قدرت نے ماں کی چھاتیوں میں اُتاری ہے وہ اسکو دُودھ پلاتی ہے۔ آیت میں ارشاد یہ فرمایا کہ بچّے کا حمل اور دُودھ چھُڑانا تیس ۳۰ مہینے میں ہے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ نے اس آیت سے اس بات پر استدلال فرمایا کہ حمل کی مدّت کم سے کم چھ ماہ کی ہے کیونکہ قرآن کریم نے اکثر مدّت رضاع تو دو سال کامل متعین فرما دیئے ہیں جیسا کہ ارشاد ہے وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ، اور یہاں حمل اور رضاع دونوں کی مدّت تیس ۳۰ ماہ قرار دی گئی۔

تو مدّتِ رضاع کے دو سال یعنی چوبیس ۲۴ مہینے نکلنے کے بعد چھ ماہ ہی باقی رہ جاتے ہیں جس کو کم سے کم مدّتِ حمل قرار دیا گیا۔ ایک روایت میں ہے کہ حضرت عثمانِ غنی رضؓ کے زمانے میں ایک عورت کے بطن سے چھ ماہ ہو جانے پر بچّہ پیدا ہو گیا جبکہ عام عادت نو مہینے میں اور کم سے کم سات مہینے میں بچّہ پیدا ہونے کی ہے۔ عثمانِ غنی رضؓ نے اسکو حمل ناجائز قرار دیکر سزا کا حکم دیدیا حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کو اطلاع ملی تو انھوں نے حضرت عثمان رضؓ کو اس سزا سے منع کیا اور فرمایا کہ قرآن میں حمل اور رضاع کی مجموعی مدّت تیس ۳۰ ماہ ہے پھر رضاع کی مدّت کا چوبیس ماہ ہونا دوسری جگہ متعین کر دیا ہے اسلئے باقیماندہ مدّت چھ ماہ ہی حمل کی کم سے کم مُدّت ہے۔ عثمان غنی رضؓ نے انکے استدلال کو قبول کر کے اپنا حکم واپس لے لیا (قرطبی)

اسی لئے کم سے کم مدّتِ حمل کے بارے میں تمام اُمّت کے ائمہ متفق ہیں کہ وہ چھ ماہ ہو سکتی ہے، اکثر مدّت کتنی ہے اسمیں ائمہ کے اقوال مختلف ہیں قرآن نے اسکے متعلق کوئی فیصلہ نہیں دیا۔

فائدہ اس آیت میں حمل کی تو اقلّ مدّت کا بیان کیا گیا اور رضاع کی اکثر مدّت کا اس میں اشارہ ہے کہ حمل کی کم سے کم مدّت چھ ماہ متعیّن ہے اس سے کم میں صحیح سالم بچّہ پیدا نہیں ہو سکتا مگر زیادہ سے زیادہ کتنا عرصہ بچّہ حمل میں رہ سکتا ہے اسمیں عادتیں مختلف ہیں یہ متعین نہیں اسی طرح رضاعت کی زیادہ سے زیادہ مدّت متعین ہے کہ دو سال تک دودھ پلایا جا سکتا ہے کم سے کم مدّت کچھ متعین نہیں۔ بعض عورتوں کے دودھ ہوتا ہی نہیں، بعض کا دودھ چند مہینوں میں خشک ہو جاتا ہے، بعض بچّے ماں کا دودھ زیادہ نہیں پیتے یا اُن کو مُضر ہوتا ہے تو دوسرا دودھ پلانا پڑتا ہے۔

اکثر مدّتِ حمل اور اکثر مدّتِ رضاع میں فقہائے اُمّت کا اختلاف

اکثر مدّتِ حمل امام اعظم ابو حنیفہ رحؒ کے نزدیک دو سال ہیں، امام مالک رحؒ سے مختلف روایات منقول ہیں۔ چار سال، پانچ سال، سات سال۔ امام شافعی رحؒ کے نزدیک چار سال، امام احمدؒ کی بھی مشہور روایت چار ہی سال کی ہے (مظہری) اور اکثر مدّتِ رضاعت جس کے ساتھ حرمتِ رضاعت کے احکام متعلق ہوتے ہیں جمہور فقہاء رحؒ کے نزدیک دو ۲ سال ہیں۔ امام مالک رحؒ، شافعی رحؒ، احمد بن حنبل رحؒ اور ائمہ حنفیہ رحؒ میں سے ابو یوسف رحؒ اور امام محمد رحؒ سب اسپر متفق ہیں، اور صحابہ کرام میں حضرت عمر رضؓ و ابن عباس رضؓ کا بھی یہ قول ہے (رواہ الدارقطنی) علی مرتضیٰ رضؓ، عبداللہ بن مسعود رضؓ کا بھی یہی ارشاد ہے (اخرجہ ابن ابی شیبہ) صرف امام اعظم ابو حنیفہ رحؒ سے یہ منقول ہے کہ ڈھائی سال تک بچّہ کو دودھ پلایا جا سکتا ہے جسکا حاصل جمہور حنفیہ کے نزدیک یہ ہے کہ اگر بچّہ کمزور ہو، ماں کے دودھ کے سوا کوئی غذا دو سال تک بھی نہ لیتا ہو تو مزید چھ ماہ دودھ پلانے کی اجازت ہے کیونکہ اس پر سب کا اتفاق ہے کہ مدّت رضاعت

پوری ہونے کے بعد ماں کا دودھ بچّے کو پلانا حرام ہے مگر فتویٰ فقہائے حنفیہ کا بھی جمہور ائمہ کے مسلک پر ہے کہ دو سال کی مدّت کے بعد اگر دودھ پلایا گیا تو اُس سے حُرمتِ رضاعت کے احکام ثابت نہیں ہونگے۔ سیّدی حضرت حکیم الامت نے بیان القرآن میں فرمایا کہ اگرچہ فتویٰ جمہور کے قول پر ہے مگر عمل میں احتیاط کرنا بہتر ہے کہ ڈھائی سال کی مدّت کے اندر جس بچّہ کو دودھ پلایا گیا ہے اُس سے مناکحت میں احتیاط برتی جائے۔ بعض حضرات نے آیت وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا سے امام اعظمؒ کے قول کے مطابق اکثر مدّتِ رضاعت ڈھائی سال ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔ تفسیر مظہری میں فرمایا کہ یہ درست نہیں کیونکہ صحابۂ کرامؓ کی جماعت علیؓ مرتضیٰ، عثمان غنیؓ نے آیت کی تفسیر پر متعین کر دی ہے کہ اسمیں چھ ماہ اقل مدّت حمل کے اور چوبیس ۲۴ ماہ مدّت رضاعت کے مراد ہیں۔ اور حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ قرآن کریم نے حمل اور رضاعت کی مشترک مدّت تیس ماہ بتلائی ہے ہر ایک کی الگ الگ حد نہیں بتلائی اسکا سبب یہ ہے کہ عادتِ عامّہ یُوں ہے کہ بچّہ نو ماہ میں پیدا ہوتا ہے اور جب بچّہ پُورے نو ماہ میں پیدا ہو تو ماں کا دودھ پلانے کی ضرورت صرف اکیس ماہ رہ جاتی ہے اور اگر بچہ سات مہینے میں پیدا ہو جائے تو تیئس ماہ دودھ پلانے کی ضرورت ہوتی ہے اور جو بچّہ چھ ماہ میں پیدا ہو جائے تو چوبیس ماہ یعنی پورے دو سال دودھ پلانے کی ضرورت ہوگی (مظہری)

حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَبَلَغَ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ، لفظ اَشُدّ کے لغوی معنی قوّت کے ہیں۔ سورۂ انعام میں حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ کے تحت میں اس کی تفسیر بلوغ سے کی گئی ہے یعنی جب بچّہ سنِ بلوغ کو پہنچ جائے۔ حضرت ابنِ عباسؓ نے فرمایا کہ بلوغ اَشُدّ سے مراد اٹھارہ سال کی عمر کو پہنچنا ہے۔ مذکور الصدر آیت میں بھی بعض حضرات نے بَلَغَ اشدّہ کے معنی یہی کئے ہیں کہ بچّہ سنِ بلوغ کو پہنچ جائے اور اسکے بعد بَلَغَ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً کو ایک مستقل منزل عمر قرار دیا۔ یہ قول شعبیؒ اور ابنِ زیدؒ کا ہے اور حسن بصریؒ نے بلوغ اشد اور بَلَغَ اَرْبَعِيْنَ دونوں کو ہم معنی اور بَلَغَ اَرْبَعِيْنَ کو بَلَغَ اَشُدَّهٗ کی تفسیر و تاکید قرار دیا ہے۔ (قرطبی)

اور تقدیرِ عبارت یُوں ہے کہ اوّل بچّہ کے حمل کا پھر وضع حمل کا پھر دودھ پینے کے زمانے کا ذکر کرنے کے بعد حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ فرمانے کا حاصل یہ ہے کہ فعاش واستمرت حیاتہ حتّٰی اذا اکتھل واستحکم قوّتہ وعقلہ (روح) یعنی دودھ چھوٹنے کے بعد بچّہ زندہ رہا اور عمر پائی یہانتک کہ وہ بالغ اور قوی ہو گیا اور اُس کی قوت اور عقل مکمل ہو گئی تو اب اسکو اپنے پیدا کرنے والے اور پالنے والے کیطرف رجوع ہونے کی توفیق نصیب ہوئی اور وہ یُوں دُعائیں مانگنے لگا کہ،

رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ، یعنی

اے میرے پالنے والے مجھے توفیق عطا کر کہ میں تیری اُس نعمت کا شکر ادا کروں جو تو نے مجھ پر مبذول فرمائی اور جو میرے والدین پر مبذول فرمائی اور مجھے یہ توفیق دے کہ میں وہ عمل کروں جس سے تو راضی ہو جائے اور میرے لئے میری اولاد کی بھی اصلاح فرما دے، میں تیری طرف رجوع ہوتا ہوں اور میں تیرے تابع فرمان مسلمانوں میں سے ہوں۔ قرآن نے اس جگہ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ سے لیکر مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ تک سب صیغے ماضی کے استعمال فرمائے جس سے ظاہر یہ ہے کہ یہ بیان کسی خاص واقعہ اور خاص شخص کا ہے جو نزول آیت کے وقت ہو چکا ہے۔ اسی لئے تفسیر مظہری نے اسی کو اختیار کیا ہے کہ یہ سب حالات حضرت ابوبکر صدیق رضؓ کے ہیں اُنھیں کا بیان بالفاظ عام اس حکمت سے کیا گیا ہے کہ دوسرے مسلمانوں کو بھی اسکی ترغیب ہو کہ وہ بھی ایسا ہی کیا کریں اور اسکی دلیل وہ روایت ہے جو قرطبیؒ نے بروایت عطاء حضرت ابنِ عباسؓ سے نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب اپنی بیس سال کی عمر میں حضرت خدیجہؓ کے مال سے تجارت کا قصد فرمایا اور ملک شام کا سفر کیا تو اس سفر میں ابوبکر صدیقؓ آپکے ساتھ تھے اسوقت اُن کی عمر اٹھارہ سال کی تھی جو مصداق ہے بَلَغَ اَشُدَّهٗ کا۔ پھر اس سفر میں انھوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ایسے حالات دیکھے کہ وہ اتنے گرویدہ ہو گئے کہ سفر سے واپسی کے بعد ہر وقت آپکے ساتھ رہنے لگے، یہاں تک کہ جب آپ کی عمر شریف چالیس سال کی ہو گئی اور آپ کو اللہ تعالیٰ نے نبوّت و رسالت کا شرف عطا فرمایا اُسوقت ابوبکرؓ کی عمر اڑتیس سال تھی۔ مَردوں میں سب سے پہلے اُنھوں نے اسلام قبول کیا پھر جب اُن کی عمر چالیس سال کی ہو گئی اسوقت یہ دُعا مانگی جو اوپر آیت میں مذکور ہے رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ، اور یہی مصداق ہے بَلَغَ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً کا اور جب یہ دُعا مانگی اَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ تو اللہ نے یہ دُعا قبول فرمائی، اُن کو نو ایسے غلاموں کو خرید کر آزاد کرنے کی توفیق بخشی جو مُسلمان ہو گئے تھے اور اُن کے مالک اُن کو اسلام لانے پر طرح طرح کی ایذائیں دیتے تھے، اسی طرح اُن کی دُعا اَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ بھی قبول ہوئی، اُن کی اولاد میں کوئی ایسا نہ رہا جو ایمان نہ لایا ہو۔ اسی طرح صحابۂ کرامؓ میں یہ خصوصیت حق تعالیٰ نے صدیق اکبرؓ ہی کو عطا فرمائی کہ وہ خود بھی مسلمان ہوئے، والدین بھی، اولاد بھی اور سب کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت کا شرف بھی حاصل ہوا۔ اور تفسیر روح المعانی میں ہے کہ اس کی تائید اس بات سے بھی ہوتی ہے کہ تمام صحابۂ کرامؓ مہاجرین و انصار میں اسوقت یہ خصوصیت صرف صدیق اکبرؓ کی ہی تھی کہ وہ خود بھی مسلمان ہوئے اور انکے والدین بھی مسلمان ہو گئے۔ رہا یہ سوال کہ صدیق اکبرؓ کے والد ابو قحافہؓ فتح مکہ کے بعد مسلمان ہوئے ہیں اور یہ سورت پوری مکّی ہے اسلئے یہ آیات بھی مکّہ میں نازل ہوئیں اسوقت والدین پر نعمتِ الٰہی مبذول ہونے کا ذکر کیسے مناسب ہوگا؟ سو اسکا جواب یہ ہے کہ بعض حضرات نے ان آیات کو مدنی کہا ہے اسپر تو کوئی اشکال نہیں رہتا، اور اگر مکی بھی ہوں تو مراد نعمتِ اسلام سے مشرّف

ہونے کی دُعا ہوگی (روح) اس تفسیر کی رُو سے اگرچہ یہ سب حالات صدیق اکبرؓ کے بیان ہوئے مگر حکم عام ہے سب مسلمانوں کو اس کی ہدایت کرنا مقصود ہے کہ آدمی کی عمر جب چالیس سال کے قریب ہو جائے تو اس کو آخرت کی فکر غالب ہو جانی چاہیئے۔ پچھلے گناہوں سے توبہ کی تجدید کرے اور آئندہ کے لئے اُن سے بچنے کا پُورا اہتمام کرے کیونکہ عادت اور تجربہ یہ ہے کہ چالیس سال کی عمر میں جو اخلاق و عادات کسی شخص کی ہو جاتی ہیں پھر اُن کا بدلنا مشکل ہوتا ہے۔

حضرت عثمان غنیؓ سے روایت ہے کہ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بندۂ مؤمن جب چالیس سال کی عمر کو پہنچ جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسکا حساب آسان فرما دیتے ہیں اور جب ساٹھ سال کی عمر کو پہنچے تو اُس کو اپنی طرف رجوع و انابت نصیب فرما دیتے ہیں اور جب ستر سال کی عمر کو پہنچ جائے تو تمام آسمان والے اُس سے محبت کرنے لگتے ہیں اور جب اسّی سال کو پہنچتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسکے حسنات کو قائم فرما دیتے ہیں اور اسکے سیئات کو مٹا دیتے ہیں، اور جب نوّے سال کی عمر ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اسکے سب اگلے پچھلے گناہ معاف کر دیتے ہیں اور اس کو اپنے اہلِ بیت کے متعلق شفاعت کرنے کا حق دیدیتے ہیں اور آسمان میں اس کے نام کے ساتھ لکھدیا جاتا ہے کہ یہ اسیر اللہ فی الارض ہے یعنی زمین میں اللہ کیطرف سے قیدی ہے (ذکرہ ابن کثیر عن ابی یعلی و مسند احمد وغیرہ) اور یہ ظاہر ہے کہ مراد اس سے وہ ہی بندۂ مؤمن ہے جس نے اپنی زندگی احکام شرع کے تابع ہو کر تقویٰ کے ساتھ گزاری ہے۔ ابنِ کثیرؒ نے چونکہ پہلی تفسیر کو اختیار کیا ہے کہ مراد عام انسان ہے تو جو الفاظ خصوصیت کے اسمیں آئے ہیں جیسے حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَبَلَغَ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً الخ وہ سب بطور تمثیل کے ہیں جسمیں یہ ہدایت دینا مقصود ہے کہ انسان جب چالیس سال کی عمر کو پہنچ جائے تو اسکو اپنی اصلاح اور اپنے اہل و عیال کی اصلاح اور آخرت کی فکر غالب ہو جانی چاہیئے۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَنَتَجَاوَزُ عَنْ سَيِّاٰتِهِمْ، یعنی ایسے مؤمن مسلمان جن کے یہ حالات ہوں جو اوپر گزرے ہیں انکی حسنات قبول کر لی جاتی ہیں اور گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔ یہ حکم بھی عام ہے، اگر اسکے سببِ نزول صدیقِ اکبرؓ ہوں تو وہ اسکے پہلے مصداق ہونگے۔ حضرت علی رضؓ کے ارشادِ ذیل سے بھی آیت کے مفہوم کا عام ہونا معلوم ہوتا ہے۔ ابنِ کثیرؒ نے اپنی تفسیر میں سند کے ساتھ محمد ابن حاطبؒ کی یہ روایت نقل کی ہے کہ میں ایک مرتبہ امیر المؤمنین حضرت علیؓ کی خدمت میں حاضر تھا، اسوقت انکے پاس کچھ دوسرے حضرات بھی موجود تھے جنھوں نے حضرت عثمان رضؓ پر کچھ عیب لگائے اس پر حضرت علی رضی اللہ عنہٗ نے فرمایا کہ

کان عثمان رضی اللہ عنہ من الذین قال اللہ تعالیٰ فیہم اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا	عثمان رضی اللہ عنہٗ ان لوگوں میں سے تھے جنکے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ نَتَقَبَّلُ

وَنَتَجَاوَزُ عَنْ سَيِّاٰتِهِمْ فِيْٓ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ ۭ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ، قال واللہ عثمان واصحابہ عثمان رضی اللہ عنہم، قالہا ثلاثا (ابن کثیرؒ)

عَنْهُمْ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَنَتَجَاوَزُ عَنْ سَيِّاٰتِهِمْ فِيْٓ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ ۭ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ، بخدا اس آیت کے مصداق حضرت عثمانؓ اور انکے ساتھی ہیں۔ یہ بات حضرت علیؓ نے تین مرتبہ فرمائی۔

وَالَّذِيْ قَالَ لِوَالِدَيْهِ اُفٍّ لَّكُمَآ سابقہ آیت میں والدین کی خدمت واطاعت کے احکام تھے اس آیت میں اس شخص کا عذاب وسزا مذکور ہے جو اپنے والدین کے ساتھ بدسلوکی، بدزبانی سے پیش آئے، خصوصاً جبکہ والدین اسکو اسلام اور اعمالِ صالحہ کیطرف دعوت دیتے ہوں انکی بات نہ ماننا دوہرا گناہ ہے۔ ابنِ کثیرؒ نے فرمایا کہ مفہوم آیت کا عام ہے جو شخص بھی اپنے والدین کے ساتھ بدسلوکی سے پیش آئے وہ اسکا مصداق ہے مروان نے جو اس آیت کا مصداق حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکرؓ کو اپنے کسی خطبے میں کہا تھا اسکی تکذیب صحیح بخاری میں حضرت عائشہؓ سے منقول ہے۔ صحیح بات یہی ہے کہ مفہوم آیت کا عام ہے کسی صحیح روایت میں کسی فرد کا مصداق آیت ہونا منقول نہیں۔

اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا ، یعنی کفار کو خطاب کرکے یہ کہا جائیگا کہ تمنے اگر کچھ اچھے کام دُنیا میں کئے تھے تو اُن کا بدلہ بھی تمھیں دُنیوی نعمتوں اور عیش وعشرت کی صورت میں دیا جاچکا ہے اب آخرت میں تمھارا کچھ حصہ باقی نہیں رہا۔ یہ خطاب کفار کو ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ کفار کے نیک اعمال جو ایمان نہ لانے کی وجہ سے اللہ کے نزدیک مقبول نہیں آخرت میں تو انکی کوئی قیمت نہیں مگر دُنیا میں اللہ تعالیٰ انکا بدلہ اسکو دیدیتے ہیں۔ کفار فجار کو مال ودولت اور عزّت وجاہت وغیرہ جو دُنیا میں ملتا ہے وہ انکے نیک اعمال، سخاوت، ہمدردی، سچائی وغیرہ کا بدلہ ہوتا ہے۔ مؤمنین کیلئے یہ حکم نہیں ہے کہ اگر انکو دُنیا میں کوئی نعمت مال ودولت وغیرہ ملجائیں تو آخرت کے حق سے محروم ہوجائیں۔

لذائذِ دُنیا اور تنعّم سے پرہیز کی ترغیب اس آیت میں کفّار کو عتاب وعقاب انکے دُنیوی لذّتوں میں منہمک رہنے کی بنا پر کیا گیا۔ اسلئے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور صحابہؓ وتابعینؒ نے لذائذِ دُنیا کو ترک کرنے کی عادت بنالی جیسا کہ انکی سیرت اسپر شاہد ہے اور رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذؓ کو یمن بھیجنے کے وقت یہ وصیت فرمائی تھی کہ دُنیا کے تنعّم سے پرہیز کرتے رہنا اور حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اللہ تعالےٰ سے تھوڑا رزق لینے پر راضی ہوجائے تو اللہ تعالےٰ بھی اسکے تھوڑے عمل پر راضی ہوجاتے ہیں۔ (مظہری عن البغویؒ)

وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍ ۭ اِذْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ

اور یاد کر عاد کے بھائی کو جب ڈرایا اپنی قوم کو احقاف میں اور گزر چکے تھے ڈرانے والے

مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖٓ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۭ اِنِّىْٓ اَخَافُ

اس کے آگے سے اور پیچھے سے کہ بندگی نہ کرو کسی کی اللہ کے سوائے میں ڈرتا ہوں

عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۲۱﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَاْفِكَنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا ۚ فَاْتِنَا

تم پر آفت سے ایک بڑے دن کی بولے کیا تو آیا ہے ہمارے پاس کہ پھیر دے ہم کو ہمارے معبودوں سے، سو لے آ

بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۲۲﴾ قَالَ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۡ

ہم پر جو وعدہ کرتا ہے اگر ہے تو سچا کہا یہ خبر تو اللہ ہی کو ہے

وَاُبَلِّغُكُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖ وَلٰكِنِّىْٓ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ﴿۲۳﴾ فَلَمَّا

اور میں تو پہنچا دیتا ہوں جو کچھ بھیجا میرے ہاتھ لیکن میں دیکھتا ہوں تم لوگ نادانی کرتے ہو پھر جب

رَاَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ اَوْدِيَتِهِمْ ۙ قَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا ۭ

دیکھا اس کو ابر سامنے آیا اُن کے نالوں کے بولے یہ ابر ہے ہم پر برسے گا

بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُمْ بِهٖ ۭ رِيْحٌ فِيْهَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۴﴾ تُدَمِّرُ كُلَّ

کوئی نہیں یہ تو وہ چیز ہے جسکی تم جلدی کرتے تھے، ہوا ہے جسمیں عذاب ہے دردناک اُکھاڑ پھینکے ہر

شَيْءٍۢ بِاَمْرِ رَبِّهَا فَاَصْبَحُوْا لَا يُرٰٓى اِلَّا مَسٰكِنُهُمْ ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِي

چیز کو اپنے رب کے حکم سے، پھر کل کو رہ گئے کہ کوئی نظر نہیں آتا تھا سوائے انکے گھروں کے، یوں ہم سزا دیتے ہیں

الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۲۵﴾ وَلَقَدْ مَكَّنّٰهُمْ فِيْمَآ اِنْ مَّكَّنّٰكُمْ فِيْهِ وَجَعَلْنَا

گنہگار لوگوں کو اور ہم نے مقدور دیا تھا اُن کو اُن چیزوں کا جن کا تمکو مقدور نہیں دیا اور ہمنے انکو

لَهُمْ سَمْعًا وَّاَبْصَارًا وَّاَفْـِٕدَةً ۡ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ وَلَآ

دیئے تھے کان اور آنکھیں اور دل پھر کام نہ آئے اُن کے کان اُنکے اور نہ

اَبْصَارُهُمْ وَلَآ اَفْـِٕدَتُهُمْ مِّنْ شَيْءٍ اِذْ كَانُوْا يَجْحَدُوْنَ بِاٰيٰتِ

آنکھیں اُن کی اور نہ دل اُن کے کسی چیز میں اس لئے کہ منکر ہوتے تھے اللہ کی باتوں

اللّٰهِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۲۶﴾ ع ۳ ۳

سے اور اُلٹ پڑی ان پر جس بات سے کہ وہ ٹھٹھا کرتے تھے

خُلاصۂ تفسیر

اور آپ قوم عاد کے بھائی (یعنی ہود علیہ السلام) کا (ان سے) ذکر کیجئے جبکہ انھوں نے اپنی قوم کو جو کہ ایسے مقام پر رہتے تھے کہ وہاں ریگ کے مستطیل خمدار تودے تھے (یہ مقام کی نشان دہی اس لئے کی گئی کہ دیکھنے والوں کے ذہن میں استحضار ہو جائے) اس (بات) پر (عذاب الٰہی سے)

ڈرایا کہ تم خدا کے سوا کسی کی عبادت مت کرو (ورنہ تمپر عذاب نازل ہوگا) اور (یہ ایسی ضروری اور صحیح بات ہے کہ) اُن (ہود علیہ السلام) سے پہلے اور اُن کے پیچھے (اسی مضمون کے متعلق) بہت سے ڈرانے والے (پیغمبر اب تک) گزر چکے ہیں (اور عجب نہیں کہ ہود علیہ السلام نے اُن سب کا متفق ہونا دعوت الی التوحید میں اُن کے سامنے بیان بھی کیا ہو، پس جملہ وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ کا بیچ میں بڑھا دینا ان فوائد کے لئے ہے کہ مضمون دعوت کی تاکید ہو جائے اور ہود علیہ السلام نے انذار میں یہ فرمایا کہ) مجھ کو تمپر ایک بڑے (سخت) دن کے عذاب کا اندیشہ ہے (اگر اس سے بچنا ہے تو توحید قبول کر لو) وہ کہنے لگے کیا تم ہمارے پاس اس ارادے سے آئے ہو کہ ہم کو ہمارے معبودوں سے پھیر دو سو (ہم تو پھرنے والے ہیں نہیں باقی) اگر تم سچے ہو تو جس (عذاب) کا تم ہم سے وعدہ کرتے ہو اُس کو ہم پر واقع کر دو۔ اُنھوں نے فرمایا کہ پورا علم تو خدا ہی کو ہے (کہ عذاب کب تک آوے گا) اور مجھ کو تو جو پیغام دیکر بھیجا گیا ہے میں تم کو وہ پہنچا دیتا ہوں (چنانچہ اُس میں مجھ سے یہ بھی کہا گیا کہ تمپر عذاب آویگا میں نے تم کو اطلاع کر دی، اس سے زیادہ نہ مجھ کو علم ہے اور نہ قدرت) لیکن میں تم کو دیکھتا ہوں کہ تم لوگ نری جہالت کی باتیں کرتے ہو (کہ ایک تو توحید کو قبول نہیں کرتے پھر اپنے منہ سے بلا مانگتے ہو، پھر مجھ سے اس کی فرمائش کرتے ہو۔ البتہ اپنے صدق کا میں مدعی ہوں جس پر دلیل قائم کر چکا ہوں اور جس واقعہ میں تم کو شبہ ہے اسکا وقت وقوع مجھ کو نہیں بتلایا گیا ہاں نفس وقوع کو جب اللہ چاہے دیکھ لینا۔ غرض جب کسی طرح انھوں نے حق کو قبول نہ کیا تو اب عذاب کا اس طرح سامان شروع ہوا کہ اوّل ایک بادل اُٹھا) سو ان لوگوں نے جب اُس بادل کو اپنی وادیوں کے مقابل آتا دیکھا تو کہنے لگے کہ یہ تو بادل ہے جو ہم پر برسے گا (ارشاد ہوا کہ) نہیں (برسنے والا بادل نہیں) بلکہ یہ وہی (عذاب) ہے جس کی تم جلدی مچاتے تھے (کہ وہ عذاب جلدی لاؤ اور اس بادل میں) ایک آندھی ہے جس میں دردناک عذاب ہے وہ (آندھی) ہر چیز کو (جس کے ہلاک کرنے کا حکم ہوگا) اپنے رب کے حکم سے ہلاک کر دیگی چنانچہ (وہ آندھی چھٹتی اور آدمیوں کو اور مواشی کو اُٹھا اُٹھا کر پٹک دیتی تھی جس سے) وہ ایسے (تباہ) ہو گئے کہ بجز اُن کے مکانات کے اور کچھ (آدمی اور حیوان) نہ دکھلائی دیتا تھا، ہم مجرموں کو یوں ہی سزا دیا کرتے ہیں اور ہم نے اُن کو (یعنی قوم عاد کے) لوگوں کو ان باتوں میں قدرت دی تھی کہ تم کو ان باتوں میں قدرت نہیں دی (مراد ان باتوں سے وہ تصرّفات ہیں جو قوتِ جسمانی و مالی پر موقوف ہیں) اور ہم نے ان کو کان اور آنکھ اور دل (سب ہی کچھ) دیئے تھے، سو چونکہ وہ لوگ آیات الٰہیہ کا انکار کرتے تھے اسلئے (جب اُن پر عذاب آیا ہے تو) نہ اُنکے کان اُنکے ذرا کام آئے اور نہ اُنکی آنکھیں اور نہ اُنکے دل اور جس (عذاب) کی وہ ہنسی اُڑایا کرتے تھے اُسی نے اُن کو آگھیرا (یعنی نہ انکے حواس انکو عذاب سے بچا سکے اور نہ اُن کی تدبیر جسکا ادراک قلب سے ہوتا ہے، نہ ان کی قوت پس تمھاری تو کیا حقیقت ہے۔)

وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُمْ مِّنَ الْقُرٰى وَصَرَّفْنَا الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ

اور ہم غارت کر چکے ہیں جتنی تمھارے آس پاس ہیں بستیاں اور طرح طرح سے پھیر کر سنائیں اُن کو باتیں تاکہ وہ

يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۷﴾ فَلَوْلَا نَصَرَهُمُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قُرْبَانًا

لوٹ آئیں پھر کیوں نہ مدد پہنچی اُن کو اُن لوگوں کی طرف سے جن کو پکڑا تھا اللہ سے دوسرے معبود بڑے

اٰلِهَةً ۭ بَلْ ضَلُّوْا عَنْهُمْ ۚ وَذٰلِكَ اِفْكُهُمْ وَمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۸﴾

درجے پانے کو، کوئی نہیں گم ہو گئے اُن سے اور یہ جھوٹ تھا ان کا اور جو اپنے جی سے باندھتے تھے۔

خلاصۂ تفسیر ربط آیات

اوپر قوم عاد کا قصہ تفصیلاً مذکور تھا، آگے دوسری ایسی ہی قوموں کا ذکر ہے جن پر کفر اور مخالفت انبیاء کی وجہ سے عذاب آئے اور ہلاک ہوئے اُن کی اُجڑی ہوئی بستیاں بھی اہلِ مکہ کے سفروں کے وقت راستے میں آتی تھیں ان سے عبرت حاصل کرنے کے لئے ان کا اجمالی حال آیاتِ مذکورہ میں آیا ہے۔

اور ہم نے تمھارے آس پاس کی اور بستیاں بھی (اس کفر و شرک کے سبب) غارت کی ہیں (جیسے ثمود و قوم لوط کہ ملک شام کو جاتے ہوئے ان بستیوں سے گزرتے تھے اور چونکہ مکہ سے ایک طرف یمن ہے دوسری جہت میں شام ہے اس لئے مَا حَوْلَكُمْ فرمادیا) اور ہم نے (ہلاک کرنے سے پہلے ان کی فہمائش کیلئے) بار بار اپنی نشانیاں (اُن کو) بتلادی تھیں تاکہ وہ (کفر و شرک سے) باز آئیں (مگر باز نہ آئے اور ہلاک ہوئے) سو خدا کے سوا جن جن چیزوں کو اُنھوں نے خدا تعالیٰ کا تقرّب حاصل کرنے کے لئے اپنا معبود بنا رکھا تھا (کہ یہ مصیبت میں ہمارے کام آویں گے ہلاکت و عذاب کے وقت) اُنھوں نے ان کی مدد کیوں نہ کی بلکہ وہ سب اُن سے غائب ہو گئے اور وہ (معبود اور شفیع سمجھنا) محض اُن کی تراشی ہوئی اور گھڑی ہوئی بات ہے (اور کہیں واقع میں وہ شفیع یا معبود تھوڑا ہی تھے)۔

وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ فَلَمَّا حَضَرُوْهُ

اور جس وقت متوجہ کر دیئے ہم نے تیری طرف کتنے اک لوگ جنّوں میں سے سُننے لگے قرآن پھر جب وہاں پہنچ گئے

قَالُوْٓا اَنْصِتُوْا ۚ فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿۲۹﴾ قَالُوْا

بولے چُپ رہو پھر جب ختم ہوا اُلٹے پھرے اپنی قوم کو ڈر سناتے ہوئے بولے

يٰقَوْمَنَآ اِنَّا سَمِعْنَا كِتٰبًا اُنْزِلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ

اے قوم ہماری ہم نے سُنی ایک کتاب جو اُتری ہے موسیٰ کے بعد سچا کرنے والی سب اگلی

يَدَيْهِ يَهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۳۰﴾ يٰقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا

کتابوں کو سمجھاتی ہے سچا دین اور ایک راہ سیدھی اے قوم ہماری مانو اللہ کے

دَاعِيَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ

بلانے والے کو اور اس پر یقین لاؤ کہ بخشے تم کو کچھ تمھارے گناہ اور بچاوے تم کو ایک عذاب در دناک

اَلِيْمٍ ﴿۳۱﴾ وَمَنْ لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْاَرْضِ وَ

سے اور جو کوئی نہ مانے گا اللہ کے بُلانے والے کو تو وہ نہ تھکا سکے گا بھاگ کر زمین میں اور

لَيْسَ لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءُ ۭ اُولٰۗىِٕكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۲﴾

کوئی نہیں اسکا اس کے سوائے مددگار وہ لوگ بھٹکتے ہیں صریح

خُلاصۂ تفسیر

اور (اُن سے اسوقت کا قصہ ذکر کیجئے) جبکہ ہم جنات کی ایک جماعت کو آپ کی طرف لے آئے جو (اخیر میں یہاں پہنچکر) قرآن سُننے لگے تھے غرض جب وہ لوگ قرآن (کے پڑھے جانے کے موقع) کے پاس آپہنچے تو (آپس میں) کہنے لگے کہ خاموش رہو (اور اس کلام کو سنو) پھر جب قرآن پڑھا جاچکا (یعنی جتنا اسوقت پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز میں پڑھنا تھا ختم ہوچکا) تو وہ لوگ (اُسپر ایمان لے آئے اور) اپنی قوم کے پاس (اسکی) خبر پہنچانے کے واسطے واپس گئے (اور جاکر اُن سے) کہنے لگے اے بھائیو ہم ایک (عجیب) کتاب سُنکر آئے ہیں جو موسیٰ (علیہ السلام) کے بعد نازل کی گئی ہے جو اپنے سے پہلی کتابوں کی تصدیق کرتی ہے (اور دین) حق اور راہِ راست کیطرف رہنمائی کرتی ہے (یہ تو دینِ اسلام کی حقانیت کا اثبات واظہار ہے، آگے امر ہے اس کے قبول کرنے کا اوّل ترغیباً پھر ترھیباً یعنی) اے بھائیو تم اللہ کیطرف بُلانے والے کا کہنا مانو (مراد داعی سے قرآن یا نبی ذیشان ہیں) اور (کہنا ماننا یہ ہے کہ) اُس پر ایمان لے آؤ (اِسمیں اشارہ ہوگیا کہ وہ ایمان لانے کی طرف داعی ہے نہ کہ اور کسی دُنیوی غرض کیطرف، پس اگر تم ایسا کروگے تو) اللہ تعالیٰ تمھارے گناہ معاف کردیگا اور تم کو عذاب دردناک سے محفوظ رکھے گا اور جو شخص اللہ کیطرف بُلانے والے کا کہنا نہ مانے گا تو وہ زمین (کے کسی حصہ) میں (بھاگ کر خدا کو) ہرا نہیں سکتا (یعنی اس طرح کہ ہاتھ نہ آئے) اور (جیسا وہ خود نہیں بچ سکتا اسی طرح) خدا کے سوا اور کوئی اس کا حامی بھی نہ ہوگا (کہ وہ اس کو بچا سکے اور) ایسے لوگ صریح گمراہی میں (مبتلا) ہیں (کہ باوجود قیام دلائل کے داعی کے حق ہونے پر پھر بھی اُس کی اجابت نہ کریں)۔

معارف و مسائل

کفارِ مکہ کو سُنانے کے لئے اس سے پہلی آیات میں کفر اور استکبار کی مذمت اور اُن کا مہلک ہونا بیان ہوا ہے۔ مذکور الصدر آیات میں اہلِ مکہ کو عار دلانے کے لئے جنات کے ایمان لانے کا واقعہ بیان

کیا گیا ہے کہ جنّات تو تکبّر و غرور میں تم سے بھی زیادہ ہیں مگر قرآن سُن کر اُنکے دل بھی موم ہوگئے وہ مُسلمان ہوگئے۔ تمھیں تو اللہ تعالیٰ نے جنّات سے زیادہ عقل و شعور بخشا ہے مگر اسکے باوجود تم ایمان نہیں لاتے۔

اور واقعہ جنّات کے قرآن سُننے اور ایمان لانے کا احادیث صحیحہ میں اس طرح آیا ہے کہ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے وقت جب جنّات کو آسمانی خبریں سُننے سے روک دیا گیا تو آپکی نبوّت و بعثت کے بعد جو جن آسمانی خبریں سُننے کے لئے اوپر جاتا تو اُس پر شہاب ثاقب پھینک کر دفع کر دیا جانے لگا۔

جنّات میں اسکا تذکرہ ہوا کہ اسکا سبب معلوم کرنا چاہیئے کہ کونسا نیا واقعہ دنیا میں ہوا ہے جسکی وجہ سے جنّات کو آسمانی خبروں سے روک دیا گیا۔ جنّات کے مختلف گروہ دُنیا کے مختلف خطوں میں اس کی تحقیقات کے لئے پھیل گئے، ان کا ایک گروہ حجاز کی طرف بھی پہنچا اس روز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے چند صحابہ کے ساتھ مقام بطن نخلہ میں تشریف فرما تھے اور سُوق عکاظ کیطرف جانے کا قصد تھا۔ (عرب کے لوگ تجارتی اور معاشرتی امور کے لئے مختلف مقامات پر خاص خاص ایام میں بازار لگاتے تھے جس میں ہر خطے کے لوگ جمع ہوتے دُکانیں لگتیں اور اجتماعات اور جلسے ہوتے تھے جیسے ہمارے زمانے میں اسی طرح کی نمائشیں جابجا ہوتی ہیں، اُنھیں میں سے ایک بازار مقام عکاظ میں لگتا تھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم غالباً دعوت و تبلیغ اسلام کے لئے تشریف لے جارہے تھے) اس مقام بطن نخلہ میں آپ صبح کی نماز پڑھا رہے تھے کہ وہ جنّات یہاں پہنچے، قرآن سُن کر کہنے لگے کہ بس وہ نئی بات یہی ہے جو ہمارے اور آسمانی خبروں کے درمیان حائل ہوئی ہے (رواہ الامام احمد والبخاری ومسلم والترمذی والنسائی وجماعۃ عن ابن عباس رض)

اور ایک روایت میں ہے کہ وہ جنّات جب یہاں آئے تو باہم کہنے لگے کہ خاموش ہوکر قرآن سنو، جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو اسلام کی حقانیت پر یقین و ایمان لاکر اپنی قوم کے پاس واپس گئے اور اُن کو اس واقعہ کے اصلی سبب کی اور اس کی خبر دی کہ ہم تو مسلمان ہوگئے تم کو بھی چاہیئے کہ ایمان لے آؤ، مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان جنّات کے آنے جانے اور قرآن سنکر ایمان لے آنے کی خبر نہیں ہوئی یہاں تک کہ سُورۂ جنّ کا نزول ہوا جس میں آپ کو اس واقعہ کی خبر دی گئی (رواہ ابن المنذر عن عبدالملک)

اور ایک روایت میں ہے کہ یہ جنّات مقام نَصیبین کے رہنے والے تھے اور کُل نو یا بعض روایات کے مطابق سات تھے۔ جب اُنھوں نے اپنی قوم کو یہ خبر سُنائی اور ایمان لانے کی ترغیب دی تو پھر اُن میں سے تین سو اشخاص اسلام لانے کے لئے حاضر خدمت ہوئے (رواہ ابونعیم والواقدی عن کعب الاحبار والروایات کلہا فی الروح) اور دوسری حدیثوں میں جنّات کے آنے کی روایت دوسری طرح کی بھی آئی ہیں مگر چونکہ یہ متعدد واقعات مختلف اوقات میں پیش آئے ہیں اس لئے کوئی تعارض نہیں اور اس کی تائید اس روایت سے بھی ہوتی ہے جو طبرانی نے اوسط میں اور ابن مردویہ نے حضرت ابن عباس رض سے نقل کی ہے کہ جنّات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بار بار حاضر ہوئے۔

خفاجی رح نے فرمایا کہ احادیث کی روایات جمع کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جنّات کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے

خدمت میں حاضر ہو کر استفادہ کرنے کے واقعات چھ مرتبہ پیش آئے ہیں (کذا فی الروح واخذتہ عن بیان القرآن) اسی واقعہ کی تفصیل مذکور الصدر آیات میں بیان کی گئی ہے۔

كِتٰبًا اُنْزِلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى ، اس میں بَعْدِ مُوْسٰى کی قید سے بعض حضرات نے سمجھا ہے کہ یہ جنات یہودی تھے کیونکہ موسیٰ علیہ السلام کے بعد تو عیسیٰ علیہ السلام پر انجیل نازل ہوئی اسکا ذکر نہیں کیا لیکن اسکی کوئی صریح روایت تو ہے نہیں اور انجیل کا ذکر نہ کرنے سے اُن کے یہودی ہونے پر استدلال ناکافی ہے کیونکہ انجیل کے ذکر نہ کرنے کی یہ وجہ بھی ہوسکتی ہے کہ انجیل اکثر احکام میں تورات کے تابع ہے اور قرآن مثل تورات کے مستقل کتاب ہے اسکے احکام وشرائع تورات سے بہت مختلف ہیں۔ تو یہ ہوسکتا ہے کہ مقصود یہ تبلانا ہو کہ تورات جیسی کتاب مستقل قرآن ہی ہے۔

يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ حرف مِنْ اصل میں تبعیض یعنی جزئیت کے معنی کیلئے آتا ہے اگر یہی معنی یہاں لئے جاویں تو حرف مِنْ کے بڑھانے کا فائدہ یہ ہوگا کہ اسلام قبول کرلینے سے حقوق العباد معاف نہیں ہوتے۔ اسلئے یہ فرمانا مناسب ہوا کہ بعض گناہ یعنی حقوق اللہ معاف ہو جاتے ہیں۔ اور بعض حضرات نے اس حرف مِنْ کو زائد قرار دیا ہے تو اس توجیہ کی ضرورت نہیں رہتی۔

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ

کیا نہیں دیکھتے کہ وہ اللہ جس نے بنائے آسمان اور زمین اور نہ تھکا اُن کے

بِخَلْقِهِنَّ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ۭ بَلٰٓى اِنَّهٗ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ

بنانے میں وہ قدرت رکھتا ہے کہ زندہ کرے مُردوں کو؟ کیوں نہیں وہ ہر چیز

قَدِيْرٌ ﴿۳۳﴾ وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَي النَّارِ ۭ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ۭ

کر سکتا ہے۔ اور جس دن سامنے لائیں منکروں کو آگ کے کیا یہ ٹھیک نہیں؟

قَالُوْا بَلٰي وَرَبِّنَا ۭ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۴﴾

کہیں گے کیوں نہیں قسم ہے ہمارے رب کی، کہا تو چکھو عذاب بدلہ اسکا جو تم منکر ہوتے تھے

فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِلْ لَّهُمْ ۭ

سو تو ٹھہرا رہ جیسے ٹھہرے رہے ہیں ہمت والے رسول اور جلدی نہ کر اُن کے معاملہ میں

كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ ۙ لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ ۭ

یہ لوگ جس دن دیکھ لیں گے اُس چیز کو جسکا اُن سے وعدہ ہے جیسے ڈھیل نہ پائی تھی مگر ایک گھڑی دن کی

بَلٰغٌ ۚ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۳۵﴾ ع	ع ۴ ۴
یہ پہنچا دینا ہے، اب وہی غارت ہونگے جو لوگ نافرمان ہیں	

خلاصۂ تفسیر

کیا ان لوگوں نے یہ نہ جانا کہ جس خدا نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا اور ان کے پیدا کرنے میں ذرا نہیں تھکا وہ اس پر (بدرجۂ اولیٰ) قدرت رکھتا ہے کہ مُردوں کو (قیامت میں) زندہ کر دے (اور وہ اس پر قادر) کیوں نہ ہو، بے شک وہ (تو) ہر چیز پر قادر ہے (یہ تو امکان ثابت ہوا) اور جس روز (اس کا وقوع ہوگا اور) کافر لوگ دوزخ کے سامنے لائے جاویں گے (اور اُن سے پوچھا جاوے گا کہ) کیا یہ دوزخ امر واقعی نہیں ہے (جیسا کہ دُنیا میں اس کی واقعیت کی نفی کیا کرتے تھے کما قال تعالیٰ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ) وہ کہیں گے کہ ہم کو اپنے پروردگار کی قسم ضرور امر واقعی ہے ارشاد ہوگا (اچھا) اپنے کفر کے بدلہ میں (جس میں انکار دوزخ بھی آگیا) اس (دوزخ) کا عذاب چکھو۔ (آگے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دینے کے لئے فرمایا کہ جب اُن سے انتقام کفر کا لیا جانا معلوم ہوگیا) تو آپ (ویسا ہی) صبر کیجئے جیسا اور ہمت والے پیغمبروں نے صبر کیا تھا اور اُن لوگوں کیلئے (انتقامِ الٰہی کی) جلدی نہ کیجئے (جس کو آپ مسلمانوں کی دلجوئی کے لئے چاہتے تھے اور عجیب تر یہ ہے کہ وہ مستحقین عذاب خود جلد بازی کرتے ہیں اور عجیب تر ہونا ظاہر ہے کہ مدعی اگر مدعا علیہ کی سزا جلدی چاہے تو بعید نہیں لیکن مدعا علیہ اگر سزا جلدی چاہے تو نہایت امر غریب ہے سو گو حکمتِ الٰہیہ سے عذاب فوری نہیں ہوگا لیکن مشاہدہ کے وقت اُن پر اس کا وہی اثر ہوگا جو فوری عذاب کا ہوتا ہے کیونکہ) جس روز یہ لوگ اس چیز کو (یعنی عذاب کو) دیکھیں گے جس کا اُن سے وعدہ کیا جاتا ہے تو (اُس وقت غایت شدّت عذاب سے ایسا معلوم ہوگا کہ) گویا یہ لوگ (دُنیا میں) دن بھر میں ایک گھڑی رہے ہیں (یعنی دنیا کی مدّتِ طویلہ قصیر معلوم ہوگی اور یہی معلوم ہوگا کہ فوراً ہی عذاب آگیا۔ آگے کفّار کو تنبیہ ہے کہ) یہ (خدا کی طرف سے اتمام حجّت کے لئے) پہنچا دینا ہے (جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی معرفت ہو چکا) سو (اس کے بعد) وہی برباد ہوں گے جو نافرمانی کریں گے۔ (کیونکہ بعد تبلیغ کے کوئی عذر نہ رہا اور رسُول کا اس میں کوئی ضرر نہیں اس سے تاکید تسلیہ کی بھی ہوگئی)۔

معارف ومسائل

اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ اس میں مِنَ الرُّسُلِ کا حرف مِنْ محققین کے نزدیک بیانیہ تبعیض کیلئے نہیں۔ معنی یہ ہیں کہ تمام رسول جو صاحب عزم وہمت ہی ہوتے ہیں معلوم ہوا کہ صاحب عزم وہمت ہونا سبھی انبیاء کی صفت ہے البتہ رسولوں کے درمیان صفات کے درجات میں تفاضل اور کمی بیشی خود قرآن کے ارشاد سے ثابت ہے تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ۔ اس لئے جو انبیاء علیہم السلام صفت عزم وہمت میں دوسروں سے زیادہ امتیاز رکھتے ہیں خاص اُن رسولوں کیلئے یہ لقب کے طور پر مشہور ہوگیا اور ان کی تعیین میں بھی اختلاف ہے اور اکثر کا قول یہ ہے کہ لقب اولو العزم جن کو دیا گیا ہے یہ وہ حضرات ہیں جن کا ذکر سورۂ احزاب کی اس آیت میں ہے وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ الخ حضرت عائشہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دنیا کی عیش وعشرت اور تنعّم محمد اور آلِ محمد کے شایان نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ اولوالعزم سے بجز صبر کے اور کسی چیز پر راضی نہیں۔ اور مجھے یہی حکم دیا ہے کہ فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ۔

تمت سورۃ الاحقاف بعون اللہ للثانی والعشرین من رجب ۱۳۹۲ھ یوم السبت وللہ الحمد